قاموسِ مترادفات

مؤلّف

وارث سرہندی

اضافے

اخلاق احمد دہلوی

نظرثانی

اشفاق انور

اردو سائنس بورڈ

سلسلۂ مطبوعات نمبر ۱۸۸

طبع اوّل : اگست ۱۹۸۶ء
قیمت : دو سو پچاس روپے

ناشر
اشفاق احمد
ڈائرکٹر جنرل، اردو سائنس بورڈ،
۲۹۹ - اپر مال ۔ لاہور

مطبع
کارواں پریس ۔ دربار مارکیٹ ۔ لاہور

عرض ناشر

اردو بورڈ، اس لغت سے پہلے بھی ایک کتاب "اردو مترادفات" کے نام سے شائع کر چکا ہے، جس میں الفاظ کے معنی کے بجائے ان کے مترادفات دیے گئے تھے اور جن کے ساتھ کلیدی الفاظ سے متعلق تراکیب بھی شامل تھیں۔ یہ کتاب اپنے موضوع پر پہلی باقاعدہ کوشش تھی، جسے علمی و ادبی حلقوں نے شرف پذیرائی بخشا۔ اردو مترادفات کا پہلا ایڈیشن ختم ہو جانے کے ساتھ ہم نے اس نئی اور ضخیم لغت کا ڈول ڈالا اور اس میں ان کمیوں کو دور کرنے کی کوشش کی، جو لغات مترادفات میں رہ گئی تھیں۔ یہ بات یقین سے تو نہیں کی جا سکتی کہ یہ ایک مکمل اور جامع قاموس ہے اور اب اس پر کوئی اضافہ نہیں ہو سکتا۔ البتہ یہ بات بڑے اعتماد کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ اس نوع کی اور لغت اردو زبان میں ابھی تک شائع نہیں ہو سکی۔

"قاموس مترادفات" ادیبوں، شاعروں، مقرروں اور لکھنے والوں کے استعمال کی چیز ہے، جس میں گم گشتہ اور فراموش کردہ الفاظ کی جنت آباد ہے۔ الفاظ کا استعمال کرنے والے ہر شخص کو اس بات کی آرزو ہوتی ہے کہ اپنے پیرایۂ بیان کے لیے بار بار ایک ہی لفظ کی تکرار نہ کرے، بلکہ اک رنگ کے مضمون کو سو طرح سے باندھنے میں مختلف انداز کے ہم معنی الفاظ استعمال کرے۔ دنیا کی دوسری زبانوں میں مترادفات کے موضوع پر بیسیوں اقسام کی اور سینکڑوں انداز کی کتابیں موجود ہیں۔ ان کی تعداد میں اور ان کے انداز میں آئے دن اضافے ہوتے رہتے ہیں۔ ان کے ذخیرۂ الفاظ میں دوسری مانوس زبانوں کے الفاظ بھی شامل ہوتے رہتے ہیں اور اب تو ان زبانوں کے ایسے آسان کمپیوٹر پروگرام تیار ہو گئے ہیں کہ ایک انگلی کے دبانے سے سینکڑوں مترادفات سبز سکرین پر ابھر آتے ہیں۔ جو لفظ جس جگہ مناسب معلوم ہو، استعمال کیجیے، باقی چھوڑ دیجیے ———— میرا اندازہ ہے کہ اس کتاب کے پہلے ایڈیشن کے ختم ہونے تک ہم بھی ان شاء اللہ اردو مترادفات کی پروگرامنگ تیار کر چکے ہوں گے، جس کی قیمت اس لغت سے ذرا سی ہی زیادہ ہو گی۔

ہماری پہلی کتاب "اردو مترادفات" میں معروف اور روزمرہ استعمال کے الفاظ کو رہنما الفاظ تسلیم کر کے ان کے سامنے ہم معنی الفاظ درج کیے گئے تھے۔ مثلاً خادم یا ملازم کے بجائے "نوکر" کو کلیدی لفظ مان کر اس کے ہم معنی الفاظ دیے گئے

تھے، جب کہ قاموس مترادفات کی وسعت اور جامعیت کے پیشِ نظر "نوکر" کے ساتھ "خادم" کو یا "ملازم" کو کلیدی لفظ مان کر بھی "نوکر" اور اس کے ساتھی مترادفات تک آسانی سے پہنچ سکتے ہیں۔ اسی طرح مثلاً "باپ" کے ساتھ اب، ابا، پدر، ابو، بابا، باوا، پتا اور والد اپنی اپنی تختی میں آپ کو الگ الگ مل جائیں گے "انگوٹھی" کے ساتھ "انگشتری" اور خاتم کو بھی رہنما الفاظ مان کر ان کے ہم معنی الفاظ دیے گئے ہیں، یعنی اس قاموس میں آپ کو الف کی تختی میں انگوٹھی اور انگشتری بھی ملیں گے اور خ کی تختی میں خاتم کا لفظ بھی ملے گا۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہوا کہ کلیدی یا رہنما الفاظ کے ساتھ ان سے متعلق تراکیب دینے کا التزام بھی کیا گیا ہے۔

قاموس مترادفات ۱۱۱۳ صفحات پر مشتمل ہے اور ایسے تمام الفاظ کا احاطہ کیے ہوئے ہے، جو اردو میں مستعمل ہیں۔ پھر اس میں ہندی، عربی، فارسی اور انگریزی زبان کے وہ معروف الفاظ بھی شامل کیے گئے ہیں، جو تحریر و تقریر میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

قاموس مترادفات کی تیاری ایک نہایت محنت طلب علمی کام تھا، جو جناب **وارث سرہندی** نے اردو سائنس بورڈ کے لیے انجام دیا۔ بورڈ اس کے لیے ان کا ممنون ہے۔ بعدازاں اس مسودے پر بورڈ میں بھی کام ہوا اور اشتاق انور صاحب اور دیگر کارکنان بورڈ نے مسودے پر نظرِ ثانی کی اور تقاضوں کے مطابق مناسب اضافے کیے، پھر اس مسودے میں تراکیب بہم کرنے کا کام بھی بورڈ کے دفتر میں انہیں اصحاب نے کیا اور مسودے کو آخری شکل دی اور پروف پڑھے۔ اس طرح یہ جامع قاموس مترادفات منظرِ عام پر آئی۔

ادارے میں جو کام ہوا، اس کے لیے وقت بہت ہی کم تھا۔ چنانچہ اس کتاب میں ترتیب و تدوین اور طباعت کی کچھ خامیاں اور کوتاہیاں بھی ہوں گی، جن کے لیے بورڈ قارئینِ کرام سے پیشگی معذرت خواہ ہے۔ آپ کی نشاندہی پر آئندہ ایڈیشن میں ان خامیوں کو دور کر دیا جائے گا اور حسبِ ضرورت لغت کی ضخامت میں اضافے کی کوشش بھی کی جائے گی۔ ہمیں یقین ہے کہ اس لغت کے پانچویں ایڈیشن تک یہ قاموس دنیا کی دوسری زبانوں کے تھزارس (ڈکشنری سٹائل) کے ہم پلہ ہو جائے گی۔ لیکن اس کے لیے شرط یہ ہے کہ ہمیں ان الفاظ، تراکیب، ضرب الامثال اور دوسرے متعلقہ مندرجات کے بارے میں آگہی دی جائے، جو اس وقت قاموس میں موجود نہیں ہیں۔

اس کتاب میں چار قسم کا مواد ہے اور ایک نوع کے مواد کو دوسری نوع سے ممتاز کرنے کے لیے ان کے درمیان ایک سطر خالی چھوڑ دی گئی ہے۔ اس کی ہیئت ترکیبی یوں ہے۔

(۱) پہلے کلیدی لفظ کو جلی خط میں لکھا گیا ہے اور اس کے سامنے اس کے مترادفات دیے گئے ہیں اور مترادفات دیتے وقت اس امر کا خیال رکھا گیا ہے کہ متعلقہ معانی اور مفاہیم کے لحاظ سے انہیں مرتب کیا جائے۔ یعنی قریب المعنی مترادفات اکٹھے دیے جائیں۔

(۲) پھر ان کلیدی الفاظ سے متعلق تراکیب دی گئی ہیں۔ ان تراکیب کی مترادف

تراکیب دیتے وقت بھی یہ خیال رکھا گیا ہے کہ بحد ممکنہ قریب المعنی تراکیب اکٹھی آئیں۔

(۳) تیسرے نمبر پر کلیدی لفظ سے متعلقہ مزید محاورات اور تراکیب دی گئی ہیں، جو ہماری علمی ادبی کتب میں اکثر و بیشتر نظر آتی ہیں۔ ان کے مترادفات نہیں دیے گئے۔

(۴) چوتھے نمبر پر کلیدی الفاظ سے تعلق رکھنے والے مقولے، اقوال اور ضرب الامثال کا اندراج کیا گیا ہے۔ ہر مقولہ یا قول الگ سطر میں دیا گیا ہے اور حاشیے میں شناخت کے لیے ان کے ساتھ ایک عمودی خط کھینچ دیا گیا ہے۔

چونکہ یہ کتاب بنیادی طور پر ادیبوں، استادوں اور پیشہ ور صحافیوں اور مقرّروں کے لیے ہے، لہٰذا اس میں تلفظ دینے کا التزام نہیں کیا گیا ہے۔ تاہم جہاں کہیں ضروری سمجھا گیا۔ اعراب بھی لگا دیے گئے ہیں۔

قارئین محسوس کریں گے کہ یہ "قاموس" نہ صرف لغتِ مترادفات ہے، بلکہ فرہنگِ الفاظ کا کام بھی دیتا ہے۔ امید ہے قاموس سے استفادہ کرنے والے اسے ہر طرح سے کارآمد اور مفید پائیں گے۔ بورڈ اس کتاب کے سلسلے میں ہر طرح کی آراء اور تجاویز کا خیر مقدم کرے گا اور آئندہ ایڈیشن کو زیادہ سے زیادہ کارآمد بنانے اور اسے بہتر انداز میں پیش کرنے کی کوشش کرے گا۔ انشاءاللہ!

اشفاق احمد

آ

آ : ۱۔ حاضر ہو

۲۔ تان۔ الاپ

آبنا — آبندھنا — آجنا — آبنی — آبیٹھنا — آجانا — آاُرنا — آموجود ہونا — آپھنسنا — آپڑنا — آرہنا — آپکڑنا — آپہنچنا — آچکنا — آاُوٹنا — آجھانکنا — آچڑھنا — آملن — آچھپنا — آدبانا — آدبالینا — آدیکھنا — آڈٹنا — آٹھہرنا — آبسنا — آسکن — آسمانا — آکھٹکنا — آگھیرنا — آلپٹنا — آلگنا — آلگی — آلینا — آمرنا

آب : (اسم مذکر) ۱۔ پانی۔ جل۔ نیر۔ ما۔ آف

۲۔ نہر۔ ندی۔ چشمہ۔ دریا۔ نالہ

۳۔ شراب۔ بادہ۔ صہبا۔ خمر۔ مے۔ دارُو

۴۔ رس۔ عرق۔ شوربہ

۵۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ آنسو۔ انجھو

۶۔ پسینہ۔ پسیو

۷۔ پیشاب۔ موت۔ بول

۸۔ مادہ۔ مواد

۹۔ نطفہ۔ منی۔ دیرج

۱۰۔ پارا۔ سیماب۔ رس

(اسم مؤنث)

۱۔ چمک۔ دمک۔ تاب۔ جلا۔ جھال۔ جھلک۔ رنگ۔ بہار۔ ٹمپہ

صیقل۔ درخشندگی۔ روشنی۔ آبرو

۲۔ رونق۔ تازگی۔ طراوت۔ شادابی۔ صفائی

۳۔ جوہر۔ دھار۔ باڑھ۔ تیزی۔ کاٹ۔ برش۔ پان۔ براقی

۴۔ طریقہ۔ طرز۔ روش۔ قاعدہ۔ قانون۔ انداز

۵۔ فیض۔ رحمت۔ عطا۔ بخشش

۶۔ دولت۔ ترقی۔ جاہ۔ مرتبہ۔ منصب

۷۔ عزت۔ آبرو۔ منزلت۔ قدر

۸۔ صفائی۔ لطافت۔ نفاست۔ خوبی۔ بہار۔ نکھار

آبِ آتش رنگ/گوں : ۱۔ آبِ آتش زا۔ آبِ آتش ناک۔ آبِ آتش نما۔ آبِ آتش مزاج۔ آبِ احمر۔ آبِ ارغوانی

۲۔ شرابِ سرخ۔ بادۂ لعلیں۔ بادۂ احمر۔ بادۂ ارغوانی۔ بادۂ گل فام۔ مے گل رنگ۔ مے گل گوں

۳۔ اشکِ خونیں۔ اشکِ خوں۔ اشکِ گل گوں۔ اشکِ گل رنگ۔ اشکِ لہو رنگ

آبِ آتش زدہ : آنسو۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ جھنجو۔ انجھو

آبِ آہن : جوہرِ آہن۔ جلائے آہن۔ صیقلِ آہن۔ پان

آبِ آئینہ : جوہرِ آئینہ۔ صیقلِ آئینہ۔ جلائے آئینہ۔ جھال

آبِ استادہ : جوہڑ۔ تالاب۔ حوض۔ ڈھاب۔ ٹھہرا پانی۔ گندہ پانی۔ پوکھر

آب انبار : ذخیرۂ آب۔ حوض۔ تالاب۔ تال

آب اندام : آب پیکر۔ دھان پان۔ نازک بدن۔ پتلا دبلا۔ نازک اندام

آبِ انفعال : آبِ ندامت۔ آبِ حیا۔ آبِ شرم۔ عرقِ انفعال۔ اشکِ ندامت۔ اشکِ انفعال

آبِ انگور: ۱۔ بادۂ انگور۔ آبِ تاک۔ انگوری شراب۔ بنتُ العنب۔ دخترِ رز
۲۔ افشردۂ انگور۔ عرقِ انگور۔ ماءالعنب
آبِ باراں: آبِ بارش۔ ماءالمطر۔ مینہ
آب باز: ۱۔ تیراک۔ پیراک۔ شناگر۔ شناور۔ غوطہ خور۔ غواص۔ تارُو
۲۔ شرابی۔ میخوار۔ مے پرست۔ بادہ خوار۔ بادہ گسار۔ بادہ پرست۔ نشہ باز۔ نشئی
آب بازی: تیراکی۔ پیراکی۔ شناگری۔ شناوری۔ غوطہ خوری۔ غواصی
۲۔ شراب خواری۔ مے خواری۔ مے پرستی۔ بادہ خواری۔ بادہ گساری۔ بادہ پرستی۔ نشہ بازی
آب برار: ۱۔ سقہ۔ ماشکی۔ پنہارا۔ آب پاش۔ آب کش۔ بہشتی
آبِ بستہ: ۱۔ آبِ منجمد۔ برف۔ یخ
۲۔ ژالہ۔ تگرگ۔ اولا
۳۔ شیشہ۔ بلور۔ آبگینہ۔ کانچ
آبِ بقا: آبِ حیات۔ آبِ حیوان۔ آبِ خضر۔ آبِ زندگانی۔ آبِ زندگی۔ امرت
آبِ بینی: سنک۔ رینٹ۔ رینٹھ
آب پاش: ۱۔ سقہ۔ بہشتی۔ ماشکی۔ پنہارا۔ آب برار۔ آب کش
۲۔ فوارہ۔ پھہارا
آب پاشی: سنچائی۔ آبیاری۔ سیرابی۔ چھڑکاؤ
آبِ تلخ: ۱۔ کھاری پانی۔ آبِ شور۔ آبِ شور
۲۔ شراب۔ خمر۔ بادہ۔ صہبا۔ مے۔ دارُو
۳۔ آنسو۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ آبِ چشم۔ آبِ آتش زدہ۔ ہنجُو۔ اتھرُو
آبِ تیغ: جوہرِ تیغ۔ جوہرِ شمشیر۔ برشِ تیغ۔ صیقلِ شمشیر۔ آبِ شمشیر
آبِ جاری: ۱۔ آبِ رواں۔ بہتا پانی۔ دلکدا نیر
۲۔ دریا۔ نہر۔ ندی۔ نالا
۳۔ تازہ پانی۔ آبِ تازہ
۴۔ اشکِ رواں
آبِ جو: ماءالشعیر۔ آشِ جو۔ بیئر
آبِ جُو: جوئے آب۔ نہر۔ ندی۔ نالا۔ راجباہ۔ کھال
آب جوش: ۱۔ یخنی۔ شوربہ۔ عرق
۲۔ سوڈا واٹر

آبِ چشم: آنسو۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ نینن جل۔ آبِ آتش زدہ۔ آبِ تلخ۔ ہنجو۔ اتھرو
آب چیں: تولیہ۔ پارچہ۔ جاذب کپڑا
آبِ حرام: ۱۔ شراب۔ خمر۔ بادہ۔ صہبا۔ مے۔ ام الخبائث۔ دارُو
۲۔ جھوٹے آنسو۔ مگرمچھ کے آنسو
آبِ حسرت: ۱۔ بھوک۔ جوع۔ گرسنگی
۲۔ خواہش۔ چاہ۔ طلب۔ انتظار
آبِ حیا: آبِ ندامت۔ آبِ انفعال۔ عرقِ انفعال۔ اشکِ ندامت۔ عرقِ ندامت
آبِ حیات: آبِ حیوان۔ آبِ بقا۔ آبِ خضر۔ آبِ زندگانی۔ آبِ زندگی۔ امرت
۲۔ کلامِ شستہ۔ کلامِ صاف۔ سخنِ شیریں۔ کلامِ بلاغت نظام
۳۔ کلامِ معشوق۔ سخنِ محبوب
۴۔ دہانِ معشوق۔ دہنِ محبوب
۵۔ عشق۔ محبت۔ چاہ۔ پیار۔ پریم۔ پریت۔ سنیہ۔ لگن
آب خانہ: ۱۔ پن گھر۔ گھڑونچ۔ گھڑونچی
۲۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ میکدہ۔ خانۂ خمار
۳۔ بیت الخلا۔ پاخانہ۔ ٹٹی۔ باتھ روم
آبِ خجالت رخجلت: آبِ ندامت۔ آبِ انفعال۔ عرقِ انفعال۔ آبِ حیا۔ اشکِ ندامت۔ آبِ شرم
آبِ خرابات: آبِ حرام۔ شراب۔ خمر۔ بادہ۔ مے۔ ام الخبائث۔ آبِ تلخ۔ دارُو
آبِ خشک: ۱۔ آبِ بستہ۔ آبِ منجمد۔ آبِ خفتہ
۲۔ یخ۔ برف
۳۔ ژالہ۔ تگرگ۔ اولا۔ گڑا۔ اَین
۴۔ بلور۔ شیشہ۔ آبگینہ۔ کانچ۔ کچ
آبِ خضر: آبِ بقا۔ آبِ حیات۔ آبِ حیوان۔ آبِ زندگانی۔ آبِ زندگی۔ امرت
آبِ خفتہ: ۱۔ آبِ بستہ۔ آبِ خشک۔ آبِ منجمد
۲۔ یخ۔ برف
۳۔ ژالہ۔ تگرگ۔ اولا۔ گڑا۔ اَین
۴۔ بلور۔ شیشہ۔ آبگینہ۔ کانچ۔ کچ
۵۔ شمشیر در غلاف۔ تیغ در نیام
آب خوردہ: نم دیدہ۔ نمناک۔ سیلا۔ گیلا۔ آب رسیدہ۔ آب زدہ۔ نم زدہ۔

نم رسیدہ۔ پنہایا ہوا۔ جاذب
آبخورہ: کوزہ۔ پیالہ۔ جام۔ ساغر۔ پیمانہ۔ کاسہ۔ قدح۔ سکورا۔ کٹورا۔ بخورا۔ گلاس
آب دار: ۱۔ مہتمم آب دار خانہ۔ داروغہ آب دار خانہ۔ ساقی۔ بہشتی
۲۔ چمکیلا۔ صیقل دار۔ صاف۔ شفاف
۳۔ جوہر دار۔ دھار والا (ہتھیار)
۴۔ گیلا۔ میلا۔ نم۔ مرطوب۔ تر و تازہ
۵۔ بارونق۔ تازہ۔ سرسبز
۶۔ متمول۔ صاحبِ ثروت۔ دولت مند۔ مال دار۔ صاحبِ مال۔ امیر۔ غنی۔ پیسے والا
آب دار خانہ: آب خانہ۔ ذخیرۂ مشروبات۔ اطاقِ مشروبات
آب داری: ۱۔ چمک۔ دمک۔ صفائی۔ جلا۔ تابناکی۔ تابندگی
۲۔ لطافت۔ نفاست
۳۔ رونق۔ تازگی۔ طراوت۔ شادابی۔ سرسبزی
۴۔ جوہر داری۔ تیزی۔ باڑھ۔ دھار۔ برش۔ کاٹ
۵۔ جھال۔ بان
۶۔ منصبِ آب دار۔ انتظامِ آب دار خانہ
آب دان: ۱۔ آب انبار۔ آب گیر۔ ذخیرۂ آب۔ تالاب۔ تال۔ حوض۔ غدیر۔ جوہڑ۔ چھپڑ
۲۔ ظرفِ آب۔ صراحی۔ گھڑا۔ مٹکا
۳۔ مثانہ۔ آب دانک۔ مٹھیا۔ مٹکی۔ گھڑیا
آب دست: ۱۔ استنجا۔ طہارت
۲۔ وضو
۳۔ زاہد۔ پاک دامن۔ عفیف۔ پارسا
۴۔ چابک دست۔ کاریگر۔ ماہر۔ تر دست۔ تیز دست۔ مشاق۔ ہنر مند۔ ہنرور
آبِ دنداں: تابِ دنداں۔ جلائے دنداں
آب دوز: ڈبکنی کشتی۔ غوطہ خور کشتی
آبِ دہاں / دہن: ۱۔ لعابِ دہن۔ رال۔ تھوک
۲۔ کلی۔ آبِ مضمضہ
آب دیدہ: ۱۔ مائل گریہ۔ روہانسا۔ روتا
۲۔ گریاں۔ اشک بار۔ اشک ریز
آبِ دیدہ: ۱۔ آبِ چشم۔ آبِ آتش زدہ۔ آبِ تیغ۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ آنسو۔ نین جل۔ بھنجو۔ اتھرو
۲۔ شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ مروت
آبِ راہ / راجہ: راہِ آب۔ گزرگاہِ آب۔ گزرگاہِ سیل۔ راہ گزرِ آب۔ موری۔ نالی۔ کاریز
آبِ رحمت: بارش۔ باراں۔ مینہ۔ ماء المطر
آبِ رخ: تابشِ رخ۔ تابِ رخ۔ صفائے رخ۔ تازگیٔ رخ
آب رسانی: سقائی۔ سیرابی۔ آب پاشی
آبِ رسیدہ: آب زدہ۔ آب خوردہ۔ نم زدہ۔ نم خوردہ۔ نم دیدہ۔ نم ناک۔ تر۔ مرطوب۔ گیلا۔ سیلا۔ پنہایا ہوا
آبِ رواں: ۱۔ آبِ جاری۔ بہتا پانی
۲۔ دریا۔ نہر۔ ندی۔ کھال۔ راجباہ
۳۔ ڈوریا (کپڑا)۔ باریک ململ
آبِ روشن: ۱۔ رونق۔ تازگی۔ سرسبزی۔ بہار
۲۔ رواج۔ چلن
آب ریز: ۱۔ لوٹا۔ ابریق۔ آفتابہ۔ ڈول
۲۔ ظرفِ آب پاشی۔ آب پاش
۳۔ فوارہ۔ پھوارا۔ ڈونگا۔ آب خورہ
آبِ زر: ۱۔ ماء الذہب۔ آبِ زریں
۲۔ سنہری شراب
۳۔ زعفران۔ کیسر
آبِ زلال: آبِ مروق۔ خیسانیدہ۔ نقوع۔ جوشاندہ۔ آبِ شیریں۔ آبِ صاف۔ نیر۔ ماءِ معین
آبِ زمزم: ماءِ زمزم۔ آبِ متبرک
آبِ زہرہ: ۱۔ شراب۔ مے۔ صہبا۔ خمر۔ آبِ نشاط۔ دارو
۲۔ شفقِ صبح۔ نورِ سحر۔ تابشِ صبح
آبِ ساکن: ۱۔ آبِ ایستادہ۔ آبِ راکد۔ کھڑا پانی
۲۔ بند پانی۔ گندہ پانی۔ متعفن پانی
۳۔ جوہڑ۔ تالاب۔ پوکھر۔ ڈھاب۔ حوض۔ تال۔ گندہ نالا۔ چھپڑ
آبِ سرخ: ۱۔ آبِ احمر۔ آبِ ارغوانی

۲۔ بادۂ احمر۔ شرابِ سرخ۔ مۓ لالہ فام۔ مۓ لالہ گوں۔ بادۂ گل رنگ۔ بادۂ گل گوں۔ بادۂ گل فام۔ مۓ لالہ رنگ

۳۔ اشکِ خونیں۔ اشکِ خوں۔ سرشکِ خوں۔ اشکِ گل رنگ۔ اشکِ گل گوں۔ اشکِ لہو رنگ

آبِ سوار: حباب۔ بلبلا

آبِ سیاہ: ۱۔ انگوری شراب۔ بادۂ انگور۔ دخترِ رز۔ دخترِ تاک۔ آبِ تاک۔ بنت العنب

۲۔ موادِ فاسد۔ موتیا بند۔ کالا موتیا

۳۔ طوفانِ نوح۔ سیلِ نوح

آبشار (آبشار): جھرنا۔ سوت۔ سوتا۔ چھال

آبِ شرم: آبِ حیا۔ آبِ ندامت۔ آبِ انفعال۔ عرقِ انفعال۔ اشکِ ندامت

آبِ شمشیر: آبِ تیغ۔ جوہرِ شمشیر۔ صیقلِ شمشیر۔ برشِ شمشیر

آب شناس: ۱۔ ملاح۔ ناخدا۔ کشتی بان۔ جہازراں۔ امیر البحر۔ امیر الما

۲۔ پیراک۔ تیراک۔ شناگر۔ شناور۔ غوّاص۔ غوطہ خور

۳۔ حقیقت شناس۔ قاعدہ داں۔ ماہرِ علوم و فنون

۴۔ ماہرِ طبقات الارض۔ سینگا

آبِ شنگرفی: ۱۔ آبِ احمر۔ آبِ ارغوانی۔ آبِ آتش رنگ

۲۔ شرابِ سرخ۔ بادۂ لعلیں۔ بادۂ احمر۔ بادۂ ارغوانی۔ مۓ گل فام۔ مۓ گل رنگ۔ مۓ لالہ فام۔ مۓ لالہ رنگ۔ بادۂ گل گوں

۳۔ اشکِ خونیں۔ اشکِ خوں۔ سرشکِ خوں۔ اشکِ گل رنگ۔ اشکِ گل گوں۔ اشکِ لہو رنگ

آبِ شور: ۱۔ کھاری پانی۔ سمندری پانی

۲۔ دریائے شور۔ کالا پانی۔ جزائر انڈمان

آبِ شورہ/آب شورہ: ۱۔ سرد پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ آبِ سرد

۲۔ سکنجبین۔ کانجی

آبِ شیریں: ٹھنڈا میٹھا پانی۔ شربت

آبِ طہور: شرابِ طہور۔ پاک مشروب

آبِ طینت: خمیر آدم۔ خصلت۔ فطرت۔ جبلت۔ مزاج۔ سبھاؤ۔ عادت۔ طبیعت

آبِ عنب: ۱۔ آبِ انگور۔ آبِ تاک۔ افشردۂ انگور

۲۔ انگوری شراب۔ بادۂ انگور۔ دخترِ رز۔ بنت العنب۔ خمر۔ دارو

آب کار: ۱۔ سقا۔ بہشتی۔ ماشکی۔ پنہارا۔ آب کش۔ آب برار

۲۔ شراب فروش۔ مے فروش۔ بادہ فروش۔ خمّار۔ کلال

۳۔ شرابی۔ بادہ پرست۔ بادہ خوار۔ مے خوار۔ مے پرست۔ بادہ گسار۔ مے گسار

آب کاری: ۱۔ کارخانۂ شراب۔ تجارتِ شراب

۲۔ احتسابِ شراب و منشیات

آب کش: ۱۔ سقا۔ بہشتی۔ ماشکی۔ پنہارا۔ آب برار

۲۔ آلۂ آب کشی۔ ڈول

آب کشی: سقائی۔ آب براری

آبِ کوثر: حوضِ کوثر۔ رودِ کوثر

آبِ گریہ: آبِ چشم۔ آبِ آتش زدہ۔ آبِ تلخ۔ آبِ دیدہ۔ اشک۔ سرشک۔ دمع۔ آنسو۔ نین جل۔ بنجو۔ اتھرو

آب گزار/گزر: ۱۔ آب راہ۔ آب راہہ۔ راہ گزرِ آب۔ گزرگاہِ آب۔ گزرگاہِ دریا۔ گزرگاہِ سیل۔ موری۔ نالی۔ کاریز

۲۔ قاصدِ تیز پا۔ پیکِ سبک خرام۔ تیز رو پیامبر

آبِ گل: ۱۔ گلاب۔ عرقِ گل۔ ماء الورد

۲۔ عرقِ عارضِ محبوب

آبِ گل رنگ/گل گوں: آبِ احمر۔ آبِ ارغوانی۔ شرابِ سرخ۔ بادۂ لعلیں۔ مۓ گل فام۔ مۓ گل رنگ۔ مۓ گل گوں۔ مۓ لالہ فام۔ مۓ لالہ گوں۔ مۓ لالہ رنگ

آبِ گوشت: یخنی۔ شوربا۔ عرقِ گوشت۔ ماء اللحم

آب گوں: مانندِ آب۔ برنگِ آب۔ آب آسا

۲۔ نشاستہ۔ لباب الحنطہ

۳۔ آسماں۔ چرخ۔ فلک۔ سپہر۔ گگن۔ آکاش

۴۔ صاف۔ شفاف

۵۔ نیلا۔ آسمانی۔ نیلگوں

آبِ گوہر: تابِ گوہر۔ تابشِ گوہر۔ جلائے گوہر

آب گیر: آب انبار۔ آب داں۔ حوض۔ تالاب۔ تال۔ پوکھر۔ ڈھاب۔ جھیل۔ جوہڑ

آبگینہ: ۱۔ شیشہ۔ بلور۔ کانچ

۲۔ بوتل۔ صراحی۔ مینا

۳۔ جام۔ ساغر۔ پیمانہ۔ پیالہ

۴۔ الماس

۵۔ انگوری شراب ۔ بادۂ انگور ۔ آبِ تاک ۔ دخترِ رز ۔ بنتُ العنب ۔ دُختِ رز

۶۔ دلِ عاشق

۷۔ اشکِ چشم ۔ آبِ چشم ۔ دمع ۔ آنسو ۔ بجھو ۔ انجھرو

آبِ مردہ : آبِ استادہ ۔ آبِ راکد ۔ کھڑا پانی ۔ بند پانی ۔ متعفن پانی ۔ گندے نالے کا پانی

آبِ مروارید : ۱۔ تابِ گوہر ۔ تابشِ گوہر ۔ جلائے گوہر

۲۔ موتیا بند ۔ نزول الماء ۔ مرضِ چشم

آبِ مژہ : آبِ چشم ۔ آبِ دیدہ ۔ آبِ گریہ ۔ آبِ آتش زدہ ۔ آبِ تلخ ۔ اشک ۔ سرشک ۔ دمع ۔ آنسو ۔ نین جل ۔ بجھو ۔ انجھرو

آبِ منجمد / منعقد : ۱۔ آبِ بستہ ۔ آبِ خشک ۔ آبِ خفتہ

۲۔ یخ ۔ برف

۳۔ ژالہ ۔ تگرگ ۔ اولا ۔ گڑا ۔ این

۴۔ شیشہ ۔ بلور ۔ آبگینہ ۔ کانچ

۵۔ تیغ ۔ شمشیر ۔ تلوار ۔ خنجر ۔ کٹار ۔ برچھی

آبِ میگوں ۔ اشکِ خونیں ۔ اشکِ خوں ۔ سرشکِ خوں ۔ اشکِ گل رنگ ۔ اشکِ گل گوں ۔ اشکِ لہو رنگ

آبِ نار : آبِ احمر ۔ آبِ ارغوانی ۔ شرابِ سرخ ۔ بادۂ گل رنگ ۔ بادۂ گل گوں ۔ مئے گل فام ۔ مئے لالہ فام ۔ مئے لالہ گوں ۔ مئے لالہ رنگ

آب نارسیدہ : ۱۔ بے نم ۔ غیر مرطوب ۔ خشک

۲۔ کورا برتن

آبِ ندامت : آبِ حیا ۔ آبِ شرم ۔ آبِ انفعال ۔ عرقِ انفعال ۔ اشکِ ندامت

آبِ نقرہ : ۱۔ آبِ سیمیں ۔ ماء الفضہ

۲۔ سیماب ۔ پارا ۔ رس

۳۔ روپہلی روشنائی

آب نوش : آب خوار ۔ آب آشام

آب نوشی : آب خواری ۔ آب آشامی

آبِ نیساں : ابرِ نیساں ۔ ابرِ بہار

آب و تاب : ۱۔ چمک دمک ۔ جلا ۔ صفا ۔ تابندگی ۔ درخشندگی ۔ تابانی ۔ درخشانی

۲۔ ترو تازگی ۔ شادابی ۔ طراوت ۔ رونق

۳۔ لطافت ۔ نفاست ۔ حسن و خوبی

آب و خور / خورش : ۱۔ کھانا پینا ۔ اکل و شرب ۔ دانہ پانی ۔ آب و دانہ ۔ خوراک ۔ ان جل ۔ آب و علف ۔ آب و زقہ ۔ آزوقہ ۔ آزقہ ۔ اُدھار

۲۔ رزق ۔ روزی

۳۔ قسمت ۔ نصیب ۔ مقسوم ۔ بہرہ ۔ بھاگ

آب و دانہ : ۱۔ دانہ پانی ۔ ان جل ۔ اکل و شرب ۔ آب و علف ۔ آب و زقہ ۔ آزقہ ۔ آزوقہ ۔ خوراک ۔ آب و خورش ۔ آدھار

۲۔ روزی ۔ رزق

۳۔ قسمت ۔ نصیب ۔ مقسوم ۔ بہرہ ۔ بھاگ

آب و رنگ : ۱۔ آب و تاب ۔ چمک دمک ۔ رونق ستانگی

۲۔ رنگ روپ ۔ حسن ۔ جوبن ۔ بہار

۳۔ صفائی ۔ لطافت ۔ نفاست ۔ خوبی

۴۔ لطفِ دنیا ۔ عیشِ زندگانی ۔ عیش و عشرت

آب و طعام : آب و خورش ۔ اکل و شرب ۔ آب و دانہ ۔ دانہ پانی ۔ ان جل ۔ خوراک ۔ غذا ۔ آدھار ۔ راتب

آب و گل : ۱۔ کیچڑ ۔ گندھی ہوئی مٹی ۔ گارا ۔ خمیر ۔ گھانی

۲۔ قالب ۔ کالبد ۔ جسم

۳۔ سرشت ۔ طینت ۔ خصلت ۔ جبلّت ۔ فطرت ۔ مزاج ۔ طبیعت ۔ سبھاؤ ۔ عادت

آب و نان : آب و طعام ۔ آب و خورش ۔ آب و دانہ ۔ دانہ پانی ۔ روٹی پانی ۔ ان جل ۔ خوراک ۔ غذا ۔ آدھار ۔ راتب

آب و نمک : ۱۔ ذائقہ ۔ مزہ

۲۔ کیفیت ۔ حالت

آب و ہوا : موسم ۔ رُت ۔ کیفیتِ موسم

آب یار (آبیار) : آب پاش ۔ آب رساں

آب یاری : (آبیاری) : آب پاشی ۔ آب رسانی ۔ سیرابی ۔ سینچائی

آبِ چاہ ـــ آبِ باراں ـــ آبِ انار ـــ آبِ گلاب ـــ آبِ مونگ ـــ آبِ چشم ـــ آبِ بنگ ـــ آبِ تربز ـــ آبِ آتشیں ـــ آبِ آب ـــ آبِ ارغوانی ـــ

آبِ حیواں — آبِ خاصہ — آبِ زندگانی — آبِ زرگاہ
— آبِ سبیل — آبِ نے — آبِ وضو — آبی
— آبی تان — آبِ مروّق — آبِ آخرت — آبِ باریک
— آبِ پشت — آبِ دل — آبِ پاکیزہ — آبِ غلیظ
— آبِ تہ دار — آبِ خونناب سرشت (کنایہ از نہر
فرات یا شراب) — آبِ جنباں — آبِ صاف — آبِ چکیدہ
— آبِ صافی — آبِ کبود — آبِ محیط — آبِ کندیدہ
— آبِ بادِ شمال یافتہ — آبِ سرد — آبِ فرخ —
آبِ تحرک — آبِ موجزن — آبِ مست — آبِ برباد —
آبِ ذرہ پوش — آبِ دریائے دُر — آبِ پایاب
— آبِ کف بلب — آبِ موج خیز — آبِ خرش حد دل
— آبِ آتش — آبرو — آبِ ساحل — آبِ عبرہ بمعنی
عبور دریا — آبِ بسیار — آبِ دریا — آبِ دریا شکوہ
— آبِ خوش — آبِ خوب — آبِ خوشگوار —
آبِ خمار شکن — آبِ مسرور کن — آبِ تنگ — آبِ اندک
— آبِ سنگ — آبِ ہضم کنندہ — آبِ جالی —
آبِ دلنواز — آب از لب جو — آبِ زلال خبر — آبِ فراخ
— آبِ بیقرار — آبِ سبزہ — آبِ پُرشکن —
آبِ الماس — آبِ دُر — آبِ زمرد — آبِ یاقوت
— آبِ آہن تاب — آبِ پیکاں — آبِ خنجر

آب آب کر مَرگئے، سرہانے دھرا رہا پانی
آبِ آمد تیمم برخاست
آب چو از سر گزشت، چہ یک نیزہ و چہ یک دست
آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے
آبِ حیواں بکشد نیز چوں از سر گزرد
آبِ حیواں دردن تاریکی است
آبِ رفتہ بجوئے باز آید
آبِ رفتہ بجوئے باز نمی آید
آب را آتش را چہ آشنائی

آبا : باپ دادا۔ بڑے بزرگ۔ گزشتہ نسلیں۔ پُرکھے۔ پچھلی پیڑھیاں۔ مورثان۔ بزرگانِ قوم۔ اسلاف۔ وڈ وڈیرے

آبا و اجداد: باپ دادا۔ بڑے بزرگ۔ بزرگانِ خاندان۔ بزرگانِ قوم۔ مورثانِ اعلیٰ۔ اسلاف

آبائے علوی: ١۔ نو آسمان۔ نو سپہر
٢۔ سبعہ سیارہ۔ ہفت سیارگان
٣۔ بلند مرتبہ۔ بزرگانِ اعلیٰ

آباد : ١۔ رستا بستا۔ رسا بسا
٢۔ بسا ہوا۔ غیر ویران۔ بھرا پُرا
٣۔ شاداب۔ سرسبز۔ پھلا پھولا
٤۔ بارونق۔ پُررونق
٥۔ لائقِ مال گزاری (زمین یا گاؤں)۔ زیرِ کاشت زمین۔ قابلِ کاشت زمین۔ مزروعہ زمین
٦۔ بستی۔ شہر۔ معمورہ
٧۔ با اقبال۔ اقبال مند۔ بامراد
٨۔ آفریں۔ مرحبا۔ شاباش۔ شاد باش۔ خوشا
٩۔ خوب۔ خوش۔ اچھا۔ نیک۔ عمدہ

آبادکار: آباد کنندہ۔ نو آبادکار۔ کاشت کار
آبادکاری: نو آبادکاری۔ بحالی۔ کاشت کاری

آبادان : ١۔ شاد و آباد۔ بسنا رستا۔ رستا بستا
٢۔ بارونق۔ پُررونق۔ پُربہار۔ خوش حال

آبادانی : آبادی۔ رونق۔ لہر بہر۔ بستی

آبادی : ١۔ بستی۔ معمورہ۔ قریہ۔ دِہ۔ کھیڑی۔ بستی
٢۔ باشندگان۔ بسنے والے
٣۔ رونق۔ چہل پہل۔ لہر بہر

۴۔ کاشت۔ زراعت
۵۔ کاشتہ زمین۔ مزروعہ زمین

آبائی : جدی۔ پشتی۔ موروثی۔ خاندانی۔ پشتینی۔ نسلی۔ جبلی۔ فطری

آبخورہ : کوزہ۔ پیالہ۔ جام۔ ساغر۔ کوب۔ کوپ۔ کپ۔ کلڑ۔ کوزی۔ کٹیا۔ ساتگین۔ پیمانہ۔ کاسہ۔ قدح۔ فنجان۔ ربعال۔ راوق۔ سکورہ۔ سفال۔ قرابہ۔ رطل۔ جرعہ۔ کدو۔ ابریق۔ کٹورہ

آبرو : ۱۔ عزت۔ حرمت۔ ناموس۔ پت۔ توقیر۔ وقار۔ نیک نامی۔ شرف۔ سرفرازی
۲۔ شہرت۔ ناموری
۳۔ قدر۔ منزلت۔ وجاہت۔ حیثیت
۴۔ اعتبار۔ ساکھ۔ بھرم۔ بات
۵۔ شرم۔ حیا۔ لاج۔ عصمت
۶۔ امارت۔ ریاست

آبرودار : ۱۔ باعزت۔ صاحب عزت۔ عزت دار۔ محترم۔ باوقار۔ شریف۔ سرفراز۔ نیک نام
۲۔ مشہور۔ نام ور
۳۔ صاحبِ جاہ و منزلت۔ ذی مرتبت
۴۔ معتبر۔ قابلِ اعتماد
۵۔ امیر۔ رئیس
۶۔ صاحبِ عصمت۔ باعصمت۔ نیک

آبروداری : آبرومندی۔ عزت۔ شہرت۔ ناموری۔ جاہ و منزلت۔ عظمت۔ پت۔ لاج۔ عصمت

آبروریزی : ۱۔ بے حرمتی۔ بے عزتی۔ تذلیل۔ ذلت۔ توہین۔ اہانت
۲۔ عصمت دری۔ مجرمانہ حملہ۔ زنا بالجبر

آبرومند : ۱۔ آبرودار۔ باآبرو
۲۔ باعزت۔ صاحبِ عزت۔ صاحبِ اقبال۔ اقبال مند۔ محترم
۳۔ صاحبِ حیثیت۔ ذی مرتبت۔ صاحبِ جاہ و منزلت
۴۔ مشہور۔ نامور۔ نیک نام
۵۔ باعصمت۔ عفیف۔ نیک

آبرو اتارنا یا آبروریزی کرنا — آبرو بخشنا — آبرو پر بلو کرنا — آبرو پر پانی پھرنا — آبرو پر پانی پھیرنا — آبرو خاک میں ملانا — آبرو سے ہاتھ اٹھانا — آبرو سے ہاتھ دھونا یا دھو بیٹھنا — آبرو کا پاس یا لحاظ — آبرو کا گوہر — آبرو کے پیچھے پڑنا — آبرو میں بٹہ لگنا

> آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانیے
> آبرو جگ میں رہے تو جان جانا نشم ہے
> آبرو دار کی مٹی خراب

آبستنی : حاملہ۔ گابھن۔ امید سے۔ پیٹ سے۔ گیابھن۔ گربھ وتی

آبستگی : حمل۔ گابھ۔ پیٹ۔ امید۔ گربھ

آبستہ : ۱۔ حاملہ۔ گابھن۔ پیٹ سے۔ امید سے۔ گیابھن۔ گربھ وتی
۲۔ نوزائیدہ بچہ۔ نومولود
۳۔ بچہ دانی۔ رحم
۴۔ خوشامدی۔ چاپلوس

آبشار : جھرنا۔ فالہ۔ چشمہ۔ بہاؤ۔ سوتا۔ سوت۔ منبع

آبلوج/آبلوچ : قند۔ کھانڈ۔ شکر سفید۔ شیرینی۔ مٹھائی

آبلہ : ۱۔ چھالا۔ پھپھولا۔ تب خالہ
۲۔ چیچک کا دانہ

آبلہ پا : تھکا ہارا۔ تھکا ماندہ۔ خستہ
آبلہ پائی : خستگی۔ تھکاوٹ۔ تکان

آبلہ دار : پُر آبلہ۔ چیچک کا مریض
آبلۂ دل : ١۔ رنج۔ غم۔ دکھ۔ تکلیف۔ حُزن و ملال۔ کرب
٢۔ حسد۔ بُغض۔ دشمنی۔ عداوت۔ عناد۔ خصومت۔ معاندت
آبلہ رو : چیچک منہ داغ۔ چیتلا منہ داغ۔ چیچک رُو
آبلۂ فرنگ : باد رنگ۔ آتش فرنگ۔ آتشک

آبنائے : بوغاز۔ چینل

آبنوسی : سیاہ۔ کالا۔ اسود۔ بھجنگ

آب و دانہ : دانہ پانی۔ رزق۔ ان جل۔ آذوقہ۔ روزی۔ آب۔ علف۔ خوراک۔

آبی : ١۔ چنیلا۔ پانی بھرا
٢۔ دریائی۔ بحری۔ سمندری
٣۔ چاہی۔ نہری
٤۔ نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی

آبی رنگ : ١۔ پانی کا رنگ۔ واٹر کلر
٢۔ نیلگوں۔ آسمانی
آبی گھوڑا : اسپ دریائی۔ سمندری گھوڑا۔ فرس البحر۔ جل گھوڑا
آبی مخلوق : بحری مخلوق۔ سمندری مخلوق
آبی نشان : پوشیدہ نشان۔ پوشیدہ ٹھپّا۔ واٹر مارک

آبیانہ : محصول آب۔ محصول سیرابی۔ محصول آبپاشی۔ واٹر ریٹ

آپ : ١۔ خود۔ جناب۔ حضور۔ حضرت۔ تم۔ تُو
٢۔ اپنی ذات۔ اپنا نفس

آپ بھائی : من بھائی۔ من پسند۔ دل پسند۔ من چاہا۔ پسندیدہ
آپ بیتی : سرگزشت۔ خود گزشت۔ خود نوشت سوانح۔ تزک۔ ترجمہ حال۔
آٹو بایوگرافی۔ جگ بیتی۔ سوانح حیات

آپ دھاپ : آپا دھاپی۔ نفسی نفسی۔ لفا نفسی۔ خود غرضی۔ مطلب پرستی۔
افراتفری۔ بھسوڑی۔ تلاطم۔ بھاگڑ۔ ابتری۔ بدنظمی۔ ہلچل
آپ روپ : ١۔ اپنی شکل۔ من رُوپ۔ ظہور ذات
٢۔ خود بدولت۔ حضور۔ جناب
٣۔ من موجی۔ آپ مہارا
٤۔ تجلّی ذات
آپ سوارتھی : ١۔ خود غرض۔ خود مطلب۔ مطلبی۔ مطلب پرست
٢۔ خود بیں۔ خود نگر۔ خود پرست۔ خود پسند
آپ سے : خود بخود۔ بے طلب۔ بلا طلب۔ بن مانگے
آپ سے آپ : خود بخود۔ از خود۔ بے سبب۔ بے وجہ۔ بے بلائے۔ بیٹھے
بٹھائے۔ بن بلائے۔ بن مانگے۔ بے مانگے
آپ میں : ١۔ اپنی ذات میں۔ فی ذاتہٖ۔ فی نفسہٖ
٢۔ ہوش میں۔ حواس میں

آپ سے آنا ــــ آپ روپ ــــ آپ ہی آپ

آپ آئے بھاگ آئے
آپ بُرے جگ بُرا
آپ بھلے (تو) جگ بھلا
آپ بھلے اپنا گھر بھلا
آپ بھولے تو استاد کو لگائے
آپ جلیں بھوئیں، شیخی گاڑی پہ
آپ خورا دے آپ مرادے
آپ دھاپ، اپنا منہ اپنا ہی ہات
آپ دکھیا جگ دکھیا
آپ ڈال ڈال ہیں تو ہیں پات پات
آپ ڈوبے بامناں، ججمان ڈبوئے
آپ ڈوبے تو ڈوبے اوروں کو بھی لے ڈوبے
آپ راہ راہ دم کھینت کھینت
آپ روپ مہا روپ
آپ رہیں اُتّر، کام کریں پچھم

آپ زندہ جہان زندہ، آپ مردہ جہان مردہ
آپ سُکھی تو جگ سُکھی
آپ سے راگ سے، فقیر سے بھاگ سے
آپ سے آئے تو آنے دے
آپ سے خوب خدا
آپ سے گیا جہان سے گیا
آپ سے ملے سو دودھ برابر، مانگ ملے سو پانی
آپ فضیحت اور کو نصیحت
آپ کا نوکر ہوں، بینگنوں کا نوکر نہیں
آپ کاج مہا کاج
آپ کھائے (بلا) بلی کو بتائے
آپ کے منہ کا اگال، ہمارے پیٹ کا آدھار
آپ کو سب ہیپ اور کو تھو تھو
آپ گئے اور آس پاس
آپ مرے جگ پرلو
آپ موئے سنسار ناس
آپ یہاں صوبہ دار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ
آپ میاں منگتے (ننگے) باہر کھڑے درویش
آپ نہ جوگی گیدڑی کاٹے نیوتن جائے
آپ نے اڑائیں ہم نے بھون کھائیں
آپ ہارے بہو کو مارے
آپ ہی بی بی آپ ہی باندی
آپ ہی مارے آپ ہی چلائے

آپا : ۱۔ بڑی بہن۔ باجی۔ آپا اماں۔ آپا بی۔ آپا جان۔ آپا جانی۔ آپا جنیا۔ کم کلاں۔ خواہر بزرگ
۲۔ آپ۔ اپنی حالت۔ اپنی ذات
۳۔ ہوش و حواس

آپا دھاپی / آپم دھاپ ۱ نفسی نفسی۔ نفسا نفسی۔ خود غرضی۔ مطلب پرستی۔ نفس پرستی۔ خود پرستی۔ افراتفری۔ خود مطلبی۔ ابتری۔ تلاطم

آپا تجے سو ہر کو بھجے
آپم دھاپ کرلکے بیتے، جو پہلے مارے سو جیتے

آپس : ۱۔ باہم۔ باہم دگر۔ یک دگر
۲۔ ذاتی۔ اپنا
۳۔ ناتا۔ رشتہ داری۔ قرابت داری۔ اپنایت۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ بھائی چارہ۔ قرابت۔ علاقہ۔ رسم و راہ۔ تعلق۔ یگانگت۔ برادری

آپس داری : قرابت داری۔ رشتہ داری۔ یگانگت

آپس کی بات چیت — آپس کی پھوٹ — آپس میں — آپس کی مخالفت — آپس کی گفتگو — آپس میں رہنا — آپس میں گرہ پڑنا

آپن : اپنا۔ ذاتی

آپن بھل ہو تو جگت پریت کاری
آپن پیٹ تو کتا بھی بھرتا ہے
آپن دے کے بڑبت کہلائے

آتش : ۱۔ آتیش۔ آدیش۔ آدش۔ آدر۔ الاؤ۔ آگ۔ اگنی۔ نار۔ فائر۔ حریق۔ لوکا۔ آس۔ آنچ۔ لو۔ شعلہ۔ لاٹ۔ لپٹ۔ بھڑک
۲۔ غصہ۔ غضب۔ غیظ۔ کرودھ۔ خشم
۳۔ جوش۔ ابال
۴۔ نور۔ روشنی۔ ضو۔ تجلی
۵۔ رونق۔ رواج۔ گرم بازاری
۶۔ قدر۔ منزلت۔ مرتبہ
۷۔ گرانی۔ مہنگائی
۸۔ دوزخ۔ جہنم۔ جحیم
۹۔ تیزی۔ گرمی۔ حدت۔ حرارت
۱۰۔ شیطان۔ ابلیس۔ عزازیل

۱۱۔ شجاع۔ دلیر۔ بہادر۔ جگردار۔ دل چلا
۱۲۔ عاشق۔ محب
۱۳۔ حدتِ عشق۔ گرمیٔ محبت۔ سوزِ عشق
۱۴۔ کیمیا۔ رسائن۔ اکسیر
۱۵۔ اشتہا۔ بھوک۔ جٹھرا۔ قوتِ ہاضمہ
۱۶۔ شہوت۔ کام۔ مستی۔ جل
۱۷۔ شراب۔ مے۔ خمر۔ صہبا۔ دارو
۱۸۔ جلن۔ سوزش۔ گرمی۔ حرارت۔ حدت
۱۹۔ سختی۔ مصیبت۔ صعوبت۔ کشٹ
۲۰۔ توپ یا بندوق کی باڑھ۔ ٹھک

آتش آسماں: بجلی۔ برق۔ صاعقہ
آتش آلود: سخت گرم۔ محرور
آتش افروز/ فروز: ۱۔ آتش انگیز۔ اشتعال انگیز
۲۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ گر۔ متفنی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ شریر۔ شرارتی۔ شرارت انگیز۔ شرانگیز
۳۔ ایندھن۔ خس وخاشاک
۴۔ ققنس۔ موسیقار
آتش افروزی/ فروزی: ۱۔ آتش انگیزی۔ اشتعال انگیزی
۲۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ گری۔ مفسدہ پردازی۔ شرانگیزی
آتش افسردہ: آتش بے شعلہ۔ دبی آگ
آتش افگن: آتش انداز۔ آتش فشاں۔ شرر فشاں۔ آتش بار۔ شرربار۔ آذر فشاں
آتش انگیز: ۱۔ آتش فشاں۔ آتش افروز۔ شرر انگیز۔ اشتعال انگیز
۲۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ گر۔ شریر۔ شرارتی۔ متفنی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ فسادی۔ شرارتی۔ شرارت انگیز۔ شرانگیز
آتش انگیزی: ۱۔ آتش فروزی۔ اشتعال انگیزی۔ آتش فشانی
۲۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ گری۔ مفسدہ پردازی۔ شرانگیزی
آتش بار: ۱۔ شعلہ بار۔ شرربار۔ آتش فشاں۔ شعلہ فشاں۔ شرر فشاں۔ آتش ریز۔ شعلہ ریز۔ شرر ریز
۲۔ آگ بگولا۔ آگ بگولا۔ تندمزاج۔ محرور المزاج۔ غضب ناک۔

برافروختہ
۳۔ آتشیں اسلحہ۔ بندوق۔ توپ
۴۔ سوختہ دل
۵۔ چقماق۔ اگن پتھر۔ سنگِ آتشی۔ چمک
آتش باری: ۱۔ شعلہ باری۔ شرر باری۔ آتش فشانی۔ شعلہ فشانی۔ شرر فشانی۔ آتش ریزی۔ شعلہ ریزی۔ شرر ریزی
۲۔ تندی و تیزی۔ اظہارِ غضب
۳۔ تند و تیز گفتگو
۴۔ بم باری
آتش باز: آتش کار
آتش بازی: آگ کا کھلونا۔ آگ کا کھیل
آتش بجاں: عاشق۔ غم گیں۔ مہجور۔ فرقت زدہ۔ دل جلا۔ دل سوختہ۔ جاں سوختہ
آتش بیاں: شعلہ بیاں۔ تند و تیز مقرر۔ تیز بیاں۔ تیز گفتار۔ گرم گفتار۔ گرم بیاں
آتش بیانی: شعلہ بیانی۔ تیز بیانی۔ تیز گفتاری۔ گرم گفتاری۔ گرم بیانی۔ تند و تیز تقریر۔ دھواں دھار تقریر
آتش پا: ۱۔ تیز رو۔ تیز رفتار۔ گرم رو۔ گرم سیر۔ تیز پا۔ تیز قدم
۲۔ بے قرار۔ بے چین۔ بے آرام۔ بے کل۔ مضطرب۔ نعل در آتش۔ آتش زیرِ پا
۳۔ برافروختہ۔ غضب ناک۔ خشم گیں۔ چراغ پا
آتش پارہ: ۱۔ پرکالۂ آتش۔ انگارا۔ چنگاری۔ اخگر۔ شرارہ۔ لوکا
۲۔ کرم شب تاب۔ جگنو۔ کرم شب چراغ
۳۔ شوخ و شنگ۔ طناز۔ چلبلا۔ چنچل۔ تیز طرار
۴۔ شریر۔ شرارتی۔ شرارت انگیز۔ شرانگیز۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ متفنی۔ فسادی۔ مفسدہ انگیز۔ مفسدہ پرداز
۵۔ ظالم۔ ستم گار۔ ستم گر۔ ستم پرور۔ بیدادگر
آتش پرست: آذر پرست۔ آذر کیش۔ پارسی۔ مجوسی۔ ترسا۔ گبر۔ اگن پجاری
آتش پرستی: آذر پرستی۔ آذر کیشی۔ اگنی پوجا۔ مجوسیت۔ مذہب ترسا۔ گبر کیشی
آتش پرور: تیغ جوہر دار۔ شمشیر آب دار
آتشِ پنہاں: ۱۔ پوشیدہ آگ

۲۔ سوزِ دل۔ گرمیٔ عشق۔ سوزشِ محبت
۳۔ کینہ۔ حسد
۴۔ دشمنی۔ عداوت۔ عناد۔ معاندت۔ خصومت
آتشِ پیکر: ۱۔ آتشی مخلوق۔ ناری مخلوق۔ جن۔ بھوت۔ شیطان۔ ابلیس
۲۔ آفتاب۔ مہر۔ خورشید۔ سورج۔ شمس
آتش پیما: حرارت پیما۔ حدت پیما۔ مقیاس الحرارت۔ تھرمامیٹر
آتشِ پیمانہ: شراب۔ بادہ۔ خمر۔ صہبا۔ دارو
آتشِ تر: ۱۔ آتشِ سیال
۲۔ بادۂ لعلیں۔ مے گل فام۔ مے گل رنگ۔ بادۂ گلگوں۔ بادۂ لالہ فام
مے لالہ رنگ۔ بادۂ احمر۔ شرابِ سرخ
۳۔ لبِ معشوق
آتشِ جگر: ۱۔ گرمیٔ جگر۔ حدتِ جگر
۲۔ سوزِ محبت۔ سوزشِ عشق۔ سوز و گداز
آتشِ خاطر: ۱۔ عاشق۔ عشق باز۔ محب۔ عشق پیشہ
۲۔ ذہین۔ تیز فہم۔ ذکی۔ روشن دماغ۔ خوش تدبیر۔ مدبر
آتشِ خاموش: آتشِ افسردہ۔ آتشِ بے شعلہ۔ آتشِ سرد
آتش خانہ: ۱۔ آتش کدہ۔ آذر کدہ۔ آتش گاہ
۲۔ معبد آتش پرستاں
۳۔ آتش دان۔ چولہا۔ انگیٹھی۔ منقل
۴۔ اسلحہ خانہ۔ گولہ بارود کا ذخیرہ۔ میگزین
۵۔ گرم مکان
آتش خو: تند خو۔ تند مزاج۔ تیز مزاج۔ محرور المزاج۔ گرم مزاج۔ تیز طبیعت۔
غصہ ور۔ غصیلا
آتش خوار: ۱۔ آگ کا کیڑا۔ سمندر
۲۔ شتر مرغ
۳۔ بھان متی۔ مداری۔ شعبدہ باز
۴۔ بد نفس۔ بد باطن۔ بد طینت۔ مفسد۔ ظالم
۵۔ حرام خور۔ رشوت خور۔ مرتشی
آتش دان: دیگ دان۔ چولہا۔ انگیٹھی۔ بھٹی۔ منقل۔ مجمر
آتشِ دروں: ۱۔ آتشِ پنہاں۔ آتشِ پوشیدہ
۲۔ سوزِ محبت۔ گرمیٔ عشق۔ نارِ عشق۔ سوزشِ دل

۳۔ غم۔ فکر۔ رنج۔ ملال۔ اندوہ۔ ندامت۔ خجلت
آتشِ دل: سوزِ دل۔ سوزِ جگر۔ سوز و گداز
آتشِ دم: ۱۔ آتش نفس۔ دل جلا۔ سوختہ جاں
۲۔ عاشق۔ محب
۳۔ تیز زباں۔ آتش زباں۔ شعلہ بیاں۔ گرم گفتار
آتشِ دوری: رنجِ مہجوری۔ سوزِ فراق۔ غمِ ہجر۔ آتشِ فرقت
آتشِ رُخ: ۱۔ گل رو۔ گل رخ۔ لالہ رخ۔ لالہ رو۔ حسین۔ خوب رو۔ آتش چہرہ۔
آتشیں رخسار۔ خوب۔ خوباں
۲۔ محبوب۔ معشوق
آتش رنگ: نہایت سرخ۔ شعلہ رنگ۔ گل رنگ۔ گل فام۔ لالہ فام۔ لالہ گوں۔
لالہ رنگ۔ گلگوں۔ لال۔ لعلیں۔ احمر۔ بھبھوکا۔ شہابی۔ ارغوانی
آتش ریز: ۱۔ آتش بار۔ شعلہ بار۔ شعلہ ریز۔ شرر ریز۔ آتش فشاں۔ شعلہ
فشاں۔ آذر فشاں
۲۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔ متفنی۔
اشتعال انگیز۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر۔ شریر۔
شرارتی۔ شر انگیز
۳۔ شرابی۔ مے خوار۔ مے گسار۔ بادہ پرست
آتش ریزی: ۱۔ آتش باری۔ شعلہ باری۔ شعلہ ریزی۔ شرر ریزی۔ شرر باری۔
شرر فشانی۔ آتش فشانی۔ آذر فشانی۔ شعلہ فشانی
۲۔ مفسدہ پردازی۔ مفسدہ پروری۔ اشتعال انگیزی۔ فتنہ انگیزی۔
فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری۔ فتنہ گری۔ شر انگیزی
۳۔ شراب خواری۔ میخواری۔ میگساری۔ مے پرستی۔ بادہ خواری۔
بادہ گساری۔ بادہ پرستی
آتش زبان: ۱۔ آتش بیان۔ شعلہ بیاں۔ تند زباں۔ تند بیاں۔ تیز زباں۔
گرم گفتار
۲۔ خوش بیاں۔ خوش مقال۔ خوش گفتار۔ فصیح اللسان
۳۔ شمع۔ موم بتی
۴۔ تلوار۔ شمشیر۔ سیف۔ تیغ
آتش زبانی: ۱۔ آتش بیانی۔ شعلہ بیانی۔ تند بیانی۔ تند زبانی۔ تیز گفتاری۔
تیز بیانی۔ گرم بیانی۔ گرم گفتاری۔ طلاقت لسانی۔ خوش بیانی۔ خوش
مقالی۔ گویائی۔ خوش گفتاری

آتش زدگی: سوختگی۔ سوختہ سامانی۔ آتش گرفتگی۔ احتراق۔ احراق
آتش زدہ: سوختہ۔ آتش گرفتہ۔ جلا ہوا
آتش زن: ا۔ آتش ریز۔ آتش انداز۔ آتش انگیز۔ مُحرق
۲۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔ متفنّی۔ فتنہ پرداز۔
فتنہ پرور۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ گر۔ شر انگیز۔ شریر۔ شرارتی
۳۔ چقماق۔ چمک۔ سنگ آتشی۔ پتھر
۴۔ ققنس۔ موسیقار
آتش زنی: ا۔ آتش ریزی۔ آتش اندازی۔ آتش انگیزی۔ آگ لگانا۔ احراق۔
احتراق
۲۔ مفسدہ پردازی۔ مفسدہ پروری۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔
فتنہ پروری۔ فتنہ گری۔ شر انگیزی۔ لگائی بجھائی
آتش زیر پا: نعل در آتش۔ بے قرار۔ بے تاب۔ آتش پا۔ بے چین۔
بے کل۔ بے آرام۔ مضطرب۔ جلے پاؤں کی بلی
آتش سخن: ا۔ آتش بیاں۔ شعلہ بیاں۔ تند زباں۔ تند بیاں۔ گرم گفتار۔
تیز زباں۔ خروش گفتار
۲۔ طعنہ زن۔ عتاب کنندہ
آتش سرد: ا۔ آتش تر۔ آتش سیال۔ بادۂ لعلیں۔ بادۂ گل رنگ۔
بادۂ گل فام۔ بادۂ گل گوں۔ مے لالہ فام۔ مے لالہ رنگ۔ مے
لالہ گوں۔ بادۂ احمر۔ مے ارغوانی۔ شراب سرخ۔ خمر۔ صہبا۔ مے۔
مدام۔ آب آتش رنگ
۲۔ لب معشوق
۳۔ زر۔ طلا۔ ذہب۔ سونا
آتش سوزاں: الاؤ۔ بھڑکتی آگ
آتش سیال: آتش تر۔ بادۂ لعلیں۔ بادۂ احمر۔ بادۂ گل رنگ۔ بادۂ
گل گوں۔ بادۂ گل فام۔ مے لالہ فام۔ مے لالہ گوں۔ مے لالہ رنگ۔
مے لالہ رنگ۔ مے ارغوانی۔ شراب سرخ۔ خمر۔ صہبا۔ مے۔ مُدام
آتش سینہ: سوزِ دل۔ سوزِ جگر۔ سوز و گداز۔ رنج۔ ملال۔ غم۔ اندوہ
آتش طبع: آتش خو۔ آتش مزاج۔ تند مزاج۔ محرور المزاج۔ گرم مزاج۔ تند خو۔
تیز طبیعت۔ تیز مزاج۔ غصہ ور۔ غصیلا۔ بد مزاج۔ موزوں طبع (شاعر)
آتش طور: آتش موسیٰ۔ تجلی طور۔ برق طور۔ صاعقۂ طور۔ برق تجلی
آتش عشق: برق عشق۔ سوزِ محبت۔ حدتِ عشق۔ جوشِ عشق۔ سوزشِ عشق۔
سوزِ دل۔ تپِ غم۔ تپِ ہجر۔ آتشِ فراق۔ سوزِ نہانی
آتشِ عناد: مخاصمت۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ معاندت۔ کینہ۔
کلسا
آتش عناں: تیز رو۔ تیز رفتار۔ گرم رو۔ گرم سیر۔ سبک عِناں۔ سبک رو۔
سبک رفتار (گھوڑا)
آتشِ غم: سوزِ غم۔ سوزشِ غم۔ جوشِ غم۔ آتشِ ہجر۔ آتشِ فراق۔ تپِ غم۔
سوزِ عشق
آتشِ فراق: آتشِ دوری۔ آتشِ فرقت۔ سوزِ فراق۔ سوزِ فرقت۔ رنج،
مہجوری۔ غمِ ہجر۔ غم جدائی
آتشِ فساد: لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ فتنہ۔ بغاوت۔ ہنگامہ پردازی۔ تلاطم۔
عناد۔ نفاق
آتش فشاں: ا۔ شعلہ فشاں۔ شرر فشاں۔ شعلہ بار۔ آتش بار۔ آتش ریز۔
شعلہ ریز۔ آذر فشاں۔ لاوا ریز
۲۔ جوالا مکھی (پہاڑ)
۳۔ روشن۔ منور۔ درخشاں۔ رخشاں۔ تاباں۔ نورانی
۴۔ مؤثر۔ پُر تاثیر۔ اثر آفریں۔ اثردار۔ اثر انگیز۔ متاثر کن
آتش فشانی: ا۔ شعلہ فشانی۔ آذر فشانی۔ آتش باری۔ شعلہ باری۔ آتش
ریزی۔ شعلہ ریزی۔ لاوا ریزی
۲۔ آتش زبانی۔ آتش بیانی۔ شعلہ بیانی
آتش قدم: آتش پا۔ تیز رو۔ تیز رفتار۔ تیز گام۔ گرم رو۔ گرم رفتار
آتش کا پرکالہ: ا۔ آتش پارہ۔ انگارا۔ اخگر۔ شرارہ۔ چنگاری
۲۔ چالاک۔ ہوشیار۔ شوخ۔ تیز طرار۔ طناز (معشوق)
۳۔ تیز۔ شوخ۔ آتش قدم۔ تیز قدم۔ تیز رفتار (گھوڑا)
۴۔ شریر۔ شرارت انگیز۔ شر انگیز۔ شرارتی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔
مفسدہ پرور۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر۔ متفنّی
۵۔ ذہین۔ ذکی۔ تیز فہم۔ تیز طبع
آتش کار: ا۔ آتش باز
۲۔ خشمگیں۔ غصہ ور۔ تند خو۔ تند مزاج۔ غضب ناک۔ گرم مزاج
۳۔ ظالم۔ ستم گر۔ ستم پرور۔ بیداد گر
۴۔ تیز۔ چالاک۔ ہوشیار
۵۔ آہنگر۔ لوہار

۶۔ باورچی۔ طعام پز
۷۔ بھڑبھونجا
۸۔ منہد
۹۔ گلخن۔ بھٹی۔ دکانِ آہنگر
۱۰۔ مطبخ۔ باورچی خانہ

آتش کبریت: دیاسلائی۔ ماچس

آتش کدہ: ۱۔ آتش خانہ۔ آتش گاہ۔ آذرکدہ
۲۔ معبدِ ترسایاں۔ پرستش گاہِ مجوس
۳۔ گرم مکان

آتش کش: دستِ پناہ۔ آتش گیر۔ چمٹا

آتش گاہ: آتش خانہ۔ آتش کدہ۔ آذرکدہ۔ گرم مکان

آتش گیر: ۱۔ اشتعال پذیر۔ آتش پذیر
۲۔ آتش کش۔ دستِ پناہ۔ چمٹا

آتش مردہ: آتشِ افسردہ۔ آتشِ خفتہ۔ آتشِ بے شعلہ

آتش مزاج: ۱۔ آتش طبع۔ آتش خو۔ محرور المزاج۔ گرم مزاج۔ تند مزاج۔ تندخو۔ تند طبع۔ تیز طبیعت۔ تیز مزاج۔ غصہ ور۔ شعلہ مزاج۔ غصیلا۔ گرم طبع۔ شعلہ خو
۲۔ آتشی مخلوق۔ ناری مخلوق۔ جن۔ پری۔ بھوت۔ شیطان

آتش موسیٰ: آتشِ طور۔ تجلیِ طور۔ برقِ طور۔ صاعقۂ طور

آتش ناک: ۱۔ آتش آلود۔ آتشیں۔ سوزاں
۲۔ آتش طبع۔ آتش خو۔ آتش مزاج۔ تند مزاج۔ محرور المزاج۔ گرم مزاج۔ تیز مزاج۔ گرم طبیعت۔ تیز طبیعت۔ تندخو۔ غصہ ور۔ غصیلا۔ غضب ناک۔ آتش نفس

آتش نفس: ۱۔ آتش طبع۔ آتش خو۔ آتش مزاج۔ تند مزاج۔ محرور المزاج۔ گرم مزاج۔ تیز مزاج۔ گرم طبیعت۔ تیز طبیعت۔ تندخو۔ غصہ ور۔ غصیلا۔ غضب ناک۔ آتش ناک
۲۔ دل جلا۔ سوختہ جگر۔ عاشق
۳۔ گرم نفس۔ پُر تاثیر۔ باکمال

آتش نمرود: نارِ نمرود۔ گلزارِ ابراہیم

آتشک: آبلۂ فرنگ۔ آتش فرنگ۔ بادِ فرنگ

آتشکی/آتشکیا: مریضِ آتشک

آتشی: ۱۔ ناری۔ آتشیں
۲۔ ناری مخلوق۔ جن۔ پری۔ بھوت۔ شیطان
۳۔ آگ کا کیڑا۔ سمندر
۴۔ دشمن۔ عدو۔ خصم۔ معاند

آتشیزہ: کرمِ شب تاب۔ کرمِ شب چراغ۔ آتش پارہ۔ جگنو

آتشیں: ۱۔ آتشی۔ ناری
۲۔ گرم
۳۔ روشن۔ منور۔ تابندہ۔ درخشندہ۔ رخشندہ
۴۔ لال۔ سرخ۔ احمر

آتشیں رخ/رخسار: سرخ رو۔ شعلہ رو۔ شعلہ رخ۔ گل رو۔ گل رخ۔ لالہ رخ۔ لالہ رو

آتشیں زبان/سخن: آتش زبان۔ آتش بیان۔ شعلہ بیان۔ تیز بیان۔ گرم گفتار۔ پُرجوش مقرر

آتم/آتما: ۱۔ روح
۲۔ نفس
۳۔ دل
۴۔ عقل
۵۔ خودی۔ ذات
۶۔ سوچ۔ فکر۔ خیال۔ ذہن
۷۔ پیٹ۔ معدہ۔ شکم۔ بطن
۸۔ بھوک۔ جوع۔ گرسنگی
۹۔ بدن۔ جسم۔ قالب
۱۰۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ ابن۔ ولد

١١. اصولِ حیات۔ نصب العین
١٢. ماتا۔ ممتا۔ مادری محبت۔ شفقتِ پدری
١٣. سورج۔ خورشید۔ مہر۔ آفتاب۔ شمس
١٤. آگ۔ اگنی۔ نار۔ آتش۔ آذر

آتم گیان: عرفانِ نفس۔ معرفتِ نفس۔ عرفانِ ذات۔ معرفتِ ذات۔
خود آگاہی۔ خود شناسی
آتم گھات / ہتیا: خودکشی۔ قتلِ نفس
آتم ودّیا: ١. روحانی علم
٢. علم النفس

آتما کی آنچ بڑی تیز ہوتی ہے
آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے

آتون: استانی۔ معلمہ۔ اتالیقہ

آٹا: ١. آرد۔ چون۔ میدہ۔ ملیدہ
٢. بوسیدہ۔ فرسودہ۔ ناکارہ۔ ریزہ ریزہ

آٹا دال اٹو بھی ہے
آٹا نبڑا ہو جائے گا
آٹا نہیں تو دلیا ہو جائے گا
آٹا ہے نہ پاٹا، مرنا کا ہے پر کاٹا
آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو چوہا کھائے، باہر رکھوں تو کوا لے جائے

آٹھ: اشٹ۔ ہشت۔ ثمانیہ

آٹھ پہر: مدام۔ دن رات۔ ہر آن۔ ہر وقت۔ سدا۔ ہمیشہ۔ ہر دم۔ چوبیس
گھنٹے۔ دوام۔ نت۔ ہمیش۔ شبانہ روز۔ آٹھوں پہر
آٹھ پہری: محافظِ زراعت۔ رکھوالا۔ نگہبان
آٹھوں گانٹھ کمیت: ١. تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ ہوشیار۔ چالاک۔ گرگِ
باراں دیدہ
٢. شریر۔ شرارتی۔ شرانگیز۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔
متفنی۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر
٣. عیار۔ مکار۔ بدمعاش

آٹھواں ــــ آٹھواڑہ ــــ آٹھ پہر ــــ چونسٹھ گھڑی
ــــ آٹھ آٹھ آنسو رونا

آٹھ بار نو تیوہار
آٹھ جو لاہے نو حقہ، اس پر بھی دھکم دھکا
آٹھ گاؤں کا چودھری، بارہ گاؤں کا راؤ
اپنے کام نہ آئے تو ایسی تیسی میں جاؤ
آٹھ ملے کاٹھ، تلسی ملے جات

آثار: ١. نشانیاں۔ علامات۔ نقوش
٢. اقوال و افعالِ صحابہؓ۔ سنتِ رسولؐ
٣. کھوج۔ پیڑ۔ نشانِ قدم۔ نقشِ پا
٤. عمارات
٥. لچھن۔ اطوار۔ انداز۔ ڈھنگ۔ قرائن
٦. عرضِ دیوار
٧. نیو۔ بنیاد۔ اساس
٨. کھنڈر۔ تاریخی عمارتیں۔ قدیم یادگاریں

آثار پلٹے جانا ــــ آثارِ حشر ــــ آثارِ خیر ــــ آثار دکھائی دینا
ــــ آثار رکھنا ــــ آثار ڈالنا ــــ آثارِ شریف ــــ
آثار ظاہر ہونا ــــ آثارِ قیامت ــــ آثارِ قدیمہ ــــ آثارِ نیک

آثم: گناہگار۔ خطاکار۔ قصوروار۔ تقصیروار۔ عاصی۔ خاطی۔ پاپی

آج: امروز۔ الیوم۔ موجودہ دن۔ زمانۂ حال۔ اس دن۔ اس وقت۔ اس دم۔
فی الحال۔ ان دنوں۔ دورِ حاضر۔ عصرِ حاضر۔ فی زمانہ۔ آج کل

آج جو کرنا ہے کرے کل کی کل کے ہاتھ ہے
آج جو میرے ہے سو راجا کے نہیں
آج زباں کھلی ہے، کل بند
آج سے کل نزدیک ہے / نیڑے ہے
آج کا کام کل پہ نہ چھوڑ
آج کرے کا کل پائے گا
آج کی آج، آج کی برس دن میں
آج کے آج اور سو برس میں
آج کے بنئے کل کے سیٹھ
آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے
آج مرے / موئے کل دوسرا دن
آج میں، کل تو
آج ہماری کل تمہاری دیکھو لوگو پھیرا پھاری
آج ہے سو کل نہیں

آج کل : اس دور میں۔ اس زمانے میں۔ موجودہ وقت میں۔ زمان حاضر میں۔ ان دنوں۔ ان حالات میں۔ اس ماحول میں۔ حالاتِ حاضرہ میں۔ عنقریب۔ تھوڑے دنوں میں۔ فی زمانہ

آجر : مالک۔ آقا۔ ٹھیکیدار۔ پٹے دار

آحاد : اکائیاں۔ اعداد۔ مفردہ

آخ : ۱۔ واہ واہ۔ آفریں۔ مرحبا۔ خوب
۲۔ شور و فغاں۔ نالہ و شیون۔ ہائے وائے

آختہ/اختہ : ۱۔ خصی۔ نامرد
۲۔ تیغ کشیدہ۔ شمشیر برہنہ۔ شمشیر عریاں۔ تیغ بے نیام

آخذ : گیرندہ۔ پذیرندہ

آخَر : دوسرا۔ دیگر۔ ثانی

آخِر : ۱۔ ضد اوّل۔ پچھلا۔ انتہائی
۲۔ انجام۔ انتہا۔ حد۔ پایاں
۳۔ خاتمہ۔ اختتام۔ انت

آخر الامر : انجام کار۔ پایان کار۔ آخرکار
آخر بیں : عاقبت بیں۔ انجام بیں۔ دور اندیش۔ عاقبت اندیش۔ مآل اندیش۔ پیش بیں۔ عاقبت سنج
آخر دم : وقتِ آخر۔ دمِ مرگ۔ دمِ نزع
آخر زماں : ۱۔ آخری۔ پچھلا
۲۔ آخری زمانہ۔ انت کال۔ قربِ قیامت
آخرکار : انجام کار۔ پایان کار۔ مآل کار۔ آخر الامر

آخر آدمی نے کیا دودھ پیا ہے
آخر فنا آخر فنا
آخر مروگے روپیہ جوڑ جوڑ کر کیا کروگے

آخرت : عقبیٰ۔ دارِ آخر۔ روزِ محشر۔ روزِ قیامت۔ یوم الدین۔ پرلوک۔ آجل
دوسرا جہاں۔ رجوع بہ معاد۔ دوسری دنیا۔ دار البقا۔ عالمِ بالا

آخرت بگاڑنا — آخرت بنانا — آخرت سنوارنا

آخری : ۱۔ پچھلا۔ بعد کا
۲۔ انتہائی

آخری وقت : ۱۔ آخری وقت۔ آخری زمانہ۔ قربِ قیامت
۲۔ آخری چکر۔ آخری گشت
آخری دیدار : دیدارِ میت۔ زیارت
آخری وقت : ۱۔ یومِ آخر۔ دمِ مرگ۔ دمِ نزع۔ وقتِ رحلت
۲۔ آخری دور۔ آخری زمانہ۔ قربِ قیامت

آخری دم: دمِ آخر۔ دمِ واپسیں۔ دمِ رحلت۔ جان کنی میں۔ دمِ مرگ۔ وقتِ نزع۔ جان کندنی

آخور: ۱۔ چراگاہ۔ علف زار
۲۔ چرنی۔ ناند
۳۔ اصطبل۔ طویلہ
۴۔ نکما۔ ناکارہ۔ خراب۔ بیکار۔ فضول

آخورچی: سائیس۔ داروغۂ اصطبل
آخور سالار: میر آخور۔ داروغۂ اصطبل
آخور گاہ: اصطبل۔ طویلہ۔ تھان

آخوند: استاد۔ معلم۔ اتالیق۔ مدرس۔ آموزگار۔ گورو۔ ملّا

آد: ۱۔ آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ بدو
۲۔ پہلا۔ ابتدائی

آد انت: ابتدا و انتہا۔ آغاز و انجام۔ شروع و آخر

| آد بُرا انت بُرا
| آد ہندو بعد مسلمان

آدا: سونٹھ۔ زنجبیل۔ خشک ادرک

آداب: ۱۔ تسلیم۔ کورنش۔ نمسکار۔ بندگی۔ سلام۔ تسلیمات۔ سلام و نیاز۔ ڈنڈوت۔ پالاگن
۲۔ دستور۔ قاعدہ۔ اصول۔ آئین
۳۔ تہذیب۔ اخلاق۔ شائستگی
۴۔ اطوارِ شائستہ۔ مہذبانہ انداز
۵۔ حفظِ مراتب
۶۔ وضع داری
۷۔ عادات۔ خصائل
۸۔ علوم۔ فنون۔ ہنر

آداب اللغۃ: زباندانی۔ علم اللسان۔ لسانیات
آدابِ فاضلہ: اطوارِ شائستہ۔ اخلاقِ فاضلہ۔ حکمت۔ شجاعت۔ عفت۔ عدالت
آدابِ شاہی: آدابِ درباداری۔ طریقِ صحبتِ شاہی
آدابِ صحبت/مجلس/محفل: طریقِ نشست و برخاست
آداب و القاب: عنوانِ مکتوب۔ اندازِ تخاطب۔ مراسمِ خطاب

آدر: ۱۔ عزت۔ حرمت۔ قدر۔ توقیر
۲۔ آدر بھگت۔ خاطر تواضع۔ مدارات
۳۔ توجہ۔ التفات۔ پاس۔ لحاظ
۴۔ خوش اخلاقی

| آدر نہ بھاؤ جھوٹے مال کھاؤ

آدم: ۱۔ انسانِ اوّل۔ ابوالآبا۔ جدِّ انسان۔ جدِّ پیغمبراں
۲۔ آدمی۔ بشر۔ انسان۔ حیوانِ ناطق

آدمِ آبی: جل مانس۔ سمندری انسان
آدم باز: بازی گر۔ نٹ
آدمِ ثانی: حضرت نوح
آدم خور: مردم خور۔ انسان خور
آدم زاد: ابنِ آدم۔ بنی آدم۔ بنی نوعِ انسان۔ آدمی۔ انسان۔ بشر
آدم شناس: مردم شناس
آدم شناسی: مردم شناسی
آدمِ صحرائی: جنگلی آدمی۔ وحشی انسان۔ غیر متمدن انسان۔ غیر مہذب انسان۔ بن مانس
آدمِ کوہی: پہاڑی آدمی۔ جنگلی انسان
آدم گر: ۱۔ رحم دل۔ شفیق۔ مہربان

۲۔خیر اندیش۔بھی خواہ۔خیر طلب۔خیر خواہ

آدم گری: ۱۔رحم دلی۔شفقت۔مہربان

۲۔خیر اندیشی۔خیر خواہی۔خیر طلبی۔بھی خواہی

آدم آیا، دم آیا
آدم را گندم بہشت نسازد

آدمی : ۱۔انسان۔آدم زاد۔ابنِ آدم۔اولادِ آدم۔بشر۔انس۔مانس۔ ملکو۔منش۔مردم

۲۔نوکر چاکر۔ملازم۔خادم۔خدمت گار۔

۳۔قاصد۔ایلچی۔پیک۔پیام بر۔پیغام بر۔پیامی۔فرستادہ

۴۔شریف۔باشعور۔باتمیز۔تمیز دار

۵۔خاوند۔شوہر۔پتی۔میاں۔خصم۔زوج۔آشنا

آدمی آدمی انتر، کوئی ہیرا کوئی کنکر
آدمی اپنی صحبت سے پہچانا جاتا ہے
آدمی اپنے مطلب کے لیے پہاڑ کے کنکر/پتھر ڈھوتا ہے
آدمی اپنے مطلب میں اندھا ہوتا ہے
آدمی اشرف المخلوقات ہے
آدمی اناج کا کیڑا ہے
آدمیاں گم شدند ملک خدا خر گرفت
آدمی بلبلا ہے پانی کا
آدمی پر جیسی پڑتی ہے ویسی سہتا ہے
آدمی پیٹ کا کتا ہے
آدمی ٹھوکر کھا کر سنبھلتا ہے
آدمی جلنے سے، سونا جلنے سے
آدمی چنے کا مارا مرتا ہے
آدمی را آدمیت لازم است
آدمی سا کوئی پکھیرو نہیں
آدمی کا آدمی سے کام نکلتا ہے
آدمی کا بال بال گنہگار ہے

آدمی کا شیطان آدمی ہے
آدمی کچھ کھو کر ہی سیکھتا ہے
آدمی کو آدمیت لازمی ہے
آدمی کو آدمی سے سو دفعہ کام پڑتا ہے
آدمی کو ڈھائی گز زمین کافی ہے
آدمی کی آب و گل میں بھول کی آمیزش ہے
آدمی کیا جو آدمی کو نہ پہچانے
آدمی کیا جو آدمی کی قدر نہ کرے
آدمی کی پیشانی دل کا آئینہ ہے
آدمی کی دوا آدمی ہے
آدمی کی قدر مرے پر ہوتی ہے
آدمی کی کسوٹی معاملہ ہے
آدمی کے کام آدمی آتا ہے
آدمی مال کے لیے سر پر پہاڑ اٹھاتا ہے
آدمی نے کیا دودھ پیا ہے

آدمیّت : انسانیت۔بھل منسی۔مروّت۔ملنساری۔سلیقہ مندی۔تمیز داری۔ شرافت۔خوش خلقی۔آدم گری۔مردم گری۔شائستگی۔خوش اطواری۔ خوش سلیقگی۔خوش اخلاقی۔سلیقہ

آدمیت اٹھ جانا ـــــ آدمیت اختیار کرنا ـــ آدمیت پکڑنا

آدمیت اور شے ہے، علم ہے کچھ اور شے
لاکھ طوطے کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا

آدھ/آدھا : نصف۔نیم۔نیمہ۔ذرہ۔ادھا

آدھا تیتر آدھا بٹیر: ۱۔ان میل۔بے میل۔بے جوڑ

۲۔دوغلہ۔دونسلہ۔مخلوط

آدھا ساجھا: نصفی شرکت۔برابر کی شرکت

آدھو سیر کمانا: روزی۔وجہ معاش۔روزی

آدھا سیسی: درد نیم سر۔ درد شقیقہ۔ آدھے سر کا درد

آدھی بات: ادھوری بات۔ ناتمام بات۔ بے سروپا بات۔ ناگوار بات

آدھی دنیا آباد آدھی ویران: یک چشم۔ واحد العین۔ کانا۔ کانٹرا (پھبتی)

آدھی رات: نصف شب۔ نیم شب۔ ناف شب۔ ٹوٹتی رات

آدھے پیٹ: نیم سیر۔ نیم گرسنہ

آدھا آپ گھر، آدھا سب گھر
آدھا تجے پنڈت، سارا تجے گنوار
آدھ پاؤ ناچ بلے / چوپال میں رسوئی
آدھ سیر کے برتن میں سیر بھر نہیں سماتا / آدھ سیر کے برتن میں کیسے سیر سمائے
آدھے اساڑھ بڑی پار
آدھی چھوڑ ساری کو جائے، آدھی رہے نہ ساری پائے
آدھی رات اور گھر کا پردہ سے والا
آدھی رات کو جماہی آوے، شام سے ہی منہ پھیلاوے
آدھی روٹی بس، کایتھ میں کر پس
آدھی روٹی پاؤ بھر شکر
آدھے میاں شیخ شرف الدین، آدھا سارا گاؤں
آدھے قونسی قدوا، آدھے باوا آدم
آدھے کا ساجھی ہر یک چوٹ
آدھے تو بن دیوالی، آدھے گاؤں سونی
آدھے مانگ گل کا مد کے، آدھے ماد کا مدتے کمبل سیاہ

آدھار: ۱۔ خوراک۔ غذا۔ رزق
۲۔ روزی۔ معاش۔ آسرا۔ نیاز۔ سہارا

آدھی رات: آدھی شب۔ نصف رات۔ ناف شب۔ ٹوٹتی رات۔ نصف شب

[illegible]
[illegible]

آدھین: ۱۔ ناچیز۔ ناکارہ۔ ہیچ۔ ہیچ کارہ۔ ہیچ میرز۔ عاجز۔ مسکین
۲۔ غلام۔ فرماں بردار۔ تابع فرمان۔ مطیع۔ متبع۔ محتاج

آدھینتا / آدھینی: ۱۔ ناکارہ پن۔ ہیچ میرزی۔ عاجزی۔ مسکینی۔ مسکنت۔ عجز
۲۔ غلامی۔ فرماں برداری۔ اطاعت۔ متابعت۔ محتاجی

آدینہ: جمعہ۔ شکروار

آڑ: ۱۔ کھال۔ کھائی۔ نالی
۲۔ پوست کنجد

آذان: کان۔ اسماع۔ گوش ہا

آذر: ۱۔ آگ۔ اگنی۔ آتش۔ نار
۲۔ موکل آفتاب
۳۔ عشق۔ محبت۔ چاہ۔ پریت۔ پیت۔ پریم

آذر آباد: آتش کدہ۔ آتش خانہ۔ آتش گاہ۔ آذر کدہ
آذر افروز: ۱۔ آتش افروز۔ آتش انگیز
۲۔ ققنس۔ موسیقار
آذر پرست / کیش: آتش پرست۔ پارسی۔ زردشتی۔ گبر۔ ترسا۔ مجوسی
آذر پرستی: آتش پرستی۔ اگنی پوجا۔ مجوسیت

آر: ۱۔ ستالی۔ ستاری۔ چینی۔ درفش
۲۔ نیش عقرب۔ نیش زنبور
۳۔ انکس۔ شوا
۴۔ خار مرغ

آرا: ارہ۔ منشار۔ کروت

آراکش ـــ آراکشی ـــ آرے کا پٹا

آرے سر پر چل گئے تو بھی مدار ہی مدار

آراء : رائیں۔ مشورے۔ خیالات۔ افکار

آرا جاری : آنا جانا۔ آر جار۔ آواجاوی۔ آمد و رفت

آراستگی : سجاوٹ۔ سنگار۔ زیبائش۔ زیب و زینت۔ تیاری۔ آرائش۔ سنگھار۔ بناؤ

آراستہ : ۱۔ سجا۔ بنا۔ سنوار۔ مزین
۲۔ لیس۔ مسلح۔ ہتھیار بند
۳۔ مرتب۔ باقاعدہ۔ باقرینہ

آراستہ پیراستہ — سجا سجایا — بنا سنورا — ترشا ترشایا

آرام : ۱۔ چین۔ سکھ۔ قرار۔ راحت۔ آسائش
۲۔ تسکین۔ سکون۔ اطمینان۔ رفاہ۔ رام۔ برواز
۳۔ صحت۔ شفا۔ افاقہ۔ تندرستی
۴۔ فرصت۔ فراغت۔ چھٹی
۵۔ نفع۔ فائدہ۔ سود۔ حاصل
۶۔ طاقت۔ سکت۔ شکتی۔ توانائی
۷۔ اطاعت۔ فرماں برداری

آرام پسند : تن آسان۔ سہل پسند۔ سہل انگار۔ سست۔ کاہل۔ آرام طلب
آرام پسندی : تن آسانی۔ سہل پسندی۔ سہل انگاری۔ سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی
آرام جاں / جگر : ۱۔ قرار جاں۔ راحت جاں
۲۔ معشوق۔ محبوب
آرام دان : پان دان۔ ناصہ دان۔ خاصدان
آرام دل : ۱۔ سکون قلب۔ تسکین خاطر۔ راحت دل
۲۔ معشوق۔ محبوب

آرام رساں : راحت رساں۔ تسکین بخش۔ آرام دہ۔ سکھ دایک
آرام رسانی : راحت رسانی۔ تسکین بخشی
آرام روح : ۱۔ تسکین روح۔ راحت روح
۲۔ اولاد۔ آل
۳۔ معشوق۔ محبوب
آرام طلب : آرام پسند۔ سہل پسند۔ سہل انگار۔ آسائش پسند۔ تن آسان۔ سست۔ کاہل
آرام طلبی : آرام پسندی۔ سہل پسندی۔ سہل انگاری۔ آسائش پسندی۔ تن آسانی۔ سستی۔ کاہلی
آرام گاہ : ۱۔ خواب گاہ۔ آسائش گاہ
۲۔ قبر۔ لحد۔ تربت۔ مزار

آرام آنا — آرام اڑ جانا — آرام پانا — آرام پسند — آرام پہچانا — آرام جانا — آرام چھوڑ دینا — آرام کرنا — آرام کھونا — آرام سے جانا — آرام ملنا

آرامش : راحت۔ سکون۔ قرار۔ چین۔ فراغت

آرائش : سجاوٹ۔ سنگار۔ آراستگی۔ خوبصورتی۔ زینت۔ زیب و زینت۔ تزئین۔ درستی۔ سنگھار

آرائش پسند : زینت پسند
آرائش پسندی : زینت پسندی۔ شوق تزئین
آرائش محفل : رونق محفل۔ زیب محفل

آرائشی : نمائشی

آربل : زندگی۔ عمر۔ حیات۔ زیست

آرتی : ۱۔ پوجا پاٹھ۔ رسم عبادت۔ انداز پرستش
۲۔ حمد۔ مناجات۔ بھجن

آرتی کے وقت سو گئے، بھوگ کے وقت جاگ اٹھے

آرٹ: ۱۔ فن۔ ہنر
۲۔ صفائی۔ سلیقہ۔ قرینہ۔ ڈھب۔ ڈھنگ
۳۔ عیاری۔ مکاری۔ چالاکی
۴۔ حکمتِ عملی۔ تدبیر

آرٹسٹ: ۱۔ فن کار۔ ہنرمند۔ ہنرور
۲۔ مصور۔ نقاش
۳۔ کاریگر۔ صناع

آرٹیکل: ۱۔ مضمون۔ تحریر
۲۔ دفعہ۔ شق۔ جزو۔ حصہ

آرجار: آراجاری۔ آواجاوی۔ آمدورفت۔ ٹریفک

آرد: ۱۔ آٹا۔ چون۔ سفوف
۲۔ قصور۔ تقصیر۔ خطا۔ گناہ

آرڈر: ۱۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ امر
۲۔ درخواست۔ فرمائش
۳۔ طبقہ۔ جماعت۔ گروہ
۴۔ درجہ۔ مرتبہ
۵۔ اعزازی سلسلہ
۶۔ تمغہ۔ نشانِ عزت۔ اعزازی نشان۔ نشانِ امتیاز
۷۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔ دستور۔ آئین
۸۔ امن وامان
۹۔ بندش [illegible]
۱۰۔ اذن۔ اجازت

آرڈیننس: ضابطہ۔ ہنگامی قانون۔ حکم۔ فرمان

آرزو: ۱۔ امید۔ آشا۔ آس
۲۔ خواہش۔ چاہ۔ طلب۔ تمنا۔ ارمان۔ ہوس۔ اچھا۔ امنگ۔
منت سماجت۔ التجا
۳۔ مقصد۔ مراد۔ مطلب۔ مدعا۔ نیت

آرزوگاہ: امیدگاہ۔ جائے مراد۔ دنیا
آرزومند: طالب۔ امیدوار۔ تمنائی۔ متمنی۔ مشتاق
آرزومندی: خواہش مندی۔ امیدداری۔ اشتیاق۔ تمنا
آرزوئے خام: خیالِ خام۔ فضول خواہش
آرزوئے دل: دلی خواہش۔ دل مراد
آرزوئے مردہ: آرزوئے ناکام۔ حسرت۔ حرماں۔ محرومی

آرزو عیب نہیں
آنذو عیب ہے

آرس: آس۔ آلکس۔ سستی۔ کاہلی۔ سہل انگاری

آرس، نندرا اور جماہی، یہ تینوں ہیں کال کے بھائی

آرسی: آئینہ۔ درپن

آرک: ۱۔ محراب۔ گنبد
۲۔ قلعہ۔ گڑھ۔ کوٹ

آرکیسٹرا: ۱۔ سازینہ
۲۔ طائفہ۔ سازندگان

آرگن: ۱۔ ارغن۔ ارغنون
۲۔ آلہ۔ اوزار
۳۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ رابطہ۔ ترجمان

آرمیدگان : آسودگان ۔ آرام یافتگان

آرمیدگانِ خاک : آسودگانِ خاک ۔ اہلِ قبور ۔ مردگان ۔ مُردے

آرمیدہ : آسودہ ۔ قرار یافتہ ۔ پُرسکون ۔ مطمئن

آروپ : ۱۔ بے شکل ۔ بے صورت
۲۔ بدشکل ۔ بدصورت ۔ بدہیئت ۔ کریہ المنظر
۳۔ بدصورتی ۔ بدشکلی ۔ بدہیئتی

آروغ : ڈکار

آری : ۱۔ ارّہ خرد ۔ منشار
۲۔ آنکس ۔ خار
۳۔ ستالی ۔ ستاری

آرے : ہاں ۔ بے شک ۔ اچھا ۔ خوب

آریا/آریہ : ۱۔ وفادار ۔ باوفا
۲۔ خاندانی ۔ معزز ۔ عالی نسب ۔ والا نسب
۳۔ حضور ۔ جناب ۔ حضرت
۴۔ پابندِ مذہب ۔ دیندار ۔ دھرمی ۔ متدین
۵۔ دوست ۔ یار ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ صدیق
۶۔ ویش ۔ کاشت کار ۔ فلاح

آریہ بھر : سردارِ قوم ۔ بزرگ قوم
آریہ ورت : مسکن شرفا ۔ مجازاً ہندوستانی

آڑ : ۱۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ حجاب ۔ پارٹیشن ۔ کولا ۔ اوٹا گھاٹ
۲۔ حفاظت ۔ بچاؤ ۔ پناہ ۔ شرن
۳۔ معاون ۔ مددگار ۔ معین ۔ ضامن
۴۔ اڑواڑ ۔ ٹیکن ۔ سہارا ۔ ٹیک ۔ تھم ۔ ستون
۵۔ رکاوٹ ۔ اٹکاؤ ۔ باڑ ۔ اڑ بیکن
۶۔ ممانعت ۔ رکاوٹ ۔ مناہی ۔ روک

آڑبند/بندن : لنگوٹ ۔ لنگر ۔ کاچھا
آڑپاڑ/پھانس : کم ذمہ داری ۔ کم اعتمادی
آڑگوڑ : ۱۔ فضلہ
۲۔ لین دین ۔ بیوپار ۔ بیوہار ۔ کاروبار ۔ معاملہ

آڑ پکڑنا ـــ آڑ توڑنا ـــ آڑ ڈھونڈنا ـــ آڑ لینا ـــ
آڑ کرنا ـــ آڑ لگانا ـــ آڑ بنانا ـــ آڑ سے دیکھنا
ـــ آڑ کے سہارے رہنا

آڑا : ترچھا ۔ ٹیڑھا ۔ منحنی ۔ اریب ۔ اریب ۔ جھکا ہوا

آڑا پاجامہ : اریب پاجامہ ۔ تنگ پائچا ۔ چست پاجامہ ۔ چوڑی دار پاجامہ
آڑا ترچھا : ٹیڑھا بانکا
آڑا گوڑا : فضلہ ۔ کوڑا کرکٹ

آڑو : شفتالو ۔ سپتالو ۔ شلتالو ۔ اڑو ۔ خوخ

آڑھت : ۱۔ دستوری ۔ دلالی ۔ کمیشن ۔ لین دین ۔ خرید و فروخت
۲۔ منڈی ۔ دلال خانہ

آڑھت کھولنا ـــ آڑھت لینا ـــ آڑھت لگانا ـــ
آڑھت کرنا ـــ آڑھت دینا

آڑھتی/آڑھتیا : دلال ۔ کمیشن ایجنٹ ۔ بروکر

آڑی : ۱۔ (اسم مونث) ٹیڑھی ۔ ترچھی ۔ کج
۲۔ (اسم مذکر) حمایتی ۔ مددگار ۔ معاون ۔ معین ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔

دوست ۔ کھیل کا ساتھی

آز : حرص ۔ طمع ۔ لالچ ۔ لوبھ ۔ ہوس

آزمند : حریص ۔ طامع ۔ لالچی ۔ لوبھی ۔ ہوس کار

آزمندی : ہوس کاری ۔ لالچی پن ۔ لوبھ

آزاد : ۱۔ حر ۔ مرد

۲۔ بری ۔ وارستہ ۔ رستگار ۔ ناجی ۔ نجات یافتہ ۔ خلاص یافتہ ۔ مبرا ۔ معزا ۔ مستثنیٰ

۳۔ خود مختار ۔ مطلق العنان ۔ ذی اختیار

۴۔ فارغ

۵۔ غیر مقید ۔ ناپابند ۔ من موجی ۔ رند مشرب ۔ بے قید و بند ۔ فری

۶۔ بے غم ۔ بے فکرا ۔ بے باک ۔ بے خوف

۷۔ مجرد ۔ کنوارا ۔ کوارا

۸۔ بے تعلق ۔ لاتعلق ۔ الگ ۔ بے نیاز ۔ جدا

۹۔ بے پروا ۔ بے لوث ۔ بے لاگ ۔ بے تکلف

۱۰۔ فقیر

۱۱۔ بے عیب ۔ پاک ۔ منزا

۱۲۔ گستاخ ۔ بے ادب

آزاد خیال : ۱۔ بے تعصب ۔ غیر متعصب ۔ روادار ۔ وسیع النظر

۲۔ عقلیت پسند ۔ تعقل پرست

آزاد خیالی : ۱۔ بے تعصبی ۔ عدم تعصب ۔ رواداری ۔ وسعتِ نظر

۲۔ عقلیت پسندی ۔ تعقل پرستی

آزاد شاعری ، نظم : فری ورس ۔ نظم معرا

آزاد طبع : ۱۔ بے تکلف ۔ من موجی ۔ لاابالی ۔ بے پروا

۲۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بیباک ۔ صاف گو

آزاد کا الف : ۱۔ الف پیشانی ۔ عمودی خطِ پیشانی

۲۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔ گستاخ

آزاد کا سونٹا : ہٹنا ۔ فقیر

۲۔ اکھڑ ۔ منہ پھٹ ۔ بے باک

۳۔ لنڈورا ۔ بے نتھا

آزاد لوگ : ۱۔ فقرا

۲۔ بے پروا ۔ بے تعلق ۔ بے لاگ ۔ بے لوث

۳۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ بے باک

آزاد مرد : ۱۔ بے تعلق ۔ بے قید ۔ بے لوث ۔ تارک دنیا

۲۔ صاف ۔ کھرا

۳۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ بیباک ۔ صاف گو

آزاد منش : ۱۔ آزاد طبع ۔ بے تکلف

۲۔ بے قید ۔ لاتعلق ۔ بے تعلق

۳۔ لاابالی ۔ بے پروا

۴۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بے باک

۵۔ صاف گو ۔ کھرا

۶۔ بے تعصب

آزاد نامہ : خلاص نامہ ۔ تحریر آزادی

آزاد وضع : ۱۔ آزاد طبع ۔ آزاد منش ۔ بے تکلف

۲۔ بے تعلق ۔ بے قید ۔ بے لوث

۳۔ بے خوف ۔ نڈر ۔ بے باک

۴۔ صاف گو ۔ کھرا ۔ صادق القول

آزاد رو — آزاد مشرب — آزاد قلم — آزاد مزاج

— آزاد مذہب — آزادوار

آزادگی : ۱۔ آزادی ۔ رہائی ۔ خلاصی

۲۔ بے پروائی ۔ بے تعلقی ۔ بے فکری ۔ بے غمی

۳۔ بے خوفی ۔ بے باکی

آزادہ : ۱۔ آزاد ۔ بے قید ۔ ناپابند

۲۔ بے تعلق ۔ بے لوث ۔ بے لاگ ۔ بے پروا

۳۔ صاف ۔ کھرا ۔ بے باک

۴۔ صالح ۔ نیک ۔ بزرگ ۔ پارسا ۔ متقی

۵۔ اصیل۔ حلال زادہ۔ نجیب

۶۔ سوسن۔ سرو

آزادہ دل: ۱۔ فارغ البال۔ بے لوث۔ اخلاص مند۔ مخلص

۲۔ صالح۔ نیک۔ بزرگ۔ پارسا۔ متقی

۳۔ اصیل۔ شریف۔ وضیع۔ نجیب

آزادہ دلی: ۱۔ فراغت۔ بے لوثی۔ اخلاص مندی

۲۔ صالحیت۔ بزرگی۔ پارسائی

۳۔ نجابت۔ شرافت۔ نجابت

آزادہ رو: ۱۔ خود مختار۔ من موجی۔ آپ مہارا۔ بے مہار

۲۔ بے تکلف۔ بے تصنع

۳۔ بے تعصب۔ غیر متعصب۔ روادار

۴۔ بے باک۔ نڈر۔ بے خوف

آزادہ روی: ۱۔ خود مختاری۔ من مرضی

۲۔ بے تکلفی۔ عدم تصنع

آزادہ مزاج: بے تکلف۔ سادہ۔ بے پروا

آزادہ مزاجی: بے تکلفی۔ سادگی۔ بے پروائی

آزادی: ۱۔ حریت

۲۔ رستگاری۔ نجات۔ خلاصی۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ چھٹی

۳۔ بے تکلفی۔ عدم تصنع

۴۔ بے باکی

۵۔ خود مختاری۔ من مرضی۔ من موجی۔ آزاد منشی

آزادی خدا کی نعمت ہے

آزار: ۱۔ بیماری۔ مرض۔ روگ۔ دکھ

۲۔ تکلیف۔ مصیبت۔ صعوبت۔ بپتا۔ عذاب۔ سختی

آزاردہ: تکلیف دہ۔ رنج دہ۔ پُرمحن۔ ایذا رساں۔ مضر۔ مضرت رساں۔ اذیت ناک

آزارندہ: آزاردہ۔ رنج رساں۔ ایذا رساں۔ مضر۔ موذی۔ اذیت ناک۔ تکلیف دہ

آزاری: ۱۔ روگی۔ دکھی۔ مریض۔ علیل

۲۔ مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ آفت زدہ۔ مبتلائے عذاب

آزر: ۱۔ پدر ابراہیم علیہ السلام

۲۔ بت تراش۔ بت گر۔ بت ساز۔ صنم گر۔ صنم فروش۔ بت فروش

آزرکدہ: بت خانہ۔ بت کدہ۔ صنم خانہ۔ صنم کدہ

آزردگی: ۱۔ خفگی۔ ناخوشی

۲۔ رنج۔ ملال۔ دل گرفتگی۔ آزردہ دلی

۳۔ اداسی۔ غمگینی۔ پریشانی۔ افسردگی

۴۔ بگاڑ۔ ان بن۔ مناقشت۔ شکر رنجی

آزردہ: ۱۔ ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ منغّض

۲۔ رنجیدہ۔ ملول۔ غمگین۔ مغموم۔ محزون۔ اندوہگیں۔ دکھی

۳۔ افسردہ دل۔ افسردہ خاطر۔ افسردہ۔ اداس۔ شکستہ خاطر۔ دل گرفتہ۔ دل شکستہ

آزردہ دل/خاطر: ۱۔ خفا۔ ناراض۔ ناخوش۔ آزردہ صورت۔ آزردہ جبیں

۲۔ افسردہ دل۔ افسردہ خاطر۔ اداس۔ غمگین۔ ملول۔ مغموم۔ دل گرفتہ۔ دل شکستہ

آزردہ دلی/خاطری: ۱۔ خفگی۔ ناخوشی

۲۔ افسردہ دلی۔ افسردہ خاطری۔ شکستہ دلی۔ دل گرفتگی۔ اداسی۔ غمگینی

آزری: (اسم مؤنث) بت گری۔ بت تراشی۔ بت سازی۔ صنم گری۔ صنم سازی۔ صنم فروشی۔ بت فروشی

آزقہ: ۱۔ آزوقہ۔ آب و دانہ۔ دانہ پانی۔ ان جل۔ آب و خورش

۲۔ غذائے قلیل۔ قوت لایموت

۲۔ معاش ۔ گزران ۔ گزارہ

آزمائش : جانچ ۔ پرکھ ۔ پڑتال ۔ امتحان ۔ تجربہ ۔ ابتلا ۔ چھانٹ پھٹک ۔ پرچہ

آزمائشی : امتحانی ۔ تجرباتی

آزمودہ : مجرب ۔ تجربہ شدہ ۔ امتحان کردہ

آزمودہ کار : تجربہ کار ۔ پختہ کار ۔ خرانٹ ۔ سرد و گرم زمانہ چشیدہ ۔
گرگ باراں دیدہ ۔ گھاٹ گھاٹ کا پانی پیے ہوئے ۔ جہاندیدہ
آزمودہ کاری : ۱۔ تجربہ کاری ۔ پختہ کاری
۲۔ ہوشیاری ۔ چالاکی

| آزمودہ را آزمودن جہل است

آس : (فارسی) ۱۔ چکی ۔ آسیا
۲۔ گنجفہ ۔ تاش (کا یکہ)
۳۔ ریحان
۴۔ قائم
۵۔ شتر بچہ ۔ شتر برہ ۔ بوتا
۶۔ راکھ ۔ رماد ۔ خاکستر

آس : (ہندی) ۱۔ امید ۔ آشا ۔ توقع ۔ اعتبار ۔ آرزو ۔ خواہش
۲۔ بھروسہ ۔ آسرا ۔ سہارا ۔ تکیہ ۔ دھیرج ۔ اعتبار
۳۔ حمل ۔ پیٹ ۔ گابھ
۴۔ سنگت

آس اولاد : آل اولاد ۔ بال بچے ۔ اہل و عیال
آس مراد : ۱۔ آل اولاد ۔ بال بچے
۲۔ مال ۔ دولت ۔ دھن

آس ٹوٹنا ـــ آس بندھنا ـــ آس لگانا ـــ آس کرنا
ـــ آس پوری ہونا

| آس لگائی وہ تکے جو جیوت ہی مرجائے
| آس کا نام دنیا ہے
| آس کرے تو پاس آئے

آس پاس : اردگرد ۔ گرد و نواح ۔ گرد و پیش ۔ گرداگرد ۔ قریب ۔ نزدیک ۔ پڑوس ۔
جوار

| آس پاس برسے ، دلی پڑی ترسے

آسا : (فارسی) : مانند ۔ بسان ۔ مثل ۔ سا ۔ مشابہ ۔ مماثل ۔ چون ۔ چوں

آسا : (ہندی) امیدوار ۔ پرامید ۔ رجائی

| آسا جیے ، نراسا مرے
| آسا مرے ، نراسا جیے

آسان : ۱۔ سہل ۔ سہج ۔ غیر مشکل ۔ نادشوار ۔ عام ۔ تر نوالہ
۲۔ عام فہم ۔ سادہ ۔ سلیس ۔ سریع الفہم

آسان پسند : سہل پسند ۔ سہل انگار ۔ آسائش پسند ۔ آرام طلب ۔
تن آسان ۔ کاہل ۔ سست ۔ کام چور
آسان پسندی : سہل پسندی ۔ سہل انگاری ۔ سہولت پسندی ۔
آسائش پسندی ۔ آرام طلبی ۔ تن آسانی ۔ کاہلی ۔ سستی ۔ کام چوری ۔
احدی پن ۔ الکساہٹ

آسائش : آرام ۔ سکھ ۔ چین ۔ راحت ۔ سہولت ۔ آسانی ۔ آسودگی ۔ فراغت
اطمینان ۔ خوش حالی ۔ خوش معاشی

آسائشِ حیات ـــ آسائشِ تہذیب ـــ آسائشِ لباس ـــ آسائشِ مکان

آستان/آستانہ : ۱۔ چوکھٹ۔ ڈیوڑھی۔ دہلیز۔ دروازہ
۲۔ مزار۔ مرقد۔ مقبرہ۔ عتبہ
۳۔ مکان۔ محل۔ بارگاہ۔ گھر۔ استھان

آستاں بوس: عقیدت مند۔ ارادت مند۔ معتقد۔ خادم۔ غلام
آستاں بوسی: عقیدت مندی۔ ارادت مندی۔ خدمت گری۔ غلامی
آستانِ عالی: بابِ عالی۔ بارگاہِ عالیہ
آستانۂ شاہی: محلِ شاہی۔ قصرِ شاہی۔ ایوانِ شاہی
آستانِ فنا: دارِ فانی۔ دنیائے فانی۔ عالمِ فانی۔ عالمِ گزراں
آستانۂ گردوں: آسمان۔ چرخ۔ گردوں۔ فلک۔ سپہر۔ سما۔ آکاش۔ گگن۔ آسمانِ دنیا
آستانہ گزیں: مجاور۔ متولی
آستانہ نشیں: مجاور۔ معتکف
آستانہ نشینی: مجاورت۔ اعتکاف

آستین : پوشش بازو۔ بانہہ۔ آستن۔ آستیم۔ آسقن

آستیں اتارنا ـــ آستیں چڑھانا ـــ آستیں الٹنا ـــ آستیں پکڑنا ـــ آستیں جھاڑنا ـــ آستیں کھینچنا ـــ آستیں چننا

آستین کا سانپ: بظاہر دوست۔ بباطن دشمن۔ پوشیدہ دشمن۔ منافق

آسرا : ۱۔ آس۔ اُمید۔ توقع
۲۔ بھروسا۔ سہارا۔ اعتبار۔ دھیرج
۳۔ پناہ گاہ۔ مکان
۴۔ ٹیک۔ تکیہ

آسرا ہونا ـــ آسرا ٹوٹنا ـــ آسرا نہ رہنا

آسکت : ۱۔ آلکس۔ آلس۔ السا ہٹ۔ سستی۔ کاہلی
۲۔ خمار۔ بے خبری۔ غفلت۔ بے پروائی
۳۔ بیکاری۔ عدم مصروفیت۔ فرصت
۴۔ تاخیر۔ دیر۔ الکساہٹ

آسکتی : ۱۔ آلسی۔ آلکسی۔ سست۔ کاہل۔ احدی
۲۔ غافل۔ بے پروا۔ بے خبر۔ مخمور
۳۔ بیکار۔ غیر مصروف۔ نکما

آسکتی گرا کنوئیں میں، کہا ابھی کون اُٹھے
آسکتی گرا کنوئیں میں، کہا یہاں ہی بھلے

آسمان : ۱۔ فلک۔ سما۔ چرخ۔ گردوں۔ سپہر۔ آکاش۔ گگن۔ گنبدِ دوّار۔ گنبدِ بے در۔ گنبدِ خضرا۔ بلندی۔ خلا۔ فضا۔ اُزمان۔ خیمۂ ہزار میخ۔ ہفت آسیا۔ طارمِ فیروزہ۔ طارمِ نیلگوں۔ طاسِ آبگوں۔ طاس گوں۔ طاسِ نگوں۔ طاسِ ارزق طاق۔ بازیچۂ طفلاں۔ طاقِ فیروزہ رنگ۔ طاقِ گلی۔ طاقِ لاجوردی۔ طاقِ مقرنس۔ طاقِ نیلوفری۔ طاقِ نیم خانہ۔ طاقِ نیم خایہ۔ طاقِ کج۔ طاقِ مینا۔ طاؤسِ آتش پر۔ پنجرۂ لاجورد۔ تختۂ مینا۔ چترِ آبگوں۔ چرخِ دولابی۔ سردستاں۔ کاسہ پشت۔ تشتِ کبود۔ کلاہِ زمین۔ گنبدِ زمین۔ گنبدِ تیز رو۔ گنبدِ دود گشت۔ خیمۂ نیلی پردہ
۲۔ ملک الموت۔ عزرائیل

آسمانِ بریں: فلک الافلاک۔ فلکِ نہم
آسماں پایہ: بلند پایہ۔ بلند مرتبہ۔ آسماں امنگ۔ رفیع الشان۔ رفیع المنزلت۔ آسمان آشیانہ۔ آسماں قدر
آسماں جاہ: عالی جاہ۔ بلند مرتبہ۔ رفیع الشان۔ رفیع المنزلت۔ گردوں جناب
آسماں قدر: عالی قدر۔ گرامی قدر۔ رفیع المرتبت۔ گردوں وقار
آسماں وقار: عالی وقار۔ گردوں وقار۔ آسماں قدر۔ عظیم المرتبت۔

آسماں پھاڑ کے تھگلی لگانے
آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا
آسمان کے پچھے کو کہاں تک تھگلی لگائے
آسمان کی چیل اور زمین کی اصیل
آسمان نے ٹمالا، زمین نے جھیلا

آسمانہ : ۱۔ سقف خانہ۔ چھت
۲۔ کھڑکی۔ منظر

آسمانی : ۱۔ سماوی۔ فلکی
۲۔ بالائی۔ اوپر کا
۳۔ ناگہانی۔ اچانک۔ اتفاقیہ
۴۔ بلندی۔ رفعت
۵۔ بھنگ۔ شراب۔ نشہ آور چیز
۶۔ نیلا۔ نیلگوں۔ آبی

آسمانی آفت/بلا : ۱۔ بلائے ناگہاں۔ ناگہانی مصیبت
۲۔ قہرِ خداوندی۔ خدائی عذاب

آسمانی آگ : ۱۔ خدائی آگ
۲۔ شہابِ ثاقب

آسمانی تھپیڑا/ دھکا : ناگہانی صدمہ۔ غیر متوقع مصیبت۔ ازغیبی گولا

آسمانی تیر : ۱۔ ہوائی تیر۔ تیر بے نشانہ
۲۔ کارِ عبث۔ کارِ بیہودہ۔ بے فائدہ کام
۳۔ شہابِ ثاقب

آسمانی ڈھیلا : غیبی مار۔ خدائی عذاب

آسمانی رنگ : نیلگوں۔ نیلا۔ آبی

آسمانی زبان : ۱۔ لسانِ ملائکہ۔ زبانِ فرشتگان
۲۔ الہامی زبان۔ عربی زبان
۳۔ آکاش بانی۔ سنسکرت۔ آکاش وانی

آسمانی غضب : قہرِ خداوندی۔ خدائی عذاب

آسمانی فرمان : حکمِ الٰہی۔ فرمانِ خدا

آسمانی قہر : ۱۔ قہرِ خداوندی۔ خدائی عذاب
۲۔ آفتِ ناگہانی۔ بلائے ناگہاں
۳۔ خشک سالی۔ امساکِ باراں
۴۔ سیلاب۔ طوفان
۵۔ عذابِ الٰہی

آسمانی کتاب : الہامی کتاب۔ کلامِ خدا۔ کلام اللہ۔ قرآن مجید۔ انجیل۔ زبور۔ توریت۔ صحیفۂ الٰہی

آسمانی گولا : ۱۔ قہرِ خداوندی۔ ناگہانی صدمہ
۲۔ برف۔ ژالہ۔ تگرگ۔ اولا۔ ازغیبی گولا

آسن : ۱۔ بیٹھک۔ اندازِ نشست۔ ڈھنگ۔ طریقہ
۲۔ مقامِ نشست۔ جائے نشست
۳۔ مسند۔ گدی۔ بوریا۔ مرگ چھالا۔ کرسی۔ تخت۔ سجادہ۔ مصلیٰ
۴۔ ران۔ پنڈلی
۵۔ پشتِ مرکب
۶۔ طریقِ مباشرت۔ وضعِ جماع
۷۔ سادھو

آسنی : چٹائی۔ بوریا۔ مرگ چھالا۔ مسند۔ گدی

آسودگان : آرمیدگان۔ قرار یافتگان۔ خفتگان

آسودگانِ خاک : آرمیدگانِ خاک۔ خفتگانِ خاک۔ اہلِ قبور۔ مردگان۔ مرحومین

آسودگی : ۱۔ آرام۔ راحت۔ سکھ چین۔ آسائش۔ کل
۲۔ اطمینان۔ سکون۔ تسکین۔ خاموشی
۳۔ صلح۔ امن۔ آشتی۔ امن و امان
۴۔ خوش حالی۔ ترفہ۔ فراغت۔ دولت مندی
۵۔ سیری۔ شکم سیری۔ بے فکری

آسودہ : ۱۔ باآرام۔ سکھی۔ بے زحمت

۲۔ مطمئن۔ پُرسکون
۳۔ خوش حال۔ مرفہ الحال۔ فارغ البال
۴۔ سیر۔ شکم سیر۔ رجا بجا
۵۔ آرمیدہ۔ خوابیدہ۔ خفتہ

آسودہ حال: خوش حال۔ مرفہ الحال۔ فارغ البال۔ دولت مند۔ امیر۔ متمول۔ دھنی۔ دھنونت۔ دھنیت

آسودہ حالی: خوش حالی۔ فارغ البالی۔ ترقّہ۔ تمول۔ تنعم

آسودہ خاطر/دل: بے فکر۔ بے غم۔ مطمئن

آسودہ خاطری/دلی: بے فکری۔ بے غمی۔ اطمینان۔ سکونِ قلب

| آسودہ کسے کہ خر ندارد
| آسودہ کسے کہ زن ندارد

آسی: ۱۔ غمگین۔ مغموم۔ محزون۔ حزیں۔ ملول
۲۔ راہ نشین
۳۔ طبیب۔ حکیم۔ معالج۔ وید

آسیا: چکی۔ پن چکی۔ گھراٹ

آسیب: ۱۔ صدمہ۔ چوٹ۔ ضرب۔ تکلیف
۲۔ مخالفت۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت
۳۔ آفت۔ مصیبت۔ بلا۔ بپتا
۴۔ رنج۔ ملال۔ حزن۔ دکھ
۵۔ نقصان۔ خسارہ۔ خسران۔ ضرر۔ مضرت
۶۔ خوف۔ دہشت۔ ڈر
۷۔ بھوت۔ پریت۔ جن۔ پری۔ خبیث روح۔ سایہ

آسیب زدہ: ۱۔ آسیبی۔ جن گرفتہ
۲۔ مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ

آسیبی: آسیب زدہ۔ جن گرفتہ

آسیمہ: ۱۔ حیران۔ پریشان۔ وحشت زدہ۔ سراسیمہ
۲۔ دیوانہ۔ شیفتہ۔ شوریدہ سر۔ مدہوش
۳۔ متحیر۔ سرگشتہ۔ سرگرداں
۴۔ بھو۔ بھونچکا۔ بے ہوش

آش: غذائے رقیقہ۔ شوربہ۔ یخنی۔ عرق۔ حریرہ

آش پلاؤ: پتلی کھچڑی۔ نرم پلاؤ
آش جو: ۱۔ عرق جو۔ جوشاندہ جو
۲۔ آب جو۔ ماء الشعیر۔ نبیذ
آش عاشورا: کھچڑا۔ حلیم

| آش مرداں دیری پزد
| آش تو در کاسہ تست

آشا: ۱۔ امید۔ آس۔ توقع
۲۔ خواہش۔ طلب۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ

آشتی: ۱۔ صلح۔ دوستی۔ اتفاق۔ مفاہمت
۲۔ امن۔ امان۔ سکون
۳۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط

| آشتی اور جان جی کا ڈر

آشرم: ۱۔ کٹی۔ کُٹیا۔ مٹھ۔ خانقاہ۔ گپھا
۲۔ دورِ حیات۔ دورِ عمر
۳۔ مدرسہ۔ مکتب۔ پاٹھ شالا
۴۔ جنگل۔ دشت۔ بادیہ۔ بن

آشفتگی : ۱۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ وحشت ۔ پراگندگی ۔ ناگواری
بے اطمینانی ۔ بے تابی
۲۔ دیوانگی ۔ فریفتگی ۔ وارفتگی

آشفتہ : ۱۔ حیران ۔ پریشان ۔ سراسیمہ ۔ پراگندہ ۔ بدحواس ۔ پراگندہ خاطر ۔ سرگرداں
کبیدہ ۔ خاطر ۔ ناگوار
۲۔ دیوانہ ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔ وارفتہ

آشفتہ بیان : یاوہ گو ۔ فضول گو ۔ بیہودہ گو ۔ بکواسی ۔ ہرزہ سرا
آشفتہ بیانی : یاوہ گوئی ۔ فضول گوئی ۔ بیہودہ گوئی ۔ ہرزہ سرائی ۔ بکواس ۔
بے ربط گفتگو
آشفتہ حال / خاطر / دل : ۱۔ آشفتہ خاطر ۔ آشفتہ دل ۔ پریشان حال ۔ پراگندہ حال
خراب حال ۔ زبوں حال ۔ خستہ حال
۲۔ دیوانہ ۔ عاشق ۔ فریفتہ
آشفتہ حالی / خاطری / دلی : پریشان حالی ۔ پراگندہ حالی ۔ خراب حالی ۔ خستہ حالی ۔
پراگندگی
آشفتہ دماغ / سر : پاگل ۔ سڑی ۔ دیوانہ ۔ سودائی ۔ مجنوں ۔ مخبوط الحواس
آشفتہ دماغی / سری : پاگل پن ۔ دیوانگی ۔ جنون ۔ سڑی پن ۔ دیوانہ پن
آشفتہ طبع / مزاج : پریشان خاطر ۔ پراگندہ دل ۔ حیران ۔ سراسیمہ ۔ جنونی ۔ خبطی ۔
پاگل ۔ دیوانہ
آشفتہ طبعی / مزاجی : پریشان خاطری ۔ پراگندہ دلی ۔ حیرانی ۔ سراسیمگی ۔ دیوانگی
خستہ حالی

آشفتہ مو : ۱۔ پریشان مو ۔ پراگندہ مو
۲۔ خراب حال ۔ پریشان حال ۔ خستہ حال

آشفتہ نوا : فریاد کناں ۔ نالاں ۔ خراب و خستہ

آشفتہ سر ـــ آشفتہ روزـــ آشفتہ سر ـــ آشفتہ مو

آشکار / آشکارا : ظاہر ۔ عیاں ۔ نمایاں ۔ فاش ۔ کھلا ۔ علانیہ ۔ علی الاعلان ۔ آکار ۔
صورت ۔ ظہور ۔ ظاہر ۔ واضح ۔ لائح ۔ بیّن ۔ روشن ۔ اجاگر ۔ آیاں
پیدا ۔ ہویدا

آشنا : ۱۔ واقف ۔ شناسا ۔ متعارف ۔ دوست ۔ یار ۔ روشناس ۔
آگاہ ۔ محبوب ۔ میت ۔ مونس ۔ ہمدم ۔ لنگوٹیا
۲۔ یار ۔ دھگڑا
۳۔ پیراک ۔ تیراک ۔ شناور ۔ شناگر

آشنا پرست : قدردان دوست ۔ سچا دوست ۔ مخلص دوست ۔ محب ۔
حبیب ۔ دوست نواز
آشنا پرستی : قدردانیٔ دوست ۔ سچی دوستی ۔ اخلاص مندی
آشنا پرور : خیر خواہ دوست ۔ بہی خواہ دوست ۔ مربّی دوست ۔ دوستدار
آشنا پروری : خیر خواہیٔ دوست ۔ بہی خواہیٔ دوست ۔ پرورشِ دوست
آشنا فروشی : یاوہ فروشی ۔ ثنائے دوست ۔ استحصالِ دوست

زود آشنا ـــ دیر آشنا ـــ کم آشنا ـــ مطلب آشنا ـــ لب آشنا ـــ
زباں آشنا ـــ حرف آشنا ـــ صورت آشنا
ـــ غرض آشنا ـــ درد آشنا ـــ
رنج آشنا ـــ دست آشنا ـــ خود آشنا

آشنائی : ۱۔ شناسائی ۔ واقفیت ۔ تعارف ۔ جان پہچان ۔ ملاقات ۔ جلسی تعلق ۔
اٹ سٹ ۔ صاحب سلامت ۔ روشناسی
۲۔ دوستی ۔ یاری ۔ اخلاص مندی ۔ سانٹ گانٹھ ۔ عشق ۔ محبت
۳۔ ناجائز تعلق ۔ آنٹ سانٹ ۔ یاری ۔ یارانہ

آشنائی کرنا آساں ، نبھانا مشکل
آشنائی ملّا تا سبق

آشوب : ۱۔ ہنگامہ ۔ فساد ۔ فتنہ ۔ غدر ۔ فتنہ و فساد
۲۔ طوفان ۔ غدر ۔ بلوہ ۔ بلڑ ۔ شورش
۳۔ شور ۔ غوغا ۔ غل
۴۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ وحشت

آشوب آگہی : ۱۔ افتاد ذہنی ۔ ذہنی پریشانی

٢۔ ہنگامۂ خرد۔ فتنۂ عقل و دانش

آشوبِ جاں: ١۔ آفتِ جاں۔ بلائے جاں
٢۔ محبوب۔ معشوق

آشوبِ چشم: ورمِ چشم۔ علتِ چشم۔ مرضِ چشم۔ آنکھیں دُکھنا

آشوبِ روزگار/ زمانہ/ عالم: ہنگامۂ عالم۔ فتنۂ عالم

آشوب گاہ: فتنہ گاہ۔ دار الفتن۔ دار المحن

آشوبِ محشر: ١۔ ہنگامۂ قیامت۔ فتنۂ محشر
٢۔ شورِ بے حد۔ فتنۂ عظیم

شہر آشوب — آشوب اٹھانا — دل آشوب
— ملک آشوب

آشیاں/ آشیانہ:
١۔ نشیمن۔ گھونسلا۔ گھر۔ مکان۔ ایوان۔ آشیاں۔ جھونجھ۔ آہلنا
٢۔ مکان۔ مسکن۔ قیام گاہ۔ اقامت گاہ۔ دار الاقامہ
٣۔ محبس۔ زنداں۔ سجن۔ قید خانہ

آشیاں اٹھانا — آشیاں اجاڑنا — آشیاں باندھنا
— آشیاں بلند کرنا — آشیانہ چھانا —
آشیاں بندی

آشیر باد:
دعائے خیر۔ دعائے برکت۔ نیک تمنائیں

آغا:
١۔ آقا۔ مالک۔ خداوند
٢۔ برادرِ اکبر۔ برادرِ بزرگ۔ آکا۔ اکا

آغاز:
ابتدا۔ شروع۔ پہل۔ تمہید۔ بدایت۔ آثار۔ علامت۔ عنوان

| آغازِ بد کا انجام بد ہے

آغشتہ:
آلودہ۔ ملوث۔ لت پت۔ لتھڑا ہوا

آغوش:
گود۔ کنار۔ بغل۔ پہلو۔ جھولی۔ گودی

آغوش بھرنا — آغوش پھیلنا — آغوش کا پروردہ —
آغوش کھولنا — آغوشِ مادر

آغوش کشادہ/ کشودہ: مشتاق۔ آرزومند۔ عاشق۔ تمنائی۔ متمنی
آغوش کشائی: اشتیاق۔ آرزومندی۔ خواہش۔ تمنا۔ عاشقی

آفات:
بلیات۔ حادثات۔ مصائب۔ تکالیف۔ دکھ بلائیں

آفاتِ آسمانی/ سماوی: ١۔ حادثاتِ آسمانی۔ ناگہانی مصائب
٢۔ طوفانی بارش۔ بجلی۔ صاعقہ۔ ژالہ۔ تگرگ۔ اولا۔ برفباری۔ پالا
آفاتِ ارضی، زمینی حادثات۔ سیلاب۔ آتش فشانی۔ زلزلے

آفاق:
١۔ کنارہ ہائے آسماں
٢۔ دنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ جگ۔ جگت

آفاق گیر: ١۔ عالم گیر۔ جہاں گیر۔ ہمہ گیر
٢۔ فاتحِ عالم۔ فاتحِ دنیا

آفاقی:
عالمگیر۔ ہمہ گیر۔ کائناتی۔ وسیع النظر۔ بے تعصب

آفاقیت:
ہمہ گیری۔ عالم گیری۔ جہاں گیری۔ عالمی

آفت:
١۔ دکھ۔ مصیبت۔ صدمہ۔ تکلیف۔ بپتا۔ سختی۔ بدبختی۔ مشکل وقت۔
آسیب۔ نیاں۔ بیماری۔ الجھن۔ ناگہانی
٢۔ قہر۔ ظلم۔ ستم
٣۔ فتنہ۔ فساد۔ شورش۔ آشوب
٤۔ غضب۔ عذاب۔ وبا۔ قحط
٥۔ ناانصافی۔ بے انصافی۔ بددیانتی
٦۔ غل۔ شور۔ غوغا۔ شغب۔ آشوب۔ تلاطم۔ ہنگامہ

۲۔ عتاب۔ غصہ
۳۔ شوخ۔ چالاک۔ تیز۔ طرار۔ عیار۔ فتنہ گر

آفتِ آسمانی / سماوی: ۱۔ ناگہانی مصیبت۔ قہرِ خداوندی۔ غضبِ الٰہی۔ خدائی عذاب
۲۔ بارش۔ ژالہ باری۔ برف باری۔ طوفان۔ ابروباد۔ زلزلہ

آفتِ ارضی: زمینی عذاب۔ سیلاب۔ آتش فشانی۔ زلزلہ

آفتِ جاں: ۱۔ آشوبِ جاں۔ بلائے جاں
۲۔ معشوق۔ محبوب

آفت خیز: مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر

آفت خیزی: مفسدہ پردازی۔ مفسدہ پروری۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری۔ فتنہ گری

آفت رسیدہ / زدہ: بپتا مارا۔ دکھیا۔ دکھیارا۔ مہین

آفتِ روزگار / جہاں / دوراں / زمانہ: ۱۔ آشوبِ عالم۔ بلائے جہاں۔ فتنۂ زماں۔
۲۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ انگیز۔ مفسد۔ متفنی
۳۔ شوخ۔ شریر۔ محبوب۔ معشوق

آفت کا پرکالہ / ٹکڑا: ۱۔ شوخ و شنگ۔ تیز و طرار
۲۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر۔ متفنی۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔ شریر۔ بد ذات

آفت کی پڑیا / پوٹ: مکار۔ عیار۔ دغاباز۔ فریبی۔ شریر۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر۔ متفنی۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ مفسدہ پرور۔ چالاک

آفت اٹھانا ـــ آفت بالائی ـــ آفت برسانا ـــ
آفت پڑنا ـــ آفت توڑنا ـــ آفت توڑ مارنا ـــ
آفت ٹالنا ـــ آفت ٹلنا ـــ آفت ٹوٹنا ـــ آفتِ جاں
ـــ آفت رسیدہ ـــ آفت کی پڑیا ـــ
آفت ناگہانی ـــ آفت جوتنا ـــ آفت جھیلنا ـــ آفت خیز
ـــ آفت دکھانا ـــ آفت دوراں ـــ آفتِ دہر ـــ
آفت ڈالنا ـــ آفت روزگار ـــ آفت زدہ ـــ
آفت زمانہ ـــ آفت سہنا ـــ آفت مچانا

آفت رسیدہ: آفت زدہ۔ مصیبت زدہ۔ مصیبت کا مارا۔ فلک زدہ۔ دردکمارا

آفتاب: ۱۔ شمس۔ مہر۔ خورشید۔ سورج۔ سوریہ۔ نیرِ اعظم
۲۔ تابِ آفتاب۔ تابشِ آفتاب۔ دھوپ
۳۔ یکتا۔ لاثانی۔ یگانہ۔ لاجواب۔ بے نظیر
۴۔ عارف کامل۔ خدارسیدہ۔ ولی اللہ
۵۔ کامل۔ اکمل۔ بلند مرتبہ۔ رفیع الشان۔ ارفع۔ اعلیٰ
۶۔ معشوق۔ محبوب۔ (مجازاً)
۷۔ مے۔ شراب۔ دارو
۸۔ گنجفے کا میر

آفتاب پرست: ۱۔ خورشید پرست۔ مہر پرست
۲۔ گبر۔ مشرک
۳۔ گرگٹ۔ حربا۔ بوقلموں
۴۔ گلِ نیلوفر
۵۔ سورج مکھی

آفتاب پرستی: پرستشِ مہر۔ سوریہ پوجا۔ شمس پرستی۔ ستارہ پرستی

آفتابِ حشر: خورشیدِ قیامت۔ مہرِ قیامت۔ آفتابِ محشر

آفتاب رو: ۱۔ انتہائی حسین۔ خوبصورت۔ خورشید جمال
۲۔ مشرق رو۔ رو بہ خورشید

آفتاب زرد رو: ۱۔ خورشید زوال آمادہ۔ زوال پذیر آفتاب۔ ڈھلتا سورج۔
۲۔ میٹھا خربوزہ

آفتاب سوار: صبح خیز۔ سحر خیز

آفتاب گرداں: ۱۔ گلِ آفتاب پرست۔ سورج مکھی
۲۔ شامیانہ۔ چھتری۔ سائبان

آفتاب گردش: ۱۔ روئے زمین
۲۔ گرگٹ۔ حربا۔ بوقلموں

آفتاب گیر: سائبان۔ چھپا۔ چھتری

آفتابِ لب بام / سرکوہ: ۱۔ آفتاب زوال پذیر۔ ڈھلتا سورج

۲۔ زوال پذیر۔ زوال آمادہ
۳۔ پیرِ فرتوت۔ چراغِ سحری

| آفتاب آمد دلیلِ آفتاب
| آفتاب کو دھول سے نہیں ڈھک سکتے

آفتابہ : لوٹا۔ بدھنا۔ ابریق

آفتابی : ۱۔ شمسی۔ آفتاب پرست۔ شماس۔ شماسی
۲۔ زرد۔ پیلا۔ اصفر
۳۔ گول۔ مدوّر
۴۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا (چہرہ)
۵۔ چھتری۔ سائبان
۶۔ کڑاہی
۷۔ پنکھا
۸۔ سپرِ مذہب۔ سپرِ مطلّا
۹۔ سرخ رنگ۔ گہرا سرخ۔ احمر۔ ارغوانی

آفتابی چہرہ : گول چہرہ

آفریدگار : آفرینندہ۔ خالق۔ موجد۔ خلاق۔ جنم داتا

آفریدگاں : مخلوقات۔ موجودات

آفریدہ : مخلوق۔ موجود۔ پیدا شدہ۔ خلقت

آفریں : شاباش۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ احسنت۔ نبے۔ عشق ہے۔ بارک اللہ۔ جزاک اللہ۔ شادباش۔ واہ جی۔ کیا کہنا۔ عشق۔ دھن ہو۔ بل بے۔ دھنیہ باد

| آفریں باد بریں ہمتِ مردانۂ تو

آفرینش : ۱۔ پیدائش۔ خلقت۔ جنم۔ ایجاد۔ تخلیق
۲۔ دنیا۔ مخلوق۔ کائنات۔ مخلوقات۔ موالید

آفرینندہ : آفریدگار۔ خالق۔ موجد۔ خلاق۔ جنم داتا

آقا : ۱۔ مالک۔ خداوند۔ صاحب۔ آغا۔ آکا۔ اکا۔ خداوندِ نعمت۔ بزرگ
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ پتی۔ خصم
۳۔ حاکم۔ افسر۔ لارڈ
۴۔ جناب۔ حضور۔ حضرت۔ سرکار

آقائے دوجہاں ــــ آقائے ولی نعمت ــــ آقائے نامدار
ــــ آقائے وقت

آقائی : خداوندی۔ مالکیت۔ حاکمیت۔ فرماں روائی

آک / آکھ : مدار۔ آگ۔ اکڑا

آک کی بڑھیا : پیرزن۔ بڑھی۔ پھونس

| آک کا کیڑا آک میں راضی، ڈھاک کا ڈھاک میں

آکا : ۱۔ برادرِ بزرگ۔ برادرِ اکبر۔ بڑا بھائی۔ اکّا
۲۔ میاں۔ صاحب۔ جناب

آکاس / آکاش : ۱۔ خلا۔ جو
۲۔ آسمان۔ سما۔ فلک۔ چرخ۔ گردوں۔ سپہر۔ گگن
۳۔ لطیف مادہ۔ ایتھر۔ اثیر
۴۔ کرۂ ہوائی۔ کرۂ باد

آکاس بانی / آکاش وانی : ۱۔ وحی۔ الہام۔ القا
۲۔ ندائے غیب۔ صدائے غیب۔ ندائے ہاتف

۲۔ دیو بھاشا۔ سنسکرت
۴۔ ریڈیو۔ لاسلکی
آکاس بیل: امربیل۔ افیتموں
آکاس بیل: اولاد۔ ذریت۔ آل۔ سنتان۔ بال بچے آل اولاد۔ آل عیال
آکاس چوٹی: سمت الراس
آکاس گنگا: کہکشاں
آکاس منڈل: کرۂ باد۔ ہوائی کرہ

آکاسی: ۱۔ آسمانی۔ سماوی۔ فلکی
۲۔ ہوائی۔ خلائی
۳۔ روحانی
۴۔ الہامی۔ غیبی

آگ: ۱۔ آتش۔ نار۔ اگنی۔ آذر۔ آتیش۔ آدیش۔ فائر
۲۔ گرمی۔ حرارت۔ حدت۔ تپش۔ آنچ
۳۔ شعلہ۔ لوکا۔ لپٹ۔ حریق۔ لاٹ۔ لو
۴۔ سوزش۔ جلن
۵۔ جوشش۔ دھن
۶۔ محبت۔ عشق۔ چاہ۔ پریت۔ پیت۔ پریم
۷۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔ عناد
۸۔ مستی۔ شہوت۔ کام
۹۔ تشنگی۔ عطش۔ پیاس
۱۰۔ گرسنگی۔ جوع
۱۱۔ آتشک۔ آتش فرنگ۔ آبلہ فرنگ۔ باد فرنگ
۱۲۔ بلا۔ مصیبت۔ آفت۔ عذاب۔ قہر
۱۳۔ قہر۔ جھونجل۔ غصہ۔ غضب۔ خشم۔ جھلاہٹ
۱۴۔ جوشش خون
۱۵۔ تیزی۔ چڑچڑاہٹ۔ تندی
۱۶۔ گرم۔ تپاں۔ محرور۔ جلتا بلتا
۱۷۔ لال۔ سرخ۔ احمر
۱۸۔ چڑچڑا۔ جھلا۔ تندمزاج۔ غصہ ور۔ غصیلا۔ برافروختہ۔ خشمگیں

۱۹۔ گراں۔ مہنگا۔ بیش قیمت
۲۰۔ حسد۔ جلاپا۔ ڈاہ۔ جلن۔ کپیس
۲۱۔ آگ۔ مدار۔ آکڑا

آگ بولا/بگولا: برافروختہ۔ غضب ناک۔ خشمگیں۔ تند۔ تیز
آگ بھبھوکا: تمتمایا ہوا۔ دہکتا ہوا
آگ پانی کا بیر: جبلی دشمنی۔ فطری عداوت۔ طبعی مخالفت
آگ پانی کا سنجوگ/ساتھ: اجتماع ضدین۔ اجتماع نقیضین۔ انہونی۔ محال
آگ پانی کا کھیل: پکوان
آگ کا باغ: ۱۔ آتش دان۔ بھٹی۔ انگیٹھی۔ منقل۔ مجمر
۲۔ آتش بازی
۳۔ آتش نمرود۔ گلزار ابراہیم۔ گلزار خلیل۔ جنت خلیل
آگ کا بنا ہوا: تندخو۔ شعلہ مزاج۔ گرم مزاج۔ غصہ ور۔ غصیلا
آگ کا پتلا: ۱۔ گرم مزاج۔ تندمزاج۔ آتش خو۔ شعلہ خو۔ چڑچڑا
۲۔ شعلہ۔ سراپا آتش
آگ کا پتنگا: شرار۔ اخگر۔ چنگاری
آگ کا پیڑ: ۱۔ آک۔ مدار
۲۔ آتش بازی
آگ کا کھیل: ۱۔ آتشبازی
۲۔ پکوان
آگ کے مول: گراں۔ مہنگا۔ قیمتی

آگ لگنا ___ آگ ابلنا ___ آگ اٹھنا ___ آگ بولا ___
آگ بتانا ___ آگ بجھانا ___ آگ برسانا ___ آگ بھڑکانا
___ آگ تاپنا ___ آگ سلگنا ___ آگ کا دریا ___
آگ کھلانا ___ آگ کاڑنا ___ آگ پر لٹانا ___ آگ پر لوٹنا
___ آگ کا پتلا

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے
آگ اور خس یک جا ہوں تو ممکن نہیں کہ نہ جلے

آگ بن دھواں کہاں
آگ پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے
آگ پھوس کا کیا ساتھ
آگ پھوس میں بیر ہے
آگ جانے لوہار جانے، دھونکنے والے کی بلا جانے
آگ روئی کی کیا دوستی
آگ کا پتلا آگ کردھائے
آگ کا جلا آگ ہی سے اچھا ہوتا ہے
آگ کا نام لینے سے منہ نہیں جلتا
آگ کو آگ مارتی ہے
آگ کھائے گا انگارے ہگے گا
آگ کھائے تو منہ جلے، ادھار کھائے پیٹ
آگ کے آگے سب بھسم ہیں
آگ لگنتا جھونپڑا جو نکلے سو لابھ
آگ لگے پر پانی کہاں
آگ لگے تو بجھے جل سے، جل میں لگے تو بجھے کیسے
آگ لگے تو گھور بنائے
آگ لینے آئی گھر کی مالک بن گئی
آگ لینے بھیجا ہے ابھی لوٹ کر نہیں آئے
آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے
آگ میں مُوت یا مسلمان ہو
آگ نہ اُگل نعل اُگل

آگا: ۱۔ سامنا۔ مُہرا۔ اگاڑی۔ اگواڑی۔ فرنٹ
۲۔ سینہ۔ چھاتی
۳۔ اندامِ نہانی۔ عضوِ مخصوص
۴۔ اگلا حصہ

آگا پیچھا: ۱۔ رو و پشت۔ پشت اور چہرہ
۲۔ کُون و کُس۔ ذکر و مقعد
۳۔ آغاز و انجام۔ ابتدا و انتہا۔ شروع و آخر۔ پیش و پس

آگا باندھنا ___ آگا بھاری ہونا ___ آگا روکنا ___
آگا سنبھالنا ___ آگا مارنا ___ آگا دیکھنا ___ آگا ناگا لینا
___ آگا سوچنا ___ آگا دیکھا نہ پیچھا

آگاہ/آگہ: ۱۔ واقف۔ خبردار۔ باخبر۔ عالم۔ عارف۔ جانُو۔ اہلِ دانش۔ دانندہ
۲۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار

خدا آگاہ ___ حق آگاہ ___ شریعت آگاہ ___ کار آگاہ
___ طریقت آگاہ ___ حقیقت آگاہ ___ رمز آگاہ ___
جہاں آگاہ ___ چمن آگاہ ___ طرب آگاہ ___ معنی آگاہ

آگاہی/آگہی: ۱۔ واقفیت۔ خبرداری۔ عرفان۔ معرفت۔ دانش مندی۔ خرد مندی۔ دانش وری۔ اطلاع۔ علم۔ خبر
۲۔ ہوشیاری۔ ہوش مندی۔ تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری۔ ہوش داری

آگے: ۱۔ سامنے۔ مقابل۔ روبرو۔ اَگم۔ آگامی۔ رویما
۲۔ جیتے جی۔ فی الحیات
۳۔ بعد۔ بعد ازیں۔ پس ازیں۔ آئندہ۔ اس کے بعد
۴۔ بُعد۔ فرق۔ فاصلہ
۵۔ زیادہ۔ مزید۔ باقی
۶۔ در کنار۔ در بغل۔ در آغوش
۷۔ بڑھ کر۔ دور
۸۔ پھر۔ اور۔ تب۔ دوبارہ
۹۔ دوسرا۔ دیگر۔ ثانی
۱۰۔ علاوہ۔ سوا۔ علاوہ ازیں۔ مزید براں
۱۱۔ پہلے۔ پیش تر۔ قبل ازیں
۱۲۔ پاس۔ قریب۔ نزدیک
۱۳۔ ہیٹی میں۔ ماتحتی میں۔ حضوری میں
۱۴۔ دانست میں۔ نظر میں۔ خیال میں

آگے آگے: ۱۔ آئندہ
۲۔ قبل۔ پیش تر
۳۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ
۴۔ پیشا پیش۔ بہت آگے

آگے پیچھے: ۱۔ یکے بعد دیگرے۔ پے در پے
۲۔ ایک قطار میں
۳۔ غیبت میں۔ بعد میں
۴۔ دیر سویر۔ زود یا بدیر
۵۔ حاضر و غائب
۶۔ ادھر اُدھر
۷۔ بے ترتیب۔ پراگندہ۔ ابتر۔ بے قاعدہ۔ الٹ پلٹ

آگے سوچنا ـــ آگے بڑھنا ـــ آگے بتانا ـــ آگے نکلنا
ـــ آگے بونا ـــ آگے چل کر ـــ آگے آنا ـــ
آگے چلنا ـــ آگے ہونا ـــ آگے جانا ـــ آگے لگانا ـــ
آگے دھرنا ـــ آگے دینا ـــ آگے ڈال دینا ـــ آگے رہنا
ـــ آگے کا اٹھنا ـــ آگے کا بچا ہوا ـــ آگے آنا ـــ
آگے بلانا ـــ آگے کرنا

آگے آگرہ پیچھے لاہور
آگے آگے گرو، پیچھے پیچھے چیلا
آگے پڑے کو شیر بھی نہیں کھاتا
آگے پگ رکھے پت بڑھے، پیچھے پگ رکھے پت جائے
آگے پیچھے سب چل بسیں گے
آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں، پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں
آگے چلتے ہیں، پیچھے کی خبر نہیں
آگے دوڑ پیچھے چھوڑ
آگے کنواں پیچھے کھائی
آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا
سب سے بھلا کمہار کا گدھا
آگے ناتھ نہ پیچھے پات

آگیا: ۱۔ حکم۔ فرمان۔ امر
۲۔ ہدایت۔ ارشاد
۳۔ اجازت۔ اذن۔ رخصت۔ رضا
۴۔ طلب۔ مانگ۔ مطالبہ
۵۔ اختیار
۶۔ فیصلہ

آگیں: ۱۔ بھرا پُرا۔ پُر۔ معمور
۲۔ آلودہ۔ ملوث۔ لت پت
۳۔ بھراؤ۔ بھرتی
۴۔ مالامال
۵۔ فربہ۔ موٹا تازہ

آل: ۱۔ خاندان۔ کنبہ۔ جنس۔ دنش۔ نسل
۲۔ قرابت دار۔ اقربا۔ اعزہ

آل اولاد: بیٹی بیٹا۔ اسباط و اخلاف۔ ابنا و بنات
آل و اطفال: بال بچے۔ اسباط و اخلاف۔ ابنا و بنات

آل تمغا: ۱۔ مہر۔ مہر شاہی۔ فرمان شاہی
۲۔ سند جاگیر۔ سند معافی لگان

آلا: ۱۔ محراب۔ طاق۔ طاقچہ۔ دواکھا
۲۔ کچا زخم۔ ہرا زخم
۳۔ گیلا۔ سیلا۔ تر۔ نمناک۔ مرطوب
۴۔ گھونسلا۔ آشیانہ۔ نشیمن

آلاپ: سرود۔ راگ۔ نغمہ۔ آہنگ۔ تان۔ سُر

آلات: آلے۔ اوزار۔ ذرائع۔ وسائل

آلاتِ حرب : اسلحۂ جنگ ۔ سامانِ جنگ ۔ ہتھیار ۔ گولا بارود

آلارسی : ۱۔ بے پروا ۔ بے فکر ۔ لاابالی
۲۔ بے پرواہی ۔ بے فکری ۔ لاابالی پن
۳۔ سستی ۔ کاہلی ۔ تن آسانی ۔ سہل انگاری

آلام : مصائب ۔ تکالیف ۔ محن ۔ آفات

آلائش / آلایش : ۱۔ آلودگی ۔ لوث ۔ عیب ۔ میل کچیل
۲۔ میل ۔ غلاظت ۔ گندگی
۳۔ گندہ مواد ۔ پھوڑے کی پیپ ۔ لہو ۔ ریم

آلت : ۱۔ آلہ ۔ اوزار ۔ ہتھیار
۲۔ آلۂ تناسل ۔ عضوِ تناسل ۔ عضوِ مخصوص ۔ ذکر ۔ لنگ

آلتی پالتی : چار زانو

آلسی : سست ۔ کاہل ۔ تن آسان ۔ سہل انگار ۔ سہل پسند ۔ احدی ۔ دھیما ۔ ٹھا

| آلسی سدا روگی

آلکس : سستی ۔ کاہلی ۔ آرام طلبی ۔ تن آسانی ۔ سہل انگاری

آلکسی : ۱۔ سستی ۔ کاہلی ۔ آرام طلبی ۔ تن آسانی ۔ سہل انگاری ۔ سہل پسندی
۲۔ سست ۔ کاہل ۔ آرام طلب ۔ تن آسان ۔ سہل انگار ۔ سہل پسند ۔ احدی

آلکسیا : سست ۔ کاہل ۔ آرام طلب ۔ تن آسان ۔ سہل انگار ۔ سہل پسند ۔ احدی ۔ مجہول

آلو : کالنج ۔ کورج ۔ نیشو

آلودگی : ۱۔ آلائش ۔ لوث ۔ گندگی ۔ غلاظت ۔ نجاست ۔ پلیدی
۲۔ گرفتاری ۔ بکھیڑا ۔ الجھن
۳۔ گناہ ۔ خطا ۔ پاپ

آلودہ : ۱۔ ملوث ۔ لت پت ۔ لتھڑا ہوا ۔ آغشتہ ۔ تر
۲۔ ناپاک ۔ نجس ۔ پلید
۳۔ گناہ گار ۔ خطا کار ۔ خاطی ۔ عاصی ۔ پاپی

آلودہ دامن : گناہ گار ۔ خطا کار ۔ خاطی ۔ عاصی ۔ پاپی ۔ فاسق ۔ فاجر
آلودۂ دنیا : گرفتارِ دنیا ۔ دنیا دار ۔ آلودۂ معصیت ۔ آلودۂ گناہ

آلہ : ۱۔ اوزار ۔ ہتھیار
۲۔ واسطہ ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ

آلۂ تناسل : آلت ۔ عضوِ تناسل ۔ عضوِ مخصوص ۔ ذکر ۔ لنگ
آلۂ کار : واسطہ ۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔ کارکن ۔ گماشتہ ۔ نائب

آم : انب ۔ انبہ ۔ انبی ۔ امب ۔ امبہ ۔ نغزک ۔ امر ۔ امرہ ۔ مینگو ۔ منوتسر سداکار ۔ ماکند ۔ کام بلو ۔ ایخ

آم لگانا — آم تراشنا — آم ٹپکنا — آم چوسنا — آم کی پال — آم ہلانا — آم ہونا — آم نچوڑنا — آم کاٹنا — آم گرانا

| آم بو تو آم کھاؤ ، املی بو تو املی کھاؤ
| آم پھلے نیو چلے ، ارنڈ پھلے اترائے
| آم ٹپکا پانی ڈبکا
| آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے
| آم کھائے پال کا ، خربوزہ کھائے ڈال کا ۔ پانی پیئے تال کا

آم کے آم گٹھلیوں کے دام

آماج: نشانہ۔ ہدف۔ چاندماری

آمادگی: ۱۔ رضامندی۔ رغبت
۲۔ مستعدی۔ تیاری۔ شوق۔ اشتیاق
۳۔ میلان۔ رجحان۔ جھکاؤ

آمادہ: ۱۔ تیار۔ مستعد۔ کمربستہ
۲۔ رضامند۔ راضی۔ راغب۔ مائل

آماس: سوجن۔ ورم۔ سوزش

آمد: ۱۔ تشریف آوری۔ ورود۔ مقدم۔ رونق افروزی
۲۔ آثار آمد۔ خبر آمد
۳۔ آمدنی۔ یافت۔ حاصل۔ محاصل
۴۔ بالائی آمدنی۔ رشوت
۵۔ بے ساختہ خیالات۔ بے ساختگی
۶۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ توفیر

آمد آمد: خبر آمد۔ خبر ورود۔ چرچا۔ دھوم
آمد برآمد کے دن: زمانۂ تبدیلِ موسم۔ رُت بدلی
آمد والا: امیر۔ متمول۔ دولت مند۔ صاحب ثروت

آمد و رفت: آت جات۔ آنا جانا۔ آرجار۔ اُدھر جا اِدھر۔ آرا جاری۔ آوا جاوی۔ ٹریفک
۲۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ رسم و راہ۔ ربط ضبط

آمدِ بہار — آمدِ یار — آمدِ خط

آمدنی: یافت۔ حاصل۔ فائدہ۔ نفع۔ کمائی

آمدنی کے سر سرا ہے

آمر: ۱۔ حاکم۔ حکمراں۔ فرماں روا
۲۔ مطلق العنان۔ خود رائے۔ ڈکٹیٹر

آمرزش: معافی۔ مغفرت۔ بخشش۔ آمرزگاری

آمرزگار: غافر۔ غفار۔ غفور۔ بخشندہ۔ ستار

آمرزگاری: غفاری۔ مغفرت۔ بخشش۔ معافی۔ ستاری

آمریت: ۱۔ حکمرانی۔ فرماں روائی۔ حاکمیت
۲۔ مطلق العنانی۔ کلی اختیار و اقتدار۔ خود رائی۔ ڈکٹیٹرشپ

آملہ: آنولہ۔ دھاتری پھل۔ امرت پھل۔ آملک۔ سری پھل۔ شوم۔ املج

آمنا سامنا: ۱۔ مقابلہ۔ مواجہہ۔ مٹھ بھیڑ۔ روبرو۔ مقابل۔ سامنے
۲۔ مخالفت۔ نزاع۔ جھگڑا۔ لڑائی

آموختہ: خواندہ۔ پڑھا ہوا۔ پچھلا سبق

آموزش: پڑھائی۔ سکھائی۔ تعلیم

آموزگار: استاد۔ معلم۔ مدرس۔ گورو

آمیختہ: مخلوط۔ ممزوج۔ ملایا ہوا

آمیزش: ۱۔ ملاوٹ۔ ملونی
۲۔ کھوٹ۔ ملاؤ۔ رلاؤ
۳۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط

آمیزہ : ۱۔ مرکب
۲۔ مباشرت۔ صحبت۔ مجامعت۔ جماع
۳۔ مزاج۔ طبیعت
۴۔ بوڑھا۔ پیر
۵۔ شاعر۔ موزوں طبع

آمین : ۱۔ تائید۔ تائید دعا۔ خدا کرے
۲۔ تقریب ختم قرآن

آمین گو: خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق
آمین گوئی: خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق

آں : اشارہ بعید۔ وہ۔ وے

آں جا: وہاں۔ اُدھر۔ اُس جگہ
آں چہ: جو کچھ
آں حضرت/حضور: مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ آنجناب
آں رو: اس طرف۔ اس جانب۔ اُدھر

آں چہ بر خود نہ پسندی بدیگراں مپسند
آں چہ مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ
آں دفتر را گاؤ خورد
آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک است
آں قدح بشکست و آں ساقی نماند

آن : ۱۔ وقت۔ ساعت۔ گھڑی۔ پل
۲۔ لمحہ۔ لحظہ۔ دفعۃً۔ قلیل۔ تھوڑی دیر۔ دم بھر۔ لحظہ بھر۔ چشم زدن

آن واحد — آن کی آن میں — آن کا مہمان

آن : ۱۔ قسم۔ حلف۔ عہد۔ سوگند
۲۔ رسم۔ رواج۔ چلن
۳۔ ضد۔ ہٹ
۴۔ عادت۔ خصلت
۵۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا
۶۔ خاطر۔ پاس۔ خوشی
۷۔ لاج۔ شرم۔ حیا
۸۔ عزت۔ حرمت۔ آبرو
۹۔ شان۔ بان۔ عظمت۔ وقار۔ دبدبہ۔ ناز و انداز۔ معشوق کی ادا۔ تمکنت۔ حسن۔ چھب۔ وضع۔ ڈھنگ۔ بانکپن

آن تان: ۱۔ ناز۔ تمکنت۔ خود بینی۔ عزۃ
۲۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ
۳۔ آبرو۔ عزت۔ حرمت۔ وقار

آن بان : آب و تاب۔ چمک دمک۔ کر و فر۔ نمود و نمائش۔ ٹھاٹ باٹ۔ تزک و احتشام۔ شان و شوکت۔ عزت و آبرو۔ دھوم دھڑکا

آنا : ۱۔ مجیء۔ آمدن۔ پہنچنا۔ نظر آنا۔ دکھائی دینا۔ واپس آنا۔ پھرنا۔ اندر آنا۔ سمانا۔ گھسنا۔ فروکش ہونا۔ اترنا۔ نمودار ہونا۔ طلوع ہونا۔ پھلنا پھولنا۔ پیدا ہونا۔ آمادہ ہونا۔ راغب ہونا۔ مائل ہونا۔ ٹھن جانا۔ چڑھنا۔ سنائی دینا۔ جچنا۔ اندازے میں آنا۔ شکل میں آنا۔ نازل ہونا۔ نیچے اترنا۔ وارد ہونا۔ برسنا۔ ٹپکنا۔ پڑنا۔ گرنا۔ نقش ہونا۔ چھپنا۔ ملنا۔ حاصل ہونا۔ شمار ہونا
۲۔ چھالے پڑنا۔ دکھنا
۳۔ چلنا۔ گزرنا۔ منقضی ہونا۔ نکلنا
۴۔ اڑنا۔ جمنا۔ پیچ کرنا
۵۔ چڑھنا۔ امنڈنا۔ امڈنا۔ گھرنا۔ چھانا
۶۔ سُلگنا۔ چلنا۔ بھیگنا
۷۔ سلیقہ ہونا (کسی کام پر) قادر ہونا۔ معلوم ہونا۔ جاننا
۸۔ مبتلا ہونا۔ پھنسنا۔ گرفتار ہونا۔ قرض ہونا
۹۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ پیدا ہونا

آنا جانا: آمد و رفت۔ آمدن و رفتن۔ آر جار۔ ایاب و ذہاب۔ آنہ جا ہر

آناً فاناً: فوراً۔ دراں ساعت۔ اسی وقت۔ اچانک۔ یکایک۔ یک بیک۔ اک دم۔
ناگہاں۔ ناگاہ

آناکانی: ۱۔ ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔ آرے بلے
۲۔ چشم پوشی۔ پہلوتہی۔ گریز
۳۔ حجاب۔ پردہ۔ اجتناب۔ انکار۔ ابا
۴۔ رکھائی

آنت: انتڑی۔ اوجھ۔ بھونڑی۔ آندر۔ معا۔ روده

آنٹ: ۱۔ پیچ۔ بل۔ ژنہ
۲۔ گرہ۔ گانٹھ
۳۔ مخالفت۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔
عناد

آنٹ سانٹ: ۱۔ سازش۔ جوڑ توڑ۔ گٹھ جوڑ
۲۔ صلاح مشورہ
۳۔ طویل و غیر موزوں تقریر
۴۔ گول مول بات

آنچ: ۱۔ گرمی۔ حرارت۔ حدت۔ سینک۔ تپش۔ تمازت۔ تپن۔ دھندل۔
دندک۔ لو
۲۔ شعلہ۔ لوکا۔ لپٹ
۳۔ ممتا۔ مادری محبت۔ جوشِ محبت
۴۔ صدمہ۔ چوٹ۔ ضرب
۵۔ نقصان۔ ضرر۔ مضرت۔ گزند۔ زیاں
۶۔ آب داری۔ جوہر داری
۷۔ دھار۔ باڑھ
۸۔ آب و تاب۔ چمک دمک۔ روشنی
۹۔ خواہش۔ شہوت۔ مستی۔ جوشش
۱۰۔ مصیبت۔ صعوبت۔ آفت۔ بپتا
۱۱۔ بھوک۔ گرسنگی۔ فاقہ۔ جوع
۱۲۔ لوبھ۔ لالچ۔ طمع۔ حرص۔ آز
۱۳۔ الزام۔ اتہام۔ تہمت۔ بہتان
۱۴۔ ایذا۔ تکلیف
۱۵۔ بات۔ حرف

آنچ لگنا — آنچ دکھانا — آنچ دینا — آنچ کھانا —
آنچ آنا — آنچ پہنچانا

آنچل: ۱۔ پلو۔ کور۔ کنارہ۔ پلہ۔ دامن
۲۔ گھونگٹ۔ آنجر۔ انچل
۳۔ پستان۔ چھاتی۔ چوچی

آنچل پکڑنا — آنچل پھاڑنا — آنچل دبانا —
آنچل کترنا — آنچل سرکانا — آنچل لینا —
آنچل ڈالنا — آنچل اٹھانا

آندھی: ۱۔ صرصر۔ جھنبری۔ اندھیاؤ۔ تندباد۔ بیلے۔ انیری۔ طوفانِ باد۔ تیز ہوا۔
جھکڑ
۲۔ چالاک۔ مستعد۔ چست۔ نہایت تیز

آندھی روگ: ۱۔ آفت۔ مصیبت۔ بپتا
۲۔ ماندگی۔ تکان۔ تھکاوٹ
آندھی کا کوا: پریشان حال۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ خراب و خستہ
آندھی کے آم: ۱۔ سستا۔ ارزاں۔ کم قیمت
۲۔ چند روزہ۔ کوتاہ عمر

آندھی کی طرح اٹھنا — آندھی کی طرح چڑھنا —
آندھی کی طرح آنا

آندھی آئے بیٹھ جائے، مینہ آئے بھاگ جائے
آندھی آئے یا مینہ، بڑھیا پیٹھ سے نہ رہے
آندھی اور چراغ کا کیا نسبت

آنڈو : ۱۔ نر۔ سانڈ
۲۔ پُرشہوت۔ شہوتی

آنڈ دبیل جی کا جنجال

آنسو : اشک۔ سرشک۔ آبِ چشم۔ بنت العین۔ آبِ دیدہ۔ لٹوہ۔ آبِ گریہ۔ ہنجو۔ انھرو۔ نیر۔ ٹیر۔ آنجھو۔ آشرو۔ دمع۔ نشانِ گریہ۔ ارس

آنسو آنا ــــ آنسو بہانا ــــ آنسو پینا ــــ آنسو توڑ ــــ آنسو جاری ہونا ــــ آنسو ڈالنا ــــ آنسو ڈھلکنا ــــ آنسو کا چھالا ــــ آنسو گرنا ــــ آنسو نکلنا

آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک
آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی

آنکڑا : ۱۔ عدد۔ ہندسہ۔ گنتی
۲۔ ہُک۔ کانٹا۔ قلابہ
۳۔ گرفت۔ قبضہ۔ تسلط

آنکس : ۱۔ انکس۔ کچک۔ آنکڑا۔ آنکش۔ آنکڑی۔ کڑک۔ مقمعہ
۲۔ نگران۔ سرکوب

آنکھ : ۱۔ چشم۔ بصر۔ عین۔ نین۔ دیدہ۔ انکھڑی۔ تیلغ۔ چیم۔ سترگہ۔ آئی۔ لوچن
۲۔ نظر۔ نگاہ۔ بینائی۔ بصارت۔ باصرہ۔ ناظرہ۔ طرف
۳۔ اشارہ۔ ایما۔ غمزہ
۴۔ توجہ۔ التفات
۵۔ امتیاز۔ شناخت۔ پہچان
۶۔ مہارت۔ مشق۔ واقفیت۔ پرکھ۔ بصیرت۔ حق شناسی۔ جانچ۔ شعور
۷۔ اولاد۔ آل۔ بیٹا بیٹی۔ اخلاف۔ اعقاب
۸۔ اندازہ۔ تخمینہ
۹۔ امید۔ توقع۔ آسرا
۱۰۔ پاس۔ لحاظ۔ مروّت۔ محبت
۱۱۔ اکھوا
۱۲۔ آسیب۔ سورت وہمی۔ بھوت۔ پریت

آنکھ کا پردہ : ۱۔ پردہ چشم
۲۔ لحاظ۔ شرم۔ لاج۔ حجاب

آنکھ کا تارا : ۱۔ مردم چشم
۲۔ عزیز۔ پیارا۔ بیٹا۔ نور العین۔ قرۃ العین۔ دلارا۔ آنکھ کی ٹھنڈک۔ لختِ جگر۔ فرزند دل بند۔ جگر گوشہ۔ جان کا ٹکڑا۔ عصائے پیری۔ فا یعل۔ فرزند
۳۔ نور۔ اجالا۔ بینائی

آنکھ کی پتلی : ۱۔ مردمک چشم
۲۔ عزیز۔ پیارا

آنکھ کی ٹھنڈک : ۱۔ قرۃ العین۔ بیٹا۔ نورِ چشم
۲۔ عزیز۔ پیارا۔ محبوب۔ دوست
۳۔ اولاد

آنکھ کی سیل : ۱۔ نمی چشم۔ رطوبتِ چشم۔ آنسو۔ اشک۔ دمع
۲۔ پاس۔ لحاظ۔ مروّت

آنکھ مچولی : لکن میٹی۔ ڈھائی۔ دھائی دھکہ۔ ڈھیا

آنکھ مندی : کنواری لڑکی۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ الہڑ۔ ناسمجھ۔ بھولی

آنکھ آشنا ہونا ــــ آنکھ آنا ــــ آنکھ آشوب کر آنا ــــ آنکھ اٹکنا ــــ آنکھ اٹھا کر تکنا ــــ آنکھ اچٹ جانا ــــ آنکھ اُڑنا یا پھڑکنا ــــ آنکھ الجھنا ــــ آنکھ اونچی کرنا ــــ آنکھ بنانا ــــ آنکھ بچانا ــــ آنکھ بچول ــــ آنکھ بدلنا ــــ آنکھ برابر نہ کرنا ــــ آنکھ بند کرنا ــــ آنکھ بھر آنا

آنکھ بھبوکا ہونا ــــ آنکھ بنا ــــ آنکھ بھوں چڑھانا ــــ
ــــ آنکھ بھوں چلنا ــــ آنکھ بیٹھنا ــــ آنکھ بیمار رہنا
ــــ آنکھ پانا ــــ آنکھ پر چڑھنا ــــ آنکھ پر تنکا رکھنا
ــــ آنکھ پہچاننا ــــ آنکھ پھرنا ــــ آنکھ پھڑکنا ــــ
آنکھ پھسلنا ــــ آنکھ پھوٹنا ــــ آنکھ پھیرنا ــــ
آنکھ تاڑ جانا ــــ آنکھ ٹیڑھی رکھنا ــــ آنکھ رٹنا ــــ
آنکھ جھپکنا ــــ آنکھ چرانا ــــ آنکھ چھپانا ــــ آنکھ دبنا
ــــ آنکھ دکھانا ــــ آنکھ دوڑانا ــــ آنکھ دیکھنا ــــ
آنکھ دینا ــــ آنکھ ڈالنا ــــ آنکھ کی چوبھ جھاڑنا ــــ
آنکھ سے خون بہنا ــــ آنکھ سے دور ہونا ــــ آنکھ سے
رینی ٹپکنا ــــ آنکھ سے سلام لینا ــــ آنکھ سے طوفان اٹھنا
ــــ آنکھ سے گرانا ــــ آنکھ سے گنگا بہنا ــــ آنکھ شرمانا
ــــ آنکھ کا پانی بہہ جانا ــــ آنکھ کا پردہ ــــ آنکھ کا تارا
ــــ آنکھ کا تل ــــ آنکھ کا تل سفید ہونا ــــ آنکھ جانا
ــــ آنکھ کا جالا ــــ آنکھ کا جھڑی لگانا ــــ آنکھ کا حجاب
ــــ آنکھ کا غبار ــــ آنکھ کا لحاظ ــــ آنکھ کا سوکھا بوٹی ہونا
ــــ آنکھ کڑی پڑنا ــــ آنکھ کھلنا ــــ آنکھ کھٹکنا ــــ
آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا ــــ آنکھ کے آگے ــــ آنکھ کی بُرائی
بھوں سے ــــ آنکھ کی تیلی پھرنا ــــ آنکھ کی پتلی بنانا ــــ
آنکھ کی حیا ــــ آنکھ کی سفیدی ــــ آنکھ کی سیل ــــ
آنکھ کی گردش ــــ آنکھ کی مروّت ــــ آنکھ گاڑھنا
ــــ آنکھ گلابی ہونا ــــ آنکھ لال کرنا ــــ آنکھ لجانا
ــــ آنکھ لچکانا ــــ آنکھ لگنا ــــ آنکھ لڑانا ــــ
آنکھ مارنا ــــ آنکھ مچولا ــــ آنکھ ملنا ــــ آنکھ مندنا
ــــ آنکھ میچی دھپ ــــ آنکھ موندنا ــــ آنکھ میلی کرنا
ــــ آنکھ میں آنسو لانا ــــ آنکھ میں آنکھ ڈالنا ــــ
آنکھ میں پانی اُتر آنا ــــ آنکھ میں پھلی پڑ جانا ــــ آنکھ میں
جگہ کرنا ــــ آنکھ میں چوبھ آنا ــــ آنکھ میں خار معلوم ہونا
ــــ آنکھ میں ڈورے ہونا ــــ آنکھ میں سرخ ہونا ــــ
آنکھ میں سمانا ــــ آنکھ کی شرم ــــ آنکھ میں کھبنا ــــ
آنکھ میں ٹھہرنا ــــ آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا ــــ

آنکھ ناک سے ڈرنا ــــ آنکھ نکلوانا ــــ آنکھ پڑنا ــــ
آنکھ نہ پسیجنا ــــ آنکھ ٹھہرنا ــــ آنکھ چمکانا ــــ
آنکھ نہ چھپنا ــــ آنکھ نہ کھولنا ــــ آنکھ نہ لگنا ــــ
آنکھ نیچی کرنا ــــ آنکھ والا ــــ آنکھوں ہی آنکھوں میں ــــ
آنکھوں ہی آنکھوں میں پیے جانا ــــ آنکھوں ہی آنکھوں میں
رات کٹنا ــــ آنکھوں ہی آنکھوں میں سحر ہو جانا ــــ
آنکھوں پر بٹھانا ــــ آنکھوں پہ پاؤں رکھنا ــــ آنکھوں پر
پٹی بندھنا ــــ آنکھوں پر پردے پڑنا ــــ آنکھوں پر ٹھیکری
رکھ لینا ــــ آنکھوں پر جگہ دینا ــــ آنکھوں پر جگہ ملنا ــــ
آنکھوں پر جسپان پڑنا ــــ آنکھوں پر چربی چھانا ــــ
آنکھوں پر چڑھنا ــــ آنکھوں پر رکھنا ــــ آنکھوں پر رہنا ــــ
آنکھوں پر رومال ہونا ــــ آنکھوں پر زور دینا ــــ آنکھوں پر
غبار چھانا ــــ آنکھوں پر قدم رکھنا ــــ آنکھوں پر ہاتھ
رکھ لینا ــــ آنکھوں تلے ــــ آنکھوں تلے اندھیرا آنا ــــ
آنکھوں تلے پھرنا ــــ آنکھوں تلے لہو اترنا ــــ آنکھوں خاک
ــــ آنکھوں دیکھی ــــ آنکھوں سے آنکھیں بندھنا ــــ
آنکھوں سے آنسو برسنا ــــ آنکھوں سے اترنا ــــ
آنکھوں سے اٹھانا ــــ آنکھوں سے باراں برسنا ــــ
آنکھوں سے بجا لانا ــــ آنکھوں سے بلانا ــــ آنکھوں سے
بلائیں لینا ــــ آنکھوں پہ پٹی باندھنا ــــ آنکھوں سے
پھول اٹھانا ــــ آنکھوں سے تلوے سہلانا ــــ آنکھوں
سے ٹکر ٹکر دیکھنا ــــ آنکھوں سے جان نکلنا ــــ آنکھوں میں
چربی اُترنا ــــ آنکھوں سے چپنا ــــ آنکھوں سے چن کے
اٹھانا ــــ آنکھوں سے چنگاریاں اُڑنا ــــ آنکھوں سے
حجاب اٹھنا ــــ آنکھوں سے خون برسنا ــــ آنکھوں
سے دریا بہنا ــــ آنکھوں سے دور ہونا ــــ آنکھوں سے
دیکھنا ــــ آنکھوں سے دم نکلنا ــــ آنکھوں سے سُوجھنا ــــ
آنکھوں سے شعلے اٹھنا ــــ آنکھوں سے عزیز رکھنا ــــ
آنکھوں سے قبول ہونا ــــ آنکھوں سے قدم لگانا ــــ
آنکھوں سے لگانا ــــ آنکھوں سے مس کرنا ــــ آنکھوں سے
مجبور ــــ آنکھوں سے ملنا ــــ آنکھوں [illegible] ڈھلنا

—— آنکھوں سے نیند اُڑنا —— آنکھوں سے ہاتھ دھونا ——
آنکھوں کا برسنا —— آنکھوں کا تیل نکالنا —— آنکھوں
کا جادو —— آنکھوں کا جھکا —— آنکھوں کا چلنا ——
آنکھوں کا ڈھیٹ —— آنکھوں کا رونا —— آنکھوں کا
لہو رونا —— آنکھوں کا لہو ہو جانا —— آنکھوں کا ناسور ہو جانا
—— آنکھوں کا نور —— آنکھوں کا نور کھو جانا ——
آنکھوں کو انتظار ہونا —— آنکھوں کو چکا چوند سی آنا ——
آنکھوں کو روگ ہونا —— آنکھوں کے آگے آگے آئے ——
آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا —— آنکھوں کے آگے
جہان تاریک ہونا —— آنکھوں کے آگے چاندنا ہو جانا ——
آنکھوں کے آگے سے ٹپ ہو جانا —— آنکھوں کے اندھے
—— آنکھوں کے بل —— آنکھوں کی بینائی ——
آنکھوں کی پُتلی —— آنکھوں کے پردے —— آنکھوں
کے حلقے —— آنکھوں کے پل پھر —— آنکھوں کی دوا کرو
—— آنکھوں کے ڈورے —— آنکھوں کے ڈھیلے ——
—— آنکھوں کے روبرو —— آنکھوں کی سفیدی ——
آنکھوں کی سوئیاں —— آنکھوں کی سیاہی —— آنکھوں
کی صفائی —— آنکھوں کی قسم —— آنکھوں کے گڑھے
—— آنکھوں کے ناخن لینا —— آنکھوں میں اشارے
ہونا —— آنکھوں میں اعجاز ہونا —— آنکھوں میں اشارے
ہونا —— آنکھوں میں اندھیرا —— آنکھوں میں بجلی سی
چمک جانا —— آنکھوں میں بستا —— آنکھوں میں بہار
پھولنا —— آنکھوں میں بیٹھنا —— آنکھوں میں پالنا
—— آنکھوں میں پھر جانا —— آنکھوں میں پھیکا لگنا ——
آنکھوں میں پی جانا —— آنکھوں میں تاڑ جانا —— آنکھوں
میں ترمرے پڑنا —— آنکھوں میں تصور بندھنا ——
آنکھوں میں تصویر پھرنا —— آنکھوں میں تکلے چبھونا ——
آنکھوں میں تل بچھنا —— آنکھوں میں تُلنا —— آنکھوں میں
تیل لگانا —— آنکھوں میں تیور آنا —— آنکھوں میں ٹھنڈک
پڑنا —— آنکھوں میں ٹھہرنا —— آنکھوں میں ٹیسو پھولنا
—— آنکھوں میں جادو بھرا ہونا —— آنکھوں میں جان آنا

—— آنکھوں میں جان اٹکنا —— آنکھوں میں جان ہونا ——
آنکھوں میں جچنا —— آنکھوں میں جگہ پانا —— آنکھوں میں
جی کھنچ آنا —— آنکھوں میں چبھنا —— آنکھوں میں چربی چھانا
—— آنکھوں میں چکا چوند ہونا —— آنکھوں میں چلے آنا ——
آنکھوں میں چھانا —— آنکھوں میں حلقے پڑ جانا —— آنکھوں
میں حقیر ہونا —— آنکھوں میں خار گزرنا —— آنکھوں میں
خاک —— آنکھوں میں خاک ڈالنا —— آنکھوں میں خمار ہونا
—— آنکھوں میں خواب آنا —— آنکھوں میں خیال پھرنا ——
آنکھوں میں دل لبھانا —— آنکھوں میں دم آنا —— آنکھوں
میں رائے لینا —— آنکھوں میں رکھنا —— آنکھوں میں روشنی
آجانا —— آنکھوں میں رہنا —— آنکھوں میں سبک کرنا
—— آنکھوں میں سرسوں پھولنا —— آنکھوں میں سرمہ دینا
—— آنکھوں میں سماں بندھنا —— آنکھوں میں سوال و
جواب ہونا —— آنکھوں میں سیل ہونا —— آنکھوں میں
طراوت آنا —— آنکھوں میں طوفان بھرے ہونا ——
آنکھوں میں غبار آجانا —— آنکھوں میں کاجل ہو کے پھرنا
—— آنکھوں میں موتی بھرے ہونا —— آنکھوں میں کھائے جانا
—— آنکھوں میں کھبنا —— آنکھوں میں گھر بنانا ——
آنکھوں میں بھالینا —— آنکھوں میں لون مرچ بھرنا ——
آنکھوں میں گھر بنانا —— آنکھوں میں موہنی ہونا ——
آنکھوں میں نشہ چڑھنا —— آنکھوں میں نقشہ پھر جانا ——
آنکھوں میں نم نہ ہونا —— آنکھوں میں نیند بھری ہونا ——
آنکھوں میں ہلکا ہونا —— آنکھیں آسمان پر رہنا ——
آنکھیں اُبلی پڑنا —— آنکھیں اُلٹ جانا —— آنکھیں اُمڈنا
—— آنکھیں اندر دھنس جانا —— آنکھیں اندھی ہونا ——
آنکھیں انگارا بن جانا —— آنکھیں بچھانا —— آنکھیں بدل
جانا —— آنکھیں بگاڑ دینا —— آنکھیں بنانا —— آنکھیں
بند رکھنا —— آنکھیں بند کرنا —— آنکھیں بند ہونا ——
آنکھیں بے نور ہونا —— آنکھیں پانی ہو کر بہہ جانا ——
آنکھیں پاؤں سے ملنا —— آنکھیں پتھرا جانا —— آنکھیں
پٹ پٹا جانا —— آنکھیں پٹر پٹر مارنا —— آنکھیں ٹم ٹم ہو جانا

— آنکھیں پڑنا — آنکھیں پلٹ جانا — آنکھیں
پونچھنا — آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا — آنکھیں پھٹ
جانا — آنکھیں پتھرانا — آنکھیں پھوٹنا — آنکھیں پھیرنا
— آنکھیں ترسنا — آنکھیں توڑن سے رگڑنا —
آنکھیں تلے اوپر ہونا — آنکھیں تلی ہونا — آنکھیں تیوانا
— آنکھیں ٹمٹمانا — آنکھیں ٹوٹ آنا — آنکھیں
ٹھنڈی رہنا — آنکھیں جاتی رہنا — آنکھیں جلنا
— آنکھیں جھپکانا — آنکھیں چار کرنا —
آنکھیں چرانا — آنکھیں چڑھ جانا — آنکھیں چڑھی
ہوئی ہونا — آنکھیں چمکانا — آنکھیں چندھی ہونا —
آنکھیں چھت سے لگ جانا — آنکھیں چھوٹی بڑی ہونا —
آنکھیں پھیر پھیر کے دیکھنا — آنکھیں چھیر کے ملک بھرنا
— آنکھیں خون میں ڈوبنا — آنکھیں در پہ لگی ہونا —
آنکھیں دوچار ہونا — آنکھیں دھو ڈالنا — آنکھیں ڈبڈبار
ہو جانا — آنکھیں ڈبڈبانا — آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا —
آنکھیں ڈھالکنا — آنکھیں ڈھلنا — آنکھیں رو رو کے
سجانا — آنکھیں روشن کرنا — آنکھیں زمین سے
لگ جانا — آنکھیں سر پر ہونا — آنکھیں سینا —
آنکھیں سینکنا — آنکھیں فرش راہ ہونا — آنکھیں
کڑوانا — آنکھیں کور ہو جانا — آنکھیں کھل جانا —
آنکھیں گرم کرنا — آنکھیں گڑ جانا — آنکھیں لال بھبوکا
ہونا — آنکھیں لگانا — آنکھیں مانگنا — آنکھیں ملنا
— آنکھیں ملنا — آنکھیں نکالنا — آنکھیں نیلی پیلی
کرنا — آنکھیں ہونا — آنکھ چرانا — آنکھ چار کرنا
— آنکھ دینا — آنکھ سامنے کرنا — آنکھ سامنے
نہ ہونا — آنکھ سے آنکھ لڑنا — آنکھ کڑی ڈالنا —
آنکھوں میں روشنی آ جانا — آنکھ کڑی رکھنا —
آنکھ رکھنا — آنکھ بچانا — آنکھ پیدا کرنا — آنکھ ہونا
— آنکھ سے اندھا ہونا — آنکھ سے دیکھ لینا —

آنکھ ہتھیلی بازو بیل

آنکھ ایک نہیں، کجلوٹیاں نو نو
آنکھ پھیری مال یاروں کا
آنکھ پھوٹی پیڑ گئی
آنکھ پھوٹے گی تو کیا بھوں سے دیکھیں گے
آنکھ پھیرے طوطے کی سی، بات کرے مینا کی سی
آنکھ چوپٹ اندھیرے سے نفرت
آنکھ کدو، ناک مدو، سوہنی نام
آنکھ کی بُرائی بھوں کے آگے
آنکھ کے ناک، سوجے کیا خاک
آنکھ لمبائی، دھی ہوئی پرائی
آنکھ مندی اندھیرا پاک
آنکھ میں آنسو نہیں اور کلیجہ دھک دھک
آنکھ میں تھی شرم دل کی تھی نرم
آنکھ میں شرم ہو تو دریا سے بھاری ہے
آنکھ، ناک، مکھ موند کے نام نرنجن لے
بھیتر کے پٹ جب کھلیں، جب باہر کے پٹ دے
آنکھ نہ دیدہ، کاڑھے کشیدہ
آنکھ نہ ناک، بنو چاند سی
آنکھ نہیں جس کی ساکھ نہیں اس کی
آنکھ ہی پھوٹی تو بھوں سے کیا کام
آنکھ پر پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا
آنکھوں دیکھا پھوٹ پڑا، مجھے کانوں سننے دے
آنکھوں دیکھا سو جانا، کانوں سنا نہ مانا
آنکھوں دیکھا مانیئے، کانوں سنا نہ مانیئے
آنکھوں دیکھی جانوں، کانوں سنی نہ مانوں
آنکھوں دیکھے جیتنا اور منہ دیکھے ہیو ہار
آنکھوں دیکھے مکھی نہیں نگلی جاتی
آنکھوں سکھی نام حافظ جی
آنکھوں کا دیکھا دور کر، کسی بھلے مانس کا کہنا کر
آنکھوں کے اندھے نام نین سکھ
آنکھوں کی اوٹ، دل کی کھوٹ

آنکھوں میں شرم نہ ہو تو ڈھیلے اچھے ہیں
آنکھیں ہوئی چار، دل میں آیا پیار
آنکھیں ہوئیں اوٹ
دل میں آیا کھوٹ

آنگن : صحن۔ انگنائی۔ انگنا۔ تمور۔ غولے۔ ویہڑا

آنگی : انگیا۔ چولی۔ سینہ بند۔ محرم

آنند : ۱۔ خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ انبساط
۲۔ راحت۔ آرام۔ سُکھ۔ چین
۳۔ عیش۔ نشاط۔ لذت۔ مزا

آنند بدھاوا : ۱۔ مبارک باد۔ تہنیت
۲۔ شادیانہ۔ نغمہ شادی
آنند منگل : ۱۔ عیش و نشاط۔ رنگ رلیاں
۲۔ آرام و راحت۔ سُکھ چین

آنندی : ۱۔ خوشی۔ مسرت۔ سُکھ چین
۲۔ خوش و خرم۔ سُکھی۔ مسرور

آنندی پرش : خوش مزاج۔ ہنس مُکھ۔ ظریف الطبع

آنولہ : آملہ۔ آملک

آملے کا کھایا، بڑے کا کہا پیچھے مزا آیا

آنی بانی : ہنسی مذاق۔ چھیڑ چھاڑ۔ دِلگی

آنی جانی : بے ثبات۔ فانی۔ گذران۔ زوال پذیر۔ چند روزہ۔ ناپائیدار۔ وناشی۔ بے بنیاد۔ فنا پذیر۔ بے بقا۔ نقش برآب۔ تبسم شرر۔

حباب آسا

آوا : کمہار کی بھٹی۔ اینٹوں کا بھٹا۔ پژاوہ۔ پاجا۔ کمہار کھاک۔ بجٹہ۔ پجاوہ۔ کورۂ انبعی۔ داشش خشت۔ داش

اُدھے کا آوا ہی خراب ہے
اُدھے میں نا نند کھو گئی

آواجائی : آمد و رفت۔ آرجار۔ آنا جانا۔ آراجاری۔ آہر جاہر۔ ٹریفک

آوارجہ : روزنامچہ۔ حساب جمع و خرچ

آوارگی : ۱۔ ابتری۔ پریشانی۔ سرگردانی۔ پراگندگی
۲۔ بدمعاشی۔ شہدپن۔ لچپن۔ بدچلنی۔ بدوضعی۔ اوباشی۔ کوچہ گردی۔ لُچاپن

آوارہ : ۱۔ پریشان۔ سرگرداں۔ پراگندہ۔ واہی تباہی۔ خراب وخستہ
۲۔ اوباش۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ بدوضع۔ لچا۔ شہدا۔ بیہودہ۔ بدکار
۳۔ بے نام و نشان۔ بے وطن۔ غریب الوطن۔ بے ٹھکانہ۔ کوچہ گرد
۴۔ ویران۔ اُجاڑ۔ غیر آباد
۵۔ ظلم۔ ستم۔ بیداد۔ آزار
۶۔ تحقیق۔ یقین

آوارہ گرد : سرگرداں۔ کوچہ گرد۔ بے ٹھکانے۔ بے نام و نشاں۔ بے اصول۔ بے ڈھنگا
آوارہ گردی : کوچہ گردی۔ سرگردانی۔ بےکاری۔ بدچلنی۔ بے اصولی۔ بے راہ روی
آوارہ مزاج : ۱۔ لااُبالی۔ بے پروا
۲۔ بدمعاش۔ لُچا۔ بدوضع۔ بدچلن
آوارہ مزاجی : ۱۔ لاابالی پن۔ بے پروائی

۲۔ بد معاشی ۔ لچپن ۔ بد وضعی ۔ لچاپن ۔ بد چلنی

آوارہ وطن : بے وطن ۔ غریب الوطن ۔ مسافر ۔ آوارہ سر ۔ آوارہ خو

آواز : ۱۔ صدا ۔ بانگ ۔ نوا ۔ ندا ۔ صوت ۔ ہانک ۔ پکار ۔ للکار ۔ آوا ۔ ترک ۔ ہانکا
۲۔ غل ۔ شور ۔ فغاں ۔ فریاد ۔ نالہ
۳۔ کھڑکا ۔ کھٹکا ۔ آہٹ ۔ سرسراہٹ ۔ چاپ ۔ جھنکار
۴۔ نغمہ ۔ گیت ۔ لحن ۔ لہجہ

آواز خواں : پیشہ ور گویا ۔ مغنی ۔ مطرب ۔ خنیاگر

آواز دہندہ : ۱۔ آواز دینے والا ۔ پکارنے والا
۲۔ بولی بولنے والا ۔ نیلام کنندہ ۔ بولی دہندہ

آوازِ صور : ندائے صور ۔ صدائے صور

آوازِ غیب : ندائے غیب ۔ ندائے ہاتف ۔ الہامی آواز

آواز اٹھانا ـــــ آواز اکھڑنا ـــــ آواز بدلنا ـــــ آواز بگانا ـــــ آواز بڑھنا ـــــ آواز بیٹھنا ـــــ آواز بگڑنا ـــــ آواز بکا ـــــ آواز بلند ہونا ـــــ آواز بھاری ہونا ـــــ آواز پھٹنا ـــــ آواز پھولنا ـــــ آواز تھرانا ـــــ آواز کانپنا ـــــ آواز درا ـــــ آواز جکڑ جانا ـــــ آواز دبنا ـــــ آواز ڈوک میں آنا ـــــ آواز سے آواز ملنا ـــــ آواز سے شگون لینا ـــــ آواز کا پاٹ ـــــ آواز پا ـــــ آواز پر کان دھرنا ـــــ آواز ہونا ـــــ آواز کا آتار چڑھاؤ ـــــ آواز کان پڑنا ـــــ آواز کرنا ـــــ آواز کو پردہ دینا ـــــ آواز کھل جانا ـــــ آواز گرجنا ـــــ آواز گریہ ـــــ آواز گوش آشنا ہونا ـــــ آواز گوش زد ہونا ـــــ آواز گونجنا ـــــ آواز لگنا ـــــ آواز ملانا ـــــ آواز میں پنچی لگ جانا ـــــ آواز میں پیچ دینا ـــــ آواز میں چھریاں بھری ہونا ـــــ آواز میں رعشہ ہونا ـــــ آواز میں کھٹکا ہونا ـــــ آواز میں گھنگھرو نے پڑنا ـــــ آواز میں نمک ہونا ـــــ آواز میں لوچ ہونا ـــــ آواز نکالنا

اِ آوازِ سگاں کم نہ کند رزقِ گدارا

آوازہ : ۱۔ شہرت ۔ ناموری ۔ دھوم ۔ شہرہ ۔ غلغلہ
۲۔ غل ۔ شور
۳۔ طعنہ ۔ طعن و تشنیع ۔ نوک جھوک ۔ بول ٹھول
۴۔ ترافا
۵۔ گرز ۔ پاد

آوازے آنا ـــــ آوازے پھینکنا ـــــ آوازے سنانا ـــــ آوازے کسنا ـــــ آوازے کرنا ـــــ آوازہ لگانا

آواگن / آواگون : تناسخ ۔ جون چکر ۔ جیون چکر

آورد : (آمد کی ضد) ۱۔ تکلف ۔ بناوٹ ۔ تصنع
۲۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ پیکار ۔ کارزار

آوردگاہ : رزم گاہ ۔ جنگاہ ۔ میدان جنگ ۔ میدانِ کارزار

آوردہ : طفیلی ۔ متوسل

آویختہ : آویزاں ۔ معلق

آویزاں : معلق ۔ آویختہ

آویزش : ۱۔ لٹک ۔ لٹکاؤ
۲۔ چپقلش ۔ لڑائی ۔ لاگ ڈانٹ ۔ فساد

آویزہ : بندا ۔ بالا ۔ بالی ۔ گوشوارہ

آہ : ہائے وائے۔ افسوس۔ حیف۔ ایلاس

آہ وزاری: ہائے وائے۔ گریہ زاری۔ رونا پیٹنا
آہ وبکا: فــــریاد و نالہ۔ آہ زاری۔ آہ و فغاں۔ واویلا۔ نالہ و شیون۔
گریہ وزاری۔ دہائی
آہ وفغاں: نالہ و فریاد۔ آہ و فریاد

آہِ فلک پیما ــــ آہِ آسماں توسن ــــ آہِ فلک تاز
ــــ آہِ آسماں نورد ــــ آہِ عنبریں ــــ آہِ پُر درد
ــــ آہِ خوں آغشتہ ــــ آہِ گلوگیر ــــ آہِ فلک سیر
ــــ آہِ عرش پیما ــــ آہِ شعلہ ور ــــ آہِ سنبل فشاں
ــــ آہِ دردناک ــــ آہِ بے درنگ ــــ آہِ دل آور
ــــ آہِ شعلہ پیکر ــــ آہِ خارگداز ــــ آہِ آتش
عناں ــــ آہِ جگر تاب ــــ آہِ آتشیں ــــ
آہِ آسماں خرام ــــ آہِ فلک رسا ــــ آہِ طاقت سوز
ــــ آہِ طاقت گداز ــــ آہِ طاقت شکن ــــ
آہِ خونی ــــ آہِ خوں چکاں ــــ آہِ صادق ــــ
آہِ شب خیز ــــ آہِ اوج نورد ــــ آہِ شرارہ بیز
ــــ آہِ آسماں گرد ــــ آہِ بسیار ــــ آہِ جنوں ریز
ــــ آہِ آتش افروز ــــ آہِ افکار ــــ آہِ خطا کردہ
ــــ آہِ بے اثر ــــ آہِ دور سیر ــــ آہِ ہرزہ تاز ــــ
آہِ گرم رو ــــ آہِ خانہ پرداز ــــ آہِ سینہ تاب
ــــ آہِ بلند رایت ــــ آہِ قیمتی ــــ آہِ نفس ربا ــــ
آہِ شمع طراز ــــ آہِ بے جاں ــــ آہِ سینہ پرداز
ــــ آہِ سوزناک ــــ آہِ مجنوں ــــ آہِ وداع ــــ
آہِ بے نابانہ ــــ آہِ باردست ــــ آہِ شدید ــــ
آہِ چاؤش بارگہ ــــ آہِ جعد ــــ آہِ زلف ــــ
آہِ رشتہ ــــ آہِ برق ــــ آہِ تیغ ــــ آہِ تیر
ــــ آہِ تبر ــــ آہِ خدنگ ــــ آہِ ناوک ــــ
آہِ سناں ــــ آہِ کمند ــــ آہِ نخل ــــ آہِ ابر سیاہ
ــــ آہِ علم ــــ آہِ صبحگاہی ــــ آہِ سوزکار ــــ
آہ آہ ــــ آہِ جگر کش ــــ آہِ دزدیدہ ــــ آہِ جگر دوز
ــــ آہِ سینہ چاک ــــ آہِ جنوں آور

آہا : واہ واہ۔ خوب۔ حبذا۔ سبحان اللہ

آہار : ۱۔ نشاستہ۔ لئی۔ مانڈی۔ کلف
۲۔ کھانا۔ غذا۔ خوراک

آہٹ : آواز۔ کھٹکا۔ چاپ۔ صدا

آہرمن : شیطان۔ دیو

آہرن : سندان۔ نہائی

آہستگی : ۱۔ دھیما پن۔ سستی۔ نرمی۔ تحمل
۲۔ سہولت۔ آسانی

آہستہ : ۱۔ دھیما۔ نرم
۲۔ آسان۔ سہل

آہستہ آہستہ: ہولے ہولے۔ دھیرے دھیرے۔ دھیمے دھیمے۔ رفتہ رفتہ۔
سج سج۔ نرمیا

آہک : چونا۔ قلعی۔ سفیدی۔ کلس

آہن : لوہا۔ فولاد۔ اسپات

آہن جان: سخت جان۔ محنتی۔ سخت کوش
آہن دل: سخت دل۔ ظالم۔ بیدادگر۔ سنگدل۔ بے درد
آہن ربا: مقناطیس
آہن گر: لوہار۔ حدّاد

آہن گرگا: حدادی

آہنگ: ۱۔ قصد۔ ارادہ۔ عزم
۲۔ آواز۔ صدا۔ ندا
۳۔ نغمہ۔ گیت۔ سرود۔ زمزمہ۔ لے
۴۔ موزونیٔ ساز و آواز
۵۔ توجہ۔ التفات
۶۔ شتاب۔ تعجیل۔ عجلت۔ جلدی
۷۔ خمیدگیٔ طاق و ایواں
۸۔ کنارۂ حوض و صفحہ
۹۔ قاعدہ۔ قانون۔ آئین۔ دستور
۱۰۔ طرز۔ روش۔ چلن۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طور
۱۱۔ طویلہ۔ شترخانہ۔ اصطبل

آہنی/آہنیں: منسوب بہ آہن۔ سخت۔ مضبوط۔ فولادی

آہنیں جگر: ۱۔ دلیر۔ بہادر۔ دل چلا۔ نڈر
۲۔ سخت جان۔ فولادی۔ محنتی

آہو: ۱۔ ہرن۔ مرگ۔ غزال۔ ظبی۔ ڈیئر۔ آسک۔ سروان۔ چھنک۔ آف۔ آہی۔ تیبا
۲۔ عیب۔ نقص۔ سقم
۳۔ رم۔ رمیدگی۔ بھڑک۔ فرار
۴۔ فریاد۔ فغاں۔ نالہ

آہو چشم: مرگ نین۔ غزالیں چشم
آہو شکار: آہوگیر۔ تیز و سبک رفتار (گھوڑا)
آہوگیر: ۱۔ آہو شکار۔ شکاری
۲۔ عیب گیر۔ عیب چیں۔ نکتہ چیں
آہوئے حرم: ۱۔ مکی ہرن۔ حدودِ حرم کا ہرن
۲۔ معشوق۔ محبوب

آہوئے خاوری: سورج۔ خورشید۔ مہر۔ آفتاب
آہوئے زریں: ۱۔ آفتاب۔ خورشید۔ مہر۔ سورج۔ شمس
۲۔ طلائی صراحی۔ سنہری صراحی
آہوئے سیمیں: ساقیٔ سفید فام۔ حسین و جمیل ساقی
آہوئے شیر افگن: ۱۔ چشمِ محبوب۔ چشمِ معشوق
۲۔ ساقی
آہوئے فلک/چرخ: آفتاب۔ خورشید۔ مہر۔ سورج

آہو نگاہ — آہوئے چرخ — آہوئے فلک — آہو برہ — آہو پرستی — آہوئے زریں — آہوئے شیر افگن — آہوئے نالاں — آہوئے زخم خوردہ — آہوئے شیر مست — بچہ آہو — آہوئے گرم خیز — آہوئے درندہ — آہوئے سبزہ نوزادہ — آہوئے نازاں — آہوئے خوب خرام — آہوئے خوب چشم — آہوئے رمیدہ — آہوئے فربہ — آہوئے زبوں — آہوئے لاغر — آہو سریں

آؤ بھگت: خاطر تواضع۔ خاطر مدارات۔ آدر۔ عزت۔ حرمت۔ قدر و منزلت۔ توقیر۔ احترام۔ تعظیم۔ اکرام

آئے دن: تیسوں دن۔ ہر روز۔ بارہ مہینے۔ مدام۔ سدا۔ ہمیشہ۔ نت۔ آٹھوں پہر

آئین: ۱۔ قانون۔ قاعدہ۔ دستور العمل۔ رسم و رواج۔ لائحہ عمل۔ ضابطہ۔ اصول۔ طریقہ۔ شیوہ
۲۔ زیب و زینت۔ رسم و عادت۔ طرز و روش۔ آرائش۔ رواج۔ زینت۔ رسم۔ چلن

آئین بندی: آرائش شہر۔ آراستگی۔ سجاوٹ۔ تزئین۔ زیب و زینت۔ باقاعدگی
آئین دیوانی: قانون داد رسند۔ قانون [illegible]

آئین فوجداری: قانون جرائم۔ قانون تعزیر
آئین لشکری/عسکری: فوجی قانون۔ قانون نظم لشکر

آئینہ: ۱۔ درپن۔ آرسی۔ مراۃ۔ شیشہ۔ آئنہ۔ آئینہ۔ آزینہ۔ آیینہ۔ آب افسردہ۔ آب بستہ۔ آب خفتہ۔ بجنجل
۲۔ حیران۔ ششدر
۳۔ روشن۔ ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا
۴۔ صاف۔ شفاف۔ اجلا

آئینہ باطن: صاف باطن۔ صاف دل
آئینہ بندی: آرائش در۔ بالشتر، مکان۔ آئینہ نمط۔ صاف شفاف
آئینہ تمثال: خوب رو
آئینہ دار: ۱۔ مظہر۔ غماز
۲۔ نائی۔ حجام۔ مشاطہ
آئینہ رخسار: خوش رو، حسین۔ خوب صورت۔ گورا چٹا
آئینہ رو: خوب رو، حسین۔ جمیل
آئینہ سیما: روشن پیشانی۔ خوب صورت۔ معشوق۔ محبوب

آئینہ بنا دینا ــــ آئینہ بن جانا ــــ آئینہ دکھانا ــــ آئینہ دیکھنا ــــ آئینہ الٹا دکھانا ــــ آئینہ اندھا ہوجانا ــــ آئینہ اندھے کو دکھانا ــــ آئینہ تمثال ــــ آئینہ جڑنا ــــ آئینہ حلب ــــ آئینہ خانہ ــــ آئینہ داری ــــ آئینہ ڈالنا ــــ آئینہ رخ ــــ آئینہ رو ــــ آئینہ رخسار ــــ آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا ــــ آئینہ سفر میں دیکھنا ــــ آئینہ عذار ــــ آئینہ قد آدم ــــ آئینے کا جوہر ــــ آئینے کا گھر ــــ آئینہ گر ــــ آئینے میں بال آجانا ــــ آئینے میں چاند دکھانا ــــ آئینہ چینی ــــ آئینہ محشر ــــ آئینہ صاف ــــ گوہر آئینہ ــــ جوہر آئینہ ــــ آئینہ زنگ خوردہ ــــ آئینہ خاک بسر ــــ آئینہ جمال ــــ آئینہ سیاہ روز ــــ آئینہ صیقلی ــــ آئینہ روشن ــــ آئینہ تاب ناک ــــ آئینہ گرد آلود ــــ آئینہ راست گو ــــ آئینہ دروغ گو ــــ آئینہ بلند نور ــــ آئینہ نورانی ــــ آئینہ صاف باطن ــــ آئینہ ساز ــــ آئینہ زانو ــــ آئینہ عیب نما ــــ آئینہ پیش طوطی ــــ آئینہ کر دینا ــــ آئینہ ہونا

آئینی: دستوری۔ قانونی۔ باضابطہ

آیا: انا۔ دایہ۔ کھلائی۔ ددا۔ معلانی

آیات: ۱۔ علامات۔ نشانیاں
۲۔ فقراتِ قرآنی

آیات متشابہات: کثیر المعنی آیات قرآنی
آیات محکمات: واضح آیات۔ صریح و صاف آیات

آیت: ۱۔ جملۂ قرآن۔ فقرۂ قرآن
۲۔ نشانی۔ علامت۔ حجت ظاہری۔ سمبل

آیندہ: ۱۔ آنے والا
۲۔ آگے
۳۔ پھر کبھی۔ دوبارہ
۴۔ مستقبل۔ فردا۔ آتی

آیہ: آیت۔ نشانی۔ علامت

آیۂ رحمت: ۱۔ نشان رحمت
۲۔ بہت رحمدل۔ رحمتِ مجسم۔ نمونہ رحمتِ خداوندی

ا

اَب : (عربی) والد ۔ باپ ۔ پدر ۔ پِتا ۔ بادا ۔ بابا ۔ بابل ۔ اَبّا ۔ ابّو ۔ پیو ۔ ڈیڈی
پاپا ۔ باپو ۔ قعید ۔ جد

اب وجد: باپ دادا ۔ اسلاف ۔ بزرگ ۔ بزرگان سلف ۔ مورثانِ اعلیٰ ۔
پیو دادے

اَب : ۱۔ اس وقت ۔ اس گھڑی ۔ فی الوقت ۔ فی الحال ۔ فی زمانہ ۔
ان دنوں ۔ آجکل ۔ اکنوں ۔ ہمیدوں ۔ اینک ۔ بَن ۔ بالفعل ۔ حال ۔
الحال

۲۔ اسی دم ۔ اسی وقت ۔ فوراً ۔ فی الفور ۔ جھٹ پٹ ۔ ابھی
۳۔ آئندہ ۔ آگے ۔ پھر ۔ پھر کبھی ۔ دوبارہ
۴۔ اس سے زیادہ ۔ سوا ۔ اس حالت میں

اب جب میں: آن کی آن میں ۔ کوئی دن میں ۔ امروز و فردا میں

اب تب: حیلہ حوالہ ۔ ٹال مٹول ۔ لیت و لعل ۔ امروز و فردا

اب کے سال ـــ اب اب کر کے ـــ اب بھی ـــ
اب تک ـــ اب کا ـــ اب آؤ ـــ اب دیکھو
اب کے برس ، اب نہ آنا ـــ اب غم کی تاب نہیں
ـــ اب نہ سن سکوں گا ـــ اب بھی کچھ کہنا ہے ؟
ـــ اب تو اس سے باز آجاؤ

اب بھی میرا مردہ تیرے زندہ پر بھاری ہے
اب پچھتائے کیا ہووت ، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت
اب تک پڑے ہینگ لگ رہے ہیں
اب تو پتھر کے نیچے ہاتھ دبا ہے
اب تو روپے کی ذات ہے
اب تو ہوں میں اُونی اُدنی ، جب ہوں گی سب سے دُونی
اب ستونتی ہو کر بیٹھی لوٹ کر سنسار
اب سے آئے گھر سے آئے
اب کوئی دم میں مرنا باجے گی
اب کی اب کے ساتھ ، جب کی جب کے ساتھ
اب کی میاں کی نرالی باتیں
اب کے ماہے ہم نہ بیاہے ، پھٹ پڑو وہ سلبے
اب کے مرے تیرے ہو راجا
اب کے وار میں بیڑا پار ہے

اَبّا : باپ ۔ پدر ۔ والد ۔ بادا ۔ بابا ۔ پِتا ۔ اب ۔ ابّو ۔ بابل ۔ پیو ۔ بابو ۔ ڈیڈی
پاپا ۔ قعید ۔ جد

اِبا : ۱۔ انکار ۔ اختلاف ۔ نافرمانی ۔ عدولِ حکم ۔ حکم عدولی
۲۔ نفرت ۔ پرہیز ۔ اجتناب ۔ احتراز ۔ استکراہ ۔ کراہت ۔ کراہیت

اِباحت : اجازت ۔ جواز ۔ حلّت ۔ عدم ممانعت

اُباس: بو۔ بدبو۔ سڑاند۔ تعفن۔ عفونت

اُباسی: بدبودار۔ سڑا ہوا۔ متعفن۔ عفونت زدہ۔ سڑیلا

اُبال: ۱۔ جوشش۔ پھدپھداہٹ۔ پھبک
۲۔ غصہ۔ غضب۔ تیہا۔ غیظ۔ خشم
۳۔ کف۔ پھین۔ جھاگ۔ پھبک

ابتداء: ۱۔ آغاز۔ شروع۔ بدو۔ آد۔ پہل۔ بدایت۔ عنفوان۔ اوّل
۲۔ اصلیت
۳۔ نکاس۔ سرچشمہ۔ منبع۔ سرا
۴۔ طفولیت۔ بچپن۔ صبیت۔ بالپن

ابتدا ابتدا میں ــــ ابتدا بگڑنا ــــ ابتدا کرنا ــــ ابتدا پڑنا ــــ ابتدا ہونا
ــــ ابتدا سے انتہا تک

اِبتداع: اختراع۔ ابداع۔ ایجاد۔ بدعت۔ جدت۔ اپج

ابتدائی: ۱۔ پہلا۔ شروع کا۔ آدی۔ نخستین۔ اولین۔ پرائمری
۲۔ سرسری
۳۔ اصلی۔ قدیم
۴۔ بنیادی۔ اساسی
۵۔ تمہیدی۔ تعارفی
۶۔ تحتانی۔ ماتحت۔ زیریں

ابتدائی تعلیم: تحتانی تعلیم۔ زیریں تعلیم۔ شروع کی تعلیم۔ پرائمری تعلیم
ابتدائی رسوم: ۱۔ پہلا سرکاری حق
۲۔ پہلا محنتانہ
۳۔ حقِ زمینداری
۴۔ شکرانہ۔ نذرانہ
۵۔ تمہیدی رسوم۔ رسومِ آغاز

ابتدائی عدالت: پہلی عدالت۔ ماتحت عدالت۔ تحتانی عدالت۔ زیریں عدالت
ابتدائی مدارس: تحتانی مدارس۔ زیریں مدارس۔ پرائمری سکولز

اِبتذال: ۱۔ بے اعتباری۔ بے قدری۔ بے وقعتی
۲۔ فضول خرچی۔ اسراف
۳۔ پستی۔ ذلت۔ سبکی۔ خفت۔ ہلکا پن۔ ذلیل ہونا
۴۔ سخافت۔ سوقیت۔ بازاری پن۔ کم عیاری۔ گھٹیا پن۔ سوقیانہ پن

اَبتر: ۱۔ دم کٹا۔ لنڈورا۔ ٹُنڈ مُنڈ۔ لانڈا
۲۔ بے اولاد۔ لاولد۔ اُوت۔ اوتا
۳۔ بدحال۔ پریشان حال۔ درماندہ۔ بے چارہ
۴۔ تتر بتر۔ منتشر۔ پراگندہ۔ پریشان
۵۔ خراب وخستہ۔ ناقص۔ خراب
۶۔ بدچلن۔ آوارہ۔ بدمعاش۔ بدقماش۔ لفنگا۔ لچا۔ شہدا۔
بدکردار۔ بداعمال۔ بدتر۔ بُرا

اَبتری: ۱۔ بدحالی۔ پراگندگی۔ بربادی۔ تباہی۔ خرابی۔ برہمی
۲۔ انتشار۔ خلفشار۔ بے ترتیبی۔ افراتفری۔ گڑبڑ۔ فتور
۳۔ سراسیمگی۔ حیرانی۔ سرگردانی۔ ہلچل۔ آشفتگی

اِبتسام: ۱۔ مسکراہٹ۔ مسکان۔ تبسم۔ شگفتگی
۲۔ خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ فرحت۔ شادمانی۔ شادکامی۔ خرمی۔
خوش دلی۔ اہتزاز

اِبتغا: ۱۔ طلب۔ خواہش۔ چاہت۔ آرزو
۲۔ تلاش۔ جستجو

اِبتلاء: ۱۔ آزمائش۔ جانچ۔ پرکھ۔ امتحان۔ پریکشا
۲۔ مصیبت۔ تکلیف۔ شامت۔ بپتا۔ عذاب۔ دکھ

اِبتہاج: خوشی۔ مسرت۔ طرب۔ نشاط۔ انبساط۔ آنند۔ بہجت۔ شادی۔

شادمانی۔ خوشی۔ خورسندی۔ اہتزاز

اَبجد: ۱۔ حروفِ تہجی۔ حروفِ ہجا
۲۔ مبادیاتِ علم و فن۔ ابتدائی باتیں۔ ابتدائی امور۔ الف بے

ابجد خواں: مبتدی۔ نوآموز۔ سیکھنے والا۔ اہلِ مکتب۔ طفلِ مکتب۔ طفلِ دبستاں

ابحار: بحور۔ دریا۔ سمندر

اَبخرہ: بخارات۔ دھوئیں۔ بھاپیں۔ بھپکا۔ بھپارا

اَبخل: مہاکنجوس۔ کنجوس مکھی چوس۔ بیچڑ۔ خسیس

اَبد: ۱۔ ہمیشگی۔ دوام۔ زمانِ بے پایاں۔ جاوداں۔ جو ہمیشہ رہنے والا ہو۔ لافانی۔ ہرگزی۔ سدا۔ ہمیشگی۔ ہمیشہ باقی۔ ہمیشہ بود۔ ہمیشہ ہست۔ سناتن۔ یکسوں۔ یکساں۔ سدا۔ ہمیشہ
۲۔ روزِ قیامت۔ روزِ محشر۔ عاقبت

ابدالآباد: ہمیشگی۔ دوام۔ ثبات

ابدا: ہمیشہ۔ سدا۔ نت

ابداء: ایجاد۔ اختراع۔ آفرینش۔ نمود

ابداع: اختراع۔ ایجاد۔ ابتداع۔ بدعت۔ جدت

ابدال: گروہِ اولیاء۔ بزرگانِ دین

ابدان: جسم۔ بدن

اَبدھ: بےعقل۔ بےسمجھ۔ نافہم۔ نادان۔ بےوقوف۔ مورکھ

اَبدی: دائمی۔ دوامی۔ سدامی۔ سرمدی۔ جاودانی۔ غیر منتہی۔ لامتناہی۔ لاانتہا۔ لم یزلی

ابدی زندگی۔ ابدی نیند۔ ابدی مسرت

اَبدیت: دوام۔ ہمیشگی۔ بےانتہائی۔ بےپایانیِ زمانہ

اَبر: ۱۔ بادل۔ بدلی۔ گھٹا۔ سحاب۔ غمام۔ میگھ۔ گھن۔ امبر
۲۔ جوہرِ شمشیر
۳۔ مرد۔ آدمی۔ ذکر۔ مذکر
۴۔ آلۂ تناسل۔ عضوِ تناسل۔ ذکر۔ لنگ
۵۔ گود۔ کنار۔ آغوش۔ بغل

ابرِ باراں: ابرِ تر۔ ابرِ مطیر
ابرِ تر: ابرِ مطیر۔ ابرِ باراں
ابرِ تنک: ہلکا بادل۔ بےپانی بادل
ابرِ تیرہ: ابرِ غلیظ۔ ابرِ سیاہ۔ کالی گھٹا۔ گھنگھور گھٹا۔ گہرا بادل۔ گھنا بادل۔ گھٹاٹوپ
ابرِ تیغ: جوہرِ شمشیر۔ زنگاری خطوطِ شمشیر
ابرِ غلیظ: ابرِ سیاہ۔ ابرِ تیرہ۔ کالی گھٹا۔ گھنگھور گھٹا۔ گہرا بادل۔ گھنا بادل۔ اودی گھٹا
ابرِ مردہ: اسفنج۔ اسپنج
ابرِ نیساں: ابرِ بہار۔ ابرِ دُربار۔ ابرِ گہربار۔ ابرِ گہرآفریں
ابر و باد: بادل اور ہوا۔ مینہ اور آندھی۔ باد و باراں

ابرِ دُرچکاں — ابرِ لجہ بار — ابرِ بارندہ — ابرِ دریابار — ابرِ تماجگر — ابرِ بلند — ابرِ مشکیں پرند — ابرِ سیاہ — ابرِ کافور بار — ابرِ سیلاب ریز — ابرِ پرباں — ابرِ دُرفشاں — ابرِ زنخت — ابرِ شند

ابرِ آذری — ابرِ نوروزی — ابرِ سیل ریز — ابرِ تند۔
ابرِ نیساں — ابرِ مایہ دار — ابرِ سایہ دار — ابرِ پُر آب
— ابرِ پُر شور — ابرِ بہاری — ابرِ سیہ مست
ابرِ باراں دار — ابرِ آبپاش — ابرِ حیراں کن — ابر
خوں ریز — ابرِ محیط — ابرِ نمک بار — ابرِ شور بخت
— ابرِ غبار فشاں — ابرِ ہوا خواہ — ابرِ پنبہ دہاں
ابرِ قرابہ — ابرِ مسک — ابرِ آبکش — ابرِ کوہ رنگ
— ابرِ بادہ بار — ابرِ تفنگ انداز — ابرِ بارِ رعد
— ابرِ نالاں — ابرِ گریاں — ابرِ غراں —
ابرِ درفشاں — ابرِ نلب زدن — ابرِ شاداب —
ابرِ زمستانی — ابرِ تابستانی — ابرِ بردوت افزا
— ابرِ یمن کار — ابرِ تازہ رو — ابرِ خروشاں —
ابرِ سفید چوں شیر — ابرِ شبرگوں — ابرِ سعادت منظر
— ابرِ گلزار — ابرِ کرم — ابرِ آبِ حیات ریز —
ابرِ لعل کار — ابرِ تر دست — ابرِ تر دامن — ابرِ خانہ
بدوش — ابرِ قطرہ زن — ابرِ شفق رنگ — ابرِ دریا نوال
— ابرِ دامن دار — ابرِ وسیع — ابرِ بیکار —
ابرِ بخیل — ابرِ گلاب بار — ابرِ نکہت ریز

اِبراء : ۱۔ براءت ۔ بیزاری
۲۔ صحت مندی ۔ صحت یابی ۔ صحت وری ۔ افاقہ ۔ تندرستی
۳۔ ادائی ۔ سبکدوشی ۔ بے باقی
۴۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ چھٹکارا
۵۔ پاکیزگی ۔ طہارت ۔ طہور

اَبرار : نیک لوگ ۔ پاک لوگ ۔ پرہیزگار لوگ ۔ اچھے لوگ ۔ اتقیا ۔
اصفیا

اِبرام : ۱۔ رنجیدگی ۔ کبیدگی ۔ دل تنگی
۲۔ التماس ۔ التجا ۔ درخواست ۔ عرض داشت
۳۔ تقاضا ۔ اصرار

۴۔ استواری ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔ پختگی

اَبرَش : سرخ و سفید ۔ گل دار ۔ چتکبرا

اَبرَص : ۱۔ مبروص ۔ کوڑھی ۔ چھلبہری والا
۲۔ چتکبرا ۔ چترا

اَبرَق : ابرک ۔ بھوڈل بھڑ بل ۔ ستارۂ زمین ۔ چمکیلا ۔ چمکدار ۔ مائیکا

ابرق کا کشتہ — ابرق کی ورقیاں — ابرق کا ٹکڑہ —
ابرق سیاہ — ابرق کا بارودہ — ابرق سفید — ابرق کا
سفوف — ابرق سرخ

اَبرن : ابھرن ۔ زیور ۔ گہنا

اَبرَنجن : دست بند ۔ بازو بند ۔ چوڑی ۔ کنگن ۔ کڑا

ابرو : بھوں ۔ نیم ہلال ۔ محرابِ چشم ۔ برمان ۔ بھروٹے ۔ برو ۔ دروزہ

ابرو پر میل نہ آنا — ابرو تاننا — ابرو کمان —
ابرو میں چین آنا — ابرو ہلنا — ابروئے پیوستہ
— ابروئے کماندار — ابروئے کج — محرابِ ابرو
— ابرو تیغ — فراخ ابرو — ابرو کمند — ابروئے
دلکش — ابروئے قاتل — ابروئے عرقناک —
ابروئے خوب طاق — ابروئے ہزار شیوہ — تیغ ابرو
— ابروئے دوتا — شمشیر ابرو — خشمگیں ابرو
— گرفتہ ابرو — جنبشِ ابرو — خم ابرو — رم ابرو
— طاق ابرو — آراستہ ابرو — اشارۂ ابرو —
ابروئے دلنواز — ابروئے تنگ — کشادہ ابرو —
کمان ابرو — ہلال ابرو — سیاہ ابرو — قوسِ ابرو
— چہار ابرو — شوخ ابرو — پیوستہ ابرو —

حسین ابرو — سفید ابرو — زال ابرو — تلخ ابرو
— ترش ابرو — سرمہ ابرو — زرین ابرو

اَبرہ: اوپر کی تہ۔ بالائی تہ۔ بالائی کپڑا۔ استر کی ضد

اَبرَن: ۱۔ زیور۔ گہنا
۲۔ لباس۔ پوشاک
۳۔ آرائش۔ سنگار۔ سنگھار

اَبری: رنگ دار کاغذ۔ گل دار کاغذ۔ چمک دار کاغذ

ابری تلوار: شمشیر جوہردار

ابریشم: ۱۔ ریشم۔ کچا ریشم
۲۔ تار ریشم
۳۔ تار ساز

ابریق: چھاگل۔ صراحی۔ لوٹا۔ آفتابہ

ابڑ دھبڑ: ۱۔ بھدا۔ کھردرا۔ ناہموار
۲۔ بے محل۔ بے موقع۔ غیر موزوں۔ ناموزوں
۳۔ بے سرا۔ بے تال۔ بے تکا

اَبس: ۱۔ بے بس۔ ناچار۔ بے چارہ۔ بے کس۔ کمزور
۲۔ ناکارہ۔ فضول۔ بے کار
۳۔ نافرمان۔ سرکش۔ منہ زور

ابصار: چشمان۔ آنکھیں۔ نین۔ انکھڑیاں

اِبطال: تبطیل۔ استرداد۔ رد۔ تردید۔ تکذیب۔ تنسیخ۔ جھوٹ

اَبطال: بہادر لوگ۔ بڑے لوگ۔ نامور اشخاص۔ زعماء۔ ہیروز

اَبطل: بہت جھوٹا۔ دروغ گو۔ کاذب تر۔ کذاب

اَبعاد: فاصلے۔ دوریاں۔ پہلو۔ جہات۔ اطراف۔ حدود

ابعاد ثلاثہ: تین پہلو۔ طول، عرض اور عمق۔ لمبائی، چوڑائی، درمیانی

اَبعَد: ۱۔ بعید ترین۔ بہت دور۔ بہت فاصلے پر
۲۔ بد دیانت۔ خائن۔ غدار۔ نمک حرام

اِبقا: ۱۔ بقا۔ دوام۔ قیام۔ ثبات
۲۔ حفاظت۔ محافظت۔ تحفظ۔ رکھشا
۳۔ التوا۔ تطویل۔ امتداد

اَبکار: دوشیزگان۔ کنواریاں۔ کنواری لڑکیاں۔ مٹیاراں

اُبکائی: متلی۔ مالش۔ سسکار

اَبکم: گونگا۔ خاموش۔ صامت

اَبلا: ۱۔ کمزور۔ ضعیف
۲۔ نازک۔ نازک بدن

ابلاٹی: بہت طاقتور۔ بہت قوی۔ نہایت مضبوط۔ بلونت۔ شہ زور

ابلا پری: خوب صورت عورت۔ نازک بدن عورت۔ نازنین۔ حسینہ

ابلاس: ناامیدی۔ یاس۔ مایوسی۔ قنوط

اِبلاغ: ارسال۔ ترسیل۔ پہنچانا

اَبلق : ۱۔ دورنگا۔ سیاہ وسفید۔ چتکبرا۔ چتلا۔ اسپ
۲۔ ابرص۔ مبروص۔ کوڑھی۔ مجذوم۔ جذامی

ابلقِ ایام : دنیا۔ روزگار۔ عالم۔ جہاں۔ لیل ونہار۔ سفید و سیاہ۔
گردشِ لیل ونہار
ابلقِ چرخ : ۱۔ رات دن۔ شب و روز۔ لیل ونہار
۲۔ دنیا۔ روزگار۔ عالم۔ جہاں

ابلقِ روزگار ـــــ ابلق چشم ـــــ ابلق لیل ونہار

اَبلہ : بے وقوف۔ نادان۔ نافہم۔ احمق۔ سادہ لوح۔ مورکھ۔ ناسمجھ

ابلہ فریب : مکار۔ عیار۔ دغاباز۔ فریبی
ابلہ فریبی : مکاری۔ عیاری۔ دغابازی۔ فریب کاری

اَبلہی : بیوقوفی۔ نادانی۔ سادہ لوحی۔ حماقت۔ نافہمی۔ مورکھ پن

ابلیس : ۱۔ ناامید۔ مایوس۔ یاس زدہ۔ قنوطی
۲۔ خبیث۔ پلید۔ بدباطن
۳۔ شیطان۔ دیو۔ عزازیل۔ اہرمن۔ معلم الملکوت۔ شیخ نجدی۔
معلم اوّل
۴۔ شریر۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ فتنی۔ فتنہ پرداز۔
فتنہ پرور۔ طاغوت

اِبن : بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ خلف۔ پوت۔ لڑکا۔ برخوردار۔ جگر گوشہ۔
لختِ جگر۔ آنکھوں کا اجالا۔ نورِ چشم۔ عزیز از جان

ابنِ آدم : آدمی۔ انسان۔ بشر۔ منکھ۔ منش
ابن السبیل : مسافر۔ راہرو۔ راہی
ابن الصبح : سورج۔ خورشید۔ مہر۔ شمس۔ آفتاب
ابن الغرض : خودغرض۔ مطلبی۔ مطلب پرست۔ بندۂ غرض

ابن الغیب : مجہول النسب۔ اجنبی۔ نودولت
ابن الوقت : ۱۔ زمانہ ساز۔ دنیا ساز۔ مطلبی۔ خودغرض۔ خودکام۔ گوں
کا یار۔ مطلب پرست۔ طوطا چشم۔ موقع پرست۔ قابوچی
۲۔ فریبی۔ حیلہ گر۔ حیلہ ساز
۳۔ تابع وقت صوفی

ابنِ مریم ـــ ابن الدنیا ـــ ابن العرس ـــ ابن العنب
ـــ ابن الوحید

اَبناء : بیٹے۔ فرزندان۔ اخلاف۔ اولاد۔ لڑکے۔ اعقاب

ابنائے جنس : ہم جنس لوگ۔ رفقائے۔ ساتھی
ابنائے جہاں/دنیا/دہر/روزگار/زمانہ : اہلِ دنیا۔ اہلِ جہاں۔ اہل
زمانہ۔ اولادِ آدم۔ نوعِ بشر۔ نوعِ انسانی
ابنائے وطن : ہم وطن۔ اہلِ وطن۔ اہل ملک۔ باشندگان ملک۔ فرزندانِ
وطن

اِبنیّت : فرزندی۔ ولدیت۔ منصب پسری

ابو : ۱۔ باپ۔ پدر۔ والد۔ پتا۔ ابا۔ بابا۔ ابّا۔ بابل۔ ڈیڈی۔ پاپا۔ باپو۔
تعید۔ جد۔ اب۔ پیر
۲۔ صاحب۔ مالک۔ آقا۔ آکا۔ اکا

ابوالآباء : ۱۔ مورث اعلیٰ۔ جدِ امجد
۲۔ حضرت آدمؑ
ابوالارواح : پارسا۔ سیماب۔ رس
ابوالبشر : حضرت آدمؑ۔ انسانِ اوّل۔ جدِ انسان
ابوالحارث : شیر۔ اسد۔ شینہ
ابوالوقت : صاحبِ زمان۔ حاکم وقت۔ برتر از وقت۔ صاحبِ تصرف
صوفی
ابوتراب : حضرت علیؓ

ابواب : ۱۔ دروازے۔ دوارے۔ در
۲۔ حصص کتاب۔ عنوانات کتاب
۳۔ رقوم۔ مداتِ رقوم۔ محاصل

اُبُوّت : منصب پدری۔ والدیت

اَبُوجھ : ۱۔ بے سمجھ۔ ناسمجھ۔ نافہم۔ نادان۔ بے عقل
۲۔ ناقابل فہم۔ معمّا۔ بے معنی۔ مہمل۔ بے بوجھ

اَبودھ : ۱۔ جہالت۔ بے علمی۔ نادانی۔ نافہمی۔ ناسمجھی۔ بے عقلی
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ جاہل۔ بے عقل۔ نافہم
۳۔ حیران۔ پریشان۔ سراسیمہ۔ بدحو

بہام : عدم وضاحت۔ عدم صراحت۔ پیچیدگی۔ تعقید

بھار : ۱۔ اٹھان۔ اونچائی۔ فراز۔ نمو۔ بالیدگی۔ بلندی
۲۔ سوجن۔ ورم۔ آماس
۳۔ پستان۔ چھاتی۔ سینہ۔ جوبن

بھارنا : اکسانا۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔ آمادہ کرنا۔ اشتعال دینا۔ ترغیب دینا۔ رغبت دلانا۔ بہکانا۔ ورغلانا

ھاگ : ۱۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔ بدطالعی
۲۔ زوال۔ تباہی۔ مصیبت۔ بپتا۔ عذاب

اگی : ۱۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بدطالع
۔ مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ تباہ حال۔ خستہ حال۔ مفلوک الحال
فلاکت زدہ۔ دکھیا۔ دکھیاری

م : بے اعتبار۔ بے ساکھ۔ غیر معتبر۔ بے آبرو۔ بے وقعت۔
بے وقوف

اَبھرن : ۱۔ زیور۔ گہنا۔ زر و جواہر۔ لباس۔ پوشاک
۲۔ سامانِ آرائش۔ سامانِ زینت

اَبھمان : گھمنڈ۔ تکبر۔ کبر۔ زعم۔ خودبینی۔ خودنگری۔ خودپسندی۔ خودسری۔ غرور۔ فخر

اَبھمانی : گھمنڈی۔ متکبر۔ خودبیں۔ خودنگر۔ خودسر۔ مغرور۔ شیخی خورہ

ابھی : ۱۔ اسی وقت۔ اسی دم۔ اسی آن۔ فوراً۔ فی الفور۔
۲۔ اب تک۔ تا ایں دم
۳۔ ایسی جلدی۔ اتنی جلدی

ابھی ایک بوند کے دو دال نہیں ہوئے
ابھی پتھر سے ہاتھ نکالو
ابھی تم صاحبزادے ہو
ابھی تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو
ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا
ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے
ابھی سویرا ہے
ابھی سیر میں پونی بھی نہیں کتی ہے
ابھی دلّی دور ہے
ابھی کیا بگڑا ہے
ابھی کچی لکڑی ہے
ابھی کچھ دنیا دیکھو
ابھی کچے گھڑے کا پانی بھرنا ہے
ابھی کل کی بات ہے
ابھی منہ دبائیے تو چلّو بھر دودھ نکل پڑے
ابھی منہ کی دال نہیں جھڑی
ابھی ہونٹوں کا دودھ نہیں سوکھا
ابھی من میں چھانک بھی نہیں ہوا
ابھی ہاتھ منہ پر سے نہیں اترتے

اُبیات: ۱۔ بیوت۔ خانہ۔ گھر
۲۔ اشعار۔ دوہے

اُبٹن: سفید۔ سپید۔ چٹا۔ گورا۔ اجلا

اُپاپ: بے گناہ۔ بے قصور۔ نردوش۔ معصوم۔ بے خطا۔ بے تقصیر

اُپار: ۱۔ بے حد۔ بے انتہا۔ بے پایاں۔ بے کراں۔ بے کنار۔ لاانتہا۔ لاتناہی۔ لامحدود
۲۔ ابدی۔ دائمی۔ جاودانی
۳۔ ناقابلِ عبور۔ ناقابلِ گزر
۴۔ بے مثال۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے نظیر۔ بے ہمتا۔ بے عدیل

اُپاس: ۱۔ روزہ۔ صوم۔ برت۔ فاقہ
۲۔ پوجا۔ پرستش۔ عبادت

اُپاسک: ۱۔ روزہ دار۔ صائم۔ فاقہ کش۔ بھوکا۔ گرسنہ
۲۔ پجاری۔ عابد۔ زاہد۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ نیک

اپاہج: ۱۔ معذور۔ لولا۔ لنگڑا۔ لُنجا
۲۔ ناکارہ۔ نکما

اُپائے: ۱۔ تجویز۔ تدبیر۔ ترکیب۔ منصوبہ۔ جتن
۲۔ داؤں۔ گھات۔ چال
۳۔ طریقہ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ علاج

اُپج: ۱۔ پیداوار۔ روئیدگی۔ فصل
۲۔ ایجاد۔ اختراع۔ ابداع۔ جدت۔ نئی بات۔
۳۔ قوتِ ادراکیہ۔ پروازِ خیال۔ پروازِ تخیل۔ تحریک
۴۔ گانا۔ راگ۔ تان۔ پلٹا

اُپجانہار: خالق۔ آفرینندہ۔ موجد۔ مخترع۔ مبدع

اُپجاؤ: پیدا آور۔ زرخیز

اُپدیش: ۱۔ نصیحت۔ مشورہ۔ پند۔ صلاح۔ موعظت
۲۔ ہدایت۔ تجویز۔ نمائش
۳۔ تعلیم۔ تلقین۔ سکشا۔ وعظ

اُپدیشک: ۱۔ ناصح۔ مشیر۔ صلاح کار
۲۔ ہادی۔ مرشد۔ پیر
۳۔ واعظ۔ پندگو
۴۔ استاد۔ معلم۔ گورو۔ آموزگار

اپرادھ: ۱۔ پاپ۔ قصور۔ تقصیر۔ خطا۔ جرم۔ گناہ۔ عصیان۔ معصیت۔ اثم
۲۔ ضرر۔ مضرت۔ نقصان
۳۔ بھول چوک۔ لغزش

اپرادھی: ۱۔ پاپی۔ قصوروار۔ خطاکار۔ خاطی۔ مجرم۔ گناہ گار۔ عاصی۔ آثم
۲۔ مضر۔ نقصان دہ۔ ناقص۔ عیب دار

• اپسرا: ۱۔ حور۔ پری۔ حسینہ۔ جمیلہ۔ نازنین
۲۔ طوائف۔ رنڈی۔ رقاصہ

اُپلا: ۱۔ پاتھی۔ کنڈا۔ گوہلا۔ پٹ پڑی۔ تھاپی۔ پاچک۔ خوشاک۔ خشی۔ پاچک دشتی۔ ارنا
۲۔ متورم۔ سوجا ہوا
۳۔ بدقطع۔ بدوضع۔ بدنما۔ بھدا۔ بے ڈول

اُپمان: گستاخی۔ بے ادبی۔ توہین۔ اہانت۔ ہتک۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ تذلیل۔ تحقیر۔ تخفیف

اپنا : ۱۔ میرا۔ ہمارا۔ اپنی ملکیت۔ وغیرہ۔ وسے۔ ذاتی
۲۔ ذاتی۔ نج کا
۳۔ رشتہ دار۔ قرابت دار۔ عزیز۔ یگانہ
۴۔ ہمدرد۔ دوست۔ رفیق۔ ساتھی۔ ہمدم۔ شریک

اپنا پرایا : یگانہ و بیگانہ۔ عزیز و غیر

اپنا پرایا ــ اپنا بیگانہ ــ اپنا سا جاننا ــ اپنا کر لینا
ــ اپنانا ــ اپنا بنانا ــ اپنا بتانا ــ اپنا سمجھنا ــ
اپنا کہنا ــ اپنا ہونا ــ اپنا گردانا ــ اپنا بگاڑنا ــ
اپنا خون ــ اپنا آپا ــ اپنا اپنا ــ اپنا اپنا مذاق ــ
اپنا اپنا راستہ ــ اپنا اپنا کرنا ــ اپنا اپنا کمانا
ــ اپنا اپنا لینا ــ اپنا اپنا مقدر ــ اپنا ٹھکانہ ــ
اپنا اُلو سیدھا کرنا ــ اپنا جوہر دکھانا ــ اپنا جی ــ اپنا
راستہ لینا ــ اپنا خون بہنا ــ اپنا رونا رونا ــ
اپنا سامنہ لے کر رہ جانا ــ اپنا سر ــ اپنا کام ــ اپنا
کہا کرنا ــ اپنا کیا پانا ــ اپنا گوشت کھانا ــ اپنا گھر
بھرنا ــ اپنا گھر جاننا ــ اپنا لہو بہانا ــ اپنا مطلب
نکالنا ــ اپنا منہ دیکھنا ــ اپنا ہاتھ اپنے سر ــ
اپنی آگ میں جلنا ــ اپنی اپنی گانا ــ اپنی اصل پر آنا
ــ اپنی ایڑی دیکھ ــ اپنی بات اپنے ہاتھ ــ اپنی
بسلا دیکھنا ــ اپنی بکنا ــ اپنی بلا سے ــ اپنی بیتی
ــ اپنی پڑنا ــ اپنی جان بھاری ہونا ــ اپنی جگہ
ــ اپنی خبر ہونا ــ اپنی خوشی ــ اپنی سی ــ اپنی سی
کرنا ــ اپنی سی نباہنا ــ اپنی طبیعت ــ اپنی غرض
کا آشنا ہونا ــ اپنی غرض کو ــ اپنی طرف دھیان کرنا
ــ اپنی طرف سے ــ اپنی طرف کھینچنا ــ اپنی عزت
اپنے ہاتھ ــ اپنی عمر سے مرنا ــ اپنی قدر آپ نہ جاننا
ــ اپنی قسمت کا لکھا ــ اپنی تقدیر کو رونا ــ
اپنی کرنی پار اترنی ــ اپنی کرنی کرنا ــ اپنی دُن میں مست
ہونا ــ اپنی کھال میں مست ہونا ــ اپنی کہنا ــ اپنی

گرہ کا ــ اپنی گڑیا سنوار دینا ــ اپنی گو ــ اپنی منزل ــ
اپنی گوں کا یار ــ اپنی ناک کٹنا ــ اپنی ناک چوٹی گرفتار
ــ اپنی نظر میں ہونا ــ اپنی ولی سا ــ اپنے آپ ــ اپنے
آپ کو کھینچنا ــ اپنے آگے کسی کو نہ گننا ــ اپنے اپنے
حال میں مست ہونا ــ اپنے اپنے گھر سدھارنا ــ
اپنے اختیار میں ہونا ــ اپنے اللہ سے پائے ــ اپنے
اوپر لینا ــ اپنے بجاویں ــ اپنے پاؤں سے چلنا ــ
اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا ــ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی
مارنا ــ اپنے پر ــ اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا ــ
اپنے تئیں ــ اپنے جامے سے باہر ہونا ــ اپنے جامے سے
نکل جانا ــ اپنے جھونپڑے کی خیر منانا ــ اپنے حال پر رونا
ــ اپنے حال میں مست ہونا ــ اپنے حساب ــ
اپنے حق میں ــ اپنے حق میں کانٹے بونا ــ اپنے خدا کو
مان ــ اپنے دل کا بادشاہ ہونا ــ اپنے دنوں کو رونا
ــ اپنے دنوں کو پورا کرنا ــ اپنے زور میں آپ آ رہنا
ــ اپنے سائے سے ڈرنا ــ اپنے ساتھ پیٹنا ــ
اپنے سائے سے وحشت کرنا ــ اپنے سر آفت لینا ــ
اپنے سر لینا ــ اپنے سے بہتر جاننا ــ اپنے قدح کی خیر
منانا ــ اپنے کام سے کام رکھنا ــ اپنے کام کا نہ ہونا ــ
اپنے کئے کو رونا ــ اپنے کئے کی سزا پانا ــ اپنے کئے
کی لاج ہونا ــ اپنے گریبان میں منہ ڈالنا ــ اپنے گھر
کی راہ لینا ــ اپنے لکھے کو رونا ــ اپنے مطلب کا آشنا
ــ اپنے مطلب کی ــ اپنے منہ پر جاؤ ــ اپنے منہ
سے دھنا بائی ــ اپنے منہ سے کہنا ــ اپنے منہ میاں مٹھو
ــ اپنے نزدیک ــ اپنے نصیبوں کو رونا ــ اپنے نین
گنوانا ــ اپنے وقت کا ارسطو ــ اپنے وقت کا افلاطون
ــ اپنے وقت کا حاتم ہونا ــ اپنے وقت کا رستم ــ
اپنے وقت کا سکندر ــ اپنے وقت کا لال بجھکڑ ــ اپنے
ہاتھ سے ــ اپنے ہاتھوں اپنی قبر کھودنا ــ اپنے ہاتھوں کنواں
کھودنا ــ اپنے ہی ہمک رکھنا ــ اپنے ہی گھر سے آگ
لگانا ــ اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے

اپنا اپنا ڈھنگ ہے
اپنا اپنا دکھڑا سب روتے ہیں
اپنا اپنا کرنا، اپنا اپنا بھرنا
اپنا اپنا گھولو اپنا اپنا پیو
اپنا بسم اللہ، دوسرے کا نعوذ باللہ
اپنا بھلا سب چاہتے ہیں
اپنا بیل کلہاڑی ناتھیں
اپنا پوت پرایا ڈھینگر
اپنا دام کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش
اپنا پیسہ کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش
اپنا تن پہلے ڈھانکو، دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا
اپنا توشہ اپنا بھروسا
اپنا ٹھیک نہیں اور کا ٹھیک نہیں
اپنا ٹیٹر دیکھیں ناہیں دوسرے کی پھلی نہاریں
اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور کی پھلی دیکھے
اپنا دے لڑائی مول لے
اپنا دیجئے، دشمن کیجئے
اپنا رکھ پرایا چکھ
اپنا سوپ مجھے دے، تو ہاتھوں پچھوڑ
اپنا سونا کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوش
اپنا سو نبیڑا، پرایا دھنکیرا
اپنا کت باندھو، ہم بھیک سے باز آئے
اپنا گھر، اپنا باہر
اپنا گھر جگ بھر، پرایا گھر تھوک کا ڈر
اپنا گوہ بھوجن
اپنا لینا کیا، پرایا دینا کیا
اپنا مارے گا تو پھر چھاؤں میں بٹھائے گا
اپنا مرن جگت کی ہانسی
اپنا مال گنوا کے در در مانگے بھیک
اپنا مکان کوٹ سمان

اپنا مال کھوٹا تو پرکھنے والے کا کیا دوش
اپنا میٹھا، انکر تیت
اپنا دکال مجھے ڈال دے
اپنا نینگر، پرایا ڈھینگر
اپنا وہی جو اپنے کام آئے
اپنا ہارا اور مہری کا مارا کون کہتا ہے
اپنا ہاتھ جگن ناتھ
اپنا ہی مال جائے، آپ ہی چور کہلائے
اپنا ہے ہی نا، دوسرے کے دانی
اپنی آبرو اپنے ہاتھ
اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اُڑ جائیں گے
اپنی ڈفلی اپنا راگ
اپنی اپنی ڈفلی اپنا اپنا راگ
اپنی کھال میں سب مست ہیں
اپنی گور اپنی منزل
اپنی لور نبا ہے، دا کی وہ جانے
اپنی اور نہار
اپنے باولوں رو ہیئے، دوسرے کے باولوں ہنیئے
اپنی [illegible]
ہے
اپنے [illegible]ت کوسوں سے معلوم ہوتے ہیں
اپنے بچے کے دانت ہر کوئی جانتا ہے
اپنی بیر کو گھوٹا گھاتا ہمری بیر کو بھوکم بجا کا
اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے
اپنے پوت کنوارے پھریں، پڑوسی کے پھیرے
اپنی پیٹھ دکھائی نہیں دیتی
اپنی پیڑ پرائی باتیں
اپنی توبہ وہ بھی نہیں
اپنی ٹانگ کھولئے، آپ ہی لاجوں مریئے
اپنی ٹیٹر نہ نہارے اور کی پھلی دیکھے
اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو
اپنی چاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا

اپنی داڑھی کی آگ سب بجھاتے ہیں
اپنی ران کھولئے آپ ہی لاجوں مریئے
اپنی عقل اور دوسرے کی دولت بڑی معلوم ہوتی ہے
اپنی اولاد اور دوسرے کی بیوی خوبصورت معلوم ہوتی ہے
اپنی غرض باؤلی
اپنی غرض کو لوگ گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں
اپنی غرض کو گدھے چرانے
اپنی کرنی اپنی بھرنی
اپنی کرنی پار اترنی
اپنی کوکھ کا پوت نوشادر
اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے
اپنی ناک کٹی تو کٹی پرائی بدشگونی تو ہوگئی
اپنی ملائی اور پر گنوائی
اپنی ہرائی مرائی کوئی نہیں ہوتا
اپنے اپنے قدح کی سب خیر مناتے ہیں
اپنے ڈھنگ جیسا تو پرایا آسرا کیسا
اپنے سے بچے تو اور کو دیں
اپنے گھر آئے کتے کو بھی نہیں دھتکارتے
اپنے گھر میں آنا کسے برا لگتا ہے
اپنے گھر میں ہر کوئی بادشاہ ہے
اپنے ٹکے تو دیر میں اور کے ٹکے تربیت میں
اپنے مرے بغیر سرگ نہیں ملتا
اپنے من سے جانئے پرائے من کی بات
اپنے منہ دھنا بائی
اپنے موئے رام نہیں
اپنے میاں در در بار، اپنے میاں چولھے دوار
اپنے نیناں بٹ دے تو بھلاتی پھر
اپنے نین گنواکے در در مانگے بھیک
اپنے ناتو بن بر جائیے، جیسا من ہو تیسا کھائیے
اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے

اپنتھ : ۱۔ غلط راستہ۔ خراب راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔ کجروی
۲۔ بدعت۔ بے دینی

اپنتھی : ۱۔ گمراہ۔ کجرو۔ بے راہرو
۲۔ بدعتی۔ بے دین

اَپورن : ناممکل۔ ناتمام۔ ادھورا

اُپھان : ۱۔ ابال۔ جوش
۲۔ جھاگ۔ پھین۔ کف

اَپھل : ۱۔ بے پھل۔ بے ثمر
۲۔ بانجھ۔ بنجر۔ عقیم۔ بے اولاد۔ ابتر
۳۔ بے فائدہ۔ بے نفع۔ بے حاصل۔ لاحاصل۔ بے کار

اپیل : ۱۔ درخواست۔ التجا۔ مطالبہ۔ عرضداشت۔ التماس
۲۔ مرافعہ۔ چارہ جوئی
۳۔ کشش۔ جاذبیت۔ موہنی

اپیل کرنا ___ اپیل بحال ہونا ___ اپیل خارج ہونا ___،
اپیل منظور ہونا

اَت : ۱۔ بہت۔ بہت بڑا۔ حد سے زیادہ۔ بے انتہا۔ بے حد۔
اعتدال سے زیادہ
۲۔ تیز
۳۔ پرے۔ اس طرف

اَت اور نادان سے بیر ہے
اَت کا جلا نہ برسنا، اَت کی بھلی نہ دھوپ
اَت کا بھلا نہ بولنا، اَت کی بھلی نہ چپ
اَت کا پھول، سینچنا ڈال پات سے جائے

اِت : اِس جگہ۔ اِدھر۔ اِس طرف۔ یہاں۔ این جا

اُت : اُس جگہ۔ اُدھر۔ اُس طرف۔ وہاں۔ آں جا

اُت اوکھد کچھ کام نہ آوے
موت پکڑ لی جس کا لیوے

اُت ہی بھلا ہے بیٹھنا، جت پر کیسو گیان
ملاّ پنڈت بیٹھ کر باچنے بید قرآن

اُت ہی تو مت بیٹھ پیارے
جت بیٹھے ہوں بیری سارے

اُت ہی مول نہ جارے بھائی
جت ہوتی ہو مار کٹائی

اُت تو برا باجرا بھائی
جت ہووے تِل کی مکٹائی

اُت تیرا جانا مول نہ سوہے
جو تِتے دیکھت کوکت ہووے

اُت تیرا جانا نپٹ بھلیرا
جت ہووے تیرے میت کا ڈیرا

اُت داناد یوے اسے بولے داتا نام
رات ہی سگرے ٹھیک ہوں اسکے رب کا کام

اتنے اندھا آئے اِت سے اندھا جائے
اندھے سے اندھا ملے کون بتائے راہ

اُت کا جانا نہیں اچھا
جت ہووے گُنڈوں کا باسا

اُت مت وا پاؤ کو جا کر
جت آویں بیری اُمڈا کر

اُت مت کدھے نہ بیٹھ تو جت کنیائی لوگ
نیاؤ بھول کتیاؤ کا باندھے مل کر جوگ

اُت مت کبھی نہ جارے میتا
جت رہتا ہو سنگو اور چیتا

اُت مت گیھن برارے چیلے
بھنت ہوں تھال اور پاتر ڈھیلے

اُتا : باپ۔ پدر۔ والد۔ پِتا۔ بزرگ

اُتابک : ۱۔ بزرگ باپ۔ والد بزرگوار
۲۔ اُستاد۔ معلم۔ اخوند۔ آتالیق
۳۔ امیر۔ وزیر۔ سردار۔ بادشاہ

اُتا پتا : نام۔ نشان۔ کھوج۔ علامت۔ سراغ۔ نام و نشان۔ ٹھکانا۔

اتا پتا بتانا ـــ اتا پتا جاننا ـــ اتا پتا معلوم کرنا

اُتار : ۱۔ نشیب۔ ڈھال۔ ڈھلوان۔ نچان۔ صبب۔ رڑھان
۲۔ کمی۔ تنزل۔ گھٹاؤ۔ نیچے
۳۔ بے عزتی۔ بدنامی۔ بے قدری۔ رسوائی
۴۔ جزر۔ جوار
۵۔ صدقہ۔ کفارہ
۶۔ فادزہر۔ تریاق۔ توڑ۔ تدارک
۷۔ نقل۔ مثنیٰ

اُتار چڑھاؤ : ۱۔ مدوجزر۔ جوار بھاٹا
۲۔ نشیب و فراز۔ اونچ نیچ۔ بلندی و پستی۔ ہبوط و صعود
۳۔ کمی بیشی۔ گھٹاؤ بڑھاؤ

اُتارا : ۱۔ نشیب۔ ڈھلان۔ نچان
۲۔ گھاٹ۔ جائے عبور۔ پتن
۳۔ عبور دریا
۴۔ پڑاؤ۔ مقام
۵۔ صدقہ۔ تصدق۔ کفارہ۔ ردِ بلا
۶۔ معافی زمین۔ وقف

۷۔ کرایہ مکان۔ کرایہ قیام

۸۔ اترن۔ پرانے کپڑے۔ مدرس

اُتارا اتارنا ـــ اُتارا دینا

اتار چڑھاؤ: مدوجزر۔ کمی بیشی۔ گھٹاؤ بڑھاؤ۔ سود و بہبود۔ اونچ نیچ۔ بلندی
پستی۔ نشیب و فراز۔ جوار بھاٹا

اتار چڑھاؤ بتانا ـــ اتار چڑھاؤ دینا

اُتارنا: ۱۔ نقل کرنا۔ کاپی کرنا۔ لکھ لینا
۲۔ ادا کرنا
۳۔ کاٹ ڈالنا۔ توڑنا۔ گرانا۔ پھاڑنا۔ ننگا کرنا۔ جدا کرنا۔ اکھاڑنا۔
الگ کرنا۔ ادھیڑنا۔ مونڈنا
۴۔ داخل کرنا۔ نگلنا۔ بھونکنا۔ پیوست کرنا

دوا زخم میں اتارنا ـــ حلق سے اتارنا ـــ چاقو اتارنا ـــ
خنجر اتارنا ـــ قرض اتارنا۔ صدقہ اتارنا ـــ مضمون اتارنا
ـــ لبہ اتارنا ـــ عکس اتارنا ـــ کپڑے اتارنا ـــ
دیوار اتارنا ـــ ورق اتارنا ـــ دل سے اتارنا ـــ بازو
اتارنا ـــ کھال اتارنا

اُتاق: گھر۔ خانہ۔ ڈیرا۔ خیمہ۔ مقام۔ کمرہ۔ مکان

اُتاقہ: کلغی۔ طرہ۔ پرہما

اتالیق: ادب آموز۔ استاد۔ معلم۔ آموزگار۔ آموزندہ۔ اخوند۔ مودب

اتالیقی: ادب آموزی۔ استادی۔ معلمی۔ آموزگاری

اتاول: ۱۔ جلدی۔ عجلت۔ تعجیل۔ جلدبازی۔ تیزی۔ سُرعت
۲۔ بے کلی۔ بے قراری۔ بے چینی۔ اضطراب

اتاولا: ۱۔ جلدباز۔ عاجل۔ تعجیل کار۔ تیز
۲۔ بے تاب۔ بے قرار۔ بے چین۔ بے کل۔ مضطرب

اتاولا سو باولا، دھیرا سو گمبھیرا

اتائی: عطائی۔ بے استاد۔ غیر ماہر۔ اناڑی۔ ناواقف

اَتباع: (تبع کی جمع) تابعین۔ متبعین۔ پیروان۔ خدام۔ مقلدین

اِتباع: پیروی۔ متابعت۔ فرماں برداری۔ تتبع۔ تقلید۔ اقتدا۔ ریس۔
نقشِ قدم پر چلنا۔ مقتدی ہونا۔ اقتدا کرنا۔ شریعت پر چلنا

اتباعِ سنت ـــ اتباعِ شریعت ـــ اتباعِ شیخ ـــ
اتباعِ تبع تابعین ـــ اتباعِ استاد ـــ اتباعِ پیرِ طریقت
ـــ اتباعِ کارواں ـــ اتباعِ بزرگانِ دین۔

اِتحاد: ۱۔ اتفاق۔ موافقت۔ ملاپ۔ دوستی۔ میل جول۔ میل ملاپ۔
ایکا۔ ربط۔ ہمدمی۔ یک جہتی
۲۔ یکسانی۔ یک جانی۔ یک رنگی۔ یک جائی۔ شیرازہ بندی۔
مطابقت
۳۔ یگانگت۔ محبت۔ اخلاص۔ پیار۔ الفت۔ قربت۔ نیہ

اتحاد کرنا ـــ اتحاد ہونا ـــ اتحاد المسلمین ـــ اتحادِ ملت ـــ
اتحادِ ثلاثہ ـــ اتحادِ اربع ـــ اتحادِ عناصر ـــ اتحادِ قوم
ـــ اتحادِ ملک

اتحادی: متفق۔ موافق۔ دوست۔ ساتھی۔ رفیق۔ حلیف۔ معاہد

اِتحاف: تحفہ۔ تحفہ۔ ارمغان۔ سوغات

اُتر: (دکن کی ضد) : شمال۔ پہاڑ۔ اواخر

آتر جاؤ کر دکھن، وہی کرم کے لکھن
اُتر رہے بتادے دکھن، واکے اچھے نہیں لکھن
اُتر کی ہوا اتری دکھن جب ہی جائے
جاگ لگانے جوگ جب تو کچھ نہ پار بسائے
اُتر گرو دکھن میں چیلا
کیسے بدیا پیسے اکیلا
اُتر ہار جو بر کھا ہووے
کال پچھو کر جا کر رووے

اُترا: (اترا ہوا) ۱۔ معزول۔ موقوف۔ برطرف
۲۔ اترن۔ پرانا

اترا چھترا جو ہو واکی سار نہ ہو
سادھو کہے سب بالکے لاکو جتن کرلو
اترا شحنہ مردک نام
اترا گھاٹ ہوا ماٹی

اِترانا: گھمنڈ کرنا۔ نازاں ہونا۔ غرور کرنا۔ ناز کرنا۔ نخرا کرنا۔ خودنمائی

اِتراہٹ: گھمنڈ۔ تکبر۔ غرور۔ استکبار۔ ابھیمان۔ تبختر۔ نخوت۔ شیخی

اُتراؤ: ۱۔ اتار۔ ڈھال۔ نشیب۔ نچان
۲۔ زوال۔ ہبوط۔ تنزل۔ نزول

اُترائی: ۱۔ نشیب۔ ڈھال۔ اتار۔ نچان۔ ڈھلوان۔ ڈھلاؤ۔ ٹندرہ
۲۔ کمی۔ تخفیف۔ گھاٹا۔ تنزل۔ نیچے
۳۔ عبورِ دریا
۴۔ صلۂ احسان۔ بدلِ احسان۔ موضی نیکی

اُترتا: ڈھلتا۔ زوال آمادہ۔ ایک درجہ کم

اترتا چاند: زوال ماہ۔ اندھیرا پاکھ۔ ڈھلتا چاند۔ آخر ماہ

اُترتی: (اترتا کی تانیث)

اترتی برسات: لگتی برسات۔ اواخر تشگال۔ باقی برسات
اترتی تان: نچلی تان۔ گھٹتی کا پہرا
اترتی ندی: گھٹتی ندی

اترتی ندی کنارے ڈھائے

اُترنا: ۱۔ ڈھلنا
۲۔ سستا ہونا۔ سوتا ہونا۔ ارزاں ہونا۔ دام گھٹنا

غلہ کا بھاؤ اترنا ــــ بازار اترنا ــــ جوانی اترنا ــــ نشہ اترنا

اِتصال: ۱۔ میل ملاپ۔ جوڑ
۲۔ تعلق۔ وابستگی۔ ربط۔ علاقہ
۳۔ قران۔ سنجوگ۔ لگن
۴۔ تواتر۔ تسلسل
۵۔ ہمسائگی۔ پڑوس
۶۔ اجتماع۔ اکٹھ۔ اتحاد
۷۔ قرب۔ قربت۔ نزدیکی۔ تقرب۔ قرابت

اِتفاق: ۱۔ موافقت۔ توافق۔ مطابقت۔ معابق
۲۔ اتحاد۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ یگانگت۔ باہم ملنا۔
اکٹھا ہونا۔ ملاپ کرنا۔ صلح۔ ملاد۔ شانتی۔ دوستی۔ تسکین۔
تسلی۔ آشتی
۳۔ ہم دلی۔ ہم رائی۔ ہم آہنگی۔ ہم نوائی۔ ہم رنگی
۴۔ دوستی۔ یگانگت۔ محبت۔ ہم نفسی

۵۔ موقع۔ محل۔ اوسر

اتفاق پیش آنا ۔۔۔ اتفاق پڑنا ۔۔۔ اتفاق ہونا

اتفاق بڑی چیز ہے
اتفاق میں ترقی اور نفاق میں تنزل ہے
اتفاق ہی میں قوت ہے
اتفاق میں برکت ہے

اتفاقاً: اچانک۔ ناگہاں۔ یکایک۔ بغتتہً۔ ناگاہ۔ یک بیک۔ دفعتہً۔ خلافِ توقع

اتفاقاً ملنا ۔۔۔ اتفاقاً دیکھنا ۔۔۔ اتفاقاً آنکھ کھلنا

اتفاقات: واقعات۔ سانحات۔ حادثات

اتفاقی: بلاارادہ۔ بلاقصد۔ اچانک

اتفاقیہ: اچانک۔ بے ارادہ

اتقا: پرہیزگاری۔ پارسائی۔ خوفِ خدا۔ نیکی۔ تقوے

اِتقان: مضبوطی۔ استواری۔ استحکام۔ پختگی۔ پکی

اَتقیٰ: بہت بڑا پرہیزگار۔ بہت متقی۔ بہت نیک

اَتقیا: (تقی کی جمع) پرہیزگار لوگ۔ صلحا۔ نیک لوگ

اِتکا: تکیہ۔ بھروسا۔ سہارا۔ ٹیک

اِتلاف: بربادی۔ تباہی۔ ضیاع۔ اضاعت۔ تلفی

اَتَمّ: کامل تر۔ اکمل۔ تمام تر۔ پورا۔ نہایت۔ مکمل۔ سمپورن

اُتّم: ۱۔ افضل۔ اعلیٰ۔ ارفع۔ عالی۔ بلند تر۔ برتر
۲۔ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس
۳۔ پہلا۔ اوّل۔ مقدم

اتم پرش: ۱۔ اعلیٰ انسان۔ افضل انسان۔ فوق البشر
۲۔ صیغۂ متکلم

اتم کاج: اچھا کام۔ عمدہ کام۔ بہترین کام

اتم سے اتم ملے، ملے نیچ سے نیچ
پانی سے پانی ملے، ملے کیچ سے کیچ
اتم کھیتی مدھم بان، نکھد چاکری بھیک ندان

اِتمام: کمال۔ تکمیل۔ انجام۔ اکمال۔ اختتام۔ خاتمہ

اتمامِ حجت: تکمیلِ حجت۔ تکمیلِ دلائل۔ آخری دلیل۔ آخری کوشش

اُتمتا: ۱۔ فضیلت۔ برتری۔ فوقیت۔ بزرگی
۲۔ خوبی۔ گن

اِتنا: اس قدر۔ ایں قدر۔ اس کے برابر۔ اس قابل۔ اینا

اتنا بھرا کہ چھلک گیا
اتنا پکا کہ باسی ہوگا
اتنا کھائے جتنا آٹے میں نمک
اتنی تو رسائی ہوگی جتنی راستے میں پڑے
اتنی سی جان سوا گز کی زبان
اتنی عقل بھی اچرج ہوتی ہے
اتنے کی بڑھیا نہیں، جتنے کا لہنگا پھٹ گیا

اُتنا : اُس قدر ۔ آں قدر ۔ اس درجہ اس حد تک

اُتّو : ۱۔ چین شکن ۔ سلوٹ
۲۔ نقش و نگار ۔ بیل بوٹا
۳۔ کشیدہ کاری ۔ کڑھائی
۴۔ زخم ۔ بدّھی نشان ۔ مار

اتّو ساز/کش/گر : کشیدہ کار ۔ نقش ساز ۔ نگارندہ

اتوار : آدتیہ وار ۔ یک شنبہ ۔ یوم الاحد ۔ ایت وار

اِتہاس : ۱۔ قصہ ۔ کہانی ۔ روایت ۔ اساطیر الاولین
۲۔ تاریخ ۔ تاریخی واقعات ۔ تاریخی نظم

اِتہام : ۱۔ تہمت ۔ الزام ۔ بہتان ۔ درش ۔ طوفان
۲۔ شک ۔ شبہ ۔ وہم ۔ گمان

اَتھاہ : بے تہ ۔ بہت گہرا بہت عمیق ۔ بے پایاں

اَتھک : ان تھک ۔ بے تکان ۔ محنتی ۔ سخت جان سخت کوش

اَتھلا : ۱۔ کم گہرا ۔ پایاب ۔ تنک آب
۲۔ چھچھورا ۔ کم ظرف ۔ کم حوصلہ ۔ تنک حوصلہ ۔ تنک ظرف ۔ اوچھا
۳۔ چغل خور ۔ غماز ۔ نمام

اتھل پتھل : الٹ پلٹ ۔ اوپر نیچے ۔ بے نظمی ۔ بے ترتیبی ۔ گڑبڑ ۔
اوپر تلے

اُتی : ۱۔ بے وقوف ۔ نادان ۔ احمق
۲۔ ناواقف ۔ بے علم ۔ ناآشنا

اتی کے ناتویں بارہ پنجے ساتھ

اَتیاچار : ۱۔ عدم اولائے فرض ۔ فسق ۔ فجور ۔ بے دینی
۲۔ ظلم ۔ طغیان ۔ سرکشی

اَتیاچاری : ۱۔ غافل ۔ فاسق ۔ فاجر ۔ بے دین
۲۔ ظالم ۔ باغی ۔ سرکش

اُتیت : ۱۔ گزشتہ ۔ ختم شدہ ۔ ماضی
۲۔ آزاد ۔ ناپابند
۳۔ خالی ۔ مفلس ۔ تہی دست ۔ نادار ۔ قلاش
۴۔ آوارہ گرد
۵۔ فقیر ۔ جگی ۔ سادھو
۶۔ جاتری ۔ یاتری ۔ زائر ۔ زوّار

اَٹاٹُٹ : بھرپور ۔ معمور ۔ بھرا پُرا ۔ پُر ۔ الغاروں ۔ بہت

اٹانوٹ : سارے کا سارا ۔ تمام کا تمام ۔ کُلھم ۔ بالکل

اٹاری : ۱۔ بالا خانہ ۔ راوٹی ۔ چوبارہ ۔ بالائی کمرہ ۔ بلند مکان ۔ ماڑی ۔ کوٹھا ۔
کوشک ۔ بام ۔ بالکنی
۲۔ اٹا ۔ اٹار ۔ اٹریا ۔ مٹی

اَٹالا : ۱۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۔ اٹم
۲۔ سامان ۔ ساز و سامان ۔ ساز و برگ ۔ اثاثہ ۔ اثاث البیت ۔
مال و متاع
۳۔ کاٹھ کباڑ ۔ بیکار اشیاء

اَٹ سَٹ : ۱۔ سازش ۔ جوڑ توڑ ۔ دھوکا ۔ فریب
۲۔ آشنائی ۔ یارانہ ۔ تعلق ۔ یاری
۳۔ لین دین ۔ داد و ستد

۴۔ فضول بات

اٹ سٹ لڑنا ـــــ اٹ سٹ ہونا ـــــ اٹ سٹ کرنا ـــــ اٹ سٹ لگانا

اٹک: ۱۔ روک ٹوک۔ مزاحمت۔ اڑچن۔ مشکل۔ رکاوٹ۔ آڑ۔ اٹکاؤ۔ سدِّراہ۔ سدِّباب
۲۔ تامل۔ جھجک۔ حجاب۔ اندیشہ۔ شبہ
۳۔ مقام۔ جگہ۔ موقع

اٹکا: ۱۔ الجھا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ مجبور۔ مبتلا
۲۔ آشنا۔ یار۔ عاشق

| اٹکا بنیا سودا دے

اٹکانا: جھگڑے میں ڈالنا۔ الجھانا۔ جُھلانا۔ لیت و لعل میں ڈالنا۔ ادا نہ کرنا۔ نہ پہنچانا

اٹکاؤ: ۱۔ روک ٹوک۔ رکاوٹ۔ اڑچن۔ آڑ۔ اوٹ
۲۔ دیر۔ التوا۔ تعویق۔ تاخیر

اٹکلبیس: ۱۔ اٹکل پچو۔ الجھاؤ۔ بے قاعدہ۔ بے قرینہ۔ ظنی
۲۔ واہیات۔ فضول۔ بیہودہ۔ لغو
۳۔ بے سمجھے بوجھے۔ اندھا دھند

اٹکل: ۱۔ اندازہ۔ قیاس۔ تخمینہ
۲۔ سلیقہ۔ قرینہ۔ تمیز
۳۔ پرکھ۔ پہچان۔ شناخت۔ واقفیت۔ شعور۔ جانچ

اٹکل پچو: ۱۔ بے سمجھے بوجھے۔ اندھا دھند۔ اٹکلبیس
۲۔ خیالی۔ قیاسی۔ ظنی

اٹکل باز ـــ اٹکل پچو ـــ اٹکل ملنا ـــ اٹکلنا

اٹک مٹک: چھک مٹک۔ ناز۔ نخرا۔ شوخی۔ دلربائی۔ اندازِ محبوبی۔ نظربازی۔ عشوہ طرازی

اٹک مٹک چھپا: ۱۔ دلربا۔ شوخ۔ غمزہ زن
۲۔ بدچلن۔ فاحشہ۔ چھنال

اٹکنا: ٹھہرنا۔ رکنا۔ تھم جانا۔ الجھنا۔ ملتوی ہونا۔ جھگڑے میں پڑنا۔ مبتلا ہونا۔ وابستہ ہونا

اٹکھیل: شوخ۔ چنچل۔ فتّانہ۔ غمزہ زن۔ عشوہ طراز

اٹکھیلی: ۱۔ مستانہ چال۔ معشوقانہ چال۔ خرام۔ ناز
۲۔ شوخی۔ ناز و ادا۔ ناز نخرا۔ معشوقانہ انداز

اٹل: ۱۔ اچل۔ قائم۔ غیر متحرک۔ بے حرکت
۲۔ غیر متغیر۔ غیر متبدل۔ غیر مبدل۔ ناقابلِ تغیر۔ غیر متزلزل
۳۔ ثابت قدم۔ مستقل۔ مبرم۔ امٹ
۴۔ آسودہ۔ سیر

اٹم: ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ اٹالا

اٹمبر: ۱۔ ہجوم۔ مجمع۔ بھیڑ۔ اژدہام
۲۔ خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ قوم۔ گروہ

اُٹنگا: اُٹنگی۔ اونچا۔ اوپر چڑھا ہوا۔ اوچھا

| اٹنگا پائجامہ ـــ اٹنگا انگرکھا

اٹواٹی کھٹواٹی: اِستر بستر۔ ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ آنس پٹی

اَٹوٹ : ۱۔ ناقابلِ شکست ۔ لاینفک ۔ غیر منفک ۔ ناقابلِ تقسیم
۲۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ محکم ۔ استوار
۳۔ غیر مختتم ۔ لامتناہی ۔ بے انتہا
۴۔ مسلسل ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ علی الاتصال ۔ واسل

اَٹوک : ۱۔ بے روک ٹوک ۔ بے رکاوٹ
۲۔ سالم ۔ پورا
۳۔ بے روک ۔ بلا وقفہ
۴۔ بے قید ۔ کھلے بندوں ۔ آزادانہ
۵۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ مسلسل ۔ علی الاتصال

اٹھا بیٹھی : ۱۔ اٹھک بیٹھک ۔ اٹھنا بیٹھنا
۲۔ بے چینی ۔ بے قراری

اٹھان : ۱۔ بالیدگی ۔ ابھار ۔ ترقی ۔ بڑھت ۔ شباب
۲۔ آغازِ شباب ۔ ابتدا ۔ آغاز ۔ عنفوان
۳۔ قوتِ نشو و نما ۔ قوتِ نمو
۴۔ ابتدائی تعلیم ۔ تربیت
۵۔ صرف ۔ خرچ
۶۔ بلندی ۔ اونچائی ۔ فراز ۔ پرواز
۷۔ قد ۔ قامت
۸۔ بناوٹ ۔ ساخت
۹۔ شہوت ۔ مستی ۔ ایستادگی

اٹھانا : جگانا ۔ بیدار کرنا

اُٹھاؤ : ۱۔ اٹھان ۔ ترقی ۔ بالیدگی
۲۔ سہارا ۔ بھروسہ
۳۔ خرچ ۔ صرف
۴۔ قرض ۔ ادھار ۔ وام

اُٹھاؤ چولھا : خانہ بدوش ۔ آوارہ گرد ۔ چلتا پھرتا ۔ بے ٹھکانا

اٹھائی گیرا : اُچکا ۔ بدمعاش ۔ چور ۔ بد چلن ۔ جیب تراش ۔ چوٹٹا ۔ چونا ۔ انٹی باز ۔ نوسرباز ۔ سارق ۔ کیسہ بُر ۔ جیب کترا ۔ لُچا

اٹکھیلی : مذاق ۔ شوخی ۔ دل لگی ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ ناز ۔ نخرا

اِٹھلانا : اینٹھنا ۔ اٹکھیلیاں کرتے چلنا ۔ اِترانا ۔ اکڑ کے چلنا ۔ ناز سے چلنا ۔ مٹک کر چلنا

اٹھلاہٹ : ۱۔ ناز ۔ نخرا ۔ غمزہ ۔ ادا ۔ انداز ۔ شوخی
۲۔ ٹھسکا ۔ ٹھسا

اٹھلو : غیر مستقل مزاج ۔ متلون مزاج ۔ بے ٹھکانے

اٹھنگل : کم عقل ۔ بے وقوف ۔ نادان ۔ کند ذہن ۔ غبی ۔ گاؤدی ۔ کودن ۔ مورکھ ۔ احمق

اٹیل : ۱۔ اٹل ۔ اچل ۔ غیر متحرک ۔ قائم
۲۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ استوار ۔ محکم

اٹیک : بے سہارے ۔ بے مدد

اثاث : ساز و سامان ۔ مال و اسباب ۔ جمع جتھا ۔ بنیاد

اثاثُ البیت : اسباب خانہ ۔ سامان خانہ داری ۔ اشیائے ضرورت ضروریاتِ زندگی ۔ گھر کا سامان

اثاثہ : ۱۔ ساز و سامان ۔ ساز و برگ
۲۔ مال و متاع ۔ پونجی ۔ جمع جتھا ۔ جائیداد

اَثبات : ۱۔ ثبوت ۔ تصدیق ۔ قیام
۲۔ دلیل ۔ برہان
۳۔ یقین ۔ ایقان ۔ تیقن
۴۔ اقرار ۔ اقبال ۔ ہاں ۔ تسلیم

اَثر : ۱۔ نقش ۔ نشان ۔ علامت ۔ داغ
۲۔ کھوج ۔ نقشِ پا ۔ سراغ
۳۔ تاثیر ۔ نتیجہ ۔ فائدہ
۴۔ خاصیت ۔ کیفیت
۵۔ کھنڈر
۶۔ دباؤ ۔ قابو ۔ اختیار
۷۔ سنتِ رسولؐ ۔ عملِ صحابہؓ ۔ حدیث

اثر پذیر : تاثیر پذیر ۔ متاثر ۔ منفعل
اثر پذیری : تاثر ۔ قبولِ اثر
اثردار : پُراثر ۔ پُرتاثیر ۔ مؤثر

اثر میں آنا ــــ اثر میں ہونا ــــ اثر میں رہنا ــــ اثر قبول کرنا ــــ اثر دکھانا ــــ اثر دیکھنا ــــ اثر ہونا ــــ اثر بخشنا ــــ اثر ظاہر ہونا ــــ اثر پذیر ــــ اثردار ــــ اثر ڈالنا ــــ اثر رکھنا ــــ اثر کرنا ــــ اثر کھنا ــــ اثر نکلنا

اَثقال : (ثقل کی جمع) بوجھ ۔ وزن ۔ اوزان ۔ بار

اثقال الارض : ۱۔ دفائنِ ارض ۔ خزائنِ زمیں
۲۔ مردے ۔ اہلِ قبور ۔ خفتگانِ خاک

اِثم : ۱۔ گناہ ۔ قصور ۔ جرم ۔ خطا ۔ تقصیر ۔ پاپ
۲۔ (مجازاً) جُوا ۔ شراب

اَثمار : (ثمر کی جمع) پھل ۔ میوے ۔ خوشے

اثمارِ جوانی/شباب : پستان ۔ چوچی ۔ سینہ ۔ چھاتی ۔ جوبن

اثناء : بیچ ۔ درمیان ۔ دوران

اثنائے گفتگو ــــ اثنائے راہ ــــ اثنائے بیان

اثواب : (ثوب کی جمع) کپڑے ۔ لباس ۔ پوشاک

اثیر : ۱۔ نشان کنندہ
۲۔ نشان زدہ
۳۔ برگزیدہ ۔ چیدہ ۔ مقبول
۴۔ بلند ۔ رفیع ۔ عالی
۵۔ لطیف مادہ ۔ ایتھر

اثیم : گناہ گار ۔ مجرم ۔ قصوروار ۔ خطاکار ۔ خاطی ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ عاصی

اِجابت : ۱۔ جواب ۔ قبولیت ۔ منظوری
۲۔ رفع حاجت ۔ پاخانہ ۔ فضلہ

اَجات/اجاتی : ذات باہر ۔ خارج از قوم

اِجارہ : ۱۔ ٹھیکہ
۲۔ کرایہ ۔ لگان
۳۔ اختیار ۔ زور ۔ دعویٰ ۔ قابو ۔ حکومت ۔ قبضہ
۴۔ کامل تصرف ۔ بلاشرکت غیرے تسلط

اجارہ دار : ۱۔ ٹھیکیدار
۲۔ کرایہ دار
۳۔ زمیندار ۔ مالک ۔ قابض

اجارہ داری : مکمل تسلط ۔ مکمل قبضہ ۔ بلاشرکتِ غیرے تسلط

اجارہ ہونا ــــ اجارہ باندھنا ــــ اجارہ دار ــــ اجارہ داری
اجارہ کرنا ــــ اجارہ لکھنا ــــ اجارہ لے لینا ــــ
اجارہ کار ــــ اجارہ نامہ

اجارہ اجاڑا

اُجاڑ: ۱۔ اجڑا ہوا۔ تباہ۔ برباد۔ ویران۔ غیر آباد۔ بے چراغ۔ اجڑا پجڑا۔ سُونا
۲۔ بربادی۔ تباہی۔ ویرانی
۳۔ ویرانہ۔ جنگل۔ بیابان

اجاڑ صورت ــــ اجاڑنا ــــ اجاڑو ــــ اجاڑ زمین ــــ
اجاڑ شہر

اُجاڑُو: ۱۔ بربادکنندہ۔ تباہ کار۔ تباہ کن
۲۔ کاڈُو۔ لاڈُو۔ فضول خرچ۔ مسرف

اجازت: ۱۔ اذن۔ آگیا
۲۔ منظوری۔ قبولیت
۳۔ رخصت۔ پروانگی
۴۔ حکم۔ ارشاد۔ امر۔ آدیش۔ بار
۵۔ سندِ رشد وہدایت
۶۔ سندِ تعلیم وتدریس

اجازت خواہ/طلب: درخواست دہندہ۔ سائل۔ مستدعی۔ ملتمس
اجازت نامہ: سند۔ اختیار نامہ

اُجاغ: چولھا۔ آتش دان۔ دیگ دان

اُجاگر: ۱۔ روشن۔ چمکیلا۔ تابندہ۔ درخشندہ۔ درخشاں۔ رخشاں۔ رخشندہ۔ تاباں۔ لائح
۲۔ ظاہر۔ عیاں۔ نمایاں۔ بیّن۔ صاف۔ واضح۔ آشکار۔ ابھرا ہوا۔ اظہر من الشمس۔ اظہر

اجاگر ہونا ــــ اجاگر کرنا ــــ اجاگر صورت

اُجالا: ۱۔ روشنی۔ نور۔ چمک۔ تابندگی۔ جوت۔ اجیالا۔ اجلت۔ اجلاپن۔ لائٹ
۲۔ صبح۔ تڑکا۔ نمودِ سحر۔ صبح کا تڑکا۔ نور کا تڑکا
۳۔ رونق۔ چہل پہل
۴۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ
۵۔ فخر۔ غرور۔ مباہات
۶۔ سجاوٹ۔ زیبائش۔ زینت
۷۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ پوت۔ ولد۔ خلف

اجالے کا پہرا: آخر رات۔ سحر۔ آغازِ صبح۔ نمودِ سحر
اجالے کا تارا: ستارۂ صبح۔ زہرہ۔ ناہید۔ شکر

اجالا ہونا ــــ اجالا کرنا ــــ گھر کا اجالا قائم رہنا ــــ
اُجالا پڑنا

اُجالنا: چمکانا۔ صاف کرنا۔ میل نکالنا

زیور اجالنا ــــ دل اجالنا ــــ رنگ اجالنا

اُجان: ۱۔ ان جان۔ ناواقف۔ لاعلم۔ نابلد۔ جاہل
۲۔ نادان۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ اناڑی
۳۔ بے خبر
۴۔ سادہ مزاج۔ سادہ لوح
۵۔ معصوم۔ بے گناہ۔ بے خطا۔ بے قصور

اُجانی: ۱۔ ان جانی۔ ناواقفیت۔ لاعلمی۔ جہالت

۲۔ ناوانی۔ بیوقوفی۔ حماقت۔ اناڑی پن
۳۔ عدم معذرت
۴۔ سادہ مزاجی۔ سادہ لوحی
۵۔ معصومیت۔ بے گناہی۔ بے قصوری۔ بے تقصیری

اِجبار: جبر۔ زبردستی۔ زیادتی۔ مجبوری

اَجت: ۱۔ غیر مفتوح۔ غیر مغلوب۔ غیر مسخر
۲۔ مستحکم۔ محکم۔ مضبوط

اِجتماع: مجمع۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ اکٹھ۔ جمگھٹا۔ اژدہام۔ جلوس

اجتماعِ ضدین/نقیضین: متضاد اشیا کا اجتماع۔ اجتماعِ مخالفین

اِجتماعی: مجموعی۔ اکٹھا۔ معاشرتی

اِجتناب: ۱۔ پرہیز۔ کنارہ کشی۔ احتراز۔ علیحدگی۔ کنارہ
۲۔ گوشہ گیری۔ یکسوئی

اِجتہاد: ۱۔ جدوجہد۔ کوشش۔ جستجو۔ سعی۔ کاوش۔ سعیِ بلیغ
۲۔ غور و فکر۔ غور و خوض۔ سوچ بچار
۳۔ استخراجِ مسائل۔ استنباطِ مسائل
۴۔ اختراع۔ جدت آفرینی

اَجداد (جد کی جمع): دادے۔ بڑے۔ بزرگ۔ اسلاف۔ مورثان۔
وڈوڈیرے۔ جدِ امجد۔ باپ دادا

اُجڈ: گنوار۔ جاہل۔ کندۂ ناتراش۔ بے سلیقہ۔ بے تہذیب۔ بیہودہ
بدتہذیب۔ اجہل۔ بے وقوف

اجڈپن: گنوارپن۔ جہالت۔ بے سلیقگی۔ بے ہودگی۔ بدتہذیبی

اجر: عوض۔ بدلہ۔ مزدوری۔ صلہ۔ جزا۔ ثواب۔ معاوضہ۔ محنتانہ

اجرا: ۱۔ آغاز۔ شروع۔ ابتدا
۲۔ نفاذ۔ تعمیل۔ عمل درآمد۔ جاری کرنا۔ کام چلانا

اجرائے سفینہ۔ پرچے کا اجرا۔ سے کا اجرا۔ اجرائے ڈگری

اَجرام: ۱۔ (جرم کی جمع) اجسام۔ جواہرات۔ اجساد
۲۔ (جُرم کی جمع) خطائیں۔ گناہ۔ تقصیرات

اجرامِ فلکی/سماوی: آسمانی اجسام۔ چاند۔ سورج۔ ستارے۔ سیارے

اُجرت: مُزد۔ مزدوری۔ محنتانہ۔ حق الخدمت۔ معاوضہ۔ حق السعی۔
بدلہ۔ صلہ۔ کرایہ۔ عوض۔ جزا۔ اجورہ۔ اجور

اجرت خالص: نقد مزدوری۔ نقد معاوضہ

اُجڑا: ۱۔ ویران۔ برباد۔ غیرآباد۔ سونا۔ بے رونق۔ بے چراغ
۲۔ تاراج شدہ۔ تباہ۔ لٹا پٹا۔ خراب

اجڑا بجڑا: لٹا پٹا۔ ویران۔ بے رونق
اجڑے گھر کا لمینڈا: برباد گھر کا کما پسماندہ

اجڑی زمین ۔۔۔ اجڑا وطن ۔۔۔ اجڑا دیار ۔۔۔ اجڑا گھر بسانا

اجڑے گا جس سے کیا ناتا
اجڑی ہوئی کیسے بس تھی مگر وہی طنطنہ

اجزا: (جزو کی جمع): ۱۔ ٹکڑے۔ حصے
۲۔ ارکان۔ ممبر۔ اراکین۔ ممبران

اجزا خانہ: دواخانہ۔ دکانِ عطار۔ عطار خانہ
اجزائے ترکیبی: حصصِ مرکب۔ عناصرِ ترکیبی
اجزائے متناسبہ: موزوں و مناسب حصے۔ کمی بیشی سے محفوظ حصے

اُجَس: ۱۔ بدنام۔ برا۔ خراب۔ بے عزت۔ ذلیل
۲۔ بدنامی۔ بے عزتی۔ رسوائی۔ ذلت

اَجساد: اجسام۔ اجرام

اجسام: اجساد۔ اجرام

اَجگر: ۱۔ اژدر۔ اژدہا۔ بہت بڑا سانپ
۲۔ بھاری۔ وزنی۔ بھدّا

اجگر کرے نہ چاکری، پنچھی کرے نہ کام
داس ملوکا یوں کہے سب کے داتا رام
اجگر کے داتا رام

اَجَلّ: بہت بزرگ۔ بزرگ تر۔ ذی شان۔ ذی عزت۔ ذی وقار۔ بڑا۔ بزرگ

عالمِ اجلّ ــــ طبیبِ اجل

اَجَل: ۱۔ مقررہ وقت۔ ساعتِ مقررہ۔ زمانِ مرگ
۲۔ مدت۔ وقت۔ عرصہ۔ مہلت
۳۔ موت۔ مرگ۔ قضا۔ وفات۔ بازِ مردم شکار
۴۔ بے محابہ پلنگ۔ بے محابہ نہنگ

اجل دامن گیر ہونا ــــ اجل آنا ــــ اجل رسیدہ ــــ اجل سر پر سوار ہونا ــــ اجل سر پہ کھیلنا ــــ اجلِ طبعی ــــ اجل کا پیغام آنا ــــ اجل کا طمانچہ ــــ اجل کا تھپیڑا

اجل رسیدہ / گرفتہ: قریبِ مرگ۔ اجل گرفتہ۔ جاں بلب۔ پا در رکاب۔ پا در گور۔ آفتابِ لبِ بام۔ چراغِ سحری۔ گور کنارے۔ چتا کنارے۔ چلنہار۔ جانہار۔ آفتاب سرِ کوہ۔ چراغِ دمِ صبح۔ باگ پر ہاتھ۔ گھڑی کا مہمان
اجل کا تھپیڑا: مہلک ضرب۔ مہلک مرض۔ مرض الموت

اُجَل: ۱۔ روشن۔ چمکیلا۔ منور۔ تابندہ۔ درخشندہ
۲۔ سفید۔ صاف۔ بے میل

اجل برن: سفید پوش۔ سفید باس
اجل بدھ: عقلِ سلیم۔ گیان

اُجلا: ۱۔ سفید۔ گورا۔ چٹا
۲۔ صاف۔ شفاف۔ مجلّا۔ ستھرا
۳۔ چمکیلا۔ روشن۔ منور۔ تاباں۔ تابندہ۔ درخشاں۔ درخشندہ۔ رخشاں۔ رخشندہ
۴۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس
۵۔ چالاک۔ ہوشیار۔ فہیمہ۔ عاقل

اجلا آدمی: ۱۔ سفید پوش
۲۔ باعزت۔ شریف
۳۔ صاف دل۔ صاف باطن۔ بھلا مانس
۴۔ باشعور۔ ذی فہم۔ سمجھ والا
اجلاپن: صفائی۔ سفیدی۔ چک دمک۔ درخشانی
اجلا کام: صاف کام۔ سلیقہ کا کام۔ باقرینہ کام۔ اچھا کام

اجلوا اجلو سب بھلو، اجلو بھلو نہ کیس
ناری نوے نہ ریپ ڈرے، نہ آدر کرے نریش

اِجلاس: ۱۔ کچہری۔ عدالت۔ دربار
۲۔ جلسہ۔ نشست

اجلاف : (جلف کی جمع) کمینے۔ سفلے۔ کم ذات

اجلال : بزرگی۔ شان۔ شکوہ۔ شوکت۔ عظمت۔ عزت۔ بڑائی۔ وقار

اَجِلّہ : (جلیل کی جمع) بزرگانِ ذی شان۔ اصحاب ذوی الاحترام۔ اعاظم

اِجماع : ۱۔ اتفاق۔ اتفاقِ رائے۔ یک رائی
۲۔ مجمع۔ انبوہ۔ اجتماع

اجماعِ امت : اتفاقِ امت۔ اتحادِ قوم۔ ایک اتفاق رائے۔ اتفاقِ قوم

اِجمال : خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار۔ ایجاز

اِجمالی : ۱۔ مختصر۔ مبہم۔ گول مول
۲۔ مشترکہ۔ مجموعی

اَجمل : بہت خوبصورت۔ بہت حسین۔ بہت سندر

اجناس : (جنس کی جمع) ۱۔ اقسام۔ انواع
۲۔ اشیاء۔ چیزیں

اجنبی : ۱۔ پردیسی۔ مسافر۔ غیر ملکی۔ بدیسی
۲۔ بیگانہ۔ ناآشنا۔ ناواقف
۳۔ اوپرا۔ غیر۔ بیگانہ۔ انجان
۴۔ عجیب۔ غریب۔ نامانوس

اجنبیت : بیگانگی۔ عدم واقفیت۔ غیریت۔ ناآشنائی

اجنحہ : (جناح کی جمع) بازو۔ پر

اجنّہ : (جنین کی جمع) ۱۔ پیٹ کے بچے
۲۔ (غلط العوام) جنّات۔ جن

اَجوائن : اجود۔ نانخواہ۔ زنیان۔ بزر البنج۔ انجاسانی۔ جوائن۔ جوانی۔ دیپک۔ دیپیا۔ جوانیکا۔ جواساضا۔ اوپرگندھار۔ جوانوا۔ بوک دیواک۔ رڈ۔ جوان۔ ردکھ کاندرا۔ مدکارنی۔ بدرالبنج۔ پیرکیے۔ جوانی ویکن۔ جوایو کرمانی جواں

اَجوت : ۱۔ غیر منور۔ ناروشن۔ دھندلا۔ تاریک
۲۔ غیر مزروعہ۔ ناکاشتہ۔ بنجر

اجورہ : اجرت۔ مزدوری۔ کرایہ۔ بھاڑا

اجوری : زرعی مزدوروں کی پیشگی۔ سائی۔ بیعانہ

اَجوَف : کھوکھلا۔ خالی۔ جوف دار

اَجہَل : بڑا جاہل۔ سخت اجڈ۔ پرلے درجے کا بے وقوف۔ جاہل ترین۔ احمق

اجیالا : اجیارا۔ اجالا۔ روشنی۔ چمک۔ رونق۔ چہل پہل

اَجیت : ۱۔ غیر مغلوب۔ غیر مفتوح۔ ناقابلِ شکست
۲۔ جرار۔ مضبوط۔ قوی
۳۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے نظیر۔ بے مثال

اجیر : مزدور۔ محنت کش۔ ملازم۔ نوکر۔ چاکر

اجیرن : ۱۔ ناگوار۔ بارِ خاطر۔ دوبھر۔ گراں۔ وبالِ جان۔ باعثِ تکلیف
۲۔ بیزار کن۔ غیر دلچسپ
۳۔ غیر منہضم۔ ثقیل (غذا)
۴۔ تکلیف دہ۔ مضر۔ مضرت رساں۔ نقصان دہ

۵۔ نفرت انگیز۔ کراہت آمیز
۶۔ دشوار۔ مشکل
۷۔ بیمار۔ مریض۔ علیل۔ روگی
۸۔ مصر۔ ضدی۔ ہٹیلا
۹۔ بدہضمی۔ امتلا۔ اپھراہٹ۔ اپھارا
۱۰۔ مضبوط۔ طاقتور۔ دلیر۔ بہادر

اجیرن کو اجیرن ہی جھیلے، نہیں تو سر چوہٹے کیلے

اُچاپت: ۱۔ ادھار۔ ادھار کا لین دین
۲۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ ہنگامہ
۳۔ اچھل کود۔ کود پھاند
۴۔ بدمعاشی۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا

اُچاپتی: ۱۔ مدیون۔ مقروض۔ قرض دار۔ دین دار
۲۔ قارض۔ قرض خواہ۔ دائن

اُچاٹ: ۱۔ بیزار۔ اداس۔ اکتایا ہوا۔ دل برداشتہ
۲۔ راندہ۔ خارج شدہ۔ جلاوطن۔ برخاستہ
۳۔ خوف زدہ۔ دہشت زدہ۔ وحشت زدہ
۴۔ مہجور۔ مفروق۔ فرقت زدہ
۵۔ ناراض۔ ناخوش۔ خفا
۶۔ جلاوطنی۔ دیس نکالا۔ بن باس
۷۔ جدائی۔ ہجر۔ فراق۔ فرقت
۸۔ ناراضگی۔ خفگی۔ ناخوشی
۹۔ ڈر۔ خوف۔ وحشت۔ دہشت
۱۰۔ اداسی۔ بیزاری۔ اکتاہٹ

اچار: آچار۔ اپچار۔ مخلل۔ پکل

اچار اٹھنا ـــ اچار بنانا ـــ اچار ڈالنا ـــ اچار پڑنا ـــ اچار کر دینا ـــ اچار نکال دینا ـــ اچار نکلنا ـــ اچار ہو جانا ـــ اچاری ـــ اچار بگڑ جانا

اُچارن: تلفظ۔ لہجہ۔ بول

اَچانک: یکایک۔ ناگہاں۔ دفعتہً۔ بغتۃً۔ ناگاہ۔ یک بیک۔ اچانچک۔ بےخبر

اچپل: ۱۔ شوخ۔ چنچل۔ چلبلا
۲۔ بےچین۔ بےقرار۔ بےتاب۔ بیکل۔ مضطرب۔ بےصبر
۳۔ بےوفا۔ متغیر۔ متلون
۴۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش

اچپلاپن/اچپلاہٹ/اچپلتا: ۱۔ شوخی۔ چلبلاہٹ۔ چنچل پن
۲۔ ناز و ادا۔ انداز۔ کرشمہ۔ غمزہ
۳۔ بےقراری۔ بےتابی۔ بےچینی۔ بےکلی۔ اضطراب
۴۔ بےوفائی۔ تغیر۔ تلون
۵۔ ضد۔ ہٹ۔ سرکشی

اُچٹانا: چٹخانا۔ اکھیڑنا۔ بیزار کرنا

طبیعت اچٹانا ـــ نیند اچٹانا

اُچٹنا: برخاستہ ہونا۔ بیزار ہونا۔ پھٹنا۔ بھڑکنا۔ اچھنا۔ بھٹکنا۔ الگ ہوجانا۔ کٹ کھنا۔ اکتانا۔ برداشتہ خاطر ہونا۔ اچکنا

اُچرج: ۱۔ انوکھا۔ عجیب۔ حیرت انگیز۔ نیا۔ حیران کن۔ اچھوتا۔ نرالا۔ نادر۔ اوّلاً
۲۔ حیران۔ حیرت زدہ۔ متحیّر
۳۔ انوکھاپن۔ اعجوبہ۔ حیرت۔ حیرانی۔ تعجب۔ اچنبھا

اُچکّا: ۱. اٹھائی گیرا۔ بدمعاش۔ جیب کترا۔ جیب تراش۔ شاطر۔ پاکٹ مار۔ چور۔ دزد۔ ڈاکو۔ کیسہ بر
۲. خوف زدہ۔ پریشان

اُچکاپن: ۱. بدمعاشی۔ چوری۔ دزدی۔ کیسہ بری۔ آوارگی۔ بدچلنی۔ اٹھائی گیراپن
۲. خوف۔ پریشانی

اُچکنا: جست کرنا۔ پھاندنا۔ پھلانگنا۔ ابھرنا۔ زور پر آنا۔ بلند ہونا۔ اونچا ہونا

اَچل: اٹل۔ بے حرکت۔ غیر متحرک۔ ساکن۔ قائم

اچل سُر: غیر متبدل سُر۔ غیر متغیر سُر۔ قائم سُر۔ یعنی کھرج اور پنچم۔ سا اور پا

اُچلا چال: شوخ۔ چنچل۔ سنچلا۔ بے قرار۔ چلبلا

اچنبھا: ۱. تعجب۔ حیرت۔ حیرانی۔ انوکھاپن
۲. تعجب خیز واقعہ۔ حیرت انگیز بات۔ عجوبہ۔ عجیب۔ انوکھا۔ نرالا۔ عجیب بات۔ نئی بات۔ انوکھی بات۔ اچرج۔ انوتھا

اچنبھے میں رہنا — اچنبھے میں رہ جانا — اچنبھے میں پڑ جانا — اچنبھا ہونا

اَچنت: ۱. بے پروا۔ بے فکر۔ نچنت۔ غافل
۲. جلد باز۔ عاجل۔ تعجیل کار

اَچنتا: ۱. بے پروائی۔ بے فکری۔ تغافل۔ غفلت
۲. جلد بازی۔ عجلت۔ تعجیل

اچنتت: اچانک۔ غیر متوقعہ۔ غیر متوقع۔ خلاف توقع

اُچنچل: ۱. بے حرکت۔ ساکن۔ اچل۔ اٹل
۲. ثابت۔ سالم
۳. قائم۔ مستقل
۴. چپ چاپ۔ خاموش
۵. بیکار۔ نکما
۶. غیر متاثر۔ اثر ناپذیر۔ بے حس

اُچنگ: دلی خواہش۔ دلی تمنا۔ من مرضی۔ موج۔ تُدحر۔ لہر

اُچوک: ۱. بے چوک۔ یقینی۔ بے خطا
۲. صحیح نشانہ باز۔ قادر انداز۔ مشاق

اچھا: ۱. تندرست۔ صحت مند۔ جوان
۲. صحیح۔ درست۔ ٹھیک۔ بھلا۔ خیر
۳. مبارک۔ مسعود۔ سعید۔ محمود۔ حسن
۴. بہتر۔ مناسب۔ خوب۔ فائق۔ برتر۔ بہت خوب
۵. مفید۔ سزاوار۔ فائدہ مند۔ نفع بخش
۶. کام کا۔ کارده
۷. صحت بخش۔ فرحت افزا
۸. موافق۔ مساعد۔ سازگار
۹. خالص۔ اصلی
۱۰. نیک۔ بھلا۔ نکو
۱۱. چالاک۔ چابکدست۔ تردست
۱۲. کاریگر۔ کارکن۔ مشاق
۱۳. خوش۔ کامیاب۔ کامران
۱۴. درمیانہ۔ سستا۔ ارزاں
۱۵. افضل۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ رائق۔ زین۔ اولیٰ

اچھا برا: بھلا برا۔ نیک و بد۔ نفع و نقصان۔ معمولی

اچھا بھلا: ۱. بھلا چنگا۔ تندرست
۲. بے عیب۔ حسب پسند۔ صاف

اچھاخاصا : اچھابھلا۔ درست۔ اچھاچنگا۔ حسب ضرورت۔ صحیح وسلامت۔ تندرست۔ بھلاچنگا

اچھے لوگ : نیک بندے۔ خوش نصیب لوگ۔ کھاتے پیتے لوگ خوش حال لوگ

اچھے وقت : بروقت۔ عین موقع پر۔ صحیح وقت پر۔ ضرورت کے وقت۔ گزرے زمانے

اچھلو، جو اچھا کرے
اچھا کیا رملی نے بُرا کیا شیطان نے
اچھے ہے اُن، پران گئے دنگل
اچھے بُرے میں چار انگل کا فرق ہے
اچھی بھلی گرد سترہ سیر
اچھی شے اپنے لئے آپ جگہ کر لیتی ہے
اچھے گھر بیعانہ دیا
اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے

اِچّھا : ۱۔ خواہش۔ تمنا۔ طلب۔ مراد۔ مرضی۔ آرزو۔ میلان۔ رجحان۔ جھکاؤ۔ رغبت
۲۔ نیت۔ قصد۔ ارادہ۔ عزم

اِچّھا چاری : اپنی مرضی کا مالک۔ من موجی۔ خودرائے

اُچھال : ۱۔ پھینک
۲۔ اچھل کود۔ کود پھاند

اُچھالا : ۱۔ جوش۔ ابال۔ پھینک
۲۔ قے۔ الٹی۔ جی بُرا

اچھال چھکا : چھنال۔ بدکار۔ فاحشہ۔ اوباش۔ بدوضع۔ بدکردار۔ بدچلن دتوتی

اُچھالنا : بلند کرنا۔ اونچا کرنا

دودھ اچھالنا ــــ لٹو اچھالنا ــــ گولے اچھالنا ــــ شعلے اچھالنا ــــ کوڑیاں اچھالنا ــــ نام اچھالنا

اَچھان : ۱۔ اَن چھنا۔ بے چھنا
۲۔ غیر خالص۔ ملاوٹی

اَچھائی : اچھاپن۔ خوبی۔ نیکی۔ خوب صورتی۔ حسن۔ نکوئی

اُچھل کود : کود پھاند۔ کھیل کود

اُچھلنا : ۱۔ پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا۔ عود کر آنا۔ ابھرنا۔ ترنا
۲۔ غرور کرنا۔ ناز کرنا۔ فخر کرنا۔ تڑپنا

اَچھوت : ۱۔ نہ چھوا ہوا۔ کورا۔ تازہ۔ پاک۔ صاف۔ غیر ممسوح
۲۔ شودر۔ بھنگی۔ چمار

اچھوتا : ۱۔ نہ چھوا ہوا۔ بے ہاتھ لگا۔ کورا۔ بن چھوا۔ تازہ۔ پاک۔ صاف۔ محفوظ۔ پارسا۔ غیر مستعمل۔ جوں کا توں
۲۔ انوکھا۔ عجیب۔ نیا۔ سترنج۔ اوٹلا۔ اچنبھا۔ نرالا۔ نادر
۳۔ نذر نیاز کا۔ دیوی دیوتا کے نام کا

اچھوتی : ۱۔ نہ چھوئی ہوئی۔ پاک۔ صاف۔ غیر مستعمل۔ نذر و نیاز کی چیز
۲۔ کنواری۔ باکرہ۔ دوشیزہ

اچھوتی کوکھ : اولاد کے صدمہ سے محفوظ عورت

اچھی طرح : بوجہ احسن۔ بآئین احسن۔ بطریق احسن۔ خوش اسلوبی کے ساتھ۔ عمدگی کے ساتھ۔ خوبی کے ساتھ

اچیت : ۱۔ بے ہوش۔ بے سدھ۔ بے حواس
۲۔ بے پروا۔ بے فکر۔ غافل

اِحتیاط : ۱۔ ہوشیاری۔ خبرداری۔ ہوشیاری برتنا
۲۔ حفاظت ۔ چوکی
۳۔ دوراندیشی ۔ عاقبت اندیشی ۔ حزم
۴۔ پرہیز۔ کنارہ کشی۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ الگ رہنا۔ کنارہ کرنا۔ کترانا

اَحجار : (حجر کی جمع): پتھر۔ کنکریاں

اَحد : اکیلا۔ یگانہ۔ لاشریک۔ یکتا۔ بے ہمتا

اَحدی : ۱۔ یکتا۔ یگانہ
۲۔ سست۔ کاہل۔ سہل انگار۔ آرام طلب

اَحدیّت : یکتائی۔ یگانگی۔ اکائی۔ اکیلاپن

اَحرار : آزادگان۔ آزاد لوگ۔

اِحراز : بچاؤ۔ حفاظت۔ نگہداشت

اِحراق : جلن۔ سوزش۔ حدت

اَحزاب : گروہ۔ جماعتیں۔ افواج۔ ٹولے۔ جتھے

اَحزان : غم۔ اندوہ۔ دکھ۔ درد۔ رنج۔ تکلیف

اِحساس : تاثر۔ علم۔ خیال۔ درد۔ ہمدردی۔ ہوش۔ سمجھ بوجھ

اِحسان : ۱۔ نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ نکوئی۔ نیک کام۔ امتنان۔ بِر۔ داشات۔ ایثار۔ امتیاز
۲۔ اچھا سلوک۔ مہربانی۔ عنایت۔ مروّت۔ کرم۔ نوازش
۳۔ بخشش۔ انعام۔ عطیہ۔ تحفہ۔ اجر۔ ثمرہ

احسان شناس : منت شناس۔ متشکر۔ قدر شناس۔ شکرگزار۔ منت شناس
احسان شناسی : منت شناسی۔ شکرگزاری۔ تشکر۔ قدر شناسی
احسان فراموش : قدر ناشناس۔ احسان ناشناس۔ ناشکرا۔ ناسپاس
احسان فراموشی : قدر ناشناسی۔ ناشکری۔ ناسپاسی۔ احسان ناشناسی
احسان مند : شکرگزار۔ متشکر۔ سپاس گزار۔ ممنون۔ رہینِ منت۔ مرہونِ منت۔ منت کش۔ منت گزار۔ زیر بارِ منت۔ شرمندۂ احسان
احسان مندی : شکرگزاری۔ سپاس گزاری۔ ممنونیت۔ منت کشی۔ منت گزاری
احسان ناشناس : احسان فراموش۔ ناشکرا۔ کمینہ۔ ناسپاس
احسان ناشناسی : احسان فراموشی۔ احساس نہ ہونا۔ ناشکری۔ ناسپاسی۔ کمینگی

احسان کرنا ___ احسان اتارنا ___ احسان اٹھانا ___
احسان جتانا ___ احسان دھرنا ___ احسان رکھنا ___
احسان فراموش ___ احسان گردن سے اترنا ___ احسان ماننا ___ احسان مند ہونا

احسان کر اور دریا میں ڈال
احسان لیجیے جہان کا نہ لیجیے شاہ جہان کا

اَحسن : ۱۔ بہت نیک۔ بہت خوب۔ بہت اچھا۔ خوب۔ نیکوتر۔ عمدہ تر
۲۔ بہت خوبصورت۔ بہت حسین۔ پسندیدہ تر

احسن تقویم : (لغوی معنی عمدہ بناوٹ)
(کنایتہً) : انسان۔ آدمی۔ آدم زاد۔ بشر

اَحسَنتَ : آفرین۔ شاباش۔ واہ واہ۔ مرحبا

احشا : اندرونی اعضا۔ عضلات

اِحتیاط : ۱۔ ہوشیاری۔ خبرداری۔ ہوشیاری برتنا
۲۔ حفاظت ۔ چوکی
۳۔ دوراندیشی ۔ عاقبت اندیشی ۔ حزم
۴۔ پرہیز۔ کنارہ کشی۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ الگ رہنا۔ کنارہ کرنا۔ کتـرانا

اَحجار : (حجر کی جمع): پتھر۔ کنکریاں

اَحـد : اکیلا۔ یگانہ۔ لاشریک۔ یکتا۔ بے ہمتا

اَحـدی : ۱۔ یکتا۔ یگانہ
۲۔ سست ۔ کاہل۔ سس انگار ۔ آرام طلب

اَحدیت : یکتائی۔ یگانگی۔ اکائی۔ اکیلاپن

اَحـرار : آزادگان۔ آزاد لوگ۔

اِحـراز : بچاؤ۔ حفاظت۔ نگہداشت

اِحـراق : جلن۔ سوزش۔ حدت

اَحزاب : گروہ۔ جماعتیں۔ افواج۔ ٹولے۔ جتھے

اَحزان : غم۔ اندوہ۔ دکھ۔ درد۔ رنج۔ تکلیف

اِحساس : تاثر۔ علم۔ خیال۔ درد۔ ہمدردی۔ ہوش۔ سمجھ بوجھ

اِحسان : ۱۔ نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ نکوئی۔ نیک کام۔ امتنان۔ بر۔ داشات۔ داشار۔ مغیاذ
۲۔ اچھا سلوک۔ مہربانی۔ عنایت۔ مروّت۔ کرم۔ نوازش
۳۔ بخشش۔ انعام۔ عطیہ۔ تحفہ۔ اجر۔ ثمرہ

احسان شناس : منت شناس۔ متشکر۔ قدر شناس۔ شکر گزار۔ منت شناس
احسان شناسی : منت شناسی۔ شکر گزاری۔ تشکر۔ قدر شناسی
احسان فراموش : قدر ناشناس۔ احسان ناشناس۔ ناشکرا۔ ناسپاس
احسان فراموشی : قدر ناشناسی۔ ناشکری۔ ناسپاسی۔ احسان ناشناسی
احسان مند : شکر گزار۔ متشکر۔ سپاس گزار۔ ممنون۔ رہین منت۔ مرہون منت۔ منت کش۔ منت گزار۔ زیر بار منت۔ شرمندۂ احسان
احسان مندی : شکر گزاری۔ سپاس گزاری۔ ممنونیت۔ منت کشی۔ منت گزاری
احسان ناشناس : احسان فراموش۔ ناشکرا۔ کمینہ۔ ناسپاس
احسان ناشناسی : احسان فراموشی۔ احساس نہ ہونا۔ ناشکری۔ ناسپاسی۔ کمینگی

احسان کرنا ــــ احسان اتارنا ــــ احسان اٹھانا ــــ
احسان جتانا ــــ احسان دھرنا ــــ احسان رکھنا ــــ
احسان فراموش ــــ احسان گردن سے اترنا ــــ احسان
ماننا ــــ احسان مند ہونا

احسان کر اور دریا میں ڈال
احسان لیجیے جہان کا نہ لیجیے شاہ جہان کا

اَحسَن : ۱۔ بہت نیک۔ بہت خوب۔ بہت اچھا۔ خوب۔ نیکوتر۔ عمدہ تر
۲۔ بہت خوبصورت۔ بہت حسین۔ پسندیدہ تر

احسن تقویم : (لغوی معنی عمدہ بناوٹ)
(کنایتہً) : انسان۔ آدمی۔ آدم زاد۔ بشر

اَحسَنت : آفرین۔ شاباش۔ واہ واہ۔ مرحبا

احشا : اندرونی اعضا۔ عضلات

اِحصاء : گنتی۔ شمار۔ مردم شماری۔ انضباط

اِحصار : احاطہ۔ گھیرا۔ گھیر۔ حصار

اِحصان : ۱۔ کدخدائی۔ شادی۔ نکاح
۲۔ پاکدامنی۔ عصمت۔ پرہیزگاری
۳۔ مضبوطی۔ استحکام۔ قلعہ بندی

اِحضار : ۱۔ حاضری۔ موجودگی
۲۔ طلبی۔ حکمِ حاضری

اَحفاد : پوتے۔ نواسے۔ اسباط۔ اخلاف۔ اعقاب

اَحق : ۱۔ زیادہ حق دار۔ زیادہ مستحق
۲۔ بہت لائق۔ نہایت موزوں۔ انتہائی مناسب۔ سزاوار

اِحقاق : اثباتِ حق۔ اظہارِ حق۔ حق گوئی۔ حق پرستی۔ عدل گستری

اَحقر : نہایت حقیر۔ بہت ذلیل۔ کم ترین۔ فدوی۔ بندہ۔ ناچیز۔ ہیچمیرز۔ ہیچمداں۔ خاکسار

اَحکام : فرامین۔ امور۔ اوامر۔ ہدایات۔ ارشادات۔ فرمودات۔ حکم نامے

احکام صادر کرنا ــــ احکام سنانا ــــ احکام ماننا ــــ احکام سے روگردانی کرنا

اَحکم : ۱۔ بہت مضبوط۔ نہایت پائدار
۲۔ سب سے بڑا حاکم۔ سب سے بڑا فرماں روا۔ حاکمِ بالا

احکم الحاکمین : حاکموں کا حاکم۔ فرمانرواؤں کا فرمانروا

(کنایتہً) خدا۔ اللہ تعالیٰ

اَحلام : خواب۔ سپنے۔ رؤیا

اَحمد : ۱۔ ستودہ تر۔ زیادہ لائقِ ستائش۔ بہت تعریف کے قابل
۲۔ نامِ پیغمبرِ آخرالزماں۔ محمد۔ ابوالقاسم

احمد کی پگڑی محمود کے سر
احمد کی داڑھی بڑی ہے یا محمود کی

اَحمر : سرخ۔ لال۔ گل گوں۔ گل رنگ۔ گل فام۔ لعلیں

اَحمق : بے وقوف۔ مورکھ۔ نادان۔ کودن۔ بے عقل۔ سادہ لوح۔ گاؤدی۔ بوبک۔ نافہم۔ بدھو

احمق پن : بیوقوفی۔ نادانی۔ مورکھتا۔ بے عقلی۔ سادہ لوحی۔ حماقت۔ حمق

احمق سے پڑی بات، کاڑھ کھوا اپنا توڑ دو دانت
احمق گتا ہرنا کھیدے

اَحمق بنانا : بے وقوف بنانا۔ بنانا۔ اُلو بنانا۔ چارنا۔ چلانا۔ جُل دینا۔ بُتا دینا۔ چلنا۔ چال دینا

اَحناف : مقلدینِ امام ابوحنیفہؒ۔ اہلِ تسنن۔ سنی۔ اہلسنت

اَحوال : حالات۔ کیفیات۔ کیفیت۔ واقعات۔ بات۔ صورتِ حال۔ حقیقتِ حال۔ سرگزشت۔ کاز۔ کازہ۔ کچہ۔ کلیک۔ کرج

احوال پُرسی : استفسارِ حال۔ مزاج پرسی۔ احوال دریافت کرنا

اُحْوَل : بھینگا۔ کج نظر۔ کج نگاہ

اَحْیا : زندگان۔ زندہ لوگ۔ جیتے جاگتے

اِحْیا : ۱۔زندگی۔ زیست۔ حیاتِ تازہ۔ نشاۃ
۲۔ ترویج۔ رواج

احیائے ثانیہ : ۱۔نئی زندگی۔ حیاتِ نو۔ دوبارہ زندگی۔ نشاۃِ ثانیہ
۲۔ ترویجِ نو۔ دوبارہ رواج

اَحیان : زمانے۔ مدتیں۔ اوقات۔ ادوار

احیاناً : اتفاقاً۔ وقتاً فوقتاً۔ کبھی کبھی۔ شاید۔ کسی وقت۔ کبھی۔ بھولے سے

اَخ : بھائی۔ برادر۔ اخی

اَخّاذ : یابندہ۔ اخذ کنندہ۔ حاصل کنندہ۔ وصول کنندہ۔ گیرندہ

اَخبار : (بطور جمع) : خبریں۔ حالات۔ اطلاعات۔ واقعات۔ احوال۔ کیفیات
(بطور واحد) : خبرنامہ۔ روزنامہ۔ پرچہ۔ جریدہ۔ صحیفہ۔ نیوز پیپر

اخبار کے فرشتے : کراماً کاتبین
اخبار نویس : نامہ نگار۔ پرچہ نگار۔ صحافی۔ جرنلسٹ
اخبار نویسی : نامہ نگاری۔ پرچہ نگاری۔ صحافت

اخبار کا پرچہ ـــــ اخبار کا ہرکارہ

اَخبث : بہت خبیث۔ بہت گندہ۔ پلید تر

اُخت : بہن۔ ہمشیر۔ خواہر۔ بھینا۔ بہنا

اِختتام : خاتمہ۔ انجام۔ اخیر۔ تکمیل۔ انت۔ پایان۔ سِری۔ انتہا۔ آخر۔ اتمام

اختتام پذیر ـــ اختتام کو پہنچانا ـــ آغاز و اختتام

اَختر : ۱۔ستارہ۔ سیارہ۔ نجم۔ کوکب۔ طالع۔ تارا۔ سِتار
۲۔قسمت۔ تقدیر۔ نصیب۔ بھاگ۔ اقبال
۳۔جھنڈا۔ عَلَم
۴۔فال۔ شگون۔ سَگون
۵۔فرشتۂ زمین۔ موکل کرۂ ارض
۶۔منزلِ قمر

اخترِ جوزا : عطارد۔ دبیرِ فلک۔ قاضیٔ چرخ۔ بُدھ
اخترِ دانش : عطارد و مشتری
اختر دنبالہ دار : دُم دار ستارہ۔ ذات الذنب
اختر سوختہ : بری قسمت۔ بری تقدیر۔ بدنصیبی۔ نحوست۔ بدبختی۔ طالع بد
اختر شمار : ۱۔شب بیدار۔ عاشقِ مہجور
۲۔نجومی۔ ستارہ بین۔ جوتشی
اختر شماری : ۱۔شب بیداری۔ بے چینی۔ بے قراری۔ بے تابی۔ فراق زدگی۔ مہجوری
۲۔زائچہ سازی۔ جوتش۔ تنجیم۔ ستارہ بینی
اختر شناس : ستارہ شناس۔ ستارہ بیں۔ انجم شناس۔ نجومی۔ منجم۔ جوتشی
اختر شناسی : ستارہ شناسی۔ ستارہ بینی۔ انجم شناسی۔ تنجیم۔ جوتش۔ علم سیارگاں

بداختر ـــ بلند اختر ـــ نیک اختر ـــ روشن اختر ـــ سیہ اختر

اِختراع : ایجاد۔ احداث۔ ابداع۔ نئی بات۔ جدت۔ اکتشاف۔ بدعت۔
نئی راہ۔ دستورِ جدید۔ طرزِ نو۔ آئینِ نو

اُخترِ بُختر : استر بستر۔ بوریا بستر۔ اوڑھنا بچھونا۔ ساز و سامان۔ مال و متاع۔
اسباب۔ بوریا بدھنا۔ ٹانڈ ٹنڈیرا

اِختصار : خلاصہ۔ اجمال۔ ایجاز۔ انتخاب

اِختصاص : خصوصیت۔ تخصیص۔ خصوصی مہارت۔ تخصص

اِختصاصی : متخصص۔ ماہرِ خصوصی۔ سپیشلسٹ

اِختفاء : اخفاء۔ پوشیدگی۔ رازداری۔ پردہ داری

اِختلاج : بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ اضطراب۔ دھڑکن۔ پھڑکن

اِختلاط : ۱۔ محبت۔ دوستی۔ میل جول۔ ریل میل۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔
راہ و رسم۔ بے تکلفی
۲۔ آمیزش۔ ملاوٹ
۳۔ گرمجوشی۔ چھیڑ چھاڑ۔ راز و نیاز

اختلاطِ باطنی : پوشیدہ چھیڑ چھاڑ۔ ہم بستری۔ مباشرت۔ مجامعت۔
جماع۔ صحبت
اختلاطِ ظاہری : ظاہری چھیڑ چھاڑ۔ بوس و کنار۔ چوما چاٹی

اِختلاف : ۱۔ ناموافقت۔ عدم مطابقت۔ مخالفت۔ تفاوت۔ فرق۔ تباین۔
تنوع۔ بوقلمونی۔ اختلافِ رائے۔ اختلافِ طبائع
۲۔ جھگڑا۔ نزاع۔ پھوٹ۔ بگاڑ۔ نااتفاقی۔ فساد۔ اَن بن۔ نفاق
۳۔ خصومت۔ عداوت۔ دشمنی۔ معاندت

اِختلال : ۱۔ خلل۔ فتور۔ حرج۔ رخنہ

۲۔ احتیاج۔ ضرورت۔ قلت۔ افلاس
۳۔ بدانتظامی۔ بدنظمی۔ ابتری۔ انتشار

اختلالِ حواس : فتورِ حواس۔ بدحواسی۔ گھبراہٹ۔ حواس باختگی

آختہ : خصی۔ بدھیا

اِختیار : ۱۔ قابو۔ بس۔ مقدور۔ قدرت۔ قبضہ۔ ادھیکار۔ امکان۔
زور۔ سعدا خلت
۲۔ حکومت۔ اقتدار
۳۔ پسند۔ انتخاب۔ قبولیت۔ قبول۔ منظور۔ اجازت
۴۔ مرضی۔ خواہش۔ حق

اختیار بدستِ مختار ــــ اختیار رہنا ــــ اختیار
دینا ــــ اختیار رکھنا ــــ اختیار سے ساقط ــــ اختیار سے
باہر ہونا ــــ اختیار کرنا ــــ اختیاری

اِختیاری : اپنے بس کا۔ اپنے قابو کا۔ اپنی پسند کا۔ اپنی مرضی کا

اَخذ : ۱۔ پکڑ۔ گرفت۔ حصول۔ وصول
۲۔ اختیار

اخذ بالجبر : استحصال۔ جبری حصول

اَخذ کرنا : حاصل کرنا۔ اختیار کرنا۔ پکڑ لینا۔ لینا۔ چننا۔ استنباط کرنا۔
باندھنا۔ گرفتار کرنا

اِخراج : ۱۔ نکاس۔ روانگی
۲۔ بے دخلی۔ علیحدگی
۳۔ دیس نکالا۔ جلاوطنی۔ شہر بدری
۴۔ خرچ۔ صرف

اُخراجات: مصارف۔ خرچ۔ لاگت

اُخروٹ: گردگاں۔ چارمغز۔ جوز خشک۔ برت پل۔ پیرتھک۔ چھد۔ بیت۔ چارمغز۔ جوز خشف۔ لوز ملو۔ اکھروٹ۔ اکھشوتک۔ گدراگ

اُخروی: اگلے جہان کا۔ عاقبت کا

اُخریٰ: دوسری۔ اگلی۔ بعدکی

اُخس: انتہائی خسیس۔ انخل۔ مہاکنجوس۔ انتہائی لالچی۔ کمینہ۔ سفلہ

اُخص: بہت خاص۔ خاص الخاص۔ نہایت خاص۔ افضل۔ برتر

اُخضر: سبز۔ ہرا۔ زمردیں

اِخفا: پوشیدگی۔ چھپاؤ۔ رازداری۔ پردہ داری

اِخفاف: ہلکاپن۔ سبکی۔ سبک باری

اُخگر: ۱۔چنگاری۔ انگارہ۔ پارۂ آتش۔ پرکالۂ آتش۔ جمرہ۔ دہکتا کوئلا
۲۔سوزِ عشق۔ سوزِ محبت۔ تپشِ محبت

اِخلاص: ۱۔خلوص۔ صاف دلی۔ صاف باطنی
۲۔دوستی۔ محبت۔ پیار
۳۔میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ ارتباط

اخلاص مند: مخلص۔ صادق۔ وفادار۔ دوست۔ محب۔ خیرخواہ
اخلاص مندی: خلوص۔ وفاداری۔ دوستی۔ محبت۔ خیرخواہی

اُخلاط: رطوبات بدنی۔ امزجہ۔ اجزائے طبیعت۔ خصائصِ مزاج

اخلاطِ اربع: اخلاطِ چہارگانہ۔ خصائصِ مزاج (یعنی صفرا، خون، بلغم، سودا)

اخلاطِ فاسدہ: رطوباتِ فاسدہ۔ خرابِ خلطیں۔ مادۂ فاسدہ

اَخلاف: جانشینان۔ فرزندان۔ پسران۔ اولاد۔ آل۔ اسباط۔ اعقاب۔ پس رواں۔ نئی پود

اِخلاف: ۱۔وعدہ خلافی۔ انحراف
۲۔جانشینی۔ خلافت۔ قائم مقامی۔ پس روی

اَخلاق: ۱۔عادات۔ خصائل۔ اوضاع۔ طبیعت
۲۔آداب۔ اطوار۔ رویہ۔ آؤبھگت۔ چلن۔ ملنساری
۳۔انسانیت۔ آدمیت۔ مروت

اخلاقِ حسنہ: عاداتِ خوب۔ نیک خصائل
اخلاقِ حمیدہ: پسندیدہ عادات۔ قابلِ تعریف عادتیں۔ خصائلِ ستودہ۔ لائقِ ستائش خصلتیں۔ نیک خصائل
اخلاقِ فاضلہ: عمدہ خصلتیں۔ اعلیٰ عادتیں

اخلاق معاشرت ــــ اخلاق شیریں ــــ اخلاق خوش

اَخنی: یخنی۔ شوربہ۔ آب گوشت

اَخنی پخنی: بدچلن عورت۔ بدوضع عورت۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔ ٹکہائی

اَخوات: بہنیں۔ خواہرات۔ ہمشیرگان

اَخوان: برادران۔ بھائی بند۔ اعزہ و اقارب۔ رشتہ دار۔ احباب

اخوان الزماں: معاصرین۔ ہم عصر۔ ہم عہد
اخوان الشیاطین: اشرار۔ شریر لوگ۔ بدمعاش لوگ۔ بدکردار لوگ۔ شیطان کے بھائی
اخوان الصفا: اچھے لوگ۔ پاکباز لوگ۔ پاک دل لوگ۔ ابلہ۔ بزرگ

اُخوت: بھائی چارا۔ بھائی بندی۔ برادری۔ یگانگت۔ محبت۔ اپنائیت

اُخیار: نیک لوگ۔ بھلے لوگ۔ پسندیدہ لوگ۔ بہترین انسان۔ اعلیٰ انسان

اُخیر: ۱۔ پچھلا۔ آخری۔ انتہائی
۲۔ انت۔ انجام۔ انت۔ حد۔ اختتام۔ تمام

اَدا (عربی): ۱۔ بے باقی۔ ادائیگی۔ ادائی
۲۔ تکمیل۔ اتمام
۳۔ تعمیل۔ بجا آوری۔ عہدہ برائی

ادابندی: قسط بندی)۔ ادائے قرض۔ مدتِ اجارہ۔ تعینِ مدت و وقت
اداکنندہ: تعمیل کنندہ۔ بے باق کنندہ۔ بجا لانے والا۔ عہدہ برا۔ تکمیل کنندہ

ادائے دین — ادائے شہادت — ادائے لگان —
ادائے مال گزاری

اَدا (فارسی): ۱۔ نازو ادا۔ ناز۔ انداز۔ نخرا۔ آن
۲۔ رمز۔ اشارہ
۳۔ غمزہ۔ عشوہ۔ چونچلا۔ عشوہ طرازی
۴۔ طریقہ۔ قرینہ۔ ڈھنگ

ادابند: معاملہ بند۔ شاعر۔ کوی۔ سخنور
ادابندی: معاملہ بندی۔ شاعری۔ سخنوری

اداطراز: ۱۔ عشوہ طراز۔ غمزہ زن
۲۔ (کنایتاً) محبوب۔ معشوق
اداطرازی: عشوہ طرازی۔ عشوہ گری۔ غمزہ زنی۔ نخرے بازی
اداشناس: مزاج شناس۔ رمز شناس۔ نکتہ شناس
اداشناسی: مزاج شناسی۔ رمز شناسی۔ نکتہ شناسی
ادافہم: اشارہ فہم۔ رمز فہم۔ نکتہ داں۔ نکتہ فہم۔ نکتہ رس
ادافہمی: اشارہ فہمی۔ رمز فہمی۔ نکتہ فہمی
اداکار: ممثل۔ نقال۔ سوانگی۔ ایکٹر۔ ناٹکی
اداکاری: نقالی۔ سوانگ۔ ایکٹنگ

ادائیں کرنا — ادا دکھانا — ادا نکالنا — ادا نکلنا

ادا کرنا: ۱۔ بجالانا۔ سرانجام دینا۔ دینا
۲۔ بے باق کرنا۔ چکتا کرنا

ادارت: مدیری۔ منصب مدیر۔ انتظام۔ نگرانی۔ ایڈیٹری۔ ایڈیٹرشپ

ادارہ: محکمہ۔ سررشتہ۔ دفتر۔ شعبہ۔ مجلس۔ نظام۔ کارگاہ۔ دفتر۔ بنگاہ۔ باڈی

ادارۂ البرید: ڈاک کا محکمہ۔ ڈاک کا نظام
ادارۂ بلدیہ: میونسپل بورڈ۔ میونسپل کارپوریشن۔ مجلس انتظام شہر۔ انجمنِ تدبیر شہر
ادارۂ قلمی: ۱۔ شعبۂ تحریر۔ شعبۂ ادارت۔ مجلس اہلِ قلم۔ قلمی مزدوروں کا ادارہ
۲۔ سررشتہ دیوانی۔ محکمۂ مال
ادارۂ مخابرات: نیوز ایجنسی۔ اخبار گاہ
ادارۂ نظمیہ: پولیس سٹیشن۔ تھانہ۔ ملٹری ڈیپارٹمنٹ۔ فوجی محکمہ
ادارۂ انتظامیہ۔ انتظامیہ۔ انتظامی شعبہ

اداریہ: مقالۂ افتتاحیہ۔ ایڈیٹوریل۔ حرفِ اوّل

اُداس : ۱۔ افسردہ ۔ دلگیر۔ غمگین۔ مغموم۔ محزون ۔ حزیں ۔ اندوہ گیں ۔ غمناک ۔ ملول ۔ اندوہناک ۔ غمزدہ
۲۔ بیزار ۔ آزردہ ۔ برداشتہ خاطر ۔ برخاستہ خاطر ۔ دل برداشتہ
۳۔ سُونا ۔ بے رونق ۔ ویران ۔ اجاڑ
۴۔ ماند ۔ پھیکا ۔ ہلکا ۔ کم تاب

اداسی ___ اداسی برسنا ___ اداسی پھیلنا ___ اداسی چھانا

اُداسا : استر بستر ۔ بوریا بستر ۔ بوریا بدھنا ۔ اوڑھنا بچھونا

اُداسی : ۱۔ افسردگی ۔ دلگیری ۔ غمگینی ۔ محزونی
۲۔ بیزاری ۔ اکتاہٹ ۔ آزردگی ۔ برداشتہ خاطری ۔ برخاستہ خاطری ۔ دل برداشتگی
۳۔ سُوناپن ۔ بے رونقی ۔ ویرانی
۴۔ پھیکاپن ۔ ماندگی ۔ کم تابی

اُدائی/اُدائیگی : بے باقی ۔ تکمیل ۔ بجاآوری ۔ عہدہ برائی ۔ سبکدوشی

اَدب : ۱۔ تہذیب ۔ شائستگی ۔ تمیز ۔ فرہنگ
۲۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ سلیقہ ۔ قرینہ
۳۔ حفظِ مراتب ۔ لحاظ ۔ آداب ۔ عزت ۔ احترام
۴۔ علم زبان ۔ نحو ۔ لغت ۔ عروض ۔ انشاء ۔ فرہنگ ۔ فرہنج
۵۔ تحریری سرمایہ ۔ ساہتیہ ۔ لٹریچر

ادب آموز : استاد ۔ معلّم ۔ اتالیق ۔ آموزگار
ادب آداب : اخلاق ۔ تہذیب ۔ حفظِ مراتب

اُدبا : ۱۔ اہلِ ادب ۔ اہلِ قلم ۔ انشا پرداز ۔ اہلِ سخن
۲۔ اساتذہ ۔ ادب آموزاں ۔ دانشوراں ۔ معلمین

اَدبار : ۱۔ بدبختی ۔ بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔ بداقبالی ۔ زوال
۲۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ بے مائگی
۳۔ نحوست ۔ دلدّر ۔ فلاکت
۴۔ ہزیمت ۔ شکست

اَدبی : متعلق بہ ادب ۔ منسوب بہ ادب

اَدبیات : ادبی کتب ۔ ادبی مضامین ۔ ادبی تصانیف ۔ ادب ۔ سرمایہ

اَدبیّت : ۱۔ ادبی شان ۔ ادبی انداز
۲۔ تمیز ۔ تہذیب ۔ شائستگی

اُدخال : ۱۔ دخل ۔ داخلہ
۲۔ اندراج

اِدرار : ۱۔ بہاؤ ۔ روانی ۔ ارائت ۔ اجراء
۲۔ سنت بارش ۔ مسلسل بارش
۳۔ کرم پیہم ۔ بخششِ فراواں ۔ مسلسل سخاوت

اِدراک : ۱۔ دریافت ۔ احساس ۔ پہنچ جانا
۲۔ عقل ۔ فہم ۔ سمجھ ۔ نکتہ رسی ۔ فراست ۔ شعور ۔ بدھ ۔ دانش

ادراکِ خیریت ___ ادراک ہونا ___ ادراکِ خیر و شر ___ ادراکِ مصالح

اَدرک : گیلی سونٹھ ۔ زنجبیل الطرب ۔ سرنگ بیر ۔ نت کند ۔ ادکھدی ۔ زنجبیل تر ۔ درک

اُدڑ گُدڑ : ۱۔ چیتھڑے ۔ دریدہ و فرسودہ لباس ۔ پیرہن
۲۔ دریدہ پوش ۔ نیم برہنہ ۔ مفلس ۔ نادار

ادرک زسوے امرجار راما دے

اِدّعا : ۱۔ دعویٰ۔ بے دلیل دعویٰ۔ داعیہ۔ زعم باطل
۲۔ التجا۔ التماس۔ درخواست۔ عرضداشت
۳۔ آرزو۔ خواہش۔ طلب۔ مطالبہ۔ چاہ۔ تمنا

اَدعیہ : دعائیں۔ دعوات

اُدغام : شمول۔ انضمام۔ پیوستگی۔ اتصال۔ یکجان

اَدق : ۱۔ نہایت دقیق۔ بہت مشکل۔ کٹھن
۲۔ نہایت لطیف۔ باریک تر۔ نفیس تر
۳۔ مبہم۔ عسیر الفہم

اَدِک : بہت۔ زیادہ۔ کافی۔ فزوں۔ فراواں۔ مفرط

ادل بدل/ادلا بدلا : عوض معاوضہ۔ الٹ پھیر۔ مبادلہ۔ تبادلہ۔ تغیر و تبدل۔ ولہ سٹہ

| ادلے کا بدلہ

ادل پہچان : قابلِ شناخت۔ نمایاں۔ ممتاز

اَدِلّہ : دلائل۔ دلیلیں۔ ثبوت۔ شہادتیں۔ وجوہ۔ براہین۔ شواہد۔ نظائر

ادلۂ اربعہ دلائلِ چہارگانہ : قرآن۔ حدیث۔ اجماع اور عقل

اُدَم : کوشش۔ سعی۔ محنت۔ جانفشانی

| آدمی سے ولد رکھے

اُدمات/اُدماد : ۱۔ جوشِ جوانی۔ دیوانہ واری۔ مستی۔ شباب۔ نشۂ شباب
۲۔ دیوانگی۔ خبط۔ جنون۔ پاگل پن
۳۔ شہوت۔ مستی
۴۔ خودبینی۔ خودنگری۔ خودنمائی۔ خودپسندی۔ خودپرستی۔ زُعم خودنمائش۔ کبر۔ تکبر۔ غرور
۵۔ بدچلنی۔ بدکاری

اُدماتی/اُدمادی : ۱۔ مستِ شباب۔ مخمورِ جوانی۔ بیخودِ شباب
۲۔ دیوانہ۔ مجنون۔ پاگل
۳۔ شہوت پرست۔ مست۔ پُرجوش
۴۔ خودبیں۔ خودنگر۔ خودپسند۔ خودپرست۔ متکبر۔ مغرور
۵۔ بدچلن۔ بدکار۔ آوارہ

اَدنیٰ : ۱۔ کمتر۔ کم رتبہ۔ گھٹیا۔ حقیر۔ کم قدر۔ کمتر
۲۔ کمینہ۔ نیچ۔ کم ذات۔ ناچیز
۳۔ خفیف۔ تھوڑا۔ قلیل۔ کم مقدار۔ ہیچ مقدار
۴۔ فقیر۔ مفلس۔ نادار۔ کنگال
۵۔ چھوٹا۔ معمولی

اَدوار : ۱۔ گردشیں۔ چکر
۲۔ زمانے۔ مدتیں

اَدویہ : دوائیں۔ دارو

اَدھ : نصف۔ نیم

ادھ انگ : نصف بدن کا فالج۔ جھولا۔ ادھرنگ
ادھ انگی : فالج زدہ۔ مفلوج۔ ادھرنگی
ادھ بر : نصف فاصلہ۔ درمیانی حصہ۔ ادھ بیچ
ادھ بیچ : درمیان۔ نصف فاصلہ۔ درمیانی حصہ۔ اَدھر

ادھ جلا : نیم سوختہ

ادھ کپالی۔ درد نیم سر۔ ادھ سیسی۔ درد شقیقہ

ادھ کُنا / کُنی : ۱۔ نیم کرفتہ۔ ادھ کچرا۔ ادھ ورا

۲۔ ناتمام۔ ناقص۔ نامکمل۔ کچا ہوا

ادھ کچا : نیم رسیدہ۔ نیم پختہ۔ کچا پکا گدر۔

ادھ کچرا / کچری : ۱۔ نیم رسیدہ۔ نیم پختہ۔ کچا پکا۔ گدر۔

۲۔ نیم کرفتہ۔ ادھورا

۳۔ ناتمام۔ نارسیدہ۔ ناقص۔ نامکمل

ادھ کچلا : ادھ کُتا۔ نیم کرفتہ۔ ادھورا۔ مرا مرا

ادھ کر : نصف مال گزاری۔ نصف محصول۔ آدھا ٹیکس

ادھ کڑ : ادھیڑ۔ عمر رسیدہ

ادھ کھلا : نیم شگفتہ

ادھ کھلا : نیم وا۔ نیم باز

ادھ کہا / کہی : ادھوری بات۔ ناتمام گفتگو۔ نامکمل بات

ادھ مرا / مُوا : نیم مردہ۔ نیم جان۔ جاں بلب۔ قریب مرگ

ادھ واڑ : ۱۔ نصف حصہ۔ نیم جزو

۲۔ آدھا تھان

۳۔ آدھی بوتل۔ ادھا

۴۔ دو رنگہ کبوتر

۵۔ دو رنگ کا کنکوا۔ چگھڈی۔ دو رنگی پتنگ

ادھ جل گگری چھلکت جائے

اُدّھا : ۱۔ نصف۔ نیم۔ آدھا۔

۲۔ آدھی بوتل

۳۔ بگھی۔ بیل گاڑی۔ دو پہیہ

اُدھار : ۱۔ ناشتہ۔ نہاری۔ خوراک۔ طعام۔ غذا

۲۔ سہارا۔ آسرا۔ وسیلہ

اُدھار : قرض۔ دام۔ نسیہ۔ دین۔ بیاد رست۔ لون

ادھار۔ زر۔ تہمت

۔۔ دیا گاہک کھویا

اُدھار دیا گاہک گیا، صدقہ دیا۔ ذ بلا

اُدھار دیجئے دشمن کیجئے

اُدھار دیا گم میں پڑتا

اُدھار دیا لڑائی مول لیا

اُدھار دیوے دونوں کھوے

اُدھار سب سے بڑی بلا ہے

اُدھار کا کھایا کوئی نہیں چُھوٹا

اُدھار کھانا اور بھوسا تاپنا برابر ہے

اُدھار کھانے سے بھوکا پڑا رہنا بہتر ہے

اُدھار کھانے کی خواہش بسانے

اُدھار کی گیا ماں مری ہے

اُدھر : ۱۔ درمیان۔ آدھ بیچ

۲۔ معلق۔ ادھر نہ اُدھر۔ جدا۔ الگ

۳۔ بے سہارے۔ بے وسیلہ۔ بے بس۔ بے کس

اِدھر : ۱۔ یہاں۔ پاس۔ قریب

۲۔ اِس طرف۔ اِس سمت

۳۔ اِن دنوں۔ فی زمانہ۔ آجکل۔ فی الوقت۔ اِس زمانے میں

اِدھر اُدھر : ۱۔ یہاں وہاں۔ اردگرد۔ آس پاس۔ پیرزان۔ پیوزان

۲۔ دائیں بائیں۔ دونوں طرف

۳۔ ایسی ویسی جگہ

۴۔ جگہ بے جگہ۔ جا و بے جا۔ بے محل۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔ منتشر

۵۔ ہر جگہ۔ ہر طرف۔ ہر سمت۔ چاروں طرف

اِدھر اُدھر ہونا ـــ اِدھر اُدھر کی باتیں ـــ اِدھر اُدھر کی کہنا ـــ اِدھر کا نہ اُدھر کا

ادھر کاٹے اُدھر پٹ جائے
ادھر کنواں، اُدھر کھائی
ادھر (کی) نہ اُدھر (کی)
یہ بلا کدھر (کی)

اُدھر: ۱۔ وہاں۔ اُس طرف۔ اُس سمت۔ آں سو
۲۔ دور۔ پرے۔ فاصلے پر
۳۔ پیش تر۔ سابق میں

اُدھراج: مہاراج۔ راجاؤں کا راجا۔ شاہنشاہ

اُدھرم: ۱۔ لامذہبیت۔ بے دینی۔ الحاد۔ دہریت۔ کفر
۲۔ گناہ۔ پاپ۔ معصیت۔ جرم۔ ظلم۔ ناانصافی
۳۔ فسق۔ فجور
۴۔ بدچلنی۔ بدکاری۔ بدمعاشی۔ بدکرداری

اُدھرمی: ۱۔ لامذہب۔ بے دین۔ ملحد۔ دہریہ۔ کافر
۲۔ گناہ گار۔ پاپی۔ عاصی۔ مجرم۔ ظالم۔ بیدادگر۔ ناانصاف
۳۔ فاسق۔ فاجر
۴۔ بدچلن۔ بدکار۔ بدکردار۔ بدمعاش۔ بداشغال۔ بداعمال

اُدھڑنا: سیون کھلنا۔ ٹانکے ٹوٹنا۔ کھل جانا۔ اُدھل جانا

اُدھک: ۱۔ بہت۔ زیادہ۔ فزوں۔ مفرط
۲۔ زائد۔ فالتو۔ فاضل
۳۔ بہتر۔ خوب تر
۴۔ بہت بڑا
۵۔ بے حد۔ بے شمار۔ بے حساب۔ ان گنت
۶۔ علاوہ ازیں۔ اس کے علاوہ۔ بڑھ کر

اُدھکار: ۱۔ اختیار۔ طاقت
۲۔ اقتدار۔ حکومت
۳۔ قبضہ۔ تسلط۔ تصرف۔ ملکیت
۴۔ انتظام۔ نظم و نسق
۵۔ سرداری۔ فرمانروائی۔ حکمرانی۔ بادشاہی
۶۔ عہدہ۔ منصب۔ اسامی
۷۔ ورثہ۔ ترکہ
۸۔ حق۔ استحقاق

اُدھکاری: ۱۔ با اختیار۔ مختار۔ طاقت ور
۲۔ مقتدر۔ حاکم
۳۔ قابض۔ متسلط۔ متصرف۔ مالک
۴۔ منتظم۔ ناظم
۵۔ سردار۔ فرمانروا۔ حکمران۔ بادشاہ
۶۔ عہدہ دار۔ منصب دار۔ کارندہ۔ امین
۷۔ وارث
۸۔ حق دار۔ مستحق

ادھورا: ۱۔ ناقص۔ ناتمام۔ نامکمل۔ نارسیدہ
۲۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف
۳۔ ناقابل۔ ناطاقت

ادھوڑی: ۱۔ موٹا چمڑا۔ بھینس کا چمڑا۔ بغیر کمایا ہوا چمڑا
۲۔ کھال۔ معدہ

اُدّھی: آدھی دمڑی

ادھی ادھی پہ جان جاتی ہے
ادھی کی ہانڈی بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں
ادھی کے لون کو جاؤں، لاؤ میری پالکی
ادھی کے واسطے پیسے کا تیل جلاتے ہیں

اُدھیا : ۱۔ آدھا۔ نصف۔ نیم
۲۔ نصف حصہ۔ آدھا حصہ
۳۔ نصف بٹائی۔ نصف حصہ مالک
۴۔ نصف مال گزاری

اُدھیاپک : گورو۔ استاد۔ معلم۔ مُدرِّس۔ اتالیق۔ آخوند۔ آموزگار

ادھیار : مالک نصف حصہ۔ شریک مساوی

ادھیاری : نصف حصہ۔ شراکت۔ شرکت نِصفی نِصفی

اُدھیائے : ۱۔ سبق۔ پاٹھ۔ مضمون
۲۔ حصہ کتاب۔ باب۔ فصل

ادھیڑ : متوسط العمر۔ ڈھلتی عمر کا۔ ادھکڑ۔ عمر رسیدہ

اُدھیڑ بُن : ۱۔ سوچ بچار۔ غور و فکر۔ فکر و اندیشہ۔ فکر۔ اندیشہ
۲۔ تذبذب۔ تردد۔ مخمصہ۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ تشویش۔ نیم دلی
۳۔ تجویز۔ منصوبہ۔ تدبیر۔ حکمت۔ چال

اُدھیلا : نصف پیسا۔ آدھا پیسا۔ دو دمڑی۔ دھیلا

ادھیلپا : آدھی پائی۔ نصف پائی

اُدھیلی : آدھا روپیہ۔ نصف روپیہ۔ اٹھنی۔ دھیلی

ادھین : فرمانبردار۔ مطیع۔ تابع فرمان۔ ماتحت
۲۔ عاجز۔ مسکین۔ بے کس

ادھینتا : ۱۔ فرمانبرداری۔ اطاعت۔ متابعت۔ ماتحتی
۲۔ عاجزی۔ مسکینی۔ مسکنت۔ بے کسی

اَدیان : مذاہب۔ نظام ہائے حیات۔ دساتیرِ حیات۔ دھرم۔ مسالک۔ مشارب

اَدیب : ۱۔ ماہرِ ادب۔ ادب سنج۔ ادب داں۔ ادب شناس۔ ادب طراز۔ دارندۂ ادب۔ سخن سنج۔ سخن سرا
۲۔ زبان دان۔ ماہرِ زبان۔ قاعدہ دان
۳۔ دانشور۔ دانشمند
۴۔ انشاپرداز۔ منشی۔ مصنف۔ مضمون نگار
۵۔ ادب آموز۔ استاد۔ معلم۔ گورو۔ اتالیق۔ اوستاذ

اڈّا : ۱۔ نشست گاہ۔ بیٹھک۔ قیام گاہ
۲۔ قرار گاہ۔ مستقر۔ جائے قرار۔ جائے قیام
۳۔ چکلا۔ مقام پیشہ وراں
۴۔ چوکھٹا۔ ڈھانچ
۵۔ مرجع۔ اکھاڑا۔ تکیہ
۶۔ ایڑی

اَڈّی : ایڑی۔ پاشنہ

اَذان : بانگ۔ بانگ نماز۔ بلاوا۔ صدا۔ آواز۔ پکار۔ ندا۔ آگاہی۔ ہاک

اُذعان : ۱۔ اطاعت۔ فرماں برداری۔ اتباع۔ متابعت
۲۔ یقین۔ اعتبار۔ اعتماد۔ بھروسا۔ اعتقاد۔ بسواس۔ وشواش

اَذقان : ٹھوڑیاں۔ داڑھیاں

اَذکار : ۱۔ اوراد۔ وظائف
۲۔ بیانات۔ قصے۔ کہانیاں

۳۔ مواعظ۔ نصائح
۴۔ یادیں

اِذکار: ۱۔ یاددہانی۔ یاد۔ ذکر
۲۔ تسبیح۔ تحمید۔ یادِ خدا۔ طاعت

اَذکیا: ہوشیار لوگ۔ اہلِ فراست۔ اہلِ فہم۔
تیز فہم۔ نکتہ وراں۔ اہلِ عقل۔ اہلِ شعور۔ نکتہ داں

اِذن: ۱۔ اجازت۔ آگیا
۲۔ رخصت۔ پروانگی
۳۔ حکم۔ ارشاد۔ فرمان۔ امر۔ ہدایت

اذن نامہ: ۱۔ اجازت نامہ۔ پروانہ۔ اجازت
۲۔ وصیت نامہ

اذنِ عام ــ اذنِ فریاد ــ اذن خواستن ــ اذنِ کلام
ــ اذنِ سفر

اُذن: کان۔ گوش۔ سمع۔ کرن

اَذہان: سمجھ۔ فہم۔ عقل۔ ادراک۔ قابلیت۔ استعداد۔
لیاقت۔ فراست

اذیت: ۱۔ دکھ۔ تکلیف۔ ایذا۔ زحمت
۲۔ نقصان کا سبب۔ گزند
۳۔ رنج۔ مصیبت۔ عذاب۔ آزار

اذیت اٹھانا ــ اذیت پہنچانا ــ اذیت دینا ــ
اذیت پہنچنا ــ اذیتِ شبِ فرقت ــ اذیت میں
جان ہونا

اِرابہ: ۱۔ گاڑی۔ چھکڑا
۲۔ بیل گاڑی۔ بہل۔ بہلی
۳۔ توپ گاڑی

اِرادت: ۱۔ عقیدت۔ اعتقاد۔ محبت۔ اطاعت۔ مریدانہ عقیدت
۲۔ ارادہ۔ خواہش۔ طلب۔ تمنا۔ چاہ

ارادت مند: مرید۔ عقیدتمند۔ معتقد۔ طالب۔ اطاعت گزار
ارادت مندی: مریدی۔ عقیدت مندی۔ اعتقاد۔ اطاعت گزاری

ارادہ: ۱۔ قصد۔ عزم
۲۔ مقصد۔ ارتھ
۳۔ نیت۔ مرضی۔ منشا۔ مدعا۔ منصوبہ
۴۔ خواہش۔ طلب۔ مراد

ارادۃً: عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔ جان بوجھ کر۔ بالعمد

اِرادی: ۱۔ اختیاری۔ حسبِ منشا
۲۔ بالارادہ۔ بالعمد۔ بالقصد

اراذل: کمینے۔ کم ذات۔ نیچ

اراضی: ۱۔ زمین۔ بھومی۔ دھرتی
۲۔ کھیت۔ کشت۔ مزرع

اراقت: بہاؤ۔ اجرا۔ ادرار۔ ادرارِ بول۔ اجرائے پیشاب

اراکین: ۱۔ کھمبے۔ ستون۔ عماد
۲۔ شرکا۔ اشخاص۔ افراد۔ ممبرز۔ اعیان۔ ارکان

اراکینِ سلطنت / حکومت / ریاست: امرا۔ وزراء۔ اعیانِ دولت

اربابِ حکومت ۔ اربابِ اقتدار ۔ وزرائے سلطنت

اَرباب : ۱۔ پرورش کنندگان ۔ پروردگاران ۔ خداوندان ۔ خدایان
۲۔ آقایان ۔ مالکان ۔ صاحبان ۔ والیان ۔ پولدار ۔ آقا ۔ ملک دار

اربابِ بصیرت ۔ بینش : اہلِ بینش ۔ اہلِ بصیرت ۔ اہلِ شعور ۔ اہلِ فراست ۔ روشن ضمیر ۔ تیز فہم ۔ زیرک ۔ اہلِ نظر

اربابِ پرست : کثرت پرست

اربابِ پرستی : کثرت پرستی

اربابِ جاہ : اہلِ جاہ ۔ اہلِ مرتبہ ۔ اہلِ منصب ۔ اہلِ عزت

اربابِ حجت : اہلِ منطق ۔ منطقی لوگ ۔ مناظرین ۔ مباحثین

اربابِ دانش : اہلِ دانش ۔ اہلِ علم ۔ علماء ۔ دانایان ۔ عقلاء ۔ دانشمنداں ۔ دانشوراں

اربابِ دولت : ۱۔ اہلِ دولت ۔ اہلِ ثروت
۲۔ اہلِ اقتدار ۔ اہلِ سلطنت ۔ اہلِ حکومت ۔ صاحبِ نصاب

اربابِ سخن : اہلِ سخن ۔ اہلِ ادب ۔ سخن وراں ۔ سخن سنجاں ۔ شعراء ۔ ادبا ۔ سخندان

اربابِ سیر : اہلِ سیر ۔ اہلِ تاریخ ۔ مؤرخین ۔ سیرت نگاراں

اربابِ شرع : حاکمانِ شرع ۔ قضاۃ ۔ اہلِ قانون

اربابِ عدالت : عہدہ دارانِ عدالت ۔ ناظمانِ عدالت ۔ منصفین

اربابِ عشرت : اہلِ عشرت ۔ عشرت پسنداں ۔ عیش پسند لوگ

اربابِ علم : اربابِ دانش ۔ دانشمنداں ۔ دانشوراں ۔ اہلِ دانش ۔ اہلِ علم ۔ علماء ۔ فضلاء ۔ دانایان

اربابِ فراست : اہلِ فراست ۔ اہلِ عقل ۔ عقلاء ۔ اذکیا ۔ نکتہ رس ۔ تیز فہم ۔ ذہین لوگ ۔ دانشور

اربابِ فہم : اہلِ فہم ۔ اصحابِ فہم ۔ فہمیدگان ۔ سمجھ والے ۔ فہیم

اربابِ قلم : اہلِ قلم ۔ اصحابِ قلم ۔ انشا پردازان ۔ مصنفین ۔ مؤلفین ۔ ادباء ۔ شعراء ۔ مضمون نگار ۔ لکھاری

اربابِ مال : ۱۔ اہلِ ثروت ۔ اہلِ دولت ۔ اصحابِ مال
۲۔ ناظمانِ خزانہ ۔ صاحبِ نصاب

اربابِ معنی : حقیقت شناسان ۔ واقفانِ حقیقت ۔ عرفاء ۔ عارفین

اربابِ نشاط : گویّے ۔ مطربان ۔ رقاصان ۔ خنیاگران ۔ سرودگران ۔ ڈوم ۔ ڈھاڑی ۔ طوائف ۔ میراثی

اربابِ ہمم : اہلِ ہمت ۔ اصحابِ ہمت ۔ باہمت لوگ ۔ باعزم ۔ اولوالعزم ۔ باحوصلہ ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ سخی ۔ شجاع

اربابِ فضل — اربابِ ہنر — اربابِ حکومت

اَربَع : چار ۔ چہار

اربع عناصر : چار عنصر ؛ آگ ۔ ہوا ۔ پانی ۔ مٹی

اربع جیوں کا تیوں ، کنبہ بیٹھا کیوں

اَربعین : ۱۔ چالیس ۔ چہل
۲۔ چلہ ۔ چالیس دن
۳۔ چہلم ۔ چالیسواں
۴۔ چہل حدیث ۔ مجموعہ چہل احادیث

اِرتباط : ربط و ضبط ۔ راہ و رسم ۔ میل جول ۔ میل ملاپ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ تعلق ۔ وابستگی

اِرتجال : بے فکر و اندیشہ ۔ برجستہ ۔ فوراً ۔ بلا تامل

ارتجالاً : فی الفور ۔ فوراً ۔ بلا تامل ۔ بے سوچ

اِرتحال : ۱۔ رحلت ۔ کوچ ۔ سفر ۔ روانگی ۔ انتقال
۲۔ موت ۔ مرگ

اِرتداد : ۱۔ واپسی ۔ مراجعت ۔ رجوع
۲۔ ترکِ مذہب ۔ ترکِ اسلام

اِرتسام : ۱۔ نقش و نگار۔ تنقیش۔ نشان
۲۔ خاکہ۔ تصویر۔ نقاشی
۳۔ اثر۔ تاثیر

اِرتشا : رشوت۔ رشوت خوری

اِرتعاش : لرزہ۔ کپکپی۔ کپکپاہٹ۔ تھرتھراہٹ۔ تھرتھری۔ رعشہ

اِرتفاع : رفعت۔ بلندی۔ فراز۔ اونچائی۔ ابھار

ارتفاع پیما : منیاس ارتفاع۔ بلندی پیما۔ رفعت پیما۔ فراز پیما

ارتقا : ترقی۔ تدریجی ترقی۔ نشوونما۔ نمو۔ نمود۔ عروج۔ اوپر چڑھنا۔
ترقی کرنا۔ مرتبہ پانا۔ سیڑھی پر چڑھنا

ارتقائی : ۱۔ نمو پذیر۔ ترقی پذیر
۲۔ منسوب بہ ارتقاء

اِرتکاب : اختیار۔ عمل۔ تعمیل۔ عمل کرنا۔ گناہ کرنا۔ اختیار کرنا۔ مباشرت
کرنا۔ سرزد ہونا

ارتکابِ جرم ___ ارتکاب وعدہ ___ ارتکاب وعدہ خلافی

اِرتکاز : اجتماع۔ یکجا۔ سہارا۔ یک جائی۔ مرکزیت

اَرتھ : ۱۔ معنی۔ مفہوم۔ مطلب۔ مراد
۲۔ ارادہ۔ مقصد۔ نیت۔ عزم

اِرث : میراث۔ ورثہ۔ ترکہ

اَرج : ۱۔ ارز۔ قیمت۔ قدر۔ بہا
۲۔ مرتبہ۔ شان۔ شوکت۔ عزت
۳۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت

ارجمند : ۱۔ قیمتی۔ بیش بہا۔ پرارزش۔ بہاوار۔ باارزش۔ گرانقدر
۲۔ ذی مرتبہ۔ ذی عزت۔ ذی رتبہ۔ رتبے والا۔ ذیشان۔
صاحبِ عز و شان
۳۔ لائق۔ قابل
۴۔ عزیز۔ محبوب۔ پیارا
۵۔ دانا۔ عالم۔ فاضل
۶۔ آسودہ۔ خوش حال۔ خوش نصیب
۷۔ سعادت مند۔ سعید
۸۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ فرزندِ ارجمند

ارجاع : ۱۔ رجوع۔ مراجعت۔ واپسی
۲۔ ادخال۔ دائر

اَرحام : ۱۔ بچہ دانیاں۔ کوکھیں
۲۔ مادری رشتہ دار

اَرحم : بہت رحیم۔ بہت مہربان

اَرداس : ۱۔ عرض۔ التماس۔ گزارش۔ استدعا۔ التجا۔ درخواست۔
عرض داشت
۲۔ نذر۔ بھینٹ۔ نیاز
۳۔ آس۔ امید۔ توقع۔ آسرا

اِردگرد : آس پاس۔ ادھر ادھر۔ گرداگرد۔ گرد۔ قریب و نزدیک۔
ہر طرف۔ چاروں طرف۔ چوگرد۔ چوطرفہ

اردلی : پیادہ۔ سپاہی۔ چپراسی۔ چوکیدار۔ نگہبان۔ آرڈرلی

اُردُو : (اسمِ ذکر) : لشکر ۔ لشکرگاہ ۔ معسکر ۔ چھاؤنی ۔ پڑاؤ ۔ فوج ۔ انبوہ ۔
سپاہ ۔ گروہ
(اسمِ مونث) : زبانِ لشکری ۔ اردوئے معلّٰی ۔ ریختہ ہندوی ۔ ہندی ۔
ہندوستانی

اردو زبان ــ اردو بازار ــ اردوئے ظفر موج ــ
اردوئے نصرت شعار ــ اردوئے معلّٰی ــ
نیم اردو ــ اردو آمیز ــ اردو آموز ــ اردو آمیزی
ــ اُردوانا ــ آردوایا ــ اردوائی ــ اردواؤ ــ
اردوالو ــ اردوانا ــ اردوانی ــ اردواوٹ ــ اردواہٹ
ــ اردوانہ ــ اردوانیت ــ اردوانیہ ــ اردو
بریدہ ــ اردو پرست ــ اردو پرور ــ اردو پروری
ــ اردو پسند ــ اردو خیز ــ اردو تراشی ــ
اردو خوان ــ اردو خوانی ــ اردو دان ــ اردو دانی
ــ اردستان ــ اردو شناس ــ اردو کش ــ
اردو شناسی ــ اردو فہم ــ اردو فہمی ــ اردو کشی
ــ اردو گر ــ اردو گریزی ــ اردو گری ــ
اردو گریز ــ اردو نگار ــ اردو نما ــ اردو نمائی
ــ اردو نواز ــ اردو نویس ــ اردویت ــ
اردویات ــ اردوانیات ــ اردویات داں ــ
اردوانیات داں

اَرذل : بہت رذیل ۔ کمینہ ۔ پنچ ۔ ذلیل

اَرز : ۱۔ قیمت ۔ مول ۔ بہا ۔ قدر
۲۔ عزت ۔ توقیر ۔ مرتبہ ۔ شان ۔ شوکت ۔ عظمت

ارز ارسال : ریچک ۔ چالان ۔ تفصیل خزانہ ۔ تفصیل رقم

اَرزاق : (رزق کی جمع) : روزیاں ۔ مال و دولت ۔ جائیداد ۔ زر و مال ۔
مقبوضات ۔ املاک

ارزاں : کم قیمت ۔ سستا ۔ مندا ۔ کم قدر

ارزاں بعلّت ۔ گراں بحکمت

ارزانی : سستاپن ۔ کم قدری ۔ بے وقعتی ۔ کثرت ۔ بہتات

اِرسال : روانگی ۔ ابلاغ ۔ بھیجنا ۔ چھوڑ دینا ۔ رہا کرنا

اِرشاد : ۱۔ حکم ۔ فرمان ۔ آگیا
۲۔ ہدایت ۔ نصیحت ۔ فرمائش ۔ رہنمائی

اَرشد : ہدایت یافتہ ۔ سچا ۔ کھرا ۔ نیک

اَرض : زمین ۔ بھوم ۔ بھوی ۔ لوم ۔ دھرتی ۔ پرتھوی

ارض و سما : زمین و آسمان ۔ آکاش اور بھومی

اَرضی : زمینی ۔ دنیاوی

اَرضیات : علم طبقات الارض ۔ جیالوجی

ارغنوں : ارگن ۔ باجا ۔ ارغن ۔ ارغون

اَرغواں : سرخ ۔ نارنجی ۔ زعفرانی ۔ کیسری (رنگ)

ارغوانی : سرخ ۔ لال ۔ نارنجی ۔ زعفرانی ۔ کیسری ۔ قرمزی (رنگ کا)

ارفع : بلند تر ۔ بالاتر ۔ بہت اونچا

اِرقام : ترقیم ۔ تحریر ۔ لکھت ۔ لکھائی ۔ نوشت

اَرقام : رقمیں۔ اعداد۔ ہندسے

اَرقامِ متصلہ: مسلسل رقوم۔ سلسلہ وار رقوم

اَرک : قلعہ۔ گڑھ۔ گڑھی۔ چھوٹا قلعہ۔ محل قلعہ دار

ارکان : ا۔ ستون۔ کھمبے۔ سلاو۔ پائے۔ ستاد
۲۔ عناصر۔ اجزاء
۳۔ ارباب۔ اہلِ کار۔ امیر وزیر
۴۔ اصول۔ احکام

ارکانِ حج: اصولِ حج۔ اجزائے حج
ارکانِ خمسہ: اصولِ پنجگانہ؛ توحید، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ
ارکانِ دولت/حکومت/سلطنت: اربابِ حکومت۔ اربابِ اقتدار۔
اہلِ دولت۔ اہلِ حکومت۔ امراء۔ وزراء
ارکانِ نماز: اصولِ نماز۔ اصولِ صلوٰۃ

ارکانِ دین ــ ارکانِ حرب

اَرگن : ارغنوں۔ ارغن۔ ارغون۔ باجہ

اِرم : جنتِ شداد۔ جنت۔ بہشت۔ پُرفضا باغ

اَرمان : ا۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ خواہش۔ امنگ
۲۔ ولولہ۔ حسرت۔ افسوس۔ تاسف۔ دکھ

ارمان بھرا دل ــ ارمان پورا ہونا ــ ارمان جاتا رہنا ــ
ارمان رہ جانا ــ ارمان کرنا ــ ارمان نکالنا ــ ارمان
لے جانا

اَرمغان : ا۔ تحفہ۔ سوغات۔ ہدیہ۔ نذر
۲۔ انوکھی چیز۔ اچنبھا۔ کم یاب۔ اعجوبہ

ارمغانِ مقدس ــ ارمغانِ فاتحہ ــ ارمغانِ
لطیف ــ ارمغانِ سجدہ ــ ارمغانِ عجز۔ ارمغانِ
شمشیر ــ ارمغانِ خنجر ــ ارمغانِ عید ــ ارمغانِ علمی

اَرواح : ا۔ روحیں۔ جانیں۔ آتمائیں
۲۔ فرشتے
۳۔ نیت۔ باطنی خواہش

اَروپ : ا۔ بےشکل۔ بےہیئت۔ بےصورت
۲۔ بھدا۔ بدشکل۔ بدنما
۳۔ بھداپن۔ بدصورتی۔ بدشکلی۔ بدنمائی

اَروگی : بےمرض۔ بےروگ۔ بھلا چنگا۔ تندرست و توانا

اَرّہ : آرا۔ آری۔ منشار

ارہ کش: بڑھئی۔ ترکھان۔ درودگر۔ نجار
ارہ کشی: درودگری۔ نجاری

اُریب : ا۔ آڑا۔ ترچھا
۲۔ فریبی۔ دغاباز
۳۔ ڈھلواں۔ ٹیڑھا۔ کج
۴۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا

اُریبواں : ا۔ ترچھا۔ آڑا
۲۔ ٹیڑھا۔ کج

اریکہ : ا۔ تخت۔ گدی۔ تختِ مسقف
۲۔ چھپرکھٹ۔ مسہری

اَڑ: ۱۔ ضد۔ ہٹ۔ پیچ
۲۔ قبض۔ سدہ۔ ثقالت
۳۔ روک۔ آڑ۔ مزاحمت۔ تعرض۔ سدِ راہ
۴۔ کٹہرا۔ جنگلہ۔ مورچہ
۵۔ بند۔ پشتہ
۶۔ خندق۔ کھائی
۷۔ عداوت۔ دشمنی۔ مخاصمت۔ معاندت۔ مخالفت
۸۔ اختلاف۔ ناموافقت۔ جھگڑا۔ تصفیہ
۹۔ بحث۔ حجت۔ تکرار

اَڑان: تھم۔ کھم۔ ستون۔ کھمبا۔ ٹیک۔ سہارا

اُڑان: ۱۔ پرواز۔ جست۔ اڈاری
۲۔ چھلانگ۔ جست۔ جھپٹ

اڑان گھائی: ۱۔ بن انگشت
۱۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ جُل۔ ہیرا پھیری
۲۔ داؤ۔ گھات۔ چال۔ حکمتِ عملی
۳۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل

اونچی اڑان ـــــ نیچی اڑان

اَڑانا: اٹکانا۔ پھنسانا

اُڑانا: ۱۔ کھو دینا۔ ختم کرنا
۲۔ کھانا۔ تناول کرنا۔ نوش کرنا
۳۔ کاٹنا۔ قلم کرنا۔ مٹانا۔ خارج کرنا۔ مارنا
۴۔ اٹھانا۔ لوٹنا۔ حاصل کرنا
۵۔ بے جا صرف کرنا۔ فضول اٹھانا۔ فضول خرچی کرنا
۶۔ ٹالنا۔ آنا کانی کرنا
۷۔ نقل کرنا۔ کسی کی وضع سیکھ لینا۔ کاپی کرنا۔ چرانا۔ غائب کر دینا

ہوش اڑانا ـــ نیند اڑانا ـــ چین اڑانا ـــ قورمہ اڑانا ـــ پلاؤ اڑانا ـــ دن رات دعوتیں اڑانا ـــ سر اڑانا ـــ فہرست سے نام اڑانا ـــ توپ پر رکھ کر اڑانا ـــ گولے سے اڑانا ـــ مزے اڑانا ـــ کلچھرے اڑانا ـــ باتوں میں اڑانا ـــ مذاق میں اڑانا ـــ انداز اڑانا ـــ چال اڑانا ـــ طرز اڑانا ـــ مضمون اڑانا ـــ خوشبو اڑانا

اُڑاؤ: کھاؤ۔ فضول خرچ۔ مُسرف۔ بگاڑو

اَڑبال: دور کار شتہ

اَڑ بَڑ: ۱۔ ناہموار۔ اونچا نیچا۔ کھردرا۔ ٹیڑھا
۲۔ بے معنی۔ فضول۔ احمقانہ۔ بے ہودہ
۳۔ بکواس۔ بک بک۔ لغو کلام
۴۔ رخنہ۔ جھمیلا۔ جھگڑا

اَڑ بڑ نگ: ۱۔ احمقانہ کلام۔ بے ہودہ کلام۔ بکواس
۲۔ حماقت۔ بے وقوفی۔ دیوانگی

اَڑ بڑ نگی: ۱۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناداں۔ سفیہ
۲۔ بے فکر۔ بے پروا۔ غفلت شعار۔ غافل

اَڑبنگا: ۱۔ جھگڑا۔ جھمیلا۔ بکھیڑا
۲۔ روک۔ آڑ۔ رکاوٹ۔ مزاحمت
۳۔ ٹیڑھا۔ کج۔ پیچیدہ۔ ترچھا
۴۔ ضدی۔ ہٹیلا

اَڑپ جھڑپ: ۱۔ چھینا جھپٹی۔ دھکم دھکا۔ دھکا پیل۔ پکڑ دھکڑ۔ دینگا مشتی
۲۔ ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج۔ تنگ دستی۔ افلاس۔ ناداری
مفلسی

اُڑتالیس : اڑتالیس۔ چہل و ہشت۔ ثمانیہ و اربعون

اُڑتلا : ۱۔ سایہ۔ پناہ۔ آڑ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ رکھشا۔ امان۔ حمایت۔ آسرا۔ سہارا
۲۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عذر
۳۔ ٹٹی۔ چک۔ چانپ
۴۔ سایہ۔ چھاؤں
۵۔ پرچھائیں۔ عکس

اُڑتی : ۱۔ پراں۔ گرمِ پرواز۔ محوِ پرواز
۲۔ کم۔ تول میں کم۔ قلیل الوزن

اڑتی بیماری : لگتی بیماری۔ متعدی مرض۔ چھوت کی بیماری
اڑتی (سی) خبر : افواہ۔ بے تحقیق خبر۔ گپ۔ ہوائی

اُڑتیس : اڑتیس۔ سی و ہشت۔ ثمانیہ و ثلاثون

اُڑچن : ۱۔ رکاوٹ۔ روک۔ دقت
۲۔ تعطل۔ بحران

اڑسٹھ : شصت و ہشت۔ ثمانیہ و ستون۔ اٹھاسٹھ

اڑسٹھ تیرتھ کر آئی تمری، تو بھی نہ گئی کڑواہٹ

اُڑن : ۱۔ پراں۔ مائل بہ پرواز۔ قابلِ پرواز
۲۔ غائب

اڑن چھو : غائب۔ ناپید
اڑن فاختہ : سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔ نادان۔ احمق۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ مورکھ
اڑن کھٹولا : تختِ رواں۔ تختِ پراں۔ طیارہ۔ بمان۔ ومان

اُڑنا : اِترانا۔ غرور کرنا

اڑنگ : ۱۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ انٹم۔ اٹالا
۲۔ منڈی۔ بازار۔ پینٹھ۔ سوق
۳۔ کارخانہ۔ دارالصنعت

اڑنگ بڑنگ : ۱۔ بے معنی گفتگو۔ مہمل کلام۔ بے تکی بکواس
۲۔ ٹیڑھا۔ خمدار۔ پیچدار۔ کج

اڑنگا : ۱۔ روک۔ رکاوٹ۔ رخنہ۔ سدِ راہ۔ مزاحمت۔ اڑبنگا۔ جھمیلا۔ جھگڑا
۲۔ سہارا۔ ٹیک۔ پایہ۔ ٹیکن۔ داؤں

اڑنگا لگانا ـــــ اڑنگا لگا کے مارنا

اڑواڑ : ٹیکن۔ ٹیک۔ تھونی۔ ستون۔ تھم۔ کھم۔ اڑان

اڑوس پڑوس : قرب و جوار۔ گرد و نواح۔ آس پاس۔ اردگرد

اڑھائی : ڈھائی۔ دو و نیم

اڑھائی انچھر : منتر۔ افسوں۔ مختصر و پرتاثیر بات
اڑھائی دن کی بادشاہت : چند روزہ حکومت۔ عیش چند روزہ۔ ناپائیدار خوشی

اڑھائی بکائن میاں باغ میں، کانی حرم محل خانہ میں
اڑھائی دن سقے نے بھی بادشاہت کی ہے
اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نو ہاتھ کا بیج

اڑی : ۱۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑ
۲۔ مشکل۔ دشواری۔ سختی۔ تنگی۔ مصیبت۔ بپتا

۲۔ضرورت۔حاجت۔احتیاج

اَڑی مار : یارمار۔فریبی۔دغاباز

اَڑیل : ۱۔ضدی۔سرکش۔ہٹیلا۔اپنی ہٹ کا
۲۔حرون

اَڑ پیچ : ۱۔دشمنی۔عداوت۔خصومت۔مخاصمت۔معاندت۔عناد۔بغض۔
بیر۔لاگ۔کپٹ
۲۔تعصب۔نفرت۔کراہت۔حقارت
۳۔ناراستی۔کجی۔کجروی
۴۔ہٹ۔ضد۔سرکشی
۵۔روک۔رکاوٹ۔مزاحمت۔سدِّراہ
۶۔اعتراض۔حجت۔عذر

اَز : سے۔کلمۂ آغاز۔شروع۔ابتدا

ازابتداتاانتہا : شروع تا اخیر۔آغاز تا انجام
ازبر : حفظ۔نوکِ زبان۔منہ زبانی۔زبانی۔برزبان
ازبس : ۱۔بہت۔نہایت۔بے انتہا
۲۔نتیجہ۔غایت۔غرض
ازبسکہ : چونکہ۔چنانچہ
ازحد : نہایت۔بے حد۔بے انتہا۔بے حساب۔بے شمار۔بے پایاں۔
بے کراں۔بے انت۔ان گنت
ازخود : ۱۔خودبخود۔اپنے آپ
۲۔قصداً۔عمداً۔آپ سے۔خود ہی آپ ہی
۳۔بلا امداد غیرے۔بے سہارے
ازخودرفتگی : بے خودی۔بے خبری
ازخودرفتہ : بے خود۔بے خبر۔آپے سے باہر
ازخودفراموش : جے خود۔بے خبر۔بے حواس
ازراہ : بر سبیل۔بطریق۔ازروئے۔بعنوان

ازراہِ مذاق ــ ازراہِ ہمدردی ــ ازراہِ نوازش

ازسرتاپا : بالکل۔تمامتر۔کلّھم۔بہ تمام وکمال۔سرتاسر۔کلّی۔کلیتہً۔ایڑی
سے چوٹی تک۔سالم۔سرسے پاؤں تک۔اوّل سے آخر تک
ازسرِنو : پھر سے۔دوبارہ۔شروع سے۔نئے سرے سے
ازغیبی : اچانک۔یکایک
ازغیبی تماچا/تھپیڑا/دھکا/گولہ/گھونسا/مار : بلائے آسمانی۔قہرِ
خداوندی۔عذابِ الٰہی
ازغیبیا : ولدالزنا۔حرامی حرامزادہ۔مجہول النسب
ازکاررفتہ : ۱۔نکما۔ناکارہ۔ناقابل
۲۔نامرد۔عنین

ازخرداں خطا وازبزرگاں عطا
ازخرس موئے بس است
ازدیدہ دور، ازدل دور
ازکوزہ ہماں تراود کہ دراوست
ازماست کہ برماست
ازیں سورانده وازاں سو درمانده

اِزار : پاجامہ۔شلوار۔سُتھنا۔کمر۔پائجامہ

ازاربند : کمربند۔ناڑا۔تکمہ
ازاربند کا ڈھیلا : عیاش۔بدکار۔زانی
ازاربند کا رشتہ : سسرالی رشتہ
ازاربند کی ڈھیلی : بدکار۔فاحشہ۔زانیہ۔قحبہ۔چھنال
ازاربند کی سچی : باعصمت۔عفیفہ۔نیک

اِزالہ : انسداد۔دوری۔خاتمہ۔رفع۔تلافی۔زائل کرنا

ازالۂ بکر/بکارت : پہلی ہمبستری۔پہلا جماع۔ازالۂ دوشیزگی
ازالۂ حیثیتِ عرفی : ہتکِ توہین۔اہانت۔بدنامی

اژدحام : انبوہ۔ بھیڑ۔ مجمع۔ جگھٹا۔ ٹھٹ۔ جمِ غفیر

ازدواج : شادی۔ بیاہ۔ نکاح۔ تزوج۔ تزویج۔ عقد۔ بواد۔ مناکحت۔
گٹھ بندھن۔ دواہ

ازدواجِ ثانی : عقدِ ثانی۔ نکاحِ ثانی۔ دوسری شادی

اِزدیاد : زیادتی۔ کثرت۔ بہتات۔ فراوانی۔ افراط۔ بیشی۔ اضافہ۔ افزائش
فزونی۔ بڑھاؤ۔ توفیر

اَزرق : نیلا۔ نیلگوں۔ آسمانی

ازرق چشم : گربہ چشم۔ کرنجا۔ بلا
ازرق پیرہن : نیلی پوش۔ قلندر۔ فقیر

اَزکیا : پرہیزگار لوگ۔ اصفیا۔ ابرار

اَزل : بے ابتدا۔ شروع۔ آغاز۔ دوام۔ ہمیشگی۔ قدامت

اَزلی : شروع سے۔ قدیم۔ سرمدی۔ دائمی۔ جاودانی۔ ہمیشہ سے۔
آغاز۔ آغازگاہ۔ باس۔ باستان۔ دیرین۔ دیرینہ۔ ناآغاز۔
دوامی۔ مدامی۔ نخزین

اَزمنہ : زمانے۔ اوقات۔ ادوار۔ موسم

ازمنۂ متوسطہ : ادوارِ متوسطہ۔ درمیانی زمانے۔ ازمنۂ وسطیٰ
ازمنۂ مظلمہ : ادوارِ جہالت۔ زمانہا ئے جاہلیت۔ ایامِ جاہلیت

ازواج : ۱۔ جوڑے۔ جوڑیاں
۲۔ بیویاں۔ منکوحہ عورتیں

ازواجِ مطہرات : ۱۔ پاک بیبیاں۔ پاک بیویاں
۲۔ ازواجِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ امہات المومنین
امہات الامہ

اَزہار : کلیاں۔ غنچے۔ غنچہ ہائے ناشگفتہ

اَزہر : ۱۔ روشن۔ تابندہ۔ درخشندہ۔ چمکیلا
۲۔ سفید۔ ابیض۔ اجلا

اَژدر : اجگر۔ اژدہا۔ ثعبان۔ مارِ بزرگ۔ دیومار

اژدرِ موسیٰ : ثعبانِ موسیٰ۔ عصائے موسیٰ

اَژدہا : مارِ بزرگ۔ اژدر۔ اجگر۔ ثعبان۔ دیومار۔ مارِ پیر۔ افعی۔
اژدر۔ گوہمن۔ ہرپ۔ برسان۔ برغان

اژدہائے کوہ پارہ — اژدہائے ستونی — اژدہائے
کشادہ دہاں — اژدہائے ہفت سرا — اژدہائے چارسر
— اژدہائے تند — اژدہائے کوہی — اژدہائے
صحرائی — اژدہائے مست — اژدہائے سرخ —
اژدہائے قیرگوں — اژدہائے سیاہ — اژدہائے
دہن باز کردہ — اژدہائے جاں سوز — اژدہائے سوختہ
— اژدہائے کنشت

اِس : اشارہ قریب۔ یہ۔ یہی۔ ایں

اِس برتنے پر تتا پانی
اس سے کیا حاصل کہ شیر شاہ کی داڑھی بڑی یا سلیم شاہ کی
اِس کا دکھ دکھاوے مکھ
اِس کاندھے چڑھ، اُس کاندھے اتر
اِس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں کرتے ہیں

| اِس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے

اُس : اشارۂ بعید ۔ وہ ۔ وہی ۔ آں

| اُس کی قدرت کے کھیل ہیں
| اُس کی لاٹھی میں آواز نہیں
| اُس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں

اَساتذہ : اُستاذان ۔ معلمین ۔ کاملین ۔ علماء ۔ فضلاء

اُسارہ : ۱۔ چھپر ۔ سائبان ۔ برآمدہ
۲۔ در ۔ دروازہ ۔ دہلیز ۔ ڈیوڑھی

اَساڑھی : فصلِ ربیع ۔ ہاڑی

اُساریٰ : اسیران ۔ قیدی ۔ محبوس ۔ زندانی

اَساس : بنا ۔ بنیاد ۔ نیو ۔ جڑ ۔ اصل

اَساسی : بنیادی ۔ اصلی

اَساطیر : کہانیاں ۔ قصے ۔ روایات ۔ داستانیں

اساطیرالاولین : پچھلی کہانیاں ۔ پرانے قصے ۔ داستان ہائے باستانی ۔
داستانِ پارینہ

اَساطین : ستون ہا ۔ تھم ۔ کھم ۔ عماد ۔ کھمبے

اَسافل : کمینے ۔ کم ذات ۔ ہیچ ۔ کمذاتے

اَسالیب : طرزیں ۔ طریقے ۔ ڈھنگ

اَسامی : (جمع) : ۱۔ اسماء ۔ نام
۲۔ لوگ ۔ آبادی
(واحد) : ۱۔ کسان ۔ کاشت کار ۔ مزارع
۲۔ گاہک ۔ خریدار
۳۔ مقروض ۔ دین دار
۴۔ مال دار ۔ امیر
۵۔ جگہ ۔ منصب ۔ عہدہ

اَسانید : سلاسل روایت حدیث ۔ سلاسل رواۃ ۔ کتبِ احادیث

اَسباب : (بطور جمع) : وجوہ ۔ بواعث ۔ علل ۔ وسائل ۔ وجوہات علتہا

(بطور واحد) : مال ۔ اثاثہ ۔ سامان ۔ متاع ۔ پونجی ۔ بجار مروس ۔
چیز بست ۔ اشیاء ۔ جائداد منقولہ ۔ مڈی

اسباب سمیٹنا ــــ اسباب اٹھانا ــــ اسباب خانہ
ــــ اسباب ٹھکانے لگانا

اَسباط : ۱۔ آل اولاد ۔ پوتے پوتیاں ۔ نواسے نواسیاں ۔ اخلاف و اعقاب
۲۔ اقوام ۔ گروہ ۔ مذاہب ۔ قبائل

اَسبق : ۱۔ اولین ۔ سب سے پہلے ۔ اقدم ۔ مقدم ترین
۲۔ نہایت عمدہ ۔ نہایت نفیس ۔ نہایت اچھا

اُسبوع : ہفتہ ۔ مدت ہفت روز

اَسپ : ۱۔ گھوڑا ۔ توسن ۔ مرکب ۔ فرس ۔ اشہب ۔ رخش ۔ سمند ۔ براق ۔ کرہ

اسپ پالانی : باربردار گھوڑا ۔ اسپ باربرداری
اسپ تازی : عربی گھوڑا

اسپ بادگرہ زن — اسپ گرہ کشائے دل — اسپ
صبا رفتار — اسپ عنبریں دم — اسپ ہم تنگ
صرصر — اسپ گرم نوا — اسپ شب دیز — اسپ
پری نژاد — اسپ دشت تاز — اسپ اختر نگہ
— اسپ شبگام — اسپ دام بر ماہ افگن —
اسپ آہستہ خرام — اسپ نرم رفتار — اسپ
بار رکاب — اسپ بادپا — اسپ آسودہ تنگ
— اسپ تیز رو — اسپ تند — اسپ تازی گرہ
— اسپ نقرہ کرہ — اسپ خوش رقص — اسپ
تیز گوش — اسپ کاسہ سم — اسپ تلخ کمیت
— اسپ بزرگ نسل — اسپ ولایت نورد —
اسپ جہانگرد — اسپ تیز رو — اسپ پیکاں گوش
— اسپ سنبلہ چراگاہ — اسپ مشکی — اسپ
محیط آزما — اسپ شناور — اسپ سفید رنگ
— اسپ خنک سوسنی — توسن برگش دم — اسپ
برق تاب — اسپ کہکشاں مرغزار — اسپ گردوں
جولاں — اسپ خوش عناں — اسپ صبا تگ —
اسپ دماں — اسپ باد رفتار — اسپ درشت لگام
— اسپ دریا گزار — اسپ درہ نورد — اسپ سبک
خرام — اسپ باد خرام — اسپ منزل ربا —
اسپ پری انداز — اسپ پری پرواز — اسپ ستارہ
قدم — اسپ گور سم — اسپ گور کن — اسپ پری
آوردہ — اسپ نگارستان — اسپ شکارگاہ —
اسپ گردوں گرد — اسپ نرم سم — اسپ کم محنت
— اسپ سبک جولاں — اسپ توسن خبر —
اسپ سرکش — اسپ شفق ساعد — اسپ بردست
— اسپ مرصع — اسپ زیور پوشیدہ — اسپ
شگرف — اسپ آتشیں جوش — اسپ چابک رو
— اسپ فولاد نعل — اسپ سبز — براق
سبز — اسپ خیلی خرام — سمند تازہ پیکر —
تختِ رواں — اسپ سمند روش — طائر صحرا —

رخش مطلق خرام — اسپ وہم رفتار — فرس بیل بالا
— اسپ گوہریں ساز — اسپ زریں ستام —
مرکب بندپا — مرکب بدر رکاب — اسپ بدلگام
— اسپ بخاری — بیل قامت — اسپ شموس
— اسپ سست خیز — اسپ شال رفتار —
اسپ ادہم بار — اسپ پیش تاز — ابلق توسن
— اسپ لنگ — اسپ نگاریں پیکر —
اسپ قوی پشت — اسپ گراں نعل — اسپ تیز
بیں — اسپ شائستہ — اسپ عالی عناں —
اسپ ایران — اسپ خوش عناں — سمند شتاب آہنگ
— اسپ ہلال نعل — اسپ بور چوگانی — اسپ
صبا عنان — شاہ مرکب — اسپ خوش اصل
— اسپ تازی نژاد — اسپ دلدل شتاب —
اسپ طاؤس وش — اسپ ترکی نژاد — اسپ
رخش ژالہ ریز — اسپ ہامون نورد — اسپ سخت
دہاں — اسپ برق تعجیل — کرہ ناکشاد —
براق پرند — اسپ باد رواں — اسپ کبک خرام
— اسپ پرند — اسپ دریا راں — اسپ آہنیں
سم — اسپ گوش استادہ — اسپ گوشہا افشار
— اسپ تیز بجان — اسپ دریائی — اسپ
مرغابی صفت — اسپ شتاب گام — اسپ کوہ
نورد — اسپ جنگاہ — براقِ رفرف (اسپ جناب
رسولِ کریمؐ) — اسپ عناں براہ — اسپ دراز
عناں — اسپ عناں تاب — اسپ عناں پیچ —
اسپ دو رنگ — اسپ سم کش — اسپ گور سم
— اسپ لنگ — اسپ شتر نعل —
اسپ مگس راں — اسپ صہیل صدا — اسپ منزل
شناس — اسپ مرزی

اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالاں
طوقِ زریں ہمہ در گردن خر می بینم

| اسپ دزن زشمشیر وفادار کرد ید

اُسپات: سخت لوہا۔ فولاد۔ پولاد۔ آہن

اسپتال: ہسپتال۔ شفا خانہ۔ دارالشفا۔ بیمارستان

اسپرٹ: ۱۔ جوہر۔ ست
۲۔ روح۔ نفس
۳۔ جوش۔ جذبہ۔ ہمت۔ حوصلہ

اسپیچ: تقریر۔ بیان۔ لیکچر۔ بحث۔ خطاب

اسپیڈ: ۱۔ رفتار
۲۔ قوتِ کار

اسپیشل: خاص۔ مخصوص۔ خصوصی

اسپیشلسٹ: ماہرِ خصوصی۔ متخصص

اسپیکر: ۱۔ مقرر۔ خطیب
۲۔ صدر۔ میرِ مجلس

اُستاد: ۱۔ معلم۔ مدرس۔ اتالیق۔ ادب آموز۔ دانش آموز۔ گورو۔ پاٹھک۔ اخوند۔ استاذ۔ ماسٹر۔ ٹیچر۔ استاکار۔ ودیارتھی۔ پیر۔ مرشد۔ آموزندہ۔ دستوروہندہ۔ آموزگار۔ پروفیسر۔ لیکچرر۔
۲۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ مشاق۔ ماہر
۳۔ ماہرِ فن۔ کامل فن۔ باکمال۔ کامل الفن۔ ہنرمند
۴۔ چالاک۔ ہوشیار۔ چابک دست۔ کاریگر۔ عیار۔ کائیاں۔ چاتر۔ سیانا

| استاد بیٹھے پاس تو کام آئے راس

اِستادگی: ۱۔ قیام
۲۔ خیزش۔ خیزی۔ نعوظ
۳۔ پائیداری۔ استحکام۔ مضبوطی۔ استواری

اِستادہ: کھڑا۔ قائم۔ نصب

اُستادی: مہارت۔ کمال۔ مشاقی۔ ہنرمندی۔ ہوشیاری۔ چالاکی

اُستانی: معلمہ۔ مدرسہ۔ آتون۔ ملاجی۔ ٹیچرس

اِستبداد: ۱۔ ضد۔ ہٹ
۲۔ ظلم۔ جور۔ تعدی
۳۔ خودرائی۔ خود مختاری۔ مطلق العنانی

اِستبدادی: ۱۔ مطلق العنان
۲۔ ظالمانہ
۳۔ رجعت پسند۔ حامی استبداد

اِستبصار: دانائی۔ بینائی۔ سوجھ بوجھ

اِستبعاد: دوری۔ علیحدگی۔ گوشہ نشینی۔ کنارہ کشی

اِستثناد: علیحدگی۔ جدائی۔ اخراج۔ کلیے سے الگ

اِستثنائی: ۱۔ علیحدہ۔ الگ۔ جدا۔ ترک شدہ۔ خارج
۲۔ خاص۔ مخصوص۔ خصوصی

اِستجابت: قبولیت۔ منظوری۔ مقبولیت

اِستحاضہ: کثرتِ حیض۔ کثرتِ طمث۔ بے قاعدگیٔ حیض

اِستحالہ : تبدیلِ حالت۔ تبدیلِ صورت۔ تبدیلِ ماہیت۔ تبدیلِ خاصیت

استحباب : ۱۔ دوست داری۔ دوست خواہی
۲۔ پسندیدگی
۳۔ کارِ ثواب۔ پسندیدہ کام

اِستحسان : پسندیدگی۔ تحسین۔ نیک خواہی۔ نیک پسندی

اِستحصال : ۱۔ طلب حصول۔ چھین جھپٹ
۲۔ خود مطلبی

استحصال بالجبر : جبری حصول۔ چھین جھپٹ

اِستحقار : حقارت۔ تحقیر۔ تذلیل۔ نفرت

اِستحقاق : ۱۔ حق طلبی
۲۔ حق۔ دعویٰ
۳۔ قابلیت۔ سزاواری۔ اہلیت

اِستحکام : مضبوطی۔ استواری۔ محکمی۔ پختگی۔ استقلال۔ قیام۔ تقویت۔
استواری خواہی

اِستخارہ : ۱۔ طلبِ خیر۔ خیر طلبی
۲۔ طلبِ اشارۂ غیبی۔ اشارہ طلبی۔ اجازت طلبی

اِستخراج : تفریق۔ استنتاج۔ استنباط

اِستخفاف : خفت۔ سبکی۔ بے وقری

اِستخلاص : آزادی۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی

اُستخواں : ۱۔ ہڈی۔ ہاڑ
۲۔ گٹھلی

اِستدراج : کرشمہ۔ خارق عادت۔ مافوق الفطرت۔ نیرنگ نیرمسلم

اِستدراک : ۱۔ فہم۔ سمجھ۔ ذہن نشینی۔ یافت۔ حصول
۲۔ تدارک۔ علاج

اِستدعا : ۱۔ خواہش۔ طلب۔ درخواست۔ دعویٰ
۲۔ عرض۔ التجا۔ التماس۔ گزارش

اِستدلال : دلیل۔ برہان۔ ثبوت

اَستر : تہ۔ زیریں پرت

اُسترا : موس۔ حنفام۔ مردودۃ۔ پاکی۔ ریزر۔ بلیڈ

اِستراحت : آرام پسندی۔ آرام طلبی۔ راحت۔ آرام

اِسترداد : رد۔ واپسی۔ عدم قبولیت۔ نامنظوری

اِسترضا : رضا طلبی۔ رضا خواہی۔ رضامندی۔ خوشنودی

اِستری : عورت۔ زن۔ امرأۃ۔ تریمت۔ زوجہ۔ بیوی۔ مہلا۔ ابلا

اِستسقاء : ۱۔ تشنگی۔ آب طلبی۔ پیاس
۲۔ جلندر۔ پانا روگ

اِستشہاد : شہادت طلبی۔ گواہی۔ شہادت

اِستصواب : مشورہ طلبی۔ رائے طلبی۔ رائے شماری

اِستطاعت: طاقت۔ قدرت۔ بس۔ مقدور۔ بساط

اِستعارہ: ۱۔ ادھار۔ عاریت۔ اشارہ
۲۔ مجازی معنی۔ مرادی معنی

اِستعانت: طلبِ مدد۔ مدد خواہی۔ استمداد

اِستعجاب: حیرت۔ حیرانی۔ تعجب۔ اچنبھا۔ اچرج

اِستعداد: ۱۔ لیاقت۔ قابلیت۔ صلاحیت۔ ملکہ۔ فطری صلاحیت۔ علمی مادہ
۲۔ تیاری۔ آمادگی۔ سامان

اِستعفا: ۱۔ عذر طلبی۔ معافی طلبی۔ عذر خواہی
۲۔ ترکِ خدمت۔ ترکِ ملازمت۔ تیاگ پتر

اِستعلا: برتری۔ بلندی۔ فوقیت۔ فضیلت۔ ترقی

اِستعمار: ۱۔ آبادی۔ نوآبادی۔ آبادکاری
۲۔ غاصبانہ تسلط۔ قبضہ غاصبانہ۔ سامراج

اِستعمال: عمل۔ کار۔ برتاؤ۔ بتاوا۔ چرچا۔ رواج۔ کھپت۔ برتنا۔ بندانا۔ ورتنا۔
کام میں لانا۔ یوز

اِستعمالی: ۱۔ استعمال شدہ۔ مستعمل۔ پرانا۔ کہنہ
۲۔ قابلِ استعمال۔ کارآمد

اِستغاثہ: دادخواہی۔ فریاد۔ نالش۔ دعویٰ۔ دہائی۔ اپیل

اِستغراق: محویت۔ انہماک

اِستغفار: طلبِ بخشش۔ طلبِ مغفرت۔ آمرزش طلبی

اِستغنا: ۱۔ بے پروائی۔ بے نیازی۔ بے فکری
۲۔ امارت۔ تونگری۔ تمول۔ ثروت مندی
۳۔ صبر۔ قناعت۔ توکل

اِستفادہ: فائدہ طلبی۔ نفع طلبی۔ حصولِ مفاد۔ فائدہ۔ نفع۔ منافع۔ سود۔
بہرہ۔ نتیجہ

اِستفاضہ: فیض طلبی۔ فیض خواہی۔ طلبِ فیض۔ طلبِ خیر

اِستفتا: طلبِ فتویٰ۔ دریافتِ مسئلہ۔ حکم جوئی۔ فیصلہ طلبی

اِستفراغ: ۱۔ طلبِ فراغت
۲۔ قے۔ الٹی۔ جی بُرا

اِستفسار: ۱۔ سوال۔ دریافت۔ پوچھ گچھ۔ پرسش۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔
معلوم کرنا۔ استفہام۔ سوال و جواب
۲۔ تلاش۔ تفتیش۔ جستجو

اِستفہام: سوال۔ دریافت۔ پچھ

اِستقامت: ۱۔ راستی۔ راست کرداری۔ راست روی
۲۔ استقلال۔ ثباتِ قدم۔ ثابت قدمی۔ پائیداری۔ مضبوطی

اِستقبال: پیشوائی۔ خیرمقدم۔ سواگت۔ پذیرائی۔ آؤ بھگت

اِستقرا: ۱۔ تلاش۔ جستجو۔ تفتیش
۲۔ تتبع۔ پیروی۔ اتباع۔ متابعت

اِستقرار: ۱۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔ قرار۔
۲۔ اظہار۔ تصدیق

استقلال : استقامت قدکہ ثبات قدم ۔
۱۔ مضبوطی ۔ پائیداری ۔ استحکام ۔ ثبات
۲۔ ضبط تحمل ۔ دھیرج ۔ صبر
۳۔ خود مختاری ۔ قیام ۔ آزادی

استکبار : گھمنڈ ۔ غرور ۔ فخر ۔ شیخی ۔ زعم ۔ عجب ۔ تکبر ۔ مان ۔ تجتر

استکراہ : نفرت ۔ کراہت ۔ گھن ۔ تنفر ۔ ناپسندیدگی

استکمال : حسب کمال تکمیل طلبی ۔ کمالیت

استلزام : لزوم ۔ وجوب ۔ لزمیت ۔ ضرورت

استمالت : دلجوئی ۔ خوشامد ۔ ترغیب ۔ چاپلوسی

استمداد : استعانت ۔ مدد خواہی ۔ مدد طلبی

استمرار : ہمیشگی ۔ دوام ۔ مداومت

استمراری : دائمی ۔ مدامی ۔ ہمیشہ ۔ پیہم ۔ دوامی

استمزاج : مزاج پرسی ۔ رضا طلبی ۔ رائے طلبی

استناد : اخذ سند ۔ سند ۔ ثبوت

استنباط : اخذ مطلب ۔ اخذ نتیجہ ۔ انتخاب ۔ استخراج

استنتاج : اخذ نتیجہ ۔ استخراج ۔ استنباط

استنجا : طہارت ۔ آبدست ۔ آبدست لینا ۔ نجاست دور کرنا

استوا : برابری ۔ یکسانی ۔ ہمواری

استوار : مضبوط ۔ پائیدار ۔ مستحکم ۔ محکم ۔ پختہ ۔ پکا

استواری : مضبوطی ۔ پائیداری ۔ استحکام ۔ محکمی ۔ پختگی

استھان : جگہ ۔ مقام ۔ مسکن ۔ ٹھکانا ۔ ڈیرا ۔ گھر ۔ خانہ ۔ آستانہ

استہزاء : ہنسی ۔ مذاق ۔ ٹھٹھا ۔ مضحکہ ۔ تضحیک ۔ تمسخر

استیصال : بیخ کنی ۔ قلع قمع ۔ خاتمہ ۔ اکھاڑ پچھاڑ

استیعاب : کلیت ۔ تمامیت ۔ کلی مطالعہ ۔ اخذ کل ۔ احاطہ کل

استیلا : غلبہ ۔ تسلط ۔ حکومت

اسٹار : ۱۔ ستارہ ۔ نجم ۔ کوکب ۔ تارا
۲۔ ممتاز کردار ۔ اداکار ۔ تمثیل ۔ ایکٹر

اسٹاف : عملہ ۔ گروہ ۔ عمال ۔ اہل کار ۔ ملازمین ۔ سررشتہ

اسٹاک : ۱۔ ذخیرہ ۔ مال ۔ اسباب ۔ سامان
۲۔ مشترکہ سرمایہ
۳۔ تمسک

اسٹاکسٹ : ذخیرہ دار ۔ ذخیرہ اندوز

اسٹال : ۱۔ دکان ۔ پھڑ
۲۔ چبوترہ
۳۔ نشست گاہ

اسٹام : ۱. مہر۔ چھاپ۔ خاتم
۲. دستاویزی کاغذ۔ وثیقہ

اسٹائل : ۱. طرز۔ اسلوب۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ انداز
۲. شکل۔ ساخت۔ نمونہ

اسٹوڈیو : نگار خانہ۔ اطاق تصویر کشی۔ اطاق نشر صوت

اسٹوری : کہانی۔ قصہ۔ داستان۔ افسانہ۔ حکایت۔ مضمون

اسٹیٹ : ریاست۔ ملک۔ سلطنت

اسٹیج : ۱. چبوترہ۔ نمایاں جگہ
۲. تماشا گاہ
۳. منزل۔ مرحلہ۔ دور۔ نوبت

اسٹیڈیم : ورزش گاہ۔ کھیل کا میدان

اسٹیشن : اڈا۔ مستقر۔ مقام۔ جائے قیام۔ قیام گاہ۔ چوکی۔ تھانہ۔ ناکہ

اسٹیشنری : سامانِ تحریر۔ کاغذ۔ قلم۔ دوات۔ پنسل

اسٹینڈ : اڈا۔ جگہ۔ مقام۔ مسکن۔ مستقر

اسد : شیر۔ باگھ۔ ضیغم

اسرار : رازہا۔ بھید۔ پوشیدہ باتیں

اسراف : فضول خرچی۔ بے جا خرچ۔ تبذیر

اسسٹنٹ : معاون۔ مددگار۔ نائب۔ ماتحت

اسطوانہ : ستون۔ کھمبا۔ کھم۔ تھم

اسعد : نہایت نیک۔ نہایت مبارک۔ سعید تر

اسفل : گھٹیا۔ پنچ۔ کمینہ۔ ذلیل۔ رذیل۔ ادنیٰ۔ سفلہ

اسفنج : ابر مردہ۔ اسپنج

اسقاط : انقطاع۔ قطع۔ خاتمہ۔ تضیع۔ اضاعت

اسقاطِ حمل : اضاعتِ حمل۔ انقطاعِ حمل۔ دفعیۂ حمل۔ خاتمۂ حمل

اسقام : خرابیاں۔ علتیں۔ برائیاں۔ خامیاں۔ عیوب۔ معائب

اسکول : مدرسہ۔ مکتب۔ دبستان۔ درس گاہ۔ پاٹھ شالا

اسکیچ : ۱. خاکہ۔ خاکۂ تصویر
۲. ڈھانچا۔ نقشہ
۳. مرقع۔ ترجمہ
۴. مسودہ۔ مختصر مضمون

اسکیم : ۱. تجویز۔ ترکیب۔ منصوبہ
۲. چال۔ سازش۔ ریشہ دوانی

اسکینڈل : رسوائی۔ تہمت۔ فضیحت۔ رسواکن واقعہ

اسلاف : گزشتہ لوگ۔ بزرگان۔ پرکھے۔ آباواجداد

اسلام : ۱. اطاعت۔ فرماں برداری۔ سلامتی کا راستہ
۲. دینِ مسلماناں۔ کیشِ مسلم۔ راہِ امن

اسلامی : منسوب بہ اسلام

اسلحہ : سامانِ حرب ۔ آلاتِ جنگ ۔ ہتھیار ۔ اوزار ۔ ساز و برگ ۔ یراق

اسلحہ خانہ ـــ اسلحہ سازی ـــ اسلحہ فروشی ـــ اسلحہ دار

اسلوب : طرز ۔ انداز ۔ ڈھنگ ۔ رنگ ۔ راہ ۔ صورت ۔ طور ۔ روش ۔ طریقہ ۔ قاعدہ

اسم : نام ۔ ناؤں ۔ تعریف ۔ ناں

اسمِ اعظم ـــ اسمِ اشارہ ـ اسمِ جلالی ـــ اسمِ جمالی ـــ اسمِ ذات ـــ اسمِ فرضی ـــ اسم نویسی ـــ اسم وار

اسماء : نام ہا ۔ اسامی

اسمبلی : اجتماع ۔ انجمن ۔ مجلس ۔ مجلسِ شوریٰ ۔ مجلسِ قانون ساز ۔ مجلسِ آئین ساز

اسمگلر : ناجائز درآمد و برآمد کنندہ

اسمگلنگ : ناجائز درآمد و برآمد

اسمی : اسم وار ۔ نام بنام

اسناد : سندات ۔ سندیں ۔ دستاویزیں

اسود : سیاہ ۔ کالا

اسوہ : نمونہ ۔ مثال ۔ چال ۔ ڈھنگ ۔ انداز

اسوۂ حسنہ : اچھا نمونہ ۔ نیک مثال

اسہال : دست ۔ جلاب

اسی : ہشتاد ۔ ثمانین

اسی برس کی عمر نام میاں معصوم
اسی کی آمد چوراسی کا خرچ

اسیر : قیدی ۔ پابند ۔ گرفتار ۔ زندانی ۔ مقید

اسیری : گرفتاری ۔ قید ۔ پابندی

اسیس : دعا ۔ آشیرباد

اشارہ/اشارات : کنایہ ۔ رمز ۔ ایما ۔ ایمائی ۔ سائن ۔ حرکت ۔ ہلال ۔ نشان ۔ پتار

اشاریہ : فہرست اعلام و مقامات ۔ انڈیکس

اشاعت : شیوع ۔ نشر ۔ انتشار ۔ شہرت ۔ توسیع ۔ تبلیغ ۔ تشہیر ۔ شائع کرنا ۔ شیوع دادن

اشتباہ : ۱۔ شبہ ۔ گمان ۔ شک
۲۔ مشابہت ۔ تشابہ

اشتداد : شدت ۔ زیادتی ۔ مضبوطی ۔ سختی ۔ پائیداری

اشتراک : شرکت ۔ مشارکت ۔ ساجھا ۔ حصہ داری ۔ میل ۔ ملاپ ۔ ترکیب ۔ شبوہیہ

اشتراکِ منافع ___ اشتراکِ مساعی

اشتعال: ۱۔ برانگیختگی۔ جوش۔ غصہ۔ اکساہٹ۔ بھڑک
۲۔ آتش افروزی۔ شعلہ فشانی۔ آتش انگیزی

اشتعالک: ۱۔ شعلہ۔ بھڑک۔ لپٹ
۲۔ اکساہٹ۔ غصہ۔ جوش

اشتغال: مشغولیت۔ معروفیت۔ کام۔ کاروبار

اشتمال: شمول۔ شمولیت۔ شرکت۔ اشتراک

اشتہا: خواہش۔ طلب۔ بھوک۔ گرسنگی

اشتہار: اعلان۔ اطلاع۔ نوٹس۔ شہرت۔ تشہیر۔ منادی۔ چِٹھی

اشتیاق: شوق۔ آرزو۔ تمنا۔ خواہش

اشجار: درختان۔ پودے۔ پیڑ۔ برچھ۔ برکش۔ درخت

اشجع: بہت بہادر۔ بہت دلیر۔ نہایت شجاع

اشخاص: لوگ۔ افراد۔ مردان۔ آدمی

اشد: نہایت شدید۔ بہت سخت۔ فزوں تر۔ الحد

اشدھ: ۱۔ ناخالص۔ ناپاک۔ گندہ۔ غلیظ۔ میلا۔ نخالص
۲۔ خراب شدہ۔ مخرب۔ بگڑا
۳۔ نادرست۔ غیر صحیح۔ غلط

اشر: نہایت شریر۔ بہت شرارتی۔ فسادی۔ شرانگیز۔ بہت برا

اشراف: ۱۔ شرفاء۔ بھلے مانس۔ نجباء۔ خاندانی لوگ
۲۔ امیر۔ رئیس۔ ذی رتبہ۔ ذی جاہ
۳۔ عالی نسب۔ عالی خاندان۔ عالی دودمان۔ اصیل
۴۔ خوش خلق۔ نیک کردار۔ حلیم۔ خوش خصال

اشراف پاؤں پڑے کمینہ سر چڑھے
اشراف کے لڑکے بگڑتے ہیں تو بھڑوے بنتے ہیں
اشراف گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں ہے
اشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے

اِشراق: ۱۔ طلوعِ صبح۔ طلوعِ آفتاب۔ نمودِ صبح
۲۔ نمازِ طلوعِ صبح
۳۔ روشن ضمیری۔ صفائے باطن۔ کشفِ باطن

اِشراقی: روشن ضمیر۔ صاحبِ کشف۔ دروں بیں۔ صوفیِ صافی

اشرف: نہایت شریف۔ بزرگ ترین۔ بہت بھلا مانس۔ امجد۔ اعظم۔
اعلیٰ۔ احسن۔ افضل

اشرف المخلوقات: افضل الخلائق۔ بزرگ ترین مخلوقات۔ انسان۔ آدمی۔
بشر۔ بنی آدم۔ بنی نوعِ انسان

اشرفی: مہر۔ دینار۔ پونڈ۔ گنی۔ طلائی سکہ۔ آٹھ ماشی

اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مہر

اشعار: ابیات۔ شعر۔ دوہے۔ دوہڑے

اشعر: ۱۔ بڑا شاعر۔ سخن ورِ عظیم۔ پُرگو
۲۔ گیسو دراز۔ مو دراز

اشغال: مشاغل۔کام۔دھندے۔پیشے۔کاروبار۔کاج

اشغلا: فتنہ۔فساد۔اشتعال۔شرانگیزی۔افواہ

اشفاق: عنایات۔مہربانیاں۔نوازشیں۔شفقتیں

اشقیا: سنگدل لوگ۔بدبخت۔بے رحم۔قسی القلب

اشک: آنسو۔سرشک۔دمع۔آبِ چشم۔آبِ گریہ۔آبِ دیدہ۔ شوا۔ بنت العین۔ اتھرو۔نین جل۔آبِ آتش رنگ۔آب سایہ نما۔ آبِ ارغوانی۔اشک واردی۔بچہ مژہ نیں۔ ہنجو۔نیر۔ٹیر۔آنجو۔ آنٹرو۔نشانۂ گریہ۔گوڑا۔ ارس۔جل

اشک بار: اشک ریز۔گریاں۔روتا۔اشک فشاں۔آبدیدہ

اشک باری: اشک ریزی۔اشک فشانی۔گریہ۔رونا۔درافشانی۔ سرشک باری

اشکِ بلبل: قلیل مقدار۔ذرا سا۔خفیف

اشکِ خونیں: اشک گل رنگ۔اشکِ گل فام۔اشکِ گل گوں۔اشکِ لالہ فام

اشکِ رواں: اشکِ جاری۔بہتے آنسو

اشک ریز: اشک بار۔اشک فشاں۔گریاں۔آبدیدہ

اشک ریزی: اشک باری۔اشک فشانی۔گریہ۔رونا

اشکِ شادی: اشکِ مسرت۔اشک شادمانی۔خوشی کے آنسو

اشک شوئی: تسلی۔تشفی۔دلاسا

اشکِ غم: اشکِ ملال۔اشکِ حسرت۔اشک اندوہ

اشک فشاں: اشک بار۔اشک ریز۔گریاں۔آبدیدہ

اشک فشانی: اشک باری۔اشک ریزی۔گریہ۔رونا

اشکِ گل گوں/گلرنگ/گلفام/ لالہ فام/ لالہ گوں: اشک خوں۔اشک خونیں

اشکِ ندامت: اشکِ شرمندگی۔آبِ انفعال۔آبِ شرم۔آبِ حیا

اشک پینا — اشک آنا — اشک بہانا — اشک جاری ہونا — اشک ڈھلکنا — اشک گرنا — اشک نکلنا — اشکِ حسرت — اشکِ شمع — اشکِ کباب — اشکِ رنگیں — اشکِ گلفام — اشکِ جگر فام — اشکِ گرم — اشکِ سرخ — اشکِ تلخ — اشکِ شیریں — اشکِ شفقی — اشکِ عنابی — اشکِ جگری — اشکِ صحراپسند — اشکِ جگرگوں — اشکِ لالہ گوں — اشکِ میگوں — اشکِ پاک — اشکِ گوہریں — اشک لالہ رنگ — اشکِ بے اختیار — اشکِ آتشیں — اشکِ سیمابی — اشکِ بےقرار — اشکِ سرد — اشکِ نمک افشاں — پیکانِ اشک — سیلِ اشک — اشکِ خندہ جوش — اشک شب چراغ — اشکِ شبنم — دانۂ اشک — طفلِ اشک — اشکِ نسرین — سرشکِ غم — اشکِ لعل فام — اشک گلگوں قبا — اشک شفق پرورده — اشک رواں — اشک یاقوت فام — اشکِ حنائی — انجم اشک — کوکب اشک — ستارۂ مژگاں — اشک چہرہ سوز — اشک تجلی سنج — اشکِ نوح — اشک زار — اشک (بمعنی گریہ) — اشک در سنگ رخنہ کن — اشک شعلہ ریز — اشک آتش بیز — اشکِ دمادم — اشکِ ارغواں — اشکِ گرم رو — قافلۂ اشک — اشکِ دریا ریز — دامنِ اشک — بساطِ اشک — اشک عذرخواہ — اشک گلاب گوں — کاروانِ اشک — سیلِ اشک — جوئے اشک — دریائے اشک — براتِ اشک — اشک برخسار نوشتہ — اشک آبرو ریز — اشک گلگوں پرند — اشک چکیدہ — لالہ زار اشک — اشک ندم — اشکِ خجالت — سرشک پاشنہ کوب — اشکِ آتشیں — اشک عقیق رنگ — شورآبۂ چشم — اشک باری —

اشک صدف رنگ ـــ اشکِ قرد یدہ

اَشکال : شکلیں۔ صورتیں۔ شبیہیں

اِشکال : مشکل۔ دشواری۔ دقت

اشلک : تہمت۔ اتہام۔ الزام۔ بہتان

اشلوک : ۱۔ شعر۔ بیت۔ دوہا۔ دوہڑا۔ بند۔ نظم
۲۔ فقرہ۔ جملہ
۳۔ مناجات۔ حمد۔ مدح۔ نعت۔ منقبت

اشنان : غسل۔ نہان

اشہب : سبزہ گھوڑا۔ اسپ۔ فرس۔ مرکب۔ سمند

اشہر : بہت مشہور۔ مشہور تر۔ شہرۂ آفاق۔ معروف تر

اشیا : چیزیں۔ بستیں۔ چیزہا

اصابت : ۱۔ پختگی۔ مضبوطی۔ استواری
۲۔ صحت۔ درستی
۳۔ رسائی۔ پہنچ

اصاغر : ۱۔ خردان۔ چھوٹے
۲۔ اسافل۔ کمینے۔ ناچیز۔ گھٹیا

اصالت : ۱۔ اصلیت۔ خاصیت۔ فطرت
۲۔ شرافت۔ نفاست۔ لطافت۔ کھراپن
۳۔ خاندانی اثر۔ نسلی اثر۔ تاثیرِ نطفہ

اصالتاً : ۱۔ خود۔ بہ نفسِ نفیس۔ بلاواسطہ
۲۔ دراصل۔ درحقیقت۔ فی الحقیقت

اصح : صحیح تر۔ درست تر۔ بہت ٹھیک

اصحاب : ۱۔ صاحبین۔ ہم نشینان۔ مصاحبین۔ دوست۔ احباب
۲۔ صحابہ
۳۔ آقایان۔ خداوندان۔ مالکان۔ اہل

اصحاب الحدیث: اہلِ حدیث۔ متبعین حدیث۔ محدثین
اصحاب الرائے: اہلِ رائے۔ اہلِ قیاس۔ فقہائے مجتہدین۔ عقلا۔ اہلِ تدبیر
اصحاب الشمال: دوزخی۔ جہنمی۔ اصحابِ جحیم۔ اصحاب النار
اصحاب الیمین: جنتی۔ بہشتی۔ اہلِ جنت۔ اہلِ فردوس۔ اہلِ بہشت
اصحابِ اربعہ: چاروں صحابہ۔ خلفائے اربعہ۔ خلفائے راشدین؛ (حضرت ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ۔ علیؓ)
اصحابِ اعتبار: معتبر لوگ۔ قابلِ اعتبار لوگ۔ معتمدین
اصحابِ تدبیر: اہلِ تدبیر۔ مدبرین۔ مشیران و وزیران۔ اربابِ تدبیر
اصحابِ تواریخ: اربابِ تواریخ۔ اہلِ تواریخ۔ مؤرخین۔ ماہرینِ تاریخ
اصحابِ ثلاثہ: حضرت ابوبکر۔ عمر۔ عثمان رضی اللہ عنہم
اصحابِ جاہ: امرا۔ مقدرار۔ سردار۔ اہلِ رتبہ۔ اربابِ جاہ
اصحابِ جحیم: اصحابِ نار۔ اہلِ جہنم۔ دوزخی۔ جہنمی
اصحابِ روایت: ۱۔ اہلِ روایت۔ روایت پرست
۲۔ راویان۔ مؤرخین
اصحابِ سیوف: اہلِ سیف۔ شمشیرزن۔ تیغ زن۔ سپاہی۔ جنگجو
اصحابِ علم: اہلِ علم۔ اہلِ دانش۔ اربابِ دانش۔ اربابِ علم۔ اربابِ ہنر۔ اہلِ ہنر۔ ۳۔ دانشوراں۔ دانشمنداں

اصداف : سیپیاں

اصدق : بہت سچا۔ صادق ترین۔ بہت کھرا

اصدقا : احباب ۔ دوست ۔ یاران ۔ رفقا ۔ ساتھی

اصرار : ۱۔ ضد ۔ ہٹ
۲۔ تکرار ۔ تاکید ۔ ابرام

اَصراف : اخراجات ۔ مصارف

اِصراف : خرچ ۔ صرف ۔ مصرف

اصطباغ : ۱۔ رنگ رزی ۔ غوطہ
۲۔ بپتسمہ

اصطبل : طویلہ ۔ گھڑسال ۔ تھان ۔ اسپ خانہ ۔ پاگہ

اصطبل کی بلا بندر کے سر

اصطفا : ۱۔ انتخاب ۔ پسندیدگی
۲۔ بزرگی ۔ برگزیدگی

اصطلاح : لفظ مخصوص المعنی ۔ مجازی ۔ مرادی

اصغر : بہت چھوٹا ۔ کودک ۔ خردترین

اصفر : زرد ۔ پیلا ۔ زعفرانی ۔ کیسری

اصفیا : بزرگ لوگ ۔ برگزیدگاں ۔ اہلِ صفا ۔ اربابِ صفا ۔ پاک لوگ ۔ ابرار ۔ اتقیا

اصل : ۱۔ بیخ ۔ جڑ
۲۔ بنیاد ۔ اساس ۔ نیو ۔ بنا ۔ بیس ۔ پایہ ۔ قاعدہ
۳۔ منبع ۔ سرچشمہ ۔ ماخذ ۔ مصدر ۔ نکاس ۔ مبدا ۔ مرکز ۔ مخزن
۴۔ تخم ۔ بیج
۵۔ خلاصہ ۔ عطر ۔ ست ۔ لبِ لباب ۔ جوہر ۔ نچوڑ
۶۔ سرشت ۔ طینت ۔ خلقت ۔ فطرت ۔ جبلت
۷۔ اصلیت ۔ حقیقت ۔ ماہیت ۔ خاصیت
۸۔ اصالت ۔ خاندانی و نسلی اثر
۹۔ سبب ۔ علت ۔ وجہ ۔ رو ۔ نیم
۱۰۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔ متاع ۔ مول
۱۱۔ بساط ۔ کائنات ۔ حیثیت ۔ ہستی ۔ جان
۱۲۔ خالص ۔ کھرا ۔ بے میل ۔ پاک ۔ نرمل
۱۳۔ ابتدائی حالت ۔ گزشتہ حالت
۱۴۔ نسب ۔ ذات ۔ نسل ۔ خاندان
۱۵۔ شرافت ۔ نجابت
۱۶۔ متن ۔ مادہ
۱۷۔ شریف ۔ نجیب ۔ اصیل ۔ خاندانی
۱۸۔ اصلی ۔ حقیقی
۱۹۔ ٹھیک ۔ واقعی ۔ درست
۲۰۔ قدیم ۔ پرانا

اصل الاصول : خلاصہ ۔ لبِ لباب ۔ بنیادی اصول
اصل السوس : ملٹھی ۔ ملیٹھی
اصل زر : مول ۔ رقم بے سود ۔ حقیقی رقم ۔ اصل رقم
اصل و فرع : بیخ و شاخ ۔ سبب و نتیجہ ۔ سبب و مسبوب ۔ علت و معلول
اصلاً / اصلا : ہرگز ۔ کسی طرح ۔ درحقیقت ۔ فی الحقیقت ۔ دراصل

اصل اصل ہے، نقل نقل ہے
اصل نقل میں بڑا فرق ہے
اصل بد از خطا خطا نہ کند
اصل سے خطا نہیں، کم اصل سے وفا نہیں
اصل کے اصل ہوتے ہیں
اصل کی بات نقل میں نہیں

اصلاح : ۱۔ درستی۔ صحت۔ تصحیح۔ ترمیم۔ نظرثانی۔ کاٹ چھانٹ۔ آرائش کرنا
۲۔ موافقت۔ میل۔ صلح
۳۔ حجامت۔ موتراشی۔ نزاشنا

اصلاح پذیر ___ اصلاح دینا ___ اصلاحِ عمل ___
اصلاحِ خیال ___ اصلاحِ ادب ___ اصلاحِ شعر ___
اصلاحِ کتاب ___ اصلاحِ خطاطی

اصلح : درست ترین۔ اصح۔ مناسب ترین۔ موزوں ترین

اصلی : ۱۔ حقیقی۔ بے میل
۲۔ ذاتی
۳۔ بنیادی۔ اصلی۔ اساسی
۴۔ خلقی۔ پیدائشی۔ فطری۔ جبلی۔ جنمی
۵۔ ٹھیک۔ صحیح۔ سچ۔ واقعی۔ خالص۔ نرمل۔ پاک۔ سچی
۶۔ مقدم۔ اوّل

اصلیت : حقیقت۔ واقعیت۔ اصالت۔ ماہیت

اصم : بہرا۔ کر۔ گراں گوش

اصناف : اقسام۔ انواع۔ طرحیں۔ الوان۔ اصنافِ سخن

اصنام : ۱۔ بت۔ مجسمے
۲۔ معشوقین۔ محبوبین

اصوات : آوازیں۔ صدائیں۔ ندائیں

اصول : ۱۔ جڑیں۔ بنیادیں۔ قانون۔ ضابطہ۔ آئین
۲۔ قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ دستور

اصولِ موضوعہ ___ اصولِ ثقیل ___ اصولِ خفیف ___
اصول ماننا ___ اصولِ حیات ___ اصولِ معاشرہ
___ اصولِ کار ___ اصولِ رنگ ___ اصول و آئین
___ اصولِ تحریر ___ اصولِ فکر

اصولی : مطابقِ قاعدہ۔ مطابقِ دستور۔ دستوری۔ قانونی

اصیل : (صفت): ۱۔ اصلی۔ شریف۔ نجیب۔ خالص۔ خاندانی۔ عالی خاندان۔ صحیح النسب۔ عالی نسب۔ شریف النفس۔ بااصل
۲۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ خوب۔ جوہردار
(اسم مونث) : خادمہ۔ کنیز۔ لونڈی۔ ماما۔ نوکرانی

اصیل گھوڑا ___ اصیل مرغ ___ اصیل کبوتر ___ تیغِ اصیل
___ اصیل ٹٹو ___ برہانِ اصیل ___ فولادِ اصیل ___
ساداتِ اصیل

اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں ہے
اصیل مرغ کی ایک ٹانگ
اصیل مرغ بکے ٹکے

اضاعت : تضیع۔ اتلاف۔ بربادی۔ تباہی۔ ضیاع

اضافت : ۱۔ نسبت۔ علاقہ۔ تعلق۔ لگاؤ۔ الحاق۔ سلسلہ
۲۔ مہمانی۔ مہمان نوازی۔ توکل۔ پناہ

اضافتِ استعارہ ___ اضافتِ بیانی ___ اضافتِ تخصیصی
___ اضافتِ تملیکی ___ اضافتِ ظرفی ___ اضافتِ ترصیفی ___ اضافتِ توضیحی ___ اضافتِ دینی

اضافہ : بیشی۔ زیادتی۔ ازدیاد۔ افزائش۔ افزونی۔ بڑھوتری۔ ترقی۔ بڑھاو۔ ایزادی۔ علاوہ

اضافی : ۱۔ نسبتی ۔ متعلق ۔ ملحق ۔ وابستہ
۲۔ زائد ۔ فالتو
۳۔ غیر اصلی ۔ غیر حقیقی

اضافیت : تلازم نسبتی ۔ تلازم اضافی

اضحوکہ : مضحکہ خیز ۔ مضحک ۔ خندہ آور ۔ خندہ آفریں

اضحیٰ : قربانی ۔ بھینٹ ۔ نذر

اضداد : ضدات ۔ ضدیں ۔ متضاد الفاظ

اضطراب : گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔ بے تابی ۔ بیقراری
بوکھلاہٹ

اضطرار : ۱۔ بے اختیاری ۔ ناچاری ۔ مجبوری ۔ بے بسی
۲۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔ پریشانی ۔ بے تابی

اضعف : کمزور ترین ۔ ضعیف ترین ۔ نہایت ناتواں

اُضحیہ : قربانی ۔ جانور قربانی

اضلاع : ۱۔ حصص صوبہ ۔ اجزائے صوبہ
۲۔ حصے ۔ ٹکڑے ۔ اجزاء
۳۔ اطراف ۔ حدود ۔ اشکال

اضمحلال : سستی ۔ کمزوری ۔ پژمردگی ۔ افسردگی ۔ کاہلی ۔ کسل ۔ ضعف ۔
ناطاقتی

اطاعت : ۱۔ فرماں برداری ۔ انقیاد ۔ اتباع ۔ تعمیل حکم ۔ حکم برداری ۔
متابعت

۲۔ بندگی ۔ پوجا ۔ پرستش ۔ عبادت

اطاعت گزار : ۱۔ فرماں بردار ۔ متبع ۔ تابع فرمان ۔ مطیع ۔ منقاد
۲۔ عابد ۔ پرستار ۔ پجاری

اطاعت گزاری : ۱۔ فرماں برداری ۔ حکم برداری ۔ تعمیل حکم ۔ انقیاد
۲۔ عبادت گزاری ۔ پرستش ۔ پوجا

اُطاق : کمرا ۔ حجرا ۔ کوٹھڑی ۔ کھولی ۔ دالان

اطبّ : طبیبان ۔ معالجین ۔ حکماء ۔ وَید

اطراف : ۱۔ جہات ۔ سمتیں ۔ جوانب ۔ حوالی ۔ حدود
۲۔ علاقہ ہائے بعید ۔ اقصا ۔ اکناف ۔ کنارے ۔ نواح ۔ سمت
گرد ۔ گرداگرد ۔ حواشی ۔ چوطرف

اطراف النہار : کنارہائے روز ۔ صبح و شام

اطرافِ شہر : سوادِ شہر ۔ نواحِ شہر ۔ مضافات

اطعمہ : اغذیہ ۔ کھانے ۔ بھوجن

اِطفاء : افسردگی آتش ۔ بجھانا ۔ تبرید

اطفال : بچے ۔ لڑکے ۔ بالے

اطلاع : خبر ۔ آگاہی ۔ اعلان ۔ اشتہار ۔ گوش گزاری ۔ مخبری ۔
رپورٹ ۔ نوٹس

اطلاع نامہ : خبرنامہ ۔ اعلان نامہ ۔ طلبی نامہ ۔ پروانہ ۔ حکم نامہ ۔ اطلاعی کاغذ
سمن ۔ نوٹس

اطلاعاً : برائے اطلاع ۔ برائے آگاہی

اطلاق: ۱۔ آزادی۔ رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا
۲۔ انطباق چسپیدگی۔ تعلق
۳۔ اجراء۔ روانی۔ استعمال

اطمینان: ۱۔ تسلی۔ تشفی۔ ڈھارس۔ دل جمعی۔ سکون۔ صبر۔ تسکین۔ دلاسا۔ طمانیت۔ تسکینِ خاطر۔ بھروسا
۲۔ آرام۔ چین۔ قرار۔ کل۔ بے فکری

اطمینان بخش: تسلی بخش۔ تشفی بخش۔ تسکین بخش۔ مطمئن کن۔ سکون بخش

اَطناب: طنابیں۔ رسیاں۔ ڈوریاں

اِطناب: تطویل۔ طوالت۔ امتداد۔ تفصیل

اطوار: طریقے۔ چلن۔ ڈھنگ۔ اوضاع۔ روشیں۔ روش۔ چال چلن۔ طریق۔ طور طریقے

اطوار ٹھیک کرنا ـــ اطوار اچھے ہونا ـــ اطوار بگڑنا ـــ اطوار سنورنا

اطہار: طاہرین۔ پاک لوگ۔ ابرار۔ اصفیاء

اطہر: پاکیزہ ترین۔ صاف ترین

اظفار: ناخن۔ ناخون

اظلال: سائے۔ پرچھائیں۔ عکوس۔ پرتو

اظلم: نہایت ظالم۔ بہت ظالم۔ ستم گار۔ بیدادگر

اظہار: ۱۔ انکشاف۔ افشا۔ اکتشاف۔ وضاحت۔ اعلان
۲۔ بیان۔ گواہی۔ شہادت
۳۔ کیفیت۔ حقیقت

اظہار نامہ: اعلان نامہ۔ اطلاع نامہ۔ اشتہار۔ سمن
اظہار نویس: بیان نویس۔ شہادت نویس۔ محرر عدالت

اظہر: خوب ظاہر۔ نہایت صریح۔ واضح تر

اظہر من الشمس: خوب ظاہر۔ عیاں۔ روشن تر۔ واضح تر۔ بیّن

اعادہ: تجدید۔ تکرار۔ دہرائی۔ دہراؤ۔ پھیرنا۔ پٹانا۔ ردیزن

اعادۂ شباب: عودِ جوانی۔ عودِ شباب۔ جوانی کی واپسی۔ تجدیدِ شباب

اعادہ کرنا ـــ اعادہ ہونا ـــ اعادۂ وفا ـــ غلطی کا اعادہ کرنا

اعاظم: نہایت عظیم۔ بہت بڑے۔ بزرگ ترین

اعانت: امداد۔ مدد۔ سہارا۔ آسرا۔ حمایت

اِعتاق: آزادی۔ رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا

اعتبار: ۱۔ تکیہ۔ بھروسا۔ یقین۔ اعتقاد۔ ایمان۔ توکل۔ آسرا۔ باور
۲۔ ساکھ۔ اعتماد
۳۔ ظن۔ قیاس۔ گمان۔ وشواس۔ قیاس کرنا۔ نیک سمجھنا
۴۔ ثبات۔ قیام
۵۔ لحاظ۔ پاس۔ نظر

اعتبار اٹھ جانا ـــ اعتبار جاتا رہنا ـــ اعتبار رکھنا ـــ اعتبار ہونا ـــ اعتباری ـــ بے اعتباری

اعتباری : ۱۔ قابلِ اعتماد۔ قابلِ اعتبار۔ معتبر۔ معتمد۔ بھروسے کا
۲۔ قیاسی۔ ظنی۔ فرضی

اعتدال : ۱۔ برابری۔ یکسانی
۲۔ میانہ روی۔ درمیانی درجہ۔ معتدل ہونا۔ پرہیز
۳۔ مناسبت۔ درستی

حسنِ اعتدال ــــ کارِ اعتدال ــــ رہِ اعتدال ــــ فضائے اعتدال

اعتذار : عذر۔ معذرت۔ عذر خواہی۔ معذرت طلبی

اعتراض : ۱۔ نکتہ چینی۔ عیب جوئی۔ گرفت۔ تنقیص۔ شکایت۔ مواخذہ۔ عیب نکالنا۔ قباحت
۲۔ حجت۔ جرح۔ مخالفت

اعتراف : اقرار۔ اقبال۔ تسلیم۔ مان لینا

اعترافِ گناہ ــــ اعترافِ جرم ــــ اعترافِ محبت ــــ اعترافِ جنوں ــــ اعترافِ قصور ــــ اعترافِ شکست ــــ اعترافِ ناکامی

اعتزال : ۱۔ گوشہ نشینی۔ عزلت نشینی
۲۔ علیحدگی۔ دست برداری۔ جدائی
۳۔ ناموافقت۔ اختلاف

اعتصام : ۱۔ مضبوط گرفت
۲۔ پناہ گیری
۳۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ پرہیزگاری

اعتقاد : عقیدت۔ یقین۔ اعتبار۔ بھروسا۔ ایمان۔ باور۔ استوار۔ استوان۔ آدر۔ نشتہ۔ سنوان

اعتقاد اٹھ جانا ــــ اعتقاد رکھنا ــــ اعتقاد ہونا ــــ اعتقاد بگڑنا ــــ اعتقاد جمنا ــــ پختہ اعتقاد ــــ متزلزل اعتقاد ــــ خام اعتقاد

اعتکاف : ۱۔ گوشہ نشینی۔ گوشہ گیری۔ عزلت گزینی
۲۔ ترکِ لذات۔ پرہیزگاری۔ اجتناب

اعتلا : بلندی۔ رفعت۔ علو۔ اونچائی۔ فراز

اعتماد : ۱۔ اعتبار۔ بھروسا۔ تکیہ۔ آسرا۔ سہارا۔ یقین۔ اعتقاد
۲۔ ساکھ۔ مان۔ پرتیت

اعتماد اٹھ جانا ــــ اعتماد بٹھانا ــــ اعتماد جمانا ــــ بے اعتمادی ــــ اعتمادِ حیات ــــ غلط اعتماد ــــ زود اعتمادی

اعتنا : ۱۔ پروا۔ لحاظ۔ پاس۔ توجہ۔ التفات
۲۔ غم خواری۔ ہمدردی۔ مدارات
۳۔ فکر۔ تردد۔ غور

اعجاز : ۱۔ معجزہ۔ کرامت۔ کرشمہ۔ خرقِ عادت۔ فوق الفطرت
۲۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ بے مثل۔ حیرت انگیز (بات یا کلام)

اعجازِ بیان: جادو بیان۔ سحر بیان۔ خوش بیان۔ فصیح البیان۔ پُرتاثیر مقرر
اعجاز بیانی: جادو بیانی۔ سحر بیانی۔ خوش بیانی۔ پُرتاثیر کلام

اعجاز دکھانا ــــ اعجاز کرنا ــــ اعجازِ مسیحائی ــــ اعجازِ شعر ــــ اعجازِ اخلاق ــــ اعجازِ قلم ــــ اعجازِ نطق

اعجوبہ : عجیب شے۔ انوکھی شے۔ طرفہ تماشا۔ اچنبھا۔ ندرت

اعدا : دشمنان۔ مخالفین۔ معاندین۔ مخاصمین

اعداد : ہندسے۔ رقوم۔ گنتی۔ شمار

اعداد و شمار : گنتی۔ تعداد۔ حساب۔ تفصیل

اعدام : ۱۔ تباہی۔ اتلاف۔ اضاعت۔ بربادی۔ خاتمہ۔ نیستی
۲۔ سزائے موت

اعدل : عادل ترین۔ منصف ترین۔ بہت انصاف پسند

اَعراب : اہلِ عرب۔ بادیہ نشینانِ عرب۔ بدو۔ صحرانشیناں

اِعراب : حرکاتِ حروف۔ زیر۔ زبر۔ پیش۔ علاماتِ تلفظ

اَعرابی : صحرانشین عرب۔ بادیہ نشین۔ بدو۔ بدوی۔ صحرائی۔ جنگلی۔ اجڈ۔ گنوار

اِعراض : ۱۔ روگردانی۔ پرہیز۔ گریز
۲۔ نفرت۔ حقارت

اِعزاز : عزت۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ شرف۔ وقار۔ توقیر۔ قدر۔ شان۔ پایہ۔ منزلت۔ آنر

اِعزازی : ۱۔ تعریفی۔ ستائشی۔ بطورِ عزت۔ بطورِ شان
۲۔ بلا تنخواہ۔ بلا معاوضہ۔ بے مزد
۳۔ بلا قیمت۔ ہدیتہً۔ تحفتہً۔ مفت۔ آنریری

اِعزازیہ : تحفہ۔ ہدیہ۔ نذرانہ۔ الاؤنس۔ آنریریم

اعزہ : عزیزان۔ احباب۔ اقربا۔ اقارب۔ بھائی بند۔ رشتے دار

اعصاب : رگیں۔ نسیں۔ پٹھے

اعصابی : منسوب بہ اعصاب۔ عصبی

اعصابی جنگ : سرد جنگ۔ ذہنی لڑائی۔ حوصلہ آزمائی۔ ہمت آزمائی

اعضا : اجزائے بدن۔ جوارح۔ جوڑ بند۔ انگ

اعضا شکنی : ہڑ پھوٹن۔ درد

اعضائے رئیسہ : دل۔ جگر۔ دماغ

اعطا : عطا۔ بخشش۔ تہدیہ

اعظم : عظیم ترین۔ بہت بڑا۔ مہا۔ کلاں۔ کبیر۔ بزرگ ترین

اعقاب : پس ماندگان۔ آل اولاد۔ اخلاف

اعلا : بلندی۔ برتری۔ فوقیت۔ غلبہ

اَعلام : ۱۔ جھنڈے۔ نشان۔ پرچم
۲۔ اسما۔ نام۔ اشخاص۔ افراد۔ لوگ

اِعلام : اعلان۔ اظہار۔ آگاہی۔ اطلاع۔ خبر

اعلامیہ : اعلان۔ سرکاری اعلان۔ اعلان نامہ۔ اظہار نامہ۔ بیان۔ کمیونکے

اعلان : اظہار۔ تشہیر۔ خبر۔ ڈھنڈورا۔ منادی۔ انکشاف۔ اطلاع۔ اشتہار۔ نوٹس۔ آگاہ کرنا۔ آشکار کرنا۔ کھول دینا


اُنجل / اُنجلا : اوک۔ چلّو۔ لپ

انجم : نجوم۔ کواکب۔ ستارگان۔ اختران۔ لوامع

انجم شناس : نجومی۔ منجّم۔ ستارہ شناس۔ اختر شناس۔ ستارہ بیں۔ جوتشی

انجم شناسی : ستارہ شناسی۔ ستارہ بینی۔ اختر شناسی۔ تنجیم۔ جوتش

انجماد : جماؤ۔ بستگی۔ جمود

انجمن : محفل۔ مجلس۔ بزم۔ سبھا۔ کمیٹی۔ گروہ۔ ندوہ۔ بساط۔ بیٹھک۔ ارسن

انجن : سرمہ۔ کاجل۔ کحل

انجیر : تین۔ انذر۔ انجیرہ۔ انجیلہ۔ بلسن۔ رسشن۔ شلکا۔ بادِ انجیر۔ منجر۔ کاکودمری۔ کاپھل۔ انجیر دشتی۔ وکٹو

انجیل : ۱۔ مژدہ۔ خوشخبری۔ نوید
۲۔ کتابِ مسیح۔ عہد نامۂ جدید

انجینئر : مہندس۔ ماہرِ تعمیرات۔ ماہرِ آلات۔ ماہرِ اصولِ تعمیرات

انچارج : ۱۔ مہتمم۔ منتظم۔ نگران کار۔ تحویل دار۔ جائزہ دار
۲۔ قائم مقام

اُنچاس : پھل ونہ۔ تسع و اربعون

انچھر : ۱۔ منتر۔ جادو۔ افسوں
۲۔ حرف۔ اکشر۔ اکھر

انحراف : ۱۔ برگشتگی۔ روگردانی۔ اعراض
۲۔ عدولِ حکم۔ نافرمانی۔ انکار
۳۔ سرکشی۔ بغاوت۔ مخالفت

انحصار : ۱۔ دار و مدار۔ بھروسا۔ آسرا۔ اعتبار۔ ٹھراؤ

۲۔ محاسبہ ۔ نزف ۔ حصار ۔ قلعبندی

انحطاط : کمی ۔ گھٹاؤ ۔ زوال ۔ تنزل

انحلال : تحلیل ۔ حول ۔ گھلاوٹ

انحنا : کجی ۔ ٹیڑھاپن ۔ خمیدگی

انخلاء : خور ۔ خلا ۔ بریدگی ۔ میمدگی ۔ اخراج

انداز : ۱۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ اسلوب ۔ طریقہ ۔ رنگ
۲۔ وضع ۔ ڈول ۔ تراشش ۔ وضع
۳۔ ناز ۔ ادا ۔ آن بان ۔ نزاکت ۔ عشوہ ۔ قانداں ۔ آن ۔ نخو ۔ غمزہ
۴۔ قیاس ۔ اندازہ ۔ تخمینہ ۔ اٹکل
۵۔ سلاست ۔ شستگی
۶۔ اعتدال ۔ حد ۔ مقدار معین
۷۔ نمونہ ۔ پیمانہ ۔ مقدار ۔ وزن ۔ قیمت

انداز اڑانا ــــ انداز نکلنا ــــ سرو انداز ــــ برق انداز ــــ برقنداز ــــ نگاہ غلط انداز

انداز : (امر انداختن = ڈالنا)

حکم انداز ــــ خلل انداز ــــ قادر انداز ــــ در اندازی ــــ خلل اندازی ــــ دست اندازی ــــ گولنداز ــــ برقنداز ــــ گولندازی ــــ پا انداز ــــ تام انداز ــــ زیر انداز ــــ قدر انداز ــــ غلط انداز ــــ رخنہ انداز ــــ قرعہ انداز ــــ رخنہ اندازی ــــ نفر انداز ــــ قلم انداز ــــ تیر انداز ــــ تیر اندازی ــــ پس انداز ــــ پیش انداز جمع انداز ــــ جیب انداز ــــ چرخ انداز ــــ حلقہ انداز ــــ خار انداز ــــ خاک انداز ــــ سنگ انداز ــــ خانہ بر انداز ــــ دست انداز (تیراک ۔ رقاص) ــــ سر انداز ــــ شاہ اندازی ــــ شکار اندازی ــــ شیر انداز ــــ کبک انداز ــــ کمند اندازی ــــ مرغ انداز ــــ نگاہ انداز

اندازہ : ۱۔ تخمینہ ۔ اٹکل ۔ قیاس
۲۔ جائزہ ۔ قرینہ ۔ جانچ ۔ امتحان
۳۔ نمونہ ۔ پیمانہ ۔ ناپ
۴۔ حد اعتدال ۔ مقدار معین
۵۔ وزن ۔ قیمت

اندازہ ہونا ــــ اندازہ پانا ــــ اندازہ کرنا ــــ اندازہ غلط ہونا ــــ اندازہ لگانا

اندام : بدن ۔ جسم ۔ تن ۔ کالبد ۔ شریر ۔ انگ ۔ پنڈا ۔ جثہ ۔ جسد ۔ ڈیل ڈول ۔ قامت ۔ سریر ۔ انگ ۔ باڈی ۔ کاٹھی

اندام نہانی: شرمگاہ ۔ فرج ۔ ستر

نازک اندام ــــ نازک اندامی ــــ فربہ اندام ــــ پری اندام ــــ بہار اندام ــــ چمن اندام ــــ گل اندام ــــ سمن اندام ــــ آب اندام ــــ ہفت اندام ــــ تنک اندام ــــ بلوریں اندام ــــ خوش اندام ــــ شیر اندام

اندر : درون ۔ اندروں ۔ درمیان ۔ بیچ ۔ بھیتر ۔ میں ۔ درنی

| اندر چھوت نہیں باہر کہیں دُور دُور

اندراج : ۱۔ ادخال ۔ شمول

۲۔ کمائی ۔ حصہ ۔ بہرہ

اِندرائن : حنظل۔ تر بنا ۔ تما

| اندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں

اَندرون : ۱۔ درون۔ درمیان۔ بیچ۔ بھیتر
۲۔ دل۔ قلب ۔ باطن۔ ضمیر

اَندرونی : درونی۔ داخلی۔ باطنی۔ پوشیدہ

اندری : ۱۔ حاسہ۔ حِس
۲۔ آلۂ حِس ۔ آلۂ ادراک
۳۔ آلۂ تناسل۔ اندام نہانی
۴۔ شہوت ۔ خواہشِ نفسانی

اِندفاع : دفاع۔ مدافعت۔ دفیہ

اندک : تھوڑا۔ خفیف۔ قلیل۔ کم مقدار۔ ذرا سا

| اندک اندک می شود بسیار

اندمال : ۱۔ صحتِ زخم۔ افاقہ۔ شفا۔ صحت۔ صحت یابی
۲۔ تسلی۔ اطمینان

اندوختہ : جمع جتھا۔ جوڑ جمع۔ جمع شدہ۔ پس انداز

اندوہ : رنج۔ غم۔ دکھ۔ فکر۔ تردد۔ ملال

اندوہگیں : رنجیدہ۔ مغموم۔ ملول۔ دکھی۔ محزون
اندوہناک : پُرغم۔ غمناک۔ پُرملال۔ دکھ بھرا

اندھ : ۱۔ اندھا۔ نابینا۔ کور۔
۲۔ سیاہ۔ تاریک
۳۔ تاریکی۔ سیاہی

اندھڑنا : شکر۔ رتوندا
اندھکار: ۱۔ تاریکی۔ سیاہی۔ ظلمت
۲۔ آندھی۔ طوفان

اندھا : ۱۔ نابینا۔ کور۔ بے بصر۔ اعمیٰ
۲۔ ضرب۔ مکفوف۔ اکمہ۔ اَنھا۔ سورداس۔ کم جلا والا۔ بے قلعی۔
کم روشن۔ کم شفاف۔ گرد آلود۔ کثیف۔ ناصاف۔ مبہم۔ تاریک۔
دھندلا

اندھاپن : ۱۔ نابینائی۔ کوری۔ بے بصری
۲۔ دھندلاپن۔ تاریکی
اندھادھند : ۱۔ بے سوچے۔ بے سمجھے
۲۔ بے حساب۔ بے ٹھکانے
۳۔ اندھیر۔ بدنظمی۔ ظلم

اندھا آئینہ ــــ اندھا کنواں ــــ اندھا غار ــــ
اندھا سودا ــــ اندھا گھوڑا ــــ اندھی سرکار ــــ
اندھا بگلا ــــ اندھا دھند ــــ اندھا دھند لٹانا ــــ
اندھا بھینسا ــــ اندھا بنانا ــــ اندھا بھینسا بن جانا ــــ
اندھا تارا ــــ اندھا دھند اٹھنا ــــ اندھا رونا ــــ
اندھا دھند کی دہائی ــــ اندھا دھند لٹانا ــــ
اندھا دھند مچنا ــــ اندھا کرنا ــــ اندھا ہونا ــــ
اندھا بے ایمان ــــ اندھے کا خدا حافظ ــــ
اندھے کی لاٹھی ــــ اندھا جلنا

| اندھا آنکھ پائے ہی پتیائے
| اندھا امام ٹوٹی میت / مسجد

اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر اپنوں کو دے
اندھا بانٹے جیوڑی اور پیچھے بچھڑا کھائے
اندھا بادشاہ لنگڑا وزیر، کاٹھ کا گھوڑا لوہے کی زین
اندھا بگلا کیچڑ کھائے
اندھلے ایمان، بہرا بہشتی
اندھا تب پتیائے، جب دو آنکھیں پائے
اندھا جانے آنکھوں کی سار
اندھا جئے بُرے حالوں
اندھا (کیا) چاہے دو آنکھیں
اندھا چوہا تھوتھے دھان
اندھا دھند منہ ہرا گائے
اندھا سیکھے تو بھتیائے
اندھا راجا بیداد / چوپٹ نگری
اندھا سیاہی کانی گھوڑی، بدھنا نے آپ ملائی جوڑی
اندھا کہے میں سُرگ چڑھ موتوں اور مجھے کوئی نہ دیکھے
اندھا کیا جانے بسنت / لالہ کی بہار
اندھا گائے بہرا بجائے
اندھا گورو بہرا چیلا، دونوں نرک میں ٹھیلم ٹھیلا
اندھا لکڑی ایک بار کھوتا ہے
اندھا ملا ٹوٹی مسجد
اندھا ہاتھی اپنی فوج ہی کو کھائے
اندھا ہاتھی ہرام شہد
اندھوں میں کانا راجا
اندھوں نے گاؤں مارا، دوڑیو بے سنگھارا
اندھی پیسے کتا کھائے
اندھی ماں پوتوں کے منہ نہ دیکھے
اندھی مچھلی پتھی تیرے
اندھے رہیا آئینہ پڑھوں
اندھے حافظ کانے رجار نواب
اندھے کو اندھا راستہ کس طرح بتائے
اندھے کو اندھیرے میں بہت دور کی سوجھی

اندھے کو بھاگنا کیا ضرور
اندھے کو جوا معاف
اندھے کے بھانویں دن رات برابر
اندھے کو سوجھے علاول خاں کا روضہ
اندھے کو کوڑھی لبیے ہاتھوں ملتا ہے
اندھے کو کیا چاہئے، دو آنکھیں
اندھے کے آگے روئیے اپنی آنکھیں / اپنے دیدے / زبین کھوئیے
اندھے کے پاؤں تلے بٹیر دب گئی، کہا روز شکار کیا کریں گے
اندھے کی جورو کا اللہ بیلی
اندھے کے حساب رات دن برابر
اندھے کی داد نہ فریاد، اندھا مار بیٹھے گا
اندھے کے لیکھے جیسے رات ویسے دن
اندھے کے ہاتھ بٹیر لگی
اندھے نے چور پکڑا، دوڑیو رے میاں لنگڑے

اندھلا: ا۔ نابینا۔ بے بصر۔ کور۔ اعمیٰ۔ اندھا
۲۔ کم نظر۔ چندھا۔ کمزور نظر
۳۔ تاریک۔ سیاہ

اندھلاپن: ا۔ اندھاپن۔ نابینائی۔ بے بصری۔ کوری
۲۔ کم نظری۔ ضعفِ بصارت۔ چندھاپن
۳۔ تاریکی۔ سیاہی

اندھیارا: اندھیرا۔ تاریکی۔ تیرگی

اندھیاری: اندھیری۔ تاریکی۔ تیرگی۔ تاریک۔ ظلمانی۔ دیجور۔ ظلمت۔ سیاہ

اندھیارن گئی کہ چور

اندھباد: آندھی۔ طوفان۔ گردباد۔ صرصر۔ تیز ہوا

اندھیر : ۱۔ سیاہی۔ تاریکی۔ ظلمت
۲۔ دھندلاپن۔ غبار۔ اندھاپن
۳۔ ظلم۔ ستم۔ بیداد۔ ناانصافی۔ بے انصافی۔ تعدی۔ زبردستی
۴۔ قہر۔ آفت۔ غضب
۵۔ بدانتظامی۔ بدنظمی
۶۔ بدامنی۔ فساد۔ کھلبلی۔ افراتفری۔ انتشار
۷۔ دغا۔ فریب۔ بے ایمانی۔ لوٹ

اندھیر کھاتا : ۱۔ بدمعاملگی۔ بے ایمانی۔ ہیرا پھیری
۲۔ ناانصافی۔ بیداد۔ ظلم۔ حق ناشناسی
۳۔ بدنظمی۔ بدانتظامی۔ بدامنی۔ لاقانونیت

اندھیر مچانا ـــــ اندھیر ہونا ـــــ اندھیر پکارنا ـــــ اندھیر چھانا
اندھیر ڈھانا ـــــ اندھیر کرنا ـــــ اندھیر کی بات

| دیر ہے اندھیر نہیں
| اندھیر نگری چوپٹ راجا، ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا

اندھیرا : ۱۔ تاریکی۔ تیرگی۔ سیاہی۔ ظلمت۔ بے نوری۔ اندھیارا۔ اندھیرا گھپ
۲۔ تاریک۔ سیاہ۔ تیرہ۔ تیارہ

گھپ اندھیرا ـــــ اندھیرا چھا جانا ـــــ اندھیرا جھک آنا
ـــــ اندھیری رات ـــــ اندھیری کوٹھڑی ـــــ
اندھیرے اجالے ـــــ اندھیری گور ـــــ اندھیرے منہ

| اندھیرا دوزخ کی نشانی ہے

اندھیری : ۱۔ تاریکی۔ تیرگی۔ سیاہی۔ ظلمت۔ بے نوری
۲۔ پردہ۔ نقاب

اندھیری کوٹھڑی : ۱۔ اندرونِ بدن۔ اندرونِ جسم

۲۔ رازِ قدرت
۳۔ راز۔ بھید۔ سر۔ معما

اندیش : (امرِ اندیشیدن = سوچنا)

دوراندیشی ـــــ دور اندیش ـــــ عاقبت اندیش ـــــ
خیراندیش ـــــ کوتاہ اندیش ـــــ مآل اندیش ـــــ بد
اندیش ـــــ بداندیشی ـــــ مآل اندیشی ـــــ نیک اندیشی
مصلحت اندیش ـــــ صواب اندیش ـــــ پس اندیش

اندیشہ : ۱۔ فکر۔ سوچ۔ غور۔ خیال
۲۔ خدشہ۔ احتمال۔ کھٹکا۔ دھڑکا۔ چنتا۔ تردد۔ اندازہ۔ انگار۔ بندیشہ
ہنگار
۳۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ باک۔ ہراس۔ ہول۔ دہشت

اندیشہ مند/ اندیشمند : متفکر۔ فکرمند۔ متردد
اندیشہ ناک/ اندیشناک : پرخطر۔ خطرناک۔ خوف ناک۔ بیم ناک۔ پرہول

اندیشہ ہونا ـــــ اندیشہ دور ہونا ـــــ اندیشہ گار ـــــ
اندیشہ گاری

انڈا : خایۂ ماکیان۔ آبگینہ۔ آبینہ۔ آشینہ۔ تخمِ ماکیاں۔ بیضہ۔ بیض۔ تخمِ
مرغ۔ ایگ۔ ناگ۔ خایہ۔ ۱۔ آنو۔ نطفۂ مرغ۔ بذرۃ۔ شنتل

انڈے کا شہزادہ : ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح

انڈا نیم برشت ـــــ انڈوں پر ہونا ـــــ انڈوائی

| انڈا سکھاوے بچے کو کہ چوں چوں مت کر
| انڈے ہوا میں بچے کھجور میں
| انڈے سیوے فاختہ اور کوے بچے کھائیں

انڈے سیوے کوئی بچے کھاوے/ لیوے کوئی
انڈے ہوں گے تو بچے بہت ہو رہیں گے

اُنڈیلنا : لنڈھانا۔ الٹنا۔ پلٹنا۔ ڈالنا۔ پانا۔ بکھیرنا

اَنس : ۱۔ توانائی۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور
۲۔ حصہ۔ بھاگ۔ بہرہ۔ بخرا
۳۔ تخم۔ بیج۔ منی۔ نطفہ

اِنس : انسان۔ آدمی۔ بنی آدم۔ بشر۔ مردم

اُنس : ۱۔ محبت۔ پیار۔ الفت
۲۔ دوستی۔ میل۔ جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ ملنساری

اَنساب : ذاتیں۔ قومیں۔ نسلیں

اِنسان : ۱۔ آدمی۔ بشر۔ منش۔ مردم۔ منکھ۔ ابن آدم۔ آدم زاد۔ انس۔ حیوان ناطق۔ پیر چہل سالہ۔ پیر سر ندیپ۔ شاہ دو پاس۔ شاہ نیمروز۔ مٹی کا کھلونا۔ اولاد آدم۔ کس۔ ناس۔ کیومرث۔ گنج خاکی۔ خاک کا پتلا۔ خاکی۔ ہزار۔ ہستی موہوم۔ پورکھ۔ بندہ۔ میَن۔ بنی نوع انسان
۲۔ مہذب۔ خلیق۔ خوش اخلاق۔ باتمیز۔ شائستہ
۳۔ پتلی۔ مردم چشم

خدا پرست انسان ــــ فہیم انسان ــــ ذہین انسان ــــ
طامع انسان ــــ جابر انسان ــــ رحم دل انسان

انسان اپنے بس آتا ہے پرائے بس جاتا ہے
انسان اپنے بول سے ہی پہچانا جاتا ہے
انسان بنائے، خدا ڈھالے
انسان خطا کا پتلا ہے
انسان ضعیف البنیان کی کیا ہستی ہے
انسان فانی ہے
انسان کیا بکھیرو ہے
انسان کی قدر مرنے کے بعد معلوم ہوتی ہے
انسان گناہوں کا پتلا ہے

اِنسانی : بشری۔ انسی

انسانیت : آدمیت۔ بشریت۔ تمیز۔ شعور۔ شائستگی۔ تہذیب۔ ہمدردی۔ دردمندی۔ صفات انسانی۔ عقل۔ بھلمنسی

انسانیت پرست ــــ انسانیت پسند

انسائیکلوپیڈیا : دائرۃ المعارف۔ قاموس العلوم۔ محیط العلوم

اَنسب : مناسب ترین۔ موزوں ترین

انسپکٹر : نگران۔ ناظر۔ مہتمم

اُنسٹھ : پنجاہ و نہ۔ تسع و خمسون

انسٹی ٹیوٹ : ادارہ۔ محکمہ۔ شعبہ۔ درس گاہ۔ تربیت گاہ

انسٹی ٹیوشن : ۱۔ ادارہ۔ علمی مجلس۔ انجمن۔ شعبہ
۲۔ ضابطہ۔ اصول۔ قاعدہ

اِنسداد : ۱۔ بندی۔ ممانعت۔ امتناع۔ روک تھام۔ بند ہونا۔ رک جانا
۲۔ تعرض۔ مزاحمت۔ رکاوٹ
۳۔ انتظام۔ بندوبست

انسداد بے رحمی ــــ انسداد مظالم ــــ انسداد قحط ــــ انسداد حمل

اِنشا : ۱۔ عبارت ۔ مضمون ۔ تحریر
۲۔ تخلیق ۔ ایجاد ۔ اختراع ۔ ابداع

اِنشا پرداز : منشی ۔ نثر نگار ۔ ادیب ۔ اہل قلم ۔ نثار ۔ قلم کار ۔ محرر ۔ مضمون نگار ۔ ناثر

انشا پردازی : مضمون نگاری ۔ عبارت آرائی ۔ نثر نگاری

عظیم انشا پرداز ـــ صاحب طرز انشا پرداز ـــ پرانا انشا پرداز ـــ اخباری انشا پرداز ـــ کتابی انشا پرداز
قانونی انشا پرداز

اِنشائیہ : مضمون ۔ مضمون لطیف ۔ نثر لطیف ۔ ہلکا پھلکا مضمون ۔ ایسے (ESSAY) ۔ ادب لطیف

اِنشراح : کشادگی ۔ انبساط ۔ شگفتگی ۔ دل کا کھلنا ۔ وا ہونا ۔

انشراح صدر ـــ انشراح راز ـــ انشراح حقائق ـــ

اِنصاف : عدل ۔ داد ۔ نیاؤ ۔ راستی ۔ حق ۔ داوری ۔ عدل گستری ۔ نصفت شعاری ۔ دادرسی ۔ انصاف دہی ۔ منصفی ۔ حق پسندی ۔ حق و انصاف جسٹس ۔ نیائے ۔ آزرم ۔ ریباز ۔ زیوار ۔ معدلت

انصاف چکانا ـــ انصاف کا خون کرنا ـــ انصاف گاہ

اِنصرام : ۱۔ بندوبست ۔ انتظام ۔ اہتمام
۲۔ تکمیل ۔ اختتام ۔ انجام

اِنضباط : ۱۔ ضابطہ ۔ ڈھنگ
۲۔ قابو ۔ پابندی ۔ قید
۳۔ باقاعدگی ۔ انتظام
۴۔ تعین ۔ تقسیم

انضباط اوقات : تقسیم اوقات ۔ تعین اوقات ۔ پابندی اوقات

اِنضمام : پیوستگی ۔ اتصال ۔ وصل ۔ شمول ۔ ادغام

اِنطباع : ۱۔ چاپ ۔ چھاپ ۔ چھپائی ۔ طباعت
۲۔ انتقاش ۔ تنقیش

اِنطباق : تطبیق ۔ مطابقت ۔ چسپیدگی ۔ ہم آہنگی

اِنطفا : افسردگی ۔ بجھائی ۔ اطفار

اِنعام : ۱۔ تحفہ ۔ سوغات ۔ ہدیہ ۔ خلعت ۔ بخشش ۔ عطیہ ۔ نعمت ۔ پرائز ۔ عزت
۲۔ جزا ۔ بدلہ ۔ عوض ۔ صلہ ۔ معاوضہ ۔ اجر

انعام و اکرام : خلعت و عزت ۔ بخشش و اعزاز

انعام الٰہی ـــ انعام قدرت ـــ انعام علم ـــ انعام حیات

اِنعطاف : جھکاؤ ۔ میل ۔ میلان ۔ رجحان

اِنعقاد : برپائی ۔ جماؤ ۔ وابستگی ۔ اجتماع

اِنعکاس : ۱۔ عکس ریزی ۔ پرتو اندازی
۲۔ عکس ۔ پرتو ۔ سایہ
۳۔ الٹ ۔ انحراف

اَنف : ناک ۔ بینی

اَنفاس : سانسیں ۔ دم

۲۔ عاجزی۔ فروتنی۔ تذلل۔ خاکساری

شعارِ انکسار — خوئے انکسار

انکشاف: ۱۔ اظہار۔ افشا۔ پردہ دری۔ کھولنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ منکشف کرنا۔ بھانڈا پھوڑنا۔ فاش کرنا
۲۔ عریانی۔ برہنگی

انکشافِ حال — انکشافِ راز — انکشافِ دل۔
انکشافِ زندگی

انکھڑی: آنکھ۔ نین۔ چشم۔ عین۔ دیدہ۔ چشمِ مشتاق

اُنگ: ۱۔ جسم۔ بدن۔ تن
۲۔ عضو۔ جوڑ
۳۔ حصہ۔ جزا۔ شعبہ۔ شاخ

انگ بدیا: علم الابدان۔ علم الاجسام۔ علم تشریح الابدان۔ طب
انگ بل: قوتِ جسمانی۔ طاقتِ بدن۔ زورِ جسمانی

انگارا: ۱۔ چنگاری۔ شرارہ۔ آتش پارہ۔ پرکالۂ آتش
۲۔ نہایت سرخ آتشیں بھبوکا

انگارہ: ۱۔ خاکہ۔ ڈھانچا۔ خاکہ تصویر۔ نمونہ
۲۔ ناتمام چیز
۳۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز
۴۔ نامۂ اعمال۔ دفترِ حساب

انگبین: شہد۔ عسل۔ ماکھیوں

انگریز: افرنگی۔ فرنگی۔ افرنجی۔ انگلش مین۔ انگلستانی

انگریز بھی عقل کے پتلے ہیں
انگریز کی نوکری اور بندر نچانا برابر ہے
انگریزوں کے راج میں برکت اڑ گئی
انگریزوں نے چرسا بھر زمین سے سارا ہندوستان اپنا کر لیا
انگریزی راج۔ تن کو کپڑا نہ پیٹ کو ناج

انگڑائی: خمیازہ۔ تمدد۔ تمطی۔ مطوا۔ آکڑی۔ بائنک

انگڑ کھنگڑ: کاٹھ کباڑ۔ الم غلم۔ فضول سامان۔ اسبابِ خانہ داری۔ گڑم بگڑم۔ اٹرپٹر۔ لتو پتو۔ خاک بلا۔ اُول جلول۔ بے سروپا

انگشت: انگلی۔ اصبع۔ انملہ۔ انگل۔ فنگر۔ فرجہ۔

انگشت نما: ۱۔ مشہور۔ شہیر۔ کامل
۲۔ بدنام۔ رسوا۔ ملعون۔ مشتہر
انگشت نمائی: بدنامی۔ رسوائی۔ تشہیر

انگشت نمائی کرنا — انگشت بدنداں ہونا — انگشت بلب ہونا — انگشتری — انگشت شہادت — انگشت ششم — انگشتِ زر — انگشت نسا — انگشت پیچ — انگشتِ دشنام — انگشتِ عروساں — انگشت کش

انگشتری: انگوٹھی۔ چھاپ۔ خاتم۔ چھلا۔ مندری

انگلی: انگشت۔ اصبع۔ انملہ۔ انگل

انگلی دکھانا — انگلیوں پر نچانا — انگلی اٹھانا

انگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑا

انگلیٹ: ا۔جسم۔ بدن۔ جثہ
۲۔ڈیل ڈول۔ وضع قطع۔ اٹھان۔ بناوٹ۔ قد و قامت

انگنائی: آنگن۔ صحن۔ صحنچی۔ ویہڑا

اَن گنت: لاتعداد۔ لامحدود۔ بےحساب۔ بےشمار۔ بیحد بے انتا

انگوٹھا: انگشتِ نر۔ ابہام۔ ٹھینگا۔ ٹھوسا۔ ٹھمب

انگوٹھا دکھانا — انگوٹھا لگانا — انگوٹھا موڑنا — انگوٹھا کرنا — انگوٹھا بہچانا

انگوٹھی: انگشتری۔ خاتم۔ چھلا۔ رِنگ۔ مُندری۔ چھاپ

انگوچھا: تولیہ۔ رومال۔ پَنا

انگور: ا۔عنب۔ رز۔ میوہ تاک۔ داکھ۔ انگبر۔ پیکانی۔ تیرزہ۔ ترزہ۔ خایۂ غلاماں۔ خلیلی۔ دناری۔ دودہ۔ رازقی۔ رادجہ۔ زبیح۔ تاک
۲۔کھرنڈ۔ پپڑی۔ اندمالِ زخم

انگور کا گچھا — انگور کی ٹٹی — انگوری شراب — انگور کی بیٹی — انگوری بیل — زخم کا انگور —

انگیا: محرم۔ چولی۔ سینہ بند۔ انگی۔ آنگی۔ باڈی

انگیا کا بنگھ — انگیا کا کٹورا — انگیا کا کنٹھا — انگیا کا گھاٹ — انگیا کے بازو — انگیا کے بند — انگیا کے پان — انگیا کے تیئے — انگیا کے جھوبے — انگیا کی چڑیا — انگیا کی خسی — انگیا کی دیواریں — انگیا کی ڈوری — انگیا کی کٹوری — انگیا کی لہر — انگیا کی کنٹھی

انگیٹھی: منقل۔ مجمر۔ آتش دان۔ کانگڑی۔ گلخن۔ مدخنہ۔ بھٹی۔ فائر پلیس۔ برسی۔ ڈھوانرا۔ سگڑی۔ کانون

انگیز: برداشت۔ تحمل

دردانگیز — حیرت انگیز — تعجب انگیز — دہشت انگیز — طرب انگیز — فتنہ انگیز — دلولہ انگیز — عبرت انگیز — نشاط انگیز — نفرت انگیز — ہیبت انگیز — مسرت انگیز — شرر انگیز — وحشت انگیز — آتش انگیز — بغاوت انگیز — شرارت انگیز — دل انگیز — شب انگیز — شہر انگیز — اسپ انگیز — بادانگیز

اُنمان: ا۔استدلال۔ استخراج۔ استنباط
۲۔نتیجہ۔ ثمر۔ حاصل۔ پھل۔ ارتھ
۳۔گمان۔ خیال۔ قیاس۔ تصور
۴۔اندازہ۔ تخمینہ
۵۔غور۔ فکر۔ سوچ بچار
۶۔دلیل۔ وجہ۔ سبب
۷۔تشبیہ۔ مشابہت

اَنمول: گراں بہا۔ بیش بہا۔ بے بہا۔ ارجمند۔ بیش قیمت۔ قیمتی۔ بہت مہنگا

اَننت: بے انت۔ لاانتہا۔ ابدی۔ بےحد۔ لازوال۔ غیر منتہی۔ لامتناہی

انوار: روشنیاں۔ اجالے۔ کرنیں۔ شعاعیں

انواع : قسمیں۔ اقسام

انوپ : لاجواب۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثال۔ عدیم المثال۔ فقید المثال۔ یکتا۔ یگانہ۔ بے ہمتا۔ عدیل

انوٹھا: ١۔ نادر۔ عجیب۔ انوکھا
٢۔ نایاب۔ بے نظیر۔ لاجواب۔ بے مثال
٣۔ سچا۔ اچھوتا

انور : ١۔ روشن تر۔ درخشندہ تر۔ تابندہ تر
٢۔ نہایت خوبصورت۔ نہایت حسین

انوکھا : نرالا۔ عجیب۔ اچنبھا۔ طرفہ۔ نادر۔ نایاب۔ الگ۔ منفرد۔ مختلف۔ بدیع۔ ان دیکھا۔ اچنبھا۔ انوٹھا۔ عجب۔ عجوبہ۔ امر بدیع۔ نیا۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز

انوکھا پن: نرالا پن۔ طرفگی۔ ندرت۔ انفرادیت۔ بدعت۔ نیا پن

انوکھی جُروا۔ ساگ میں شُروا
انوکھی کے ہاتھ آئی کٹوری
پانی پی پی ہوئی پدوڑی
انوکھے گھر گھوڑی
انوکھے گاؤں میں اونٹ آیا تو لوگوں نے جانا پرمیشر آیا

انہار : نہریں۔ ندیاں

اُنہتر: شصت و نُہ۔ تسع وستون

انہدام : مسماری۔ پامالی۔ ویرانی۔ بربادی

انہزام : ہزیمت۔ شکست۔ بھاگڑ

انہضام : ہضم۔ ہاضمہ۔ پچاؤ

انہماک : محویت۔ استغراق۔ انتہائی مشغولیت۔ نہایت مصروفیت

اَن ہونی : محال۔ ناممکن۔ غیر محتمل۔ خلافِ قیاس۔ بعید العقل۔ بعید الفہم۔ اَن گھٹی۔ اَن بُوجھی

اَنی : ١۔ نوک۔ نوکِ نیزہ۔ سرا۔ آر
٢۔ چہرہ۔ سامنا۔ آگا
٣۔ وقت۔ بُرا وقت۔ وقتِ مرگ

انی دار : نوکدار۔ نوکیلا

انی (کی) ٹلی ہزار برس

انیائی : ظالم۔ بیدادگر۔ ناانصاف۔ غیر منصف۔ غیر عادل

انیائے : ظلم۔ ناانصافی۔ بیداد۔ اندھیر

انیتی : ١۔ ظلم۔ جفا۔ جور۔ ستم۔ تعدی۔ ناانصافی
٢۔ بدتہذیبی۔ اکھڑپن۔ اجڈپن۔ ناشائستگی
٣۔ بدچلنی۔ بدذاتی۔ شرارت۔ زناکاری

اَنیس : دوست۔ ہمدم۔ مونس۔ رفیق۔ آشنا۔ محب۔ حبیب۔ ساتھی۔ ہم نفس

اُنیس : نوزدہ۔ تسع عشر

انیق : ١۔ انوکھا۔ عجیب۔ نرالا۔ نادر
٢۔ خوش آئند۔ خوبصورت

انیک : کئی۔ متعدد۔ چند۔ بہت۔ وافر۔ کثیر۔ بہت سے

انیلا : ا۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ ناواقف
۲۔ نادان۔ بھولا۔ خام۔ احمق

انیلاپن : ا۔ ناتجربہ کاری۔ ناآزمودہ کاری۔ ناواقفیت
۲۔ نادانی۔ بھولپن۔ حماقت

او : ارے۔ اجی۔ اماں۔ اے۔ یا

اَو : یا۔ بلکہ۔ اور

اُو : وہ۔ ہُو۔ ئی

| او خویشتن گم است کرا رہبری کند

اوّاب : تسبیح خواں۔ ثنا خواں۔ عبادت گزار۔ تائب

اواخر : ا۔ سرے۔ اطراف
۲۔ آخری حصے۔ انتہا۔ حد۔ آخری عشرہ ماہ

اوارجہ : ا۔ کتابِ حساب۔ روزنامچہ۔ بہی کھاتا۔ حساب نامہ۔ رجسٹر۔ دفتر
۲۔ دیوان خانہ۔ دربارِ شاہی

اوازہ توازہ : طعن و تشنیع۔ بولی ٹھولی

اواسط : درمیانی حصے

اوامر : احکام۔ فرامین

اوائل : ابتدائی حصے۔ شروعات۔ آغاز

اوائی : خبر آمد۔ غلغلۂ آمد

اوائی توائی : بے کار۔ بے ہودہ۔ بے سروپا

اوباش : آوارہ۔ بدچلن۔ بدمعاش۔ عیاش۔ بدکار۔ لچا۔ شُہدا۔ رند۔ کمینہ۔ بدوضع۔ بدقماش۔ بدکردار۔ سست بہار۔ لوالو۔ نخیز۔ ہاووری۔ غنڈا۔ رندِ خام۔ رندِ غلط مشرب۔ رندِ بےباک۔ تماش بین۔ زناکار۔ آوارہ مزاج۔ چھیل۔ جلف۔ اجامر۔ تیرہ بخان۔ جمری۔ سایہ پرست۔ سبک روح

اوباشی : آوارگی۔ بدچلنی۔ بدمعاشی۔ عیاشی۔ بدکاری۔ لچپن۔ شہدا پن۔ رِندی۔ کمینگی۔ بدوضعی۔ بدقماشی۔ بدکرداری

اوبڑ : ا۔ کھردرا۔ ناہموار
۲۔ ناقابلِ گزر۔ دشوار گزار
۳۔ ڈھلوان۔ اونچا نیچا

اوبڑ کھابڑ : ناہموار۔ دشوار گزار۔ ناقابلِ گزر۔ راہ ناصاف

اُوپ : ا۔ چمک دمک۔ آب و تاب۔ جلا۔ صیقل
۲۔ خوبصورتی۔ حسن۔ جمال۔ جوبن۔ رونق

اوپچی : ہتھیار بند۔ مسلح۔ سلح پوش۔ زرہ پوش

اُوپر : بر۔ بالا۔ فوق۔ اونچا۔ بلند۔ بالاخانہ۔ کوٹھا۔ چوبارہ۔ سہارے۔ برتے پر۔ باہر۔ زیادہ۔ ظاہر داری۔ نمائش۔ ریا۔ دکھاوا۔ آپ۔ اُوچتا۔ فراز سامی۔ بُرزاں۔ کھرغا۔ بانہ۔ اُتنے۔ اُپر

اوپر اوپر : ا۔ بالا بالا۔ چپکے چپکے۔ الگ الگ۔ آپ آپ
۲۔ بے اثر۔ سانذر

اوپر تلے : متواتر۔ لگاتار۔ علی الاتصال

اوپردھری: الزامِ ناحق۔ تہمت۔ اتہام۔ بہتان

اوپروالا: ۱۔ خدا۔ اللہ۔ ایشور
۲۔ نیا چاند۔ ماہِ نو۔ ہلال
۳۔ نوکر۔ چاکر۔ خادم۔ پیش خدمت

اوپر والے: ۱۔ غیر۔ بیگانے۔ بے تعلق
۲۔ حکام۔ حکامِ بالا
۳۔ بالانشینان

اوپر والیاں: ۱۔ چڑیلیں
۲۔ چیلیں
۳۔ ماما ئیں۔ اصیلیں

اوپر سے نیچے — اوپر کا کام — اُوپر کے دل سے —۔ اُوپر کے دم آنا — اُوپر کے دم بھرنا — اُوپر کی سوجھنا — اوپر وار — اوپر کا اوپر رہ جانا — اوپر کی سانس
اوپر نیچے کی نیچے — اوپر اوپر کام کرنا — اوپر اوپر دیکھنا — اوپر اوپر کھا جانا — اوپر اوپر ہضم کر جانا

اوپرا/اوپری: ظاہری۔ بالائی۔ غیر۔ اجنبی۔ پردیسی۔ نمائشی۔ علاوہ۔ دکھاوا

اوپرا پن: ظاہرداری۔ اجنبیت۔ نمائش

اوپری دل سے — اوپری محبت — اوپری اخلاق —
اوپری اوپری گفتگو

اوت: ۱۔ فائدہ۔ نفع۔ بانت
۲۔ بقایا۔ بچت
۳۔ کمی۔ کفایت
۴۔ افاقہ۔ صحت مندی۔ شفا یابی

اُوت: لاولد۔ بن بیاہا۔ بے اولاد

اُوت: ۱۔ پلید روح۔ خبیث روح
۲۔ منحوس۔ نجس۔ نامبارک
۳۔ احمق۔ ناداں۔ بے وقوف۔ مورکھ

اوت گئے نہ جانئے جوڑ ٹھکر وے گئے بار

اوتاد: ۱۔ میخیں۔ چوبیں۔ کھونٹیاں
۲۔ سردار۔ امرا۔ اعیان۔ زعماء
۳۔ اولیاء اللہ

اَوتار: ۱۔ خدا بشکل انسان
۲۔ خدا رسیدہ۔ بزرگ۔ ولی۔ مقدس

اوتر پاتر: ۱۔ الگ۔ جدا۔ مفروق
۲۔ ادا شدہ۔ بے باق

اوٹ: ۱۔ پردہ۔ آڑ۔ گھونگھٹ۔ نقاب۔ حجاب۔ حاجز
۲۔ پناہ۔ سایہ۔ حمایت
۳۔ اوجھل۔ غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ مستور۔ پنہاں۔ نہاں۔ نہفتہ
۴۔ گھات۔ کمین گاہ

آنکھ اوٹ پہاڑ اوٹ
تل کی اوٹ پہاڑ

اوٹ پٹانگ: ۱۔ مہمل۔ بے ہودہ۔ فضول۔ لغو۔ اناپ شناپ۔ اگڑم بگڑم۔ الل جلول۔ مہمل باتیں۔ الم غلم۔ بے سروپا باتیں۔ انٹ شنٹ
۲۔ بے تکا۔ بے جوڑ۔ بے سروپا۔ واہی تباہی
۳۔ غریب۔ نادار۔ مفلس۔ قلاش
۴۔ بے کس۔ بے یار و مددگار
۵۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب

۶۔ ابتر۔ درہم برہم۔ بے ترتیب
۷۔ پریشان۔ پراگندہ۔ آشفتہ
۸۔ نامعقول۔ خلافِ قیاس۔ خلافِ عقل۔ مضحکہ خیز

اوج : ۱۔ اونچائی۔ بلندی۔ رفعت
۲۔ مرتبہ۔ عروج۔ ترقی۔ عظمت۔ شان شوکت

اوج موج : ۱۔ خوش حالی۔ بلند اقبالی۔ ترفہ۔ لہر بہر۔ آسودہ حالی
۲۔ شان و شوکت۔ عظمت۔ وقار۔ دبدبہ۔ جلال
۳۔ ترقی۔ عروج۔ دھوم

اُوجڑ : ویران۔ تباہ۔ اجاڑ۔ غیر آباد۔ خراب

اوجڑ کھیڑا ... بیڑا
اوجڑ کھیڑا سونا دیس
اوجڑ میں گوجر ناچے ... دیکھ بیراگی
پھر دیکھ کے ... من میں ہو گیا راضی

اوجھ/اوجھڑی : معدہ۔ شکم

... سے ... رکھ ...
اوجھڑی ... کے ... جاگی

اوجھا : ۱۔ جوگی۔ منجم۔ رمل۔ جوتشی
۲۔ جادوگر۔ ساحر۔ سیانا۔ عامل۔ افسوں گر
۳۔ مداری۔ جان متی۔ شعبدہ باز

اوجھائی : ۱۔ نجوم۔ تنجیم۔ رمل۔ جوتش
۲۔ جادوگری۔ افسوں گری۔ ...
۳۔ شعبدہ بازی۔ مداری پن

اوجھڑ : ۱۔ جھڑپ۔ چوٹ۔ ضرب۔ صدمہ
۲۔ ٹھوکر۔ ٹھیس۔ جھپٹ۔ مار

اوجھل : ۱۔ آڑ۔ اوٹ۔ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب۔ حاجز
۲۔ سایہ۔ حفاظت۔ حمایت
۳۔ پوشیدگی۔ ... ۔ مخفی۔ گھات۔ چھپنا
۴۔ خلوت۔ تنہائی۔ تخلیہ
۵۔ نہاں۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ غائب۔ مستور۔ محجوب

آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل

اوچھا : ۱۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ ذلیل۔ چھچھورا۔ سفلہ۔ خسیس
۲۔ ادھورا۔ ہلکا۔ اچٹتا۔ خام
۳۔ کم گہرا۔ خفیف۔ غیر مؤثر
۴۔ بوڑا
۵۔ چھوٹا۔ اٹنگا
۶۔ خالی۔ کھوکھلا۔ چھوچھا۔ مجوف
۷۔ بے ہودہ۔ لغو
۸۔ معیوب۔ زبوں۔ خراب۔ گھٹیا۔ فرومایہ

اوچھاپن : ۱۔ کم ظرفی۔ کمینگی۔ رذالت۔ چھچھوراپن
۲۔ ادھوراپن۔ ہلکاپن۔ گھٹیاپن

اوچھے برتن اچھلے
اوچھی پونجی خصم کو کھائے
اوچھے سے پیت نہ کرے
اوچھے سے خدا کام نہ ڈالے
اوچھے کا احسان نہ لے
اوچھے کا کھانا ... کا ...
اوچھے کی پیت ... ریت
اوچھے کے ساتھ احسان کرنا جیسے ... پیٹ میں موتنا

| اوچھے کے گھر تیتر، باہر دھروں (باندھوں) کہ بھیتر

اوچھا وار — اوچھا ہاتھ — اوچھی تلوار — اوچھی چھری — اوچھا برتن — اوچھا پن — اوچھا زخم — اوچھی بات — اوچھا انسان

اُودا: سرخی مائل نیلا۔ بینگنی۔ بنفشی۔ پرپل۔ سیاہ مائل بہ سرخی۔ کبود

اُودھم: شور و شر۔ ہنگامہ۔ غل غپاڑا۔ شور و شغب۔ غلغلہ۔ ہلڑ۔ جھگڑا۔ دنگا۔ فساد۔ دھوم

اودھم اٹھانا — اودھم جوتنا — اودھم مچانا — اودھم کرنا

اودھمی: شریر۔ ہنگامہ آرا۔ ہنگامہ پرور۔ جھگڑالو۔ دنگئی۔ فسادی

اَور: ۱۔ پھر۔ مگر۔ اگر۔ بلکہ۔ بے شک۔ زیادہ۔ بٹ۔ پٹ۔ فقط۔ پر۔ مزید۔ الیس
۲۔ دوسرا۔ علاوہ۔ علیحدہ۔ نیا۔ طرفہ۔ ماسوا
۳۔ غیر۔ بیگانہ
۴۔ مختلف۔ برعکس۔ خلافِ سابق۔ متغیر

| اور دنوں کھیر پوری، پرب کے دن دانت نپوری
| اور کو نصیحت، اپنے تئیں فضیحت
| اور کی برائی اپنے آگے آئی
| اور کی بھوک نہ جانے، اپنی بھوک، آٹا سانے
| اور کی بیل دیکھتے ہیں اپنا ٹینٹ نہیں نہارتے
| اور کی کشائی اپنے آگے آئی
| اور کے نام آندھے نپٹے، ہمارے نام کرنک

| اور رنگ لائی گلہری

اور: (بروزن شور): ۱۔ سمت۔ طرف۔ جانب۔ ڈائرکشن
۲۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا
۳۔ سرا۔ کنارہ۔ حد۔ چھور۔ تھاہ۔ انتہا
۴۔ رخ۔ پہلو۔ سائیڈ
۵۔ رغبت۔ میلان۔ رجحان
۶۔ حمایت۔ طرفداری

اور چھور: ابتدا و انتہا۔ شروع و آخر۔ کنارہ۔ حد

کسی کی اور ہونا — ان کی بات کا اور ہی نہیں ملتا — ندی کے اور پہلے آؤ — اور نہ چھور — کسی اور — کسی کی اور

اَوراد: وظائف۔ جاپ

اوراق: کاغذ۔ پتے

اورنگ: ۱۔ تخت۔ گدی۔ مسند۔ سریر۔ سنگھاسن
۲۔ گل خندق

اوڑھنا: کپڑا۔ دوپٹا۔ لحاف۔ چھوٹی چادر۔ التحاف۔ تعظی۔ خمار۔ معجر۔ مقنعہ۔ قناع۔ اوڑھنی

اوڑھنا بچھونا: ۱۔ لحاف و توشک۔ استر بستر
۲۔ کثیر الاستعمال چیز۔ معمول

اوڑھنا اتارنا

اوڑھنی: دوپٹہ چنری۔ چادر۔ معجر

اوزار : آلات۔ ہتھیار

اوزان : باٹ۔ پیمانے

اوس : شبنم۔ تریل

اوس پڑنا ــــ اوس کے موتی

اوس چاٹے پیاس نہیں بجھتی
اوسوں پیاس نہیں بجھتی

اُوسان : ۱۔ حواس۔ ہوش۔ سُدھ۔ دھیان۔ بُدھ
۲۔ جرات۔ ہمت۔ حوصلہ

اوسان اڑ جانا ــــ اوسان خطا ہو جانا ــــ اوسان جاتے رہنا ــــ اوسان سے بات کرنا ــــ اوسان آنا ــــ اوسان اڑانا ــــ اوسان ٹھکانے ہونا ــــ اوسان درست رہنا ــــ اوسان گم کر دینا ــــ اوسان لے جانا ــــ اوسان نہ رہنا

اوسر : بنجر۔ زمینِ شور۔ ناقابلِ کاشت زمین

اوسر کھیت میں کیسر

اُوسر : ۱۔ موقع۔ محل
۲۔ وقت۔ موسم
۳۔ چھٹی۔ فراغت

اوسر چوکی ڈومنی گاوے تال بیتال
[illegible] کا چوکا آدمی، ڈال کا چوکا بندر نہیں سنبھلتا

اوسط : بیچ کا۔ درمیانی۔ وسطی۔ متوسط

اوصاف : محاسن۔ فضائل۔ کمالات۔ صفات۔ عادات۔ اخلاق۔ خصائل۔ جوہر۔ گن۔ ہنر۔ خواص۔ خوبیاں۔ لیاقت۔ کوالیفیز

اوضاع : اطوار۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طریقے

اوطان : دیس۔ ممالک

اوقات : ۱۔ زمانے۔ سمے۔ وقت۔ ویلا۔ ٹائم۔ کال
۲۔ حیثیت۔ بساط۔ استطاعت۔ کائنات۔ حالت

اوقات بسری : گزر اوقات۔ بسر اوقات۔ گزران

اوقات بتانا ــــ اوقات ہونا ــــ اوقات گرنا

اَوکھد : دوا دارو۔ علاج۔ معالجہ۔ اوشدھ

اوکھلی : ہاون۔ بہراس

اوکھلی میں سر دینا

اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں/موسلوں سے کیا ڈر

اوگن : ۱۔ عیب۔ نقص۔ سقم
۲۔ بے ہنری
۳۔ برائی۔ بدی
۴۔ پھوہڑپن۔ بدتہذیبی۔ بدسلیقگی۔ بدتمیزی
۵۔ جرم۔ گناہ۔ خطا۔ قصور۔ تقصیر

اوگھٹ : ۱۔ ٹیڑھا۔ ناہموار۔ اوندھا

۲۔ کٹھن۔ دشوار
۳۔ ناقابلِ گزر۔ دشوار گزار

اوگھڑ: ۱۔ ان گھڑ۔ بے ڈھب۔ بے ڈھنگا
۲۔ بے ربط۔ غیر مربوط۔ بے ترتیب

اوّل: ۱۔ پہلا۔ یکم۔ نخستین۔ فرسٹ
۲۔ مقدم۔ افضل۔ اعلیٰ۔ فائق۔ عمدہ۔ اتم۔ چوٹی کا۔ بہتر۔ اوّل
۳۔ ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔ آد۔ پہلے

اوّل آخر: ۱۔ ابتدا انتہا۔ آغاز انجام
۲۔ آباد اولاد۔ اجداد و اخلاف۔ بزرگ و خورد

اوّل استعداد ـــ اوّل تجلّی ـــ اوّل شب ـــ
اوّل قنوت ـــ قبلۂ اوّل (مسجدِ اقصٰی)

اوّل خویش بعدہٗ درویش
اوّل طعام بعدہٗ کلام
اوّل مرنا آخر مرنا۔ پھر مرنے سے کیا ڈرنا

اول: ۱۔ ضمانت۔ کفالت
۲۔ رہن۔ گرو

اول میں جول دہی میں موسل
اول میں سے نکل کر جول میں پھنسا

اولا: ژالہ۔ تگرگ۔ گڑا۔ ہیل۔ برد۔ غراب۔ حب الغمام۔ سنگچہ۔ یخچہ۔
یخالے

اولے گرنا ـــ اولے پڑنا ـــ اولا ہو جانا ـــ اولوں
ماری فاختہ

اوروں کا مارا کھیت، پانی کا مارا گاؤں، چلموں کا مارا چولھا
نہیں پنپتا

اولاد: بال بچے۔ ذریات۔ اخلاف۔ اعقاب۔ آل۔ اسباط۔ سنتان۔
لڑکے بالے۔ نسل۔ عیال۔ بھوسڑا۔ بیٹا بیٹی۔ ازم۔ نودرہ۔
خاندان۔ سبطین۔ کنبہ۔ خانزادہ۔ نوزاد۔ دودمان

اولادِ اناث ـــ اولادِ ذکور ـــ اولادِ صحیح النسب
ـــ اولاد ہونا ـــ اولاد بننا ـــ اولادِ آدم ـــ
اولاد نجیب الطرفین ـــ اولاد کی ماممتا ـــ اولاد
چھوڑ جانا ـــ اولاد الحلال ـــ اولاد کی اولاد
بکرے کی اولاد

اولاد کی آنچ بُری ہوتی ہے

اولتی: کنارہ۔ سائبان۔ چھپر

اولتی کا پانی بلینڈے سے پہنچا
اولتی کا پانی بلینڈی نہیں چڑھتا
اولتی تلے کا بھوت سنر پُرکھوں کا نام جانے

اُول جلُول: ۱۔ بے ڈھنگا۔ بے ڈول۔ بے ڈھب۔ ان گھڑ۔ ناتراشیدہ۔
بدقطع۔ بدوضع
۲۔ بدتہذیب۔ بے سلیقہ۔ بے قرینہ۔ پھوہڑ
۳۔ مہمل۔ بے معنی۔ لایعنی
۴۔ لغو۔ بے ہودہ۔ بے تکا۔ بے سُرا

اول فول: لغویات۔ بے ہودہ۔ دشنام۔ گالی گلوچ۔ بے معنی۔ مہمل

اَوکو: ۱۔ اوپری۔ انوکھا۔ نرالا
۲۔ عجیب۔ نادر

۳۔ ناگوار۔ ناخوشگوار۔ بیزار کن
۴۔ بے آرام۔ بے چین۔ بے کل

اُولُو: مالکان۔ ارباب۔ خداوندان۔

اولوالابصار: اہلِ بینش۔ اہلِ بصیرت۔ اہلِ نظر۔ دانایان
اولوالالباب: اہلِ نظر۔ اہلِ خرد۔ اہلِ عقل۔ اہلِ شعور۔ عقلاء۔ اہلِ فہم
اہلِ فراست
اولوالامر: اہلِ امر۔ اہلِ حکومت۔ اربابِ اختیار۔ اربابِ اقتدار۔
حکام
اولوالعزم: اہلِ ہمت۔ اربابِ ہمم۔ اہلِ عزیمت۔ اہلِ حوصلہ۔ عالی
ہمت۔ عالی حوصلہ۔ من چلا۔ بہادر۔ دھنی۔ صاحبِ جرأت
اولوالعزمی: بلند ہمتی۔ بلند حوصلگی۔ عالی ہمتی۔ بہادری
اولوالعلم: اہلِ علم۔ اہلِ دانش۔ اربابِ دانش۔ علماء

اَولیٰ: بہتر۔ افضل۔ فائق تر۔ بڑھ کر۔ پسندیدہ تر۔ اعلیٰ

اُولیٰ: (تانیثِ اول): پہلی۔ یکم۔ متقدم۔ افضل۔ فائق

اولی: (اولو بحالتِ جر): صاحبان۔ مالکان۔ خداوندان

اولی الاجنحہ / اولی اجنحہ: ۱۔ پردار۔ بازودار۔ پرندگان۔ پنچھی
۲۔ ملائک۔ فرشتگان

اولیاء: ۱۔ صاحبان۔ خداوندان۔ مالکان
۲۔ احباب۔ رفقاء۔ دوستان
۳۔ اہل اللہ۔ مقربانِ بارگاہ۔ خدارسیدگان۔ مقربانِ بارگاہِ الٰہی۔
خاصانِ خدا۔ خدارسیدہ۔ اللہ والے۔ رشی منی۔ اللہ لوگ۔
مردانِ خدا۔ اہلِ خدا۔ صاحبِ بیلہر۔ مہاتما۔ مہاپرکھ۔ مہا
پُرش۔ بندگانِ دین۔ عارف باللہ۔ خداشناس

اولیاء الشیطان: اخوان الشیاطین۔ اشرار۔ اہلِ شر۔ بُرے
اولیاء اللہ: اہل اللہ۔ مردانِ خدا۔ مقربانِ بارگاہِ الٰہی۔ خدارسیدگان۔
بزرگانِ دین۔ مہاپُرش۔ مہاتما
اولیائے دولت: ارکانِ حکومت۔ اعیانِ حکومت۔ امراء۔ رؤساء۔
وزراء۔

پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا گھڑی میں بھوت
اولیا کے گھر بھوت

اوّلیت: تقدم۔ پہل۔ فوقیت۔ برتری۔ فضیلت

اُون: پشم۔ صوف۔ اُن۔ وُول۔ دبر۔ سہن

اونا: ۱۔ کم۔ اونچا۔ کم بھرا
۲۔ چھوٹا۔ قلیل۔ کوتاہ
۳۔ ناقص۔ ناکمل

اونٹ: ۱۔ شتر۔ جمل۔ بعیر۔ ناقہ۔ اُونٹھ۔ دیرگ۔ جنگ۔ سدھور۔ مرت
پریا۔ کیک۔ ابل۔ اوک۔ فالج۔ یعلول۔ قرمل۔ نیس۔ بزل۔
غنین۔ رمخاف۔ بزدر۔ دکر۔ گرہو۔ شاکھا۔ سشین۔ ی۔
وگن۔ کت۔ کریہ۔ ادخ۔ اُلھ۔ حقر (اونٹ کا بچہ)۔ بونگی۔
تودا۔ بُوتا
۲۔ لمبا۔ بے وقوف
اونٹ کا پاد: بے تکی بات۔ مہمل بات۔ فضول بات۔ بے معنی بات۔
مہمل۔ لغو۔ بے ہودہ۔ لایعنی۔ گزشتہ

اونٹ کنارا — اونٹ برابر ڈیل — اونٹ گاؤ
— شہر میں اونٹ بدنام

اونٹ بندھا ہوا پہونچتا نہ آیا
اونٹ برابر ڈیل بڑھایا، پاپوش بھر عقل نہ آئی

اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے
اونٹ بلبلاتا ہی لدتا ہے
اونٹ میاں سے کہیں، اِن بن ہاں جی کہے
اونٹ بہے جائیں مکوڑے کہے مجھے کتنا پانی
اونٹ پار سے گا پار سکا، جب پار اترے تب
اونٹ جب جاگتا ہے تو اینٹھ کر
اونٹ جب جاگتا ہے تو ٹکے کر
اونٹ جب تک پہاڑ کے تلے نہ آئے، اپنے سے اونچا کسی کو نہیں جانتا
اونٹ جب پہاڑ کے نیچے آئے تب آپ کو سمجھتا ہے
اونٹ چڑھے پر بھی کتا کاٹے
اونٹ چڑھے کو کتا کاٹے
اونٹ داغے ہوتے تھے مکڑی بھی داغ ہونے آئے
اونٹ داغے جلتے تھے، مکوڑے نے بھی ٹانگ پھیلائی کہ مجھے داغو
اونٹ دغنے تھے، مکڑی بھی دغنے آئی
اونٹ دیکھئے کس کروٹ / پہلو بیٹھے
اونٹ ڈر بیل بھیڑیں تھاہ مانگیں
اونٹ رہے اونٹ بیری کون سی کل سیدھی
اونٹ سا قد بڑھایا پر شعور ذرا نہیں آیا
اونٹ سستا ہے، پٹا مہنگا ہے
اونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خاں
اونٹ فرشتے کی ذات ہے
اونٹ کا پارا اونچا جائے
اونٹ کا پاد زمین کا نہ آسمان کا
اونٹ کو کس نے چھپر چھائے
اونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب / مکر سے خدا بچائے
اونٹ کی پکڑ اور کتے کی جھپٹ
اونٹ کے پیٹ میں مینگنیاں کون بناتا ہے
اونٹ کی چوری سر پر کھیلنا
اونٹ کی چوری جھکے جھکے / نہورے نہورے

اونٹ کے گلے میں بلی
اونٹ کے منہ / داڑھ میں زیرہ
اونٹ گھوڑا جس گھائی، گدھا پوچھے کتنا پانی
اونٹ لدے بیگار میں
اونٹ مرا کپڑے کے سر
اونٹ ہلکے ہی کو جاگتا ہے
اونٹ نگل جائیں اور دم سے ہچکیاں لیں
اونٹ نے چھوڑا آک، بکری نے چھوڑا ڈھاک
اونٹ نے پادا نہ پادا، پادا تو بس

اُونٹنی : مادہ شتر۔ سانڈنی۔ ناقہ۔ اونٹ۔ ڈاچی

اُونچ : اونچاپن۔ بلندی۔ فراز۔ اونچائی

اونچ نیچ : ۱۔ بلندی و پستی۔ نشیب و فراز۔ اتار چڑھاؤ۔ مد و جزر
۲۔ نیک و بد۔ برائی بھلائی۔ برا بھلا
۳۔ نفع نقصان۔ فائدہ و خسارہ

اونچ نیچ میں ہونا ـــــ اونچ نیچ سوچنا ـــــ اونچ نیچ دیکھنا ـــــ اونچ نیچ بتانا ـــــ اونچ نیچ سمجھانا ـــــ اونچ نیچ جاننا ـــــ اونچ نیچ سے گزرنا

اُونچا : ۱۔ بلند۔ بالا۔ مرتفع۔ رفیع۔ معلّی۔ اُچا۔ فلک بوس۔ فلک پیما۔ فراز
۲۔ عالی مرتبہ۔ جلیل القدر۔ رفیع المنزلت۔ جلیل۔ معزز۔ خاندانی
۳۔ اعلیٰ۔ عظیم۔ افضل۔ برتر۔ ممتاز
۴۔ دولت مند۔ صاحبِ ثروت۔ امیر۔ متمول۔ غنی
۵۔ لمبا۔ قد آور۔ بلند قامت۔ کشیدہ قامت۔ دراز قد۔ لم چھڑ۔ لم ڈھینگ۔ اٹنگا۔ اوچھا

اونچی: مونث

اونچی اسامی ـــ اونچی ناک کرنا ـ ـــ اونچی ناک دلا
ـــ اونچی ذات

اونچے پڑھ کے دیکھا تو گھر گھر یہی لیکھا
اونچے سے گرا سنبل سکتا ہے ، نظروں سے گرا نہیں سنبھل سکتا
اونچے مکان کا زینہ اونچا چاہئے
اونچی دکان پھیکا پکوان

اونچائی: اونچاپن ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔ فراز ۔ رفعت ۔ اعتلا ۔ اوج ۔ عروج

اوندھا: ۱۔ الٹا ۔ پٹ ۔ منقلب ۔ سرنگوں ۔ واژگوں ۔ سر کے بل ۔ مکفو ۔
بازگونہ ۔ واژوں ۔ مقلوب ۔ معکوس
۲۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ خمدار ۔ خمیدہ
۳۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ مورکھ
۴۔ تباہ ۔ برباد
۵۔ وحشت زدہ ۔ پریشان
۶۔ مغلوب
۷۔ بے ہوش ۔ بے حواس

اوندھا نصیب پھوٹے کرم
اوندھا کھائے لوندھا
اوندھی کھوپڑی ، الٹی مت
اوندھے منہ پرا غ پاؤں
اوندے منہ شبھان کا دھکا

اونگھ: ۱۔ غنودگی ۔ جھپکی ۔ نیند
۲۔ سبینک ۔ سرور ۔ نشہ

اونگھتا: غنودہ ۔ نیم خفتہ ۔ نیم خوابیدہ

اونگھتا جلنے ، سوتے کی ڈبرلا نے
اونگھتے کو ٹھیلنے کا بہانہ
اونگھتے کو سو جاتے کیا دیر

اوہام: واہمے ۔ توہمات ۔ ظنون ۔ قیاسات ۔ تصورات ۔ خیالات ۔ اٹکل

اویر: دیر ۔ تاخیر ۔ تاجیل

اویر دیر: جلد یا بدیر ۔ زود یا بدیر ۔ وقت بے وقت ۔ کبھی نہ کبھی

آہا: واہ واہ ۔ سبحان اللہ ۔ خوب ۔ ماشاءاللہ

اہار: ۱۔ کھانا ۔ خوراک ۔ خورشش ۔ طعام ۔ بھوجن ۔ سامان خورد و نوش
۲۔ لمی ۔ کلف ۔ نشاستہ
۳۔ بھروسا ۔ اعتماد

اہار چوکے رہ گئے ، بیوپار چوکے رہ گئے
دربار چوکے رہ گئے ، سسرال چوکے رہ گئے
اہاروں تھکے بیواروں تھکے
اہا سے بیوہار سے لجانہ کارے

اہالی: ۱۔ صاحبان ۔ مالکان
۲۔ باشندگان ۔ ساکنان
۳۔ متعلقین ۔ ملازمان ۔ کار پردازان

اہالی موالی: ۱۔ اعیان و ارکان
۲۔ مصاحبین ۔ یار دوست
۳۔ نوکر چاکر ۔ عملہ ۔ اہل کار

اہانت: بے عزتی ۔ ہتک ۔ توہین ۔ تذلیل ۔ تحقیر ۔ سبکی ۔ خفت ۔ ذلت

اہتداء : ہدایت۔ راہ بری۔ رہنمائی

اہتزاز : ا۔ لہلہاہٹ۔ جنبش۔ ہلاؤ
۲۔ وجد۔ سرور
۳۔ خوشی۔ انبساط۔ شادمانی۔ فرحت

اہتمام : ا۔ انتظام۔ بندوبست۔ انصرام۔ دھوم دھام۔ کنٹرول
۲۔ تحویل۔ نگرانی۔ سرکردگی
۳۔ کوشش۔ سعی۔ تکلیف۔ تیاری۔ غمخواری۔ دردمندی

اہتمام کرنا ـــ اہتمام میں رکھنا ـــ اہتمام ہونا ـــ زیر اہتمام ـــ اہتمام سنبھالنا

اہرتہر : ا۔ تلاطم۔ تموج
۲۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ پریشانی
۳۔ اضطراب عالم نزع۔ بے چینی۔ بے کلی۔ جان کنی

اہرمن : خدائے شر۔ نمائندۂ بدی۔ شیطان۔ دیو۔ خبیث

اہرمزد : خدائے خیر۔ ربِ خیر۔ خداوند تعالی۔ نمائندۂ خیر۔ یزداں

اہرن : سنائی۔ سندان

اہل : ا۔ مالک۔ آقا۔ صاحب۔ خداوند
۲۔ باشندہ۔ متوطن۔ باسی
۳۔ ملازم۔ نوکر۔ تعلق دار۔ متعلق
۴۔ لائق۔ قابل۔ مستحق۔ باصلاحیت
۵۔ شریف۔ شائستہ۔ مہذب

اہلِ اتقا : متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عابد۔ زاہد۔ نیک
اہلِ اجتہاد : مجتہد۔ فقیہ۔ مفتی۔ اہل الرائے

اہلِ اختیار : اربابِ اختیار۔ اربابِ اقتدار۔ اہلِ حکومت۔ اہلِ اقتدار
اہلِ ادراک : اہلِ فہم۔ اہلِ دانش۔ عقلا۔ اہلِ شعور۔ دانشور
اہلِ اسلام : مسلمان۔ مومنین۔ مسلمین
اہل الذمہ : ذمی۔ غیر مسلم رعایائے اسلامی حکومت۔ اہلِ کتاب۔ رعیت۔ جزیہ دار
اہل القبلہ : ہم قبلہ۔ اہلِ اسلام۔ مسلمان۔ مسلمین۔ اسلامیان
اہل الرائے : ا۔ صاحب الرائے۔ ساحب الرائے۔ اہلِ تدبیر۔ صاحبِ تمیز
۲۔ اہل القیاس۔ مجتہد
اہل القیاس : اہل الرائے۔ مجتہدین۔ فقہا
اہل اللہ : مردانِ خدا۔ خدارسیدگان۔ خاصانِ خدا۔ اولیاءاللہ۔ عباد۔ بزرگانِ دین۔ زہاد۔ مقربانِ بارگاہِ الٰہی۔ عارفانِ باللہ۔ اللہ والے۔ اللہ لوک
اہلِ انجمن : حاضرینِ محفل۔ شرکائے بزم۔ حاضرینِ جلسہ
اہلِ ایمان : اصحابِ ایمان۔ ایمان دار۔ مومنین
اہلِ باطن : اصحابِ باطن۔ اربابِ باطن۔ اہلِ دل۔ اہلِ کشف۔ اہلِ کرامت۔ عارف۔ اربابِ معرفت
اہلِ بدعت : بدعتی۔ مبتدعین
اہلِ بزم : اہلِ انجمن۔ اہلِ محفل۔ اہلِ مجلس۔ شرکائے مجلس۔ حاضرینِ مجلس۔ حاضرینِ جلسہ
اہلِ بصیرت : اہلِ نظر۔ اہلِ بینش۔ اربابِ بینش۔ اہلِ عقل۔ اہلِ ادراک
اہلِ بہشت : ا۔ اہلِ جنت۔ جنتی۔ بہشتی
۲۔ ساکنانِ بہشت۔ حور و غلمان
اہلِ بیت : ا۔ اہلِ خانہ۔ افرادِ خانہ۔ اہلِ خاندان
۲۔ اہلِ خانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ ازواجِ رسولؐ
۳۔ پنج تن : محمدؐ، علیؓ، فاطمہؓ، حسنؓ، حسینؓ
اہلِ بینش : اہلِ نظر۔ اربابِ نظر۔ اربابِ بینش۔ اصحابِ بصیرت۔ اہلِ عقل۔ اہلِ ادراک۔ عقلا۔ اہلِ شعور۔ دیدہ ور
اہلِ تدبیر : مدبرین۔ اہلِ عقل۔ اہلِ فکر۔ اہلِ فہم
اہلِ تسنن : اہلِ سنت۔ اہلِ سنت والجماعت۔ سنی۔ مقلدینِ ائمۂ اربعہ
اہلِ تشیع : شیعان
اہلِ تصوف : صوفیا۔ متصوفین

اہلِ تفسیر: مفسرینِ قرآن۔ شارحینِ قرآن
اہلِ تقویٰ: اہلِ اتقا۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ عباد۔ زہاد۔ اتقیا
اہلِ تنجیم: منجمین۔ ستارہ شناس۔ اختر شناس۔ انجم شناس۔ ستارہ بیں۔ نجومی۔ جوتشی
اہلِ حدیث: متبعینِ حدیث و منکرینِ فقہ۔ منکرینِ قیاس۔ وہابی۔ نجدی۔ اہلِ ظاہر۔ ظاہری
اہلِ حرفہ: پیشہ ور۔ کاریگر۔ ہنرمند
اہلِ حرم: ۱۔ اہلِ کعبہ۔ ساکنانِ کعبہ۔ ساکنانِ مسجد
۲۔ ازدواج۔ کنیزیں۔ ساکنانِ زنان خانہ۔ بیگمات
اہلِ حقوق: حقدار۔ مستحق۔ ورثا
اہلِ خانہ: اہلِ بیت۔ افرادِ خانہ۔ اہلِ خاندان۔ ازدواج واطفال
اہلِ خدمت: ملازم۔ نوکر۔ چاکر۔ اہل کار۔ خدام
اہلِ خرد: اہلِ عقل۔ عقلا۔ خردمندان۔ دانشمنداں۔ اہلِ شعور۔ دانایان
اہلِ خیانت: خائن۔ بے ایمان۔ بددیانت
اہلِ دانش: اربابِ دانش۔ اربابِ علم۔ اہلِ علم۔ علما۔ دانش وراں۔ دانشمنداں
اہلِ دست گاہ: اہلِ علم۔ اہلِ دانش۔ اہلِ ہنر۔ اہلِ کمال
اہلِ دل: ۱۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ جری
۲۔ سخی۔ فیاض۔ کریم۔ ہمدرد۔ دردمند۔ صاحبِ دل۔ دل والے
اہلِ دلق: مرقع پوش۔ درویش۔ فقرا۔ صوفیا۔ گدڑی پوش
اہلِ دنیا: ۱۔ دنیادار۔ طالبانِ دنیا۔ اہلِ دہر
۲۔ باشندگانِ دنیا۔ اہلِ گیتی
اہلِ دول: ۱۔ اہلِ حکومت۔ اہلِ اقتدار۔ امرا۔ اعیانِ حکومت۔ رؤسا
۲۔ اہلِ ثروت۔ اغنیا۔ اہلِ مال۔ متمول۔ پیسے والے
اہلِ دید: تماشائی۔ تماش بین
اہلِ ذکر: ذاکرین۔ عبادت گزار۔ عباد۔ زہاد
اہلِ ذوق: ۱۔ اصحابِ ذوق۔ خوش ذوق۔ خوش مذاق۔ خوش مزاج
۲۔ خدا پرست۔ عباد۔ زہاد
۳۔ عیش پرست۔ عیاش
اہلِ رائے: ۱۔ اہلِ الرائے۔ صاحب الرائے۔ اہلِ عقل۔ اہلِ تدبیر۔
اہلِ شعور۔ اہلِ دانش۔ اہلِ بینش
۲۔ اہلِ قیاس۔ اہلِ اجتہاد۔ مجتہدین۔ فقہا
اہلِ رزم: جنگجو۔ معرکہ جو۔ سپاہی۔ عسکری۔ لشکری۔ فوجی
اہلِ روزگار: اہلِ دنیا۔ اہلِ زمانہ۔ ابنائے زمانہ۔ دنیادار۔ اہلِ دہر
اہلِ زبان: زبان داں۔ ماہرینِ زباں۔ واقفانِ زباں۔ صاحبانِ مادری زبان
اہلِ زماں: اہلِ دہر۔ اہلِ دنیا۔ ابنائے زماں۔ ابنائے وقت
اہلِ زمین: باشندگانِ زمیں۔ مخلوقاتِ زمیں۔ اہلِ دنیا۔ اہلِ گیتی
اہلِ زہد: زہاد۔ عباد۔ پرہیزگار۔ متقین
اہلِ سخن: سخنور۔ سخنداں۔ شعرا۔ سخن شناس۔ سخن گو
اہلِ سنت (والجماعت): اہلِ تسنن۔ سنی۔ مقلدینِ ائمہ اربعہ
اہلِ سواد: اہلِ قلم۔ خواندہ۔ لکھے پڑھے۔ پڑھے لکھے۔ مسودہ نگار
اہلِ سیف: شمشیرزن۔ تیغ زن۔ تلوریے۔ فوجی۔ جنگجو۔ لشکری۔ عسکری
اہلِ شر: اشرار۔ فسادی۔ مفسدین۔ بدکردار۔ مفسدہ پرداز
اہلِ شرع/شریعت: ۱۔ پابندِ شرع۔ متشرع
۲۔ واقفِ شرع۔ قانون داں
اہلِ شناخت: باتمیز۔ اہلِ شعور۔ اہلِ فہم۔ اہلِ تمیز۔ اہلِ عقل۔ اہلِ دانش۔ اہلِ بصیرت
اہلِ صفا: صاف باطن۔ بزرگ۔ صاف دل۔ صوفی صافی۔ درویش۔ متقی
اہلِ صنعت: دست کار۔ کاریگر۔ ہنرمند۔ اہلِ ہنر
اہلِ طاعت: عبادت گزار۔ عباد۔ زہاد۔ صلحا۔ صالحین۔ اہلِ اسلام۔ اطاعت گزار
اہلِ طبع: ذہین۔ اہلِ عقل۔ اہلِ شعور۔ اہلِ تمیز
اہلِ طریق/طریقت: بزرگانِ دین۔ صوفیا۔ اہلِ تصوف
اہلِ ظرف: بلند حوصلہ۔ بلند ہمت۔ شرفا۔ اشراف
اہلِ عرفان: خداشناس۔ عرفا۔ اہلِ معرفت۔ اولیاء اللہ۔ بزرگانِ دین
اہلِ عزا: ماتم داران۔ ماتم گساران۔ ماتمیان
اہلِ عقل: اہلِ خرد۔ عقلا۔ اہلِ دانش۔ اہلِ بینش۔ اہلِ شعور۔ اہلِ فہم
اہلِ علم: اہلِ دانش۔ اربابِ دانش۔ علما۔ دانشوراں۔ اربابِ علم۔ دانشمندان۔ دانایان
اہلِ عملہ: ارکانِ عملہ۔ ملازمانِ محکمہ۔ ارکانِ شعبہ۔ اہل کار

اہلِ غرض: ضرورت مند۔ غرض مند۔ سائل۔ اہلِ مطلب۔ اہلِ احتیاج۔
اصحابِ غرض۔ حاجت مند۔ مطلبی

اہلِ فضل: فضلا۔ بافضیلت بزرگان۔ اہلِ کمال

اہلِ فہم: اہلِ ادراک۔ اہلِ تمیز۔ اہلِ شعور۔ سمجھدار۔ اہلِ وقوف

اہلِ قلم: منشی۔ انشا پرداز۔ مضمون نگار۔ محرر۔ لکھاری۔ ادبا۔ صاحبِ قلم۔
اربابِ قلم۔ شعرا۔ مصنفین

اہلِ کار: کارکنان۔ اہلِ عملہ۔ کارندے۔ ملازمانِ محکمہ۔ ارکانِ عملہ

اہلِ کتاب: پیروانِ کتبِ مقدسہ۔ کتابی۔ پیروانِ وحی الٰہی۔ یہودی۔ عیسائی۔
مسلم وغیرہ

اہلِ کرم: فیاض۔ سخی۔ کریم۔ اربابِ کرم۔ اہلِ فیض

اہلِ کسب: پیشہ ور۔ اہلِ حرفہ۔ کاریگر۔ ہنرمند

اہلِ کمال: باکمال۔ کاملین۔ اربابِ کمال۔ ماہرین

اہلِ مجلس: اہلِ محفل۔ اہلِ بزم۔ شرکائے محفل۔ سامعینِ جلسہ۔ اہلِ انجمن

اہلِ محبت: اہلِ عشق۔ عشاق۔ محبان

اہلِ محلہ: باشندگانِ محلہ۔ ہمسائے۔ پڑوسی

اہلِ مد: کارکن محکمہ۔ کارگزار۔ محرر۔ منشی۔ پیش کار

اہلِ مروت: بامروت۔ بالحاظ۔ پاس دار

اہلِ مذاق: اہلِ ذوق۔ باذوق۔ خوش ذوق۔ خوش مذاق۔ اہلِ مذاق

اہلِ مشاورت: مشیر۔ صلاح کار۔ اہلِ شوریٰ

اہلِ معرفت: اہلِ عرفان۔ عارفین۔ عرفا۔ خدا شناس۔ بزرگانِ دین

اہلِ ملک: اہلِ وطن۔ باشندگانِ ملک۔ دیس باسی۔ ابنائے وطن

اہلِ منصب: عہدہ دار۔ منصب دار۔ اہلِ مرتبہ۔ اہلِ جاہ

اہلِ نشاط: ۱۔ اربابِ نشاط۔ طوائفیں
۲۔ خوش و خرم۔ شاداں و فرحاں
۳۔ عیش پسند۔ عیاش۔ عیش پرست
۴۔ مطرب و رقاص۔ ڈوم ڈھاری۔ خنیاگراں۔ سرودگراں۔ میراثی

اہلِ نظر: اہلِ بینش۔ اربابِ بینش۔ اربابِ نظر۔ اہلِ بصیرت۔ اربابِ بصیرت
۱۔ نکتہ بیں۔ نکتہ رس۔ نکتہ داں۔ ہوشیار۔ زیرک۔ اہلِ فراست
۲۔ نقاد۔ پارکھ۔ حقیقت شناس
۳۔ حسن پرست۔ طالبِ دیدار

اہلِ نفاق: منافقین۔ دغاباز۔ فریبی۔ عیار۔ مکار۔ شر پسند۔ بے ایمان۔
بے دین۔ فتنہ پرداز۔ منافق

اہلِ نفس: عیاش۔ بدکردار۔ بدافعال۔ بدکار

اہلِ وقار: باوقار۔ اصحابِ عزت۔ مقتدر۔ معززین

اہلِ وقوف: اہلِ فہم۔ باشعور۔ باتمیز۔ اہلِ خرد

اہلِ ہنر: ہنرمند۔ اہلِ فن۔ اہلِ کمال۔ ماہرینِ فن۔ فنکار۔ باکمال

اہل و عیال: زن و فرزند۔ عیال و اطفال۔ بال بچے۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ خاندان۔
گھرانا۔ متعلقین۔ کنبہ

اہلاً و سہلاً: مرحبا۔ خوش آمدید

اہلیت: ۱۔ قابلیت۔ لیاقت۔ استعداد۔ صلاحیت
۲۔ تمیز۔ سمجھ۔ شعور۔ سلیم الطبعی

اہلیہ: بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔ خاتونِ خانہ۔ کدبانو۔ گھر والی۔ پتنی۔ بیگم

اہم: ۱۔ ضروری۔ نہایت ضروری
۲۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن
۳۔ سخت اندوہناک۔ غمناک
۴۔ وقیع۔ عظیم الشان۔ شان دار

اہمیت: ضرورت۔ وقعت۔ منزلت

اہنسا: ۱۔ بے گناہی۔ معصومیت۔ بے تقصیری۔ بے جرمی
۲۔ بچاؤ۔ سلامتی۔ حفاظت

اہیر: گوالا۔ گوپال۔ گھوسی۔ شیر فروش

اہیر دیکھ گڈریا مستانہ
اہیر سے تب گن نکلے، جب بالے سے گئی
اہیر کا کیا جان، بیسی کا کیا پکوان
اہیر کی دیہہ ڈال ہیں مٹھا سرخرو۔

| ایرگاڑی جات گاڑی، نالی گاڑی کجات گاڑی

ائمہ: اماميں۔ قائدین۔ سرداران۔ زعما۔ رہبران

اے: یا۔ ارے۔ ابے۔ ایہا۔ اماں۔ اجی

| اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست
| اے تیری قدرت کے عجب کھیل
| چھچھوندر لگائے چنبیلی کا تیل
| اے روشنی طبع تو برمن بلا شدی
| اے رے میرے کرم جہاں تھوڑا وہیں نرم
| اے زر تو خدا نہ ای ولیکن بخدا
| ستار عیوبی و قاضی الحاجاتی
| اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری
| اے میرے اگلے جو سُلانے سو کر لے
| اے وقت تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی
اے زفرصت بیخبر در ہر چہ باشی زود باش

ایاز: ۱۔ غلام۔ مطیع۔ فرمانبردار
۲۔ محبوب۔ معشوق

| ایاز قدرِ خود بشناس

ایاغ: پیالہ۔ جام۔ ساغر۔ قدح

ایام: ۱۔ دن۔ روز۔ دہاڑے
۲۔ زمانہ۔ وقت۔ مدت۔ عرصہ

ایتر: کم تر۔ ادنیٰ۔ چھوٹا۔ شکی۔ نزرہ۔ حقیر۔ [illegible]

| [illegible]

ایٹم: ۱۔ ذرہ۔ ریزہ۔ جزو لایتجزیٰ
۲۔ جوہر

ایٹمی: جوہری

ایثار: قربانی

ایجاب: قبول۔ قبولیت۔ اقبال۔ منظوری۔ تسلیم

ایجابی: ۱۔ ضروری۔ یقینی
۲۔ اصلی۔ حقیقی

ایجاد: اختراع۔ ابداع۔ احداث۔ نئی بات۔ کارستانی۔ پیدا کرنا۔ عدم سے وجود میں لانا۔ طاقت بخشنا۔ بناوٹ۔ دریافت۔ انوینشن

| ایجادِ بندہ اگرچہ گندہ
| ضرورت ایجاد کی ماں ہے

ایجاز: اختصار۔ خلاصہ۔ انتخاب۔ تلخیص

ایجنٹ: مختار۔ گماشتہ۔ آڑھتی۔ دلال۔ نائب۔ آڑھتیا۔ جابر۔ پاکر

ایجنڈا: موضوعِ اجلاس۔ ایجنڈا نامہ۔ تفصیلِ امور تصفیہ طلب۔ موضوعات

ایجنسی: ۱۔ ادارہ۔ شعبہ۔ محکمہ
۲۔ آڑھت۔ مختار نامہ۔ دلال خانہ

ایجی ٹیشن: شورش۔ تحریک۔ اندولن۔ ستیہ گرہ۔ مخالفت۔ مظاہرہ

اینچ پیچ: چکر۔ ہیر پھیر۔ دغا۔ فریب۔ مکر

ایڈریس: ۱۔ پتہ۔ سرنامہ
۲۔ سپاسنامہ۔ خطبہ۔ خطاب

ایڈوانس: ۱۔ پیشگی۔ بیعانہ
۲۔ پیش قدمی

ایڈورٹائزمنٹ: اشتہار۔ اشتہار بازی۔ ڈھنڈوری۔ تشہیر

ایڈووکیٹ: وکیل۔ قانونی مشیر۔ وکیل عدالت عالیہ

ایڈیٹر: مدیر۔ مرتب۔ رئیس التحریر

ایڈیٹوریل: ۱۔ اداراتی
۲۔ اداریہ۔ مقالہ افتتاحیہ

ایذا: تکلیف۔ دکھ۔ ضرر۔ مضرت۔ گزند۔ چوٹ۔ زیاں

ایذارساں: تکلیف دہ۔ مضرت رساں۔ ضرر رساں۔ موذی۔ رنج دہ
ایذارسانی: مضرت رسانی۔ تکلیف دہی۔ تصدیعہ دہی

ایراپھیری: ۱۔ ہیرا پھیری۔ لوٹ پلٹ۔ رد و قبول
۲۔ چالاکی۔ فریب۔ مکاری۔ عیاری

ایراد: اعتراض۔ الزام۔ نکتہ چینی۔ عیب جوئی

ایراغیرا: ۱۔ ہر کس و ناکس۔ ہر کوئی۔ کم حیثیت
۲۔ اجنبی۔ ناواقف

ایرے غیرے: ہر کس و ناکس۔ ہمہ شما۔ ہر خار و خس۔ نتھو خیرے۔ ساکے ڈھکے۔ رلدو فتو۔ نجھو مجھو۔ تیلی تنبولی۔ لُلّو پنجو۔ بیرونی۔ غیر لوگ۔ ایسے ویسے۔ اجنبی۔ بے واسطہ لوگ۔ النتے۔ ناآشنا

ایرپھیر / ہیر پھیر: ۱۔ تجارت۔ بیوپار۔
۲۔ بار بار خرید و فروخت
۳۔ گردشِ زمانہ۔ انقلابِ دوراں
۴۔ دور۔ چکر
۵۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ دغا۔ فریب
۶۔ اختلاف۔ مخالفت

ایڑ: ایڑی۔ مہمیز

ایڑی: پاشنہ۔ عقب۔ مہمیز۔ ایل۔ پونڈہ۔ اڈی۔ ایڑ

ایڑی رگڑنا — ایڑی جمانا — ایڑی ٹیکنا — ایڑی اٹھا کے چلنا — ایڑی چوٹی پر سے وارنا — ایڑی چوٹی پر سے نثار کرنا — ایڑی سے چوٹی تک — ایڑیاں رگڑنا — ایڑیاں گھسیٹنا — ایڑی چوٹی پر سے صدقے کرنا — ایڑیاں گھس جانا — ایڑی دیکھنا — ایڑی مارنا — ایڑی لگانا

ایزد: یزداں۔ خدا۔ اللہ۔ پرمیشر۔ ایشور۔ پرماتما

ایسا: ۱۔ اس قدر۔ اتنا۔ اس قسم کا۔ اس شکل کا
۲۔ اچھا برا
۳۔ مانند۔ مثل۔ مماثل۔ مساوی۔ متوازی
۴۔ اس طرح۔ یوں

ایسا ویسا: برا بھلا۔ ادنیٰ۔ کم قدر۔ کمینہ۔ ہیچ۔ بے اعتبار۔ نکما۔ ناکارہ۔ ناچیز۔ واہیات۔ بے ہودہ۔ سفلہ۔ پاجی۔ لایعنی۔ بے معنی۔ لغو۔ ہیچ پوچ۔ لچر۔ حقیر۔ معمولی۔ گھٹیا۔ گھٹیل۔ بے حقیقت۔ بھیڑا۔ کم حیثیت

ایسا تیسا: کمینہ۔ نالائق۔ پاجی۔ ہیچ

ایسا چاٹا کر دھوتی کا پچا
ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں
ایسا جیسے روپے کے ٹکے جتائے
ایسا کیا دل گردہ کہ ربیہ کیا خندہ
ایسا گیا جیسے مغل میں سے بوتا
ایسا رسیا بجانا نہیں، خوان لوکا آتا نہیں
ایسے بڑھے ہیں کر کون باندھ جس دے
ایسی ہوسیانی جو بیٹھا مانگے پانی
ایسی کاجل ڈالے پر کیسی
ایسے دوڑ کر نہ چلو کہ ٹھوکر لگے
ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہے ہے
ایسی کیا قاضی (جی) کی گدھی چرائی ہے
ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ
ایسی نسکی کہ بہرے پٹکی
ایسے مرے کو کون کفنائے جو کفناتے ہی پارے
ایسی میخ ماری کہ پار نکل گئی
ایسی ہنسی اچھی نہیں جس سے دوستی میں فرق آئے
ایسی ہرتی کا تن ہاری، تو کاہے پھرتی ماری ماری
ایسے ہی تم نے سونٹھ بھیجی ہے

ایسڈ: تیزاب۔ ترشہ۔ حموضہ

ایسر: ۱۔ آقا۔ ایشور۔ خدا۔ اللہ۔ مالک۔ خداوند
۲۔ مال۔ دولت۔ ثروت۔ حشمت۔ امیری۔ تمول

ایسر آئیں دلدر جائیں
ایسرے بیٹ نہیں، دلدر سے بگاڑ

ایسوسی ایشن: محفل۔ مجلس۔ انجمن۔ بزم۔ سبھا

ایشور: بھگوان۔ پرمیشر۔ پرماتما۔ خدا۔ اللہ

ایصال: رسانیدن۔ ابلاغ۔ وصول۔ پیوستگی۔ پیوند

ایضاح: وضاحت۔ صراحت۔ شرح۔ اظہار

ایفا: تکمیل۔ تعمیل۔ عہدہ برائی۔ ادائی

ایقان: یقین۔ ایمان

ایک: ایک۔ اک۔ واحد۔ احد
۱۔ اکیلا۔ تنہا۔ صرف
۲۔ یکساں۔ متحد۔ برابر
۴۔ یکتا۔ یگانہ۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ بے جتا۔ بے عدیل
۵۔ سارا۔ تمام۔ کل
۶۔ متفق۔ یکجا

ایک آپ دوسرا بغل چاپ
ایک پر لات ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں
ایک آنکھ پھوٹ جاتی ہے تو دوسری کی خیر مناتے ہیں
ایک آنکھ سے روئے ایک سے ہنسے
ایک آنکھ میں لہر بہر، ایک میں خدا کا قہر
ایک آنکھ میں شہد، ایک آنکھ میں زہر
ایک آرت کے برتن ہیں
ایک اکیلا دو گیارہ
ایک اکیلا دو کا میلا
ایک انار ایک گیلہ
ایک انار سو بیمار
ایک انگور سو زنبور
ایک انڈہ وہ بھی گندہ
ایک اور ایک دو روٹیاں

ایک اہاری سدا برتی

ایک ناری سدا جتی

ایک اہاری سدا سکھی

ایک بار جوگی، دو بار بھوگی، تین بار روگی

ایک بچے کی ماں کیا اور سو روپے کی پونجی کیا

ایک بوٹی سو گنتے

ایک بولی تین کام

ایک بولی دو بولی میری نکٹی سا سٹ بولی

ایک پاپی ناؤ کو ڈبوتا ہے

ایک پرہیز سو علاج

ایک پڑا لوٹے دوسرا کہے مجھے پوچھی دے

ایک پنتھ دو کاج

ایک پوہڑ پھوہڑ کہے گئی
جا کنھلا کی ہماری بسی

ایک پیڑ سلی دھتا، جس کی بڑ نہ پتا

ایک پیڑ ہڑ، اگرے گاؤں کی کھانسی

ایک ترکش کے تیر ہیں

ایک تندرستی (نہ) ہزار نعمت

ایک تو اڑلی دوسرے بھرتوں کھدیڑی

ایک تو جال دوسرے کندھے کدال

ایک تو بیک دوسرے پکھوڑ بھجوڑ

ایک تو پدنی تھی ہی گھر، دوسری آئی ڈول پر چڑھ

ایک تو تھا ہی دیوانہ، اس پر آئی بہار

ایک تو چپڑی دوسرے دو دو

ایک تو پوری اس پر سینہ زوری

ایک تو ڈائن دوسرے ہاتھ لواٹھ

ایک تو شیر دوسرے بکتر پہنے

ایک تو کانی بیٹی کی مائی دوسرے پوچھنے والوں نے جان کھائی

ایک تو کانی تھی دوسرے پڑ گیا کنک

ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا

ایک تو گھر گھاؤں اپنا، دوسرے آس پاس

ایک تو لٹتا ہے دوسرا کہے جھکے دے

ایک تو میاں اونگھتے اس پر کھائی بھنگ

ایک تو سے کی روٹی، کیا چھوٹی کیا موٹی

ایک جان دو قالب

ایک جان ہزار ارمان

ایک جان ہزار غم

ایک بنگلے میں دو شیر نہیں رہ سکتے

ایک جورو کی سولہ روٹی بھگت کھائیں کہ بھگتانی

ایک چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے

ایک چپ ہزار سکھ

ایک چنا بتیری دال

ایک چنا دو دال

ایک چنا سورما ہو گا تو کیا بھاڑ پھوڑے گا

ایک چنا سورما بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا

ایک چنے کی دو دالیں

ایک چھینکے ایک ناک کاٹے

ایک حسن آدمی، ہزار حسن کپڑا
لاکھ حسن زیور، کروڑ حسن نخرا

ایک حمام میں سب ننگے

ایک خطا دو خطا، تیسری خطا مادر بخطا

ایک در بند ہزار در کھلے

ایک دل ہزار آفتیں

ایک دل ہزار غم

ایک دل یاروں میں، ایک دو کیداروں میں

ایک دم آیا آیا، نہ آیا نہ آیا

ایک دم کا دمامہ ہے

ایک دم میں ہزار دم

ایک دم ہزار امید

ایک دن کا پاہنا، دوسرے دن ان کھاؤنا

ایک دن کا مہمان، دو دن کا مہمان، تیسرے دن بلائے جان

ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول، دو دن کا مہمان کنول کا پھول،

تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول
ایک دن کھوٹا پیسا بھی کام آتا ہے
ایک دن کے تین سو ساٹھ دن
ایک ڈر دو طرف ہوتا ہے
ایک ڈوبے تو جگ سمجھانے ، یہاں تو جگ ہی ڈوبا ہے
ایک رنگ ہزار ڈھنگ
ایک روٹی کے دو ٹکڑے
ایک سر ہزار سودے
ایک سونا دوسرے سوگندھ
ایک سے ایک اعلیٰ سبحان ربی الاعلیٰ
ایک سے دو بھلے
ایک سے لے ایک کو دے
ایک شیر مارتا ہے ، سو لومڑیاں کھاتی ہیں
ایک غریب کو مارا تھا تو سو من چربی نکلی
ایک فرہاد سو تیشے ، ایک جان سو اندیشے
ایک کا منہ شکر سے بھرا جاتا ہے ، سو کا منہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا
ایک منہ موتیوں سے بھرا جاتا ہے ۔ سو خاک سے نہیں بھرے جاتے
ایک کرے دس بھریں
ایک کو پانی ایک کو کیچ
ایک کو دے رتبہ عالی ، ایک کو دے کھپر پا جالی
[ایک کو سائی دوسرے کو بدھائی
ایک کو بیٹا ، ایک کو بھائی]
ایک کھائے ملیدہ ایک کھائے بھس
ایک کھونہ دس سو
ایک کے دو نے سے سو کی سوائی بھلی
ایک کی سیر ، دو کا تماشا ، تین کا پیٹنا ، چار کلساپا
ایک کی لاٹھی دس جنے کا بوجھ
ایک جنے کا بوجھ دس جنے کی لاٹھی
ایک گو رد کے باسکے

ایک گھر بیچے تو سب گھر ریچے
ایک گھڑی کی بے حیائی ، سارے دن کا آدھار
[ایک لکھ پوتا سوا لاکھ ناتی
جن راون کے دیا نہ باتی]
ایک مچھلی سارے تالاب کر جل کو گندہ کرتی ہے
ایک مرد سب کو مرد کرتا ہے ، ایک نامرد سب کو نامرد کرتا ہے
ایک مرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی
ایک میان میں ، دو تلواریں نہیں سما سکتیں
ایک میرے گھر آتا ، دوسری رونا
ایک میں ایک میرا بھائی ، تیسرا حجام نائی
(ایک نا ہزار نہیں (کے برابر ہے)
ایک تنظیر سو نصیحت
ایک نہ سو دکھ ہارے
ایک نیم سب گھر سیتل
ایک نیم سو کوڑھی
ایک ہاتھ ذکر پر ، دوسرا فکر پر
ایک ہاتھ سے بکھیر دو دے سمیٹو
ایک ہاتھ سے تال نہیں بجتی
ایک ہاتھ لینا ، ایک ہاتھ دینا
ایک ہنسے ایک دکھ میں

ایک ایک : فرداً فرداً ۔ اکیلا اکیلا ۔ جدا جدا ۔ الگ الگ ۔ علیحدہ علیحدہ ۔ یکے بعد دیگرے ۔ باری باری ۔ ہر ایک

ایک ایک کرکے ــ ایک ایک کے دو دو کرنا ــ ایک پہ ایک گرنا ــ ایک ایک کو بلانا ــ ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلنا ــ ایک ایک سے ملنا ــ ایک ایک کا دامن پکڑنا

ایکا : ا ۔ میل ۔ اتفاق ۔ اتحاد ۔ یک جہتی ۔ یک دلی ۔ یونین ۔ میل ملاپ ۔ ملاپ

سنجوگ۔ اتصال۔ یک جہتی۔ کٹھ گٹ۔ گھنڈی
۲۔ سازش۔ سازباز۔ ملی بھگت

ایکا ایکی: دفعتہً۔ بغتتہً۔ ناگہاں۔ یکبارگی۔ ناگاہ۔ یکا یک۔ اچانک

ایکا ایکی آ جانا ___ ایکا ایکی ملنا ___ ایکا ایکی مل جانا ___
ایکا ایکی گھبرا جانا ___ ایکا ایکی گر پڑنا ___ ایکا ایکی پکڑا جانا

ایکانت: ۱۔ چھینگ۔ تخلیہ
۲۔ تنہائی۔ گوشہ نشینی۔ یک سوئی
۳۔ حد۔ انتہا
۴۔ تنہا۔ علیحدہ۔ الگ۔ گوشہ نشین۔ یکسو
۵۔ اکیلا۔ فرد۔ یگانہ
۶۔ خفیہ۔ نجی
۷۔ بے کس۔ بے یار و مددگار
۸۔ الگ۔ جدا۔ ایک طرف

ایکٹ: ۱۔ فعل۔ کام۔ عمل۔ کارروائی
۲۔ نقل۔ سوانگ
۳۔ باب۔ حصہ
۴۔ قانون۔ ضابطہ

ایکٹر: اداکار۔ نقال۔ ممثل۔ سوانگی۔ فنکار

ایکٹنگ: اداکاری۔ نقالی۔ سوانگ۔ فنکاری

ایکھ: گنا۔ نیشکر۔ پونڈا۔ کماد

ایلچی: سفیر۔ قاصد۔ پیغامبر۔ نامہ بر۔ پیام رساں۔ دوت۔ فرستادہ۔
پیامبر۔ خبر رساں۔ نامہ رساں۔ ہرکارہ

| ایچی راز دالے نیست

ایما: ۱۔ اشارہ۔ اشارت
۲۔ بھاؤ۔ غمزہ۔ عشوہ۔ ادا۔ نخرا
۳۔ حکم۔ فرمان۔ آگیا
۴۔ منشا۔ مرضی۔ عندیہ۔ رائے
۵۔ رمز۔ کنایہ

ایمان: ۱۔ یقین۔ اعتقاد۔ عقیدہ
۲۔ اعتبار۔ اعتماد۔ بھروسا
۳۔ دین۔ دھرم۔ مذہب
۴۔ عدل۔ انصاف۔ داد۔ نیاؤ۔ منصفی
۵۔ دیانت۔ امانت۔ سچ۔ حق۔ راست بازی۔ سچائی
۶۔ بے خوفی۔ امن۔ امان۔ بے خوف کرنا۔ امن دینا۔ اطمینان

ایمان دار: ۱۔ مومن۔ صاحب ایمان
۲۔ دین دار۔ دھرمی
۳۔ دیانت دار۔ امین۔ راست باز
۴۔ سچا۔ صادق۔ صداقت شعار
۵۔ باوفا۔ وفادار۔ منصف

ایمان داری: ۱۔ دیانت داری۔ راست بازی
۲۔ صداقت شعاری۔ دین داری
۳۔ سچائی۔ صداقت
۴۔ وفاداری
۵۔ عدل گستری۔ انصاف پژوہی

ایمان بیچنا ___ ایمان ٹھکانے نہ ہونا ___ ایمان کی بات
___ ایمان ڈھل ہونا ___ ایمان کی کہنا ___ ایمان لانا
___ ایمان میں فرق آنا ___ ایمان برگشتہ ہونا
___ ایمان بغل میں دبانا ___ ایمان پر چھوڑنا ___
ایمان چور ___ ایمان چھوڑنا ___ ایمان ڈانواں ڈول ہونا

ایمان دار کھائے بوٹی بے ایمان کمائے روٹی
ایمان رہے جائے سب کچھ
ایمان ہی انسان کے ساتھ جائے گا
ایمان ہے تو سب کچھ

ایمن: ۱۔ بے خوف۔ محفوظ۔ مومن۔ مامون۔ سلامت
۲۔ خوش قسمت۔ مبارک۔ سعید۔ مسعود
۳۔ جانب راست
۴۔ رات کا راگ

ایمنی: ۱۔ بے خوفی۔ امن۔ صیانت۔ سلامتی
۲۔ خوشی۔ فرحت۔ شادمانی۔ انبساط

ایں: (اشارہ قریب): یہ۔ ہذا۔ ہذہ

ایں است جواہش کہ جواہش نہ دہی
ایں خانہ ہمہ آفتاب است
ایں عبارت بسر نہ برد کسے
ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند
ایں گل دیگر شگفت
ایں ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے گرد
ایں ہم بچہ شتر است
ایں ہم برسرِ ہم

اینٹ: خشت۔ اِٹ۔ آگور۔ آجر۔ برک

اینٹ دینا ــ اینٹیں بنا ــ اینٹیں پھینکنا ــ
اینٹ رکھنا ــ اینٹ پاتھنا اینٹ سُکھانا اینٹ
پکنا ــ اینٹ اکھاڑنا ــ اینٹ بجُونا ــ اینٹ
توڑنا۔ اینٹ گھڑنا اینٹ سے سینکنا

اینٹ کی لینی پتھر کی دینی
اینٹوں نال پکوڑی

اینٹھ: ۱۔ بل۔ مروڑ۔ پیچ
۲۔ کھنچاؤ۔ تناؤ
۳۔ سختی۔ کڑا پن
۴۔ ضد۔ ہٹ۔ تمرد۔ سرکشی
۵۔ کینہ۔ دشمنی۔ بغض
۶۔ فخر۔ غرور۔ شیخی۔ اکڑ

اینٹھن: ۱۔ پیچ۔ بل۔ مروڑ
۲۔ کھنچاؤ۔ تناؤ۔ تشنج

اینٹھو: مغرور۔ گھمنڈی۔ متکبر

اینچ: ۱۔ کھچاوٹ۔ کشش
۲۔ پھیلاؤ
۳۔ دباؤ
۴۔ رجحان۔ میلان۔ جھکاؤ
۵۔ خواہش۔ مرضی
۶۔ کم گوئی۔ کم آمیزی
۷۔ دیر۔ تاخیر
۸۔ قلت۔ کمی
۹۔ ضرورت

اینچا: کھچا۔ تنا۔ کشیدہ

اینچا تانی: کھینچا کھینچی۔ کشاکش۔ کھینچا تانی

اینچا کھینچا وہ پھرے، جو پاٹے بیچ میں پڑے

اینچن : کھینچا تانی۔ کشاکش۔ تناؤ۔ کشیدگی

| اینچن چھوڑ گھسیٹن میں پڑے

اینٹھ : ۱۔ اینٹھ۔ اکڑ۔ غرور۔ تکبر
۲۔ نکما۔ ادھورا۔ نامکمل۔ بیکار

اینڈا : ۱۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج

۲۔ تخمینہ۔ اندازہ۔ اٹکل

اینڈا مینڈا : الٹا سیدھا۔ ٹیڑھا ترچھا

ایوان : مکان۔ محل۔ قصر

ایہام : ۱۔ وہم شک۔ شبہ
۲۔ صفت ذو معنین۔ شباہت۔ مشابہت

جناب آرزو جانشین حضرت جلال مرحوم بیان فرماتے ہیں کہ میرے محلے میں ایک میر صاحب رہتے تھے جو خود شعر نہیں کہتے تھے مگر سخن فہمی کے مدعی تھے۔ ایک دن مجھے چوک میں ملے۔ میں نے سلام کیا۔ میر صاحب نے شفقت آمیز لہجے میں جوابِ سلام دے کر فرمایا کہ ایک مصرعہ ہے اس پر مصرعہ لگا دیجئے، مگر مصرعہ پورا ہو۔ میں نے کہا فرمائیے۔ آپ نے یہ مصرعہ پڑھا۔ ؏

اُڑ گئی سونے کی چڑیا رہ گئے پر ہاتھ میں

میں نے وقت طلب کیا۔ جواب میں فرمایا۔ برسں دن میں، دو برس میں، دس برس میں، بیس برس میں، پچاس برس میں، جب ہو سکے۔ گویا میر صاحب طے کر چکے تھے کہ مدت العمر میں بھی اس پر مصرعہ نہ ہو سکے گا۔ مجھے ان کے اس کہنے سے ایسی تکلیف پہنچی کہ میں اُسی وقت مصرعہ لگانے پر آمادہ ہو گیا اور ان سے یہ عرض کیا کہ مجھے تو اُمید نہیں کہ جو سانس آ چکی وہ آخری ہے یا ابھی چند نفس اور باقی ہیں۔ تھوڑی سی مہلت دیجئے، میں ابھی فکر کرتا ہوں۔ میر صاحب نے نہ مانا اور آگے چلے گئے۔ مجھے اس وقت ایسی چوٹ سی لگی تھی کہ فکر کرنے لگا۔ غالباً دس بارہ منٹ گزرے ہوں گے کہ مصرعہ لگا لیا اور وہیں سے پلٹا۔ اُدھر سے وہ بزرگ پھرے۔ راستے میں مڈبھیڑ ہو گئی۔ میں نے کہا کہ لیجئے مصرعہ لکھ لیجئے۔ میر صاحب نے حیرت سے کہا کہ ایسی جلد آپ نے مصرعہ لگا لیا۔ بھلا سنائیے تو سہی۔ میں نے یہ مصرعہ پڑھا:

دامن اُس یوسف کا آیا پرزے ہو کر ہاتھ میں
اُڑ گئی سونے کی چڑیا رہ گئے پر ہاتھ میں

بِ : ۱۔ ساتھ۔ مع۔ ہمراہ۔ سمیت
۲۔ از۔ سے۔ مِن
۳۔ میں۔ اندر
۴۔ لیے۔ واسطے
۵۔ پر۔ طرف
۶۔ ابتدا۔ آغاز۔ شروع
۷۔ قسم۔ سوگند۔ حلف
۸۔ مطابق۔ موافق
۹۔ وسیلہ۔ توسّل
۱۰۔ سبب۔ وجہ۔ باعث
۱۱۔ تقابل۔ مقابلہ
۱۲۔ تشبیہ۔ تمثیل
۱۳۔ عوض۔ بدل۔ بدلہ

بآسانی: بسہولت۔ بآرام۔ بلا دِقت۔ بلا دشواری
باعتبار: متعلق۔ بوجہ۔ بموجب۔ بلحاظ
بافراط: بکثرت۔ وافر۔ زیادہ۔ فزوں۔ فراواں۔ بہت
بباد: برباد۔ ویران۔ تباہ
بباطن: خفیہ۔ پوشیدہ۔ سرّاً
بباعث: بوجہ۔ بسبب۔ بجہت۔ بعلت
ببانگِ دُہل: علانیہ۔ کھلم کھلا۔ برسرِعام۔ برملا۔ علی الاعلان۔ دھڑلّے سے
بپا: قائم۔ کھڑا۔ مقرر۔ برپا

بپاسِ خاطر: بلحاظ۔ بمروّت۔ برعایت
بتدریج: تدریجاً۔ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ
بتراضیِ طرفین: برضامندیِ فریقین۔ برضائے باہم
بتوسّط: بوسیلہ۔ بذریعہ۔ بوساطت۔ معرفت
بجا: ۱۔ بمقام۔ برجا
۲۔ درست۔ ٹھیک۔ صحیح
۳۔ موزوں۔ مناسب
۴۔ بموقع۔ بامحل۔ برمحل۔ برموقع
بجاآوری: تعمیل۔ تکمیل۔ انجام دہی۔ نفاذ
بجان و دل: ۱۔ بدل و جان۔ بخوشی۔ بسر و چشم
۲۔ بسعیِ بلیغ۔ بکوششِ تامّہ۔ ہر طرح۔ دل و جان سے۔ خوشی خوشی
بجانب: بطرف
بجائے: بعوض۔ قائم مقام
بجائے خود: بلا مددِ غیر۔ بعوض خود۔ خود بخود۔ از خود
بجبر: زبردستی۔ باکراہ۔ جبراً
بجِد: ۱۔ بکوشش۔ بسعی
۲۔ بضد۔ مُصر
بجز: ۱۔ سوا۔ بغیر۔ باستثنا
۲۔ مگر۔ اِلّا
بجہت: بسبب۔ بوجہ۔ بباعث
بچشمِ سر: بچشمِ ظاہری
بحسب: بموجب۔ بروئے

بحضور: بخدمت ۔ بہ پیش ۔ روبرو ۔ سامنے ۔

بحکم: بر روئے حکم ۔ بروئے ارشاد ۔ باختیار

بخدا: بہ سوگندِ خدا ۔ واللہ ۔ باللہ ۔ خدا کی قسم

بخدمت: بحضور ۔ بہ پیش ۔ بملاحظہ

بخلاف: برخلاف ۔ برعکس ۔ بالعکس

بخوبی: اچھی طرح ۔ بہ حسن وخوبی ۔ بوجوہ احسن ۔ بطریقِ احسن

بخود: بذاتہٖ ۔ بنفسہٖ ۔ فی نفسہٖ ۔ اپنے ساتھ ۔ اپنے کو

بخوشی: بہ نشاطِ خاطر ۔ برضامندی ۔ برضا ورغبت

بخیر: ۱۔ بخیریت ۔ بعافیت ۔ بہ امن وامان ۔ مع الخیر

۲۔ بخوبی ۔ اچھی طرح

۳۔ بسلامت ۔ بہ تندرستی

بخیر وخوبی: ۱۔ بہ حسن وخوبی ۔ بوجوہ احسن

۲۔ بعافیت ۔ بسلامت ۔ بہ امن و امان ۔ بحفاظت ۔ بہ تندرستی

بخیر وعافیت: بخیر وخوبی ۔ بہ امن وعافیت ۔ بسلامت ۔ بحفاظت ۔ بہ تندرستی

بخیریت: بخیر ۔ بعافیت ۔ بخوبی ۔ بسلامت ۔ بحفاظت ۔ بہ تندرستی

بدرجہ: ۱۔ بحدے

۲۔ بہت زیادہ

بدرجۂ اتم: انتہائی ۔ بدرجۂ نہایت ۔ تمام تر

بدرجۂ اولیٰ: بدرجۂ اوّل ۔ بتقدم

بدرجۂ غایت: نہایت ۔ انتہائی ۔ بیش از بیش ۔ بدرجۂ اتم

بدرجہا: بہت زیادہ ۔ کہیں زیادہ ۔ حد درجہ

بدست: بذریعہ ۔ بواسطہ ۔ بتوسط ۔ بوساطت

بدستور: مطابق دستور ۔ مطابق قاعدہ ۔ مطابق آئین ۔ حسبِ سابق ۔ حسبِ معمول ۔ حسبِ عادت ۔ حسبِ قاعدہ ۔ حسبِ دستور ۔ اسی طرح ۔ سابق دستور ۔ پہلے کی طرح ۔ دستور کے مطابق ۔ مسلسل ۔ ایضاً

بدفعات: بار بار ۔ بارہا ۔ متعدد بار

بدقت: بمشکل ۔ بہ دشواری

بدلالت: بذریعہ ۔ بطفیل ۔ بوجہ ۔ بسبب

بدون: بغیر ۔ بجز ۔ سوا

بدیں: بایں

بذاتِ خود: بذاتہٖ ۔ بنفسہٖ ۔ فی نفسہٖ ۔ خود بخود ۔ آپ ہی ۔ اپنے آپ ۔ بجائے خود

براہ: ازراہ ۔ بطور ۔ بطرف

برنگ: مثل ۔ مانند ۔ مثال بطور ۔ بطریق

بروئے: ۱۔ روبرو ۔ سامنے

۲۔ بمطابق ۔ بلحاظ

بزور: زبردستی ۔ جبراً ۔ بجبر

بسبب: بباعث ۔ بوجہ ۔ بجہت ۔ بعلت

بسبیل: بطریق ۔ براہ ۔ ازراہ ۔ بطور ۔ بذریعہ

بسروچشم: بالرأس والعین ۔ بخوشی ۔ بہ نشاطِ خاطر ۔ بہ دل وجان ۔ برضا ورغبت ۔ بطیبِ خاطر ۔ خوشی خوشی

بسن: بعمر

بشرحِ صدر: بہ تفصیلِ بالا ۔ حسبِ بالا

بشرطیکہ: اگر ۔ بصورت

بشمول: ساتھ ۔ مع ۔ سے

بصراحت: بوضاحت ۔ صریحاً ۔ کھلم کھلا ۔ علانیہ

بصورت: بشکل ۔ بحال ۔ بوجہ

بصورتِ دیگر: بشکلِ دیگر ۔ بحالِ دیگر ۔ بہ معاملۂ دیگر

بصیغہ: ۱۔ بذریعہ

۲۔ بطریقہ

۳۔ بسلسلہ

بضد: مُصر ۔ بجد

بطرز: بطریق ۔ بانداز ۔ برنگ

بطرف: بجانب ۔ بجہت

بطریق: بطرز ۔ بانداز ۔ بطور ۔ برنگ ۔ بسبیل

بطور: بطریق ۔ بطرز ۔ بانداز ۔ برنگ ۔ بصورت

بطورِ خود: خود بخود ۔ آپ ہی آپ ۔ ازخود

بطوعِ خاطر: برضامندی ۔ برضا ورغبت ۔ بخوشی ۔ بہ دل وجان

بطیبِ خاطر: بخوشی ۔ برضامندی ۔ برضا ورغبت

بظاہر: ظاہراً ۔ دیکھنے میں ۔ بنظرِ ظاہر

بعلت: ۱۔ بسبب ۔ بوجہ ۔ بجہت

۲۔ بضرورت
۳۔ بعیب ۔ بہ نقص

بعوض: ۱۔ بالعوض ۔ بجائے
۲۔ بہ صلہ ۔ بقیمت

بقدر: بہ اندازہ ۔ بمطابق ۔ بموجب

بقول: مطابق قول ۔ موافق قول

بقید: بہ شرط ۔ بہ پابندی

بقید حیات: زندہ ۔ جیتا جاگتا ۔ حی

بکار: ۱۔ کام کا ۔ مفید
۲۔ بر سر کار

بکار آمد: مفید ۔ کام کا ۔ کار آمد

بلطائف حیل: بتدبیر خوش ۔ بطریق احسن ۔ بحیلہ

بمدارج: ۱۔ درجہ بہ درجہ
۲۔ بدرجہا

بمراتب: بمدارج ۔ درجہ بدرجہ ۔ بدرجہا

بمرتبہ: بدرجہ ۔ بقدر ۔ بحد بجہ

بمشکل: بدقت ۔ بدشواری

بمصداق: بموجب ۔ بمطابق

بمقتضا: بہ تقاضا ۔ بمناسبت ۔ بموافقت

بمنزلہ: بجائے ۔ قائم مقام

بموجب: مطابق ۔ موافق ۔ بہ تعمیل

بنام: نام پر ۔ بخطاب ۔ نام سے ۔ منسوب بہ نام ۔ باسم

بنظر: بنگاہ ۔ بخیال

بنگاہ: بنظر ۔ بخیال ۔ بہ ملاحظہ

بوجہ: ۱۔ بسبب ۔ بجہت ۔ بباعث
۲۔ بطریق ۔ بانداز

بہر: ہر ایک ۔ ہر ایک سے

بہر تقدیر: بہر حال ۔ بہر صورت ۔ بہر کیف

بہر حال: بہ صورت ۔ بہر کیف ۔ بہر تقدیر

بہر صورت: بہر حال ۔ بہر کیف ۔ بہ طور ۔ بہر تقدیر

بہ طور: بہ کیف ۔ بہ صورت ۔ بہر تقدیر

بہر کیف: بہر طور ۔ بہر صورت ۔ بہر حال

بیک بینی و دو گوش: تن تنہا ۔ اکیلا ۔ بے ساز و سامان ۔ خسالی ہاتھ ۔ تہی دست

بجز از رنج گنج میسر نمی شود
بسفر رفتنت مبارک باد، بسلامت روی و باز آئی
بلقمان حکمت آموزی چہ حاجت
بمرگ گیر تا بہ تپ راضی می شود
بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش
من انداز قدت را می شناسم
بہر زمین کہ رسیدیم آسمان پیداست
بیک کرشمہ دو کار
بیک گز دو فاختہ

ب: ۱۔ مع ۔ ساتھ ۔ سمیت
۲۔ میں ۔ اندر
۳۔ نزدیک ۔ قریب
۴۔ قسم ۔ سوگند ۔ حلف
۵۔ میں ۔ در ۔ فی
۶۔ از ۔ سے
۷۔ مطابق ۔ موافق
۸۔ وسیلہ ۔ توسل
۹۔ پر ۔ بر

بالآخر: آخر کار ۔ انجام کار ۔ مآل کار

بالاتفاق: بہ اتفاق ۔ متفق ۔ متحدہ ۔ بغیر مخالفت ۔ بلا اختلاف

بالاجماع: بالاتفاق ۔ مجموعاً ۔ بیک زبان ۔ باجماعت

بالاجمال: ۱۔ پوری طرح ۔ کاملاً ۔ بہ حیثیت مجموعی
۲۔ مختصراً ۔ بالاختصار

بالاختصار: مختصراً ۔ القصہ ۔ الغرض ۔ مجملاً

بالارادہ: بالقصد ۔ ارادۃً ۔ قصداً ۔ عمداً

بالاستقلال: مستقلاً ۔ باستقامت ۔ بہ مضبوطی
بالاشتراک: مشترکہ ۔ بشراکت ۔ بہ شمول
بالاعلان: علانیہ ۔ علی الاعلان ۔ کھلم کھلا ۔ کھلے بندوں
بالالتزام: لازماً ۔ لازمی طور پر ۔ بالضرور
بالانفراد: انفرادی طور پر ۔ الگ الگ ۔ جدا جدا ۔ فرداً فرداً
بالتحقیق: حقیقتہً ۔ فی الحقیقت ۔ درحقیقت ۔ یقینی ۔ بلاشبہ ۔ بے شک
ٹھیک ۔ درست
بالتخصیص: خصوصاً ۔ بالخصوص ۔ خاص کر ۔ خاص طور پر
بالتصریح: صراحتاً ۔ بالوضاحت ۔ بصراحت ۔ صاف صاف کھول کر تفصیلاً
بالتفصیل: تفصیلاً ۔ مفصلاً ۔ تفصیلی طور پر ۔ مفصل طور پر ۔ صراحتہً ۔ بالتصریح
بالجبر: جبراً ۔ زبردستی ۔ بزور
بالجملہ: ۱۔ حاصل کلام ۔ خلاصہ کلام ۔ القصہ ۔ الغرض ۔ یعنی کہ ۔ المختصر
۲۔ عام طور پر ۔ بالعموم
۳۔ کلی طور پر ۔ بالکل ۔ بالکلیہ
بالجبلتہ: خاصتہً ۔ جبلی طور پر ۔ فطرۃً
بالخیر: ۱۔ بخیر ۔ بخیریت ۔ مع الخیر
۲۔ بخیر و خوبی ۔ بحسن و خوبی ۔ بوجوہ احسن
بالذات: خود ۔ بلا واسطہ ۔ بے شرکت غیرے ۔ بنفسہ ۔ فی نفسہ ۔
بذاتہ
بالراس والعین: بسر و چشم ۔ بخوشی خاطر ۔ بدل و جاں
بالضرور: یقیناً ۔ ضروری طور پر ۔ یقینی طور پر
بالطبع: ۱۔ طبعاً ۔ فطرۃً ۔ قدرۃً
۲۔ ذاتی ۔ طبعی
بالعکس: برعکس ۔ برخلاف ۔ بخلاف ۔ الٹا ۔ ضد ۔ برعکس ۔ واژگوں ۔
علی الرغم ۔ الٹ ۔ واژگوں
بالعموم: عموماً ۔ عام طور پر
بالفرض: فرضی طور پر ۔ بفرض محال ۔ فرض کیجئے
بالفعل: ۱۔ بکار ۔ زیر عمل ۔ فرض کیجئے کہ
۲۔ سردست ۔ اب ۔ فی الحال ۔ فی الوقت
بالقابہ: مع الالقاب ۔ موصوف
بالقصد: بالارادہ ۔ ارادۃً ۔ عمداً ۔ دانستہ

بالقوہ: ۱۔ بزور ۔ از روئے قوت
۲۔ طبعاً ۔ قدرۃً ۔ از روئے قابلیت
بالکل: کلیتہً ۔ کلی طور پر ۔ سارا ۔ تمام ۔ بہ تمام و کمال ۔ کل ۔ سراسر ۔
قطعی ۔ مطلق ۔ پورا ۔ اکا ۔ تمام و کمال ۔ از اول تا آخر
بالکنایہ: کنایۃً ۔ اشارۃً ۔ بطور رمز
باللہ: واللہ ۔ بخدا ۔ بہ سوگند کردگار ۔ بقسم خدا
باللہ العظیم: بخدائے بزرگ و برتر ۔ بہ سوگند خدائے عظیم
بالمرۃ: ہمیشہ ۔ بالکل
بالمشافہہ: بالمواجہہ ۔ روبرو ۔ رو در رو ۔ بالمقابل ۔ آمنے سامنے ۔ دو بدو ۔
منہ در منہ
بالمضاعف: دوگنا ۔ دوچند ۔ ڈبل ۔ دونا
بالمعنیٰ: ۱۔ معناً ۔ معنوی طور پر
۲۔ فی الحقیقت ۔ درحقیقت ۔ فی الاصل ۔ دراصل ۔ حقیقتہً
۳۔ پوشیدہ طور پر ۔ باطناً ۔ مخفی طور پر
بالمقابلہ / بالمقابل: آمنے سامنے ۔ روبرو ۔ رو در رو ۔ دو بدو ۔ منہ در منہ
بالمقطع: علی الحساب ۔ مجملاً ۔ چکتا ۔ اکٹھا ۔ جمع
بالمناصفہ: نصفا نصفی ۔ آدھا آدھا ۔ ففٹی ففٹی
بالمواجہہ: روبرو ۔ رو در رو ۔ بالمشافہہ ۔ آمنے سامنے ۔ بالمقابلہ ۔
دو بدو ۔ منہ در منہ
بالواسطہ: بواسطہ ۔ بتوسط ۔ بوساطت ۔ بذریعہ ۔ بتوسل ۔ بوسیلہ
بالیقین: یقیناً ۔ یقینی طور پر ۔ بالتحقیق ۔ بے شک ۔ بے شبہ
بتمامہ: بالکل ۔ بہ تمام و کمال ۔ کلیتہً ۔ کلاً ۔ سب ۔ سارا
بجنسہ: جوں کا توں ۔ ویسا کا ویسا ۔ ٹھیک ٹھیک
بحمد اللہ: بہ تعریف خدا ۔ بشکر خدا
بذاتہ: فی ذاتہ ۔ فی نفسہ ۔ بنفسہ ۔ بہ نفس نفیس ۔ خود
بعینہ: ہوبہو ۔ جوں کا توں ۔ ویسا ہی ۔ بالکل
بفضلہ (تعالیٰ): بفضل خدا ۔ بفضل تعالیٰ

با: ۱۔ ساتھ ۔ مع ۔ ہمراہ ۔ بمعیت ۔ منسلک ۔ باہم پیوند
۲۔ باوجود ۔ باوصف
۳۔ صاحب ۔ مالک ۔ آقا ۔ والا

۴۔ مطابق۔ موافق۔ مدد۔ عوض

۵۔ رسیدہ

۶۔ اور۔ طرف۔ کو

باآبرو: آبرودار۔ آبرومند۔ باعزت۔ ذی عزت۔ عزت دار۔ معزز۔ شریف۔ ذی وقار

باآنکہ: باوجود آنکہ۔ باوجودیکہ۔ حالانکہ

بااثر: ۱۔ پُرتاثیر۔ پُراثر۔ موثر۔ تاثیر بخش۔ کارگر۔ کاری۔ تیر بہدف۔ باتاثیر۔ مجرب۔ آزمودہ

۲۔ بارسوخ۔ صاحب رسوخ

بااختیار: صاحب اختیار۔ مختار۔ بااقتدار۔ مقتدر

بااخلاص: ۱۔ صاحب اخلاص۔ مخلص۔ اخلاص مند

۲۔ سچا دوست۔ دلی دوست۔ محب مخلص۔ محب صادق

باادب: ۱۔ مودب۔ باتمیز۔ تمیز دار۔ باشعور۔ مہذب۔ شائستہ

۲۔ ادب سے۔ مودبانہ

بااستعداد: ۱۔ صاحب استعداد۔ قابل۔ اہل۔ لائق

۲۔ مستعد۔ تیار۔ باصلاحیت

بااقتدار: صاحب اقتدار۔ ذی اقتدار۔ مقتدر۔ بااختیار۔ صاحب اختیار۔ مختار۔ بااثر۔ صاحب حکومت۔ حاکم۔ حکمران۔ طاقتور۔ قوی

باایمان: ۱۔ صاحب ایمان۔ ایمان دار۔ مومن

۲۔ دیانت دار۔ راست باز۔ سچا

بابرکات/برکت: متبرک۔ مقدس۔ بافیض

باتدبیر: ۱۔ صاحب تدبیر۔ مدبر۔ دانا۔ عقل مند۔ معاملہ فہم۔ معاملہ۔ دور اندیش۔ عاقل۔ سوچ بچار والا۔ ہوشیار۔ ہوش مند

۲۔ منتظم

باتدبیر ساتھی — باتدبیر مشیر — باتدبیر انسان — باتدبیر ہونا — باتدبیر سمجھنا — باتدبیر دوست — وزیر باتدبیر

باتمکین: پُرشکوہ۔ شاندار۔ پُرشوکت۔ عالی شان۔ ذی شان۔ ذی رتبہ۔

باتمیز: تمیز دار۔ شائستہ۔ مہذب۔ مودب۔ باادب۔ خوش اطوار۔ خوش سلیقہ۔ باسلیقہ۔ باقرینہ۔ صاحب تمیز

باتوقیر: باوقار۔ رفیع۔ باعزت۔ صاحب عزت۔ باآبرو۔ آبرودار۔ آبرومند۔ موقر

باحیا: حیا دار۔ شرمیلا۔ بالحاظ۔ بامروت۔ حیامند۔ حیاپرور۔ شرم والا۔ لاجونت۔ شرم و حیا والا

باخبر: ۱۔ واقف۔ آگاہ۔ خبردار۔ ماہر۔ بھیدیا۔ عارف کامل۔ رازدار۔ رازدان

۲۔ ہوشیار۔ ہوش مند۔ دانا۔ عقل مند

باخدا: ۱۔ خداپرست۔ اللہ والا۔ باایمان

۲۔ خدارسیدہ۔ نیک۔ پارسا۔ بزرگ

بادل ناخواستہ: بے مرضی۔ خلاف مرضی۔ مجبوراً

باذوق: صاحب ذوق۔ بامذاق۔ خوش ذوق۔ خوش مذاق

بارسوخ: رسوخ والا۔ بااثر۔ ذی اثر

باسلیقہ: سلیقہ مند۔ سلیقہ شعار۔ خوش سلیقہ۔ باقرینہ۔ شائستہ۔ خوش اطوار

باشعور: ۱۔ ہوشیار۔ دانا۔ عقل مند۔ ذی شعور

۲۔ باتمیز۔ سلیقہ مند

باصفا: ۱۔ پاک۔ مصفیٰ۔ صاف ستھرا۔ بے میل

۲۔ پارسا۔ نیک۔ متقی۔ بااخلاص۔ پرہیزگار۔ صاف باطن

۳۔ خوش۔ خوشگوار۔ مسرور

باصواب: درست۔ ٹھیک۔ صائب۔ صحیح۔ معقول

باضابطہ: مطابق قانون۔ مطابق دستور۔ باقاعدہ۔ حسب قانون۔ حسب آئین۔ حسب دستور۔ باقرینہ۔ حسب ضابطہ۔ قواعد کے موافق۔

باضابطہ کارروائی — باضابطہ گرفتاری — باضابطہ فعل — باضابطہ تقرری — باضابطہ رہائی

باطہارت: ۱۔ پاک۔ صاف۔ طاہر

۲۔ باوضو۔ مغسول

باغرض: ۱۔ غرض مند۔ صاحب غرض۔ صاحب احتیاج

۲۔ مطلبی۔ مطلب پرست۔ خودغرض

بافراغت: باآرام۔ باسہولت۔ اچھی طرح۔ باطمینان

باقاعدہ: ۱. مطابق قاعدہ۔ از روئے قاعدہ۔ بمطابق دستور۔ باضابطہ۔ بادستور۔ حسب قانون۔ حسب آئین۔ قاعدے سے
۲. باموقع۔ باترتیب۔ باقرینہ۔ درست۔ باانتظام۔ منظم۔ قرینے کے ساتھ۔ ترتیب وار۔ ٹھیک۔ رگ بہ رگ۔ نارمل

باکمال: صاحب کمال۔ کامل۔ ماہر

بامراد: کامیاب۔ کامران۔ فائز المرام۔ مفلح

بامروت: ۱. صاحب مروت۔ بالحاظ۔ دوست پرور۔ آشنا پرور۔ آشنا پرست۔ باوفا۔ بااخلاق۔ خلیق۔ خوش خلق
۲. خوش اخلاق۔ ملنسار
۳. محسن۔ سخی۔ فیاض

بامزہ: مزہ دار۔ ذائقہ دار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ۔ لذت دار۔ دلچسپ۔ دلکش۔ پُرلطف

بانصیب: نصیبہ ور۔ بھاگوان۔ خوش نصیب۔ خوش بخت۔ بختاور۔ خوش قسمت۔ خوش طالع۔ بہرہ ور۔ بہرہ مند

بانوا: ۱. آوازدار۔ خوش الحان
۲. صاحب مال۔ صاحب سازوبرگ۔ متمول
۳. گروہ فقرا

باوردی: وردی پہنے۔ وردی پوش

باوضع: ۱. وضعدار۔ پابند وضع۔ وجیلا
۲. خوش اخلاق۔ خوش اطوار۔ شائستہ۔ سجیلا

باوضو: پاک۔ صاف۔ طاہر۔ باطہارت

باوفا: وفادار۔ نمک حلال۔ صادق القول۔ سچا۔ مخلص

باوقار: باتوقیر۔ باآبرو۔ باعزت۔ عزت دار۔ آبرومند۔ معزز۔ محترم۔ ذی مرتبہ۔ ذی حشم۔ باتمکین

باہم: مل کر۔ اکٹھے۔ یک جا۔ آپس میں۔ بالاشتراک۔ مشترکہ طور پر۔ بالاتفاق۔

باہمہ و بے ہمہ: آزاد۔ بے فکر۔ مرنجان مرنج

باہمی: آپس کا۔ مشترکہ

باادب باش تا بزرگ شوی
باادب بانصیب، بے ادب بے نصیب

باخدا کار است مارا، ناخدا درکار نیست
بادوستاں تلطف، بادشمناں مدارا
بامسلماں اللہ اللہ، بابرہمن رام رام
باہمہ یاراں دوزخ، باہمہ یاراں بہشت
باہمیں مردماں بباید ساخت

باب: ۱. در۔ دروازہ۔ دوارا۔ پھاٹک
۲. حصۂ کتاب۔ فصل۔ عنوان۔ ادھیائے۔ دفعہ
۳. معاملہ۔ مقدمہ
۴. قسم۔ نوع
۵. بابت۔ بارہ۔ متعلق
۶. مطلب۔ مقصد۔ غرض
۷. مضمون۔ بحث۔ موضوع سخن
۸. دربار۔ درگاہ
۹. درِ حساب
۱۰. سلسلہ۔ ضمن۔ امر
۱۱. لائق۔ قابل

باب اجابت: درِ قبولیت

بابِ عالی: ۱. بارگاہِ عالیہ۔ درگاہِ عالیہ
۲. دارالوزراء۔ دارالامرا

بابا: ۱. باپ۔ پدر۔ والد۔ پتا۔ ابّا۔ ابّو۔ اب۔ ڈیڈی۔ پپو
۲. دادا۔ جد
۳. بزرگ۔ بڈھا۔ مسن۔ معمر
۴. درویش۔ فقیر۔ قلندر
۵. بچہ۔ طفل۔ طفلک

بابا آدم: حضرت آدم۔ ابوالبشر۔ انسان اوّل۔ جدِ انسان۔ مورثِ انسان۔ پہلا آدمی

بابا آدم نرالا ہے
بابا آئے تالی باجے
بابا آئیں نہ گھنٹہ باجے
باباجی چیلے بہت ہو گئے ہیں، بچا بھو کے رہیں گے تو سب چلے جائینگے
باباجی کے باباجی، بجنتری کے بجنتری
بابا مرا نالا جنارہی میں کے بین
بابا نہ آئیں گھنٹہ نہ باجے

بابت : ۱۔ واسطے۔ لیے۔ سبب۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ بارے میں۔ معاملے میں۔ کارن۔ سفارش
۲۔ نسبت۔ تعلق۔ بارہ۔ معاملہ
۳۔ بدلہ۔ عوض۔ مزدوری۔ اجرت۔ حق
۴۔ لائق۔ قابل

بابو : ۱۔ صاحب۔ جناب۔ میاں۔ مسٹر۔ حضرت
۲۔ منشی۔ کلرک
۳۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔ انگریزی داں۔ انگریزی نویس
۴۔ شریف۔ معزز۔ صاحبزادہ۔ رئیس زادہ۔ عزت دار آدمی

باپ/باپو : ۱۔ والد۔ پدر۔ پتا۔ آبا۔ ابو۔ اب۔ ڈیڈی۔ پیو
۲۔ بڑا۔ بزرگ۔ استاد۔ گورو۔ پیر۔ مرشد

باپ اوچھا ماں ڈائن
باپ بنیا پوت نواب
باپ بھکاری پوت بھنڈاری
باپ بیٹوں کی لڑائی کیا
باپ بھلا نہ بھیا، سب سے بھلا روپیا
باپ پر پوت نتا پر گھوڑا، بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا
باپ دشمن پوت بھیا
باپ بہت سی پوت پیا جنے بیل
باپ جیسا پوت ویسا

باپ دیوتا پوت راکشش
باپ سے بیر پوت سے سگائی
باپ کا نام ادا پوا پوت کا نام جینے خاں
باپ کا نام ساگ پات، بیٹے کا نام پرور
باپ کرے باپ پائے، بیٹا کرے بیٹا پائے
باپ کنٹک پوت حاتم
باپ کنجڑا پوت شیخ
باپ کو آتا نہ ملے، جورا بند حسن کو بھیجے
باپ کی برات بیٹا جائے
باپ کی ٹانگ تلے آئی اور ماں کہلائی
باپ مرے پر بیل بٹیں گے
باپ مریں تو پوت راج کریں
باپ مرے کنوار، ماں مرے تر رار
باپ نہ دادے، سات پشت حرام زادے
باپ نہ دادے مار خونداوے
باپ نہ مارے پدڑی، بیٹا تیر انداز

باپ دادا : آبا و اجداد۔ اسلاف۔ بڑے بوڑھے۔ بزرگ

باپ دادا کی ہڈیاں ۔۔۔ باپ دادا کا نام برباد کرنا ۔۔۔
باپ دادا کا نام ڈوب جانا ۔۔۔ باپ دادا کا نام روشن کرنا

بات : ۱۔ سخن۔ کلام۔ لفظ۔ فقرہ۔ جملہ
۲۔ آواز۔ صدا۔ نوا۔ صوت
۳۔ مثل۔ ضرب المثل۔ کہاوت
۴۔ حال۔ احوال۔ ماجرا۔ سرگزشت
۵۔ قصہ۔ کہانی۔ افسانہ۔ داستان
۶۔ ذکر۔ تذکرہ
۷۔ افواہ۔ چرچا
۸۔ پیام۔ پیغام۔ سندیسا
۹۔ پیام شادی۔ نسبت۔ سگائی۔ منگنی۔ رشتہ۔ کرمائی

۱۰۔ مضمون۔ عبارت
۱۱۔ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت۔ الزام۔ حرف
۱۲۔ ڈھکوسلا
۱۳۔ حیلہ۔ بہانہ۔ چکر۔ مکر۔ چال۔ فریب۔ بناوٹ
۱۴۔ ضد۔ ہٹ
۱۵۔ وجہ۔ سبب۔ باعث۔ علت۔ کارن
۱۶۔ قول۔ عہد۔ وعدہ۔ پیمان۔ بچن۔ اقرار
۱۷۔ ساکھ۔ اعتبار
۱۸۔ عزت۔ احترام۔ توقیر۔ وقار
۱۹۔ نکتہ۔ حکمت۔ مصلحت
۲۰۔ دانائی۔ عقلمندی
۲۱۔ لطیفہ۔ چٹکلا
۲۲۔ کیفیت۔ حالت
۲۳۔ وصف۔ خوبی۔ گن
۲۴۔ ہنر۔ فن۔ کام۔ کمال
۲۵۔ سوال
۲۶۔ عندیہ۔ منشا
۲۷۔ مفہوم۔ مطلب۔ مافی الضمیر
۲۸۔ مقصد۔ مدعا۔ غرض
۲۹۔ خواہش۔ طلب۔ ضرورت۔ احتیاج
۳۰۔ تدبیر۔ علاج۔ تدارک۔ مداوا
۳۱۔ تجویز۔ صلاح۔ مشورہ۔ رائے
۳۲۔ معاملہ۔ مقدمہ۔ سلسلہ۔ باب
۳۳۔ کام کاج۔ کاروبار
۳۴۔ راز۔ ستر۔ بھید۔ کنہ
۳۵۔ ڈھنگ۔ رنگ۔ طرز۔ طور۔ طریقہ
۳۶۔ عادت۔ سبھاؤ
۳۷۔ موقع۔ محل
۳۸۔ آسان کام۔ کار آساں۔ کارِ سہل
۳۹۔ کارِ دشوار۔ امرِ مشکل
۴۰۔ چیز۔ شے

۴۱۔ حوصلہ۔ ہمت
۴۲۔ ریت۔ رسم
۴۳۔ سمجھ۔ فہم
۴۴۔ خیال۔ دھیان
۴۵۔ قضیہ۔ جھگڑا۔ فساد
۴۶۔ طنز۔ طعنہ
۴۷۔ غیبت۔ بدگوئی۔ چغلی۔ برائی۔ نندا۔ بدی۔ عیب
۴۸۔ قصور۔ تقصیر۔ خطا۔ گناہ
۴۹۔ تمنا۔ آرزو۔ طلب۔ خواہش
۵۰۔ اختلاط۔ محبت۔ پیار۔ میل ملاپ
۵۱۔ شغل۔ مشغلہ
۵۲۔ اشارہ۔ رمز۔ کنایہ
۵۳۔ مول۔ قیمت۔ بہا۔ ثمن
۵۴۔ دلیل۔ وجہ۔ ثبوت
۵۵۔ مقولہ۔ کہن۔ قول۔ کہنا۔ کہا
۵۶۔ دعویٰ۔ ادعا
۵۷۔ لہر۔ موج۔ ترنگ
۵۸۔ آن۔ انداز۔ ادا
۵۹۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ پھل
۶۰۔ لہو و لعب۔ کھیل کود۔ مزخرفات
۶۱۔ گپ شپ
۶۲۔ قیاس۔ رائے۔ بچار۔ گمان
۶۳۔ واقعہ۔ واردات
۶۴۔ درخواست۔ عرضداشت۔ التجا۔ التماس۔ استدعا
۶۵۔ نصیحت۔ پند
۶۶۔ گفتگو۔ بحث۔ گفتار۔ کلمہ۔ مکالمہ۔ بول۔ شبد۔ قیل وقال
۶۷۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ آدیش
۶۸۔ کمی۔ نقصان۔ خسارہ۔ خسران
۶۹۔ وقفہ۔ عرصہ
۷۰۔ چال ڈھال
۷۱۔ مہارت۔ کمال

۷۲۔ اتفاقی۔ شدنی
۷۳۔ تکیہ کلام
۷۴۔ معاملہ۔ روزمرہ
۷۵۔ شان۔ شوکت
۷۶۔ مجال۔ حوصلہ۔ جرأت
۷۷۔ نرخ۔ بھاؤ

بات اور ہی ہونا ــ بات نرالی ہونا ــ بات کا چھینٹا ــ بات کھٹکنا ــ بات کرنا ــ بات بنانا ــ بات ڈھونڈنا ــ بات پانا ــ بات کہنا ــ بات بن جانا ــ بات پلّے میں باندھنا ــ بات بار رکھنا ــ بات چلانا ــ بات بڑھانا ــ بات ختم کرنا ــ بات ماننا ــ بات رہنا ــ بات کا پورا ہونا ــ بات رکھنا ــ بات کا پکا ہونا ــ بات سے بات نکالنا ــ آپس میں بات کرنا ــ بات طے کرنا ــ بات بتانا ــ بات صاف ہونا ــ بات کا بھید ــ بات نکل جانا ــ بات نکالنا ــ بات لینا ــ بات پانا ــ بات برداشت نہ ہونا ــ بات باندھنا ــ بات پھینکنا ــ بات گھڑنا ــ بات چپکانا ــ بات لگانا ــ بات کاٹنا ــ بات رہنا ــ بات ہونا ــ بات اونچی ہونا ــ بات اونچی کرنا ــ بات پیدا ہونا ــ بات پکی ہونا ــ بات ٹوکنا ــ بات پکی کرنا ــ بات چلانا ــ بات جیت ــ بات بات میں ــ بات بڑھانا ــ بات بڑی کرنا ــ بات بگاڑنا ــ بات پر بات یاد آنا ــ بات پوچھنا ــ بات پھیرنا ــ بات پرکھوں ــ باتوں میں آنا ــ بات بدلنا

بات بدلی ساتھ بدلی
بات پوچھے بات کی جڑ پوچھے
بات پیچھے رکھوئی اور کانٹو پیچھے چکنا
بات جو چاہے اچھی، پانی مانگے نہ پی

بات رہ جاتی ہے وقت نکل جاتا ہے
بات رہ گئی، پت رہ گئی
بات رہی جات رہی
بات کا چوکا آدمی اور ڈال کا چوکا بندر (پھر سنبھلتا نہیں)
بات کہی اور پرائی ہوئی
بات کیسے جگ بھائی اور روٹی کھائیے من بھاتی
بات کی بات، لات کی لات
بات کی بات خرافات کی خرافات
بات لاکھ کی، کرنی خاک کی
بات منہ سے نکلی، پرائی ہوئی / ہزار میں پڑی
بات میں بات عیب ہے
باتوں بو ڑھا کرتب خوار
باتوں پیٹ نہیں بھرتا
باتوں چکنا، کاموں خوار / باتوں کے چکنے کاموں کے خوار
باتوں چیتوں میں بڑی، کرتب بڑی جھٹانی
باتوں ہاتھی پائیے، باتوں ہاتھی پاؤں (پائیے)
باتیں کرے میناکی سی، آنکھیں بدلے طوطے کی سی

بات کا بتنگڑ بنانا: رائی کا پہاڑ بنانا۔ سوئی کا بھالا بنانا۔ بدرو کا نالہ بنانا۔ پر کا کوا بنانا۔ پھانس کا بانس بنانا۔ پر کا کاگ بنانا

بات کا پورا: صادق القول۔ وعدے کا سچا۔ وعدہ وفا۔ بچن پال۔ بات کا پکا۔ زبان کا دھنی

باتونی: بسیار گو۔ باتونیا۔ فضول گو۔ یاوہ گو۔ بت بنا۔ کلہ دراز۔ بکواسی۔ گپی۔ بکی۔ باتون۔ بھڑبھڑیا۔ زبان دراز۔ تقریریا۔ نقّار۔ سخن ساز۔ چرب زبان۔ بڑبولا۔ لسان

باٹ: ۱۔ راہ۔ راستہ۔ بٹیا۔ جادہ۔ پگ ڈنڈی۔ سڑک
۲۔ سفر۔ مسافرت۔ سیاحت
۳۔ بٹّے۔ وٹّے۔ سنگ ترازو۔ موازنہ۔ صنجۃ المیزان

باٹ کا روڑا: ۱۔ راہ کا روڑا
۲۔ مفلس ۔ غریب ۔ نادار

باٹ پڑے جانیے یا ادا پڑے جانیے

باج: خراج ۔ محصول ۔ مال گذاری ۔ ٹیکس

باج گذار: ۱۔ محصول دہندہ خراج دہندہ
۲۔ ماتحت ۔ محکوم
۳۔ رعیت ۔ رعایا

باج گیر: محصول گیر ۔ محصل ۔ خراج گیر

باجا: ساز ۔ آلۂ موسیقی ۔ مزمار

باجا گاجا: گانا بجانا ۔ ڈھول ڈھمکا ۔ دھوم دھام ۔ برات

باجرہ: لاوَرس ۔ دُخن ۔ ملیٹ ۔ جاورس

باجنتری ۱۔ سازندہ ۔ نوازندہ
۲۔ گویا ۔ مغنی ۔ خنیاگر ۔ مطرب ۔ ڈوم ۔ رقاصہ ۔ زٹلی

باجی: بہن ۔ آپا ۔ خواہر ۔ بڑی بہن ۔ بزرگ عورت ۔ خواہر بزرگ ۔
خواہر کلاں ۔ جی جی ۔ دیدی

باچھ ۱۔ گوشۂ لب ۔ کنج دہاں ۔ کنج دہن ۔ واچھ ۔ وکھے ۔ کنج لب ۔ راچھ
۲۔ تقسیم ۔ علیحدگی ۔ چھانٹ ۔ انتخاب ۔ چناؤ
۳۔ محصول ۔ لگان ۔ چندہ
۴۔ جمع بندی کی تقسیم مال گزاری

باچھیں کھلنا ___ باچھیں آنا ___ باچھیں پکنا ___ باچھیں
پھٹنا ___ باچھیں ٹھوڑی تک آنا ___ باچھوں سے
نکل جانا ___ باچھ بُو ___ باچھ کی بدبو

باختر: ۱۔ ضدِ خاور ۔ مغرب ۔ پچھم
۲۔ مشرق ۔ پورب

باد: ہوا ۔ ریح ۔ پون ۔ باؤ ۔ بتاس ۔ بیال ۔ بیلے ۔ صبا ۔ نسیم ۔
سرگواس ۔ گواس ۔ وِنڈ

بادپا: تیز پا ۔ تیز قدم ۔ تیز رو ۔ تیز رفتار ۔ تیز گام
بادپیما: ۱۔ ہوا پیما ۔ منیاس ہوا ۔ ایرومیٹر
۲۔ یاوہ گو ۔ فضول گو ۔ لغوگو ۔ بکواسی ۔ بادسنج
۳۔ نکما ۔ فضول کار
بادپیمائی: ۱۔ ہوا پیمائی ۔ پیمائش ہوا
۲۔ یاوہ گوئی ۔ فضول گوئی ۔ لغوگوئی ۔ بکواس
۳۔ کارِ عبث ۔ کارِ فضول ۔ لایعنی کام
بادِ تند: صرصر ۔ آندھی ۔ طوفانی ہوا ۔ جھکڑ
بادخایہ: فتق
بادخوار: ۱۔ خوشامدی ۔ متملق ۔ چاپلوس
۲۔ بیہودہ گو ۔ بھانڈ
بادخورہ: بال خورہ ۔ گنج
بادرفتار: تیز رفتار ۔ تیز رو ۔ تیز قدم ۔ تیز گام ۔ بادپا ۔ سریع السیر ۔
سبک قدم ۔ سبک رفتار
بادِ سموم: گرم ہوا ۔ لو ۔ زہریلی ہوا ۔ ریگستانی ہوا
بادسنج: فضول کار ۔ فضول گو ۔ بیہودہ گو ۔ بادپیما
بادسیر: ۱۔ سریع السیر ۔ سبک سیر ۔ بادرفتار ۔ تیز رفتار ۔ تیز رو
بادِ شرطہ: موافق ہوا ۔ سازگار ہوا ۔ بادمراد ۔ بادموافق ۔
بادِ صبا: مشرقی ہوا ۔ پُروائی
بادِ صرصر: بادِ تند ۔ تیز ہوا ۔ آندھی ۔ جھکڑ
بادِ فرنگ: آتشِ فرنگ ۔ آبلۂ فرنگ ۔ آتشک
بادفروش: ۱۔ خوشامدی ۔ متملق ۔ چاپلوس
۲۔ بھاٹ ۔ بھانڈ

بادفروشی: خوشامد۔ تملق۔ چاپلوسی۔ پھبتی

بادکش: ۱۔ بادزن۔ پنکھا۔ مروحہ

۲۔ ہوادان

۳۔ دھونکنی

بادگرد: گردباد۔ بگولا۔ بونڈلا

بادِ مخالف: ناموافق ہوا۔ ناسازگار ہوا۔ نامساعد حالات

بادِ مراد: بادِ شرط۔ بادِ موافق۔ سازگار ہوا۔ موافق ہوا

بادِ موافق: بادِ شرط۔ بادِ مراد۔ سازگار ہوا۔ موافق ہوا

بادِ ہوائی: ۱۔ بیہودہ۔ لغو۔ بے معنی۔ لایعنی

۲۔ بیکار۔ نکما

بادنما ـــ بادبان ـــ بادِ بہاری ـــ بادِ خزاں ـــ
بادِ خنک ـــ بادِ برودت ـــ بادِ آشفتہ ـــ بادِ چمن
آفریں ـــ بادِ شراب ریز ـــ بادِ قاتل چراغ ـــ بادِ
وجد آفریں ـــ بادِ عطر فروش ـــ بادِ سرسری ـــ بادِ
سیراب ـــ بادِ مسیح آئین ـــ بادِ صبح خیز ـــ بادِ زہریری
بادِ نسیم ـــ بادِ نسیم باغ ـــ بادِ طرب ریز ـــ بادِ آتشیں
بادِ بسیار سرد ـــ بادِ شمال ـــ بادِ دبور ـــ بادِ مرطوب ـــ
بادِ مشک بیز ـــ بادِ چمن آفریں ـــ بادِ شراب ریز ـــ
بادِ خاکروب ـــ بادِ شبیر ـــ بادِ معنبر ـــ بادِ شمع کش
بادِ معنبری ـــ بادِ پیچیدہ ـــ بادِ دم گرم ـــ بادِ رقص فرما
بادِ زمزمہ فشاں ـــ بادِ عودی ـــ بادِ دم سار ـــ بادِ سمن
شبیی ـــ بادِ چمن آباد ـــ بادِ افسوں بدست ـــ بادِ بنفشہ
سواد ـــ بادِ سمن دمیدہ ـــ بادِ سخت ـــ بادِ جہاں خرام ـــ
بادِ عنبر بو ـــ بادِ نفس سنج ـــ بادِ رنگ فشاں ـــ بادِ دل
خراش ـــ دامنِ باد ـــ قاصد باد ـــ زنجیر باد ـــ

بادِ عطر رساں ـــ بادِ مرغ ـــ بادِ مرغان ـــ بادِ عنبر آگیں
بادِ آتش انگیز ـــ بادِ پا افگن ـــ بادِ لطیف ـــ بادِ نفس کشا
بادِ غبار فشاں ـــ بادِ آسودہ تر ـــ بادِ مغز کشا ـــ بادِ
خوشبو ـــ بادِ تازہ رو ـــ بادِ خانہ بدوش ـــ بادِ غالیہ سا
ـــ بادِ آہو تک ـــ بادِ زمانہ ـــ بادِ مشک بیز

بادام: شاہانی۔ پستہ۔ شغالی۔ صاحبی۔ شیرازی۔ قیبسی۔ دین۔ بجرک
مرجان۔ ارزن۔ لوز۔ شرہ پھل۔ پات وری۔ نتزریم

بادشاہ: ۱۔ شاہ۔ سلطان۔ ملک۔ خسرو۔ تاجدار۔ ظل اللہ۔ فرمانروا۔
کنگ۔ تاجور۔ جہاں بان۔ جہاندار۔ جہانگیر۔ راجا۔ تخت کا مالک
جم۔ خدیو۔ گیتی بان۔ گیتی فروز
۲۔ حکمراں۔ حاکم۔ آمر۔ صاحب امر۔ اولالامر۔ مرزبان
۳۔ مالک۔ آقا
۴۔ استادِ فن۔ کامل فن
۵۔ آزاد۔ خود مختار۔ مطلق العنان
۶۔ نہایت امیر
۷۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح۔ اہلِ فقر۔ سادہ خاطر۔ سادہ مزاج۔
معصوم صفت

بادشاہ زادہ: پسرِ بادشاہ۔ ابنِ ملک۔ سلطان زادہ۔ شاہزادہ
بادشاہ زادی: دخترِ شاہ۔ بنتِ ملک۔ دخترِ سلطان۔ شاہزادی

بادشاہِ وقت ـــ بادشاہِ حسن ـــ

بادشاہوں اور دریاؤں کا پھیر کس نے دیکھا
بادشاہوں کی باتیں بادشاہ ہی جانیں

بادشاہت: بادشاہی۔ سلطنت۔ حکومت۔ حکمرانی۔ راج۔ قلمرو۔ عملداری۔
اسٹیٹ۔ کشوری۔ شاہی

بادشاہی: شاہی۔ سلطنت۔ حکومت۔ راج۔ قلمرو۔ کشور

بادشاہی حکم ـــ بادشاہی گھرانا ـــ بادشاہی خرچ

بادشاہی رعایا سے ہے

بادل : ابر ۔ بدلی ۔ گھٹا ۔ سحاب ۔ غمام ۔ میگھ ۔ گھن ۔ بدورا ۔ میغ ۔ بدلہ ۔ بدرا ۔ نوز ۔ وریز

بادل آنا — بادل اُٹھنا — بادل اُمنڈنا — بادل پھٹنا — بادل پھیلنا — بادل جھکنا — بادل جھوم کے آنا — بادل دوڑنا — بادل کا رونا — بادل گھلنا — بادل کا ٹکڑا — بادل کی طرح گرجنا — بادل گھرنا — بادل میں ڈوب جانا — بادل چھٹنا — بادل کا رنگ پہچاننا

بادلا : زربفت ۔ زرتار ۔ منقیش

بادلا منڈھے سے نیم نہیں چھپتا

بادہ : شراب ۔ مے ۔ خمر ۔ دارو ۔ صہبا

بادۂ احمر : شراب سُرخ ۔ بادۂ لعلیں ۔ بادۂ گل رنگ ۔ مے گل فام ۔ مے لالہ فام ۔ مے لالہ رنگ

بادۂ ارغوانی : شراب ارغوانی ۔ مے ارغوانی ۔ نارنجی شراب ۔ بادۂ احمر

بادۂ انگور : انگوری شراب ۔ آب انگور ۔ دختر رز ۔ بنت العنب ۔ آب تاک ۔ دختِ رز

بادہ پرست : مے پرست ۔ مے خوار ۔ بادہ خوار ۔ بادہ گسار ۔ بادہ پیما ۔ مے گسار ۔ شرابی ۔ شراب خوار

بادہ پرستی : مے پرستی ۔ مے خواری ۔ بادہ خواری ۔ بادہ گساری ۔ بادہ پیمائی ۔ شراب خواری

بادہ پیما : بادہ پرست ۔ مے پرست ۔ مے خوار ۔ بادہ خوار ۔ مے گسار ۔ شراب خوار ۔ شرابی

بادہ پیمائی : بادہ پرستی ۔ بادہ گساری ۔ میگساری ۔ میخواری ۔ شراب خواری

بادۂ گل رنگ : مے گل رنگ ۔ مے گل فام ۔ مے لالہ فام ۔ بادۂ لعلیں ۔ شراب سرخ ۔ بادۂ احمر ۔ بادۂ ارغوانی

بادھا : بیشی ۔ زیادتی ۔ زیادت ۔ افزونی ۔ افزائش

بادی : (فارسی) ۱۔ ریحی ۔ نفاخ ۔ باد انگیز
۲۔ سرد ۔ ٹھنڈا ۔ مرطوب ۔ بارد

بادی : (ہندی) ۱۔ شریر ۔ بدذات ۔ لُچا
۲۔ مدعی ۔ مستغیث ۔ دادخواہ ۔ فریادی
۳۔ یکتا ۔ مشاق ۔ ماہر

بادی : (عربی) ۱۔ شروع ۔ اوّل ۔ ابتدا ۔ آغاز
۲۔ ابتدائی ۔ اوّلین
۳۔ آغاز کنندہ ۔ ابتدا کنندہ ۔ مبتدی
۴۔ ظاہری ۔ سرسری

بادی الرائے : سرسری رائے ۔ ابتدائی رائے ۔ ابتدائی فکر

بادی النظر : سرسری نگاہ : اوّلین نگاہ ۔ ظاہری نظر ۔ سرسری نظر ۔ ابتدائی نظر ۔ نظرِ اجمال ۔ بظاہر ۔ دیکھتے ہی

بادیاں : سونف

بادیہ : (فارسی) کٹورا ۔ پیالہ ۔ جام ۔ ساغر ۔ بڑا پیالہ ۔ بڑا کٹورا ۔ گمرا کٹورا ۔ سانکبین ۔ جنگلی قدح

بادیہ : (عربی) جنگل ۔ صحرا ۔ دشت ۔ بیاباں ۔ ریگستان ۔ بیدا

بادیہ پیما : بادیہ گرد ۔ دشت پیما ۔ دشت گرد ۔ دشت نورد ۔ صحرا نورد

بادیہ پیمائی : بادیہ گردی ۔ دشت گردی ۔ دشت پیمائی ۔ صحرا نوردی ۔ دشت نوردی

باڈی : ۱۔ جسم ۔ بدن ۔ وجود
۲۔ دھڑ ۔ ڈھانچا ۔ پیکر
۳۔ جماعت ۔ گروہ
۴۔ انجمن ۔ مجلس ۔ بزم

۵۔ محرم ۔ انگیا ۔ سینہ بند

باڈی گارڈ: محافظ بدن ۔ محافظ وجود ۔ محافظ دستہ
باڈی بلڈر: قالب ساز ۔ تن ساز

بار: (ہندی) ۱۔ وقت ۔ مدت ۔ عرصہ
۲۔ موقع ۔ دفعہ ۔ مرتبہ ۔ نوبت
۳۔ دروازہ ۔ راستہ ۔ راہ
۴۔ وار ۔ دن
۵۔ شنبہ ۔ سنیچر وار ۔ یوم السبت

بار: (انگریزی) ۱۔ گروہِ وکلا ۔ جماعتِ وکلا
۲۔ شراب خانہ ۔ مے خانہ ۔ میکدہ ۔ بادہ خانہ
۳۔ سلاخ
۴۔ حد ۔ روک

بار ایسوسی ایشن: انجمن وکلا
بار روم: اطاق وکلا

بآر: (عربی) ۱۔ بزرگ
۲۔ نیکوکار ۔ اچھا آدمی

بار: (فارسی) ۱۔ بوجھ ۔ گرانی ۔ ثقل ۔ وزن ۔ لوڈ ۔ برڈن ـــ
۲۔ سامان ۔ اسباب
۳۔ دخل ۔ رسائی ۔ پہنچ
۴۔ نوبت ۔ مرتبہ ۔ شمار ۔ دفعہ
۵۔ اجازت ۔ اذن ۔ !گیا
۶۔ حمل ۔ گربھ ۔ گابھ ۔ پیٹ
۷۔ فرض ۔ ذمہ داری
۸۔ پھل ۔ ثمر ۔ پیداوار
۹۔ نتیجہ

۱۰۔ اندوہ ۔ غم ۔ ناگوار ۔ تکلیف دہ ۔ دشوار ۔ اجیرن

بارآور: ۱۔ ثمرور ۔ پیدا آور ۔ ثمردار
۲۔ حاملہ ۔ گابھن ۔ امید سے
۳۔ نتیجہ خیز ۔ کامیاب
باربار: مکرر ۔ گھڑی گھڑی ۔ متواتر ۔ مسلسل ۔ بارہا ۔ کئی مرتبہ ۔ متصل
باربردار: حمّال ۔ قلی ۔ مزدور ۔ سربوجھیا ۔ بارگیر ۔ بارکش
باربرداری: حمّالی ۔ نقل وحمل
بارِخاطر: ناگوار ۔ خلافِ طبیعت ۔ ناپسند ۔ تکلیف دہ ۔ اندوہ خاطر ۔
بارِ طبع
باردار: ۱۔ میوہ دار ۔ ثمردار ۔ ثمرور
۲۔ حاملہ ۔ گابھن
۳۔ صاحبِ اولاد
۴۔ مال دار ۔ دولت مند ۔ متموّل
۵۔ بارکش ۔ باربردار ۔ زیرِ بار
بارکش: باربردار ۔ حمّال ۔ قلی ۔ مزدور ۔ سربوجھیا ۔ بارگیر
بارگاہ: جائے اجلاس ۔ کچہری ۔ عدالت گاہ ۔ دربار ۔ جناب میں ۔ عدالت ۔
آستانہ ۔ بادشاہی محل ۔ خیمہ شاہی ۔ دردانہ ۔ پیش گاہ ۔ آنگن

بارگاہِ خداوندی ـــ بارگاہِ رسالت ـــ بارگاہِ عدالت ـــ
بارگاہِ شیخ ـــ بارگاہِ ایزدی ـــ بارگاہِ خاص ـــ بارگاہِ عام ـــ
بارگاہِ فلک اشتباہ

بارگیر: ۱۔ بارکش ۔ باربردار ۔ حمّال ۔ قلی
۲۔ لدّو جانور
۳۔ سائیس
بارہا: متعدد بار ۔ اکثر اوقات ۔ کئی مرتبہ ۔ باربار
باریاب: ۱۔ باجازت ۔ یافتہ ۔ دخل یاب ۔ ملاقی ۔
۲۔ بامراد
باریابی: اجازت ۔ دخل یابی ۔ رسائی ۔ پہنچ

بار اٹھانا ـــ بار کندھوں پر ڈالنا ـــ بار بٹانا ـــ بار بر ـــ باربردار ـــ بار پانا ـــ بار تردید ـــ بار ثبوت ـــ بار خاص ـــ بار خاطر ـــ بار شادی ـــ بار خلد ـــ بار کش ـــ بار الم ـــ بار احسان ـــ بار غم ـــ بار حیات

باراں : ۱۔ مینہ ۔ بارش ۔ برکھا
۲۔ برسات ۔ برشگال

باراں دیدہ : تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ سرد و گرم چشیدہ
باراں گیر : چھجا ۔ سائبان

بارد : ۱۔ سرد ۔ ٹھنڈا ۔ خنک
۲۔ مضبوط ۔ سخت ۔ بستہ ۔ منقرر
۳۔ بے اثر ۔ نامرغوب ۔ ناپسندیدہ
۴۔ سست ۔ نامرد

بارڈر : ۱۔ حد ۔ سرحد ۔ سیما
۲۔ کنارہ ۔ حاشیہ

بارز : ظاہر ۔ عیاں ۔ نمایاں ۔ آشکارا

بارش : باراں ۔ مینہ ۔ برکھا ۔ رین ۔ درکھا ۔ بوچھاڑ ۔ گھوارش ۔ رشاشہ ۔ ترشح ۔ بوندا باندی ۔ دونگڑا ۔ ماہ ۔ ہور

بارود : گن پاؤڈر ۔ دارو ۔ باروت ۔ بیسود

بارود خانہ ـــ بارود گولا

بارہ : (فارسی) ۱۔ معاملہ ۔ باب ۔ تعلق
۲۔ نوبت ۔ بار ۔ دفعہ ۔ مرتبہ

بارہ : دو اور دس ۔ دوازدہ ۔ اثنا عشر

بارہ دری : کھلا مکان ۔ ہوادار مکان ۔ بارہ دروں والی حویلی ۔ متعدد دروازوں کا ایوان
بارہ ماسی : دائمی ۔ مستقل ۔ سدابہار
بارہ مہینے : ۱۔ تمام سال ۔ تمام برس
۲۔ ہمیشہ ۔ نت ۔ سدا ۔ عمر بھر
بارہ مہینے تیس دن : ہر وقت ۔ ہر ساعت ۔ ہر گھڑی

بارہ امام ـــ بارہ باٹ ـــ بارہ باٹ کرنا ـــ بارہ باٹ ہونا ـــ بارہ بانی ـــ بارہ بچے والی ـــ بارہ سقالم ـــ بارہ بارہ چوبیس کوس ـــ بارہ پتھر ـــ بارہ پتھر باہر کرنا ـــ بارہ ٹوپی ـــ بارہ حکم نادار ـــ بارہ خانواد ے ـــ بارہ دری ـــ بارہ ماسہ ـــ بارہ مہینے ـــ بارہ وفات ـــ سادات بارہ

بارہ باٹ اٹھارہ پینڈے
بارہ برس پیچھے کوڑی کے دن بھی پھرتے ہیں
بارہ برس دلّی میں رہے اور بھاڑ (ہی) جھونکا
بارہ برس دلّی میں رہے پھول نہیں دیا
بارہ برس کاشی اور مرنے کو مگدھ کی ماٹی
بارہ برس کا کوڑی اور ایک ہی اتوار میں پاک
بارہ برس کاٹھ میں رہے چلتی دفعہ پاؤں سے گئے
بارہ برس کے بعد گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں
بارہ برس کی پچھیا ، بیس برس کی ٹٹیا
بارہ برس میں فقیری اور امیری کی ہو جاتی ہے
بارہ برہمن بارہ باٹ ، بارہ دیہاتی ایک گھاٹ
بارہ گاؤں کا چودھری ، اسّی گاؤں کا راؤ
اپنے کام نہ آئے تو ایسی تیسی میں جاؤ
بارہ میں تین رہ گئے نور ہے کیا خاک
بارہ وفات کی کھچڑی آج ہے تو کل نہیں

بارہا: مکرر۔ متواتر۔ لگاتار۔ بار بار۔ گھڑی گھڑی۔ اکثر۔ بہت دفعہ۔ کئی بار۔ سینکڑوں بار

بارہ سینگا: گوزن۔ گوز۔ مارال

باری: خالق۔ آفرینندہ۔ پیدا کنندہ۔ خدا۔ رب

باری تعالیٰ: خالق اکبر۔ خدائے بزرگ۔ اللہ تعالیٰ

باری: ۱۔ موقع۔ نوبت۔ نمبر۔ دفعہ۔ بدلہ۔ پوت
۲۔ پہرا۔ چوکی
۳۔ کھڑکی۔ دریچہ

باری باری: وقت پر۔ حسب موقع۔ یکے بعد دیگرے
باری دار: دربان۔ چوکیدار۔ محافظ۔ پاسبان

بارے: ۱۔ آخرکار۔ بالآخر۔ الغرض۔ القصہ۔ آخرالامر
۲۔ لیکن۔ مگر۔ خیر

باریک: ۱۔ پتلا۔ مہین۔ نازک
۲۔ رقیق۔ سیال
۳۔ لطیف۔ نفیس
۴۔ دقیق۔ مشکل
۵۔ دُبلا۔ چھریرا۔ دھان پان۔ اکہرا۔ پستا۔ ماڑا
۶۔ خفیف۔ چھوٹا

باریک بین: دقیقہ رس۔ دقیقہ سنج۔ دقیقہ شناس۔ نکتہ داں۔ نکتہ رس۔ رمز شناس۔ نکتہ سنج۔ تیز فہم۔ ذکی۔ ہوشیار۔ دُور رس۔ واقف کار۔ غور و خوض کرنے والا۔ رموز داں۔ خوردہ بین۔ مبصر

باریک بینی: دقیقہ رسی۔ دقیقہ سنجی۔ دقیقہ شناسی۔ نکتہ دانی۔ نکتہ رسی۔ رمز شناسی۔ نکتہ سنجی۔ تیز فہمی۔ ذکاوت۔ ہوشیاری

باریک نظر: باریک بین۔ دقیقہ رس۔ دقیقہ سنج۔ دقیقہ شناس۔ نکتہ داں۔ نکتہ رس۔ رمز شناس۔ نکتہ سنج۔ تیز فہم۔ ذکی۔ ہوشیار

باریک آواز۔ باریک بات۔ باریک بین — باریک کام
باریک نظر — باریک خیال — باریک دھاگا

باریکی: ۱۔ پتلا پن۔ نزاکت
۲۔ رقت
۳۔ لطافت۔ نفاست
۴۔ دُبلا پن۔ چھریرا پن
۵۔ دقیقہ۔ نکتہ۔ کنہ۔ موشگافی۔ نکتہ چینی
۶۔ دقت۔ دشواری۔ مشکل
۷۔ تبصرہ

باڑ/باڑھ: ۱۔ جھاڑ۔ احاطہ۔ گھیرا۔ ٹٹی۔ جھاڑی
۲۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ حد
۳۔ دھار۔ دم شمشیر۔ آب۔ برش
۴۔ قطار۔ صف
۵۔ چڑھاؤ۔ رو۔ طغیانی۔ سیل۔ سیلاب
۶۔ دھماکا۔ فائر
۷۔ نمو۔ بالیدگی۔ بڑھاؤ
۸۔ سامنے۔ آگے

باڑھ پہلے ہی بندھنی چاہیے
باڑھ کاٹے، نام تلوار کا
باڑھ ہی جب کھیت کھائے تو رکھوالی کون کرے

باڑا: ۱۔ گھیرا۔ گھیر۔ احاطہ۔ چار دیواری
۲۔ گورستان۔ قبرستان
۳۔ خانقاہ۔ مقبرہ

۴۔ میدان۔ کھیت۔ جنگل۔ کالیز
۵۔ دنگل۔ تماشا گاہ
۶۔ خیرات۔ دان

باڑی: ۱۔ مسکن۔ مکان۔ احاطہ
۲۔ باغچہ۔ چمن
۳۔ کھیت۔ مزرعہ۔ کشت زار
۴۔ جھنڈ۔ درخت زار

باز : ۱۔ شکرہ۔ شاہین۔ عقاب۔ جُرّہ۔ بحری۔ زُمّتی
۲۔ دوبارہ۔ مکرر۔ پھر
۳۔ پیچھے۔ پس۔ تائب
۴۔ کھلا۔ کشادہ۔ وا
۵۔ بند

بازپرس : پوچھ گچھ۔ تحقیقات۔ مواخذہ۔ جواب طلبی۔ محاسبہ

بازپرس کرنا — بازپرس ہونا — بازپرس سے بچنا

بازپس/پسیں : آخری۔ واپسی
بازخواست : مطالبہ۔ واپس طلبی
بازخواہ : جواب طلب۔ مواخذ۔ دریافت کنندہ
بازدعویٰ : دستبرداریٔ دعویٰ
بازدہی : واپسی
بازدید : جوابی ملاقات۔ دیدہ بازی
بازگشت : واپسی۔ معاودت۔ مراجعت۔ گنبد کی آواز۔ اثر

بازگشت سنائی دینا — صدائے بازگشت

بازیابی : دوبارہ حصول۔ بازیافت
بازیافت : بازیابی۔ دوبارہ حصول۔ واپسی

باز : (امر باختن، کھیلنا)

آتش باز — اسامی باز — اٹکل باز — دل لگی باز — دل لگی بازی — اَنٹی باز — (دغاباز) — اکڑباز — بٹے باز — بٹیر باز — بٹیر بازی — بھگت باز — پتنگ باز — پتنگ بازی — دھاندل باز — ستاربازی — ستارباز — جانباز — جانبازی — شیخی باز — بچے باز — بچے بازی — پھکڑباز — پھکڑبازی — قدم باز — ٹھٹھے باز — قدم بازی — چوسرباز — چوسربازی — ضلع بازی — ضلع باز — جُگت بازی — جُگت باز — جلدباز — حرفت باز — راست باز — چھل باز — چھل بازی — راست بازی — سیٹی باز — روباہ بازی — رُوباہ باز — شاہدباز — شطرنج بازی — شطرنج باز — شعبدہ باز — شعبدہ بازی — عشق باز — عشق بازی — غلیل بازی — غلیل باز — غائب باز — فقرے باز — فقرے بازی — نشہ باز — نشہ بازی — نشانہ باز — نشانہ بازی — قرعہ بازی — قسمت بازی — قمار بازی — قمارباز — قلابازی — کبوترباز — کبوتر بازی — کشتی باز — کلابازی — کلغی باز — طرہ باز — کھلی بازی — گرہ باز (کبوتر) — نے باز — نے بازی — گلے باز — گلے بازی — گیندبازی — گنجفہ بازی — مدک باز — مرغ باز — مرغ بازی — مقدمہ باز — مقدمہ بازی — نادار بازی (گنجفہ) نظرباز نظربازی — نخرہ باز — نخرہ بازی — نیزہ باز — نیزہ بازی — نظارہ باز — نظارہ بازی — ہنسی بازی — ہواباز — ہوابازی — یارباز — آب باز (تیراک) — بُزباز — بندباز (نٹ) — پلٹے باز (رقاص) — پاک باز — پردہ بازی — پیش باز (استقبال) — تخم بازی — تسمہ بازی — تیغ بازی — چتر بازی (رقص) — حقہ بازی — چوگان بازی — حقہ باز (بازی گر، مکار) — نرد بازی

خاک بازی — خانہ بار (گھر لوٹانے والا) — خروس بازی
(مکاری) — خویشتن باز (فنا فی اللہ) — دار باز (نٹ)
— دست باز (گھر لٹاؤ) — دغل باز — دوال بازی
— دوالک بازی (مکاری) — دو تیغہ بازی —
دین و دنیا باز — روباہ باز (مکار) — روز بازی (انقلاب
زمانہ) — رسن باز (نٹ) — ریسمان باز (نٹ) —
زبان بازی (مکالمہ و مجادلہ) — سرباز — سخت باز
(کامل جواری) — سگ باز — شب باز (چمگادڑ)
— شب بازی — شیشہ بازی — صراحی بازی
(رقص) — ششش و پنج باز (مکار) — صورت باز
(بہروپیا) — طاس بازی — طبل بازی — طبلک بازی
— طرۃ بازی — طوق بازی — عروس باز —
عروسک بازی — عشق باز (کبوتر باز) — قبچ بازی
(چھوڑے لڑانا) — غائب بازی — کاسہ بازی —
کجہ بازی — کوزہ بندی — گرگ بازی —
گوی بازی (گیند بازی) — لعبت بازی — مہرہ بازی
— میمون باز — ہم باز (شریک)

بازار : ۱۔ سلسلہ دوکانات۔ منڈی۔ پینٹھ۔ سوق۔ جائے خرید و فروخت
مارکیٹ۔ کارستان۔ ہاٹ۔ بزریا۔ شوک۔ واجار۔ واجاہ۔
وازار
۲۔ بھاؤ۔ نرخ
۳۔ بکری۔ خرید و فروخت۔ بیع و شرا
۴۔ اعتبار۔ ساکھ
۵۔ رواج۔ رونق

بازار اتر جانا — بازار اٹھ جانا — بازار چڑھنا — بازار ٹھنڈا پڑنا

بازار اس کا جو رے کے دے
بازار کا ستو باپ بھی کھائے بیٹا بھی کھائے
بازار کی چھینک۔ ۔ مدنہ کا رونا

بازار کی گالی کس کی جس نے سنی اس کی / جو پھر کے دیکھے اس کی / جو کھجے اس کی
بازار کی مٹھائی جس نے چاہی کھائی
بازار کی مٹھائی سے زیادہ نہیں ہوسکتا
بازار لگا نہیں گٹھ کٹے آن پہنچے
بازار لگا نہیں، گٹھ کٹے ولیے ہوت
بازار میں سر منڈا، گھر جب دکھنا

بازارُو : تماشی۔ ہلکا۔ گھٹیا۔ بودا۔ دکھاوے کا

بازاری : منسوب بہ بازار
۱۔ مبتذل۔ غیر معیاری۔ ناشائستہ۔ سوقیانہ۔ عامیانہ۔ غیر معتبر
۲۔ اوباش۔ آوارہ۔ شہدا۔ لچا
۳۔ عام۔ معمولی۔ سستا

بازاری آدمی : ۱۔ کمینہ۔ غیر معتبر۔ غیر ثقہ
۲۔ اوباش۔ شہدا۔ لچا۔ آوارہ۔ بداخلاق۔ لفنگا
بازاری بات / خبر : افواہ۔ گپ۔ بے پرکی۔ غیر معتبر خبر۔ گھٹیا بات
بازاری عورت : بیسوا۔ کسبی۔ رنڈی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ طوائف۔ ٹکھائی۔
ملچھائی
بازاری قیمت : عام قیمت۔ عام بھاؤ۔ معمولی نرخ۔ رائج الوقت نرخ
بازاری گپ : بازاری بات۔ افواہ۔ بے پرکی۔ نامعتبر خبر

بازاری آدمی کا کیا اعتبار
بازاری چیز بودی ہوتی ہے

بازُو : ۱۔ ڈنڈ۔ ڈنٹر۔ عضد۔ بانہہ۔ باہو
۲۔ پر۔ پنکھ
۳۔ میمنہ۔ میسرہ
۴۔ ساتھی۔ دوست۔ معاون۔ مددگار۔ رشتہ دار۔ بھائی بند
امدادی۔ حمایتی۔ حامی۔ دستگیر۔ مربی

۵. قوت ۔ سہارا ۔ امداد
۶. پٹی
۷. جوڑ ۔ ہمنوا ۔ بیٹا ۔ بھائی

بازوبند : زیور بازو ۔ بازو کا گہنا

بازو ٹوٹنا ــــ بازو ہونا ــــ بازو بننا ــــ بازو دکھنا ــــ بازو پھڑکنا ــــ بازو تولنا ــــ بازو ہونی ۔
بازو دینا ــــ بازو رہ جانا ــــ بازو کی مچھلی ــــ
بازوے مرغاں

| بازو ٹوٹے بازکو بازہی لقمہ دے
| بازو ٹوٹے بازکو سائیں ٹھمر دے

بازی : ۱. کھیل ۔ تماشا ۔ کرتب
۲. داؤ ۔ شرط ۔ شرط بدنی
۳. فریب ۔ دھوکا ۔ چال
۴. غلبہ ۔ جیت

بازی گاہ : تماشا گاہ ۔ دنگل ۔ سٹیڈیم
بازی گر : تماشاگر ۔ کرتب باز ۔ نٹ ۔ شعبدہ باز ۔ بھان متی ۔ مداری
بازی گری : ۱. تماشاگری ۔ کرتب بازی ۔ شعبدی بازی
۲. چالاکی ۔ فریب کاری

بازی بدنا ــــ بازی جیتنا ــــ بازی دینا ــــ بازی کھانا ــــ
بازی لگانا ــــ بازی لے جانا ــــ بازی لینا ــــ
بازی ہارنا

| بازی بازی باریش بابا ہم بازی

بازیچہ : ۱. کھیل ۔ تماشا
۲. کھلونا

باس : ۱. خوشبو ۔ نکہت ۔ مہک ۔ بُو
۲. بدبو ۔ سڑاند ۔ تعفن
۳. سراغ ۔ نشان ۔ علامت
۴. قلیل ۔ خفیف ۔ ذرا

باس / باسا : ۱. مکان ۔ جائے سکونت ۔ جائے قیام ۔ قیام گاہ ۔ مسکن ۔ ڈیرا
۲. گھونسلا ۔ آشیانہ ۔ نشیمن

باس : (انگریزی) مالک ۔ آقا ۔ افسر

باسٹھ : شصت ودو ۔ اثنا ستون

باسن : برتن ۔ بھانڈا ۔ ظرف

باسی : ساکن ۔ باشندہ

باسی : ۱. ناتازہ ۔ بچا کھچا ۔ پرانا ۔ رات کا بچا ہوا ۔ شبینہ ۔ بائت ۔ بہی
۲. بساندا ۔ بودار ۔ بساندھ والا
۳. پژمردہ ۔ مرجھایا ہوا ۔ کملایا ہوا

باسی پھول ــــ باسی ہار ــــ باسی کھانا ــــ باسی سالن ــــ
باسی بھات ــــ باسی تباسی ــــ باسی عید ــــ باسی
کڑھی ــــ باسی منہ ــــ باسی ہونا ــــ باسی کڑھی میں
اُبال آنا

| باسی بچے نہ کُتا کھائے
| باسی بھات میں اللہ میاں کا کون ساجھا (نہوڑا)
| باسی کڑھی اُبلی / باسی کڑھی میں اُبال آیا
| باسی منہ پھوکا پانی اوگن کرے ہے

باسی پھولوں میں باس نہیں، پردیسی بالم تیری آس نہیں
باسی کلوں میں باس نہیں، دور گئے کی آس نہیں

باش : (بودن = ہونا ۔ رہنا)
خوش باش ۔ خوش باشی ۔ شب باش ۔ یار باش ۔ بار باشی ۔
خاک باش ۔ دور باش

باشندہ : باسی ۔ ساکن ۔ مکین ۔ مقیم ۔ بسنے والا ۔ رہنے والا

باصرہ : حس بینائی ۔ قوت بینائی

باطل : ۱۔ جھوٹا ۔ ناحق ۔ غلط
۲۔ جعلی ۔ نقلی
۳۔ بےکار ۔ بے اثر ۔ بے فائدہ ۔ فضول
۴۔ لغو ۔ بیہودہ
۵۔ ضائع ۔ منسوخ

باطل پرست : کافر ۔ مشرک ۔ جھوٹا ۔ کاذب ۔ دروغ باف
باطل پرستی : کفر ۔ شرک ۔ جھوٹ ۔ کذب ۔ دروغ بافی

باطن : ۱۔ اندرون ۔ دروں ۔ اندر ۔ اندر ۔ اندروں
۲۔ خفیہ ۔ پوشیدہ ۔ نہاں ۔ پنہاں ۔ پوشیدہ چیز ۔ پنہاں شے
۳۔ ضمیر ۔ قلب ۔ خیال ۔ طبیعت ۔ دل

باطن صاف ہونا ــــ ظاہر باطن ایک ہونا ــــ باطن میلا ہونا ــــ باطن میں عداوت رکھنا ــــ نیک باطن ــــ بد باطن ــــ تاریک باطن ــــ پاک باطن ــــ پاک باطنی ــــ تیرہ باطن ــــ کور باطن ــــ کور باطنی ــــ سیہ باطن

باطنی : ۱۔ اندرونی ۔ پوشیدہ ۔ مخفی ۔ پنہاں ۔ نہانی
۲۔ دلی ۔ قلبی

باعث : ۱۔ وجہ ۔ سبب ۔ علت ۔ کارن ۔ موجب
۲۔ اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ حقیقت
۳۔ موجد ۔ مخترع ۔ بانی

باعث اشتعال ــــ باعث رنج و الم ــــ باعث افتخار ــــ
باعث لیل و نہار ــــ باعث ننگ و عار

باغ : ۱۔ حدیقہ ۔ گلشن ۔ گلستان ۔ گلزار ۔ پھلواری ۔ باڑی ۔ روضہ ۔
بوستان ۔ چمن ۔ گلشن سرائے ۔ گل کدہ ۔ بستان ۔ چمنستان ۔
ریاض ۔ گارڈن
۲۔ درخت زار ۔ شجر زار
۳۔ جنت ۔ بہشت ۔ فردوس ۔ ارم
۴۔ آل اولاد ۔ بال بچے

باغ ابراہیم : گلزار ابراہیم ۔ گلزار خلیل ۔ جنت خلیل
باغ ارم : جنت شداد ۔ بہشت شداد ۔ فردوس بریں ۔ باغ جناں
باغ باغ : خوش ۔ شاداں ۔ فرحاں ۔ مسرور ۔ شادشاد
باغ بان : محافظ باغ ۔ مالی ۔ صیاد
باغ بانی : منصب باغباں ۔ پرداخت باغ ۔ حفاظت باغ
باغ رضواں : جنت ۔ بہشت ۔ فردوس ۔ خلد
باغ و بہار : ۱۔ آراستہ ۔ بارونق ۔ پررونق
۲۔ ہنس مکھ ۔ ظریف ۔ خوش طبع ۔ خوش مزاج
باغ وحوش : حدیقہ ۔ وحوش ۔ چڑیا گھر ۔ زو

باغ باغ ہونا ــــ باغبان ازل ــــ باغ بلبل ــــ باغ پیرا ــــ باغ جناں ــــ باغ جوانی ــــ باغ دلکشا ــــ باغ رضوان ــــ سبز باغ دکھانا ــــ باغ سپید ــــ باغ شداد

|باغ لگا نہیں، منگتوں نے ڈیرے ڈال دیے

باغچہ/باغیچہ: چھوٹا باغ۔ حدیقہ۔ بغیا۔ بگیا۔ باغیچی۔ پارک۔ لان

باغی: ۱۔ سرکش۔ نافرمان۔ منحرف۔ طاغی۔ متمرد۔ سرتاب۔ برگشتہ۔ روگراں۔ روتاب
۲۔ مفسد۔ بدخواہ۔ عنید

باقی: ۱۔ قائم۔ غیر فانی۔ زندہ۔ موجود۔ جاوداں۔ جاوید
۲۔ بچاکھچا۔ رہاسہا۔ بقایا
۳۔ واجب الادا۔ واجب الوصول
۴۔ بیشی۔ افزونی۔ زیادتی

باقی دار: زیر بار۔ مقروض۔ دین دار
باقی ماندہ: رہاسہا۔ بچاکھچا۔ پس خوردہ

باقی بیباق کرنا ــــ باقی پڑنا ــــ باقی جمع ــــ باقی چکانا ــــ باقی ساقی ــــ باقی نکالنا ــــ باقیات ــــ باقی دارد ــــ باقی فرضی ــــ باقی ساقی

|باقی کا مارا گاؤں اور چلموں کا مارا چوپال (اور ادلوں کا مارا کھیت) پنپتا نہیں

باقیات: (جمع) ۱۔ بقایا۔ بقایا رقم
۲۔ پس ماندگان۔ بچے کھچے

باقیات الصالحات: ۱۔ صدقات جاریہ
۲۔ نیک کام
۳۔ نیک اولاد
۴۔ تبرکات

باک: ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ بھے۔ اندیشہ۔ خطر۔ فکر

باکرہ: دوشیزہ۔ کنواری۔ اچھوتی۔ کواری۔ ناکتخدا۔ چیرابند۔

باکس: (انگریزی) ۱۔ بکس۔ صندوق
۲۔ نشست گاہ
۳۔ حجرۂ پاسباں
۴۔ مکتہ۔ گھونسا

باکس آفس: ٹکٹ گھر

باکسر: مکے باز

باکسنگ: مکے بازی۔ مشت مشت۔ دھول دھپا

باکھ: این۔ کھیری۔ ہوانا

باگ: عنان۔ راس۔ لگام۔ زمام۔ دوال۔ اعنہ۔ پالہنگ

باگ پکڑنا ــــ باگ اٹھانا ــــ باگ پھیرنا ــــ باگ دینا ــــ باگ چھوڑ دینا ــــ باگ ڈال دینا ــــ باگ ڈور ــــ باگ ڈھیلی کرنا ــــ باگ سنبھالنا ــــ باگ روکنا ــــ باگ مڑنا ــــ باگ ہاتھ سے چھوٹنا ــــ باگ لینا ــــ باگ موڑنا

باگا: جوڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ خلعت

باگھ: شیر۔ شینہہ۔ اسد۔ چیتا۔ پلنگ۔ بگھیلا

|باگھ بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں
|باگھ کی خالہ/ماسی بلی

| باگھوں کا مُنہ کس نے دھویا

بال: (مونث) ۱۔ لڑکی۔ بچی۔ کنیا۔ دوشیزہ۔ کنواری۔ کواری
۲۔ خوشہ۔ بالی

(مذکر) ۳۔ لڑکا۔ بالا۔ بالک۔ بچہ۔ نابالغ۔ نادان۔ طفل۔ نوعمر
۴۔ رُواں۔ مُو۔ شعَر۔ پشم۔ کیس۔ رونگٹا
۵۔ خطِ شیشہ۔ حنظ۔ لکیر

بال بچے: آل اولاد۔ اہل وعیال۔ عیال واطفال۔ بیوی بچے
بال بُدھ: ناتجربہ کاری۔ کم عقلی۔ بچپن
بال بِدھوا: نوعمر بیوہ۔ بال رانڈ
بال برابر: ۱۔ نہایت باریک
۲۔ خفیف۔ ذرا سا۔ نہایت قلیل۔ ذرّہ بھر
بال بھر: ذرا سا۔ نہایت قلیل۔ خفیف۔ باریک
بال تِیا: ۱۔ بچہ کُشی۔ طفل کُشی
۲۔ اسقاطِ حمل
بال تھیارا: بچہ کُش۔ طفل کُش
بال ہٹ: ضِدِ اطفال

بال اوستھا — بال بُدھ — بال بھوگ — بال روپ — بال گھاٹ — بال گھانگ — بال تِیا — بال پالک — بال ہٹ — بال بال گج موتی پرونا — بال بال گنہگار ہونا — بال باندھا غلام — بال بال — بال بیکا نہ ہونا — بال آنا — بال اُتر جانا — بال اُکھاڑنا — بال اُگنا — بال پھیلانا — بال بگڑنا — بال بھرکا — بال پریشاں کرنا — بال چڑھنا — بال چھتری — بال دینا — بال سلجھنا — بال سے باریک — بال سفا

| بال جنجال • بال سنکار

| بال جنجال پلے تو پال، نہیں تو موکھوں کو ٹال
| بال کترنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا
| بال اُکھیڑنے سے مُردے ہلکے نہیں ہوتے
| بال کی کھال، ہندی کی چندی
| بال منڈاتے ہی اولے پڑے
| بالوں کی سیاہی گئی، دل کی چاہ نہ گئی
| بالوں ہاتھ چھنالا، کاگروں ہاتھ سندیسا
| بال ہٹ، تریا ہٹ، راج ہٹ

بال (فارسی) بازو۔ جناح۔ شہپر۔ پر۔ پنکھ۔ عُضو

بال افشاں — بال و پر — بال و پر نکلنا

بال آنا: شگاف پڑنا۔ دراڑ آنا۔ درک جانا

شیشے میں بال آنا — آنکھ میں بال آنا — دل میں بال پڑنا — آئینے میں بال پڑنا

بالا: (ہندی) ۱۔ لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔ نوعمر۔ نابالغ
۲۔ آویزۂ گوش۔ گوشوارہ

بالا پن / بالپن: بچپن۔ طفلی۔ نوعمری۔ کم عمری۔ کم سنی
بالا جوبن: اٹھتی جوانی۔ عنفوانِ شباب۔ نوجوانی۔ حسنِ شباب

بالا: (فارسی) ۱۔ اوپر۔ چوٹی
۲۔ قد۔ قامت
۳۔ اونچا۔ بلند۔ مرتفع۔ رفیع۔ ارفع۔ اعلیٰ۔ برتر۔ فزوں
۴۔ دراز۔ کشیدہ۔ لمبا

بالا بالا: الگ الگ۔ اوپر ہی اوپر۔ چپکے چپکے۔ خفیہ۔ بے اطلاع۔ آپ ہی آپ

بالابند: سرپیچ۔ سربند
بالاپوش: غلاف۔ اوپری لباس۔ پلنگ پوش
بالاخانہ: چوبارہ۔ اٹاری۔ ماڑی۔ اوپری منزل۔ کوٹھا۔ اپرسٹوری
بالادست: ۱۔ بلند رتبہ۔ عالی مرتبت۔ رفیع الشان
۲۔ حاکم اعلیٰ۔ بڑا افسر
۳۔ زبردست۔ قوی۔ غالب
۴۔ بہتر۔ برتر۔ فائق
بالادستی: اقتدار اعلیٰ۔ حکومت۔ غلبہ۔ برتری۔ فوقیت
بالاروی: ۱۔ تیزی۔ تیز رفتاری۔ تیز روی
۲۔ عجلت۔ تعجیل۔ جلدی۔ جلد بازی
بالانشیں: ۱۔ صدر نشیں۔ میرمجلس۔ کرسی نشیں
۲۔ معزز۔ محترم۔ ذی مرتبت

بالا بالا جانا — بالابر — بالابند — بالا بھولا — بالا جوبن — بالائی — بالا دپست — بالاکوٹ — بالا بالا آنا — بالا بالا فیصلہ کرنا — بالا بالا مشورہ دینا

بالائی: ۱۔ اوپری۔ سطحی
۲۔ اونچا۔ بلند
۳۔ فاضل۔ فالتو۔ زائد
۴۔ ملائی۔ سرشیر

بالائی آمدنی/یافت: فالتو آمدنی۔ زائد آمدنی۔ رشوت۔ کمیشن۔ اوپری کمائی۔ اوور ٹائم
بالائی مزے: ۱۔ خفیہ مزے۔ پوشیدہ عیش
۲۔ چھیڑ چھاڑ۔ اختلاط۔ بوسہ بازی۔ اوپری مزے۔ چوما چاٹی

بالش: ۱۔ تکیہ۔ مسند۔ سرہانا۔ بالین۔ بستر مرگ
۲۔ افزونی۔ بیشی۔ زیادتی۔ بالیدگی

بالشت: وجب۔ شبر۔ بلاند۔ گٹھ۔ گدست۔ بدست۔ وانند

بالشتیا: بالشت بھر۔ پست قد۔ پستہ قد۔ کوتاہ قامت۔ بونا۔ گٹھ مٹھیا

بالغ: ۱۔ رسیدہ۔ پورا۔ دور رس
۲۔ جوان۔ سیانا۔ نوخیز۔ نوجوان۔ نوعمر۔ برنا۔ شبان
۳۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ پختہ کار

بالغ نظر: ذہین۔ نکتہ رس۔ دقیقہ سنج۔ حقیقت بین
بالغ نظری: ذہانت۔ نکتہ رسی۔ دقیقہ سنجی۔ حقیقت بینی

بالغہ — نابالغ — بالغ مرد — بالغ فکر

بالک: ۱۔ لڑکا۔ بالا۔ بچہ۔ طفل
۲۔ کم عمر۔ نوعمر۔ نادان۔ کم سن

بالک جانے ہیا، ہانس جانے کیا
بالکوں کو سکھانا، بالک پن ہی سے چاہیے

بالکا: چیلا۔ شاگرد۔ مرید

بالم: ۱۔ خاوند۔ خونہ۔ شوہر۔ پتی۔ میاں۔
۲۔ پیارا۔ معشوق۔ محبوب۔ پیتم۔ پریتم۔ عاشق۔ سجن۔ سیاں۔ بلما۔ بلم

بالو: ۱۔ ریت۔ ریگ
۲۔ کنکری۔ بجری

بالی: ۱۔ لڑکی ۔ بچی
۲۔ خوشہ ۔ بال ۔ سنبلہ
۳۔ آویزہ ۔ گوشوارہ ۔ بُندا ۔ کان کا گہنا ۔ جُھمکا ۔ بالا

بالیدگی: ۱۔ افزائش ۔ بڑھوتری ۔ بڑھت ۔ بڑھاؤ
۲۔ روئیدگی ۔ نمو ۔ نشو و نما ۔ پیدائش

بالیدہ: ۱۔ افزودہ ۔ بڑھا
۲۔ نمودار ۔ روئیدہ ۔ پدیدار
۳۔ بالغ ۔ رسیدہ

بالیں: بالش ۔ تکیہ ۔ مسند ۔ سرہانا ۔ بسترِ مرگ

بام: کوٹھا ۔ چھت ۔ بالائی منزل ۔ بالاخانہ

بامِ مسیح: چوتھا آسمان ۔ فلکِ چہارم ۔ چرخِ چہارم
بامِ نہم: عرشِ الٰہی

بامن: برہمن ۔ پنڈت ۔ پروہت

بامن بکین پروان
بامن بیٹا لوٹے پوٹے ، مول بیاج دونوں گھوٹے
بامن جیسے ہی پتیائے
بامن کا بیٹا بارہ برس تک بونگا
بامن منتری ، ملبات خواص
اس راجا کا ہووے ناس
بامن نلچے دھوبی دیکھے
بامن سے دان ملتے ہیں

بان: (مونث) ۱۔ عادت ۔ سبھاؤ ۔ خصلت ۔ خو ۔ رویہ
۲۔ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ

(مذکر) ۱۔ تیر ۔ خدنگ ۔ سہم
۲۔ رسی

بان جل گیا پر بل نہ گئے
بان والے کی بان نہ جائے ، کتا موتے ٹانگ اٹھائے

بان: محافظ ۔ نگہبان

فیل بان ـــ فیل بانی ـــ گاڑی بانی ـــ شتر بان
ـــ شتر بانی ـــ ساربان ـــ کشتی بان ـــ گلہ بان
ـــ گلہ بانی ـــ بلاغ بان ـــ باغ بانی ـــ پاسبانی
ـــ دربان ـــ دربانی ـــ میزبان ـــ پشتی بان ـــ
بادبان ـــ میزبانی ـــ گریبان ـــ مہربان ـــ
مہربانی ـــ نگہبان ـــ نردبان ـــ سایہ بان ـــ
بستان بان ـــ پاسبان ـــ جہان بان ـــ دیدبان
ـــ رازبان ـــ نگہبان ـــ روزبان ـــ ساربان)
ـــ زنجیر بان ـــ زوربان ـــ کشتبانی ـــ شتربان
ـــ کشت بان ـــ کفش بان ـــ گیتی بان ـــ
(گاڑی بان)

بانا: ۱۔ لباس ۔ پوشاک ۔ پہناوا ۔ بھیس
۲۔ وضع ۔ دھج ۔ سبھاؤ ۔ رویہ ۔ روپ ۔ بہروپ
۳۔ ہتھیار ۔ آلۂ ضرب ۔ سلاح ۔ زرہ

بانبی: بل ۔ سوراخ

بانٹ: ۱۔ تقسیم ۔ بٹوارا ۔ بانٹی ۔ حصہ ۔ بخرا
۲۔ حاصلِ قسمت ۔ خارج قسمت

بانٹنا: تقسیم کرنا ۔ برتانا ۔ حصے بخرے کرنا ۔ پھیرنا ۔ حصہ لگانا ۔ توزیع ۔ تفریق

بانجھ: ۱۔عقیمہ۔عاقرہ۔اپھل۔بے اولاد۔بے ثمر
۲۔بنجر۔ناقابل کاشت۔بیر۔کلن۔بستروں بستا۔بغ۔نادا

بانجھ اچھی اکا نچ بُری
بانجھ بجولی شیطان کی لنگوٹی
بانجھ بیائی سونٹھ اڑائی
بانجھ کیا جانے پرسوتی کی پیڑ
بانجھ بیادے سونٹھ ملے کھانے کو

باندھ: ۱۔قید۔روک۔پابندی
۲۔پشتہ۔بند۔مینڈھ

باندھنو: ۱۔گرہ۔گانٹھ۔عقد
۲۔تہمت۔الزام۔طوفان۔بہتان۔اتہام
۳۔قصد۔ارادہ۔عزم
۴۔سازش۔ساز باز۔گانٹ سانٹ۔اُٹ سٹ
۵۔منصوبہ۔تجویز۔پیش بندی۔تدبیر
۶۔خیال۔تصور
۷۔خیالی افسانہ۔فرضی داستان

باندی: لونڈی۔کنیز۔پرستار۔امہ۔چیری۔داسی۔چھوکری۔گولی

باندی اوروں کے پاؤں دھووے، اپنے پیے سووے
باندی جب شادی کرتی ہے، ایسی ہی کرتی ہے
باندی کو باندی کہا رو دی، بی بی کو باندی کہا ہنس دی
باندی کے آگے باندی آئی، لوگوں نے جانا آندھی آئی
باندی کے آگے باندی، مینہ گنے نہ آندھی

بانس: قصب۔نے۔وینو

بانس پر چڑھنا — بانس پر چڑھنا — بانس واڑی

بانس بڑھے جھک جائے، ارنڈ بڑھے ٹوٹ جائے
بانس چڑھے گر کھائے
بانس ڈومیں بوری تھاہ مانگے

بانسری: نسری۔بنسی۔مرلی۔نے۔بانسلی

بانک: ۱۔ٹیڑھ۔ٹیڑھاپن۔کجی۔خمیدگی۔خم۔ترچھاپن
۲۔موڑ۔چکر۔پھیر۔گھماؤ۔لپیٹ
۳۔چھری۔کٹار۔نشتر۔خنجر
۴۔قوس۔کمان۔دھنک۔دھنش
۵۔بازو بند۔دست برنجن۔دست بند۔چوڑی
۶۔پابرنجن۔زیور پا
۷۔خطا۔قصور۔تقصیر۔جرم۔گناہ۔پاپ
۸۔چھل۔فریب۔دغا۔مکر۔دھوکا

بانکا: ۱۔ٹیڑھا۔ترچھا۔کج۔خم دار۔خمیدہ۔مڑا ہوا۔جھکا ہوا
۲۔ناراض۔ناخوش۔باغی۔سرکش
۳۔رنگیلا۔چھبیلا۔البیلا۔رعنا۔طرح دار۔رسیلا۔وضعدار۔خوش وضع۔چھیلا۔چھیل چھبیلا
۴۔خوش لباس۔خوش پوشاک۔خوش پوش
۵۔شوخ۔شریر۔چنچل۔چالاک۔طرار۔صاحب فن
۶۔بہادر۔دلیر۔بیباک۔نڈر۔آزاد
۷۔بھڑکیلا۔چٹکیلا۔نکیلا۔تیکھا

بانکا ترچھا/ٹیڑھا: مغرور۔متکبر۔متمرد۔سرکش
بانکا چور: مشاق چور۔دُزد۔چالاک۔پُرفن
بانکپن: ۱۔کجی۔ٹیڑھ۔ٹیڑھاپن۔خم داری۔خمیدگی
۲۔طرحداری۔البیلاپن۔چھبیلاپن
۳۔خودنمائی۔نمود و نمائش
۴۔ناز۔انداز۔ادا۔شوخی۔طراری۔چنچل پن۔نخرا
۵۔وضعداری۔خوش وضعی۔خوش اطوار

بانکی کمان ــــ بانکا ٹیڑھا ــــ بانکا جوان ــــ بانکی
چتون ــــ بانکا خنجر ــــ بانکی شمشیر ــــ بانکا چھیلا
ــــ بانکی آواز ــــ بانکپت ــــ بانکا نوجوان ــــ
بانکا بنے پھرنا

بانگ : ندا ۔ صدا ۔ نوا ۔ آواز ۔ صوت ۔ اذان

بانگِ بے ہنگام ــــ بانگ دینا ــــ بانگِ درا ــــ
بانگِ مرغ ــــ بانگِ جرس ــــ بانگِ صبح ــــ
بانگِ صور ــــ بانگِ رحیل ــــ بانگِ نماز ــــ
بانگِ خلیل اللہی ــــ بانگِ زود ارو ــــ بانگِ کہسار

بانو : خاتون ۔ خانم ۔ بیگم ۔ شریف زادی ۔ شہزادی ۔ مالکہ ۔ ملکہ ۔ بی بی
بیوی ۔ باعزت عورت ۔ شریف عورت ۔ لیڈی

بانوے : نوددو ۔ اثنا تسعون

بانوئے سلطان ــــ بانوئے شاہ ــــ بانوئے مصر

بانہہ : ۱۔ بازو
۲۔ آستین ۔ آستینہ
۳۔ مدد ۔ امداد ۔ سہارا ۔ وسیلہ ۔ آسرا ۔ آس ۔ اُمید
۴۔ مددگار ۔ حمایتی ۔ حامی ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ دوست ۔ امدادی
۵۔ بھائی ۔ برادر ۔ اخ ۔ بھائی بند ۔ رشتہ دار
۶۔ ضامن ۔ کفیل ۔ مربی ۔ دستگیر
۷۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ توانائی ۔ بل

بانہہ ٹوٹنا ــــ بانہہ جننا ــــ بانہہ ہونا ــــ بانہہ ملنا ــــ
بانہہ بندھنا

بانی : (ہندی) ۱۔ آواز ۔ صدا ۔ ندا ۔ صوت ۔ بانگ
۲۔ بات ۔ گفتگو ۔ بول چال
۳۔ زبان ۔ لسان ۔ بولی
۴۔ وعظ ۔ تلقین ۔ تقریر
۵۔ قول ۔ مقولہ ۔ کہاوت

بانی : (عربی) ۱۔ مؤسس ۔ طرح افگن
۲۔ موجد ۔ مخترع ۔ مبدع
۳۔ باعث ۔ سبب ۔ ذریعہ
۴۔ آغاز کنندہ ۔ ابتدا کنندہ ۔ مبتدی ۔ بنیاد کنندہ

بانیٔ فساد : مفسد ۔ مفسدہ پرداز ۔ شریر ۔ شرانگیز ۔ بانیٔ شرارت ۔
سرغنۂ شرارت
بانیٔ کار : ۱۔ موجد ۔ معمار
۲۔ مصنف ۔ مؤلف
۳۔ ماہر ۔ استاد ۔ کامل ۔ مشاق
۴۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ مکار ۔ فریبی
بانیٔ مبانی : اصل باعث ۔ سبب اول ۔ علت العلل

باوا : ۱۔ باپ ۔ والد ۔ اب ۔ پدر ۔ ابو ۔ ابا ۔ پتا
۲۔ استاد ۔ گرو ۔ مرشد ۔ پیر
۳۔ درویش ۔ فقیر ۔ قلندر ۔ سنیاسی ۔ بزرگ
نیز دیکھیے "بابا"

باور : یقین ۔ اعتماد ۔ اعتبار ۔ تصدیق ۔ بھروسہ

باورچی : طباخ ۔ خانساماں ۔ بکاول ۔ رسوئیا ۔ طعام پز ۔ کُک

باورچی خانہ : مطبخ ۔ رسوئی ۔ رسوئی گھر ۔ کچن
باورچی گری : طباخی ۔ خانساماں گری ۔ طعام پزی

باون : پنجاہ و دو ۔ اثنا خمسون

بارن بیر ـــــ بارن گڑ کا

باہ : رجولیت ۔ قوتِ مردمی ۔ قوتِ جماع ۔ شہوت ۔ مستی ۔ قوتِ باہ ۔ شدتِ باہ

باہر : (عربی) روشن ۔ واضح ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔ ہویدا ۔ ظاہر

باہر (اُردو) ۱۔ بیرون ۔ خارج ۔ بتے
۲۔ الگ ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔ بے تعلق
۳۔ پردیس ۔ بدیس ۔ غیر ملک
۴۔ بیرونِ خانہ ۔ بیرونِ شہر ۔ بیرونِ ملک
۵۔ منحرف ۔ سرکش ۔ نافرمان ۔ باغی
۶۔ زائد ۔ فاضل ۔ فالتو
۷۔ بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔ ٹٹی ۔ جنگل

باہر باہر: بالا بالا ۔ اوپر اوپر ۔ الگ الگ ۔ جدا جدا ۔ دُور دُور
باہر والا: خاک روب ۔ بھنگی ۔ جاروب کش ۔ مہتر

باہر بھیجنا ـــــ باہر جانا ـــــ باہر کرنا ـــــ باہر نکالنا ـــــ
باہر ہونا ـــــ باہر سے آنا ـــــ باہر کا راستہ دکھانا ـــــ
باہر کی خبر لانا ـــــ باہر بھیج لگانا ـــــ باہر ڈھکیلنا
ـــــ باہر سدھارنا ـــــ باہر کا ـــــ باہر کی ہوا ـــــ

باہر کی چکنی چپڑی سے گھر کی روکھی ہی بھلی
باہر کی کھائیں گھر کے اگیت اگائیں
باہر لمبی لمبی دھوتی، اندر مُردے کی روٹی
باہر میاں اپے تپے، گھر میں بھونی بھنگ
باہر میاں الّے تللّے گھر میں چوہے کریں قلابازیاں کھائیں
باہر میاں چھیل چھکنیا گھر میں بڑی جوتے
باہر میاں جھنگ جھنگیلے، گھر میں ننگی جورو
باہر میاں پنج ہزاری، گھر میں بیوی فاقہ/کرموں کی ماری
باہر میاں ہفت ہزاری، گھر میں بیوی فاقوں ماری/کرموں کی ماری
باہر میاں صوبیدار، گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ

باہم : آپس میں ۔ بالاشتراک ۔ بالاتفاق ۔ میل ملاپ سے

بائع : فروخت کنندہ ۔ مشتری ۔ بیع کنندہ ۔ فروشندہ

باؤ : ۱۔ ہوا ۔ باد ۔ ریح ۔ پون ۔ بتاس
۲۔ گوز ۔ پاد ۔ ریح
۳۔ آتشک ۔ بادِ فرنگ ۔ آبلۂ فرنگ
۴۔ گٹھیا ۔ وجع المفاصل
۵۔ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ

باؤلا : ۱۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ سڑی ۔ سودائی ۔ خبطی ۔ مخبوط الحواس ۔ فاترالعقل
۲۔ احمق ۔ بیوقوف ۔ بے عقل ۔ نادان ۔ نافہم

باؤلی بہو آگ کو جائے اُپلا ڈال آئے تو اٹھا لائے
باؤلے کتے نے کاٹا ہے
باؤلی کھاٹ کے باؤلے پائے، باؤلی رانڈ کے باؤلے جائے
باؤلی کو آگ بتائی، اس نے لے گھر میں لگائی
باؤلے گاؤں میں اونٹ آیا، لوگوں نے جانا پرمیشور آیا

باونی : ۱۔ وقتِ کاشت ۔ وقتِ تخم ریزی
۲۔ بوائی ۔ تخم ریزی ۔ کاشت

بائی : ۱۔ رانی ۔ مہارانی ۔ بیگم ۔ خاتون ۔ بانو ۔ محترمہ
۲۔ نائکہ ۔ طوائف ۔ رنڈی ۔ کسبی ۔ مغنیہ

بائیس : بست ودو ۔ اثنا عشرون

بائیسکل دوچرخہ ۔ دراجہ ۔ سائیکل

بائیکاٹ: مقاطعہ ۔ قطع تعلق ۔ ترک تعلق ۔ عدم تعاون ۔ ترک موالات ۔ عدم موالات ۔ ترک وطن

بائیں : اُلٹے ۔ جانب چپ ۔ یسار

بایاں : ۱۔ اُلٹا ۔ چپ ۔ یسار ۔ کھبا
۲۔ طبلہ ۔ دھاما ۔ زطبلہ

بایاں قدم چومنا ــــ بایاں قدم لینا

بباد : ۱۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ نزاع
۲۔ بحث ۔ مباحثہ ۔ مجادلہ ۔ تکرار ۔ مقدمہ ۔ نالش

ببادی : ۱۔ جھگڑالو ۔ فسادی ۔ بکھیڑیا
۲۔ مجادل ۔ مباحث ۔ حجتی ۔ تکراری
۳۔ مقدمہ باز ۔ مستغیث ۔ مدعی

ببول : کیکر ۔ مغیلاں ۔ اُمّ غیلاں

ببولا : بگولا ۔ گردباد ۔ بونڈرلا

بپی : بوسہ ۔ چما ۔ پیار ۔ قُبلہ ۔ چُمّی ۔ مِٹھو

ببیا : لڑکی ۔ بالی ۔ بچی

بپا : برپا ۔ ظاہر ۔ نمودار ۔ قائم

قیامت بپا ہونا ــــ حشر بپا ہونا ــــ حشر بپا کرنا

بپتا : ۱۔ مصیبت ۔ بلا ۔ آفت ۔ عذاب
۲۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ صعوبت ۔ رنج
۳۔ صدمہ ۔ رنج ۔ الم

بپتسما : اصطباغ

بپوتی : ۱۔ موروثی ۔ آبائی ۔ نسلی ۔ خاندانی ۔ پشتینی
۲۔ ورثہ ۔ ترکہ ۔ میراث

بپھرنا : بگڑنا ۔ جھلانا ۔ خشمناک ہونا ۔ غضبناک ہونا ۔ جوش میں بھرنا ۔ بغاوت کرنا ۔ سرکشی کرنا ۔ بھڑکنا ۔ آگ بگولا ہونا ۔ طیش میں آنا

بات بات پر بپھرنا ــــ خواہ مخواہ بپھرنا

| بپھرے رذیل اور بھوکے اشراف سے ڈرنا چاہیے

بت : بات ۔ گفتگو ۔ بول چال ۔ تقریر

بت بڑھاؤ : ۱۔ یاوہ گوئی ۔ فضول گوئی ۔ بیہودہ گوئی ۔ بکواس
۲۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔ بحث
بت بنا / کہا : یاوہ گو ۔ فضول گو ۔ بیہودہ گو ۔ بکواسی ۔ باتونی ۔ چرب زبان
بت کہاؤ : گفتگو ۔ بات چیت ۔ بول چال ۔ تقریر

بت : ۱۔ قوت ۔ طاقت ۔ زور ۔ بل
۲۔ قدرت ۔ بساط ۔ مقدور ۔ مقدرت
۳۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ صلاحیت ۔ اہلیت
۴۔ قد ۔ قامت
۵۔ عمر ۔ سن
۶۔ دولت ۔ جائیداد ۔ سرمایہ ۔ پونجی ۔ متاع

بُت : ۱۔ صنم ۔ پُتلا ۔ مورتی ۔ مورت ۔ مجسمہ ۔ پُتلی ۔ پیکر ۔ تصویر ۔ صورت ۔ شکل
۲۔ معشوق ۔ محبوب ۔ پیارا ۔ پریتم ۔ پیتم

۲۔ خاموش ۔ چُپ ۔ گُنگ ۔ صامت ۔ اُصَم
۴۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ مورکھ ۔ نادان

بُت بے پیر: معشوق ستم گار ۔ محبوب جفا پیشہ ۔ معشوق بیداد گر ۔ محبوب بے رحم ۔ بے وفا
بُت پرست: صنم پرست ۔ لُعبت پرست ۔ مُشرک ۔ کافر ۔ وثنی ۔ اوثان پرست ۔ مورتی پوجک
بُت پرستی: صنم پرستی ۔ مُورتی پوجا ۔ شِرک ۔ کُفر
بُت تراش: بُت گر ۔ بُت ساز ۔ مجسمہ ساز ۔ صنم تراش ۔ صنم گر ۔ صنم ساز ۔ صورت گر ۔ لُعبت ساز
بُت تراشی: بُت گری ۔ بُت سازی ۔ مجسمہ سازی ۔ صنم تراشی ۔ صنم گری ۔ صنم سازی
بُت خانہ: بُت کدہ ۔ صنم کدہ ۔ صنم خانہ ۔ دَیر ۔ مندر ۔ شِوالا ۔ مورتی استھان ۔ مورت گھر ۔ ٹھاکر دوارہ
بُت شکن: صنم شکن ۔ موحّد
بُت شکنی: صنم شکنی
بُت کدہ: بُت خانہ ۔ صنم خانہ ۔ صنم کدہ ۔ مندر ۔ شِوالا ۔ مورتی ۔ استھان

بُت پرست ـــ بُت پرستی ـــ بُت تراشی ـــ
بُت خانہ ـــ بُت شکنی ـــ بُت فروش ـــ بُت آذری
بوڑھا گھاگ: پیر جہاندیدہ۔ پیر چالاک۔ مکار بوڑھا

بوڑھا بوکس —— بوڑھا چونچلا —— بوڑھا ہونا
—— بوڑھی جروا —— بوڑھا چونڈا بلانا ——
بوڑھا کھپاٹ

بوڑھا بالا برابر
بوڑھا چونچلا / نخرا جنازے کے ساتھ
بوڑھا جلنے گیا اور بالا جانے ہیا
بوڑھا ڈرائے مرنے سے اور جوان ڈرائے بھاگنے سے

بوڑھا طوطا جیں کرے / کاٹ کی سے
بوڑھا طوطا پرانا دس
بوڑھے بارے خلق روا رہے
بوڑھی گھوڑی لال لگام
بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں
بوڑھے طوطے پڑھیں قرآن
بوڑھے کلاونت کی کرن سنے
بوڑھے منہ مہاسے (لوگ چلے تماشے)
بوڑھیا پان دمڑی کا کھائے، گھر رہے کہ جائے

بوزنہ: بوزینہ۔ بندر۔ میمون۔ قرد۔ باندر

بوزنہ را بارہ و دگری چہ کار

بوستان: بستان۔ گلستان۔ باغ۔ چمن

بوس: (امر بوسیدن = چومنا)

زمیں بوس —— زمیں بوسی —— قدم بوس ——
قدم بوسی —— دست بوسی —— پابوس ——
پابوسی —— خاک بوسی —— آستان بوسی —— دیدہ بوس
—— خُم بوس —— دیدہ بوسی —— لب بوسی
—— گل بوسی —— رخسار بوسی —— دہلیز بوس
—— فلک بوس —— خاک بوسی

بوسہ: چُوما۔ چُمّی۔ پپّی۔ قُبلہ۔ پیار۔ بُبّی۔ مچھی۔ متھو۔ مٹھی۔ لثمہ۔ بُہلہ

بوس و کنار: بوسہ زنی و بغل گیری
بوسہ باز: بوسہ زن۔ بوسہ ستاں
بوسہ بازی: بوسہ زنی۔ بوسہ ستانی۔ چوما چاٹی
بوسہ زن: بوسہ باز۔ بوسہ ستاں

بوسہ ستاں: بوسہ باز۔ بوسہ زن
بوسہ ستانی: بوسہ بازی۔ بوسہ زنی۔ چوما چاٹی
بوسہ گاہ: مقام بوسہ

بوسہ دینا ــــ بوسہ لینا

بوسیدگی: فرسودگی۔ کہنگی۔ خستگی۔ پراناپن۔ گلاپن۔ رشائنر

بوسیدہ: فرسودہ۔ خستہ۔ کہنہ۔ کٹا پھٹا۔ گلا۔ سڑا۔ پھٹا پرانا۔ پرانا زدہ۔ رث۔ رمیم۔ رُفات

بوسیدہ خیال ــــ بوسیدہ مضمون ــــ بوسیدہ کتاب ــــ بوسیدہ کاغذ ــــ بوسیدہ لباس

بوغما: ۱۔ الابلا۔ اگڑ کھنگڑ۔ کوڑا کرکٹ
۲۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بے ڈول۔ بھونڈی۔ بدقطع
۳۔ بے اصل۔ بے حقیقت

بُوق: نری۔ ترم۔ نفیری۔ نرسنگا۔ صور۔ بگل

بوقلموں: ۱۔ رنگا رنگ۔ نوع بنوع۔ قسما قسم۔ متنوع۔ مختلف النوع
۲۔ حیرت انگیز۔ عجیب وغریب
۳۔ گرگٹ۔ حربا

بوقلمونی: رنگا رنگی۔ تنوع۔ حیرت انگیزی

بوکھل: بدحواس۔ وحشت زدہ۔ سراسیمہ

بوکھلاہٹ: بدحواسی۔ وحشت۔ سراسیمگی

بوگس: جعلی۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ نقلی۔ غیر حقیقی

بُول: پیشاب۔ شاشہ۔ مُوت۔ قارورہ

بول دان: پیشاب دان۔ قارورہ دان۔ ظرفِ پیشاب
بُول گاہ: پیشاب گاہ۔ ذکر۔ فرج
بول و براز: پیشاب و پاخانہ۔ گوموت

بول: (بواو مجہول) ۱۔ حکم۔ بات۔ لفظ۔ قول۔ سخن۔ بچن۔ کہاوت
۲۔ کلام۔ گفتگو۔ گل
۳۔ آواز۔ صدا۔ صوت
۴۔ کہاوت۔ مقولہ
۵۔ فقرہ۔ جملہ۔ کلمہ
۶۔ نغمہ۔ راگ
۷۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد

بول بالا: ترقی۔ جاہ و عزت، شہرت۔ نام وری۔ غلغلہ
بول چال / بولا چالی: ۱۔ بات چیت۔ گفت و شنید۔ گفتگو
۲۔ روزمرہ۔ محاورہ
۳۔ اندازِ گفتگو۔ طرزِ کلام۔ لب ولہجہ
۴۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط وضبط۔ راہ و رسم
۵۔ رفتار و گفتار

بول اٹھنا ــــ بول جانا ــــ میٹھے بول

بولا اور ہار اگیا
بولتا چاکر منیب کے آگے گونگا
بولتا ہے جب تلک ہے بولتا
بولو تو بولو نہیں، پنجرہ خالی کرو
بری بولی تو یہ بولی، میری جوتی بولے
بولے تو بیوی میری نہیں تو درکار نہیں تیری
بولے سو کنڈی کھولے / بولے سو گھی کو جائے
بولے کی نہ چالے کی ہیں تو سوتے کی بھلی

بولی : ۱۔ زبان ۔ لسان
۲۔ علاقائی زبان ۔ محدود زبان ۔ بھاشا ۔ بھاکھا
۳۔ گفتگو ۔ بول چال ۔ گفتار
۴۔ زبان جانوراں ۔ صوت حیوانی
۵۔ نیلام ۔ قیمت ۔ آواز
۶۔ آوازہ ۔ صدا ۔ صوت

بول ٹھالی : ۱۔ مذاق ۔ دل لگی
۲۔ آوازہ ۔ آوازا ۔ طعن و تشنیع ۔ طنز ۔ طعنہ
۳۔ مسخراپن ۔ ظرافت ۔ چھیڑ چھاڑ
۴۔ عامیانہ زبان ۔ سوقیانہ گفتگو

بُوم : ۱۔ ہجوم ۔ بھومی ۔ جگہ ۔ مقام ۔ زمین
۲۔ اُلّو ۔ چغد ۔ بودم بے دال
۳۔ منحوس ۔ نامبارک ۔ نامسعود ۔ نحس
۴۔ تنہائی پسند ۔ ویرانہ پسند
۵۔ بیوقوف ۔ نادان ۔ ابلہ ۔ بدھو ۔ مورکھ ۔ احمق

بَونا : پست قد ۔ چھوٹے قد کا ۔ ٹھنگنا ۔ کوتاہ قامت ۔ قلیل القامت ۔ بالشتیا ۔ ناٹا ۔ گٹھا ۔ کوتاہ قد ۔ گٹا ۔ قلیل القد ۔ چھوٹا ۔ کوتاہ ۔ بگمیز ۔ ٹھنگی ۔ پستہ قد ۔ منڈھرا

بونا بوی کا کھلونا

بُونا : بیج ڈالنا ۔ تخم ریزی کرنا ۔ کاشت کرنا

بُوند : ۱۔ قطرہ ۔ چھینٹ ۔ ٹپکہ ۔ بوجہ
۲۔ نطفہ ۔ منی
۳۔ تھوڑا ۔ خفیف ۔ نہایت قلیل ۔ ذرہ سا

بوندا باندی : ہلکی بارش ۔ تقاطر ۔ ترشح ۔ پھوار ۔ باران

بوند بھر : نہایت قلیل ۔ بہت تھوڑا ۔ ذرا سا ۔ خفیف
بوند چوٹی : حاملہ ۔ گابھن ۔ امید سے ۔ آبستنی
بوند کی بوند : متقطر ۔ مروق

بوند پڑنا —— بوند چرانا —— بوند ساون —— بوند گرنا

بوند بوند (کر کے) تالاب بھرتا ہے
بوند کا چوکا گھڑے ڈھلکائے / لنڈھاتے (تو کیا ہوتا ہے)
بوند کا گیا حوض سے نہیں آتا

بونڈلا : بگولا ۔ بھولا ۔ گردباد

بَونگا : ۱۔ بیوقوف ۔ نادان ۔ ابلہ ۔ احمق ۔ مورکھ
۲۔ غیر موزوں ۔ نامناسب ۔ نازیبا ۔ بیہودہ ۔ بھدا ۔ بھونڈا

بِہ : اچھا ۔ خوب ۔ عمدہ

بہبود —— بہتر —— بہترین —— بہتری

بہا : مول ۔ قیمت ۔ دام ۔ قدر

بہادر : ۱۔ جری ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ جواں مرد ۔ سورما ۔ جنگی ۔ سوربیر ۔ شجیع ۔ متہور ۔ باسل ۔ بسول ۔ بطل
۲۔ نڈر ۔ بے باک ۔ بے خوف
۳۔ جی دار ۔ جگر دار ۔ حوصلہ مند ۔ باہمت ۔ عالی ہمت ۔ عالی حوصلہ
۴۔ غازی ۔ جنگ جو ۔ جودھا ۔ ساونت ۔ راونت ۔ نبردہ ۔ مبارز

بہادری : ۱۔ جرأت ۔ شجاعت ۔ بسالت ۔ شہامت ۔ دلیری ۔ تہور ۔ بطالت ۔ دلاوری ۔ جواں مردی ۔ مردانگی ۔ سورماپن
۲۔ بے باکی ۔ بے خوفی
۳۔ جی داری ۔ جگر داری ۔ حوصلہ مندی ۔ عالی ہمتی ۔ پامردی

۴۔ جنگ جوئی۔ جودھاپن

بہادری دکھانا ـــــ بہادری کا سکہ جمانا ـــــ
بہادری کا زعم ہونا

بہادری کا کام نہ چاہے نام

بہار : ۱۔ فصل ربیع۔ فصل گل۔ بسنت رت
۲۔ سیر۔ تماشا۔ تفریح۔ دل لگی
۳۔ لطف۔ کیفیت۔ سماں۔ سرور۔ آنند۔ موج۔ لہر
۴۔ خوشی۔ انبساط۔ بہجت۔ فرحت۔ شادمانی۔ آنند
۵۔ شادابی۔ رونق۔ سرسبزی۔ بہارستان
۶۔ شباب۔ جوانی۔ آغاز جوانی
۷۔ جوبن۔ شان۔ شوکت
۸۔ فصل۔ موسم۔ رت

بہار آگیں : پُربہار۔ سرسبز۔ شاداب۔ پُررونق

موسم بہار ـــــ بہار آنا ـــــ بہار پیرا ـــــ بہار کے دن
ـــــ بہار گل ـــــ بہار چمن ـــــ بہار عمر ـــــ
بہار پر آنا ـــــ بہار جوانی ـــــ بہار حسن ـــــ
بہار اندر بہار ـــــ بہار ہونا ـــــ بہار لوٹنا ـــــ
شب بہار ـــــ آموں کی بہار ـــــ جاموں کی بہار
ـــــ پھولوں کی بہار

بہانہ : ۱۔ عذر۔ حیلہ۔ معذرت۔ مس
۲۔ ظاہرداری۔ دھوکا۔ فریب۔ دم۔ تصنع۔ بناوٹ۔ مکر۔ جھانسا
۳۔ چھل۔ جُتا۔ پتا۔ بل۔ تبولا
۴۔ سبب۔ وجہ۔ علت۔ باعث۔ وسیلہ۔ کارن
۵۔ موقع۔ ڈھب۔ ترکیب
۶۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ عذر بے جا۔ لارا لیری۔ لارا لپا۔

بحر محر

بہانہ باز : بہانہ جو۔ حیلہ جو۔ بہانہ ساز۔ بہانہ طلب
بہانہ جُو : بہانہ باز۔ حیلہ جو۔ بہانہ ساز۔ بہانہ طلب۔ فریبی
بہانہ جُوئی : بہانہ بازی۔ حیلہ جوئی۔ بہانہ سازی۔ بہانہ طلبی۔ فریب۔ دھوکا
بہانہ خور : مکار۔ فریبی۔ دغاباز۔ بہانہ جو۔ بہانہ ساز۔
بہانہ خوری : مکاری۔ فریب۔ دغابازی۔ بہانہ جوئی۔ بہانہ سازی
بہانہ ساز : بہانہ باز۔ بہانہ جو۔ حیلہ جو۔ حیلہ ساز۔ بہانہ طلب۔ فریبی۔ دغاباز
بہانہ سازی : بہانہ بازی۔ بہانہ جوئی۔ حیلہ جوئی۔ حیلہ سازی۔ بہانہ طلبی۔
فریب۔ دغابازی
بہانہ طلب : بہانہ باز۔ بہانہ جو۔ حیلہ جو۔ حیلہ ساز۔ فریبی۔ دغاباز
بہانہ طلبی : بہانہ بازی۔ بہانہ جوئی۔ حیلہ جوئی۔ حیلہ سازی۔ فریب۔
دغابازی

بہانہ بنانا ـــــ بہانہ چلنا ـــــ بہانہ ڈھونڈنا ـــــ
بہانہ کرنا ـــــ بہانہ ملنا ـــــ بہانہ لانا

بہانے موت، حیلے رزق

بہائم : (جمع بہیمہ) چوپائے۔ مویشی۔ جانور

بہائمی : ۱۔ حیوانی
۲۔ حیوانی خصلت۔ حیوانیت۔ بہیمیت

بہاؤ : ۱۔ روانی
۲۔ ڈھلاؤ
۳۔ طغیانی۔ سیلاب۔ چڑھاؤ

بہبود : بھلائی۔ بہتری۔ فلاح۔ بہبور۔ رفاہ۔ خیر طلبی۔ خوشحالی۔ نفع۔ فائدہ۔
خیریت۔ عافیت۔ فراغ بالی۔ کثرت۔ خوش اقبالی۔ بہی خواہی۔
سودمندی۔ منافع۔ منفعت۔ بہنات۔ تندرستی۔ بلند بختی۔

طالع مندی۔ ترقی۔ افزونی۔ بیشی۔ ترفہ۔ فارغ البالی

بہبودِ دنیا ــــ بہبودِ عقبیٰ ــــ بہبودِ زندگی ــــ بہبودِ علم ــــ بہبودِ ادب

بہت : ۱۔ نہایت۔ زیادہ۔ بہ کثرت۔ بہ افراط۔ کثیر۔ فراواں۔ فزوں۔ بیش۔ وافر۔ بسیار۔ خیلے۔ بے شمار۔ بے حد۔ بے انتہا۔ بے غایت۔ بیشتر۔ وفور۔ کثرت۔ غفیر۔ متوافرہ۔ ات گت۔ ازحد۔ غزیر۔ وافی۔ کافی۔ بس۔ ڈھگ۔ بہوں۔ افراط۔ ازبس۔ بسے۔ بے قیاس۔ بے حساب۔ بے اندازہ۔ موفور۔ فرط۔ مفرط۔ جزیل۔ جزیلہ

۲۔ بڑا۔ وسیع۔ فراخ۔ طویل و عریض۔ بے کراں۔ بے پایاں۔ خطیر۔ لاتعد۔ لاتحصیٰ

۳۔ ہاں۔ بلے

بہت اچھا ــــ بہت دور رہو ــــ بہت ہونا ــــ بہت چینا ــــ بہت اُڑنا ــــ بہت بڑی عمر ــــ بہت رات ہونا ــــ بہت دن ہوئے ــــ بہت سر اُٹھنا

بہت اولاد بھی غضب ہے
بہت سونا دلدر کی نشانی
بہت قریب زیادہ رقیب
بہت قصائیوں میں گائے مُردار
بہت کنگھی تھوڑی کرنی
بہت کٹ گئی تھوڑی رہ گئی
بہت گئی تھوڑی رہی
بہت مار میں آدمی تو بہ بھول جاتا ہے
بہت مار میں رونا نہیں آتا
بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں
بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکو

بہتا : ۱۔ جاری۔ رواں
۲۔ تیرتا۔ جاتا

بہتا پانی نرملا اور بندھا گندھلا ہوئے
سادھو جان رمتا بھلا، داگ نہ لاگے کوئے

بہتا دریا ہے جو چاہے چلّو بھرے
بہتے دریا میں جس کا جی چاہے ہاتھ دھولے
بہتے دریا میں جو چاہے سو نہائے
بہتے کو مت جانے دے، مت بتلاوے ٹھور
سمجھائے سمجھے نا ہیں دھکا دے دے اور

بہتات : زیادتی۔ بیشی۔ افزونی۔ افزائش۔ کثرت۔ افراط۔ فراوانی۔ ریل پیل۔ وفور۔ بڑھوتری

بہتان : ۱۔ تہمت۔ الزام۔ اتہام۔ افترا۔ طوفان۔ دوش
۲۔ لم۔ کلنک۔ نندا۔ حرف۔ چھینٹا۔ عیب۔ بدنامی۔ رسوائی۔ دھبّا

بہتان اٹھنا ــــ بہتان باندھنا ــــ بہتان جوڑنا ــــ بہتان دھرنا ــــ بہتان لینا ــــ بہتان رکھنا ــــ بہتان لگانا

بَہتّر : ہفتاد و دو۔ اٹنا سبعون

بہتر : ۱۔ خوب تر۔ عمدہ تر۔ افضل۔ اعلیٰ۔ خوش تر
۲۔ ہاں۔ خوب۔ ضرور۔ مضائقہ نہیں۔ خیر

بہتری : بہبود۔ بھلائی۔ خیریت۔ نیکی۔ خوبی۔ عمدگی۔ ترقی۔ فلاح۔ رفاہ۔ خیر طلبی۔ نفع۔ فائدہ۔ خوشحالی۔ عافیت۔ فراغ بالی۔ خوش اقبالی۔ بھی۔ حسنہ

بہتری ہونا ــــ بہتری جاننا ــــ بہتری سوچنا ــــ

بہتری چاہنا

بہترین : خوب ترین ۔ عمدہ ترین ۔ خوش ترین ۔ مہترین ۔ افضل ۔ اعلیٰ

بہتیرا : ۱۔ بہت ۔ کئی ۔ زیادہ ۔ کتنا ہی ۔ کافی
۲۔ وافر ۔ کثیر ۔ بافراط ۔ بکثرت
۳۔ بار بار ۔ بارہا ۔ متعدد بار ۔ صد بار ۔ ہزار بار

| بہتیرا گاؤ بجاؤ کوڑی نہ پاؤ

بہجت : ۱۔ خوشی ۔ انبساط ۔ فرحت ۔ شادمانی ۔ آنند ۔ مسرت ۔ تازگی
۲۔ خوب صورتی ۔ حسن ۔ جمال
۳۔ خوبی ۔ شان ۔ شوکت ۔ شکوہ ۔ ٹھاٹھ ۔ احتشام
۴۔ عظمت ۔ جاہ و جلال

بہر : لیے ۔ واسطے

بہرا : ۱۔ گراں گوش ۔ کر ۔ آگندہ گوش ۔ بولا ۔ سنگیں گوش ۔ اصم ۔ ڈورا ۔ اُوتر
۲۔ بے پروا ۔ بے خبر ۔ بے توجہ ۔ غافل

بہراپن : ثقلِ سماعت ۔ گراں گوشی ۔ آگندہ گوشی

بہرا ٹھنڈ ـــ بہرا ہونا ـــ بہرا کرنا ـــ بہرا بنانا ـــ بہرا پتھر

| بہرا بجائے اندھا گائے
| بہرا بہشتی ، اندھا دوزخی
| بہرا روٹی کی پٹ پٹ سن لیتا ہے
| بہرا سنے دھرم کی کتھا
| بہرا سو گہرا

| بہرے آگے گاؤنا ۔ گونگے آگے گل
| اندھے آگے ناچنا "بہتوں ال بلل"

بہرام : مریخ ۔ منگل ۔ جلادِ فلک

بہرحال : بہرکیف ۔ ہر طرح ۔ بہرصورت ۔ ہر حیثیت سے ۔ بہر طور ۔ ہر حالت میں ۔ کسی نہ کسی طرح ۔ جس طرح ہو سکے ۔ جس طرح بنے ۔ الغرض ۔ الحاصل

بہروپ : ۱۔ بھیس ۔ سوانگ ۔ ایکٹنگ
۲۔ دھوکا ۔ فریب ۔ مکر ۔ شعبدہ

| بہروپ بھرنے میں بھی کمال چاہیے

بہروپیا : ۱۔ سوانگی ۔ نقال ۔ ایکٹر ۔ بھیس بدلنے والا
۲۔ فریبی ۔ مکار ۔ شعبدہ باز ۔ نیرنگ ساز ۔ دھوکے باز ۔ پھیٹ باز ۔ حیلہ ساز ۔ چکر باز

بہرہ : ۱۔ حصہ ۔ جزا
۲۔ بھاگ ۔ نصیب ۔ قسمت
۳۔ حوصلہ ۔ دلیری
۴۔ فائدہ ۔ نفع ۔ منفعت ۔ یافت ۔ آمدنی

بہرہ مند/ ور/ یاب : ۱۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ خوش بخت ۔ طالع مند ۔ طالع آور ۔ بھاگوان
۲۔ کامیاب ۔ بامراد ۔ فائز المرام
۳۔ فائدہ یاب ۔ نفع یاب
۴۔ خوش ۔ خرم ۔ شاد ۔ شاداں ۔ شادماں ۔ خورسند ۔ آنند

بہرہ مندی/ وری/ یابی : ۱۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی ۔ خوش بختی ۔ اقبال مندی ۔ طالع مندی ۔ طالع آوری
۲۔ کامیابی ۔ بامرادی ۔ فوز ۔ فلاح

۲۔ خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ شادکامی۔ خورسندی

بہشت : ۱۔ جنت۔ خلد۔ فردوس۔ مینو۔ باغِ ارم۔ باغِ عدن۔ جناں۔ سورگ۔ بیکنٹھ۔ باغِ رضوان۔ پردوس۔ باغِ بدیع۔ باغِ رفیع۔ بسنام۔ سرائےِ سرود۔ مینوے مینواں۔ منزل۔ باغِ گلشن۔ گلزار
۲۔ جائے عیش۔ جائے نشاط۔ پُرفضا مقام

بہشتِ بریں ـــ بہشتِ شداد ـــ بہشت کا جانور ـــ بہشت کا میوہ ـــ بہشت کی قمری ـــ بہشت میں ٹھوکر مارنا ـــ بہشت والا ـــ بہشت میں لات مارنا ـــ بہشتی

بہشتی : ۱۔ جنتی۔ خلد آشیاں۔ فردوس مقام
۲۔ سقہ۔ آب کش۔ آب پاش۔ آب رساں۔ پنہارا

بہک : ۱۔ بہکاپن۔ بکواس۔ مزخرفات۔ لایعنی کلام
۲۔ گمراہی۔ گم گشتگی۔ بے راہی۔ کج روی
۳۔ بدقسمتی۔ بدبختی۔ بدنصیبی

بہکا : ۱۔ گم راہ۔ گم گشتہ
۲۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ بے عقل۔ بے حواس

بہکانا : گمراہ کرنا۔ بھٹکانا۔ ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ راستہ بھلانا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ کان بھرنا

بہکاوا : ۱۔ دھوکا۔ فریب۔ چال۔ اغوا
۲۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت

بہل / بہلی : بیل گاڑی۔ رتھ۔ شکرم

بہلانا : خوش کرنا۔ ہنسانا۔ جی بہلانا۔ پھسلانا

خود کو بہلانا ـــ دل کا بہلانا ـــ کسی کا بہلانا

بہلاوا : تفریح۔ مشغلہ

بہن : ۱۔ خواہر۔ ہمشیر۔ اخت۔ باجی۔ آپا۔ بوا۔ دیدی۔ ہمشیرہ۔ ماجائی۔ سسٹر۔ بھینا۔ گواہر۔ گوہار۔ جی جی
۲۔ سہیلی

بہناپا: منصبِ خواہری۔ دوستی

بہن بھلی نہ بھیا، سب سے بھلا روپیا
بہن سو برس کی بھائی پانچ برس کا
بہن کے گھر بھائی کتا
بہنیں بہنیں آپس میں لڑیں لوگوں نے جانا بیر پڑے

بھنوت : بھانجا۔ پسرِ خواہر۔ خواہر زادہ

بہنوئی : شوہرِ خواہر۔ برادرِ نسبتی

بہو : زوجۂ پسر۔ اہلیۂ پسر۔ زنِ پسر۔ بنوہ۔ نونہہ۔ دلہن

بہو بیٹی سب رکھتے ہیں
بہو باتوں بڑی کرتب
بہو رہی کنواری ساس رہی واری، بہو آئی بیاہی پڑ گئی خواری
بہو شرم کی بیٹی کرم کی
بہو لالی۔ دلہن گھر گھالی
بہو نویلی اور گیہوں دود جیلی

بہوار : بیوہار۔ لین دین۔ داد و ستد۔ معاملہ

بہی : ۱۔ سفرجل

بھیر : ۱۔ مجمع۔ انبوہ۔ گروہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ ازدحام
۲۔ سامان لشکر۔ ساز و برگ۔ ساز و سامان
۳۔ خیمہ۔ خرگاہ

بھیر و بنگاہ : ۱۔ ملازمان لشکر۔ شاگرد پیشگان لشکر۔ چاکران لشکر
۲۔ ساز و سامان لشکر

بھابی : بھاوج۔ زن برادر۔ زوجہ برادر۔ اہلیہ برادر۔ بھرجائی۔ بھاوجہ۔ ژنگا۔ کنّہ۔ بینگہ

بھاپ : بخار۔ بخارات۔ دُخاں۔ سٹیم۔ دھواں۔ بھاپھ۔ دود دیگ
نفِ دیگ۔ اواڑ۔ بھپاکہ

بھات : ابلے چاول۔ خُشکہ

بھات بن رہا جاوے، پیا بن رہا نہ جاوے
بھات چھوڑا جاتا ہے، ساتھ نہیں چھوڑا جاتا
بھات چھوڑے ساتھ نہ چھوڑے
بھات کھائے ہاتھ پرائے
بھات کھانے بہتیرے، کام دولھا دولھن سے
بھات ہو گا تو کوّے بہتیرے آ رہیں گے

بھاتا : خوشگوار۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ دل پذیر۔ سُہانا

بھاٹ : ۱۔ نسّاب
۲۔ قصیدہ گو۔ مدح خواں۔ ثنا گر
۳۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ پھکڑ

بھاٹ، بھٹیاری، بیسوا تینوں جات کجات
آتے کا آدر کریں جاتے نہ پوچھیں بات

بھاٹا : اُتار۔ جزر۔ تنزل۔ زوال۔ ہبوط۔ کمی

بھاجڑ : ۱۔ حیرانی۔ پریشانی۔ سراسیمگی۔ افراتفری۔ انتشار۔ بھاگڑ۔ فرار
۲۔ اسباب۔ سامان۔ اثاثہ۔ ساز و برگ

بھاجی : ۱۔ حصہ۔ بخرا
۲۔ تحفہ۔ ہدیہ
۳۔ سبزی۔ ترکاری

بھاجی کی بھاجی کیا دوسرے کی محتاجی

بھار : ۱۔ بوجھ۔ بار۔ وزن۔ ثقل
۲۔ ناگوار۔ اجیرن۔ زحمت۔ تکلیف
۳۔ ذمہ داری
۴۔ عزت۔ آبرو۔ وقار۔ رعب۔ دبدبہ

بھارکس : بارکش۔ چھکڑا۔ گاڑی

بھاری : ۱۔ وزنی۔ ثقیل۔ بوجھل۔ گراں۔ گراں بار۔ سنگین
۲۔ غالب۔ حاوی۔ مسلط
۳۔ قابل قدر۔ قابل عزت۔ گراں قدر
۴۔ لائق ترجیح۔ فائق
۵۔ ثقیل۔ دیر ہضم
۶۔ موٹا۔ فربہ۔ جسیم۔ گراں ڈیل۔ بڑا۔ کلاں
۷۔ ضخیم۔ جسیم
۸۔ سوجا۔ پھولا۔ متورم
۹۔ مضبوط۔ محکم۔ مستحکم۔ زبر۔ سخت
۱۰۔ دوبھر۔ اجیرن۔ ناگوار۔ تکلیف دہ۔ مشکل۔ کٹھن۔ ناگوار خاطر۔ بار خاطر۔ شاق۔ وبال جان
۱۱۔ کثیر۔ بہت۔ بے افراط۔ فراواں
۱۲۔ خوفناک۔ دہشت ناک۔ ہولناک۔ بھیانک

۱۳۔ خطرناک۔ پُرخطر۔ مخدوش
۱۴۔ منحوس۔ نحس۔ نامبارک۔ نامسعود۔ ناساعد
۱۵۔ قیمتی۔ بیش قیمت۔ بیش بہا۔ گراں بہا۔ گراں قدر
۱۶۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ متمول۔ غنی
۱۷۔ دلیرانہ۔ بہادرانہ۔ شجاعانہ
۱۸۔ دراز۔ لمبا۔ طویل
۱۹۔ اداس۔ رنجیدہ۔ ملول۔ افسردہ۔ پژمردہ
۲۰۔ متحمل۔ بردبار۔ حلیم۔ صابر۔ ضابط
۲۱۔ سست۔ آہستہ

بھاری بھرکم: ۱۔ موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ لحیم و شحیم۔ جسیم
۲۔ معتبر۔ ذی عزت۔ باوقار
۳۔ سنجیدہ۔ متین۔ خاموش طبع
۴۔ متحمل۔ بردبار۔ حلیم
بھاری پن: وزن۔ گرانی۔ ثقل۔ بوجھ
بھاری پتھر: کارِ دشوار۔ کارِ مشکل

بھاری بھرکم ــــ بھاری پن ــــ بھاری پتھر ــــ
بھاری شہتیر ــــ بھاری رات ــــ بھاری لگنا
ــــ بھاری ہونا ــــ جی بھاری ہونا ــــ دس پر
بھاری ہونا ــــ دن بھاری ہونا ــــ بھاری جوڑا ــــ
بھاری خرچ ــــ بھاری زیور ــــ بھاری چوری
ــــ بھاری ڈاکا ــــ بھاری شب ــــ بھاری آنت
ــــ بھاری آواز ــــ بھاری بھرکم ــــ بھاری پیٹ
ــــ بھاری پیر پاؤں

| بھاری بیاج مُول کو کھائے

بھاڑ: بھٹی۔ تنور۔ گلخن

| بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا

| بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہی سہی
| بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے
| بھاگتے ہوئے لشکر کا مردہ پیچھا نہیں کرتا

بھاڑا: ۱۔ کرایہ۔ اجرت۔ مزدوری۔ معاوضہ
۲۔ خرچی۔ دلالی

بھاشا: ۱۔ زبان۔ بولی۔ لسان۔ بھاکھا۔ بھاکا
۲۔ گفتگو۔ بات چیت۔ روزمرہ۔ بول چال

بھاگ: بھاگڑ۔ بھاجڑ۔ دوڑ۔ فرار

| بھاڑ سے نکلا بھاڑ میں گرا
| بھاڑ لیپتی جائیں اور ہاتھ کالے کے کالے
| بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان

بھاگ: ۱۔ حصہ۔ بخرا۔ ٹکڑا۔ جزو۔ گھنڈ۔ کسر
۲۔ تقسیم۔ بانٹ۔ بٹوارا
۳۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر۔ تقدیر
۴۔ حصہ۔ حق۔ ورثہ۔ ترکہ

بھاگ بھرا: خوش بخت۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ خوش طالع۔ بلند طالع۔
طالع آور۔ بخت آور۔ اقبال مند۔ صاحب اقبال
بھاگ وان: اقبال مند۔ طالع مند۔ صاحب اقبال۔ صاحب نصیب۔
خوش بخت۔ خوش طالع۔ خوش نصیب۔ خوش قسمت۔
نصیبہ ور

بھاگڑ: ۱۔ بھاجڑ۔ فرار۔ دوڑ۔ بھگدڑ
۲۔ ہل چل۔ افراتفری۔ انتشار۔ بدنظمی۔ بدانتظامی
۳۔ بے چینی۔ اضطراب۔ بے کلی

بھاگی : ۱۔حصہ دار۔شریک۔ساجھی۔وارث
۲۔خوش بخت۔خوش نصیب۔خوش قسمت۔اقبال مند۔طالع مند۔بختاور۔بھاگوان

بھال : ۱۔انی۔سنان۔پیکان
۲۔تلاش۔تفتیش۔ٹوہ۔تجسس

بھالا : برچھا۔بلم۔نیزہ۔سانگ۔سل۔رمح۔قنات۔آسل۔حربہ

بھالو : ریچھ۔خرس۔دُب

بھالو نچانا ــــ بھالو کا غصہ ــــ بھالو کا کینہ

بھان : ۱۔خردہ۔ریزہ۔ریزگاری
۲۔خم۔کجی۔ٹیڑھاپن۔انحنا

بھانت : ۱۔قسم۔نوع
۲۔رسم۔ریت
۳۔ڈھنگ۔طرز۔طریقہ۔انداز۔طور

بھانجا : خواہرزادہ۔ہمشیرزادہ۔ابن اخت۔بہن کا بیٹا

بھانجی : ہمشیرزادی۔خواہرزادی۔خورزہ

بھانجی : (بہ نون غنہ) خلل اندازی۔دراندازی۔روک۔رکاوٹ۔مزاحمت۔خرابی۔رخنہ اندازی

بھانجی خور : خلل انداز۔درانداز۔رخنہ انداز۔مزاحم

بھانڈ : ۱۔بھاٹ۔قصیدہ گو۔مدح سرا۔ثناخواں۔خوشامدی۔چاپلوس۔متملق۔زٹلیا
۲۔نقال۔نقلیا۔مسخرہ۔سوانگی۔بہروپیا۔ایکٹر

بھانڈ و بنا ہے لوگ کہتے ہیں تماشا ہے رنگا نا ہے
بھانڈوں کے سنگ کھیتی کی، گا بجا کے اپنی کی

بھانڈا : ۱۔برتن۔ظرف۔ہانڈی۔گھڑا۔مٹکا
۲۔راز۔بھید۔پوشیدہ بات
۳۔ملکیت۔ملک۔ساز و سامان۔اثاثہ

بھانڈا پھوڑ : چغل خور۔غماز۔نمام

بھان متی : مداری۔بازی گر۔شعبدہ باز۔نیرنگ ساز

بھان متی نے کنبہ جوڑا، کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا

بھاوج : بھابی۔زن برادر۔زوجۂ برادر۔بھرجائی

بھاؤ : ۱۔نرخ۔شرح۔ارگھ۔قیمت۔مول۔نرخ بازاری۔ریٹ
۲۔حالت۔کیفیت۔روپ۔ڈھنگ۔انداز
۳۔ناز۔ادا۔اشارت۔غمزہ۔عشوہ
۴۔سمجھ۔فہم۔عقل
۵۔سبھاؤ۔عادت۔خصلت
۶۔محبت۔تمنا
۷۔عزت۔خاطر۔تواضع۔مدارات

بھاؤ اترنا ــــ بھاؤ بتانا ــــ بھاؤ بننا ــــ بھاؤ دیکھنا ــــ بھاؤ تاؤ ــــ بھاؤ پڑھانا ــــ بھاؤ تیز ہونا ــــ بھاؤ نکالنا ــــ بھاؤ بڑھانا ــــ بھاؤ چڑھنا

بھاؤ نہ جانے راؤ
بھاؤ راؤ کی خبر نہیں

بھائی : ۱۔ برادر۔ اخ۔ بھیا۔ بیر۔ ویر۔ ماجایا۔ بھرا۔ دادر۔ آغا۔ آکا۔ ایچی۔
بھراتا۔ بھراتر۔ براس
۲۔ قریبی۔ قرابت دار۔ رشتہ دار۔ دوست۔ ساتھی۔ رفیق

بھائی بند: رشتہ دار۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم قوم۔ ہم مذہب۔ ہم مسلک۔ ہم مشرب
بھائی بندی: رشتہ داری۔ رفاقت۔ ہم قومی۔ ہم مذہبی۔ ہم مشربی۔ ہم مسلکی
بھائی چارا: مواخات۔ اخوت۔ دوستی۔ میل۔ بھائی بندی۔ رشتہ داری۔
قرابت داری۔ برادری۔ رفاقت۔ شرکت

بھائی ایسا ہت نا، بھائی ایسا بیری نا
بھائی بھاؤ کا، نہیں اپنے داؤ کا
بھائی بھاؤ کرے، تل مارے، اوپر چاؤ کرے
بھائی جیسا دوست نہیں، بھائی جیسا دشمن نہیں
بھائی دور پڑوسی نیڑے
بھائی نہ لے بھاؤ دے
بھائی سا ساہو نہ بھائی سا بیری
بھائی سو بھائی باقی چھینکے پر
بھائی کا بول اور ببولے کا پھول ترت جلتا ہے
بھائی کا ٹھوک روٹی پیٹ کر باندھو بھوک نہ لگے
بھائی کالے صابن لگائے گورے نہیں ہوتے
بھائی مار بٹارے اور سالا گھر میں کھائے
بھائی مس کھایئے، بھتیجے مس رکھیئے
بھائیوں کے ڈنڈ ملو

بھبک : ۱۔ بھاپ۔ بھپکا۔ بھڑک
۲۔ تعفن۔ بدبو۔ سڑاندھ
۳۔ شعلہ۔ لپٹ۔ لاؤ

بھبکی : دھمکی۔ گھرکی۔ ڈراوا

بھبوکا : ۱۔ شعلہ۔ شرارہ
۲۔ بھبک۔ بھڑک۔ لپٹ۔ لوکا
۳۔ سرخ۔ لال۔ احمر
۴۔ روشن۔ منور۔ تاباں۔ رخشاں۔ درخشاں۔ چمکیلا
۵۔ شوخ۔ طرار۔ چنچل۔ اچپل
۶۔ غضب ناک۔ خشمگیں۔ غیظ آلود۔ خشم آلود
۷۔ گرم۔ جلتا بلتا۔ محرور

بھپارا : ۱۔ بھاپ۔ بخارات۔ دخان
۲۔ دم۔ فریب۔ جھوٹ۔ کذب۔ دروغ
۳۔ جوشش۔ ابال

بھتا : سفر خرچ۔ زادِ سفر۔ زادِ راہ۔ الاؤنس

بھتنا : ۱۔ خبیث روح۔ پلید روح۔ شیطان
۲۔ بدصورت آدمی۔ کریہہ المنظر۔ بدقطع۔ بدشکل۔ بدصورت۔
بے ڈول۔ بھونڈا

بھتیجا : برادر زادہ۔ پسر برادر۔ ابن الاخ۔ دوست زادہ۔ درارہ۔
نیفیو۔ بتیجا

بھتیجی : برادر زادی۔ وریرہ۔ بتیجی

بھٹ : ۱۔ بھٹی۔ بھاڑ۔ تنور۔ گلخن۔ چولہا۔ آتش دان
۲۔ غار۔ کھوہ۔ بل۔ سوراخ۔ بانبی

بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان

بھٹّا : بھٹی۔ پزاوہ

بھٹک : ۱۔ گم راہی۔ ضلالت۔ بے راہی
۲۔ آوارگی۔ سرگشتگی

۲۔ جلد۔ فوراً۔ فی الفور

بھٹنی : سرپستان۔ ٹمکنا۔ نپل۔ حلمہ

بھٹئی : بھٹائی۔ بھاٹ پن۔ قصیدہ خوانی۔ مدح سرائی۔ ثناخوانی۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ تمسخر

بھٹی : بھٹ۔ بھاڑ۔ گلخن۔ آتش دان۔ چولھا

بھٹیارا : نان بائی۔ طعام پز۔ باورچی۔ مطبخی۔ رسوئیا۔ طباخ

بھجن : ۱۔ حمد۔ ثنا۔ مناجات۔ عبادت۔ پرستش۔ پوجا
۲۔ حصہ۔ بخرا۔ ٹکڑا۔ جزو
۳۔ خدمت۔ ملازمت۔ نوکری۔ ٹہل۔ سیوا

بھچا : تنگ۔ پست

بُھچک : ۱۔ حیران۔ ہکا بکا۔ سرگراں۔ پریشان۔ سراسیمہ
۲۔ خوف زدہ۔ دہشت زدہ۔ ڈرا۔ سہما

بھد : ذلت۔ بےعزتی۔ بے وقعتی۔ رسوائی۔ بدنامی

بُھدّا : ۱۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بدقطع۔ بدہیئت۔ بدحیثیت
۲۔ بھونڈا۔ بےڈول۔ ناتراشیدہ۔ اَن گھڑ۔ بھدیس۔ بےڈھنگا۔ بےڈھب۔ بھدیسلا۔ بھنگم۔ پھوہڑ
۳۔ موٹا۔ فربہ۔ لحیم شحیم۔ پھپس۔ ہیڑا
۴۔ سست۔ کاہل۔ کسل الکار۔ احدی
۵۔ بےوقوف۔ احمق۔ نادان۔ نافہم۔ اناڑی۔ بھوندو۔ کندہ ناتراش۔ گیدی۔ گُر

بھدا ہونا ــــ بھدا دکھائی دینا ــــ بھدا معلوم ہونا

بھر : ۱۔ پورا۔ برابر
۲۔ کل۔ تمام۔ سب۔ سارا
۳۔ حتی الوسع۔ حتی الامکان۔ حتی المقدور

بھرپور : پورا۔ تمام۔ کامل۔ مکمل۔ کُل
بھرمار : کثرت۔ افراط۔ بہتات

بھرا : ۱۔ پُر۔ لب ریز۔ لبالب۔ معمور
۲۔ کُل۔ تمام۔ مکمل۔ سمپورن۔ پورا
۳۔ موجود۔ حاضر۔ جمع
۴۔ موٹا تازہ۔ پُرگوشت۔ لحیم شحیم۔ جسیم
۵۔ بوجھ۔ بھرت۔ کھیپ

بھرا بتولا : ۱۔ آسودہ۔ مرفہ الحال۔ فارغ البال۔ فراخ دست۔ مال دار۔ متمول۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ خوش حال۔ کھاتا پیتا
۲۔ صاحب اولاد۔ عیال دار
۳۔ آباد۔ معمور

بھرا بھرا : آباد۔ معمور۔ پُررونق
۲۔ پُرگوشت۔ موٹا تازہ۔ لحیم شحیم

بھرا پرا : ۱۔ آباد۔ معمور۔ پُررونق
۲۔ صاحب اولاد۔ عیال دار
۳۔ کامیاب۔ کامران۔ فائز المرام
۴۔ خوش حال۔ مرفہ الحال۔ آسودہ حال
۵۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول۔ غنی
۶۔ خوش قسمت۔ خوش بخت۔ خوش نصیب۔ بلند اقبال۔ بلند بخت۔ بلند اختر۔ طالع مند۔ اقبال مند۔ بخت آور

بھرا سو دھرا
بھرا کن لا مچانے تھی، بھاگن کو نہیں بجانے تھی
بھرا گھر راور خالی کھہا تیز جاتا ہے
بھرتے کو بھریں شاہ مدار

بھری جوانی مانجھا ڈھیلا
بھرے سمندر پیاسے
بھرے سمندر گھونگا ہاتھ
بھرے کو ہی بھرتا ہے

بھڑا: ۱۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ دم۔ چال چکما
۲۔ اشتعال۔ اکساہٹ
۳۔ ترغیب۔ تحریک۔ تحریص
۴۔ نمائشی تعریف

بُھربُھرا: ۱۔ خستہ۔ کرارا۔ نرم۔ پولا۔ مُرکنے روے دار
۲۔ مائل۔ راغب۔ فریفتہ

بھرت / بھرتی: ۱۔ بھراؤ۔ خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ۔ مال اسباب
۲۔ کرایہ۔ بھاڑا
۳۔ ذخیرہ۔ کھتّی۔ گودام
۴۔ داخلہ۔ اندراج
۵۔ فالتو۔ ردی۔ فضول۔ نکمّا۔ بیکار۔ ناکارہ
۶۔ جھوٹ۔ بناوٹی۔ جعلی۔ مصنوعی
۷۔ تکمیل۔ اتمام۔ اکمال

بھرپور: پورا۔ کامل۔ بالتمام۔ مملو۔ معمور۔ پُر۔ لبریز۔ مشحون۔ ملبب
لباب۔ بھرا ہوا۔ سرشار

بھرپور ہاتھ پڑنا ـــــ بھرپور ہونا ـــــ بھرپور نظر ـــــ
بھرپور جام ـــــ بھرپور صراحی

بھرشٹ: ۱۔ ناپاک۔ پلید۔ نجس۔ غلیظ۔ گندہ
۲۔ ذلیل۔ حقیر۔ بے عزت۔ بے وقعت۔ بے وقار
۳۔ کریہہ۔ مکروہ۔ گھناؤنا
۴۔ خراب۔ زبوں۔ بد

۵۔ گم راہ۔ کج راہ۔ بے راہ۔ بے دین۔ ملحد
۶۔ لُچا۔ شہدا۔ بدچلن۔ بدکار۔ بدکردار۔ بدمعاش۔ اوباش عیاش

بھُرکس: ریزہ۔ چورا۔ چرن۔ آرد۔ بھوسی

بھرکس نکالنا ـــــ بھرکس نکلنا

بھرم: ۱۔ شہرت۔ عزت۔ وقعت۔ آبرو۔ وقار
۲۔ بھروسا۔ ساکھ۔ اعتماد۔ اعتبار۔ پرتیت
۳۔ شک۔ شبہ۔ گمان۔ ظن ۔ وسواس

بھرم باندھنا ـــــ بھرم بنا رکھنا ـــــ بھرم جانا ـــــ بھرم کی ٹٹی
ـــــ بھرم گنوانا ـــــ بھرم نکلنا ـــــ بھرم نہ ہونا ـــــ
بھرم رہنا ـــــ بھرم کھلنا ـــــ بھرم جانا ـــــ بھرم کرنا

بھرم مارے، بھرم جیا دے

بھرم کھُلنا: بھید کھلنا۔ راز فاش ہونا۔ قلعی کھُلنا۔ اعتبار جاتا رہنا۔ ساکھ
نہ رہنا۔ اعتبار اٹھنا

بھرن: زوردار بارش۔ جل تھل۔ شدید بارش

بھروسا: ۱۔ امید۔ آسرا۔ سہارا۔ تکیہ۔ توکل۔ آشا۔ توقع۔ اتکا
۲۔ اعتماد۔ اعتبار۔ ساکھ۔ وقعت۔ یقین۔ پرتیت

بھڑ: زنبور۔ زرد۔ زنبور سرخ۔ تتیا۔ زُمّج۔ دبرہ۔ دھنبوڑی۔ ڈیبو۔
کلیز۔ کنبت۔ منج۔ سوسہ۔ درجفت۔ مگز۔ برق

بھڑ کا چھتّا ـــــ بھڑ کا کاٹنا ـــــ بھڑ کا ڈنک

بھڑ کی لات کیا، عورت کی بات کیا

| بھڑوں کے چھتّے کو مت چھیڑو

بھڑاس : غصّہ ۔ کینہ ۔ عداوت ۔ دشمنی ۔ بغض ۔ دل کا بخار ۔ باطنی عداوت

بھڑ بھڑیا : ۱۔ فضول گو ۔ یاوہ گو ۔ بکواسی ۔ بکّی
۲۔ صاف دل ۔ صاف باطن
۳۔ سادہ لوح ۔ بھولا بھالا ۔ سیدھا سادھا

| بھڑ بھڑیا اچھا ، پیٹ پاپی / کپٹی بُرا

بھڑک : ۱۔ چمک ۔ دمک ۔ روشنی ۔ تجلّی ۔ تاب
۲۔ نمود ۔ رونق ۔ ٹیپ ٹاپ ۔ زیب و زینت ۔ جلوہ
۳۔ شان ۔ شکوہ ۔ شوکت
۴۔ وحشت ۔ جھجک ۔ گھبراہٹ
۵۔ سخت پیاس ۔ عطش شدید
۶۔ اشتعال ۔ لپک ۔ التہاب ۔ وہج

بھڑک دار : چمکیلا ۔ روشن ۔ تاباں ۔ تابندہ ۔ شان دار ۔ پُرشکوہ ۔ پُرشوکت

بھڑکنا : مشتعل ہونا ۔ برافروختہ ہونا ۔ بھج پا ہونا ۔ شعلہ زن ہونا ۔ زیادہ لو اٹھنا ۔ التہاب ہونا ۔ بدکنا ۔ چونکنا ہونا ۔ متوحّش ہونا ۔ غصّہ ہونا ۔ خفا ہونا ۔ بھبکنا ۔ چمکنا ۔ بھڑکنا ۔ جوش میں آنا ۔ زبانہ زدن

بھڑکیل : وحشی ۔ خائف

بھڑکیلا : بھڑک دار ۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ زرق برق

| بھڑک بھاری ، کیسہ خالی

بھڑنا : تصادم ہونا ۔ ٹکرانا ۔ جوڑ سے جوڑ ملنا ۔ پیوستہ ہونا ۔ متصل ہونا ۔ گتھنا ۔ کشتی لڑنا

باہم بھڑنا ـــــ روکتے روکتے بھڑ جانا

بھڑوا : ۱۔ بھاڑو ۔ دلّال ۔ دیوث ۔ قرمساق ۔ قلتبان ۔ بھڑیا ۔ کٹنا ۔ قوّاد
۲۔ بدمعاش ۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔ بدکار
۳۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے غیرت

بھڑواپن : ۱۔ دلّالی ۔ قرمساقی ۔ کٹناپا
۲۔ بدمعاشی ۔ بدچلنی ۔ بدکرداری ۔ بدکاری
۳۔ بے حیائی ۔ بے شرمی ۔ بے غیرتی

بھڑوائی ـــــ بھڑوا آنرڈ واکرنا ـــــ بھڑوا بنانا ـــــ
ہولی کا بھڑوا

| بھڑوے کو بھی منہ پر بھڑوا نہیں کہتے

بھُس : ۱۔ بھرُسا ۔ تُوڑی
۲۔ چوکر ۔ بھوسی ۔ پھٹکن ۔ چھنکن

| بھُس پر برات
| بھُس پر چھپٹی باد پر بات
| بھُس کے مول بلیدہ ہے
| بھُس میں ، ٹیمی / چنگی / چنگاری ڈال جالو دور کھڑی

بھسم : بھبوت ۔ راکھ ۔ خاکستر ۔ رماد

بھکاری : فقیر ۔ گدا ۔ گداگر ۔ دریوزہ گر ۔ منگتا ۔ بھیک منگا ۔ سائل ۔ سوالی ۔ ٹکڑا گدا ۔ متسوّل ۔ متکدّی ۔ متکفّف

بھگوا : ۱۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ مُورکھ۔ نافہم۔ ابلہ
۲۔ بیہودہ۔ لغو۔ مسخرہ
۳۔ بھڑوا۔ قرم ساق۔ کٹنا

بھگت : ۱۔ نیک۔ پارسا۔ متقی۔ پرہیزگار۔ جتی ستی
۲۔ بزرگ۔ خدا رسیدہ۔ درویش۔ خداپرست۔ زاہد۔ تیاگی۔ تپسوی
۳۔ سیانا۔ عامل
۴۔ ناٹک۔ سوانگ۔ نقل۔ تماشا
۵۔ خاطر۔ تواضع۔ مدارات

بھگتی : ۱۔ نیکی۔ پارسائی۔ اتقا۔ پرہیزگاری
۲۔ بزرگی۔ درویشی۔ خداپرستی۔ زہد

بھگتیا : سوانگی۔ نقال۔ بھانڈ

بھگوُ : ۱۔ بھگوڑا۔ مفرور۔ فراری
۲۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد

بھگوان : ایشور۔ پرمیشور۔ پرماتما۔ خدا۔ معبود۔ اللہ

بھگوڑا : ۱۔ بھگوُ۔ مفرور۔ فراری
۲۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد۔ کم ہمت۔ کم حوصلہ

بھل : اچھا۔ نیک۔ شریف

بھل مانس : بھلا مانس۔ شریف آدمی۔ نیک۔ معزز
بھل منسات / بھلمنساہت / بھلمنسی : انسانیت۔ شرافت۔ وضع داری۔ نیکی

بھلا : ۱۔ اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ چنگا
۲۔ شریف۔ معزز۔ آبرودار۔ عزت دار۔ نجیب الطرفین۔ بھلا مانس۔ بھلا آدمی
۳۔ نیک۔ پاک دامن۔ پارسا۔ نکوکار
۴۔ دیانت دار۔ ایمان دار۔ امین
۵۔ خوشنما۔ خوش شکل۔ خوب صورت۔ خوش قطع۔ سہانا۔ سلونا۔ دل کش۔ دل پسند۔ دل آویز۔ انوکھا۔ عجیب
۶۔ خوش وضع۔ خوش اطوار
۷۔ موزوں۔ مناسب
۸۔ خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ خوش بخت۔ خوش طالع۔ بختاور۔ طالع مند۔ اقبال مند۔ بھاگوان
۹۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ متمول۔ مال دار۔ غنی
۱۰۔ تندرست۔ صحت مند۔ ہشاش بشاش

بھلا آدمی : ۱۔ نیک آدمی۔ شریف۔ معزز۔ آبرودار
۲۔ دیانت دار۔ ایمان دار۔ امین
۳۔ با رسوخ۔ با اثر
۴۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول۔ غنی
۵۔ (طنزاً) بدمعاش۔ بدچلن۔ بدکردار
بھلا بُرا : اچھا بُرا۔ نیک و بد۔ خوب و زشت
بھلا چنگا : تندرست۔ صحت مند۔ صحیح و سالم۔ موٹا تازہ۔ اچھا خاصا
بھلا خیر : چلیے۔ چھوڑیے۔ یوں ہی سہی
بھلا مانس : ۱۔ شریف۔ معزز۔ آبرودار۔ ذی عزت
۲۔ نیک دل۔ نیک طبع۔ ایمان دار
۳۔ خلیق۔ خوش خلق۔ شائستہ۔ مہذب
۴۔ سادہ دل۔ سادہ مزاج

بھلا لگنا ـــــ بھلا ماننا ـــــ بھلا چاہنا

بھلا جو چاہے آپ کا، دینا نہ راکھے باپ کا
بھلا کر بھلا ہو، سودا کر نفع ہو
بھلا کیا سو خدا نے، بُرا کیا سو بندے نے
بھلا مانس نیو چلا، رذالے نے سمجھا مجھ سے ڈرا

بھلا ہوا میری مٹکی ٹوٹی، میں رہی پنہن سے چھوٹی
بھلے آدمی کو ایک بات، بھلے گھوڑے کو ایک چابک
بھلے آدمی کی مرغی ٹکے ٹکے
بھلے بابا بند پڑی، گو بر چھوڑ کشمیرے میں پڑی
بھلا سنگ بیٹھے کھائیے ناگر پان
بُرے سنگ بیٹھے کٹائیے ناک اور کان
بھلے کا بھلا
بھلی کمائی سادھو کی، جو لاگے ہر کے ہیت
بھلے کی باتیں رس کی کان، برے کی باتیں دکھ ندان
بھلے کے بھائی، بُرے کے جوائی
بھلے مانس کی سب طرح خرابی ہے
بھلے مانس کی مٹی خراب
بھلے میاں الیاس، آپ گئے سو گئے، کھو یا آس پاس

بُھلا چنگا: صحیح و سالم۔ تندرست۔ اچھا بھلا۔ صحت یاب۔ موٹا تازہ۔ اچھا خاصا۔ اچھا بھلا

بھلائی: ۱۔ نیکی۔ اچھائی۔ خوبی۔ بہتری۔ فلاح۔ نکوئی۔ عمدگی
۲۔ خیر خواہی۔ بہی خواہی۔ خیر سگالی۔ خیر اندیشی
۳۔ احسان۔ کرم۔ سلوک۔ مہربانی
۴۔ خوب صورتی۔ خوش نمائی۔ خوش وضعی
۵۔ نیک نامی
۶۔ فائدہ۔ نفع۔ منفعت۔ سود۔ بہبود

بھلائی کی بات — بھلائی رہنا — بھلائی لینا —
بھلائی چاہنا

بُھلکڑ: ۱۔ فراموش کنندہ۔ فراموش کار۔ بسراو۔ بُھلاؤ
۲۔ بے پروا۔ بے خبر۔ غافل۔ اچیت

بھنڈ: ۱۔ خرابی۔ بربادی۔ تباہی
۲۔ ابتری۔ بے ترتیبی۔ بے انتظامی۔ پریشانی
۳۔ فضیحت۔ بدنامی۔ رسوائی

بھنڈار: ۱۔ ذخیرہ۔ گودام۔ خزانہ۔ مخزن۔ سٹور
۲۔ سر۔ کھوپڑی
۳۔ جائیداد۔ جاگیر

بھنڈارا: ۱۔ لنگر۔ خیرات خانہ
۲۔ پیٹ۔ شکم

بھنڈاری: ذخیرہ دار۔ میر سامان۔ مودی۔ مہتمم۔ خزانچی
۲۔ باورچی۔ خانساماں۔ بکاول۔ مطبخی

بھنڈی: رام توری۔ ببول ولایتی

بھنگ: ۱۔ بھانگ۔ بنگ۔ بنج۔ حشیش۔ بوٹی۔ سبزی۔ ٹھنڈائی۔ سرنجبت
بنتیز۔ بہادران۔ بوماران۔ ورق النشاط۔ سبزہ گھوڑا۔ بجیا۔ برلنگہ
برتاسک۔ برترانک۔ برنجاسب۔ برنجاسپ۔ برنجاست۔
موہنی۔ جیا۔ قبب۔ برتاسک
۲۔ خرابی۔ بربادی۔ تباہی
۳۔ شکستہ۔ ریختہ۔ ٹوٹا پھوٹا
۴۔ شکست خوردہ۔ ہزیمت خوردہ۔ مغلوب
۵۔ خراب۔ خستہ۔ تباہ۔ برباد
۶۔ ناامید۔ مایوس۔ نراس

بھنگ پینا آسان، مرچیں جان مارتی ہیں
بھنگ کھانا آسان، مرچیں دق کرتی ہیں
بھنگ تو ایسی پیجیے، جیسی کنج گلی کی کیچ
گھر کے جانیں مرگئے اور آپ نشے کی بیچ
بھنگ کھائی تو نشہ چڑھا

بھنگ کیے ہیں رنگی جنگی ، پوست کیے ہیں شاہ جہاں
افیم کیے میں چھنیا بیگم ، مجھ کرپی کے جائے کہاں

بھنگڑ : ۱۔ بنگ نوش ۔ بھنگی ۔ نشے باز
۲۔ گپّی ۔ بکواسی ۔ یاوہ گو

بھنگن : مہترانی ۔ حلال خورنی ۔ خاکروبن ۔ چوڑھی

بھنگی : ۱۔ بھنگڑ ۔ بنگ نوش
۲۔ خاک روب ۔ حلال خور ۔ مہتر ۔ چوڑھا جمعدار

بھنگی کی ذات کیا ، جھوٹے کی بات کیا

بھنور : گرداب ۔ چرخاب ۔ ورطہ ۔ گھمیری ۔ گھمن گھیری ۔ چکر ۔ پانی کا چکر ۔ ڈُر ۔ ذُور

بھنور میں پڑنا ــــ بھنور میں گھرنا ــــ بھنور پڑنا

بھُوت : ۱۔ خبیث روح ۔ پلید روح ۔ گندی روح ۔ بُری روح
۲۔ پریت ۔ آسیب ۔ جن ۔ سایہ ۔ عفریت ۔ چھچھوڑ
۳۔ موذی ۔ شریر ۔ شیطان
۴۔ بدصورت ۔ بدشکل ۔ بدقطع ۔ کریہہ المنظر ۔ بدہیئت
۵۔ سیاہ فام ۔ کالا بھجنگ ۔ دیوث
۶۔ بدمست ۔ مخمور ۔ مدہوش
۷۔ شیو کی فوج ۔ شیوجی کے جاسوس
۸۔ پرانی ۔ جیودھاری ۔ جنتو ۔ ذی رو

بھوت اتارنا ــــ بھوت اُترنا ــــ بھوت آنا ــــ
بھوت بننا ــــ بھوت جلانا ــــ بھوت چڑھنا

بھوت جان نہ مارے ستا مارے

بھوجن : خوراک ۔ طعام ۔ کھانا ۔ آزوقہ ۔ خورش

بھوجن نہ بھائے ، ہر ہر بات بات میں

بھور : ۱۔ صبح ۔ تڑکا ۔ فجر ۔ سحر
۲۔ مارپیٹ ۔ زدوکوب
۳۔ خاتمہ ۔ اختتام
۴۔ خرچ ۔ صَرف

بھور بھیا جب جانیے جب بھورے بادل ہوں
بھور کا مرغا بولا ، پنچھی نے منہ کھولا

بھوسا : بھُس ۔ چھلکا ۔ بھوسی ۔ توڑی ۔ بورس ۔ پھوک ۔ بھوس

بھوسی : چھلکا ۔ چوکر ۔ سبوس

بھوسی بہت ، اناج تھوڑا

بھوک : ۱۔ جوع ۔ اشتہا ۔ گرسنگی ۔ ہنگر ۔ کھتریا ۔ غرث ۔ مخمصہ ۔ طوی ۔ سغبہ
۲۔ خواہش ۔ طلب ۔ چاہ
۳۔ ضرورت ۔ حاجت ۔ احتیاج

بھوک محسوس ہونا ــــ بھوک لگنا ــــ بھوک مرنا ــــ
بھوک ختم ہونا ــــ بھوکا ــــ بھوک بند ہونا ــــ بھوک
بھاگنا ــــ بھوک پیاس

بھوک پیاس اللہ نے سب کے ساتھ لگادی ہے
بھوک جنم کی ہوک
بھوک سب سے میٹھی ہے
بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا

بھوک گئے بھوجن ملے، جاڑا گئے تپا
جوانی گئے تریا ملے، تینوں ان سمّا
بھوک لگی نرگھر کی سوجھی
بھوک لگی بھڑوے کو تندور کی سوجھی
بھوک میں بھجن بھی نہ ہو
بھوک میں کواڑ پاپڑ
بھوک میں گولر پکوان

بھوک ہڑتال: مقاطعہ جوعی۔ مرن برت۔ ہنگر سٹرائیک

بھوکا: ا۔ گرسنہ۔ فاقہ زدہ۔ بھوکان۔ منہوم۔ جائع۔ جوعان۔ غرثان۔ ساغب
۲۔ طالب۔ خواہاں۔ خواہش مند۔ متمنی۔ مشتاق۔ تزرسنہ۔ شائق
۳۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ تنگ دست۔ قلاش۔ عزیب بکلانچ

بھوکا اٹھاتا ہے، بھوکا سلاتا نہیں
بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے
بھوکا ترک نہ چھیڑیئے ہو جائے جی کا جھاڑ
بھوکا جورو بیچے، رجا کہے ادھار لوں
بھوکا چاہے روٹی دال، رجا کہے میں جوڑوں مال
بھوکا سو رُوکھا
بھوکا مرتا کیا نہ کرتا
بھوکا مرے کہ ستوا سانے
بھوکے بھجن نہ ہو
بھوکے بھلے مانس اور پیٹ بھرے گنوار سے نہ بولے
بھوکے بھلے مانس سے ڈریئے
بھوکے سے کہا دو اور دو کتنے، کہا چار روٹیاں
بھوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈریے
بھوکے کے گھر میں نون نہاری
بھوکے کو ان پیاسے کو پانی، جنگل جنگل آدا دانی
بھوکے کو بھوکے نے مارا / ربھی گرا وہ بھی گرا / دونوں کو غش آیا

بھوکے کو سوکھا کیا
بھوکے کو کھلا اور ننگے کو پہنا
بھوکے کو کیا رُوکھا اور نیند کو کیا بچھونا
بھوکے بھوتو بھرے بھرے رکھ دیکھو

بھوگ: ا۔ کھانا۔ خوراک۔ طعام
۲۔ سرور۔ لطف۔ مزہ
۳۔ فائدہ۔ نفع۔ منفعت۔ یافت۔ حاصل
۴۔ قبضہ۔ ملکیت۔ تسلط۔ تصرف
۵۔ حفاظت۔ پرداخت۔ پرورش۔ نگہداشت
۶۔ حس۔ احساس
۷۔ لذت۔ حظ
۸۔ تحمل۔ برداشت
۹۔ گالی۔ دشنام۔ بدتمیزی
۱۰۔ مجامعت۔ مباشرت۔ مقاربت۔ صحبت۔ جماع
۱۱۔ نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا
۱۲۔ سکھ چین۔ آرام۔ سہولت
۱۳۔ روپیہ۔ دولت۔ مال

بھوگ بلاس: حظ نفسانی۔ عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں
بھوگ بلاسی: عیاش۔ شہوت پرست۔ زانی۔ نفس پرست

بھوگ بلاس جب تک آس

بھوگی: ا۔ عیاش۔ عیش پرست۔ نفس پرست۔ عشرت پسند۔ زانی۔ شہوت پرست
۲۔ آرام پسند۔ سہولت پسند۔ سہل انگار
۳۔ کھاؤ پیئو۔ شکم پرست
۴۔ دنیادار۔ گرہستی

بھوگی سو روگی

بھُول : ۱۔ فراموشی۔ نسیان۔ بسراہٹ۔ غفلت۔ بے توجہی۔ بے خبری۔ عدم توجہی
۲۔ سہو۔ لغزش۔ چُوک۔ غلطی
۳۔ خطا۔ قصور۔ تقصیر۔ گناہ

بھول بھٹک ا گم راہی۔ سہو۔ لغزش
بھول بھلیاں ا۔ پیچ و خم۔ گورکھ دھندا۔ الجھیڑا۔ بھنور جال۔ پیچیدہ راستہ
بھول چوک : خطا۔ قصور۔ سہو۔ فروگزاشت۔ غلطی۔ فراموشی

بھول آنا ــــ بھولا بسرا ــــ بھول میٹھا ــــ بھول ڈالنا

بھول گئی دن دہاڑا گنڈو نے سہرا باندھا
بھول گئی ناچ رنگ بھول گئی چھکڑی
تین چیز یاد رہی نون تیل لکڑی
بھول گئے گیہ شاستر پڑھ کر سبھی ڈبویا
بھول گئی نار، ہینگ ڈال دیا بھات میں

بھُول بھلیّاں : گورکھ دھندا۔ بھنور جال۔ پیچ دار پیچ و خم۔ الجھیڑا

بھُولا : ۱۔ گم شدہ۔ گم راہ۔ فراموشیدہ
۲۔ فراموش۔ بھٹکا۔ غافل

بھُولا بسرا ا۔ گم راہ۔ راہ فراموش۔ نسی منسی۔ راہ گم کردہ
۲۔ فراموشیدہ۔ گم گشتہ۔ از یاد رفتہ۔ چیت سے اُترا ہوا

بھولا بسرا آنا ــــ بھولا بسرا ساتھی ــــ بھولا بسرا محاورہ ــــ بھولا بسرا راستہ

بھُولا بھٹکا / چوکا : گم راہ۔ غافل۔ خطاکار۔ قصور والا

بھُولا بھاٹ دیوالی گاے

بھُولے پھر سکلن جو کا تک مانگے مینہ
بھُولا جوگی ڈونا لابھ
بھُولے باہمن گائے کھائی، اب کھائے تو رام دُہائی
بھُولے بسرے رام سُہائی
بھُولے چُوکے ڈنڈ نہیں

بھولا : (براد بھول) ۱۔ سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔ سادہ دل
۲۔ ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار
۳۔ کم فہم۔ نادان۔ بیوقوف۔ ابلہ۔ احمق۔ مورکھ۔ کم عقل۔
۴۔ اللہ لوک۔ معصوم صفت
۵۔ بے کپٹ۔ بے کینہ

بھولا بھالا : ۱۔ سیدھا سادھا۔ سادہ لوح
۲۔ بھلا مانس۔ نیک مزاج۔ معصوم
بھولا پن : ۱۔ سادگی۔ سادہ لوحی۔ سادہ مزاجی۔
۲۔ ناواقفیت۔ ناتجربہ کاری۔ ناآزمودہ کاری
۳۔ معصومیت۔ نادانستگی

بھولا بننا ــــ بھولا ہونا ــــ بھولپن

بھوم / بھومی : ۱۔ بُوم۔ زمین۔ ارض۔ دھرتی۔ پرتھوی
۲۔ عالم۔ دنیا۔ گیتی۔ سنسار
۳۔ ملک۔ ولایت۔ مملکت۔ قلم رو۔ ریاست
۴۔ جا۔ جگہ۔ مقام
۵۔ دیس۔ وطن

بھومیا : ۱۔ مالک زمین۔ زمیندار
۲۔ ساکن قدیم۔ باشندۂ قدیم

بھومیا تو بھومی پہ مرے، تو کیوں مرے بٹیر

بھون : ۱۔ مکان۔ گھر۔ مسکن۔ محل۔ قصر
۲۔ بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ خلد۔ سُرگ
۳۔ جنم۔ پیدائش۔ ولادت
۴۔ جگہ۔ مقام۔ موقع
۵۔ ہستی۔ بود۔ وجود

بھوں : (بروزن عنہ) ابرو۔ ورونزہ۔ بھرُونا

| بھوں کا گلہ آنکھ کے سامنے
| بھوں سے چور پکڑا جاتا ہے

بھوندو : ۱۔ سادہ۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا
۲۔ سادہ مزاج۔ نیک بخت۔ معصوم
۳۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ۔ بے وقوف
۴۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ بے عقل

| بھوندو کھاؤ نہ جانے پیٹ بھرنے سے کام

بھونڈا : ۱۔ بدنما۔ بدہیئت۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بدقطع
۲۔ ناقص۔ خراب۔ بھدا
۳۔ منحوس۔ نحس۔ نامبارک۔ نامسعود
۴۔ بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ بداختر۔ بدطالع

بھونڈاپن : ۱۔ بدنمائی۔ بدہیئتی۔ بدصورتی۔ بدشکلی
۲۔ نقص۔ خرابی۔ بھداپن
۳۔ بدتمیزی۔ ناشائستگی۔ بدتہذیبی
بھونڈا نخرا : ناز بیجا۔ شتر غمزہ
بھونڈ پیرا : سبز قدم۔ منحوس۔ نامبارک۔ نامسعود

بھَے : ۱۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ ہول۔ ہراس۔ دہشت
۲۔ خطرہ۔ کھٹکا۔ اندیشہ

۲۔ بیماری۔ مرض۔ دُکھ۔ روگ۔ علت۔ علالت

بھیّا : بھائی۔ برادر۔ اَخ

بھیانک : ۱۔ ڈراؤنا۔ خوف ناک۔ دہشت ناک۔ ہول ناک۔ بھیاون۔ بھیاوہ۔ بھیاونا۔ ہیبت ناک۔ مہیب۔ مخوف۔ مہول
۲۔ پریشان۔ حیران۔ وحشت زدہ۔ خوف زدہ۔ ہیبت زدہ۔ متوحش
۳۔ اجاڑ۔ سنسان۔ سونا۔ ویران

بھیت : دیوار۔ جدار

| بھیت ہوگی تو لیو بہتیرے چڑھ رہیں گے
| بھیت ہے تو لیو بہت
| بھیت کے بھی کان ہوتے ہیں
| بھیت ٹلے پر بان نہ ٹلے

بھیتر : اندر۔ اندرون۔ دروں۔ درمیں۔ باطن

| بھیتر کا گھاؤ، رانی جانے یا راؤ

بھیجا : مغز سر۔ دماغ۔ گودا

| بھیجا کھائیں سر سہلائیں

بھید : ۱۔ راز۔ ستر۔ پوشیدہ بات۔ نکتہ۔ رمز۔ بھیت۔ نھانگ۔ سر۔ بہ سراغ۔ پتہ۔ خفیہ معاملہ۔ اصل حال۔ انتر۔ بھیتر
۲۔ بوجھ۔ پہیلی۔ چیستان۔ مسئلہ

بھید پانا ــــ بھید دینا ــــ بھید کھولنا ــــ بھید کی بات ــــ بھید لگانا ــــ بھید لینا ــــ بھیدیا ــــ بھید کہنا

www.bhatkallys.com

بھیدی: ۱۔ رازدار۔ رازداں۔ واقف حال۔ محرم راز۔ اہم راز۔ بھیدیا۔ واقف لال۔ بھید و۔ بھیدک۔ واقف کار۔ بطانہ نجی
۲۔ سراغ رساں۔ مخبر۔ جاسوس

بِھیڑ: (ربائے معروف) ۱۔ ہجوم۔ جمگھٹ۔ ازدحام۔ انبوہ۔ مجمع
۲۔ بپتا۔ مصیبت۔ آفت

بھیڑ: (ربائے مجہول) ۱۔ میش۔ گوسفند۔ بھیڈ۔ غنم۔ نعاج۔ ضان۔ گڈہ۔
رڈھ۔ شیپ
۲۔ مسکین۔ نرم مزاج

بھیڑ چال/دھسان: دیکھا دیکھی۔ اندھا دھند۔ مطابقِ دستور۔ اندھی تقلید۔ موافقِ دستور

بھیڑ پہ اون کس نے چھوڑی
بھیڑ جہاں جائے گی مونڈی جائے گی
بھیڑ جہاں جائے وہیں مُنڈے
بھیڑ کی لات ٹخنوں تک
بھیڑ کی لات کیا، عورت کی بات کیا

بھیڑیا: گرگ۔ ذئب۔ سرحان۔ سید۔ گھیاڑ

بھیڑیا کھائے تو، نہ کھائے تو منہ لال

بھیس: ۱۔ شکل۔ صورت۔ شباہت
۲۔ وضع قطع۔ ہیئت۔ نقشہ
۳۔ نقالی۔ سوانگ۔ بہروپ۔ روپ۔ رہن
۴۔ لباس۔ پوشاک۔ تلبیس

بھیک: بھکشا۔ گدائی۔ خیرات۔ دان۔ پُن۔ گدیہ۔ کدیہ

بھیک کا ٹکڑا: ۱۔ مانگی چیز۔ نان گدائی۔ لقمۂ خیرات
۲۔ نطفۂ ناتحقیق۔ نطفۂ حرام

بھیک کا ٹھیکرا: ۱۔ کاسہ گدائی۔ کشکول گدائی۔ کچکول

بھیک منگا/بھک منگا: منگتا۔ گداگر۔ دریوزہ گر۔ فقیر۔ بھکاری

بھیک پر اوقات بسر ہونا ـــ بھیک دینا ـــ بھیک کا ٹکڑا ـــ بھیک کا ٹھیکرا ـــ بھیک کا کاسہ ـــ بھیک کے ٹکڑوں کا مزہ پڑنا ـــ بھیک مانگنا ـــ بھیک مانگ کر گڑیا سنوار دینا

بھیک اور نہ بھوڑ پچھوڑ
بھیک کے ٹکڑے بازار میں ڈکار
بھیک مانگے اور آنکھ دکھائے
بھیک مانگے اور پوچھے گاؤں کی جمع
بھیک مانگے بغیر نہیں ملتی
بھیک میں پچھوڑ

بھیگا: گیلا۔ تر۔ نم۔ پُرنم۔ مرطوب۔ شوربور

بھیگی بلّی: بظاہر مسکین۔ بظاہر شریف۔ بباطن شریر

بھیگی بلّی بتانا: ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ عذر بیجا کرنا۔ کام سے بچنا

بھینا: ۱۔ نرم۔ ہلکا۔ لطیف
۲۔ گیلا۔ بھیگا۔ تر

بھینٹ: ۱۔ قربانی۔ صدقہ۔ نذر۔ فدیہ
۲۔ سامنا۔ مقابلہ۔ ٹکراؤ۔ تصادم
۳۔ ملاقات۔ ملاپ
۴۔ تحفہ۔ سوغات۔ ہدیہ
۵۔ رشوت۔ منہ بھرائی

۲۔ چھوت۔ لگاؤ۔ لمس۔ مس

بھینس : ۱۔ گاؤمیش۔ جاموس۔ مہنہ۔ مجھ
۲۔ موٹی بھدی عورت

بھینسا بھینسوں میں یا قصائی کے کھونٹے ہیں
بھینس پکوڑے ہگ گئی
بھینس پر دودھ کس نے چھوڑا
بھینس دودھ نہیں دیتی کٹڑے کی ٹانگ توڑ ڈالو
بھینس کا دودھ نل کا گرد
بھینس کا گوبر بھینس کے چوتڑوں کو لگ جاتا ہے
بھینس کو اپنے سینگ بھاری نہیں ہوتے
بھینس کو ڈہر، مزدور کو شہر
بھینس کہے گن میرا پورا، میرا دودھ پی ہو رہے سورا
جس کے گھر میں بندھ جاؤں، دودھ دہی کی نال بہاؤں
بھینس کے آگے بین بجائے، بھینس کھڑی پگرائے
بھینسے لڑیں جھونٹوں کا نقصان

بھینگا : ٹیڑا۔ احول۔ کج نظر۔ امبر تکو ڈھیرا۔ کژچشم۔ دوبین۔ راقبل

بھینگا آدمی ـــ بھینگا ہونا ـــ بھینگی آنکھ ـــ
بھینگی لڑکی

بھینی بھینی : لطیف۔ سبک۔ ہلکی ہلکی۔ دھیمی دھیمی۔ میٹھی میٹھی

بھینی بھینی خوشبو ـــ بھینی بھینی روشنی ـــ
بھینی بھینی پھوار

بی / بی بی : بیوی۔ بیگم۔ خانم۔ رانی۔ بانو۔ مالکن

بی بکری ناؤ میں خاک اڑاتی ہو

بی بی خطا کرے، باندی پکڑی جائے
بی بی خیلا دو چیٹے ایک میلا
بی بی کر باندی کیا ہنس دی، باندی کر باندی کیا؛ دن
بی بی گئے نہ گئیں لاڈلے ہوا ئیں
بی بی نہ پیر پہلے فتن فقیر
بی بی نیک بخت، چھٹانک دال دو وقت/ دمڑی کی دال دو وقت
بی بی وارے باندی کھائے، گھر کی بلا کہیں نہ جائے
بی بی ہیں بھر مالی کان بتر کی بالی
بی دولتی اپنے (جیسے ہیں) آپ ہی آپ کھولتی
بی دیا سلائی صبح کر گئی شام کر آئی
بی مستو یہ تمہاری سوسوتیں

بے : بن۔ بنا۔ بغیر۔ بدون۔ سوائے۔ بلا

بے آب : ۱۔ بے رونق
۲۔ بے پانی۔ خشک۔ پیاسا
۳۔ شرمندہ
بے آبی : ۱۔ بے رونقی
۲۔ خشکی۔ پیاس۔ عطش
۳۔ شرمندگی
بے آبرو : بے عزت۔ بے حرمت۔ بے وقار۔ ذلیل۔ بدنام۔ رسوا۔ آبرو باختہ
بے آبروئی : بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے وقری۔ ذلت۔ بدنامی۔ رسوائی
بے آرام : بے چین۔ بے کل۔ ناآسودہ۔ مضطرب
بے آرامی : بے چینی۔ بے کلی۔ ناآسودگی۔ اضطراب
بے آزار : بے ضرر۔ غیر مضر۔ بے نقصان
بے آزاری : عدم ضرر۔ عدم مضرت۔ عدم نقصان
بے آس : نراس۔ ناامید۔ مایوس
بے اٹکل : بے سلیقہ۔ بدسلیقہ۔ بے قرینہ۔ پھوہڑ۔ بے تمیز۔ بدتمیز۔ بے ڈھنگا
بے اثر : غیر مؤثر۔ بے تاثیر۔ بے کار۔ بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ بے ثمر۔ بے

بے اثر دوا ـــ بے اثر دعا ـــ بے اثر تعلیم ـــ بے اثر ملاقات

بے اثری: عدم تاثیر۔ بے ثمری

بے احتیاط: غیر محتاط۔ بے پروا۔ غافل

بے احتیاطی: بے پروائی۔ غفلت۔ بے توجہی۔ عدم توجہ

بے اختیار: ۱۔ مجبور۔ بے بس۔ بے قابو۔ ناچار۔ بے چارہ

۲۔ خود بخود۔ فوراً۔ فی الفور۔ ترت۔ بلاارادہ۔ غیر شعوری طور پر

بے اختیار دادر دینا ــــ بے اختیار بلائیں لینا ــــ

بے اختیار پیار کرنا

بے اختیاری: مجبوری۔ بے بسی۔ بے چارگی

بے ادب: گستاخ۔ غیر مودب۔ شوخ۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب۔ غیر مہذب

بدلحاظ۔ بدتمیز

بے ادبی: گستاخی۔ شوخی۔ ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بدلحاظی۔ بدتمیزی

بے اشتباہ: بے شک۔ بے شبہ۔ یقینی

بے اصل: بے بنیاد۔ بے حقیقت۔ غیر حقیقی

بے اعتبار: غیر معتبر۔ ناقابل اعتبار۔ ناقابل اعتماد

بے اعتباری: بے اعتمادی۔ بے یقینی

بے اعتنائی: بے التفاتی۔ عدم التفات۔ عدم اعتنا۔ بے پروائی۔ بے توجہی

بے اعتدال: غیر معتدل۔ انتہا پسند۔ انتہا پرست۔ متشدد۔ بدپرہیز

بے اعتدالی: عدم اعتدال۔ انتہا پسندی۔ انتہا پرستی۔ تشدد۔ بدپرہیزی

بے اعتقاد: بے یقین۔ بے عقیدہ۔ متزلزل

بے اعتقادی: بے یقینی۔ بے عقیدگی۔ عدم یقین۔ تزلزل

بے امتیاز: بے تمیز۔ بدتمیز۔ بے ادب۔ بے شعور

بے امتیازی: بے تمیزی۔ بدتمیزی۔ بے ادبی۔ بے شعوری

بے انتہا: بے حد۔ بے شمار۔ بے پایاں۔ بے کراں۔ بے نہایت۔

بہت زیادہ

بے اندازہ: ۱۔ بے قیاس۔ بے اٹکل

۲۔ بے حد۔ بے شمار۔ بے حساب

بے اولاد: لاولد۔ اوت۔ نپوتا۔ بے ثمر۔ نپرت

بے اولادی: بے ثمری۔ اوت پن۔ نپوتی

بے ایمان: ۱۔ بے دین۔ کافر۔ ملحد

۲۔ بے اعتقاد۔ بے یقین۔ متزلزل۔ متذبذب

۳۔ بددیانت۔ جھوٹا۔ دغاباز۔ فریبی۔ ناانصاف۔ خائن

بے ایمانی: ۱۔ بے دینی۔ کفر۔ الحاد

۲۔ بے اعتقادی۔ بے یقینی۔ تزلزل۔ تذبذب

۳۔ بددیانتی۔ خیانت۔ کذب۔ جھوٹ۔ دروغ۔ فریب۔ ناانصافی۔ دغا

بے باق: اداشدہ۔ مکمل۔ پورا۔ برابر۔ چکتا۔ بھگتان

بے باقی: ادائی۔ چکتاپن۔ برابری۔ سبک دوشی

بے باک: ۱۔ بے خوف۔ نڈر۔ بے دھڑک۔ دلیر

۲۔ بے ادب۔ گستاخ۔ بے لحاظ

بے باکی: ۱۔ بے خوفی۔ دلیری۔ نڈرپن

۲۔ بے ادبی۔ گستاخی۔ بے لحاظی

بے بال و پر: بے طاقت۔ کمزور۔ بے بس۔ بے کس۔ بے یارومددگار۔

بے چارہ۔ بے سروسامان۔ عاجز۔ مجبور۔ بے سہارا

بے بال و پری: بے طاقتی۔ کمزوری۔ بے کسی۔ بے بسی۔ بے چارگی۔

بے سروسامانی۔ مجبوری

بے بدل: بے نظیر۔ لاجواب۔ لاثانی۔ بے مثل۔ بے مثال۔ لامثال۔

بے عدیل۔ بے ہمتا

بے برکت: کم۔ بے فائدہ

بے برکتی: کمی۔ نقصان۔ گھاٹا

بے برگ: محتاج۔ بے نوا

بے برگ و بار: ۱۔ بے ثمر۔ بے اولاد۔ لاولد

۲۔ محتاج۔ غریب۔ مفلس۔ نادار

بے برگ و باری: ۱۔ بے ثمری۔ بے اولادی

۲۔ محتاجی۔ افلاس۔ ناداری

بے برگ و نوا: ۱۔ عاجز۔ بے چارہ۔ بے کس۔ مجبور۔

۲۔ بے سروسامان۔ محتاج۔ مفلس۔ نادار

بے برگ و نوائی: ۱۔ عاجزی۔ بے چارگی۔ بے کسی۔ مجبوری

۲۔ بے سروسامانی۔ محتاجی۔ افلاس۔ ناداری

بے بس: ۱۔ بے اختیار۔ ناچار۔ بے چارہ۔ مجبور

۲۔ عاجز۔ ناتواں۔ کم زور۔ ضعیف

بے بسی: ۱۔ بے اختیاری۔ ناچارگی۔ بے چارگی۔ مجبوری

۲۔ عاجزی۔ ناتوانی۔ کم زوری۔ ضعف

بے بصر: ۱۔ اندھا۔ نابینا۔ کور۔ انُّھی

۲۔ ناواقف۔ ناشناس۔ ان جان۔ اناڑی۔ جاہل۔ بیوقوف۔ نادان

بے بصری: ۱۔ اندھاپن۔ نابینائی۔ کوری

۲۔ ناواقفیت۔ ناشناسی۔ ان جان پن۔ اناڑی پنا۔ جہالت۔ جہالت۔ نادانی۔ بیوقوفی

بے بضاعت: مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ تہی دامن

بے بضاعتی: افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی۔ تہی دامنی

بے بقا: عارضی۔ ناپائیدار۔ فانی۔ غیر مستقل۔ بے ثبات

بے بقائی: ناپائیداری۔ عدم استقلال۔ بے ثباتی۔ بے بودی۔ فنا

بے بنیاد: ۱۔ بے اصل۔ بے اساس

۲۔ غلط۔ جھوٹ۔ خلاف واقعہ

بے بہا: ۱۔ ان مول۔ بیش قیمت۔ گراں قدر

۲۔ نایاب۔ کم یاب

۳۔ نفیس۔ عمدہ۔ عجیب

بے بہار: بے موسم۔ بے موقع۔ بے وقت

بے بہرہ: ۱۔ بے نصیب۔ کم نصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت

۲۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست

۳۔ نالائق۔ بے علم۔ بے دانش۔ نااہل

۴۔ بے تمیز۔ بے شعور۔ گستاخ

بے بیاہا: ناکتخدا۔ کنوارا۔ غیر شادی شدہ۔ مجرّد

بے پایاں: بے انتہا۔ بے حد۔ بے کراں۔ لامتناہی۔ بے اندازہ۔ بے حساب

بے پایانی: بے انتہائی۔ بے کرانی

بے پدر: بے باپ۔ یتیم

بے پر: ۱۔ بے بس۔ عاجز۔ بے چارہ۔ ناچار۔ مجبور

۲۔ کم زور۔ ناتواں۔ ضعیف

۳۔ بے سروساماں۔ بے برگ و نوا۔ غریب۔ محتاج

بے پردگی: ۱۔ بے حجابی۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے لحاظی

۲۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے آبروئی

۳۔ افشا۔ انکشاف۔ اظہار۔ اعلان

بے پردہ: ۱۔ بے حجاب۔ بے نقاب۔ کھلے منہ

۲۔ کھلم کھلا۔ علی الاعلان۔ برسر عام

۳۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے لحاظ

بے پروا: ۱۔ بے فکر۔ غافل۔ بے احتیاط۔ لاپروا۔ لاابالی

۲۔ مستغنی۔ متوکل۔ بے غرض۔ بے نیاز۔ بے حاجت۔ خود مختار

۳۔ بے خوف۔ نڈر

بے پروانگی: بے اجازت۔ بے اذن۔ بے آگیا

بے پروائی: ۱۔ بے فکری۔ غفلت۔ بے احتیاطی

۲۔ استغنا۔ توکل۔ بے غرضی۔ بے نیازی

۳۔ بے خوفی۔ بے باکی

بے پری: ۱۔ بے بسی۔ عاجزی۔ بے چارگی۔ ناچاری۔ مجبوری

۲۔ کم زوری۔ ناتوانی۔ ضعف

۳۔ بے سروسامانی۔ بے برگ ونوائی۔ محتاجی۔ احتیاج

بے پناہ: ۱۔ بے اماں

۲۔ بے حد۔ بے انتہا۔ بے اندازہ

بے پناہی: ۱۔ بے امانی

۲۔ بے انتہائی۔ بے پایانی

بے پیرا: ۱۔ بے استاد۔ بے مرشد۔ بے ادا

۲۔ بے درد۔ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم۔ ستم گر۔ بے دادگر۔ قسی القلب

۳۔ بے دین۔ لامذہب۔ بے ایمان۔ بے اعتقاد۔ گمراہ۔ ملحد

۴۔ خود غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی

۵۔ احسان فراموش۔ بے وفا

۶۔ نافرمان۔ سرکش۔ باغی

۷۔ بے ہنر۔ بے کمال

۸۔ شریر۔ بدذات۔ بداصل۔ بدگوہر

بے پیری: ۱۔ بے استادی۔ بے مرشدی

۲۔ بے دردی۔ سنگ دلی۔ بے رحمی۔ ظلم۔ ستم۔ بے داری۔ قساوت۔ سخت دلی

۳۔ بے دینی۔ بے مذہبی۔ بے ایمانی۔ بے اعتقادی۔ گمراہی۔ الحاد

۴۔ خود غرضی۔ مطلب پرستی

۵۔ احسان فراموشی۔ بے وفائی

۶۔ نافرمانی۔ سرکشی۔ بغاوت

۷۔ بے ہنری۔ بے کمالی

۸۔ شرارت۔ بدذاتی۔ بداصلی۔ بدگوہری

بے تاب: ۱۔ بے قرار۔ بے چین۔ بے کل۔ مضطرب۔ مضطر۔ بیاکل

۲۔ کم زور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ بے تحمل۔ بے صبر۔ غیر متحمل

بے تاب ہونا — بے تاب کرنا — بے تاب رہنا

بے تابی: ۱۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب

۲۔ کم زوری۔ ناتوانی۔ ضعف۔ عدم تحمل۔ بے صبری

بے تاثیر: بے اثر۔ غیر موثر۔ بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ بے فیض

بے تاثیری: بے اثری۔ بے فیضی۔ عدم تاثیر

بے تأمل: بے اندیشہ۔ بے فکر۔ بے دھڑک۔ فوراً

بے تحاشا: ۱۔ بے تابانہ۔ مضطربانہ

۲۔ اندھا دھند۔ بے دھڑک

۳۔ بہت زیادہ۔ بے حد

بے تدبیر: ۱۔ بے اندیشہ۔ بے فکر۔ بے پروا

۲۔ بے عقل۔ نادان

بے تدبیری: ۱۔ بے فکری۔ بے پروائی

۲۔ بے عقلی۔ نادانی

بے ترتیب: بے قاعدہ۔ بے سلسلہ۔ بے انتظام۔ منتشر۔ پریشاں۔ خلط ملط۔ گڈمڈ

بے ترتیبی: بے قاعدگی۔ عدم تسلسل۔ بے انتظامی۔ انتشار۔ پریشانی

بے تردد: بے فکر۔ بے اندیشہ۔ بے پروا۔ بے کھٹکے۔ بے دھڑک

بے ترکیب: بے جوڑ۔ بے انداز۔ بے تعلق۔ علیحدہ۔ الگ۔ کنارہ کش

بے ترکیبی: بے جوڑی۔ بے تعلقی۔ علیحدگی۔ کنارہ کشی

بے تعلق: غیر متعلق۔ ناوابستہ۔ الگ۔ علیحدہ۔ کنارہ کش۔ بے پروا

بے تعلقی: عدم تعلق۔ ناوابستگی۔ علیحدگی۔ کنارہ کشی۔ بے پروائی

بے تقصیر: ۱۔ بے قصور۔ بے خطا۔ بے گناہ۔ بے جرم۔ معصوم

۲۔ بے سبب۔ بے وجہ۔ ناحق

بے تقصیری: ۱۔ بے قصوری۔ بے خطائی۔ بے گناہی

بے تکا: غیر موزوں۔ نامناسب۔ بے موقع۔ بے محل۔ فضول

بے تکاپن: عدم موزونیت۔ نامناسبت۔ بیہودگی۔ لغویت

بے تکان: ۱۔ بے تکلف۔ بہ آسانی

۲۔ بے حد۔ بہت زیادہ۔ بے رکے۔ تیز

بے تکلف: ۱۔ بے ساختہ۔ بے بناوٹ۔ بے تصنع

۲۔ بے حجاب۔ بے پردہ

۳۔ بے دھڑک۔ بے خوف

۴۔ رازداں۔ محرم راز

۵۔ آزاد۔ سیدھا سادا

بے تکلفی: ۱۔ بے ساختگی۔ عدم تصنع

۲۔ بے حجابی۔ بے پردگی

۳۔ بے خوفی۔ بے باکی

۴۔ رازدانی۔ ہم رازی۔ ہم رنگی

بے تمیز: ۱۔ بے سلیقہ۔ بے قرینہ۔ پھوہڑ

۲۔ بے ادب۔ بے لحاظ۔ ناشائستہ۔ بے تہذیب

بے تمیزی: ۱۔ بے سلیقگی۔ پھوہڑ پن

۲۔ بے ادبی۔ بے لحاظی۔ ناشائستگی۔ بے تہذیبی

بے توجہ: بے فکر۔ بے پروا۔ غافل۔ بے التفات

بے توجہی: بے فکری۔ بے پروائی۔ غفلت۔ تغافل۔ بے التفاتی۔ عدم التفات

بے توفیق: کم حوصلہ۔ کم ہمت۔ پست ہمت۔ بے ہمت۔ بے حوصلہ

بے توفیقی: کم حوصلگی۔ بے حوصلگی۔ کم ہمتی۔ پست ہمتی

بے تہ/تھاہ: ۱۔ گہرا۔ عمیق۔ بے پایاں

۲۔ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔ فضول

بے ٹھکانا: ۱۔ بے موقع۔ بے جا۔ بے قرینہ

۲۔ بے اصل۔ بے بنیاد

۳۔ بے نشان۔ بے سراغ۔ بے پتے۔ لاپتہ

۴۔ بے گھر۔ بے مکان

بے ٹھکانے/ٹھور: ۱۔ آوارہ گرد۔ بے گھر۔ بے مکان

۲۔ بے موقع۔ بے محل

بے ثبات: ناپائیدار۔ بودا۔ کمزور۔ فانی۔ متزلزل
بے ثباتی: ناپائیداری: بوداپن۔ کمزوری۔ تنزل
بے ثمر: اپھل۔ بے برگ وبار۔ بے اولاد۔ لاولد
بے ثمری: بے برگ وباری۔ بے اولادی۔ بے فیضی
بے جا: ۱۔ بے محل۔ بے موقع۔ بے ٹھکانا۔ بے سبب۔ بے ثمر
۲۔ نامناسب۔ نازیبا۔ اسدھ
۳۔ بے کار۔ فضول۔ عبث
۴۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب۔ بے ہنگم
۵۔ ناجائز۔ خلاف قانون۔ ناحق
بے جان: مردہ۔ پژمردہ۔ ضعیف۔ نحیف۔ بودا۔ کمزور۔ ناتواں
بے جانی: موت۔ پژمردگی۔ ضعف۔ نقاہت۔ بوداپن۔ کمزوری۔ ناتوانی
بے جرم: بے خطا۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے تقصیر۔ معصوم
بے جرمی: بے خطائی۔ بے گناہی۔ بے قصوری۔ بے تقصیری
بے جگر: بہادر۔ دلیر۔ نڈر۔ بے خوف۔ بے پروا
بے جگری: بہادری۔ دلیری۔ بے خوفی۔ بے پروائی
بے جوڑ: ۱۔ بے ربط۔ بے میل۔ ان میل۔ غیر مربوط۔ اکھڑا اکھڑا۔ متناقض
۲۔ غیر مناسب۔ نامناسب۔ ناموزوں۔ غیر موزوں
۳۔ لاثانی۔ یکتا۔ یگانہ۔ بے جواب۔ لاجواب۔ بے مثل۔ بے مثال۔ لامثال۔ بے عدیل

بے جوڑ میل ــــ بے جوڑ ہونا ــــ بے جوڑ فقرہ

بے چارگی: ۱۔ لاعلاجی۔ درماندگی
۲۔ عاجزی۔ بے کسی۔ بے بسی۔ ناکسی۔ مجبوری۔ ناچاری
۳۔ افلاس۔ غربت۔ ناداری۔ تہی دستی۔ فلاکت
۴۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔ بدقسمتی۔ بداقبالی
بے چارہ: ۱۔ لاعلاج۔ بے درماں۔ درماندہ۔ لاچار
۲۔ عاجز۔ بے کس۔ بے بس۔ مجبور۔ ناچار۔ فرو ماندہ۔ بے اختیار۔ معذور۔ بے وس۔ بے یار ومددگار
۳۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔ تہی دست۔ فلاکت زدہ۔ مفلوک الحال۔ بدحال۔ مسکین
۴۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ بداقبال

بے چارہ انسان ــــ بے چارہ لڑکا ــــ بے چارہ ہونا

بے چال: بے اصول۔ بے راہ۔ کج راہ۔ شریر۔ بداطوار۔ بدچلن
بے چالی: بے اصولی۔ بے راہی۔ کج راہی۔ شرارت۔ بداطواری۔ بدچلنی
بے چراغ: بے آباد۔ ویران۔ اجاڑ۔ سنسان
بے چون: بے مثل۔ بے نظیر۔ بے عدیل۔ بے ہمتا۔ بے مثال۔ لامثال
بے چونی: بے نظیری۔ بے عدیلی۔ بے ہمتائی۔ بے مثالی
بے چین: بے کل۔ بے آرام۔ بے تاب۔ بے قرار۔ مضطرب۔ بے صبر۔ ناصبور۔ ناشکیبا۔ مضطر۔ آتش زیرپا۔ سیماب پا۔ سیماب وار۔ نعل در آتش۔ ماہی بے آب۔ غیر قانع
بے چینی: بے کلی۔ بے تابی۔ بے قراری۔ بے آرامی۔ اضطراب۔ ناصبوری۔ ناشکیبائی
بے حاصل: لاحاصل۔ بے فائدہ۔ بے کار۔ بے نتیجہ۔ بے ثمر۔ فضول
بے حاصلی: عدم فائدہ۔ بے کاری۔ بے ثمری۔ نقصان
بے حال: ۱۔ بیمار۔ مریض۔ دکھی۔ درماندہ۔ بے چارہ
۲۔ جاں بلب۔ قریب مرگ
۳۔ تباہ۔ برباد
۴۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف۔ کمزور
۵۔ شکستہ۔ خراب
۶۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔ مفلوک الحال
بے حالی: ۱۔ بیماری۔ دکھ۔ روگ۔ بے چارگی
۲۔ تباہی۔ بربادی۔ خرابی
۳۔ ضعف۔ ناتوانی۔ نقاہت۔ کمزوری
۴۔ افلاس۔ غربت۔ ناداری۔ فلاکت
بے حجاب: ۱۔ بے پردہ۔ بے نقاب
۲۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے لحاظ
۳۔ بے جھجک۔ بے دھڑک۔ بے تکلف
بے حجابی: ۱۔ بے پردگی۔ بے نقابی
۲۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے لحاظی

۳۔ بے تکلفی

بے حد: ۱۔ بے پایاں۔ بے کراں۔ بے کنار۔ بے انتہا۔ بے نہایت۔ اپار۔ اپرم پار۔ لا متناہی۔ لا انتہا۔ غیر متناہی۔ بے انت۔ غیر محدود۔ بے غایت

۲۔ بے حساب۔ بے شمار۔ بے اندازہ۔ ان گنت۔ لاتعداد۔ ات گت

بے حرکت: ساکن۔ قائم۔ ثابت۔ اچل۔ اٹل۔ مُردہ۔ بے حس

بے حرکتی: سکون۔ قیام۔ اچلتا۔ اٹل پن۔ مُردنی

بے حُرمت: بے عزت۔ بے آبرو۔ ذلیل۔ رسوا۔ بدنام

بے حُرمتی: بے آبروئی۔ بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی

بے حس: ۱۔ سُن۔ مخدر۔ غیر حساس

۲۔ بے حرکت۔ ساکن

۳۔ بے درد۔ سنگ دل

بے حس و حرکت: ۱۔ ساکن۔ غیر متحرک۔ غیر حساس۔ سُن

۲۔ خاموش۔ بے حواس۔ بے اوسان۔ بے خود

۳۔ حیران۔ ششدر۔ بے جان

بے حساب: بے شمار۔ بے اندازہ۔ لاتعداد۔ ان گنت

بے حسی: ۱۔ بے حرکتی۔ سکون

۲۔ بے دردی۔ سنگ دلی

بے حقیقت: ۱۔ بے اصل۔ بے بنیاد

۲۔ ناچیز۔ بے وقعت۔ ذلیل۔ کم قیمت۔ گھٹیا

بے حقیقی: ۱۔ بے اصلی۔ بے بنیادی

۲۔ بے وقعتی۔ ذلت۔ کم قدری۔ ناقدری

بے حکم: بلا امر۔ بے فرمان۔ بے اجازت۔ بلا مرضی

بے حکمت: ۱۔ بے تمیز۔ نادان۔ بے عقل

۲۔ اناڑی۔ اَن جان

بے حمیت: ۱۔ بے غیرت۔ بے شرم۔ بے حیا۔ دیوث

۲۔ بے مروت۔ بے لحاظ

بے حمیتی: ۱۔ بے غیرتی۔ بے شرمی۔ بے حیائی

۲۔ بے مروتی۔ بے لحاظی

بے حواس: ۱۔ بے اوسان۔ بے خود۔ بے ہوش

۲۔ مخبوط الحواس۔ خبطی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مجنون۔ فاتر العقل

۳۔ بدحواس۔ پریشان۔ پراگندہ خاطر

بے حواسی: ۱۔ بے اوسانی۔ بے خودی۔ بے ہوشی

۲۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔ جنون۔ فتورِ عقل

۳۔ بدحواسی۔ پریشانی۔ پراگندہ خاطری

بے حوصلگی: بے ہمتی۔ پست ہمتی۔ مردہ دلی۔ بزدلی۔ کم دلی۔ تھُڑدلی

بے حوصلہ: کم ہمت۔ پست ہمت۔ مردہ دل۔ کم دل۔ بزدل۔ کم ظرف۔ تھُڑ دِلا

بے حیا: ۱۔ بے حمیت۔ بے غیرت۔ بے شرم۔ نلجا۔ نرلج۔ بے ننگ و ناموس۔ ذلیل۔ نرلاج۔ دیوث۔ بے آزرم۔ وقیح۔ آہن رُو۔ سگ رُو۔ سنگ رُو۔ شنگ۔ لول۔ لور۔ ڈھیٹ۔ چکنا گھڑا

۲۔ بے ادب۔ گستاخ۔ بے لحاظ۔ بے مروت

بے حیائی: ۱۔ بے حمیتی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی۔ ذلت

۲۔ بے ادبی۔ گستاخی۔ بے لحاظی۔ بے مروتی

بے خار: ۱۔ بے خوف۔ بے خطر۔ بے کھٹکے

۲۔ بے ریش و بروت۔ امرد

بے خانماں: بے گھر۔ بے وطن۔ بے ٹھکانے

بے خبر: ۱۔ بے علم۔ ناواقف۔ ناآگاہ۔ بے اطلاع۔ لاعلم

۲۔ غافل۔ بیہوش۔ بے شعور

۳۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ نادان۔ اَن جان

۴۔ نالائق۔ جاہل

بے خبری: ۱۔ بے علمی۔ ناواقفیت۔ ناآگاہی

۲۔ غفلت۔ بیہوشی۔ بے شعوری

۳۔ بیوقوفی۔ بے عقلی۔ نادانی۔ اَن جان پن

۴۔ نالائقی۔ جہالت

بے خطا: ۱۔ بے قصور۔ بے تقصیر۔ بے گناہ۔ بے جُرم۔ معصوم

۲۔ اچوک۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک (نشانہ)

بے خطر: ۱۔ نڈر۔ بے خوف۔ دلیر۔ دلاور

۲۔ محفوظ۔ مامون۔ مصئون۔ مطمئن۔ بعافیت

بے خلش: بے فکر۔ بے اندیشہ۔ بے تشویش۔ بے خطر

بے خواب: بیدار۔ جاگتا۔ بے آرام

بے خوابی: بیداری۔ سُہر۔ بے آرامی

بے خواہش: ۱۔ بے آرزو۔ بے تمنا۔ بے مراد۔ بے مدعا۔ بے طلب

۲۔ بے دل۔ مردہ دل

بے خود: ۱۔ ازخود رفتہ۔ وارفتہ۔ بیہوش۔ مدہوش۔ بے حواس۔ بے اوسان۔ آپے سے باہر۔ بدحواس

۲۔ مخمور۔ سرشار

بے خود ہونا ـــــ بے خود کرنا ـــــ بے خود بکنا

بے خودی: ۱۔ ازخود رفتگی۔ وارفتگی۔ بیہوشی۔ مدہوشی۔ بے حواسی۔ بداوسانی

۲۔ سرشاری۔ سرور۔ خمار

بے خور و خواب: بے آرام۔ مصیبت زدہ۔ پریشان۔ بے قرار

بے خوف: نڈر۔ بے باک۔ بے پروا

بے خوفی: نڈرپن۔ بے باکی۔ بے پروائی

بے خیال: بے دھیان۔ بے فکر۔ بے پروا

بے خیالی: بے دھیانی۔ بے فکری۔ بے پروائی

بیداد پیشہ: ظالم۔ ستمگر۔ جفاجو

بیداد: ناانصافی۔ بے انصافی۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ تعدی۔ شقاوتِ قلب

بیدادگر: ناانصاف۔ بے انصاف۔ ظالم۔ ستم گار۔ ستم گر۔ ظلمی

بیدادگری: ناانصافی۔ بے انصافی۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ ستم گری۔ تعدی۔ شقاوتِ قلبی

بے داغ: ۱۔ صاف۔ پاک۔ پاک و صاف

۲۔ بے عیب۔ بے نقص۔ نِس کلنک

۳۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے تقصیر۔ بے خطا۔ پاک۔ معصوم۔ بے جرم

بے داغی: ۱۔ صفائی۔ شستگی

۲۔ بے گناہی۔ بے قصوری۔ بے تقصیری۔ پاکیزگی

بے دام: بے قیمت۔ مفت۔ بے مول

بے دانش: ۱۔ بے علم۔ بے خبر۔ جاہل

۲: نادان۔ بے عقل۔ بیوقوف۔ ان جان

بے دانشی: ۱۔ بے علمی۔ بے خبری۔ جہالت

۲: نادانی۔ بے عقلی۔ بیوقوفی۔ اَن جان پن

بے دانے پانی: بھوکا پیاسا۔ بے آب و دانہ

بے دخل: بے قبضہ۔ خارج۔ محروم۔ بے تعلق

بے دخلی: اخراج۔ محرومی۔ بے تعلقی

بے درد: بے رحم۔ بے مہر۔ نامہربان۔ سنگ دل۔ کٹھور۔ کڑا۔ نردئی۔ نرموہی۔ ظالم۔ ستمگر۔ بے ترس۔ ظلمی۔ سخت دل۔ شقی القلب۔ قسی القلب

بے دردی: بے رحمی۔ بے مہری۔ نامہربانی۔ سنگ دلی۔ کٹھورپن۔ شقاوتِ قلبی

بے درماں: بے علاج۔ لاعلاج۔ مایوس العلاج

بے درنگ: ۱۔ فوراً۔ فی الفور۔ بلاتاخیر۔ یکایک

۲۔ تیز۔ چالاک۔ چُست

بے دریغ: ۱۔ بلاتامل۔ بلاتوقف

۲: بے رنج و افسوس

۳۔ بکثرت۔ بافراط

۴۔ سخی۔ فیاض۔ کریم

۵۔ ظالم۔ بے رحم۔ بے مہر۔ نامہربان

۶۔ بدل و جان۔ بسر و چشم

بے دست و پا: ۱۔ لنگڑا لولا۔ اپاہج۔ معذور

۲۔ عاجز۔ مجبور۔ ناچار۔ بے کس۔ بے بس۔ بے سہارا

بے دست و پائی: ۱۔ لنگڑاپن۔ لُنجاپن۔ اپاہج پن۔ معذوری

۲۔ عجز۔ مجبوری۔ ناچاری۔ بے کسی۔ بے بسی

بے دستور: بے قاعدہ۔ خلاف قاعدہ۔ خلاف قانون۔ بے ضابطہ۔ نامناسب۔ غیر معمولی

بے دل: ۱۔ بے جگر۔ جگر دار۔ جری۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور

۲۔ رنجیدہ۔ دل گیر۔ آزردہ۔ دل برداشتہ۔ افسردہ۔ پژمردہ۔ مغموم۔ ملول۔ غم گین

۳۔ ناراض۔ ناخوش۔ خفا

بے دلی: ۱۔ بے جگری۔ جگر داری۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری

۲۔ رنجیدگی۔ دل گیری۔ آزردگی۔ دل برداشتگی۔ افسردگی۔ پژمردگی

۳۔ ناراضی۔ ناخوشی۔ خفگی

بے دم: ۱۔ بے جان۔ مُردہ

۲۔ تھکا ماندہ۔ خستہ

۳۔ سُست۔ کاہل

۴۔ بودا۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف

۵۔ پرانا کہنہ۔ بوسیدہ۔ فرسودہ
بے دماغ: ا۔ ناخوش۔ ناراض
۲۔ بد مزاج۔ تنک مزاج۔ زود رنج
بے دماغی: ا۔ ناخوشی۔ ناراضی۔ خفگی
۲۔ بد مزاجی۔ تنک مزاجی۔ زود رنجی
بے دوس/دوش: ا۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے تقصیر
۲۔ بے عیب۔ بے نقص۔ بردوش
بے دولت: بد قسمت۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست
بے دولتی: بد قسمتی۔ غربت۔ افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی
بے دھڑک: ا۔ بے خوف۔ بے اندیشہ۔ بے خطر۔ بے کھٹکے
۲: بے تامل۔ بے تکلف
۳: بہادر۔ دلیر۔ نڈر۔ جری۔ بیباک
بے دید: بے مروت۔ بے لحاظ۔ طوطا چشم۔ بے حیا۔ بے وفا۔ بد لحاظ۔ اکل کھرا۔ ناملنسار
بے دین: بے مذہب۔ ادھرمی۔ کافر۔ گم راہ۔ لامذہب
بے دینی: بے مذہبی۔ ادھرم۔ کفر۔ گم راہی۔ بے راہی۔ ضلال۔ لادینی
بے ڈر: نڈر۔ بے خوف۔ بے باک
بے ڈول: ا۔ کڈھب۔ بے ڈھب۔ بے ڈھنگا۔ ان گھڑ۔ ناتراشیدہ۔ بہنگم
۲۔ بد قطع۔ بد صورت۔ بد شکل۔ بد ہیئت۔ بھونڈا
۳۔ بد تہذیب۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب
۴۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ۔ نازیبا
۵۔ ناروا۔ بے جا۔ بے محل
بے ڈھب: ا۔ کڈھب۔ بے ڈھنگا۔ ان گھڑ۔ ناتراشیدہ
۲۔ بے موقع۔ بے محل۔ بے جا
۳۔ بہت۔ بافراط۔ بکثرت
۴۔ چالاک۔ عیار۔ مکار
۵۔ شریر۔ مفسد۔ فسادی۔ شرارتی
۶۔ بے خوف۔ نڈر۔ دلیر۔ دلاور۔ بہادر
۷۔ بے قابو۔ بے اختیار۔ بے لگام
۸۔ سخت۔ دشوار۔ مشکل

۹۔ بے ٹھور۔ بے ٹھکانے
۱۰۔ عجیب۔ انوکھا۔ نرالا۔ طرفہ
۱۱۔ بے طرح۔ بے طور
۱۲۔ تیز۔ تند
۱۳۔ مہلک۔ خطرناک
۱۴۔ ڈراؤنا۔ مہیب۔ خوفناک۔ دہشت ناک
بے ڈھنگا: ا۔ ناشائستہ۔ بد تہذیب۔ غیر مہذب۔ بد تمیز
۲۔ نامعقول۔ ناموزوں۔ نامناسب۔ نازیبا
۳۔ بد چلن۔ بد کردار۔ بد اعمال۔ بد افعال
۴۔ بد اسلوب۔ بد قرینہ۔ بد طریق۔ بد وضع
۵۔ بد شکل۔ بد صورت۔ بد قطع۔ بے ڈول۔ بھدا
بے ڈھنگا پن: ا۔ ناشائستگی۔ بد تہذیبی۔ بد تمیزی
۲۔ غیر موزونیت۔ عدم مناسبت۔ نازیبائی
۳۔ بد چلنی۔ بد کرداری۔ بد اعمالی۔ بد افعالی
۴۔ بد اسلوبی۔ بد طریقی۔ بد وضعی
۵۔ بد شکلی۔ بد صورتی۔ بے ڈولی۔ بھدا پن
بے ذوق: ا۔ بے مزہ۔ بے لطف۔ پھیکا۔ کم سواد
۲۔ بد مذاق۔ بد ذوق۔ کور ذوق۔ کم سواد
بے ذوقی: ا۔ بے مزگی۔ بے لطفی۔ پھیکا پن
۲۔ بد مذاقی۔ بد ذوقی۔ کور ذوقی۔ کم سوادی
بے راہ: ا۔ گم راہ۔ لامذہب۔ ملحد
۲۔ بد چلن۔ بد کردار۔ بد اعمال۔ بد اطوار۔ بد وضع
۳۔ غلط۔ بے جا۔ ناجائز
۴۔ خلاف دستور۔ بے دستور۔ بے قاعدہ۔ بے اصول
بے راہی/ راہ روی: گم راہی۔ بد چلنی۔ بد کرداری۔ بد اطواری۔ بد وضعی۔ آوارگی
بے ربط: ا۔ بے جوڑ۔ بے میل۔ غیر موزوں۔ غیر مناسب۔ بے تعلق
۲۔ بے موقع۔ بے محل۔ بے جا
۳۔ بے ترتیب۔ منتشر۔ پراگندہ
بے ربطی: ا۔ عدم موزونیت۔ بے تعلقی
۲۔ بے ترتیبی۔ پراگندگی۔ انتشار

بے رُت : بے موسم ۔ بے فصل ۔ بے وقت ۔ بے موقع

بے رُتبہ : کم رتبہ ۔ بے حیثیت ۔ کم حیثیت ۔ فروتر ۔ گھٹیا

بے رحم : بے درد ۔ سنگ دل ۔ قسی القلب ۔ سخت دل ۔ ظالم ۔ ستم گر ۔
سفاک ۔ شقی القلب

بے رحمی : بے دردی ۔ سنگ دلی ۔ قساوت ۔ سخت دلی ۔ ظلم ۔ ستم گری ۔
سفاکی ۔ شقاوت

بے رُخ : بے پروا ۔ غافل ۔ غیر متوجہ ۔ غیر ملتفت ۔ بے مروت

بے رُخی : بے پروائی ۔ تغافل ۔ عدم توجہ ۔ عدم التفات ۔ بے مروتی ۔ بے خیالی ۔
سرد مہری ۔ بے توجہی ۔ بے التفاتی

بے رُخی سے پیش آنا ـــــ بے رخی برتنا

بے رضا : بلا رضامندی ۔ بلا مرضی

بے رنگ : ۱۔ بے لطف ۔ پھیکا ۔ بے مزہ
۲۔ تارک علائق ۔ بے تعلق

بے رنگی : ۱۔ بے لطفی ۔ بے مزگی ۔ پھیکا پن
۲۔ ترک علائق ۔ بے تعلقی

بے روز : ۱۔ بدقسمت ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔ بدطالع ۔ بداختر
۲۔ بے روزہ

بے روزگار : بیکار ۔ نکھٹو ۔ خالی

بے روزگاری : بیکاری

بے روزہ : غیر صائم ۔ بے صوم ۔ ناروزہ دار

بے روزی : بے مزدوری ۔ بے کمائی

بے روک ٹوک : بلا مخالفت ۔ بے اندیشہ ۔ بے کھٹک ۔ بے دھڑک ۔
بے خطر ۔ باطمینان

بے رونق : بے لطف ۔ سونا ۔ بے آب

بے رونقی : بے لطفی ۔ سونا پن ۔ بے آبی

بے ریا : ۱۔ بے تصنع ۔ بے تکلف ۔ بے نمائش
۲۔ صاف باطن ۔ مخلص ۔ ایمان دار

بے ریائی : ۱۔ عدم تصنع ۔ بے تکلفی
۲۔ صاف باطنی ۔ اخلاص ۔ خلوص ۔ ایمان داری

بے ریش : بے خط ۔ امرد ۔ کم سن لڑکا

بے زباں : ۱۔ خاموش ۔ چپ ۔ گونگا ۔ گنگ ۔ اصم ۔ صامت
۲۔ حیوان ۔ جانور
۳۔ کم سخن ۔ کم گو
۴۔ غریب ۔ مسکین ۔ عاجز

بے زبانی : ۱۔ خاموشی ۔ گونگا پن
۲۔ کم سخنی ۔ کم گوئی
۳۔ مسکنت ۔ عاجزی

بے زر : غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ کنگال ۔ قلاش

بے زری : غربت ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ کنگال پن

بے زوال : قائم ۔ پائیدار ۔ دیرپا ۔ پائندہ ۔ لازوال ۔ لایزال ۔ مستحکم ۔
مستقل ۔ محکم

بے زوالی : قیام ۔ پائیداری ۔ دیرپائی ۔ ثبات ۔ استحکام

بے ساختگی : ۱۔ بے تکلفی ۔ عدم تصنع ۔ سادگی
۲۔ بھولا پن ۔ سادہ لوحی

بے ساختہ : ۱۔ بلا تکلف ۔ بلا تصنع
۲۔ بلا تامل ۔ فی البدیہہ ۔ ارتجالاً
۳۔ سادہ ۔ سیدھا
۴۔ بے قصد ۔ بے ارادہ
۵۔ فوراً ۔ فی الفور ۔ ایک دام

بے سبب : بے وجہ ۔ بے باعث ۔ بے علت ۔ بے ضرورت

بے ستر : ۱۔ بے پردہ ۔ ننگا ۔ عریاں ۔ برہنہ ۔ بے حجاب ۔ بے پردہ
۲۔ بے عزت ۔ بے آبرو
۳۔ بے شرم ۔ بے حیا

بے ستری : ۱۔ بے پردگی ۔ ننگا پن ۔ عریانی ۔ برہنگی ۔ بے حجابی
۲۔ بے عزتی ۔ بے آبروئی
۳۔ بے شرمی ۔ بے حیائی

بے سخن : خاموش ۔ چپ ۔ صامت ۔ اصم

بے سدھ : ۱۔ بے تمیز ۔ بے عقل ۔ بے شعور ۔ نافہم
۲۔ غافل ۔ حواس باختہ ۔ بے حواس ۔ بے ہوش

بے سدھ بدھ : بیہوش ۔ مدہوش ۔ بے حواس ۔ حواس باختہ

بے سروپا: ۱۔ بے بنیاد ۔ بے اصل ۔ مہمل ۔ بے معنی ۔ لغو
۲۔ آوارہ ۔ بے ٹھکانہ ۔ بے گھر
۳۔ حیران ۔ پریشان ۔ سرگشتہ
۴۔ غلط ۔ جھوٹ
۵۔ محتاج ۔ مجبور ۔ معذور

بے سروپائی: ۱۔ بے بنیادی ۔ بے اصلی ۔ لغویت
۲۔ آوارگی ۔ بے گھری
۳۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ سرگشتگی
۴۔ غلطی ۔ جھوٹ ۔ کذب
۵۔ محتاجی ۔ مجبوری ۔ معذوری

بے سروساماں: غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ محتاج ۔ بے زر ۔ کنگال ۔ قلاش

بے سروسامانی: غربت ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ احتیاج ۔ بے زری ۔ کنگال پن

بے سرا: ۱۔ بے سر ۔ بے سردار ۔ بے راہبر
۲۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔ بداعمال ۔ بدافعال ۔ آوارہ
۳۔ خودرائے ۔ خودسر ۔ خودبیں
۴۔ لاوارث ۔ بے یارومددگار

بے سُرا: بدآواز ۔ بدآہنگ ۔ بے ڈھنگا

بے سلیقگی: بے تمیزی ۔ بے شعوری ۔ بے تہذیبی ۔ ناشائستگی ۔ پھوہڑپن

بے سلیقہ: بے تمیز ۔ بے شعور ۔ بے تہذیب ۔ ناشائستہ ۔ پھوہڑ

بے سمجھ: نافہم ۔ کم فہم ۔ بیوقوف ۔ بے عقل ۔ نادان

بے سمجھی: نافہمی ۔ کم فہمی ۔ بیوقوفی ۔ بے عقلی ۔ نادانی

بے سود: بے فائدہ ۔ بے حاصل ۔ بے کار ۔ فضول ۔ عبث ۔ بے نتیجہ ۔ رائیگاں

بے شائبہ: بے شک ۔ بے شبہ ۔ بے گمان ۔ بے یقینی

بے شبہ: بے شک ۔ بے گماں ۔ یقینی

بے شرم: ۱۔ بے حیا ۔ بے غیرت ۔ ڈھیٹ ۔ بے مروت ۔ بے لحاظ ۔ دیدہ دلیر ۔ دریدہ ۔
۲۔ بے ادب ۔ گستاخ ۔ غیر مؤدب ۔ شوخ چشم

بے شرمی: ۱۔ بے حیائی ۔ بے غیرتی ۔ ڈھیٹ پن ۔ ڈھٹائی
۲۔ بے ادبی ۔ گستاخی

بے شعور: بے سمجھ ۔ بے تمیز ۔ بے تہذیب ۔ ناداں

بے شعوری: بے سمجھی ۔ بے تمیزی ۔ بے تہذیبی ۔ نادانی

بے شک: بے ریب ۔ بے شبہ ۔ بے شائبہ ۔ لاریب

بے شمار: بے حساب ۔ لاتعداد ۔ بے اندازہ ۔ ان گنت

بے صبر: ناصبور ۔ ناشکیبا ۔ بے قرار ۔ بے چین ۔ بے کل ۔ مضطرب

بے صبری: ناصبوری ۔ ناشکیبائی ۔ بے قراری ۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔ اضطراب

بے صرفہ: ۱۔ بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔ بے سود
۲۔ بے احتیاط ۔ بے پروا
۳۔ بہت ۔ زیادہ ۔ فزوں ۔ بیش

بے ضابطگی: بے قاعدگی ۔ لاقانونیت ۔ بے آئینی

بے ضابطہ: بے قاعدہ ۔ بے قانون ۔ بے آئین ۔ بے دستور

بے ضرورت: ۱۔ غیر ضروری ۔ غیر مطلوب
۲۔ بے حاجت ۔ بلا احتیاج

بے طاقت: کم زور ۔ ناتواں ۔ ضعیف ۔ نحیف ۔ ناطاقت ۔ نقیہہ

بے طاقتی: کم زوری ۔ ناتوانی ۔ ضعف ۔ ناطاقتی ۔ نقاہت

بے طالع: بے قسمت ۔ بے نصیب ۔ بدبخت ۔ بداختر

بے طالعی: بے قسمتی ۔ بے نصیبی ۔ بدبختی ۔ بداختری

بے طرح: ۱۔ بُری طرح
۲۔ بے حد ۔ زیادہ
۳۔ بے طور ۔ بے ڈھب

بے طریق: بے قاعدہ ۔ ناجائز ۔ بے راہ ۔ گم راہ ۔ آوارہ ۔ گم کردہ راہ

بے طلب: ۱۔ غیر مدعو ۔ بن بلائے
۲۔ بن مانگے ۔ بے مانگے
۳۔ بغیر خواہش

بے طمع: بے لالچ ۔ بے حرص ۔ مستغنی

بے طور: بے طرح ۔ بہت زیادہ ۔ بدتہذیب ۔ بے ادب ۔ گستاخ

بے عدیل: بے نظیر ۔ لاجواب ۔ بے مثل ۔ بے مثال ۔ بے ہمتا

بے عزت: ۱۔ بے آبرو ۔ بے وقر ۔ ذلیل ۔ خوار

۲۔ رسوا۔ بدنام

بے عزتی: ا۔ بے آبروئی۔ بے وقری۔ ذلت۔ خواری
۲۔ رسوائی۔ بدنامی

بے عقل: نامعقول۔ بیوقوف۔ نادان۔ احمق۔ مورکھ۔ ابلہ

بے عقلی: نامعقولیت۔ بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ مورکھتا۔ ابلہی

بے علت: بے سبب۔ بے وجہ

بے عنوان: ا۔ بے سرخی۔ بے قاعدہ۔ بدکردار۔ بدچلن

بے عنوانی: بے قاعدگی۔ بے ضابطگی۔ بدکرداری۔ بدچلنی

بے عیب: بے نقص۔ بے داغ۔ صاف۔ پاک۔ عمدہ۔ کھرا۔ سچا۔ خالص۔ مبرّا۔ منزّہ

بے عیبی: بے داغی۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ عمدگی۔ کھرا پن

بے غایت: ا۔ بے نہایت۔ بے انتہا۔ بے پایاں۔ بے کراں۔ بے حد۔ لاانتہا
۲۔ بے غرض۔ بے مقصد۔ بے مطلب

بے غرض: ا۔ بے مطلب۔ بے خواہش۔ بے مقصد
۲۔ بے تعلق۔ الگ۔ علیحدہ۔ غیر جانبدار
۳۔ بے پروا۔ بے فکر

بے غرضی: ا۔ بے مطلبی۔ بے مقصدی
۲۔ بے تعلقی۔ علیحدگی۔ غیر جانبداری
۳۔ بے پروائی۔ بے فکری

بے غل و غش: ا۔ بے تکلف۔ بے دریغ۔ اندھا دھند۔ بے محنت۔ بے تکلیف۔ بے کدورت
۲۔ بکثرت۔ بافراط

بے غم: بے فکر۔ بے رنج۔ بے تردد۔ بے ملال۔ خوش۔ مسرور۔ شاد۔ مگن

بے غمی: بے فکری۔ بے رنجی۔ عدم ملال۔ خوشی۔ مسرت۔ آنند

بے غیرت: بے حیا۔ بے شرم۔ بے حمیت۔ چکنا گھڑا۔ ڈھیٹ۔ دیوث۔ بدکار

بے غیرتی: بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے حمیتی۔ ڈھیٹ پن۔ بدکاری

بے فائدہ: ا۔ بے سود۔ لاحاصل۔ بے کار۔ بے نفع۔ اکارت۔ بے فیض
۲۔ فضول۔ عبث۔ لاحاصل۔ تحصیل حاصل۔ برتھا۔ بے علاج
۳۔ بے سبب۔ بے وجہ۔ ناحق۔ ناواجب۔ بے موجب

بے فائدہ کام ــــ بے فائدہ گفتگو ــــ بے فائدہ سفر

بے فصل: ا۔ بے موسم۔ بے رُت۔ بے موقع۔ بے وقت
۲۔ مسلسل۔ متواتر۔ علی الاتصال۔ بلافصل

بے فکر: بے تردد۔ بے غم۔ بے رنج۔ بے تشویش۔ بے پروا۔ آزاد منش۔ آزادہ رو

بے فکری: بے ترددی۔ بے غمی۔ بے رنجی۔ بے پروائی۔ آزاد منشی۔ آزادہ روی

بے فیض: بخیل۔ لئیم۔ کنجوس۔ شوم

بے فیضی: بخیلی۔ بخل۔ کنجوسی

بے قابو: ا۔ بے اختیار۔ بے لگام۔ بے کہے۔ کہے سے باہر
۲۔ آزاد۔ خودمختار۔ مطلق العنان

بے قاعدہ: ا۔ بے دستور۔ بے آئین۔ بے قانون۔ بے اصول

بے قاعدگی: بے دستوری۔ بے آئینی۔ بے قانونی۔ بے اصولی

بے قدر: بے قیمت۔ بے وقعت۔ بے وقار۔ بے عزت۔ بے معتبر۔ ناچیز۔ ہیچ کارہ۔ ناکارہ

بے قدرا: ناشناس۔ قدر ناشناس۔ جوہر ناشناس۔ مردم ناشناس۔ نالائق۔ نااہل

بے قدری: بے قیمتی۔ بے وقعتی۔ بے عزتی۔ فضیحت۔ ذلت

بے قرار: بے تاب۔ بے چین۔ بے کل۔ مضطرب۔ پریشان۔ [illegible]۔ نعل در آتش

بے قراری: بے تابی۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب۔ پریشانی

بے قرینہ: بے سلیقہ۔ بے ترتیب۔ بے ٹھکانے۔ گڑبڑ۔ پریشان

بے قصد: بے ارادہ۔ بے عمد۔ یوں ہی۔ دفعتہً

بے قصور: بے تقصیر۔ بے خطا۔ بے جرم۔ بے گناہ۔ معصوم۔ پاک۔ بے عیب۔ بے نقص

بے قول: وعدہ خلاف۔ جھوٹا۔ کاذب۔ دغاباز۔ فریبی

بے قولی: وعدہ خلافی۔ جھوٹ۔ کذب۔ دغابازی۔ فریب

بے قیاس: بے اندازہ۔ بے حساب۔ بے شمار۔ لاتعداد

بے قیاسی: ۱۔ بے حسابی۔ بے شماری۔ بے انتہائی
۲۔ بے خیالی۔ بے دھیانی
بے قید: ۱۔ بے روک ٹوک۔ ناپابند۔ بے شرط۔ آزاد۔ مطلق العنان
۲۔ آوارہ۔ اوباش
بے قیدی: آزادی۔ خود مختاری۔ ناپابندی
بے کاج: بے کار۔ بے کام۔ بے شغل۔ بے روزگار
بے کار: ۱۔ بے کام۔ بے کاج۔ بے شغل۔ بے روزگار۔ نکھٹو۔ خانہ نشین
۲۔ معزول۔ نکما۔ خالی۔ بطال۔ معطل۔ نٹھلا۔ ٹھالی
۳۔ ناقص۔ خراب۔ ناکارہ۔ بڈھا
۴۔ بے فائدہ۔ بے سود۔ لاحاصل۔ فضول۔ عبث۔ غیر مفید

بے کار بیٹھنا — بے کار ہونا — بے کار آدمی — بے کار اولاد

بے کاری: بے کامی۔ بے کاجی۔ بے شغلی۔ بے روزگاری۔ نکماپن۔ خرابی
بے کراں: بے کنارہ۔ بے پایاں۔ بے انتہا۔ لا انتہا۔ بے نہایت۔ بے حد۔ لامحدود۔ غیر محدود
بے کرانی: بے پایانی۔ بے انتہائی۔ بے نہایتی
بے کس: ۱۔ بے یار و مددگار۔ بے انصار و اعوان۔ تنہا۔ اکیلا۔ محتاج۔ ناچار
۲۔ مسافر۔ پردیسی۔ غریب
بے کسی: ۱۔ بے یاری و مددگاری۔ تنہائی۔ اکیلاپن۔ محتاجی
۲۔ مسافرت۔ غربت
بے کل: بے چین۔ بے تاب۔ بے قرار۔ بے آرام۔ مضطرب۔ پریشان
بے کلی: بے چینی۔ بے تابی۔ بے قراری۔ بے آرامی۔ اضطراب۔ پریشانی
بے کم و کاست: من و عن۔ بجنسہٖ۔ جوں کا توں۔ ٹھیک ٹھیک۔ بالکل صحیح۔ ہو بہو۔ مکمل۔ صحیح صحیح۔ بغیر گھٹائے بڑھائے

بے کم و کاست کہہ دینا — بے کم و کاست سنا دینا — بے کم و کاست لکھنا

بے کینڈے: بے ڈول۔ بے ڈھب۔ بے ڈھنگا۔ بدقطع۔ بدشکل۔ بدصورت۔ بدہیئت
بے گانگی / بیگانگی: مغائرت۔ غیریت۔ اجنبیت

بیگانگی برتنا — بیگانگی ظاہر کرنا

بے گانہ / بیگانہ: غیر۔ اجنبی۔ پرایا۔ دوسرا۔ پردیسی
بیگانہ خو: اکھڑ۔ غیر مانوس
بے گماں: بے شک۔ بے شبہ۔ بے قیاس
بے گناہ: بے قصور۔ بے تقصیر۔ بے خطا۔ بے جرم۔ معصوم۔ ناکردہ گناہ۔ پاک۔ نردوش۔ بے دوش۔ نس پاپ

بے گناہ لوگ — بے گناہ انسان

بے گناہی: بے قصوری۔ بے تقصیری۔ بے خطائی۔ بے جرمی
بے گنت: ان گنت۔ بے حساب۔ بے شمار۔ بے اندازہ۔ لاتعداد
بے گھر / گھرا: بے خانماں۔ بے ٹھکانہ۔ بے وطن
بے لاگ: ۱۔ بے لوث۔ صاف۔ بے غرض۔ مخلص
۲۔ کھرا۔ ستھرا۔ پاک۔ صاف
۳۔ غیر جانبدار۔ بے تعصب
بے لباس: بے پردہ۔ ننگا۔ عریاں۔ برہنہ
بے لباسی: بے پردگی۔ ننگاپن۔ عریانی۔ برہنگی
بے لحاظ: بے شرم۔ بے حیا۔ بے مروت۔ گستاخ۔ بے ادب
بے لحاظی: بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے مروتی۔ گستاخی۔ بے ادبی
بے لطف: ۱۔ بے مزہ۔ بے ذائقہ۔ بے لذت
۲۔ نامہربان۔ بے مہر۔ بے شفقت
۳۔ غیر دلچسپ۔ غیر دلکش
بے لطفی: ۱۔ بے مزگی۔ بے لذتی
۲۔ نامہربانی۔ بے مہری
بے لگام: ۱۔ بے عنان۔ سرکش۔ منہ زور۔ بے قابو۔ بے رک۔ مطلق العنان
۲۔ منہ پھٹ۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے باک

بے لگامی: ۱۔ بے عنانی۔ سرکشی۔ منہ زوری
۲۔ گستاخی۔ بے ادبی۔ بے باکی
بے لگاؤ: ۱۔ بے جوڑ۔ بے ربط۔ بے لاگ۔ بے میل
۲۔ بے لوث۔ مخلص
۳۔ غیر جانبدار۔ غیر متعصب۔ بے تعصب
بے لوث: ۱۔ بے میل۔ بے آمیزش۔ خالص۔ پاک
۲۔ بے غرض۔ مخلص۔ پُرخلوص۔ اخلاص مند
بے لوثی: ۱۔ بے لاگی۔ پاکی۔ صفائی
۲۔ بے غرضی۔ بے مطلبی۔ خلوص۔ اخلاص
بے مان: بے عزت۔ بے آبرو۔ بے وقار۔ ذلیل۔ رُسوا۔ بدنام
بے مانند: بے چون۔ بے مثل۔ بے مثال۔ بے نظیر۔ لاجواب
بے ما و من: بے خود۔ بے نفس۔ خود فراموش۔ از خود رفتہ
بے مائگی: بے بضاعتی۔ بے سروسامانی۔ افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی۔
تہی دامانی۔ احتیاج۔ مفلسی
بے مایہ: بے بضاعت۔ بے سروسامان۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔
تہی داماں۔ محتاج۔ غریب۔ بے مال
بے مثال/مثل: بے نظیر۔ بے چون۔ بے مانند۔ لاجواب۔ بے عدیل۔
بے ہمتا۔ لاثانی
بے محابا: ۱۔ بے دھڑک۔ بے تکلف۔ بے حجاب
۲۔ بے ڈر۔ بلاخوف۔ بے جھجک
بے محاسبہ: بے مواخذہ۔ بے سوچے سمجھے۔ بے روک ٹوک
بے محل: بے موقع۔ بے جا۔ نامناسب
بے مراد: بے غرض۔ بے مدعا۔ مستغنی۔ بے نیاز
بے مرادی: بے غرضی۔ بے مدعائی۔ استغنا۔ بے نیازی
بے مروت: بے لحاظ۔ طوطا چشم۔ نامہربان۔ بے مہر
بے مروتی: بے لحاظی۔ طوطا چشمی۔ نامہربانی۔ بے مہری
بے مزگی: ۱۔ بے لطفی۔ بے لذتی
۲۔ عدم دلچسپی
۳۔ رنجیدگی۔ ناخوشی۔ بیزاری
۴۔ ناسازی۔ علالت۔ بیماری
بے مزہ: ۱۔ بے لطف۔ بے ذائقہ۔ بے لذت۔ بے کیف
۲۔ غیر دلچسپ۔ نادلکش
۳۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔ ناراض۔ بیزار
۴۔ ناساز۔ علیل۔ بیمار
بے مصرف: بے فائدہ۔ بے کار۔ بے مقصد۔ بے فائدہ
بے معنی: لایعنی۔ مہمل۔ فضول۔ لغو۔ بیہودہ۔ واہیات۔ لاطائل
بے مغز: ۱۔ خالی۔ کھوکھلا
۲۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ نادان۔ احمق
۳۔ پوچ۔ لچر۔ سبک
بے مغزی: ۱۔ کھوکھلاپن
۲۔ بیوقوفی۔ بے عقلی۔ نادانی۔ حماقت۔ حمق
بے مقدار: کم مقدار۔ ہیچ مقدار۔ ہیچ میرز۔ ناچیز۔ بے وقعت۔ بے وقار
بے مقداری: کم مقداری۔ ہیچ مقداری۔ ہیچ میرزی۔ بے وقعتی۔ بے وقاری
بے مقدور: بے حیثیت۔ کم حیثیت۔ بے بس۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔
تہی داماں۔ بے بضاعت۔ بے مایہ
بے مقدوری: بے حیثیتی۔ کم حیثیتی۔ بے بسی۔ مفلسی۔ افلاس۔ ناداری۔
تہی دستی۔ تہی دامانی۔ بے بضاعتی۔ بے مائگی
بے منت: ۱۔ بے احسان
۲۔ بے نیاز۔ بے پروا۔ مستغنی
۳۔ بے تردد۔ بے تکلف
۴۔ بے دریغ۔ بے تامل
بے موجب: ۱۔ بے وجہ۔ بے سبب۔ ناحق۔ ناواجب
۲۔ بے موقع۔ بے محل۔ نامناسب۔ بے جا
بے موسم: بے بہار۔ بے رُت۔ بے فصل۔ بے موقع۔ بے وقت
بے موقع: بے وقت۔ بے محل۔ بے جا۔ نامناسب
بے مہار: بے زمام۔ بے لگام۔ آزاد۔ سرکش۔ منہ زور۔ بے روک۔
آوارہ۔ مطلق العنان۔ خود مختار
بے مہاری: بے زمامی۔ بے لگامی۔ آزادی۔ سرکشی۔ منہ زوری۔ خود مختاری۔
آوارگی
بے مہر: نامہربان۔ بے مروت۔ بے لحاظ۔ بے رحم۔ بے درد
بے مہری: نامہربانی۔ بے مروتی۔ بے لحاظی۔ بے رحمی۔ بے دردی
بے میل: بے جوڑ۔ بے ربط۔ اَن میل۔ غیر مطابق

بے نام: گم نام۔ غیر معروف۔ مجہول۔ غیر اہم

بے نام و نشان: گم نام۔ بے پتے۔ بے ٹھکانے۔ بے سراغ

بے نصیب: بد قسمت۔ بد بخت۔ بے بہرہ۔ بے اقبال۔ ابھاگی
برگشتہ بخت۔ بدطالع۔ بداختر

بے نصیبی: بد قسمتی۔ بد بختی۔ بد اقبالی۔ ابھاگ۔ برگشتہ بختی۔
بدطالعی۔ بداختری

بے نظیر: بے مثال۔ لاجواب۔ لاثانی۔ بے عدیل۔ بے ہمتا۔ بے چون۔
بے مثل۔ بے بدل۔ بے مانند۔ فقید النظیر۔ فرید الدہر۔ بے جوڑ
یگانہ۔ انوپ۔ بے ہمال۔ غیر مشابہ

بے نظیر انسان — بے نظیر شعر — بے نظیر تصویر

بے نظیری: بے مثالی۔ لاجوابی۔ بے ہمتائی۔ بے چونی۔ بے مثلی

بے نماز: تارک نماز۔ تارک صلوٰۃ

بے نمک: ۱۔ الونا۔ پھیکا۔ بے مزہ۔ بے لطف
۲۔ غیر دلچسپ۔ غیر دلکش۔ بے رونق
۳۔ غیر ملیح

بے نمکی: ۱۔ الوناپن۔ پھیکاپن۔ بے مزگی۔ بے لطفی
۲۔ بے رونقی

بے نمود: غیر مشہور۔ غیر معروف۔ غیر نمایاں۔ غیر اہم

بے ننگ: بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔ بے عزت

بے ناموس: بے ننگ۔ بے عزت۔ بے آبرو۔ رسوا۔ ذلیل

بے نوا: بے کس۔ بے سروساماں۔ بے سازوبرگ۔ فقیر۔ نادار۔
مفلس۔ قلاش۔ تہی دست

بے نوائی: بے کسی۔ بے سروسامانی۔ فقیری۔ ناداری۔ مفلسی۔ افلاس۔
تہی دستی

بے نور: ۱۔ تاریک۔ تیرہ۔ تار
۲۔ اندھا۔ نابینا۔ کور۔ اعمیٰ

بے نوری: ۱۔ تاریکی۔ تیرگی۔ اندھیرا
۲۔ اندھاپن۔ نابینائی۔ کوری

بے نہایت: بے حد۔ بے غایت۔ بے انتہا۔ لاانتہا۔ بے پایاں۔
بے کراں۔ بے کنار

بے نیاز: ۱۔ بے پروا۔ آزاد۔ مستغنی۔ غنی۔ صمد
۲۔ بے طمع۔ بے غرض۔ بے مطلب

بے نیازی: ۱۔ بے پروائی۔ آزادی۔ استغنا۔ غنا۔ صمدیت
۲۔ بے غرضی۔ بے مطلبی۔ بے طمعی

بے نیل مرام: بے حصول مقصد۔ ناکام۔ نامراد۔ لاحاصل

بے وارثا: بے کس۔ بے سہارا۔ بے یارومددگار۔ لاوارث

بے واسطہ: ۱۔ بے وسیلہ۔ بے ذریعہ۔ براہ راست۔ بے توسط
۲۔ بے سبب۔ بے وجہ۔ ناحق

بے وجہ: بے سبب۔ بلاوجہ۔ خواہ مخواہ

بے وحدت: بے حیا۔ بے شرم۔ بے لحاظ۔ بے ادب۔ گستاخ۔ ناشائستہ۔
بے تہذیب۔ غیر مہذب

بے وسواس: بے تامل۔ بے کھٹکے۔ بے دھڑک

بے وطن: غریب الوطن۔ پردیسی۔ مسافر۔ جلاوطن

بے وطنی: غربت۔ پردیس۔ مسافرت۔ جلاوطنی

بے وفا: ۱۔ بدعہد۔ وعدہ خلاف۔ بیگانہ وفا۔ دشمن وفا۔ وفا دشمن
۲۔ بے مروت۔ بے لحاظ۔ بے دید۔ ناشکرا۔ ناسپاس۔
بے احسانا۔ ناشکر گزار

بے وفائی: ۱۔ بدعہدی۔ وعدہ خلافی
۲۔ بے مروتی۔ بے لحاظی۔ ناشکری۔ ناسپاسی

بے وقار/ وقر: بے عزت۔ بے آبرو۔ بے وقعت۔ ذلیل۔ رسوا۔
بے قدر۔ کمینہ۔ اوچھا

بے وقاری/ وقری: بے عزتی۔ بے آبروئی۔ بے وقعتی۔ ذلت۔ رسوائی۔
بے قدری۔ کمینگی۔ اوچھاپن

بے وقت: ۱۔ بے موسم۔ بے رُت۔ بے فصل۔ بے موقع۔ بے محل۔
اویر سویر
۲۔ اچانک۔ ناگہاں۔ بغتتہً۔ دفعتہً

بے وقعت: بے قدر۔ کم قدر۔ بے وقار۔ بے اعتبار۔ بے وزن۔
بے عزت۔ بے آبرو۔ ذلیل۔ کمینہ۔ اوچھا

بے وقعتی: بے قدری۔ کم قدری۔ بے وقاری۔ بے اعتباری۔ بے وزنی
بے عزتی۔ بے آبروئی۔ ذلت۔ کمینگی

بے وقوف / بیوقوف : احمق ۔ نادان ۔ نافہم ۔ بے خرد ۔ بے عقل ۔
ہونق ۔ کودن ۔ مورکھ ۔ بدھو ۔ سادہ لوح ۔ خرد باختہ ۔ اُلو ۔
ازبک ۔ اُوت ۔ گھن چکر ۔ گبگلا ۔ بغول ۔ گاؤدی ۔ بودم بیدل
بیگانۂ عقل ۔ بودھو ۔ فول ۔ بے شعور ۔ سادہ دل ۔ بلید ۔
غبی ۔ بلد ۔ سفیہ ۔ بوالفضول ۔ جاہل ۔ سادہ خاطر ۔ بھولا بھالا
ابلہ ۔ الرجھ ۔ کوڑھ مغز ۔ کھوٹ ۔ جھنڈو ۔ ڈھولا ۔ ڈھانڈا ۔
خیلا ۔ بیہودہ ۔ پھوہڑ ۔ لغو ۔ گنوار ۔ پوچ ۔ لچر ۔ بے ڈھنگا ۔
بے تمیز ۔ اناڑی ۔ ناتراشیدہ ۔ ناشائستہ ۔ کلہ دراز

بے وقوفی / بیوقوفی : حماقت ۔ نادانی ۔ نافہمی ۔ بے خردی ۔ بے عقلی ۔
مورکھ پن ۔ بدھو پن ۔ سادہ لوحی

بے ہمت : ا۔ کم حوصلہ ۔ بے حوصلہ ۔ پست ہمت ۔ پست ارادہ ۔ بزدل ۔ کم دل
۲۔ سست ۔ کاہل ۔ سہل انگار

بے ہمتا : بے مثل ۔ بے نظیر ۔ بے مثال ۔ بے عدیل ۔ لاجواب ۔ لاثانی ۔
بے چون

بے ہمتی : ا۔ کم حوصلگی ۔ بے حوصلگی ۔ پست ہمتی ۔ بزدلی ۔ کم دلی ۔ تھڑدلی
۲۔ سستی ۔ کاہلی ۔ سہل انگاری

بے ہنر : اناڑی ۔ ناواقف ۔ نکما ۔ پھوہڑ

بے ہنری : اناڑی پن ۔ ناواقفیت ۔ نکما پن ۔ پھوہڑ پن

بے ہنگام / ہنگم : بے وقت ۔ بے موقع ۔ بے محل ۔ نامناسب

بے ہودگی / بیہودگی : لغویت ۔ بدسلیقگی ۔ بداسلوبی ۔ پھوہڑ پن ۔
نالائقی ۔ حماقت ۔ بیوقوفی ۔ مورکھ پن ۔ نادانی ۔ ناشائستگی ۔
بے تہذیبی ۔ بدتہذیبی ۔ آوارگی ۔ سرگردانی ۔ غیر منفعت ۔
خرافات ۔ مزخرفات ۔ واہیات ۔ بطالت ۔ خرابی ۔ اوٹ پٹانگ ۔
بے سلیقگی ۔ بے ڈھنگا پن ۔ عربدہ ۔ بیہودہ پن

بے ہودہ / بیہودہ : ا۔ لغو ۔ بدسلیقہ ۔ بداسلوب ۔ پھوہڑ ۔ نالائق ۔
احمق ۔ بیوقوف ۔ مورکھ ۔ ناشائستہ ۔ بے تہذیب ۔ بدتہذیب ۔
آوارہ ۔ سرگرداں ۔ لاطائل ۔ لایعنی ۔ مہمل ۔ بے معنی ۔ بے سروپا ۔
پوچ ۔ واہیات ۔ خرافات ۔ خراب ۔ نکما ۔ غیر مہذب ۔
نامعقول ۔ بے سود ۔ بے فائدہ ۔ لاحاصل ۔ عربدہ ۔ عُربد ۔
یاوہ ۔ ہرزہ ۔ گزاف ۔ بے تکی ۔ لچر

بیہودہ خرچ ـــ بیہودہ باتیں ـــ بیہودہ گفتگو

بیہودہ گو : یاوہ گو ۔ فضول گو ۔ ہرزہ سرا ۔ بکواسی ۔ بکّی

بیہودہ گوئی : یاوہ گوئی ۔ فضول گوئی ۔ ہرزہ سرائی ۔ بکواس ۔ لغویت ۔
ہرزہ درائی ۔ ہذیان ۔ ژاژخائی ۔ بک بک ۔ جھک جھک

بیہودہ گوئی سے پرہیز کرنا ـــ بیہودہ گوئی کی عادت
دور کرنا

بے ہوش : بے خبر ۔ غافل ۔ بے حواس ۔ حواس باختہ ۔ غش ۔ بدمست ۔
مخمور ۔ مدہوش ۔ بے سدھ ۔ ناواقف ۔ سرشار

بے ہوش ہونا ـــ بے ہوشی دور ہونا ـــ بے ہوش کرنا

بے ہوشی : بے خبری ۔ غفلت ۔ بے حواسی ۔ حواس باختگی ۔ غشی ۔ بدمستی ۔
بے خودی ۔ وارفتگی ۔ ازخود رفتگی

بے ہوشی طاری ہونا ـــ بے ہوشی دور کرنا

بے یار (ومددگار) : بے کس ۔ لاوارث ۔ بے چارہ ۔ بے یاور و ناصر ۔
بے اعوان و انصار ۔ محتاج ۔ بے سہارا ۔ اکیلا

بے یاری (ومددگاری) : بے کسی ۔ بے چارگی ۔ بے یاوری ۔ اکیلاپن

بے اثر ـــ بے اختیاری ـــ بے اثری ـــ بے اختیار
ـــ بے ادب ـــ بے ادبی ـــ بے اصل ـــ
بے آرام ـــ بے آرامی ـــ بے ایمان ـــ بے اندازہ
ـــ بے اولاد ـــ بے اعتبار ـــ بے اطمینان ـــ
بے اعتباری ـــ بے ایمانی ـــ بے بال و پر ـــ
بے بدل ـــ بے بہرہ ـــ بے بہا ـــ بے بس ـــ
بے التفاتی ـــ بے بسی ـــ بے پیر ـــ بے بہرگی
ـــ بے پروائی ـــ بے پر ـــ بے پروا ـــ بے پری

بے پردگی — بے پردہ — بے تقصیر — بے پیرا
— بے تحاشا — بے تاب — بے تاثیری
— بے تابی — بے تاثیر — بے تابانہ —
بے تمیزانہ — بے تقصیری — بے تمیزی —
بے تکلف — بے تکلفی — بے تکلفانہ — بے تمیز
— بے جان — بے تحاہ — بے توجہ —
بے ثباتی — بے توجہی — بے ٹھکانے — بے ثبات
— بے توڑ — بے چینی — بے جا — بے چین
— بے جوڑ — بے جوڑ — بے چارہ —
بے چراغ — بے چارگی — بے حرمتی — بے حال
— بے حجابہ — بے حرمت — بے حجاب —
بے حد — بے حجابانہ — بے حس و حرکت — بے آبرو
— بے حسابی — بے آبروئی — بے حساب —
بے عزتی — بے خبر — بے حمیت — بے خودی
— بے خطرہ — بے خودانہ — بے حمیتی —
بے حیائی — بے حیا — بے حواسی — بے حواس
— بے خبری — بے خبرانہ — بے خود — بے خطر
— بے خطرانہ — بے خطری — بے درد —
بے خور و خواب — بے داغ — بے دخلانہ —
بے داغی — بے دخلی — بے دخل — بے دستور
— بے دردی — بے دست و پائی — بے دردانہ
— بے دریغ — بے دست و پا — بے دانش
— بے دل — بے دماغی — بے دلی —
بے دماغ — بے دلانہ — بے دم — بے دُم —
بے ڈھنگا پن — بے ڈھنگا — بے دھڑک —
بے ڈھب — بے ڈول پن — بے دید — بے ڈول
— بے رخ — بے راہ — بے ریا — بے روپ
— بے ریائی — بے روزگار — بے روزگاری
— بے ریش و بروت — بے زوال — بے زر
— بے زری — بے ریشہ — بے زباں —
بے زبانی — بے سر و سامان — بے سُرا —

بے سروپائی — بے سُرا پن — بے سُرا — بے سُرا پن
— بے شرم — بے سروسامانی — بے شعوری —
بے سلیقہ — بے شعور — بے سلیقگی — بے صبرانہ
— بے شرمی — بے صبرا پن — بے شک —
بے صبرا — بے صبر — بے عزت — بے شمار —
بے عزتانہ — بے طرح — بے عزتی — بے طرحی —
بے طرفی — بے طرف — بے غرضانہ — بے غل و غش
— بے غیرت — بے فائدہ — بے غیرتی —
بے غرضی — بے عقلی — بے عقلانہ — بے عیب
— بے عیبی — بے غرض — بے فکری — بے فکر
— بے فکرا — بے فکرا پن — بے فیض —
بے قدری — بے قاعدگی — بے قاعدہ — بے قابو
— بے کلی — بے قیدہ پن — بے کل — بے کسی
— بے کس — بے کراں — بے کاری — بے کار
— بے کم و کاست — بے لاگ — بے گھرا —
بے گھرا پن — بے گناہ — بے گناہی — بے لگامی
— بے لاگ پن — بے لگام — بے لحاظ —
بے لطفی — بے لحاظی — بے مروتی — بے مزہ —
بے مروت — بے محل — بے لگاؤ — بے لگاؤ پن
— بے محابا — بے محابا پن — بے منتا — بے منت
— بے مقدوری — بے مقدور — بے معنی —
بے مزگی — بے نصیبی — بے مرجب — بے نصیب
— بے موسم — بے نام و نشان — بے موقع —
بے نیاز — بے نظیر — بے ننگ و ناموس —
بے نظیری — بے نقط — بے نمک — بے نماز
— بے نیازی — بے وقعتی — بے وحدت —
بے وقعت — بے وفائی — بے وفا — بے وصلی
— بے ہمتی — بے وقت — بے وقوفی —
بے وقر — بے وقوف — بے وقری — بیہودگی —
بے ہنر — بیہودہ — بے ہنری — بے ہوشی —
بے ہنگم — بے ہوش — بے ہنگم پن — بے آشنا

بے پروا ـــ بے شل ـــ بے دوست ـــ بے اصولی

ـــ بے آب ـــ بے رونق ـــ بے اندامی ـــ

بے ڈول پن ـــ بے برگ ـــ بے سرو سامان ـــ

بے پایاں ـــ بے پرکار ـــ بے قاعدہ ـــ بے ڈول

ـــ بے نہر ـــ بے حوصلہ ـــ بے تہی ـــ بے حوصلگی

ـــ بے توشہ ـــ بے تحاشی ـــ بے باکی ـــ

بے جگری ـــ بے چشم و رو ـــ بے حضور ـــ بے خود

ـــ بے خویشتن ـــ بیمار ـــ بے حضوری ـــ

بے دہن (بات کرنے سے معذور) ـــ بے دیدہ

ـــ بے بصر ـــ بے رگ (بے غیرت) ـــ

بے رنگ ـــ بے روئی ـــ بے توجہی ـــ بے ستون

ـــ بے زینہار ـــ بے رونقی ـــ بے رنگی ـــ

بے سخن ـــ بے سر (ماں باپ کی تربیت سے محروم)

ـــ بے سر و دل (بے پروا) ـــ بے سکوں

(چنچل) ـــ بے سکہ (بے قدر) ـــ بے سنگ

(بے اعتبار) ـــ بے سوال ـــ بے شکوہ ـــ

بے گلہ ـــ بے فرمان (جو محکوم نہ ہو) ـــ بے فرزانہ

(بے عقل) ـــ بے قرب (بے نظیر) ـــ

بے قرینگی (بے نظیری ـــ بے قیمت ـــ

بے کس و کو (بے برادری) ـــ بے گاہ

(بے وقت، شام) ـــ بے گاہاں (رات) ـــ

بے مغز ـــ بے محل ـــ بے نماز (زن حائض)

ـــ بے وزن ـــ بے وضعت ـــ بے نوا ـــ

بے نوائی ـــ بے آشنا ـــ بے خوف ـــ بے ہنجار

(جہاں رستے کا نشان نہ ہو) ـــ بے یار ـــ

بے مددگار ـــ بے بیرا ـــ بے استادا ـــ بے زار

ـــ بے لباس ـــ بے ٹکٹ ـــ بے اجازت

ـــ بے شعور ـــ بے خیال ـــ بے خیالی ـــ بے کم

ـــ بے موسمی ـــ بے دور ـــ بے باگ ـــ

بے لگ ـــ بے نام ـــ بے پتا ـــ بے مہار ـــ

بے لگام ـــ بے شور و شر ـــ بے آباد

بے ادب بے نصیب، باادب بانصیب

بے بلائے خدا کے پاس / گھر / یہاں بھی نہیں جاتے

بے بُوجھ نگری، بے بُوجھ راجا
ٹکے سیر بھاجی، ٹکے سیر کھاجا

بے بیاہی کھائے روٹیاں، بیاہی کھائے بوٹیاں

بے تکلفی نفرت کا موجب ہے

بے تھانگ چوری نہیں ہوتی

بے حیا کی رد بلا

بے حیا کے نیچے روکھ جما، اس نے کہا چھاؤں ہوئی

بے خار گل نہیں

بید ر و قصائی گیا جانے پیڑ پرائی

بیدل چاکر / نوکر دشمن برابر

بے روئے لڑکا بھی دودھ نہیں پاتا

بے روئے ماں بھی دودھ نہیں پلاتی

بے ریاضت نتواں شہرۂ آفاق شدن

بے زر ربشنی بھڑوے برابر

بے زر عشق ٹیں ٹیں

بے زر کا مرد بتی گھر ہیں رہے کہ دلی

بے زر مرد بیٹنک

بے سرا دوں کا کیا سواد، پھاچھ نہیں بلرتی تو ان بلرئی سہی

بے عیب ذات خدا کی ہے

بے فکری عجیب چیز ہے

بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے

بے فیض سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے تیس
سانگ رم آسے جنگی بھلی جو دنیا کھاوے ایس

بیکار مباش کچھ کیا کر، کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر

بیکاری بھکاری

بیکار سے بیگار بھلی

بیکاری میں شیطانی سوجھتی ہے

بیگانہ سر پنسیری برابر

بیگانہ سر کدو برابر

بیگانی آس نت اُپاس
بیگانے بھروسے پر کھیلا جُوا، آج نہیں کل مُوا
بیگانی ہتھیلی کا مُنہ شکرا
بیگانی چھاچھ پر مُونچھ مُنڈائی
بیگانے فلانے پر شکرا پالا
بیگانے کارن توڑے ٹانگ
بیگانی کھیتی پر جھینگر ناچے
بے گھرلی گھر بھوت کا ڈیرا
بے لجی بڑھیا پرائے گھر ناچے
بے مارے کی توبہ
بے مُلّا بھی کہیں اذان درست ہے
بے مت کی سوتیں
بے بہر بازی ابتر
بے وارثی ناؤ ڈانواں ڈول
بے وقت کی شہنائی مورے گدھے بجائی
بیوقوف کے سر پہ کیا سینگ ہوتے ہیں
بے ہاتھ پاؤں ہلائے کچھ نہیں ملتا
بے ہاتھ پاؤں ہلائے لقمہ مُنہ میں نہیں جاتا

بیابان : ریگستان۔ جنگل۔ صحرا۔ بادیہ۔ اجاڑ۔ ویرانہ۔ دشت

بیاباں گرد/نورد : صحرا نورد۔ بادیہ پیما۔ صحرا گرد۔ دشت نورد
بیاباں گردی/نوردی : صحرا نوردی۔ بادیہ پیمائی۔ صحرا گردی۔ دشت نوردی

بیابانی : جنگلی۔ صحرائی۔ ریگستانی۔ بدوی

بیاج : سود۔ نفع۔ منافع۔ بڑھوتری۔ بیشی۔ زیادتی۔ ربٰو

بیاسی : ہشتاد و دو۔ اثنی ثمانون

بیالیس : چہل و دو۔ اثنا اربعون

بیان : ۱۔ قول۔ مقولہ۔ تقریر۔ گفتگو۔ وعظ۔ بات۔ لیکچر۔ ایڈریس۔ سخن روشن۔ سپیچ
۲۔ اظہار۔ شہادت۔ گواہی
۳۔ تفصیل۔ تشریح۔ تفسیر
۴۔ مضمون۔ فصل۔ باب
۵۔ مقدمہ۔ معاملہ
۶۔ ذکر۔ کیفیت۔ حال۔ تذکرہ
۷۔ خبر۔ اطلاع۔ رپورٹ

بیان بدلنا ـــ بیان تابندی ـــ بیان کرنا ـــ
بیان تقریری ـــ بیان دعویٰ ـــ بیان ضمنی ـــ
روشن بیان ـــ رنگین بیان ـــ روشن بیانی ـــ
پاکیزہ بیان ـــ آتش بیان ـــ شیریں بیان ـــ
راست بیانی ـــ راست بیان ـــ غلط بیان ـــ
نازک بیان ـــ نازک بیانی ـــ جادو بیان ـــ
جادو بیانی ـــ سحر بیان ـــ سحر بیانی ـــ تند بیان
ـــ خلاف بیان ـــ سرد بیان ـــ افسردہ بیان
ـــ تند بیانی ـــ افسردہ بیانی ـــ خلاف بیانی
ـــ بیان تحریری ـــ بیان کرکے رونا

بیاہ : شادی۔ عقد۔ نکاح۔ کدخدائی۔ عروسی۔ ازدواج۔ کتخدائی۔ گٹھ بندھن۔ وِبا۔ داماوی

بیاہ آنا ـــ بیاہ پر جانا ـــ بیاہ کا جوڑا ـــ بیاہ رچانا
ـــ بیاہ کرانا ـــ بیاہ لانا ـــ بیاہ ہو جانا ـــ
بیاہ مانگ

بیاہ پیچھے بدھار
بیاہ پیچھے برات
بیاہ پیچھے پتیل بھاری (ہوتا ہے)
بیاہ رچا دیکھ اور مکان بنا دیکھ

بیاہ کیے کی لالچ ہے
بیاہ میں بیچ / بیر کا لیکھا
بیاہ میں کھائے بور، ابھر کیا کھانے کی دھور
بیاہ نہ کراؤ، جھوٹ موٹ کا چاؤ
بیاہ نہیں کیا بر آئیں تو دیکھی ہیں
بیاہ ہوا نہیں گونے کا جھگڑا

بیاہا : شادی شدہ ۔ متاہل ۔ ناکح ۔ کدخدا

بیاہتا : شادی شدہ ۔ ناکح ۔ منکوحہ ۔ کدخدا ۔ اہلیہ ۔ شوہر ۔ بیوی

بیاہی بیٹی کا گھر رکھنا اور ہاتھی کا باندھنا / پالنا برابر ہے
بیاہی بیٹی پڑوسن داخل
بیاہی بیٹی ماں باپ پر بھی دوبھر ہو جاتی ہے
بیاہی نہ برات چڑھی، ڈولی میں بیٹھی نہ چوں چرں کی

بیت : ۱۔ گھر ۔ خانہ ۔ دار ۔ جائے سکونت ۔ مسکن ۔ قیام گاہ ۔ اقامت گاہ ۔
بھون ۔ شالا ۔ استھان ۔ ڈیرا
۲۔ شعر ۔ دوہا

بیت الاقصیٰ : مسجد اقصیٰ ۔ بیت المقدس
بیت الحرام : بیت اللہ ۔ مسجد حرام ۔ خانہ کعبہ
بیت الحزن : غم کدہ ۔ غم خانہ ۔ دار المحن ۔ کلبۂ احزان
بیت الخلاء : پاخانہ ۔ طہارت خانہ ۔ جائے ضرورت ۔ ٹٹی ۔ سنڈاس ۔
باتھ روم ۔ جائے ضرور ۔ مبال ۔ ادب خانہ ۔ تشت خانہ ۔
آب ریز ۔ آبشتن ۔ لیٹرین
بیت السلاح : دار السلاح ۔ اسلحہ خانہ ۔ میگزین
بیت الصنم : بت خانہ ۔ صنم خانہ ۔ بت کدہ ۔ صنم کدہ ۔ مندر ۔ مورتی استھان ۔
شوالا
بیت العتیق : بیت الحرام ۔ بیت اللہ ۔ خانہ کعبہ
بیت اللہ : بیت الحرام ۔ خانہ کعبہ ۔ مسجد حرام

بیت المعمور : مسجد فرشتگان ۔ معبد ملائک ۔ کعبۂ ملائک
بیت المقدس : مسجد اقصیٰ ۔ بیت الاقصیٰ ۔ القدس

بیتی : سرگزشت ۔ ماجرا ۔ روداد ۔ واردات

بیٹ : بینھال ۔ فضلہ (پرندوں کا)

بیٹا : پوت ۔ پُتر ۔ لڑکا ۔ ولد ۔ ابن ۔ خلف ۔ پسر ۔ فرزند ۔ زادہ ۔
پور ۔ سپُتر ۔ سن ۔ لعل ۔ پن ۔ سُلالہ ۔ زرئے ۔ چُبت ۔ پسرک ۔
برخوردار ۔ جگرگوشہ ۔ لختِ جگر ۔ نورِ چشم

بیٹا بن کے سب کھاتے ہیں، باپ بن کے کسی نے نہیں دکھایا /
کوئی نہیں کھاتا
بیٹا بیٹی بس کا اچھا
بیٹا جی کر نیو چلے، سونا پیس کر ڈھک چلے
بیٹا چڑھ جا سُولی پر خدا بھلا کرے گا / رام بھلی کرے گا
بیٹا چماری کا، نام رکھا جگ جتی
بیٹا کھائے باپ کمائے، کلنک اپنا بل دکھلائے
بیٹا لائے گا چماری، وہ بھی کہلائے گی بہو ہماری
بیٹا ہوا تو تب جانیے، جب پوتا کھیلے باہر
بیٹے کی بری بازار میں کھڑی

بیٹھا : نشستہ ۔ براجمان ۔ قاعد

بیٹھا بنیا کیا کرے، اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں کرے
بیٹھا پیر کھڑا مرید
بیٹھے بیٹھے تو قارون کا خزانہ بھی خالی ہو جاتا ہے ۔
بیٹھے سے بیگار بھلی
بیٹھی بڑھیا منگل گاوے

بیٹھک : ۱۔ نشست گاہ ۔ دیوان خانہ ۔ ڈرائنگ روم ۔ بیٹھکا ۔ جائے قرار ۔

جائے آرام
۲۔ انداز نشست ۔ آسن
۳۔ پھندا ۔ تلا
۴۔ حاضرات ۔ نذر نیاز

بیٹی : لڑکی ۔ پتری ۔ دختر ۔ بنت ۔ دھی ۔ گڈی ۔ صبیہ ۔ جائی ۔ فرزند مادینہ ۔ دخت ۔ سلسلہ ۔ ابنہ ۔ لور ۔ ڈاٹر ۔ نور چشمی ۔ دخترک

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہے
بیٹی اور مری مچھلیاں رکھنے کی چیزیں نہیں
بیٹی کا دھن نمانا ہے، آتے بھی رُلائے اور جاتے بھی رُلائے
بیٹی کی ذات موہنا ہے
بیٹی کیا کمار ، اماں نے کیا لوار
نہ تم چلاؤ ہمار ، نہ ہم چلائیں تمہار

بیج : ۱۔ تخم ۔ دانہ
۲۔ اصل ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ اساس
۳۔ نطفہ

بیج بونا ___ بیج پڑنا ___ بیج پھوٹنا ___ بیج جمنا ___
بیج ڈالنا ___ بیج ناس کر دینا

بیچ : ۱۔ اندر ۔ بھیتر ۔ مابین
۲۔ درمیان ۔ وسط ۔ قلب ۔ ناف ۔ مرکز ۔ میانہ ۔ منجھ ۔ سنٹر
۳۔ فاصلہ ۔ فرق ۔ دوری ۔ بُعد

بیچ بچاؤ : ۱۔ فیصلہ ۔ تصفیہ ۔ رفع شر
۲۔ میل ملاپ ۔ صلح ۔ اتفاق ۔ اتحاد
بیچ کھیت : ۱۔ کھلے خزانے ۔ برسر عام ۔ علانیہ ۔ علی الاعلان ۔ کھلم کھلا ۔ برملا
۲۔ ضرور ۔ بہر حال ۔ لازما
بیچ کی راس : درمیانی ۔ اوسط درجہ ۔ معمولی

بیچ کا ___ بیچ کی راس ___ بیچ کی انگلی ___ بیچ میں پڑنا

بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے
بیچ کے چلے جائیں گے ، کام دودھا دودھن سے پڑے گا

بیچنا : بیع کرنا ۔ قیمتاً دینا ۔ فروخت کرنا ۔ مول دینا ۔

زمین بیچنا ___ مکان بیچنا ___ ضمیر بیچنا ___ کپڑا بیچنا

بیخ : ۱۔ اصل ۔ جڑ ۔ مول ۔ کند
۲۔ بنیاد ۔ اساس ۔ نیو

بیخ بنیاد : جڑ بنیاد ۔ اصل نسل ۔ حسب نسب
بیخ کن : تباہ کن ۔ تباہ کار ۔ برباد کن
بیخ کنی : تباہ کاری ۔ ستیاناس ۔ قلع قمع

بَید : حکیم ۔ طبیب ۔ معالج ۔ چارہ گر

بید کرے بیدائی ، چنگا کرے خدا ہی
بید کی بیدائی گئی ، کانڑی کی آنکھ گئی

بید : بینت ۔ کین

بیدار : ہوشیار ۔ چوکنا ۔ جاگتا ۔ بے خواب ۔ چوکس ۔ خبردار ۔ یقظان ۔ اٹھا

بیدار بخت : خوش نصیب ۔ خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ اقبال مند ۔ طالع مند ۔ بختاور ۔ بھاگوان ۔ بلند اختر ۔ بلند اقبال
بیدار بختی : خوش نصیبی ۔ خوش بختی ۔ خوش قسمتی ۔ اقبال مندی ۔ طالع مندی ۔ بختاوری ۔ بلند اختری ۔ بلند اقبال
بیدار دل : روشن ضمیر ۔ روشن طبع ۔ ہوش مند ۔ ہوشیار
بیدار دلی : روشن ضمیری ۔ روشن طبعی ۔ ہوش مندی ۔ ہوشیاری

بیدار مغز : عقل مند ۔ فہیم ۔ روشن دماغ ۔ عالی دماغ ۔ اولوالالباب
بیدار مغزی : عقل مندی ۔ فہیدگی ۔ روشن دماغی ۔ عالی دماغی

بیداری : جاگ ۔ سُہر ۔ بیخوابی ۔ ہوشیاری ۔ سمجھ ۔ فہم ۔ عقل

بیدائی : طبابت ۔ چارہ گری ۔ حکمت ۔ معالجہ

بَیر : ۱۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ معاندت ۔ خصومت ۔ کینہ ۔ بغض
۲۔ بدلہ ۔ انتقام

بیر چور اکھے سادھو سانٹھ، کچھ نہ آوے اس کے ہاتھ

بیر : (بہ یائے مجہول) کنار ۔ بھدری پھل ۔ کنز ۔ زبق ۔ کرکٹا ۔ بھونٹا ۔
گوگنتی ۔ بکم گنٹی کا دقسم دو یمی شنگد چھا ۔ گینش پھلا ہودیریکا ۔
کول لچھی ۔ کرکند ۔ داگوکا

بیر کھانسی کا گھر ہیں
بیر گٹھلی سب ہضم

بِیر : (بہ یائے معروف) ۱۔ بہادر ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ غازی
۲۔ طاقت ور ۔ بلوان ۔ پہلوان
۳۔ موکل ۔ خبیث روح ۔ پریت ۔ بھوت

بیراج : پشتہ ۔ بند

بیراگ : ۱۔ ترک دنیا ۔ رہبانیت ۔ خلوت نشینی ۔ عزلت گزینی ۔ تیاگ ۔
نفس کشی ۔ جوگ ۔ فقیری
۲۔ ریاضت ۔ مجاہدہ ۔ تپسیا

بیراگی : تارک دنیا ۔ راہب ۔ خلوت نشیں ۔ عزلت گزیں ۔ تیساگی ۔
نفس کش ۔ جوگی ۔ فقیر ۔ تپسوی

بیرن : بھائی ۔ برادر ۔ اخ

بیرون : ۱۔ برون ۔ باہر ۔ خارج
۲۔ بغیر ۔ بدون ۔ سوا

بیرون جات : مفصلات ۔ دیہات

بیرونی : باہری ۔ خارجی ۔ باہرکا

بیری : (بہ یائے مجہول) سدرہ

بَیری : (بہ یائے لینتہ) دشمن ۔ عدو ۔ معاند ۔ خصم ۔ مخالف ۔ بدخواہ ۔
بداندیش ۔ غنیم ۔ حریف

بَیری بول گھناؤنے مریے اپنے کال
بیری سنگ نہ بیٹھیے پی کر مدھ اور بھنگ
جی کھووے بے بیٹھنا جب بیری کے سنگ
بیری سے بچ، پیاسے سے رچ
بیری کا بول بسولے کا چھول
بیری لاگے ہاتھ تو چھوڑ نہ دے کر مال
اس کی جڑ کو مول ہی باہر پھینک نکال
بیری ہو نہ آپنا، لاکھ جتن کر دیکھ
بیٹے سے مٹے نا ہیں جو لکھ موں کے لیکھ

بیڑا : (بہ یائے مجہول) ناؤ ۔ کشتی ۔ سلسلۂ جہازاں ۔ بحری فوج ۔ بحریہ

بِیڑا : (بہ یائے معروف) گلوری ۔ پان

بیڑا اٹھانا : ذمہ لینا ۔ ہامی بھرنا ۔ عزم بالجزم کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ مستعد ہونا ۔
آمادہ ہونا ۔ تیار ہونا ۔ شرط باندھنا

بیڑی : (یائے مجہول) ۱۔ جولاں ۔ زنجیرپا ۔ بندپا ۔ سلسلۂ پا ۔ سلاسل ۔ ادہم ۔ نگل ۔ زاولانہ ۔ کبل
۲۔ پابندی ۔ قید ۔ روک ۔ رکاوٹ

بیڑی بڑھانا — بیڑی پڑنا — بیڑی پہنانا —

| بیڑی سونے کی بھی بُری

بیز : (امر بیختن = چھاننا)
مشک بیز — پارچہ بیز — نور بیز — گہر بیز — گہر بیزی — عطر بیزی — عطر بیز — خاک بیز — عنبر بیز — آرد بیز — تنک بیز — غالیہ بیز

بیزار : دق ۔ ناراض ۔ ناخوش ۔ متنفر ۔ اچاٹ ۔ ملول ۔ رنجیدہ ۔ خفا

بیزار ہونا — بیزار کرنا

بیزاری : ناخوشی ۔ ناراضی ۔ خفگی ۔ تنفر ۔ اکتاہٹ ۔ اچاٹ پن

بیس : بست ۔ عشرون

بیسوا : بدچلن ۔ آوارہ ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ رنڈی ۔ کسبی ۔ طوائف ۔ بازاری عورت ۔ چھنال

| بیسوا ستی نہ کاگا جتی
| بیسوا عورت رُکائی اور انگلی تلوار خصم کو مارتی ہے

بیش : زیادہ ۔ بہت ۔ فزون ۔ افزون ۔ فراوان ۔ بافراط

بیش بہا : قیمتی ۔ بڑھیا ۔ بیش قیمت

بیش تر : ۱۔ زیادہ ۔ اکثر
۲۔ بارہا ۔ اکثر اوقات ۔ بسا اوقات

بیش قرار : معقول ۔ کافی ۔ زیادہ ۔ وافر

بیش بہار — بیش فروش — بیش قیمت

بیشہ : جنگل ۔ صحرا ۔ بیابان ۔ دشت ۔ نیستاں ۔ کچھار

بیشی : زیادتی ۔ افزونی ۔ افزایش ۔ فراوانی ۔ افراط

بیضا : ۱۔ سفید ۔ سپید ۔ چٹا
۲۔ روشن ۔ منور ۔ تاباں ۔ درخشاں ۔ رخشاں ۔ نورانی
۳۔ سورج ۔ شمس ۔ خورشید ۔ مہر

بیضہ : ۱۔ انڈا ۔ تخم مرغ
۲۔ فوطہ ۔ خصیہ

بیع : خرید و فروخت ۔ فروخت ۔ بکری ۔ بیچا باچی ۔ لین دین

بیع استطاعی — بیع بالوفا — بیع پٹہ — بیع جائز — بیع دار — بیع شرطی — بیع فاسد — بیع ناقص — بیع سلطانی — بیع نامہ — بیع و شرا

بیع نامہ : دستاویز فروخت ۔ بکری پتر ۔ بیع کا قبالہ ۔ قبالۂ نیلامی

بیع نامہ دینا — بیع نامہ لکھنا

بَیعت : عہد اطاعت ۔ عہد وفا ۔ مریدی ۔ فرماں برداری ۔ تسلیم و رضا

بیکا : ۱۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ خمیدہ
۲۔ زخمی ۔ مجروح ۔ مضروب

بیکنٹھ : سورگ ۔ جنت ۔ جناں ۔ بہشت ۔ خُلد ۔ فردوس

بیکنٹھ باشی : سورگ باشی ۔ جنتی ۔ جنت مقام ۔ بہشتی ۔ خلد آشیاں ۔ فردوس نشیں

بیگ : سردار ۔ امیر ۔ آقا ۔ مالک

بیگار : بلا اُجرت کام ۔ کارِ بے مزد ۔ کارِ دشوار ۔ مصیبت ۔ بپتا

بیگم : امیرزادی ۔ ملکہ ۔ خاتون ۔ بانو

بَیل : ۱۔ نرگاؤ ۔ ڈھگا ۔ برکھ ۔ ثور ۔ بند ۔ تاوک ۔ نلبا ۔ چودر ۔ چودرہ ۔ جورع ۔ چخ ۔ چودر ۔ چودرہ ۔ چورع ۔ نیش ۔ رنگ ۔ سحر ۔ نادر ۔ کلک ۔ گاوہ ۔ مارخوار ۔ مارخوارہ ۔ ورزاو ۔ تیفس ۔ بدھیا ۔ بُل ۔ بجار ۔ بھڑا ۔ سانڈ ۔ بردھو ۔ بقر ۔ کمیترع ۔ بلد
۲۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ مورکھ ۔ گاودی

بیل بدھیا ساتھے ادھیا
بیل بیاہا بچھڑے کے بیٹا ہوا
بیل کا بیل گیا نر ہاتھ کا گیا گیا
بیل کبھی دودھ نہیں دیتا
بیل نہ کودا کودی گون، یہ تماشا دیکھے کون
بیل سرکاری یاروں کی ٹھکاری

بیل : بلا ذر ۔ بل شوکھ ۔ مالور ۔ سدا بہیل ۔ بہچی ۔ چھیل ۔ کمد کرم شاندک ۔ کنتکی ۔ کُھر بابیرم ۔ کہی

بیلچہ : پھاوڑا ۔ مجرفہ ۔ مسحا ۔ پھاولہ ۔ کلند ۔ کُدال ۔ کستی ۔ کسّی ۔ بیل ۔ پاروپ ۔ پار

بیلن : مطلمہ ۔ مرقاق ۔ شوبک

بیلن پر روٹی بڑھانا ۔۔۔ روٹی بیلنا ۔۔۔ چکلا بیلن

بیلی : محافظ ۔ حفیظ ۔ نگہبان ۔ معاون ۔ مددگار ۔ حامی ۔ حافظ و ناصر

اللہ بیلی ۔۔۔ داتا بیلی

بیم : خوف ۔ ڈر ۔ خطرہ ۔ اندیشہ

بیمار : علیل ۔ مریض ۔ دُکھی ۔ روگی ۔ خستہ ۔ ماندہ ۔ ناساز ۔ صاحب فراش ۔ رنجور ۔ آزاری ۔ شاک ۔ سقیم ۔ عمید ۔ دنف ۔ کسل مند ۔ انگشتال ۔ مار

بیمار پڑنا ۔۔۔ بیمار خانہ

بیمار پرسی : مزاج پرسی ۔ عیادت ۔ تیمارداری ۔ بیمارداری
بیمار دار : تیماردار ۔ خدمت گارِ مریض ۔ خبرگیرِ بیمار
بیمارداری : تیمارداری ۔ خدمت مریض ۔ خبرگیریٔ بیمار
بیمارستان : شفاخانہ ۔ دارالشفا ۔ مستشفیٰ ۔ ہسپتال

بیمار کی خدمت خدا کی عبادت ہے
بیمار کی رات پہاڑ کے برابر

بیماری : ۱۔ علالت ۔ علت ۔ مرض ۔ دکھ ۔ روگ ۔ خستگی ۔ ماندگی ۔ آزار ۔ تکلیف ۔ عارضہ ۔ شکایت ۔ درد ۔ رنجوری ۔ کسل مندی ۔ کسل ۔ سُقم ۔ لغوب
۲۔ علت ۔ عادت ۔ لت

بیماری میں مبتلا ہونا ۔۔۔ بیماری کا آدبوچنا

بیماری کی تکلیف بیمار جانے

بیمہ : ٹھیکہ ۔ ضمانت ۔ انشورنس ۔ ذمہ ۔ ہنڈا ۔ بھاڑا ۔ سیکورتا

بیمہ اُٹھانا ـــ بیمے کی زندگی ـــ بیمہ کرائی ـــ بیمہ کرانا

بیں : (امر دیدن = دیکھنا)

باریک بیں ـــ پیش بیں ـــ پیش بینی ـــ باریک بینی
عیب بینی ـــ عیب بیں ـــ حق بیں ـــ حق بینی
تماشا بیں ـــ کوتاہ بیں ـــ تماشا بینی ـــ خورد بیں
ـــ خورد بینی ـــ شانہ بیں ـــ ظاہر بیں ـــ
ظاہر بینی ـــ کم بیں ـــ کوتاہ بینی ـــ ناتواں بیں
ـــ نکتہ بیں ـــ انجام بینی ـــ مصلحت بیں
ـــ مصلحت بینی ـــ خُرد بیں ـــ دُور بیں ـــ
سینہ بیں ـــ سیر بیں ـــ بلند بیں ـــ خُرد بیں
ـــ جام جہاں بیں ـــ خویش بیں ـــ خویشتن بیں
ـــ راہ بیں (محقق) ـــ دو بیں (بھینگا
مشرک) ـــ ہزار بیں ـــ غلط بیں ـــ فراخ بیں
ـــ مو بیں (باریک بیں) ـــ ناتواں بیں

بَین : ۱۔ درمیان ۔ بیچ
۲۔ فاصلہ ۔ فرق
۳۔ رونا پیٹنا ۔ آہ و بکا ۔ گریہ و زاری

بینا : ۱۔ بینندہ ۔ باصر ۔ ناظر ۔ بصیر ۔ صاحب بینش ۔ صاحب نظر ۔
۲۔ دانا ۔ دانش مند ۔ دانش ور ۔ عقل مند ۔ صاحب بصیرت
ہوشیار ۔ دور اندیش ۔ عاقبت اندیش

بینائی : ۱۔ نظر ۔ بصارت ۔ بصیرت ۔ نورِ چشم ۔ نورِ عین ۔ نگاہ
۲۔ دانائی ۔ دانش مندی ۔ دانش وری ۔ عقل مندی ۔ ہوشیاری
دور اندیشی ۔ عاقبت اندیشی

بیّنات : ۱۔ روشن دلائل ۔ واضح دلائل
۲۔ گواہان صادق ۔ شاہدان عادل

بینتی : منت ۔ سماجت ۔ التجا ۔ عرض ۔ التماس ۔ درخواست ۔ گزارش

بینڈا : ۱۔ آڑا ۔ ترچھا ۔ کج ۔ خمیدہ ۔ خم دار ۔ پیچ دار
۲۔ سخت ۔ مشکل ۔ بے ڈھب ۔ بے ڈھنگا

بینش : ۱۔ دید ۔ بینائی ۔ نظر ۔ نگاہ ۔ بصارت
۲۔ بصیرت ۔ دانائی ۔ عقل مندی ۔ دور اندیشی ۔ عاقبت اندیشی

بینگن : بادنجان ۔ بتاؤں ۔ بینجن ۔ بھنٹا ۔ باٹینگن ۔ بیگن ۔ بھٹا

بینگنوں کا نوکر نہیں آپ کا نوکر ہوں

بینندہ : صاحب نظر ۔ صاحب بینش ۔ بینا ۔ باصر ۔ بصیر

بینی : ناک ۔ نک ۔ پوزہ

بیوپار : بیپار ۔ تجارت ۔ سوداگری ۔ لین دین ۔ کاروبار ۔ بنج

بیوپاری : بیپاری ۔ تاجر ۔ سوداگر ۔ بنجارا

بیورا : ۱۔ اختلاف ۔ فرق ۔ تفاوت
۲۔ بھید ۔ راز ۔ سِر ۔ انتر
۳۔ تفصیل ۔ بیان ۔ کیفیت ۔ حال ۔ سرگزشت ۔ ماجرہ
۴۔ پیغام ۔ پیام ۔ خبر ۔ اطلاع ۔ سندیسا

بیوگی : رنڈاپا ۔ بدھواپن

بیونت : ۱۔ تراش ۔ قطع ۔ کاٹ ۔ چھانٹ

۲۔ طرز۔ انداز۔ وضع
۳۔ تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ
۴۔ موقع۔ محل۔ ڈھب
۵۔ موسم۔ وقت۔ رُت
۶۔ اتفاق۔ اتحاد۔ میل جوڑ
۷۔ کفایت شعاری۔ کم خرچی۔ اقتصاد
۸۔ حساب۔ تقسیم۔ بانٹ

بیوہ : رانڈ۔ بدھوا۔ ودھوا۔ ایم۔ رنڈی۔ نخصمی۔ بڈّو۔ ارملہ۔ مُتاَمہ۔ سفنہ۔ کالم۔ کالمہ۔ ارل۔ کونڈہ

بیوہ قابض — بیوہ ہونا — بیوہ کرنا

بیوہار : ۱۔ پیشہ۔ کام کاج
۲۔ تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار۔ کاروبار۔ بنج
۳۔ معاملہ۔ واسطہ۔ حق
۴۔ قاعدہ۔ دستور۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ انداز
۵۔ خط کتابت۔ مراسلت۔ نامہ و پیام
۶۔ لین دین۔ داد و ستد
۷۔ رشتہ داری۔ تعلق داری۔ رشتہ ناتا۔ شادی بیاہ

بیوہاری : ۱۔ تجارتی۔ کاروباری
۲۔ معمولی۔ رسمی۔ رواجی
۳۔ تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری

۴۔ فریق معاملہ
۵۔ ساہوکار۔ مہاجن

بیوی : ۱۔ اہلیہ۔ زوجہ۔ استری۔ پتنی۔ منکوحہ۔ عورت۔ زن۔ بیگم۔ خاتون۔ بانو۔ خاتون خانہ۔ کد بانو۔ مالکہ۔ گھرنی۔ گھر والی۔ رفیقۂ حیات۔ دھرم پتنی۔ جورو۔ لُگائی۔ جیون ساتھی۔ زنانی۔ تیمی۔ وائف۔ استری۔ حبیلہ۔ قعیدہ۔ طلّہ۔ شریک حیات۔ خزو۔ رن۔ زال۔ تریمت۔ شریک زندگی

بیوی کا غلام — بیوی کا دانہ کھانے والا — بیوی کا کونڈا

بیوی بیوی عید آئی، چل دور تجھے اپنی دال ٹکیا سے کام
بیوی جی بیوی جی چاول گل گئے
دُرکتیا مردار وہ دن ٹل گئے
بیوی خیلا، ایک اُجلا ایک میلا
بیوی نیلا دو چٹے ایک میلا
بیوی کو باندی کہو ہنس دے
باندی کو باندی کہو جل مرے
بیوی نیک بخت دمڑی کی دال تین وقت

بیہڑ : ۱۔ ناہموار زمین۔ غیر مسطح
۲۔ بنجر۔ ناقابل کاشت۔ غیر مزروعہ
۳۔ جنگل۔ چراگاہ

پا: ۱۔ پاؤں۔ پیر۔ گام۔ قدم۔ رجل۔ پگ۔ ٹانگ
۲۔ بیخ۔ بنیاد۔ جزو۔ اصل
۳۔ مضبوطی۔ پائیداری۔ استحکام
۴۔ تحت۔ زیریں۔ نیچے

پاافزار: جوتی۔ پاپوش۔ زیرپائی۔ جوتا۔ نعلین۔ کفش۔ پیزار
پاافتادہ: بےکس۔ بےسہارا۔ عاجز۔ درماندہ۔ بےچارہ۔ عام۔ معمولی۔ روندا ہوا
پاافشار: کھڑاؤں۔ نعلین
پابجولاں: ۱۔ پابزنجیر۔ پابند۔ مقید۔ محبوس۔ زندانی۔ گرفتار
۲۔ مجبور۔ معذور۔ محتاج۔ بےبس۔ بےچارہ۔ درماندہ
۳۔ ملازم۔ نوکر۔ خدمت گار۔ غلام
۴۔ شادی شدہ۔ عیال دار۔ متاہل
پابدامن: گوشہ نشین۔ گوشہ گیر۔ عزلت نشین۔ عزلت گزیں
پابرجا: ثابت قدم۔ قائم۔ پائیدار۔ پائندہ۔ مستحکم۔ محکم
پابرکاب: چلنے پر تیار۔ مستعد۔ پا در رکاب۔ آمادۂ سفر
پابرنجن: پازیب۔ پائل۔ جھانجن۔ پیجنیا
پابزنجیر: پابجولاں۔ پابند۔ مقید۔ محبوس۔ زندانی۔ رشتہ بپا
پابستہ: ۱۔ مقید۔ گرفتار۔ پابند۔ پابزنجیر۔ پابجولاں
۲۔ قائم۔ ثابت قدم۔ مستحکم۔ محکم۔ مضبوط۔ پائیدار
پابگل: ۱۔ مقید۔ قیدی۔ پابستہ۔ پابند۔ گرفتار۔
۲۔ غیر متحرک۔ اچل۔ اٹل۔ بے حرکت۔
۳۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ مبہوت
پابند: ۱۔ پابستہ۔ پابزنجیر۔ رشتہ بپا۔ مقید۔ قیدی۔ زندانی۔ گرفتار۔
محبوس۔ بند
۲۔ عادی۔ معتاد۔ خوگر۔ خوکردہ
۳۔ ماتحت۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ پیرو۔ تابع۔
۴۔ مجبور۔ بےبس۔ بےچارہ۔ درماندہ
۵۔ قائم۔ ثابت قدم۔ مستقل۔ مستحکم۔ مضبوط۔ محکم
۶۔ باقاعدہ۔ بادستور۔ باقرینہ
۷۔ وعدہ وفا۔ وفادار۔ داشتہ۔ ملازم۔ طوائف
۸۔ زنجیر۔ بیڑی۔ پیکھڑا
پابندی: ۱۔ پابستگی۔ پابزنجیری۔ رشتہ بپائی۔ قید۔ گرفتاری۔
۲۔ عادت۔ خو۔ معمول
۳۔ ماتحتی۔ اطاعت۔ فرماں برداری۔ پیروی۔ اتباع
۴۔ مجبوری۔ بےبسی۔ بےچارگی۔ درماندگی
۵۔ استقامت۔ ثابت قدمی۔ استحکام۔ مضبوطی۔ محکمی۔
۶۔ باقاعدگی۔ بادستوری
۷۔ وعدہ وفائی۔ ایفا۔ وفاداری
۸۔ پاس۔ لحاظ۔ خیال۔ دھیان
پابوس: ۱۔ قدم بوس۔ متواضع۔ مطیع۔ فرماں بردار
۲۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق
۳۔ پابوسی۔ قدم بوسی۔ تعظیم۔ تواضع۔ تسلیم۔ اطاعت
پابوسی: ۱۔ قدم بوسی۔ تعظیم۔ تسلیم۔ اطاعت۔ فرماں برداری
۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق
پاپوش: جوتی۔ جوتا۔ پیزار۔ جفت۔ کفش۔ پاافزار۔ زیرپائی۔ نعلین
پاپوش کاری: ضرب پاپوش۔ جوتم پیزار۔ جوتا کاری۔
پاپیادہ: پیدل۔ بےسواری۔ پاؤں پاؤں

پاتابہ: جوتا۔ موزہ۔ جراب
پاجامہ: شلوار۔ سوتھنا۔ گھٹنا۔ پائجامہ۔ برتوگ۔ زیر جامہ۔ پاجچہ۔ سروال۔
ازارہ۔ زیر پوش۔ تنبا۔ اوٹنگا
پاخانہ: ۱۔ بیت الخلا۔ ٹٹی۔ جائے ضرور۔ کھڈی۔ سنڈاس
۲۔ فضلہ۔ گندگی۔ براز۔ گوہ۔ باتھ روم۔ ٹائلٹ۔ لیٹرین

پادراز: بہ آرام۔ آرام سے
پادرازی: آرام۔ استراحت
پادررکاب: پابرکاب۔ آمادہ۔ مستعد۔ تیار
پادرہوا: ناپائیدار۔ غیر مستحکم۔ بے بنیاد۔ بے اصل
۲۔ خیالی۔ وہمی۔ موہوم۔ بے بود۔ بادہوائی
پازیب: پابرنجن۔ پائل۔ خلخال۔ چھاگل۔ پینجنیا۔ جھانجن
پاسنگ: ہم وزن۔ ہم سر۔ برابر۔ وزنہ۔ پارسنگ۔ پاشکو۔ کم وزن۔
وزن برابر کرنے کا بٹہ

پاسنگ ہونا ــــ پاسنگ کرنا ــــ پاسنگ رکھنا ــــ
پاسنگ بھی نہ ہونا ــــ پاسنگ باندھنا ــــ پاسنگ
کھولنا

پاشکستگی: معذوری۔ اپاہج پن۔ بے بسی۔ بے چارگی۔ درماندگی۔ مجبوری
پاشکستہ: معذور۔ اپاہج۔ بے بس۔ بے چارہ۔ درماندہ۔ مجبور
پاکوب: رقاص۔ نچیا۔ رنگ
پاکوبی: رقص۔ ناچ۔ نرت
پالغز: ۱۔ لغزش پا۔ ڈگمگاہٹ
۲۔ غلطی۔ خطا۔ سہو
پامال: خراب۔ خستہ۔ برباد۔ تباہ۔ شکستہ حال
پامالی: خرابی۔ خستگی۔ بربادی۔ تباہی۔ شکستہ حالی
پامرد: ۱۔ ثابت قدم۔ مستقل مزاج۔ باہمت۔ بہادر
۲۔ مددگار۔ معاون۔ معین
پامردی: ۱۔ ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی۔ استقلال۔ ہمت۔ بہادری
۲۔ طاقت۔ زور۔ مضبوطی۔
۳۔ مدد۔ اعانت

پانام: نام زد۔ معروف۔ مشہور
پایاب: اتھلا۔ کم گہرا۔ سطحی
پایابی: اتھلاپن۔ کم گہرائی

پابجولاں ــــ پابہ زنجیر ــــ پابوسی ــــ پابوس ــــ
پانداز ــــ پابند ــــ پابندی ــــ پاسنگ ــــ
پاخانہ ــــ پاجامہ ــــ پاپیادہ ــــ پاپوش ــــ
پاتابہ ــــ پاتراب ــــ پایاب ــــ پازیب ــــ
پاشویہ ــــ پاموز (کبوتر دیدار مرغیوں کی ایک
نسل جس کے پنجوں پر پَر ہوتے ہیں) ــــ پاافزا
(جوتی) ــــ پامال ــــ پامالی ــــ پاافشارا
(وہ تختی جسے جولاہے بنتے وقت پاؤں سے دباتے
رہتے ہیں) ــــ پابرجا (قائم) ــــ پابہ رکاب
ــــ پابہ رنجن (جھانجن) ــــ پادرہوا ــــ
پابرہوا ــــ پابستہ ــــ پابست (عمارت کی
بنیاد، مضبوط، قبہدی) ــــ پاپیچ (نقاہت سے
پاؤں میں کھنچاؤ ہونا) ــــ پاتکیہ (سوتے میں جو
پاؤں کے نیچے رکھتے ہیں) ــــ پاچاہ (جولاہوں کی
کھڈی) ــــ پاخطہ (مہرکنوں کا ایک اوزار) ــــ
پادام (پھندوں کا وہ جال جو گھوڑے کی دم کے بالوں
سے بنایا جائے) ــــ پادرگل ــــ پادست (ادھار
لی ہوئی چیز) ــــ پادو (وہ شخص جو سوار کے ساتھ
پیدل دوڑے) ــــ پارکابی (قلیل مقدار) ــــ پاسبز
(رہنما، ایلچی، منحوس) ــــ پاسوار (تیز رو پیادہ) ــــ
پاعلم خواں (علم کے سائے میں نوحہ پڑھنے والا) ــــ
پافراز (جوتا) ــــ پاکار (بھنگی، نوکر) ــــ پاکوبی
(رقص) ــــ پارنج (کسی کے آنے کا معاوضہ) ــــ
پامزد (پارنج) ــــ پالغز (ٹھوکر) ــــ پاورق (آئندہ
صفحے کا شروع لفظ جو صفحے کے نیچے لکھا جائے) ــــ
پادکانی (تیسرے درجے کا دکان دار جو بڑے دکاندار
کے پاس بیٹھ کر اس کی مدد سے سودا بیچے) ــــ

پاداماں (دامن کا وہ حصہ جو زمین کے قریب ہو ——
پاداش —— پائیداری —— پائیدار —— پائے ہمت
—— تیز پا —— خاک پا

پاپ : ۱۔ گناہ۔ قصور۔ تقصیر۔ خطا۔ جُرم۔ اثم۔ جُناح۔ اپرادھ
۲۔ عیب۔ نقص۔ کھوٹ۔ بدی۔ بُرائی۔ شر
۳۔ دُکھ۔ عذاب۔ مصیبت۔ آفت

پاپی روپ : ۱۔ گناہِ مجسم۔ گناہ گار۔ عاصی۔ پُرمعاصی۔ خطاکار۔ خاطی۔
مجرم۔ سیاہ کار۔ قصوروار
۲۔ بے رحم۔ ظالم۔ سنگ دل۔ قسی القلب۔ کٹھور
۳۔ بدصورت۔ بدشکل۔ بدہیئت۔ کریہہ المنظر

پاپ ابھی کبھی چھپانے سے چھپا ہے
پاپ چھپائے نہ چھپے جس لسن کی باس
پاپ ڈبووے دھرم ترادے
دھری کدھی نہ منہ دکھ پاوے
پاپ کا گھڑا بھر کر دھار میں ڈوبتا ہے
پاپ کی ناؤ آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پرسوں ڈوبے اور ڈوبے

پاپی : ۱۔ گناہ گار۔ قصوروار۔ خطاکار۔ خاطی۔ مجرم۔ آثم۔ عاصی۔ پرمعاصی
سیاہ کار۔ اپرادھی
۲۔ بے رحم۔ ظالم۔ سنگ دل۔ قسی القلب۔ کٹھور۔ شقی القلب۔

پاپی پاپ کا۔ بھائی اور نہ باپ کا
پاپی کا مال پراپت / اکارتھ جائے
(چور بڑے یا ٹھگ لے جائے)
پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے
پاپی کے من میں پاپ ہی بسے
پاپیوں کے مارنے کو پاپ مہابلی

پات : پتّا۔ برگ۔ ورق

بات بات ڈال ڈال
بات تیرتے میں پتھر ڈوبتے ہیں

پاتال : تحت الثریٰ۔ درک اسفل۔ دوزخ۔ جہنم۔ نرک۔ گڑھا۔ غار۔
گہرائی۔ اسفل السافلین۔ زمین کا ساتواں طبقہ۔ نیچے کا لوک

پاتُر : ۱۔ رنڈی۔ کسبی۔ بیسوا۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ طوائف
۲۔ رقاصہ۔ نرتکی
۳۔ مغنیہ۔ گائکا
۴۔ دبلا پتلا۔ دھان پان۔ منحنی۔ کمزور۔ ناتواں
۵۔ نازک

پاتُرتا : پاک دامن۔ باعصمت۔ عفیفہ۔ نیک۔ پارسا

پاترتا کو گزری نہیں اور بیسوا اوڑھے خاصا

پاتی : ۱۔ پتّا۔ برگ۔ ورق۔ پتّی
۲۔ خط۔ چٹھی۔ رقعہ۔ مکتوب۔ مراسلہ
۳۔ خبر۔ اطلاع۔ پیغام۔ پیام۔ سندیسا
۴۔ سراغ۔ کھوج۔ نشان

پاٹ : ۱۔ چوڑائی۔ عرض۔ پھیلاؤ
۲۔ پتھر۔ سنگ
۳۔ تخت۔ گدی۔ مسند۔ سریر
۴۔ پٹڑا۔ تختہ۔ چوکی
۵۔ بم۔ بلند آہنگی۔ بلند آوازی

پاٹھ : ۱۔ سبق۔ درس
۲۔ وظیفہ۔ ورد۔ دعا۔ منتر

۳- پوجا۔ عبادت
۴- متن۔ مضمون۔ ایکپریشن

پاٹھ شالا: مکتب۔ مدرسہ۔ درس گاہ۔ تعلیم گاہ

پاٹھا: ۱- پٹھا۔ جوان۔ نوعمر
۲- پہلوان
۳- پست قد۔ کوتاہ قد۔ کوتاہ قامت۔ پست قامت
۴- فربہ۔ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا

پاٹھک: ۱- مدرس۔ معلم۔ استاد۔ گورو
۲- واعظ۔ اپدیشک۔ ناصح

پاٹی: ۱- پٹی
۲- تختی۔ لوح
۳- چٹائی۔ صف۔ حصیر۔ بوریا
۴- مانگ۔ فرق

پاجی: ۱- کمینہ۔ ذلیل۔ رذیل۔ سفلہ۔ نیچ۔ کم ظرف۔ خوار۔ محتاج۔ بے حقیقت۔ بے وقعت۔ دنی۔ فرومایہ۔ بے تمیز۔ نالائق۔ بے شعور۔ پست۔ زبوں کار۔ غنڈہ۔ بچوڑا۔ اوچھا۔ ٹچا۔ دیّوث۔ بھڑوا۔ قرساق۔ بھاڑو۔ بُرا۔ عتبان۔ غلطان۔ کٹخان۔ عزعز۔ بے عزت۔ بے شرم۔ حقیر
۲- لچا۔ بدذات۔ شریر۔ شُہدا
۳- نوکر۔ چاکر۔ ادنیٰ۔ غلام

پاجی پرست: سفلہ پرور۔ کمینہ دوست
پاجی پن: ۱- کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ نیچ پن۔ کم ظرفی۔ خواری
۲- لچپن۔ شہدا پن۔ بدذاتی۔ شرارت

پاجیانہ —— پاجی پرست —— پاجی پن —— پاجی پنا —— پاجی مزاج

پاجی بطوافِ کعبہ حاجی نمی شود

پاد: گوز۔ بادِ شکم۔ ریح

پاداپونی: ۱- ڈرپوک۔ بزدل۔ کم دل۔ بے ہمت۔
۲- کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف

پاداش: جزا۔ بدلہ۔ معاوضہ۔ عوض۔ صلہ۔ سزا۔ جرمانہ۔ ڈنڈ

پادری: اسقف۔ عیسائی مبلغ۔ مشنری

پادشاہ: بادشاہ۔ مَلِک۔ سلطان۔ راجا۔ حکم راں۔ فرماں روا

پادشاہی: بادشاہی۔ سلطنت۔ حکومت۔ شاہی

پادو: ۱- پدوڑا۔ پدّو
۲- بزدل۔ ڈرپوک

پادوری چڑیا ساون آیا
پادے کوئی پٹے بھٹیاری والا

پادھا: معلم۔ مدرس۔ استاد۔ گورو۔ پنڈت۔ پاٹھک

پار: ۱- وری۔ پرے۔ پرلے کنارے۔ اُدھر۔ اُس طرف
۲- حد۔ کنارہ
۳- اختتام۔ ختم۔ انجام۔ اخیر۔ آخر۔ پورا
۴- عمق۔ گہرائی
۵- غیر۔ بیگانہ۔ اجنبی
۶- گزشتہ۔ رفتہ۔ پارینہ۔ پاستاں

پار سال ــ پار بول جانا ــ پار اتارنا ــ پار اترنا ــ
پار رہنا ــ پار پہنچنا ــ پار کرنا ــ پار لگنا ــ پار لگانا
ــ پار نکلنا ــ پار سے جانا ــ پار لنگھانا ــ
پار ہو جانا ــ پار والے

پار اترون تو بکری دوں
پار کہیں سردار ہے، وار کہیں سر پار
پکڑ کنارہ بیٹھ رہ، یہیں وار یہیں پار
پار گئے مور ہو آئے
پار والے کہیں وار والے اچھے، وار والے کہیں پار والے اچھے

پارا (پارہ): ۱۔ رس۔ سیماب۔ زیبق۔ شیم۔ بھوبیج۔ جیوہ
۲۔ بے چین۔ بے قرار۔ بے تاب۔ مضطرب

پارا اڑنا ــ پارا بھرا ہونا ــ پارا مارنا ــ پارا پینا ــ
پارا پلانا ــ پارے کا پیالہ ــ پارے کا کافور ــ پارے
کا کشتہ ــ پارے کا کنواں ــ پارے کی کان ــ
پارے کی دیوار ــ پارہ پارہ ــ جواہر پارہ ــ سیپارہ
ــ شکر پارہ ــ آتش پارہ ــ چار پارہ ــ
الماس پارہ ــ پوست پارہ ــ پیش پارہ ــ شکم پارہ
ــ نان پارہ ــ سنگ پارہ ــ کوہ پارہ

پارٹ: ۱۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ جزو۔ کھنڈ
۲۔ فصل۔ باب
۳۔ مقررہ خدمت۔ مقررہ کام۔ کارمنصبی

پارٹنر: حصہ دار۔ ساجھی۔ رفیق۔ ساتھی۔ شریک کار

پارٹی: ۱۔ جماعت۔ حزب۔ گروہ۔ جتھا۔ فرقہ
۲۔ فریق۔ مقابل۔ [illegible]
۳۔ جلسہ۔ ضیافت۔ تقریب۔ دعوت

پارچہ: ۱۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ قاش۔ پھانک
۲۔ دھجی۔ چیتھڑا
۳۔ کپڑا۔ تھان۔ لباس۔ پوشاک
۴۔ گھاٹ۔ پنگھٹ

پارس: ۱۔ اکسیر۔ رسائن۔ پتھری۔ کسوٹی
۲۔ عمدہ۔ نفیس
۳۔ سخی۔ فیاض۔ داتا

پارسا: نیک۔ صالح۔ متقی۔ پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد۔ پاک سیرت۔ پاک خو۔
صاف باطن۔ پاک طینت۔ عفیفہ۔ خدا پرست۔ پاکدامن۔ نگہبان۔
بھگت۔ سنت۔ خشک دامن

پارسائی: نیکی۔ صالحیت۔ اتقا۔ پرہیزگاری۔ زہد۔ پاک سیرتی۔ پاک خوئی۔
پاک باطنی۔ پاک طینتی

پارسل: گٹھا۔ پلندہ۔ بنڈل۔ پیکٹ

پارسی: آتش پرست۔ گبر۔ زرتشتی

پارک: باغ۔ رمنا۔ سبزہ زار۔ احاطہ

پارکھ / پارکھی: ۱۔ جوہری۔ جوہر شناس۔ ناقد۔ نقاد۔ ممتحن
۲۔ نکتہ سنج۔ نکتہ داں۔ واقف۔ تجربہ کار

پارلیمان / پارلیمنٹ: مقننہ۔ مجلس قانون ساز۔ ایوان بالا

پارہ: جزو۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ حصہ۔ پارچہ

پارینہ : پرانا۔ قدیم۔ کُہنہ

پاڑ : ٹانڈ۔ مچان۔ رکاوٹ

پاس : (انگریزی) : ۱۔ کامیاب۔ کامیابی
۲۔ اجازت نامہ۔ راہداری۔ منظوری

پاس : (فارسی) : ۱۔ خیال۔ خاطر۔ لحاظ۔ نگاہ۔ توجہ۔ ملاحظہ۔ لحاظ داری
۲۔ طرف داری۔ جانب داری۔ رعایت۔ مروّت۔ دُور رعایت
۳۔ حق شناسی

پاسبان : نگہبان۔ نگہدار۔ دربان۔ چوکیدار۔ گڈریا
پاسبانی : نگہبانی۔ نگہداری۔ دربانی۔ نگہداشت۔ چوکیداری
پاسدار : طرف دار۔ حمایتی۔ حامی۔ نگہبان
پاسداری : طرف داری۔ حمایت۔ رعایت

پاس کرنا ــــ پاس رکھنا ــــ پاس ہونا ــــ
پاس آجانا ــــ پاسِ ادب ــــ پاسِ آبرو ــــ پاسِ
ایمان ــــ پاسداری ــــ پاسِ شرع ــــ پاسِ نمک
ــــ پاسِ خاطر ــــ پاسِ انفاس

پاس : (اردو) : ۱۔ قریب۔ نزدیک۔ متصل۔ ملحق۔ ملحق
۲۔ زیرِ قبضہ۔ زیرِ تصرف۔ زیردست۔ لگ بھگ۔ ملزق۔ کنے
کول۔ نال

پاس پاس : قریب قریب۔ قریباً۔ لگ بھگ
پاس پڑوس : قُرب و جوار۔ گرد و نواح۔ اردگرد۔ ہمسائیگی

پاس ہونا ــــ پاس رہنا ــــ پاس جانا ــــ پاس رکھنا
ــــ پاس لگے رہنا ــــ پاس پھٹکنا ــــ پاس پاس
ــــ پاس بیٹھنا ــــ پاس پڑوس ــــ پاس آنا ــــ پاس
آگنا

| پاس رہے جانے پاپ بھلے جانے
| پاس کا کتا، نہ دُور کا بھائی
| پاس نوری نہ، پانہ ریکھا

پاسا / پانسا : قرعہ۔ کعبتین۔ مُہرہ۔ رخ۔ پاشا۔ نرگ

پاسا پڑنا ــــ پاسا الٹنا ــــ پاسا پلٹنا ــــ پاسا اُلٹ
پڑنا ــــ پاسا پھینکنا

| پاسا پڑے اناڑی جیتے
| پاسا پڑے سردار، حاکم کرے سرِ بازار

پاستان : قدیم۔ کہنہ۔ پرانا۔ گزشتہ

پاسخ : جواب۔ اُتّر

پاش پاش : ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ چُور چُور۔ پرزے پرزے

پاشنہ : ۱۔ ایڑی۔ عَقِب
۲۔ سیبی

پاک : ۱۔ صاف۔ ستھرا۔ طاہر۔ بےلوث۔ بے میل۔ پاکیزہ
۲۔ نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ متقی۔ ایماندار
۳۔ مبرّا۔ منزّہ۔ بےعیب۔ بے نقص۔ بے غش۔ بری
۴۔ مباح۔ حلال۔ طیّب۔ روا۔ جائز
۵۔ مقدس۔ متبرک۔ محفوظ۔ بےگناہ۔ معصوم۔ عفیف
۶۔ آزاد۔ بےباک
۷۔ بیباق۔ چکتا۔ منقطع۔ فارغ۔ معرا

پاک باز: ۱۔ زاہد۔ مجرد۔ صاحب عصمت۔ عفیف
۲۔ بے گناہ۔ بے خطا۔ معصوم۔ نیک نہاد
۳۔ نیک دل۔ نیک نیت۔ صاف باطن۔ صاف دل۔ صداقت شعار

پاک بازی: ۱۔ زہد۔ اتقا۔ عصمت۔ عفت
۲۔ بے گناہی۔ بے خطائی۔ معصومیت
۳۔ نیک دلی۔ نیک نیتی۔ صاف باطنی۔ صاف دلی۔ صداقت شعاری

پاک بیں: پاک نظر۔ پاک نگاہ

پاک بینی: پاک نظری۔ پاک نگاہی

پاک داماں/دامن: پارسا۔ باعصمت۔ باعفت۔ عفت مآب۔ عفیف۔ عفیفہ۔ باحیا۔ غیرت والی۔ آن والی۔ نیک بخت۔ باآبرو۔ آبرومند۔ آبرو والی۔ شرم والی

پاک دامانی/دامنی: پارسائی۔ عصمت۔ عفت

پاک زاد: ۱۔ پاک طینت۔ پاک سیرت۔ نیک خصلت
۲۔ اصیل۔ نیک اصل۔ نجیب۔ شریف

پاک زادہ: دھول۔ گھوڑا

پاک سرشت/نہاد: نیک طینت۔ نیک خصلت۔ نیک سیرت۔ خوش خصال۔ نیک فطرت

پاک سرشتی/نہادی: نیک طینتی۔ نیک خصلتی۔ نیک سیرتی۔ خوش خصالی

پاک راستے ــ پاک منہ ــ پاک صاف ــ پاک کرنا ــ پاک ہونا ــ پاک نظر ــ پاک نگاہ ــ پاک محبت ــ پاک نیت ــ پاکیزہ ــ پاک نہاد ــ حساب پاک ہونا ــ تنبیہ پاک ہونا ــ گناہ سے پاک ہونا ــ نفس پاک کرنا

| پاک صد بے باک رہ

پاکٹ: جیب۔ کیسہ۔ خریطہ

پاکٹ بک: جیبی کتاب۔ نوٹ بک

پاکٹ منی: جیب خرچ

پاکھ: پکش۔ نصف ماہ۔ پندرھواڑا

پاکھا: ۱۔ جانب۔ طرف۔ پہلو۔ بازو
۲۔ سائبان۔ چھپر۔ ڈیوڑھی۔ دیوار

پاکھر: جھول۔ ترپال۔ ٹاٹ۔ زرہ۔ جنگی پوشش اسپ

پاکھنڈ: ۱۔ بدذاتی۔ شرارت۔ شرانگیزی۔ فساد۔ جھگڑا۔ بکھیڑا
۲۔ تصنع۔ بناوٹ۔ دکھاوا۔ نمائش۔ ریا
۳۔ بدعت۔ بے دینی

پاکھنڈی: ۱۔ بدذات۔ شریر۔ شرانگیز۔ فسادی۔ جھگڑالو
۲۔ ریاکار۔ فریبی۔ دغاباز
۳۔ بدعتی۔ بے دین۔ شعبدہ گر

پاکی: ۱۔ طہارت۔ صفائی۔ ستھرائی
۲۔ عصمت۔ عفت۔ پاکدامنی
۳۔ نیکی۔ خوبی

پاکیزگی: ۱۔ صفائی۔ ستھرائی۔ طہارت
۲۔ خوبصورتی۔ خوش اسلوبی۔ بے عیبی۔ بے نقصی

پاکیزہ: ۱۔ صاف۔ ستھرا۔ طاہر۔ پاک صاف
۲۔ خوبصورت۔ خوش اسلوب۔ بے عیب۔ بے نقص

پاگل: ۱۔ دیوانہ۔ مجنون۔ سودائی۔ باؤلا۔ سڑی۔ خبطی۔ مخبوط الحواس۔ فاتر العقل۔ جھلا۔ سرپھرا۔ شوریدہ سر۔ واہی۔ مفتون۔ مجذوب۔ پگلا۔ جنونی۔ خارج العقل۔ دماغ چلا
۲۔ احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ بودا۔ کم فہم۔ کم عقل
۳۔ حیران۔ پریشان۔ سرگرداں۔ سراسیمہ۔ آشفتہ

پاگل پن : ۱۔ دیوانگی ۔ جنون ۔ سودا ۔ باؤلا پن ۔ خبط ۔ فتورِ عقل
۲۔ حماقت ۔ بے وقوفی ۔ مورکھ پن ۔ کم فہمی ۔ کم عقلی
۳۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ سرگردانی ۔ سراسیمگی

پاگل خانہ : ۱۔ دارالمجانین ۔ دماغی شفاخانہ
۲۔ دارالحمقا ۔ بیت الحمقا

پاگل ہونا ــــ پاگل کرنا ــــ پاگل بننا ــــ پاگل سمجھنا

پاگورٹ ۔ کو کہتے ہیں

پال : ۱۔ چھوٹا خیمہ ۔ تنبو
۲۔ بادبان
۳۔ بند ۔ پشتہ ۔ مینڈھ
۴۔ پیار ۔ امان

پالا : ۱۔ کہر ۔ کہرا ۔ برف
۲۔ اکھاڑہ ۔ میدان ۔ کشتی گاہ
۳۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ سابقہ ۔ سروکار ۔ کام

پالاگن : پابوسی ۔ قدم بوسی ۔ آداب ۔ تسلیم ۔ ڈنڈوت ۔ کورنش ۔ سلام

پالان : گدی ۔ پوشش ۔ کجاوہ

پالتو : پالو ۔ گھریلو ۔ گھرپالا ۔ گھر کا ۔ خانگی ۔ مانوس

پالتو کتا ــــ پالتو بلی ــــ پالتو ہرن ــــ پالتو شیر ــــ
پالتو کبوتر ــــ پالتو مرغی

پالسی / پالیسی : ۱۔ مصلحت ۔ تدبیر ۔ حکمتِ عملی ۔ طریقِ کار ۔ لائحۂ عمل ۔ مصلحتِ وقت
۲۔ سیاسی چال
۳۔ دور اندیشی ۔ عاقبت اندیشی ۔ دانائی
۴۔ بیمہ

غلط پالیسی ــــ پالیسی بنانا ــــ پالیسی ناکام ہونا ــــ
پالیسی چلنا

پالش : صیقل ۔ جِلا ۔ روغن ۔ صفائی ۔ چمک ۔ قلعی ۔ آب و تاب ۔ رنگ و روغن

پالک : ۱۔ ساگ ۔ اسفاناخ ۔ اسپاناخ
۲۔ پالتو ۔ پروردہ ۔ لے پالک

پالکی : ڈولی ۔ محافہ ۔ فینس ۔ ہنیس

پالکی نشین ــــ پالکی سوار

پالن : ۱۔ پرورش ۔ تربیت ۔ تعلیم ۔ سرپرستی
۲۔ نگہداشت ۔ نگہداری ۔ دیکھ بھال ۔ حفاظت ۔ بچاؤ ۔ پناہ
۳۔ تعمیل ۔ تکمیل ۔ اطاعت
۴۔ ایفا

پالن ہار : پرورش کنندہ ۔ مربی ۔ سرپرست ۔ رب ۔ خدا

پالنا : گہوارہ ۔ جھولا ۔ پنگوڑا ۔ مہد

پالو : پالتو ۔ پروردہ ۔ گھریلو ۔ خانگی ۔ مانوس

پام : ۱۔ تاڑ ۔ کھجور ۔ پام کا درخت ۔ تاڑ
۲۔ ہتھیلی ۔ کفِ دست

پامسٹ : دست شناس ۔ نجومی

پامسٹری : دست شناسی ۔ فراستُ الید

پان: تنبول۔ برگِ تنبول۔ ورقُ التنبول۔ بیڑا

پان پت: لوازمِ خانہ داری۔ خبرگیری
پان پھول: ۱۔ سر انجامِ کار
۲۔ نازک۔ نازک بدن
۳۔ خاطر۔ تواضع۔ مدارات۔ آؤبھگت

پان بنوانا — پان بنانا — کان کا پان — پان کھانا — پان چبانا — پان کھلانا — پان دینا — پان کی پتی — پان کا پتّا — پان کلائی — پان کی تحریر — پان کی لالی — پان لگانا — پان مرجانا — پان کالاگا — پان کا گھوم — پان کا کے پیک ڈال دینا — پان دان

پان: کلف۔ مانڈی

پانا: ۱۔ حاصل کرنا۔ وصول کرنا۔ ملنا۔ نصیب ہونا۔ پہنچنا
۲۔ بھگتنا۔ سہنا
۳۔ کھوج لگانا۔ سراغ لگانا۔ پکڑ لینا
۴۔ معلوم کرنا۔ پہچاننا۔ تاڑ جانا

داد پانا — انعام پانا — جگہ پانا — وصول پانا — بخشش پانا — مقام پانا — وکم پانا — سزا پانا — تکلیف پانا — سراغ پانا — پتہ پانا — راز پانا — راستہ پانا — قابو پانا — بات پا جانا — آثار پانا — اندازہ پانا — نشان پانا

پانچ: پنج۔ خمس۔ پنجہ۔ گنڈا

پانچ اندری: حواسِ خمسہ

پانچ روپے — پانچ حواس — پانچ سال — پانچواں — پانچوں — پانچ جوتیاں اور حقے کا پانی — پانچ اندری — پانچوں تر ہیں — پانچوں عیب — پانچوں کپڑے — پانچ ہتھیار — پانچوں سواروں میں نام لکھانا — پانچوں عیب شرعی

پانچ پنچ مل کیجئے کاج
ہارے جیتے نہ آوے لاج
پانچ ساتھ کی لاٹھی ایک جنے کا بوجھ
پانچ آموں کا بھانجا بھوکوں بھوک پکارے
پانچوں انگلیاں برابر یکساں نہیں
پانچوں انگلیاں پانچوں چراغ
پانچوں انگلیاں گھی میں سر کڑاہی میں
پانچوں پانڈے چھٹے نرائن
پانچے آم پہلے امل
پانچے بیت بچے ٹھاکر

پانڈا: ۱۔ پنڈت۔ برہمن
۲۔ پجاری۔ عابد۔ زاہد
۳۔ معلم۔ استاد۔ گورو

پانڈے جیمیں تو بچیاں میں
پانڈے جی پچھتائیں گے وہی چنے کی کھائیں گے
پانڈے جی دونوں سے گئے حلوہ ملا نہ مانڈے

پانی: آب۔ ماء۔ جل۔ نیر۔ واٹر
۱۔ بارش۔ باراں۔ مینہ
۲۔ منی۔ نطفہ۔ دھات۔ ویرج
۳۔ آنسو۔ اشک۔ دمع
۴۔ رطوبت۔ نمی۔ سیل
۵۔ رقیق۔ سیال۔ مائع۔ پتلا

۶۔ ٹھنڈا۔ سرد

۷۔ پھیکا۔ سیٹھا۔ بدمزہ

۸۔ نرم۔ ملائم۔ ڈھیلا

۹۔ مدھم۔ دھیما

۱۰۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ نحیف

۱۱۔ جرأت۔ ہمت۔ عزم۔ استقلال

۱۲۔ جلا۔ چمک۔ صیقل

۱۳۔ ملمع۔ قلعی

۱۴۔ اصل۔ نسل۔ نژاد

۱۵۔ جنگ۔ لڑائی

پانی اتارنا — پانی اٹھانا — پانی خرچ کرنا — پانی
انڈیلنا — پانی باندھنا — پانی بچانا — پانی بڑھنا —
پانی بنانا — پانی بند کرنا — پانی بہانا — منہ میں پانی
بھر آنا — پانی بھرنا — پانی پر بنیاد ہونا — پانی پر
کھڑا ہونا — پانی پلانا — پانی پھر جانا — پانی پھوٹنا
پانی پھیر دینا — پانی پھونکنا — پانی پھینکنا — پانی
پیاسے کے پاس آتا ہے — پانی پی پی کر کوسنا — پانی پی
پی کر دعا دینا — پانی چاٹنا — پانی ٹپکنا — پانی
تارا ہونا — پانی پی کر ذات پوچھنا — پانی تھوکنا
— پانی جذب کرنا — پانی کھینچنا — پانی پینا
— پانی پیجیے چھان کر، پیر کیجیے جان کر — پانی توڑنا
— پانی تھم جانا — پانی نتھر جانا — پانی تیز ہونا —
پانی ٹپکانا — پانی ٹوٹ جانا — پانی ٹھنڈا لگنا —
پانی جلنا — پانی چرانا — پانی چڑھنا — پانی چھڑوانا
پانی چڑھانا — پانی چھاننا — پانی چھوڑنا — پانی دکھانا
— پانی دم کرنا — پانی دیکھنا — پانی رکھنا —
نام لیوا نہ پانی دیوا — پانی رکنا — پانی سر سے اونچا
ہونا — پانی سوکھنا — پانی سر نیزے چڑھنا — پانی
سر نیزے چڑھانا — پانی سے پہلے پاڑ باندھنا —
پانی قد آدم ہونا — پانی کا بتاسا — پانی کا بلبلا — پانی
کا پتلا — پانی کا ٹھکانا — پانی کا چڑھاؤ — پانی کا
سانپ — پانی کا گھونٹ — ٹٹے سے نہ اترنا — پانی
کا ہنگامہ پر آنا — پانی کرنا — پانی گرم ہونا —
پانی گدلا ہونا — پانی کے آگے پاڑ باندھنا — پانی کی
بھڑک — پانی کی پوٹ — پانی کی چادر — پانی کے
چھینٹے پڑنا — پانی کی دھونکنی لگنا — پانی کے کچے
گھڑے بھروانا — پانی کے ریلے میں بہانا — پانی کی
کربلا ہونا — پانی کی لکیر — پانی کی لہریں گننا —
پانی کے مول — پانی کے نیچے نہ پانی کے اوپر — پانی
گرانا — پانی گلے تک آ جانا — پانی گھٹنے گھٹنے ہونا
— پانی میں اترنا — پانی گلے گلے ہونا — پانی گھول
دینا — پانی لگانا — پانی لگنا — پانی لینا —
پانی مانگنا — پانی مرنا — پانی میں آگ لگانا —
پانی میں گھن دیکھنا — پانی منہ پکنا — پانی نہ مانگنا — پانی
وار کر پینا — پانی دانی — پانی میں پھول پڑنا

پانی پی کر ذات کیا پوچھنی
پانی پیاسے پر آتا ہے
پانی پیجیے چھان کر، پیر کیجیے جان کر
پانی پیویں چھان کے، ہیو ماریں جان کے
پانی تو بہتا بھلا، کھڑا گدلا ہوئے
پانی دیں اور جڑ کاٹیں
پانی کا ہنگامہ پر آتا ہے
پانی کے نیچے نہ پانی کے اوپر
پانی میں پتھر نہیں سڑتا
پانی میں مچھلی نو نو ٹکڑے حصہ

پانپ : کشکا۔ رسکا

پانپ چھینا — پانپ بجھنا — پانپ ٹھنڈا ہونا —
پانپ اٹھنا — پانپ بند ہونا — پانپ کا عادی ہونا

پائل : جھانجن۔ بجن۔ گھنگھرو۔ پازیب۔ جھانجھر۔ پایال۔ گوجری۔ جھاگل۔ خلخال۔ زنگولہ۔ پابرنجن

پائلٹ : ۱۔ ہواباز۔ طیارہ راں۔ جہاز راں
۲۔ راہ نما۔ بدرقہ
۳۔ تعارفی۔ پہلا پروگرام

پائندہ : قائم۔ استادہ۔ کھڑا۔ ثابت قدم۔ برقرار

پاؤ : چوتھائی۔ ربع۔ چوتھا حصہ۔ یک چہارم

| پاؤ سیر چوُن چوبارے رسوئی

پاؤں/پانوٗ : ۱۔ پیر۔ چرن۔ پگ۔ پا۔ قدم۔ ٹانگ
۲۔ جڑ۔ بنیاد۔ اصل ۔ اساس
۳۔ دخل۔ قبضہ۔ تسلط۔ تصرف
۴۔ استقلال۔ استحکام۔ مضبوطی۔ محکمی۔ پائیداری
۵۔ اخیر۔ انجام۔ آل۔ انتہا۔ حد
۶۔ آثار۔ علامات
۷۔ رنگ ڈھنگ۔ چال چلن
۸۔ ذمہ داری۔ ضمانت۔ کفالت
۹۔ حصہ۔ جزا۔ بھاگ

پاؤں رکھنا ــــ پاؤں آتارنا ــــ پاؤں سنبھال کر رکھنا
پاؤں آگے بڑھنا ــــ پاؤں آنکھوں سے لگانا ــــ
پاؤں آگے نہ پڑنا ــــ پاؤں اتر جانا ــــ پاؤں اٹھا
کے چلنا ــــ پاؤں اٹھا دینا ــــ پاؤں اٹھا کے جانا ــــ
پاؤں اٹھانا ــــ پاؤں اکھڑ جانا ــــ پاؤں اٹھتے جانا
ــــ پاؤں اینٹھنا ــــ پاؤں الجھنا ــــ پاؤں باندھ رکھنا
ــــ پاؤں باہر نکلنا ــــ پاؤں باہر نکالنا ــــ پاؤں
بچکنا ــــ پاؤں بڑھانا ــــ پاؤں بھاری کرنا ــــ
پاؤں بھاری ہونا ــــ پاؤں بھر جانا ــــ پاؤں بہکنا ــــ
پاؤں پاک ــــ پاؤں پر ڈالنا ــــ پاؤں پر سر جھکانا ــــ
پاؤں پر رکھنا ــــ پاؤں پر گرنا ــــ پاؤں پر لوٹنا ــــ
پاؤں پڑنا ــــ پاؤں پسارنا ــــ پاؤں پسرنا ــــ پاؤں
پکڑ لینا ــــ پاؤں پکڑنا ــــ پاؤں پوجنا ــــ پاؤں پیٹنا
پاؤں رپٹنا ــــ پاؤں پھسلنا ــــ پاؤں پھنسنا ــــ پاؤں
پھولنا ــــ پاؤں پھونک پھونک کے رکھنا ــــ پاؤں
پھیرنا ــــ پاؤں پھیلا کے سونا ــــ پاؤں پھیلانا ــــ
پاؤں پھیلنا ــــ پاؤں پھیلائے پڑا رہنا ــــ پاؤں پیٹ
پیٹ کر مر جانا ــــ پاؤں پیٹنا پاؤں پیچھے ہٹنا ــــ
پاؤں کس جانا ــــ پاؤں تلے سے زمین نکل جانا ــــ پاؤں
تلے کی زمین سرکنا ــــ پاؤں تلے کی مٹی چولہے میں جلانا ــــ
پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا ــــ پاؤں تلے ملنا ــــ پاؤں توڑ
ــــ پاؤں ٹکنا ــــ پاؤں ٹوٹنا ــــ پاؤں ٹھہرنا ــــ
پاؤں جوڑنا ــــ پاؤں جھنانا ــــ پاؤں جپّی کرنا ــــ
پاؤں چلانا ــــ پاؤں چلنا ــــ پاؤں چل جانا ــــ
پاؤں چُھٹے ہونا ــــ پاؤں چومنا ــــ پاؤں چھلنی ہونا
ــــ پاؤں چُھٹنا ــــ پاؤں دبانا ــــ پاؤں دب
جانا ــــ پاؤں دبوانا ــــ پاؤں درد کرنا ــــ پاؤں
دُکھنا ــــ پاؤں دوڑی کرنا ــــ پاؤں دھونے کی جگہ
ــــ پاؤں دھلانا ــــ پاؤں دھو کے پینا ــــ پاؤں
رکاب میں رہنا ــــ پاؤں ڈگنا ــــ پاؤں رگڑنا ــــ
پاؤں رہ جانا ــــ پاؤں زمین پر نہ ٹھہرنا ــــ پاؤں
زمین پر نہ رکھنا ــــ پاؤں میں زمین نہ لگنا ــــ پاؤں
سکیڑنا ــــ پاؤں سمیٹنا ــــ پاؤں سنسنانا ــــ
پاؤں سن ہو جانا ــــ پاؤں سوج کے چپکڑا ہو جانا
ــــ پاؤں سو جانا ــــ پاؤں سے پاؤں باندھ کر
بٹھانا ــــ پاؤں سے پاؤں باندھنا ــــ پاؤں سے
پاؤں باندھ کر چلنا ــــ پاؤں سے پاؤں جوڑ کر کھڑے
ہونا ــــ پاؤں سے لگی سر میں بجھی ــــ پاؤں شل ہو جانا
ــــ پاؤں کا چکر ــــ پاؤں کا پسینہ سر تک آنا

پاؤں کا دھوون — پاؤں کاٹھ مارنا — پاؤں کا کلکا — پاؤں کا نشان — پاؤں کانپنا — پاؤں کٹ جانا — پاؤں کھل جانا — پاؤں کھینچنا — پاؤں کھینچ کر بیٹھ رہنا — پاؤں کہیں سے کہیں پڑنا — پاؤں کی آہٹ — پاؤں کے انگوٹھے بندھنا — پاؤں کی بیڑی — پاؤں تلے ملنا — پاؤں کی ٹھکرائی کا سر چڑھنا — پاؤں کی جوتی — پاؤں کی جوتی سر کو چڑھنا — پاؤں کی جوتی سر کو لگنا — پاؤں کی خاک ہونا — پاؤں کی چھچھوندر — پاؤں کی پیونٹی کیا اونچے سے گرے گی — پاؤں کی زنجیر — پاؤں کی مہندی چھٹ جانا — پاؤں کی مہندی نہ گھسنا — پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہونا — پاؤں کے نیچے آنکھیں ملنا — پاؤں کے نیچے ملنا — پاؤں گردش میں ہونا — پاؤں گن گن کے رکھنا — پاؤں گور میں لٹکانا — پاؤں لرزنا — پاؤں لگانا — پاؤں لگ جانا — پاؤں لنگر میں ہونا — پاؤں لینا — پاؤں مارنا — پاؤں مریہ — پاؤں من بھر کا ہو جانا — پاؤں میں بلیاں بندھے ہونا — پاؤں میں رُلنا — پاؤں میں زنجیر پڑنا — پاؤں میں سر دینا — پاؤں میں سنیچر اتر آنا — پاؤں میں سنیچر ہونا — پاؤں میں مہندی لگی ہونا — پاؤں نہ اٹھنا — پاؤں نہ دھلوانا — پاؤں نہ رکھنا — پاؤں ہلانا — پاؤں کی چاپ — پاؤں کی آواز

> پاؤں کی جوتی سر کو لگی
> پاؤں کی چیونٹی کیا اونچے سے گرے گی

پائے : پاؤں ۔ پیر ۔ پگ

پائے تخت — پائے بند — پائے تابہ — پائے رندی — پائے دار — پائے تراب — پائمالی — پائجامہ — پائمال — پائے زیب — پائے خانہ — پائے کاشت (وہ کسان جو دوسرے گاؤں میں کھیتی کرنے کرتے) — پائے موز — پائے بست — پائے بستہ — پائے حوض (نہانے کی جگہ) — پائے خست — پائے خستہ (روندی ہوئی چیز) — پائے خماں (ترھہ) — پائے خوشہ (دلدل زمین جو اوپر سے خشک ہوتی ہے) — پائے دارہ (مددگار) — پائے دام (رسی کا وہ حلقہ جس کے ذریعے درخت پر چڑھتے ہیں ۔ پیٹی) — پائے داماں — پائے نار (ترقی) — پائے کار — پائے کرب — پائے کوبی — پائے گاہ (صف اعلیٰ ۔ مرتبہ ۔ قدر ۔ پایاب) — پائے گزار (مددگار) — پائے گیر (پابند) — پائے لغز — پائے مردی — پائے مُرد (دست و پا کا معاوضہ) — پائے گیر

پایان : ۱۔ کنارہ ۔ کراں ۔ حد
۲۔ اخیر ۔ انجام

پایاں کار: آخر کار ۔ انجام ۔ مآل کار ۔ بالآخر

پایل : پازیب ۔ چھاگل ۔ جھانجن ۔ خلخال ۔ پابرنجن

پایہ : ۱۔ پینجنیا ۔ پاؤں ۔ پیر ۔ قدم ۔ پگ ۔ رجل ۔ پاوا
۲۔ قدر ۔ منزلت ۔ رتبہ ۔ درجہ ۔ مقام ۔ عزت ۔ مرتبہ
۳۔ بنیاد ۔ اساس ۔ اصل
۴۔ ستون ۔ تھم ۔ کھم
۵۔ نردبان ۔ سیڑھی ۔ قدمچہ

پایہ بہ پایہ: درجہ بدرجہ ۔ حسب رتبہ ۔ حسب مراتب ۔ حسب درجہ ۔ حسب مدارج
پایہ تخت: راجدھانی ۔ دارلسلطنت ۔ دارالحکومت
پایہ شناس: مرتبہ داں ۔ رتبہ شناس
پایہ شناسی: مرتبہ دانی ۔ رتبہ شناسی

پایہ ٹوٹ جانا — پایہ بنانا — پایہ لگانا — پایہ گھڑنا — کوہ پایہ - بلند پایہ - پیل پایہ — خوان پایہ — فلک پایہ — گراں پایہ — بلند پائگی

پبلک: عام لوگ - عامۃ الناس - عوام - لوگ - جمہور - خلقت - جنتا - پرجا - رعایا

پپیتا: ارنڈ خربوزہ - ریڈ خربوزہ

پَت: ۱- عزت - آبرو - وقار - آن - ساکھ - اعتبار
۲- پت - برگ - ورق - پات

پِت: صفرا - عرق - گرمی دانے - تلخہ - سودا

پت ڈالنا — پت آنا — پت بند ہونا — پت نکلنا

پتا/پتہ: ۱- ٹھور - ٹھکانا - نام و نشان
۲- سرنامہ - ایڈریس
۳- سراغ - علامت - نشان - کھوج - جا ٹھکانا

پتا ہونا — پتا رکھنا — پتا بتانا — پتا لکھنا — پتا جونا — پتا کاٹنا — پتا بدلنا — پتا چلنا — پتا نہ ہونا — پتے کی بات — پتے کی کہنا — پتے کی سنانا

پتّا: ۱- پات - برگ - ورق
۲- پان - برگ تنبول - برگ سبز
۳- ہلکا - سبک

پتّا لگانا — پتّا باندھنا — پتّا بھی بے حکم نہیں ہلتا — پتّا توڑ کر جانا — پتّا کترنا — پتّا کھڑکا بندہ سرکا — پتّا لگنا — پتّے ہلنا — پتّا ہلانا — پتّوں والی (نعل) — پتّا ہونا

پِتا: باپ - پدر - والد - اب - ابّا - ابو - بابا

پِتّا: ۱- زہرہ - مرارہ
۲- تاب - تحمل - برداشت
۳- حوصلہ - ہمت - ظرف
۴- جوش - غصہ - غضب
۵- شرم - غیرت - حمیت

پُتائی: پوائی - کہگل - پلستر

پَتر: ۱- پتا - پات - برگ - ورق
۲- خط - چٹھی
۳- تختہ - تاؤ

پُتر: بیٹا - لڑکا - پوت - پسر - ولد - ابن - فرزند - خلف - بچہ

پَترا: ۱- جنتری - تقویم
۲- ورق
۳- پتا - پات - برگ

پَتری: ۱- جنم کنڈلی - زائچہ
۲- خط - چٹھی - نامہ - مکتوب
۳-

پُتری: بیٹی - لڑکی - دختر - بنت - بچی

پَتُریا: بیسوا - فاحشہ - قحبہ - چھنال - رنڈی - کسبی - طوائف

پتریا کا ڈیرا جیسے ٹھگوں کا گھیرا

پڑیا روشی دھرم بچا

پَتلا : ۱۔ دبلا۔ مہین۔ باریک۔ دھان پان۔ چھوہرا۔ لاغر۔ اکہرا۔ مریل۔
لِسا۔ ماڑا۔ کمزور
۲۔ رقیق۔ سیال۔ مائع۔ لطیف
۳۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ کاغذی۔ حریری۔ بودا

پتلا حال : بُرا حال۔ خراب حالت۔ مفلسی

پُتلا : ۱۔ بُت۔ صنم۔ مُورت۔ مجسمہ۔ تمثال۔ پیکر۔ اسٹیچو۔ پُتلیکا
۲۔ گڈا۔ گڑیا۔ لُعبت
۳۔ مجسم۔ سرتاسر۔ سراپا

لالچ کا پُتلا — حرص کا پُتلا — عقل کا پُتلا
— نور کا پُتلا — خاک کا پُتلا — پُتلا
بنانا — پُتلا ڈھالنا — پُتلا گاڑنا

پُتلی : ۱۔ مُورت۔ مورتی۔ بُت۔ صنم۔ تمثال
۲۔ گڑیا۔ گڈی
۳۔ مردم۔ مردمک۔ دِھری
۴۔ کل۔ مشین
۵۔ حسینہ۔ جمیلہ۔ نازنین۔ نازک بدن

پتلی گھر: کارخانہ۔ کارگاہ۔ تماشہ گھر

پتن : گھاٹ۔ کنارہ

پتنگ : ۱۔ کنکوا۔ گڈی۔ تُکل۔ لغڑ۔ لگڑ۔ کاٹ
۲۔ پروانہ۔ پتنگا

پتنگ اُڑانا — پتنگ بازی — پتنگ لڑانا —
پتنگ کا پیچ — پتنگ کٹنا — پتنگ کی ڈھیل
— پتنگ جوڑنا — پتنگ پٹنا

پتنگا : ۱۔ پروانہ۔ پتنگ
۲۔ چنگاری۔ شرارہ۔ پرکالۂ آتش۔ آتش پارہ۔ گُلِ چراغ

پتنی : بیوی۔ اہلیہ۔ زوجہ۔ منکوحہ۔ جورُو۔ گھروالی۔ کدبانو۔ شریکِ حیات۔
رفیقۂ حیات

پتوار : چپّو۔ کھم۔ اڑوار

پتوار اٹھانا — پتوار پھینک دینا — پتوار سنبھالنا
— پتوار چلانا

پتوہ : بہو۔ اہلیۂ پسر۔ زنِ پسر

پتھر : ۱۔ سنگ۔ حجر۔ ستون۔ پاکھان۔ پاشان
۲۔ اولا۔ ژالہ۔ تگرگ۔ گڑا
۳۔ ہیرا۔ لعل۔ زمرد۔ پنّا۔ یاقوت۔ نیلم۔ پکھراج
۴۔ کٹّر۔ سنگدل۔ قسی القلب۔ بے رحم۔ کٹھور۔ شقی
۵۔ بھاری۔ ثقیل۔ گراں
۶۔ غبی۔ کند ذہن۔ کم فہم۔ بیوقوف۔ نافہم۔ نادان۔ احمق۔ مُورکھ
۷۔ کارِ دشوار۔ مشکل کام
۸۔ ساکت۔ صامت۔ خاموش۔ گُم صُم
۹۔ کنواری بیٹی۔ دخترِ ناکتخدا
۱۰۔ دیرہضم۔ ثقیل
۱۱۔ کنجوس۔ ممسک۔ بخیل

پتھر ادھیڑنا — پتھر پر لگانا — پتھر پھوڑنا —
پتھر تراشنا — پتھر چاٹنا — پتھر پٹنا — پتھر
چٹانا — پتھر چلانا — پتھر چلنا — پتھر چھاتی پر رکھنا

— پتھر کا جواب پتھر — پتھر کا چھاپا — پتھر گلا
— پتھر کھانا — پتھر کی لکیر — پتھر گھسنا —
پتھر مارنا — پتھراؤ — پتھر رِٹا — پتھری — پتھریلا
— پتھریلی

پتھر کو جونک نہیں لگتی
پتھر پر کیا اثر
پتھر پوجے ہرے تو میں پوجوں سنسار
پتھر سے چکی بھلی جو پیس کھائے سنسار
پتھر کا جواب پتھر ہے
پتھر کے کیڑے کو بھی خدا دیتا ہے
پتھر مارے سے موت نہیں آتی
پتھر موم نہیں ہوتا
پتھر نہیں پگھلتے

پتھری: ۱۔ سنگریزہ۔ بجری۔ کنکر
۲۔ سنگِ مثانہ۔ سنگِ گردہ
۳۔ سنگِ فساں
۴۔ چقماق۔ چٹک
۵۔ سنگ داں۔ سنگ دانہ۔ معدۂ پرند

پتھریلا: کنکریلا۔ سنگ آمیز۔ سنگین۔ سخت۔ چٹانی۔ کوہستانی

پتی: ۱۔ شوہر۔ خاوند۔ میاں۔ زوج۔ خصم
۲۔ آقا۔ مالک۔ سوامی۔ ناتھ

پتی ورتا/برتا: ۱۔ شوہر پرست۔ مطیع خاوند۔ زنِ خدمت گزار
۲۔ شوہر پرستی۔ اطاعتِ خاوند۔ خدمتِ شوہر
۳۔ پاکدامنی۔ عصمت۔ عفت

پتّی: ۱۔ برگِ زرد۔ کونپل۔ انکوا
۲۔ سبزی۔ بوٹی۔ بھنگ۔ بنگ۔ بیج
۳۔ حصہ۔ شرکت۔ چندہ

پتی دار: ساجھی۔ شریک۔ حصہ دار

پتی ڈالنا — پتی نکالنا — پتی ختم کرنا — پتی لینا
— پتی دینا — پتی وصول کرنا — چائے کی پتی —
پھول کی پتی — پتی توڑنا — پتی پھوٹنا — پتی نکلنا

پتیل: پتلا۔ باریک۔ مہین۔ جھرجھرا۔ چھنا

پتیل: فتیل۔ فتیلہ۔ بتی

پتیل سوز: فتیل سوز۔ چراغدان۔ شمع دان

پتیلا: دیگچہ۔ قزقان

پَٹ: ۱۔ کواڑ۔ تختہ۔ مصراع
۲۔ نقاب۔ گھونگھٹ
۳۔ عرض۔ بَر۔ چوڑائی
۴۔ پاٹ۔ گدی۔ مسند۔ تخت۔ سریر۔ سنگھاسن
۵۔ ران۔ زانو۔ آسن
۶۔ اوندھا۔ سرنگوں۔ برگشتہ
۷۔ فوراً۔ فی الفور۔ جلد۔ تُرت

پٹ رانی: مہارانی۔ ملکہ

پٹ لینا — پٹ پکڑنا — پٹ دکھانا — پٹ کھینچنا — پٹ سہلانا — پٹ کھلنا — پٹ بجانا

پُٹ/پُٹھ: شائبہ۔ بو۔ آمیزش۔ چاشنی۔ خمیر۔ ریڑھ کی ہڈی

پٹا: ۱۔ طوق۔ تسمہ۔ قلادہ۔ گلوبند۔ مختقہ
۲۔ اجارہ نامہ۔ کرایہ
۳۔ پٹی۔ پیٹی۔ پٹکا
۴۔ نیگ۔ حق الخدمت
۵۔ شناختی نشان

پٹے والا کتا ــــ پٹا باندھ دینا ــــ پٹا کھول دینا
ــــ پٹا ڈال دینا

پٹاخا: ۱۔ پٹاکا۔ پڑاقا۔ آتش بازی
۲۔ شوخ۔ چنچل۔ چھبیلا۔ اچپل۔ طرار۔ تیز
۳۔ طرحدار۔ نازنین۔ معشوق

پٹاخا چلانا ــــ پٹاخا چھوڑنا ــــ پٹاخا بنانا

پٹارا: بند ٹوکرا۔ صندوق

پٹ بندھک: رہن۔ گروی۔ کفالت۔ ضمانت

پٹ پیجنا: جگنو۔ کرم شب تاب

پٹڑا: ۱۔ تختہ۔ چوکی
۲۔ چپٹا۔ سہاگا

پٹڑی: ۱۔ تختی۔ لوح
۲۔ روش۔ کنارہ۔ فٹ پاتھ۔ نہر کا کنارہ
۳۔ ران۔ آسن

پٹنس: ۱۔ کہرام۔ ماتم۔ رونا پیٹنا۔ پٹن
۲۔ زدوکوب۔ مار پیٹ۔ پٹائی

پٹ سن: سنہری ریشہ۔ جوٹ

پٹکا: پٹی۔ پٹیہ۔ کمر بند۔ نطاق۔ منطقہ۔ کمر پیچ

پٹکن: ۱۔ بے چینی۔ بے کلی۔ بے تابی۔ اضطراب
۲۔ دھکا۔ دھچکا۔ صدمہ

پٹکی: صدمہ۔ ضرب۔ دھکا

پُٹکی: ۱۔ آفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ قہر۔ عذاب
۲۔ داغ۔ دھبا۔ پھٹکی

پُٹلا: پشتارہ۔ بقچہ۔ گٹھڑ۔ پنڈ

پٹم: بند۔ مُندا۔ اندھا۔ نابینا۔ اعمٰی۔ کور

پٹن/پتن: ۱۔ گھاٹ۔ کنارہ
۲۔ آبادی۔ بستی

پٹن: ۱۔ کہرام۔ ماتم۔ رونا پیٹنا۔ پٹنس
۲۔ مار پیٹ۔ ضرب۔ زدوکوب

پٹنی: ملاح۔ مانجھی۔ ناؤ۔ کشتی راں۔ کھوتیا۔ کھیون ہار

پُٹھا: ۱۔ نوجوان۔ نوعمر۔ نوخیز۔ شاگرد
۲۔ عضلہ۔ عصب

پٹھو: دلال۔ ایجنٹ۔ گماشتہ۔ مددگار۔ معاون۔ مصاحب۔ ریزہ چیں
حاضر جواب۔ خیر خواہ۔ حمایتی۔ خوشامدی۔ تابعدار۔ منہ چڑھا۔ منہ لگا۔
جھورا۔ معلی

پٹی: ۱. دھجی
۲. حصہ۔ ٹکڑا۔ جزو۔ بھاگ
۳. سربند۔ عصابہ۔ بندھن
۴. قطعۂ زمین
۵. پاٹی۔ بازو
۶. تختی۔ لوح
۷. سبق۔ ترغیب۔ فریب۔ بہکاوا۔ چغلی۔ غیبت
۸. کنارہ۔ حاشیہ۔ غلط سبق

پٹی تلے کا: ۱. کم رتبہ۔ حقیر۔ ذلیل۔ بے وقعت۔ بے دقر
۲. مقرب۔ عزیز۔ پیارا

پٹیل: چودھری۔ مقدم۔ دِہ خدا۔ سردارِ قبیلہ

پُجا: آباد۔ بھرا۔ پُر۔ معمور

پُجاری: عابد۔ پرستندہ۔ زاہد۔ مجاور۔ پانڈا

پچوڑا: ادنیٰ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ حقیر۔ ذلیل۔ رذیل۔ ارذل۔ کمین

پچ: ۱. طرف داری۔ جانب داری۔ پاس داری
۲. ہٹ۔ ضد
۳. حمایت۔ پاس۔ رعایت۔ لحاظ
۴. پانچ۔ پنج۔ خمس

پچارا: ۱. کوچی۔ برش
۲. سفیدی۔ ہلکا رنگ۔ ہلکا روغن
۳. دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ دم۔ جھانسا

پچاس: پنجاہ۔ خمسون

پچاسی: ہشتاد و پنج۔ خمس و ثمانون

پچانوے: نود و پنج۔ خمس و تسعون

پچپاؤ: ۱. ہضم۔ قوتِ ہاضمہ
۲. برداشت۔ تحمل۔ سہار۔ بُردباری۔ حلم

پچپن: پنجاہ و پنج۔ خمس و خمسون

پچر: ۱. کھپچی
۲. روک۔ رکاوٹ۔ مزاحمت

پچکار: ۱. چمکار۔ پیار۔ دلاسا

پچکاری: ۱. دم کلا۔ دم گیر۔ سرنج۔ آب دُزدک
۲. آلۂ رنگ پاشی۔ فوارا
۳. حقنہ۔ انیما
۴. کھوکھلا نل۔ کھوکھلی نالی

پچکاری بھرنا ___ پچکاری دینا ___ پچکاری دبانا ___
پچکاری چلنا ___ پچکاری کرنا ___ پچکاری مارنا ___ پچکاری کا جلاب

پچھاڑ: شکست۔ ہزیمت۔ مات۔ چت ہو جانا۔ مات کھا جانا

پچھاڑی: پیچھے۔ عقب۔ پس پُشت

پچھتاوا: پچتاوا۔ پشیمانی۔ رنج۔ حسرت۔ افسوس۔ ندامت۔ الفعال۔ غم۔ اندوہ۔ ملال

پچھتر: ہفتاد و پنج۔ خمس و سبعون

پچھلا : ۱۔ پس۔ آخری۔ پیچھے کا
۲۔ رفتہ۔ گزشتہ
۳۔ آموختہ۔ سحری۔ سحور

پچھلی مت : اُلٹی مت۔ اُلٹی سمجھ۔ بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ مُورکھ پن

پچھلے پیسے کا کھانا ــ پچھلا حصہ ــ پچھلا سبق ــ پچھلا پہر ــ پچھلے پاؤں پھرنا ــ پچھلی تکیہ ــ پچھلے پہرے ــ پچھلے دن ــ پچھلے کو ــ پچھلی رات

| پچھلی تکیہ کھائے پچھلی مت تھئے

پچھم : غرب۔ مغرب۔ لہندا

| پچھم جاؤ کہ دکھن، وہی کرم کے لچھن / لچھن

پچھمی : مغربی۔ غربی

پچھنا : ۱۔ نشتر۔ استرہ۔ سینگی
۲۔ نصد۔ ٹیکا

پچھوا : پچھمی ہوا۔ بادِ مغرب۔ غربی ہوا

| پچھوا جیسے کھیتی پکے / پیسے

پچھواڑہ : ۱۔ پچھلا۔ عقبی
۲۔ عقبِ خانہ۔ پشتِ خانہ۔ عقبی حصہ۔ پچھلا حصہ۔ پُشت کی طرف

پچھوپا : خاندان۔ گھرانا۔ کنبہ۔ نسل۔ جنس

پچی : ۱۔ چسپاں۔ چسپیدہ۔ ملصق
۲۔ مضبوط۔ پکا۔ پختہ
۳۔ جوڑ۔ پیوند
۴۔ اکتاہٹ۔ تکان۔ نقصان

پچی کاری : مرصع سازی۔ ترصیع۔ جڑت۔ پیوندکاری

پچیت : ۱۔ فریبی۔ دغاباز
۲۔ ہنرمند۔ چالاک۔ ہوشیار

پچیتی : داؤ پیچ۔ چالاکی۔ ہوشیاری

پچیس : بست و پنج۔ خمس و عشرون

پخ : ۱۔ بک بک۔ شور و غل۔ ہنگامہ
۲۔ روک۔ پابندی۔ بے کار
۳۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ فساد
۴۔ عیب۔ نقص۔ کمی۔ خامی
۵۔ رکاوٹ۔ اڑاس

پختگی : ۱۔ استحکام۔ مضبوطی۔ پکا پن
۲۔ بلوغ۔ جوانی۔ رسیدگی
۳۔ تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری۔ آزمودگی۔ دانش و عقل۔ سُوجھ بُوجھ
۴۔ استادی۔ ماہرانہ پن۔ مہارت

پخت و پز : ۱۔ درستی۔ پختگی
۲۔ صلاح۔ مشورہ۔ اقرار۔ مُعاہدہ عدہ وعید

پختہ : ۱۔ سخت۔ قوی۔ پکا۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار
۲۔ کامل۔ پورا۔ کُل
۳۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاندیدہ

پختہ کار: تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ ہوشیار۔ چالاک۔ مشاق۔ چابکدست۔ ماہر

پختہ کاری: تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ مشاقی۔ چابکدستی۔ مہارت

پختہ مزاج: مستقل مزاج۔ ثابت قدم

پختہ مزاجی: مستقل مزاجی۔ استقلالِ مزاج۔ ثابت قدمی

پختہ مغز: دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ بالغ نظر۔ صائب الرائے

پختہ مغزی: دانائی۔ عقلمندی۔ ہوشیاری۔ بالغ نظری۔ اصابت رائے

پخنا: ۱۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ مُفسد۔ شریر۔ شرارتی
۲۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ بے ہودہ گو۔ ہرزہ سرا۔ بکّی
۳۔ بدتمیز۔ بدتہذیب۔ غیر مہذب۔ نامعقول
۴۔ کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل

پد: ۱۔ پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ رجل۔ پگ۔ چرن
۲۔ قول۔ بچن۔ بول۔ بات۔ شبد۔ وچن
۳۔ مقام۔ جگہ۔ جا۔ استھان
۴۔ نظم۔ کبت۔ گیت
۵۔ کھوج۔ سراغ۔ نقشِ پا
۶۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ عہدہ۔ منصب

پدا: ۱۔ پُھدکی
۲۔ چِنکا
(مجازاً) حقیر۔ ناچیز۔ ضعیف۔ ناتواں۔ ادنیٰ۔ ذلیل۔ چِھچھڑا

پدر: باپ۔ پِتا۔ ابّا۔ ابّو۔ والد۔ اب

پدر کُش: قاتلِ پدر۔ والد کُش
پدر کُشی: والد کُشی۔ قتلِ پدر
پدر مُبانی / خواندہ: منہ بولا باپ۔ پرورش کنندہ

پدرم سلطان بود
(دا گر) پدر نتواند پسر تمام کند

پدرُود: ۱۔ رخصت۔ اجازت۔ آگیا
۲۔ الوداع۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی

پدری: ۱۔ منسوب بہ پدر۔ ددھیال
۲۔ آبائی۔ موروثی

پدمنی: حسینہ۔ جمیلہ۔ نازنین

پدمنی چار روں میں ہوتی ہے

پدنا / پدّو / پدوڑا: پدکڑ۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ کم دل۔ کم ہمت۔ نامرد۔ ا۔

پدوی: ۱۔ راہ۔ راستہ۔ جادہ۔ سڑک
۲۔ جگہ۔ جا۔ موقع۔ مقام۔ استھان
۳۔ درجہ۔ حیثیت۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔ منصب۔ عہدہ
۴۔ خطاب۔ لقب۔ کنیت۔ تخلص

پدیدار: ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں۔ کُھلا۔ روشن

پر: ۱۔ لیکن۔ تاہم۔ مگر۔ ورنہ
۲۔ اوپر۔ بر۔ علیٰ۔ فوق
۳۔ واسطے۔ لیے۔ بوجہ۔ بہ جہت
۴۔ باوجود۔ باوصف
۵۔ تک۔ تلک۔ تا
۶۔ بعد۔ پس۔ پیچھے
۷۔ کیونکہ

پَرار: پار۔ گزشتہ۔ رفتہ۔ ماضی

پرکے ملیٔ ساسو، آج کیوں آٹے آنسو

پَر : پرایا۔ دوسرا۔ دیگر۔ الگ۔ اجنبی۔ غیر۔ جدا

پربتی — پرایا — پردیس — پرلوک — پربس (غیر کے بس میں) — پربال — پرپُرن — پرچونیا — پرلا — پرپوتا (اصل پر پوتا) — پرداپا (اس پر پایہ) — پرچاواں — پرچھائیں — پردادا — پرشہر — پرکاج (کارِ غیرا) — پرت (دوسرے کی سمجھ) — پرنالا — پرنالی — پرچھتی (مانڈ۔ مچان) — پرسال — پرتال (دوسری بار کی تول)

پَرآسا نت اُپاس
پَرایکاری دھرم دھاری
پردن کنواں کھودے اور آپ ہی ڈوب ڈوب مرے
پَر گھر کو دیں موسل چند
پَر گھر ناچیں تین بجنے، اکاسُتھ، بید، دلال

پَر : ۱۔ پنکھ۔ بال۔ بازو
۲۔ قوت۔ طاقت۔ توانائی۔ سہارا

پَرافشاں : پریشان مضطرب ۔ بے قرار۔ بے چین۔ بے کل بھیم

چپاٹ۔ بھینم چپینٹ

پَرافشانی : پریشانی۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی — بے کلی۔ پھوڑا

پَربریدہ : پرکٹا۔ بے بس۔ بے چارہ۔ مجبور۔ معذور۔

پَربستگی : عاجزی۔ عجز۔ مجبوری۔ بے بسی۔ بے چارگی۔ درماندگی

پَربستہ : عاجز۔ مجبور۔ بے بس۔ بے چارہ۔ درماندہ۔ ناچار

پَردار : پرندہ۔ پرّاں۔ پکھنی۔ پنچھی

پَرشکستہ : ۱۔ پر ٹوٹا ۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ آفت رسیدہ

۲۔ بے کس۔ بے یار و مددگار۔ بے سہارا۔ مجبور۔ ناچار۔ بیچارہ

پرقینچ : پربریدہ۔ بے بس۔ بے چارہ۔ مجبور۔ معذور۔ پرکٹا

پرِکاہ : ۱۔ تنکا۔ ہلکا۔ سبک
۲۔ ناچیز۔ حقیر۔ ادنیٰ۔ بے وقعت

پرو بال : ۱۔ پنکھ۔ بازو
۲۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ سہارا

پرلگاکر اُڑنا — پرقینچ کرنا — پرباندھنا — پرزچنا — پربند — پَرپُرزے نکالنا — پربپا — پَرپُرزوں سے درست ہونا — پَرتولنا — پرجلنا — پرافشاں — پرجمنا — پرجوڑنا — پرجھاڑنا — پردار — پرطاؤس — پرِکاہ — پرکترنا — پرکٹ — پرکٹنا — پرکٹی اُڑانا — پرکھانا — پرگیری — پرلگانا — پرلگ جانا — پرلینا — پرمارنا — پرنہ ملنا — پرنکالنا — پرنہ مارنا — پرو بال

پُر : ۱۔ لبریز۔ بھرا پُرا۔ معمور۔ لبالب۔ سرشار
۲۔ کامل۔ مکمل۔ پورا۔ سمپورن۔ بھرپور
۳۔ بکثرت۔ بہ افراط۔ بہت

پُرآب : پُرنم۔ پُراشک۔ گیلا۔ تر۔ مرطوب۔ آب دیدہ

پُرآشوب : پُرازفتنہ و شر۔ پُرہنگامہ۔ شرانگیز

پُرارماں : پُرامید۔ پُرآرزو۔ خواہش مند۔ آرزومند

پُرالم : المناک۔ دردناک۔ پُرغم۔ غمناک۔ غمگین

پُربہار : بہاراگیں۔ سرسبز۔ شاداب

پُرپیچ : پیچدار۔ پیچیدہ۔ ٹیڑھا۔ ترچھا

پُرتاب : پُرنور۔ روشن۔ منور۔ درخشندہ۔ تابندہ

پُرتکلف : آراستہ۔ بہ اہتمام۔ پُراہتمام

پُرجفا : جفاکار۔ ظالم۔ ستم گر۔ جفاجو۔ سفاک

پُرحذر : چوکس۔ چوکنا۔ محتاط۔ دوراندیش۔ عاقبت اندیش

پُرحسرت : پُرارمان ۔ افسوس ناک
پُرخار : کانٹوں بھرا ۔ تکلیف دہ ۔ پُرالم
پُرخطر : خطرناک ۔ اندیشہ ناک
پُرخم : خمدار ۔ خمیدہ ۔ ٹیڑھا ۔ ترچھا ۔ کج
پُرخمار : مدہوش ۔ مخمور ۔ بے ہوش
پُردرد : پُرالم ۔ دردناک ۔ غمناک ۔ دکھ بھرا
پُردغا : دغاباز ۔ فریبی ۔ مکار ۔ عیار
پُردل : ۱۔ بہادر ۔ شجاع ۔ جری ۔ دلیر ۔ دلاور
۲۔ سخی ۔ فیاض ۔ کریم
۳۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ ہوش مند
۴۔ ناراض ۔ رنجیدہ ۔ آزردہ
۵۔ عقل مند ۔ فہیم
پُردلی : ۱۔ بہادری ۔ شجاعت ۔ دلیری ۔ دلاوری ۔ جرأت
۲۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔ کرم
۳۔ ہوشیاری ۔ ہوش مندی ۔ چالاکی
۴۔ ناراضی ۔ رنجیدگی ۔ آزردگی
۵۔ عقل ۔ فہم ۔ سمجھ
پُرذائقہ : پُرمزہ ۔ مزےدار ۔ ذائقہ دار ۔ پُرلطف ۔ خوش ذائقہ ۔ لذیذ
پُرشرارت : شرارتی ۔ شریر
پُرشعور : عقل مند ۔ ہوشیار ۔ فہیم ۔ تمیزدار ۔ باتمیز ۔ باسلیقہ
پُرشکوہ : عظیم الشان ۔ محتشم ۔ باشان ۔ عالی شان ۔ شاندار
پُرشور : پُرفتنہ ۔ شورش انگیز ۔ پُرفساد ۔ پُرآشوب
پُرغرور : مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈی
پُرغم : غمناک ۔ غمگین ۔ اندوہ ناک ۔ اندوہگیں
پُرفریب : پُردغا ۔ فریب ناک ۔ فریبی ۔ دغاباز ۔ چالاک
پُرفضا : ۱۔ سرسبز ۔ بارونق
۲۔ وسیع ۔ کشادہ ۔ فراخ
پُرفن : چالاک ۔ ہوشیار ۔ ماہر
پُرکار : ۱۔ دانا ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ پُرفن
۲۔ موٹا ۔ دبیز
۳۔ جڑاؤ ۔ مرصع

پُرکاری : ۱۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ دانائی
۲۔ موٹائی ۔ موٹاپن ۔ دبازت
۳۔ مرصع سازی ۔ ترصیع
۴۔ پُرتکلف
پُرکدورت : پُرملال ۔ مکدر ۔ رنجیدہ ۔ آزردہ
پُرکینہ : کینہ ور ۔ دشمن ۔ بداندیش ۔ بدخواہ ۔ بدسگال
پُرگو : باتونی ۔ فضول گو ۔ زیادہ گو ۔ بسیار گو ۔ لسان
پُرگوئی : فضول گوئی ۔ زیادہ گوئی ۔ بسیار گوئی
پُرمحن : پُرالم ۔ پُرغم ۔ غم ناک ۔ غمگین ۔ پُرتکلیف
پُرمغز : عمدہ ۔ اعلیٰ ۔ سمجھدار ۔ عقلمند
پُرملال : پُرغم ۔ غمناک ۔ غمگین ۔ دکھ بھرا
پُرنعمت : کثیر ۔ وافر ۔ بہ افراط ۔ فراواں
پُرنم : نم ناک ۔ گیلا ۔ تر ۔ مرطوب ۔ پُرآب ۔ پُراشک ۔ آبدیدہ
پُرنور : نورانی ۔ منور ۔ روشن ۔ تاباں ۔ تابندہ ۔ درخشندہ ۔ درخشاں ۔ رخشاں
پُرہنر : کاریگر ۔ لائق ۔ قابل ۔ ہنرمند
پُرہول : ہولناک ۔ ہیبت ناک ۔ دہشت ناک ۔ خوفناک ۔ بھیانک ۔ ڈراؤنا

پُرآبلہ — پُرآرزو — پُرارمان — پُرخم — پُردرد
— پُرمزہ — پُرزور — پُرسوز — پُرشکوہ —
پُرظلم — پُرفضا — پُرفن — پُرقلم — پُرگو —
پُرکیف — پُرکینہ — پُرمغز — پُرنم — پُرجوش
— پُرمعنی — پُردل — پُرکار — پُرغرور

پَرا : ۱۔ صف ۔ قطار
۲۔ گروہ ۔ غول ۔ انبوہ ۔ جماعت ۔ جتھا

پُرا : محلہ ۔ بستی ۔ گاؤں ۔ دہ ۔ قریہ ۔ شہر

پَراپت : ۱۔ فائدہ ۔ نفع ۔ منفعت ۔ سود ۔ حاصل ۔ یافت
۲۔ واقعہ ۔ حادثہ ۔ سانحہ

۲۔ پہنچ۔ رسائی
۳۔ کامیابی۔ کامرانی۔ فوز
۵۔ پیداوار۔ حاصل۔ ثمرہ
۶۔ ترقی۔ بہتری۔ عروج
۷۔ مقسوم۔ مقدر۔ مقررہ
۸۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ موزوں۔ مناسب

پراپیگنڈا: پرچار۔ تشہیر۔ مشتہری۔ تبلیغ

پرات: تھال۔ طشت۔ صحنی۔ لگن۔ ٹرے

پرات میں کھانا چننا — پرات انجھنا — پرات چمکانا
— پرات خریدنا

پراچین: ۱۔ مشرقی۔ پوربی
۲۔ پہلا۔ اوّل۔ قدیم۔ پرانا۔ کہنہ۔ کلاسیکل

پرادھین: ماتحت۔ محکوم۔ تابع۔ مطیع

پرادھین سپنے سکھ ناہیں/نہیں

پرارتھنا: عرض۔ التماس۔ التجا۔ استدعا۔ بنتی۔ دعا۔ سفارش۔ عبادت

پراگندگی: ۱۔ انتشار۔ پریشانی۔ بے ترتیبی
۲۔ گھبراہٹ۔ فکر۔ تردد۔ حیرانی۔ تشویش

پراگندہ: ۱۔ منتشر۔ تتر بتر۔ پریشاں۔ بے ترتیب۔ غیر مربوط۔ دانہ دانہ۔
لخت لخت۔ ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے
۲۔ متفکر۔ متردد۔ حیران

پراگندہ حال: پریشاں حال۔ فکرمند۔ مصیبت زدہ

پراگندہ حالی: پریشاں حالی۔ فکرمندی۔ مصیبت زدگی
پراگندہ دل: فکرمند۔ مشوش۔ متردد۔ متفکر
پراگندہ دلی: فکرمندی۔ تشویش۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تردد
پراگندہ روزی: بے روزگار۔ بیکار۔ مفلس۔ نادار

| پراگندہ روزی پراگندہ دل

پَران: ۱۔ سانس۔ دم۔ نفس
۲۔ جان۔ روح۔ زندگی
۳۔ معشوق۔ محبوب۔ دلبر۔ عزیز از جان
۴۔ قابلیت۔ لیاقت۔ اہلیت

پران پتی: ۱۔ مالک زندگی۔ مالک زیست
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ پتی
پران پیارا: معشوق۔ محبوب۔ پریتم۔ پیتم
پران تیاگ: موت۔ خودکشی
پران داتا: زندگی بخش۔ حیات بخش۔ خدا
پران ڈنڈ: سزائے موت۔ سزائے قتل

پرّاں: اڑتا۔ پرندہ۔ گرم پرواز۔ پرواز کنندہ

پُرانا: ۱۔ قدیم۔ پارینہ۔ کہنہ۔ دیرینہ۔ عتیق۔ ماضی بعید۔ مزمن۔ باستان۔
پراچین۔ مندرس۔ رث۔ پراتم
۲۔ فرسودہ۔ بوسیدہ۔ مستعمل۔ دقیانوسی
۳۔ بوڑھا۔ پیر۔ معمر۔ مسن
۴۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ ہوشیار
۵۔ متروک۔ منسوخ

پرانا دکھڑا — پرانا دھرانا — پرانا نیشن — پرانا ہونا
— پرانی شراب — پرانے چاول — پرانے وقتوں

پرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک /
پرانے ٹھیکرے پر نئی قلعی /
پرانی دیگچی پر قلعی کی بھڑک
پرانی آنکھیں دیکھے ہوئے ہے
پرانی لکیر کا فقیر
پرانے چاولوں میں مزہ ہوتا ہے
پرانے گنبد پر قلعی

پرائمری : ابتدائی۔ اوّلیں۔ اساسی۔ بنیادی

پرائیویٹ : نجی۔ ذاتی۔ خانگی۔ گھریلو۔ خفیہ

پرائیویٹ معاملہ ـــ پرائیویٹ سیکرٹری ـــ پرائیویٹ گفتگو

پرایا : بیگانہ۔ غیر۔ اجنبی۔ دوسرا۔ دیگر۔ ناآشنا۔ ناواقف

پرایا مال ـــ پرایا سر دیوار کے برابر ـــ پرایا سر قرآن کے برابر ـــ پرایا مال پشم کا بال ـــ پرائی آگ میں پڑنا ـــ پرائی آگ میں کود پڑنا ـــ پرائی آگ میں گرنا ـــ پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں ـــ پرائی بات ـــ تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو ـــ پرائے بِرتے پر ـــ پرائے برتے پر شِکرا پالنا ـــ پرائے بھرو سے آزار کرنا ـــ پرائے بس میں ـــ پرائے سر کی بلا لینا ـــ پرائے شگون اپنی ناک کٹانا ـــ پرائے گھر کا ہونا ـــ پرائے گھر کا کوڑا ـــ پرائے مال پر دیدے لال ـــ پرائے مال پر پاپ تیین ـــ پرائے ناقہ پر شِکرا پالنا

پرائی آس جو لیے پاس
پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں
پرائی بدشگونی کے لیے اپنی ناک کٹوائی

پرائی تو ندگا گھونسا
پرائی تیلی کا منہ ٹکرا
پرائی جیب سے اپنی جیب میں دھرنا / رکھنا / لانا مشکل ہے
پرائی دھی اور بنییں بٹاؤ لوگ
پرائی سرائے میں کون دھڑان کرتا ہے
پرائی نوکری کرنا اور سانپ کھلانا برابر ہے
پرائے بھروسے کھیلا جوا، آج نہ ہوا کل ہوا
پرائے دھو پر جھینگر بولے / ناچے
پرائے دھن پر لچھمی نارائن
پرائے دھن کر چور ردے
پرائے مال پر دیدے لال
پرائے مال پر پاپ تیین
پرائے ناموس میں رخنہ اندازی اچھی نہیں
پرایا دل پردیس برابر
پرایا سر پنسیری برابر
پرایا سر قرآن برابر
پرایا سر کدو / دیوار برابر
پرایا سر لال دیکھ اپنا سر پھوڑ ڈالیں
پرایا کھائے گا بجائے اپنا کھاتے ٹٹی لگا
پرایا مال پشم کا بال
پرایا مال لوٹیے اور بندے کا دل دریا

پربت : پہاڑ۔ کوہ۔ جبل

پربت کو رائی کرے اور رائی کو پربت مان

پربندھ : ۱۔ بندوبست۔ انتظام۔ اہتمام
۲۔ درستی۔ اصلاح

پربھات : صبح۔ سویرا۔ تڑکا۔ فجر۔ سحر

پربھاؤ: ا۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ سکت۔ شکتی۔ زور۔ بل
۲۔ تاثیر۔ گن۔ خوبی۔ صفت۔ وصف
۳۔ عظمت۔ بزرگی۔ جلال۔ شان۔ شکوہ۔ شوکت
۴۔ جوش۔ حوصلہ۔ ہمت۔ شجاعت
۵۔ مزاج۔ طبیعت۔ عادت۔ فطرت۔ خصلت۔ طینت
۶۔ حالت۔ کیفیت۔ سرگزشت

پربھو: ا۔ مالک۔ آقا۔ خداوند
۲۔ خدا۔ پرماتما۔ ایشور

پربین: کامل۔ ماہر۔ استاد۔ خوبصورت۔ تیز طرار

پرت: ا۔ پپڑی۔ چھلکا۔ پوست۔ کھپرا
۲۔ تہ۔ طبق
۳۔ تختہ۔ تاؤ۔ ورق

پرتاپ/پرتاپہ: ا۔ طفیل۔ اقبال
۲۔ عنایت۔ کرم۔ مہربانی۔ فیض
۳۔ روشنی۔ نور۔ تابش۔ تابانی۔ درخشانی
۴۔ جلال۔ شان۔ شوکت
۵۔ عزم۔ حوصلہ۔ ہمت
۶۔ جوش۔ خروش

پرتال/پڑتال: جانچ۔ جائزہ۔ دیکھ بھال۔ نظرثانی۔ کھوج

پرتگیا: ا۔ اقبال۔ اقرار۔ اعتراف۔ تسلیم
۲۔ عہد۔ پیماں۔ وعدہ۔ قول۔ بچن۔ وچن
۳۔ عرضداشت۔ درخواست۔ التماس۔ التجا۔ استدعا

پرتو: روشنی۔ کرن۔ شعاع۔ جھلک۔ عکس۔ سایہ۔ نور۔ تجلی۔ چمکارا۔ چمکار۔ نشکار

پرتو افگن/انداز: شعاع افگن۔ نور افگن۔ عکس انداز
پرتو افگنی/اندازی: شعاع افگنی۔ نور افگنی۔ عکس اندازی

پرتھمی/پرتھوی/پرتھی: زمین۔ بھوم۔ بھوم۔ بھومی۔ ارض

پرتیت: بھروسا۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ساکھ

پرجا: ا۔ اولاد۔ عیال و اطفال۔ آل۔ نسل۔ بنس
۲۔ رعیت۔ رعایا۔ محکوم
۳۔ تابع۔ مطیع۔ زیر فرمان
۴۔ کرایہ دار۔ مزارعہ
۵۔ نوکر۔ چاکر۔ غلام
۶۔ خلقت۔ مخلوق۔ خلق
۷۔ عوام۔ عوام الناس۔ عامۃ الناس۔ جمہور
۸۔ خاندان۔ کنبہ۔ قوم

پرجا پال: رعیت پرور۔ راجا۔ بادشاہ
پرجا پالک: رعایا پرور۔ محافظ قوم۔ راجا۔ بادشاہ
پرجاپت/پتی: ا۔ مالک۔ خالق۔ آفریدگار
۲۔ بادشاہ۔ راجا۔ سلطان۔ حکمراں۔ فرماں روا
۳۔ باپ۔ والد۔ پتا۔ اب۔ ابا۔ بابا
۴۔ سورج۔ مہر۔ خورشید۔ شمس
۵۔ کمہار۔ کوزہ گر

| پرجا جن راجا کی ہانسی
| پرجا نہیں تو راجہ کہاں

پرچ: رکابی۔ تشتری

پرچار: تبلیغ۔ وعظ۔ اعلان۔ اشتہار۔ تشہیر۔ منادی

پرچارک: مبلغ۔ واعظ۔ نقیب۔ منّاد

پرچک: ۱۔ حمایت۔ طرف داری۔ جانب داری۔ جنبہ داری۔ رعایت۔ شہ
۲۔ اشارہ۔ کنایہ۔ رمز۔ ایما
۳۔ اجازت۔ اذن۔ آگیا
۴۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا

پرچم: ۱۔ پھریرا۔ جھنڈا۔ نشان۔ علم
۲۔ زلف۔ کاکل۔ لٹ

پرچول: چھان بین۔ تحقیق۔ تفتیش۔ دریافت۔ ٹٹول۔ جستجو۔ کھوج

پرچون: خُردہ فروشی۔ متفرق سودا

پرچہ: ۱۔ پرزہ۔ ٹکڑا
۲۔ اخبار۔ رسالہ۔ جریدہ
۳۔ رقعہ۔ خط۔ چٹھی
۴۔ خبر۔ اطلاع
۵۔ پیغام۔ پیام۔ سندیسا
۶۔ سوالنامۂ امتحان

پرچہ نویس: ۱۔ نامہ نگار۔ وقائع نگار۔ اخبار نویس
۲۔ مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ

پرچہ نویسی: ۱۔ نامہ نگاری۔ وقائع نگاری۔ اخبار نویسی
۲۔ مخبری۔ جاسوسی

پرچھاواں / پرچھائیں: ۱۔ چھاؤں۔ سایہ
۲۔ پرتو۔ عکس
۳۔ آسیب۔ بھوت۔ پریت
۴۔ خو۔ عادت۔ خصلت
۵۔ اثرِ صحبت

۷۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ سبھاؤ

پرخاش: ۱۔ جھگڑا۔ فساد۔ نزاع۔ خصومت
۲۔ کینہ۔ رنج۔ کدورت۔ نفاق۔ نااتفاقی۔ خلش
۳۔ دشمنی

پرخاش جو: فسادی۔ جھگڑالو۔ کینہ ور

پرخچا: پرزہ۔ ٹکڑا

پرداخت: ۱۔ پرورش۔ پالن
۲۔ دست گیری۔ مدد۔ سہارا۔ امداد۔ سہاتا
۳۔ دیکھ بھال۔ نگرانی
۴۔ نگہداشت۔ حفاظت۔ نگہبانی
۵۔ سنبھال۔ درستی۔ اصلاح
۶۔ آرائش۔ آراستگی۔ زیبائش

پردادا: جدِ اعلیٰ۔ فرجد۔ جد الاب۔ پڑدادا

پرداز: ۱۔ چوکھٹا۔ فریم
۲۔ ابتدا۔ شروع۔ پہل۔ تمہید۔ اٹھان
۳۔ آراستگی۔ روپ۔ جلا۔ چمک۔ دمک
۴۔ نقش و نگار۔ رنگ روپ۔ نقاشی۔ خط و خال۔ نوک پلک۔ خدوخال
۵۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ چال ڈھال۔ خو۔ خصلت۔ عادت۔ سبھاؤ

(امرِ پرداختن: مشغول ہونا) مشغولیت۔ معروفیت۔ عدیم الفرصتی

کار پرداز ــــ شعلہ پرداز ــــ افترا پرداز ــــ
عشوہ پرداز ــــ چہرہ پرداز ــــ افترا پردازی ــــ
کارپردازی ــــ انشا پرداز ــــ انشا پردازی ــــ

فتنہ پردازی ـــ ہنگامہ پردازی ـــ ہنگامہ پرداز ـــ
مفسدہ پرداز ـــ تفرقہ پرداز ـ نکتہ پرداز ـ چہرہ
پرداز (مصور) ـــ حوصلہ پرداز ـــ خانہ پرداز دگمر
شاؤ ا ـــ ریش پرداز ـــ معدہ پرداز (بسیار خواسا ـــ
شکم پرداز (بسیار خوار) ـــ عشق پرداز ـــ کاسہ
پرداز ـــ غزل پرداز ـــ نقش پرداز (نقاش)

پردگی: ۱۔ پردہ نشیں۔ پردہ دار۔ پاک دامن۔ محصنہ
۲۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ مخفی

پردہ: ۱۔ستر۔ حجاب۔ اوٹ۔ آڑ۔ چلمن۔ چق۔ تتق۔ خدر۔ حائل۔ سرادق۔
شادروان۔ سراپردہ
۲۔ گھونگھٹ۔ نقاب۔ برقع
۳۔ طبقہ۔ پرت۔ سطح
۴۔ بھید۔ راز۔ انتر۔ پوشیدہ بات۔ اخفا۔ روپوشی۔ اوجھل
۵۔ راگ۔ آہنگ۔ نغمہ

پردہ پوش: عیب پوش۔ رازدار۔ ساتر
پردہ پوشی: عیب پوشی۔ رازداری
پردۂ خاک: روئے زمین۔ سطح ارض
پردہ دار: ۱۔ پردہ نشیں۔ پوشیدہ۔ پردگی
۲۔ رازدار۔ پردہ پوش
پردہ داری: ۱۔ پردہ نشینی۔ پوشیدگی
۲۔ رازداری۔ پردہ پوشی
پردہ در: کاشفِ اسرار۔ مخبر۔ فاش کنندہ
پردہ دری: افشائے راز۔ افشائے عیب
پردہ نشیں: پردگی۔ پردہ دار۔ برقع پوش۔ پاکدامن۔ باحیا
پردہ نشینی: پردہ داری۔ برقع پوشی۔ پاکدامنی۔ حیاداری

پردہ اٹھانا ـــ پردہ اٹھا دینا ـــ پردہ اٹھنا ـــ
پردہ الٹ جانا ـــ پردہ الٹنا ـــ پردہ باندھنا ـــ پردہ
پڑ جانا ـــ پردہ پھاڑنا ـــ پردہ دار ـــ پردہ نشیں
ـــ پردہ درمیان ہونا پردہ رکھنا ـــ پردہ سہ
جانا ـــ پردہ سنور جانا ـــ پردہ کرانا ـــ پردہ کرنا
ـــ پردہ کھلنا ـــ پردہ لگنا ـــ پردہ ہونا ـــ
پردہ ہے ـــ پردے بٹھانا ـــ پردے پیچھے
ـــ پردے کی بوبو ـــ پردے کی دیوار ـــ
پردے کے لوگ پردے پر ـــ پردے میں رہنا
ـــ پردہ سوز ـــ پردہ کھونا ـــ پردہ رکھنا
ـــ پردہ اٹھانا ـــ پردہ اٹھنا ـــ پردہ پوش ـــ
پردہ پوشی ـــ پردہ پوشیدہ ہو جانا ـــ پردہ دار ـــ
پردہ داری ـ پردہ در ـــ پردہ دری ـــ پردہ
ڈالنا ـــ پردہ ڈھانکنا ـــ پردہ ڈھکنا ـــ پردہ
ڈھک جانا ـــ پردہ رکھنا ـــ پردہ فاش کرنا ـــ
پردہ کھلنا ـــ پردہ کھولنا ـــ پردے پردے میں
ـــ پردے کی بات ـــ پردے میں پوچھنا ـــ
پردہ رہ جانا ـــ پردہ باندھنا ـــ پردہ پکارنا ـــ
پردہ پھٹ جانا ـــ پردہ چھوڑنا ـــ پردہ رکنا ـــ پردہ
گرانا ـــ پردہ لگانا ـــ پردہ ہو جانا ـــ پردے
سے لگنا ـــ پردے میں ـــ پردے میں بٹھانا
ـــ پردے میں شکار کھیلنا ـــ پردے میں گرہ لگانا

| پردے کی بی بی چٹائی کا لہنگا

پردھان: صدر۔ راہنما۔ مکھیا۔ سرگردہ۔ سربرآوردہ۔ چودھری

پردیس: بدیس۔ غیر ملک۔ دیارِ غیر۔ غربت۔ اجنبی ملک۔ بیگانہ ملک۔
دیارِ غریب۔ بلاد الغربت۔ دار الغربت۔ پرشہر

پردیسی: غیر ملکی۔ اجنبی۔ غریب الوطن۔ مسافر۔ بدیسی

| پردیسی بلم تیری آس نہیں، باسی پھولوں میں باس نہیں

پردیسی کا جی آدھا ہوتا ہے
پردیسی کی پیت کو سب کا بھلا چلئے
پردیسی کی پیت پھونس کا تاپنا

پُرزہ: ۱۔ ٹکڑا۔ جزو۔ حصہ
۲۔ جوڑ۔ عضو
۳۔ رقعہ۔ خط۔ پرچہ
۴۔ دھجی۔ کترن
۵۔ چالاک۔ عیار۔ فتنہ پرداز۔ متفنی

پرس: بٹوا۔ تھیلی۔ ہمیانی۔ خریطہ۔ کیسہ

پرساد/ پرشاد: ۱۔ نذر۔ منت۔ چڑھاوا۔ تبرک
۲۔ انعام۔ عطیہ۔ بخشش
۳۔ نتیجہ۔ ثمر۔ پھل۔ حاصل
۴۔ عوض۔ بدلہ

پُرساں: ۱۔ خبر گیراں۔ دریافت کنندہ
۲۔ مددگار۔ معین۔ معاون۔ ساتھی۔ رفیق۔ ناصر۔ یاور۔ دوست۔ یار۔ ہمتر

پرست: پرستش کرنے والا۔ پوجنے والا۔ ماننے والا۔ پرستندہ

آتش پرست — بت پرست — آتش پرستی — بت پرستی — آشنا پرست — شاہد پرست — شاہد پرستی — احباب پرستی — احباب پرست — آفتاب پرست — پاجی پرست — حق پرستی — حق پرست — خدا پرست — خود پرست — خدا پرستی — آذر پرست (آتش پرست) — آہو پرستی — آئین پرستی — بادہ پرست — بالیں پرست (کاہل) — بو پرست — پیکر پرست — پائیں پرست — چوگاں پرست — حکمت پرست — خورشید پرست — خیال پرست — سایہ پرست — دانش پرست — دنیا پرست — سخن پرست — شکم پرست — شب پرست — ورنا پرستی (تقوے) — نفس پرستی — سر پرست — تن پرست — سر پرستی — زر پرستی — عیش پرست — عیش پرستی — ظاہر پرست — صورت پرست — ظاہر پرستی — باطن پرستی — حق پرست — قدامت پرست — قدامت پرستی — مے پرست — پیر پرست — مے پرستی — پیر پرستی — ہوا پرست — گور پرست

پرستار: ۱۔ پجاری۔ پرستندہ
۲۔ لونڈی۔ کنیز۔ غلام۔ خدمت گار۔ نوکر
۳۔ عاشق۔ شیدائی۔ محب۔ مرید
۴۔ چاہنے والا

پرستار زادہ نیاید بکار
اگرچہ بود زادۂ شہریار

پرستاری: ۱۔ پرستش۔ پوجا۔ عبادت
۲۔ خدمت۔ غلامی۔ چاکری

پرستان: ۱۔ ملک پری زادگان۔ مسکن پری زادگان
۲۔ مجمع حسینان

پرستش: ۱۔ پوجا۔ عبادت۔ بندگی
۲۔ تعظیم۔ توقیر۔ احترام
۳۔ محبت۔ عقیدت۔ عشق
۴۔ اطاعت۔ خدمت۔ غلامی

پرستش خانہ/ کدہ/ گاہ: عبادت گاہ۔ معبد۔ مندر۔ ہیکل۔ مسجد۔ پوجا استھان

گرجا

پرستندہ: ۱۔ پجاری۔ عابد۔ عبادت گزار
۲۔ محب۔ عاشق۔ عقیدت مند۔ معتقد
۳۔ خادم۔ غلام۔ نوکر۔ چاکر۔ مطیع

پرسش: ۱۔ پوچھ گچھ۔ دریافت۔ خبرگیری۔ مواخذہ۔ تفتیش۔ باز پرس۔ تعزیت۔ عیادت
۲۔ آؤ بھگت۔ خاطر تواضع۔ مدارات
۳۔ تعظیم۔ تکریم۔ حرمت۔ عزت۔ احترام۔ اکرام
۴۔ اہمیت۔ پوچھ۔ توجہ

پرسش حال: دریافتِ حال۔ مزاج پرسی

پرسن: ۱۔ صاف۔ شفاف۔ روشن
۲۔ نرمل۔ خالص۔ بے ملاوٹ۔ بے میل
۳۔ خوش۔ شاد۔ مسرور۔ آنند۔ مگن۔ بے فکر۔ بے تردد
۴۔ راضی
۵۔ پسندیدہ۔ خوشگوار۔ من بھاتا
۶۔ مہربان۔ شفیق۔ مددگار۔ معاون
۷۔ تندرست۔ توانا۔ بھلا چنگا

پُرسہ: ماتم پرسی۔ تعزیت۔ ماتم گساری۔ غم گساری

پُرش: ۱۔ آدمی۔ انسان۔ مرد۔ رجل۔ منکھ۔ منش۔ شخص
۲۔ شوہر۔ خاوند۔ میاں۔ پتی
۳۔ خدا۔ مالک۔ آقا

| پرش کی مایا اور برچھ کی چھایا

پرکاش: ۱۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار
۲۔ کھلا۔ علانیہ۔ صریح۔ واضح۔ فاش
۳۔ مشہور۔ معروف۔ نامی۔ نامور۔ شہرۂ آفاق
۴۔ روشن۔ چمکیلا۔ نورانی۔ منور۔ تابندہ۔ درخشندہ۔ روشنی
۵۔ صفائی۔ چمک۔ دمک۔ آب داری
۶۔ شان۔ شوکت۔ نمود۔ شکوہ
۷۔ ظہور۔ دکھاوا۔ رویت
۸۔ اظہار۔ افشا۔ انکشاف۔ تشریح۔ توضیح

پرکالا: ۱۔ سیڑھی۔ زینہ۔ زردبان
۲۔ چوکھٹ۔ دہلیز۔ آستانہ

پرکالہ: ٹکڑا۔ جزو۔ پارہ۔ سمت۔ بھاگ

پرکالۂ آتش: ۱۔ آتش پارہ۔ چنگاری۔ پتنگا۔ شرارہ
۲۔ تیز۔ طرار۔ عیار۔ چالاک

پرکرما/پرکما: ۱۔ چکر۔ طواف۔ طوف
۲۔ تصدق۔ نثار۔ وار پھیر

پرکھ: ۱۔ جانچ۔ امتحان۔ آزمائش۔ تجربہ
۲۔ پہچان۔ تمیز۔ وقوف۔ گیان۔ شعور۔ شناخت
۳۔ کسوٹی۔ معیار

پرکھنا ــــ پرکھ کرنا ــــ پرکھائی ــــ پرکھنا ــــ
پرکھوانا ــــ پرکھوائی ــــ پرکھیا

پُرکھ: ۱۔ انسان۔ آدمی۔ مرد۔ رجل۔ منش۔ منکھ۔ شخص
۲۔ شوہر۔ خاوند۔ میاں۔ پتی۔ بزرگ
۳۔ مالک۔ آقا۔ خداوند۔ خدا

| پُرکھ سا پکھیرو کوئی نہیں

پرکھ ساٹھا سو باٹھا استری بسی سو کھیسی
پرکھو کی مایا برہ چڑک چھایا

پُرکھا: ۱۔ اب۔ جد۔ باپ۔ دادا۔ بزرگ۔ جدِ امجد
۲۔ نیک۔ بھلا مانس۔ شریف

پرکھیا: پارکھ۔ ناقد۔ نقاد۔ ممتحن۔ آزمائش کنندہ

پرگٹ / پرگھٹ: عیاں۔ ظاہر۔ کھلا۔ آشکار۔ نمایاں۔ اظہار

پرگنہ: علاقہ۔ تعلقہ۔ جاگیر۔ بستی

پرلا: دوسری طرف کا۔ انتہائی حد کا۔ اُس پار کا

پرلے درجے کا — پرلے سرے کا — پرلا مکان — پرلا کنارا

پرلو: قیامت۔ محشر۔ فنا۔ آفات۔ اخیر۔ عاقبت۔ عقبیٰ

پرلوک: عالمِ بالا۔ جہانِ دیگر۔ آخرت۔ عاقبت

پرماتما: ایشور۔ خدا۔ بھگوان

پرمٹ: اجازت نامہ۔ سندِ اجازت

پرمیشر: ایشور۔ خدا

پرنالا: نابدان۔ ناودان۔ نودان۔ نادیدان

پرنام: ۱۔ سلام۔ تسلیم۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش۔ ڈنڈوت۔ نمسکار
۲۔ آثارِ مرگ

پرنتو: مگر۔ لیکن۔ و لے۔ بلکن۔ بلکہ

پرند: ۱۔ پرندہ۔ طائر۔ طیر
۲۔ اسپِ تیز رفتار۔ اسپِ چالاک
۳۔ جوہرِ شمشیر۔ شمشیرِ آبدار
۴۔ پرِ دین

پرندہ: ۱۔ پرّاں۔ طائر۔ پکشی۔ پنچھی۔ پکھیرو
۲۔ جہاز۔ کشتی
۳۔ تیز۔ طرار۔ چالاک

پَروا: ۱۔ خواہش۔ چاہ۔ طلب۔ محبت۔ تمنا۔ رغبت
۲۔ فکر۔ خیال۔ توجہ۔ اندیشہ۔ چنتا۔ لحاظ۔ بیم۔ خوف۔ ڈر
۳۔ ضرورت۔ حاجت۔ غرض۔ احتیاج
۴۔ آرام۔ فرصت۔ فراغت

پُروا: پوربی ہوا۔ بادِ مشرق۔ شرقی ہوا۔ پُروائی

پر وار: ۱۔ خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ افرادِ خاندان۔ پریوار
۲۔ اہالی موالی۔ متعلقین۔ ملازمان۔ متوسلین
۳۔ رعیت۔ رعایا۔ پرجا
۴۔ دوست۔ یار۔ احباب۔ اعزہ

پرواز: ۱۔ اُڑان۔ طیران
۲۔ فخر۔ ناز۔ غرور۔ گھمنڈ۔ شیخی۔ استکبار

خوش پرواز — بلند پرواز — بلند پروازی — عرش پرواز — تیز پروازی — تیز پرواز — خوش پروازی — سبک پرواز — دیر پرواز — گراں پرواز — نو پرواز

پروان: ۱۔ بالغ۔ کل۔ کامل۔ پورا
۲۔ ثمر۔ پھل۔ بر۔ نتیجہ
۳۔ مستول۔ ڈانڈ

پروانگی: اجازت۔ اذن۔ آگیا۔ حکم۔ فرمان۔ رخصت۔ منظوری

پروانہ: ۱۔ فرمان۔ حکم نامہ
۲۔ اجازت نامہ۔ آگیا پتر۔ پرمٹ۔ پاسپورٹ
۳۔ پتنگا۔ پتنگ
۴۔ عاشق۔ شیفتہ۔ شیدا۔ جاں نثار
۵۔ پیش رو لشکر۔ قراول

پروانۂ چراغ ــــ پروانۂ بیخواب ــــ پروانۂ سوختہ جاں ــــ پروانۂ سوختہ بال ــــ پروانۂ سرگرداں ــــ پروانۂ آتش بجاں ــــ پروانۂ جاں باز ــــ پروانۂ نورجو ــــ پروانۂ دل سوز ــــ پروانۂ سوختہ داماں ــــ پروانۂ سوزناک ــــ پروانۂ پر فروش ــــ پروانۂ بے قرار ــــ پروانۂ فانوس ــــ پروانۂ چراغ خوباں ــــ پروانۂ بیتاب ــــ پروانۂ تاریک ــــ پروانۂ حسن

پروٹین: لحمیہ۔ لحمی جزو خوراک

پروڈیوسر: پیش کنندہ۔ پیدا کنندہ۔ مہیا کنندہ

پرور: محافظ۔ پالن ہار

بندہ پرور ــــ بندہ پروری ــــ ذرہ پرور ــــ ذرہ پروری ــــ تن پرور ــــ سخن پرور ــــ تن پروری ــــ سخن پروری ــــ مہماں پرور ــــ سفلہ پرور ــــ مہماں پروری ــــ علم پرور ــــ احباب پرور ــــ احباب پروری ــــ شریف پرور ــــ شریف پروری ــــ قبیلہ پرور ــــ درد پرور ــــ قبیلہ پروری ــــ ہنر پرور ــــ کینہ پرور ــــ شکم پرور ــــ شکم پروری ــــ غریب پروری ــــ غریب پرور ــــ قوم پرور ــــ قوم پروری ــــ ناز پرور ــــ کینہ پرور ــــ نفس پرور ــــ نکتہ پرور ــــ روح پرور ــــ جاں پرور ــــ معنی پرور ــــ مسافر پروری ــــ دست پرور ــــ آب پرور ــــ آتش پرور ــــ خانہ پرور ــــ جہاں پرور ــــ دروں پرور ــــ (زاہد) ــــ دیں پرور ــــ (خوش نشین) ــــ سایہ پرور ــــ ستم پرور

پروردگار: پالن ہار۔ رب۔ خدا تعالیٰ

پروردہ: پالا پوسا۔ مربوب۔ پرورش کردہ۔ آباد کردہ

پرورش: ۱۔ پالن۔ پال پوس۔ تربیت۔ دیکھ بھال۔ صحت و درستی۔ تعلیم و تربیت۔ پالنا
۲۔ مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔ شفقت۔ نوازش

پرورش یافتہ: پروردہ۔ پالا پوسا۔ مربوب۔ تربیت یافتہ

پرورندہ: پرورش کنندہ۔ تربیت کنندہ۔ مربی۔ سرپرست

پروف: کاپی۔ نقل۔ مثنیٰ۔ عکس

پروف نکالنا ــــ پروف بنانا ــــ پروف اٹھانا

پروفیسر: مدرسِ اعلیٰ۔ معلمِ اعلیٰ۔ استاد۔ ماہر۔ ماہرِ فن۔ کامل فن

پروگرام: ۱۔ ترتیب۔ سلسلہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ
۲۔ نظام عمل۔ لائحہ عمل۔ برنامہ۔ برنامج۔ تعیین وقت۔ کام کی تفصیل۔ ارادہ۔ منشا

پروہت: پنڈت۔ مذہبی پیشوا۔ امام۔ قائد

پرویزن: چھلنی۔ غربال

پروین: پرن۔ عقدِ ثریا۔ جھمکا

پرہیز: ۱۔ احتیاط۔ احتراز۔ حذر۔ اجتناب۔ نفرت۔ علیحدگی۔ خودداری۔ شکیبائی۔ دوری
۲۔ اتقا۔ تقویٰ۔ خوف۔ بیم۔ اندیشہ

پرہیزگار: متقی۔ صاحبِ تقویٰ۔ صالح۔ پاک باز۔ متورع
پرہیزگاری: اتقا۔ تقویٰ۔ تورع۔ ورع۔ پاکبازی۔ پارسائی۔ زُہد۔ پاک داماں۔ بے گناہی

پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے
پرہیز بھی آدھا علاج ہے
پرہیز بڑی دوا ہے
پرہیز علاج سے بہتر ہے

پری: ۱۔ پردار حسین مخلوق
۲۔ حسین۔ جمیل۔ نازنین۔ نازک۔ دلاویز۔ حسین محبوب۔ معشوق
۳۔ خوبصورت

پری اندام: نازک بدن۔ یاسمین بدن۔ سیم بدن۔ خوش اندام
پری پیکر/تمثال: پری اندام۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ خوش اندام۔ خوش گل
پری جمال: حسین۔ جمیل۔ خوب صورت۔ مجسمۂ حُسن
پری چہرہ/رُخ/رُو: خوب رُو۔ خوش رُو۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل
پری خواں: سیانا۔ عامل۔ جادوگر۔ ساحر
پری زاد: ۱۔ بچۂ پری۔ زیر پری
۲۔ حسین۔ جمیل۔ خوب صورت۔ خوش شکل
۳۔ محبوب۔ معشوق

پری وش: مانندِ پری۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ نازنین

پری بن جانا ــــ پری شیشے میں اُتارنا ــــ پری طلعت ــــ پری کا ٹکڑا ــــ پری یا پریوں کا اکھاڑا ــــ پریوں کا تخت اُتارنا ــــ پریوں کا جمگھٹا ــــ

پُری: (ہندی) شہر۔ قصبہ۔ قریہ۔ گاؤں۔ آبادی۔ بستی

پُری: (فارسی) پُر رہنا۔ معموری۔ بھرپورپن

پرے: ۱۔ علیحدہ۔ دُور۔ الگ
۲۔ اُس پار۔ اُس طرف۔ اُس جانب۔ اُدھر۔ دوسری طرف

پرے بیٹھنا ــــ پرے پرے رہ ــــ پرے بٹھانا ــــ پرے ہٹنا ــــ گھر سے پرے ملنا ــــ بادلوں کے پرے ــــ وادی کے پرے ــــ دریا کے پرے ــــ باغ سے پرے

پریت: (بیائے مجہول) آسیب۔ بھوت۔ خبیث روح

پریت: (بیائے معروف) محبت۔ پیار۔ عشق۔ اتحاد۔ ربط ضبط۔ میل جول۔ میل ملاپ

پریت نہ جانے جات کُجات

پریتم: ۱۔ محبوب۔ پیارا۔ معشوق۔ دوست۔ حبیب
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ پتی

پریدہ: اُڑا۔ غائب۔ ماند۔ پھیکا

پریزیڈنٹ: چیئرمین۔ صدر۔ پردھان۔ سربراہ۔ سردار

پریس: ۱۔ مطبع۔ چھاپا خانہ۔ چھاپ خانہ
۲۔ صحافت۔ اخباری دنیا
۳۔ داب۔ استری۔ دباؤ

پریشان: ۱۔ حیران۔ سرگرداں۔ آشفتہ۔ متحیر۔ مضطرب۔ ششدر۔ حیرت زدہ
۲۔ اندیشہ مند۔ مضطر۔ متردد۔ متفکر۔ افسردہ۔ اداس۔ تنگ۔ رنج
۳۔ پراگندہ۔ منتشر۔ بے ترتیب۔ غیر منظم۔ تتر بتر۔ ابتر۔ بے نوا۔ بے چارہ۔ مصیبت زدہ۔ بے یار و مددگار۔ بے سہارا۔ سرگراں۔ پراگندہ خاطر۔ کبیدہ خاطر

پریشان حال: تنگ حال۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ سراسیمہ۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست
پریشان حالی: تنگ حالی۔ مصیبت زدگی۔ آفت زدگی۔ سراسیمگی۔ افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی
پریشان خاطر/دل: فکرمند۔ متفکر۔ متردد۔ رنجیدہ۔ ملول۔ اداس۔ غمگین۔ مغموم۔ افسردہ۔ دکھی
پریشان خاطری/دلی: فکرمندی۔ تردد۔ رنجیدگی۔ ملال۔ اداسی۔ غمگینی۔ افسردگی۔ دکھ

پریشان کرنا — پریشانی — زلفِ پریشاں — پریشان روزگار — پریشان روزی — پریشان دماغ

پریشانی: ۱۔ حیرانی۔ سرگردانی۔ آشفتگی۔ تحیر۔ اضطراب
۲۔ تردد۔ فکر۔ افسردگی۔ اداسی۔ تنگی۔ مصیبت
۳۔ پراگندگی۔ انتشار۔ بے ترتیبی۔ بے نظمی۔ ابتری

پریکٹس: ۱۔ مشق۔ مہارت
۲۔ طبابت۔ وکالت

پریکٹیکل: عملی۔ تجربی۔ تجرباتی

پریکشا/پریکھا: ۱۔ امتحان۔ آزمائش۔ جانچ
۲۔ تمیز۔ شناخت۔ پہچان
۳۔ رنج۔ افسوس
۴۔ غور۔ فکر۔ سوچ۔ بچار

پریم: ۱۔ پریت۔ پیت۔ محبت۔ الفت۔ عشق۔ پیار
۲۔ دوستی۔ یاری۔ آشنائی
۳۔ عنایت۔ کرم۔ مہربانی۔ شفقت

پریمی: ۱۔ عاشق۔ محب۔ پیارا۔ فریفتہ
۲۔ دوست۔ یار۔ آشنا

پریمیم: ۱۔ چندہ۔ قسط
۲۔ انعام۔ صلہ۔ بخشش۔ منافع

پڑا: ۱۔ گرا۔ افتادہ
۲۔ کٹڑا۔ پڑوا

پڑاقا: پٹاخا۔ آتش بازی

پڑاؤ: منزل۔ وردگاہ۔ فرودگاہ۔ چوکی۔ سرائے

پڑت: ۱۔ قیمت۔ لاگت۔ بہا
۲۔ بھاؤ۔ نرخ۔ شرح
۳۔ بانٹ۔ تقسیم۔ پھیلاؤ

پڑتا: ۱۔ شرح۔ لگان
۲۔ حصہ رسدی۔ پیندہ

پڑوا: پڑا۔ کٹڑا

پڑوس: ہمسائیگی۔ قرب وجوار۔ آس پاس۔ گرد ونواح

پڑوسی: ہمسایہ۔ قریبی۔ نزدیکی

پڑوسن کے مینہ برسے گا تو اپنی بھی اولتیاں ٹپکیں گی
پڑوسی کا بُرا مت چاہو
پڑوسی کے ہاں مینہ برسے گا تو بوچھاڑ یہاں بھی آئے گی

پڑھا: لکھا پڑھا۔ خواندہ۔ تعلیم یافتہ

پڑھا جن: شریر۔ چالاک۔ ہوشیار
پڑھاگن: عالم۔ خواندہ۔ صاحب علم
پڑھا لکھا: خواندہ۔ تعلیم یافتہ

پڑھا جیسا یا مرا جیسا
پڑھا بن پڑھا
پڑھا نہ لکھا نام ودیادھر / محمد فاضل
پڑھ پتھر لکھ روڑا ہے، انہیں باندھ کچہری گئے
پڑھو تو پڑھو نہیں پنجرہ خالی کرو
پڑھوں میں آن پڑے جیسے ہنسوں میں کوا
پڑھی نہ تن کی
پڑھے بھی مریں ان پڑھے بھی مریں، دانا کلکل کیوں کریں
پڑھے تو ہیں پر گنے نہیں
پڑھے ہوتا پڑھے بیٹا، کہیں پٹھان سپاہی کا پوت بھی پڑھتا ہے

پڑھائی: تعلیم۔ نصاب تعلیم۔ تدریس۔ خواندگی

پڑھنا: سبق لینا۔ درس لینا۔ ورد کرنا۔ تعلیم پانا۔ سیکھنا۔ مطالعہ کرنا

پڑھنت: منتر۔ افسوں۔ جادو

پڑیا: کٹڑی

پُڑیا: ۱۔ کاغذی پوٹلی۔ لفافہ
۲۔ مجسم۔ سر تاپا

پزاوہ: بھٹا۔ آوا

پذیرا: مقبول۔ منظور

پذیرائی: ۱۔ قبولیت۔ منظوری
۲۔ استقبال۔ پیشوائی

پژمردگی: ۱۔ کملاہٹ۔ مرجھاہٹ
۲۔ افسردگی۔ اداسی۔ غمگینی

پژمردہ: ۱۔ کملایا۔ مرجھایا
۲۔ افسردہ۔ اداس۔ ملول۔ غمگین

پژمردہ خاطر/دل: افسردہ خاطر۔ اداس۔ ملول۔ رنجیدہ
پژمردہ خاطری/دلی: افسردہ خاطری۔ ملال۔ رنجیدگی۔ اداسی

پس: ۱۔ پھر۔ پیچھے۔ بعد۔ بعدازاں۔ آخرکار۔ بالآخر۔ انجام کار۔ علاوہ۔ عقب میں
۲۔ اس لیے۔ اس واسطے۔ بایں وجہ۔ بریں بنا۔ لہٰذا
۳۔ یقیناً۔ بے شک۔ بے شبہ

پس انداز: بچایا۔ جمع جتھا
پس پا: واپس۔ الٹے پاؤں
۲۔ شکست خوردہ۔ ہزیمت خوردہ۔ منہزم

پس پائی: ۱۔ واپسی۔ مراجعت۔ رجعت
۲۔ شکست۔ ہزیمت

پس پردہ: پوشیدہ۔ زیر حجاب۔ محجوب۔ زیر نقاب۔ بباطن

پس پشت: پیچھے۔ متب۔ پیٹھ پیچھے

پس خوردہ: بچاکھچا۔ جھوٹا۔ اُلش

پس خیمہ: پچھلا خیمہ۔ آخری خیمہ

پس رَو: ۱۔ پیرو۔ مقلد۔ متبع
۲۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خادم

پس روی: ۱۔ پیروی۔ تقلید۔ اتباع
۲۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ خدمت

پس ماندہ: ۱۔ بچا کھچا
۲۔ وارث
۳۔ بقیہ۔ بچت

پس منظر: بنیاد۔ محرک۔ باعث۔ بیک گراؤنڈ

پس و پیش: ۱۔ آگا پیچھا۔ انجام و آغاز۔ سابق و لاحق
۲۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل
۳۔ اُدھیڑ بُن۔ تامل۔ کشمکش و پیچ
۴۔ فکر و اندیشہ
۵۔ الٹ پلٹ۔ بے ترتیبی

پس افگندہ — پسپا ہونا — پس پشت ڈالنا — پس فردا — پسماندگان — پس مرگ — پس آوردہ (رباب) — پس آہنگ (پیچھے کی نرخ۔ وہ باجے جو لی کے پچھلے حصے میں ڈال کر اس میں تابل داخل کرتے ہیں) — پساچین (بانوں کا گرا پڑا میوہ) — پسلاست (ادھار لی ہوئی شئے) — پس افتادہ (ساتھیوں سے بچھڑا ہوا) — پس اندیشں (انی کی باتیں یاد دلانے والا) — پس جانشین (دکاندار کا گماشتہ) — پس خیز (وہ شاگرد جس کو پہلوان سب کے بعد کشتی لڑائے) — پس دستی (پس انداز کرنا) — پس نہاد (پس انداز۔ میراث)

| پس از مرگ واویلا

پست: ۱۔ نیچا۔ نشیبی
۲۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی۔ دُون۔ ادنیٰ۔ نیچ۔ کم رتبہ
۳۔ ٹھِگنا۔ خُرد۔ کوتاہ

پست خیال: کمینہ۔ رذیل۔ ذلیل۔ پاجی

پست خیالی: کمینہ پن۔ رذالت۔ ذلت۔ پاجی پن

پست فطرت: ذلیل فطرت۔ بد طینت۔ پاجی۔ ذلیل۔ کمین۔ گھٹیا

پست فطرتی: بد طینتی۔ بد سرشتی۔ پاجی پن۔ ذلت

پست قد: کوتاہ قد۔ کوتاہ و قامت۔ ٹھِگنا۔ لونا

پست قسمت: بد قسمت۔ بد نصیب۔ بدبخت۔ کم نصیب

پست قسمتی: بد قسمتی۔ بد نصیبی۔ بدبختی۔ کم نصیبی۔ کم بختی

پست و بلند: اونچا نیچا۔ نشیب و فراز۔ زمین و آسمان

پست ہمت: کم ہمت۔ دُون ہمت۔ کم دلا۔ بزدل۔ تھڑ دلا

پست ہمتی: کم ہمتی۔ دُون ہمتی۔ کم دلی۔ بزدلی۔ تھڑدلی

پستان: چھاتی۔ سینہ۔ تھن۔ چوچی۔ پیڑ دل۔ جام شیر۔ جوبن۔ آنچل۔ مما۔ ضرع۔ دودھی۔ کچ۔ کچیں۔ طمی۔ جیجی

پُستک: پوتھی۔ کتاب۔ صحیفہ

پستول: تمنچہ (طپنچہ)۔ تمنچا (طمنچہ)۔ پسٹن۔ ریوالور

پَستی: نشیب۔ نیچ۔ نچان

پِسر: ۱۔ فرزند۔ بیٹا۔ پوت۔ پسر۔ ابن۔ خلف۔ ولد
۲۔ شاگرد۔ مرید۔ بالکا

پسر اخیافی: پسرزن۔ بچھ لگو۔ سوتیلا بیٹا۔ ربیب
پسر خواندہ: منہ بولا بیٹا۔ متبنّٰی۔ لے پالک۔ گود لیا

پسرزادہ: پوتا۔ نبیرہ
پسرِ صلبی: پسرِ حقیقی۔ سگا بیٹا

| پسرِ نوح با بداں بہ نشست
| خاندانِ نبوتش گم شد

پسلی: جنب۔ طرف۔ پہلو۔ ضلع۔ پانسری۔ پوکھتی۔ پنجر۔ ڈھچر

پسند: ۱۔ مقبول۔ مرغوب
۲۔ انتخاب۔ چناؤ۔ ترجیح۔ چوائس۔ جانچ
۳۔ منظوری۔ مقبولیت

پسندِ خاطر: دل پسند۔ من بھاتا۔ من چاہتا
پسندیدگی: مرضی۔ پسند۔ توثیق۔ منظوری
پسندیدہ: مقبول۔ مرغوب۔ حسبِ دلخواہ

دل پسند — خود پسند — خود پسندی — عیش پسند
عیش پسندی — شاہ پسند — عام پسند — مردہ پسند
— معقول پسند — قول پسندی — مشکل پسند —
خاطر پسند — مشکل پسندی — درشت پسند

پسّو: کیک۔ برغوث۔ خامر۔ نفتہ۔ درگہ۔ پشہ۔ بچھو

پسیجنا: ترس کھانا۔ رحم آنا۔ مہربان ہونا۔ مہربانی پر مائل ہونا

پسیں: پیچھے۔ آخری۔ قدیم

پسینا/پسینہ: عرق۔ نمی۔ رطوبت۔ پسیو۔ عرقِ مسامات۔ پگھر

پسینا بہنا — پسینا آنا — پسینے میں شرابور ہونا — پانی پانی ہونا
پونچھنا — پسینہ پکنا — پسینا جھاڑنا — پسینا پونچھنا

— پسینا نکالنا — پسینا ہرا ہونا — پسینے پر پسینے
آنا — پسینوں پر پسینے آنا — پسینے پر لوگر آنا —
پسینے پسینے کر ڈالنا — پسینے پسینے ہو جانا — پسینے کے
قطرے — پسینے کی جگہ لہو بہانا — پسینے کے ڈب —
پسینے کے تراتے — پسینے میں ڈوبنا — پسینے
میں لت پت ہونا — پسینے میں نہانا

پُشت: ۱۔ پیٹھ۔ کمر۔ ظہر۔ پُشت۔ دیم
۲۔ پیچھا۔ عقب۔ پچھاڑی
۳۔ کمک۔ مدد۔ سہارا۔ سماتا۔ حمایت

پشت در پشت: نسل در نسل۔ نسلاً بعد نسلٍ۔ اباً عن جدٍ۔ پشتینی
پشت بدیوار: حیران۔ پریشان۔ سراسیمہ۔ حیرت زدہ
پشت پناہ: حامی۔ مددگار۔ معین۔ معاون۔ سہائک
پشت گری: مدد۔ معاونت۔ یاوری۔ تقویت۔ حمایت

پشت بزمیں رسید — پشت خار — پشتِ دست
— پشتِ دست کاٹنا — پشت دکھانا — خار
پشت — سنگ پشت — شورہ پشت —
شورہ پشتی — ماہی پشت — آزردہ پشت (کبڑا)
— تہی پشت — چال پشت — حلقہ پشت
— خنگ پشت — دامن پشت — کوز پشت
— مرغ پشت — کاسہ پشت (کچھوا) —
کبود پشت — سفال پشت — کلا پشت — کمان
پشت — کوہ پشت — تری پشت — گاؤ پشت —
گراں پشت (قوی) — لاک پشت (کچھوا)

پُشتارہ: ۱۔ بوجھ۔ بار۔ گٹھڑ۔ گٹھا۔ بقچہ
۲۔ ڈھیر۔ انبار۔ انٹم

پُشتہ: ۱۔ ڈھیر۔ انبار۔ ٹیلہ۔ بند۔ باندھ۔ مینڈھ

۱. امدادی دیوار۔ فصیل
۲. پشتِ کتاب

پُشتی : ۱. تائید۔ مدد۔ اعانت۔ حمایت۔ جانبداری۔ طرفداری
۲. استحکام۔ مضبوطی۔ پائیداری
۳. تکیہ۔ ٹیک۔ سہارا
۴. حفاظت۔ رکھوالی۔ نگہبانی۔ نگہداشت

پُشتی بان : معاون۔ معین۔ مددگار۔ ساتھی۔ رفیق۔ حامی

پُشتینی : موروثی۔ آبائی۔ جدی۔ نسلی۔ خاندانی۔ پشت در پشت

پُشٹ : ۱. طاقت بخش۔ مقوی۔ قوت بخش
۲. قوی۔ طاقتور۔ مستحکم۔ مضبوط۔ بلوان۔ زورآور

پُشم : ۱. اون۔ رُواں۔ بال۔ رونگٹا
۲. جھانٹ۔ موئے زہار
۳. حقیر۔ ہیچ۔ ادنیٰ۔ ذلیل۔ بے وقعت
۴. ناقص۔ ردی۔ بیکار۔ ناکارہ۔ بے حقیقت

| پشم مُونڈنے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا

پُشو : ۱. چوپایہ۔ جانور۔ مویشی۔ بہیمہ۔ ڈھور ڈنگر
۲. بے وقوف۔ بے تمیز۔ بے عقل۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ۔ بے علم۔ جاہل

پشواز : لہنگا۔ دامن۔ گھگری

پشہ : مچھر۔ ڈانس

پشیمان : شرمندہ۔ نادم۔ منفعل۔ متاسف

پشیمانی : شرمندگی۔ ندامت۔ انفعال۔ افسوس۔ پچھتاوا

پُف : پھونک۔ دم

پکّا : ۱. پختہ۔ رسیدہ۔ بالغ۔ پنیح۔ نضیج
۲. مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ پائیدار۔ دیرپا۔ راسخ
۳. کامل۔ مکمل۔ پورا۔ سپورن
۴. جہاندیدہ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ پختہ کار
۵. چالاک۔ ہوشیار۔ ماہر
۶. سچا۔ وعدہ وفا
۷. مستند۔ درست۔ قابلِ اعتبار۔ قابلِ اعتماد
۸. ٹھیک۔ درست۔ صحیح
۹. کھرا۔ بے کھوٹ۔ بے عیب۔ بے نقص
۱۰. قدیم۔ مستقل۔ موروثی
۱۱. سنگین۔ خشتی۔ ناخام

پکا ارادہ : عزمِ صمیم۔ عزمِ مصمم۔ مضبوط ارادہ۔ تہیّہ
پکا بال : سفید بال۔ موئے سفید
پکا پان : بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ معمر۔ مسن۔ پیر
پکا پکایا : ۱. تیار۔ لیس۔ مکمل۔ ٹھیک۔ درست
۲. بے محنت۔ بے مشقت۔ بے کوشش۔ بے سعی
پکا پکوان : ۱. تلن
۲. عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ معمر۔ مسن۔ پیر
پکا پن : ۱. پختگی۔ مضبوطی۔ پائیداری۔ استحکام
۲. چالاکی۔ ہوشیاری
پکا پوڑھا : ۱. مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار۔ محکم۔ مستقل
۲. طے شدہ۔ فیصلہ شدہ۔ مقررہ
پکا پھوڑا : ۱. غمگین۔ ملول۔ ستم رسیدہ۔ آفت رسیدہ۔ مصیبت زدہ۔ آزردہ۔ رنجیدہ
۲. نرم دل۔ رقیق القلب۔ زخمی
پکا پیسا : ۱. ہوشیار۔ چالاک۔ سیانا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ جہاندیدہ۔ عقلمند

۲۔ مکار، عیار

پکاجن: پڑھاجن۔ ہوشیار۔ چالاک

پکاچٹھا: پکا روزنامچہ۔ پکا کاتا۔ مستقل حساب

پکاکاغذ: مستقل کاغذ۔ مستقل دستاویز۔ شامپ

پکاوعدہ/قول: پختہ وعدہ۔ مضبوط وعدہ۔ سچا وعدہ

| پکا پھوڑا ٹیس لگی اور پھوٹا

پکار: ۱۔ آواز۔ ہانک
۲۔ فریاد۔ فغاں۔ دُہائی
۳۔ مانگ۔ طلب
۴۔ جستجو۔ تلاش
۵۔ غل۔ شور
۶۔ منادی۔ اعلان
۷۔ طلبی۔ طلب۔ بلاوا

پک پن/پنا: ۱۔ پختگی۔ رسیدگی
۲۔ دانائی۔ عقلمندی۔ تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری

پکڑ: ۱۔ گرفت۔ بندش۔ قبضہ
۲۔ مواخذہ۔ بازپرس
۳۔ اعتراض۔ نکتہ چینی
۴۔ کشتی۔ داؤ پیچ
۵۔ بحث۔ مباحثہ۔ حجت۔ تکرار
۶۔ گرفتاری۔ حراست

پکڑ دھکڑ: ۱۔ داروگیر۔ گرفتاری
۲۔ جبر۔ سختی۔ ظلم و ستم

پکش: ۱۔ پنکھ۔ پر۔ بازو
۲۔ پاکھ۔ پندرھواڑا

۲۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ توانائی
۴۔ طرف۔ جانب۔ پہلو۔ سمت۔ بکھ

پکشی: ۱۔ پنچھی۔ پرندہ۔ طائر
۲۔ جانب دار۔ طرف دار۔ حمایتی۔ مددگار۔ ساتھی
۳۔ طاقت ور۔ زورآور۔ توانا۔ بلوان

پکوان: کھانا۔ پوری۔ کچوری۔ مٹھائی۔ تلن

پکھیرو: ۱۔ پکشی۔ پنچھی۔ پرندہ۔ طائر
۲۔ تیزرو۔ تیز قدم۔ تیز رفتار

پگ: پاؤں۔ قدم۔ چرن۔ پا۔ پیر

پگڈنڈی: بٹیا۔ جادہ۔ راہچہ۔ نٹ پاتھ۔ نٹ پیرن

| پگ بنے نہ پنتھ

پگڑی: ۱۔ دستار۔ عمامہ۔ شارغ۔ پھینٹا۔ پٹکا۔ پچے۔ ڈبن۔ پگ۔
صافا۔ ڈول۔ صافہ۔ پگڑ۔ دُوپٹہ۔ لہریا۔ پاگ۔ مُنڈاسا
۲۔ عزت۔ آبرو۔ وقار
۳۔ فرد۔ نفر
۴۔ رشوت۔ نذرانہ۔ معاوضہ۔ قبضہ

پگڑی اتارنا — پگڑی پیروں میں رکھنا — پگڑی اُتر جانا
پگڑی اُکانا — پگڑی اُچھالنا — پگڑی اچھلنا —
پگڑی بندھنا — پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامنا — پگڑی
رکھ لی جگہ — پگڑی کی شرم رکھنا — پگڑی باندھنا —
پگڑی کسرنا — پگڑی گرنا

| پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامی جاتی ہے

پگڑی رکھ لو رکھی پکھ
پگڑی کی عزت خدا کے ہاتھ ہے
پگڑی میں پھول رکھا گیا

پَل : ۱۔ لمحہ۔ آن۔ دم۔ ثانیہ۔ لحظہ۔ ساعت۔ گھڑی
۲۔ پلک

پل بھر کی آس نہیں، کل کی بات
پل کا بھروسا نہیں

پُل : ۱۔ جسر۔ قنطرہ۔ معبر۔ شانکا
۲۔ بند۔ پشتہ۔ مینڈ
۳۔ کثرت۔ افراط۔ بہتات

پَلّا : ۱۔ آنچل۔ کنارہ۔ دامن۔ پلو
۲۔ طرف داری۔ جانبداری۔ حمایت۔ اعانت۔ سہارا۔ مدد۔ کمک
۳۔ پلڑا۔ ترازو۔ پل
۴۔ پٹ۔ کواڑ
۵۔ پپ۔ کول۔ بغلی
۶۔ بُعد۔ دوری۔ فاصلہ۔ فرق۔ تفاوت

پِلّا : بچہ سگ۔ سگ زادہ

پلاس : ۱۔ موٹا کپڑا۔ ٹاٹ
۲۔ ڈھاک

پلاسٹر/پلاستر : ۱۔ پائی۔ پرت۔ کہگل۔ استرکاری
۲۔ لیپ۔ ضماد

پلاؤ : گوشت آمیز چاول۔ یخنی چاول۔ بریانی

پلاؤ کی رکابی کہیں نہیں گئی

پلائی : انا۔ دایہ۔ آیا۔ مادرِ رضاعی

پِلپِلا : نرم۔ ملائم۔ لجلجا۔ پلپلا۔ گداز۔ تل تل۔ ڈھیلا۔ پچ پچا۔ پھس

پُلپُلا : کھوکھلا۔ مخفی۔ مجوّف۔ جوف دار

پلٹ : ۱۔ گھماؤ۔ چکر۔ گردش۔ انقلاب
۲۔ واپسی۔ مراجعت۔ رجعت

پلٹا : ۱۔ گھماؤ۔ چکر۔ گردش۔ انقلاب
۲۔ بدلہ۔ عوض۔ انتقام

پلٹن : فوجی دستہ۔ لشکر

پلٹی : قلابازی

پلڑا : ۱۔ پلّا۔ ترازو
۲۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ گوٹ

پلک : ۱۔ مژہ۔ مژگاں۔ ہدب۔ جفن۔ پپنی
۲۔ آن۔ لمحہ۔ پل۔ لحظہ

پلک دریا : سخی۔ کریم۔ داتا۔ فیاض
پلک نواز : غافر۔ غفور۔ بخشندہ

پلک جھپکنا — پلک بچھانا — پلک جھپنا — پلک
نہ جھپکنا — پلک جھپکانا — پلک سے پلک آشنا ہونا —
پلک سے پلک لگانا — پلک مارنا — پلک لگنا —
پلک پسیجنا — پلک ہلنا — پلکوں سے اٹھانا

پلکوں سے نمک اٹھانا۔ پلکوں سے زمین جھاڑنا ۔ پلکیں سینا ۔ پلکیں چڑھنا ۔ پلکیں کترنا

پلندا: گٹھا۔ گڈی۔ گٹھڑی۔ بقچہ۔ ڈھیر۔ انبار

پلنگ: چارپائی۔ مسہری۔ چھپرکھٹ

پلنگ توڑ: سست۔ کاہل۔ احدی۔ آرام طلب۔ بستر انگار

پلو: آنچل۔ کنارہ۔ دامن۔ پلا۔ پائنہ

پلو سمیٹنا ۔ پلو بچانا ۔ پلو لینا ۔ پلو کی آڑ میں ہونا ۔ پلو دینا ۔ پلو بچھانا

پلہ: ۱۔ سیڑھی۔ زینہ۔ نردبان
۲۔ ترازو۔ پلڑا
۳۔ درجہ۔ مرتبہ۔ حیثیت۔ پایہ
۴۔ پہلو۔ جانب۔ طرف

پلہ کش: طرف دار۔ جانبدار۔ حمایتی
پلہ کشی: طرف داری۔ جانبداری۔ حمایت

پلید: ۱۔ ناپاک۔ نجس۔ گندہ۔ اپوتر۔ غلیظ۔ قذر۔ متعفن۔
۲۔ بھوت۔ پریت۔ خبیث۔ روح

پلید جانور ۔ پلید کپڑے ۔ پلید ہونا

پلیدی: ناپاکی۔ نجاست۔ گندگی

پمپ: نل۔ بمبا۔ پچکاری

پمفلٹ: رسالہ۔ کتابچہ

پن: خیرات۔ دان۔ کار ثواب

پناہ: ۱۔ حمایت۔ سہارا۔ آسرا
۲۔ سایہ۔ ظل
۳۔ امن۔ حفاظت۔ بچاؤ

پناہ گاہ: جائے پناہ۔ ملجا۔ مامن
پناہ گیر: حمایت گیر۔ امن جو۔ پناہ گزین
پناہ گیری: حمایت گیری۔ امن جوئی۔ حفاظت طلبی۔ پناہ گزینی

پناہ میں رہنا ۔ پناہ میں آنا ۔ دست پناہ ۔ فضیلت پناہ ۔ شجاعت پناہ ۔ غیرت پناہ ۔ جہالت پناہ ۔ الٰہی پناہ ۔ عقل پناہ (جاہل) ۔ ایزد پناہ ۔ گیتی پناہ (دنیا کا نگہبان)۔ جہاں پناہ

پنبہ: روئی۔ کپاس

پنبہ بہ گوش/ در گوش: غافل۔ بے خبر۔ بے پروا۔ غیر متوجہ
پنبہ دہن/ دہان: کم گو۔ کم سخن۔ خاموش۔ چپ

پنتھ: ۱۔ راہ۔ باٹ۔ راستہ۔ طریق۔ سبیل
۲۔ مذہب۔ دھرم۔ مت۔ مسلک۔ دین
۳۔ فرقہ۔ قوم۔ ملت۔ گروہ

پنتھی: دین دار۔ مذہبی۔ دھرمی

پنج: پانچ۔ خمس

پنج ارکان: ارکانِ خمسہ (کلمہ طیبہ۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ)

پنج تن : افرادِ خمسہ (حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ، حضرت علیؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ)

پنج روزہ : مختصر۔ ناپائیدار۔ فانی۔ عارضی۔ چند روزہ

پنجشنبہ : جمعرات۔ یوم الخمیس۔ دیروار

پنج آیت — پنجاہ — پنج سورہ — پنج شاخہ — پنج عیب — پنج عیب شرعی — پنجگانہ — پنج گنج — پنج گوشہ — پنجم — پنجمیں — پنج نوبت — پنج وقتی — پنج ہزاری — پنج پا — پنج پایہ — پنج پایک (کیکڑہ) — پنج گاہ (موسیقی کے ایک پردے کا نام) — پنج نوش (ایک معجون)

پنجاہ : پچاس۔ خمسون

پنجر : ڈھانچہ۔ قالب۔ ڈھانچ

پنجرہ : قفس۔ روزنہ۔ نیم در۔ درب۔ کوچک۔ شبکین۔ پنجر۔ بزندار۔ پشک۔ پپشک۔ پپشکا

پنجہ : ۱۔ پنج انگشت۔ چنگل۔ کف دست۔ برثن۔ مخلب۔ مقطم
۲۔ پپ۔ مٹھی
۳۔ قبضہ۔ گرفت۔ قابو۔ اختیار۔ نرغہ

پنجہ پھیرنا — اینٹ کا پنجہ — پنجہ ٹیکنا — پنجۂ شاخہ — پنجہ کرنا — پنجہ کش — پنجہ لڑانا — پنجہ لے جانا — پنجہ مروڑنا — پنجۂ مریم — پنجہ موڑنا — پنجوں پر چلنا — پنجوں کے بل چلنا — پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا — پنجہ لگانا — پنجۂ آفتاب — پنجہ نیچارہ — پنجہ مارنا — پنجے سے چھوڑنا — پنجے گاڑنا — پنجے جانا — پنجے میں لانا — پنجے میں لینا — پنجے میں جکڑنا

پنچ : ۱۔ پانچ۔ پنج۔ خمس
۲۔ ثالث۔ سردار۔ حاکم۔ چودھری
۳۔ صلاح کار۔ مشیر

پنچ کہیں بلی تو بلی ہی سہی
پنچ جہاں پرمیشر
پنچ مانے خدا، خدا مانے پرمیشر
پنچ مکھ پرمیشر
پنچ ل خدا۔ خدا ل پنچ
پنچ مل کیجے کاج، ہارے جیتے نہ آئے لاج
پنچوں شامل مر گئے، جانو گئے برات
پنچوں کا کہا سر آنکھوں پر، مگر پرنالا یہیں رہے گا

پنچایت : ۱۔ ثالثی مجلس۔ پنچ سبھا۔ مجلسِ مشاورت۔ مجلسِ شوریٰ۔ کمیٹی۔ جیوری۔ جلسہ
۲۔ ثالثی۔ فیصلہ۔ تصفیہ
۳۔ صلاح مشورہ
۴۔ شور۔ غوغا۔ غل
۵۔ مجمع۔ گروہ۔ ہجوم۔ جمگھٹ۔ ازدحام

پنچھی : ۱۔ پکشی۔ پکھیرو۔ طائر۔ پرندہ
۲۔ آوارہ گرد۔ سیلانی
۳۔ سادہ لوح۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ

پند : نصیحت۔ صلاح۔ موعظت۔ ہدایت

پندار : ۱۔ خیال۔ تصور
۲۔ غرور۔ نخوت۔ تکبر
۳۔ غور۔ فکر۔ اندیشہ
۴۔ انا۔ انانیت

پندرہ : پانزدہ۔ پنس۔ سشر

پندرھواڑا : پاکھ۔ نصف ماہ۔ نیم ماہ

پِنڈ : ۱۔ جسم۔ بدن۔ تن۔ جُثہ
۲۔ گولہ۔ بھنڈا
۳۔ گاؤں۔ دِہ۔ قریہ۔ آبادی۔ بستی

پِنڈا : ۱۔ جسم۔ تن۔ بدن
۲۔ گولہ۔ گول۔ مدوّر

پَنڈت : ۱۔ عالم۔ صاحبِ علم۔ دانش مند
۲۔ استاد۔ معلّم۔ گورو
۳۔ مذہبی عالم۔ پروہت۔ برہمن
۴۔ جوتشی۔ نجومی۔ منجم۔ اختر شناس۔ انجم شناس۔ ستارہ شناس

پنڈت خانہ : ۱۔ بندی خانہ۔ قید خانہ۔ زنداں۔ محبس۔ سجن
۲۔ قمار خانہ

| پنڈت کی جو زبان پر وہی پوتھی میں

پنڈتائی : ۱۔ پروہت پن
۲۔ علمیت۔ دانش مندی۔ فضیلت

پنڈلی : ساق۔ گیک پا۔ پنّی

پنس/پینس/فینس : پالکی۔ ڈولی۔ محافہ

پنساری : عطار۔ دوا فروش۔ پرچونیا

پنشن : وظیفہ۔ امدادِ سہارا

پنچر : سوراخ۔ چھید

پنکھ : ۱۔ پکش۔ بازو۔ پَر۔ بال
۲۔ دامن۔ آنچل۔ پلّو

پنکھا : بادکش۔ بادزن۔ مروحہ۔ مرواح۔ بادبیز

پنکھڑی : پتی۔ برگِ گل۔ ورقِ گل

پنگورا : جھولا۔ گہوارہ۔ پالنا۔ مہد۔ ہنڈولا۔ پنگوڑا

پنہاں : نہاں۔ پوشیدہ۔ مستور۔ مخفی

پنیری : پود۔ بچے۔ نسل۔ نژاد

پنیلا : ۱۔ آبی۔ پنیا ہوا
۲۔ بدمزہ۔ پھیکا

پَو : ۱۔ سپیدہ۔ صبح۔ نورِ سحر۔ تڑکا۔ سویرا
۲۔ پیاؤ۔ سبیل۔ پنسالا
۳۔ چوتھائی۔ چہارم۔ پوّا
۴۔ (پانسے کا) داؤ

پوبارہ : جیت۔ اقبال مندی۔ خوش بختی۔ خوش نصیبی
پوچھکا : جوا۔ قمار بازی

پواڑا : داستاں طراز۔ طویل قصہ۔ رام کہانی۔ بکھیڑا۔ جھگڑا

پوپلا : بے دانت۔ پلپلا

| پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی

پُوت : بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ خلف۔ ابن۔ ولد

پُوت ہگانے چُوہیے، منہ دالوں جریئے
پُوت بھے سیانے، دُکھ بھئے پُرانے
پُوت نقرلی کا چال چلے اصدیوں کی
پُوت کپُوت پنگوڑوں میں ہی پہچانے جاتے ہیں
پُوت کپُوت ہو تو ہو، پر ماں کماں نہیں ہو سکتی
پُوت کرے ہشیار کے آگے آئے
پُوت کی ذات کو سو جوکھوں
پُوت کے پاؤں پالنے میں ہی دکھائی دینے لگتے ہیں
پُوت مانگنے گئیں بھتار بیتی آئیں

پوتا: ا۔ پسر۔ فرزند۔ نبیرہ۔ نسے
۲۔ ہچارا۔ لپائی

پوِتر: پاک۔ صاف۔ طاہر۔ مقدس۔ متبرک

پوترا: نماچہ۔ گوڈر۔ پھریا۔ رومال

پوتھی: پستک۔ کتاب۔ صحیفہ

پوٹ: ا۔ گٹھڑی۔ بقچہ۔ پشتارہ
۲۔ بوجھ۔ بھار۔ بار
۳۔ زیادتی۔ بیشی۔ کثرت۔ افراط۔ فراوانی

پوٹا: ا۔ سدہ پرند
۲۔ حوصلہ۔ حیثیت۔ بساط۔ ہمت۔ طاقت۔ جرأت

پوٹلا: گٹھڑ۔ بقچہ۔ بنڈل

پُوجا: ا۔ عبادت۔ پرستش۔ پرستاری۔ بندگی
۲۔ خدمت۔ سیوا۔ ٹہل
۳۔ نذر۔ نیاز۔ بھینٹ۔ چڑھاوا۔ قربانی

پوجیا: قابلِ پرستش۔ لائقِ احترام۔ قابلِ عزت۔ محترم

پوچ: ا۔ بے مغز۔ خالی۔ بے ہودہ۔ لغو۔ مہمل
۲۔ ذلیل۔ حقیر۔ پاجی۔ کمینہ۔ ہیچ

پوچ گو: بے ہودہ گو۔ یاوہ گو۔ لغو گو۔ ہرزہ سرا۔ بکواسی
پوچ گوئی: بے ہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی۔ لغو گوئی۔ ہرزہ سرائی۔ بکواس
پوچ مغز: احمق۔ بے وقوف۔ ابلہ۔ نادان۔ مورکھ

پوچھ: ا۔ دریافت۔ پرسش۔ تلاش
۲۔ خواہش۔ طلب
۳۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ وقار
۴۔ آؤ بھگت۔ مدارات۔ توقیر۔ قدردانی

پوچھ پاچھ: تحقیق۔ تفتیش۔ دریافت
پوچھ گچھ: ا۔ تحقیق۔ تفتیش۔ دریافت۔ بازپرس
۲۔ خاطر۔ تواضع۔ مدارات۔ آؤ بھگت
۳۔ عزت۔ حرمت۔ قدرومنزلت۔ توقیر

پوچھا: فال۔ شگون

پوچھا پاچھی / تاچھی: ا۔ دریافت۔ تحقیق۔ تفتیش
۲۔ فال۔ شگون

پُوچھن: (بہ واوِ معروف) استخارہ۔ تعبیر۔ فال۔ شگون۔ دریافت

پوچھن: (بہ واوِ مجہول) جھاڑن۔ کھرچن۔ جھوٹن

پُوچھنا: معلوم کرنا۔ دریافت کرنا۔ واقفیت حاصل کرنا۔ پرسش کرنا۔ خبر لینا۔ خبر ہونا۔ سوال کرنا

پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر بھی مل جاتا ہے
پوچھتے پوچھتے دلّی پہنچ جاتے ہیں
پوچھ لے دو کر، اُستاد سے جس کو
پوچھو دن کی، بتلاتے رات کی
پوچھو زمین کی، بتائے آسمان کی
پوچھیں جب بولیے، بلائیں جب جائیے

پَود : ۱۔ پنیری۔ چھوٹا پودا
۲۔ نسل۔ اولاد۔ خاندان

پَودا : بوٹا۔ پودھا۔ نہال

پُودینہ : نعناع۔ پودنہ۔ فوتنج۔ فودنج۔ حبق

پودینے کی گٹھی — پودینے کا ست — پودینے کی کیاری — پودینے کی چٹنی — پودینے کی خوشبو — پودینے کے پتے — پودینے کا عرق

پوڈر : ۱۔ برادہ۔ سفوف
۲۔ غازہ

پُور : (ہندی) بستی۔ آبادی۔ گاؤں۔ قریہ

پُور : (فارسی) بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ ولد۔ ابن۔ خلف۔ پوت

پُورا : ۱۔ کامل۔ مکمل۔ سمپورن
۲۔ سب۔ سارا۔ تمام۔ کل
۳۔ بالغ۔ رسیدہ
۴۔ بالب۔ لب ریز۔ بھرپور۔ بھرا ہوا۔ برشاد۔ لکونک۔ کناروں سے چھلکا ہوا
۵۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ مشاق۔ ماہر۔ باکمال
۶۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح
۷۔ طاقت۔ مقدرت۔ توانائی۔ سکت۔ شکتی
۸۔ پختہ۔ پکا۔ مضبوط۔ محکم۔ مستحکم

پورا بھرنا — پورا کر دینا — پورا پورا بھر کر دینا — چھلکا دینا — پوری عمر — پوری بات — پوری پڑنا — پوری ڈالنا — پوری ہونا — پوری زندگی — پوری کتاب — پورا کام — پورا سفر — پورا دن — پورا پڑنا — پورا ہونا — پورے دنوں سے ہونا (نو ماہ) — پورا عرصہ — پورا وقت

پورا تول چاہے مہنگا بیچ

پُورب : مشرق۔ شرق

پورب جاؤ یا پچھم، وہی کرم کے لچھن
پورب یا پچھم، گھر سب سے اُتم

پُوربی : مشرقی۔ شرقی

پوربی رنگ، پہاڑی گدھا

پُورن : پورا۔ مکمل۔ کامل۔ بھرپور

پورن ماشی: کمال ماہ۔ ماہِ شب چار دہم۔ پونم۔ چودھویں کا چاند

پوست : ۱۔ جلد۔ کھال۔ چمڑا
۲۔ چھال۔ چھلکا
۳۔ کوکنار

پوست کندہ: صاف۔ بے لاگ۔ ظاہر۔ آشکار۔ صریح

پوسٹ: ۱۔ ڈاک، چٹھی۔ خط۔ بربد
۲۔ چوکی
۳۔ عہدہ۔ آسامی

پوسٹ آفس: ڈاک گھر۔ ڈاک خانہ

پوسٹ مین: ڈاکیا۔ ہرکارا

پوسٹر: اشتہار

پوش: (امر پوشیدن) ڈھانپنا

خطاپوش ــ کفن پوش ــ پاپوش ــ بسنتی پوش ــ
سرپوش ــ پلنگ پوش ــ میز پوش ــ گلابی پوش
ــ سرخ پوش ــ سبز پوش ــ کمبل پوش ــ
صرف پوش ــ بالاپوش ــ پردہ پوش ــ پردہ پوشی
ــ تخت پوش ــ چلم پوش ــ تورہ پوش ــ سیب پوش
ــ آہن پوش ــ عرق پوش ــ کلی پوش ــ قاقم پوش
(سفید پوش) ــ کمبل پوش ــ کلاہ شب پوش ــ
کفش پوش (شاطر و عیار) ــ گلگوں پوش ــ نطع پوش (میداں)
ــ گوہر پوش ــ پرنیاں پوش ــ خفتان پوش ــ
نقاب پوش ــ خوان پوش ــ زانو پوش ــ زرہ پوش
ــ سلح پوش ــ زین پوش ــ سیاہ پوش ــ سفید
پوش ــ نمد پوش ــ ستر پوش ــ پلاس پوش (فقیر)
ــ تاج پوش ــ پوست پوش (فقیر) ــ خرقہ پوش (فقیر)
ــ خس پوش ــ دلق پوش (فقیر) ــ خش پوش (فقیر)

پوشاک: لباس۔ پوشش۔ پہناوا۔ ملبوس

پوشش: ۱۔ لباس۔ پہناوا۔ پوشاک
۲۔ غلاف

پوشیدگی: ۱۔ اخفا۔ پردہ۔ پنہانی۔ پردہ داری۔ نہفتگی
۲۔ تنہائی۔ خلوت

پوشیدہ: ۱۔ پنہاں۔ نہاں۔ مخفی۔ مستور۔ نہفتہ۔ خفیہ۔ گپت۔ بیٹھ پیچھے۔
مستتر۔ الوپ۔ مکنون۔ درپردہ۔ چھپا ہوا
۲۔ خفی۔ باریک۔ پُراسرار

پوشیدہ رہنا ــ پوشیدہ بات ــ پوشیدہ زندگی ــ
پوشیدہ حرکات ــ پوشیدہ امراض ــ پوشیدہ معالجہ

پوکھر: تالاب۔ جوہڑ

پول: کھوکھلاپن۔ جوف۔ خلا

پولا: کھوکھلا۔ مجوف۔ خالی۔ نرم

پَوَن: ۱۔ ہوا۔ باد۔ ریح
۲۔ دم۔ سانس۔ نفس۔ روح
۳۔ خبیث روح۔ بھوت۔ بیر۔ موکل

پُونجی: متاع۔ سرمایہ۔ بضاعت۔ راس المال۔ جائیداد۔ اثاثہ۔ بساط۔
حقیقت۔ جمع جکڑی۔ کمائی۔ جمع جوکھوں

پُونچھ: ۱۔ دم۔ ذنب
۲۔ کمر۔ پشت
۳۔ دُم چھلا۔ پچھ لگا۔ طفیلی

پہ: ۱۔ پر۔ اوپر
۲۔ پر۔ لیکن۔ مگر۔ الا۔ بلکن۔ بلکہ

پہاڑ: ۱۔ پربت۔ کوہ۔ جبل۔ ساؤ نیتی۔ غر۔ کہسار۔ طور۔ ردہ۔ راہ ذرنگر

جدوجہد۔ دشوار۔ مشکل

۳۔ لمبا۔ طویل۔ دراز

پہاڑ کا دامن — پہاڑ کی ترائی — پہاڑ گونج اٹھنا —
پہاڑ کی ڈاک — پہاڑ والی (چیچک)

پہاڑی / پہاڑیا: کوہی۔ جبلی۔ کوہستانی۔ باشندۂ کوہ

پہچان: ۱۔ واقفیت۔ شناسائی۔ تعارف۔ تعرف۔ درک
۲۔ شناخت۔ پرکھ۔ تمیز۔ شعور۔ وقوف۔ گیان
۳۔ علامت۔ نشانی
۴۔ سمجھ۔ فہم۔ عقل

پہچان کرنا — پہچاننا — پہچان رکھنا — پہچان ہونا

پہرا: ۱۔ نگہبانی۔ نگہداشت۔ حفاظت۔ دیکھ بھال
۲۔ سنتری۔ دربان۔ پاسبان۔ محافظ
۳۔ زمانہ۔ وقت۔ دور۔ عہد۔ ساعت

پہل: ۱۔ ابتدا۔ آغاز۔ شروعات۔ آر
۲۔ کھونٹ۔ کونا۔ گوشہ
۳۔ جانب۔ طرف۔ رخ

پہلا: ۱۔ اوّل۔ اوّلین۔ مقدم۔ ابتدائی۔ بڑا۔ جیٹھا۔ پہلوٹھی کا
۲۔ پرانا۔ اگلا۔ سابق۔ مقدم

پہلی بسم اللہ غلط
پہلی پونجی اللہ میاں کی آس
پہلے آپ پیچھے باپ
پہلے اپنی ہی داڑھی کی آگ بجھائی جاتی ہے
پہلے پیٹ کا

پہلے پتر، پھر دیوتا پتر
پہلے پہرے سب کوئی جاگے، دوسرے پہرے بھوگی
تیسرے پہرے چور جاگے، چوتھے پہرے جوگی
پہلے پیرے بکوا، پھر پیرے تکوا، پیچھے بیرے پھر جات
پہلے پہرے جوگی، نہ بیچ میں پہرے بھوگی، پیچھے پہرے روگی
پہلے تولو پھر منہ سے بولو
پہلے ہی بوسے / چومے گال کاٹا
پہلے سوچ بچار، پھر کیجئے کار
پہلے کھانا، پھر بتانا / پیچھے بات کرنا
پہلے گھر میں پھر / پیچھے مسجد میں
پہلے لکھ پیچھے دے، پھر بھولے تو کاغذ سے لے
پہلے مارے سو میر
پہلے ہی نقطے بال آیا

پہلو: ۱۔ جنب۔ پسلی۔ کوکھ
۲۔ جانب۔ طرف۔ پاکھا۔ پاکھ۔ پکش۔ سائڈ۔ پاسا
۳۔ رخ۔ جہت۔ سمت
۴۔ کنار۔ بغل۔ آغوش
۵۔ پڑوس۔ پاس۔ ساتھ۔ قرب۔ نزدیک۔ متصل
۶۔ تکیہ۔ ٹیک۔ سہارا
۷۔ رمز۔ کنایہ۔ اشارہ۔ نکتہ
۸۔ طرز۔ طریقہ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ ڈھب۔ تدبیر۔ روش
۹۔ برابر۔ سامنے
۱۰۔ ترکیب۔ طریقہ۔ بہانہ۔ حیلہ

پہلو بہ پہلو: برابر۔ ساتھ ساتھ۔ دوش بدوش

پہلودار: ۱۔ سخی۔ کریم۔ فیاض۔ جوان مرد
۲۔ پائیدار۔ قائم۔ مستحکم۔ محکم
۳۔ مرموز۔ مبہم۔ مشتبہ
۴۔ کثیر المعنی۔ کثیر المطلب

پہلو نشیں: مصاحب۔ ہم نشیں۔ جلیس۔ ہم مجلس۔ رفیق

پہلو بدلنا ۔ دوسرا پہلو ۔ ایک پہلو اچھا ہے دوسرا
بُرا ۔ پہلو بچانا ۔ پہلو پر آنا پہلو پھیرنا
پہلو چلنا ۔ پہلو سونپنا ۔ پہلو مارنا پہلو ملنا ۔ پہلو
لانا ۔ پہلو نکلنا

پہلوان : ۱۔ کشتی گیر ۔ مل ۔ زور آزما۔
۲۔ توانا ۔ قوی ۔ طاقتور ۔ زور آور ۔ جوان ۔ رستم ۔ قوی جثہ ۔
قوی اندام ۔ نیرومند ۔ تنومند
۳۔ باحوصلہ ۔ باہمت ۔ جری ۔ بہادر ۔ دلاور ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ سورما ۔
سور بیر
۴۔ لڑاکا ۔ جنگجو ۔ لڑنے والا ۔ لڑیتا

پہلوانی : ۱۔ کشتی ۔ زور آزمائی ۔ ورزش ۔ کسرت
۲۔ توانائی ۔ قوت ۔ طاقت ۔ زور ۔ بل
۳۔ باہمتی ۔ جرأت ۔ دلیری
۴۔ لڑائی ۔ جنگ

پہلوانی کے داؤں پیچ ۔ پہلوانی کا لپکا

پہلوٹا : ۱۔ جیٹھا ۔ پہلا بچہ ۔ پہلونٹھی کا لڑکا

پہلوٹی : (پہلونٹی) پلوٹھی ۔ جیٹھا ۔ اولادِ اوّلیں

پہلی : ابتدائی ۔ اول کی ۔ شروع کی آغاز کی ۔ اولیں

پہلے : اول ۔ مقدم ۔ آگے ۔ اگلے زمانے میں ۔ شروع میں

پہلے پہل ۔ پہلے تم پیچھے ہم ۔ پہلے چومے گال کاٹا ۔
پہلے سے چٹنی کے دھان کوٹنا ۔ پہلے سے سونا ۔
پہلے گھر کے، پیچھے باہر کے ۔ پہلے مار سے سو میری
۔ پہلے لوگ ۔ پہلی باتیں ۔ پہلے ایام ۔ پہلے
زمانے

پہن / پہنا : چوڑا ۔ کشادہ ۔ فراخ ۔ وسیع

پہناوا : ۱۔ لباس ۔ پوشاک ۔ پوشش
۲۔ طرزِ لباس ۔ اندازِ پوشش ۔ فیشن

پہنائی : چوڑائی ۔ کشادگی ۔ فراخی ۔ وسعت

پہنچ : ۱۔ رسائی ۔ دخل ۔ باریابی
۲۔ رسائی فکر ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ فہم
۳۔ حوصلہ ۔ ہمت ۔ اختیار
۴۔ رسید ۔ وصولی

پہنچا : کلائی ۔ ساعد

پہنچی : دست بند ۔ چوڑی ۔ دست برنجن

پہننا : زیب تن کرنا ۔ ملبوس ہونا

پہیا : چرخ ۔ چرخی ۔ چکر ۔ حلقہ ۔ دولاب ۔ گول حلقہ ۔ وہیل

پہیلی : بجھارت ۔ معما ۔ چیستان ۔ لُغز ۔ بھول ۔ گورکھ

پھاپھا کٹنی : عیارہ ۔ مکارہ ۔ دلالہ

پھاٹ : ۱۔ تقسیم ۔ بانٹ ۔ بٹوارا ۔ حصہ
۲۔ چوڑائی ۔ عرض

پھاٹک : ۱۔ دروازہ ۔ در ۔ دوار
۲۔ باڑا ۔ احاطہ ۔ مویشی خانہ

۲۔ آڑ۔ روک

پھاٹک بندی: حراست۔ قید۔ گرفتاری
پھاٹک دار: ۱۔ دربان۔ پاسبان۔ نگہبان
۲۔ داروغۂ زندان۔ داروغۂ قیدخانہ

| پھاٹک ڈوم گڑھ لوٹا

پھاڑ: ۱۔ شگاف۔ چاک۔ کھونچ۔ درز۔ دراڑ
۲۔ ٹکڑا۔ پھانک۔ قاش

پھاڑ کھاؤ: ۱۔ درندہ۔ خونخوار۔ جلاد
۲۔ بدمزاج۔ تندخو۔ جھلا

پھاڑنا: شق کرنا۔ چیرنا۔ چاک کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دریدن۔ خرق۔
مزق۔ ادھیڑنا

پھال: پھالی۔ پھل۔ رچو۔ کوسا۔ پھار۔ آہن۔ آاج۔ آہن گاؤ۔ سکب

پھاند: ۱۔ چھلانگ۔ کانچ۔ پھلانگ۔ کود۔ جست
۲۔ دقت۔ دشواری۔ مشکل
۳۔ حیرانی۔ پریشانی۔ سراسیمگی

پھانس: ۱۔ کانٹا۔ خار۔ تنکا (چبھا ہوا)
۲۔ خلش۔ کھٹکا۔ اندیشہ۔ فکر
۳۔ دکھ۔ رنج۔ تکلیف

پھانسنا: گرفتار کرنا۔ پکڑنا۔ گھیرنا۔ فریب میں لانا۔ داؤں کرنا۔ بس میں
لانا۔ قابو میں کرنا۔ اختیار پانا

پھانسی: ۱۔ پھندا۔ کمند۔ بند۔ دار۔ موت کا پھندا۔ گلوکش۔ پھاہی
۲۔ سُولی۔ سزائے موت

پھانسی پانا۔ پھانسی پڑنا۔ پھانسی چڑھانا۔ پھانسی
دینا۔ پھانسی لگانا۔ پھانسی سے اتارنا

پھانک: ۱۔ ٹکڑا۔ قاش
۲۔ پھنکا۔ پھنکی

پھاوڑا: کدال۔ بیلچہ۔ کسی

پھاوڑا نہ کدال، بڑا کھیت ہمارا
پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتا

پھاہہ: تیزابہ۔ پھایا

پھبتا: ۱۔ موزوں۔ مناسب۔ زیبا۔ لائق۔ سجتا
۲۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح

پھبتی: مثال۔ تشبیہ۔ فقرہ۔ طنز۔ طعن۔ تشنیع

پھبن: ۱۔ زیبائش۔ آرائش۔ سجاوٹ
۲۔ تناسب۔ موزونیت
۳۔ چھب۔ ادا۔ انداز

پھپٹ/پھپھیٹ: ۱۔ ضد۔ ہٹ۔ کد
۲۔ فریب۔ دغا۔ چال۔ جھانسا
۳۔ فتنہ۔ فساد۔ شورش۔ ہنگامہ
۴۔ شور۔ غل۔ غوغا

پھپٹ باز: ۱۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ چالیا
۲۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ فتنہ پرداز۔ منفتی

پھپٹ بازی: ۱۔ دغا بازی۔ فریب کاری۔ مکاری۔ چال
۲۔ فساد۔ مفسدہ پردازی۔ فتنہ پردازی
پھپٹ الی: فسادی عورت۔ جھگڑالو عورت

پھپڑ/پھپھڑ دلالے: ۱۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق
۲۔ مکاری۔ فریب۔ دم۔ جھانسا

پھپس: موٹا۔ پھولا۔ پولا۔ بھدا

پھپک: بالیدگی۔ افزائش۔ نمو

پھپکا: چھالا۔ پھپھولا۔ آبلہ

پھپکار: پھنکار۔ سیٹی

پھپولا: پھپکا۔ چھالا۔ آبلہ

پھُٹ: تنہا۔ اکیلا۔ فرد۔ طاق

پھِٹ: لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ تُف

پھِٹ پھِٹ: تھُو تھُو۔ دُر دُر۔ آخ تھُو

پھٹا: دریدہ۔ چرا

| پھٹے کو نہ سیے اور روٹھے کو نہ منایئے تو گزارہ کیسے ہو سکتا ہے
| پھٹے میں پاؤں، دفتر میں ناؤں
| پھٹے نہ ہونے، جی جان نہ پھوٹے

پھٹکا: ۱۔ لمحہ۔ آن۔ لحظہ
۲۔ پنجرہ۔ پھٹکی۔ دام۔ جال

پھٹکار: ۱۔ لعنت۔ ملامت۔ دھتکار
۲۔ ذلت۔ خواری۔ بے عزتی۔ بے آبروئی
۳۔ آمیزش۔ چاشنی

پھٹکڑی: زاک۔ زاج۔ پھٹکری سیانی

پھٹکل: ۱۔ واحد۔ اکیلا۔ تنہا۔ اِکّا دُکّا
۲۔ علیحدہ۔ جدا۔ الگ
۳۔ متفرق
۴۔ ریزہ۔ ریزگاری۔ خردہ

پھٹکن: پچھوڑن

پھٹکی: ۱۔ دام۔ جال۔ پنجرہ
۲۔ دروازہ۔ کواڑ
۳۔ گانٹھ۔ گرہ۔ گٹھلی
۴۔ منجمد قطرۂ خون۔ دھبا۔ ریزہ۔ بوند

پھٹنا: چاک ہونا۔ تڑقنا۔ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ شق ہونا۔ شگاف پڑنا۔
دریدہ ہونا۔

قمیض پھٹنا — بادل پھٹنا — زمین پھٹنا — دودھ
پھٹنا — مکان پھٹنا — گھوڑے کا پھٹ کر چلنا —
پھٹے پھٹے دیدے — پھٹے میں پاؤں — پھٹے میں
پاؤں اڑانا — آواز پھٹنا — ہونٹ پھٹنا — ککڑی
کا پھٹنا

پھُٹیل: ۱۔ اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ جدا۔ الگ۔ طاق

پھدک: جوش۔ ابال

پُھدکنا: کُدکنا۔ جست بھرنا۔ اُچھنا۔ کودنا۔ پُھدکی

پھر: ۱۔ تب۔ تو۔ اُس پر
۲۔ دوبارہ۔ مکرر۔ ثم۔ باز۔ اور۔ مزید براں
۳۔ بعد ازاں۔ پس ازاں۔ بعد ۂ۔ پس ازیں
۴۔ تاہم۔ ہرگز۔ مگر

پھر روتا — پھر آنا — پھر بیٹھنا — پھر بھی موچی کے موچی رہنا — پھر پڑنا — پھر پھر کر — پھر جانا — پھر کون ہے کس کا راج — پھر کہنا — پھر کے دیکھنا — پھر کے پس پشت نہ دیکھنا — پھر کے نہ دیکھنا — پھر ناگو — پھر نہ کہنا — ہر پھر کے آنا — پھر یاد آنا

پھر بھی موچی کے موچی رہے
پھر بے گھوڑے بیں سے
پھر کون ہے کس کا راج
پھر کون مرے کون جیے

پھراؤ: پھر لوٹنا۔ پلٹنا۔ پلٹاؤ

پھرائی: واپسی۔ تاراں واپسی

پُھرپُھری: کپکپی۔ تھرتھری۔ لرزہ۔ پُھریری

پھیر پھند: ۱۔ فریب۔ مکر۔ دغا۔ چھل۔ دام۔ جھانسا
۲۔ داؤں پیچ
۳۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ تنفیر

پھیر پھیری: ۱۔ ذہنی۔ مکار۔ دغا باز۔ چھلیا۔ پھیر پھندی
۲۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ شقی

پھرت: حرکت۔ چلت۔ گردش۔ رقص۔ ناچ

پُھرت / پُھرتی: تیزی۔ چُستی۔ چالاکی۔ طراری۔ جلدی۔ تڑا تڑ۔ تیز روی۔ ہوشیاری

پھرتی دکھانا — پھرتی سے کام کرنا — پھرتی سے کھیلنا

پُھرتیلا: چست۔ چالاک۔ تیز۔ طرار

پھرکی: لٹو۔ چکر۔ چرخی۔ دمڑکا۔ فرفرک۔ فرزہ۔ گھرنی۔ ریل۔ بنگی۔ چکئی۔ خذروف۔ غرارہ۔ قرمانہ

پھرنا: گشت کرنا۔ گھومنا۔ ٹہلنا۔ چہل قدمی کرنا۔ مصروفِ خرام ہونا

باغ میں پھرنا — نظر میں پھرنا — خوابوں میں پھرنا — ذہن میں پھرنا — مارا مارا پھرنا — آوارہ پھرنا — گلی گلی پھرنا — ننگے پھرنا

پُھریرا: ۱۔ خشک۔ چٹکا
۲۔ پرچم۔ نشان۔ جھنڈا۔ پھریرا

پَھری: ۱۔ سپر۔ ڈھال
۲۔ روک۔ بچاؤ۔ حفاظت

پھریری: ۱۔ جھرجھری۔ کپکپی۔ لرزہ
۲۔ پھریا۔ پھاہا
۳۔ جوش۔ امنگ۔ لہر۔ موج

پَھریا: لنگا۔ غرارہ

پھریا نہ ساڑی، بڑی سوہا ہاری

پھڑ: ۱۔ قمار خانہ
۲۔ اڈا ۔ دکان
۳۔ چبوترہ ۔ توپ گاڑی

پھڑباز: قمار باز ۔ جواری ۔ جواریا
پھڑبازی: قمار بازی ۔ جوا

پھڑپھڑاہٹ: پریشانی ۔ پریشانی ۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔ بے قراری ۔ بیتابی ۔ اضطراب

پھڑک/پھڑکن: ۱۔ بے قراری ۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔ بے تابی ۔ اضطراب ۔ تڑپ
۲۔ بھڑک نیش
۳۔ دھڑکن ۔ حرکت

پھڑیا: پرچونیا ۔ خردہ فروش ۔ خوانچہ فروش ۔ ٹٹ پانجیا ۔ پھٹکل فروش ۔ کریانہ فروش ۔

پھساکو: خراب تباکو ۔ پھیکا تمباکو

پھساؤ: گرفتاری ۔ ابتلا

پھسادا: الجھاؤ ۔ الجھن ۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ ٹنٹا

پھسابندا: ۱۔ سڑاندا ۔ بدبودار ۔ متعفن ۔ بساندا
۲۔ نامعقول ۔ ناموزوں ناماسب

پھس پھسا: ۱۔ ملائم ۔ نرم ۔ ڈھیلا ۔ پلپلا ۔ پولا ۔ بیکار
۲۔ بدمزہ ۔ بدذائقہ ۔ بے لطف ۔ پھیکا سیٹھا

پھس پھساوٹ/پھس پھساہٹ: کم ہمتی ۔ کھسر پھسر ۔ سرگوشی

پھسڈی: ۱۔ بودا ۔ کمزور ۔ پست
۲۔ ہارا ۔ شکست خوردہ ۔ ہزیمت خوردہ ۔ منہزم

پھسلانا: دام میں لانا ۔ رضامند کرنا ۔ راضی کرنا ۔ جھانسا دینا

پھسلاؤ ـــ پھسلاوا ـــ باتوں ہی باتوں میں پھسلا لینا

پھسلاوا: بہکاوا ۔ چکما ۔ فریب ۔ جھانسا ۔ بہلاوا

پھسلن: رپٹن ۔ کھسکن ۔

پھسلنا: مائل ہونا ۔ راغب ہونا ۔ فریفتہ ہونا ۔ پھسل جانا ۔ عاشق ہو جانا ۔ بہکنا ۔ گمراہ ہونا ۔ لغزش ہونا ۔ رپٹنا ۔ لڑھکنا ۔ تلکنا ۔

دل پھسلنا ـــ طبیعت پھسلنا ـــ نظر پھسلنا ـــ
پھسلنا پتھر ۔ پھسلن ـــ پھسلنی جگہ ـــ برف پر پھسلنا

پھسینڈا: ۱۔ پھسپھسا ۔ سڑاندا ۔ گندہ ۔ بدبودار ۔ متعفن ۔ بساندا ۔
۲۔ نامعقول ۔ نامناسب ۔ ناموزوں

پھش: پھٹ ۔ تھو ۔ تف ۔ دُر

پھکڑ: گالی ۔ دشنام ۔ ہزل ۔ ناشائستہ گفتگو

پھکڑباز: دشنام طراز ۔ ہزل گو ۔ بیہودہ گو ۔ لغو گو ۔ فحش گو ۔ بے پر کی اڑانے والا
پھکڑبازی: دشنام طرازی ۔ ہزل گوئی ۔ بیہودہ گوئی ۔ لغو گوئی ۔ فحش گوئی ۔ بے تکی گفتگو

پھکڑی: بداخلاقی ۔ بدتہذیبی ۔ ناشائستگی ۔ بے عزتی ۔ خواری

پُھکنی : دھونکنی ۔ دم کش ۔ آتش افروز ۔ سُنبہ ۔ سنناخ ۔ نلام ۔ حسلاخ ۔ درفش ۔ پنکھا

پُھکنی پھونکنا ــــ پُھکنی لگانا

پھل : ۱۔ ثمر ۔ میوہ ۔ بار ۔ پیداوار ۔ فروٹ
۲۔ فال ۔ شگون ۔ تعبیر ۔ استخارہ
۳۔ نتیجہ
۴۔ حاصل ۔ نفع ۔ یافت ۔ منفعت
۵۔ نسل ۔ نژاد ۔ اولاد
۶۔ دھار ۔ نوک ۔ انی ۔ پیکان ۔ تیر کی کھی ۔ نوکِ تیر ۔ نصل
۷۔ پھال ۔ پھالا ۔ پلڑا ۔ بلیڈ
۸۔ بدلہ ۔ عوض
۹۔ بخشش ۔ انعام
۱۰۔ خارج قسمت ۔ حاصل قسمت

پھل پات : میوہ ترکاری ۔ پھل پھلاری ۔ پھل پھول
پھل دار : میوہ دار ۔ ثمردار ۔ ثمرور

پھل آنا ــــ پھل پات ــــ پھل آتا نا ــــ پھل پھلاری ــــ
پھل تاڑ ــــ پھل دار ــــ پھل دینا ــــ پھل جانا ــــ پھل جلنا
ــــ پھل کا نیا کرنا ــــ پھل لگنا ــــ پھلے پھولے ــــ

پھل کھانا آسان نہیں
پھل وہ کھاسے جو پل جوتے

پُھلّا : ۱۔ کیل
۲۔ ٹمیٹ ۔ پھولا

پھلا پھولا : ۱۔ خوش قسمت ۔ خوش بخت ۔ خوش نصیب
۲۔ صاحب مال و اولاد ۔ شاد و آباد ۔ ہرا بھرا
۳۔ بن داب ۔ تر و تازہ ۔ سرسبز ۔ آباد ۔ بارونق

پُھلاسڑا : دم ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ جھانسا ۔ بھلاوا ۔ چکا

پُھلانا : ہوا بھرنا ۔ پھونک بھرنا ۔ تاننا

پھلانگ : پھلانگ ۔ کود ۔ جست

پُھلاؤ : ورم ۔ سوجن ۔ آماس

پُھلبہری : برص ۔ کُجا کوڑھ ۔ پھول

پُھل پُھلا : ۱۔ پھپس ۔ پھولا ۔ موٹا ۔ پولا
۲۔ اوچھا ۔ کم ظرف

پھلت : پیداوار ۔ بارآوری ۔ ثمروری ۔ ثمرداری

پُھلیتی : دکانِ گل فروشی ۔ بازارِ گل فروشاں

پُھلجھڑی : ۱۔ آتش بازی ۔ گل فشاں ۔ گلریز
۲۔ فتنہ ۔ فساد
۳۔ فسادی ۔ فتنہ پرداز ۔ متفنی ۔ چٹک چھیتو

پھلسا : ۱۔ دروازہ ۔ پھاٹک ۔ کواڑ ۔ باب
۲۔ روک ۔ سامانِ حفاظت
۳۔ بزرگ ۔ پنچ ۔ چودھری ۔ مکھیا

پھلسا ٹوٹا گاؤں لوٹا

پھلکا : ۱۔ چھالا ۔ پھپھولا ۔ آبلہ ۔ پھلک
۲۔ پھل ۔ پھڑا ۔ دھار ۔ نوک
۳۔ دنگل ۔ اکھاڑا

پھلکا: ۱۔ پتلی روٹی۔ چپاتی۔ پھول چپاتی
۲۔ ہلکا۔ سبک

پھلکی: پکوڑی۔ پھلوری

پھلوا: جھالر۔ پھندنا۔ گچھا۔ جھبا۔ گچھا

پھلواری: ۱۔ چمن۔ گلستان۔ بوستان۔ چمن گل کدہ۔ چھوٹا باغ۔ باغیچہ۔ گلزارچہ
۲۔ آل اولاد۔ عیال و اطفال۔ بال بچے

پھلوری: پھلکی۔ پکوڑی

پھن: کفچۂ مار۔ راس الحیہ۔ پھنی

پھندا: ۱۔ حلقہ۔ گھتی
۲۔ جال۔ دام۔ پھاند۔ فخ
۳۔ قید۔ گرفتاری
۴۔ مصیبت۔ تکلیف۔ بپتا
۵۔ قابو۔ بس
۶۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ دم۔ چال

پھندا پڑنا — پھندا چھڑانا — پھندا دینا — پھندا ڈالنا
— پھندا لگنا — پھندا مارنا — پھندے سے چھٹنا
— پھندا لگانا — پھندا توڑنا

پھندنا: گچھا۔ جھبا۔ شترابہ۔ شکن۔ جھالر۔ پھلوا

پھنساؤ: گرفتاری۔ روک۔ قید۔ الجھاؤ

پھنسنا: ۱۔ ماخوذ ہونا۔ گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا۔ دھرا جانا۔ مقید ہونا
۲۔ الجھنا۔ اٹکنا

پھنسی: پھڑیا۔ بثر۔ پھمنی

پھنکا: پھنکی۔ پھانک۔ پھکّا

پھنکار: پھونک۔ دم۔ نفس۔ سانپ کی پھونک۔ سانس

پھنکار مارنا — غصے میں پھنکارنا — سانپ کی پھنکار

پھننگ: چوٹی۔ سرا

پھوار/پھوہار: ہلکی بارش۔ ترشح۔ رم جھم۔ رذاذ۔ شؤبوب۔ بوندا باندی۔
رشاشہ

پھوپھا: شوہر خواہر پدر۔ پھپھا۔ پھُپھڑ

پھوپھو/پھوپھی: خواہر پدر۔ پھپھی۔ بُوا۔ پھُوا

پھوٹ: (بہ واو مجہول) پھٹ۔ لعنت۔ تُف

پھُوٹ: ۱۔ ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی۔ کسر۔ ٹوٹن۔ پھوٹن۔ توڑ پھوڑ
۲۔ نااتفاقی۔ نفاق۔ ان بن۔ تفرقہ۔ مفارقت۔ جدائی۔ تتر بتر۔ ابتری۔
پراگندگی
۳۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ بُغض

پھُوٹا: ٹوٹا۔ شکستہ۔ ریختہ

پھوٹا مقدر/پھوٹی تقدیر: بگڑا نصیب۔ بری تقدیر۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی
پھوٹی آنکھ کا تارا۔ عزیز بیٹا۔ نہایت عزیز۔ بہت پیارا۔ اکلوتا بیٹا
پھوٹی کرڑی: حقیر رقم۔ ادنیٰ رقم۔ خفیف رقم

| پھوٹا تو پھوٹا جھوجھرا کیوں کیا

پھوٹ دیگچی قلعی کی بھڑک
پھوٹ سہی، آنچ نہ سہی
پھوٹی ہانڈی آواز سے پہچانی جاتی ہے

پھُٹک : ریزہ۔ ٹکڑا۔ ریزگاری

پھُوٹن : ۱۔ پھوٹ۔ ٹوٹن۔ شکستگی
۲۔ نااتفاقی۔ نفاق۔ ان بن۔ رنجش۔ ناراضی

پھوٹنا : ۱۔ برآمد ہونا۔ دکھائی دینا۔ عیاں ہونا۔ ابھرنا۔ نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ کھلنا۔
شگفتہ ہونا
۲۔ پھٹنا۔ ٹوٹنا

کونپل پھوٹنا ـــ شاخ پھوٹنا ـــ بیج پھوٹنا ـــ زخم
پھوٹنا ـــ پو پھوٹنا ـــ بال پھوٹنا

پھوڑا : ۱۔ گومڑ۔ گونبل۔ ورم۔ ابھار۔ آماس۔ سوجن۔ اُلما۔ پھنسی۔ گلٹی۔
غدّۃ۔ گُمڑہ۔ تعولہ۔ بمب۔ جتن۔ دانہ۔ خراج۔ نباد
۲۔ تکلیف دہ خیال
۳۔ بری اولاد۔ آزار رساں اولاد

پھوڑا پڑنا ـــ پھوڑا پھوٹنا ـــ پھوڑے کا ورم کم ہونا

پھوڑنا : ٹکڑے کرنا۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا

پھُوس : ۱۔ خشک گھاس۔ خس۔ خس و خاشاک
۲۔ ضعیف۔ نہایت بوڑھا۔ پیر دیرینہ سال۔ بُڈھا

پھُوس کی آگ : ناپائیدار۔ غیر مستحکم۔ شعلۂ مستعجل۔ آنی و فانی

پھوک : (بہ واو مجہول) ۱۔ فُضلہ۔ بے رس۔ خالی۔ کھوکھلا
۲۔ بد ذائقہ۔ بدمزہ۔ پھیکا سا سیٹھا
۳۔ بے گھی۔ بے چکنائی

پھوکا : ہلکا۔ خالی۔ بے طاقت۔ کھوکھلا

پھوکٹ : ۱۔ مفت۔ بے دام۔ بے قیمت
۲۔ نالائق۔ نکما۔ نااہل
۳۔ مفلس۔ نادار۔ بے بضاعت۔ تہی دست۔ قلاش

پھوکل / پھُکلا : ۱۔ خالی۔ کھوکھلا۔ ہلکا
۲۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ قلاش

پھُول : ۱۔ گل۔ زہرہ۔ کلی۔ غنچہ۔ پُھل۔ پشپ۔ ورد۔ فلاور
۲۔ شراب۔ خمر۔ مے۔ صہبا
۳۔ تیجا۔ قُل
۴۔ استخوان سوختہ
۵۔ ہلکا۔ سبک
۶۔ خون حیض
۷۔ پور۔ سر انگشت
۸۔ گل چراغ
۹۔ شرارہ۔ آتش پارہ۔ چنگاری۔ پتنگا
۱۰۔ گلکاری۔ نقش و نگار۔ کاغذ کی پھلواری

پھول پان : ۱۔ انجام کار۔ مآل کار۔ نتیجہ۔ برائی بھلائی
۲۔ دھان پان۔ پتلا دبلا۔ نازک

پھول پتی : نقش و نگار۔ بیل بوٹا

پھول آنا ـــ پھول لگنا ـــ پھول اترنا ـــ پھول پان
دینا ـــ پھول پان کی گدھی ـــ پھول پان کی طرح الٹ
پلٹ کرنا ـــ پھول جھڑنا ـــ پھول پھولنا ـــ پھول پھول
کر کے چنگیر بھرتی ہے ـــ پھول چڑھانا ـــ پھولوں کی

چادر ۔ پھول چُننا ــــ پھول سا بدن ــــ پھول سونگھ کے رہنا ــــ پھول کان میں رکھنا ــــ پھول کا ہنسنا ــــ پھول کترنا ــــ پھول کرنا ــــ پھول کملانا ــــ پھول جھڑنا ــــ پھول کی جگہ پنکھڑی ــــ پھول کی چھڑی نہ لگانا ــــ پھول گوبھی ــــ پھول لانا ــــ پھول لگنا ــــ پھول مرجانا ــــ پھول مرجھانا ــــ پھول نہیں پنکھڑی سہی ــــ منہ سے پھول جھڑنا ــــ پھول وہی جو ہیش چڑھے ــــ پھول ہونا ــــ پھولوں سے لدنا ــــ پھولوں کا بستر ــــ پھولوں کا گہنا ــــ پھولوں کی چھڑی ــــ پھولوں کی سیج ــــ پھولوں کا بچھونا ــــ پھولوں کے کانٹے میں تُلنا ــــ پھولوں میں تُلنا

پھول آئے ہیں تو پھل بھی آئے گا
پھول باغ میں ہی خوب کھلتا ہے
پھول چھول کر کے چنگیر بھرتی ہے
پھول ٹہنی میں ہی اچھا لگتا ہے
پھول جھڑے تو پھل لگے
پھول کی بیرن دھوپ، گھی کا بیری کوپ
پھول کی جگہ پنکھڑی
پھول کی ڈالی نیچے کو جھکے
پھول نہ پان دہی ہاں ہاں
پھول نہیں پنکھڑی سہی
پھول وہی جو ہیش / ہیسر چڑھے
پھولوں ماری گر پڑی، لٹھوں ماری اٹھ بیٹھی

پھولا : (بہ واو مجہول) ۱۔ پھُلا۔ پھُلی۔ ٹینٹ۔ بیاضِ چشم۔ گُل دیدہ۔ بیاض العین۔ گُل چشم
۲۔ پھپھولا۔ چھالا۔ آبلہ۔ نفاخ۔ نفطہ

پھولے پھوٹنا ــــ پھولا پڑنا ــــ پھولا دبنا

پھُولنا : ۱۔ نازاں ہونا۔ اِترانا
۲۔ ورم ہونا۔ سوجنا

پھُول پھاں : ۱۔ اکڑ۔ شیخی۔ گھمنڈ۔ استکبار
۲۔ غصہ۔ ناخوشی۔ غضب

پھونک : ۱۔ سانس۔ دم۔ نفس
۲۔ دعا۔ منتر۔ افسوں
۳۔ ہلکا۔ سبک۔ کھوکھلا

پھونکنا : جلانا۔ ستانا۔ کھولانا۔ دھونکنا۔ بھڑکانا۔ بھسم کرنا۔ خاکستر کرنا

پھوہڑ : بے سلیقہ۔ بے تمیز۔ بے ہنر۔ بے شعور۔ بے ذوق۔ پھوہڑ۔ بدذوق۔ بدمذاق۔ خرتاہ

پھوہڑپن : بے سلیقگی۔ بے تمیزی۔ بے شعوری۔ بے ذوقی

پھوہڑ جورو، ساگ میں شوربا
پھوہڑ چلے تو گھر ہلے
پھوہڑ بینے بیٹھے تب سوئی توڑے
پھوہڑ کا مال ہنس ہنس / سراہ سراہ کھایئے
پھوہڑ کرے سنگھار، مانگ اینٹوں سے پھوڑے
پھوہڑ کی جھاڑو، سگھڑ کا لیپا دونوں چھپتے نہیں

پھُوئی : ۱۔ پھپھوندی
۲۔ بوند۔ قطرہ۔ پھوار

پھوئی پھوئی / پھوئیوں پھوئیوں تالاب بھرتا ہے

پھیپھڑا : شُش۔ ریہ۔ سَحر

پھیپھڑی: پپڑی۔ خشکی

پھیٹ/پھینٹ: ۱۔ پٹی۔ کمربند۔ پٹکا
۲۔ پیچ

پھیٹا/پھینٹا: چھوٹی پگڑی۔ سرپیچی۔ دوپٹا

پھیر: ۱۔ چکر۔ گھماؤ۔ موڑ۔ پیچ۔ راہ کی کجی
۲۔ فاصلہ۔ دوری۔ بُعد
۳۔ جال۔ دام۔ فریب۔ دھوکا۔ پھندا
۴۔ تفاوت۔ فرق
۵۔ دائرہ۔ حلقہ۔ احاطہ۔ راؤنڈ۔ چکر
۶۔ اندازہ۔ تخمینہ
۷۔ کجی۔ ٹیڑھاپن
۸۔ گردش۔ انقلاب
۹۔ اُلجھاؤ۔ بکھیڑا

پھیر بدل: عوض معاوضہ۔ ادل بدل۔ انقلاب۔ جبید بدل
پھیر پھار: ۱۔ الٹ پھیر۔ الٹ پلٹ۔ چکر۔ ہیرا پھیری
۲۔ جال۔ دام۔ پیچ۔ دھوکا۔ فریب

پھیر پڑنا ــ پھیر دینا ــ پھیر ڈالنا ــ پھیر کھانا ــ
پھیر لانا

پھیرا: ۱۔ حلقہ۔ دائرہ۔ چکر
۲۔ گشت۔ دورہ۔ طواف۔ طوف
۳۔ گھماؤ۔ موڑ
۴۔ آسیب۔ سایہ۔ بھوت۔ پریت

پھیرا پھاری/پھیری: عوض معاوضہ۔ ادل بدل

پھیرنا: ۱۔ موڑنا۔ مائل کرنا۔ راغب کرنا
۲۔ چینا۔ دُہرانا۔ مکرنا۔ تکرار کرنا۔ بار بار پڑھنا
۳۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ پھرانا۔ گشت کرانا

توجہ پھیرنا ــ نظر پھیرنا ــ منہ پھیرنا

پھیری: ۱۔ گشت۔ دورہ
۲۔ طوف۔ طواف۔ چکر

پھیری منہ پر لوئی تو کیا کرے گا کوئی

پھیرے: ہندوانہ رسمِ نکاح۔ ہندوانی شادی۔ بندھن

پھیکا: ۱۔ بے نمک۔ الونا۔ بے مٹھاس
۲۔ بدمزہ۔ بے ذائقہ۔ بد ذائقہ۔ بے مزہ
۳۔ اداس۔ بے رونق۔ بے کیف۔ بے رنگ
۴۔ ہلکا۔ مدھم۔ ماند
۵۔ روکھا۔ بدخلق۔ اکھڑ۔ غیر مہذب۔ کج خلق۔ کج اخلاق
۶۔ بیزار۔ بارِ سماعت

پھیکا پنڈا: خفیف بخار۔ ہلکا بخار۔ حرارت
پھیکا شلغم: خراب رنگ۔ بد رنگ۔ بے نمک۔ گورا رنگ۔ بے حد گورا۔
بے ملاحت گورا یا گوری
پھیکا غمزہ: شتر غمزہ۔ بے لطف نخرا
پھیکاس/پھیکاپن: ۱۔ بے نمکی۔ الونا پن
۲۔ بے مزگی۔ بے لطفی
پھیکی گرمیوں کے چوچلے: غمزہائے پیری۔ پیرو شاہد پرستی
پھیکی ہنسی: بناوٹی ہنسی۔ زہرخند

پھیکا پڑ جانا ــ پھیکی گرمیوں کے چوچلے ــ پھیکا پنڈا ــ
پھیکی آنکھیں

پھیلا: چوڑا۔ وسیع۔ فراخ۔ کشادہ

پھیلانا: ۱۔ مشتہر کرنا۔ رواج دینا۔ شائع کرنا۔ پرگٹ کرنا
۲۔ کشادہ کرنا۔ بڑھانا۔ کھولنا۔ چوڑانا۔ بکھیرنا۔ کھنڈانا۔ وسیع کرنا

پھیلاوا: درازی۔ طوالت۔ وسعت۔ فراخی۔ کشادگی

پھیلاوٹ: ۱۔ تقسیم۔ بانٹ
۲۔ پھیلاؤ۔ وسعت

پھیلاؤ: ۱۔ درازی۔ طوالت
۲۔ چوڑائی۔ کشادگی۔ فراخی۔ وسعت
۳۔ جانچ۔ پڑتال
۴۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ مقدار
۵۔ شگون۔ فال

پھیلنا: ۱۔ مشتہر ہونا۔ رائج ہونا۔ مشہور ہونا۔ شہرت پانا۔ شائع ہونا
۲۔ کھلنا۔ کشادہ ہونا۔ بڑھنا۔ وسیع ہونا۔ فراخ ہونا۔ لمبا ہونا۔
دراز ہونا۔ بچھنا

پھین: جھاگ۔ کف

پی: ۱۔ پریتم۔ پیتم۔ پیارا۔ معشوق۔ محبوب
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ پتی

پیے: لیے۔ واسطے۔ بوجہ۔ بغرض

پے: ۱۔ پاؤں۔ پیر۔ قدم۔ پگ۔ چرن۔ پا
۲۔ کھوج۔ نشان۔ سراغ
۳۔ پیچھے۔ عقب
۴۔ پٹھا۔ عصب۔ رگ۔ ریشہ
۵۔ تاب۔ تواں۔ طاقت
۶۔ مرتبہ۔ بار۔ دفعہ

پے بہ پے/پے در پے/پیاپے: پیہم۔ متواتر۔ مسلسل۔ لگاتار۔
علی التواتر۔ علی الاتصال

پپیا: ۱۔ پریتم۔ پیتم۔ محبوب۔ معشوق۔ پیارا
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ پتی

پیا جسے چاہے وہی سہاگن
پیا کی کمائی سو ہے نہیں لہنا
موپہ بازو بند نہیں اور سب گہنا
پیا میرا اندھا کس کے لیے کروں سنگار

پیادہ: ۱۔ پیدل۔ بے سواری۔ راجل
۲۔ ہرکارہ۔ سپاہی۔ رونتا۔ چپراسی۔ نفر
۳۔ مہرۂ شطرنج۔ بیذق۔ پیل۔ پیدل

پیادۂ محاصل — پیادہ بھیجنا — پیادے دوڑانا

پیار: ۱۔ محبت۔ الفت۔ عشق۔ انس۔ پریت۔ پریم۔ چاہ۔ حُب۔
تعشق
۲۔ لاڈ۔ ممتا۔ دُلار۔ ماتا۔ شفقت۔ التفات۔ مہربانی
۳۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ راہ ورسم۔ اتحاد
۴۔ بوسہ۔ قُبلہ۔ چوما
۵۔ دوستی۔ یاری۔ مودت۔ اخلاص

پیارا: ۱۔ پریتم۔ پیتم۔ محبوب۔ معشوق
۲۔ دوست۔ یار
۳۔ عزیز۔ یگانہ
۴۔ لاڈلا۔ دُلارا

۵۔ خوبصورت ۔ خوش نما ۔ عمدہ ۔ دل کش
۶۔ قابلِ قدر ۔ قابلِ عزت

پیاز: بصل ۔ بُصل ۔ گنٹھا ۔ پلانڈا ۔ دادل رکھ ۔ درگندھار ۔ شکھدو ۔ کُک ۔ ناک ۔ دورم ۔ پیاز ۔ سوش ۔ گنڈا

ہاتھ نہ لگے ناک میں پیاز کے ڈلے — پیاز کے سے پرت اتارنا — پیاز کے سے چھلکے ادھیڑ کے رکھ دینا

پیازی: شربتی ۔ گلابی

پیاس: ۱۔ ازسے ۔ دوں ۔ تشنگی ۔ عطش ۔ تڑکھا ۔ تس ۔ ترشنا ۔ ظماء ۔ تشنہ لبی ۔ تشنہ ۔ ترپیہ ۔ تیرست ۔ ڈھکوس
۲۔ آرزو ۔ تمنا ۔ چاہ ۔ خواہش ۔ طلب

پیاس بجھنا — پیاس بھڑکنا — پیاس لگنا — پیاس مارنا — پیاس کا چسکا

پیاسا: ۱۔ تشنہ ۔ عاطش ۔ ترہایا
۲۔ آرزومند ۔ خواہش مند ۔ طالب ۔ متمنی ۔ شائق ۔ بھوکا

پیاسا کنویں کے پاس جاتا ہے، کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا

پیال: بھوس ۔ پرال ۔ پرالی ۔ پیاز کی کونپل

پیالہ: ۱۔ آب بستہ ۔ بکول ۔ ببلی ۔ بلونک ۔ پیغالہ ۔ پیمانہ ۔ تکول ۔ چاٹ ۔ دورہ ۔ دوستگان ۔ رکاب ۔ زریں ۔ گاؤ ساغری ۔ سلفر ۔ سبزک ۔ شاخ ۔ کدو ۔ کمانہ کدو نیمہ ۔ گنبد ۔ لتر ۔ نفائخ ۔ ساغر ۔ کاسہ ۔ جام ۔ قدح ۔ ظرف ۔ کٹورا ۔ ایاغ ۔ بیالہ ۔ ڈونگرا ۔ غس ۔ مُنکہ ۔ صحنک ۔ قصد ۔ تختہ ۔ دور
۲۔ کاسۂ گدائی ۔ کشکول ۔ کچکول ۔ بھیک کا ٹکڑا ۔ کمنڈل

پیالہ بجانا — پیالہ بجنا — پیالہ بھر جانا — پیالہ بنا — پیالہ بھر دینا — پیالہ پلانا — پیالہ پھوٹنا — پیالہ پینا — پیالہ چڑھانا — پیالہ چھلک جانا — پیالہ لبریز ہونا — ہم پیالہ ہم نوالہ — زہر کا پیالہ

پیام/پیغام: ۱۔ سندیسا ۔ سینہا
۲۔ نسبت ۔ منگنی ۔ سگائی

پیامبر/پیغامبر: پیامی ۔ قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر ۔ دُوت
پیمبر/پیغمبر: رسول ۔ نبی ۔ مُرسل
پیام رساں/پیغام رساں: پیامی ۔ پیامبر ۔ قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر ۔ دُوت
پیام سلام: ۱۔ زبانی بات ۔ سوال و جواب
۲۔ نسبت ۔ منگنی ۔ سگائی

پیامی: پیامبر ۔ پیام رساں ۔ قاصد ۔ ایلچی ۔ سفیر ۔ دُوت ۔ ہرکارا

پیاؤ: سبیل ۔ پوسالا

پیپ: مواد ۔ ریم ۔ مداد ۔ قیح ۔ پس

پیپا: کنستر ۔ برمیل ۔ ڈرم ۔ کنڑ ۔ تیہ

پیت: پریت ۔ محبت ۔ الفت ۔ عشق ۔ پیار ۔ پریم

پیت کی پیت سب ہے اور میت کا میت ہاتھ لگے
پیت کی ریت نرالی ہے
پیت نہ جانے جات کُجات

پیترا: ۱۔ انداز ۔ استادگی ۔ انداز ۔ ڈھنگ ۔ ٹھاٹھ ۔ داؤں
۲۔ کھوج ۔ نشان ۔ سراغ ۔ نقشِ پا

پیتل : پرنگ ۔ برنج

پیتم : ۱۔ محبوب ۔ معشوق ۔ پیارا ۔ پیا
۲۔ شوہر ۔ خاوند ۔ سیاں ۔ پتی

پیپل : ۱۔ درخت لرزاں ۔ سیامر ۔ استھیا ۔ کشیر ۔ برچھ ۔ گیاس ۔ ہرلیاس ۔
چکدر ۔ منگل ۔ بودھات ۔ پیپل
۲۔ فلفل دراز ۔ مگدھ ۔ چپلا ساکا ۔ ماگدھی ۔ ماگدھو ۔ کرن کرسنا ۔
اوپ کرسنا ۔ پپونڈی ۔ تیکشن گل
۳۔ برنج ۔ شبہ ۔ صفر ۔ برازن

پیٹ : ۱۔ شکم ۔ بطن ۔ معدہ ۔ پوٹا ۔ ڈھینڈا ۔ لاف ۔ توند ۔ پکھال
۲۔ رحم ۔ بچہ دان ۔ زہدان ۔ گربھ
۳۔ حمل ۔ گابھ ۔ امید ۔ آس
۴۔ گنجائش ۔ جگہ
۵۔ حوصلہ ۔ ظرف
۶۔ جوف ۔ خلا
۷۔ گولائی ۔ محیط ۔ گھیر
۸۔ لالچ ۔ حرص ۔ طمع
۹۔ خواہش ۔ بھوک ۔ اشتہا ۔ جوتا
۱۰۔ باطن ۔ بھیتر ۔ اندرون

پیٹ ابھرنا ـــ پیٹ باندھنا ـــ پیٹ بجانا ـــ پیٹ بری بلا ہے ـــ پیٹ بڑا ہونا ـــ پیٹ بڑھانا ـــ پیٹ بڑھنا ـــ پیٹ بونا ـــ پیٹ بھاری ہونا ـــ پیٹ بھرا ـــ پیٹ بھرکا ـــ پیٹ بھر جانا ـــ پیٹ بھرنا ـــ پیٹ بھرے رذالے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈریے ـــ پیٹ بھرے کی باتیں ـــ پیٹ میں پانی ہونا ـــ پیٹ پورا کرنا ـــ پیٹ پھاڑنا ـــ پیٹ پھٹنا ـــ پیٹ پھلانا ـــ پیٹ پھول کر نقارہ ہو جانا ـــ پیٹ پوسٹ ـــ پیٹ پیٹنا ـــ پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا ـــ

پیٹ ٹھنڈا رہنا ـــ پیٹ بھاری ہونا ـــ پیٹ چھٹنا ـــ پیٹ چھوٹنا ـــ پیٹ سے پاؤں نکلنا ـــ پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا ـــ پیٹ سے سوتے جاری ہو جانا ـــ پیٹ سے منکا باندھنا ـــ پیٹ کا پانی نہ ہلنا ـــ پیٹ کا پردہ ـــ پیٹ کا بھرو ـــ پیٹ کا ٹنا ـــ پیٹ کا دکھیا ـــ پیٹ کا دھندا ـــ پیٹ کا کپٹی ـــ پیٹ کا کتا ـــ پیٹ کی آگ ـــ پیٹ کی آنچ ـــ پیٹ کے لیے ـــ پیٹ کے لیے دوڑنا ـــ پیٹ گڑگڑانا ـــ پیٹ لوانا ـــ پیٹ میں آزار ہونا ـــ پیٹ میں آر ہونا ـــ پیٹ میں انگارے بھرنا ـــ پیٹ میں بل پڑنا ـــ پیٹ میں پھٹو ـــ پیٹ میں پڑنا ـــ پیٹ میں ٹکڑا ڈالنا ـــ پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا ـــ پیٹ میں ڈالنا ـــ پیٹ میں روٹی پڑنا ـــ پیٹ میں قراقر ہونا ـــ پیٹ میں گڑبڑ ہونا ـــ پیٹ میں گھوڑے دوڑنا ـــ پیٹ مربرانا ـــ پیٹ ہے یا پچڑے کی پکھال ـــ دائی سے پیٹ نہیں چھپتا ـــ پیٹ پوچھن ـــ پیٹ کھرچن ـــ پیٹ پھولنا ـــ پیٹ پونچھی ـــ پیٹ ڈالنا ـــ پیٹ رکھانا ـــ پیٹ رکھوانا ـــ پیٹ رہ جانا ـــ پیٹ سے ہونا ـــ پیٹ کا بچہ ـــ پیٹ کا لڑکا ـــ پیٹ کے بال ـــ پیٹ گدرانا ـــ پیٹ گرانا ـــ پیٹ گروانا ـــ پیٹ والی ـــ پیٹ کا گرا ـــ پیٹ کا ہلکا ـــ پیٹ کی بات ـــ پیٹ میں بات رکھنا ـــ پیٹ میں بات نہ سمانا ـــ پیٹ میں غم پانا ـــ پیٹ میں بیٹھنا ـــ پیٹ میں داڑھی ہونا ـــ پیٹ میں رکھنا ـــ پیٹ میں گھسنا

پیٹ بڑی بلا ہے
پیٹ بھر اور بیٹھ لاد
پیٹ بھرے رذالے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈریے
پیٹ بھرے کے کھٹے چالے
پیٹ بھی خالی گود بھی خالی

پیٹ بیچ پڑی روٹیاں تو سبھی باتیں موٹیاں
پیٹ پاپی ہے
پیٹ پالنا کتا بھی جانتا ہے
پیٹ پٹاری منہ سپاٹا
پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے
پیٹ چلے من بھگتوں کو
پیٹ سب رکھتے ہیں
پیٹ سب کچھ کراتا ہے
پیٹ سے ناتے طبیعت خوش
پیٹ کا جلا گاؤں جلائے
پیٹ کا کھایا کوئی نہیں دیکھتا، تن کا پہنا سب دیکھتے ہیں
پیٹ کو ٹکڑا نہ تن کو چیتھڑا
پیٹ کو ٹھیا نہیں سونے کو کھٹیا نہیں
پیٹ کو روٹی نہ تن پہ تار
پیٹ کوں منہ سوئی
پیٹ کے آگے ناہے
پیٹ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں
پیٹ کے گُن کون جانے
پیٹ کے واسطے، پردیس بدلتے ہیں
پیٹ میٹ کا رسیٹ
پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت
پیٹ میں پاؤں ہے
پیٹ میں پڑا چارا تو کودنے لگا بچارا
پیٹ میں پڑی بوند تو نام رکھا نمرود
پیٹ میں پڑے تو عبادت سوجھے
پیٹ میں پڑی جب دو روٹی سوجھی، جھوک لگی نند رد کی سوجھی
پیٹ میں پڑیں روٹیاں تو سب گتاں موٹیاں
پیٹ میں گئے تو بھید ہے

پیٹا : (بہ یائے مجہول) ۱۔ پیٹ ۔ شکم ۔ جھوجھڑی
۲۔ تہہ ۔ دور ۔ گہیر ۔ گہرائی

۳۔ جوف ۔ مجوّل
۴۔ متن ۔ وسطِ ورق
۵۔ تنقیحِ حساب ۔ میزان
۶۔ فاصلہ ۔ دوری ۔ بُعد
۷۔ قابو ۔ بس ۔ اختیار
۸۔ حمایت ۔ طرفداری ۔ جانبداری

پِیٹیا : (بہ یائے معروف): نامناسب ۔ ناموزوں ۔ بے جا ۔ بے محل

پیٹنا : نوحہ کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سینہ کوبی کرنا ۔ ضرب لگانا

پیٹو : (بہ یائے مجہول) : ۱۔ اکال ۔ اکول ۔ کُھتّل ۔ پیٹ پجاری ۔ شکم پرور ۔ لت انبان ۔ مجرّمنم ۔ سبن ۔ شکم پرست ۔ بندۂ شکم ۔ کھاؤ ۔ بسیار خور ۔ بلاچٹ ۔ بلانوش ۔ چٹور ۔ ڈاکن
۲۔ لالچی ۔ حریص ۔ طامع

پیٹو مرے پیٹ کو، نامی مرے نام کو
پیٹو کو کوئی مان نہیں رکھتا
پیٹو اپنی ذات کے لیے خود عذاب ہے

پِیٹو : (بہ یائے معروف): ماتم کناں ۔ سینہ کوب

پیٹھ : ۱۔ پشت ۔ ظہر ۔ صُلب ۔ کڑ
۲۔ پیچھے ۔ پچھاڑی ۔ عقب
۳۔ مدد ۔ حمایت ۔ کمک ۔ پناہ ۔ سہارا

پیٹھ پر ہونا ـــ پیٹھ ٹھونکنا ـــ پیٹھ موڑنا ـــ پیٹھ سنبھالنا ـــ پیٹھ دھونا ـــ پیٹھ ملنا ـــ پیٹھ سہلانا ـــ پیٹھ پر کھانا ـــ پیٹھ پھیر کر بیٹھنا ـــ پیٹھ جڑنا ـــ پیٹھ پیچھے ڈال دینا ـــ پیٹھ توڑنا ـــ پیٹھ جھک جانا ـــ پیٹھ چارپائی سے لگ جانا ـــ پیٹھ زمین پر لگنا ـــ پیٹھ

سیہ ھی کرنا ــــ پیٹھ کا کچا ــ پیٹھ لگانا ــــ پیٹھ نہ لگنا ــــ پیٹھ موڑنا ــ پیٹھ کا ناپ لینا

| پیٹھ پیچھے بادشاہ کو بھی بُرا کہتے ہیں

پَیٹھ: ۱۔ دخل۔ رسائی۔ باریابی۔ گزر
۲۔ مثنیٰ۔ نقل

پیٹی: ۱۔ پٹکا۔ کمربند۔ بیلٹ
۲۔ خرچ لیس۔ ہامہ دانی
۳۔ صندوقِ آہنی

پیٹیا: پیٹو۔ بسیار خور۔ اکال۔ شکم پرور۔ شکم پرست۔ کھاؤ

پِیچ: (بہ یائے معروف) پسارُ۔ کلف۔ مانڈ۔ مانڈی۔ مایا۔ مانڈو

| پیچ پہ ہزار نعمت پائی

پیچ: (بہ یائے مجہول) ۱۔ بل۔ پیٹ۔ تاب پھیر۔ چکر۔ گھماؤ۔ تاؤ
۲۔ اینٹھ۔ مروڑ
۳۔ داؤں
۴۔ گرہ۔ الجھاؤ پھندا
۵۔ کنڈل۔ حلقہ۔ پیچا۔ کل پرزہ
۶۔ دشواری۔ مشکل۔ دقت
۷۔ دھوکا۔ فریب۔ چال
۸۔ خلل۔ روک۔ اٹکاؤ
۹۔ رشک۔ حسد

پیچ پاپچ: مکاری۔ فریب۔ چال۔ دھوکا۔ چالاکی
پیچ پر پیچ: سخت دقت۔ سخت مشکل۔ سخت دشواری
پیچ دار: ۱۔ الجھا۔ بل کھایا
۲۔ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق
۳۔ ٹیڑھا۔ خم دار۔ خمیدہ۔ کج
۴۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ عیار
پیچ در پیچ: ۱۔ خم بہ خم۔ خم در خم۔ پیچیدہ
۲۔ نہایت مشکل۔ عقدۂ لاینحل
پیچ و تاب: ۱۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے تابی۔ بے قراری
۲۔ بل۔ چکر۔ پھیر
۳۔ فکر۔ اندیشہ۔ غم۔ رنج۔ تردد
۴۔ غصہ۔ غیظ۔ قہر۔ غضب
پیچ و خم: بل۔ چکر۔ پھیر

پیچا: پیٹ۔ بل۔ چکر

پیچا پیچ: مشکل۔ دشوار۔ پیچیدہ

پیچاک: ۱۔ پیچ۔ بل۔ شکن۔ خم
۲۔ طرۂ زلف۔ لٹ

پیچاں: ۱۔ بل کھایا۔ خم دار۔ پُرخم۔ پیچیدہ
۲۔ حیران۔ سرگرداں۔ پریشان

پیچش: ۱۔ پیچ و تاب۔ بل۔ خم
۲۔ مروڑ۔ زحیر۔ سنگرہنی

پیچک: گٹی۔ گکڑی۔ گول۔ ریل۔ کُکڑ

پیچھا: ۱۔ پشت۔ عقب۔ پچھاڑی
۲۔ پیروی۔ تعاقب
۳۔ غیر حاضری۔ غیبت

| پیچھا ہی پیچھا ہے

پیچھے : بعد۔ عقب۔ پشت۔ پس۔ دنبال۔ پسِ پشت۔ قفا

پیچھے آنا — پیچھے بلا لگانا — پیچھے پڑا رہنا — پیچھے پڑنا — پیچھے پھرنا — پیچھے پیچھے — پیچھے چھوڑنا — پیچھے ڈالنا — پیچھے رہنا — پیچھے سے — پیچھے ہٹنا — پیچھے لگا دینا — پیچھے لگنا

پیچیدگی : ۱۔ مروڑ۔ بل۔ الجھن۔ الجھاؤ۔ الجھیڑا۔ تعقید
۲۔ دقّت۔ مشکل۔ دشواری۔ ابہام

پیچیدہ : ۱۔ مشکل۔ دقیق۔ اوق
۲۔ الجھا۔ لپٹا
۳۔ قابلِ غور۔ قابلِ فکر

پیخال : بیٹ۔ فضلہ

پیدا : ۱۔ ظاہر۔ آشکار۔ بین۔ نمایاں
۲۔ دست یاب۔ میسّر
۳۔ جنا۔ زائیدہ۔ متولد
۴۔ کمائی۔ آمدنی۔ یافت
۵۔ ایجاد۔ اختراع

پیداوار : ۱۔ حاصل۔ یافت۔ ثمر۔ پھل
۲۔ آمدنی۔ نفع

پیدائش : ۱۔ خلقت۔ آفرینش۔ جنم۔ تکوین۔ تولد۔ تولید۔ فطرت
۲۔ نفع۔ آمدنی۔ یافت۔ حاصل
۳۔ شروع۔ ابتدا۔ آغاز

پیدائشی : خلقی۔ اصلی۔ فطری۔ جبلّی

پیدل : ۱۔ پیادہ۔ پیادہ پا۔ راجل۔ بے سواری
۲۔ ادنیٰ مہرۂ شطرنج۔ بیدق

پَیر : ۱۔ پاؤں۔ پا۔ قدم۔ رجل۔ پگ۔ چرن
۲۔ پَیڑ۔ کھوج۔ سراغ۔ نقشِ پا

پِیر : (اردو) دوشنبہ۔ یوم الاثنین۔ سوموار۔ یوم القمر

پِیر : (فارسی) ۱۔ بوڑھا۔ بڈھا۔ مسن۔ معمر۔ کہن سال۔ دیرینہ سال۔ سال خوردہ۔ عمر رسیدہ
۲۔ مرشد۔ ہادی۔ راہبر۔ راہ نما۔ گرو

پیرِ تسمہ پا: جان کا لاگو۔ مسلط۔ ظالم۔ جابر۔ غاصب۔ خرانٹ
پیرِ خرابات: ۱۔ پیرِ مغاں۔ خمّار۔ گرگِ باراں دیدہ
۲۔ گورو گھنٹال۔ استاد۔ گرم و سرد چشیدہ
پیر زادہ: مرشد زادہ۔ صاحب زادہ۔ ابنِ مرشد
پیر زال/ زن: بڈھی۔ بڑھیا۔ جہاں دیدہ عورت
۲۔ کٹنی
پیرِ طریقت: مرشد۔ درویش۔ بزرگ۔ ہادیِ راہ۔ سالک
پیرِ فرتوت: بہت بوڑھا۔ نہایت ضعیف۔ گرگِ باراں دیدہ۔ پیرِ تسمہ پا
پیرِ کنعاں: حضرت یعقوبؑ۔ اسرائیل
پیرِ مرد: مردِ بزرگ۔ بوڑھا آدمی۔ بزرگوار
پیرِ مغاں: ۱۔ پیشوائے آتش پرستاں
۲۔ پیرِ خرابات۔ خمّار۔ مے فروش
۳۔ مرشدِ کامل۔ استاد۔ گورو
پیرِ نابالغ: بیوقوف بوڑھا۔ احمق بوڑھا۔ طفل مزاج بوڑھا
پیرِ ہفت خلد: داروغۂ بہشت۔ رضوان
پیرِ ہفت فلک: زحل۔ سنیچر۔ ہندوے فلک

پیران — پیرانِ پیر — پیرانی — پیرائی قوم —
پیر بھچڑی — پیر بھچڑی کی کڑاہی — پیر و بیدار کا کونڈا

پیر فلک — پیر کا سبزہ — پیر کرنا — پیر کی چوٹی —
پیر ہولا — پیر و مرشد — پیر ہٹیلے

پیر آپ ہی درماندہ شفاعت کس کی کریں گے
پیر جی کی سگائی میر جی کے یہاں
پیر شو بیاموز
پیر کو نہ فقیر/شہید کو پہلے کاٹے چور کو
پیر کی پیری سے کام، پیر کے فعلوں سے کیا کام
پیر من خس است و اعتقاد من بس است
پیر میاں بکری مریدمیاں بانگا
آ گئی بکری چر گئی بانگا
پیراں نمی پرند، مریداں می پرانند

پیراستہ : پاک از زوائد۔ تراشیدہ۔ بنا سنورا۔ سجا ہوا

پیراک : شناور۔ شناگر۔ تیراک۔ تیرالو۔ تارو

پیراک ہی ڈوبتا ہے

پیراکی : تیراکی۔ شناگری۔ شناوری

پیرامن/مون : ۱۔ اردگرد۔ گرداگرد۔ گردونواح۔ گرد و پیش۔ آس پاس۔ اطراف جوانب
۲۔ چکر۔ دائرہ۔ گھماؤ

پیراہن : ۱۔ لباس۔ پوشاک۔ ملبوس۔ کپڑے
۲۔ کرتہ۔ قمیض۔ جغا۔ قبا

پیراہنِ کاغذی: ۱۔ لباس فریادی۔ دادخواہی
۲۔ ناپائیدار۔ فانی

پیرائش : کانٹ چھانٹ۔ درستی۔ سجاوٹ۔ آرائش

پیرایہ : ۱۔ زینت۔ زیور۔ آرائش۔ لباس
۲۔ طرز۔ انداز۔ ڈھنگ۔ اسلوب۔ روش۔ طریق۔ طریقہ

پیرو : مقلد۔ متبع۔ مرید۔ چیلا۔ معتقد۔ پچھ لگو

پیروکار، نگران کار۔ نگہبان۔ وکیل

پیروی : ۱۔ تقلید۔ اتباع۔ اطاعت۔ فرماں برداری
۲۔ کوشش۔ سعی۔ نگرانی۔ نگہبانی

پیری : ۱۔ بڑھاپا۔ ضعیفی۔ کہن سالی۔ دیرینہ سالی۔ شیب
۲۔ راہبری۔ رہنمائی۔ ہدایت
۳۔ استادی۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری
۴۔ کرامت۔ اعجاز۔ کرشمہ

پیری و صد عیب چنیں گفتہ اند

پَیڑ : (بہ یائے لینہ) ۱۔ نشانِ قدم۔ نقشِ پا۔ کھوج۔ سراغ
۲۔ باڑ۔ مچان۔ ٹانڈ

پیڑ : (بہ یائے مجہول) درخت۔ شجر۔ بوٹا۔ پودا۔ رُوکھ۔ برچھ۔ برکش۔ تروَر۔ پروا۔ دوحہ

پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے/کیسے ہوں
پیڑ پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے
پیڑ چڑھے یوں ہی دکھائی دیتا ہے
پیڑ گننا یا آم کھانا

پِیڑ : (بہ یائے معروف) ۱۔ درد۔ دکھ۔ تکلیف۔ پیڑا

۲۔ مصیبت۔ آفت۔ بپتا۔ صعوبت

پیڑھی : ۱۔ چوکی۔ صندلی۔ موڑھا۔ مونڈھا
۲۔ پُشت۔ نسل۔ سلسلۂ نسب
۳۔ قرن۔ زمانہ

پیڑھی در پیڑھی : پشت در پشت۔ نسل در نسل۔ نسلاً بعد نسلٍ

پَیڑی : سیڑھی۔ زینہ۔ نردبان۔ پَوڑی

پَیزار : جوتی۔ پاپوش۔ زیرپائی۔ کفش

پیس : پسائی۔ رگڑائی۔ سائیدگی

پیس پاس منہاج مرے، کرامت محمد جھنڈے کو
پیس لوں تو پیوں
پیس مری، پکا موئی، آئے لوٹے کھا گئے

پَیسا : ۱۔ پول۔ فلس۔ سکہ۔ پَل۔ پشیز
۲۔ مال۔ دولت۔ سرمایہ۔ سیم و زر

پیسے پر دھر کے بوٹیاں اُڑانا — پیسا ہاتھ کا میل ہے
پیسے پیسے کو حیران ہونا — پیسے دھڑی — پیسے
ڈھیلے پیسے کی جگہ دھیلا اٹھانا — سب پیسے کا
کھیل ہے پیسا اٹھانا پیسا اٹھنا پیسا
اُڑانا — پیسا پھونکنا — پیسا ٹھیکری کر دینا —
پیسا جوڑنا — پیسا چلنا پیسا دُنیا سے اڑ جانا
— پیسا ڈوبنا — پیسا ڈوبنا پیسا کھانا —
پیسے کا میت پیسے کی خرابی پیسے والا —

پیسا آئے پیسا جائے۔ لوگ خنج میں روٹیاں کماویں

پیسا بچانا پیسا کمانے کے برابر ہے
پیسا پاس کا، گھوڑا رن کا
پیسا پیسا جوڑنا، بچی جھرائی
پیسا / روپیہ ہاتھ کا میل ہے
پیسا کبھی نہیں رکتا
پیسا گانٹھ کا بیٹا پیٹ ساتھ کا
پیسا گانٹھ کا جورو ساتھ کی
پیسا گانٹھ کا یار ساتھ کا
پیسا نہ کوڑی بانکی پور کی سیر
پیسا نہ کوڑی بازار کو دوڑی
پیسا نہیں پاس تو کیونکر سونگھیں باس
پیسا نہیں پاس، چلے نواب کے ساتھ
پیسا ہوتا تو بیاہ ہی نہ کرتے
پیسے بھر کی کٹوا دو
پیسے پر دھر کے بوٹیاں اڑاؤں، تب بھی آدھ نہ آئے
پیسے کے تین دھیلے جتاتا ہے

پیش : ۱۔ آگے۔ سامنے۔ اگلا حصہ
۲۔ پہلے۔ قبل۔ آئندہ
۳۔ ضمہ۔ رفع
۴۔ ترقی یافتہ۔ بالیدہ
۵۔ معزز۔ شریف۔ محترم۔ معتبر۔ معتمد

پیش آمد : ۱۔ سلوک۔ رعایت۔ احسان
۲۔ ترقی۔ سرفرازی۔ بالیدگی۔ افزائش
۳۔ اجازت۔ باریابی۔ رسائی
۴۔ پیش قدمی۔ پیش رَی

پیش امام / نماز : امام۔ مقتدا

پیش اندیش : عاقبت اندیش۔ آل اندیش۔ دور اندیش۔ عاقبت بیں۔ انجام بیں

پیش اندیشی : عاقبت اندیشی۔ آل اندیشی۔ دور اندیشی۔ عاقبت بینی

انجام بینی

پیش بندی: دور اندیشی ۔ حفظ ما تقدم ۔ مآل اندیشی

پیش بیں: دور اندیش ۔ دور بیں ۔ عاقبت بیں ۔ انجام بیں ۔ مآل اندیش ۔ عاقبت اندیش

پیش بینی: دور اندیشی ۔ دور بینی ۔ عاقبت بینی ۔ انجام بینی ۔ مآل بینی ۔ عاقبت اندیشی

پیش پا افتادہ: سامنے کا ۔ عام ۔ معمولی ۔ حقیر ۔ پٹا ہوا

پیش تاز: پیش قدم ۔ سابق

پیش تازی: پیشقدمی ۔ سبقت

پیش خدمت: خادمہ ۔ نوکرانی ۔ کنیز ۔ اصیل ۔ ماما

پیش خیمہ: ۱۔ پہلا خیمہ ۔ اگلا خیمہ

۲۔ تیاری

۳۔ ہراول دستہ

پیش دست: ۱۔ فائق ۔ پیش تاز ۔ سابق

۲۔ نائب

۳۔ پیشگی ۔ بیعانہ ۔ سائی

پیش دستی: پہل ۔ سبقت ۔ فوقیت ۔ ترجیح ۔ فضیلت

پیش رفت: ۱۔ کارگر ۔ مؤثر

۲۔ قابو ۔ بس

۳۔ ترقی ۔ بالیدگی ۔ سبقت

پیش رو: ۱۔ امام ۔ قائد ۔ راہبر ۔ راہنما ۔ ہادی ۔ سردار

۲۔ نوکر ۔ خدمت گار ۔ خادم

۳۔ ہراول ۔ قراول

پیش روی: ۱۔ سبقت ۔ قیادت ۔ راہبری ۔ راہنمائی ۔ سرداری

۲۔ خدمت گاری ۔ نوکری

پیش قدم: پیش تاز ۔ سابق ۔ فائق

پیش قدمی: ۱۔ پہل ۔ سبقت

۲۔ فوقیت ۔ برتری ۔ فضیلت

۳۔ حملہ ۔ چڑھائی ۔ یلغار ۔ یورش ۔ دھاوا

۴۔ دلیری ۔ جرأت ۔ دلاوری ۔ بہادری

پیش کار: نائب ۔ معاون ۔ مددگار ۔ منیب ۔ عدالت کچہری کا کارندہ

پیش کاری: نیابت ۔ معاونت ۔ مددگاری

پیش کش: ۱۔ بھینٹ ۔ نذر ۔ ہدیہ ۔ تحفہ ۔ نذرانہ

۲۔ خراج ۔ باج ۔ محصول

پیش گو: فال گو ۔ کاہن ۔ نجومی ۔ جوتشی

پیش گوئی: فال گوئی کہانت ۔ اطلاعِ مستقبل

پیشگی: ۱۔ پیشدست ۔ بیعانہ ۔ سائی

۲۔ پہلے سے ۔ قبل از وقت

پیش لفظ: دیباچہ ۔ تمہید ۔ تقدیم ۔ مقدمہ ۔ تنقید کتاب کا تعارف

پیشِ نظر / نگاہ: مدِ نظر ۔ سامنے ۔ روبرو

پیش نہاد: ۱۔ مدِ نظر ۔ منظورِ خاطر

۲۔ دلی ارادہ ۔ مقصد

۳۔ نمونہ ۔ مثال

پیش و پس: آگا پیچھا ۔ ٹال مٹول ۔ لیت و لعل

پیش آنا ــ پیش پانا ــ پیش پیش ــ بیشتر ــ پیش جانا ــ پیش چلنا ــ پیش خوانی ــ پیش دستی کرنا ــ پیش قبض ــ پیش کرنا ــ پیش گاہ ــ پیش سے جانا ــ پیش نماز ــ پیشانی ــ پیش بند (وہ چمڑے کا تسمہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں بندھا ہے تاکہ گردن نیچے کو جھکی رہے) ــ پیش دامن ــ پیشاب ــ پیش مصرع ــ پیشِ طاق ــ پیش خواں ــ پیشِ رس ــ پیشیں ــ پشواز (اصل میں پیش باز ہے) ــ پیشوا ــ پیش آہنگ ــ پیش رفتار (قسمت) ــ پیشیار (بیمار کا قارورہ) ــ پیش انداز (کارچوبی رومال جو عورتیں سینے پر ڈالتی ہیں یا وہ رومال جو کھانے کے وقت زانو پر ڈالتے ہیں یا دسترخوان) ــ پیشِ ایوان (صحن) ــ پیش باز (استقبال کرنے والا) پیش پارہ (ایک مٹھائی کا نام) ــ پیش جنگ (آگے لڑنے والا ہراول دستہ) ــ پیش حرف (جس کی بات غالب رہے) ــ پیش خانہ (دالان) پیش خرید (تیاری سے

پہلے خریدا ہوا مال) ـ پیش خورد (نہاری، قیمت یا اجرت جو پیشگی لی گئی ہو) ـ پیش خیز (وہ شاگرد جس کو استاد سب سے پہلے کشتی لڑائے یا آنا ہے) ـ پیش داد (پہلا شخص جو حاکم کے پاس فریاد لے جائے یا پہلا حاکم جو مظلوم کی فریاد سنے یا پیشگی مزدوری) ـ پیش دامن (خدمت گار) ـ پیش دنداں (نہاری) ـ پیش رس (وہ پھل جو باغ میں پہلے پک جائے یا وہ پھول جو پہلے کھلے)

پیش از مرگ واویلا
پیشِ طبیب مرد، پیش آزمودہ کار برد

پیشاب: شاشہ ـ بول ـ موت ـ شاش ـ مُتر ـ قارورہ

پیشاب بند ہونا ـ پیشاب بھی نہ کرنا ـ پیشاب خطا ہونا ـ پیشاب سے چراغ جلتا ہے ـ پیشاب کرنا ـ پیشاب کی دھار پہ مارنا ـ پیشاب کی راہ بہانا ـ پیشاب نکلنا

پیشانی: ۱ـ ماتھا ـ جبیں ـ ناصیہ
۲ـ عنوان ـ سرنامہ ـ سرخی
۳ـ قسمت ـ نصیب ـ بھاگ ـ بخت ـ تقدیر

پیشگی: سائی ـ بیعانہ ـ ایڈوانس ـ نقدمہ ـ پیشا دست

پیشوا: امام ـ سردار ـ قائد ـ مقتدا ـ راہ نما ـ راہبر ـ مرشد ـ پیر ـ ہادی

پیشوائی: ۱ـ امامت ـ راہ نمائی ـ راہبری ـ سرداری ـ نیابت
۲ـ استقبال ـ خیر مقدم

پیشہ: ہنر ـ کسب ـ کام ـ دھندا ـ روزگار ـ عمل ـ حرفہ ـ فن ـ آرٹ ـ

کرتب

پیشہ ور: ہنرمند ـ فن کار ـ کاردان ـ باکار

تجارت پیشہ ـ نوکری پیشہ ـ جفا پیشہ ـ کرم پیشہ ـ سخاوت پیشہ ـ ملازمت پیشہ ـ شاگرد پیشہ ـ سپاہی پیشہ ـ ہم پیشہ ـ نزاکت پیشہ ـ جور پیشہ ـ عجز پیشہ ـ قیامت پیشہ ـ ستم پیشہ ـ مقمر پیشہ (قمار پیشہ) ـ نظارت پیشہ (نگہبان) ـ وحدت پیشہ ـ شقاوت پیشہ ـ ضلالت پیشہ ـ جزار پیشہ ـ ہنر پیشہ

پیشی: ۱ـ حضوری ـ مواجہہ
۲ـ زیرِ نظر ـ زیرِ تجویز
۳ـ سماعتِ مقدمہ

پیشین: ۱ـ پہلا ـ اگلا ـ سابق
۲ـ باستان ـ پارینہ ـ قدیم ـ پرانا

پیشین گوئی: آگم بتایا ـ آگم دتیا ـ فال گوئی ـ جوتشی ـ رمالی ـ کہانت ـ پیش بینی ـ آل اندیشی ـ انجام اندیشی ـ پیش گفتاری

پیغارہ: لعنت ـ ملامت ـ نکوہش ـ سرزنش ـ طعنہ ـ طعن و تشنیع ـ لعن طعن ـ تہمت ـ بہتان ـ الزام

پیغارہ جو: طعنہ زن ـ بہتان تراش ـ عیب جو

پیغام: پیام ـ زبانی بات ـ سندیسا ـ صدا ـ سینہا ـ میسج

پیغام بھیجنا ـ پیغام و سلام ـ پیغامبر ـ پیغام دینا ـ پیغام لانا ـ پیغامی

پیغمبر: مرسل۔ نبی۔ نائبِ خدا۔ اوتار۔ پیمبر۔ سفیر۔ قاصد۔ ایلچی۔ دوت۔ آموختگانِ ازل

پیک: قاصد۔ پیغامبر۔ ہرکارہ۔ نامہ بر۔ ایلچی۔ سفیر

پیکار: لڑائی۔ جنگ۔ جدل

پیکان: انی۔ نوک۔ پھل

پیکر: ۱۔ قالب۔ کالبد۔ ڈھانچہ۔ جسم۔ جثہ۔ تن
۲۔ شکل۔ صورت۔ چہرہ

پیکرِ کافوری — پیکرِ نور — پیکرِ نغز — پیکرِ تاباں — پیکرِ بہار — نسترن پیکر — پیکرِ دلفریب — پیکرِ توانائی — پیکرِ آراستہ — پیکرِ یکہ — پری پیکر — حور پیکر — ماہ پیکر — روز پیکر — آب پیکر (ستارے) — آتش پیکر — آتشیں پیکر (سورج) — کہربا پیکر (زرد) — دو پیکر (جوڑا) — زرد پیکر — صفر پیکر — زر پیکر — قیامت پیکر — کوہ پیکر — گاؤ پیکر — مار پیکر — یاقوت پیکر — نان پیکر — فرشتہ پیکر — برہنہ پیکر

پیل: (بہ یائے مجہول): دھکا۔ ریلا

پیل: فیل۔ ہاتھی۔ مہرۂ شطرنج۔ گج

پیل بان: مہاوت۔ ہتھوان
پیل پایہ: ستون۔ تھم۔ کھم۔ پاؤں سوجنے کی بیماری
پیل پیکر/تن: فیل پیکر/تن۔ قوی ہیکل۔ زورآور۔ جثہ آور۔ تناور

پیلا: زرد۔ اصفر۔ کیسری۔ زعفرانی پیلو

پیلا پن: زردی۔ صفرا

پیمان: عہد۔ وعدہ۔ قول۔ قرار۔ بچن۔ قسم۔ حلف۔ وچن

پیمان شکن: وعدہ شکن۔ وعدہ خلاف۔ بدعہد۔ جھوٹا
پیمان شکنی: وعدہ شکنی۔ وعدہ خلافی۔ بدعہدی

پیمانہ: ۱۔ آلۂ پیمائش۔ ترازو۔ آلۂ خط کشی
۲۔ پیالہ۔ ساغر۔ جام۔ قدح

پیمانہ کش/گسار: بادہ کش۔ بادہ گسار۔ مے کش۔ مے گسار۔ مے خوار۔ شراب خوار

پینتالیس: چہل و پنج۔ خمس اربعون

پینتیس: سی و پنج۔ خمس و ثلاثون

پینٹھ: ہفتہ وار بازار۔ بازار۔ منڈی

پینٹھ ابھی لگی نہیں گٹھ کترے آموجود ہوئے

پیندا: تہ۔ تلا۔ بیٹھک۔ مقعد۔ جز۔ حصۂ اسفل

پینسٹھ: شصت و پنج۔ خمس ستون

پینک: نشۂ افیون۔ خمار۔ اونگھ۔ غنودگی

پینگ: ہلکورا۔ جھونک۔ جھولا۔ جھلارا۔ تھرتھ۔ پینگھا۔ جھولنا

پینگ بڑھانا ۔ پینگ دینا

پیوست: ۱۔ مربوط ۔ متصل ۔ ملحق ۔ چسپاں
۲۔ جوڑ ۔ ملاپ ۔ اتصال

پیوستگی: جوڑ ۔ ملاپ ۔ اتصال ۔ الحاق ۔ چسپیدگی

پیوستہ: ۱۔ متصل ۔ مربوط ۔ ملحق ۔ چسپاں ۔ درہم بستہ ۔ بیٹھا ہوا ۔ گُھسا ہوا ۔ جُڑا ہوا ۔ وابستہ
۲۔ لگاتار ۔ متواتر ۔ مدام ۔ ہمیشہ ۔ ملا ہوا ۔
۳۔ مَس ۔ ہمسائگی ۔ قربت ۔ نزدیکی ۔ ملاپ

گزشتہ سے پیوستہ — ابروئے پیوستہ

پیوند: ۱۔ جوڑ ۔ بندش ۔ بستگی ۔ اتصال ۔ پیوست ۔ جوڑ
۲۔ میل ۔ مناسبت ۔ ربط ۔ تعلق
۳۔ خویش ۔ عزیز ۔ بیوی ۔ شوہر
۴۔ تکلی ۔ چیپی
۵۔ قلم ۔ درخت کی قلم کاری

پیوندِ خاک: مدفون ۔ زیرِ زمین
پیوند دار: پیوندی ۔ جوڑ والا ۔ قلمی
پیوند کار: درزی ۔ رفوگر ۔ قلم کار ۔ قلم لگانے والا

پیوندی: ۱۔ پیوندی ۔ قلمی
۲۔ دوغلا ۔ دورنگا

پیوندِ خاک — پیوندِ زمین — جگر پیوند — پیوندی — پیوند گانٹھنا — مخمل میں ٹاٹ کا پیوند لگانا — پیوند پارہ — پیوند لگانا — پیوند دار — پیوندی آم — پیوندی آڑو

پیہم: متواتر ۔ لگاتار ۔ علی التواتر ۔ علی الاتصال ۔ پے در پے ۔ یکے بعد دیگرے

واضح رہے کہ ہر لفظ جو اردو میں مشہور ہو گیا عربی ہو یا فارسی، ترکی ہو یا سُریانی ۔ پنجابی ہو یا پوربی ازروئے اصل غلط ہو یا صحیح ، وہ لفظ اُردو کا لفظ ہے ۔ اگر اصل کے مطابق ہو تو بھی صحیح ہے اور اگر اس کے خلاف مستعمل ہے تو بھی صحیح ہے ۔ اس کی صحت اور غلطی اُردو میں اس کے استعمال پر منحصر ہے کیونکہ جو اُردو کے خلاف ہے غلط ہے ۔ خواہ وہ اصل زبان میں صحیح ہو اور جو اُردو کے موافق ہے صحیح ہے ۔ خواہ وہ اصل میں صحیح نہ ہو ۔
(دریائے لطافت ۔ از انشاء اللہ خاں انشاء)

تا : ۱۔ تک ۔ تلک ۔ جب تک ۔ جس وقت تک ۔ جہاں تک ۔
تاکہ ۔ اخیر ۔ تمام
۲۔ تختہ کاغذ
۳۔ تہ ۔ پیچ ۔ بل
۴۔ مثل ۔ مانند ۔ سا ۔ آسا ۔ نما
۵۔ اس طریقے سے ۔ اس طرح سے

تاآں کہ : وہاں تک کہ ۔ حتیٰ کہ ۔ یہاں تک کہ
تا امکان : حتی الامکان ۔ حتی الوسع ۔ حتی المقدور ۔ مقدور بھر ۔ امکان بھر ۔ ہر ممکن
تاایں کہ : یہاں تک کہ
تا بہ حیات / زیست : زندگی بھر ۔ عمر بھر ۔ جیتے جی ۔ تمام عمر
تا بہ کجا : کہاں تک ۔ کس حد تک ۔ کب تک
تا بہ کے : کب تک کس وقت تک
تا بہ مقدور : حتی المقدور ۔ مقدور بھر ۔ حتی الوسع ۔ حتی الامکان
تاچند : کب تک ۔ تا بہ کے
تاحال : اب تک ۔ اس وقت تک ۔ الی الآن ۔ یہاں تک
تاحیات / زندگی / زیست : زندگی بھر ۔ عمر بھر ۔ تمام عمر ۔ جیتے جی
تاکہ : اس لیے ۔ اس واسطے
تا وقتیکہ : اس وقت تک ۔ جب تک کہ ۔ یہاں تک کہ
تاہم : تو بھی ۔ پھر بھی ۔ اس پر بھی ۔ تس پر بھی

مشرق تا مغرب ـــــ تا خانہ ـــــ تا ایں دم ـــــ
تا حشر ـــــ تا دم زیست ـــــ تا کجا

تاتریاق از عراق آوردہ شود ، مارگزیدہ مردہ شود
تا تو بمن می رسی ، من بہ خدای رسم
تا سال دگر نے کہ خورد ، زندہ کہ ماند
تا شود مرد فربہے لاغر ، لاغرے مردہ باشد از سختی
تا صدف قانع نہ شد ، پُر دُر نہ شد
تاکہ احمق است باقی در جہاں
مرد عاقل کے شود محتاج ناں
تا مرد سخن نہ گفتہ باشد ، عیب و ہنرش نہفتہ باشد
تا نباشد چیزکے ، مردم نگویند چیزہا

تاب : ۱۔ روشنی ۔ چمک ۔ تابندگی ۔ درخشندگی ۔ تابانی
۲۔ رونق ۔ تازگی ۔ بشاشت
۳۔ حرارت ۔ حدت ۔ گرمی
۴۔ پیچ ۔ خم ۔ بل ۔ مروڑ
۵۔ صبر ۔ تحمل ۔ برداشت
۶۔ طاقت ۔ ہمت ۔ توانائی ۔ مجال
۷۔ غصہ ۔ غیظ ۔ غضب ۔ خشم

تاب دار : ۱۔ روشن ۔ چمکیلا ۔ درخشندہ ۔ رخشندہ ۔ منور ۔ نورانی
۲۔ پیچ دار ۔ خم دار
۳۔ گرم ۔ محرور
تاب داری : ۱۔ روشنی ۔ چمکیلا پن ۔ چمک دمک ۔ درخشندگی ۔ رخشندگی
۲۔ پیچ داری ۔ خم داری ۔ بل

تاب دان : روشن دان ۔ روزن ۔ کھڑکی

تاب کار : اشعہ زدن ۔ اشعہ ریز

تاب کاری : اشعہ زنی ۔ اشعہ ریزی

تابناک : روشن ۔ چمکیلا ۔ درخشاں ۔ رخشاں ۔ نورانی ۔ منور ۔ تابندہ

تابناکی : روشنی ۔ چمکیلا پن ۔ درخشندگی ۔ رخشندگی

تاب وتب : ۱۔ گرمی ۔ حدت ۔ جلن ۔ سوزش
۲۔ تڑپ ۔ بے قراری ۔ اضطراب

تاب وتواں : ۱۔ حوصلہ ۔ قوت ۔ قدرت ۔ سکت
۲۔ صبر ۔ تحمل ۔ برداشت

تاباں : روشن ۔ چمکیلا ۔ درخشندہ ۔ رخشندہ ۔ نورانی

تابانی : روشنی ۔ چمکیلا پن ۔ درخشندگی ۔ رخشندگی ۔ تابندگی

تابڑتوڑ : ۱۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ پیہم ۔ پے در پے ۔ مسلسل ۔ علی التواتر ۔ اوپر تلے ۔ برابر ۔ بلاناغہ ۔ متصل ۔ علی الاتصال
۲۔ فوراً ۔ یک لخت ۔ یکدم

تابڑتوڑ حملے کرنا ــــ تابڑتوڑ ۔ فی الفور ہونا ــــ
تابڑتوڑ سوالات کرنا

تابستاں : گرمی ۔ موسمِ گرما ۔ صیف

تابش : ۱۔ گرمی ۔ حرارت ۔ حدت ۔ تپش
۲۔ روشنی ۔ چمک ۔ نور ۔ تابانی ۔ درخشانی

تابع : مطیع ۔ فرماں بردار ۔ ماتحت ۔ متبع ۔ زیرِ اثر ۔ زیرِ فرمان ۔ پیرو ۔ مقلد

تابندگی : روشنی ۔ چمک دمک ۔ تابانی ۔ درخشندگی ۔ رخشندگی

تابندہ : روشن ۔ چمکیلا ۔ درخشندہ ۔ رخشندہ

تابوت : ۱۔ صندوق ۔ لاش لے جانے کا بکس ۔ نعش کش ۔ مُردے کا صندوق
۲۔ جنازہ ۔ نعش ۔ لاش ۔ لاشہ
۳۔ تعزیہ

تابیدہ : ۱۔ پیچیدہ ۔ بل کھایا
۲۔ روشن ۔ منور ۔ چمکیلا

تاپ : ۱۔ گرمی ۔ حرارت ۔ سوزش ۔ تپش
۲۔ بخار ۔ تپ
۳۔ تکلیف ۔ درد ۔ مصیبت
۴۔ غصہ ۔ غضب ۔ جوش

تاثیر : ۱۔ اثر ۔ خاصیت ۔ عمل ۔ گُن ۔ سبھاؤ
۲۔ نتیجہ ۔ ثمر ۔ پھل

تاج : مکٹ ۔ افسر ۔ دیہیم ۔ اکلیل ۔ کلاہ ۔ کلغی ۔ شاہی ٹوپی ۔ اورنگ ۔ قلنسوہ

تاج دار / ور : صاحبِ تاج ۔ صاحبِ افسر و دیہیم ۔ بادشاہ ۔ ملک ۔ سلطان ۔ شاہ ۔ شہنشاہ

تاج داری / وری : بادشاہی ۔ سلطنت ۔ حکومت

تاج بخش ــــ تاج بخشی کرنا ــــ تاج خواہ ــــ
تاج رکھنا ــــ تاج شمع ــــ تاج فلک ــــ
تاج فیروزہ

تاجر : سوداگر ۔ بیوپاری ۔ بازرگان ۔ بنجارا ۔ بزنس مین ۔ معاملہ گر ۔ بازارگان

تاجری : سوداگری - بازرگانی - تجارت - بیوپار

تاخت : ۱- لوٹ - تباہی - غارت گری
۲- حملہ - دھاوا - ہلّہ - دوڑ - چڑھائی - یلغار

تاخیر : دیر - ڈھیل - توقف - تعویق - التوا - وقفہ - درنگ - لیٹ - ابطا - تامل - تساہل

تادیب : ۱- ادب آموزی - علم آموزی
۲- تنبیہ - چشم نمائی - اصلاح

تادیب خانہ : ادارہ اصلاح مجرمین - دارالاصلاح - اصلاح خانہ

تادیبی : اصلاحی - تنبیہی - انضباطی

تار : ۱- تاگا - دھاگا - رشتہ - سلک - ڈورا - خیط
۲- سلسلہ - قطار - لگا - لانگا ٹیر - پے در پے
۳- ریزہ - پارہ - ٹکڑا
۴- قوام - چیپ
۵- برقی پیام - ٹیلی گرام - برقیہ - تار برقی - ٹیلی گراف
۶- اندھیرا - تاریک - تیرہ
۷- چھلّا - انگوٹھی - زیور

تار تار : ۱- ریزہ ریزہ - ٹکڑا ٹکڑا - ذرہ ذرہ
۲- تمام زیور - ہر زیور

تار گھر : ٹیلی گراف آفس - دفتر برقی پیام رسانی

تار نفس : سلسلہ تنفس - زندگی

تار و پود : تانا بانا - ڈھانچا - بنیاد

تار باراں ــــ تار باندھنا ــــ تار تیار کرنا ــــ تار بندھنا ــــ تار ٹوٹنا ــــ تار لگانا ــــ تار نفس ــــ تار نگہ ــــ تار کھینچنا ــــ تار دبانا

تارا : ۱- ستارہ - سیارہ - نجم - کوکب - اختر - نیر - نچھتر
۲- پتلی - مردم چشم - مردمک چشم

تارامنڈل : انجمن - حلقہ ستارگان - دائرہ نجوم

تارا ٹوٹنا ــــ تارا جھلملانا ــــ تارا چمکنا ــــ تارا دارا ــــ تاروں بھری رات ــــ تاروں کی چھاؤں ــــ تاروں کی گرہ ــــ تاروں کی محفل ــــ تارے اتارنا ــــ تارے توڑنا ــــ تارے چھٹکنا ــــ تارے دکھانا ــــ تارے کھلنا ــــ تارے گنوانا ــــ تارے گننا ــــ تارا ڈوبنا

تاراج : تباہی - غارت - بربادی - لوٹ کھسوٹ - تاخت - نہب

تاراج گر : غارت گر - برباد کن - تباہ کن

تارک : تیاگی - دست کش - دست بردار - ترک کرنے والا - چھوڑنے والا

تارک الصلوٰۃ : تارک نماز - بے نماز

تارک الدنیا : بن باسی - گوشہ گیر - گوشہ نشین - زاویہ نشین - معتزلت گزیں - راہب - بے علاقہ - سبز پوش - کاتوزی - برتاس - خلوت گزیں - اُکاتو

تاریخ : ۱- یوم ماہ - روز ماہ
۲- تذکرہ - بیان واقعات - اتہاس - ہسٹری - نظم الزمان

تاریخ داں : واقف تاریخ - ماہر تاریخ - مورخ

تاریخی لوگ ــــ تاریخی شوہد ــــ تاریخ نویس ــــ

تاریخ نویسی

تاریخی : یادگار ۔ اہم ۔ بتعلق بہ ماضی ۔ مستند ۔ موثق

تاریک : ۱۔ سیاہ ۔ کالا ۔ مظلم ۔ شام رنگ ۔ قیرفام ۔ قیرگوں
۲۔ دھندلا ۔ مکدر ۔ تیرہ و تیغ ۔ اندھا
۳۔ اندھیرا ۔ تیرہ ۔ تار ۔ بے نور

تاریک چشم : کوتاہ چشم ۔ کوتاہ نظر ۔ اندھا ۔ نابینا
تاریک دل : تیرہ باطن ۔ تیرہ درون ۔ سیاہ دل ۔ سیاہ باطن ۔ بدباطن ۔
کینہ پرور ۔ کینہ ور ۔ خبیث ۔ منافق

تاریک رات ـــــ تاریکی ـــــ چہرہ تاریک ہو جانا ـــــ
تاریک خیال ـــــ تاریک باطن ـــــ تاریک بخت ـ ـ
تاریک راہ ـــــ تاریک تر ـــــ شب تاریک ـــــ تاریک
گھر ـــــ تاریک دنیا ـــــ تاریک مستقبل

تاریکی : اندھیرا ۔ سیاہی ۔ تیرگی ۔ ظلمت

تاڑنا : پہچاننا ۔ بھانپنا ۔ جان لینا ۔ سمجھ لینا ۔ قیافے سے جاننا ۔ لہنا

باتوں باتوں میں تاڑنا ـــــ نگاہوں سے تاڑنا ـــــ دل کی
حالت تاڑ جانا ۔ تاڑ گیا ـــــ تاڑیا

تاخت : حملہ ۔ دوڑ ۔ ہلہ ۔ یلغار ۔ جھپٹ

تگ و دو : دوڑ دھوپ ۔ بھاگ دوڑ ۔ محنت ۔ جفاکشی ۔ سعی ۔
کوشش ۔ جدوجہد

تازگی : ۱۔ سرسبزی ۔ ہریالی ۔ شادابی ۔ شگفتگی ۔ تری
۲۔ رونق ۔ آبداری ۔ چمک دمک ۔ نضرت ۔ نضارت
۳۔ تندرستی ۔ صحت مندی ۔ بشاشت
۴۔ جدت ۔ نیاپن ۔ ندرت

ذہن کی تازگی ـــــ خیالات کی تازگی ـــــ فکر کی تازگی ـــــ
تصور کی تازگی ـــــ مشاہدے کی تازگی ـــــ تازگی ِ تن ـــــ
تازگیِ بہار ـــــ تازگیِ چمن

تازہ : ۱۔ سرسبز ۔ شاداب ۔ تر ۔ ہرا بھرا ۔ مرطوب ۔ طری
۲۔ رونق دار ۔ آب دار
۳۔ تندرست ۔ صحت مند ۔ ہشاش بشاش ۔ چاق چوبند ۔ شگفتہ
۴۔ نیا ۔ جدید ۔ تازہ ۔ غیر مستعمل ۔ نو ۔ حال کا ۔ نوساخت ۔ نوآمد ۔
نومولود
۵۔ موٹا ۔ فربہ
۶۔ گرماگرم ۔ نوبہ نو
۷۔ حالیہ ۔ موجودہ

تازہ بات : نئی بات ۔ عجیب بات ۔ جدید واقعہ
تازہ بدن : موٹا بدن ۔ فربہ جسم
تازہ بہ تازہ : نو بہ نو ۔ گرماگرم ۔ جدید
تازہ بہار : ۱۔ نیا جوبن ۔ نئی بہار
۲۔ شگفتہ ۔ خنداں
تازہ خیال : ۱۔ نیا خیال ۔ جدید خیال ۔ فکرِ نو ۔ نادر خیال
۲۔ مخترع ۔ جدت آفریں ۔ جدت طراز
تازہ خیالی : اختراع ۔ ابداع ۔ جدت طرازی
تازہ دم : مستعد ۔ چست ۔ توانا ۔ چاق و چوبند ۔ ہشاش بشاش
تازہ دماغ : تر دماغ ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ خوش فکر ۔ ذہین
تازہ دماغی : تر دماغی ۔ دانائی ۔ عقل مندی ۔ خوش فکری ۔ ذہانت
تازہ رُو : شگفتہ رو ۔ ہنس مکھ ۔ بشاش ۔ خوش ۔ مسرور
تازہ رُوئی : شگفتہ روئی ۔ بشاشت ۔ خوشی ۔ مسرت
تازہ شگوفہ : نئی بات ۔ انوکھی بات ۔ نئی شرارت
تازہ فقرہ : نئی چال ۔ نیا فریب

تازہ کار : ۱۔ مبتدی۔ نوآموز۔ نیکھتر ط
۲۔ مخترع۔ موجد۔ مبتدش۔ جدت طراز

تازہ کاری : ۱۔ نوآموزی۔ ابتدا
۲۔ اختراع۔ ایجاد۔ ابتداع۔ جدت طرازی

تازہ مشق : مبتدی۔ نومشق۔ سیکھتر۔ نوآموز

تازہ مشقی : نومشقی۔ نوآموزی۔ تازہ کاری

تازہ وارد : نووارد۔ حال وارد۔ نیا نیا

تازہ ولایت : ۱۔ نووارد۔ تازہ وارد۔ پردیسی۔ اجنبی۔ غیر ملکی
۲۔ بے وقوف۔ سادہ لوح۔ احمق۔ نادان

تازہ شگوفہ پھوٹنا ــــ تازہ شگوفہ چھوڑنا ــــ تازہ بار ــــ تازہ گل کھلنا ــــ تازہ وضو ــــ تازہ دماغ ــــ تازہ گو ــــ حقہ تازہ کرنا ــــ تازہ ہوا ــــ تازہ روشنی ــــ تازہ صبح

تازی : (عربی)
۱۔ عربی گھوڑا
۲۔ عربی زبان
۳۔ شکاری کتا۔ حجازی کتا

تازی پرلبس نہ چلا ترکی کے کان اینٹھے
تازی مارا ترکی کانپا
تازی مار کھائے ترکی آشش پائے

تازیانہ : چابک۔ کوڑا۔ دُرّا۔ جلدہ۔ قمچی۔ سوط۔ ہنٹر۔ وتام۔ شلاق

تازیانہ کھانا ــــ تازیانہ ہونا ــــ تازیانۂ عبرت ــــ تازیانہ لگانا

تاسُّف : افسوس۔ رنج۔ حسرت۔ ملال۔ پچھتاوا۔ پشیمانی

تاسیس : بنیاد۔ نیو۔ اساس۔ جڑ۔ بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ مضبوط کرنا۔ اساس رکھنا۔ نیو رکھنا

یوم تاسیس ــــ تقریبات تاسیس ــــ شہرت تاسیس

تاش : ۱۔ زربفت۔ بادلہ
۲۔ تشت۔ لگن
۳۔ گنجفہ۔ ورق۔ پتا۔ کارڈ

تاش کھیلنا ــــ تاش بانٹنا ــــ تاش پھینٹنا ــــ تاش لگانا ــــ تاش بچھانا

تاش پر مدینج کا بخیہ

تاشا/تاشہ : تاسہ۔ دف۔ ڈھولک۔ ڈھلک

تاک : انگور کی بیل۔ شجرِ انگور

تاکستان : انگوری باغ۔ باغِ انگور

تاک : ۱۔ نگاہ۔ ٹکٹکی۔ بشست۔ نشانہ۔ گھات
۲۔ انتظار
۳۔ نگرانی۔ دیکھ بھال

تاک باز : نظرباز
تاک بازی : نظربازی۔ دیکھا بھالی
تاک جھانک : نظربازی۔ گھوراگھاری۔ تاڑ

تاک باندھنا ــــ تاک کر مارنا ــــ تاک جھانک ــــ تاک رکھنا ــــ تاک لگانا ــــ تاک میں رکھنا ــــ

تاک میں رہنا ـــ تاک میں لگنا

تاکنا : جھانکنا۔ چھپ چھپ کر دیکھنا۔ دیکھ دیکھ کر چھپنا۔ بیپا ننا۔ تاڑنا۔ موقع دیکھنا۔ داؤ میں رہنا۔ گھات لگانا۔ نشانہ باندھنا۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا گھورنا

تاکو : نظرباز۔ تاڑو

تاکو سے بھاگو : اچکا۔ اٹھائی گیرا۔ جیب کترا

تاکید : ۱۔ اصرار۔ ضد۔ ہٹ۔ استبداد۔ بار بار کہنا۔ زور دینا
۲۔ تقاضا۔ کوشش۔ سخت حکم

تاکید / تاکید شدید : سخت اصرار۔ سخت حکم۔ تقاضائے شدید

تاکید کرنا ـــ تاکید پر عمل کرنا ـــ تاکید پر غور نہ کرنا ـــ تاکیداً ـــ تاکیدی ـــ تاکیدی حکم

تاکیدی : ضروری۔ پُر زور۔ زوردار۔ سخت۔ فرمائشی

تاگا : دھاگا۔ تار۔ سوت۔ خیط۔ ڈورا۔ رشتہ۔ سلک

تال : ۱۔ شیشہ۔ مدرسہ
۲۔ تالی۔ ایقاع۔ وزن۔ لے
۳۔ تالاب۔ جوہڑ۔ جوہڑ

تال بے تالا : خارج از آہنگ۔ بے وزن۔ بے لے۔ بے تکا۔ بے تکی

تال میل : ۱۔ ہم آہنگی۔ ربط۔ موافقت۔ مطابقت
۲۔ موزونیت۔ مناسبت
۳۔ میل جول۔ راہ و رسم۔ ربط و ضبط

تال بجا کے مانگے بھیک، اس کا جوگ رہا کے ٹھیک
تال سے تمنا بری، سانپ سے سپنولا زہری
تال نہ تلیا، یوں ستنگی بڑے بھیا
تال تو بھوپال تال باقی سب تلیاں ہیں

تالا : قفل۔ مغلاق۔ جندرا۔ غلق۔ فراح۔ لوک

تالاب : تال۔ حوض۔ آب گیر۔ جوہڑ۔ چھپڑ۔ ڈبرا۔ پول۔ تلاو۔ ٹابر۔ غدیر۔ کولاب۔ چشمہ۔ پوکھر۔ اضاۃ۔ ٹانکا۔ برکہ۔ ٹینک۔ آب خور۔ گھاٹ۔ جگت بار۔ ڈور۔ پشکر۔ پیرائی

تالو : چندیا۔ تاسیر۔ جاندانہ۔ تشنک۔ یافوخ۔ رتا مہ۔ چاند۔ ٹھڑی۔ کھوپڑی

تالی : ۱۔ چابی۔ کنجی۔ کلید۔ مفتاح
۲۔ کفِ دست۔ ہتھیلی۔ تھپڑی۔ تاڑی۔ صفقہ۔ کپ

تالی بجانا ـــ تالی بج گئی ـــ تالی پیٹنا ـــ تالی گونجنا ـــ تالی لگانا

تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی
تالی بن کیسا تالا، جورو بن کیسا سالا
تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے۔

تالیف : ۱۔ الفت۔ موانست۔ ارتباط۔ دوستی
۲۔ ترتیب۔ یک جائی۔ جمع۔ تدوین
۳۔ سکون

تالیفِ قلوب : دل جوئی۔ تسلی۔ تشفی۔ دل دہی۔ سکون قلوب

تام : مکمل۔ پورا۔ سمپورن

تانس : ۱۔ سوچ ۔ بچار ۔ فکر ۔ اندیشہ ۔ غور
۲۔ توقف ۔ وقفہ ۔ ڈھیل ۔ دیر
۳۔ شک ۔ شبہ ۔ گمان ۔ تذبذب ۔ ہچکچاہٹ ۔ پس و پیش

تان : بلند آواز ۔ بلند آہنگی ۔ سُر سنگار ۔ سُر

تان اٹھانا ــــ تان لگانا ــــ تان اڑا لینا ــــ تان بھرنا ــــ تان کھینچنا ــــ تان توڑ ــــ تان توڑنا ــــ تان کی جان ــــ تان کی لینا ــــ تان لینا ــــ تان مارنا ــــ تان میں تکلیں اٹھانا ــــ تانوں کے لچھے ــــ تان رس خاں ــــ تان سین

تانا : تار ۔ تانی ۔ سُتری ۔ ستار

تانا بانا ــــ تانا بانا کرتے پھرنا ــــ تانا بھاری

تانے گھاٹ کر بانے گھاٹ
تانا بانا سوت پرانا

تانبا : تامبا ۔ تامر ۔ مس ۔ نحاس ۔ کوپر ۔ صفار ۔ روی ۔ تراماں ۔ تامڑا

تانبا سا آسمان ہو جانا ــــ تانبے کا چراغ ــــ تانبے کا تار

تانت : ۱۔ آنت ۔ انتڑی ۔ درہ
۲۔ تاگا ۔ دھاگا ۔ رشتہ ۔ خیط ۔ تار

تانت باجی راگ بوجھا

تانتا : ۱۔ قطار ۔ سلسلہ ۔ لانگا ڈیر ۔ تیرتا ۔ لنگار
۲۔ مجمع ۔ گروہ ۔ ازدحام ۔ جمگھٹ

تانتوا : فتق مائی ۔ ہرنیا ۔ آنتوا ۔ بانینڈورسل ۔ نزول الماء ۔ قیلہ مایہ ۔ آبی قیلہ

تاننا : سیدھا کھڑا کرنا ۔ عمود وار کھڑا کرنا

برچھی تاننا ــــ نیزہ تاننا ــــ مکا تاننا ــــ لاٹھی تاننا

تاوان : جرمانہ ۔ ڈنڈ ۔ حرجانہ ۔ کفارہ

تاولا : جلد باز ۔ تعجیل کار

تاولا سو باولا

تاویل : ۱۔ تعبیر ۔ وضاحت ۔ تشریح
۲۔ عذر ۔ حیلہ شرعی ۔ عذر بے جا ۔ دلیل بے جا

تاویلات سے کام لینا ــــ تاویل کی آڑ لینا ــــ تاویل کے سہارے چلنا ــــ

تائب : راجع ۔ مستغفر ۔ عفو خواہ ۔ طالب عفو ۔ معذرت خواہ ۔ منفعل ۔ تاسف ۔ توبہ کرنے والا

تاؤ : ۱۔ گرمی ۔ حرارت ۔ حدت ۔ آنچ
۲۔ غصہ ۔ غیظ ۔ خشم ۔ غضب
۳۔ پیچ و تاب ۔ بل ۔ مروڑ
۴۔ تختہ کاغذ
۵۔ بھیڑ ۔ مجمع ۔ انبوہ ۔ ازدحام
۶۔ طاقت ۔ قوت ۔ زور ۔ بل بختی
۷۔ شان ۔ شکوہ ۔ شوکت

تاؤ بھاؤ : ذرا سا ۔ خفیف ۔ قلیل مقدار ۔ بھاؤ تاؤ

تاؤ پیچ : پیچ و تاب ۔ غم و غصہ ۔ غیظ و غضب ۔ جز بز

تائید : ۱۔ مدد ۔ حمایت ۔ امداد ۔ معاونت
۲۔ رعایت ۔ طرف داری ۔ جانب داری ۔ پشتی ۔ حمایت
۳۔ صاد کرنا

تائید کلام ــــ تائید شہادت ۔ تائید مزید

تپ : (فارسی) ۱۔ گرمی ۔ حدت ۔ حرارت
۲۔ تاپ ۔ بخار ۔ تپ
۳۔ بے قراری ۔ بے چینی ۔ تڑپ ۔ اضطراب

تپ خالہ : چھالا ۔ پھپھولا ۔ آبلہ
تپ دروں : سوزِ دروں ۔ سوزشِ دل ۔ گرمیِ عشق
تپ و تاب : تڑپ پھڑک ۔ بے قراری ۔ اضطراب

تَب : (اردو) پھر ۔ بعد ازیں ۔ بعدہٗ ۔ تو ۔ اس لیے ۔ اس واسطے ۔
بدیں وجہ ۔ بدیں سبب ۔ اس وقت ۔ جب ۔ فیہ ۔ تم

تب ہی ــــ تب تو ــــ تب تک

تب کا لیپا ابھی سرا ہے، اب کا لیپا دیکھو آئے

تبادل : مبادلہ ۔ ادل بدل ۔ عوض معاوضہ ۔ باہمی بدلہ

تبادلہ : ۱۔ بدلی ۔ تبدیلی ۔ تبادل
۲۔ عوض معاوضہ ۔ بدل ۔ بدلہ

تبادلۂ خیالات : مبادلۂ افکار ۔ گفت و شنید ۔ اظہارِ خیال ۔ بحث مباحثہ

تبار : ۱۔ خاندان ۔ کنبہ ۔ گھرانا
۲۔ قوم ۔ ذات ۔ قبیلہ ۔ لوگ
۳۔ اولاد ۔ نسل ۔ نژاد ۔ جنس ۔ ونش

تباہ : برباد ۔ ضائع ۔ خراب ۔ ویران ۔ شکستہ ۔ خستہ ۔ غارت ۔ فنا ۔
نیست و نابود ۔ نشٹ ۔ اجڑا ہوا ۔ خستہ حال ۔ غرق ۔ بودا ۔
یباب ۔ تلپٹ

تباہ حال : خستہ حال ۔ پریشان حال ۔ بدحال
تباہ حالی : خستہ حالی ۔ پریشان حالی ۔ بدحالی
تباہ کار ۔ کن : غارت گر ۔ برباد کن
تباہ کاری : غارت گری ۔ بربادی

تباہی : ۱۔ بربادی ۔ خرابی ۔ ویرانی ۔ شکستگی ۔ خستگی
۲۔ ذلت ۔ رسوائی ۔ مسکنت
۳۔ مصیبت ۔ آفت ۔ عذاب ۔ زوال

تباہی زدہ : مصیبت زدہ ۔ آفت رسیدہ ۔ خراب خستہ ۔ بدحال

تبایُن : فرق ۔ تفاوت ۔ اختلاف ۔ جدائی ۔ ضد ۔ مخالفت

تبحُّر : مہارت ۔ کمال ۔ گہرائی ۔ گیرائی

تبختر : ۱۔ ناز ۔ انداز ۔ شوخی ۔ اتراہٹ
۲۔ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ

تبخیر : بھاپ ۔ بخار ۔ گیس ۔ حرارت ۔ اسٹیم

عمل تبخیر ــــ پانی کی تبخیر کرنا

تبدُّل : تغیر ۔ فرق ۔ تبدیلی ۔ بدل ۔ عزل و نصب

تبدیل : ۱. پلٹ پھیر ۔ تغیر ۔ فرق ۔ ادل بدل ۔ نقل ۔ پلٹنا ۔ بدلنا ۔ دگرگوں کرنا ۔ تبادلہ

تبدیلِ آب و ہوا ـــ تبدیلِ نادرست ـــ تبدیل کرنا
ـــ تبدیل ہونا

تبدیلی : پلٹ ۔ اُلٹ ۔ بدلی ۔ تبادلہ ۔ الٹ پلٹ

تبذیر : ۱. فضول خرچی ۔ اسراف ۔ بے جا خرچ
۲. بکھرنا ۔ پراگندہ ہونا
۳. گھاس کا زمین سے نکلنا

تبر : کلہاڑا ۔ کلہاڑا

تبرا : ۱. بیزاری ۔ نفرت
۲. گالی ۔ دشنام ۔ لعن طعن ۔ لعنت ملامت ۔ گالی گلوچ

تبرا کرنا ـــ تبرائی ـــ مجلسِ تبرا

تبرج : بناؤ سنگار ۔ آرائش و زیبائش ۔ نمود و نمائش ۔ خود نمائی

تبرک : ۱. بابرکت شے ۔ تحفۂ بزرگ ۔ مبارک ۔ متبرک ۔ مقدس ۔ پاک ۔ بابرکت ۔ بھاگوان
۲. تھوڑا ۔ خفیف ۔ قلیل المقدار

تبرکاً تمناً ـــ تبرک سمجھنا ـــ تبرک لینا ـــ
تبرک تقسیم کرنا

تبرید : ۱. ٹھنڈائی ۔ بارد مشروب
۲. ٹھنڈک ۔ خنکی

تبریک : مبارک باد ۔ تہنیت

تبسم : مسکراہٹ ۔ ابتسام ۔ خندۂ زیرِ لب ۔ نیم خندہ ۔ خندۂ نیم

تبسم افشاں/پاش : متبسم ۔ مسکراتا
تبسم ریز/ش : مسکراتا ۔ متبسم ۔ خوش رو ۔ ہنس مکھ

تبسمِ غنچہ ـــ تبسمِ نمکیں ـــ تبسمِ شیریں ـــ تبسمِ دزدیدہ
ـــ تبسمِ شرمگیں ـــ تبسمِ نمک پاش ـــ تبسمِ گل ـــ
تبسمِ الفت ـــ تبسمِ زیرِ لب ـــ تبسمِ فتنہ ساز ـــ
تبسمِ طنا شیر ـــ تبسمِ رنگیں ـــ تبسمِ [illegible] ـــ تبسمِ زرش
آگیں ـــ تبسمِ پنہاں ـــ تبسمِ تلخ

تبصرہ : تنقید ۔ نقد و نظر ۔ توضیح ۔ تشریح ۔ اظہارِ خیال ۔ تبصریح ۔ توضیح ۔ تفصیل ۔ تفسیر

حالاتِ حاضرہ پر تبصرہ ـــ تبصرہ نگاری ـــ تبصرہ خوانی
ـــ تبصرۂ کتاب ـــ تبصرۂ سیاست ـــ
تبصرۂ علمی

تبع : پیرو ۔ متبع ۔ مقلد

تبعی : ضمنی ۔ ذیلی

تبعیت : ۱. پیروی ۔ اتباع ۔ متابعت ۔ تقلید
۲. اطاعت ۔ فرماں برداری ۔ انقیاد

تبلیغ : پرچار ۔ اشاعت ۔ پیام رسانی ۔ وعظ ۔ پروپیگنڈا

تبلیغِ علم ـــ تبلیغِ عمل ـــ تبلیغِ تصوف ـــ تبلیغِ طریقہ
ـــ تبلیغِ دین

تبویب : موضوع وار ترتیب و تقسیم۔ باب بندی

تبیین : توضیح۔ تشریح۔ اظہار۔ بیان

تپ : تپسیا۔ ریاضت۔ مجاہدہ۔ عبادت

تپ : ۱۔ گرمی۔ حرارت۔ حدت۔ جوشش
۲۔ بخار۔ تاپ
۳۔ بے تابی۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب۔ تپش

تپ دق : تپ کہنہ۔ راج روگ
تپ زدہ : مبتلائے بخار۔ مریضِ بخار
تپِ زرد : یرقانی بخار
تپِ زندانی : ہذیانی بخار۔ میعادی بخار
تپِ محرقہ : میعادی بخار۔ ٹائیفائیڈ

تپاک : ۱۔ گرم جوشی۔ شوق۔ محبت۔ اشتیاق
۲۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت۔ تواضع۔ التفات
۳۔ اخلاص۔ محبت۔ عشق۔ دوستی۔ پیار
۴۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی

تپاں : ۱۔ گرم۔ سوزاں۔ محرور
۲۔ تڑپتا۔ لرزتا۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب

تپانا : تاؤ دینا۔ گرم کرنا

تپائی : سہ پائی۔ بینچ۔ اسٹول

تپسی / تپشی / تپشوی : زاہد۔ عابد۔ مرتاض۔ پرہیزگار۔ متورع

تپسیا / تپشیا : زہد۔ عبادت۔ ریاضت۔ تورع۔ ورع۔ مجاہدہ

تپش : ۱۔ سوزش۔ جلن۔ کھولن۔ حدت۔ حرارت۔ گرمی۔ تمازت۔ تو
۲۔ تڑپ۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی۔ اضطراب۔ اضطرار
۳۔ آتش زیرپا۔ بے کلی

تپشِ دل ـــ تپشِ روح

تپک : ٹیس۔ جلن۔ لپک۔ درد

تپنچہ : تمنچہ۔ پستول۔ پسٹل

تپیدہ : تڑپتا۔ بے قرار۔ بے چین۔ مضطرب

تت : ۱۔ روح۔ جان۔ نفس۔ ست
۲۔ لب لباب۔ خلاصہ۔ جوہر
۳۔ سرمایہ۔ متاع۔ بضاعت۔ پونجی۔ راس المال
۴۔ پھل۔ حاصل۔ ثمر۔ نتیجہ
۵۔ ذات۔ معرفتِ ذات

تتا : ۱۔ گرم۔ محرور۔ جلتا۔ سوزاں
۲۔ تند مزاج۔ تندخو۔ تیز مزاج
۳۔ سرگرم۔ پرجوش
۴۔ بہادر۔ شجاع۔ جری۔ دلیر

تتا تاؤلا : تیز مزاج و جلد باز۔ تندخو و تعجیل کار

| تتا کورا نہ نگلنے کا نہ اگلنے کا

تتبع : تقلید۔ پیروی۔ اتباع۔ متابعت۔ نقل۔ ریس

تتر بتر : پریشان ۔ پراگندہ ۔ متفرق ۔ الگ ۔ جدا ۔ درہم برہم ۔ منتشر ۔ غیر منظم ۔ تین تیرہ ۔ بکھرا ہوا ۔ الگ الگ ۔ جدا جدا ۔ تار بتار ۔ تار کتار ۔ شذر مذر

تتڑی : ۱۔ بدقسمت ۔ ابھاگن ۔ بدبخت
۲۔ تیز مزاج ۔ تنک مزاج
۳۔ نخریلی ۔ نخرے باز
۴۔ کنجوس ۔ بخیل

تتڑی نے دیا جنم جلی نے کھایا
نہ جیب جلی نہ سواد آیا

تتلی : ۱۔ تیتری ۔ بھنبھیری ۔ پر کیڑا ۔ بٹر فلائی ۔ سروحتہ الجن
۲۔ بنی سنوری ۔ خوش پوشاک عورت ۔ پری تمثال

تتمبا : ۱۔ بحث ۔ تکرار ۔ طول سخن ۔ طول کلام
۲۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ نزاع
۳۔ روک ۔ رکاوٹ ۔ ممانعت ۔ مزاحمت
۴۔ سازش ۔ ساز باز ۔ جوڑ توڑ ۔ داؤں گھات ۔ چال
۵۔ بغاوت ۔ سرکشی ۔ غدر ۔ دنگا ۔ فساد

تتمہ : بقیہ ۔ اخیر ۔ خاتمہ ۔ تتیمہ

تتو تھمبو : ۱۔ دم دلاسا ۔ بیچ بچاؤ
۲۔ روک تھام

تتی : تتری ۔ چندیا ۔ کھوپڑی

تتی پر تیں بال وہ بھی نا چلیں تیں تال

تتیا : ۱۔ زنبور سرخ ۔ لال بھڑ

۲۔ تیز مزاج
۳۔ چالاک ۔ تیز ۔ ہوشیار ۔ ذہین

تٹ : ۱۔ ڈھلوان سطح ۔ ڈھال ۔ جھکاؤ
۲۔ کنارہ ۔ ساحل
۳۔ افق ۔ آکاش

تثلیث : سہ گونہ تقسیم ۔ تکونا پن

تج : تردوج ۔ ورنگ ۔ تیشکل ۔ تجہ ۔ جاترک ۔ ورنگلات ۔ ورنگھن ۔ سرنگھن ۔ گورتونک ۔ سرن پوس ۔ فرنجمشک

تجاذب : جذب باہم ۔ کشا کشی ۔ کشش ۔ کشمکش ۔ کشش ثقل ۔ میل

تجارت : سوداگری ۔ بیوپار ۔ بنج ۔ لین دین ۔ کاروبار ۔ بزنس ۔ معاملہ ۔ پیشہ کار ۔ بیوہار

تجاوز : ۱۔ حدود شکنی ۔ تعدی ۔ زیادتی
۲۔ انحراف ۔ عدول حکم ۔ سرکشی ۔ نافرمانی ۔ خلاف ورزی
۳۔ تفاوت ۔ فرق ۔ اختلاف
۴۔ گم راہی ۔ ضلالت ۔ بھٹکن
۵۔ گستاخی ۔ بے تمیزی

تجاہل : تغافل ۔ اغماض ۔ چشم پوشی ۔ بے پروائی ۔ آنکھ بچانا ۔ طرح دینا

تجاہل پیشگی : تغافل شعاری ۔ بے پروائی ۔ ان جان پن ۔ بے خبری ۔ بے توجہی
تجاہل پیشہ : تغافل شعار ۔ بے پروا ۔ ان جان ۔ بے خبر ۔ بے توجہ
تجاہل عارفانہ : بناوٹی بے خبری ۔ مصنوعی نا واقفیت ۔ جانتے بوجھتے انجان بننا

تجدّد : نیاپن۔تازگی۔اختراع۔ایجاد۔ابداع

تجدید : جدت۔تازگی۔احیا

تجربہ : ۱۔جانچ۔پرکھ۔امتحان۔آزمایش۔ایکسپیریمنٹ
۲۔ثبوت۔دلیل

تجربہ کار : آزمودہ کار۔مشّاق۔جہاں دیدہ۔واقف کار۔ہوشیار۔پختہ کار۔کائیاں۔خرانٹ۔گھاگ۔گرگِ باراں دیدہ۔ہوشیار آدمی
تجربہ گاہ : دارالتجربہ۔معمل۔لیبارٹری۔آزمایش گاہ

تجربی/تجرباتی : آزمایشی۔امتحانی۔عملی

تجرّد : ۱۔تنہائی۔اکیلاپن۔عدم تأہل۔چھڑاپن
۲۔ترک علائق۔ترک دنیا
۳۔عریانی۔برہنگی
۴۔آزادی۔بے لوثی

تجرید : ۱۔عریانی۔برہنگی
۲۔یکتائی۔بے ہمتائی۔یگانگی۔تفرید
۳۔تنہائی۔الگ پن۔علیحدگی۔عزلت۔خلوت
۴۔ترک علائق۔بے لوثی
۵۔تجریدیت

تجزیہ : تقسیم۔تفریق۔تحلیل۔کیمیاوی عمل۔تبصرہ

تجسّس : تلاش۔جستجو۔ڈھونڈ۔ٹوہ۔تفتیش۔دریافت

تجسیم : جسمیت۔جسمانیت۔جسامت

تجلّی : جلوہ۔جھلک۔نور۔روشنی۔چمک

تجمّل : ۱۔جمال۔آرایش۔زیب و زینت۔بناؤ سنگار
۲۔شان و شوکت۔ٹھاٹھ باٹھ۔جاہ و حشم
۳۔عظمت۔وقار۔جلال
۴۔مال و متاع۔ساز و سامان۔ساز و برگ

تجنا : چھوڑنا۔ترک کرنا۔تیاگنا۔کنارہ کرنا۔دست بردار ہونا

تجویز : ۱۔رائے۔صلاح۔تدبیر۔منصوبہ۔قرارداد۔ارادہ۔ریزولیوشن
۲۔فیصلہ۔تصفیہ
۳۔بندوبست۔انتظام۔انصرام
۴۔ڈھنگ۔جتن۔اپائے
۵۔دریافت۔تحقیق

تجہیز : آراستگی۔سرو سامان۔تیاری۔ترتیب۔فراہمی سامان

تجہیزِ لشکر : آراستگی لشکر۔ترتیب لشکر
تجہیز و تکفین : کفن دفن۔گورگڑھا۔آخری رسومات

تجھ : تو۔تم۔تیرے

تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے
تجھ سے تو پاخانے میں پانی/لوٹا بھی نہ رکھواؤں
تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو
تجھ کو اور کی کیا پڑی، تو اپنی سنبھال
تجھ بن دنیا سونی

تحائف : ہدایا۔تحفے۔سوغاتیں۔نذرانے

تحت : ۱۔نچلا۔زیریں۔نیچے کا
۲۔نیچے۔زیر۔تلے
۳۔قبضہ۔تصرف۔تسلط۔قابو۔بس

تحت الثریٰ: طبقۂ زیریں ۔ درک اسفل ۔ پاتال

تحت اللفظ: ۱۔ لفظاً بلفظاً ۔ لفظی
۲۔ بلا ترنم ۔ بے ترنم ۔ شعر خوانی

تحتانی: نچلا ۔ زیریں

تحدیث: ذکر ۔ اظہار ۔ خبر ۔ اطلاع ۔ بیان

تحدید: حد بندی ۔ محدودیت

تحریک: حرکت ۔ جنبش

تحریر: ۱۔ لکھائی ۔ لکھت ۔ ارقام ۔ ترقیم ۔ نوشت ۔ نگارش ۔ لکھاوٹ ۔ نقش و نگار ۔ نقشِ قلم
۲۔ عبارت ۔ انشا ۔ مضمون
۳۔ خط ۔ رقعہ ۔ مراسلہ ۔ چٹھی ۔ نامہ
۴۔ دستاویز ۔ وثیقہ ۔ تمسک
۵۔ خطِ ترمہ
۶۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ طرز ۔ اسلوب

منفرد اندازِ تحریر ــــ پُر اثر تحریر

تحریری: لکھا ہوا ۔ مرقومہ ۔ نوشتہ ۔ نگاشتہ

تحریص: ترغیب ۔ لالچ ۔ اغوا ۔ بہکاوا

تحریف: ردّ و بدل ۔ تغیر و تبدل ۔ غلط اندراج ۔ تقلّب ۔ تغیر ۔ تغییر ۔ خلاف بیان کرنا ۔ تبدیل کرنا ۔ بدلنا

تحریک: ۱۔ حرکت ۔ جنبش ۔ سلسلہ جنبانی
۲۔ اشتعال ۔ ترغیب ۔ برانگیختگی ۔ انگیخت ۔ جوش ۔ ابھارنا

۳۔ چھیڑ چھاڑ
۴۔ نزلہ ۔ زکام

تحسین: سراہنا ۔ تعریف ۔ آفریں ۔ واہ واہ ۔ مرحبا ۔ شاباش ۔ توصیف ۔ مدح ۔ ستائش ۔ افزا ۔ انوشا ۔ چنانھن ۔ چنامن ۔ رہازہ ۔ فریش

داد و تحسین سے نوازا جانا ــــ داد و تحسین کے ڈونگرے برسنا ــــ قابلِ تحسین کام کرنا ــــ تحسینِ کلام ــــ تحسینِ محبت ــــ تحسینِ کار ــــ تحسینِ ادائے فرض ــــ تحسین ناشناس ــــ تحسینِ علم ــــ خراجِ تحسین

تحشیہ: حاشیہ آرائی ۔ شرح ۔ تشریح ۔ توضیح

تحصیل: ۱۔ اکتساب ۔ حصول ۔ یافت ۔ نفع ۔ پراپت
۲۔ خراج ۔ باج ۔ محصول ۔ مال گزاری
۳۔ حصۂ ضلع

تحصیل لاحاصل: کارِ بے سود ۔ بے فائدہ تگ و دو ۔ بے فائدہ کوشش ۔ سعیٔ رائیگاں

تحصیل دار: محصّل ۔ سربراہ تحصیل ۔ عہدہ دار محکمہ مال

تحصیلِ علم ــــ تحصیلِ فن ــــ تحصیلِ زر

تحفظ: حفاظت ۔ بچاؤ ۔ احتیاط ۔ نگہداشت ۔ نگہبانی

تحفگی: ۱۔ عمدگی ۔ خوبی ۔ نفاست ۔ ندرت
۲۔ فوقیت ۔ برتری ۔ بہتری

تحفہ: ۱۔ ہدیہ ۔ سوغات ۔ نذر ۔ پیش کش ۔ ارمغان ۔ ڈالی ۔ نذرانہ ۔ عطیہ ۔ گفٹ

۲۔خوب صورت ۔نفیس ۔عمدہ ۔اعلیٰ ۔چیدہ ۔عجیب

تحفۂ معجون : ۱۔عجیب۔انوکھا
۲۔نقل محفل ۔مسخرہ

تحقیر : توہین ۔استخفاف ۔ذلت ۔تذلیل ۔رسوائی ۔اہانت ۔بے حرمتی

تحقیق : ۱۔حق جوئی ۔تفتیش ۔دریافت ۔جانچ ۔آزمائش ۔جانچ پڑتال ۔امتحان ۔تدقیق ۔تشخیص ۔تصدیق ۔جستجو ۔پوچھ گچھ ۔چھان بین ۔ٹوہ ۔تجسّس ۔کھوج ۔سراغ ۔پتا ۔تجربہ
۲۔اصلیت ۔سچائی ۔حقیقت ۔صداقت
۳۔اصلی ۔یقینی ۔سچا ۔بے شک ۔بے ریب

تحقیقی : ۱۔منسوب بہ تحقیق
۲۔یقینی ۔دریافت شدہ ۔آزمودہ ۔درست ۔ٹھیک

تحکّم : دعویٰ ۔غلبہ ۔زبردستی ۔زورآوری ۔غضب ۔تعدّی

تحکیم : ۱۔حکم ۔فرمان
۲۔طاقت ۔قوت ۔زور ۔شکتی
۳۔ثالثی ۔پنچایت

تحلیل : ۱۔تجزیہ ۔گھلاوٹ ۔حل
۲۔ہضم ۔پچاؤ
۳۔لاغری ۔دُبلاپن
۴۔حلت ۔اباحت ۔جواز

تحمّل : ۱۔برداشت ۔صبر ۔حلم ۔بردباری
۲۔مہلت ۔وقفہ ۔توقف

تحمید : حمد ۔ثناگری ۔ثناخوانی ۔ستائش ۔تعریف ۔مدح

تحویل : ۱۔تفویض ۔حوالگی ۔سپردگی ۔ودیعت ۔امانت
۲۔بدلی ۔تبدیلی ۔نقل ۔انتقال
۳۔نقدی ۔مال ۔دھن ۔پونجی ۔متاع ۔سرمایہ ۔خزانہ

تحویل دار : خزانچی ۔خازن ۔امین

تحویل میں دینا ـــ تحویل میں آنا ـــ تحویل سے نکل جانا ـــ تحویل میں ہونا

تحیّہ : ۱۔سلام ۔تسلیم ۔آداب
۲۔دعا ۔برکت

تحیّر : حیرت ۔حیرانی ۔تعجب ۔اچنبھا

تخاطب : خطاب ۔مخاطبت

تخالف : مخالفت ۔خصومت ۔مخاصمت ۔بَیر ۔دشمنی ۔لاگ

تخت : ۱۔مسند ۔گدّی ۔سریر ۔سنگھاسن ۔اورنگ ۔عرش ۔راج گدی ۔اریکہ
۲۔چارپائی ۔پلنگ ۔چوکی
۳۔سلطنت ۔حکومت ۔بادشاہی

تختِ آبنوسی : رات ۔شب ۔لیل ۔رین
تخت بخت : راج سہاگ ۔عیش و آرام ۔خوش اقبالی ۔شوہر و اولاد
تختِ رواں : ہوادار ۔پالکی ۔پینس
تختِ عاج : ۱۔روز ۔دن ۔نہار
۲۔ساق سیمیں ۔ساق بلوریں
تخت کی رات : سہاگ رات ۔شب زفاف ۔شب عروسی
تخت گاہ : پایۂ تخت ۔دارالسلطنت ۔دارالحکومت ۔صدر مقام ۔عروس البلاد

تخت نشین : اورنگ نشین ۔ سریر آرا ۔ مسند نشین ۔ بادشاہ ۔ حکم راں ۔ فرماں روا

تخت نشینی : اورنگ نشینی ۔ مسند نشینی ۔ سریر آرائی ۔ بادشاہی ۔ حکم رانی ۔ فرماں روائی

تخت و تاج : ملک و سلطنت ۔ اورنگ و افسر ۔ چتر و دیہیم ۔ راج پاٹ

تخت اُلٹنا ــ تخت پر بٹھانا ــ تخت پر بیٹھنا ــ
تخت پوش ــ تخت چڑھنا ــ تخت سلیمانی ــ
تخت طاؤسی ــ تخت کا تختہ ہو جانا ــ تخت نشیناں
ــ تخت یا تختہ ــ تخت سمالبوت

تختہ : ۱۔ پٹڑا ۔ پٹا ۔ پھٹرا ۔ پھاٹ ۔ سلیپر ۔ ٹھیا
۲۔ ورق ۔ تاؤ
۳۔ چوکی ۔ میز ۔ تپائی ۔ بنچ
۴۔ قطعہ زمین
۵۔ چمن ۔ کیاری ۔ کھیت ۔ خیاباں
۶۔ بساط ۔ فرش
۷۔ بورڈ ۔ نوٹس بورڈ

تختۂ اوّل : تختی ۔ لوح ۔ لوحِ محفوظ
تختۂ بلور : پیٹ ۔ شکم
تختہ بند : محبوس ۔ مقید ۔ زندانی ۔ اسیر ۔ قیدی
تختہ بندی : ۱۔ قید ۔ حبس ۔ اسیری
۲۔ خاتم بندی ۔ فرش
۳۔ خیاباں بندی
تختۂ حیات : زائچۂ عمر
تختۂ خاک : روئے زمین ۔ سطحِ ارض
تختۂ صندل : تختۂ بلوریں ۔ پیٹ ۔ شکم

تختہ اُلٹنا ــ تختہ بند ــ تختہ بندی ــ تختۂ پل
تختۂ گردن ــ تختۂ نرد ــ تختہ ہو جانا

تختی : لوح ۔ پھٹی ۔ تختۂ مشق

تختیاں پڑنا ــ تختی سکھانا ــ تختی لکھنا
تختی پڑنا

تخریب : خرابی ۔ بگاڑ ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ ویرانی

تخصیص : خصوصیت ۔ خاصیت ۔ گن ۔ سبھاؤ

تخفیف : ۱۔ کمی ۔ گھٹاؤ ۔ سبکی
۲۔ افاقہ ۔ آرام ۔ صحت مندی
۳۔ موقوفی ۔ برطرفی

تخلص : ۱۔ شاعرانہ نام ۔ قلمی نام ۔ مختصر نام
۲۔ خلاصہ ۔ اختصار ۔ جوہر
۳۔ گریز (قصیدہ)

تخلّف : وعدہ خلافی ۔ بدعہدی ۔ انحراف ۔ روگردانی

تخلیط : آمیزش ۔ ملاوٹ ۔ میل ۔ خلط ملط

تخلیق : ۱۔ پیدائش ۔ آفرینش ۔ خلقت
۲۔ طبع زاد فن پارہ

تخلیہ : خلوت ۔ تنہائی ۔ علیحدگی

تخم : ۱۔ بیج ۔ دانہ ۔ بذر ۔ گٹھلی
۲۔ اصل ۔ بنیاد
۳۔ نسل ۔ نژاد ۔ اولاد
۴۔ بیضہ ۔ انڈا
۵۔ نطفہ

تخم افشانی: تخم پاشی۔ تخم ریزی۔ بجائی۔ بوائی

تخم بد: بد اصل۔ بدگہر۔ بدذات۔ ذلیل۔ کمینہ۔ حرامی

تخم پاشی: تخم افشانی۔ تخم ریزی۔ بجائی۔ بوائی

تخم حرام: حرامی۔ حرام زادہ۔ ولدالزنا۔ ولدالحرام

تخم ریزی: تخم افشانی۔ تخم پاشی۔ بجائی۔ بوائی

تخم مرغ: بیضۂ مرغ۔ انڈا

تخمہ: سوئے ہضم۔ بدہضمی۔ ہیضہ

تخمی: غیر قلمی۔ ناپیوندی۔ اصلی۔ کاٹھا

تخمین: پیش بینی۔ اندازہ۔ گمان۔ قیاس۔ اٹکل

تخمیناً: اندازے سے۔ از روے اندازہ۔ قیاس سے۔ اُپمان سے۔ قریب قریب۔ تقریباً۔ کم و بیش۔ اٹکل سے۔ میزان۔ جوڑ۔ ٹوٹل۔ آنک

تخمینہ: اندازہ۔ اٹکل۔ قیاس۔ سرسری حساب

تخویف: ترہیب۔ تہدید۔ ڈراوا۔ دھمکی

تخیّل: خیال۔ قیاس۔ تصور

تدارک: ۱۔ بازیافت۔ بازیابی
۲۔ انتظام۔ بندوبست
۳۔ انسداد۔ روک تھام۔ سدباب
۴۔ اصلاح۔ درستی
۵۔ چارہ۔ علاج۔ جتن۔ اپائے
۶۔ تلافی۔ پاداشن۔ جزا
۷۔ سرزنش۔ سزا

تدبّر: ۱۔ غور۔ فکر۔ عاقبت اندیشی۔ عاقبت بینی۔ مآل اندیشی۔ انجام بینی
۲۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست

تدبیر: ۱۔ عاقبت اندیشی۔ مآل اندیشی۔ انجام بینی
۲۔ چارہ۔ درماں۔ علاج۔ اپائے۔ ترکیب۔ بیارشس
۳۔ خیال۔ اندیشہ۔ فکر۔ سوچ۔ غور۔ تامل
۴۔ تجویز۔ منصوبہ
۵۔ بندوبست۔ انتظام۔ انصرام
۶۔ سعی۔ کوشش
۷۔ حکمت۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ دانائی۔ چال۔ جوڑ توڑ

تدبیر سلطنت/مملکت: انتظام حکومت۔ نظم و نسق ملک۔ سیاسی معاملات

تدبیر غذا: اصلاح غذا۔ پابندی خوراک

تدبیر فاسد: خراب منصوبہ۔ سازش۔ شرارت

تدبیر منزل: انتظام خانہ۔ خانہ داری

تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی
بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی
تدبیر کند بندہ، تقدیر کند خندہ

تدریج: درجہ بدرجہ۔ آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔ تسلسل۔ درجہ واری

تدریس: تعلیم۔ پڑھائی۔ آموزش

تدفین: دفن۔ گور گڑھا

تدقیق: غور۔ فکر۔ باریک بینی

تدلیس: عیاری۔ مکاری۔ فریب۔ دغا۔ خیانت

تدوین : تالیف ۔ ترتیب ۔ انتخاب ۔ جمع ۔ سلیکشن ۔ مدون کرنا ۔ ایڈٹ کرنا

تدوینِ حدیث ـــ تدوینِ ادب

تدیُّن : دینداری ۔ دیانت داری ۔ پرہیزگاری ۔ صداقت شعاری

تذبذب : ا۔ کشمکش و پیچ ۔ گومگو ۔ دبدا ۔ ادھیڑبن ۔ دھکڑپکڑ ۔ ہچکچاہٹ ۔ دودلی ۔ نیم دلی
۲۔ پریشانی ۔ بے چینی ۔ اضطراب ۔ گھبراہٹ
۳۔ پکڑ دھکڑ

تذکرہ : ا۔ ذکر ۔ بیان ۔ یادداشت ۔ ذکراذکار
۲۔ یادگار ۔ یاد
۳۔ افواہ ۔ چرچا
۴۔ تاریخ ۔ سرگزشت ۔ حالات ۔ واقعات ۔ سوانح عمری ۔ آپ بیتی ۔ آٹو گرافی

تذکرۂ شعرا ـــ تذکرہ علما ـــ تذکرہ حکما

تذکیر : ذکر ۔ یاد نصیحت ۔ پند ۔ وعظ ۔ مُذکّر پن

تذلُّل : ا۔ فروتنی ۔ عجز ۔ عاجزی ۔ انکسار
۲۔ خوشامد ۔ تملق

تذلیل : ذلت ۔ رسوائی ۔ بے حرمتی ۔ بے عزتی

تر : ا۔ گیلا ۔ بھیگا ۔ آب دار ۔ مرطوب ۔ نم ناک ۔ پُرنم ۔ نمدار ۔ سیلا ۔ نم ۔ مبلول
۲۔ تازہ ۔ نیا ۔ جدید
۳۔ سرسبز ۔ شاداب ۔ ہرابھرا ۔ رسیلا ۔ ہرا
۴۔ نرم ۔ ملائم ۔ کومل
۵۔ کشادہ ۔ کھلا ۔ وسیع ۔ فراخ
۶۔ بیش ۔ زیادہ ۔ افزوں
۷۔ دولت مند ۔ ثروت مند ۔ مال دار ۔ متمول
۸۔ چکنا ۔ روغن دار ۔ چرب دار
۹۔ آلودہ ۔ لتھڑا ۔ ملوث
۱۰۔ عمدہ ۔ خوب ۔ نفیس
۱۱۔ پرلطف ۔ پرمزہ
۱۲۔ لاحقہ تفضیل بعض

تربتر : بھیگا ۔ گیلا ۔ شرابور ۔ آلودہ
تردامن : آلودہ دامن ۔ گنہگار ۔ مجرم ۔ بدکار ۔ بدکردار ۔ خاطی ۔ قصوروار
تردامنی : آلودہ دامنی ۔ گنہگاری ۔ بدکاری ۔ بدکرداری ۔ خطاکاری ۔ قصورواری
تردست : چابک دست ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ مشّاق
تردستی : چابک دستی ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ مشّاقی
تردماغ : ا۔ عقل مند ۔ صاحب شعور ۔ صاحب فہم
۲۔ خوش ۔ مسرور ۔ آنند
تردماغی : ا۔ عقل مندی ۔ باشعوری ۔ فہم ۔ خردمندی
۲۔ خوشی ۔ مسرت ۔ سرور
تر زبان : فصیح ۔ خوش بیان ۔ طلیق اللسان
تر زبانی : فصاحت ۔ خوش بیانی ۔ طلاقت لسانی
تر لقمہ / ترنوالا : عمدہ غذا ۔ اچھا کھانا
تروتازہ : ا۔ ہرا بھرا ۔ سرسبز و شاداب
۲۔ بے تکان ۔ تازہ دم
تروخشک زمانہ : نشیب و فراز زمانہ ۔ رنج و راحت ۔ آرام و تکلیف

ترترکاری ـــ ترتھوار ـــ ترہونا ـــ تری ـــ ترجبیں ـــ ترخندہ

تراب : مٹی ۔ خاک ۔ زمین ۔ گرد و غبار

ترارا : تیز رفتاری ۔ فراٹا ۔ زناٹا ۔ طفرہ

ترارے بھرنا ــــ ترارے میں آنا

ترازو : میزان ۔ کانٹا ۔ تُلا ۔ تکڑی ۔ تلا ۔ راس ۔ قسطاس ۔ تک ۔ مقیاس ۔ برج میزان ۔ تکڑ ۔ ترکڑی

ترازو ہو جانا ــــ ترازوے عدل ــــ ترازوے قیامت

تراس : ۱۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش
۲۔ خوف ۔ ڈر ۔ ہراس

تراسی : ہشتاد و سہ ۔ ثلاثہ ثمانون

تراش : ۱۔ کاٹ ۔ کٹاؤ ۔ قطع ۔ کتر بیونت ۔ کٹ ۔ کانٹ چھانٹ ۔ تراش خراش
۲۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ طرز ۔ طریق
۳۔ وضع ۔ قطع ۔ ہیئت ۔ حلیہ
۴۔ اختراع ۔ ایجاد
۵۔ آرایش ۔ آراستگی ۔ بناؤ ۔ سنگار ۔ سج دھج
۶۔ قاش ۔ پھانک

تراش خراش : ۱۔ کاٹ چھانٹ ۔ قطع و برید ۔ کتر بیونت
۲۔ انداز ۔ طرز ۔ ڈھنگ
۳۔ زیب و زینت ۔ آرایش و پیرایش ۔ آراستگی و پیراستگی

کوٹ کی تراش ــــ پتلون کی تراش ــــ تراشنا ــــ تراشیدہ ــــ مو تراش ــــ قلم تراش ــــ سنگ تراش ــــ آبگینہ تراش ــــ الماس تراش ــــ بت تراشی ــــ صنم تراشی ــــ قلم تراشی ــــ سخن تراش ــــ بہانہ تراش ــــ تراش خراش نکالنا

تراشہ : ۱۔ چھیلن ۔ کترن
۲۔ ٹکڑا ۔ حصہ
۳۔ پھانک ۔ قاش

تراشیدہ : ۱۔ چھیلا ۔ مقطوعہ ۔ کترا
۲۔ وضع کردہ ۔ ساختہ ۔ ایجاد کردہ

ترانوے : نود و سہ ۔ ثلاثہ و تسعون

ترانہ : نغمہ ۔ راگ ۔ گیت ۔ سرود ۔ زمزمہ

ترانہ پرداز ــــ ترانہ سرا ــــ ترانہ زن ــــ ترانہ سنج

تراوش : اظہار ۔ ترشح ۔ رشحہ ۔ نتیجہ ۔ حاصل

ترائی : نم ناک زمین ۔ مرطوب زمین ۔ برغیل

تربت : قبر ۔ گور ۔ مزار ۔ مقبرہ

تربوز : تربُز ۔ حبحب ۔ تربزہ ۔ ادھوانا ۔ ہندوانہ ۔ بطیخ ہندی

تربیت : ۱۔ پرورش ۔ پرداخت ۔ نگہداشت ۔ پالن ۔ پال پوس
۲۔ تعلیم ۔ تہذیب ۔ سکھلائی ۔ سکشا ۔ ٹریننگ ۔ تادیب
تعلیم اخلاق و تہذیب

تربیت پذیر : لائق تربیت ۔ لائق تعلیم

| تربیت نا اہل را چوں گردگاں بر گنبد است

تُرت : جلد ۔ فوراً ۔ فی الفور ۔ ابھی ۔ اسی وقت ۔ اسی دم

ترت پھرت : ۱۔ پھرتی۔ چالاکی۔ چستی۔ تیزی۔ طراری
۲۔ فوراً۔ فی الفور۔ ابھی۔ اسی دم

ترت بھلائی وہ نر پاوے جو دھن دانا نام لٹاوے
ترت پھرت ہوں سگرے کام
جب ہوویں مٹھی میں دام
ترت پھرت ہو وہ بھی کار
مدد کرے جس کی سرکار
ترت دام مہاپُن
تر دان مہاپُن
ترت دان مہا کلیان
ترت کے پیچھے ترت نہیں چلتے
ترت فتح ہو اس کے تائیں
جس کا حامی ہووے سائیں
ترت مزدوری جو پکڑاوے
واکا کار ترت ہو جاوے
ترت اہی بو دو ترت ہی کھاؤ
باسی کھاؤ اوجھ بڑھاؤ

ترترا : ۱۔ تیز۔ چالاک۔ چست۔ طرار
۲۔ باتونی۔ چرب زبان۔ لسّان

ترتیب : ۱۔ درجہ۔ قرینہ۔ تسلسل
۲۔ درستی۔ آراستگی۔ سجاوٹ
۳۔ نظم۔ انتظام۔ صف بندی۔ سلسلہ بندی
۴۔ تالیف۔ تدوین
۵۔ جنس واری۔ قسم واری۔ ذیل بندی
۶۔ ڈھنگ۔ سلیقہ۔ اسلوب

ترتیب وار : ۱۔ درجہ وار۔ قسم وار۔ سلسلہ وار۔ علی الترتیب۔ مسلسل
۲۔ باقرینہ۔ باسلیقہ

ترجمان : ۱۔ مترجم۔ شارح۔ مفسّر۔ معبّر۔ دوبھاشیا۔ ٹرانسلیٹر۔ ترزبان۔ ترزفان۔ ترزمان۔ بکواک۔ تاجمان۔ ولماچ
۲۔ نمائندہ۔ سفیر۔ ایلچی

ترجمانی : ۱۔ شرح۔ تعبیر۔ تفسیر
۲۔ نمائندگی۔ سفارت

ترجمہ : ۱۔ انتقالِ مفہوم۔ بیانِ مضمون بزبانِ دیگر۔ التما

ترجیح : فوقیت۔ فضیلت۔ برتری۔ سبقت۔ غلبہ۔ افزونی۔ بہتری۔ بڑائی۔ تفوّق۔ تفضیل

ترجیع : واپسی۔ بازگشت۔ رجعت۔ مراجعت

ترچھا : ۱۔ آڑا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ بانکا۔ منحرف۔ اریب۔ احول۔ گاج
۲۔ مخالف۔ منحرف
۳۔ ناخوش۔ ناراض۔ غضب ناک

ترچھاپن : ۱۔ آڑاپن۔ ٹیڑھاپن۔ کجی۔ بانکپن
۲۔ مخالفت۔ انحراف
ترچھی نظر : ۱۔ نگاہِ غضب۔ بُری نظر
۲۔ نگاہِ ناز

ترحّم : ۱۔ رحم۔ ترس
۲۔ مہربانی۔ شفقت۔ کرم۔ عنایت

تردد : ۱۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ تشویش
۲۔ کشش و پنج۔ پس و پیش۔ تذبذب
۳۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے قراری
۴۔ انکار۔ ردّ
۵۔ محنت۔ مشقت۔ کام

۶۔ کاشت کاری ۔ زراعت

تردید : ۱۔ رَدّ ۔ بطلان ۔ تنسیخ ۔ منسوخی
۲۔ جواب ۔ مخالفت

ترس : (اردو) رحم ۔ درد ۔ دَیا

ترس : (فارسی) ڈر ۔ خوف ۔ بیم ۔ ہراس ۔ دہشت

ترس ناک : خوف ناک ۔ دہشت ناک

ترسا : ۱۔ خوف زدہ ۔ ڈرا ۔ سہما ۔ دہشت زدہ
۲۔ آتش پرست ۔ پارسی
۳۔ نصرانی ۔ عیسائی ۔ مسیحی

ترساں : خائف ۔ ڈرا ۔ سہما ۔ خوف زدہ ۔ دہشت زدہ

ترسٹھ : ثلاثہ وستون ۔ تریٹھ ۔ تریسٹھ

ترسیل : روانگی ۔ ابلاغ ۔ رسد ۔ ارسال

تُرش : ۱۔ کھٹا ۔ حامض
۲۔ ناخوش ۔ ناراض ۔ بدمزاج ۔ بددماغ
۳۔ ناگوار ۔ ناپسندیدہ

تُرش رُو : بدمزاج ۔ بدخو ۔ تندخو ۔ چڑچڑا ۔ بددماغ
تُرش رُوئی : بدمزاجی ۔ بدخوئی ۔ تندخوئی ۔ چڑچڑاپن ۔ بددماغی ۔ تندمزاجی
تُرش مزاج : بدمزاج ۔ تندمزاج ۔ بددماغ
تُرش مزاجی : بدمزاجی ۔ تندمزاجی ۔ بددماغی

تُرش ابرو ــــ تُرش رخسار ــــ تُرش طبع

ترشا : ۱۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش
۲۔ تمنّا ۔ چاہ ۔ طلب ۔ آرزو ۔ اشتیاق
۳۔ لالچ ۔ حرص ۔ لوبھ ۔ طمع
۴۔ پیاسا ۔ تشنہ ۔ عاطش
۵۔ متمنّی ۔ آرزومند ۔ خواہش مند ۔ مشتاق ۔ تمنائی

ترشُّح : ۱۔ تراوش ۔ ٹپکاؤ ۔ ٹپکا ٹپکی ۔ چکیش
۲۔ بوندا باندی ۔ پھوار ۔ چھڑکاؤ
۳۔ اظہار ۔ بیان ۔ وضاحت

ترشنا : ۱۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش
۲۔ چاہ ۔ طلب ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنّا

تُرشی : ۱۔ کھٹائی ۔ حموضت
۲۔ ناخوشی ۔ بدمزگی ۔ ناگواری

ترصیع : ۱۔ جڑت ۔ مرصّع سازی ۔ مرصّع کاری
۲۔ ہم وزنی ۔ ہم آہنگی ۔ سجع

ترغیب : ۱۔ تحریص ۔ تشویق ۔ بہکاوا ۔ اغوا ۔ بہکاوٹ ۔ پھسلاہٹ
۲۔ شوق ۔ خواہش ۔ رغبت ۔ فریفتگی

ترفُّہ : خوش حالی ۔ آسودگی ۔ ثروت مندی

ترقی : افزائش ۔ افزونی ۔ ازدیاد ۔ بالیدگی ۔ بیشی ۔ بڑھوتی ۔ اضافہ ۔
پروگریس ۔ امپروومنٹ ۔ پروموشن ۔ بڑھوتری ۔ برتری ۔ بلندی ۔
نشوونما

ترقی پذیر : ارتقا پذیر ۔ زیرِ ترقی ۔ نشو پذیر
ترقی پذیری : ارتقا پذیری ۔ نشو پذیری
ترقی پسند : ارتقا پسند ۔ ترقی خواہ ۔ جدت پسند ۔ حامی نظریات جدیدہ

ترقی پسندی: ارتقا پسندی۔ ترقی پسندی۔ جدت پسندی۔ حمایت نظریاتِ جدیدہ
ترقی یافتہ: ارتقا یافتہ۔ پیش رفتہ۔ برتر۔ فائق

ترک: ۱۔ تیاگ۔ دست کشی۔ دست برداری
۲۔ واگذاشت۔ درگزر
۳۔ فروگزاشت۔ بھول چوک۔ سہو

ترکِ ادب: بے ادبی۔ گستاخی۔ بے تمیزی۔ بے تہذیبی
ترکِ دنیا: رہبانیت۔ گوشہ نشینی۔ عزلت گزینی
ترکِ صحبت: ترکِ مجلس۔ قطع تعلق
ترکِ لذات: ترکِ آسائش۔ ترکِ عیش و عشرت
ترکِ موالات: قطع تعلق۔ ترکِ رسم و راہ۔ عدم تعاون
ترکِ وطن: ہجرت۔ مہاجرت۔ جلاوطنی

تُرک: ۱۔ باشندۂ ترکستان۔ باشندۂ ترکیہ
۲۔ سپاہی۔ بہادر۔ جنگ جو
۳۔ مسلم۔ مسلمان۔ مومن
۴۔ معشوق۔ محبوب۔ صاحبِ حسن و جمال

تُرک بچہ: تُرک زادہ۔ جوان رعنا۔ حسین و جمیل
تُرک تاز: جنگ جو۔ جنگ آزما۔ حملہ آور۔ لٹیرا
تُرک تازی: جنگ جوئی۔ جنگ آزمائی۔ لوٹ مار
تُرکِ فلک / گردوں: ۱۔ سورج۔ مہر۔ شمس۔ خورشید
۲۔ مریخ۔ بہرام۔ منگل

ترکاری: ۱۔ ساگ پات۔ سبزی۔ ترہ۔ بقلہ۔ خضرت۔ خضیر۔ خضارت
۲۔ پھل پھلاری

ترکش: تیردان۔ تیرکش

| ترکش میں تو دو تیر نہیں پر شرماشرمی لڑتے ہیں

ترکہ: میراث۔ ورثہ۔ ارث

تُرکی: ۱۔ تُرکستانی
۲۔ تُرکی زبان
۳۔ تُرکی گھوڑا
۴۔ سپاہی پن۔ مردانگی۔ بہادری۔ جنگ جوئی
۵۔ غرور۔ نخوت۔ رعونت

| تُرکی پٹے تازی کا بنیے کے کان ہوں

ترکیب: ۱۔ تشکیل۔ ساخت۔ بناوٹ۔ تناسب۔ ڈول۔ وضع
۲۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھب
۳۔ تدبیر۔ علاج۔ حکمت۔ چال۔ اپائے۔ اپاج

تُرم: بگل۔ ترئی۔ نرسنگا۔ بوق۔ صور

ترم باز خاں: شیخی خورا۔ شیخی باز۔ ڈینگیا

تُرمتی: کھوسٹ۔ چغد۔ کھگر۔ چھوٹا اُلّو۔ بل نبوری۔ چکرتری

ترمیم: ۱۔ مرمت۔ درستی۔ اصلاح۔ تصرف۔ نظرِ ثانی
۲۔ تغیر۔ تبدل۔ ادل بدل۔ رد و بدل۔ کاٹ چھانٹ۔ پھیر پھار۔
تخفیف و اضافہ

ترنگ: ۱۔ لہر۔ موج۔ امنگ۔ جوش۔ نشاط۔ ولولہ۔ اچنگ۔ بکورار۔
جنون۔ شوق۔ دھیان۔ بشرت
۲۔ نشہ۔ خمار
۳۔ شیخی۔ لاف۔ گزاف

ترنُّم: گنگناہٹ۔ نغمہ۔ سُر۔ غنا۔ گانا۔ نغمگی۔ لَے۔ تان۔ خوش الحانی

ترنم ریز: نغمہ سرا۔ مغنّی۔ نغمہ پیرا۔ نغمہ زا
ترنم ریزی: نغمہ سرائی۔ غنائیت۔ نغمہ پیرائی۔ نغمہ زائی

خوبصورت ترنم ـــ رسیلا ترنم

ترویج: رواج۔ شہرت۔ چلن۔ اشاعت

ترہ: سبزی۔ ترکاری

ترہ فروش: سبزی فروش۔ کنجڑا

تُرہی/ترئی: ترم۔ نفیری۔ بگل۔ نرسنگا۔ صور۔ بوق

تَری: ۱۔ نمی۔ رطوبت۔ گیلاپن
۲۔ بحر۔ سمندر۔ دریا

تریا: عورت۔ زن۔ تریت۔ امرأة

تریا راج: حکومتِ زن۔ غلبۂ زن۔ حکمرانیٔ زن
تریا ہٹ: ضدِ زن

تریا ہے وہ سو بھاگھر کی
جو ہو لاج رکھے وا نر کی
تریا تیرہ، مرد اٹھارہ
تریا جات کمان ہے، جت جا ہے تت نان
تریا چرتر جانے نہیں کوئی خصم مار کے ستی ہوئی
تریا چرتر جانے نہ کوئے، پتی مار ستی ہوئے
تریا روو ے پُرکھو بنا، کھیتی رووے مینہ بنا
تریا مت ہی جو نر آوے
وہ اک دن لاج گنواوے

تریاق: زہرمہرہ۔ پادزہر۔ فادزہر۔ دس مار

تریاقِ زہر ـــ تریاقِ افیون ـــ تریاقِ شراب

تریاک: افیون۔ اپیون۔ افیم۔ چینیا بیگم۔ چانڈو

تریاکی: افیونی۔ افیمی۔ اپھیمی۔ چانڈو باز

تڑی بڑّی: تتر بتر۔ منتشر۔ الگ الگ۔ جدا جدا

ترپین: پنجاہ و سہ۔ ثلاثہ خمسون۔ ترونجا

ترسٹھ: شصت و سہ۔ ثلاثہ ستّون

تڑ: چٹاخ۔ چٹاک۔ پٹاک۔ صوتِ سیلی

تڑابھڑی: ۱۔ شتابی۔ جلدی
۲۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ بے چینی۔ بے قراری
۳۔ ہلاکت خیزی۔ ہلاکت آفرینی۔ پے در پے اموات

تڑاتڑ: چٹاک پٹاک۔ ٹپ ٹپ

تڑاخا/تڑاقا/تڑاکا: ۱۔ چٹاخا۔ چٹاکا
۲۔ چٹخار۔ چٹکار
۳۔ کڑک۔ کڑاکا۔ گرج۔ رعد۔ گڑگڑاہٹ
۴۔ شدت گرمی۔ حدت
۵۔ شدت پیاس۔ شدت عطش
۶۔ قحط۔ کال
۷۔ فاقہ۔ بھوک
۸۔ سناٹا۔ ویرانی

تڑاق پڑاق : ۱۔ تڑاتڑ۔ سڑاسڑ
۲۔ بیباکانہ گفتگو۔ گستاخانہ کلام
۳۔ جلد۔ فوراً۔ پے در پے۔ پیہم۔ متواتر
۴۔ تیز زبان۔ شوخ۔ طرار۔ چلبلا

تڑانا : بُھنانا۔ ریزگاری لینا۔ خوردہ کرنا۔ تڑوانا۔ خرچ لینا ۔
بھان لینا۔ چُھٹا لینا۔ جدا کرنا

تڑپ : ۱۔ پھڑک۔ پھڑپھڑاہٹ۔ تپش۔ اضطراب۔ بے چینی ۔
بے کلی۔ بے قراری۔ بے تابی
۲۔ پھرتی۔ چالاکی۔ چستی۔ شوخی
۳۔ کود پھاند۔ جست وخیز۔ رست وخیز
۴۔ تمنا۔ آرزو۔ چاہ۔ خواہش۔ اشتیاق۔ جذبہ۔ جوش
۵۔ چھوٹ۔ لپک۔ بھڑک

تڑپ جھڑپ : ۱۔ پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی۔ چلبلاپن
۲۔ جوش وخروش۔ زور شور

تڑپنا : ۱۔ پھڑکنا۔ بسمل۔ تپاں۔ بے قرار۔ بے تاب۔ مضطرب
۲۔ بامرتبہ۔ برجستہ۔ موثر۔ متاثرکن

تڑ تڑ : بے توقف۔ فوراً۔ فی البدیہ۔ برجستہ۔ یکشاکت

تڑتڑاہٹ : ۱۔ تیزی۔ جلن۔ چرپراہٹ
۲۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ اضطراب

تڑخ / تڑق : شگاف۔ درز۔ پھٹن

تڑک : ۱۔ ٹیس۔ درد۔ خلش۔ چسک۔ لپک
۲۔ شگاف۔ درز۔ پھٹن

تڑک بھڑک / پھڑک : چمک دمک۔ ناز نخرا۔ ناز و انداز۔ دھوم دھام

تڑکا : سویرا۔ فجر۔ سحر۔ بھور

تڑی : ۱۔ مار۔ ضرب۔ پٹائی
۲۔ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ چال
۳۔ دھونس۔ دھاندلی۔ دھمکی
۴۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا

تزک : ۱۔ قانون۔ قاعدہ۔ ضابطہ۔ دستور۔ آئین
۲۔ ترتیب۔ تنظیم۔ نظم ونسق
۳۔ جلو۔ جلوس۔ ہمراہی۔ رفاقت
۴۔ شان۔ شکوہ۔ شوکت۔ حشمت۔ نمود۔ نمائش
۵۔ خودنوشت۔ سوانح حیات۔ خودنوشت سرگزشت

تزک و احتشام : شان و شوکت۔ شان وتجمل۔ جاہ وحشمت۔
نمود ونمائش

تزکیہ : تصفیہ۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ طہارت

تزکیۂ باطن : تصفیۂ باطن۔ صفائی قلب۔ طہارت قلب
تزکیۂ نفس : تصفیۂ نفس۔ طہارت نفس۔ پاکیزگی نفس

تزلزل : ۱۔ زلزلہ۔ بھونچال۔ ہل چل۔ گڑبڑ۔ جنبش۔ حرکت
۲۔ گمراہی۔ ضلال۔ بے راہی۔ کج راہی

تزویج : شادی۔ بیاہ۔ ازدواج۔ عقد۔ نکاح۔ زوجیت

تزویر : ۱۔ جھوٹ۔ دروغ۔ کذب
۲۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ چال

تزئین : آرائش ۔ آراستگی ۔ زیب و زینت ۔ سجاوٹ ۔ بناؤ سنگار

ترس : ۱۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ عطش
۲۔ چاہ ۔ خواہش ۔ طلب ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ اشتیاق
۳۔ بیراس

تسامح : ۱۔ باہمی مہربانی
۲۔ چشم پوشی ۔ صرف نظر ۔ قطع نظر
۳۔ ابہام ۔ ایہام
۴۔ سہو ۔ غلطی ۔ بھول چوک

تساہل : ۱۔ نرمی ۔ آسانی ۔ سہولت
۲۔ سستی ۔ کاہلی ۔ سہل انگاری ۔ آرام طلبی

تسبیح : ۱۔ پاکیزگی ۔ بے عیبی
۲۔ وظیفہ ۔ ورد ۔ جاپ ۔ جپ ۔ جپ جاپ
۳۔ سبحہ ۔ سمرن ۔ مالا

تسبیح خواں : وظیفہ خواں ۔ جپی

تسجیل : رجسٹری ۔ اندراج

تسخیر : ۱۔ فتح ۔ غلبہ ۔ تسلط ۔ محاصرہ ۔ گھراؤ
۲۔ کشش ۔ جاذبیت

تسکین : ۱۔ تسلی ۔ ڈھارس ۔ دلاسا ۔ دلجمعی ۔ آسودگی ۔ تشفی ۔ اطمینان
۲۔ بے حرکتی ۔ سکون ۔ اچل پن ۔ قرار
۳۔ افاقہ ۔ آرام ۔ تندرستی

تسکین جان ـــ تسکین روح ـــ تسکین قلب

تسلسل : ۱۔ تواتر ۔ سلسلہ واری ۔ سلسلہ بندی ۔ روانی
۲۔ لڑی ۔ زنجیر ۔ تار

تسلُّط : غلبہ ۔ تصرف ۔ حکومت ۔ قبضہ ۔ دخل

تسلّی : استمالت ۔ حوصلہ ۔ دم دلاسا ۔ خوشی ۔ طمانیت ۔ خاطر جمع ۔ ڈھارس ۔ تسکین ۔ اطمینان ۔ تشفی ۔ دلجمعی ۔ دل جوئی ۔ دلاسا ۔ حوصلہ ۔ اشک شوئی ۔ ترسلا

تسلیم : ۱۔ سلام ۔ بندگی ۔ آداب ۔ کورنش ۔ نمسکار ۔ رام رام ۔ بے کرپا ۔ نمستے ۔ پرنام
۲۔ اعتراف ۔ اقبال ۔ قبولیت ۔ اقرار ۔ قبول ۔ منظور ۔ یقین
۳۔ اطاعت ۔ فرماں برداری

تسلیم و رضا ـــ تسلیمات

تسمہ : پٹی ۔ فیتہ ۔ کترن ۔ دوال

تسوید : ۱۔ لکھائی ۔ تحریر ۔ ترقیم
۲۔ مسوّدہ ۔ خطی مسودہ ۔ نقشہ ۔ خاکہ

تسویہ : ۱۔ برابری ۔ مساوات
۲۔ تصفیہ ۔ درستی

تسہیل : آسانی ۔ سہولت

تشابہ : مشابہت ۔ یکسانی ۔ مماثلت ۔ مطابقت ۔ موافقت

تشبیہہ : مشابہت ۔ مماثلت ۔ تمثیل ۔ یکسانی ۔ مطابقت ۔ شباہت

تشت : تسلا ۔ پرات ۔ لگن

تشتِ زر/زریں : آفتاب ۔ سورج ۔ مہر ۔ خورشید ۔ شمس

تشتُّت : ۱۔ پراگندگی ۔ انتشار ۔ پریشانی
۲۔ گھبراہٹ ۔ اضطراب ۔ بےچینی ۔ بےقراری
۳۔ پھوٹ ۔ نااتفاقی ۔ نفاق

تشتری : رکابی ۔ تھالی ۔ پلیٹ

تشخُّص : ۱۔ تعین ۔ تقرر
۲۔ امتیاز ۔ خصوصیت ۔ شخصیت

تشخیص : ۱۔ تعیین ۔ قرارداد ۔ تعین ۔ تقرر
۲۔ شناخت ۔ پہچان ۔ نشان دہی
۳۔ اندازہ ۔ تخمینہ

تشخیص ٹیکس ـــ تشخیص مال گذاری ـــ تشخیص جمع ـــ تشخیص جمع بندی

تشدُّد : سختی ۔ جبر ۔ زیادتی ۔ جور ۔ تعدی ۔ ظلم

تشریح : توضیح ۔ تفسیر ۔ تفصیل ۔ وضاحت ۔ تبیین ۔ شرح ۔ ٹیکا ۔ چیر پھاڑ ۔ تشریح ۔ جراحت ۔ ارتھ ۔ اناٹمی

تشریحِ مضمون ـــ تشریحِ جسم ـــ تشریحِ سوال ـــ تشریح الابدان

تشریف : ۱۔ عزت ۔ بزرگی ۔ شرف
۲۔ خلعت

تشریف آوری : آمد ۔ ورود ۔ قدم رنجہ فرمائی

تشریف رکھنا : ٹھہرنا ۔ قیام کرنا ۔ پدھارنا ۔ بیٹھنا ۔ جلوہ افروز ہونا ۔ متمکن ہونا ۔ رونق افروز ہونا ۔ زینت بخشنا ۔ جلوس فرمانا ۔ براجمان ہونا ۔ قدم رنجہ فرمانا

تشفّی : ۱۔ تسلی ۔ تسکین ۔ ڈھارس ۔ دل جمعی
۲۔ اطمینان ۔ قرار ۔ قیام

تشکیک : شک ۔ شبہ ۔ ریب

تشکیل : ساخت ۔ ترکیب ۔ بناوٹ

تشنُّج : اینٹھن ۔ اکڑاؤ ۔ کھنچاؤ ۔ اکڑاہٹ ۔ کھنچاوٹ ۔ اعضاشکنی ۔ خمار

تشنگی : ۱۔ پیاس ۔ تشنہ ۔ عطش
۲۔ آرزو ۔ تمنا ۔ چاہ ۔ خواہش

تشنہ : ۱۔ پیاسا ۔ تشنا ۔ عاطش
۲۔ آرزومند ۔ خواہش مند ۔ متمنی ۔ تمنائی ۔ مشتاق

تشنہ جگر : مشتاق ۔ آرزومند ۔ خواہش مند ۔ متمنی
تشنۂ خون : جانی دشمن ۔ دشمن جاں ۔ عدو ۔ بیری
تشنۂ دیدار : مشتاقِ دیدار ۔ متمنیٔ ملاقات ۔ آرزومندِ زیارت ۔ طالبِ دید
تشنہ کام : ۱۔ پیاسا ۔ عاطش
۲۔ ناکام ۔ ناکامیاب
تشنہ کامی : ۱۔ پیاس ۔ تشنگی ۔ تشنا ۔ عطش
۲۔ ناکامی ۔ ناکامیابی
تشنہ لب : نہایت پیاسا

تشنیع : لعن طعن ۔ لعنت ملامت ۔ طعنہ زنی

تشویش: پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ تردد ۔ فکر ۔ بے چینی ۔ بے قراری ۔ اضطراب

تشویق: تحریص ۔ ترغیب ۔ چونپ ۔ اکساہٹ ۔ ابھارا ۔ شوق

تشہیر: ۱۔ شہرت ۔ پرچار ۔ پبلسٹی
۲۔ رسوائی ۔ بدنامی ۔ منادی

تصادم: ٹکراؤ ۔ ٹکر ۔ مڈبھیڑ ۔ مقابلہ

تصانیف: تصنیفات ۔ تخلیقات

تصاویر: تصویریں

تصحیح: درستی ۔ اصلاح ۔ صحت ۔ ٹھیک ٹھاک

تصحیف: تبدیل نقاط ۔ ترتیب صحیفہ

تصدّق: صدقہ ۔ نثار ۔ قربانی ۔ خیرات

تصدیع: ۱۔ دردِ سر ۔ صداع
۲۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ صعوبت ۔ ایذا

تصدیق: تائید ۔ توثیق ۔ ثبوت ۔ اثبات ۔ صحت ۔ صداقت ۔ سچائی ۔ جواز

تصرف: ۱۔ استعمال ۔ عمل
۲۔ دست اندازی ۔ دخل اندازی
۳۔ قبضہ ۔ تسلط ۔ دخل
۴۔ صرف ۔ خرچ ۔ صرفہ
۵۔ تغیر ۔ تبدل ۔ ہیر پھیر ۔ ردوبدل ۔ الٹ پلٹ
۶۔ طاقت ۔ قوت ۔ اقتدار
۷۔ اثر ۔ رسوخ ۔ برکت
۸۔ اعجاز ۔ معجزہ ۔ کرامت

تصرف بے جا: غبن ۔ تغلب ۔ مداخلت بیجا ۔ ناجائز تسلط ۔ قبضہ ناجائز

تصریح: توضیح ۔ تشریح ۔ تفسیر ۔ اظہار ۔ صراحت

تصغیر: چھوٹائی ۔ چھٹاپا ۔ چھوٹاپن ۔ تخفیف ۔ تقلیل

تصفیہ: ۱۔ صفائی ۔ تطہیر ۔ تزکیہ
۲۔ فیصلہ ۔ رفع نزاع ۔ صلح
۳۔ چکوتا ۔ بے باقی

تصنّع: ۱۔ بناوٹ ۔ تکلف ۔ ظاہرداری
۲۔ دکھلاوا ۔ ریا ۔ نمود ۔ نمایش ۔ دکھاوا
۳۔ مکر ۔ فریب ۔ دھوکا
۴۔ تلبیس

تصنیف: تخلیق ۔ طبع زاد کتاب ۔ انشاء ۔ ایجاد ۔ اختراع ۔ تحریر ۔ گھڑنا

| تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں

تصوّر: ۱۔ خیال ۔ دھیان ۔ تخیل ۔ فکر ۔ قیاس ۔ مراقبہ ۔ ادراک ۔
گمان ۔ امیجری
۲۔ منصوبہ ۔ تجویز

تصورات کی دنیا ___ تصور میں آنا ___ تصور سے پرے ہونا
___ تصور کرنا ___ مشق تصور ___ مآل تصور

تصوّف: صوفیت ۔ درویشی ۔ طریقت ۔ سلوک ۔ معرفت ۔ عرفان ۔
گیان دھیان ۔ آتما گیان ۔ علم روحانی

تصویب : توثیق ۔ تصدیق ۔ منظوری

تصویر : ۱۔ نقش ۔ صورت ۔ مورت ۔ شبیہ ۔ فوٹو ۔ پکچر ۔ روپ ۔ نقشہ ۔ نقش ۔ بت
۲۔ نہایت خوب صورت ۔ نہایت حسین

تصویرِ قالی / قالیں : خاموش ۔ بے حس و حرکت

تصویر بنانا ___ تصویر بن کر رہ جانا ___ تصویر آنکھوں تلے پھرنا ___ تصویر اتارنا ___ تصویر بنا دینا ___ تصویرِ قالیں ___ تصویر کا ابر ___ تصویر کھینچنا ___ تصویر کھینچ دینا ___ تصویرِ نیم رخ ___ تصویر بگاڑنا ___ تصویرِ حیرت

تضاد : ضد ۔ مخالفت ۔ تخالف

تضحیک : ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ استہزا ۔ مضحکہ ۔ تمسخر ۔ رسوائی ۔ ذلت

تضحیک کرنا ___ تضحیک کا نشانہ بنانا ___ تضحیک کا پہلو نمایاں ہونا ___ تضحیک پر آمادہ ہونا ___ تضحیک سے بچنا

تضرع : منت ۔ سماجت ۔ گریہ وزاری

تضییع : ضیاع ۔ اضاعت ۔ بربادی ۔ اتلاف

تضییعِ اوقات : ضیاعِ اوقات ۔ اضاعتِ اوقات ۔ بربادیٔ وقت

تطابُق : توافق ۔ تشابہ ۔ مشابہت ۔ مطابقت ۔ موافقت

تطاول : ۱۔ درازدستی ۔ جور ۔ ظلم ۔ جفا ۔ تعدی
۲۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ نخوت ۔ تکبر

۲۔ بداخلاقی ۔ گستاخی ۔ بدتہذیبی ۔ بے ادبی

تطبیق : مطابقت ۔ موافقت ۔ مماثلت ۔ مشابہت ۔ یکسانی ۔ تطابق

تطویل : درازی ۔ طوالت ۔ لمبائی

تطہیر : تزکیہ ۔ تصفیہ ۔ تنقیہ ۔ پاکی ۔ صفائی ۔ طہارت

تظلُّم : فریاد ۔ دُہائی ۔ دادخواہی

تعارض : تنازع ۔ جھگڑا ۔ تخالف ۔ تصادم

تعارف : شناخت ۔ پہچان ۔ واقفیت ۔ شناسائی ۔ جان پہچان ۔ واقف کاری ۔ معرفی ۔ روشناسی ۔ انٹروڈکشن ۔ صورت شناسی

تعاقب : پیچھا ۔ پیروی ۔ تاہ

تعالیٰ : بلند ۔ عالی ۔ برتر

تعامُل : عمل ۔ دائمی عمل

تعاون : امداد باہمی ۔ مدد ۔ معاونت ۔ اعانت ۔ امداد

تعب : ۱۔ رنج ۔ دکھ ۔ تکلیف ۔ محنت ۔ مشقت ۔ سختی
۲۔ تھکاوٹ ۔ تھکن ۔ تکان ۔ ماندگی

تعبیر : ۱۔ تفسیر ۔ توضیح ۔ تشریح ۔ عبارت
۲۔ مراد ۔ مقصود

تعبیر گو : معبّر ۔ مفسّر

تعبیر کرنا — تعبیر لینا — تعبیر دینا — تعبیر پوچھنا
— تعبیر خواب — تعبیر حیات — تعبیر عشق —
تعبیر جنوں — تعبیر غم

تعجّب : تحیر۔ حیرت۔ حیرانی۔ اچنبھا

تعجیل : جلد بازی۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت

تعداد : ۱۔ شمار۔ گنتی۔ نمبر
۲۔ اندازہ۔ تخمینہ

تعدُّد : بہتات۔ کثرت

تعدد ازدواج / ازواج : کثرت ازواج۔ چند زوجگی۔ چند شوہری
تعددِ الٰہ : کثرتِ الٰہ۔ چند خدائی۔ ارباب پرستی۔ شرک

تعدّی ۱۔ تجاوز۔ حد شکنی
۲۔ زیادتی۔ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا
۳۔ بیداد۔ ناانصافی۔ بے انصافی۔ خلاف حق

تعذیب : سزا۔ عقوبت۔ عذاب۔ دکھ۔ تکلیف

تعرُّض : روک۔ رکاوٹ۔ مزاحمت

تعرُّف : پہچان۔ شناخت۔ دریافت۔ واقفیت

تعریض : چھیڑ۔ اعتراض۔ طنز۔ چوٹ۔ کنایہ۔ اشارہ

تعریف : ۱۔ واقفیت۔ شناسائی۔ پہچان۔ شناخت
۲۔ بیان۔ تفصیل۔ تشریح۔ تصریح
۳۔ توصیف۔ مدح۔ ثنا۔ ستائش۔ تحسین۔ حمد۔ وصف۔ تعریف

تعریفی کلمات ادا کرنا — تعریفوں کے پل باندھنا —
تعریف کرتے کرتے منہ سوکھنا

تعزیت : پرسا۔ ماتم پرسی۔ اظہار ہمدردی۔ اظہار افسوس۔ اظہار غم۔
غم گساری۔ ماتم گساری۔ افسوس۔ شرکت غم۔ عزا۔ ماتم۔
عزاداری۔ سانپا۔ سیاپا

تعزیت کرنا — تعزیت خانہ — تعزیت نامہ
— تعزیت گاہ — بزم تعزیت — شرکائے تعزیت

تعزیر : سزا۔ سیاست۔ تنبیہ۔ گوشمالی۔ سرزنش۔ کرلی کی مجرلہ
کرنی کا کھیل

تعزیرات پاکستان — تعزیری کارروائی — تعزیر گناہ
— تعزیر جرم — تعزیر عمل — تعزیر عشق

تعزیہ : ماتمی یادگار۔ شبیہ تربت حسین رضؓ

تعشق : عشق۔ محبت۔ چاہ۔ الفت۔ پریت۔ پریم۔ فریفتگی۔ اشتیاق۔
شوق۔ آرزو۔ تمنا

تعصُّب : طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ پچ۔ ہٹ۔ عصبیت۔
پشتی بانی

تعصب بے جا — تعصب رکھنا — تعصب سے کام لینا

تعطُّر : خوشبو۔ مہک۔ عطریت

تعطُّف : مہربانی۔ توجہ۔ التفات

تعطُّل : بیکاری۔ التوا

تعطیل : چھٹی ۔ بیکاری

تعظیم : عزت ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ قدر و منزلت ۔ وقعت

تعفن : بدبو ۔ سڑاند ۔ عفونت

تعقید : کٹھنک ۔ الجھاؤ ۔ ابہام ۔ اغلاق

تعلق : ا ۔ علاقہ ۔ لگاؤ ۔ مناسبت ۔ میل ۔ ربط ۔ رابطہ ۔ جوڑ
۲ ۔ میلان ۔ رجحان
۳ ۔ محبت ۔ الفت ۔ چاہ ۔ آشنائی ۔ یارانہ ۔ میل جول
۴ ۔ واسطہ ۔ سروکار
۵ ۔ رشتہ ۔ قرابت ۔ عزیزداری ۔ نزدیکی
۶ ۔ ملازمت ۔ خدمت ۔ چاکری

تعلق خاطر : دل لگاؤ ۔ قلبی تعلق ۔ میلانِ طبع
تعلق دار : ا ۔ عزیز ۔ رشتہ دار ۔ قرابت دار ۔ قریبی
۲ ۔ دوست ۔ حبیب ۔ رفیق
تعلق داری : ا ۔ عزیزداری ۔ رشتہ داری ۔ قرابت داری
۲ ۔ دوستی ۔ محبت ۔ رفاقت

تعلق بڑھانا ___ تعلق توڑنا ___ تعلق پیدا کرنا ___
تعلق خراب ہونا ___ تعلق بیزاری

تعلقہ : علاقہ ۔ جاگیر ۔ حصہ ۔ ملکیت ۔ زمینداری

تعلقہ دار : جاگیردار ۔ علاقہ دار ۔ زمیندار
تعلقہ داری : جاگیرداری ۔ علاقہ داری ۔ زمینداری

تعلُّم : آموزش ۔ آموزگاری ۔ حصول علم ۔ تحصیل علم

تعلّی : ا ۔ بلندی ۔ برتری ۔ بزرگی ۔ ترقی
۲ ۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔ خودستائی

تعلیقہ : ا ۔ ضبطی ۔ قرقی
۲ ۔ ضمیمہ ۔ حاشیہ

تعلیم : سکھائی ۔ آموزش ۔ شکشا ۔ تربیت ۔ تلقین ۔ ہدایت ۔ تادیب ۔ تفہیم ۔ تہذیب ۔ آراستگی

تعلیم یافتہ : پڑھا لکھا ۔ باعلم ۔ صاحب علم ۔ عالم ۔ تربیت یافتہ

تعمُّق : غور و فکر ۔ گہرائی ۔ باریک بینی

تعمیر : عمارت ۔ گھر ۔ مکان ۔ آبادی ۔ آبادانی
۲ ۔ ساخت ۔ بناوٹ

تعمیل : بجاآوری ۔ عمل درآمد ۔ انجام دہی ۔ فرماں برداری ۔ خدمت گزاری ۔ ادائی

تعمیم : عمومیت ۔ کلیت

تعویذ : ا ۔ نقش ۔ حرز ۔ جنتر منتر ۔ دم دھاگا ۔ گنڈا ۔ دم درود ۔ جھاڑ پھونک
۲ ۔ نشانِ قبر

تعویق : التوا ۔ ڈھیل ۔ ٹال مٹول ۔ لیت و لعل ۔ سستی ۔ تاخیر

تعیُّش : عیش و عشرت ۔ عیّاشی

تعیُّن : تقرر ۔ تشخص ۔ تخصیص

تغافُل : ا ۔ غفلت ۔ بے توجہی ۔ بے پروائی ۔ بے التفاتی ۔ کم توجہی ۔

بے احتیاطی
۲۔ سستی۔ تساہل

تغافل پسند/ پیشہ/ شعار : غافل ۔ بے توجہ ۔ بے پروا ۔ بے التفات ۔ غیر ملتفت
تغافل پسندی/ پیشگی/ شعاری : غفلت شعاری ۔ بے توجہی ۔ بے پروائی
عدم التفات ۔ بے التفاتی

تغافل رنگاہ ـــ تغافل شیوہ

تغزُّل : غزلیت ۔ روحِ غزل ۔ خصوصیتِ غزل ۔ شعریت ۔ غزل گوئی ۔ غزلیت

حسنِ تغزل ـــ اندازِ تغزل

تغلُّب : قبضہ ۔ تسلّط ۔ تصرف ۔ غبن ۔ خیانت

تغیُّر : انقلاب ۔ تبدیلی ۔ پلٹا ۔ تبدُّل ۔ ردّ و بدل

تُف : لعنت ۔ نفرین ۔ پھٹکار ۔ دھتکار

تفاخُر : فخر ۔ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ استکبار

تفاسیر : تفسیرات ۔ شروح ۔ تعبیرات

تفاصیل : تفصیلات ۔ جزئیات ۔ تشریحات

تفاوُت : فرق ۔ فاصلہ ۔ دُوری ۔ بُعد

تفاؤُل : فال ۔ شگون

تفتہ : ۱۔ گرم ۔ جلا بھنا ۔ سوختہ
۲۔ بے قرار ۔ مضطرب ۔ بے چین ۔ بے کل

تفتہ جگر : دل جلا ۔ عاشق ۔ مہجور ۔ جگر سوختہ ۔ محزون ۔ حزیں ۔ غم گیر ۔ غم ناک

تفتیش : تلاش ۔ کھوج ۔ جستجو ۔ چھان بین ۔ تفحص ۔ سراغ ۔ تحقیق ۔ دریافت ۔ کوشش ۔ پوچھ گچھ ۔ چھانٹ پھٹک

تفحُّص : جستجو ۔ تلاش ۔ کھوج

تفرُّج : ۱۔ سیر ۔ تماشا ۔ تفریح
۲۔ خوش حالی ۔ فراغت ۔ کشایش ۔ فراخ دستی
۳۔ کشادگی ۔ فراخی ۔ وسعت

تفرُّج گاہ : سیر گاہ ۔ تماشا گاہ

تفرُّد : ۱۔ یکتائی ۔ یگانگی ۔ بے ہمتائی ۔ بے مثالی
۲۔ اکیلا پن ۔ تنہائی ۔ انفرادیت

تفرقہ : ۱۔ فرق ۔ فاصلہ ۔ بُعد ۔ جدائی
۲۔ پھوٹ ۔ نا اتفاقی ۔ نفاق

تفرقہ انداز/ پرداز : منافق ۔ منفتنی ۔ فتنہ پرداز
تفرقہ اندازی/ پردازی : منافقت ۔ فتنہ پردازی

تفریح : ۱۔ خوش طبعی ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ ہنسی مذاق ۔ دل بہلاوا ۔ فرحت ۔ خوشی ۔ تفرج ۔ مزاح ۔ کھیل ۔ بہلاوا ۔ بر جاوا
۲۔ ہوا خوری ۔ سیر ۔ تماشا ۔ ٹہل

تفرید : ۱۔ یگانگی ۔ یکتائی ۔ بے ہمتائی ۔ بے مثالی

۲۔ علیحدگی۔ جدائی۔ اکیلاپن۔ تنہائی۔ فردیت

تفریط: کمی۔ گھٹاؤ۔ کوتاہی۔ تضیع۔ تقلیل

تفریق: ۱۔ جدائی۔ علیحدگی
۲۔ منہائی۔ مجرائی۔ کٹوتی۔ گھٹت

تفسیر: تشریح۔ توضیح۔ تبیین۔ تعبیر۔ تفصیل۔ صراحت۔ تصریح۔ شرح

تفصیل: ۱۔ تشریح۔ توضیح۔ تصریح۔ تجزیہ۔ صراحت
۲۔ فہرست۔ فرد

تفصیلی: بالتفصیل۔ بالوضاحت۔ مفصل

تفضیل: فضیلت۔ فوقیت۔ برتری

تفقُّد: ۱۔ مہربانی۔ دلجوئی۔ دلاسا۔ غم خواری
۲۔ تلاش۔ جستجو۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ ڈھنڈیا

تفقُّہ: ۱۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست۔ عقل۔ دانش
۲۔ فقاہت۔ فقہ دانی

تفکُّر: ۱۔ سوچ۔ بچار۔ فکر۔ اندیشہ۔ غور و خوض

تفلسف: فلسفیت۔ فلسفہ دانی۔ حکمت آموزی

تفنگ: توپ۔ بندوق۔ زبطانہ۔ بسطانہ۔ تلک۔ تزنل

تیر و تُفنگ — تُفنگ پھونکنا — تُفنگ انداز — تُفنگچی — تُفنگ کا پیالہ — تُفنگ کا توتا

تفنگچی: توپچی۔ بندوقچی

تفنُّن: ۱۔ گوناگونی۔ بوقلمونی۔ رنگارنگی
۲۔ چہل۔ دل لگی۔ تفریح۔ شغل۔ مشغلہ

تفوُّق: فوقیت۔ فضیلت۔ برتری

تفویض: سپردگی۔ تحویل۔ حوالگی۔ دست برداری

تفہیم: فہمائش

تقابُل: مقابلہ۔ آمنا سامنا

تقاریب: تقریبات۔ مجالس

تقاریر: تقریریں۔ خطبات

تقاضا: ۱۔ خواہش۔ طلب۔ مانگ۔ اقتضا۔ تاکید۔ درخواست۔ طلبی۔ استدعا۔ مطالبہ
۲۔ اصرار

تقاضائے وقت — تقاضائے عمر — تقاضائے سن

تقاطُر: پھوار۔ بوندا باندی۔ ترشح

تقدُّس: پاکیزگی۔ بزرگی۔ عظمت

تقدُّم: پیش قدمی۔ اولیت۔ سبقت۔ فوقیت

تقدِمہ: ۱۔ پیشگی۔ بیعانہ۔ سائی

۲۔ پیشوا۔ ہراول۔ قراول
۳۔ فیصلہ۔ چکوتا
۴۔ اندازہ۔ تخمینہ
۵۔ انتساب۔ ڈیڈی کیشن

تقدمۃ الجیش: مقدمۃ الجیش۔ ہراول۔ قراول۔ پیشوائے لشکر

تقدیر: ا۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت۔ کرم۔ سرنوشت۔ مقسوم۔ لیکھ
۲۔ اندازہ۔ تخمینہ۔ فیصلہ

تقدیر آزمائی: قسمت آزمائی۔ بخت آزمائی۔ طالع آزمائی۔ نصیب آزمائی
تقدیر کا لکھا: نوشتۂ تقدیر۔ کرم لیکھ۔ سرنوشت۔ مقسوم۔ مقدر
تقدیر کا سکندر: خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ خوش بخت۔ بختاور۔ بلند اقبال۔ طالع مند
تقدیر کا کھیل: کرشمۂ تقدیر۔ قسمت سے۔ نصیب سے
تقدیر کا کھوٹا/ہیٹا: بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بد طالع۔ ابھاگی۔ نربھاگی

تقدیر آزمانا ــــ تقدیر اچکنا ــــ تقدیر اُلٹنا ــــ تقدیر بگڑنا ــــ تقدیر پھوڑنا ــــ تقدیر پلٹنا ــــ تقدیر جاگنا ــــ تقدیر سو جانا ــــ تقدیر پھوٹ جانا ــــ تقدیر پھر جانا ــــ تقدیر جوان ہونا ــــ تقدیر چمکنا ــــ تقدیر سے ــــ تقدیر سیدھی ہونا ــــ تقدیر کا ــــ تقدیر کا بدا ــــ تقدیر کا بل نکل جانا ــــ تقدیر کا بگاڑ ــــ تقدیر کا پلٹا کھانا ــــ تقدیر کا دامن پکڑنا ــــ تقدیر کا دکھانا ــــ تقدیر کا کھوٹا ــــ تقدیر کا لکھا یوں ہی تھا ــــ تقدیر کا رونا ــــ تقدیر کا منہ پھیر لینا ــــ تقدیر کا سونپنا ــــ تقدیر کھل جانا ــــ تقدیر کے ہاتھ بات ہونا ــــ تقدیر لڑنا ــــ تقدیر لوٹ جانا ــــ تقدیر والا

تقدیر سے زور نہیں چلتا
تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی
تقدیر کے لکھے کو کون میٹے
تقدیروں بازی ہے

تقدیری: منسوب بہ تقدیر

تقدیری امر/معاملہ: ہونی۔ شدنی

تقدیس: پاکیزگی۔ بزرگی۔ عظمت

تقدیم: پیش قدمی۔ پہل۔ سبقت۔ اوّلیت۔ فوقیت۔ ترجیح۔ پیشوائی

تقرُّب: قُرب۔ قربت۔ نزدیکی

تقرُّر: ا۔ تعیّن
۲۔ ملازمت۔ نوکری۔ ماموری

تقریب: ا۔ ذریعہ۔ سبب۔ باعث
۲۔ موقع۔ محل
۳۔ سفارش۔ ذکر۔ تذکرہ
۴۔ قرب۔ نزدیکی
۵۔ پہنچ۔ رسائی
۶۔ ریت۔ رسم

تقریباً: قریباً۔ تخمیناً۔ قریب قریب۔ لگ بھگ۔ اندازاً

تقریر: ا۔ بیان۔ ذکر۔ گفتگو
۲۔ وعظ۔ درس۔ خطبہ۔ لیکچر۔ اسپیچ

تقریر میں نکھار پیدا کرنا چاہیے

تقریری : زبانی ۔ کلامی ۔ غیر تحریری

تقریر یا : ۱۔ باتونی ۔ لسّان ۔ فضول گو ۔ طول گو
۲۔ جھمّی ۔ جھگڑالو ۔ جھکّی

تقریظ : تعریف ۔ توصیف ۔ مدح ۔ تعارف ۔ تعریفی مضمون

تقسیم : قسمت ۔ انقسام ۔ بانٹ ۔ بٹوارا ۔ کھنڈ

تقشُّف : فقیری ۔ درویشی ۔ زُہد ۔ سادگی

تقصیر : ۱۔ کمی ۔ کوتاہی ۔ کسر
۲۔ قصور ۔ خطا ۔ غلطی ۔ گناہ ۔ جرم ۔ پاپ

تقصیروار : قصوروار ۔ خطاکار ۔ گناہ گار ۔ مجرم ۔ پاپی ۔ غلط کار

تقطیر : ٹپکاؤ ۔ چکیدگی ۔ کشید ۔ چکش

تقطیع : ۱۔ قطع ۔ برید ۔ تجزیہ ۔ کاٹ
۲۔ لمبائی چوڑائی ۔ طول و عرض ۔ سائز

تقلید : پیروی ۔ متابعت ۔ اتباع ۔ تتبع ۔ نقل ۔ ریس

تقلیل : کمی ۔ قلت ۔ گھٹاؤ

تقویٰ : پرہیزگاری ۔ پارسائی ۔ اتقا ۔ خوفِ خدا

تقویت : ۱۔ پشتی ۔ حمایت ۔ مدد ۔ اعانت
۲۔ طاقت ۔ زور ۔ قوت ۔ بل
۳۔ تسکین ۔ تسلّی

تقویم : ۱۔ راستی ۔ سیدھا پن
۲۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔ سانچا ۔ قالب
۳۔ اندازہ ۔ تخمینہ ۔ قیاس ۔ حساب
۴۔ جنتری ۔ پترا ۔ کیلنڈر

تقویم پارینہ : ۱۔ پرانی جنتری
۲۔ بیکار چیز ۔ ناکارہ شے
۳۔ بڑھیا ۔ پیرزن ۔ پیرزال

|تقویم پارینہ بکار نمی آید

تقی : متقی ۔ پرہیزگار ۔ پارسا

تقیُّد : پابندی ۔ روک ۔ ٹوک ۔ تنبیہ

تقیہ : کتمان حق ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔ کذب ۔ فریب ۔ حق پوشی

تک تا ۔ تلک ۔ نہایت ۔ نزدیک ۔ پاس ۔ قریب ۔ نیز ۔ بھی ۔ الیٰ ۔
حتیٰ ۔ انتہا ۔ حد ۔ انحصار

تُک : ۱۔ قافیہ ۔ سجع
۲۔ زٹل ۔ بکواس

تُک بند : ۱۔ قافیہ پیما ۔ قافیہ بند
۲۔ زٹلی ۔ بکواسی ۔ یاوہ گو

تُک بندی : ۱۔ قافیہ پیمائی ۔ قافیہ بندی
۲۔ زٹل ۔ بکواس ۔ یاوہ گوئی

تِکّا : ۱۔ پارۂ گوشت ۔ بوٹی ۔ مضغہ ۔ لوتھڑا ۔ بضعہ
۲۔ بچہ

تُکّا: ۱۔ بے نوک تیر۔ تیر بے سوفار۔ بے نشانے کا تیر
۲۔ سیدھا۔ بے خم۔ مستقیم

تکالیف: تکلیفات۔ آفات۔ مشکلات۔ مصائب۔ نوائب

تکان: ۱۔ تھکاوٹ۔ تھکن۔ کسل مندی۔ ماندگی
۲۔ حرکت۔ جنبش
۳۔ جھٹکا۔ ضرب

تکبّر: کبر۔ نخوت۔ غرور۔ گھمنڈ

تکبر عزازیل را خوار کرد
بزندان لعنت گرفتار کرد

تکبیر: ۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت۔ جلال
۲۔ نعرۂ اللہ اکبر

تکثیر: کثرت۔ افراط۔ زیادتی۔ افزونی

تکثیف کثافت۔ گاڑھاپن

تکدّر: ۱۔ کدورت۔ میلاپن۔ آلودگی۔ لوث۔ گدلاپن
۲۔ رنجیدگی۔ رنجش۔ آزردگی۔ پریشانی

تکذیب: تردید۔ بطلان۔ ابطال

تکرار: ۱۔ دہراؤ۔ اعادہ
۲۔ بحث۔ مباحثہ۔ جھگڑا۔ لفظی نزاع۔ تونکار۔ حجت۔ مجادلہ۔
تنازعہ۔ حیص بیص۔ بحث و مباحثہ۔ لے دے۔ بکھا بکھی۔
لڑائی جھگڑا۔ غوغا

تکراری: جھگڑالو۔ حجتی۔ لڑاکا

تکریم: عزت۔ تعظیم۔ ادب۔ آؤ بھگت۔ مدارات۔ خاطر تواضع

تکڑا: ثلث۔ سہ گوشہ۔ سہ گوشہ۔ سہ پہلو

تگڑا: ۱۔ مضبوط۔ قوی۔ طاقت ور۔ جوان۔ طاقت
۲۔ موٹا تازہ۔ فربہ

تکڑی: ترازو۔ میزان۔ کانٹا۔ ٹُلا

تکفیر: فتوائے کفر۔ کافر گردانی

تکفیل: کفالت۔ ضمانت۔ ذمہ داری

تکفین: کفن پوشانی

تکلا: تکوا۔ دوک۔ مغزل۔ مردن۔ درارت

تکلے کا گھاؤ — تکلے کی طرح بل نکالنا

تکلّف: ۱۔ نمایش۔ ظاہر داری۔ تصنع۔ بناوٹ۔ ٹیپ ٹاپ
۲۔ ہچکچاہٹ۔ تامل۔ حجاب۔ لحاظ۔ شرم۔ جھجک۔ کھٹکا

تکلف برطرف۔ صاف صاف۔ بے لاگ۔ بے جھجک۔ بے تکلف

تکلّم: بول چال۔ بات چیت۔ گفتگو۔ کلام

تکلیف: ۱۔ دکھ۔ درد۔ صعوبت۔ ایذا۔ کشٹ
۲۔ مصیبت۔ بپتا۔ آفت۔ بلا
۳۔ مفلسی۔ افلاس۔ فلاکت۔ ناداری۔ تہی دستی۔ عزبت

۴۔ دشواری۔ دقت۔ عسرت۔ مشکل۔ ضیق
۵۔ رنج۔ غم۔ اندوہ۔ ملال
۶۔ ضرر۔ نقصان۔ مضرت
۷۔ بیماری۔ آزار۔ روگ
۸۔ پابندی۔ ذمہ داری

تکلیف مالایطاق: ناقابل برداشت تکلیف

تکملہ: ۱۔ تکمیل۔ اتمام
۲۔ تتمہ۔ ضمیمہ

تکمہ: بٹن۔ بوتام۔ گھنڈی

تکمیل: اتمام۔ اکمال۔ انجام۔ کمال۔ پورا کرنا۔ پورا۔ مکمل۔ تمام۔ کامل

تکمیل کرنا — تکمیل پانا — تکمیل تک پہنچنا —
پایۂ تکمیل کو پہنچنا — تکمیل تمسک — تکمیل رہن نامہ

تکنا: گھورنا۔ دیکھنا۔ نظر بازی کرنا۔ تکی لگانا۔ ٹکٹکی لگانا۔ راہ دیکھنا
انتظار کرنا۔ آسرا رکھنا۔ اُمید رکھنا

لڑکیوں کو تکنا — غیر مرد کو تکنا — راہ چلتے تکنا —
منہ تکتے رہ جانا

تکونا: سہ گوشہ۔ سہ پہل۔ مثلث۔ تکونیا۔ تکھونٹا۔ تکھنٹا

تکوین: پیدائش۔ آفرینش۔ ایجاد

تکھونٹا: تکونا۔ سہ پہلو۔ سہ گوشہ۔ مثلث۔ تکھنٹا

تکیہ: ۱۔ بالش۔ بالین۔ سرہانا۔ مسند۔ وساد
۲۔ پشت گاہ۔ ٹیک۔ سہارا۔ پشتی
۳۔ بھروسا۔ اعتماد
۴۔ مسکن فقیر۔ ڈیرا
۵۔ قبرستان۔ گورستان

تکیہ دار: فقیر۔ مجاور۔ سجادہ نشین۔ ڈیرے دار۔ تکیہ نشین
تکیہ کلام: سخن تکیہ
تکیہ گاہ: پشت۔ ٹیک۔ سہارا
تکیہ نشیں: تکیہ دار۔ مجاور۔ سجادہ نشیں

تگ: دوڑ۔ بھاگ۔ سعی

تگ و پو/ تاز/ دو/ تگاپو: بھاگ دوڑ۔ دوڑ دھوپ۔ سعی و کوشش۔
جستجو۔ تردد

تگائی: سلائی۔ سیون۔ دوخت۔ بخیہ گری

تگڈم: تکونا پن۔ تثلیث

تگرگ: ۱۔ اولا۔ ژالہ۔ گڑا۔ اپن
۲۔ شبنم۔ اوس

تگنا: تین گنا۔ سہ گونہ۔ سہ چند۔ تہرا۔ تلڑا

تل: (عربی) پہاڑی۔ ٹیلا۔ تودہ۔ ربوہ

تُل: (اُردو) تلے۔ نیچے۔ نشیب۔ پایان۔ زیر

تل نظرا: زیر بیں۔ پہ نظر

تِل: ۱۔ کنجد۔ سمسم۔ تلی۔ بزرشہ۔ رہشہ۔ نیل پھل

۲۔ خال۔ نقطۂ سُرمہ
۳۔ تِلی۔ مردمِ چشم
۴۔ ذرہ۔ ثمرہ۔ مقدارِ خفیف

تل اوٹ پہاڑ اوٹ / تل اوجھل پہاڑ اوجھل
تل کی اوٹ / اوجھل پہاڑ
تل بھر لہو پہاڑ بھر محبت / آشنائی
تل چور سو بجر چور
تل رہے تو تیل نکلے
تل کی اوجھل پہاڑ
تلوں میں سے تیل نکلتا ہے

تَلا : زیریں حصہ۔ پیندا۔ تہ۔ نیچے کا حصہ

تِلّا : گوٹا۔ کناری۔ ٹھپا۔ چمک۔ گوکھرو۔ تارکشی

تُلا : ترازو۔ تکڑی۔ کانٹا۔ میزان

تلازم : لزوم۔ لازمی حصہ۔ ضروری حصہ

تلازمہ : رعایت لفظی

تلاش : ۱۔ جستجو۔ تجسس۔ تفتیش۔ تحقیق۔ کھوج۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ ٹٹول۔
کنج کاوی۔ ٹاپا ٹوہیا
۲۔ سعی۔ کوشش۔ کاوش

تلاشِ معاش ـــ تلاشِ بسیار

تلاشی : ۱۔ تلاش کنندہ۔ جویا۔ جوئندہ
۲۔ دیکھ بھال۔ پڑتال۔ کنج کاوی۔ ٹٹول

تلاطم : ۱۔ تلاطمِ موج۔ تموج۔ موج زنی۔ طغیانی۔ لہر۔ پُرجوش موجیں۔
پرجوش لہریں۔ تھپیڑا
۲۔ جوش و خروش۔ ولولہ

تلاطمِ طبع ـــ تلاطمِ حیرانی ـــ تلاطمِ خیال

تلافی : تدارک۔ بدل۔ عوض۔ حق رسی۔ دادرسی۔ ازالہ۔ بدلہ

تلام : نوکر۔ چاکر۔ خادم۔ خدمت گزار۔ غلام۔ بندہ

تلامذہ / تلامیذ : شاگردان۔ چیلے

تلاوت : قرأت۔ قرآن خوانی

تلبیس : عیب پوشی۔ مکر۔ فریب۔ جعل۔ دھوکا

تلپٹ : ۱۔ تباہ۔ برباد۔ خراب
۲۔ غائب۔ گم۔ ناپید
۳۔ فراموش

تلچھٹ : ثُفل۔ دُرد۔ پھوگ۔ تہ نشین۔ گاد۔ پھوک۔ میل۔ جھڑن۔ کھرچن

تلخ : ۱۔ کڑوا۔ بدمزہ۔ بدذائقہ۔ کوڑا۔ بدترہ
۲۔ ناپسند۔ ناگوار۔ نامرغوب
۳۔ تند۔ تیز۔ ناملائم

تلخ ابرو : بد دماغ۔ سرکہ جبیں۔ چڑچڑا۔ تندخو۔ ترش رُو۔
تنک مزاج

تلخ زبان : بدزبان۔ درشت گو۔ سخت گو۔ سخت زبان۔ تلخ گفتار۔
تلخ گو

تلخ زبانی : بدزبانی۔ درشت گوئی۔ تلخ گوئی۔ تلخ گفتاری۔

سخت گوئی ۔ سخت زبانی

تلخ عیش : بدحال ۔ عسرت زدہ ۔ فلاکت زدہ

تلخ کام : ۱۔ بدمزہ ۔ بدذائقہ
۲۔ ناکام ۔ نامراد ۔ ناکامیاب

تلخ کامی : ۱۔ بدمزگی ۔ بےلطفی
۲۔ ناکامی ۔ ناکامیابی ۔ نامرادی

تلخ گفتار / گو / کلام : تلخ زبان ۔ درشت گو ۔ سخت گو ۔ سخت زبان

تلخ گفتاری / گوئی / کلامی : تلخ زبانی ۔ درشت گوئی ۔ سخت گوئی ۔ سخت زبانی

تلخ نگاہ : تند نگاہ ۔ تند نظر

تلخ نوا : تلخ زبان ۔ تلخ گفتار ۔ تلخ گو ۔ تلخ کلام ۔ درشت گو ۔ سخت گو ۔ سخت زبان

تلخ نوائی : تلخ زبانی ۔ تلخ گفتاری ۔ تلخ گوئی ۔ تلخ کلامی ۔ درشت گوئی ۔ سخت گوئی ۔ سخت زبانی ۔ بدکلامی

تلخ ورزش : محنت ومشقت ۔ رنج ومحن

تلخابہ ـــ تلخ جواب ـــ تلخہ

تلخی : ۱۔ کڑواپن ۔ بدمزگی ۔ کڑواہٹ
۲۔ ناپسندیدگی ۔ ناگواری ۔ نامرغوبی
۳۔ تندی ۔ تیزی ۔ سختی ۔ شدت
۴۔ رنجش ۔ مخالفت ۔ دشمنی

تلخیص : خلاصہ ۔ جوہر ۔ ست

تلطف : نرمی ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم

تلف : ۱۔ برباد ۔ تباہ ۔ خراب ۔ رائیگاں
۲۔ ہلاک ۔ فنا
۳۔ گم ۔ ضائع

تلفظ : اُچارن ۔ بول ۔ لہجہ ۔ ادائے لفظ

تلفی : بربادی ۔ تباہی ۔ خرابی ۔ گم شدگی ۔ اضاعت ۔ ضیاع

تلقین : نصیحت ۔ ہدایت ۔ وعظ ۔ پند ۔ موعظت ۔ فہمائش

تِلک : ٹیکا ۔ قشقہ

تلمذ : شاگردی

تلملانا : تڑپنا ۔ مضطرب ہونا ۔ بےقرار ہونا ۔ بےچین ہونا ۔ بےتاب ہونا ۔ ململانا

تلملاہٹ : گھبراہٹ ۔ بےچینی ۔ بےقراری ۔ تڑپ ۔ بےکلی

تلمیح : اشارہ ۔ رمز

تلمیذ : شاگرد ۔ چیلا ۔ ارادت مند ۔ طالب علم

تلنا : پکانا ۔ بھوننا ۔ اُتارنا ۔ روسٹ کرنا

تلوا : کف ۔ پا ۔ اخمص

تلوا کھجانا ـــ تلوا کھجلانا ـــ تلوا نہ ٹکنا ـــ تلوا نہ لگنا ـــ تلوا نہ مرنا ـــ تلووں سے آنکھیں ملنا ـــ تلووں سے آگ لگنا ـــ تلووں تلے ملنا ـــ تلووں سے لگنا ـــ تلووں سے لگنا سر میں بجھنا ـــ تلووں کا کچا ـــ تلووں میں لہو اترنا ـــ تلووں تلے آنکھیں ملنا ـــ تلووں تلے ہاتھ دھرنا ـــ تلوے چاٹنا ـــ تلوے دھو دھو کر پینا ـــ تلوے چھلنی ہو جانا ـــ تلوے سہلانا ـــ تلوے گرم کرنا

تلوار: تیغ۔ شمشیر۔ سیف۔ حسام۔ صمصام۔ سروہی۔ کھانڈا۔ کھڑک
مخراق۔ تورہ۔ تبغہ۔ برند

تلوار آزمانا ــــ تلوار اُلٹی ہونا ــــ تلوار اُٹھانا ــــ
تلوار اُگل پڑنا ــــ تلوار اُٹھنا ــــ تلوار باندھنا ــــ
تلوار برسنا ــــ تلوار بیٹ پڑنا ــــ تلوار بندھنا ــــ
تلوار بند ــــ تلوار پر ناچنا ــــ تلوار پر ہاتھ رکھنا ــــ
تلوار پڑنا ــــ تلوار پکڑنا ــــ تلوار تولنا ــــ تلوار تو
پٹ پڑی نیچہ کاٹ کر گیا ــــ تلوار پھرنا ــــ تلوار تیر چلانا
ــــ تلوار چلانا ــــ تلوار حلق پر پھرنا ــــ تلوار جڑنا ــــ
تلوار چلنا ــــ تلوار چمکانا ــــ تلوار حمائل رکھنا ــــ تلوار
درمیان میں رکھ کر سونا ــــ تلوار سے پانی جدا نہیں ہوتا
ــــ تلوار سونتنا ــــ تلوار زیب کمر کرنا ــــ تلوار دکھانا
ــــ تلوار عرش پر جھولنا ــــ تلوار کا ابر ــــ
تلوار کا بل ــــ تلوار کا بال ــــ تلوار کا پانی ــــ
تلوار کا پھل ــــ تلوار کا جوہر ــــ تلوار کا پانی پلانا ــــ
تلوار کا چھالا ــــ تلوار کا دھنی ــــ تلوار کا دونوں باگوں
سے کسنا ــــ تلوار کا دندانہ ــــ تلوار کا ڈورا ــــ
تلوار کا رومال ــــ تلوار کاری پڑنا ــــ تلوار کا سبزہ
ــــ تلوار کا قبضہ چومنا ــــ تلوار کا کاٹنا ــــ تلوار
کی کاٹ ــــ تلوار کا گھاٹ سے پڑنا ــــ تلوار کی دھار
ــــ تلوار کا گھاٹ ــــ تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے زبان
کا گھاؤ نہیں بھرتا ــــ تلوار کا مالا ــــ تلوار کا منہ ــــ
تلواروں کا مینہ برسانا ــــ تلوار کا وار ــــ تلوار کا بانجھ
ــــ تلوار کرنا ــــ تلوار کسانا ــــ تلوار کر جانا ــــ
تلواروں کو پتھر چٹانا ــــ تلوار کھانا ــــ تلوار کھینچنا ــــ
تلوار کا منہ ــــ تلوار کی آب ــــ تلوار کی باڑھ ــــ
تلوار کے گھاٹ اُتارنا ــــ تلوار کی موت ــــ تلوار کی نابب
ــــ تلوار کے نیچے دم لینا ــــ تلوار کے باندھ ــــ
تلوار لگانا ــــ تلوار گھسیٹنا ــــ تلوار گری پر جا پھری
ــــ تلوار لیے پھرنا ــــ تلوار مارنا ــــ تلوار مارے
ایک بار احسان مارے بار بار ــــ تلوار میان سے لینا
ــــ تلوار میان سے نکل پڑنا ــــ تلوار میان کرنا ــــ
تلوار میں بال آجانا ــــ تلوار نیام سے نکلنا ــــ تلوار
نیام میں کرنا ــــ تلواروں پر رکھ لینا ــــ تلواروں
کی چھاؤں ــــ تلوار یا

تلوار ٹوٹ پڑی، نیچہ کاٹ / کام کر گیا
تلوار سے پانی جدا نہیں ہوتا
تلوار کا زخم / گھاؤ بھر جاتا ہے، زبان کا (گھاؤ) نہیں بھرتا
تلوار کا کھیت ہرا نہیں (ہوتا)
تلوار کی آنچ بُری ہوتی ہے
تلوار کی آنچ کے سامنے کوئی بِرلا ہی ٹھہرتا ہے
تلوار کے تلے / نیچے دم لینے دو
تلوار کی مار ایک بار، احسان کی مار بار بار
تلوار گری، پر جا پھری

تلوّن: ۱۔ رنگا رنگی۔ بوقلمونی۔ گوناگونی۔ ہفت رنگی
۲۔ تغیر۔ تبدیلی۔ تغیر پذیری
۳۔ چھچھوراپن۔ کمینہ پن۔ کم ظرفی۔ چھچھورپن۔ لاابالی پن
۴۔ عدم استقلال۔ غیر مستقل مزاجی۔ غیر مستقل

متلون مزاج ــــ تلوّن مزاج

تلوؤں: (تلوا کی جمع)

تلوؤں سے آنکھیں مَلنا ــــ تلوؤں سے آگ لگنا ــــ
تلوؤں تلے مَلنا ــــ تلوؤں سے مِٹنا ــــ تلوؤں سے
لگ سر میں بجھنا ــــ تلوؤں سے ملنا ــــ تلوؤں کا کچا
ــــ تلوؤں میں لہو اترنا ــــ تلوے تلے آنکھیں ملنا ــــ
تلوے تلے ہاتھ دھرنا ــــ تلوے چاٹنا ــــ تلوے چاٹنا ــــ
تلوے دھو دھو کے پینا ــــ تلوے چھلنی ہو جانا ــــ

تلوے سہلانا ۔ تلوے گرم کرنا ـــ تلوے ملنا

تِلی : تُبہرز ۔ طِحال ۔ پلہی

تلے : نیچے ۔ زیر ۔ تحت ۔ پائیں ۔ تھلّے

تلے اوپر ـــ تلے اوپر کے ـــ تلے اوپر ہونا ـــ تلے پڑنا ـــ تلے تلے دیکھنا ـــ تلے تیس اوپر بیس ـــ تلے کے دانت تلے اوپر کے اوپر رہ جانا ـــ تلے کی سانس تلے اوپر کی سانس اوپر ـــ تلے کی دنیا اوپر ہونا ـــ تلے کی زمین اوپر کرنا

تلے پڑی کا مول کیا
تلے تیس اوپر بیس
تلے ٹانگ اوپر ٹانگ
تلے دھرتی اوپر رام
تلے گھیرا اوپر سہرا

تلیٹی : ۱۔ تلا ۔ پیندا ۔ تہ
۲۔ نشیبی زمین ۔ زیریں علاقہ
۳۔ دامن کوہ
۴۔ پختہ فرش
۵۔ تہ زمین ۔ پاتال
۶۔ نواحی علاقہ ۔ اطراف ۔ جوانب

تِلیر : اُبلقہ ۔ تورکہ

تُم : تو ۔ شُما ۔ تُسیں ۔ آپ ۔ تیں ۔ تُسی ۔ تُوں ۔ اَنتَ

تم آگ کے جلے کو سینکتے ہو
تم سے پھرے تو خدا سے پھرے

تم ڈال ڈال تو میں پات پات
تم روٹھے ہم چھوٹے
تم کاٹو مری ناک اور کانی
میں نہ چھوڑوں اپنی بانی
تم کہیں میں کہیں
تم نے اُڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں
تم نے کہا اور میں نے مان لیا
تم ہم کو بلاؤ گے تو کیا کھلاؤ گے
تم ہمارے یہاں آؤ گے تو کیا لاؤ گے

تماچا / تمانچا : ۱۔ تھپڑ ۔ سیلی ۔ لطمہ
۲۔ ضرب ۔ صدمہ ۔ چوٹ

تمازت : گرمی ۔ حدت ۔ حرارت

تماشا : ۱۔ ہنگامہ ۔
۲۔ عجیب و غریب بات ۔ کیفیت
۳۔ دید ۔ سیر ۔ نظارہ ۔ دیدار ۔ فرجہ ۔ خوش ۔ منظر
۴۔ مجمع ۔ ہجوم ۔ انبوہ ۔ ازدحام ۔ جمگھٹ ۔ بھیڑ
۵۔ نمائش ۔ دکھاوا
۶۔ ہنسی ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ تفریح ۔ لطف ۔ بہار
۷۔ سوانگ ۔ نقل ۔ کرتب ۔ کھیل ۔ بازیچہ ۔ لیلا ۔ شعبدہ ۔ بازی گری ۔ بلاس

تماشابین / تماشبیں : ۱۔ تماشائی ۔ دیدباز ۔ نظرباز ۔ سیلانی
۲۔ عیاش ۔ زانی ۔ بدکار ۔ اوباش ۔ آوارہ ۔ بدکردار ۔ شہوت پرست

تماشابینی / تماشبینی : ۱۔ دیدبازی ۔ نظربازی ۔ سیر و تفریح
۲۔ عیاشی ۔ بدکرداری ۔ بدکاری ۔ زناکاری ۔ شہوت پرستی

تماشاہ خانم : مسخری ۔ الوکھی

تماشاخانہ / گاہ : ۱۔ ناچ گھر ۔ رقص گاہ ۔ تھیٹر ۔ کلب

۲۔ سیرگاہ۔ تفریحی مقام۔ تفریح گاہ

تماشا دوست: نمود پسند۔ نمایش پسند۔ ہنگامہ پسند

تماشاگر: بازی گر۔ کرتب باز۔ نٹ۔ مداری۔ بھان متی

تماشائی: نظر باز۔ دید باز۔ سیر بین۔ ناظر۔ بیننده

تمام: ۱۔ پورا۔ کامل۔ سمپورن۔ مکمل۔ سراپا
۲۔ کل۔ ہمہ۔ سب۔ سارا۔ جملہ۔ جمیع
۳۔ سالم۔ ثابت۔ سموچا۔ کلی
۴۔ آخر۔ ختم
۵۔ تیار۔ بس

تمباکو: تماکو۔ تماخو۔ تبغ۔ تنباکو۔ تنباک۔ ترتمن۔ ٹوبیکو۔ تاپچھ۔ کانگ کیر
سینا ورم

تمتّع: فائدہ۔ نفع۔ یافت۔ حاصل۔ پھل۔ ثمر

تمتمانا: لال بھبھوکا ہونا۔ سُرخ ہونا۔ چمکنا۔ جگمگانا۔ دمکنا

تمتماہٹ: ۱۔ چمک۔ دمک۔ سرخی
۲۔ گرمی۔ حدت۔ حرارت

تمثال: پیکر۔ صورت۔ مورت۔ مانند

تمثال گر: نقاش۔ مصور۔ صورت گر

تمثال گری: نقاشی۔ مصوری۔ صورت گری

تمثیل: ۱۔ مثال۔ تشبیہ۔ مجاز۔ نظیر
۲۔ مشابہت۔ مطابقت۔ موافقت
۳۔ ناٹک۔ سوانگ۔ ڈراما
۴۔ رمزیہ۔ مثالیہ۔ مجازیہ

تمثیلاً: بطور تمثیل۔ بطور مثال۔ مثال کے طور پر

تمثیلچہ: مختصر ناٹک۔ چھوٹا ڈراما

تمجید: بزرگی۔ عظمت۔ جلال۔ شوکت

تمحیص: ۱۔ آزمایش۔ جانچ۔ امتحان۔ پرکھ
۲۔ بحث۔ مباحثہ۔ مناظرہ

تمدن: مدنیت۔ معاشرت۔ طرز معاشرت۔ شہری زندگی۔
شائستگی۔ تہذیب

تمر: کھجور۔ چھوہارا۔ خرما

تمر ہندی: املی۔ انبلہ۔ صبار

تمرّد: ۱۔ سرکشی۔ بغاوت
۲۔ نافرمانی۔ گستاخی

تمرین: ۱۔ عادت۔ خو
۲۔ مشق

تمسخر: مسخرہ پن۔ مسخرگی۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ استہزا

تمسّک: ۱۔ چپٹ۔ گرفت۔ قبضہ۔ تسلط
۲۔ اقرار نامہ۔ قبالہ۔ دستاویز۔ معاہدہ۔ عہدنامہ

تمغا: ۱۔ شاہی فرمان۔ حکم شاہی
۲۔ نشان۔ داغ۔ ٹھپا۔ چھاپ۔ مُہر۔ خاتم۔ علامت
۳۔ سند جاگیر۔ سند معافی۔ سند عزت۔ سند۔ ڈپلوما
۴۔ انعام۔ بخشش
۵۔ وسام۔ میڈل

تمکّن : طاقت ۔ اختیار ۔ تصرف ۔ تسلط ۔ قابو ۔ بس

تمکنت : ۱۔ قدرت ۔ طاقت ۔ زور ۔ اختیار ۔ اقتدار ۔ حکومت
۲۔ عزت ۔ شان ۔ شوکت ۔ رعب ۔ داب
۳۔ غرور ۔ نخوت ۔ رعونت ۔ خود پسندی
۴۔ تعلّی ۔ خودستائی ۔ ٹیپ ٹاپ ۔ خودنمائی

تمکین : ۱۔ طاقت ۔ زور ۔ بل ۔ قدرت
۲۔ برداشت ۔ تحمل ۔ صبر
۳۔ مرتبہ ۔ وقار ۔ شان ۔ شوکت ۔ شکوہ ۔ دبدبہ ۔ جاہ وجلال ۔
جاہ وحشم

تملّق : خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ للّو پتو

تملیک : ملکیت ۔ قبضہ ۔ تسلط ۔ تصرف

تمنّا : آرزو ۔ خواہش ۔ طلب ۔ چاہ ۔ اشتیاق ۔ چاؤ ۔ ارمان ۔
مراد ۔ اچھا ۔ درخواست ۔ امید ۔ شوق ۔ امنگ ۔ ہوس ۔
حسرت ۔ مُنیہ

تمنا رکھنا ــــ تمنا کرنا ــــ تمنا پوری ہونا ــــ تمنا لوٹنا
ــــ تمنائے خواب ــــ تمنائے دید ــــ تمنائے
جنوں ــــ تمنائے حیات ــــ تمنائے مرگ ــــ
تمنائے حشر ــــ تمنائے خون آلود ــــ تمنائے ماتم دار
ــــ آغوشِ تمنا ــــ نگاہِ تمنا ــــ عرضِ تمنا ــــ
تخمِ تمنا ــــ رہزنِ تمنا ــــ حصولِ تمنا ــــ مرگِ تمنا
ــــ آغازِ تمنا ــــ انجامِ تمنا ــــ زوالِ تمنا ــــ
شبابِ تمنا ــــ ناکامِ تمنا ــــ کامیابِ تمنا ــــ
ہمِ تمنا ــــ مقصدِ تمنا ــــ دسترسِ تمنا ــــ
تمنائے درگاہ ــــ تمنائے آستاں ــــ تمنائے سجدہ
ــــ تمنائے خام ــــ خوابِ تمنا ــــ تمنائے گرانقدر ۔

تمنائے دامن ــــ تمنائے قدم بوسی ــــ تمنائے گدائی
ــــ تمنائے دیدار ــــ تمنائے برہمی ــــ تمنائے تسلّی
ــــ تمنائے حصول ــــ حصولِ تمنا ــــ تمنائے کشود
ــــ تمنائے مراد ــــ تمنائے بہار ــــ تمنا مندی
ــــ تمنائے آذری ــــ تمنائے صنم گری ــــ
تمنائے سوختی ــــ ترکِ تمنا ــــ تمنائے ہوش ــــ
تمنائے بیخودی ــــ چشمِ تمنا ــــ تمنائے بزمِ دوست
ــــ تمنائے غلط ــــ تمنائے بے فائدہ ــــ رغبتِ تمنا
ــــ تمنائے سرکشی ــــ تمنائے بغاوت ــــ تمنائے بلند
ــــ تمنائے پرواز ــــ پروازِ تمنا ــــ تمنا خاک ہونا
ــــ تمنا مر گئی ــــ تمنا سیراب ہو گئی ــــ تمنائے تشنہ کام
ــــ تمنائے نشیمن ــــ تمنائے گفتگو ــــ تمنائے چمن
ــــ تمنائے رازداری ــــ تمنائے اظہار ــــ شرحِ تمنا
ــــ معنیِ تمنا ــــ جوابِ تمنا ــــ مقامِ تمنا ــــ اصولِ تمنا
ــــ آدابِ تمنا ــــ مشکل کشائے تمنا ــــ آئینہ دارِ تمنا
ــــ شکستِ تمنا ــــ صورتِ تمنا ــــ عالمِ تمنا ــــ
سازِ تمنا ــــ بزمِ تمنا ــــ کشودِ تمنا ــــ قصورِ تمنا ــــ
تمنائے آگہی ــــ تمنائے انکشاف ــــ تمنائے بادہ
ــــ تمنائے جام ــــ تمنائے ہوش ــــ تمنائے علم
ــــ علمِ تمنا ــــ تمنائے نطق

تموّج : موجزنی ۔ تلاطم ۔ طغیانی

تموّل : مال داری ۔ دولت مندی ۔ ثروت مندی ۔ امیری

تمہید : ابتدا ۔ آغاز ۔ پیش لفظ ۔ تقدمہ ۔ مقدمہ ۔ دیباچہ ۔ عنوان ۔
اٹھان ۔ پیش گفتار ۔ آغازیہ ۔ ابتدائیہ ۔ پیش چہرہ

تمہیدی : ابتدائی ۔ اولیں

تمھارا : تیرا ۔ آپ کا ۔ تم سب کا ۔ حضور کا ۔ تمرا

تمھارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں ہیں
تمھاری بات نہ اٹھائی جائے نہ دھری جائے
تمھاری برابری وہ کرے جو ٹانگ اُٹھا کر مُوتے
تمھاری ہی جوتی، تمھارے ہی سر
تمھارے منہ میں خاک
تمھارے منہ میں گھی شکر
تمھاری یہ راہیں، ہماری یہ راہیں
تمھارے لڑکے بھی کبھی ہاؤس/کمیشنوں چلیں گے
تمھارے منہ کا اُگال ہمارے پیٹ کا ادھار
تمھارے ہوتے بھی کبھی اگھانے ہیں

تمھیں : تم کو۔ تجھ کو۔ تُسا۔ آپ کو۔ تُہانوں۔ تجھے

تمیز : ۱۔ فرق۔ امتیاز۔ جدائی۔ تفاوت۔ اندازہ
۲۔ شناخت۔ پہچان۔ معرفت۔ جانچ۔ گیان
۳۔ عقل۔ شعور۔ ہوش۔ دانائی۔ سمجھ۔ فہم
۴۔ اہلیت۔ لیاقت
۵۔ سلیقہ۔ قرینہ۔ قاعدہ۔ ادب۔ تہذیب۔ شائستگی۔
آداب۔ سگھڑاپا
۶۔ خبر۔ آگاہی۔ واقفیت

تمیز دار : ۱۔ باشعور۔ ہوش مند۔ دانا۔ عقیل۔ فہیم
۲۔ لائق۔ اہل
۳۔ باقرینہ۔ باسلیقہ۔ قاعدہ داں۔ باادب۔ سگھڑ۔ شائستہ
۴۔ باخبر۔ آگاہ۔ واقف۔ شناسا
تمیز داری : ۱۔ شعورمندی۔ ہوش مندی۔ دانائی۔ عقل مندی
۲۔ لیاقت۔ اہلیت
۳۔ خوش سلیقگی۔ قاعدہ دانی۔ سگھڑاپا۔ شائستگی
۴۔ باخبری۔ آگاہی۔ واقفیت۔ شناسائی

تن : ۱۔ جسم۔ بدن۔ جثہ۔ اندام۔ پنڈا۔ سریر۔ انگ۔ گات۔ پیکر
کالب۔ قالب۔ ڈیل۔ انگ۔
۲۔ آدمی۔ نفر۔ فرد

تن آساں : آرام طلب۔ آرام پسند۔ سہولت پسند۔ سہل انگار۔
تن پرور۔ جسم پرور۔ آسائش پسند
تن آسانی : آرام طلبی۔ آرام پسندی۔ سہولت پسندی۔ سہل انگاری۔
تن پروری۔ جسم پروری۔ آسائش پسندی
تن بدن : تمام بدن۔ سارا بدن
تن پرست : تن پرور۔ جسم پرست۔ کھاؤ پیو۔ اکال
تن پرستی : تن پروری۔ جسم پرستی۔ کھاؤ پن
تن پرور : ۱۔ جسم پرور۔ تن پرست۔ کھاؤ
۲۔ آرام طلب۔ آرام پسند۔ سہولت پسند۔ سہل انگار
تن پروری : ۱۔ جسم پروری۔ تن پرستی۔ کھاؤ پن
۲۔ آرام طلبی۔ آرام پسندی۔ سہولت پسندی۔ سہل انگاری
تن تنہا : اکیلا۔ واحد۔ مجرد۔ فرد فرید
تن درست/تندرست : اچھا۔ بھلا۔ چنگا۔ صحت مند۔ صحیح وسالم۔
ہشاش بشاش
تن درستی/تندرستی : صحت۔ سلامتی۔ خیریت۔ عافیت
تن دہ : ۱۔ کوشاں۔ ساعی۔ محنتی
۲۔ ہمدرد۔ دردمند
تن دہی : کوشش۔ سعی۔ محنت۔ جاں فشانی۔ جفاکشی
تن من : جسم و دل۔ جسم و روح۔ قالب و روح
تن و توش : بدن و قوت۔ جثہ و زور۔ بل۔ شکتی

تن بدن اولا ہو جانا ــــ تن بدن پھونک دینا ــــ تن بدن ڈھانک لینا ــــ تن بدن کا ہوش نہ ہونا ــــ تن بدن کی خبر نہ رہنا ــــ تن بدن میں آگ لگنا ــــ تن بہ تقدیر ــــ تن پھٹکنا ــــ تن پیٹ کا مرا ــــ تن تنہا ــــ تن ڈھانکنا ــــ تن لگنا ــــ تن کو لگنا ــــ تن گھلنا ــــ تن من ایک ہونا ــــ تن من بھر جانا ــــ تن من سے ــــ تن من کی سُدھ بُدھ نہ رہنا ــــ تن من مارنا ــــ تن میں جان آنا ــــ

نیم تن ــ چلے تن ــ ارغواں تن ــ ایل تن ــ
تہمتن ــ روئیں تن ــ فرشتہ تن ــ کاسہ تن
ــ نسرین تن ــ بوریں تن ــ تن فناکش ــ
تن خطائی ــ گلاب تن ــ تن ابریشم ــ تن لاغر
ــ قائم تن ــ یاسمن تن ــ سیمیں تن ــ
تن خورشتر ــ تن مردہ ــ تن سیماب ــ سیماب تن
ــ تن زلال وش ــ سنجاب تن ــ تن برہنہ
ــ نعلیں تن ــ تن زن ــ تن بے پردہ ــ
سیم تن ــ ارغوان تن (مرتکز) ــ تن تنا تن

تن بدن میں جان نہیں ، نام زور آور خاں
تن پر نہیں لتا ، رسی لگائیں البتہ
تن تازہ ، قلندر راجا
تن تکیہ من بسرام ، جہاں پڑے وہاں آرام
تندرستی ہزار نعمت ہے
تن دے من لے
تن سُکھی تو چین ہے ، نہ تو دُکھ دن رین ہے
تن سُکھی تو من سُکھی
تن سیتل ہو سیت ہوں ، من سیتل ہو میت ہوں
تن کسرت میں فن عورت میں
تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی
تن لگی دھیڑی تو بلا چاہے چھپڑی

تناتنی : ان بن ـ کشیدگی ـ رنجش ـ کشاکش ـ کشمکش

تنازع/تنازعہ : جھگڑا ـ فساد ـ رنجش ـ نفاق ـ عداوت ـ مخاصمت

تنازع للبقا : کشمکش حیات ـ جہد للبقا

تناسب : مناسبت ـ مطابقت ـ موزونیت ـ موافقت

تناسب اعضا ــ تناسب جسم ــ تناسب اجزا

تناسخ : آواگون ـ آواگمن ـ جون چکر ـ حلول ـ اتحاد ـ تقمیص الارواح

تناسل : افزایش نسل ـ توالد ـ نسل آفرینی

تناظر : ۱ـ منظر ـ حالت
۲ـ نسبت ـ تناسب

تنافر : ۱ـ نفرت ـ تنفر ـ کراہت
۲ـ گرانی ـ ثقل ـ ثقالت

تناقض : ناموافقت ـ عدم مطابقت ـ مخالفت ـ ضد

تناور : ۱ـ موٹا ـ فربہ ـ جسیم ـ عظیم الجثہ
۲ـ طاقت ور ـ قوی ـ بلوان ـ شکتی بان ـ طول طویل

تناول : کھانا ـ اکل

تناؤ : کھچاؤ ـ کھچاوٹ ـ کشیدگی

تنبو/تمبو : خیمہ ـ شامیانہ ـ قنات ـ ڈیرہ

تنبور/تنبورہ/طنبورہ : ستار ـ بربط ـ رباب ـ تانپورہ

تنبورچی : ستار نواز ـ بربط نواز ـ رباب نواز ـ تانپورہ چھیڑنے والا

تنبول : پان

تنبولی : پنواڑی ـ پان فروش ـ تنبول فروش

تَنَبُّہ : ۱۔ خبرداری۔ آگاہی۔ ہوشیاری
۲۔ نصیحت۔ عبرت۔ ہدایت

تنبیلا : ۱۔ سبیں
۲۔ سرخی مائل۔ سرخ۔ گندمی

تنبیہ : ۱۔ آگاہی۔ خبرداری۔ واقفیت
۲۔ دھمکی۔ تہدید۔ فہمایش۔ سرزنش۔ جھڑکی۔ نکوہش۔ ملامت
۳۔ پند۔ نصیحت۔ عبرت
۴۔ تاکید

تَنْت : ۱۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک
۲۔ معین۔ متعین۔ مقرر
۳۔ بروقت۔ برمحل۔ برموقع
۴۔ بعینہٖ۔ ہوبہو۔ عین مین
۵۔ روح۔ جوہر۔ ست
۶۔ تانت۔ دھاگا۔ تاگا۔ رشتہ۔ سلک۔ تار

تنت کار : ستارنواز۔ بربط نواز۔ سارنگیا

تَنتَناہٹ : ۱۔ ورم۔ سوجن۔ آماس
۲۔ سوزش۔ ٹپک۔ درد۔ تکلیف

تُنتُناہٹ : تُن تُن۔ سرست۔ زمزمہ زنی۔ سوت بربط

تُنتُنی : ستار۔ دوتارہ۔ بربط۔ رباب۔ سارنگی

| تنتنی بجاتے میاں کہاتے شتر غمی
| اس نوکر کی ایسی تیسی بھلا بچہ جی |

تنجیم : ستارہ شناسی۔ انجم شناسی۔ ستارہ بینی۔ اختر شناسی۔
علم نجوم۔ جوتش

تنخواہ : مشاہرہ۔ درماہہ۔ طلب۔ ماہانہ۔ معاوضہ۔ مزدوری۔ وظیفہ۔
صلۂ خدمت۔ حق سعی۔ حق محنت۔ حق خدمت۔ پگار یا بیانہ
جانخواہ

تنخواہ دار : ملازم۔ نوکر۔ وظیفہ خوار

تُنُد : ۱۔ غضب ناک۔ غصہ ور۔ غصیلا۔ جھلّا۔ خون خوار۔ غصیل۔ جلاد
۲۔ سخت۔ درشت۔ شدید
۳۔ تیز۔ زود اثر۔ دوآتشہ
۴۔ تلخ۔ کڑوا

تُند باد : بادِ صرصر۔ آندھی۔ جھکڑ۔ طوفان
تُند خو : بدخو۔ بدمزاج۔ چڑچڑا۔ سریع الغیظ۔ غصہ ور۔ غصیلا
تُند خوئی : بدخوئی۔ بدمزاجی۔ چڑچڑاپن۔ غصیلاپن۔ غضب ناکی
تُند رائے : ناعاقبت اندیش۔ کوتاہ اندیش۔ کوتاہ بیں۔ بے وقوف۔
احمق۔ کم عقل۔ مورکھ۔ ابلہ
تُند رفتار/رَو : تیز رفتار۔ تیز رو۔ تیز قدم۔ بادپا۔ باد رفتار۔
برق رفتار
تُند رفتاری/روی : تیز رفتاری۔ تیز روی۔ تیز قدمی۔ بادپائی۔
باد رفتاری۔ برق رفتاری
تُند زبان : تیز زبان۔ لسّان۔ زبان دراز
تُند زبانی : تیز زبانی۔ لسّانی۔ زبان درازی
تُند فہم : تیز فہم۔ سریع الفہم۔ ذکی۔ نکتہ رس
تُند فہمی : تیز فہمی۔ ذکاوت۔ نکتہ رسی
تُند مزاج : تیز مزاج۔ سریع الغیظ۔ سریع الغضب۔ مغلوب الغضب
تُند مزاجی : تیز مزاجی۔ تُند خوئی۔ غضب ناکی۔ غصیلاپن

تُند طبع ــ تُند نظر ــ تُند و تیز ــ تُند رو۔
تُند روئی

تندور: تنور۔ بھٹی۔ گلخن

تُندی: ۱۔ تیزی۔ چڑچڑاپن۔ غضب ناکی۔ بدمزاجی
۲۔ سختی۔ شدت۔ درشتی
۳۔ استادگی۔ نعوظ۔ خیزش۔ خیزی۔ انتشار۔ شہوت

تندیل: ۱۔ توندل۔ بڑھ پیٹا۔ تنومند۔ فربہ
۲۔ طاقت ور۔ قوی۔ بلوان

تَنَزُّل: ۱۔ گھٹاؤ۔ کمی۔ تخفیف
۲۔ زوال۔ پستی

تنزیل: ۱۔ تدریجی نزول
۲۔ وحی الٰہی۔ قرآن مجید

تنزیہہ: صفائی۔ پاکیزگی۔ بے عیبی

تنسیخ: منسوخی۔ تردید۔ بطلان۔ ابطال۔ انفساخ۔ انہدام

تنسیخ عہد — تنسیخ نکاح — تنسیخ اعلان —
تنسیخ احکام — تنسیخ قانون

تنصیب: نصب۔ قیام۔ تعمیر۔ تقرر۔ تعین۔ استادگی

تنصیف: نصفا نصفی۔ آدھوں آدھ بٹوارا۔ دولختی۔ نصفی قمیص

تنظیم: ۱۔ نظم و نسق۔ انتظام۔ درستی۔ انضباط۔ نظام۔ ڈسپلن
۲۔ مجلس۔ ادارہ۔ منظم جماعت۔ گٹھ

تنعُّم: عیش و آرام۔ امن۔ چین۔ ناز و نعمت

تَنَغُّص: تکدر۔ بدمزگی۔ بے لطفی۔ پریشانی۔ ناخوشی

تَنَفُّر: بیزاری۔ نفرت۔ گھن۔ کراہت

تَنَفُّس: سانس۔ دم کشی۔ آمد و شدِ نفس

تنفیذ: نفاذ۔ اجرائے حکم۔ اجرائے فرمان

تنقیح: تصفیہ۔ صفائی۔ تحقیق۔ تفتیش۔ تطہیر

تنقید: ۱۔ جانچ۔ پرکھ۔ تمیز
۲۔ نکتہ چینی۔ تبصرہ۔ اظہار رائے۔ نقد و نظر

تنقیص: ۱۔ نقصان۔ کمی۔ گھاٹا
۲۔ اعتراض۔ نقص بینی۔ عیب بینی۔ نکتہ چینی

تنقیہ: ۱۔ تصفیہ۔ صفائی۔ تطہیر
۲۔ جلاب۔ مسہل

تُنک: ۱۔ کم۔ خفیف۔ تھوڑا۔ کمزور۔ ہلکا۔ معمولی۔ یونہی سا
۲۔ تنگ۔ باریک
۳۔ لطیف۔ نازک
۴۔ اوچھا۔ کمینہ

تُنک آب: پایاب۔ اتھلا۔ کم آب
تُنک آبی: پایابی۔ اتھلا پن۔ کم آبی
تُنک تاب: کم روشن۔ مدہم۔ دھندلا۔ ماندہ۔ کم تاب
تُنک تابی: کم روشنی۔ مدہم پن۔ دھندلا پن۔ کم تابی
تُنک ظرف: کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ کم ہمت۔ اوچھا۔ کمینہ
تُنک ظرفی: کم ظرفی۔ کم حوصلگی۔ کم ہمتی۔ اوچھا پن۔ کمینگی
تُنک مایہ: کم حیثیت۔ کم بضاعت۔ ٹٹپونجیا۔ نادار۔ مفلس

تنگ مایگی: کم حیثیتی۔ کم بضاعتی۔ چھوٹا پن۔ ناداری۔ مفلسی
تنگ مزاج: نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ زود رنج۔ تیز مزاج
تنگ مزاجی: نازک مزاجی۔ چڑچڑا پن۔ زود رنجی۔ تیز مزاجی

تنگ جام — تنگ لب — تنگ بہرہ — تنگ متاع
— تنگ روزی — تنگ روشنائی — تنگ سرمایہ
— تنگ فہم — تنگ رو — تنگ پیز —
تنگ اندام

تنکا: ۱۔ پرکاہ۔ برگ کاہ۔ خس۔ ڈنٹھل۔ ریشہ۔ تنبہ۔ ککھ۔ ڈانٹھی۔
پُرال۔ سینک۔ سرا
۲۔ خفیف۔ ذرا سا۔ قلیل مقدار

تنکا اتارنا — تنکا ادھر اُدھر کرنا — تنکا اتارنے کا احسان
ماننا — تنکا توڑنا — تنکا دانتوں میں پکڑنا —
تنکا سا توڑنا — تنکا ناک میں پڑنا — تنکا دہرنا —
تنکا ہو جانا — تنکے چننا — تنکے چنوانا — تنکے کا
احسان ماننا — تنکے کا سہارا — تنکے کا سہارا نہ ہونا
— تنکے کو پہاڑ کر دکھانا — تنکے کی اوٹ پہاڑ

| تنکے کا احسان بھی بہت ہوتا ہے

تنگ: ۱۔ سکڑا۔ کھچا۔ چست۔ ضیق
۲۔ کم۔ کوتاہ۔ محدود
۳۔ مفلس۔ محتاج۔ غریب۔ نادار۔ بے مایہ
۴۔ عاجز۔ ناچار۔ بے بس۔ بے چارہ۔ مجبور۔ زچ
۵۔ مشکل۔ دشوار
۶۔ مغموم۔ غمگین۔ ملول۔ رنجیدہ۔ حزیں۔ محزون۔ پریشان۔
بیزار
۷۔ تسمہ۔ تنگی

تنگ بخت: ۱۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت
۲۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ بے مایہ۔ بے بضاعت
تنگ بختی: ۱۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی
۲۔ مفلسی۔ افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی۔ بے مایگی۔ بے بضاعتی
تنگ پوش: چست پوش۔ چست لباس
تنگ پوشی: چست پوشی۔ چست لباسی
تنگ چشم / نظر: ۱۔ کم ظرف۔ پست ہمت۔ کمینہ
۲۔ بخیل۔ کنجوس۔ شوم۔ لئیم۔ کم حوصلہ
تنگ چشمی / نظری: ۱۔ کم ظرفی۔ پست ہمتی۔ کمینہ پن
۲۔ بخل۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ کم حوصلگی
تنگ حال: ۱۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ بے مایہ
۲۔ بدحال۔ پریشان حال۔ مصیبت زدہ۔ تباہ حال
تنگ حالی: ۱۔ غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔ تہی دستی۔ بے مایگی
۲۔ بدحالی۔ پریشان حالی۔ مصیبت زدگی۔ تباہ حالی
تنگ حوصلہ: ۱۔ کم حوصلہ۔ کم ہمت۔ پست ہمت۔ کم دل
۲۔ بخیل۔ کنجوس۔ لئیم
تنگ حوصلگی: ۱۔ کم حوصلگی۔ کم ہمتی۔ پست ہمتی۔ کم دلی
۲۔ بخیلی۔ بخل۔ کنجوسی
تنگ دست: مفلس۔ غریب۔ نادار۔ تہی دست۔ بے مایہ۔ بے بضاعت
تنگ دستی: مفلسی۔ افلاس۔ غربت۔ غریبی۔ ناداری۔ تہی دستی۔
بے مایگی۔ بے بضاعتی
تنگ دل: ۱۔ تنگ چشم۔ تنگ نظر۔ کم حوصلہ۔ پست ہمت
۲۔ حاسد۔ بخیل۔ کنجوس۔ لئیم
تنگ دلی: ۱۔ تنگ چشمی۔ تنگ نظری۔ کم حوصلگی۔ پست ہمتی
۲۔ حسد۔ بخل۔ بخیلی۔ کنجوسی
تنگ دہن: غنچہ دہن
تنگ دہنی: غنچہ دہنی
تنگ روزی: مفلس۔ غریب۔ نادار۔ تہی دست۔ کم مایہ
تنگ زیست: تنگ معاش۔ تنگ دست۔ پریشان حال۔ تنگ حال۔
مفلس۔ غریب۔ نادار۔ تہی دست
تنگ طلبی: شدید تقاضا۔ شدید طلب

تنگ ظرف : اوچھا ۔ کم حوصلہ ۔ پست ہمت

تنگ ظرفی : اوچھاپن ۔ کم حوصلگی ۔ پست ہمتی

تنگ عیش : تنگ زیست ۔ تنگ معاش ۔ تنگ دست ۔ تنگ حال ۔
پریشان حال ۔ غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔ تہی دست

تنگ گیری : ظلم ۔ جور ۔ ستم ۔ زیادتی ۔ تعدی

تنگ معاش : تنگ روزی ۔ تنگ عیش ۔ تنگ زیست ۔ تنگ دست ۔
تنگ حال ۔ پریشان حال ۔ غریب ۔ مفلس ۔ تہی دست ۔ نادار

تنگ نائے : ۱۔ تنگ راستہ ۔ راہ تنگ ۔ تنگ گلی ۔ تنگ کوچہ
۲۔ قبر ۔ لحد

تنگ وقت : ۱۔ نازک وقت ۔ نازک حالت
۲۔ فرصت قلیل ۔ وقفہ قلیل

تنگ پیشانی ـــ تنگ درزی ـــ تنگ سال ـــ تنگ باز

تنگی : ۱۔ سکڑن ۔ بھچاو ۔ ضیق ۔ چُستی
۲۔ کمی ۔ قلت
۳۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ محتاجی ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ بے مائگی
۴۔ دشواری ۔ مشکل
۵۔ غم ۔ ملال ۔ پریشانی ۔ حزن ۔ رنجیدگی

تنگ زندگی : ۱۔ تکلیف ۔ پریشانی ۔ افلاس ۔ مفلسی ۔ محتاجی
۲۔ کفایت شعاری ۔ خست

تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کے ساتھ تنگی لگی ہوئی ہے
تنگی گئی فراخی آئی
تنگی و فراخی بدست خود خویش است

تنُّور : تندور ۔ بھٹی ۔ بھٹ ۔ بھاڑ ۔ گلخن ۔ تغار ۔ برزن ۔ برزن ۔ کورہ ۔
دانش ۔ دانشہ ۔ کانوں

تنور بازی اور اللہ راضی

تنور سے بچنے کے لیے بھاڑ میں گر پڑے

تنوُّع : رنگا رنگی ۔ گوناگونی ۔ بوقلمونی ۔ گوناگوں ۔ رنگا رنگ

تنوع خیال ـــ تنوع طبع ـــ ادبی تنوع ـــ علمی تنوع
ـــ شعری تنوع ـــ طبعی تنوع

تنومند : ہٹا کٹا ۔ جسیم ۔ لحیم و شحیم ۔ فربہ ۔ تناور

تنومندی : ہٹا کٹا پن ۔ جسامت ۔ فربہی ۔ تناوری

تنویر : روشنی ۔ نور ۔ چمک ۔ درخشانی ۔ تابانی ۔ تابندگی ۔ درخشندگی ۔
رخشندگی

تنہا : ۱۔ اکیلا ۔ الگ ۔ واحد ۔ طاق ۔ علیحدہ ۔ فرد ۔ تن تنہا ۔ ٹنڈ و ٹنڈا ۔
جدا ۔ احد ۔ پھُٹ
۲۔ بے یار و مددگار ۔ بے کس
۳۔ یکتا ۔ یگانہ ۔ لاثانی ۔ لاجواب ۔ بے نظیر ۔ بے مثال
۴۔ مجرد ۔ غیر شادی شدہ ۔ غیر متاہل ۔ چھڑا

تنہائی : ۱۔ اکیلاپن ۔ علیحدگی
۲۔ بے یاری ۔ بے کسی
۳۔ یکتائی ۔ یگانگی ۔ بے مثالی ۔ بے عدیلی ۔ بے نظیری
۴۔ تجرد ۔ چھڑاپن
۵۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ مہجوری ۔ فراق
۶۔ عزلت ۔ گوشہ نشینی ۔ خلوت ۔ تخلیہ ۔ ایکانت

تو : ۱۔ تب ۔ پس ۔ حاصل کلام ۔ القصہ ۔ الغرض ۔ ماحاصل
۲۔ پھر ۔ اس وقت

تُو : تم ۔ شُما ۔ انتَ

تو تڑاق / تو تکار : جھگڑا۔ بدکلامی۔ دشنام طرازی۔ گالی گلوچ

تُو تُو مَیں مَیں : ۱۔ زبان درازی۔ بدکلامی۔ دشنام طرازی گالی گلوچ
۲۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ نزاع

| تو آن کا تو میں بان کا
| تو شوئی تو میں دھاگا
| تو مرزا تو میں خان کا
| تو بھی رانی میں بھی رانی کون بھرے / بھرے گی پنگھٹ پہ پانی
| تو تیلی کا بیل تجھے کیا سیرا لگا رہو گھاس / گھانی سے
| تو چاہے میری جانی کو، میں چاہوں تیری چارپائی کو
| تو چاہے میری جانی کو، میں چاہوں تیرے کھاٹ کے پائے کو
| تو چھوئی کر میں موئی / تو چھوئے اور میں موئی
| تو دیو رانی میں جیٹھانی، تیرے آگ نہ میرے پانی
| تو ڈال ڈال، تو میں پات پات
| تو کر نہ مو کو، دے چولہے میں جھونکو
| تو کر نہ بھاؤں تیرا بھیّا اور بلاؤں
| تو کہاں اور میں کہاں
| تو کھول میرا کنا (مقنعہ) میں گھر سنبھالوں اپنا
| تو کہے سچ ہے بڑھی تو کہے سو سچ
| تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کام / کیا غرض؟
| تو گور کھو دمیری میں گاڑ آؤں آوس تجھ کو
| تو مجھ کو میں تجھ کو
| تو میرا بالا کھلا، میں تیری کھچڑی کھاؤں
| تو میرا لڑکا کھلا میں تیری کھچڑی پکاؤں
| تو میرے بلّے کو چاہے میں تیرے بوڑھے کو چاہوں
| تو نے کہی میں نے مانی
| تو ہے اور میں ہوں

توا : تابہ۔ تاوہ۔ طابق۔ تنجے

| توا چڑھا اور رتی بڑھا
| توا چڑھا جامیں ہی، مسرانی، گھر میں ناج، اگن نہ باتی
| توا نقاری تو کا بے کی بھٹیاری
| تو کی تیری ہاتھ کی میری

توابع : تابعین۔ پیروان۔ ملازمان۔ ماتحتان

تواتُر : تسلسل۔ سلسلہ وار

تواجُد : وجد۔ جذبہ۔ سرمستی۔ بےخودی

توارث : میراث۔ وراثت۔ ورثہ۔ ترکہ

تواریخ : تاریخیں۔ واقعات۔ تذکرے۔ ہسٹری

توازُن : ہم وزنی۔ مناسبت۔ تناسب۔ برابری

تواضع : ۱۔ عاجزی۔ عجز۔ انکسار
۲۔ خاطر مدارت۔ آؤ بھگت۔ آدرمان۔ خاطر داری۔ مہمان داری
دعوت۔ ضیافت

توافق : ۱۔ موافقت۔ مطابقت۔ یک جائی۔ میل۔ اتفاق
۲۔ ہم مقداری۔ ہم وزنی

توالُد : پیدائش اولاد۔ نسل کشی

توالی : تواتر۔ تسلسل۔ پیوستگی

توام : جڑواں۔ جوڑا۔ جوڑا

تواں : طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔ شکتی۔ توانائی۔ سکت۔ قدرت

توانا : طاقت ور ـ قوی ـ بلوان ـ زور آور ـ شکتی مان ـ قادر ـ مضبوط

توانائی : طاقت ـ قوت ـ بل ـ زور ـ شکتی ـ قدرت ـ مضبوطی

توانگر / تونگر : ۱ـ مال دار ـ متمول ـ ثروت مند ـ امیر ـ مخمد ـ مایہ دار ـ دولت مند
۲ـ قوی ـ طاقت ور ـ مضبوط ـ توانا

توانگری / تونگری : ۱ـ مال داری ـ دولت مندی ـ ثروت مندی ـ تمول ـ
امیری ـ غنا
۲ـ توانائی ـ قدرت ـ زور آوری

توائی : ۱ـ تباہی ـ بربادی
۲ـ جلدی ـ عجلت ـ تعجیل

توبرہ / توبڑا : ۱ـ تھیلا ـ زنبیل ـ مخلاۃ ـ علیقہ ـ توبراسہ تقلد ـ لبید
۲ـ منہ ، دہان (حقارۃً)

توبہ : ۱ـ رجوع ـ بازگشت
۲ـ پچھتاوا ـ پشیمانی ـ ندامت ـ انفعال
۳ـ حسرت ـ افسوس ـ تاسف
۴ـ اصلاحِ احوال ـ اصلاحِ اطوار
۵ـ اظہارِ برأت ـ اظہارِ نفرت
۶ـ عہد ـ قول ـ قسم ـ اقرار ـ سوں ـ سوگند

توبہ تلّا : واویلا ـ فریاد ـ شور ـ فغاں ـ ہائے وائے
توبہ شکن : عہد شکن ـ وعدہ شکن ـ پیماں شکن
توبہ شکنی : عہد شکنی ـ وعدہ شکنی ـ پیماں شکنی

توبہ بھول جانا ـــ توبہ توڑنا ـــ توبہ ٹوٹنا ـــ
توبتہ النصوح ـــ توبہ کا قفل ہونا ـــ توبہ کا تختہ ـــ
نو توبہ

توبہ بڑی سپر ہے گناہ گار کے لیے
توبہ ربڑ ہے اور گناہ پنسل کی لکیر
توبہ کا دروازہ کھلا ہے

توبیخ : جھڑکی ـ ملامت ـ نکوہش ـ سرزنش ـ زجر

توپ : تفنگ ـ بدفع ـ گن ـ بادلیج ـ ضربک ـ کینن

توپ چھوٹنا ـــ توپ پر رکھنا ـــ توپ کی ـــ توپخانہ
ـــ توپ دم کرنا ـــ توپ دم ہونا ـــ توپ کے
منہ اڑنا ـــ توپ داغنا ـــ توپ پر لے جانا ـــ

توپچی : تفنگچی ـ گنر

توتا : ۱ـ طوطی ـ طوطا
۲ـ بچہ ـ طفل ـ بالا

توتا چشم : بے مروّت ـ بے لحاظ ـ بے وفا ـ ہرجائی
توتا چشمی : بے مروّتی ـ بے لحاظی ـ بے وفائی ـ ہرجائی پن

توتیا : ۱ـ سرمہ ـ سنگ سرمہ
۲ـ نیلا تھوتھا

توثیق : ۱ـ مضبوطی ـ پختگی ـ پکی ـ استحکام ـ وثوق
۲ـ تصدیق ـ تائید ـ یقین

توجُّہ : ۱ـ خیال ـ دھیان ـ میلان طبع ـ رجحان ـ التفات
۲ـ لحاظ ـ پاس ـ مہر

توجہِ باطن : دلی رجوع ـ دلی التفات

توجیہ : ۱۔ وجہ۔ دلیل۔ سبب۔ باعث
۲۔ حلیہ۔ خط و خال۔ قطع۔ چہرہ۔ خد و خال
۳۔ صورت

توجیہ نویس : حلیہ نویس۔ چہرہ نویس

توحُّش : وحشت۔ گھبراہٹ۔ نفرت

توحید : وحدت۔ وحدانیت۔ یکتائی۔ یگانگت۔ تفرید۔ ہمرلا۔ فرجندہ۔
یگانگی۔ لاشریک۔ تشبیہ سار۔ تشبیب سار

درسِ توحید ___ علمِ توحید ___ اعلانِ توحید ___
عقیدۂ توحید ___ نظارۂ توحید ___ جنونِ توحید
___ سکونِ توحید

تودہ : ۱۔ ڈھیر۔ انبار۔ ٹیلا۔ پشتہ۔ انم۔ ادنگ
۲۔ بہت۔ بکثرت۔ بافراط
۳۔ حد۔ نشان۔ سوانا

تودہ بندی : حد بندی۔ نشان بندی

تورُّع : پرہیزگاری۔ زہد۔ تقویٰ۔ اتقاء۔ ورع

تورہ : ۱۔ حکم شاہی۔ فرمانِ شاہی۔ دستور العمل
۲۔ چنگیز خانی قانون
۳۔ کھانا۔ نعمت۔ خوان
۴۔ ناز۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تبختر
۵۔ عزت۔ رتبہ۔ منزلت۔ جاہ

تورہ بندی : تقسیم طعام شادی
تورہ پوشش : خوان پوشش۔ سرپوش

تورہ چینی : شئی باعزت۔ ظاہردار۔ نمود پسند

توریت : کتاب موسیٰؑ۔ عہد نامۂ قدیم۔ عہد نامۂ عتیق

توریث : وراثت۔ میراث۔ ورثہ

توڑ : ۱۔ شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ
۲۔ سیلاب۔ بہاؤ
۳۔ جواب۔ رد۔ دفعیہ۔ جرح و قدح
۴۔ فیصلہ۔ چکوتا
۵۔ شور۔ غل۔ غوغا
۶۔ علاج۔ چارہ۔ تدارک۔ مارک۔ ہرزہ
۷۔ زور۔ قوت۔ بل۔ شکتی۔ قدرت
۸۔ خاتمہ۔ انجام۔ اخیر

توڑ جوڑ : ۱۔ تراش خراش۔ قطع و برید۔ کاٹ چھانٹ
۲۔ داؤں پیچ۔ داؤں گھات
۳۔ سازش۔ تدبیر۔ منصوبہ
۴۔ دانائی۔ حکمت
۵۔ مکاری۔ عیاری۔ چالاکی
۶۔ بندش الفاظ
۷۔ چال ڈھال

توڑ مروڑ / توڑا مروڑی : چھینا جھپٹی۔ اتھاپائی۔ چھیڑ چھاڑ۔ دت

جادو کا توڑ ___ مرض کا توڑ ___ پروپیگنڈے کا توڑ
___ بلوے کا توڑ ___ داؤ کا توڑ

توڑ ڈال دھاگا تو کس بھروسے کے ہمزاد کو
توڑنے آئے چارا اور کھیت کا اجارہ

توڑا : ۱۔ تیلی کی تھیلا کا...

۱۔ شتابہ۔ فتیلہ۔ بتی۔ پلیتہ۔ فلیتہ
۲۔ جریبا۔ تھیلی
۳۔ زنجیر
۴۔ نقصان۔ خسارہ۔ خسران۔ ٹوٹا

بندوق کا توڑا ___ توڑے کو آگ دکھانا ___ توڑا اٹھانا

توڑنا : ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا۔ پھوڑنا۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ شق کرنا۔ سالم کھوٹنا۔
بھنانا۔ خوردہ کرنا۔ بھان لینا۔ گھٹانا بڑھانا۔ جدا کرنا

منہ توڑنا ___ دانت توڑنا ___ روپیہ توڑنا ___
دیوار توڑنا ___ نوٹ توڑنا ___ زمین توڑنا ___
آم توڑنا

توڑی : بھُس۔ بھوسا۔ عصف

توزیع : ۱۔ پراگندگی۔ انتشار۔ تقسیم۔ بانٹ۔ بٹوارا
۲۔ فرد لگان۔ جمع بندی

توسُّط : ۱۔ میانہ روی۔ اعتدال
۲۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ وساطت

توسُّل : وسیلہ۔ ذریعہ۔ سفارش۔ شفاعت

توسن : اسپ۔ گھوڑا۔ فرس۔ مرکب۔ رخش

توسیع : ۱۔ وسعت۔ فراخی۔ کشادگی۔ پھیلاؤ
۲۔ افزونی۔ اضافہ۔ ترقی

توشک : بچھونا۔ گدا۔ گدیلا۔ بستر۔ نہالی۔ زیرانگن۔ رختخواب۔ حشیہ

توشک خانہ : پارچہ خانہ۔ لباس خانہ۔ دارالباس

توشہ : ۱۔ زادِراہ۔ زادِ سفر۔ تعریفی کھانا۔ تعریبی کھانا
۲۔ کھانے کا سجا ہوا خوان
۳۔ خوان پوش سے ڈھکا ہوا کھانا

توشۂ آخرت / عاقبت / عقبٰی : اعمالِ صالحہ۔ نیک کام

توصیف : تعریف۔ مدح۔ ستائش۔ ثنا

توضیح : تشریح۔ وضاحت۔ تبیین

توطُّن : وطنیت۔ قرار یافتگی۔ مسکن گزینی۔ وطن گیری

توطیہ : ۱۔ تمہید۔ آغاز۔ دیباچہ
۲۔ مدعا۔ مراد۔ مقصد
۳۔ الزام۔ اتہام۔ تہمت۔ بہتان

توغُّل : مشغولیت۔ عشق۔ دھن

توفیر : ۱۔ زیادتی۔ بہتات۔ افراط۔ وفور
۲۔ نفع۔ منفعت۔ بچت
۳۔ حق المحنت۔ حق السعی۔ مزد۔ صلہ

توفیق : ۱۔ مطابقت۔ موافقت۔ برابری
۲۔ ہدایت۔ رہنمائی
۳۔ مہربانی۔ عنایت۔ کرم
۴۔ ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت
۵۔ طاقت۔ استطاعت۔ لیاقت۔ استعداد
۶۔ معاونت۔ مدد۔ آسرا۔ وسیلہ۔ وساطت

توفیقِ خداوندی ـــ توفیقِ حج ـــ توفیقِ سفر ـــ توفیقِ وفا ـــ توفیقِ جنوں ـــ توفیقِ عشق ـــ توفیقِ غم

توقُّع : امید ۔ آسرا ۔ آشا ۔ بھروسا

توقُّف : وقفہ ۔ دیر ۔ ڈھیل

توقیت : تعیینِ وقت ۔ تعیینِ تاریخ

توقیر : تعظیم ۔ تکریم ۔ وقعت ۔ وقار ۔ عزت ۔ عظمت

توقیع : ۱۔ شاہی فرمان ۔ شاہی حکم
۲۔ شاہی مہر ۔ شاہی دستخط
۳۔ سند ۔ حکم نامہ

توکُّل : بھروسا ۔ اعتماد ۔ تکیہ ۔ سہارا ۔ آسرا

تول : ۱۔ وزن ۔ مقررہ وزن
۲۔ اندازہ ۔ تخمینہ ۔ جانچ ۔ آزمایش

ناپ تول ـــ بات کر تولنا

توَلّا : ۱۔ حکومت ۔ ولایت ۔ ذمہ داری
۲۔ محبت ۔ دوستی ۔ حب

تولُّد : پیدایش ۔ ولادت

تولوان، تلواں : وزنی ۔ بھاری ۔ مہنگا ۔ قیمتی

تولہ : بارہ ماشہ

تولہ ماشا : متلون مزاج ۔ غیر مستقل مزاج ۔ نازک مزاج ۔ بے سکون ۔ بے ثبات

تولہ بھر کی آرسی، تانی پوے فارسی
توسہ کے پیٹ میں گھر نگی

تولیا : رومال ۔ انگوچھا ۔ دست مال ۔ فوطہ ۔ تطیلہ ۔ منشفہ ۔ پھرنا ۔ آب چیں ۔ صافی ۔ تولیہ

تولیت : سربراہی ۔ حکومت ۔ ذمہ داری ۔ نگرانی ۔ ولایت

تولیت نامہ : سندِ تولیت ۔ دستاویزِ ولایت ۔ سندِ حکومت

تولید : پیدایش ۔ جنم

توند : پیٹ ۔ شکم

توندیل/توندیلا : بڑپیٹا ۔ دراز شکم

تونس : شدید پیاس ۔ عطشِ شدید ۔ ترشنا

توہُّم : وہم ۔ وسواس ۔ شک ۔ شبہ ۔ گمان

توہین : اہانت ۔ تحقیر ۔ تذلیل ۔ ہتک ۔ بے عزتی ۔ ذلت ۔ حقارت

تہ : ۱۔ تلا ۔ تلی ۔ تھاہ ۔ پیندا ۔ قعر ۔ نیچے ۔ تلے
۲۔ سانت ۔ انتہا ۔ پایاں
۳۔ پرت ۔ طبق
۴۔ نکتہ ۔ باریکی ۔ رمز
۵۔ تلچھٹ ۔ دُرد ۔ گاد
۶۔ بنیاد ۔ اساس ۔ نیو

۷۔ سطح فرش

۸۔ پتلا ورق

۹۔ طاق

تہ بند: تہمد۔ لنگی۔ دھوتی۔ لنگوٹ

تہ بندی: جز بندی۔ شیرازہ بندی

تہ بہ تہ: تہ در تہ۔ طبق در طبق۔ اوپر تلے

تہ پوشی: ستر پوشی۔ پاجامہ۔ انڈرویئر۔ اُستر

تہ پیچ: زیرِ پیچ۔ بطانہ

تہ جرعہ/جرعگی: تلچھٹ۔ دُرد۔ گاد

تہ خاک: زیرِ خاک۔ زیرِ زمین۔ مدفون۔ دفن

تہ خانہ: مکان زیرِ زمین۔ بھونرا۔ سردخانہ

تہ دار: ۱۔ پیچیدہ۔ دقیق۔ مشکل

۲۔ پہلو دار۔ کثیر المعنیٰ

۳۔ عمیق۔ گہرا

۴۔ معقول

۵۔ بنیاد دار۔ با اساس

تہ داری: ۱۔ پیچیدگی۔ دقت۔ اشکال

۲۔ پہلو داری۔ کثرتِ معنی

۳۔ عمیق۔ گہرائی

۴۔ معقولیت

۵۔ اساس۔ بنیاد۔ نفاذ

تہ درز: نیا۔ اچھوتا۔ غیر مستعمل۔ کورا

تہ دلی: دل جمعی۔ جمعیتِ خاطر۔ اطمینانِ قلب

تہ دوزی: گم سلائی

تہ دیگ/دیگا: کھرچن

تہ نامہ: اقرار نامہ۔ عہد نامہ

تہ نشین: ۱۔ دل نشین۔ ذہن نشین

۲۔ تلچھٹ۔ گاد۔ دُرد

تہ و بالا: ۱۔ زیر و زبر۔ الٹ پلٹ

۲۔ تباہ۔ برباد

تہ بازاری ـــــ تہ ماندہ

تہاں: واں۔ اُدھر۔ اُس طرف۔ آں رو۔ تب

تہائی: سہ یک۔ یک سوم۔ ثلث

تہتّر: ہفتاد و سہ۔ ثلاثہ و سبعون

تہتک: ہتک۔ اہانت۔ توہین۔ ذلت۔ بدنامی۔ بے عزتی

تہجّد: شب بیداری۔ شب زندہ داری۔ نمازِ آخرِ شب

تہجد گزار: شب بیدار۔ شب زندہ دار۔ عبادت گزار۔ قائم اللیل۔ تہجد خواں

تہدید: دھمکی۔ گھرکی۔ تنبیہ۔ سرزنش۔ ڈراوا

تہدیہ: ہدیہ۔ تحفہ۔ سوغات۔ نذرانہ

تہذیب: ۱۔ اصلاح۔ درستی۔ آراستگی۔ شاخ تراشی
۲۔ شائستگی۔ ثقافت۔ خوش اخلاقی۔ تمدن۔ آدمیت۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ اہلیت۔ لیاقت

تہذیب یافتہ: مہذب۔ شائستہ۔ تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ

تہذیبِ احوال ـــ تہذیبِ انفاس ـــ تہذیبِ نشست گاہ ـــ تہذیبِ ادب ـــ تہذیبِ اخلاق ـــ تہذیبِ لباس

تہرا: تگنا۔ سہ چند۔ سہ گونہ

تہس نہس: تباہ۔ برباد۔ خراب۔ غارت۔ اجاڑ۔ ویران

تہلکہ : ۱۔ کھلبلی۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ کہرام
۲۔ ہلاکت۔ موت۔ تباہی۔ بربادی۔ غارت۔ آفت

تہمت : ۱۔ اتہام۔ بہتان۔ الزام۔ بدنامی۔ رسوائی۔ افترا۔ کلنک۔ دوشن۔ طوفان
۲۔ شک۔ شبہ۔ بدگمانی۔ بدظنی۔ گمان بد

تہمت لگانا ـــ تہمت دھرنا ـــ تہمت تراشنا ـــ
تہمت جوڑنا ـــ تہمت رکھنا ـــ تہمت سرگنا ـــ
تہمت کا گھر ـــ تہمت کی ٹٹی ـــ تہمت سے کرمرنا
ـــ تہمتی

تہمتن : ۱۔ گرانڈیل۔ عظیم الجثہ۔ قوی ہیکل
۲۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع
۳۔ رستم۔ پہلوان

تہنیت : مبارک باد۔ تبریک۔ مبارکی۔ ودھائی۔ بدھاوا

تہنیت نامہ ـــ تہنیت خوانی

تہوار / تیوہار : روز مسرت۔ موقع مسرت۔ جشن۔ تقریب

تہوّر : ۱۔ بہادری۔ دلیری۔ جگرداری۔ جرأت مندی۔ شجاعت
۲۔ غلبۂ قوت غضبی۔ نڈرپن۔ بے خوفی

تہی : خالی۔ عاری۔ محروم

تہی دست : نادار۔ مفلس۔ قلاش۔ بے بضاعت۔ بے مایہ
تہی دستانِ قسمت : بے نصیب۔ بد قسمت۔ بدبخت۔ نربھاگی
تہی دستی : ناداری۔ مفلسی۔ افلاس۔ بے بضاعتی۔ بے مائگی
تہی دماغ / مغز : کوردماغ۔ احمق۔ بیوقوف۔ ابلہ۔ مورکھ۔ جاہل
تہی دماغی / مغزی : کوردماغی۔ حماقت۔ حمق۔ ابلہی۔ مورکھ پن۔ جہالت

تہیج : ۱۔ ہیجان۔ جوش۔ غلبۂ شہوت۔ برانگیختگی
۲۔ آندھی۔ طوفان باد۔ غبار

تہیّہ : ۱۔ پختہ ارادہ۔ عزم صمیم۔ عزم راسخ۔ عزم بالجزم
۲۔ سامان۔ انتظام
۳۔ آمادگی۔ مستعدی۔ تیاری

تھا : بود۔ کان۔ تہ۔ حد

تھاپ : ۱۔ تھپڑ۔ تمانچا۔ سیلی۔ لطمہ
۲۔ تھپکی۔
۳۔ آواز دہل۔ آواز طبل۔ طبلے کی آواز

تھاپا : ۱۔ نشان قدم۔ نقش قدم۔ نقش دست۔ نشان پنجہ
۲۔ نشان۔ مہر

تھاپنا : پاتھنا۔ تھوپنا۔ تھپنا۔ بنانا۔ ٹھپنا

تھال : طشت۔ طباق۔ خوان

تھالی : تشتری۔ رکابی۔ پلیٹ۔ صحنک۔ لانگری۔ لنگری۔ سکوری۔ طشتری

تھالی پر سے بھوکا نہیں اٹھا جاتا
تھالی پھوٹی تو پھوٹی جھنکار تو سنی
تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے / تھالی پھینکو تو سر پر ہی گرے
تھالی کا بینگن
تھالی گری جھنکار سب نے سنی

تھامنا : آسرا دینا۔ سنبھالنا۔ پشتی کرنا۔ مدد کرنا۔ حفاظت کرنا۔ بچانا

تھان : ۱۔ جگہ۔ مقام۔ استھان۔ طاقہ
۲۔ مکان۔ جائے سکونت۔ مسکن
۳۔ اصطبل۔ طویلہ
۴۔ اولاد۔ نسل۔ جنسی۔ ونش۔ نژاد

تھانگ : ۱۔ ٹھکانا۔ موقع
۲۔ کھوج۔ نشان۔ سراغ
۳۔ کمین گاہ۔ اڈّا
۴۔ سازش۔ سازباز۔ بھید

تھانہ : کوتوالی۔ پولیس چوکی۔ پولیس سٹیشن

تھانیدار : کوتوال۔ داروغہ۔ سب انسپکٹر پولیس
تھانیداری : منصب کوتوال۔ وردی

تھاہ : ۱۔ تہ۔ تلا۔ پیندا
۲۔ گہرائی۔ عمق۔ قعر
۳۔ پتا۔ ٹھکانا۔ حد
۴۔ انتہا۔ اخیر۔ پایان
۵۔ گھاٹ
۶۔ منشا۔ مرضی

تھپڑ : تمانچا۔ سیلی۔ لطمہ۔ لپڑ۔ تھاپی۔ رہپٹ۔ رہپٹا۔ دھول۔ چانٹا

تھپڑی : تالی۔ تھپکی

تھپک : ۱۔ تھاپ۔ تھپکی
۲۔ تمانچا۔ تھپڑ۔ سیلی۔ لطمہ۔ لپڑ

تھپکی : تھپک۔ ضرب دست۔ پشت پناہی۔ ہمت افزائی۔ ترغیب۔ شاباش

تھپیڑا : ۱۔ تھپڑ۔ تمانچا۔ سیلی۔ لطمہ
۲۔ لطمہ موج۔ جھونکا۔ پانی کا ریلا۔ لہر۔ ٹکر۔ موج دریا

تھرانا : لرزنا۔ کانپنا۔ تھرتھرانا۔ کپکپانا۔ لڑکھڑانا

تھراہٹ : کپکپاہٹ۔ لرزش۔ ارتعاش

تھرتھری : کپکپی۔ لرزہ۔ تھرتھراہٹ۔ تپ لرزہ

تھرمامیٹر : مقیاس الحرارت۔ حرارت پیما۔ میزان الحرارت

تھُڑ : تھوڑا۔ قلیل۔ خفیف

تھڑ جیا/دلا : کم دل۔ بزدل۔ پست ہمت۔ کم حوصلہ۔ ڈرپوک

تھَڑا : چبوترہ۔ اڈّا

تھُڑی : ۱۔ نفرین۔ لعنت۔ ملامت
۲۔ کمی۔ قلت۔ تنگی

تھُڑی تھُڑی : فضیحت۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ بے عزتی۔ ذلت۔ شرمندگی

تھَکّا : ۱۔ ڈلا۔ ڈھیلا
۲۔ ڈھیر۔ اٹالا۔ تودہ۔ ٹیلا

تھَکا : ماندہ۔ درماندہ۔ عاجز۔ سست۔ ہارا

تھکا ماندہ/ہارا : عاجز۔ درماندہ

تھکا اونٹ سرائے کو تکتا / دیکھتا ہے
تھکے بیل گرن بھی بھاری، اب کیا لادو گے بیوپاری

تُھڑّا فضیحتی : ۱۔ لعن طعن۔ لعنت۔ ملامت۔ گالی گلوچ۔ طعن و تشنیع
۲۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ ذلت
۳۔ جھگڑا۔ فساد۔ نزاع۔ لڑائی

تھکاوٹ : تھکن۔ تکان۔ ماندگی

تُھکّم تُھکّا : تھڑّا فضیحتی۔ باہم تکرار۔ منازعت۔ گالی گلوچ۔ لڑائی جھگڑا۔ لعنت ملامت۔ لعن طعن

تھکن : تھکاوٹ۔ تکان۔ ماندگی۔ کوفت۔ واماندگی۔ کلال لُغوب۔ تکسر۔ تکاسل۔ آلکس۔ کاہلی۔ کسل مندی

تھکیل : قابلِ لعنت۔ زن بدکار

تھکیل ماری : بے غیرت۔ فاحشہ۔ قحبہ

تھگلی : ۱۔ پیوند۔ جوڑ
۲۔ مکان۔ جھونپڑا۔ جھونپڑی۔ جُھگی

تھل : ۱۔ جگہ۔ مقام۔ استھان
۲۔ ریگستان۔ صحرا
۳۔ تودہ۔ ٹیلا

تھل بیڑا : ۱۔ لنگرگاہ۔ بندرگاہ
۲۔ مسکن۔ ٹھکانا۔ اڈا
۳۔ وجہِ معاش

تھلتھل / تھلتھلا : ۱۔ ڈھیلا۔ نرم۔ پلپلا۔ پچپس

۲۔ موٹا۔ جسیم۔ لرزاں۔ لیم شیم

تَھم : کھم۔ کھمبا۔ ستون۔ بیل پایہ۔ کلاد

تَھن : چوچی۔ دودھ۔ پستان

تُھو : تُف۔ لعنت۔ نفرین

تھوبڑا : ۱۔ توبرہ۔ توبڑا۔ تھیلا۔ زنبیل
۲۔ مُنہ۔ تھوتھنی

تھوپنا : ذمے ڈالنا۔ لگانا۔ لم لگانا

تھوتھ : ۱۔ کھوکھلاپن۔ جوف
۲۔ غار۔ گڑھا۔ قعر
۳۔ تھوتھنی۔ مُنہ

تھوتھا : ۱۔ خالی۔ کھوکھلا۔ جوف دار۔ مجوف۔ بے مغز
۲۔ کُند۔ بے نوک
۳۔ مہمل۔ لغو۔ بیکار

تھوتھا چنا باجے گھنا
تھوتھے پھٹکے اُڑ اُڑ جائیں

تھوتھنی : مُنہ۔ تھوتھ

تھوڑا : کم۔ قلیل۔ خفیف۔ ذرا سا۔ ادنیٰ۔ ٹک۔ مکتنی۔ کچھ۔ ٹُک۔ اندک۔ برخی۔ یسیر۔ اقل۔ تھولا۔ پونی

تھوڑا بہت : کم و بیش۔ کسی قدر
تھوڑا تھوڑا : ذرا ذرا۔ کم کم

تھوڑا آپ کو بہت غیر کو
تھوڑا تھوڑا ہی کر کے بہت ہو جاتا ہے
تھوڑا دینا بہت آرزو کرنا
تھوڑا کریں غازی میاں بہت کریں ڈفالی
تھوڑا کھانا بنارس میں رہنا
تھوڑا کھانا جوانی کی موت
تھوڑا کھانا سُکھی رہنا
تھوڑا کھانا عزت سے رہنا
تھوڑی آس مدار کی، بہت آس گلگلوں کی
تھوڑی سی بکھیا بڑی سی اپنیا
تھوڑی سی رہ گئی ہے
تھوڑے پانی میں ابھرے پھرتے ہیں
تھوڑے تیزاب سے بہ گلٹ اتر سکتا ہے
تھوڑے دھن میں کھل اترائے

تھوک : (بہ واو مجہول) ۱۔ ڈھیر۔ انبار۔ انالا۔ اٹم
۲۔ اکٹھا۔ یک مشت
۳۔ روکڑ۔ نقدی۔ جمع
۴۔ حصّہ۔ پتی
۵۔ حد۔ حدِ فاصل۔ مقامِ انصال
۶۔ مقدار۔ تعداد
۷۔ اندازہ۔ تخمینہ
۸۔ پٹا۔ سند
۹۔ حصۂ آبادی
۱۰۔ قبضہ۔ ملکیت۔ ملک
۱۱۔ تعلقہ۔ جاگیر
۱۲۔ کثرت۔ افراط۔ وفور۔ بہتات
۱۳۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت

تھوک بست : حد بست۔ حد بندی
تھوک دار : ۱۔ اجارہ دار۔ پٹے دار
۲۔ سردار۔ سرگروہ۔ سرغنہ
۳۔ بڑا سوداگر
تھوک فروش : بڑا سوداگر۔ ہول سیلر

تُھوک : (بہ واو معروف) ۱۔ لعابِ دہن۔ کف۔ رال۔ بزاق۔ ریق۔ خدو۔ بساق۔ تفل
۲۔ تف۔ تھُڑی۔ لعنت

تُھوک اُچھالنا — تُھوک بلونا — تُھوک کر چاٹنا —
تُھوک لگا کر رکھنا — تُھوک لگا کے چھوڑنا —
تُھوک مارنا — تُھوک میٹھا کرنا — تُھوک دینا

تُھوک تیرے جنم میں
تُھوک ڈاڑھی پھٹے مُنہ
تُھوک میں پکوڑے نہیں تلے جاتے
تُھوک میں ستو نہیں سَنتے

تھوم : اوگرہ۔ لہسن۔ ثوم۔ فُوم۔ گارلک

تھونی : کھم۔ تھم۔ ستون۔ ٹیک

تھوہر/تھوہڑ : زقوم۔ سیج۔ دھارا۔ کانٹے دار پیڑ۔ زقونیا

تھَئی : ڈھیر۔ انبار۔ تہ بہ تہ ڈھیر۔ گڈی

تھئی تھئی/تھیا تھیا : تال۔ تالی۔ تھاپ۔ ناچ نچانا

تھیلا : بورا۔ گون۔ جھولا۔ جھول۔ بیگ۔ زنبیل۔ کیسہ۔ بزرگ تھیلک

تھیلی : جھولا۔ کیسہ۔ توڑا۔ کوتھلی۔ گوتھی۔ جیب۔ صُرّہ۔ ہمیان۔ کیس۔ خریطہ

| تھیلی میں روپیہ تو مُنہ میں گڑ

تھیٹر : ناچ گھر۔ رقص گاہ۔ ناٹک گھر۔ تماشا گاہ۔ تیاتر۔ آپریشن کا کمرہ۔ ناٹک شالا۔ مَسرح

تمّی : کڑاہی۔ بَین

| تمّی کی تیری کھچڑی کی بیری

تیں : آپ کو۔ خود

تیّار : ۱۔ مستعد۔ آمادہ۔ موجود۔ مہیا۔ کمربستہ
۲۔ قابلِ استعمال۔ کارآمد۔ درست
۳۔ پکّا۔ پختہ
۴۔ مکمل۔ تکمیل شدہ۔ ختم۔ کامل۔ پورا۔ ٹھیک ٹھاک
۵۔ موٹا۔ فربہ
۶۔ جوان۔ زورآور
۷۔ آراستہ۔ ملبس

تیّاری : ۱۔ آمادگی۔ مستعدی
۲۔ موجودگی
۳۔ آراستگی۔ درستی
۴۔ موٹاپن۔ فربہی
۵۔ انتظام۔ انصرام
۶۔ دھوم دھام

تیاگ : ۱۔ ترک۔ دست کشی۔ دست برداری
۲۔ واگذاشت۔ درگزر
۳۔ فرار۔ ہجر
۴۔ طلاق

تیاگ پتر : ۱۔ استعفا
۲۔ طلاق نامہ

تیاگی : تارک۔ تارک الدنیا۔ سادھو۔ جوگی۔ راہب۔ دست کش۔ دست بردار

تینتالیس : چہل و سہ۔ ثلاث اربعون

تیتر : دُرّاج۔ تیہو۔ چیتر۔ میکھش۔ کرشن۔ کر۔ رکاپنجل

| تیتر تو اپنی آئی مرا، تو کیوں مرے بٹیر
| تیتر کے مُنہ لچھمی
| آدھا تیتر آدھا بٹیر

تیترا : تیسرا بچہ

| تیترا بیٹا راج رجائے، تیتری بیٹی بھیک منگائے

تینتیس : سی و سہ۔ ثلاثہ ثلاثون

تیج : (بہ واوِ مجہول) ۱۔ تیزی۔ کڑواہٹ۔ تلخی۔ چرپراہٹ
۲۔ جوش۔ سرگرمی
۳۔ کلیجا۔ گردہ۔ حوصلہ۔ ہمت
۴۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل
۵۔ گرم جوشی۔ اشتیاق۔ لگن
۶۔ غصہ۔ غیظ۔ غضب۔ خشم
۷۔ شان۔ شوکت۔ جلال۔ رعب۔ دبدبہ
۸۔ شعاعِ آفتاب۔ کرن۔ روشنی

تیج : (بہ واوِ معروف) تیسری تاریخ

تیجا : سوم۔ قُل۔ فاتحہ۔ پھول

تیر : (ہندی) ا۔ ساحل۔ کنارہ دریا۔ پاٹ
۲۔ پاس پڑوس۔ ہمسائگی
۳۔ نُکتہ۔ سری

تیر : (فارسی) ا۔ سہم۔ بان۔ خدنگ۔ ناوک۔ پیکان۔ نُشاب۔
۲۔ گز۔ ٹھڈا
۳۔ طعنہ۔ طعن و تشنیع
۴۔ عطارد۔ دبیر فلک۔ بُدھ

تیرافگن / انداز : ناوک انداز۔ ناوک افگن۔ تیرزن۔ خدنگ افگن۔ قدرانداز۔ کماں دار

تیرافگنی / اندازی : ناوک اندازی۔ ناوک افگنی۔ تیرزنی۔ خدنگ افگنی قدراندازی۔ کماں داری

تیر بہدف : بے خطا۔ زوداثر۔ پُرتاثیر۔ سریع التاثیر۔ کامیاب

تیر مارنا ــــ تیر چھوڑنا ــــ تیر کی طرح جانا ــــ تیر چلّے
میں چڑھانا ــــ تیر اُڑنا ــــ تیر باراں ــــ تیر بلا
ــــ تیر بھک جانا ــــ تیر بیٹھ جانا ــــ تیر پار ہونا ــــ
تیر میٹھ جانا ــــ تیر پھینکنا ــــ تیر ترازو ہونا ــــ
تیر تظلم ــــ تیر تفنگ ــــ تیر تکوں پر گزارہ ہونا ــــ

تیر ناز ــــ تیر دان ــــ تیر ڈوب کے رہ جانا ــــ
تیر سحر ــــ تیر سر کرنا ــــ تیر بہ پہلو ــــ تیر قضا ــــ
تیر کا خطا کرنا ــــ تیر کا دستہ ــــ تیر کش ــــ
تیر کمان سے نکلنا ــــ تیر کھانا ــــ تیر کی طرح سیدھا آنا
ــــ تیرگر ــــ تیر لگانا ــــ تیر لگنا ــــ تیر مارنا ــــ
تیر نتھنوں میں دینا ــــ تیروں سے چھلنا ــــ تیروں کا
مینہ برسانا ــــ تیر بہدف ــــ تیر ہوائی ــــ تیر ہو جانا

| تیر ترمتی استری چھوٹت بس نہ آئیں !
| جھوٹ جو مانیں یہ بچن وہ کرکھ نرک لائیں]
| تیر چوں تر شود کماں گردد
| تیر نہ کمان کا ہے کے پٹھان
| تیر نہ کمان میرے چچا خوب لڑے
| تیر نہ کمان میاں کا اللہ نگہبان

تیرا : تمہارا

| تیرا پانی میں بھروں میرا بھرے کہار
| تیرا دامن میرا ہاتھ
| تیرا ڈھکا رہے میرا بکے
| تیرا مال سو میرا، میرا مال سو ہیں ہیں
| تیرا ہاتھ اور میرا مُنہ
| تیرا ہوا جو میرا تھا، برائے خدا ٹک دیکھنے تو دے
| تیرے میرے صدقے میں اس کی جورو بیٹ سے
| تیرے نام کا کتا بھی نہیں پالتا
| تیرے ہی تلے تو گنگا بہتی ہے
| تیری بات گدھے کی لات
| تیری بات گڑ سے میٹھی
| تیری کرنی تیرے آگے میری کرنی میرے آگے
| تیری گود میں بیٹھوں، تیری ڈاڑھی نوچوں

تیراک : پیراک۔ شناور۔ شناگر۔ آب باز۔ سبّاح۔ آشنا باز۔ سبوح۔ غوطہ خور

تیراکی : پیراکی۔ شناوری۔ شناگری۔ آب بازی

تیرتھ : ا۔ گھاٹ۔ جائے غسل
۲۔ درشن۔ زیارت
۳۔ مقدس مقام۔ زیارت گاہ

تیرگی : ۱۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ دھندلکا ۔ دھندلاپن ۔ ظلمت
۲۔ کدورت ۔ گدلاپن
۳۔ سیاہی ۔ کلونس

تیرگیٔ بخت : شومیٔ بخت ۔ واژونیٔ بخت ۔ بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔ بدبختی

تیرہ : (بیائے معروف) ۱۔ تاریک ۔ اندھیر ۔ دھندلا
۲۔ مکدر ۔ گدلا
۳۔ سیاہ ۔ کالا ۔ اسود ۔ اندھیرا

تیرہ بخت / روز / روزگار : سیاہ بخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔
بدبخت ۔ بداختر ۔ بدطالع ۔ کم بخت
تیرہ بختی / روزی / روزگاری : سیاہ بختی ۔ بدبختی ۔ بدقسمتی ۔ بداختری ۔
بدطالعی ۔ کم بختی
تیرہ دروں / دل : سیاہ باطن ۔ سیاہ دل ۔ بدباطن ۔ بے ایمان ۔
ظالم ۔ شقی
تیرہ درونی / باطنی : سیاہ باطنی ۔ سیاہ دلی ۔ بدباطنی ۔ بے ایمانی ۔
ظلم ۔ شقاوت
تیرہ سر / مغز : بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ کورمغز ۔ مورکھ ۔ ابلہ
تیرہ سری / مغزی : بیوقوفی ۔ حماقت ۔ حمق ۔ نادانی ۔ کورمغزی ۔ مورکھ پن ۔
ابلہی

تیرہ خاکدان ـــــ تیرہ باطن ـــــ تیرہ خرد ـــــ
تیرہ رائے

تیرہ : (بیائے مجہول) سیزدہ ۔ ثلاث عشر

تیز : ۱۔ نوکدار ۔ دھاردار ۔ براں ۔ باڑھ دار ۔ برندہ ۔ آب دار ۔
پینا ۔ تیکھا
۲۔ تیغ ۔ کڑوا ۔ چرپرا
۳۔ جلد ۔ شتاب ۔ عاجل ۔ سریع
۴۔ ذہین ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ ذکی
۵۔ غصہ ور ۔ غضب ناک ۔ تُند
۶۔ شوخ ۔ شریر ۔ چنچل ۔ چلبلا ۔ نٹ کھٹ
۷۔ مضبوط ۔ قوی ۔ طاقت ور
۸۔ سبک رفتار ۔ سریع السیر
۹۔ شدید ۔ سخت ۔ درشت ۔ تُند
۱۰۔ غالب ۔ فائق
۱۱۔ گراں ۔ مہنگا
۱۲۔ سرگرم ۔ مستعد
۱۳۔ گرم ۔ تتا ۔ مرور
۱۴۔ دوربیں ۔ باریک بیں
۱۵۔ غائر ۔ عمیق ۔ گہرا
۱۶۔ بڑھا چڑھا
۱۷۔ عیار ۔ کائیاں ۔ گھاگ
۱۸۔ پھرتیلا ۔ پھرتی باز ۔ تُرتُریا

تیزبال / پرواز : گرم پرواز ۔ سبک پرواز
تیزبالی / پروازی : گرم پروازی ۔ سبک پروازی
تیزدست : چابک دست ۔ تردست ۔ پھرتیلا ۔ چالاک
تیزدستی : چابک دستی ۔ تردستی ۔ پھرتیلاپن ۔ چالاکی
تیزدم : پرجوش ۔ سرگرم
تیزدنداں : حریص ۔ طامع ۔ طماع ۔ لالچی ۔ لوبھی
تیزرفتار / رو : سبک رفتار ۔ سبک رو ۔ سریع السیر
تیزرفتاری / روی : سبک رفتاری ۔ سبک روی ۔ سرعت رفتار
تیززبان : ۱۔ زودگو ۔ لسّان
۲۔ مُنہ پھٹ ۔ بیباک ۔ گستاخ ۔ شوخ
تیززبانی : ۱۔ زودگوئی ۔ لسانی
۲۔ بیباکی ۔ گستاخی ۔ شوخی
تیزطبع : ذہین ۔ ذکی ۔ ہوشیار
تیزطبعی : ذہانت ۔ ذکاوت ۔ ہوشیاری
تیزفہم : زودفہم ۔ ذہین ۔ ذکی

تیز فہمی : زود فہمی ۔ ذہانت ۔ ذکاوت
تیز قدم / گام : سبک قدم ۔ سبک گام ۔ تیز رو ۔ تیز رفتار ۔
سبک رفتار ۔ سبک رو
تیز قدمی / گامی : سبک قدمی ۔ سبک گامی ۔ تیز روی ۔ تیز رفتاری ۔
سبک رفتاری ۔ سبک روی

تیز قلم : زود نویس
تیز قلمی : زود نویسی

تیز مزاج : تند مزاج ۔ غصیل ۔ گرم مزاج ۔ غصہ ور
تیز مزاجی : تند مزاجی ۔ غصیلا پن ۔ گرم مزاجی
تیز نظر / نگاہ : دور بیں ۔ باریک بیں ۔ دقیق النظر ۔ غائر ۔ چالاک
تیز نظری / نگاہی : دور بینی ۔ باریک بینی ۔ دقت نظر ۔ چالاکی
تیز ہوش : ذکی ۔ فہیم ۔ ذہین ۔ لائق ۔ عقل مند

تیزاب : ترشہ ۔ گوضہ

تیزی : ۱۔ نوکیلا پن ۔ برش ۔ آبداری
۲۔ تلخی ۔ کڑواہٹ ۔ چرپراہٹ
۳۔ جلدی ۔ شتابی ۔ عجلت ۔ سرعت
۴۔ ذہانت ۔ ہوشیاری ۔ ذکاوت ۔ چالاکی
۵۔ شوخی ۔ شرارت ۔ چنچل پن ۔ چلبلا پن
۶۔ مضبوطی ۔ قوت ۔ طاقت
۷۔ سبک رفتاری ۔ سرعت رفتاری
۸۔ شدت ۔ سختی ۔ درشتی
۹۔ غلبہ ۔ فوقیت
۱۰۔ گرانی ۔ مہنگائی
۱۱۔ گرمی ۔ حدت ۔ حرارت
۱۲۔ دور بینی ۔ باریک بینی
۱۳۔ عمق ۔ گہرائی ۔ تعمق
۱۴۔ چالاکی ۔ گھاگ پن ۔ کائیاں پن
۱۵۔ چھریلا پن

تیس : سی ۔ ثلاثون

تیس مار خاں (طنزاً) بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ جری

تیسرا : ۱۔ سوم ۔ ثالث
۲۔ بچولیا ۔ ثالث ۔ درمیانی ۔ فیصل

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا
تیسرا مجھ کو مارے گا
تیسرے دن مردہ بھی حلال ہے

تیشہ : بسولا ۔ کلہاڑا ۔ تبر ۔ کلہاڑی

تیشہ زن : سنگ تراش
تیشہ زنی : سنگ تراشی

تیغ : شمشیر ۔ سیف ۔ تلوار ۔ سروہی ۔ کھانڈا ۔ کھڑک

تیغ آزما : شمشیر زن ۔ تیغ زن ۔ تلوریا
تیغ آزمائی : شمشیر زنی ۔ تیغ زنی ۔ شمشیر آزمائی
تیغ بردار : شمشیر بردار ۔ شمشیر بکف ۔ محافظ
تیغ بکف : تیغ بردار ۔ آمادۂ جنگ ۔ آمادۂ قتل
تیغ زن : تیغ آزما ۔ شمشیر زن ۔ تلوریا
تیغ زنی : تیغ آزمائی ۔ شمشیر زنی ۔ شمشیر آزمائی
تیغ فلک : جلاد فلک ۔ بہرام ۔ مریخ ۔ منگل

تیغ بازی ــ تیغ بے پناہ ــ تیغ جہازی ــ
تیغ دو دستی ــ تیغ دو دم ــ تیغ ساز ــ
تیغ سحر ــ تیغ ستم ــ تیغ کوہ ــ تیغ مژگاں ــ
تیغ ہندی ــ تیغ نطق ــ تیغ و کفن باندھ کے جانا ــ
تیغ ہلال ــ تیغوں سے چنگاریاں اڑنا

تیغ کج ۔ نیام کج بائشد

تیغہ : شمشیرِ خُرد ۔ خنجر ۔ کٹار ۔ چھری

تیقُّن : یقین ۔ اعتبار ۔ بھروسا

تیکھا : ۱۔ تیز ۔ نوکیلا ۔ بُرّاں
۲۔ موثر ۔ پُرتاثیر ۔ دل نشین
۳۔ چرپرا ۔ کڑوا ۔ تلخ
۴۔ تندخو ۔ غصہ ور ۔ غصیلا ۔ غضب ناک ۔ زود رنج ۔ تیز مزاج ۔ تنک مزاج ۔ غصیل
۵۔ جنگ جو ۔ لڑاکا
۶۔ عمدہ ۔ اچھا ۔ خوب
۷۔ طرح دار ۔ بانکا ۔ سجیلا
۸۔ شوخ ۔ طرار ۔ چنچل
۹۔ خوب صورت ۔ حسین ۔ جمیل
۱۰۔ تیز فہم ۔ ذہین ۔ ہوشیار ۔ ذکی
۱۱۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ منور ۔ تابندہ ۔ درخشندہ

تیکھا پن : ۱۔ تیزی ۔ نوکیلا پن ۔ آبداری ۔ بُرِش ۔ کاٹ
۲۔ اثر ۔ تاثیر
۳۔ چرپراہٹ ۔ کڑواہٹ ۔ تلخی
۴۔ تندخوی ۔ تُندی ۔ غضب ناک ۔ زود رنجی
۵۔ جنگ جوئی ۔ لڑاکا پن
۶۔ خوبی ۔ اچھائی ۔ عمدگی
۷۔ طرح داری ۔ بانکپن ۔ سجیلا پن
۸۔ طراری ۔ شوخی ۔ چنچل پن
۹۔ خوب صورتی ۔ حسن ۔ جمال
۱۰۔ تیز فہمی ۔ ذہانت ۔ ہوشیاری ۔ چالاکی
۱۱۔ چمک ۔ دمک ۔ تابندگی ۔ درخشندگی

تیل : روغن ۔ دُہن ۔ چکنائی ۔ زیت ۔ سلیط ۔ بایع ۔ آئل

تیل پان کرنا ــــ تیل پڑنا ــــ تیل پلینا ــــ تیل پانی کا گلاس ــــ تیل پھل ــــ تیل جل چکا ــــ تیل چڑھانا ــــ تیل چڑھنا ــــ تیل چلاؤ آنا ــــ تیل لگانا ــــ تیل ماش اُتارنا ــــ تیل کی بوند ــــ تیل چیڑنا ــــ تیل ملنا ــــ تیل میں ہاتھ ڈالنا ــــ تیل نکالنا ــــ تیل ہو کے بہہ جانا

تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے
تیل تلی نہ اور بہلی
تیل تیلی کا بھگت بھیاجی کی ، تماشبین کا کیا گیا
تیل جلے گھی بگھی جلے تیل
تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو
تیل کی جلیبی مُوا دور سے دکھائے
تیل نہ مٹھائی ، چولہے دھری کڑھائی

تیلڑی : روغن دان

تیلی : ۱۔ روغن فروش
۲۔ مَیلا ۔ غلیظ ۔ گندہ

تیلی کا بیل ــــ تیلی تنبولی ــــ تیلی راجا ــــ تیلی کا کولھو

تیلی جو ڑے پلی پلی اور رام لنڈھائے کُپّا
تیلی خصم کیا اور پھر بھی روکھا کھایا
تیلی کا بیل کیا جانے جنگل کی سار
تیلی کا بیل مرے کمہاری ستی ہو
تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل جلے
تیلی کا تیل گرا ہنیا ہوا ، بنیئے کا نون گرا دونا ہوا
تیلی کا کام تنبولی کرے چولہے میں آگ لگے

تیل کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس
تیل کے میوں مریں اوپر سے ٹوٹے لٹھ
تیل کے چور دھوکر کیا پانی میں نہاوے

تیلی : (ی یائے معروف) سلائی۔ سیخ۔ سلاخ۔ تار

تیلیا : ۱۔ سیاہی مائل
۲۔ روغنی

تیلیا پانی — تیلیا تُرنگ — تیلیا سُہاگہ —
تیلیا کتھا — تیلیا کیت — تیلیاں سان —
تیلیا مونگیا

تیمار : غم خواری۔ خدمت۔ علاج معالجہ

تیماردار: خدمت گارِ مریض۔ غم خوار۔ چارہ گر
تیمارداری: غم خواری۔ چارہ گری۔ چارہ سازی۔ خدمتِ مریض۔
علاج معالجہ

تیمُّم : طہارت۔ پاکیزگی۔ خشک وضو۔ خاکی وضو

تیمُّن : برکت۔ سعادت۔ کامیابی

تین : سہ۔ ثلاث۔ ترے۔ درے۔ دھلایئے

تین بلائے تیرہ آئے، دے دال میں پانی
تین بُلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت
باہر والے کھا گئے گھر کے گاویں گیت
تین پاؤ بھیتر، نو دیوتا اور پتیر
تین پیڑ بکائن کے میاں باغباں
تین پیڑ بکائن کے اور میاں چلے باغ میں

تین تیرہ بارہ باٹ
تین ٹانگ کی گھوڑی نومن کی لادلی
تین چپاتی نوبراتی کھاؤ جورم چور
تین دن قبر/گور میں بھی بھاری ہوتے ہیں
تین دیئے اور تیرہ پائے، کیسے لوبھ بیاج کا جائے
تین کا ٹٹو تیرہ کا زین
تین گناہ خدا بھی بخشتا ہے
تین میں نہ تیرہ میں
تین نہ تیرہ سُتلی کی گرہ

تین پانچ کرنا — تین پانچ آٹھ بتانا — تین تفرقہ بارہ
بانٹ — تین تیرہ آٹھ اٹھارہ کرنا — تین حرف بھیجنا

تیور : ۱۔ بینائی۔ بصارت۔ نظر۔ نگاہ
۲۔ چتون۔ شکنِ پیشانی
۳۔ اندازِ نگاہ۔ اندازِ نظر

تیوری : چینِ پیشانی۔ شکنِ پیشانی۔ چتون

تیون : سالن۔ ترکاری۔ چٹنی۔ اچار

تیون بن نہ روٹی سو ہے، گرند ہے بن نہ چولی سو ہے

تیہا : ۱۔ تیزی۔ حرارت۔ جوش۔ گرمی
۲۔ غصہ۔ غضب۔ غیظ۔ خشم
۳۔ نخرہ

تیہو : تیتر۔ لوا۔ بٹیر

تیّس : بست وسہ۔ ثلاث عشرون

ٹ

ٹاپ : سُم ۔ سنب ۔ حافر

ٹاٹ : ۱۔ چٹائی ۔ کرپاس ۔ پلاس ۔ بوریا
۲۔ گدی ۔ مسند ۔ قالین ۔ نمالیچہ

ٹاٹ کا لنگوٹا / لنگوٹی ۔ نواب سے یاری
ٹاٹ کی انگیا مونج کی تنی
ٹاٹ میں مونج کا بخیہ

ٹال : ۱۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۔ انٹم ۔ اٹالا
۲۔ گھنٹہ ۔ گھنٹی
۳۔ بہانہ ۔ لیت و لعل ۔ آرے بلے ۔ حیلہ حوالہ

ٹال بجا کے مانگے بھیک، اس کا جوگ رہا کب ٹھیک

ٹانٹ : چندیا ۔ کھوپڑی ۔ سر ۔ ٹنڈی

ٹانٹھا / ٹاٹھا : ۱۔ مضبوط ۔ طاقت ور ۔ قوی ۔ توانا ۔ تگڑا
۲۔ موٹا ۔ فربہ ۔ بسیم شحیم
۳۔ پکا ۔ پختہ ۔ ٹھوس
۴۔ سخت ۔ کرخت ۔ کڑا

ٹانچ : ۱۔ بدمزاج ۔ کج طبع ۔ اکھڑ ۔ تنک مزاج
۲۔ جھگڑا ۔ تکرار ۔ نزاع ۔ مقابلہ

۳۔ اکڑ ۔ اینٹھ ۔ تکبر ۔ غرور ۔ گھمنڈ

ٹانڈ : مچان ۔ چبوترہ ۔ پاڑ ۔ پلیٹ فارم

ٹانکا : ۱۔ سیون ۔ سلائی ۔ بخیہ ۔ درخت ۔ منقر بلطس ۔ تروپا
۲۔ جوڑ ۔ پیوند

ٹانگ : لات ۔ ٹنگڑی ۔ ننگ ۔ رِجل ۔ بنگڑی ۔ پخچ

ٹانگ مارنا ــ ٹانگ اڑانا ــ ٹانگیں پسارنا
ــ ٹانگ اٹھا کر مُوتنا ــ ٹانگ اڑانا ــ
ٹانگ برابر ــ ٹانگ پھنسنا ــ ٹانگ تلے
سے نکلنا ــ ٹانگ تلے سے نکل جانا ــ
ٹانگ توڑ کے بیٹھنا ــ ٹانگ توڑنا ــ
ٹانگ دبنا ــ ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا
ــ ٹانگ لگانا ــ ٹانگ لینا ــ ٹانگوں
میں منہ ڈال کے چولہے کے آگے نام لینا ــ
ٹانگیں پسار کے سونا ــ ٹانگیں توڑنا ــ
ٹانگیں رہ جانا ــ

ٹانگنا : لٹکانا ۔ آویزاں کرنا ۔ تعلیق

ٹائپ : ۱۔ چھاپ ۔ ٹھپا ۔ حرف
۲۔ وضع ۔ انداز ۔ ڈھب

ٹائٹل : ۱۔ سرورق ۔ سرنامہ
جلوریز : سبک عناں۔ سبک خرام۔ تیز وطرار

جَلوت : بزم۔ انجمن۔ مجمع۔ ہجوم۔ بھیڑ

جلوس : ۱۔ مجمع۔ ہجوم۔ اژدحام۔ جمگھٹ۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ بھیڑ بھڑکا
۲۔ شاہی سواری۔ شاہانہ حشم وخدم
۳۔ کروفر۔ تزک واحتشام۔ تجمل۔ شان وشوکت

جلوہ : ۱۔ دیدار۔ زیارت۔ نظارہ۔ درشن
۲۔ نمائش۔ نمود۔ خودنمائی
۳۔ تجلی۔ نور۔ رونق۔ حسن۔ جمال۔ خوبی

جلوۂ نور پاش — جلوۂ مستانہ — جلوۂ ہوش ربا —
جلوۂ لطیف — جلوۂ گل آشوب — جلوۂ رم آہو —
جلوۂ آہوئے ختن — جلوۂ پنہاں — جلوۂ بلند —
جلوۂ مستانہ — جلوۂ نظارہ فریب — جلوۂ سرفراز
— جلوۂ خانہ پرداز

جَلی : واضح۔ روشن۔ ظاہر۔ آشکار۔ نمایاں۔ صاف

جلیس : ہم نشیں۔ مصاحب۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم بزم۔ دوست

جلیل : بڑا۔ بزرگ۔ اعلیٰ۔ افضل۔ پُرجلال۔ پُرعظمت۔ پُرشکوہ

جلیل القدر : ذی شان۔ ذی عزت۔ عزیز۔ صاحبِ عظمت۔ عالی مرتبہ۔
عالی قدر۔ صاحبِ جاہ وجلال۔ صاحبِ جاہ وحشم

جم : (فارسی) ۱۔ جمشید
۲۔ منزّہ۔ پاکیزہ۔ بے عیب۔ بے نقص

جم جاہ : بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔ بلند پایہ۔ رفیع المرتبت۔ رفیع المنزلت

جم : (ہندی) ملک الموت۔ فرشتۂ اجل۔ فرشتۂ قضا

جمّ : جماعت۔ گروہ۔ مجمع۔ انبوہ۔ اژدحام۔ ہجوم

جمِّ غفیر : انبوہِ کثیر۔ انبوہِ عظیم۔ بھیڑ بھاڑ

جماد : منجمد۔ بے حس وحرکت۔ غیر متحرک۔ ساکن۔ اچل۔ اٹل۔ پتھر

جماع : صحبت۔ مباشرت۔ مجامعت۔ ہم بستری۔ بھوگ۔ جنسی ملاپ۔
جفت ہونا۔ جفتی کھانا۔ گائیش۔ نیوتش۔ بشے۔ محبت داری

جماعت : ۱۔ گروہ۔ جتھا۔ حزب۔ ٹولی۔ منڈلی۔ پارٹی۔ طائفہ۔ جھنڈ۔ ال۔ چوکڑی۔
ٹکڑی۔ غول۔ گروپ۔ ٹیم
۲۔ سبھا۔ مجلس۔ محفل۔ بزم۔ حلقہ۔ جرگہ۔ انجمن۔
۳۔ صفِ نماز
۴۔ سلسلہ۔ زمرہ۔ بیڑا۔ فرقہ۔ فریق۔ دائرہ
۵۔ ہجوم۔ انبوہ۔ جمگھٹ۔ اژدحام۔ مجمع

جماعت سے کرامت ہے

جمال : ۱۔ حسن۔ خوبی۔ خوب صورتی۔ رُوپ۔ جوبن۔ جلوہ
۲۔ رضا۔ رحمت

جمالِ جاں فزا — جمالِ دلستاں — جمالِ بے بدل —
جمالِ جہاں آرا — شمعِ جمال — جمالِ برہمن — جمالِ سکوں
سوز — جمالِ جاں گداز — جمالِ دیوانہ گر — جمالِ بہشت
بخش — جمالِ خدانما

جمالیات : اصولِ حسن۔ لوازمِ جمال۔ حسن شناسی۔ فنونِ لطیفہ

جمانا : چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ چپکانا۔ پیوستہ کرنا

جماہی : فاژہ۔ تثاؤب۔ خمیازہ۔ اباسی۔ جمائی۔ جھائی۔ تثاب۔ تثاؤب۔
تثوبا۔ فاجہ

جماؤ : استقام۔ ٹھہراؤ۔ سکون۔ قرار
۲۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ مجمع۔ اجتماع۔ اژدحام
۳۔ پختگی۔ پکّپن۔ پکاپن

جمائی : داماد

جمع : ۱۔ کُل۔ تمام۔ سب۔ سارا۔ اکٹھا۔ جُملہ۔ ہمہ۔ فراہم۔ مجموع
۲۔ میزان۔ جوڑ
۳۔ گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ مجمع
۴۔ سرمایہ۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت۔ دھن۔ دولت۔ مال
۵۔ لاگت۔ صرفہ۔ خرچ
۶۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ
۷۔ ذخیرہ۔ خزانہ۔ خزینہ۔ کنز
۸۔ کثیر۔ متعدد۔ زائد از یک

جمع دار / جمعدار : ۱۔ سرگروہ۔ امیرِ جماعت۔ سالار۔ سردار
۲۔ سقّہ۔ بہشتی۔ ماشکی
۳۔ بھنگی۔ مہتر۔ خاکروب

جمع دارنی / جمعدارنی : بھنگن۔ مہترانی

جمع کے ڈبے آنکھیں کھوو
جمع گئے سرکار کی اور مرنا کھیلیں پھاگ

جمعرات : پنج شنبہ۔ یوم الخمیس۔ براہسپت وار۔ ویروار۔ خمیس۔ بنیار

جُمعہ : یومِ آدینہ۔ شکروار۔ یوم الراحت۔ عروبہ

جمعہ پیر اسی دروازے کے فقیر
جمعہ جمعہ آٹھ دن
جمعہ جمعہ آٹھ دن کی پیدائش
جمعہ چھوڑ سنیچر ناوے، اس کا سنیچر کبھی نہ جاوے
جمعہ کو نکاح ہفتہ کو طلاق

جمعیت : ۱۔ مجمع۔ اجتماع۔ گروہ۔ جمگھٹ۔ انبوہ
۲۔ فوج۔ لشکر۔ سپاہ
۳۔ اطمینان۔ تسکین

جمعیتِ خاطر : دل جمعی۔ تسکینِ خاطر۔ تسلی۔ تشفی

جمگھٹ / جمگھٹا : بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ اژدحام۔ جماؤ۔ مجمع

جُمگی : پوراپن۔ کلیت۔ تمامیت۔ عمومیت

جُملہ : ۱۔ تمام۔ سب۔ کل۔ سارا
۲۔ میزان۔ جوڑ
۳۔ فقرہ

جمود: انجماد۔ بے حسی۔ بے حرکتی۔ تعطل۔ ٹھہراؤ

جمہور: لوگ۔ عوام۔ جماعت۔ قوم۔ آبادی۔ پبلک

جمہوری: منسوب بہ جمہور۔ متعلق بہ عوام۔ غیر آمرانہ

جمہوریت: عوامی طرزِ حکومت۔ عوامی نمائندگی۔ غیر آمریت

جمہوریہ: عوامی حکومت

جمیع: کُل۔ تمام۔ سب

جمیل: حسین۔ خوبصورت۔ خوش منظر۔ خوش شکل۔ سُندر

جن: ۱۔ پوشیدہ مخلوق۔ ناری مخلوق۔ جِنی۔ جان
۲۔ بھوت۔ پریت۔ دیو۔ عفریت

جن اتارنا ___ جن اُترنا ___ جن چڑھنا ___ جن جھاڑنا ___
جن شیشے میں اتارنا ___ جن کا سایہ ___ جنی خط ___ جنیہ

جِن: جو۔ جس۔ جونسا۔ تِس۔ جُون۔ جیسے

جن جاتی انہیں لجاتی
جن ڈھونڈا اُن پایا
جن کا بیڑا آن کا کھیڑا
جن کو چاڑ / لاڈ گھیرے، اُن کو دکھ بتیرے
جن کی بولی میں دانا، اُن کے دل میں کیا دانا ہو کو
جن کے بھاگ ان کے سہاگ
جن کی بیاں بیاہ، اُن کی بیٹاں بھی چاہ
جن گیہوں میں ڈھول بکھیرے، ان میں ڈھول کیا بکھیروں
جن موہن آئی ان موہن گئی

جَنا: زائیدہ۔ پیدا شدہ۔ آدمی۔ فرد۔ شخص۔ متنفس

جناب: ۱۔ حضرت۔ قبلہ۔ حضور۔ صاحب۔ خداوند۔ خود بدولت۔ عالیجا۔
بندہ پرور۔ سَر
۲۔ درگاہ۔ چوکھٹ۔ آستانہ

جنابِ عالی ___ جنابِ اقدس ___ جنابِ کا کرم ___
جناب کی دعا ___ عرش جناب ___ کیواں جناب ___
ملائک جناب

جنابت: نجاست۔ پلیدی۔ آلودگی۔ ناپاکی۔ حالتِ حیض

جنازہ: ۱۔ لاش۔ نعش۔ لاشہ۔ میت
۲۔ تابوت۔ ارتھی

جنازہ اٹھانا ___ جنازہ نکالنا ___ جنازہ الٹنا ___
جنازہ رکھنا

جنائی: دائی۔ دایہ۔ قابلہ

جَنب: پہلو۔ طرف۔ پسلی

جُنُب: بے غسل۔ غیر مغسول۔ ناپاک۔ پلید۔ آلودہ

جنباں: متحرک۔ لرزاں۔ مرتعش

جُنبش: ہلچل۔ کھلبلی۔ زلزلہ۔ ٹھکہ۔ تزلزل۔ گردش۔ لرزش۔ حرکت۔
چال۔ رفتار۔ گردش۔ ہلنا جلنا۔ تحرک۔ تحریک۔ تھرتھراہٹ۔
ارتعاش۔ ارتجاف۔ ارتجاج۔ ارتعاد۔ کپکپاہٹ

جنبش دینا ___ جنبش نہ ہونا ___ جنبش نہ کھانا ___ جنبش کرنا

جَنبہ: ۱۔ حمایت۔ مدد۔ سہارا۔ پناہ
۲۔ طرف۔ پہلو۔ جانب

جنبہ وار: طرف دار۔ جانب دار۔ حامی۔ ساتھی۔ مددگار
جنبہ داری: طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ مددگاری

جَنبیت: طرف داری۔ جانب داری۔ حمایت۔ مدد

جنّت: ۱۔ باغ۔ چمن
۲۔ بہشت۔ فردوس۔ خُلد۔ مینو۔ سُرگ۔ سُورگ۔ بیکنٹھ۔ باغِ رضواں۔ باغِ ارم۔ باغِ عدن۔ عدن۔ ارم۔ جناں۔ باغِ بہ ریع۔ باغِ گلشن۔ گلزار۔ جنیون

جنّت الحمقا: خیالی جنّت۔ خیالی خوشی۔ خام خیالی

جنّت الفردوس ــــ جنّتِ شدّاد ــــ جنّت نصیب

جنتا: ۱۔ گروہ۔ جمع۔ جتھا۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ اژدحام
۲۔ عوام۔ جمہور۔ پبلک۔ عامۃ الناس

جنتر: ۱۔ آلہ۔ اوزار
۲۔ آلۂ جرِ ثقیل
۳۔ ٹوٹکا۔ منتر۔ افسوں۔ تعویذ۔ گنڈا
۴۔ دھوپ گھڑی
۵۔ رصدگاہ۔ آکاس لوچن
۶۔ شعبدہ۔ سیمیا۔ نیرنگ

جنتر منتر: ۱۔ شعبدہ بازی۔ سیمیاگری۔ نیرنگ سازی
۲۔ دھوکا۔ فریب۔ مکر

جنتری: ۱۔ تقویم۔ پترا۔ زیچ

۲۔ شعبدہ باز۔ سیمیاگر۔ نیرنگ ساز۔ مداری۔ جادوگر
۳۔ فریبی۔ مکار۔ عیار

جنّتی: بہشتی۔ فردوس نشیں۔ سُرگ باشی۔ بیکنٹھ باشی۔ نیک

جنجال: مصیبت۔ آفت۔ بلا۔ مشکل۔ تکلیف۔ بکھیڑا۔ پریشانی۔ الجھن۔ وبال۔ عذاب۔ حیرانی

جنجالی: جھگڑالو۔ فسادی۔ شریر۔ بکھیڑیا

جُند: فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ سینا۔ دستہ۔ عسکر۔ دَل

جنرل: ۱۔ جرنیل۔ سالارِ اعظم۔ سردارِ فوج۔ قائدِ لشکر
۲۔ بڑا۔ اعلیٰ
۳۔ عام

جنس: ۱۔ قسم۔ نوع۔ صنف۔ فرع
۲۔ چیز۔ شے۔ مال۔ سودا۔ مالِ سوداگری
۳۔ اناج۔ غلّہ۔ پیداوار
۴۔ تذکیر و تانیث

جنس وار: قسم وار۔ صنف وار۔ تفصیل وار

جِنسی: منسوب بہ جنس۔ شہوانی۔ صنفی

جنسیات: علم تعلقاتِ مرد و زن۔ تشریحِ صنف

جنسیت: یکسانی۔ صنفیت
۲۔ صنفی جذبہ۔ جنسی میلان۔ جنسی رجحان

جنگ: ۱۔ لڑائی۔ معرکہ۔ رزم۔ حرب۔ محاربہ۔ پیکار۔ جدال۔ جدل۔ آرزم۔ وار۔ قتال۔ تیزا۔ سونا۔ یُدھ۔ کارزار۔ نبرد

۲۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ خصومت ۔ مخاصمت ۔ معاندت ۔ بیر

جنگ آزما: نبرد آزما ۔ شریکِ جنگ ۔ محارب
جنگ آور: جنگ جو ۔ لڑاکا ۔ دلیر ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ جری
جنگ جو: حربہ جو ۔ جنگ آور ۔ لڑاکا ۔ آمادۂ جنگ
جنگِ زرگری: نمائشی جنگ ۔ مصنوعی جنگ ۔ ملی بھگت
جنگ گاہ / جنگاہ: رزم گاہ ۔ میدانِ کارزار ۔ میدانِ جنگ ۔ رن ۔ میدانِ دنا
جنگ وجدال / جدل: لڑائی جھگڑا ۔ فساد ۔ دنگا ۔ مارکٹائی ۔ مار دھاڑ

جنگ سر کرنا — جنگ سر ہونا — جنگ لگنا — خانہ جنگ — دلیر جنگ — سرور جنگ — شاب جنگ — عماد جنگ — ظفر جنگ — پیش جنگ — فیروز جنگ

جنگاسا: جانگ ۔ چڈا ۔ کشک ۔ کنج ران

جنگل: ۱۔ صحرا ۔ ریگستان ۔ بادیہ ۔ بیدا
۲۔ دشت ۔ ہامون ۔ بیاباں ۔ بن ۔ غابہ ۔ فورسٹ
۳۔ چراگاہ ۔ راغ ۔ سبزہ زار ۔ درخت زار ۔ شجر زار ۔ نخلستان ۔ جنگلا ۔ جھر ۔ زنگل ۔ بیلہ ۔ جھاڑ جھنکار ۔ اُجاڑ ۔ جھاڑیوں کا ڈرا

جنگل جات نہ چھیڑیے ہتی ریچ گراڑ / کلال
بھوکا ترک نہ چھیڑیے ہو جائے جی کا جنجال
جنگل میں کھیتی نہیں ، بستی میں نہیں گھر
جنگل میں منگل بستی میں کڑاکا
جنگل میں سرتی کی تمہد نہیں
جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا

جنگلا: ۱۔ جھنڈ ۔ جھاڑ جھنکار ۔ بیلا
۲۔ کٹہرا ۔ احاطہ ۔ باڑا ۔ گھیر ۔ باڑ ۔ چار دیواری
۳۔ ویرانہ ۔ غیر آباد مقام

جنگلی: ۱۔ صحرائی ۔ دشتی ۔ وحشی ۔ بربریا

۲۔ گنوار ۔ اجڈ ۔ غیر متمدن ۔ غیر مہذب ۔ ناشائستہ

جنگی: منسوب بہ جنگ ۔ ۱۔ قابلِ جنگ
۲۔ بہادر ۔ سورما ۔ دلیر ۔ جودھا ۔ جری ۔ شجاع
۳۔ سپاہی ۔ لشکری ۔ فوجی ۔ مبارز
۴۔ بڑا ۔ عظیم ۔ موٹا ۔ مہا ۔ چوڑا ۔ طویل وعریض
۵۔ جھگڑالو ۔ لڑاکا

جنگی بیڑا: بحری فوج ۔ جنگی جہاز
جنگی لاٹ: سپہ سالار ۔ سرِ لشکر ۔ سردارِ فوج

جنگی ہو کر کاتا سوت ، بڈھی ہو کر جایا پوت

جنم: ۱۔ پیدائش ۔ ولادت
۲۔ زندگی ۔ زندگانی ۔ زیست ۔ حیات ۔ عمر ۔ اوستھا
۳۔ عادت ۔ خصلت ۔ نژاد ۔ جنس

جنم بھوم: جائے پیدائش ۔ جائے ولادت ۔ مولد ۔ مرز بوم ۔ وطن
جنم پترا / پتری: زائچہ ۔ جنم کنڈلی
جنم جلا: ۱۔ بدنصیب ۔ بدقسمت ۔ بدبخت ۔ بداختر ۔ منحوس
۲۔ مصیبت زدہ ۔ دکھیا ۔ بیچارہ ۔ بیکس ۔ بےبس
جنم داتا: ۱۔ خالق ۔ آفرینندہ ۔ آفریدگار ۔ بانی ۔ موجد ۔ مؤسس
جنم دن: یومِ پیدائش ۔ یومِ ولادت ۔ سالگرہ
جنم روگ: پیدائشی بیماری ۔ موروثی مرض ۔ نسلی مرض
جنم مرن: پیدائش و مرگ ۔ ولادت و موت

جنم بگاڑنا — جنم بگڑنا — جنم بھر — جنم پتا — جنم ڈبونا — جنم لینا — جنم انتہا — جنم اشٹمی — جنم باوَلا — جنم روگ — جنم استھان — جنم کنڈلی — جنم دکھیا

جنم ہتر سب دیکھتے ہیں کرم پتر کوئی نہیں دیکھتا
جنم کے اندھے نام نین سکھ
جنم کے کم بخت نام بخت آور سنگھ
جنم کے منگتا نام داتا رام
جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئی کھاٹ

جنوب : دکھن۔ دکن

جنوں : ۱۔ پاگل پن۔ دیوانگی۔ فتورِ عقل۔ سودا۔ خبط۔ سڑی پن۔ باؤلاپن۔
دیوانہ پن۔ مالیخولیا
۲۔ غصہ۔ غضب۔ طیش۔ غیظ۔ خشم
۳۔ عشق۔ محبت۔ پریت۔ والہانہ پن

حالتِ جنوں میں بسر کرنا — جنوں چڑھنا — جنوں اچھلنا — جنونِ ہوش مند — جنونِ بے خود — سلسلۂ جنوں — زنجیرِ جنوں — صحرائے جنوں — سودائے جنوں — جنونِ تازہ — جنونِ کہنہ — آتشِ جنوں — راحتِ جنوں — جنونِ خونچکاں — گرمیٔ جنوں — احساسِ جنوں — تکریمِ جنوں — تعظیمِ جنوں — اذیتِ جنوں — تکلیفِ جنوں — شعلۂ جنوں — طوقِ جنوں — جنونِ گل — جنونِ بہار — جنونِ یار — خروشِ جنوں — جوشِ جنوں — ہوشِ جنوں — جنونِ غیرت شعار — شورِ جنوں — زورِ جنوں — اندازِ جنوں — طریقِ جنوں — ہیبتِ جنوں — گریبانِ جنوں — دستِ جنوں — پائے جنوں — جنونِ شر انگیز — جنونِ جامہ جو — جنونِ صحرا گرد — جنونِ فتنہ گر — جنونِ گہر بار — افزائشِ جنوں — جنونِ فلک وش — جنوں مند — رقصِ جنوں — جنونِ زمیں بوس — جنونِ فلک سیر — جنونِ آرام — بیابانِ جنوں — امکانِ جنوں — یقینِ جنوں — وادیٔ جنوں — دشتِ جنوں — مجنوں

جنونی : پاگل۔ دیوانہ۔ فاترالعقل۔ خبطی۔ مخبوط الحواس۔ باؤلا۔ سڑی۔
سودائی

جنیو : زنّار

جُو : ندی۔ نالا۔ نہر۔ سوتا

جَو : ۱۔ اندر جو۔ گل انار کھنک۔ گیہوں۔ سکرودائی۔ پر دہت۔ خوید۔
بھرجونا منہ

جَوّ : خلا۔ فضا۔ فضائے بسیط

جو : ہر کہ۔ اگر۔ بشرطیکہ۔ بالفرض۔ جس قدر۔ جتنا۔ جیسا۔ چوں کہ۔
ناگاہ۔ اچانک۔ جو کوئی۔ ہر شخص۔ کسے باشد۔ جو کچھ

جو آگ کھائے گا انگارے ہگے گا
جو آنکھ سے دور وہ دل سے دور
جو اپنے کام نہ آئے وہ چولہے میں جائے
جو اوروں کا برا چیتے گا اس کا پہلے برا ہوگا
جو بامن کی پوتھی میں سو یاروں کی زبان پر
جو بامن کی جیبھ پر سو بامن کی پوتھی میں
جو بر دیکھ تپ لگے آوے، سو ہی بر مجھے بیاہن آوے
جو برستا ہے وہ گرجتا نہیں
جو بھاڑ اپنے بچوں کو نہیں چھوڑتا وہ چوہوں کو کب چھوڑے گا
جو بندھ گیا سو موتی
جو بن سنوارے کھیلے جوا، آج نہ موا کل موا
جو بولے سو کنڈا کھولے
جو بولے سو گھی کو جائے
جو بوئیں گے وہی کاٹیں گے
جو بہت قریب وہ زیادہ رقیب
جو تیلی بیٹھا نہیں وہ سب سے میٹھا

جو بیجے ماس سو میری
جو پیاز کاٹے گا سو آپ روئے گا
جو تِل حد سے زیادہ بڑا دو متا ہوا
جو تیرے دل میں وہی میرے دل میں
جو تیرے گا سو ڈوبے گا
جو سکا دے گا اس کا بیٹا کھیلے گا
جو جاگے گا سو پائے گا
جو جو مرغی موٹی، وہ وہ دم چھوٹی
جو جیت جانے وہی کھلاڑی
جو چڑھے گا، سو گرے گا
جو چوری کرتا ہے وہ موری بھی رکھتا ہے
جو خال اپنی حد سے بڑھا سو متا ہوا
جو خدا سر پر سینگ دے تو دو بھی سنے پڑتے ہیں
جو درخت سامنے آئے وہی اونٹ کا چارا ہے
جو دل میں وہی زبان پہ
جو دم ہے غنیمت ہے
جو دوڑ کر چلا وہی گرا
جو دھارے سو پاوے، جو سووے سو کھووے
جو دھرتی پر آیا اسے دھرتی نے کھایا
جو دھن جاتا دیکھیے تو آدھا دیجے بانٹ
جو دیکھا سو سیکھا، میرا لاڈو کا یہی لیکھا
جو دیکھنا سو بھگتنا
جو روے گا اس کا کیسے گا
جو راہ بتائے وہی آگے چلے
جو سادھوں کی مانے بات، آنندے رہے دن رات
جو ساون میں اندھا ہوئے، کہو ہری کال کا بالکل کھوئے
جو سحری کھائے وہی روزہ رکھے
جو سر اٹھا کے چلے گا وہی ٹھوکر کھائے گا
جو کوئی کسی کو کنواں کھودتا ہے، اس کو کھائی تیار ہے
جو کرے سیوا، وہ کھائے میوہ
جو کل ہونا ہے آج ہو جائے

جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں
جو گڑ دینے سے مرے اسے زہر کیوں دیا جائے
جو ماں سے زیادہ چاہے وہ چاپا کٹنی کہلائے
جو مانگے گا سو پائے گا
جو مقدر دکھائے دیکھ لو
جو من میں بسے سو سپنے دیسے
جو منہ میں آتا ہے بک جاتا ہے
جو میرے ہے سو راجا کے نہیں
جو نصیحت کرو اس پر عمل کرو
جو نکلے سو جاگ وھنی کے
جو نہ جلے آپ کو، وہ دو بڑی بہو کے باپ کو
جو وعدے سے پھرا سو خدا سے پھرا
جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں

جُوا: ۱۔ پنجالی۔ جُوا۔ لباد۔ جُھنخ۔ نیر
۲۔ قمار۔ شرط بازی۔ سٹا

جوا ڈال دینا — جوا گردن پر لینا — جوئے خانہ
— جوئے بازی — جواری

جُوا بڑا، بیوپار، جو اس میں نہ ہوتے ہار
جوئے میں بیل بھی ہارے ہیں

جواب: ۱۔ پاسخ۔ اُتر
۲۔ مقابل۔ جوڑ۔ نظیر۔ ہمسر۔ مثل۔ ہم پایہ۔ ہم پلہ
۳۔ رد۔ تردید
۴۔ عوض۔ بدلہ
۵۔ معزولی۔ موقوفی
۶۔ جوڑا۔ جوڑی۔ جفت
۷۔ انکار۔ نامنظوری
۸۔ بیکار۔ ناکارہ

جوابدہ: ذمہ دار ۔ ضامن ۔ قابلِ باز پرس
جوابدہی: ذمہ داری ۔ ضمانت ۔ پیروی
جوابِ شافی: تسلی بخش جواب ۔ ٹھیک جواب ۔ درست جواب ۔ مناسب جواب
جوابِ صاف: صاف انکار ۔ مطلق انکار
جوابطلب: ۱۔ قابلِ باز پرس ۔ قابلِ مواخذہ ۔ قابلِ دریافت
۲۔ خواہانِ جواب ۔ طالبِ جواب
جوابطلبی: باز پرس ۔ مواخذہ ۔ پرسش

جواب الجواب — جواب باصواب — جواب پانا — جواب پڑھنا — جواب ترکی بہ ترکی — جواب جمہ نہ دینا — جوابِ تلخ — جوابِ دعویٰ — جواب دینا — جوابِ سوال — جوابِ تعلی — جواب نہ آنا — جواب نامہ — جواب ندارد — جوابی

جواب جاہلاں باشد خموشی

جواد: بخشندہ ۔ سخی ۔ فیاض ۔ داتا ۔ کریم

جُوار (عربی): پڑوس ۔ ہمسائگی ۔ قرب ۔ نزدیکی

جُوار (ہندی): چڑھاؤ ۔ مد ۔ بڑھاؤ ۔ طغیان

جوار بھاٹا: چڑھاؤ اُتار ۔ مد و جزر

جوارح: اعضائے بدن ۔ دست و پا ۔ ہاتھ پاؤں

جواری: جوئے باز ۔ سٹے باز ۔ قمار باز

جواز: ۱۔ اجازت ۔ منظوری
۲۔ برداشت ۔ تحمل
۳۔ پروانۂ راہداری ۔ پاسپورٹ

۴۔ وجہ

جوالا: ۱۔ شعلہ ۔ لپٹ ۔ لو ۔ لوکا
۲۔ آگ ۔ اگنی ۔ آتش ۔ نار
۳۔ گرمی ۔ حدت ۔ حرارت ۔ تپ ۔ تب

جوالا مکھی: آتش فشاں

جوّالہ: ۱۔ گرداں ۔ متحرک ۔ روشن
۲۔ موٹر سائیکل

جوان: ۱۔ نوعمر ۔ نوخیز ۔ شاب ۔ برنا
۲۔ تازہ ۔ نیا ۔ نو ۔ جدید
۳۔ مضبوط ۔ توانا ۔ قوی ۔ طاقت ور ۔ تھَم
۴۔ سپاہی ۔ جنگجو ۔ جنگ آزما
۵۔ بہادر ۔ دلیر ۔ جری ۔ شجاع ۔ فتی
۶۔ سیانا ۔ ہوشیار ۔ ہوشمند
۷۔ لڑکا ۔ چھوکرا ۔ پٹھا

جواں بخت: خوش بخت ۔ خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ بلند بخت ۔ بلند اختر ۔ بلند اقبال ۔ اقبال مند ۔ طالع مند ۔ طالع ور ۔ بختاور
جواں مرد: ۱۔ دلیر ۔ شجاع ۔ جری ۔ بہادر
۲۔ عالی ہمت ۔ بلند ہمت ۔ اولوالعزم
۳۔ سخی ۔ فیاض ۔ داتا ۔ کریم
جواں مردی: ۱۔ دلیری ۔ شجاعت ۔ جرأت ۔ بہادری
۲۔ عالی ہمتی ۔ بلند ہمتی ۔ جواں ہمتی
۳۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔ کرم
جواں مرگ: جواں پیر

جوان ڈرا ہے جلے گئے سے، بوڑھا ڈرا ہے رہنے سے
جوان رانڈ، بوڑھے سانڈ

جوان کو آئی مستی، بڈھوں کو آئی مستی
جوانوں کو آئی چھا چھی، بڑھیا کو بیاہ کی پڑی

جَوانب: اطراف۔ سمتیں۔ پہلو (جمعِ جانب)

جوانی: ۱۔ نوخیزی۔ نوعمری۔ شباب۔ بلوغت
۲۔ عروج۔ بلندی۔ کمال

جوانی دیوانی
جوانی میں تسبیح بڑھاپے میں کبی
جوانی میں کب پتھر پڑے تھے جو بڑھاپے کو روؤں
جوانی میں گدھی پر بھی جوبن ہوتا ہے
جوانی میں مانجھا ڈھیلا

جواہر: ہیرے۔ نگینے۔ یاقوت۔ الماس۔ لعل۔ پنا

جواہر نگار: ۱۔ ہیرے جڑا۔ جڑاؤ۔ مرصع
۲۔ خوش خط۔ خوش رقم۔ خوش نویس۔ خوش قلم

جوبلی: جشن۔ یادگاری تہوار

جوبن: ۱۔ جوانی۔ اٹھتی جوانی۔ چڑھتی جوانی۔ آغازِ جوانی۔ عنفوانِ شباب۔ ریعانِ شباب۔ نوخیزی۔ بلوغ۔ بلوغت۔ سیان پت
۲۔ حسن۔ خوبصورتی۔ جمال
۳۔ بہار۔ رونق۔ پھبن۔ چھب
۴۔ شادابی۔ تازگی۔ تراوت۔ سرسبزی۔ ہریاول
۵۔ چھاتی۔ پستان

جوبن ابھرنا — جوبن کا ماتا — جوبن کی ماتی —
جوبن نکالنا

جوت: ۱۔ روشنی۔ اجالا۔ نور۔ چمک۔ دمک۔ تابندگی۔ تابش
۲۔ نگاہ۔ نظر۔ بصارت۔ بینائی
۳۔ شعلہ۔ لو
۴۔ چراغ۔ دیا۔ بتی۔ سراج۔ قندیل
۵۔ دھن۔ دولت۔ مال۔ زر
۶۔ روح۔ جان

جوتا (بہ واوِ مجہول): ۱۔ کاشت کار۔ کسان۔ مزارع
۲۔ حدِ فاصل۔ پاکھ۔ طرف۔ جانب۔ پہلو

جُوتا/جُوتی (بہ واوِ معروف): ۱۔ پاپوش۔ کفش۔ جفت۔ زیرپائی۔ پاتالہ۔ نعل۔ پیزار۔ پاافزار۔ پنڑے۔ کونسترا۔ جھتی۔ پاگزار۔ پوالی۔ موزہ۔ پاچنگ۔ پاشنگ۔ پاناد۔ چاموش۔ چپناک۔ سندلہ۔ رشک۔ لتر
۲۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ خسارہ
۳۔ احسانِ عظیم۔ بارِ عظیم۔ بارِ منت

جوتا اٹھانا — جوتا اچھلنا — جوتا چلنا — جوتا برسنا — جوتا چھپانا — جوتا دینا — جوتا سر پہ ٹوٹنا — جوتے سے آنا — جوتے سے خبر لینا — جوتے کا یار — جوتے کاری — جوتی اچھلنا — جوتی پہ جوتی بجھنا — جوتی پہ رکھ کر روٹی دینا — جوتی پہ کا جی مارنا — جوتی پہ مارنا — جوتی پہنانا — جوتی پہننا — جوتی پیزار — جوتی پیزار اچھلنا — جوتی پیزار رہنا — جوتی چلنا — جوتی خور — جوتی سے — جوتی کر کیا ڑمن — جوتی کی ان — جوتی کے برابر سمجھنا — جوتی کے تلے سے ناک کاٹ لینا — جوتیاں اٹھانا — جوتیاں بغل میں دبانا — جوتیاں چٹخاتے پھرنا — جوتیاں سر پہ رکھنا — جوتیاں سیدھی کرنا — جوتیاں کھانا — جوتیاں گانٹھنا — جوتیاں مارنا — جوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا — جوتیوں کا صدقہ —

جوتیوں میں دال بٹنا ـــ جوتیوں سے لگی ہوئی ہے

جوتش: علم نجوم۔ تنجیم۔ ستارہ شناسی۔ ستارہ بینی۔ انجم شناسی۔ اختر شناسی۔ علم ہیئت۔ رمل

جوتشی: منجم۔ ستارہ شناس۔ ستارہ بیں۔ انجم شناس۔ اختر شناس۔ نجومی

جوٹ: ۱۔ جوڑ۔ ہمسر۔ ہم پایہ۔ ہم پلہ۔ مقابل۔ ہمتا
۲۔ رفیق۔ ساتھی۔ مددگار۔ معاون
۳۔ جوڑا۔ جوڑی۔ جفت

جُود: فیاضی۔ سخاوت۔ کرم گستری۔ فیض۔ داد و دہش

جَودت: ۱۔ تیز فہمی۔ ذکاوت۔ فراست۔ ذہانت
۲۔ لیاقت۔ قابلیت۔ خوبی۔ گُن۔ جوہر
۳۔ لطف۔ کرم۔ شفقت۔ نوازش
۴۔ تیزی۔ تیز رفتاری۔ چترائی۔ چالاکی

جودتِ طبع ـــ جودتِ علم

جودھا: جنگ جو۔ جنگ آزما۔ رن بیر۔ لڑاکا۔ سورما۔ سور بیر۔ شیر دل۔ دلیر۔ غازی۔ مجاہد۔ بہادر

جور: ظلم۔ ستم۔ جفا۔ بیداد۔ بے رحمی۔ قساوت۔ سنگدلی۔ شقاوت

جورِ استاد بہ ز مہرِ پدر

جورُو: بیوی۔ زوجہ۔ اہلیہ۔ استری۔ پتنی۔ رفیقۂ حیات۔ گھر والی۔ سُگائی۔ کدبانو۔ بیگم

جورو ٹٹولے پینٹ اور ماں ٹٹولے پیٹ
جورو ٹٹولے گٹھڑی اور ماں ٹٹولے انتڑی
جورو چکنی میاں مزدور
جورو خصم کی لڑائی، دودھ کی سی ملائی
جورو خصم کی لڑائی کیا
جورو زور کی، نہیں کسی اور کی
جورو کا مرنا اور جوتی کا ٹوٹنا برابر ہے
جورو کا مرنا گھر کا خرابہ ہے
جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا

جوڑ: ۱۔ جُفت
۲۔ گانٹھ۔ پور۔ گرہ۔ بند
۳۔ جال۔ ٹانکا۔ پیوند
۴۔ سنجوگ۔ قِران
۵۔ میزان۔ کل تعداد
۶۔ داؤں پیچ۔ گھات
۷۔ تہمت۔ اتہام۔ بہتان۔ الزام۔ افترا
۸۔ سیون۔ سلائی۔ درخت
۹۔ مقابل۔ ہمسر۔ ہم پایہ۔ ہم پلہ۔ ہمتا۔ عدیل۔ جواب
۱۰۔ ہم رنگ۔ ہم قسم۔ ہم جنس
۱۱۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ سلسلہ
۱۲۔ فریب۔ چھل۔ بناوٹ۔ جعل سازی۔ ہاتھکنڈہ
۱۳۔ ملاوٹ۔ میل۔ آمیزش
۱۴۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ اتحاد
۱۵۔ سازش۔ سازباز۔ جوڑ توڑ
۱۶۔ مشورہ۔ تدبیر۔ منصوبہ

جوڑا: جفت۔ جوڑی۔ ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔ جُفتی۔ پوشاک۔ نعلین

جُوڑا (بہ واوِ معروف): ۱۔ چونڈا۔ گوندا
۲۔ کلغی۔ طرّہ

۳۔ اینڈوا

جوڑی: (بہ واو مجہول) : جوڑا۔ جُٹ۔ بنت

جوش: ۱۔ اُبال۔ ابھان۔ کھدبد۔ کھدبدی۔ کھدبداہٹ۔ کھولن
۲۔ حرارت۔ سرعت۔ تیزی
۳۔ ہیجان۔ تلاطم جذبات۔ ولولہ۔ شورش
۴۔ شہوت۔ مستی
۵۔ شوق۔ سرگرمی۔ گرمجوشی
۶۔ لہر۔ موج۔ ترنگ
۷۔ زیادتی۔ کثرت۔ زور
۸۔ تندی۔ شدت۔ طغیانی
۹۔ غصہ۔ غضب۔ غیظ۔ خشم

جوشِ دین ــــ جوش وخروش ــــ آب جوش

جوشاندہ: ارتی۔ کاڑھا

جُوع: بھوک۔ گرسنگی۔ اشتہا

جوع الارض: ہوسِ ملک گیری

جَوف: ۱۔ خلا۔ کھوکھلاپن
۲۔ شکم۔ پیٹ
۳۔ غار۔ گڑھا۔ شگاف

جُوق: جماعت۔ گروہ۔ جتھا۔ انبوہ۔ جمگھٹا۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ٹھٹ

جوق در جوق: گروہ در گروہ۔ جمع در جمع

جوکھ: وزن۔ تول۔ ناپ

جوکھم: ۱۔ کارِ دشوار۔ کارِ مشکل
۲۔ خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر
۳۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ

جوگ: ۱۔ ملاپ۔ وصل۔ میل۔ تعلق۔ ربط۔ اتحاد۔ سنگت۔ ساتھ
۲۔ طریقہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ
۳۔ موزونیت۔ معقولیت۔ مناسبت
۴۔ نتیجہ۔ ثمر۔ حاصل
۵۔ موقع۔ محل۔ وقتِ مناسب
۶۔ علاج۔ دوا۔ دارو۔ معالجہ۔ تدارک
۷۔ اجتماعِ سیارگان۔ قِران۔ سنجوگ۔ یکجائی
۸۔ وقت۔ ساعت۔ گھڑی۔ نیک گھڑی۔ نیک ساعت۔ اتفاق
۹۔ سمت۔ طرف۔ جانب۔ پہلو
۱۰۔ ریاضت۔ عبادت۔ تپسیا۔ مجاہدہ
۱۱۔ درویشی۔ صوفیت
۱۲۔ کفارہ۔ تاوان
۱۳۔ میزان۔ کل جمع۔ کُل تعداد
۱۴۔ لائق۔ شایاں۔ مناسب۔ موافق۔ مطابق۔ مناسب
۱۵۔ بوجہ۔ بذریعہ۔ بوسیلہ۔ بسبب

جوگا: ۱۔ لائق۔ قابل۔ مناسب۔ درست۔ موافق۔ مطابق
۲۔ برمحل۔ برموقع۔ حسبِ موقع

جوگی: ۱۔ فقیر۔ سادھو۔ زاہد۔ مرتاض۔ تارکِ دنیا۔ یوگی
۲۔ جادوگر۔ ساحر

جوگی تھا سو اٹھ گیا آسن رہی بھبوت
جوگی جگت جانے نہیں، کپڑے۔ رنگے تو کیا ہوا
جوگی جوگی لڑیں کھپروں کا کھو
جوگی کا لڑکا کھیلے گا تو سانپ سے
جوگی کس کے میت اور پاتر کس کی نار

جوگی کو بیل بلا
جوگی کی پیت کیا
جوگی مارے چھار ہاتھ
جوگیوں کا ڈنڈ بیراگیوں کے سر

جولاں: بیڑی ۔ زنجیرِ پا

جولاں: اچھل کود ۔ کود پھاند ۔ جست و خیز ۔ حرکت ۔ گردش ۔ بھاگ دوڑ

جولاں گاہ: جائے جست و خیز ۔ میدانِ اسپ دوانی
جولاں گری: دوڑ ۔ گھڑ دوڑ ۔ تیزی ۔ سرعت

جولانی: ۱۔ گھڑ دوڑ
۲۔ تیزیِ طبع ۔ تیز فہمی ۔ روانیٔ طبع
۳۔ ولولہ ۔ جوش ۔ امنگ
۴۔ تیز رفتاری ۔ تیزی ۔ چستی ۔ پھرتی

جولاہا: دیکھیے "جلاہا"

جُون: ۱۔ جنم ۔ پیدائش
۲۔ زمانہ ۔ مدت ۔ عرصہ
۳۔ وضع ۔ صورت ۔ بھیس

جُوں: ۱۔ مانند ۔ مثل ۔ آسا ۔ نما ۔ بسان
۲۔ سپش ۔ چیلڑ

جوہر: ۱۔ پتھر ۔ ہیرا ۔ لعل ۔ زمرد ۔ الماس
۲۔ خلاصہ ۔ عطر ۔ لب لباب
۳۔ خاصیت ۔ عناصر ۔ خوبی
۴۔ ہنر ۔ کمال ۔ لیاقت ۔ قابلیت
۵۔ بھید ۔ راز ۔ سر ۔ حقیقت
۶۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ کارستانی
۷۔ ایٹم

جوہری: ۱۔ جواہر فروش ۔ سوداگرِ جواہر
۲۔ جوہر شناس ۔ ہنر شناس
۳۔ ایٹمی

جوہڑ: تالاب ۔ بارانی تالاب ۔ ٹوبا ۔ چھپڑ

جوئندہ: جویا ۔ تلاش کنندہ ۔ کھوجی

جوئندہ یابندہ

جویا: جوئندہ ۔ تلاش کنندہ ۔ کھوجی

جہاد: ۱۔ جد و جہد ۔ کوشش ۔ سعی ۔ سرگرمی ۔ نفس کشی
۲۔ قتال ۔ جنگ ۔ غزا ۔ معرکۂ کفر و اسلام ۔ غزوہ

جہاز: ۱۔ سفینہ ۔ کشتی ۔ فلک ۔ ناؤ ۔ جاریہ ۔ شپ
۲۔ طیارہ ۔ بوان ۔ بمان ۔ ہوائی
۳۔ بڑا ۔ وسیع ۔ فراخ

• جہازراں: ملاح ۔ کشتی راں ۔ کھویا ۔ مانجھی
جہازرانی: ملاحی ۔ کشتی رانی

جہازی: ۱۔ ملاح ۔ جہازراں ۔ مانجھی ۔ کھویا ۔ کھیون ہار
۲۔ مسافرِ جہاز ۔ جہاز نشیں
۳۔ بحری ۔ سمندری ۔ آبی
۴۔ بڑا ۔ وسیع ۔ طویل و عریض ۔ لمبا چوڑا

جہالت: ان پڑھتا ۔ ناواقفیت ۔ امی ۔ بے علمی ۔ اناڑپن

۲۔ حماقت۔ بے وقوفی۔ حُمق۔ مُورکھ پن۔ جانگلو پن۔ اُجڈ پن
۳۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔ قساوت۔ کٹھور پن۔ شقاوت
۴۔ حیوانیت

جہان (فارسی) : ۱۔ دُنیا۔ عالم۔ سنسار۔ گیتی۔ خطۂ ارض۔ کائنات۔ لوک۔ کھنڈ۔ زمین۔ دھرتی۔ جگ۔ پرتھی۔ جگت۔ آفاق۔ دہر
۲۔ اہلِ دنیا۔ مخلوق خلق

جہاں آفریں: خالقِ دُنیا۔ خالقِ کائنات۔ خلاقِ عالم
جہاں آفرینی: تخلیقِ کائنات۔ آفرینشِ دُنیا
جہاں بان: محافظِ جہاں۔ حکمرانِ جہاں۔ نگرانِ عالم
جہاں بانی: نگہبانیٔ جہاں۔ نگہداشتِ عالم۔ حکومت
جہاں پناہ: محافظِ جہاں۔ گیتی پناہ۔ عالم پناہ۔ بادشاہ۔ فرمانروا۔ حکمراں
جہاں تاب: تابندۂ جہاں۔ سورج۔ مہر۔ خورشید
جہاں دار: مالکِ جہاں۔ آقائے عالم۔ بادشاہِ عالم۔ عظیم حکمراں۔ فرمانروائے عالم
جہاں داری: حکومتِ عالم۔ فرماں روائی۔ بادشاہی۔ انتظامِ سلطنت
جہاں دیدہ: تجربہ کار۔ پختہ کار۔ آزمودہ کار
جہاں گرد/گشت/نورد: سیاح
جہاں گیر: فاتحِ عالم۔ فرماں روائے دُنیا
جہاں گیری: فتحِ دنیا۔ فتحِ عالم
جہاں نما: ۱۔ آئینہ۔ شیشہ۔ درپن۔ آرسی
۲۔ بلند مینار
۳۔ خیمہ۔ بلند خیمہ۔ شاہی خیمہ

جہاں (اردو) : جس جگہ۔ جس وقت۔ جس مقام پر

جہاں تہاں — جہاں جہاں — جہاں کی تہاں — جہاں کہیں

جہاں اور درخت نہیں وہاں ارنڈی درخت ہے

جہاں بالوں کا بیٹھنا وہاں بھوتوں کا باس
جہاں بڑی سیرا تہاں اوچھا پیل
جہاں بہو کا بیٹنا وہیں کشسر کی کھات
جہاں پڑے موسل وہاں کھیم کوشل
جہاں پھول وہاں کانٹا
جہاں جائے جھوکا وہاں پڑے سوکھا
جہاں جائیں بالے میاں تہاں جائے پونچھ
جہاں جہان وہاں پردیس
جہاں چار باسن/برتن ہوتے ہیں، کھٹکتے بھی ہیں
جہاں خرچ نہیں وہاں ہر ایک کو ٹنڈ کا پورا
جہاں دائی ہاتھ دھرے وہاں قربان کرے
جہاں دل وہاں بادل
جہاں دولہا وہاں برات
جہاں دیکھے توا پرات، وہیں گاوے ساری رات
جہاں دیکھی روٹی وہیں منڈائی چوٹی
جہاں ڈر وہاں ہمارا گھر
جہاں ڈھاک وہاں ڈاکو
جہاں راجا ہرشتر ہونا وہاں بسیں گھنیرے لوگ
جہاں روکھ نہیں وہاں ارنڈ پردھان
جہاں روکھ نہیں وہاں ارنڈ ہی روکھ
جہاں ستیاناس وہاں سوا ستیاناس
جہاں سو وہاں سوا سو
جہاں سُوئی نہ جائے وہاں موسل گھسیڑیں
جہاں سیر وہاں سوایا
جہاں شیر نہیں وہاں بلی ہی شیر ہے
جہاں کہیں سوے پانی، تہاں کی بولے بانی
جہاں کا مُردہ تہاں کی گور
جہاں کا مُردہ وہیں گڑتا ہے
جہاں کانسا وہاں بجلی کا سامنا
جہاں کُتا ہوتا ہے وہاں نیکی کا فرشتہ نہیں آتا
جہاں کھانا وہیں سب کا ٹھکانا

جہاں گٹو تہ نہاں وہی
جہاں گائے وہاں گائے کا بچھڑا
جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی
جہاں گُل ہوگا وہاں خار بھی ہوگا
جہاں گنج وہاں رنگ
جہاں مرغا نہ ہوگا وہاں اذان نہ ہوگی
جہاں مرغا نہ ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا
جہاں مُرغا نہیں بولتا وہاں صبح نہ ہوگی
جہاں مُلا نہ ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا
جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہوں گے وہاں ایک گھڑا پانی کا
کیا جانا جائے ہے

جہت : ۱۔ سمت۔ طرف۔ جانب
۲۔ وجہ۔ سبب۔ باعث

جہد : کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ سرگرمی۔ مشقت

جہد للبقاء : کش مکشِ حیات۔ کوششِ زیست۔ سعیِ زندگانی

جہل : ۱۔ جہالت۔ بے علمی۔ لاعلمی۔ ناواقفیت۔ نادانی۔
۲۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ حُمق۔ مورکھ پن۔ اجڈ پن
۳۔ ضد۔ ہٹ

جُہلا : جاہلین۔ نادانان۔ حُمقا (جمعِ جاہل)

جہنم دوزخ۔ نرک۔ جحیم۔ سقر۔ دارالبوار۔ ہاویہ۔ حطمہ۔
جم لوک۔ آتش گاہ

جہنمی : دوزخی۔ پاپی۔ بدکار۔ گنہ گار

جہیز : ۱۔ سامان۔ اسباب
۲۔ داج۔ دہیز۔ دات۔ کنیادان

جھاڑ : ۱۔ جھاڑی۔ جھنکار۔ جھانگڑ۔ ڈھینگر۔ دل۔ جھنت۔ لوڑھا۔ جانبا
۲۔ آلاتِ روشنی۔ فانوس
۳۔ آتش بازی
۴۔ پنج شاخہ۔ مشعل
۵۔ قطار۔ سلسلہ
۶۔ زجر و توبیخ۔ جھڑکی۔ گھرکی۔ لعنت ملامت
۷۔ صفائی۔ رُفتگی

جھاڑ باقی : ۱۔ بے باق۔ چُکتا
۲۔ بچا کھچا۔ رہا سہا۔ پس ماندہ
جھاڑ بوٹے : بیل بوٹے
جھاڑ پونچھ : صفائی ستھرائی۔ رُشتگی و رفتگی
جھاڑ پہاڑ : فضول بحث۔ کج بحثی۔ کٹ حجتی
جھاڑ پھونک : دم۔ منتر۔ دعا۔ افسوں
جھاڑ جھنکاڑ : خار و خس۔ خس و خاشاک۔ کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس

جھاڑ بسارنا ــــ جھاڑ کا ازار بند ــــ جھاڑ کا کانٹا ــــ
جھاڑ کے پر نکالنا ــــ جھاڑ ہوکر پڑنا ــــ سر جھاڑ منہ پہاڑ

جھاڑا : ۱۔ تلاشی۔ کھوج
۲۔ کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک
۳۔ پاخانہ۔ براز
۴۔ جھاڑ پھونک۔ منتر۔ دعا۔ افسوں

جھاڑن : ۱۔ کوڑا کرکٹ۔ پونچھن۔ جھڑن
۲۔ صفائی۔ ستھرائی۔ رُفتگی
۳۔ صافی۔ ڈسٹر۔ لتہ۔ کناسہ۔ کساحہ۔ خامہ
۴۔ چھلنی۔ غربال

جھاڑو: جاروب۔ بُہاری۔ بہوہنا۔ بوکر۔ سونی۔ اُڑکا۔ سوہرنی۔ مکنہ۔ بکسہ۔ مقمۃ۔ سیل (عطرِ زرش کی)۔ بتوڑہ۔ سکیرنی

جھاڑو تارا: دُم دار ستارہ۔ ذات الذنب

جھاڑی: ۱۔ خاردار پودا۔ جھانکڑ۔ اُکیہ۔ اُبجہ۔ نیل۔ بُہت
۲۔ جھڑ بیری

جھاگ: کف۔ پھین۔ زبد۔ کشاۃ۔ کثعہ۔ مفاحہ۔ عفاۃ۔ اُپھان (ہانڈی کا)۔ جگ۔ زگ۔ لغام

جھال: ۱۔ تیزی۔ جلن۔ چرپراہٹ
۲۔ جوڑ۔ ٹانکا
۳۔ ٹوکرا۔ چابا۔ سبد۔ ڈالا
۴۔ موج۔ ترنگ۔ لہر
۵۔ حسد۔ کینہ۔ غصہ

جھالر: ۱۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ پلو
۲۔ پُھندنا۔ پیلوا

جھانٹ: ۱۔ موئے زہار۔ موئے زیرِ ناف۔ پشم
۲۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ کم حیثیت۔ ناچیز

جھانجھ: ۱۔ غصہ۔ غضب۔ غیظ۔ خشم۔ کرودھ۔ طیش
۲۔ تیزی۔ تندی
۳۔ بےصبری۔ بےتابی۔ عدمِ تحمل
۴۔ خواہش۔ شہوت
۵۔ جھنجھناہٹ
۶۔ جھیر

جھانجن: پازیب۔ پایل۔ جھنجھنیا

جھانسا: دھوکا۔ فریب۔ دم۔ چھل۔ سونا۔ چکما

جھانسیا: فریبی۔ دغاباز۔ مکار۔ عیار

جھانک: تاک۔ نظر۔ دزدیدہ نگاہ

جھانکڑ: ۱۔ خاردار درخت۔ جھاڑی
۲۔ پتلا۔ دبلا۔ لاغر۔ نحیف۔ نزار

جھانکی: ۱۔ نظارہ۔ دید۔ دید بازی
۲۔ نمائش۔ سوانگ۔ تماشا
۳۔ روزن۔ سوراخ۔ رخنہ۔ چھید

جھانواں: شتوانہ۔ پاسنگ۔ نسفہ۔ نسیفہ

جھانولی: ۱۔ اشارۂ چشم۔ اشارۂ ابرو
۲۔ غمزہ۔ عشوہ۔ ادا۔ ناز۔ انداز
۳۔ جھلک۔ جھکی
۴۔ جھانسا۔ چکما۔ چھل۔ فریب۔ دم
۵۔ لو۔ بادِ سموم

جھائیں: ۱۔ عکس۔ پرتو۔ سایہ۔ پرچھائیں
۲۔ کلف۔ دھبا۔ چھیپ

جُھبا: ۱۔ گچھا۔ پھندنا
۲۔ آویزہ۔ گوشوارہ

جھپ: جلد۔ فوراً۔ فی الفور۔ بلاتوقف

جھپاک: جلدی۔ پھرتی۔ عجلت۔ سرعت۔ تیزی۔ چالاکی

جھپٹ: تیز حملہ ۔ دوڑ ۔ چھلانگ ۔ زقند

جھپک: ۱۔ شرم ۔ حیا ۔ لاج ۔ حجاب
۲۔ نیند ۔ غنودگی ۔ اونگھ
۳۔ چشم زدنی ۔ چشمک
۴۔ جھونکا ۔ موج ۔ لہر
۵۔ چستی ۔ چالاکی ۔ پھرتی

جھپکی: ۱۔ نیند ۔ اونگھ ۔ غنودگی
۲۔ جھلک ۔ جھکی

جھپیٹ: ۱۔ دوڑ ۔ تاخت ۔ حملہ
۲۔ دھکا ۔ صدمہ ۔ ضرب ۔ زد
۳۔ آسیب

جھٹ: فوراً ۔ فی الفور ۔ تُرت ۔ دفعتہً ۔ جلد ۔ بلا توقف

جھٹ پٹ: بہت جلد ۔ فوراً ۔ بلا توقف ۔ دفعتہً ۔ بسرعت ۔ زود

| جھٹ پٹ کی گھانی، آدھا تیل آدھا پانی

جَھٹ پُٹا: دھندلکا ۔ غروبِ آفتاب ۔ آمدِ شب ۔ سانجھ ۔ شام ۔ صبح یا شام کی تاریکی ۔ تُھک تُھکا

جھٹکا: ۱۔ دھکا ۔ صدمہ ۔ ہچکولا ۔ ٹکر ۔ جنبش
۲۔ آفت ۔ مصیبت ۔ حادثہ ۔ عذاب ۔ بلا

جُھٹیل: ۱۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ چھنال
۲۔ جھوٹا ۔ پس خوردہ
۳۔ باسی ۔ ناتازہ

جَھجَھر: بڑی صراحی ۔ گاگر ۔ گھاگرہ

جھجک: ۱۔ بھڑک ۔ اندیشہ ۔ خوف ۔ ڈر ۔ وحشت ۔ خطرہ
۲۔ شرم ۔ حیا ۔ لاج ۔ حجاب ۔ تکلف ۔ ہچکچاہٹ ۔ تامل ۔ تذبذب

جھنڈو: ۱۔ نکما ۔ بیکار ۔ سست ۔ کاہل
۲۔ بوڑھا ۔ جھڑوس
۳۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ کُور کُھ ۔ نادان

جُھرجُھری: رعشہ ۔ کپکپی ۔ کپکپاہٹ ۔ پھریری ۔ تھرتھری ۔ رزش ۔ قشعریرہ

جُھرمٹ: ۱۔ بھیڑ ۔ انبوہ ۔ جگمٹ ۔ ٹھٹ ۔ جمِ غفیر ۔ مجمع ۔ اژدحام ۔ ہجوم
۲۔ حلقۂ زناں ۔ گردو فساد
۳۔ جشن ۔ رقص و سرود ۔ محفلِ طرب
۴۔ گھونگٹ ۔ پردہ پوشی
۵۔ صفِ جنگ ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ کارزار ۔ مصاف

جھرنا: ۱۔ آبشار
۲۔ جھارا ۔ چھلنی ۔ غربال
۳۔ سوراخ دار کفگیر

جھروکا: کھڑکی ۔ دریچہ ۔ منفذ ۔ روشندان

جِھری: درز ۔ شگاف ۔ دراڑ ۔ سوراخ ۔ روزن ۔ رخنہ

جُھرّی: شکن ۔ سلوٹ ۔ جھرّی ۔ چُنٹ

جھڑ: ۱۔ بارش ۔ جھڑی ۔ مینہ ۔ مسلسل بارش
۲۔ کھنکا ۔ بیر

جھڑا جھڑ: ۱۔ لگاتار ۔ مسلسل ۔ متواتر ۔ علی التواتر ۔ علی الاتصال ۔ پیہم ۔ پے بہ پے

۲۔ بکثرت ۔ بہ افراط

جھڑاک / جھڑاکا: ۱۔ فوراً ۔ جلد ۔ تڑت
۲۔ جھڑپ ۔ لڑائی ۔ جھگڑا
۳۔ جھڑی ۔ تیز بارش

جھڑپ: ۱۔ لڑائی ۔ تکرار ۔ جھگڑا
۲۔ تیزی ۔ تندی ۔ جوش ۔ غصہ ۔ تپا ۔ طیش ۔ غیظ ۔ غضب ۔ خشم
۳۔ شعلہ ۔ لو ۔ لوکا ۔ لپٹ

جھڑکنا: ڈانٹنا ۔ گھُڑکنا ۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا ۔ دُھتکارنا

جھڑکی: ڈانٹ ۔ ڈپٹ ۔ زجر و توبیخ ۔ دھمکی ۔ خفگی

جھڑوس: ۱۔ بوڑھا ۔ پیرِ فرتوت
۲۔ بے غیرت ۔ بے حمیت ۔ بے حیا ۔ دیوث

جھڑی: مسلسل بارش ۔ تارِ باراں

جھک: ۱۔ بکواس ۔ بک بک ۔ لایعنی کلام ۔ بے ہودہ کلام ۔ پوچ گفت گو ۔ بڑ ۔ ہذیان ۔ ژاژ
۲۔ غصہ ۔ جوش ۔ تپا ۔ غضب ۔ غیظ ۔ خشم
۳۔ دیوانگی ۔ جنون ۔ پاگل پن
۴۔ صاف ۔ اُجلا ۔ چمکیلا ۔ روشن ۔ رخشندہ

جھک جھک: جھگڑا ۔ تکرار ۔ تُو تُو مَیں مَیں ۔ تُوتکار ۔ بک بک ۔ کج بحثی

جھکاؤ: ۱۔ خم ۔ خمیدگی
۲۔ رجحان ۔ میلان ۔ رُخ ۔ توجہ ۔ التفات

جھکائی: مغالطہ ۔ دھوکا

جھکّڑ: آندھی ۔ اندھیاؤ ۔ بادِ تند ۔ بادِ صرصر ۔ طوفانِ باد ۔ ہوائے تند ۔ زعزع ۔ زفزافہ

جھکنا: خمیدہ ہونا ۔ نیچا ہونا ۔ مُڑنا ۔ ٹیڑھا ہونا ۔ خم ہونا ۔ بل کھانا

[جُھکے جو کوئی اس سے جُھک جایئے
رُکے جو کوئی اس سے رُک جایئے]

جھکولا: ۱۔ لہر ۔ ترنگ ۔ موج ۔ ریلا
۲۔ غوطہ ۔ ڈبکی
۳۔ صدمہ ۔ دھکا ۔ دھچکا ۔ جھٹکا
۴۔ حرکت ۔ جنبش ۔ ہچکولا

جھکّی: ۱۔ بکواسی ۔ فضول گو ۔ یاوہ گو ۔ پوچ گو ۔ زٹلی
۲۔ ضدی ۔ اڑیل ۔ ہٹیلا

جھگڑا: ۱۔ لڑائی ۔ تنازع ۔ نزاع ۔ کھٹ پٹ ۔ ناچاقی ۔ نفاق ۔ بخش ۔ پرخاش ۔ دشمنی ۔ خصومت ۔ بیر ۔ منافشت ۔ چپقلش ۔ کشمکش ۔ منازعت ۔ بکھیڑا ۔ جھمیلا ۔ خرخشہ ۔ الجھیڑا ۔ نااتفاقی
۲۔ دنگا ۔ فساد ۔ قضیہ ۔ ٹنٹا ۔ فتنہ
۳۔ حجت ۔ تکرار ۔ بحث ۔ ٹنٹا ۔ فضیحتی ۔ تُوتکار

| جھگڑا اجڑتا ، قبضہ سچا
| جھگڑے کی باتیں تین ، زر ، زن ، زمین

جھگڑالو: لڑاکا ۔ حجتی ۔ فسادی ۔ شریر ۔ بکھیڑیا ۔ پرکھنڈی ۔ فتنہ باز ۔ جھیب

جُھگّی: جھونپڑی ۔ کُٹی ۔ کُٹیا

جَھل: ۱۔ غصہ ۔ خفگی ۔ طیش ۔ غیظ ۔ غضب ۔ خشم ۔ تپا ۔ جُھنجھل ۔ جھانجھ
۲۔ حسد ۔ رشک ۔ بدخواہی ۔ کینہ ۔ جلن ۔ جلاپا

۳۔ جوشِ شہوت۔ مستی
۴۔ تپش۔ حرارت۔ حدت۔ آنچ۔ سینک
۵۔ دیوانگی۔ جنون۔ پاگل پن
۶۔ روشنی۔ چمک۔ دمک
۷۔ تیزی۔ تندی۔ چڑچڑاہٹ۔ تلخی۔ کڑواہٹ

جھلا: ۱۔ مغلوب الغضب۔ خشمگیں۔ پُرغیظ۔ طیش ناک۔ غصیل۔ برافروختہ
۲۔ پاگل۔ دیوانہ۔ خبطی۔ مجنون
۳۔ پُرشہوت۔ شہوت پرست۔ بھوگی۔ بدمست
۴۔ کڑوا۔ تلخ۔ چڑچڑا

جھلانا: جھونٹا دینا۔ ہلانا۔ پینگ دینا۔ گہوارہ جنبانی

جھلملاہٹ: ۱۔ چمک۔ دمک۔ روشنی۔ تابندگی
۲۔ جلن۔ سوزش۔ تپک
۳۔ چڑچڑاہٹ۔ تلخی۔ کڑواپن

جھلڑ: غول۔ جھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔ مڈار

جھلسا: ۱۔ آگ۔ لوکا۔ شعلہ۔ لپٹ
۲۔ نگوڑا۔ کم بخت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت

جھلک: ۱۔ روشنی۔ چمک۔ دمک۔ نور
۲۔ جلوہ۔ تجلّی۔ جھمک۔ جھمکار
۳۔ پرتو۔ عکس۔ جھکی۔ جھانکی۔ نشکارا
۴۔ آب و تاب۔ رونق
۵۔ مشابہت۔ میل
۶۔ مختصر نظارہ۔ جھپکی

جھلمل: ٹمٹماہٹ۔ کم تابی۔ جگمگاہٹ۔ تنک تابی۔ چمچاہٹ۔ جھلملاہٹ

جھلملا: ٹمٹماتا۔ کم تاب۔ تنک تاب

جھلملی: ۱۔ چلمن۔ چق۔ جالی
۲۔ جھمکی چاندنی۔ پھیکی چاندنی

جھلی: پوست۔ باریک پردہ۔ غشا۔ جالا۔ کاغذی۔ حریری

جھماکا: ۱۔ دھڑکا۔ دھماکا
۲۔ موسلا دھار بارش۔ تریڑا۔ چھینٹا
۳۔ روشنی۔ چمک

جھمک: چمک۔ دمک۔ درخشندگی۔ بھڑک

جھمکا: دیدار۔ نظارہ۔ جھلک۔ جلوہ

جھمکا: ۱۔ گچھا۔ خوشہ
۲۔ عقدِ ثریا۔ خوشۂ پروین۔ پرن
۳۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔ بالی۔ مُرکی۔ بُندا۔ کرن پھول۔ جھمکی۔ کنن پھول۔ بجلی۔ کانٹے

جھمکڑا: ۱۔ کروفر۔ شانِ تجمل۔ شان و شوکت
۲۔ خوب صورتی۔ حسن و جمال
۳۔ تجلّی۔ جلوہ۔ دیدار۔ نظارہ

جھمیلا: جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فتنہ۔ فساد۔ دنگا۔ خرخشہ

جھمیلیا: جھگڑالو۔ بکھیڑیا۔ فسادی۔ شریر۔ دنگئی

جھنجٹ: جھگڑا۔ تکرار۔ حجت۔ تضیہ۔ بکھیڑا۔ الجھن

جھنجلاہٹ: جل جلاہٹ۔ غصہ۔ خفگی۔ پیچ و تاب

جھنجھناہٹ: ۱۔ جھنکار۔ جھن جھن
۲۔ سنسناہٹ
۳۔ سوزش۔ جلن۔ تپک
۴۔ غصہ۔ ناراضگی۔ جھنجلاہٹ

جھُنڈ: ۱۔ غول۔ گلہ۔ ٹکڑی۔ ڈار۔ پرا۔ جتھہ
۲۔ جماعت۔ گروہ۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ مجمع۔ انبوہ
۳۔ مجموعۂ درختاں

جھنڈا: نشان۔ علم۔ بیرق۔ لوا۔ رایت۔ پرچم۔ پھریرا۔ باؤٹا۔ دھجا

جھنڈا گاڑنا — جھنڈا گڑنا — جھنڈا کھڑا کرنا —
جھنڈے پر چڑھانا — جھنڈے پر چڑھنا —
جھنڈے تلے کی دوستی

جھنکار: جھن جھن۔ جھنجناہٹ۔ آوازِ ساز

جھُوٹ: ۱۔ کذب۔ دروغ۔ ناراستی۔ باطل۔ غلط۔ بے اصل۔ گوڑ۔ ناحق
۲۔ کھوٹ۔ جعل۔ دھوکا۔ فریب۔ چھل۔ مکر۔ بہانہ۔ افترا۔ لغو
۳۔ پس خوردہ۔ اُلش۔ جھوٹن

جھوٹ بنانا — جھوٹ بولنا — جھوٹ پکڑنا — جھوٹ
جاننا — جھوٹ سچ لگانا — جھوٹ کا پتلا — جھوٹ
کے پاؤں نہیں ہوتے — جھوٹ کے پل باندھنا —
جھوٹ کے دفتر — جھوٹ لگانا — جھوٹ موٹ

جھوٹ برابر پاپ نہیں
جھوٹ بولنا اور گوہ کھانا برابر ہے
جھوٹ بولنے میں رکھا کیا ہے
جھوٹ بولنے میں صرفہ کیا
جھوٹ جھوٹ ہے سچ سچ ہے

جھوٹ چاہے جیسی، سچ کہے میں ننگا بھلا
جھوٹ سے کام نہیں چلتا
جھوٹ کہنا اور جھوٹ کھانا برابر ہے
جھوٹ کہے سو لڈو کھائے، سانچ کہے سو مارا جائے
جھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی
جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے
جھوٹ نہ بولے تو پیٹ اپھر جائے

جھُوٹا: ۱۔ کاذب۔ کذاب۔ دروغ گو۔ دروغ باف۔ مفتنی۔ لپاڑیا
۲۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ عیار۔ چھلیا۔ دھوکے باز۔ دم باز
۳۔ بے ایمان۔ بددیانت۔ خائن۔ اُدھری
۴۔ ناقص۔ کھوٹا۔ عیب دار
۵۔ جعلی۔ نقلی۔ مصنوعی۔ فرضی
۶۔ بیکار۔ ناکارہ۔ فضول
۷۔ پس خوردہ۔ اُلش
۸۔ اُلٹا۔ بایاں۔ چپ

جھوٹا کوئی کہتا ہے تو میٹھے کے لیے
جھوٹا مرے نہ شہر پاک ہو
جھوٹی بات بتادے، پانی میں آگ لگادے
جھوٹے جگ پتیائے
جھوٹے کا منہ کالا، سچے کا بول بالا
جھوٹے کے آگے سچا رو مرے
جھوٹے کے ساتھ دوستی کیا، لنگڑے کا ساتھ کیا
بہرے سے بولنا کیا، گونگے کی بات کیا
جھوٹے کے منہ میں بو آتی ہے
جھوٹے کے منہ میں گوہ

جھوٹا (بہ واوِ مجہول): بیٹنا۔ جاموس

جھوجھرا: ٹوٹا پھوٹا۔ شکستہ

جھوڑ : ۱. لڑائی جھگڑا۔ ٹنٹا۔ تنفیہ۔ نزاع۔ تنازعہ
۲. تکرار۔ ردوبدل

جھوک : ۱. جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن۔ خمیدگی
۲. دھکا۔ دھچکا۔ جھکولا۔ ریلا
۳. نشہ۔ ترنگ۔ لہر۔ موج
۴. تول۔ وزن

جھول : ۱. ڈھیلاپن۔ چُرس۔ چُنٹ۔ سلوٹ
۲. ملمع۔ گلٹ

جھولا (بہ واوِ مجہول) **:** ۱. تھیلا۔ تھیلی
۲. ڈھیلاپن
۳. رعشہ
۴. اشارۂ دست

جھُولا (بہ واوِ معروف) **:** ۱. پنگوڑا۔ گہوارہ۔ پالنا۔ مہد
۲. ہنڈولا۔ پینگ۔ جھونٹا۔ ارجوحہ

جھولی (بہ واوِ مجہول) **:** ۱. تھیلی۔ خرجی۔ زنبیل۔ شلاق۔ جھوری
۲. گود۔ آغوش

جھومر : ۱. جھرمٹ۔ جھنڈ۔ گروہ۔ مجمع۔ غول۔ انبوہ۔ جمگھٹ
۲. زیورِ پیشانی

جھونپڑا : جھگی۔ کُٹی۔ کُٹیا۔ چھپر۔ پھوس کا گھر۔ کوخ۔ کُشت۔ تُش۔ خُص۔ گھریٹا۔ کاشیح۔ جھونپڑی۔ بُونگا۔ کُٹی

| جھونپڑی میں رہ کے محلوں کے خواب

جھُونجل : غصہ۔ غضب۔ تپنا۔ طیش۔ پیچ وتاب۔ کلیس

جھونکا : ۱. موجِ ہوا۔ لہر۔ جھونک۔ پینگ
۲. ریلا۔ دھچکا۔ دھکا۔ ہلکورا۔ جھکولا

جھینپ : شرمندگی۔ ندامت۔ شرمساری۔ حجاب

جھیلنا : سہنا۔ برداشت کرنا۔ سنبھالنا۔ اُٹھانا

جھینگر : گھُرگھُرا۔ زنجیرہ۔ جُندب۔ ژرژر۔ ژرژور۔ جُدجُد

جی : ۱. ہاں۔ بے۔ نعم
۲. جناب۔ حضور۔ حضرت۔ صاحب
۳. ضرور۔ بے شک

جی حضوری : خوشامد۔ چاپلوسی۔ کاسہ لیسی۔ تملق

| جی کو جی سنو / کہلاؤ

جی : ۱. جان۔ روح۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔ دم۔ پران۔ سانس
۲. دل۔ قلب۔ من۔ ہیّا۔ ہردہ
۳. طبیعت۔ فطرت۔ سرشت۔ خواہش
۴. خود۔ آپ۔ بذاتِ خود
۵. جرأت۔ دلیری۔ بہادری۔ شجاعت۔ مردانگی
۶. جانور۔ جاندار۔ حیوان۔ ذی روح
۷. طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ بل۔ زور
۸. محبت۔ اُنس۔ پیار۔ پریت

جی دار : جرأت مند۔ جری۔ دلیر۔ دلاور۔ بہادر۔ بانکا۔ باہمت۔ حوصلہ مند
جی داری : جرأت مندی۔ دلیری۔ دلاوری۔ بہادری۔ بلند ہمتی۔ حوصلہ مندی

جی آجانا — جی اُٹھنا — جی اُچٹ جانا — جی اداس ہونا
— جی اُڑ جانا — جی اکتا جانا — جی الٹ جانا —

جی اُلٹنا ــ جی بٹنا ــ جی بُرا کرنا ــ جی بکھرنا ــ جی
بگڑا جانا ــ جی بند ہونا ــ جی بھاری ہونا ــ جی بھٹکنا
ــ جی بھر آنا ــ جی بھرا آنا ــ جی بھر بھر آنا ــ
جی بھر جانا ــ جی بھر کر دیکھنا ــ جی بہلانا ــ جی بہلنا
ــ جی بیٹھا جانا ــ جی پانی کرنا ــ جی پک جانا ــ
جی پکڑا جانا ــ جی پکڑ لینا ــ جی پگھلنا ــ جی
پھٹ جانا ــ جی پھر جانا ــ جی پھسلنا ــ جی پیچھے پڑنا
ــ جی پھیکا ہونا ــ جی ترسنا ــ جی ٹوٹ جانا
جی ٹھکنا ــ جی ٹھنڈا ہونا ــ جی جان سے فدا ہونا ــ
جی جانتا ہے ــ جی جلانا ــ جی جلنا ــ جی جی اٹھنا
ــ جی چاہنا ــ جی چُرانا ــ جی چلنا ــ جی چھپانا
ــ جی چھوٹنا ــ جی چھوڑ دینا ــ جی دکھی ہونا
ــ جی دوڑنا ــ جی دھڑکنا ــ جی دہلنا ــ
جی ڈوبنا ــ جی ڈھیا جانا ــ جی رُکنا ــ جی رکھنا
ــ جی سائیں سائیں کرنا ــ جی سنسانا ــ جی سے
اُتر جانا ــ جی سے جی ملنا ــ جی کا بخار نکالنا ــ
جی کا غبار نکالنا ــ جی کڑھانا ــ جی کُڑھنا ــ جی
کو لگنا ــ جی کو مارنا ــ جی کھٹا کرنا ــ جی کھٹا ہونا
ــ جی کھلنا ــ جی کھول کر ــ جی کی جی میں رہنا
ــ جی گرا جانا ــ جی گھبرانا ــ جی جل جانا ــ جی
لرزنا ــ جی لگانا ــ جی لگنا ــ جی لُٹنا ــ جی للچانا
ــ جی لرزنا ــ جی متلانا ــ جی مر جانا ــ جی ملانا
ــ جی ملنا ــ جی میں آنا ــ جی میں بیٹھنا ــ جی
میں جل جانا ــ جی میں جی آنا ــ جی میں جی ڈالنا ــ
جی میں ڈالنا ــ جی میں رکھنا ــ جی میں کھبنا ــ جی میں
گھر کرنا ــ جی ہارنا ــ جی ہاتھ میں لینا ــ جی ہٹ
جانا ــ جی ہلنا ــ جی ہی جی میں باتیں کرنا

جی بہت جلتا ہے مگر تو نہیں چھٹتا
جی جلنے سے ہاتھ جلانا بہتر ہے
جی جاتے کمی نہ جائے

جی کا بیری جی
جی نہیں لگتا جب جی کہیں لگ جائے
جی کے بدلے جی
جی ہے تو جہان ہے
جی ہے تو سب کچھ ہے

جَے: ۱۔ جیت۔ فتح۔ ظفر۔ نصرت
۲۔ خوشی۔ مسرت۔ نشاط۔ بہجت۔ ابتہاج
۳۔ ترقی۔ بالیدگی۔ عروج
۴۔ مرحبا۔ شاباش۔ خوب

جے جے کار: نعرۂ فتح۔ نعرۂ خوشی

جیا: ۱۔ جان۔ دل۔ روح
۲۔ پیارا۔ محبوب۔ پریتم۔ معشوق۔ جانی

جیالا: جی دار۔ جرأت مند۔ جری۔ دلیر۔ دلاور۔ بہادر۔ شجاع

جیب: کیسہ۔ خریطہ۔ تھیلی۔ پاکٹ۔ کھیسا۔ بوجا۔ گوجا۔ گریبان

جیب تراش / کترا: گرہ کٹ۔ بیٹرا۔ اُچکّا۔ گٹھ کٹا۔ گرہ بُر۔ پاکٹ مار۔
ٹھگ

جیب خرچ: روزینہ۔ وظیفہ

جیب میں نہیں دانے، بُڑھیا چلی بُھنانے
جیب میں نہیں کوڑی، چھیلا پھرے گلی گلی

جیبی: چھوٹا۔ مختصر

جیبھ: زبان۔ لسان

جیبھ چلی سواد پایا
جیبھ چلی سواد نہ آیا
جیبھ چلی نہ سواد آیا
جیبھ جنے ایک بار، ماں جنے بار بار
جیبھ چلے ستر بلا ٹلے
جیبھ دیوانی اپنے کام سیانی
جیبھ کے تلے جیبھ ہے

جیت: ۱. فتح۔ ظفر۔ نصرت۔ وِجے۔ کامیابی۔ فتح مندی
۲. غلبہ۔ فوقیت۔ برتری
۳. نفع۔ فائدہ۔ سود

جیت تمہاری ہار ہماری
جیت کی ہوا ہی اچھی
جیت ہمت کے ہاتھ ہے

جیتا: ۱. زندہ۔ جاندار۔ ذی حیات۔ بقید حیات
۲. زیادہ۔ بیش

جیتا جاگتا: زندہ سلامت۔ صحیح و تندرست
جیتا جوت: کھلا جوت۔ برتا یا جوت۔ سفید جوت
جیتا لہو: تازہ خون

جیتا چھُڑوا دینا ـــ جیتا چڑا ـــ جیتا رہنا ـــ جیتا گاڑنا ـــ جیتا لہو ـــ جیتا ... ـــ جیتے جی ـــ جیتے جی مر جانا ـــ جیتے جی مٹی میں مِلنا ـــ جیتے جی کے سب ہیں ـــ جینے کا چارہ ـــ جیتی جاگتی زندگی

جیتی کوئی نہیں نگلی جاتی
جیتے آسا، مرے نراسا
جیتے پتا کی پوچھی نہ بات، مرے پتا کو دودھ اور بھات

جیتے تو دیکھوں جھرے، امر گئے تو موتیوں جڑے
جیتے جی کا میلہ ہے
جیتے جی کا ناتا ہے
جیتے جی کے سب ہیں

جیٹھ: ۱. بڑا اور بزرگ شوہر
۲. گرمیوں کا مہینہ

جیٹھا: ۱. اعلیٰ۔ نہایت شریف
۲. پہلا بچہ۔ پہلوٹا۔ پہلوٹی کا بچہ
۳. بڑا۔ بہترین۔ عمدہ
۴. سردار۔ حاکم

جیجا: بہنوئی۔ شوہر خواہر

جیجا کے مال پر سالی متوالی

جیجی: ۱. بہن۔ خواہر۔ ہمشیر۔ اُخت
۲. پستان۔ چھاتی۔ چوچی

جَیِّد: ۱. کھرا۔ خالص۔ بے میل
۲. عمدہ۔ نیک۔ خوب
۳. طاقت ور۔ قوی۔ زبردست۔ بھاری

جیسا: جس طرح۔ جس طرح کا۔ جس صورت کا

جیسا آقا ویسا نوکر
جیسا اونٹ لمبا ویسا گدھا خراس
جیسا نیچے کو اٹھاؤ گے اٹھے گا
جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے
جیسا پیوے پانی، ویسی بولے بانی

جیسا تیرا بیناد دینا ویسا میرا کا آکاق / گانا بجانا

جیسا دودھ ویسا بدھ

جیسا دودھ دھولا، ویسی تپا چپ دھولی

جیسا دیس ویسا بھیس

جیسا دیوتا ویسی پوجا

جیسا دیوے ویسا پاوے۔ پوت بھنڈار کے آگے آوے

جیسا راجا ویسی پرجا

جیسا سوتا ویسا ہی دھارا

جیسا سوت ویسا بھینٹا جیسا باپ ویسا بیٹا

جیسا سوت ویسی بھینٹی۔ جیسی ماں ویسی بیٹی

جیسا نیوتی چور ویسا جڑ تیچر

جیسا کاچھ کا پیسے، ویسا ناچ نچیے

جیسا کرنا ویسا بھرنا

جیسا کیا ویسا پایا

جیسا کن بھر، ویسا من بھر

جیسا گاؤں دیکھیے ویسے روزے رکھیے

جیسا مان ویسا دان

جیسا من ویسا دان

جیسا منہ ویسا تھپیڑا / تھپڑ

جیسی اوڑھی کاملی ویسے اوڑھے کھیس

جیسی بندگی ویسا انعام

جیسی پڑی ویسی سہی

جیسی تیری بھگت ویسی میری آشیرباد

جیسی تیری ترل چاولی ویسا میرا گیت

جیسی داتی آپ چھنال ویسے جانے سب سنسار

جیسی ذات ویسی بات

جیسی روح ویسے فرشتے

جیسی سیوا کرے ویسا میوہ کھائے

جیسی کرنی ویسی بھرنی

جیسی منا ویسی سُنا

جیسی گنگا نہائے ویسے پھل پائے

جیسی گئی تیس ویسی آئیں، حق مرکا، دوبا مائیں

جیسی مُردے پہ سو من مٹی ویسی ہزار من

جیسی ناؤ ویسے چڑھے

جیسی نیت ویسی مراد

جیسے ایک بار ویسے ہزار بار

جیسے باندھو ویسے پاؤ

جیسے حُسن ویسے حَسین

جیسے دام ویسا کام

جیسے ساجن آئے تیسا بچھونا بچھائے

جیسے کنتھا گھر رہے ویسے رہے بدیس

جَیش : فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ دَل۔ کٹک۔ عسکر

جیل : قید خانہ۔ بندی خانہ۔ محبس۔ سجن۔ زنداں۔ بڑا گھر۔ حوالات

جیو : روح۔ جان۔ زندگی۔ زیست۔ حیات

جیوٹ : ۱۔ دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔ جرأت مند۔ جری
۲۔ دلیری۔ بہادری۔ شجاعت۔ جرأت

جیوڑا : ۱۔ جی۔ دل۔ من۔ قلب
۲۔ جان۔ روح۔ زندگی۔ زیست۔ حیات
۳۔ معشوق۔ محبوب۔ پیتم

جیون : زندگی۔ زیست۔ حیات

جیون ساتھی : رفیقِ حیات۔ رفیقِ زندگی۔ شریک حیات

ہونے میرا جائی، گلی گلی بھر جائی

چابک : ۱۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ دُرّہ۔ چابُک۔ ہنٹر۔ قمچی۔ سانٹا
۲۔ تیز۔ چالاک۔ چُست۔ پھرتیلا۔ چوکنا۔ ہوشیار

چابک خرام : تیز خرام۔ تیز رَو۔ تیز رفتار۔ تیز گام۔ سبک گام۔ سبک رو۔ سبک خرام

چابک خرامی : تیز خرامی۔ تیز روی۔ تیز رفتاری۔ تیز گامی۔ سبک گامی۔ سبکدوی۔ سبک خرامی

چابک دست : تیز دست۔ مشاق۔ ماہر۔ کاریگر۔ ہنرمند۔ تردست

چابک دستی : تیز دستی۔ مشاقی۔ مہارت۔ ہنرمندی۔ تردستی

چابک سوار : شہسوار۔ ماہر سوار۔ مشاق سوار۔ تربیت کنندۂ اسپ

چابک عناں : ۱۔ اسپ تیز رو۔ اسپ سبک خرام۔ سبک گام
۲۔ سوارِ تیز رو

چابکی : تیزی۔ چالاکی۔ چُستی۔ ہوشیاری۔ پھرتیلاپن۔ پھرتی۔ چوکسی۔ چوکناپن

چابی : کُنجی۔ تالی۔ کلید۔ مفتاح

چاپ (اردو) : آہٹ۔ آوازِ پا

چاپ (فارسی) : چھاپ۔ چھاپا۔ چھپائی۔ طبع۔ طباعت۔ ایڈیشن

چاپلوس : خوشامدی۔ متملق۔ کاسہ لیس۔ تر زبان۔ چرب زبان

چاپلوسی : خوشامد۔ بیجا تعریف۔ تملق۔ کاسہ لیسی۔ تر زبانی۔ چرب زبانی۔ مدح سرائی

چاتر : ۱۔ ہوشیار۔ چالاک۔ دانا۔ عقلمند۔ چتر۔ دانشمند
۲۔ مکّار۔ عیّار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چاپیا۔ بہانہ باز۔ دغا باز
۳۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ جری۔ دلاور۔ شجیع۔ جرأت مند

| چاتر تو بیری بھلا، مُورکھ بھلا نہ میت
| چاتر کا کام نہیں پاتر سے اٹکے
| چاتر کی چوگنی، مورکھ کی سوگنی

چاٹ : ۱۔ چسک۔ چسکا۔ مزہ۔ لپکا۔ عادت۔ لت۔ دھت
۲۔ کچالو۔ دہی بڑے

| چاٹ لگی تو حلوائی کی دکان سُوجھی

چادر : ردا۔ برد۔ شال۔ غلاف۔ بالاپوش۔ اوڑھنا۔ چھپتے۔ تہبند

| چادر تھوڑی پاؤں پھیلائے بہت

چار : ۱۔ چہار۔ اربعہ۔ سادر۔ چوکا۔ چوڑا
۲۔ چند۔ بعض۔ متعدد۔ کچھ

چارپائی: کھاٹ۔ کھٹ۔ پلنگڑی۔ مسہری۔ کھٹولا۔ چھپرکھٹ۔ منجی
چارپایہ: چوپایہ۔ جانور۔ مویشی۔ ڈنگر۔ ڈھور
چارپیسے: مال دولت۔ سرمایہ۔ ثروت۔ تمول۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت
چارتکبیر: نمازِ جنازہ
چارجانی: فاحشہ۔ قحبہ۔ بدکار۔ چھنال۔ آوارہ۔ کسبی۔ رام جنی۔ رنڈی۔ طوائف
چارچشم: ۱۔ بے مروت۔ بے لحاظ۔ بے وفا۔ بے دید۔ طوطا چشم
۲۔ منتظر۔ مشتاق۔ آرزومند
چارحرف: لعنت
چار دانگ: ہر چہار طرف۔ چاروں اور۔ کل دنیا۔ تمام عالم۔ چاروں کھونٹ۔ چاروں سمت
چار دن: چند روز۔ تھوڑے دن۔ مختصر مدت۔ مدتِ قلیل
چار دن کی بادشاہی: چند روزہ حکومت۔ ناپائیدار اقتدار۔ فانی حکومت۔ بے ثبات اقتدار
چار دن کی بہار: چند روزہ رونق۔ حسنِ ناپائیدار۔ لطفِ بے ثبات
چار دیواری: احاطہ۔ فصیل۔ شہر پناہ۔ گھیر۔ پردہ
چارسو: چار طرف۔ چار دانگ۔ ہر سو۔ ہر طرف۔ چاروں اور۔ چاروں کھونٹ۔ چاروں سمت
چارشنبہ: یوم الاربعہ۔ بدھ وار۔ بدھ
چار طاق: چہار گوشہ خیمہ۔ راوٹی
چار عنصر: اربعہ عناصر، چار ارکان یعنی آگ، ہوا، پانی، مٹی
چار قدم: مختصر فاصلہ۔ قریب۔ نزدیک۔ جوار۔ نواح۔ دو قدم
چار قل: چہار سورۂ قرآن یعنی سورۃ الکافرون، سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس
چار کھونٹ: چار سو۔ چار دانگ۔ چار طرف۔ چاروں اور۔ چار سمت
چار گن: چہار گونہ۔ چہار چند۔ چوگنا
چار گوشہ: چوکھونٹا۔ چوگوشیا۔ چار پہل۔ چار کونیا۔ چہار گوشہ۔ چہار پہلو۔ مربع۔ چوکور۔ چوکونیا

چار مذہب: چہار مسالک اہلِ سنت یعنی فقہ حنفی، فقہ مالکی، فقہ حنبلی، فقہ شافعی
چار مغز: مغز خیار، تربوز، خربوزہ، کدو
چار منزل: چہار مدارجِ سلوک یعنی شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت
چار موج/موجہ: گرداب۔ بھنور۔ ورطہ۔ چرخاب
چار یار: چار صحابۂ کرام یعنی حضرت ابوبکر، عمر، عثمان، علی رضی اللہ عنہم
چار یاری: دوستی۔ مصاحبت۔ مجمعِ احباب۔ محفلِ احباب

چار ابرو — چار آئینہ — چار باغ — چار بالش — چار تال — چار جامہ — چار نوک — چار خانہ — چار دانت — چار کانے — چار زانو — چار گام — چار ارکان — چار بندی — چار بیخ — چار پارہ — چار پہر — چار شاخ — چار خم — چار شانہ — چار سنگر — چار میخ

چار امی اور تین مچھے
چار باسن ہوتے ہیں تو کھڑکتے ہیں
چار برس تیں زیادہ دیکھی ہیں
چار بید پانچواں بھید
چار پاؤں کا گھوڑا چوکتا ہے، دو پاؤں کا آدمی کیا بلا ہے
چار پائے بروکتا بے چند
چار چور چوراسی بنیے ایک ایک کرکے لوٹا
چار دن چاندنی، چار دن اندھیاری
چار دن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ/اندھیری رات
چار دن کی چار چودس ہے
چار دن کی چودھراہٹ ادھار
چار دن کی کوتوالی، پھر وہی کھرپا جالی
چار سال برا احوال
چار فقیروں کو نہ دیا ایک تکیہ دار کو دیا
چار ہاتھ پاؤں تو سب کے ہیں
چار یار وہ بھی بیکار

چارا: گھاس دانہ ۔ علف ۔ علوفہ ۔ خوراک ۔ غذا

چاروناچار: طوعاً و کرہاً ۔ مجبوراً ۔ خواہ مخواہ ۔ قہراً جبراً ۔ زبردستی ۔ ارسے بکیے

چارہ: ۱۔ تدبیر ۔ علاج ۔ تدارک
۲۔ مدد ۔ اعانت ۔ سہارا ۔ دست گیری ۔ امداد

چارہ پذیر: قابلِ علاج ۔ قابلِ درماں ۔ قابلِ معالجہ
چارہ جو: داد خواہ ۔ فریادی ۔ مستغیث ۔ نالش کنندہ
چارہ جوئی: داد خواہی ۔ فریاد ۔ استغاثہ ۔ نالش
چارہ ساز: چارہ گر ۔ معالج ۔ طبیب ۔ دست گیر ۔ مدد ۔ معاون ۔ معین
چارہ سازی: چارہ گری ۔ علاج ۔ معالجہ ۔ طبابت ۔ دست گیری ۔
مدد ۔ اعانت ۔ امداد
چارہ گر: چارہ ساز ۔ معالج ۔ طبیب ۔ دست گیر ۔ مدد ۔ معاون ۔ معین
چارہ گری: چارہ سازی ۔ علاج ۔ معالجہ ۔ دست گیری ۔ مدد ۔
اعانت ۔ امداد

چاشنی: ۱۔ مزہ ۔ ذائقہ
۲۔ نمونہ
۳۔ قوام ۔ شیرہ
۴۔ خفیف آمیزش

چاشنی گیر: دارونہ مطبخ ۔ خانساماں ۔ بکاول

چاق: ۱۔ صحیح ۔ تندرست ۔ ہشاش بشاش ۔ چوبند ۔ صحت ور ۔ صحتمند
۲۔ مضبوط ۔ توانا ۔ قوی ۔ طاقت ور ۔ بلوان ۔ بلونت ۔ زور آور
۳۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ چرتر ۔ تیز ۔ پھرتیلا ۔ چست

چاق چوبند: ۱۔ تندرست ۔ بھلا چنگا ۔ زور آور ۔ طاقت ور ۔ موٹا تازہ ۔
فربہ ۔ بلوان ۔ بلونت
۲۔ چست ۔ پھرتیلا ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ تیز ۔ چرتر

چاقو: چھری ۔ کارد ۔ دشنہ ۔ خنجر ۔ قلم تراش ۔ نوالہ بر ۔ بینچ کرنگ

چاک: ۱۔ پھٹا ۔ دریدہ ۔ تراشیدہ ۔ بریدہ
۲۔ شگاف ۔ درز ۔ پھٹن ۔ زخم ۔ جراحت
۳۔ کمہار کا برتن بنانے کا چکر

چاکر: خدمت گار ۔ خادم ۔ نوکر ۔ ملازم

| چاکر سے نوکر جیسے جو سودے اپنی جیبھ

چاکری: خدمت ۔ خدمت گاری ۔ خدمت گزاری ۔ نوکری ۔ ملازمت

| چاکری میں آ کر کیا

چال: ۱۔ رفتار ۔ حرکت ۔ روش
۲۔ طور ۔ طریقہ ۔ انداز ۔ بھاؤ ۔ چلن ۔ ڈھنگ ۔ وضع ۔ اسلوب
۳۔ دھوکا ۔ فریب ۔ دم ۔ چھل ۔ جھانسا ۔ مکر ۔ جوڑ توڑ ۔ سازش ۔
مکاری
۴۔ گھات ۔ داؤں ۔ پیچ
۵۔ تجویز ۔ تدبیر ۔ اُپائے ۔ ترکیب ۔ حکمت ۔ منصوبہ
۶۔ بحر ۔ وزن ۔ تال ۔ سُر

چال باز: چالاک ۔ ہوشیار ۔ فریبی ۔ مکار ۔ چھلیا ۔ عیار ۔ چالیا ۔ فریب کار ۔
دغاباز ۔ جھانسے باز
چال بازی: چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ فریب ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ چھل ۔ دغابازی ۔
فریب کاری ۔ دم ۔ جھانسا ۔ چکما

چال چلنا — چال سُوجھنا — چال سے منہ چُوکنا —
چال کرنا

چالاک: ۱۔ چست ۔ تیز ۔ پھرتیلا ۔ ہشاش بشاش ۔ چاق چوبند ۔ بتیا تیکھا

۲۔ تیز رفتار۔ تیز قدم۔ تیز گام۔ سبک خرام۔ سبک ناز
۳۔ ذکی۔ ذہین۔ ہوشیار۔ زیرک۔ سیانا۔ عقلمند۔ دانا
۴۔ آتش کا پرکالہ۔ کائیاں۔ چلتا پرزہ۔ خرانٹ۔ سرد و گرم زمانہ چشیدہ۔ پراتم۔ آزمودہ کار۔ پختہ کار۔ تجربہ کار۔ ترترا۔ ترتریا۔ پشتانا۔ جہاں دیدہ
۵۔ مکار۔ فریبی۔ عیار۔ چھلیا۔ جعل ساز۔ دغا باز۔ چالیا۔ لاڑھیا۔ اڑی مار۔ چاتر۔ شاطر۔ زٹ باز۔ فند باز۔ چتر۔ فتنہ پرداز۔ کائد۔ پُرکار
۶۔ استاد۔ کاریگر۔ تیز دست۔ چابکدست۔ مشاق۔ ہنرمند
۷۔ شوخ۔ چنچل۔ اچپل۔ شریر۔ ٹنگ۔ چلبلا۔ چرچال

چالاکی: ۱۔ مستعدی۔ چستی۔ پھرتی۔ ہوشیاری۔ جولانی
۲۔ ذہانت۔ زیرکی۔ سیانا پن۔ عقلمندی۔ دانائی
۳۔ آزمودہ کاری۔ تجربہ کاری۔ پختہ کاری۔ کائیاں پن
۴۔ مکاری۔ فریب کاری۔ عیاری۔ چھل۔ جعل سازی۔ دغا بازی۔ صفائی۔ چترائی
۵۔ استادی۔ کاریگری۔ تیز دستی۔ چابک دستی۔ مشاقی۔ ہنرمندی
۶۔ شوخی۔ چنچل پن۔ شرارت۔ اچپلاہٹ

چال چلن: روش۔ عادات و خصائل۔ طور طریقہ۔ رفتار۔ روش۔ رنگ ڈھنگ۔ چال ڈھال۔ رفتار و گفتار۔ رویہ۔ طور۔ طریق۔ طرز۔ انداز۔ طریقہ۔ رواج۔ رسم۔ حرکت۔ ڈھنگ۔ عادت۔ سبھاؤ۔ کردار۔ طرز عمل۔ وضع

چالو: ۱۔ چلتا۔ رواں۔ مستعمل۔ کارآمد
۲۔ رائج۔ مروج۔ جاری۔ نافذ۔ بدکار عورت
۳۔ قحبہ۔ چھنال۔ کسبی

چالیا: فریبی۔ مکار۔ عیار۔ چھلیا۔ دغا باز۔ جعل ساز۔ چالباز۔ فریب کار۔ جالسے باز

چالیس: چہل۔ اربعون

چام: چمڑا۔ چمڑی۔ کھال۔ چرم۔ پوست۔ جلد۔ کھلڑی

| چام پیارا نہیں کام پیارا ہے

چانٹا: تمانچا۔ تھپیڑ۔ دھول۔ لپڑ۔ سیلی۔ دھپا

چاند: ۱۔ ماہتاب۔ قمر۔ چندرماں۔ سوم۔ ماہ۔ چندا۔ ہلال۔ بدر
۲۔ کھوپڑی۔ چندیا۔ ٹانٹ
۳۔ ہدف۔ نشان۔ نشانہ۔ آماجگاہ
۴۔ ٹیکا۔ پھول

چاند سا مکھڑا — چاند پہ خاک ڈالنا — چاند چڑھنا — چاند کا ٹکڑا — چاند طلوع ہونا — چاند کو گہن لگنا — چاند کا ہالہ — چاند کا کنڈل بیٹھنا

| چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا
| چاند پہ خاک ڈالے تو اپنے ہی منہ پر پڑے
| چاند پہ خاک نہیں پڑتی
| چاند چڑھے کل عالم دیکھے
| چاند خاک ڈالنے سے نہیں چھپ سکتا
| چاند کو بھی خدا نے داغ لگایا ہے
| چاند گہن میں چکی رہا ہے کا گیا کام
| چاند میں میل نہیں

چاندنا: ۱۔ روشنی۔ اُجالا۔ اجالا پاکھ۔ زمانۂ عروج ماہ
۲۔ رونق۔ چہل پہل
۳۔ زیبائش۔ آرائش۔ آراستگی۔ سجاوٹ۔ بناؤ۔ زینت

چاندنی: ۱۔ نورِ قمر۔ ضیائے قمر۔ روشنیٔ ماہ

۲۔ سفید فرش۔ سفید چادر
۳۔ سفید۔ براق۔ چمکیلا
۴۔ شامیانہ۔ سائبان
۵۔ گلِ شبو۔ رات کی رانی

چاندی: ۱۔ نقرہ۔ سیم۔ فضہ۔ رُو پا۔ سلور
۲۔ دولت۔ ثروت۔ مال۔ سرمایہ۔ دھن
۳۔ فائدہ۔ منفعت۔ منافع۔ کامیابی۔ حاصل نفع

| چاندی کا جوتا سر پہ
| چاندی کا چشمہ لگاتے ہیں
| چاندی کی ریت نہیں، سونے کی توفیق نہیں

چاول: برنج۔ ارز۔ بھات۔ چَول۔ خُشکا۔ شالہ۔ نک۔ ساٹھی۔ پرنگ۔ شلتوک۔ رائس۔ بھت

| چاول تیجے تاول

چاہ (اردو): ۱۔ خواہش۔ طلب۔ آرزو۔ تمنا۔ اشتیاق
۲۔ محبت۔ الفت۔ حُب۔ عشق۔ شوق۔ پریت۔ پییت
۳۔ مزہ۔ لطف
۴۔ بھوک۔ جوع۔ گرسنگی۔ اشتہا
۵۔ ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج
۶۔ مانگ۔ طلب۔ درخواست۔ استدعا

چاہ (فارسی): ۱۔ کنواں۔ بئر۔ جُب۔ اندارا۔ کُوپ۔ باولی۔ کھوہ
۲۔ غار۔ گڑھا

چاہِ ذقن ـــــ چاہِ بابل ـــ چاہِ رستم ـــ چاہِ نخشب ـــ چاہِ یوسف ـــ چاہِ نخشہ ـــ چاہِ بیژن ـــ چاہِ سیماب

| چاہ کن را چاہ در پیش

چاہت: پیار۔ محبت۔ الفت۔ حُب۔ عشق۔ شوق۔ پریت۔ پییت۔ پریم

چاہت کی نوکری کیجیے، اَن چاہت کا نام نہ لیجیے

چاہے: خواہ۔ حسبِ دل خواہ۔ حسبِ مرضی۔ حسبِ منشا

| چاہے اِدھر سے ناک پکڑو چاہے اُدھر سے
| چاہے جیا جائے لاگی نہیں چھوٹے
| چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے
| چاہے جو ہو
| چاہے کوروں دلالے، چاہے منڈوا لیجیے
| چاہے جو رنگ رنگا ڈ کھلے گا ہوا

چاہیے: ۱۔ لازم۔ واجب۔ ضروری
۲۔ باید۔ شاید
۳۔ مناسب۔ موزوں

چاؤ: ۱۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ شوق۔ اشتیاق۔ چوچلا
۲۔ چاہت۔ پیار۔ لاڈ۔ محبت۔ الفت۔ پریت۔ پریم
۳۔ حسرت۔ ارمان
۴۔ ناز۔ انداز۔ ادا۔ نخرا۔ عشوہ۔ غمزہ
۵۔ خوشی۔ نشاط۔ امنگ۔ سرور
۶۔ مزہ۔ لطف
۷۔ گرمجوشی۔ تپاک

چاؤ چوچلا: ۱۔ لاڈ۔ پیار۔ محبت۔ چاہ۔ چاہت
۲۔ ناز۔ نخرا۔ ادا۔ انداز
۳۔ دُلار۔ چمکار۔ پچکار
۴۔ راز و نیاز۔ اختلاط

چاؤش : چوب دار۔ عصا بردار۔ نقیب

چائے : چا۔ شا

چبک : درد۔ تپک۔ ٹیس۔ پیڑ۔ چبھن۔ خلش۔ کھٹک

چبلا : ہنساچپل۔ طفلانہ۔ چھچھورا۔ بدتمیز۔ کمینہ۔ بدتہذیب۔ بے شعور

چبلاپن : چھچھورا پن۔ بدتمیزی۔ کمینہ پن۔ بدتہذیبی

چبوترا : چوترا۔ تھڑا۔ کرسی۔ ستیج

چبوڑ : جگت۔ بے ہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔ ہزل۔ مضحکہ۔ جک جک۔ ہرزہ گوئی

چبوڑا : جگتی۔ بے ہودہ گو۔ یاوہ گو۔ بکواسی۔ ٹھٹھے باز۔ تمسخری۔ بکی۔ جکی۔ فضول گو۔ ہرزہ گو

چبھتا : ۱۔ موثر۔ پُراثر۔ پُرتاثیر۔ اثرانداز
۲۔ تکلیف دہ۔ اذیت ناک۔ کرب ناک

چبھن : کھٹک۔ خلش۔ درد۔ تپک۔ ٹیس۔ چبک۔ پیڑ

چپ : بایاں۔ اُلٹا۔ یسار۔ کھبا

چپ دست : کھبا۔ بین ہتھا

چپ وراست : دائیں بائیں۔ یمین ویسار۔ اِدھراُدھر۔ ہرطرف۔ ہرجانب۔ ہرسمت۔ ہرجہت

چُپ : ۱۔ خاموشی۔ سکوت۔ خامشی۔ خموشی۔ بے زبانی
۲۔ خاموش۔ ساکت۔ صامت۔ اسم۔ بے زبان۔ گونگا
۳۔ خفیہ۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ نہاں۔ پنہاں۔ مستور۔ مکتوم

چپ آدمی اور بند سے پانی سے ڈرنا چاہیے
چپ آدمی مرنی ہے
چپ سب سے بھلی
چپ کی داد خدا کے ہاں

چپاتی : روٹی۔ پھلکا۔ نان

چپت : تمانچا۔ تھپڑ۔ دھول۔ دھپا۔ لطمہ۔ سیلی

چپت گاہ : چندیا۔ کھوپڑی۔ ٹانٹ

چپٹا : چوڑا چکلا۔ بیٹھواں۔ عریض

چپ چپا : لیس دار۔ چکنا۔ لسلسا۔ چیپ دار

چپ چپاہٹ : لیس۔ چیپ۔ چکن۔ چپک

چپراسی : اردلی۔ پیادہ

چپڑ خندی : کسبی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ زنِ بازاری۔ زنِ ہرزہ گرد۔ چھنال

چپڑ غٹو : ۱۔ اسیر۔ گرفتار۔ قیدی۔ زندانی۔ بندی
۲۔ بے ہوش۔ مدہوش۔ بے حواس۔ حواس باختہ
۳۔ گتھم گتھا۔ غٹ۔ پٹ

چپڑ قناتیا : ۱۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس
۲۔ کمینہ۔ سفلہ۔ کم ظرف۔ ذلیل۔ رذیل
۳۔ آوارہ۔ اوباش۔ بدمعاش۔ بدوضع۔ بدچلن
۴۔ عاشقِ بے زر۔ مفلس۔ قلاش۔ نادار۔ تہی دست

۵۔ تماش بین

چپڑی : نان روغن دار گھی لگی روٹی

| چپڑی اور دو دو

چپقلش : ۱۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ تکرار۔ مناقشت۔ دنگا۔ فساد
۲۔ انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام۔ بھیڑ۔ مجمع
۳۔ تنگیٔ جا
۴۔ شکر رنجی

چپک : لیس۔ چپ چپاہٹ۔ چپچپ

چپک : ٹیک۔ درد۔ ٹیس۔ خلش۔ چسک۔ چبھن۔ چبک

چپکا : خاموش۔ ساکت۔ صامت۔ اصم۔ بے زبان۔ گونگا

چپنی : ڈھکن۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ ڈھکنی

چپو : ڈانڈ۔ پتوار۔ بَلی

چپی : مُشت مال۔ مالش۔ مُٹھی چاپی

چپی : خاموشی۔ سکوت۔ چپ۔ خموشی۔ خامشی۔ بے زبانی

چپیٹ : ۱۔ چوٹ۔ ضربِ خفیف۔ چپیٹ
۲۔ بلائے ناگہانی۔ آفت۔ عذاب۔ مصیبت۔ بپتا
۳۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ زیان۔ خُسران
۴۔ دھکا۔ صدمہ۔ جھڑپ

چت : خیال۔ دھیان۔ توجہ۔ فکر۔ اندیشہ۔ دِل

چت چور : محبوب۔ معشوق۔ دلبر۔ دل ستاں

چت لگن : دل پسند۔ دلفریب۔ خوش کن۔ من موہنا۔ دل کی لگن

چتاؤنی : ۱۔ نشان۔ علامت۔ اثر
۲۔ اطلاع۔ آگاہی۔ خبر
۳۔ ڈر۔ خوف۔ بھے۔ دہشت۔ ہول۔ ترس۔ دھمکی
۴۔ یاد دہانی

چَتر : ۱۔ چھتر۔ چھتری
۲۔ تاج۔ مکٹ۔ افسر

چُتر : ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ طرار۔ چُست۔ پُرفن
۲۔ ماہر۔ کاریگر۔ ہنرمند۔ چابکدست۔ تیز دست
۳۔ واقف۔ دانا۔ عقل مند۔ باشعور۔ آگاہ۔ ذہین
۴۔ فطرتی۔ متفنی۔ فتنہ پرداز۔ مفسدہ پرداز
۵۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔ چھلیا۔ چالیا۔ چالباز۔ دغاباز۔ فریب کار۔ جھانسے باز

چترائی : ۱۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ تیزی طراری۔ چستی۔ پھرتی
۲۔ مہارت۔ کاریگری۔ ہنرمندی۔ چابکدستی۔ تیز دستی
۳۔ واقفیت۔ دانائی۔ عقل مندی۔ ذہانت۔ باشعوری۔ دانشمندی
۴۔ فتنہ پردازی۔ مفسدہ پردازی۔ شر انگیزی۔ فتنہ پروری
۵۔ مکاری۔ عیاری۔ فریب۔ چھل۔ چال۔ چکما۔ جھانسا۔ دغابازی۔ فریب کاری۔ جھانسے بازی

چتکبرا : ۱۔ ابلق۔ داغدار۔ چتلا۔ چتیا
۲۔ مبروص۔ برص زدہ

چتون : نظر۔ نگاہ۔ اندازِ نظر۔ تیور۔ تیوری

چتھاڑ : ذلت۔ خواری۔ فضیحت۔ رُسوائی۔ تفضیح

چھترا/چیتھڑا: پارچہ۔ گودڑ۔ دھجی۔ پیوند۔ لیر۔ لتا

چُتّل: مسخرا۔ ظریف۔ ٹھٹول باز۔ دل لگی باز۔ ہنسوڑ۔ چُہل باز۔ ہنساچُہل

چُتّل بازی: مسخراپن۔ ظرافت۔ ٹھٹھا۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مذاق۔ چُہل۔ ہنسوڑپن۔ مذاق

چِتّی: داغ۔ دھبّا۔ بندی۔ بُندکی۔ پُرزہ

چَٹ: فوراً۔ فی الفور۔ آناً فاناً۔ جھٹ

چٹ پٹ: فوراً۔ فی الفور۔ یک دم۔ یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں۔ بغتتہً۔ جھٹ پٹ

چٹ راوٹی پٹ وال
چٹے سیری منگنی پٹ میرا بیاہ
ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ

چِٹّا: سفید۔ اُجلا۔ گورا۔ ابیض۔ زرد پیلا۔ سپید

چٹّا: ۱۔ شاگرد۔ مرید۔ چیلا۔ تلمیذ۔ ارادت مند۔ عقیدت مند۔ معتقد
۲۔ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار
۳۔ الزام۔ تہمت۔ بہتان۔ اتہام
۴۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ زیاں۔ خسران

چٹاپٹی: ۱۔ دھڑادھڑ۔ مارامار
۲۔ موت پر موت۔ پے در پے اموات

چٹان: تودۂ سنگین۔ کوہچہ۔ سل۔ ٹیلا۔ تل

چٹائی: صف۔ بوریا۔ حصیر۔ سیتل پاٹی۔ پوزے۔ بھوڑی

چٹ پٹا: مزہ دار۔ چٹکیلا۔ چرپرا۔ مصالحہ دار

چَٹک: ۱۔ پھرتی۔ چستی۔ تیزی۔ جلدی۔ چالاکی۔ تیز طراری
۲۔ چمک۔ دمک۔ بھڑک۔ آب و تاب
۳۔ آرائش۔ زیبائش۔ زینت۔ بناؤ۔ سنگار۔ آراستگی

چٹک مٹک: ۱۔ ناز۔ ادا۔ انداز۔ نخرا۔ غمزہ۔ عشوہ
۲۔ غرور۔ نخوت۔ رعونت۔ تکبر۔ گھمنڈ
۳۔ کروفر۔ شان و شوکت۔ نمود و نمائش۔ ٹھاٹھ
۴۔ خرام ناز

چٹکا: ۱۔ چٹخارا۔ چسکا۔ مزہ۔ سواد
۲۔ شدتِ عطش۔ تشنگی۔ پیاس۔ ترشنا

چٹکلا: ۱۔ لطیفہ۔ ظریفانہ فقرہ۔ مزاحیہ بات۔ شگوفہ
۲۔ نادر۔ عجیب۔ انوکھا۔ نرالا

چٹکیلا: ۱۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا۔ شوخ۔ تیز
۲۔ خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا۔ چرپرا۔ مصالحہ دار

چٹنی: لعوق۔ لب چش۔ چشنہ۔ چٹنی۔ کامخ۔ سلاط

چٹورا: کھاؤ۔ اڑاؤ۔ پیٹو۔ چسکے باز۔ ندیدہ

چٹورا اکتی الونی سل
چٹورا کھاوے اپنا گھر، بٹورا کھاوے دونوں گھر
چٹوری زبان دولت کا زیان
چٹوری کھووے اپنا گھر، بٹوری کھووے دوجا گھر

چِٹھا: ۱۔حساب مال گزاری۔حساب کرایہ۔فہرست کرایہ۔قبض الوصول
۲۔کچا حساب۔مسودہ
۳۔فہرست۔فرد۔ضمیمہ

چِٹھی: ۱۔مکتوب۔مراسلہ۔خط۔رقعہ۔نامہ۔نمیقہ۔پرزہ۔شُقہ۔لیٹر۔پتر۔رُقعۂ شفقت۔الطاف نامہ۔والا نامہ۔گرامی نامہ۔نوازش نامہ۔رقیمہ
۲۔پروانہ۔سند۔اجازت نامہ۔صداقت نامہ۔تصدیق نامہ
۳۔ہُنڈی۔چیک
۴۔حکم نامہ۔فرمان

چِٹھی رساں: ڈاکیا۔قاصد۔پیامبر۔پوسٹ مین۔پیامی۔پیک۔ہرکارا
چِٹھی نویس: کاتب۔محرر۔مراسلہ نگار۔مکتوب نگار۔خط نویس۔راقم۔نویسندہ

| چِٹھی نہ پروانہ، ارے کھائیں مک بیگانہ

چَٹّی: ۱۔تاوان۔جرمانہ۔ڈنڈ۔دَھونس
۲۔نقصان۔گھاٹا۔ٹوٹا۔خسارہ۔زیاں۔خُسران
۳۔رشوت۔کر۔محصول۔لگان۔ٹیکس

چُٹیا: چوٹی۔چُونڈا۔جُوڑا۔گُت

| چُٹیا کو تیل نہیں پکوڑوں کو جی چاہے

چَٹیل: کفِ دست میدان۔بے برگ و شجر میدان۔ہموار میدان۔لق و دق

چٹیل/چٹیلا: زخم خوردہ۔چوٹ کھایا۔مجروح۔مضروب

چچا: برادرِ خُردِ پدر۔عم۔چاچا۔ترہ۔ادوہ

چچا چور بھتیجا قاضی

چچیرا: ابنِ عم

چَخ: جھگڑا۔تکرار۔حجت۔بحث۔تُو تُکار۔تنازع۔گپ شپ

چخیا: جھگڑالو۔حجتی۔بکواسی۔بکی۔جکی۔گپ باز۔گپی

چِڈا: ۱۔بُھوراں۔جانگھ
۲۔مسخرا۔ظریف۔شُغول باز۔فقرہ باز۔دل لگی باز

چڈا گُل خیرو: نقل محض۔مسخرا۔ظریف۔ہنسوڑ۔ہنستا چٹکلہ

چُڈّو: قحبہ۔فاحشہ۔زانیہ۔چنال۔بدذات۔آوارہ۔اوباش۔کسبی۔ڈھنڈو

چُڈّھا: ۱۔بُن ران۔جانگھ
۲۔پھوڑا۔گھرال

چُڈّھی: پیٹھ سواری۔مُنت کی سواری

چرا: کیوں۔کس لیے۔کس واسطے۔کس طرح

| چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

چراغ: ۱۔سراج۔دیا۔دیپک۔شمع۔بتی۔مصباح۔دیپ۔لیمپ۔نبراس۔دیوا۔جوہند
۲۔بیٹا۔فرزند۔خلف۔ابن۔پسر۔پُوت

چراغِ آسماں: سورج۔آفتاب۔مہر۔خورشید۔شمس۔چاند۔ماہ۔ماہتاب۔قمر۔چندرماں۔سوم

چراغ پا: ۱۔ شمعدان۔ چراغدان
۲۔ الف۔ کھڑا
۳۔ خفا۔ رنجیدہ۔ برافروختہ۔ آزردہ

چراغِ چشم: نورِ چشم۔ نور العین۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ خلف۔ ابن۔ پُوت۔ سپوت۔ نورِ بصر۔ راحت العین

چراغدان: شمعدان

چراغِ روز: ۱۔ سورج۔ خورشید۔ مہر۔ آفتاب۔ شمس
۲۔ چراغِ بے فروغ۔ چراغِ بے نور۔ چراغِ مُردہ

چراغِ سحر: ۱۔ ستارۂ صبح
۲۔ ناپائیدار۔ فانی۔ آمادۂ زوال۔ قریبِ زوال۔ بے ثبات۔ بے بقا۔ فنا پذیر۔ قریب المرگ

چراغِ سحری: ۱۔ ٹمٹماتا دیا
۲۔ قریبِ مرگ۔ جاں بلب۔ اجل گرفتہ۔ اجل رسیدہ۔ آفتابِ لبِ بام۔ قریبِ زوال۔ گور کنارے۔ پا در رکاب۔ پا در گور۔ چراغِ صبح۔ یکت بدست۔ جیلن ہار۔ جان ہار۔ آفتابِ کوہ

چراغ بتی کرنا ــــ چراغ بتی کا وقت ــــ چراغ بڑھانا
ــــ چراغ تہ دامن ــــ چراغ گل کرنا ــــ چراغ بجھا
ــــ چراغ جلانا ــــ چراغ اکسانا ــــ چراغِ تُربت
ــــ چراغ ٹمٹمانا ــــ چراغ دکھانا ــــ چراغِ معبد
ــــ چراغِ جان

چراغ پیشِ آفتاب پرتو ندارد
چراغ تلے اندھیرا
چراغ جلے داؤں لگا
چراغ روشن مراد حاصل
چراغ سے چراغ جلتا ہے
چراغ گل پگڑی غائب
چراغِ مُردہ کجا شمعِ آفتاب کجا
چراغِ مفلساں نور ندارد
چراغِ مقبلاں ہرگز نمیرد

چراغ میں بتی آنکھ پہ پٹی
چراغ میں بتی پڑی، اوڑو میری تخت چڑھی

چراغاں: روشنی

چراغی: نذرانہ۔ تحفہ۔ بھینٹ۔ چڑھاوا۔ نذر۔ ہدیہ۔ سوغات۔ ارمغان

چراگاہ: سبزہ زار۔ مرغزار۔ علف زار۔ رَمنا۔ جنگل۔ مرعٰی۔ مَسرح

چرب: ۱۔ چکنا۔ روغنی۔ روغن دار
۲۔ فربہ۔ موٹا۔ لحیم شحیم۔ چرب یلا
۳۔ غالب۔ تیز۔ زیادہ
۴۔ گاڑھا۔ غلیظ۔ کثیف

چرب دست: ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ طرار۔ پھرتیلا
۲۔ ہنرمند۔ کاریگر۔ مشاق۔ ماہر۔ چابک دست۔ تیز دست۔ تر دست

چرب دستی: ۱۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ تیزی۔ طراری
۲۔ ہنرمندی۔ کاریگری۔ مشاقی۔ مہارت۔ چابک دستی۔ تیز دستی۔ تر دستی۔ ہاتھ کی چالاکی

چرب زبان: ۱۔ شیریں کلام۔ شیریں بیان۔ فصیح البیان۔ طلیق اللسان۔ لسان۔ زبان آور۔ طرار۔ تیز زبان۔ خوش تقریر۔ خوش گفتار۔ بسیار گو۔ زبان زور۔ مُسْتَتِبْ
۲۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس
۳۔ بڑبڑیا۔ بکی۔ بکواسی

چرب زبانی: ۱۔ شیریں کلامی۔ شیریں بیانی۔ فصاحت۔ طلاقت۔ زبان دانی۔ طراری۔ تیز زبانی۔ خوش تقریری۔ خوش گفتاری۔ بسیار گوئی۔ زبان زوری
۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ کاسہ لیسی
۳۔ باتیں ملانے کی عادت۔ بکواس۔ بک بک

چرب بانک: ۱۔ چالاک۔ عیار۔ ہوشیار۔ تیز۔ فریبی۔ مکار۔ چالباز۔ دغاباز

چاپیا۔ فریب کار۔
۲۔ گستاخ۔ زبان دراز۔ منہ پھٹ۔ بے لگام۔ شوخ۔ دریدہ دہن۔
بے لحاظ۔ بدزبان۔ بدکلام

چربانک دیدہ: شوخ چشم۔ بیباک۔ بے لحاظ۔ نڈر۔ بے مروّت۔
بے حیا۔ بے شرم

چربراک: ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ پھرتیلا۔ طرار۔ چنچل۔ اچپلا
۲۔ نڈر۔ بے باک۔ بے دھڑک۔ بے خوف

چربہ: خاکہ۔ نقل

چربی: ۱۔ پی۔ شحم۔ پیہ۔ چکنائی۔ سمنتہ۔ ثرب۔ سدیف۔ قروفتہ۔
روغن۔ رواش۔ چرب
۲۔ فربہی۔ موٹاپا

| چربی چھائی آنکھن میں تو ناچن لاگی آنگن میں

چربیلا: چرب۔ روغن دار۔ فربہ۔ موٹا تازہ۔ شمیم۔ چکنا چُپڑا

چرپرا: ۱۔ تیز۔ تند۔ گرم۔ چٹ پٹا۔ مصالحہ دار
۲۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ طرار۔ شوخ

چرپراہٹ: ۱۔ تیزی۔ تندی۔ چٹ پٹاپن
۲۔ سوزش۔ جلن۔ جل

چرپریا: ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ تیز۔ طرار۔ شوخ۔ چنچل۔ اچپلا
۲۔ کاری گر۔ ہنرمند۔ مشّاق۔ ماہر

چرچا: ۱۔ شہرت۔ دُھوم۔ شہرہ۔ ڈنکا۔ آوازہ۔ واگوشہ۔ تشہیر۔ منادی۔
ڈھنڈورا
۲۔ ذکر۔ تذکرہ۔ بیان
۳۔ مباحثہ۔ مشورہ۔ گفتگو۔ بات چیت

چرچراہٹ: چڑچڑاپن۔ تنک مزاجی۔ تندخوئی۔ زودرنجی

چرخ: ۱۔ پہیا۔ دولاب
۲۔ گردش۔ چکر۔ دَور
۳۔ گردوں۔ آسمان۔ سپہر۔ فلک۔ ۳۔ آکاش۔ گگن۔ گنبدِ دوّار۔
سبز لاجورد۔ پردۂ زنگاری۔ پردۂ بلوری۔ نیلی چھتری
۴۔ گھڑگھڑ

چرخِ آبنوس — چرخِ اخضر — چرخِ اطلس —
چرخِ اکبر — چرخِ سنگدل — چرخِ بے پیر — چرخِ
پوجا — چرخِ چنبری — چرخِ دوّار — چرخِ نیلگوں —

چرخل: بڈھا۔ کھوسٹ۔ پیرِ فرتوت۔ جرڈوس

چرخہ: ۱۔ مسکہ۔ دوکدان۔ چرخڑا۔ چرکھا
۲۔ پہیا۔ دولاب
۳۔ کمزور۔ پرانا۔ بوڑھا۔ کہن سال۔ دیرینہ سال

چرخی: پہیا۔ پھرکی۔ گراری۔ گھرنی۔ گھرّی۔ چکری۔ اٹیرن۔ پھنگوک۔
استاج۔ اینچ۔ پرتیا۔ گرّی

چُرس: ۱۔ شکن۔ سلوٹ۔ جُھرّی۔ چین۔ پُرٹ
۲۔ دشمنی۔ مخالفت۔ عناد۔ عداوت۔ رنجش۔ بَیر۔ مخاصمت۔
معاندت۔ خصومت

چرغا: مرغِ بریاں۔ مرغِ مسلّم

چرغبن / چرغینہ: ۱۔ کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل۔ نیچ۔ ذلیل۔ حقیر۔ ۲۔ ذ

۲۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بدکردار۔ سیاطوار۔ بدوضع۔ اوباش

چِرک: ۱۔ میل۔ پاخانہ۔ غلاظت۔ گندگی۔ گوہ۔ براز
۲۔ پیپ۔ ریم۔ آلائش
۳۔ زنگ۔ زنگار

چرک آلود: غلیظ۔ گندہ۔ میلا۔ زنگ آلود

چرکیں: پلید۔ نجس۔ غلیظ۔ میلا۔ آلودہ

چرکا: زخم۔ داغ۔ نقصان۔ ضرر۔ زیاں۔ حضرت۔ چوٹ۔ چپیہ۔ زخمِ خفیف۔ شگاف

چرکا لگانا — چرکا کھانا — چرکا دینا — چرکا اٹھانا

چرم: چمڑا۔ چام۔ کھال۔ پوست۔ ادھوڑی۔ کھلڑی۔ جلد

چرن: ۱۔ قدم۔ پاؤں۔ پگ۔ گام۔ رجل
۲۔ جوتا۔ پاپوش۔ جفت۔ نعل۔ زیرپائی۔ کفش
۳۔ رکن۔ عماد۔ ستون۔ تھم
۴۔ جڑ۔ بیخ۔ بُن۔ اصل۔ مول۔ کند
۵۔ پیدل۔ پیادہ
۶۔ چلن۔ طریقہ۔ عمل۔ رویہ۔ طرزِ عمل۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طریقہ

چرن چھونا — چرن لینا — چرنوں میں جان دینا —
چرن بھرن — چرن سیوا — چرنوں میں رہنا

چرند: چوپایہ۔ مویشی۔ دام۔ حیوان۔ جانور

چرواہا: گڈریا۔ گلہ بان۔ شتربان۔ چھیڑو۔ چارو۔ چروالہ

چِڑ: ناگوار بات۔ چھیڑ

چِڑا: کنجشکِ نر۔ عصفور

چِڑچِڑا: بدمزاج۔ تنک مزاج۔ تندمزاج۔ تندخو۔ زودرنج۔ غصیلا

چڑچڑاپن: بدمزاجی۔ تنک مزاجی۔ تندمزاجی۔ تندخوئی۔ زودرنجی۔ غصیلاپن

چڑھاوا: ۱۔ نذر۔ بھینٹ۔ نیاز۔ قربانی۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ نذرانہ۔ سوغات۔ ارمغان۔ پیکاپا۔ پرساد۔ تبرک۔ پالش۔ تواضع
۲۔ بڑھاوا۔ دم دلاسا۔ تسلی۔ تشفی۔ حوصلہ افزائی۔ ہمت افزائی

چڑھاؤ: ۱۔ مد۔ طغیان۔ جوش۔ ابھان۔ سیلاب
۲۔ بلندی۔ ترفع۔ ترقی۔ زیادتی۔ بیشی۔ بالیدگی۔ عروج۔ افزائش۔ صعود
۳۔ پیشگی۔ باقی
۴۔ چڑھائی۔ حملہ۔ دھاوا۔ یورش

چڑھاؤ اُتار: ۱۔ مدوجزر۔ جوار بھاٹا
۲۔ ترقی و تنزل۔ عروج و زوال۔ نشیب و فراز
۳۔ بم و زیر۔ اتار چڑھاؤ

چڑھائی: ۱۔ بلندی۔ صعود
۲۔ حملہ۔ یورش۔ ہلہ۔ دھاوا۔ یلغار۔ تاخت۔ لشکرکشی

چڑھتا: ۱۔ بڑھتا۔ افزوں۔ ترقی پذیر
۲۔ آغاز۔ ابتدا۔ بدء۔ شروع۔ عنفوان
۳۔ پُرزور۔ پُرجوش

> چڑھتی کڑاہی تیل نہ آیا تو پھر کب آئے گا
> چڑھے پہ چڑھاؤ مرد کھے/دیکھے نہ پاؤں

چڑھے چاک چاہے سو اُتارلو
چڑھے گا سو گرے گا

چڑھیت: گھڑسوار۔ سوار۔ راکب

چڑیا: ۱۔ چڑی۔ کنجشکِ مادہ۔ عصفورہ۔ گورتیا۔ پیپیرد۔ فرخ۔ گرگریا۔ جرکی۔ چنوک۔ چکوک۔ چلک۔ عصفور
۲۔ پرندہ۔ طیر

چڑیاگھر: دارالوحوش۔ حیوان خانہ۔ زُو۔ باغِ وحوش۔ حدیقۃ وحوش

چڑیا اپنی جان سے گئی لڑکا خوش نہ ہوا
چڑیا اور دودھ
چڑیا کرے خونچا، چڑا کرے لوچا
چڑیا کو شاہین سے کوتھر
چڑیا کی جان گئی لڑکے کا کھلونا
چڑیا مرن، گنوار دں ہانسی

چڑیل: بُھتنی۔ ڈائن۔ پلید عورت۔ زنِ نجس۔ روحِ خبیثہ۔ زنِ کریہ المنظر
میلی کچیلی۔ گندی

چڑیل پر دل آجائے تو وہ بھی پری ہے
چڑیل پر دل آگیا تو پھر پری کیا ہے

چسپاں: ۱۔ چپکا۔ ملصق۔ چسپیدہ۔ ملتصق
۲۔ موزوں۔ برجستہ۔ برمحل۔ ٹھیک۔ زیبا۔ مناسب۔ باموقع۔ چست

چسپیدگی: ۱۔ چپک۔ چپکن۔ الصاق۔ التصاق۔ التزاق
۲۔ محبت۔ اُلفت۔ تعلقِ خاطر۔ لگاؤ۔ ربط

چُست: ۱۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز۔ ہوشیار۔ طرار۔ چاق و چوبند
۲۔ درست۔ موزوں۔ ٹھیک
۳۔ مضبوط۔ استوار۔ محکم۔ مستحکم

چُستی: ۱۔ چالاکی۔ پھرتی۔ تیزی۔ طراری۔ مستعدی
۲۔ دلیری۔ جرأت۔ بہادری۔ درستی۔ مضبوطی۔ محکمی

چُسک: میٹھا درد۔ ٹپک۔ ٹیس۔ چیس۔ خلش۔ چبھن۔ چُبک

چَسکا: ۱۔ چاٹ۔ مزہ۔ چٹورپن۔ چٹخارا
۲۔ عادت۔ لت۔ دھت۔ چیٹک۔ لپکا
۳۔ ذوق۔ شوق۔ خواہش۔ رغبت۔ چاہ۔ طلب

چُسکی: جُرعہ۔ گھونٹ۔ کش

چشم: ۱۔ آنکھ۔ انکھڑی۔ نین۔ دیدہ۔ عین۔ بصر۔ نیتر۔ اکھ۔ تعینغ۔ لوچن۔ نرگس۔ چم
۲۔ امید۔ توقع۔ آس۔ آسرا۔ آشا
۳۔ نظر۔ نگاہ۔ بصارت

چشم آشنا: شناسا۔ واقف۔ متعارف
چشم آشنائی: شناسائی۔ واقفیت۔ تعارف
چشم بد: نظرِ بد۔ بُری نگاہ۔ بُری نظر
چشم براہ: منتظر
چشم بندک: آنکھ مچولی
چشمِ بیمار: چشمِ مست۔ نشیلی آنکھ۔ چشمِ خمار آلود
چشمِ بینا: ۱۔ تیز نظر۔ تیز فہم۔ ہوشیار۔ چالاک
۲۔ صاحبِ نظر۔ بصیر
چشم پوشی: صرفِ نظر۔ قطعِ نظر۔ درگزر
چشمِ تر: چشمِ پُرنم۔ چشمِ پُرآب۔ چشمِ گریاں
چشم داشت: امید۔ توقع۔ آس۔ آسرا۔ آشا

چشم دید : آنکھوں دیکھا۔ دیدہ۔ عینی
چشم نم : چشم تر۔ چشم پُرآب۔ چشم پُرنم۔ چشم گریاں
چشم نمائی : تنبیہ۔ تہدید۔ جھڑکی۔ گھُرکی۔ سرزنش۔ ملامت۔ گوشمالی
چشم و چراغ : نورِ چشم۔ نورِ بصر۔ نور العین۔ پیارا۔ عزیز۔ بیٹا۔ فرزند۔
خلف۔ پسر۔ پُوت۔ راحت العین

چشمِ آہو — چشمِ بے خواب — چشمِ آتش بیں —
چشمِ جت بیں — چشمِ پاک بیں — چشمِ پُرآب
— چشمِ مردم شناس — چشمِ پاسباں — چشمِ نم دیدہ
— چشمِ رم دیدہ — چشمِ حیراں — چشمِ گوہر فشاں
— چشمِ ستارہ ریز — چشمِ پریشاں — گرسنہ
چشم — سیر چشم — غوّاص چشم — چشمِ مروک افشاں
— چشمِ آب افشاں — چشمِ طوفاں — چشمِ خشک —
چشمِ خفتہ گیں — چشمِ تباہ کن — چشمِ شگوں گیر — چشمِ کور
— چشمِ سیاہ — چشمِ نگراں — چشمِ شب پیما —
چشمِ بیمار — چشمِ پُرخوں — چشمِ کار فرما — چشمِ ظالم —
چشمِ رنگیں — چشمِ سخن ساز — چشمِ اشک چکاں — چشمِ
ابر دیدہ — سحاب چشم — چشمِ دلربا — چشمِ فریب
— چشمِ مژگاں نشتر — چشمِ مہر نظر — چشمِ جادو نگاہ
— چشمِ بنفشہ پروردہ — چشمِ شمشیر — چشمِ فراموش
کار — چشمِ کم دیدہ — چشمِ سرمہ فریب — چشمِ قبول
— چشمِ سیہ کار — چشمِ ناتواں — چشمِ سرمہ کشیدہ
— چشمِ جفا جو — چشمِ شوخ — چشمِ زاہد شکار —
چشمِ کرشمہ باز — چشمِ کرشمہ چکاں — چشمِ کرشمہ یار
— چشمِ کرشمہ مست — چشمِ رہزن — چشمِ فتنہ —
چشمِ ستم ظریف — چشمِ سُرمگیں — چشمِ مردم آزار — چشمِ مشوہ
ساز — چشمِ فتنہ گر — چشمِ بے سرمہ سیاہ — چشمِ کافر ماجرا
چشمِ سرگراں — چشمِ کرشمہ راز — چشمِ غمزہ ریز —
چشمِ خراب کن — چشمِ غماز — چشمِ راز — چشمِ یار —
چشمِ آہو شکار — چشمِ آراستہ — چشمِ عقیق ریز — چشمِ
خمور — چشمِ شراب ریز — چشمِ قمار خانہ — چشمِ بادام

چشمِ صیاد — گوہر چشم — خنجر چشم — چشمِ ناوک انداز —
چشمِ اشک — چشمِ فتنہ فروز — آہو چشم — ناوک چشم —
چشمِ زخم — چشمِ افسوں — چشمِ ستارہ بار — چشمِ زعفران
— چشمِ کمیں — چشمِ ناتواں — چشمِ پُرسو — چشمِ انتظار
— چشمِ سرمگیں — چشمِ طمع — چشمِ گریہ فطرت —
چشمِ برہم — چشمِ قلزم بار — رکاب چشم — چشم زدن
— چشمِ گلشن — چشمِ شمع — چشمِ کاسہ دریوزہ — چشمِ
رنگ گیر — چشم از دست رفتہ — چشم پیش کشادن
— چشم چار کردن — چشم ریش شدن — چشمِ تماشہ بیں

| چشمِ ما روشن دلِ ما شاد

چشم پوشی : اِغماض۔ آنکھ چُرانا۔ دیکھ کر ٹال جانا۔ درگزر

چشم زدن : طرفۃ العین۔ چشمکی۔ پلک جھپکنے میں۔ لمحہ بھر۔ پل بھر

چشمک : ۱۔ عینک۔ چشمہ
۲۔ اشارۂ چشم۔ ایما۔ چشمکی۔ کن انکھی۔ گوشہ۔ جاذبی۔ نینُ۔ آنکھ
مارنا۔ طرفۃ العین
۳۔ شکر رنجی۔ رنجش۔ رکاوٹ۔ انقباض

چشمک زن : ۱۔ اشارہ باز۔ غمزہ زن
۲۔ طعنہ زن۔ طنّاز

چشمک زنی : ۱۔ اشارہ بازی۔ غمزہ زنی
۲۔ طعنہ زنی۔ طنازی۔ طنز۔ شکر رنجی

چشمہ : ۱۔ سَوت۔ سوتا۔ منبع۔ دھارا۔ دھار۔ جھرنا
۲۔ عینک۔ چشمہ
۳۔ چشمِ سوزن

چُغا : چوغا۔ لبادہ۔ جُبہ۔ لبادا

چُغد: ۱. اُلو۔ بُوم
۲. بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ مورکھ۔ بے عقل۔ بے شعور۔ بے سمجھ

چُغل: مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ۔ غماز۔ نمام۔ لُترا۔ بدگو

چغل خور: بدگو۔ لُترا۔ نمام۔ غماز۔ نمام۔ سخن چیں۔ فندک۔ قتات۔
واشُس۔ ساعی۔ نیم
چغل خوری: بدگوئی۔ لُتراپن۔ غمازی۔ غیبت۔ سخن چینی

چُغلی: غیبت۔ مخبری۔ بدگوئی۔ غمازی۔ نمامی

چِق: چک۔ چلمن۔ پردہ۔ شبکہ

چقماق: سنگِ آتش زن۔ آتش زنہ۔ چقمق۔ چماخ۔ چمک۔ چاخماخ

سنگِ چقماق — شررِ چقماق

چقندر: پازو۔ پازی۔ چُغندر۔ چندر۔ کرنب۔ چپکل۔ چکندر۔ سلق

چَک: ۱. زمین۔ اراضی۔ جائیداد غیر منقولہ۔ ریاست۔ تعلقہ۔ جاگیر۔
پٹی۔ تھوک۔ کھیت۔ قطعۂ زمین
۲. گاؤں۔ دیہہ۔ قریہ
۳. جھگڑا۔ تنازع۔ تخنیہ۔ ٹنٹا
۴. پھیر۔ جاؤ
۵. زراعت۔ کاشت۔ کھیتی

چکَلا: ۱. تھڑا۔ چبوترہ۔ چِٹا
۲. گول۔ مدوّر
۳. مربع۔ چوکور۔ چوکونیا
۴. بستہ۔ منجمد

چکاچوندھ: ۱. خیرگی
۲. تعجب۔ حیرت۔ حیرانی۔ گھبراہٹ۔ وحشت

چکُتا: فیصلہ شدہ۔ مقررہ۔ معین۔ بے باق

چکتی: ۱. کھیا۔ قُرص۔ دُنبے کی دم۔ چُوتڑ
۲. گردہ۔ گول۔ مدوّر
۳. ٹکڑا۔ پارہ۔ پارچہ۔ پیوند

چکٹ: میلا۔ گندہ۔ غلیظ۔ لیس دار۔ تیل میں لتھڑا ہوا

چکر: ۱. دائرہ۔ حلقہ۔ گھیرا۔ کُنڈل۔ احاطہ۔ محیط
۲. پہیا۔ چرخ۔ دولاب۔ گردہ۔ کمہار کا چاک۔ کنوئیں کی چرخی
۳. گردش۔ پھیر۔ دَور۔ پھیرا۔ دوران سر۔ گھمیری۔ سلاؤنڈ
۴. گرداب۔ بھنور۔ چرخاب۔ ورطہ۔ گھمن گھیری
۵. حیرت۔ تعجب۔ پریشانی۔ مصیبت۔ بلا
۶. بگولا۔ گردباد

چکر باندھنا — چکر دینا — چکر کاٹنا — چکر میں پھنسنا
— چکر سے نکلنا — چکر میں آنا — چکر میں ڈالنا

چکر مکر: دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ چھل۔ چال۔ چکما

چکری: چرخی۔ گھرنی۔ گراری۔ غراری

چَکلا: ۱. گول۔ مدوّر
۲. چوڑا۔ عریض۔ وسیع۔ فراخ۔ کُھلا
۳. علاقہ۔ صوبہ۔ جاگیر۔ تعلقہ
۴. قحبہ خانہ۔ چھتا کوٹھی۔ کسبی خانہ۔ رنڈیوں کا محلہ۔ کوٹھی خانہ

چکلا بندی: حد بندی۔ علاقہ بندی

چکلے دار: صوبہ دار۔ جاگیردار۔ تعلقہ دار

چکما: دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ جھانسا۔ دم۔ چھل۔ چال

چکن: کشیدہ کاری۔ کڑھائی۔ کڑھا ہوا کپڑا

چکنا: ۱۔ روغن دار۔ چرب۔ چربیلا۔ روغنی۔ شحیم۔ مرغن۔ مُچرّب۔
تیلیا۔ چربی دار۔ املس۔ نسو
۲۔ موٹا۔ فربہ۔ تیار
۳۔ ہموار۔ چکیلا۔ صاف شفاف۔ پھسلواں۔
۴۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔ ڈھیٹ۔ بے شرم۔ نرلج
۵۔ حسین۔ خوبصورت۔ جمیل
۶۔ بارونق۔ آب دار

چکنا چپڑا: بنا ٹھنا۔ بنا سنورا۔ آراستہ پیراستہ

چکنا گھڑا: بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔ ڈھیٹ۔ نرلج

چکنا دیکھ پھسل پڑے
چکنا گھڑا بوند پڑی پھسل / ڈھل گئی
چکنا منہ پیٹ خالی
چکنا منہ سب چومتے ہیں
چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی

چکنا چور: ۱۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پرزے پرزے۔ پارہ پارہ۔ پاش پاش۔
ریزہ ریزہ۔ چور چور
۲۔ تھکا ماندہ۔ خستہ۔ درماندہ۔ بے دم

چکنائی: ۱۔ دہنیت۔ چکناہٹ۔ چکناوٹ
۲۔ ہمواری۔ صفائی
۳۔ چربی۔ تیل۔ گھی۔ روغن
۴۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی۔ ڈھیٹ پن

چکنیا: بانکا۔ البیلا۔ چھیل چھبیلا۔ شوقین مزاج

چکنیا فقیر مخمل کا لنگوٹ

چکوتا: فیصلہ۔ تصفیہ۔ بیباقی

چکور: کبک۔ ماہ پرست۔ چل۔ چمانہ۔ قبج۔ مہتاب پرست۔ آتش خوار۔
قعیطہ۔ تورقی

چکی: آس۔ آسیا۔ خراس۔ گھراٹ۔ چکلا۔ جاکی۔ رحیٰ۔ مجشٹ پُڑ۔
طاحون۔ جنتر۔ آسیاب۔ آسیاؤ۔ باداس۔ دستاس

چگونگی: کیفیت۔ ماجرا۔ حالت

چگونہ: کس طرح۔ کیونکر۔ کیسا۔ کیا

چُل: ۱۔ خارش۔ کھجلی۔ کھاج
۲۔ بے کلی۔ بے چینی۔ بے آرامی۔ اضطراب۔ بے قراری
۳۔ مستی۔ شہوت

چُل ہائی: زنِ شوخ و شنگ۔ پُر شہوت۔ مست عورت

چل: ۱۔ فرق۔ تفاوت
۲۔ ابتری۔ انتشار۔ پراگندگی۔ افراتفری۔ خلفشار
۳۔ لغزش۔ ڈگمگاہٹ

چل بچل: ۱۔ بے جگہ۔ بے جا۔ بے محل۔ بے موقع
۲۔ غلطی۔ چوک۔ خطا۔ لغزش
۳۔ جنبش۔ حرکت
۴۔ ابتری۔ ہل چل۔ افراتفری۔ انتشار۔ پراگندگی۔ ہنگامہ

چل پھرا: چالاکی۔ پھرتی۔ گردش

چل چلاؤ: سفرِ آخرت ۔ کُوچ ۔ سفر ۔ چلاچلی ۔ روا روی

| چل نہ سکوں میرا گدّن نام
| چل نہ سکوں میرے بارہ بجرے

چلاچل: متحرک وغیر متحرک ۔ ساکن وغیر ساکن ۔ بے قیام ۔ بے ثبات ۔ ناپائیدار ۔ غیر مستحکم ۔ غیر محکم ۔ فانی

چلاچلی: ۱۔ روا روی ۔ چل چلاؤ ۔ سفر ۔ کُوچ ۔ مرامری
۲۔ ہل چل ۔ افراتفری ۔ پراگندگی ۔ انتشار ۔ گڑ بڑ

چلاّہٹ: شور ۔ غُل ۔ چیخ ۔ پکار ۔ غوغا

چلاؤُ: عارضی ۔ وقتی ۔ ہنگامی ۔ ناپائیدار ۔ فانی ۔ غیر مستحکم ۔ غیر مستقل

چُلاؤ: بغیر گوشت کا پلاؤ ۔ سادے چاول ۔ بگھارے چاول

چُلبلا: شوخ ۔ شنگ ۔ چنچل ۔ اُچپلا ۔ طرّار ۔ چالاک

چُلبلاپن / چُلبلاہٹ: شوخی ۔ چنچل پن ۔ اُچپلاہٹ ۔ طراری ۔ چستی ۔ چالاکی

چلپاسہ: چھپکلی ۔ چھپکی ۔ کرباس ۔ پازہ

چلتا: ۱۔ بہتا ۔ رواں ۔ جاری ۔ دواں
۲۔ رائج ۔ مروّج ۔ دائر ۔ سائر ۔ نافذ
۳۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عیّار ۔ مکّار
۴۔ کارگر ۔ مؤثر ۔ پُراثر ۔ پُرتاثیر

چلتا پُرزہ: چالاک ۔ شریر ۔ مفتنی ۔ فتنہ پرداز ۔ عیّار ۔ مکّار ۔ فریبی ۔ فریب کار ۔ چالباز ۔ چالیا ۔ فسادی ۔ مفسدہ پرداز ۔ فتنہ پرور

چلت پھرت: حرکت ۔ گردش ۔ رفتار ۔ رقص ۔ ناچ ۔ چالاکی ۔ پھُرتی

چلتّر / چرتّر: ۱۔ فعل ۔ کام ۔ عمل ۔ کار
۲۔ رویّہ ۔ چلن ۔ طرزِ عمل ۔ کردار ۔ ڈھنگ ۔ طریقہ ۔ لچھن ۔ چال ڈھال
۳۔ رسم ۔ رِیت ۔ رواج
۴۔ مشق ۔ مزاولت ۔ عادت
۵۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ مکاری ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ چھل ۔ چال
۶۔ قصہ ۔ کہانی ۔ افسانہ ۔ داستان ۔ ماجرا ۔ سرگزشت
۷۔ طبیعت ۔ سرشت ۔ خصلت ۔ طینت ۔ فطرت
۸۔ خاصہ ۔ خصوصیت ۔ خاصیت
۹۔ خوبی ۔ وصف ۔ گُن

چلتّر باز: چالاک ۔ فریبی ۔ مکار ۔ عیار ۔ دغاباز ۔ چھلیا ۔ چالباز ۔ چالیا ۔ چلنے باز ۔ دم باز ۔ فریب کار

چلتّر بازی: چالاکی ۔ فریب کاری ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ دغابازی ۔ چھل ۔ چالبازی ۔ چلنے بازی ۔ دم بازی ۔ فریب

چلتی: ۱۔ رواں ۔ دواں
۲۔ کارآمد ۔ مفید
۳۔ مؤثر ۔ کارگر
۴۔ عروج ۔ حکومت ۔ اقتدار

| چلتی کا نام گاڑی ہے
| چلتی کا نام گاڑی، گاڑی کا نام او کھلی
| چلتی کا نام گاڑی، نہیں اینڈھن
| چلتی میں کون کسر کرتا ہے

چلچلاتا: سخت گرم ۔ محرور ۔ سوزاں ۔ جلتا بلتا ۔ تیز

چِلمن: پردہ ۔ چق ۔ تنکہ ۔ کواڑی ۔ غرفہ ۔ ٹٹی ۔ جھانپ

چلن : ۱۔ چال۔ رفتار۔ روش
۲۔ رویّہ۔ وضع۔ چال ڈھال۔ طور طریق۔ انداز۔ ڈھنگ
۳۔ دستور۔ رواج۔ رسم۔ نفاذ
۴۔ عادت۔ برتاؤ۔ سبھاؤ
۵۔ کفایت شعاری۔ جُزرسی

چُلّو : اوک۔ اُنجل۔ اُنجلا۔ بُک

چُلّو بھر پانی میں گز بھر نہ اُچھلو
چُلّو پانی تن گندگانی
چُلّو چُلّو سادھے گا تو دوارے ہاتھی باندھے گا
چُلّو چُلّو سادھے گا تو دوتے بھر آئے گا
چُلّو میں سمندر نہیں سماتا

چلیپا : ۱۔ صلیب۔ سُولی۔ کراس
۲۔ کج۔ خمدار۔ پیچدار۔ پُرپیچ۔ پُرخم۔ منحرف

چَم (ہندی) : چام۔ چمڑا۔ کھال۔ چرم۔ ادھوڑی۔ پوست۔ کھلڑی۔ جلد۔ چمڑی

چم (فارسی) : ۱۔ آراستہ۔ تیار۔ لیس۔ مزیّن۔ سجا۔ بنا
۲۔ حاصل شدہ۔ یافتہ
۳۔ ٹیڑھا۔ کج۔ خمیدہ۔ خمدار۔ پُرخم
۴۔ خرام ناز۔ نخریلی چال۔ مٹک چال

چم چم : چمک دمک۔ آب و تاب

چمار : ۱۔ چرم ساز۔ چماڑ۔ جفت ساز۔ کفش دوز
۲۔ اچھوت۔ نیچ۔ کمینہ۔ ذلیل۔ سفلہ

چمار چمڑے کا یار
چمار کا نام جگ جیتن
چمار کو چمڑے کا سکّہ
چمار کو دیوالی میں بھی بیگار
چمار کو عرش پر بھی بیگار
چمار کی جورو اور رٹو جوتی
چمار کی چھوکری چندن نام
چمار کے کوسے ڈھور نہیں مرتے

چمبک / چینبک : چق ماق۔ چقماق۔ سنگِ آتشزن۔ آتش زنہ

چمبیلی : رامبیل۔ یاسمن۔ یاسمین۔ چمپا

چمپا : چمپا۔ چنبیلی۔ رام بیل۔ یاسمن۔ یاسمین۔ سمن

چمپت : غائب۔ پوشیدہ۔ نہاں۔ پنہاں۔ مفرور

چمٹا : دست پناہ۔ دسپنا۔ آتش گیر۔ سنسی۔ ملقط۔ انک

چمٹنا : چپکنا۔ لسنا۔ چسپاں ہونا۔ لپٹنا۔ پیچھے پڑنا۔ گتھنا

چمچماہٹ : چمک دمک۔ آب و تاب

چمچہ : ۱۔ چمچ۔ ڈوئی۔ کفچہ۔ قاشق۔ ملعقہ۔ طوق۔ کڑچھی۔ پلا۔ سپون
۲۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس

چمڑا : چام۔ چرم۔ کھال۔ پوست۔ چمڑی۔ ادھوڑی۔ کھلڑی۔ جلد۔ ادیم۔ چم۔ سرمن۔ میشا۔ گوکا

چمڑی جائے دمڑی نہ جائے
چمڑے کا جہاز چلتا ہے
چمڑے کی زبان ہے پھسل گئی

چمک: ۱۔ برق۔ جھلک۔ دمک۔ روشنی۔ تابندگی۔ درخشندگی۔ درخشانی۔
تابانی۔ تجلی۔ جوت۔ جگمگاہٹ۔ تاب۔ تابش۔ جلا۔ تنویر۔ نور۔
رخشندگی۔ چمکارا۔ لشکارا۔ لشک۔ لمعان۔ جھلکار۔ جھمکار۔ پرکاش
۲۔ رونق۔ آب وتاب۔ تازگی۔ طراوت۔ سرسبزی
۳۔ وحشت۔ ڈر۔ خوف۔ جھجک۔ باک
۴۔ ٹپک۔ ٹیس۔ چیس۔ چسک۔ چبھن۔ چبک۔ خلش

چمک دمک: ۱۔ آب وتاب۔ تابندگی۔ روشنی۔ تجلی
۲۔ آرائش۔ آراستگی۔ زیبائش۔ زینت

چمکدار: منور۔ درخشاں۔ تاباں۔ روشن۔ چمکیلا۔ چکوّل۔ جگمگ۔ لامع۔ براق۔
صاف شفاف۔ لشکتا۔ ازہر۔ درخشندہ۔ تابندہ۔ بھڑکیلا۔
زرق برق۔ شوخ۔ تافتہ۔ رخشندہ۔ رخشاں

چمکارا: چمک۔ روشنی۔ جماکا

چمکو: شوخ۔ چنچل۔ چھنال۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ بنی ٹھنی۔ بنی سنوری۔ آراستہ
پیراستہ

چمگادڑ: چام چڑک۔ چام چڑی۔ شپر۔ شپرہ۔ خفاش۔ خفدود۔ چمچڑک۔
مرغِ سیما

چمگادڑ کے گھر آئی چمگادڑ، آ ہو! لٹک رہیں
چمگادڑ کے گھر مہمان آئے، ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو
چمگادڑ کی مہمانی، میں بھی لٹکوں تو بھی لٹک
چمگادڑ کی مہمانی / آؤ لٹک رہو / آؤ بہن تم بھی لٹک جاؤ

چمن: حدیقہ۔ گلشن سرائے۔ گلشن۔ گارڈن۔ کیاری۔ باغ۔ گلزار۔ گلستاں۔
گُلستاں۔ بوستاں۔ بوستان سرا۔ چمنستان۔ پھلواری۔ گل بن۔
غنچہ زار۔ پھول بن۔ سیرگاہ۔ ریاض۔ تابسہ۔ تاوسہ۔ مرزہ۔ مرغ۔
تختہ۔ خیابان۔ سبزہ زار۔ راغ۔ قطعۂ باغ

چمن آرا / پیرا / طراز: مالی۔ باغباں

چمن آرائی — چمن بندی — چمن دہر — چمن زار —
چمن گل روش — چمن دل پسند — عروسِ چمن — سرسبزیٔ
چمن — خطۂ چمن — نازنینِ چمن — جوئے چمن —
نہرِ چمن — ہوائے چمن — روئے چمن — سرِ چمن
— برقِ چمن پسند — گردِ چمن — چمنِ سبز تو —
گلگشتِ چمن — نزہتِ چمن — بہارِ چمن — چمنِ
رنگیں — چمنِ مصفیٰ — چمنِ مینو اساس — چمن
نکہت بار — چمنِ نغز — چمن انداز — چمنِ شمیم آگیں
— کنجِ چمن — چمن آباد — چمنِ گراں مایہ — چمنِ سایہ
ریز — چمنِ شمیم بیز — چمنِ عطر ساز — ہوائے چمن

چنا: بونٹ۔ نخود۔ حمص

چنا اور چغل منہ لگا برا
چنا اور چغل منہ لگا نہیں چھٹتا
چنا بھٹ کو نہیں پھوڑ سکتا / بھاڑ کو نہیں پھوڑ سکتا
چنا ڈال کر کھانے میں سما جا
چنا مردانا ہے

چُناں: ویسا۔ ایسا۔ مثل۔ مانند۔ آسا۔ بسان۔ نمط

چناں چنیں: ۱۔ ایسا ویسا
۲۔ نکتہ چینی۔ عیب بینی۔ عیب جوئی
۳۔ عیب۔ نقص۔ سقم
۴۔ ذکر۔ تذکرہ۔ چرچا۔ بیان
۵۔ بحثا بحثی۔ حجت۔ تکرار۔ جھگڑا۔ مجادلہ

چناں چہ: جیسا کہ۔ مثلاً۔ بایں طور۔ اس لیے

چناؤ: انتخاب۔ چھانٹ۔ الیکشن

چُنائی : تعمیر۔ بناوٹ۔ ساخت

چنبر : ۱۔ حلقہ۔ گھیرا۔ محیط۔ دور۔ چکر۔ چرخ
۲۔ سرپوش

چنبری : گول۔ دائرہ نما۔ مدوّر

چنبیلی : سمن۔ یاسمن۔ یاسمین۔ رامبیل۔ چمپا

| چنبیلی جاڑوں میں آئی، لڑکے بالے ساتھ لائی

چُنّٹ : شکن۔ سلوٹ۔ جھرّی۔ چین۔ چُنٹ۔ چُرس

چنتا : ۱۔ خوف۔ ڈر۔ خطرہ۔ ترس۔ بھے۔ بیم۔ ہول۔ دہشت۔ باک
۲۔ فکر۔ اندیشہ۔ تشویش۔ تردد
۳۔ خیال۔ سمجھ۔ سوچ۔ فکر۔ غور۔ تامّل
۴۔ شک۔ شبہ۔ گمان۔ ظن

چنچل : شوخ۔ شنگ۔ چالاک۔ بے قرار۔ بے چین۔ اُچپل

چنچل پن : شوخی۔ چالاکی۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اُچپلاہٹ

چنچنا : چڑچڑا۔ بدمزاج۔ تنک مزاج۔ بدخو۔ بدمزاج۔ تندمزاج

چند : کئی۔ بہت۔ متعدد۔ کچھ۔ کسی قدر۔ قلیل۔ محدود

چند در چند : کئی۔ بہت۔ متعدد۔ مختلف۔ گوناگوں۔ بعض
چند روزہ : عارضی۔ فانی۔ ناپائیدار۔ بے ثبات۔ بے بقا۔ غیر مستقل۔ غیر مستحکم۔ غیر محکم

چنداں : اتنا۔ اتنی۔ اس قدر

چندر / چندرماں / چندا : چاند۔ قمر۔ ماہ۔ ماہتاب۔ بدر۔ ہلال۔ برم

چندرجوت : چاندنی۔ نورِ قمر۔ تابشِ ماہ
چندر گرہن : چاند گہن۔ خسوف

چندرا : ۱۔ گنجا
۲۔ منحوس۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ بدبخت۔ بداختر

چندن : صندل

| چندن کی چٹکی بھلی، گاڑی بھرا نہ کاٹھ

چندہ : ۱۔ حصہ۔ جزو۔ امداد۔ دان۔ خیرات۔ بخشش
۲۔ قیمت۔ بہا۔ ثمن۔ مول

چُندھا : خیرہ چشم۔ شپرہ چشم۔ کم نظر

چندیا : چاند۔ ٹانٹ۔ کھوپڑی۔ چپت گاہ

چنڈال : ۱۔ کمینہ۔ سفلہ۔ ادنیٰ۔ نیچ۔ ذلیل۔ حقیر۔ دُنی۔ ہیچ۔ پیرز۔ رذیل۔ فرومایہ۔ ہیچ
۲۔ بخیل۔ کنجوس۔ ممسک۔ جُزرس۔ خسیس۔ شوم
۳۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ کم بخت۔ بداختر
۴۔ بدذات۔ بدمعاش۔ بدکردار۔ بدوضع۔ اوباش۔ شیطان بزرگ

چنڈال چوکڑی : مجمعِ اشرار۔ حلقۂ مفسدین

| چنڈال نہ چھوڑے کمی، نہ چھوڑے بال

چنگ : باجا۔ ساز۔ بربط۔ ستار

چنگا: ۱. بھلا چنگا۔ تندرست۔ بصحت مند۔ بشاش بشاش۔ توانا۔ چاق چوبند۔
صحت ور۔ خوب بہبود

چنگاری: ۱. شرارہ۔ شرر۔ اخگر۔ آتش پارہ۔ پرکالۂ آتش۔ آگ کا پتنگا۔
چنگی۔ انگارہ۔ تمرہ۔ لصوہ۔ پرکالا
۲. بنائے فساد۔ وجۂ رنجش۔ موجبِ فتنہ۔ باعثِ شرارت

چنگال: ۱. چنگل۔ پنجہ۔ ہاتھ
۲. پکڑ۔ گرفت۔ قبضہ

چنگھاڑ: چیخ۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ فریاد۔ فغاں۔ نالہ۔ شیون

چنگیر: سبد۔ ٹوکری۔ چھبڑی۔ چھابی۔ چنگیری

چننگ: جلن۔ سوزش۔ تپک۔ ٹیس۔ چیک۔ چٹپک۔ خلش۔ چبھن

چُنیا: چھوٹی۔ صغیرہ۔ کودک۔ ذراسی

چُنیا بیگم: افیم۔ افیون۔ اپھیون

چو: چار۔ چہار۔ اربع

چوبیس: بست وچہار۔ اربع عشرون
چوپال: ۱. مہمان خانہ۔ نشست گاہ۔ ایوانِ عام
۲. چوپہل۔ چوکور۔ مربع۔ چوکونیا۔ چوکھونٹ
چوپایہ: جانور۔ مویشی۔ دام۔ دد۔ چہار پایہ
چوپٹ: ۱. فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ عریض
۲. ویران۔ خراب۔ تباہ۔ برباد
چوپہل: چار پہلو۔ چوکور۔ چوکھونٹا۔ مربع۔ چوکونیا۔ چہارگوشہ۔ چوگوشیا
چوپہلا: ڈولا۔ محافہ
چوپھیر: چاروں اور۔ چاروں طرف۔ چاروں سمت۔ گرداگرد۔
چاروں کھونٹ
چوچند: چار چند۔ چہارگونہ۔ چوگنا
چودہ: چہار دہ۔ اربع عشر
چوڈول: چوپھیر۔ گرداگرد۔ چاروں سمت۔ چاروں اور۔ چاروں کھونٹ
چوراسی: ہشتاد وچہار۔ اربع ثمانون
چورانوے: نود وچہار۔ اربع تسعون
چوراہا: چوک
چوراہے کی ٹھیکری: ۱. فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔ زن بازاری
۲. بے قدر۔ حقیر۔ ہیچ میرز
۳. ٹکے ٹائی
چورس: ۱. چوکون۔ چوکور۔ چوکھونٹا۔ چوکونیا۔ مربع
۲. سطح۔ ہموار
چورنگ: ۱. مشقِ شمشیر زنی
۲. مجروح۔ زخمی۔ گھائل۔ فگار
چونسٹھ: شصت وچہار۔ اربع ستون
چوسٹھ گھڑی: دن رات۔ شب وروز۔ تمام دن
چوکڑی: چھلانگ۔ کلانچ۔ جست۔ طرارہ
چوکس: ۱. خبردار۔ چوکنا۔ ہوشیار۔ ہوش مند۔ بیدار۔ جاگتا
۲. پورا۔ ٹھیک۔ صحیح الوزن
چوکسی: ۱. خبرداری۔ آگاہی۔ چوکناپن۔ ہوشیاری۔ ہوش مندی
۲. پورتا۔ درستی۔ صحت
چوکنا: ۱. چوکس۔ ہوشیار۔ باخبر۔ دور اندیش۔ ہوش مند
۲. وحشت زدہ۔ متوحش۔ رم خوردہ
چوکور/کون: چوپہل۔ چہارگوشہ۔ چوگوشیا۔ چورس۔ مربع۔ چوکھونٹا
چوکھٹ: دہلیز۔ آستانہ۔ آستاں
چوکھٹا: ڈھانچا۔ پر داز۔ فریم
چوکھنٹا/کھونٹا: چوکور۔ چوکون۔ چوپہل۔ چوکونیا۔ چہارگوشہ۔ چہارگوشیا۔
چورس۔ مربع
چوگردا: گرداگرد۔ چاروں طرف۔ چاروں اور۔ چاروں سمت۔ چاروں
کھونٹ
چوگنا: چہار چند۔ چہارگونہ

چوگوشہ: چارگوشہ۔ چہار پہل۔ چوپہل۔ چوکر۔ چوکون۔ چوکھونٹ۔
چوری۔ مربع۔ چوگوشیا۔ چوکونیا

چومنزلہ: چارمنزلہ

چونتیس: سی وچہار۔ اربع ثلاثون

چوہتر: ہفتاد وچہار۔ اربع سبعون

چوبارہ ـــ چوبغلہ ـــ چوپال اینٹ ـــ چوبری
چوبول ـــ چوبائی ـــ چوتھ ـــ چوتھا ـــ چوتھیا
ـــ چوپئی یا چوپائی (ہندی رباعی) ـــ چوپڑ
ـــ چوپٹ ـــ چوتالا (طبلے کی ایک گت یا چلت)
ـــ چوتھی ـــ چوحرفی ـــ چودانی ـــ چوراہا ـــ
چورس ـــ چوسر ـــ چورنگ ـــ چوکا ـــ
چوطرفی ـــ چوگڈا ـــ چوگرد ـــ چوگوشیا ٹوپی
ـــ چوگھڑا ـــ چوگلا ـــ چوکھر ـــ چوکھا
ـــ چومُری (شطرنج) ـــ چومنا ـــ چومغزا
ـــ چونی ـــ چوہرا ـــ چومینا

چُو: ۱۔ اگر۔ جب
۲۔ مانند۔ مثل

| چُو قضا آید طبیب ابلہ شود
| چُو کفر از کعبہ برخیزد، کجا ماند مسلمانی

چوالیس: چہل وچہار۔ اربع اربعون

چوب: لکڑی۔ ڈنڈا۔ چھڑی۔ لاٹھی۔ عصا

چوب دست: لاٹھی۔ عصا۔ چھڑی

چوب دار: جلوش۔ نقیب۔ یساول۔ عصابردار۔ سونٹا بردار۔ چوبکی۔ سرہنگ۔
نقاب۔ حاجب۔ چپراسی

چوپان: شبان۔ چرواہا۔ گڈریا۔ گوالا۔ گوپال۔ گلہ بان

چوٹ: ۱۔ ضرب۔ مار۔ صدمہ۔ دھکا۔ ٹھوکر۔ حربہ
۲۔ زخم۔ گھاؤ۔ جراحت
۳۔ تکلیف۔ دکھ۔ کوفت۔ ٹیس
۴۔ نقصان۔ زیاں۔ ضرر۔ مضرت۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ
۵۔ حملہ۔ وار
۶۔ پیچ۔ چال۔ داؤں۔ گھات۔ چکما
۷۔ طعن۔ طنز۔ تعریض
۸۔ کوشش۔ مقصد۔ ارادہ۔ سعی۔ عزم۔ جدوجہد
۹۔ چمک۔ عکس۔ تجلی۔ پرتو
۱۰۔ کینہ۔ عناد۔ حسد
۱۱۔ لگن۔ توجہ۔ شوق۔ دُھن

| چوٹ لگی پہاڑ کی اور توڑیں گھر کی سِل

چوٹٹا: چور۔ دزد۔ اُچکا۔ اُٹھائی گیرا۔ سارق

| چوٹٹی کُتیا جلیبیوں کی رکھوالی

چوٹی: ۱۔ جٹا۔ جعد۔ جونڈا۔ چٹیا۔ زلفیں۔ گُت۔ ضفیرہ۔ ضفیرہ
۲۔ قُلّہ۔ سرکوہ۔ بھنی کوہ۔
۳۔ نوک۔ پھُننگ۔ عروج۔ منٹی۔ ڈھانگ

چوچلا: ۱۔ نخرا۔ ناز۔ ادا۔ انداز۔ غمزہ۔ عشوہ
۲۔ چُہل۔ دل لگی۔ خوش مزاجی۔ ظرافت
۳۔ کھیل۔ تماشا۔ سوانگ
۴۔ بناوٹ۔ تصنع۔ دکھاوا۔ ریا۔ نمود۔ نمائش

چُوچی: پستان۔ سرِ پستان۔ نکنا۔ چھاتی۔ تھن

چودھر/چودھراہٹ: سرداری۔ حکومت۔ سرکردگی۔ سیادت۔ قیادت

چودھری: سردار۔ سرغنہ۔ سرکردہ۔ میر محلہ۔ میر بازار۔ مکھیا۔ قائد۔ سربراہ

چودھویں کا چاند: بدر۔ ماہِ کامل۔ ماہِ نیم ماہ۔ ماہِ شبِ چاردہم۔ پورن ماشی۔ ماہِ تمام۔ ماہِ دو ہفتہ

چُور: ۱۔ پِسا۔ کُٹا۔ چُورا۔ ریزہ
۲۔ بدمست۔ مدہوش۔ متوالا۔ سرشار

چور: ۱۔ دُزد۔ سارق۔ چوٹا۔ اُچکا۔ اٹھائی گیرا۔ چوٹا۔ ڈاکو۔ ڈکیت۔ سروق۔ اختلس۔ رہزن۔ خارب
۲۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ در پردہ۔ مستور
۳۔ بدگمانی۔ بدظنی
۴۔ ڈر۔ اندیشہ۔ خوف۔ خطر۔ باک۔ بیم۔ بھے۔ ہول
۵۔ کمی۔ خامی۔ بھول۔ چُوک۔ سہو۔ لغزش
۶۔ دغاباز۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چال باز۔ چالیا۔ جھانسے باز۔ پیچکے باز۔ فریبیا

چور بالو: ریگ رواں۔ سراب
چور پہرا: پوشیدہ پہرا۔ خفیہ پاسبانی
چور تالا: بے معلوم قفل۔ پوشیدہ قفل۔ مستور قفل
چور خانہ: ۱۔ پوشیدہ خانہ۔ خفیہ خانہ
۲۔ پوشیدہ کمرا۔ خلوت خانہ
چور دروازہ: پوشیدہ دروازہ۔ خفیہ دروازہ
چور راستہ: پوشیدہ راستہ۔ خفیہ راستہ
چور زمین: دلدل۔ دھنساؤ۔ دھنس
چور کھڑکی: پوشیدہ کھڑکی۔ خفیہ دریچہ
چور گلی: پوشیدہ راستہ۔ خفیہ راستہ
چور محل: داشتہ۔ زنِ غیر منکوحہ۔ مدخولہ

چور بدن — چور پہیا — چور پیٹ — چور ریک — چور زمین — چور کھپری — چور کشتی — چور مونگ — چور ہٹیا — چور سیڑھی — کفن چور — کام چور

چور اور سانپ دبے پر وار کرتا ہے
چور اور سانپ کی بڑی دھاک ہوتی ہے
چور اور موٹھ کس کے باندھنے چاہییں
چور چاہتے رہے کہ اندھیاری
چور جانے چور کی سار
چور جانے منگنی کے باسن
چور چرا دے گردن ہلا دے
چور چکار چوکے، لیکن چنگل نہ چوکے
چور چوری سے گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا
چور چوری کر گیا موسلوں ڈھول بجا
چور ڈھور دونوں حاضر ہیں
چور سب گھر سے مرے
چور سے کہے تو چوری کر، شاہ سے کہے تو جاگتے رہیو/ شاہ سے کہے تیرا گھر لٹتا ہے
چور سے کہے تو چوری کر، شاہ سے کہے تیرا گھر لٹا
چور کا بھائی گنٹھ کترا/ گرہ کٹ
چور کا بھائی گھٹی چور
چور کا جی کتنا
چور کا حال سو میرا حال
چور کا سر نیچا
چور کا شاہد چپ لگے
چور کا کوئی ساتھی نہیں
چور کا مال سب کوئی کھائے، چور کی جان ارکارت جائے
چور کا من بقچے میں
چور کا منہ چاند سا
چور کو انگارے میٹھے
چور کو پڑے گا نٹھے، چھنال کو پڑے کھاٹ سے

چور کو چوری بچالے
چور کو چوری ہی سوجھتی ہے
چور گھر کی گھر کا ناس
چور کی جورو کونے میں منہ دے کر روتی ہے
چور کی داڑھی میں تنکا
چور کی ماں کوٹھی / کوٹھڑی میں سر دے اور روئے
چور کی نظر گٹھڑی پر
چور کے اور سانپ کے پیر کہاں / نہیں ہوتے
چور کے پاؤں نہیں ہوتے
چور کے پیٹ میں گائے، آپ ہی آپ رمبھائے
چور کے خواب میں بقچے
چور کے من میں چوری بسے
چور کے ہاتھ میں دیا
چور گٹھڑی لے گیا، بیگاریوں کو چھٹی ہوئی
چور لاٹھی دو جنے، ہم باپ بیٹا اکیلے
چور لگانا، گھر والے کو جگانا
چور ہتھیلی پہ جان لیے پھرتا ہے

چُورا: برادہ۔ ریزہ۔ سفوف۔ سحق۔ چورن۔ چُون۔ آٹا۔ آرد۔ رضاض۔ فُتات۔ فروزیب۔ دقیق۔ دقور

چُورن: ۱۔ برادہ۔ سفوف۔ چُورا۔ سحق۔ چُون
۲۔ چٹکی۔ پھنکی

چُوری: چوریا۔ چُورنا۔ مالیدہ۔ ملیدہ

چوری: ۱۔ دزدی۔ سرقہ
۲۔ پردہ۔ پوشیدگی

چوری چوری / چوری چھپے: درپردہ۔ پوشیدہ۔ خفیہ

چوری اور چترائی
چوری اور سرزوری / سینہ زوری
چوری اور یاری کبھی بند نہیں ہوتی
چوری بے ٹھانگ نہیں ہوتی
چوری بے سراغ نہیں لگتی
چوری کا کپڑا اور ڈانگوں کے گز
چوری کا گڑ میٹھا

چَوڑا: عریض۔ فراخ۔ وسیع۔ کشادہ۔ کھلا۔ بسیط۔ پہن۔ پہناور۔ افقی۔ پھیلا ہوا

چوڑا چکلا: فراخ۔ وسیع۔ فربہ۔ موٹا

چوڑان / چوڑائی: عرض۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی۔ بسط۔ پاٹ۔ پھیلاؤ۔ گنجائش۔ بر

چُوڑھا: ۱۔ خاکروب۔ بھنگی۔ مہتر۔ اچھوت
۲۔ کمینہ۔ رذیل۔ گھٹیا۔ مینچ۔ ذلیل۔ حقیر

چُوڑی: ۱۔ دست بند۔ دست برنجن۔ بانک۔ بیسی۔ کڑا
۲۔ حلقہ۔ پیچ

چُوزہ: بچۂ مرغ۔ مرغک۔ بچہ۔ کودک۔ نوعمر۔ لڑکا

چَوسا: ریتی۔ سوہن۔ سوہان

چُوک: ۱۔ بھول۔ سہو۔ لغزش۔ غلطی
۲۔ کھٹا۔ ترش۔ حامض

چَوک: ۱۔ مربع۔ چوکور۔ چوکون۔ چوکونیا۔ چوکھونٹا۔ چہارگوشہ
۲۔ مربع میدان
۳۔ چوراہا

۲۔ صحن ۔ آنگن

چوکا: ۱۔ مربع پتھر ۔ چوکور سِل
۲۔ رسوئی ۔ باورچی خانہ ۔ مطبخ

چُوکا: خطاکار ۔ غلط کار ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ خاطی

| چُوکا سو گیا
| چوکا سو مرا

چوکھا: ۱۔ خالص ۔ کھرا ۔ بے میل ۔ بزل
۲۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ خوب ۔ نفیس
۳۔ صاف ۔ ستھرا ۔ پاک
۴۔ ہوشیار ۔ چوکس ۔ چوکنا ۔ ہوش مند ۔ چالاک
۵۔ اونچا ۔ تیز ۔ بلند
۶۔ کڑوا ۔ تلخ

چوکھٹ: آستاں ۔ دہلیز ۔ چوکھٹا ۔ چوکٹھ ۔ چوکاٹھ ۔ چوبِ آستانہ ۔ عتبہ ۔ سوصیدہ ۔ بُرھاکش ۔ اُسکفہ

چوکی: ۱۔ تخت ۔ کرسی ۔ تپائی ۔ تختہ ۔ تختی
۲۔ پہرا ۔ پاسبانی ۔ پولیس کی گارد ۔ چھوٹا تھانہ
۳۔ پڑاؤ ۔ منزل ۔ آرام گاہ
۴۔ نوبت ۔ باری
۵۔ گروہ ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ طائفہ
۶۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ کسبی ۔ زنِ بازاری ۔ رنڈی ۔ طوائف
۷۔ خدمت ۔ سیوا ۔ ٹہل
۸۔ قوالوں کی ٹولی

چوکیدار: پاسبان ۔ پہرے دار ۔ نگہبان ۔ محافظ ۔ نگران ۔ پہرے دار ۔ پہرائی ۔ حارس ۔ حاجب ۔ رکھوال ۔ راکھا ۔ رکھتا ۔ پاسی ۔ پالا ۔ خبر گیر

چوکیداری: نگہبانی ۔ حراست ۔ پہرہ ۔ پاسبانی ۔ چوکی ۔ نگاہ داری ۔ پاس ۔ دیکھ بھال ۔ رکھوالی

چُول: جوڑ ۔ بند ۔ نوک ۔ سرا

چولا: ۱۔ قالب ۔ جسم ۔ تن
۲۔ پوشاک ۔ لباس

چُولہا: آتش دان ۔ دیگ دان ۔ دیگپا ۔ اُجاغ ۔ کانون ۔ چُھچھ ۔ الغرے ۔ اوتھو ۔ اُجاق

| چولہا جھونکنے جا دو رہا تھ
| چولہے آگ نہ گھڑے پانی
| چولہے چکی ، سبھی کام پکی
| چولہے سے نکلا کڑاہی میں گرا / بھاڑ میں گرا
| چولہے کے داؤ ، لاؤ ہی لاؤ پکا دے
| چولہے کی تیری توے کی میری
| چولہے کے آگے گاؤں ، چکی کے آگے گاؤں
| پنچوں میں بیٹھوں تو ناک کٹ دوں

چُومنا: بوسہ ۔ چُمّی ۔ بچی ۔ بپی ۔ مچھی ۔ مِٹھی ۔ قُبلہ ۔ پیار

چوما چاٹی: بوس و کنار ۔ اختلاط ۔ دست درازی

| چومتے ہی گال کاٹا

چُون: آٹا ۔ برادہ ۔ سفوف ۔ چورن ۔ چورا ۔ آرد

| چُون کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے

چون کی سوت بُری
چُون کی ماس اور افلاطون کی بیٹی

چُوں: ۱۔ اگر۔ جب
۲۔ مثل۔ مانند۔ آسا۔ نمط

چون وچرا: حجت۔ تکرار۔ بحث۔ جھگڑا۔ نزاع۔ مناظرہ

چونکہ: کیونکہ۔ کس لیے۔ کس واسطے۔ اس لیے۔ اس واسطے

چُوَن: بنجاو وچار۔ اربع خمون

چُونا: آہک۔ گچ۔ کلس۔ قلعی۔ سفیدی۔ نُورہ

چونپ: ۱۔ اکساؤ۔ اکساہٹ۔ بڑھاوا۔ ترغیب
۲۔ رغبت۔ شوق۔ خواہش
۳۔ ضد۔ ہٹ
۴۔ عداوت۔ عناد۔ دشمنی۔ معاندت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ بیر

چونچ: ۱۔ منقار۔ منسرہ۔ چنچ۔ تنفز۔ تنفزہ۔ پیغوبک۔ ٹنگ۔ چیک۔ شبصر۔ شند۔ کپ۔ کفت۔ کلند۔ نول
۲۔ شونگا۔ شونگ
۳۔ نوک۔ سرا۔ نیش
۴۔ زبان۔ جیبھ۔ لسان۔ منہ

چونچال: چنچل۔ شوخ۔ تندرست۔ بشاش بشاش۔ چالاک۔ مستعد۔ تیار۔ چاق چوبند

چوندھا: خیرگیٔ چشم۔ خیرہ چشمی

چوندھی: ۱۔ تاریکی۔ سیاہی۔ کم بینائی

۲۔ دھوکا۔ فریب۔ فریب نظر

چُونڈا: ۱۔ جُوڑا
۲۔ سر
۳۔ کلغی
۴۔ کچا کنواں۔ چاہِ خام

چُونک: ۱۔ چمک۔ جھجک۔ وحشت۔ بھڑک۔ رم۔ توحش
۲۔ بیداری۔ ہوشیاری۔ چوکناپن۔ چوکسی
۳۔ تعجب۔ حیرانی۔ حیرت
۴۔ ریس۔ نقل۔ دیکھا دیکھی

چونکنا: جاگ پڑنا۔ بدکنا۔ بھڑکنا۔ رمیدہ ہونا۔ کودنا۔ ہوشیار ہونا۔ بیدار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ گھبرانا۔ ہکابکا ہونا۔ حیرت میں پڑنا

چونکیل: رم خوردہ۔ وحشت زدہ۔ متوحش۔ ڈرپوک۔ بزدل

چونگا: ۱۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ کاسہ لیسی۔ چرب زبانی
۲۔ احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ مُورکھ
۳۔ ٹیلیفون ریسیور
۴۔ نلی۔ ٹکی

چونگے باز: ۱۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ چرب زبان
۲۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چالباز۔ چالیا۔ جھانسے باز۔ دم باز۔ دھوکے باز

چُوہا: فار۔ یربوع۔ یرم۔ فسعاء۔ ملک۔ موش۔ موسا۔ گھوس۔ گھونس۔ کرآ۔ خرموش۔ بکشہ۔ بکشہ

چوہا بچارے بھینی، ذات جتاوے اپنی
چوہا بل میں سماتا نہیں، دُم سے باندھا چھاج

چوہا بلی کا شکار ہے
چوہے کا بچہ بل ہی کھودتا ہے
چوہے کا جنا بل ہی ڈھونڈتا ہے
چوہے کے ہاتھ لگی ہلدی کی گرہ، وہ پنساری بن بیٹھا

چوہڑا: مہتر۔ خاکروب۔ حلال خور۔ بھنگی۔ کنّاس

چہ: کیا۔ کہاں۔ کس قدر

چہ داند بوزنہ لذاتِ ادرک
چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد
چہ کند بے نوا، ہمیں دارد
چہ نسبت خاک را با عالم پاک

چَہ: تخفیفِ چاہ۔ کنواں۔ گڑھا۔ بیر

چہ بچہ: چو بچہ۔ حوض۔ گڑھا

چہار: چار۔ اربع

چہار چند: چوگنا
چہار شنبہ: یوم الاربعا۔ بدھ وار

چہارم: رابع۔ چوتھا۔ چوتھی

چہچہا: خوش آوازی۔ خوش الحانی۔ خوشی۔ مسرت۔ انبساط

چُہچُہا: خوش رنگ سرخ رنگ۔ تیز۔ چمکیلا۔ روشن

چہچہانا: خوش الحانی کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔ چہکنا۔ نواسنجی کرنا۔ خوشی میں بولنا۔ خوش آوازی سے باتیں کرنا۔ نغمہ طرازی کرنا۔ خوش نوائی کرنا۔

چہکار۔ چہکارا

چہچہاہٹ: خوش آوازی۔ خوش الحانی۔ نواگری۔ نواسنجی۔ نغمہ سرائی۔ چڑیوں کی چہکار

چہرہ: ۱۔ مُنہ۔ مکھ۔ وجہ۔ رُخ۔ تُند۔ بشرہ۔ مکھڑا۔ مصحف۔ محیّا
۲۔ شکل۔ صورت۔ مشابہت۔ حلیہ۔ نقشہ۔ چہرہ مہرہ۔ شکل و شباہت
۳۔ بھاؤ۔ رُوپ۔ طور۔ وضع قطع

چہرہ پرداز: مصوّر۔ نقاش۔ صورت گر
چہرہ پردازی: مصوری۔ نقاشی۔ تصویر کشی۔ صورت گری
چہرہ کشا: ۱۔ نقاب کشا۔ رونما
۲۔ مصور۔ نقاش۔ صورت گر
چہرہ کشائی: ۱۔ نقاب کشائی۔ رونمائی
۲۔ مصوری۔ نقاشی۔ تصویر کشی۔ صورت گری
چہرہ نویس: حلیہ نویس۔ حلیہ نگار

چہرہ اُتر جانا — چہرہ بگاڑنا — چہرہ تمتانا — چہرہ اتارنا — گندمی رنگ چہرہ — شفق فام چہرہ — شاداب چہرہ — سبز ترا چہرہ — گندمی چہرہ — بیضاوی چہرہ — روشن چہرہ — آفتابی چہرہ

چہک: خوش الحانی۔ خوش نوائی۔ نواسنجی۔ نواگری

چہکا: ۱۔ جلن۔ سوزش۔ التہاب۔ چبک۔ ٹپک۔ ٹیس
۲۔ چرکا۔ داغ۔ زخم

چہکار: خوش الحانی۔ نواسنجی۔ نواگری۔ پُرمسرت گفتگو۔ چڑیوں کی چہچہاہٹ

چہل : چالیس۔ اربعون

چہل قدمی: سیر گشت۔ ہواخوری۔ سیر

چُہل : ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ مسخرگی۔ ظرافت

چُہل باز: ظریف۔ خوش طبع۔ ٹھٹھول۔ دل لگی باز۔ مسخرہ۔ ہنسوڑ

چہلا : ۱۔ دلدل۔ کیچڑ۔ دَھسن۔ دھساؤ
۲۔ گیلا۔ تر۔ نم۔ مرطوب۔ نم ناک۔ پُرنم
۳۔ دھبّہ۔ نشان

چہیتا : پیارا۔ عزیز۔ محبوب۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔ معشوق۔ پیتم۔ پریتم

چھ/چھے : شش۔ ستہ

چھاپ : ۱۔ ٹھپا۔ مُہر۔ خاتم۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ نشان۔ اثر۔ علامت
۲۔ چاپ۔ طبع۔ طباعت۔ چھپائی۔ ایڈیشن

چھاپا : ۱۔ مُہر۔ ٹھپا۔ نشان
۲۔ مطبع۔ پریس
۳۔ طباعت۔ چھپائی
۴۔ شب خون۔ اچانک حملہ
۵۔ نقشہ۔ صورت۔ تصویر۔ خط و خال۔ نقش و نگار
۶۔ سانچہ۔ قالب
۷۔ شباہت۔ مشابہت۔ مماثلت۔ تشابہ۔ تشبیہ

چھاتا : ۱۔ بڑا سینہ۔ چھاتی
۲۔ چھتر۔ چتر۔ چھتری

چھاتی : ۱۔ سینہ۔ پستان۔ چوچی۔ صدر۔ ثدی
۲۔ جرأت۔ ہمت۔ حوصلہ۔ ظرف
۳۔ مضبوطی۔ پختگی۔ استقلال۔ استحکام
۴۔ فیاضی۔ جُود۔ سخاوت۔ کرم

چھاتی پر چڑھنا ــــ چھاتی پر دھر کر لے جانا ــــ چھاتی پک جانا ــــ چھاتی پکڑ کر رہ جانا ــــ چھاتی پیٹنا ــــ چھاتی ٹھونکنا ــــ چھاتی کا اُبھار ــــ چھاتی اُبھار کر چلنا ــــ چھاتی کے کواڑ

چھاتی پہ بال نہیں، بھال سے لڑائی
چھاتی پہ دھر کے کوئی نہیں لے جاتا
چھاتی کا سودا ہے

چھاج : سوپ۔ منفہ۔ غلّہ افشاں۔ چھج۔ پنڈیرے۔ چاؤلی۔ منفض

چھاج بولے سو بولے چھلنی بھی بولے جس میں بہتر سو چھید

چھاچھ : لسی۔ کھٹا۔ مٹھا

چھاگل : ۱۔ مشکیزہ۔ پکھال۔ ابریق۔ کنڈل۔ بدھنا۔ لوٹا۔ آفتابہ۔ رکوہ۔ کچکول۔ کشکول۔ کاسہ گردا۔ تومڑی۔ تونبی
۲۔ جھانجن۔ پازیب

چھال : چھلکا۔ پوست۔ قشر۔ بکل

چھالا : آبلہ۔ پھپھولا۔ پھپکا۔ پھلکا۔ تب خالہ۔ چھولا۔ نفطہ۔ مجلہ۔ عقبول۔ پیکاں

چھالیا : سپاری۔ ڈلی۔ چکنی ڈلی۔ فوفل۔ پھال۔ کسیلی

چھان: ۱۔ پھسکی۔ بھوسی۔ بھوسی۔ سبوس۔ چوکر۔ بُرا۔ ساف۔ چھلکا۔ برادہ
۲۔ دریافت۔ تحقیق۔ تفتیش۔ کھوج۔ تفحص

چھان بنان/ بین/ پھٹک: دریافت۔ تحقیق۔ کھوج۔ تلاش۔ جستجو۔ تجسس

چھانٹ: ۱۔ انتخاب۔ چناؤ
۲۔ قطع و برید۔ کتر بیونت۔ تراش خراش
۳۔ کترن۔ فضلہ۔ چھیچھڑے۔ چھانٹن

چھانٹن: کترن۔ جھاڑن۔ فضلہ۔ چھانٹ

چھاؤں: ۱۔ چھایا۔ چھاں۔ سایہ۔ ظل
۲۔ عکس۔ پرتو۔ پرچھائیں
۳۔ روشنی۔ کرن۔ شعاع
۴۔ مشابہت۔ شباہت۔ مماثلت۔ تشابہ

چھاؤنی: ۱۔ لشکرگاہ۔ معسکر۔ فوجی کیمپ
۲۔ خس پوش مکان۔ چھپر

چھایا: ۱۔ چھاؤں۔ سایہ۔ پرچھاواں۔ ظل
۲۔ سایہ دار مقام۔ گھر۔ مکان
۳۔ عکس۔ پرتو۔ پرچھائیں
۴۔ روشنی۔ چمک۔ درخشانی۔ تابانی۔ تابندگی۔ رخشندگی
۵۔ تاریکی۔ سیاہی۔ تیرگی۔ اندھیرا
۶۔ بھوت پریت۔ خبیث روح۔ آسیب
۷۔ مشابہت۔ شباہت۔ مماثلت۔ تشابہ
۸۔ پناہ۔ حفاظت۔ بچاؤ
۹۔ سلسلہ۔ تسلسل
۱۰۔ ڈراؤنا خواب۔ بھیانک خواب۔ خواب پریشاں

| چھایا پڑی مایا ہے

چھب: ۱۔ خوب صورتی۔ جمال۔ حسن۔ زیبائی۔ کشش
۲۔ تناسب اعضا۔ اندازِ جسم۔ گات۔ موہنی
۳۔ آرائش۔ زیبائش۔ زیب و زینت۔ بناؤ سنگار۔ سجاوٹ۔ آراستگی
۴۔ ناز و انداز۔ اندازِ عشقانہ۔ ادا۔ غمزہ۔ عشوہ
۵۔ آب۔ تجلی۔ جلوہ۔ شان۔ شوکت
۶۔ شکل۔ صورت۔ وضع۔ قطع۔ ڈیل ڈول

چھب گٹھڑی میں اور صورت طباق میں
چھب گٹھڑی میں جوبن رکابی میں

چھبڑا: ٹوکرا۔ چھابا۔ ڈالا۔ چھابڑی

چھبیس: بست و شش۔ ست و عشرون

چھپا: مخفی۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ پنہاں۔ نہاں۔ مستور۔ مکتوم۔ گپت

چھپا رستم: ۱۔ گم نام ماہرِ فن
۲۔ پوشیدہ شریر۔ خفیہ بدمعاش۔ چُپ شریر
چھپا راستہ: خفیہ راستہ۔ چور راستہ

چھپاؤ: ۱۔ پوشیدگی۔ پردہ۔ اخفا۔ کتمان۔ کتم
۲۔ راز۔ بھید۔ سِر

چھپائی: چھاپہ۔ طباعت۔ چھاپ۔ چاپ

چھپٹی: ۱۔ چھیلن۔ تراشہ
۲۔ دُبلا۔ پتلا۔ لاغر

چھپر: ۱۔ سائبان
۲۔ بوجھ۔ بار۔ وزن۔ بھار۔ ثقل
۳۔ غول۔ جھنڈ۔ ٹکڑی

چھپرکھٹ: مسقف پلنگ۔ پوشش دار پلنگ

| چھپر پہ پھوس نہیں دروازہ/ڈیوڑھی پہ نقارہ

چھپکا: ۱۔ چینا۔
۲۔ جال۔ دام۔ پنجرہ

چھپکلی: ۱۔ چلپاسہ۔ کرپاسس۔ پازہ۔ چھپکی۔ برغنہ۔ بزمجہ۔ بزمزہ۔ پازرہ۔ پاشو۔ کرپاسو۔ کرپاسہ۔ کربس۔ کربو۔ کرلسہ۔ کرفش۔ کپاسس۔ کپاسو۔ کپاسہ۔ کلپاسس۔ کلپاسو۔ کلپاسہ۔ ماتزنگ۔ ماتورگ۔ ماتورجگ۔ کوڑکرلی۔ کربوٹے
۲۔ دبلی پتلی

چھپن: پنجاہ و شش۔ ستہ خمسون

چھپواں: پوشیدہ۔ مخفی۔ پنہاں۔ نہاں۔ مستور۔ مکتوم

چھت: سقف۔ بام۔ پٹاؤ۔ سائبان۔ بالاخانہ

چھتا: ۱۔ خانۂ زنبور۔ خانۂ مگس
۲۔ مسقف کوچہ
۳۔ جھنڈ۔ گچھا

چھتر: ۱۔ چھاتا۔ چتر۔ چھتری
۲۔ شامیانہ۔ نم گیرا۔ سائبان
۳۔ استاد۔ گورو۔ مرشد۔ پیر
۴۔ پناہ گاہ۔ دامن۔ حمایت۔ ملجا۔ ماوی

۵۔ کھمبی۔ کلاہ باراں۔ ککرمتا

چھترپتی/چھتردھاری: تاجدار۔ تاجور۔ صاحب افسر و دیہیم۔ بادشاہ۔ شاہ۔ ملک۔ سلطان۔ نواب۔ راجا۔ والیٔ ریاست۔ والیٔ ملک

چھتراؤ: پراگندگی۔ پریشانی۔ انتشار۔ خلفشار۔ افراتفری۔ تتر بتر۔ بکھراؤ

چھتری: ۱۔ چھتر۔ چتر۔ دستی چھاتا
۲۔ مسہری۔ چھپرکھٹ
۳۔ برگ و شاخِ درخت
۴۔ ٹھاٹر۔ چھپر
۵۔ چھت۔ سقف۔ بام
۶۔ دنبالۂ جہاز۔ عقبِ جہاز۔ پشتِ جہاز

چھتنار: ۱۔ گھنا۔ گنجان۔ شاخدار
۲۔ برابر۔ ہموار۔ مسطح

چھتیس: سی و شش۔ ستہ ثلاثون

چھتیسا: ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ مکار۔ عیار۔ چاپلیا۔ فریبی۔ چالباز۔ دغاباز۔ حیلے باز۔ دغاباز۔ فیلسوف۔ فریب کار۔ پرفن
۲۔ پختہ کار مرد۔ پکی عمر کا مرد

چھتیسی: ۱۔ عیارہ۔ مکارہ۔ فریبن۔ چال بازنی۔ دغابازنی
۲۔ زانیہ۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔ بدکار
۳۔ پختہ کار عورت۔ پکی عمر کی عورت

چھٹ: ۱۔ بجز۔ سوا
۲۔ چھوٹا۔ صغیر۔ خرد۔ کودک

چھٹ بھیا: ۱۔ ادنیٰ۔ کمتر۔ ہیچ۔ حقیر۔ دنی۔ جلف۔ کمینہ۔ سفلہ۔

ہیچ کارہ ۔ ہیچ میرز

۲۔ غریب ۔ مفلس ۔ نادار ۔ قلاش ۔ تہی دست ۔ تہی دامن ۔ بے مایہ ۔
بے بضاعت ۔ تہی مایہ

چُٹ پن : خُردی ۔ طفلی ۔ طفولیت ۔ بچپن ۔ لڑکپن ۔ بال پن ۔ صغر سنی ۔ کمسنی

چھٹا : ۱۔ علیحدہ ۔ الگ ۔ جُدا
۲۔ نرا ۔ صاف ۔ فقط ۔ خالی

چھٹاپا : خُردی ۔ چھٹاپن ۔ صغر ۔ تصغیر

چھٹاون : چھٹکن ۔ چھٹن ۔ چھانٹن ۔ بچا کھچا ۔ باقی ماندہ ۔ پس ماندہ

چھٹکارا : ۱۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ استخلاص ۔ چھٹی ۔ برأت ۔ نجات ۔ بریت
۲۔ فرصت ۔ مہلت ۔ فراغت
۳۔ آزادی ۔ آزادگی ۔ بے قیدی

چھٹکیلا : عیاش ۔ اوباش ۔ بدمعاش ۔ لچا ۔ لفنگا ۔ آوارہ ۔ بد وضع ۔
بداطوار ۔ بدکار ۔ بدکردار

چھٹکی : ۱۔ چھینٹا ۔ دھبا ۔ داغ ۔ بُندکی
۲۔ چھرا ۔ گرل

چھوٹی : کمی ۔ تخفیف ۔ کٹوتی ۔ رعایت

چھٹی : ۱۔ رخصت ۔ تعطیل ۔ بطلہ ۔ ناغہ ۔ یوم الراحت ۔ خانہ نشینی ۔ غزا
۲۔ فرصت ۔ مہلت ۔ فراغت ۔ بے شغل ۔ بیکاری
۳۔ اجازت ۔ اذن ۔ آگیا
۴۔ موقوفی ۔ برطرفی ۔ عزل ۔ معزولی
۵۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ نجات ۔ چھٹکارا ۔ استخلاص ۔ برأت ۔ بریت

چھجّ : ۱۔ گھنا ۔ گنجان ۔ چھتنار ۔ سایہ دار
۲۔ جھاڑ ۔ جنگل ۔ جھنڈ ۔ جھنکاڑ

چھجّا : سائبان ۔ مہتابی ۔ کنگرہ ۔ کٹہرا ۔ چھپر ۔ شامیانہ ۔ آفتاب گیر ۔
چھتری ۔ برآمدہ ۔ بارجا ۔ شہ نشین ۔ رواق ۔ چھانپ

چھچھڑا : ۱۔ پھیپھڑا ۔ چھانٹن
۲۔ لجلجا ۔ لسلسا ۔ چپچپا ۔ نرم

چھچھلا : اُتھلا ۔ کم گہرا ۔ پایاب

چھچھلاپن : اُتھلاپن ۔ پایابی

چھچھورا : کمینہ ۔ سفلہ ۔ اسفل ۔ دنی ۔ ادنیٰ ۔ ہیچ ۔ حقیر ۔ کم ظرف ۔ نمودیا ۔ نمائشی ۔
خودنما ۔ خودبیں ۔ رذیل ۔ ذلیل

چھچھوراپن / چھچھورپن : کمینگی ۔ سفلگی ۔ دنائت ۔ کم ظرفی ۔ خودنمائی ۔ خودبینی ۔
رذالت ۔ ذلالت ۔ اوچھاپن ۔ ٹٹ پونجیاپن ۔ سفلہ پن ۔ کمینہ پن ۔
سفلہ مزاجی ۔ نذالہ ۔ نذولہ

چُھدّا : ۱۔ الزام ۔ تہمت ۔ بہتان ۔ اتہام
۲۔ شکوہ ۔ شکایت ۔ گلہ
۳۔ بارِ احسان ۔ بارِ منّت

چھدرا : چھیدا ۔ جھرجھرا ۔ کم گھنا ۔ ناگنجان

چھرّا : ۱۔ گول ۔ سنگ ریزہ
۲۔ طعن ۔ طعنہ ۔ طنز ۔ گالی گلوچ ۔ دشنام ۔ تشنیع

چُھرا : خنجر ۔ کٹار ۔ کارد

چُھری : کارد ۔ کٹار ۔ چاقو ۔ سکین ۔ مدیہ ۔ چاڑا

چھری بند بھائی: ۱۔ قصاب۔ قسائی۔ بُوچڑ
۲۔ ہم قوم۔ ہم پیشہ۔ ہم چشم

چھری کٹاری: ۱۔ خنجر زنی۔ مارکاٹ۔ مار دھاڑ۔ لڑائی جھگڑا۔ نزاع۔ تنازع
۲۔ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ عناد۔ معاندت۔ بیر
۳۔ بحث۔ تکرار۔ حجت۔ مجادلہ
۴۔ آمادۂ فساد۔ لڑاکا۔ جنگ جو۔ عربدہ جو۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ آمادۂ جنگ۔ جنگ آور۔ مبارز

چھریرا/چھرہرا: ۱۔ دُبلا پتلا۔ دھان پان۔ ہلکا پھلکا
۲۔ لمبا تڑنگا۔ طویل قامت۔ بلند قامت۔ کشیدہ قامت

چھڑ: بانس۔ چوب۔ چھڑی۔ راڈ

چھڑا: ۱۔ اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ فرید۔ یگانہ۔ یکہ۔ اکوتا
۲۔ مجرد۔ کنوارا۔ رنڈوا۔ غیر متاہل

چھڑاوا: ۱۔ نجات دہندہ۔ منجی۔ رہانندہ
۲۔ رہائی۔ خلاصی۔ خلاص۔ مخلصی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ استخلاص۔ آزادی
۳۔ برطرفی۔ موقوفی۔ معزولی۔ عزل

چھڑائی: ۱۔ رہائی۔ خلاص۔ خلاصی۔ مخلصی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ استخلاص۔ آزادی
۲۔ تاوان۔ کفارہ۔ فدیہ

چھڑکاؤ: آب پاشی۔ آب افشانی

چھڑی: چوب۔ عصا۔ ڈنڈی۔ لاٹھی۔ سونٹی۔ قمچی۔ جھنڈی

چھکا چھک: ۱۔ [illegible]۔ سیر۔ آسودہ
۲۔ مدہوش۔ سیاہ مست۔ سرشار۔ [illegible]۔ مدماتا۔ متوالا۔
[illegible]

چھکائی: ۱۔ پُری۔ سیری۔ آسودگی
۲۔ مدہوشی۔ سیاہ مستی۔ سرشاری۔ متوالاپن

چھکڑ: تھپڑ۔ دھول۔ طمانچہ۔ لپڑ۔ لطمہ۔ سیلی۔ چپت

چھکڑا: ۱۔ گڈ۔ گڈا۔ گڈی۔ گاڑی۔ بہل۔ رتھ۔ ارابہ۔ رہڑا۔ ٹانگہ۔ لہڑو۔ بیل گاڑی۔ گاڑی۔ ٹھیلا
۲۔ پرانا۔ فرسودہ۔ ناکارہ۔ بے کار

چھل: فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ مکر۔ مکاری۔ عیاری۔ دم۔ چال۔ جھانسا۔ نیرنگ۔ شعبدہ۔ ہیرا پھیری۔ پھند

چھل بنا/بنے: فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ مکر۔ مکاری۔ عیاری۔ دم۔ جھانسا۔ نیرنگ۔ شعبدہ۔ ہیرا پھیری۔ چالبازی۔ چکما

چھل بل: ۱۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔ عیاری۔ مکاری۔ دم۔ جھانسا۔ ہیرا پھیری۔
۲۔ حیلہ۔ بہانہ۔ ٹال مٹول۔ سخن سازی
۳۔ شوخی۔ چالاکی۔ چنچل پن۔ اچپلاہٹ۔ چلبلاپن

چھلا: حلقہ۔ کُنڈلی۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ خاتم۔ مُندری۔ چھاپ۔ [illegible]

چھلانگ: زقند۔ جست۔ پھلانگ۔ قلانچ۔ چوکڑی۔ زقند۔ پھاند۔ چھال۔ وثبہ۔ طفرہ۔ طیران۔ [illegible]۔ ٹپا۔ پھدکی۔ تڑارا۔ سرپٹ۔ وثبہ جست

چھلاوا: ۱۔ چھلیا۔ فریبی۔ عیار۔ مکار۔ دغاباز
۲۔ شوخ۔ طرار۔ چالاک۔ چلبلا۔ چنچل۔ اچپل
۳۔ غول بیابانی۔ آسیب۔ شہابہ۔ بھتنا۔ بھوت۔ پریت۔ اگیا بیتال
شیطانی آگ۔ اشرار

چھچھلا: ۱۔ معمولی۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ ہیچ۔ ناچیز۔ کم تر۔ کم قدر
۲۔ طفلانہ۔ بچکانہ۔ احمقانہ
۳۔ کم ظرف۔ اوچھا۔ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ اُتھلا

چھلکا: چھال۔ بکل۔ پوست۔ قشر۔ کھال۔ جلد۔ خول۔ غلاف۔ ریشہ۔ تار۔ پھونسڑا۔ تس۔ پھوک۔ چھلڑ۔ تھیلا۔ چھلک۔ پوشش

چھلنی: غربال۔ پرویزن۔ بیزن۔ منخل۔ چھانی۔ پالونہ۔ پرولن

چھلیا: فریبی۔ دغا باز۔ عیار۔ مکار۔ چالیا۔ چالباز۔ جھانسے باز۔ دھوکے باز۔ فریب خار۔ چکمے باز۔ فریب کار

چھما: ا۔ شما۔ معافی۔ عفو۔ درگزر
۲۔ مہربانی۔ رحم۔ کرم۔ عنایت۔ نوازش

چھن: لمحہ۔ پل۔ لحظہ۔ ثانیہ۔ سیکنڈ

چھنال: بدکار۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ زانیہ۔ بے حیا۔ کسبی۔ بے شرم۔ پاتر۔ آوارہ۔ شہوت پرست۔ رنڈی۔ طوائف۔ بیسوا

چھنال پن / پنا: بدکاری۔ فحاشی۔ قحبگی۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ شہوت پرستی۔ زنا۔ اوباشی

چھنالا: بدکاری۔ فحاشی۔ قحبگی۔ بے حیائی۔ شہوت پرستی۔ چھنال پن

چھناؤ: چھانٹ۔ تراشں۔ قطع و برید۔ تراش خراش

چھنٹیل: چھانٹ۔ چھانٹن۔ باقی ماندہ۔ پسماندہ۔ کم۔ ردی۔ ناکارہ

چھند: ا۔ فریب۔ چھل۔ چھل۔ دغا۔ دھوکا۔ چند۔ مکر۔ عیاری۔ مکاری
چال۔ چالبازی۔ چلتر۔ چلتربازی
۲۔ مضمون چوری۔ تصنیف چوری۔ مضمون دزدی
۳۔ نظم۔ اشلوک
۴۔ بحر۔ وزن۔ عروض

چھندا: فریب۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ چھل۔ دغا۔ چال۔ چالبازی۔ چلتر۔ چلتربازی

چھو: ا۔ الفت۔ پیار۔ محبت۔ عشق۔ پریم۔ پیت۔ پریت۔ چاہ۔ چاہت
۲۔ دعا۔ منتر۔ جادو۔ افسوں۔ دم۔ جھاڑ پھونک۔ چھوچھا۔ چھوچھکا

چھوچھا: ا۔ دعا۔ منتر۔ جادو۔ افسوں۔ جھاڑ پھونک
۲۔ خالی۔ کھوکھلا۔ پھوک۔ فضلہ
۳۔ کمینہ۔ دُنی۔ حقیر۔ ہیچ۔ ناچیز۔ کمتر۔ بے حقیقت۔ سفلہ۔ ہیچ میرز۔ کم ظرف

چھومنتر: جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ افسوں۔ دعا۔ جھاڑ۔ پھونک

چھوت: ا۔ ناپاکی۔ پلیدی۔ نجاست۔ آلودگی۔ آلائش۔ لوث
۲۔ چھوا۔ مس۔ مساس۔ لمس۔ متعدی
۳۔ نجس۔ پلید۔ گندہ۔ غلیظ۔ آلودہ

چھوٹا: ا۔ کوچک۔ صغیر۔ اصغر۔ خُرد
۲۔ کوتاہ۔ کم۔ قصیر
۳۔ کوتاہ قد۔ کوتاہ قامت۔ پست قد۔ ناٹا۔ ٹھنگنا۔ بونا
۴۔ کم عمر۔ کم سن۔ صغیر سن۔ بال
۵۔ تھوڑا۔ قلیل۔ خفیف۔ تنک
۶۔ اوچھا۔ تنگ۔ کم ظرف۔ کمینہ۔ تنگ دل۔ تھڑدلا
۷۔ کمتر۔ کمینہ۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ ہیچ۔ ناچیز۔ ناکارہ۔ گھٹ
۸۔ ماتحت۔ زیردست
۹۔ رذیل۔ ذلیل۔ کم قدر۔ سفلہ۔ ارذل۔ کمین

چھوٹا پن: ا۔ کوچکی۔ صغر۔ تصغیر۔ خُردی۔ چھٹاپا
۲۔ کوتاہی۔ کمی۔ قصارت
۳۔ کوتاہ قامتی۔ ناٹاپن۔ ٹھنگنا پن۔ پست قامتی
۴۔ کم عمری۔ کم سنی۔ بالاپن۔ صغر سنی

۵۔ قلت۔ کمی
۶۔ اوچھا پن۔ تنگی۔ تنگ ظرفی۔ کم حوصلگی۔ تنگ دلی۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ کم دلی
۷۔ کمتری۔ کم تری۔ دنائت۔ گھٹیا پن
۸۔ ماتحتی۔ زیر دستی
۹۔ رذالت۔ ذلت۔ کم قدری۔ بے قدری

چھوچھو: ۱۔ دایا۔ دائی۔ انا۔ کھلائی۔ ددا
۲۔ ہم عمر لونڈی۔ ہم سن کنیز

چھوچھی: نے۔ نال۔ نلی۔ نکی۔ ٹیوب

چھور: ۱۔ کنارہ۔ کرانہ۔ ساحل۔ لبِ دریا۔ کنارہ
۲۔ حد۔ سرحد۔ سوانا۔ سیما
۳۔ طرف۔ سمت۔ جانب۔ پہلو۔ سرا۔ کونا۔ گوشہ۔ نوک
۴۔ چوٹی۔ کلہ۔ سر۔ پھننگ

چھورا / چھوکرا: ۱۔ لڑکا۔ بالا۔ بچہ۔ طفل
۲۔ غلام۔ خادم۔ خدمت گزار۔ داس
۳۔ چیلا۔ شاگرد۔ مرید۔ چیرا
۴۔ نادان۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ الھڑ

چھولداری: چھوٹا خیمہ۔ تمبو۔ ٹینٹ۔ سپاگاہ

چھوچھا: ۱۔ خالی۔ تہی۔ بے مغز
۲۔ تہی دست۔ تہی دامن۔ نادار۔ مفلس۔ قلاش۔ غریب۔ بے مایہ۔ بے بضاعت۔

چھونک: ۱۔ بگھار۔ داغ۔ پانی اور گھی کا بگھار
۲۔ مزہ۔ ذائقہ۔ سواد

چھوہارا: خرما خشک کھجور۔ رطب۔ رش۔ بردی۔ کھجی

چھوئی موئی: ۱۔ لاجونتی۔ لجونی
۲۔ نازک مزاج۔ نازک طبع۔ چڑچڑا۔ شرمیلا۔ لجالو۔ سریع البکا۔ ذکی الحس۔ مرزا پھویا۔ زود رنج۔ شرمیل

چھی: ۱۔ تھو۔ تف۔ لعنت۔ دُر۔ آخ تھو
۲۔ خراب۔ نکما۔ ناکارہ۔ بھدا۔
۳۔ پاخانہ۔ گوہ۔ براز۔ فضلہ

چھیاسٹھ: شصت و شش۔ ستہ ستون

چھیاسی: ہشتاد و شش۔ ستہ ثمانون

چھیالیس: چہل و شش۔ ستہ اربعون

چھیانوے: نود و شش۔ ستہ تسعون

چھیپ: داغ۔ دھبا۔ نشان۔ چھائیں۔ نشانِ برص

چھیج: ۱۔ نقصان۔ گھاٹا۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ زیاں۔ خسران
۲۔ کمی۔ گھاٹ۔ زوال۔ تنزل
۳۔ جھرنا۔ آبشار۔ جوار
۴۔ تباہی۔ بربادی۔ خرابی۔ ویرانی

چھید: ۱۔ سوراخ۔ رخنہ۔ روزن
۲۔ بل۔ غار۔ گڑھا۔ بھٹ

چھیڑ: ۱۔ چھیڑا۔ مس۔ مساس۔ لمس۔ گدگدی
۲۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ ٹھٹھا
۳۔ اشتعال۔ انگیخت۔ آغازِ فساد۔ تحریکِ فساد

۴۔ نشترزنی

چھیڑ چھاڑ: ۱۔ ہنسی۔ مذاق۔ چُہل۔ دل لگی۔ نوک جھونک۔ اختلاط
۲۔ اشتعال۔ تحریکِ فساد۔ ابتدائے فتنہ

چھیڑخانی: ۱۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ چُہل۔ دل لگی۔ ہنسی۔ نوک جھونک۔ تو تا مروڑی
۲۔ مخالفت۔ اشتعال۔ فساد۔ فتنہ۔ طعن۔ طعنہ۔ طنز۔
۳۔ چوچا چالی

چھیل/چھیلا: بانکا۔ رنگیلا۔ رسیلا۔ خوش پوش۔ خوش پوشاک۔ خوش وضع۔ خوش لباس۔ طرح دار۔ خوبصورت۔ حسین۔ جمیل

چھیل پن: بانکپن۔ رنگیلاپن۔ خوش پوشی۔ خوش پوشاکی۔ خوش لباسی۔ خوش وضعی۔ طرحداری۔ خوب صورتی۔ حسن۔ جمال

چھیل چھبیلا/چکنیا: بانکا۔ ترچھا۔ رنگیلا۔ طرحدار۔ سجیلا۔ وجیہا۔ بنا سنورا۔ آراستہ پیراستہ۔ خوش پوش۔ خوش پوشاک۔ خوش لباس۔ خوش وضع

چھیلن: ۱۔ دُبلا۔ پتلا۔ سنکی۔ دھان پان۔ لاغر۔ نحیف۔ نزار۔ نازک۔ کمزور۔ ضعیف۔ نقیہ
۲۔ چھوٹا۔ خُرد۔ ننھا۔ کودک۔ کوچک۔ صغیر
۳۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ قلاش۔ بے مایہ۔ بے زر۔ بے بضاعت۔ فلاکت زدہ
۴۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ بدبخت۔ بدطالع۔ بداختر۔ زبوں بختی۔ ابھاگی
۵۔ خراب۔ خستہ۔ بدحال۔ مفلوک الحال۔ فلاکت زدہ۔ دُکھی۔ مصیبت زدہ

چھین جھپٹ/چھینا جھپٹی: نوچ کھسوٹ۔ لوٹ کھسوٹ۔ نوچا ناچی۔ چھینا جھپٹی۔ کھینچا تانی۔ کشاکش۔ کش مکش۔ غصب۔ نہب

چھینٹ: ۱۔ قطرہ۔ بوند۔ بُندکی
۲۔ داغ۔ دھبا
۳۔ شباہت۔ مشابہت۔ تشابہ۔ تشبّہ
۴۔ ورلیں۔ رنگین کپڑا۔ پھولدار کپڑا

چھینٹا: ۱۔ مینہ۔ بارش۔ باراں۔ ترشح۔ تقاطر۔ پھوار۔ بُوندا باندی۔ چھپکا۔ رشاش۔ نفع
۲۔ طعنہ۔ طعن۔ تشنیع۔ طنز۔ چھیڑ
۳۔ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔ چال۔ چھل۔ جھانسا۔ چکما
۴۔ طمع۔ حرص۔ لالچ۔ لوبھ
۵۔ اشتعال۔ اکساوا۔ اکساہٹ۔ انگیخت۔ جوش

چھینک: عطش۔ عطسہ۔ زنچھ۔ شتوسہ۔ ہچکان۔ ترکشے

چھینکا: شکن۔ جالی۔ چھکا

چھیاں: تخمِ تمر ہندی۔ املی کا بیج۔ املی کی گٹھلی

چھیاں ریزہ: ۱۔ دُبلا۔ پتلا۔ منحنی۔ دھان پان۔ لاغر۔ نحیف۔ کمزور۔ ضعیف
۲۔ حقیر۔ ادنیٰ۔ کمتر۔ بے وقعت۔ بے حقیقت۔ ہیچ۔ ناچیز
۳۔ کم عمر۔ کم سن۔ بالا۔ صغیر سن

چیپ: ۱۔ لیس۔ لاسا۔ چپچپاہٹ۔ چپکاہٹ
۲۔ پیپ۔ مولو۔ غلاظت۔ کیچڑ۔ ریم

چیپ دار: لیس دار۔ چپکنا۔ لسا

چیت: ۱۔ خیال۔ دھیان۔ توجہ۔ فکر۔ اندیشہ۔ چِت۔ غور
۲۔ سمجھ۔ بُوجھ۔ بُدھ۔ فہم۔ ادراک۔ عقل۔ شعور۔ احساس
۳۔ ہوشیاری۔ خبرداری۔ آگاہی۔ واقفیت۔ ہوشمندی
۴۔ احتیاط۔ چوکسی۔ چوکناپن
۵۔ حافظہ۔ یاد۔ یادداشت

چیتا: حافظہ۔ یاد۔ یادداشت

چیتا: پلنگ۔ تیندوا۔ گل دار۔ چیتر۔ ناگیر۔ پڑ انگا۔ یوز

چیتل: ۱۔ جنگلی گائے۔ نیل گاؤ
۲۔ چتکبرا سانپ
۳۔ چتکبرا۔ ابلق۔ چتی دار۔ داغدار۔ چتلا۔ چیتا

چیتھڑا: ۱۔ پارچہ۔ لتّا۔ لیر۔ بیرا۔ دھجی۔ گدڑا۔ پھیتھڑ۔ چیر۔ خرقہ۔ لگرا
۲۔ گھٹیا اخبار۔ بے وقعت جریدہ

چیٹک: شوق۔ دُھن۔ لگن۔ چسکا۔ لت۔ عادت۔ لپکا

چیچک: ماتا۔ سیتلا۔ خسرا۔ جُدری۔ ٹھنڈی

چیخ: چلاہٹ۔ پکار۔ فغاں۔ شور۔ غوغا۔ چنگھاڑ۔ دردناک آواز۔
صدائے پُردرد۔ چیک

چیدہ: منتخب۔ انتخاب شدہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ زُبدہ۔ چُنندہ

چیر: ۱۔ زخم۔ شگاف۔ درز۔ پھٹن۔ جراحت۔ گھاؤ
۲۔ کترن۔ دھجی۔ پتی۔ لیر
۳۔ دوپٹہ

چیرا: چیلا۔ مرید۔ شاگرد۔ غلام۔ خدمت گار۔ خادم۔ داس۔ عقیدتمند۔
ارادت مند۔ معتقد

چیرا: ۱۔ زخم۔ جراحت۔ گھاؤ
۲۔ شگاف۔ درز۔ پھٹن
۳۔ پگڑی۔ دستار۔ دوپٹا
۴۔ دوشیزگی۔ کنوارپن۔ بکارت

چیرابند: ۱۔ دستار بند۔ پگڑی بند
۲۔ باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری۔ اچھوتی

چیرہ: ۱۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ جرأتمند۔ شجیع۔ سورما
۲۔ غالب۔ زورآور۔ بلوان۔ بلونت۔ شکتی مان۔ زبردست۔
حاوی۔ مسلط

چیرہ دست: زبردست۔ غالب۔ حاوی۔ قوی۔ زورآور۔ طاقت ور۔
بلوان۔ بلونت۔ شکتی مان

چیرہ دستی: زبردستی۔ غلبہ۔ برتری۔ قوت۔ طاقت۔ بل۔ شکتی۔
زورآوری۔ طاقت وری

چیری: چیلی۔ داسی۔ کنیز۔ ملازمہ۔ خادمہ۔ لونڈی۔ لڑکی بٹ گردی۔
تلمیذہ۔ مریدنی

چیز: ۱۔ بست۔ وستو۔ شے۔ سیز
۲۔ سامان۔ اسباب۔ اثاثہ۔ جنس۔ مال
۳۔ زیور۔ گہنا۔ جواہر
۴۔ مضمون۔ کہانی۔ افسانہ۔ مقالہ۔ غزل۔ نظم
۵۔ گانا۔ نغمہ۔ راگ۔ ٹھمری
۶۔ مٹھائی۔ شیرینی
۷۔ امانت۔ ودیعت

چیز بست: اثاثہ۔ اسباب۔ سازو سامان۔ مال و متاع۔ اسباب خانہ۔
اثاث البیت۔ اثالا۔ بوریا بدھنا۔ بستر۔ پلارتھ۔ گنا پتا

چیس: درد۔ ٹیس۔ تپک۔ کسک۔ خلش۔ چبھن۔ پیڑ۔ چمک۔ کھٹک۔
کرب۔ چُبک

چیستاں: پہیلی۔ بجھارت۔ لُغز۔ معمّا۔ بُھول بھلیاں

چیف: ۱۔ سردار۔ سربراہ۔ سرکردہ۔ سرغنہ۔ صدر۔ مکھیا
۲۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ ارفع۔ کبیر۔ اکبر۔ افضل۔ برتر۔ فائق

چیکٹ/چکیٹ: ۱۔ گاد۔ دُرد۔ مَیل۔ غلاظت۔ مَیلا
۲۔ کالا۔ سیاہ۔ اَسود۔ تیرہ۔ چکٹا

چیل: غلیواز۔ زغن۔ گیہ۔ خاد۔ خات۔ اِل

چیلا: ۱۔ مرید۔ ارادت مند۔ عقیدت مند۔ چیرا۔ شاگرد۔ تلمیذ۔ معتقد
۲۔ خادم۔ خدمت گار۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ متبع۔ غلام۔ بندہ۔ عبد۔
حاشیہ بردار۔ حواری

چیلے چانٹے: مالی موالی۔ حاشیہ بردار۔ حواری

چیلنج: للکار۔ پکار۔ دعوتِ مبارزت۔ مبارز طلبی۔ مشکل کام

چیلی: ۱۔ چیری۔ مریدنی۔ شاگردنی۔ معتقدہ۔ تلمیذہ
۲۔ خادمہ۔ لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ داسی۔ پرستار۔ اَمہ

چیمپئن: نامنی۔ فاتح۔ میر میراں۔ رستم۔ رَن جیت۔ سُورما

چَین: آرام۔ آسائش۔ آسودگی۔ راحت۔ سُکھ۔ کَل۔ اطمینان۔ عیش۔
قرار۔ سکون۔ تسکین۔ تسلی

چِین (فارسی)**:** شِکن۔ بل۔ سلوٹ۔ جھرّی۔ جُھرس۔ چُنَٹ

چیتا: چتکبرا۔ چتلا۔ ابلق۔ چتی دار۔ سفید و سیاہ

چینت/چینٹ: گرد۔ خراش۔ کھرنچ۔ کھرنڈ

چیند: بدمعاملگی۔ بدعہدی۔ بدسلوکی۔ گڑبڑ۔ بے ایمانی۔ بددیانتی۔
حقیقت پوشی۔ دھاندلی

چیند باز: بدمعاملہ۔ بدعہد۔ بے ایمان۔ بددیانت۔ حقیقت پوش
دھاندل باز

چینی: ۱۔ سفید مٹی۔ گِلِ سفید
۲۔ شکر سفید۔ کھانڈ۔ قند۔ نبات۔ مصری
۳۔ چیتا۔ چتکبرا۔ چتلا۔ ابلق

چیونٹا: مُورِ نر۔ مُورِ کلاں۔ کیڑا۔ مکوڑا۔ چینٹا

چیونٹی: مُور۔ کیڑی۔ چینٹی۔ کویلی

اُردو میں مختلف زبانوں کے لفظ مستعمل ہیں، مگر ان میں سے بعض کا تلفظ، بعض کے معنی اور بعض میں دونوں بدل گئے ہیں۔ یعنی ازروے اصل ان کا تلفظ یا معنی غلط ہیں لیکن ہم اُردو میں اسی غلط کو صحیح اور صحیح کو غلط مانتے ہیں اور الفاظ اور محاورات کی صحت اور غلطی اور عبارت کی فصاحت و قیادت میں کسی دوسری زبان کے لغت، قواعدِ صرف و نحو اور اصولِ انشا کی پابندی نہیں کرتے۔ اس سے اُردو کا مستقل زبان ہونا ثابت ہے۔

(نظامِ اُردو از آرزو لکھنوی)

ح

حاکم : ۱۔قاضی ۔منصف ۔حاکمِ عدالت ۔جج
۲۔(مجازاً) سخی ۔کریم ۔فیاض ۔خیر ۔دانی ۔داتا ۔دھرم آتما ۔فیض بخش ۔
سیر چشم ۔دریا دل ۔بلند حوصلہ ۔دل والا ۔گنج بخش

حاتمِ زمانہ ـــ حاتمِ وقت ـــ حاتم کی قبر پر لات مارنا ـــ
حاتمِ دوراں ـــ دل کا حاتم

حاجب : ۱۔دربان ۔پاسبان ۔چوکیدار ۔چوب دار ۔عرض بیگی
۲۔پردہ ۔حجاب ۔ستر
۳۔ابرو ۔بھوں

حاجت : ۱۔احتیاج ۔ضرورت ۔طلب ۔لوڑ ۔خلہ ۔وطر
۲۔خواہش ۔چاہ ۔آرزو ۔مراد ۔غرض ۔مطلب ۔تمنا
۳۔محتاجی ۔افلاس ۔غربت ۔غریبی ۔ناداری ۔بے مائیگی ۔تہی دستی ۔
تہی مائیگی ۔تہی دامنی ۔بے بضاعتی ۔فلاکت
۴۔پاخانہ ۔اجابت ۔حوائجِ ضروری

حاجت برار : حاجت روا ۔داتا ۔سخی ۔فیاض ۔دانی
حاجت براری : حاجت روائی ۔فیاضی ۔فیض بخشی ۔دان
حاجت خواہ : ضرورت مند ۔حاجت مند ۔صاحبِ غرض ۔سائل ۔فقیر ۔محتاج ۔
طالب
حاجت روا : حاجت برار ۔داتا ۔سخی ۔فیاض ۔فیض بخش ۔دانی

حاجت روائی : حاجت براری ۔فیاضی ۔فیض بخشی ۔دان ۔داد و دہش
حاجت مند : محتاج ۔ضرورت مند ۔صاحبِ غرض ۔سائل ۔فقیر ۔گدا ۔
طلب گار
حاجت مندی : محتاجی ۔ضرورت مندی ۔غرض مندی ۔گدائی ۔طلب گاری

حاجز : ۱۔حائل ۔مانع ۔مزاحم
۲۔پردہ ۔روک ۔آڑ ۔حجاب ۔اوٹ

حاجن : حجن ۔حاجہ ۔حاجیہ ۔زائرۂ بیت اللہ

حاجی : حاج ۔زائر ۔زائرِ بیت اللہ ۔زائرِ حرم

حاد : ۱۔تیز ۔نوکیلا ۔تند ۔تیغ ۔کڑوا ۔چرپرا ۔کھٹا ۔ترش
۲۔جوشیلا ۔تند خو ۔تیز مزاج ۔غضب ناک ۔خشمگیں ۔غصہ ور ۔
غصیلا ۔پُرغیظ ۔پُرغضب

حادث : نیا ۔تازہ ۔نو ۔فانی ۔غیر مستقل ۔قائم بالغیر ۔بے ثبات ۔
بے بقا ۔ناپائیدار

حادثہ : ۱۔سانحہ ۔واقعہ ۔واردات ۔وقوعہ ۔ایکسیڈنٹ
۲۔صدمہ ۔مصیبت ۔بپتا ۔عذاب ۔فساد ۔ہنگامہ

حادثے کا سامنا ــ حادثہ پیش آنا ــ حادثہ ٹلنا ــ
حادثۂ حیات ــ حادثۂ مرگ

حاذِق: ۱۔ ہوشیار۔ ہوش مند۔ عقل مند۔ دانش مند۔ باشعور۔ دانا۔
صاحبِ فراست۔ زیرک
۲۔ استاد۔ ماہرِ فن۔ کامل الفن۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار

حار: ۱۔ گرم۔ محرور۔ پُر جوش۔ جوشیلا۔ غضب ناک۔ پُر غضب۔
پُر غیظ۔ خشم آلود۔ خشم گیں۔ غصہ ور۔ غصیلا
۲۔ مشکل۔ تکلیف دہ۔ شدید۔ تیز۔ کرب ناک۔ اذیت ناک

حارج: ۱۔ حائل۔ مانع۔ مزاحم
۲۔ گنہ گار۔ عاصی۔ خاطی۔ خطاکار۔ آثم۔ پاپی۔ اپرادھی

حاسد: بداندیش۔ بدخواہ۔ بدسگال۔ دشمن۔ بیری۔ عدو۔ معاند۔
خصم۔ کینہ پرور۔ کینہ توز۔ کینہ ور۔ ایرکھا رکھنے والا

حاسد فطرت ــ حلقۂ حاسدانِ فن ــ حاسدوں کی ٹولی
ــ حاسدان و بدخواہاں ــ حاسدانِ ملک ــ
حاسدانِ قوم ــ حاسدانِ منصب

حاسّہ: حس۔ قوتِ احساس

حاشیہ: ۱۔ کونا۔ کنارہ۔ لب۔ گوشہ۔ پٹّا
۲۔ گوٹ۔ سنجاف۔ مغزی
۳۔ شرح۔ نوٹ۔ رائے۔ یادداشت۔ ٹیکا
۴۔ حاضر باش۔ اہل موالی۔ جلودار۔ فوجی۔ سپاہی

حاشیہ بردار: ۱۔ خادم۔ خدمت گار۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم
۲۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس
حاشیہ برداری: ۱۔ خدمت۔ خدمت گاری۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت
۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ کاسہ لیسی
حاشیہ نشین: مصاحب۔ جلیس۔ ہم صحبت۔ ہم مجلس۔ ہم محفل۔ ہم بزم۔
شریکِ محفل۔ شریکِ مجلس۔ شریکِ بزم۔ ساتھی۔ رفیق
حاشیہ نشینی: مصاحبت۔ ہم نشینی۔ ہم مجلسی۔ مجالست۔ رفاقت

حاصل: ۱۔ پیداوار۔ محصول۔ ثمر۔ حصول۔ یافت۔ پیدا۔ کھلیان
۲۔ آمدنی۔ یافت۔ نفع۔ منافع۔ فائدہ۔ منفعت
۳۔ خلاصہ۔ متن۔ مفہوم۔ مطلب۔ لب لباب۔ معنی۔ ارتھ

حاصل کلام: ۱۔ فی الجملہ۔ القصہ۔ الغرض۔ غرضیکہ۔ الحاصل۔ قصہ کوتاہ۔
قصہ مختصر
۲۔ لب لباب۔ مطلب۔ نتیجہ۔ خلاصہ

حاصلِ کلام ــ حاصلِ گفتگو ــ حاصلِ ملاقات ــ
حاصلِ نیاز ــ حاصلِ مباحثہ ــ حاصلِ مناظرہ ــ
حاصلِ مجادلہ ــ حاصلِ مشاعرہ ــ حاصلِ مذاکرہ

حاضر: ۱۔ موجود۔ سامنے۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد
۲۔ مطمئن۔ قانع۔ قناعت پسند
۳۔ مہیا۔ میسر۔ دست یاب۔ فراہم

حاضر باش: ۱۔ حاضرِ خدمت۔ موجود۔ مصاحب۔ جلیس۔ ہم نشین۔
ساتھی۔ رفیق
۲۔ خدمت گار۔ خادم۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم
حاضر باشی: ۱۔ حاضری۔ موجودگی۔ مصاحبت۔ مجالست۔ ہم نشینی۔ ساتھ۔
رفاقت۔ معیت
۲۔ خدمت گاری۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت
حاضر جواب: بدیہہ گو۔ برجستہ گو۔ حاضر دماغ
حاضر جوابی: بدیہہ گوئی۔ برجستہ گوئی۔ ارتجال۔ حاضر دماغی

حاضری: ۱۔ موجودگی

۲۔ ناشتا
۳۔ گنتی۔ شمار
۴۔ کڑوی روٹی۔ مُردے کا کھانا۔ فاتحہ کا کھانا۔ مرنے کے بعد پہلا دستر خوان

حافظ: ۱۔ محافظ۔ نگہبان۔ نگہدار۔ حفاظت کنندہ
۲۔ یاد کنندہٴ قرآن
۳۔ نابینا۔ کور۔ اندھا۔ اندھا۔ بے بصر

حافظہ: ۱۔ یادداشت۔ چیتا۔ یاد
۲۔ ذہن۔ فہم۔ عقل۔ سمجھ۔ خیال۔ سوجھ

حاکم: ۱۔ حکمراں۔ فرماں روا۔ فرماں فرما۔ صاحبِ حکومت۔ صاحبِ اقتدار۔ مقتدر۔ بادشاہ۔ ملک۔ سلطان۔ راجا۔ والی ملک۔ والیٔ ریاست
۲۔ آقا۔ مالک۔ زمیندار۔ تعلقہ دار۔ جاگیردار
۳۔ سردار۔ ناظم۔ افسر۔ عامل۔ عہدہ دار۔ منصب دار
۴۔ مفتی۔ قاضی۔ منصف۔ جج

حاکمیت: حکومت۔ حکمرانی۔ فرماں روائی۔ فرماں فرمائی۔ اختیار۔ اقتدار۔ بادشاہت۔ سلطنت۔ ریاست۔ راج۔ سرداری۔ عہدہ داری۔ منصب داری

حاکی: حکایت گو۔ افسانہ گو۔ افسانہ طراز۔ داستان گو۔ داستان طراز۔ قصہ گو۔ قصہ طراز

حال: ۱۔ موجودہ زمانہ۔ دورِ حاضر۔ عصرِ حاضر۔ زمانۂ گزراں۔ وقتِ رواں
۲۔ حالت۔ کیفیت۔ حیثیت۔ گت۔ گتی۔
۳۔ حقیقت۔ سرگزشت۔ ماجرا۔ واقعہ۔ ذکر۔ بیان۔ حالات۔ احوال
۴۔ طاقت۔ قوت۔ دم۔ سکت۔ بل
۵۔ اسلوب۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ چلن۔ طور

۶۔ وجد۔ تواجد۔ سرور۔ اہتزاز۔ سرخوشی۔ سرمستی۔ بیخودی۔ محویت۔ مجذوبیت۔ جذب
۷۔ ابھی۔ اسی دم۔ اسی وقت۔ فی الوقت۔ فی الحال

حال آنکہ/حالانکہ: باوجودیکہ۔ درحالیکہ۔ ہرچند کہ

حال پُرسی: مزاج پُرسی۔ حالت پُرسی۔ بیمار پُرسی۔ عیادت

تباہ حال ـــ خستہ حال ـــ پریشان حال ـــ خوشحال
ـــ بدحال ـــ آشفتہ حال ـــ پاکیزہ حال ـــ
آسودہ حال ـــ پاکیزہ حالی ـــ خوشحالی ـــ پریشان حالی
ـــ خستہ حالی

حالا: فی الحال۔ فی الوقت۔ ابھی۔ اسی وقت۔ اسی دم

حالت: ۱۔ حال۔ کیفیت۔ گت۔ گتی۔ حقیقت
۲۔ واردات۔ سرگزشت۔ ماجرا۔ احوال۔ بیان۔ ذکر
۳۔ طاقت۔ قوت۔ دم۔ سکت۔ بل
۴۔ وجد۔ تواجد۔ اہتزاز۔ سرمستی۔ سرخوشی۔ سرور۔ محویت
۵۔ جذبہ۔ جذب۔ مجذوبیت

حالی: موجودہ۔ حاضرہ۔ وقتی۔ رائج۔ مروّج

حالی موالی: ہم نشیں۔ ہم صحبت۔ ہم بزم۔ حاشیہ نشیں۔ جلیس۔ ساتھی۔ رفیق۔ یار دوست۔ اوٹ پٹانگ ملاقاتی

حالیہ: موجودہ۔ تازہ۔ نیا۔ نو۔ جدید

حامل: ۱۔ بارکش۔ حمّال۔ قلی۔ مزدور۔ سربوجھیا
۲۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیغامبر۔ پیامبر۔ پیک۔ دُوت

حاملہ: زن باردار۔ امیدسے۔ پیٹ سے۔ گابھن۔ آبستنی۔ گیابھن۔

پاؤں بھاری۔ حبلیٰ

حامی: حمایتی۔ طرفدار۔ مددگار۔ معین۔ معاون۔ دست گیر۔ نگہبان۔ نگہدار۔ مدد رسا۔ کمک۔ محافظ

حاوی: ۱۔ غالب۔ مسلط۔ قابض۔ مستولی۔ محیط۔ قابو یافتہ۔ چھایا ہوا۔ قابو میں کرنے والا۔ بھاری
۲۔ ماہرِ فن۔ کامل الفن۔ استاد

حائل: مزاحم۔ مانع۔ حارج۔ رخنہ انداز۔ سدِ راہ۔ معترض۔ حاجز۔ روک۔ رکاوٹ۔ پردہ۔ آڑ۔ اوٹ

حَب: ۱۔ دانہ۔ بیج۔ تخم۔ بزر
۲۔ گولی۔ قرص

حُب: ۱۔ محبت۔ الفت۔ عشق۔ انس۔ چاہت۔ پیت۔ پریت۔ پیار۔ چاہ
۲۔ دوستی۔ آشنائی۔ یاری
۳۔ شوق۔ آرزو۔ اشتیاق۔ ارمان
۴۔ توفیق۔ مرضی۔ رضا

حَباب: ۱۔ بلبلا۔ گنبدِ آب۔ آب سوار۔ قبۂ سیمیں۔ حبِ آب
۲۔ بلوریں کنول۔ بلوریں گولہ
۳۔ شیشۂ شراب۔ پیمانہ۔ آبگینہ۔ ساتگیں

حُبابِ پُر باد ـــ حبابِ غنچہ ـــ حبابِ چشم ـــ حبابِ فلک ـــ حبابِ دریا ـــ حبابِ حیات ـــ حبابِ خود انگیز ـــ حبابِ آسا ـــ حبابِ زندگی ـــ حبابِ خاک (زندگی) ـــ حبابِ سرِ ساحل ـــ موج و حباب

حبال: رسن ساز۔ رسن تاب

حبالہ: پھندا۔ جال۔ دام۔ رسی۔ رسن

حَبّذا: واہ واہ۔ خوب۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفریں۔ سبحان اللہ

حبس: ۱۔ قید۔ بند۔ روک۔ گھٹن۔ انقباض۔ ضیق
۲۔ اُمس۔ گھمس۔ ٹکہ

حبسِ دوام: عمر قید۔ دائمی قید۔ قیدِ جاوید

حبس النفس ـــ حبسِ دم ـــ حبسِ نفس ـــ حبسِ ہوا

حبل: ۱۔ رسی۔ رسن۔ ڈوری۔ دھاگا۔ تاگا۔ سوت۔ خیط۔ رگ۔ نس
۲۔ بند۔ جوڑ۔ بندھن۔ گانٹھ۔ عقد
۳۔ اتحاد۔ عہد۔ معاہدہ۔ اتفاق

حَبّہ: ۱۔ دانہ۔ بیج۔ تخم۔ بذر۔ گولی
۲۔ ذرہ۔ ریزہ۔ کنی

حبیب: محبوب۔ پیارا۔ پیتم۔ پریتم۔ دوست۔ مونس۔ یار۔ آشنا

حتم: ۱۔ پختگیٔ کار۔ فیصلہ۔ قانونی حکم
۲۔ ارادہ۔ عزم۔ قصد

حتمی: مضبوط۔ واثق۔ پختہ۔ صمیم۔ مصمم۔ مستقل۔ پکا۔ پختہ

حتّٰی: یہاں تک۔ اس قدر۔ جہاں۔ جس قدر

حتی الامکان / حتی المقدور / حتی الوسع: بحدِ ممکنہ۔ بحدِ مقدرت۔ حسبِ استطاعت۔ حسبِ طاقت۔ تا بہ مقدور۔ بساط بھر

حج : ۱۔ ارادہ۔ قصد۔ عزم
۲۔ زیارت۔ زیارتِ بیت اللہ۔ زیارتِ خانہ کعبہ

حجاب : ۱۔ پردہ۔ اوٹ۔ آڑ
۲۔ حیا۔ شرم۔ لاج۔ لحاظ۔ پاس۔ جھینپ۔ جھجک
۳۔ نقاب۔ برقع۔ ستر

حجابِ خاک — حجابِ پردہ — حجابِ نظر —
حجابِ حیات — حجابِ حاجب — حجابِ نازک —
حجابِ جمال — حجابِ انفاس — حجابِ بر محل —
حجابِ بے محل

حجام : نائی۔ مو تراش۔ اصلاح ساز۔ گیسو تراش

حجامت : مو تراشی۔ اصلاح سازی۔ صفائی۔ درستی۔ اصلاحِ خط

حجت : ۱۔ دلیل۔ برہان
۲۔ بحث۔ تکرار۔ قیل و قال۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ حیلہ۔
جھنجھٹ۔ جھک جھک۔ بک بک۔ خرخشہ۔ اعتراض۔ عذر۔
پس و پیش۔ لیت و لعل۔ حجائیں حجائیں۔ کائیں کائیں۔ زغ زغ۔
چون و چرا

اتمامِ حجت — تکمیلِ حجت

حجتی : جھگڑالو۔ تکرار باز۔ معترض۔ مناظر۔ دلیل باز۔ جھکی

حجر : پتھر۔ سنگ

حجرہ : کوٹھری۔ کمرا۔ اطاق۔ خلوت خانہ

حجری : پتھریلا۔ سنگی۔ سنگین

حجلہ : چھپر کھٹ۔ گول کمرا۔ عمارت۔ اطاق

حجلۂ عروسی : پردۂ عروس۔ اطاقِ عروس۔ عروسی چھپر کھٹ۔ دلہن کا کمرا

حجم : ضخامت۔ دبازت۔ موٹائی۔ جسامت

حد : ۱۔ کنارہ۔ کرانہ۔ سرحد۔ ڈانڈا۔ سیما۔ سرا۔ افق۔ پشتہ
۲۔ اخیر۔ انجام۔ انتہا۔ خاتمہ۔ اختتام۔ آخر
۳۔ کور۔ گوٹ۔ سنجاف
۴۔ احاطہ۔ گھیرا۔ گھیر۔ باڑا۔ تھیا
۵۔ شرعی سزا۔ تعزیرِ شرعی

حد بست : حد بندی۔ تعینِ حد۔ تعیینِ حد
حد شکنی : قانون شکنی۔ اصول شکنی۔ مداخلتِ بے جا۔ ناجائز دست اندازی۔
دراز دستی۔ تجاوزِ بے جا

حداثت : ۱۔ نیاپن۔ تازگی۔ جدت۔ بدعت۔ بداعت۔ حدث۔ ایجاد۔
اختراع
۲۔ نوعمری۔ نوجوانی۔ عنفوانِ شباب۔ کم سنی۔ کم عمری۔ لڑکپن۔
بچپن۔ طفلی۔ طفولیت۔ مراہقت۔ آغازِ جوانی
۳۔ آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ آد۔ عنفوان۔ بدو

حداد : ۱۔ لوہار۔ آہن گر۔ نعل بند
۲۔ داروغۂ قید خانہ۔ مہتممِ زنداں۔ نگرانِ محبس۔ ناظمِ محبس

حدادی : آہن گری۔ نعل بندی۔ لوہار کا کام

حدائق : باغات۔ باغ ہا۔ بساتین۔ چمن ہا

حدبہ : کبڑاپن۔ کب۔ کوہان۔ پشتہ۔ ابھار۔ کوبڑ

حدث : نئی بات۔ ایجاد۔ اختراع۔ بدعت۔ بداعت۔ ابداع۔ اعجوبہ

حدقہ : حلقۂ چشم۔ خانۂ چشم

حدود : حدیں۔ کنارے۔ کرانے۔ ڈانڈے۔ سرے۔ آفاق۔ قیود۔ پابندیاں۔ اختیارات۔ سیمائیں

حدودِ شرعی : شرعی سزائیں۔ شرعی تعزیرات۔ شرعی پابندیاں

حُدی : نغمۂ ساربان۔ ترانۂ شتربان

حدیث : ۱۔ بات۔ گفتگو۔ ذکر۔ تذکرہ۔ بیان۔ قصہ۔ داستان
۲۔ قولِ رسولؐ۔ تقریرِ رسولؐ۔ سنتِ رسولؐ۔ خبر۔ اثر

حدید : لوہا۔ فولاد۔ پولاد۔ اسپات۔ آہن

حدیقہ : باغ۔ چمن۔ بستان۔ بوستان۔ گلستان۔ گلزار۔ گلشن۔ پھلواری۔ نخلستان۔ سبزہ زار

حذاقت : عقل مندی۔ دانائی۔ چالاکی۔ چترائی۔ زیرکی۔ فراست۔ تیزی۔ مہارت۔ مشاقی

حذر : ۱۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ باک۔ بیم۔ پرہیز۔ اجتناب۔ احتراز۔ احتیاط۔ خطرہ۔ خدشہ۔ بھے
۲۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ تحفظ۔ دفاع۔ اندفاع۔ مدافعت

حذف : اسقاط۔ سقوط۔ انقطاع۔ دُوری۔ ترک۔ ہٹاؤ۔ گھٹاؤ۔ کمی۔ تقلیل

حُر : ۱۔ آزاد۔ ناپابند۔ بےقید۔ خلاصی یافتہ۔ نجات یافتہ۔ آزادہ
۲۔ برگزیدہ۔ منتخب۔ چیدہ۔ خالص۔ عمدہ۔ نفیس۔ نرمل

حرارت : ۱۔ گرمی۔ حدت۔ تاب۔ تپش۔ تاؤ۔ آنچ۔ تابش۔ توش
۲۔ تپ۔ بخار۔ تاپ۔ تپخر
۳۔ جوش۔ ابال۔ بھڑک۔ غصہ۔ تپا۔ غیظ۔ خشم۔ جلال۔ غضب۔ کرودھ۔ تیزی۔ طیش
۴۔ سرگرمی۔ شوق۔ لگن۔ جذبہ۔ جوش و خروش

حرارتِ دینی : مذہبی جوش۔ دینی غیرت۔ دینی حمیت
حرارتِ غریبی : بیرونی حرارت۔ خارجی حرارت۔ حرارتِ غیر طبعی۔ حرارتِ غیر فطری۔ حرارتِ غیر خلقی
حرارتِ غریزی : اندرونی حرارت۔ خلقی حرارت۔ فطری حرارت۔ طبعی حرارت

حرارتِ دین ـــ حرارتِ ایمان ـــ فطری حرارت ـــ
حرارتِ خوں ـــ حرارتِ عشق ـــ حرارتِ شباب ـــ
حرارتِ دولت

حرارہ : ۱۔ جوش۔ جذبۂ شوق۔ غلبۂ غضب۔ غصہ۔ تپا۔ خشم۔ غیظ۔ کرودھ۔ تیزی۔ تندی۔ خشونت
۲۔ مخصوص مقدارِ حرارت۔ کیلوری

حراست : ۱۔ پکڑ۔ گرفتاری۔ پابندی۔ گرفت۔ پھنساؤ۔ گھیراؤ۔ نظربندی۔ قید۔ دارو گیر
۲۔ نگرانی۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ نگہداشت۔ محافظت

حرّاف : ۱۔ چالاک۔ تیز۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چالباز۔ دم باز۔ جھانسے باز۔ چھکے باز
۲۔ شوخ دیدہ۔ گستاخ۔ طرار۔ چنچل۔ اچپل
۳۔ خوش مزاج۔ خوش گفتار۔ خوش گو۔ خوش تقریر۔ خوش بیاں۔ خوش کلام۔ چرب زبان۔ تر زبان۔ رطب اللسان

حرام : ۱۔ ناجائز۔ ممنوع۔ ناروا۔ خلافِ شرع۔ ناشائستہ۔ غیر شرعی۔ نازیبا۔ غیر مباح

۲۔ ناپاک۔ نجس۔ پلید
۳۔ گناہ۔ کارِ بد۔ فعلِ شنیع۔ فعلِ قبیح۔ فسق۔ فجور
۴۔ بدکاری۔ بدفعلی۔ بدکرداری۔ زنا۔ چھنالا۔ بدمعاشی

حرام خور: ۱۔ مردار خور۔ رشوت خور۔ مفت خور
۲۔ نمک حرام۔ کور نمک۔ بے وفا۔ بے مروت۔
بے لحاظ۔ بدذات

حرام زادگی/زدگی: شرارت۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری۔ مفسدہ
پردازی۔ شر انگیزی۔ بدذاتی۔ بدقماشی۔ بدکرداری۔
بدکاری۔ اوباشی۔ بدمعاشی۔ بدچلنی

حرام زادہ: ولد الزنا۔ ناجائز اولاد۔ حرامی۔ ولد الحرام۔ ولد الحیض۔
حرامی پلا۔ حرام کا جنا۔ خاکی انڈا۔ ہوائی انڈا۔ مال زادہ۔ زنا
زادہ۔ نغل۔ نغیل۔ ولد السحت
۲۔ بدذات۔ شریر۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ شر انگیز۔
بدقماش۔ بدکردار۔ بدکار۔ اوباش۔ بدمعاش۔ شریر۔ فسادی۔
مفسدہ پرداز۔ شفتنی

حرام کار: بدکار۔ بدفعل۔ زانی۔ بدمعاش۔ بدکردار۔ اوباش۔ آوارہ۔
فاسق۔ فاجر

حرام مال — حرام سمجھنا — حرام کام — حرام روزی
— حرام لقمہ — حرام خون — حرام پیسہ — حرام
دولت — حرام خو — حرام جو

حرامی: ۱۔ حرام زادہ۔ ناجائز اولاد۔ ولد الزنا۔ کواری کا
۲۔ شریر۔ شر انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ مفسدہ پرداز۔
فسادی۔ شرارتی۔ شفتنی

حَرب: لڑائی۔ جنگ۔ کارزار۔ رزم۔ قتال۔ یدھ۔ جُدھ

حرب گاہ: جنگاہ۔ رزم گاہ۔ میدانِ کارزار۔ مصاف۔ میدانِ جنگ۔
رن بھوم۔ میدانِ وغا

حربہ: ۱۔ ہتھیار۔ آلۂ جنگ۔ اوزار
۲۔ چوبِ دست۔ نیزہ۔ بھالا۔ بلم۔ برچھی۔ تازیانہ۔ کوڑا
۳۔ حملہ۔ دھاوا۔ چھاپا۔ جست۔ وار

حربی: ۱۔ ساکن دار الحرب
۲۔ دشمن۔ عدو۔ معاند۔ خصم۔ مخاصم۔ بَیری۔ مخالف
۳۔ جنگجو۔ لڑاکا۔ محارب۔ مقاتل۔ سپاہی
۴۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ سورما۔ جودھا

حرج: ۱۔ تنگی۔ ضیق۔ سختی
۲۔ نقصان۔ زیاں۔ ضرر۔ مضرت۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ خسران
۳۔ کمی۔ نقص۔ خامی۔ عیب۔ سقم
۴۔ دیر۔ التوا۔ تعویق۔ تضییعِ اوقات

حرز: ۱۔ پناہ گاہ۔ جائے پناہ۔ ملجا۔ ماویٰ۔ مامن۔ دار العافیت
۲۔ تعویذ۔ جنتر۔ منتر

حرص: ۱۔ لالچ۔ طمع۔ لوبھ۔ آز۔ ہوس
۲۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ رغبت۔ امید۔ آس۔ آشا

حریص: لالچی۔ لوبھی۔ طامع۔ حریص۔ ہوس کار۔ بوالہوس۔ آزمند

حرف: ۱۔ علامتِ آواز۔ نشانِ صوت۔ جزوِ لفظ۔ اکھر
۲۔ لفظ۔ سخن۔ بات۔ کلمہ۔ جملہ
۳۔ نقص۔ عیب۔ کمی۔ خامی۔ الزام
۴۔ حیف۔ افسوس۔ دریغا۔ ولئے
۵۔ طرف۔ کنارہ۔ سمت۔ رُخ۔ جانب

حرف آشنا: مبتدی۔ نوآموز۔ سیکھتڑ۔ کم پڑھا لکھا۔ حرف شناس۔
نیم خواندہ

حرف آغاز: دیباچہ۔ تمہید۔ پیش لفظ۔ پیش چہرہ۔ پیش نامہ

حرف انداز: فریبی ۔ فریب کار ۔ چالاک ۔ عیار ۔ مکار ۔ چالیا ۔ چالباز ۔
دم باز ۔ جھانسے باز ۔ چکمے باز ۔ دغا باز

حرف اندازی: فریب کاری ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ مکاری ۔ چال بازی ۔
دم بازی ۔ جھانسے بازی ۔ چکمے بازی ۔ دغا بازی

حرف شناس: حرف آشنا ۔ نو آموز ۔ مبتدی ۔ سیکھتڑ ۔ نیم خواندہ

حرف گیر: نکتہ چین ۔ عیب چیں ۔ عیب جو ۔ معترض ۔ اعتراض کنندہ

حرف گیری: نکتہ چینی ۔ عیب جینی ۔ عیب جوئی ۔ اعتراض

حرف بحرف ـــ حرف شناسی ـــ حرف پروری
ـــ حرفِ شکایت

حرفت: ۱۔ کسب ۔ ہنر ۔ پیشہ ۔ علم
۲۔ چالاکی ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ چالبازی ۔ دم بازی ۔ جھانسے بازی ۔
چکمے بازی ۔ دغا بازی ۔ فریب کاری

حرفت باز: ۱۔ چالاک ۔ مکار ۔ عیار ۔ چالباز ۔ دم باز ۔ چکمے باز ۔ دغا باز ۔
فریب کار ۔ جھانسے باز ۔ چالیا ۔
۲۔ جادوگر ۔ ساحر ۔ سحر ساز ۔ افسوں گر ۔ افسوں ساز
۳۔ صنعت کار ۔ پیشہ ور

حرفت بازی: ۱۔ چالاکی ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ چالبازی ۔ دم بازی
۲۔ جادوگری ۔ ساحری ۔ سحر سازی ۔ افسوں گری ۔ افسوں سازی
۳۔ صنعت کاری

حرفہ: ۱۔ پیشہ ۔ کسب ۔ ہنر ۔ علم
۲۔ نشانِ تجارت ۔ طغرہ ۔ ٹریڈ مارک

حرکت: ۱۔ جنبش ۔ چلت پھرت ۔ سفر ۔ کوچ ۔ رحلت ۔ آمد و رفت ۔ چال ۔
رفتار ۔ گردش ۔ ہلن ڈولن ۔ دھڑکن ۔ چکر ۔ پھرت
۲۔ فعل ۔ عمل ۔ کارکرنی ۔ کرتوت ۔ کرتب ۔ کردار ۔ رویہ ۔
روش ۔ انداز
۳۔ قصور ۔ تقصیر ۔ جرم ۔ خطا ۔ گناہ ۔ پاپ ۔ بداطواری ۔ ایذا دہ
۴۔ تڑپ ۔ اضطراب ۔ بے قراری ۔ بے تابی ۔ بے چینی ۔ بے کلی
۵۔ شرارت ۔ ناپسندیدہ حرکت ۔ ناگوار بات ۔ بے جا کام ۔ ناشائستہ
۶۔ نقصان ۔ ضرر ۔ زیاں ۔ مضرت ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا ۔ خسارہ ۔ خسران ۔
کھوٹ
۷۔ اعراب ۔ زیر ۔ زبر ۔ پیش
۸۔ بدکاری ۔ بدفعلی ۔ زنا
۹۔ روک ٹوک ۔ مزاحمت ۔ ممانعت

حرم: ۱۔ خانہ کعبہ ۔ کعبۃ اللہ ۔ بیت الحرام ۔ بیت العتیق ۔ مسجد حرام
۲۔ زنان خانہ ۔ زنانہ محل ۔ زنانہ مکان ۔ اندرونِ خانہ ۔ رنواس ۔
محل سرائے ۔ حرم سرائے ۔ چار دیواری ۔ احاطہ
۳۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ اہلیہ ۔ منکوحہ ۔ پتنی ۔ بیگم
۴۔ منکوحہ لونڈی ۔ مدخولہ
۵۔ لونڈی ۔ باندی ۔ کنیز ۔ پرستار ۔ خادمہ ۔ امہ

حرم سرا: زنان خانہ ۔ زنانہ محل ۔ زنانہ مکان ۔ رنواس

حرم کے کارنامے ـــ حرم کے حالات ـــ حرم سرا کے
افسانے ـــ حرم پاک ـــ حالاتِ حرم ـــ رازِ حرم ـــ
پردۂ حرم ـــ بابِ حرم ـــ پشتِ حرم ـــ مقابل حرم
ـــ اذانِ حرم ـــ سجدۂ حرم

حرماں: محرومی ۔ محرومیت ۔ مایوسی ۔ ناامیدی ۔ یاس ۔ زاس

حرماں نصیب: بدقسمت ۔ بدبخت ۔ کم بخت ۔ بداختر ۔ بدطالع ۔ نربھاگی ۔
بدنصیب ۔ بے نصیب

حرماں نصیبی: بدقسمتی ۔ بدبختی ۔ کم بختی ۔ بداختری ۔ بدطالعی ۔ نربھاگ ۔
بدنصیبی ۔ بے نصیبی

حُرمت: ۱۔ عزت ۔ آبرو ۔ بزرگی ۔ عظمت ۔ بڑائی ۔ وقر
۲۔ ممانعت ۔ عدم جواز ۔ عدم اباحت ۔ امتناع

حرمت بسا: تاوان ہتک۔ ہرجانہ۔ اہانت۔ جرمانہ توہین۔ کفارہ ہتک

حریت: آزادی۔ آزادگی۔ بے قیدگی۔ نجات۔ خلاص۔ خلاصی۔ استخلاص۔ چھٹکارا

حریص: ۱۔ طامع۔ لالچی۔ لوبھی۔ آزمند۔ حرصی
۲۔ حاسد۔ بدخواہ۔ بداندیش۔ بدسگال
۳۔ پیٹو۔ کھاؤ۔ بسیار خور

حریف: ۱۔ ہم پیشہ۔ ہم چشم
۲۔ ہم سر۔ ہم پایہ۔ ہمرتبہ۔ ہم رتبہ۔ ہم منصب۔ ہمتا
۳۔ دشمن۔ عدو۔ معاند۔ خصم۔ مخاصم۔ بیری۔ مخالف۔ بدخواہ۔ بداندیش۔ بدسگال۔ رقیب
۴۔ چالاک۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چال باز۔ چالیا۔ دم باز۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔ جھانسے باز
۵۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے لحاظ۔ غیر مؤدب
۶۔ شوخ۔ شنگ۔ چنچل۔ تیز۔ طرار
۷۔ شریک۔ معاون۔ ساتھی۔ رفیق۔ رفیق کار

حریم: ۱۔ احاطۂ بیت اللہ
۲۔ احاطۂ مکان۔ چار دیواری
۳۔ مکان۔ گھر۔ خانہ
۴۔ حرم۔ زنان خانہ۔ زنانہ مکان۔ زنانہ محل۔ رنواس
۵۔ موافق۔ مطابق۔ مناسب۔ موزوں
۶۔ احرام۔ لباسِ حاجی

حزیمہ: مزاحمت۔ مخالفت۔ روک۔ رکاوٹ۔ آڑ

حزب: جماعت۔ جتھا۔ گروہ۔ ٹولی۔ پارٹی۔ فریق۔ دل

حزبِ اقتدار: حکومتی جماعت۔ حامی حکومت گروہ

حزبِ اختلاف/مخالف: مخالف جماعت۔ مخالفِ حکومت گروہ۔ اپوزیشن

حزم: احتیاط۔ ہوشیاری۔ دور اندیشی۔ عاقبت اندیشی۔ انجام بینی۔ دور بینی۔ مآل اندیشی۔ مستعدی۔ خبرداری

حُزن: رنج۔ غم۔ اندوہ۔ الم۔ قلق۔ ملال۔ دکھ۔ فکر

حزن پسندی — حزن وملال — حزنِ ذاتی —
کلبۂ احزان — حزن مآل — حزن ماضی

حُزنیہ: ۱۔ غم ناک۔ غمگین۔ پُرحزن۔ پُرغم۔ پُرالم۔ اندوہ ناک۔ المناک۔ پُرملال۔ غم انگیز
۲۔ المیہ۔ المناک تمثیل۔ غم انگیز ڈراما۔ ٹریجڈی

حزیں: غمگیں۔ غم ناک۔ اندوہ گیں۔ ملول۔ رنجیدہ۔ غمزدہ۔ مغموم۔ محزون۔ غمیں۔ المناک۔ دردناک

دلِ حزیں — حزیں آواز — حزیں طبع — ذوقِ حزیں
— خیالِ حزیں — مآل حزیں

حِس: ۱۔ قوتِ ادراک۔ حاسہ
۲۔ جنبش۔ حرکت

حساب: ۱۔ ریاضی۔ سیاق۔ گنتی۔ شمار۔ جوڑ۔ میزان۔ علمِ ریاضی
۲۔ نرخ۔ بھاؤ۔ قیمت۔ بہا۔ مول
۳۔ لین دین۔ داد و ستد
۴۔ قاعدہ۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ طور۔ وضع۔ انداز۔ اسلوب
۵۔ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ گتی

حساب دیکھنا — حساب نکالنا — حساباتِ حیات —

حساباتِ دل ___ حسابِ یاراں ___ حساب داری
___ حسابِ مے خانہ ___ حسابِ رزق ___ حسابِ عطا
___ حسابِ کرم

حسّاس : ۱۔ ذکی الحس ۔ سریع الحس
۲۔ زیرک ۔ ہوشیار ۔ ہوش مند ۔ صاحبِ فراست ۔ باشعور ۔ عقلمند

حسام : شمشیر ۔ تیغ ۔ تلوار ۔ سیف ۔ صمصام ۔ قمقام

حسب : مطابق ۔ موافق ۔ بموجب ۔ بفحوائے

حسبِ اتفاق : اتفاقاً ۔ ناگہانی ۔ اچانک ۔ بغتۃً
حسبِ ارشاد : مطابقِ حکم ۔ بموجبِ حکم ۔ موافقِ حکم
حسبِ توفیق : مطابقِ حیثیت ۔ مطابقِ استطاعت ۔ حسبِ مقدور ۔ تا بہ مقدور ۔ حسبِ مقدرت
حسبِ حال : مطابقِ حال ۔ بمقتضائے موقع ۔ برمحل
حسبِ ضابطہ / دستور / قاعدہ : مطابقِ قانون ۔ از روئے قاعدہ ۔ بموجب ضابطہ
حسبِ معمول : حسبِ رواج ۔ مطابقِ رسم ۔ حسبِ دستور ۔ حسبِ سابق ۔ معمول کے مطابق
حسبِ مقدور : حسبِ استطاعت ۔ مطابقِ قدرت ۔ حسبِ توفیق
حسبِ منشا : حسبِ ارادہ ۔ مطابقِ مرضی ۔ مطابقِ خواہش

حسبِ مراد ___ حسبِ وعدہ ___ حسبِ ضرورت

حسد : جلن ۔ جلاپا ۔ ایرکھا ۔ عداوت ۔ بغض ۔ کینہ ۔ بدخواہی ۔ بداندیشی ۔ بدسگالی ۔ عناد ۔ بیر ۔ معاندت ۔ خصومت ۔ کلیس ۔ رشک ۔ خاشہ ۔ سگالش ۔ ارشک ۔ جلن ۔ ڈاہ

حسد پیشہ : حاسد ۔ کینہ توز ۔ کینہ پرور ۔ حاسد ۔ بداندیش ۔ بدخواہ ۔ بدسگال ۔ عدو ۔ بیری ۔ دشمن ۔ کڑھنے والا

حسرت : ۱۔ افسوس ۔ تاسف ۔ حرماں
۲۔ ارمان ۔ آرزو ۔ شوق ۔ تمنا ۔ خواہش

حسرت آلود : پرحسرت ۔ افسوس ناک ۔ غمزدہ ۔ پرغم ۔ پرملال ۔ حسرت ناک ۔ یاس انگیز
حسرت آیات : پرحسرت ۔ پرغم ۔ پرالم ۔ افسوس ناک ۔ رنجیدہ ۔ الم ناک ۔ الم انگیز ۔ غم انگیز ۔ اندوہ ناک ۔ حسرت ناک
حسرت بھرا : ۱۔ پرشوق ۔ پرارمان ۔ پراشتیاق ۔ پرآرزو ۔
۲۔ پرغم ۔ پرالم ۔ پرافسوس ۔ اندوہ ناک ۔ اندوہ گیں ۔ غمناک ۔ الم ناک ۔ حسرت ناک ۔ حسرت آلود
حسرت زدگی : غمزدگی ۔ الم زدگی ۔ الم ناکی ۔ غمناکی ۔ اندوہ ناکی ۔ افسوسناکی ۔ ندامت ۔ پشیمانی
حسرت زدہ : غم زدہ ۔ الم زدہ ۔ مغموم ۔ غمناک ۔ الم ناک ۔ پشیمان ۔ اندوہ ناک ۔ افسوسناک ۔ محزون ۔ حزیں ۔ نادم
حسرت سنج : ۱۔ آرزومند ۔ متمنی ۔ تمنائی ۔ مشتاق ۔ پرشوق ۔ پراشتیاق ۔ پرارمان
۲۔ پرافسوس ۔ متاسف ۔ غمگیں ۔ غمیں ۔ مغموم ۔ غمناک ۔ حزیں ۔ محزون ۔ الم ناک ۔ اندوہ گیں ۔ افسوسناک ۔ ملول ۔ رنجیدہ ۔ اندوہ ناک
۳۔ نادم ۔ پشیمان ۔ منفعل
حسرت سنجی : ۱۔ آرزومندی ۔ تمنا ۔ اشتیاق ۔ شوق ۔ ارمان
۲۔ افسوس ۔ تاسف ۔ غمگینی ۔ غمناکی ۔ الم ناکی ۔ حزن ۔ ملال ۔ رنج ۔ اندوہ ناکی ۔ اندوہ گینی
۳۔ ندامت ۔ پشیمانی ۔ پچھتاوا ۔ انفعال

حَسن : نیک ۔ خوب ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ خوبصورت ۔ خوش شکل ۔ خوش نما ۔ خوش منظر ۔ خوش قطع ۔ خوش وضع ۔ خوبرو ۔ بھلا ۔ بہ ۔ اچھا

حُسن : ۱۔ خوبی ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔ عمدگی ۔ اچھائی

۱۔ خوب صورتی۔ خوبروئی۔ خوش روئی۔ خوش نمائی۔ رعنائی۔
خوش شکلی۔ خوش وضعی۔ سندرتا۔ جمال۔ جوبن۔ روپ۔ بیوٹی۔
سندرپن۔
۲۔ رونق۔ بہار۔ تازگی
۴۔ دلربائی۔ دلبری۔ دلکشی۔ موہ

حسنِ اتفاق: اچھا موقع۔ خوش قسمتی۔ خوش بختی۔ خوش نصیبی۔
خوش طالعی۔ خوش اقبالی
حسنِ اخلاق: خوش خلقی۔ نیک سیرتی۔ نیک طبعی۔ نیک طینتی۔
ملنساری۔ تواضع
حسنِ انتظام: خوش انتظامی۔ خوش نظمی
حسنِ بیاں: خوش بیانی۔ خوش تقریری۔ خوش کلامی۔ خوش گوئی۔
فصاحت۔ بلاغت
حسنِ تدبیر: خوش تدبیری۔ خوش انتظامی۔ عمدہ مشورہ۔ نیک صلاح
حسنِ خداداد: فطری حسن۔ خلقی حسن۔ غیر مصنوعی حسن۔ اصلی حسن
حسن دان: پاندان۔ آرائش دان۔ سنگھاردان
حسنِ سبز: حسنِ برشتہ۔ حسنِ ملیح۔ سانولاپن۔ سلوناپن
حسنِ سلوک: نیک سلوک۔ اچھا رویہ۔ عمدہ برتاؤ
حسنِ صبیح: حسنِ شستہ۔ حسنِ فرنگ۔ گوارنگ۔ سفیدفامی
حسنِ ظن: نیک گمانی۔ خوش گمانی۔ خوش ظنی۔ خوش خیالی۔ خوش قیاسی۔
خوش فہمی۔ گمانِ نیک۔ حسنِ خیال۔ اچھا خیال
حسنِ قبول: خوش پسندی۔ عمدہ پسندی۔ دلکشی
حسنِ محفل: ۱۔ رونقِ محفل۔ رونقِ مجلس۔ رونقِ بزم۔ زیبِ محفل۔ آرائشِ
محفل۔ زینتِ محفل
۲۔ حقّہ۔ تمباکو۔ پیچوان۔ گڑگڑی
حسنِ مطلع: مطلعِ ثانی
حسنِ مطلق: جمالِ خداوندی۔ جمالِ الٰہی۔ حسنِ ازل۔ حسنِ غیر مقید۔ حسنِ آزاد۔
حسنِ ربانی
حسنِ مقید: حسن زوال پذیر۔ حسنِ زوال آمادہ۔ حسنِ فانی۔ حسنِ مخلوق
حسن و قبح: نیک و بد۔ عیب و صواب۔ عیب و ہنر۔ اچھائی برائی
حسنِ ملیح: حسنِ برشتہ۔ حسنِ سبز۔ سانولا رنگ۔ سانولاپن۔ سلوناپن

پیکرِ حسن ___ حسن ڈھلنا ___ حسن دوبالا ہونا ___
حسنِ دلخواہ ___ حسنِ پسندیدہ ___ حسنِ خودنگر ___
حسن باہزار جلوہ ___ حسنِ بیدل ___ حسن شرمگیں ___ حسنِ
سادہ ___ حسنِ گلوسوز ___ حسن بساماں ___ حسن دیدہ فریب
___ حسن دلآویز ___ حسن صباحت ___ حسنِ حسن ___
حسن جہانگیر ___ حسن شوخ ___ حسن صبر گداز ___ شاہدِ
حسن ___ خسروِ حسن ___ حسن نظر فریب ___ حسنِ نظر
گداز ___ حسنِ جواں ___ حسن طنّاز ___ حسن جاں بخش ___
حسن شعلہ افروز ___ حسن آتش زن ___ بہارِ حسن ___
حسنِ نوخیز ___ حسن نمکیں ___ حسنِ شیریں ___ حسنِ جاں سوز
___ شعلۂ حسن ___ حسنِ دل گداز ___ حسنِ عشق تاب ___
حسن نمکستاں ___ حسن جاہ ___ حسن لن ترانی زن ___ حسن
خنداں ___ حسن پادشاہ ___ حسن برق بخرمن ___ حسن
دل آشوب ___ حسن خجل ساز ___ حسنِ فرنگ ___ خدنگِ
حسن ___ حسن باصد تقاضا ___ حسنِ جاں سوز ___ حسنِ
دلنواز ___ حسن چھل چراغ ___ حسنِ آئینہ ___ حسن اعجاز نما

حَسَنہ: نیکی۔ خوبی۔ بھلائی۔ اچھائی۔ عمدگی

حُسنیٰ: بہت اچھی۔ بہت خوبصورت۔ حسینہ۔ جمیلہ

حسین: صاحبِ حسن۔ صاحبِ جمال۔ خوب صورت۔ خوبرو۔ خوش شکل۔
خوش رُو۔ شکیل۔ جمیل۔ خوش چہرہ۔ خوش منظر۔ سُندر۔ سوہنا۔
موہنا۔ چھبیلا۔ چھیل چھبیلا۔ سجیلا۔ زیبا۔ رعنا۔ من موہن۔
البیلا۔ قبول صورت۔ چندے آفتاب چندے ماہتاب۔ چھیلا
خوش اندام۔ چھب والا۔ خوش وضع۔ وجیہہ۔ طرحدار۔ چھیل۔ بانکا۔
شوخ

حشر: ۱۔ یوم البعث۔ یوم النشور۔ یوم الدین۔ معاد۔ عقبیٰ۔ قیامت۔ محشر
روزِ جزا۔ دارالاُخریٰ۔ رستخیز۔ پرلے۔ روزِ حساب۔ ساعت
فردائے قیامت

۲۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ شورش۔ فساد۔ فتنہ۔ کہرام۔ چیخ و پکار۔
۳۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ مجمع۔ غول جمعیت۔ گروہ۔ جتھا

حشر برپا کرنا — آشوب حشر — روز حشر — عذاب حشر — ہنگامۂ حشر — حساب حشر — حشر ہونا — میدان حشر — صور حشر — عرصۂ حشر — اہل حشر — داور حشر — حاکم حشر — محفل حشر — انتظار حشر

حشرات: خزندہ۔ حشر۔ کیڑا

حشرات الارض: زمینی کیڑے۔ مکوڑے۔ کیچوے۔ سانپ۔ بچھو۔ کنکھجورے

حشراتِ شام — حشراتِ شب — حشراتِ آب — حشراتِ برشگال

حشم: نوکر۔ چاکر۔ ملازمین۔ خدام

حشمت: ۱۔ نوکر۔ چاکر۔ خدام۔ زمرۂ ملازمین۔ گروہ ملازمین
۲۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ دبدبہ۔ رعب داب۔ جلال
۳۔ جلوس۔ ساز و سامان۔ سواری
۴۔ سامانِ لشکر۔ سامانِ فوج
۵۔ عظمت۔ بڑائی۔ بزرگی۔ مرتبت۔ منزلت۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت
۶۔ دولت۔ ثروت۔ مال۔ تمول۔ رضا

حشو: ۱۔ زائد کلام۔ غیر ضروری بات۔ فضول بات۔ بے ہودہ کلام۔ لایعنی کلام
۲۔ الابلا۔ الم غلم۔ کوڑا کرکٹ۔ بھرتی۔ آخور
۳۔ گھٹیا لوگ۔ کمینے۔ اجلاف

حصار: چار دیواری۔ احاطہ۔ گھیرا۔ شہر پناہ۔ فصیل۔ قلعہ۔ گڑھ۔ حصن۔ کوٹ۔ جائے پناہ۔ پناہ گاہ۔ مامن ملجا

حصول: ۱۔ حاصل۔ فائدہ۔ نفع۔ منافع۔ منفعت۔ یافت۔ آمدنی۔ آمد۔ لابھ
۲۔ پیداوار۔ فصل۔ ثمر۔ پھل
۳۔ اولاد۔ ذریت۔ نسل۔ نژاد
۴۔ نتیجہ۔ انجام۔ مآل
۵۔ تحصیل۔ استحصال

حصہ: ۱۔ پارہ۔ جزو۔ لخت۔ پارچہ۔ ٹکڑا۔ انس۔ قطعہ۔ پورشن۔ پارٹ۔ جُز۔ خط۔ سہم
۲۔ تقسیم۔ بخرا۔ بھاگ۔ بانٹ۔ نصیب۔ بہرہ۔ پتی۔ قسمت
۳۔ باب۔ مقالہ۔ ادھیائے۔ فصل
۴۔ جگہ۔ جا۔ مقام۔ دکان۔ کمرا۔ اطاق۔ حجرہ
۵۔ علاقہ۔ تعلقہ۔ جاگیر۔ ریاست
۶۔ صیغہ۔ سررشتہ۔ محکمہ۔ شعبہ
۷۔ قسم۔ نوع۔ جنس

حصہ دار: شریک۔ ساجھی۔ بہرہ مند۔ پتی دار
حصہ داری: شرکت۔ ساجھا۔ بہرہ مندی۔ پتی داری

حصیر: چٹائی۔ بوریا۔ صف۔ سیتل پاٹی

حضارت: شہری زندگی۔ مدنیت۔ تمدن

حضر: سکون۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔ اقامت۔ خانہ باشی۔ خانہ نشینی

حضرت: ۱۔ جناب۔ قبلہ۔ حضور۔ سری۔ مہاراج۔ عالی جاہ۔ خود بدولت۔ بندہ پرور۔ بندہ نواز۔ جناب عالی۔ خداوند نعمت۔ جناب مستطاب۔ جنابِ اقدس۔ حضرت سلامت۔ حضور والا
۲۔ (طنزاً) شریر۔ بدمعاش۔ لُچا۔ بدذات۔ چالاک۔ عیار۔ مکار۔

چالباز۔ چالیا۔ دم باز۔ متفنی۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔
فسادی۔ مفسدہ پرداز

حضور: ۱۔ موجودگی۔ حاضری۔ سامنا۔ مقابلہ۔ مواجہہ
۲۔ دربار۔ اجلاس۔ مجلس۔ محفل۔ بزم۔ انجمن۔ سبھا
۳۔ سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہت۔ راج
۴۔ دیوانِ خاص۔ دیوانِ عام
۵۔ جناب۔ قبلہ۔ آقا۔ پیرومرشد۔ حضرت۔ شری۔ مہاراج۔ جہاں پناہ۔ خداوند

حضوری: ۱۔ حاضری۔ موجودگی۔ سامنا۔ مواجہہ
۲۔ نزدیکی۔ قربت۔ قرب۔ قران
۳۔ دربار۔ اجلاس۔ محفل۔ مجلس۔ بزم۔ انجمن

حظ: ۱۔ لطف۔ مزہ۔ عیش۔ نشاط۔ لذت۔ سرور۔ خوشی۔ انبساط۔
بہجت۔ ابتہاج۔ طرب۔ آنند۔ راحت۔ آسودگی
۲۔ نصیب۔ بخت۔ طالع۔ اقبال۔ بختاوری۔ خوش نصیبی۔ خوش بختی۔
خوش اقبالی۔ طالع مندی
۳۔ حصہ۔ بخرا۔ بھاگ۔ بہرہ۔ نصیب۔ قسمت

حفاظت: ۱۔ بچاؤ۔ تحفظ۔ سلامتی۔ محافظت۔ حفظ۔ رکھشا
۲۔ پاسبانی۔ نگرانی۔ نگہبانی۔ نگہداشت۔ صیانت۔ چوکیداری۔
رکھوالی۔ چوکسی

حفاظتِ خود اختیاری ــــ حفاظتِ وطن ــــ حفاظتِ خودی

حفظ: ۱۔ بچاؤ۔ تحفظ۔ محافظت۔ پناہ۔ سلامتی
۲۔ خبرداری۔ آگاہی۔ نگہداری۔ واقفیت
۳۔ ازبر۔ زبانی۔ نوکِ زبان۔ مُنہ زبانی۔ برزبان یاد

حفظِ امن: قیامِ امن۔ حفاظتِ امن۔ استقرارِ امن

حفظِ جان: حفاظتِ جان۔ محافظتِ زندگی۔ بچاؤ
حفظِ ما تقدم: پیش بندی
حفظِ مراتب: پاسِ مراتب۔ لحاظِ رتبہ

حفیظ: حافظ۔ محافظ۔ نگہبان۔ نگہدار۔ ولی

حق: ۱۔ سچائی۔ صدق۔ راستی۔ صداقت۔ حقیقت۔ سچ
۲۔ فرض۔ ذمہ داری۔ وجوب۔ لزوم
۳۔ استحقاق۔ دعویٰ۔ ادھیکار۔ اختیار
۴۔ عدل۔ انصاف
۵۔ صلہ۔ بدلہ۔ عوض۔ معاوضہ۔ مزدوری۔ مُزد۔ اُجرت
۶۔ اصلیت۔ واقعیت
۷۔ انعام۔ بخشش۔ نیگ
۸۔ مالکیت۔ ملکیت۔ ملک۔ حقیقت۔ مال
۹۔ حصہ۔ بخرا۔ بھاگ۔ نصیب۔ بہرہ
۱۰۔ منصب۔ عہدہ۔ رتبہ۔ مقام۔ مرتبہ۔ منزلت
(صفت) ۱۱۔ درست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ سچ۔ راست۔ روا۔ سچا
۱۲۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔ اہل۔ مستحق
۱۳۔ واجب۔ ضروری۔ لازمی
۱۴۔ نسبت۔ بابت۔ متعلق۔ واسطے۔ لیے
۱۵۔ خدا۔ اللہ۔ ایشور۔ پرمیشر۔ پرماتما

حق آشنا: خدا پرست۔ راست رو۔ راست گو۔ صداقت شعار۔ خداشناس۔
حقیقت شناس۔ حقیقت آشنا۔ حق گو
حق آشنائی: خدا پرستی۔ راست روی۔ راست گوئی۔ صداقت شعاری۔
خداشناسی۔ حق گوئی
حق السعی/حق المحنت: حقِ محنت۔ مُزد۔ مزدوری۔ اجرت۔ صلہ۔ بدلہ۔
معاوضہ۔ عوضانہ
حق بجانب: برحق۔ راست رو۔ لائق۔ سزاوار۔ برحق
حق پرست: خدا پرست۔ سچا۔ صادق۔ صداقت شعار۔ عادل۔ منصف۔
راست رو۔ حق پسند

حق پرستی: خدا پرستی۔ صداقت شعاری۔ راست روی۔ حق پسندی۔ عدالت۔ انصاف۔ سچائی

حق تلفی: اضاعتِ حق۔ ناانصافی۔ بے انصافی۔ ظلم۔ تعدی۔ جور۔ غصب۔ اتلافِ حق

حق دار: مستحق۔ سزاوار۔ لائق۔ اہل۔ قابل

حق داری: استحقاق۔ سزاواری۔ لیاقت۔ اہلیت۔ قابلیت

حق رسی: انصاف۔ عدل۔ دادرسی۔ نیائے

حق شناس: ۱۔ حق آشنا۔ خدا پرست۔ راست رو۔ صداقت شعار
۲۔ قدردان۔ قدرشناس۔ جوہر شناس

حق شناسی: ۱۔ حق آشنائی۔ خدا پرستی۔ راست روی۔ صداقت شعاری
۲۔ قدردانی۔ قدرشناسی۔ جوہر شناسی

حق گو: راست گو۔ صادق القول۔ صداقت شعار۔ سچا۔ منصف۔ عادل

حق گوئی: راست گوئی۔ صدقِ مقال۔ صداقت شعاری۔ سچائی۔ عدل۔ انصاف

حق ناشناس: ناشکرگزار۔ ناسپاس۔ احسان فراموش۔ ناشکرا۔ ظالم۔ ستم گار۔ ناانصاف۔ غیر منصف

حق ناشناسی: ناشکرگزاری۔ ناسپاسی۔ احسان فراموشی۔ ظلم۔ ستم۔ تعدی۔ جور۔ ناانصافی۔ بے انصافی

حقا: بخدا۔ واللہ۔ باللہ۔ صحیح

حقارت: ذلت۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ خفت۔ استخفاف۔ خواری۔ نفرت۔ استحقار۔ تحقیر۔ کراہت

حقانیت: سچائی۔ صداقت۔ راستی۔ اصلی کیفیت۔ حقیقت

حقائق: حقیقتیں۔ اصل واقعات۔ حقیقی کوائف

حقہ: ۱۔ قلیان۔ گڑگڑی۔ پیچوان۔ مداریا۔ ناریل۔ حکّو۔ سٹرسٹری۔ حابل۔ بابل۔ چلم
۲۔ عطردان۔ گورج۔ خاصدان۔ زیوردان۔ سنگھاردان

حقیت: حق۔ حق داری۔ ملک۔ ملکیت۔ مالکانہ حقوق۔ املاک

حقیر: ادنیٰ۔ چھچھا۔ نیچ۔ ذلیل۔ خوار۔ اوچھا۔ کمینہ۔ خفیف۔ سبک۔ سفلہ۔ رذیل

حقیقت: ۱۔ اصل۔ جڑ۔ بیخ۔ بُن۔ بنیاد۔ اساس۔ نیو
۲۔ اصلیت۔ ماہیت۔ واقعیت۔ کیفیت۔ حالت۔ نفس الامر۔ امرِ واقعہ
۳۔ سچائی۔ صدق۔ صداقت۔ ست۔ سچ
۴۔ بساط۔ حیثیت۔ اوقات۔ مقدور۔ قدر۔ مقدرت
۵۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ واقعہ

حقیقتِ حال — حقیقت میں

حقیقتاً: واقعتہً۔ اصلاً۔ فی الواقعہ۔ فی الحقیقت۔ فی الاصل۔ دراصل۔ درحقیقت

حقیقی: ۱۔ واقعی۔ اصلی۔ سچا۔ کھرا۔ صحیح۔ درست
۲۔ خالص۔ بے میل۔ بے آمیزش۔ نرا۔ نرمل۔ صاف۔ غیر مصنوعی
۳۔ اپنا۔ سگا۔ یگانہ
۴۔ ذاتی

حکام: حاکمان۔ حاکمین۔ اربابِ حکومت۔ اہلِ حکومت۔ اہلِ اقتدار۔ اربابِ اقتدار۔ عمالِ حکومت۔ افسرانِ عمال

حکایت: کہانی۔ قصہ۔ اسطورہ۔ افسانہ۔ داستان۔ بات۔ بیان۔ تذکرہ۔ ذکر

حکایتاً: بطورِ حکایت۔ بطورِ ذکر۔ بر سبیلِ تذکرہ

حَکَم : ثالث ۔ پنچ ۔ حاکم ۔ منصف ۔ قاضی ۔ جج

حُکم : ۱۔ امر ۔ ارشاد ۔ فرمان ۔ آدیش ۔ آرڈر ۔ فرمودہ
۲۔ فتویٰ ۔ فیصلہ ۔ ڈگری ۔ نیاؤ
۳۔ حکومت ۔ اقتدار ۔ سرداری ۔ سیادت ۔ امامت ۔ قیادت
۴۔ اجازت ۔ آگیا ۔ رخصت ۔ پروانگی ۔ اذن
۵۔ سختی ۔ جبر ۔ اکراہ
۶۔ قانون ۔ قاعدہ ۔ ضابطہ ۔ دستور ۔ طریقہ

حکم بردار : فرماں بردار ۔ مطیع ۔ منقاد ۔ اطاعت گزار ۔ اطاعت شعار
حکم برداری : فرماں برداری ۔ اطاعت ۔ انقیاد
حکمراں : فرماں روا ۔ حاکم ۔ بادشاہ ۔ شاہ ۔ سلطان ۔ آمر ۔ صاحبِ امر ۔ اولوالامر ۔ ملک ۔ راجا ۔ صاحبِ حکومت ۔ برسرِ اقتدار ۔ رئیس ۔ امیر
حکمرانی : فرماں روائی ۔ حکومت ۔ بادشاہی ۔ بادشاہت ۔ سلطنت ۔ اقتدار ۔ راج
حکم نامہ : تحریری حکم ۔ دستاویز ۔ فرمان ۔ پروانہ ۔ ہدایت نامہ ۔ آدیش پتر

حکما : ۱۔ اہلِ حکمت ۔ اربابِ حکمت ۔ اربابِ دانش ۔ اہلِ دانش ۔ عقلا ۔ دانایان ۔ اہلِ تدبیر ۔ اربابِ تدبیر
۲۔ اطبا ۔ معالجین

حکمت : ۱۔ دانائی ۔ عقل ۔ دانشمندی ۔ تدبیر ۔ فہم ۔ فراست ۔ سمجھ ۔ کیاست ۔ سمجھ بوجھ ۔ علم ۔ ترکیب ۔ ودّیا ۔ بدیا ۔ بُدّھی
۲۔ مطلب ۔ غرض ۔ غایت ۔ مقصد ۔ مرام ۔ مراد
۳۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ اسلوب ۔ طریقہ ۔ طور ۔ طرز
۴۔ طب ۔ علم العلاج ۔ ویدک ۔ بیدائی ۔ چارہ سازی ۔ چارہ گری
۵۔ فلسفہ ۔ تفلسف

حکمت آرا ــــ حکمت آموز ــــ حکمت آمیز ــــ حکمت عملی

حکمتی : ۱۔ فلسفی ۔ فیلسوف
۲۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ صاحبِ تدبیر ۔ مدبّر ۔ عیار

حکمی : ۱۔ یقینی ۔ بے خطا ۔ اچوک
۲۔ فرماں بردار ۔ حکم بردار ۔ محکوم ۔ زیرِ حکم
۳۔ مدام ۔ ہمیشہ ۔ دائمی ۔ دائم ۔ جاوید ۔ جاوداں
۴۔ شرطی ۔ ضروری

حکومت : ۱۔ حکمرانی ۔ سلطنت ۔ فرماں روائی ۔ سلطنت ۔ بادشاہی ۔ بادشاہت ۔ راج ۔ ریاست ۔ اقتدار
۲۔ قابو ۔ بس ۔ اختیار ۔ قدرت
۳۔ سختی ۔ جبر ۔ استبداد ۔ آمریت ۔ زبردستی
۴۔ غلبہ ۔ تسلّط ۔ اعتلا

حکیم : ۱۔ دانا ۔ عقلمند ۔ زیرک ۔ صاحبِ فراست ۔ صاحبِ تدبیر ۔ صاحبِ دانش ۔ دانش مند ۔ دانش ور ۔ عالم ۔ صاحبِ علم ۔ گیانی ۔ فاضل ۔ عاقل ۔ بُدھیوان
۲۔ فلسفی ۔ فلسفہ داں ۔ فیلسوف ۔ فلاسفر
۳۔ طبیب ۔ معالج ۔ وَید ۔ بید ۔ چارہ گر ۔ چارہ ساز

حکیم الامت ــــ حکیم مشرق

حَلّ : ۱۔ انکشاف ۔ انشراح ۔ شرح ۔ سلجھاؤ ۔ تسہیل
۲۔ تحلیل ۔ گھلاؤ ۔ گھلاوٹ ۔ حلول ۔ گھل ملنا ۔ گھٹائی پسائی
۳۔ عقدہ کشائی ۔ گرہ کشائی ۔ وا کرنا

حلّ و عقد : بست و کشاد ۔ اُدھیڑ بُن ۔ عزل و نصب ۔ انتظام و انصرام

حلول ــــ محل

حلال : جائز ۔ روا ۔ مباح ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ شیرِ مادر ۔ پاک ۔ شدہ ۔ پوتر

معاملۃً شرعاً۔ موافقِ شرع۔ حسبِ شرع۔ شرعاً جائز۔ مسنون۔ حسبِ قانون

حلال خور: بھنگی۔ مہتر۔ خاکروب۔ چوڑھا

حلال زادہ: جائز اولاد۔ جائز بیٹا۔ شریف زادہ۔ نجیب۔ شریف۔ دیانت دار۔ ایمان دار

حلاوت: ۱۔ شیرینی۔ مٹھاس
۲۔ لذت۔ مزہ۔ ذائقہ
۳۔ راحت۔ آرام۔ آسایش۔ آسودگی۔ سُکھ۔ چین

حِلّت: درستی۔ اباحت۔ جواز

حلف: قسم۔ سوگند۔ عہد۔ پیمان۔ وعدہ۔ معاہدہ

حلق: حلقوم۔ گلو۔ گلا۔ ٹینٹوا۔ نرخرا۔ حنجرہ۔ نائے حنجرہ۔ نائے گلو

حلقہ: ۱۔ دائرہ۔ گھیرا۔ چکر۔ احاطہ۔ ہالہ۔ کاج۔ گھیر
۲۔ پیپا۔ چرخ۔ دولاب
۳۔ کنڈا۔ کنڈل۔ کڑا۔ چھلا۔ مندرا۔ بالا
۴۔ مجلس۔ محفل۔ انجمن۔ بزم۔ سبھا
۵۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ حزب۔ منڈلی۔ دَل
۶۔ علاقہ۔ احاطہ۔ تعلقہ۔ ضلع۔ حد۔ حصار۔ قطعہ

حلقہ گوش: غلام۔ عبد۔ بندہ۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ منقاد۔ اطاعت شعار

حلقہ گوشی: غلامی۔ بندگی۔ فرماں برداری۔ اطاعت۔ انقیاد

• حلقہ انداز ــــ حلقہ باندھنا ــــ حلقہ پڑنا ــــ حلقہ لگانا ــــ حلقۂ چشم ــــ حلقۂ احباب

حِلم: ۱۔ بردباری۔ تحمل۔ برداشت۔ صبر
۲۔ نرم خوئی۔ نرم دلی۔ نرمی۔ ملائمت۔ درگذری

حَلَمہ: سرِ پستان۔ بھٹنی۔ ٹمکنا

حلوا: ۱۔ شیرینی۔ حریرہ۔ لوزینہ۔ مٹھائی۔ آفروشہ۔ افروشہ۔ پشمک۔ بھیشارہ۔ کبیتہ۔ مشکنہ نیم شکری۔ نیم انگشتی۔ انگشتِ عروس
۲۔ نرم چیز۔ تر چیز۔ تر نوالہ۔ تر لقمہ
۳۔ آسان کام۔ کارِ آسان

حلول: حل۔ انحلال۔ اتحاد

حُلّہ: جُبہ۔ پوشاک۔ لباس۔ چادر۔ برد۔ بہشتی پوشاک۔ جنتیوں کا لباس

حلیف: ہم معاہدہ۔ معاہد۔ ساتھی۔ رفیق۔ دوست۔ حامی۔ حمایتی۔ مددگار۔ معاون۔ مُعین

حلیم: ۱۔ بُردبار۔ متحمل۔ صابر۔ برداشت کنندہ۔ فروتن۔ ملائم۔ دھیما۔ گمبھیر۔ متحمل مزاج۔ نرم۔ نرم دل
۲۔ کھچڑا

• حلیم الطبع ــــ حلیم فطرت ــــ حلیمی ــــ حلیم مزاج

حلیہ: ۱۔ سونا۔ چاندی۔ زیور۔ جواہر۔ خلعت
۲۔ صورت۔ سراپا۔ خد و خال۔ شکل۔ خط و خال۔ قطع۔ نقش و نگار۔ بُشرہ۔ چہرہ

حمار: ۱۔ گدھا۔ خر۔ الاغ۔ دراز گوش
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناداں۔ مورکھ۔ بے عقل۔ نافہم۔ ناسمجھ۔ کودن۔ اُلو۔ چغد۔ بودم بے دال

حماقت: بیوقوفی ۔ نادانی ۔ بے عقلی ۔ نافہمی ۔ ناسمجھی ۔ بے دانشی ۔ حمق ۔ ابلہی

حمّال: مزدور ۔ قلی ۔ سر بوجھیا ۔ باربردار ۔ بارکش

حَمام: کبوتر ۔ قمری ۔ فاختہ ۔ کنٹھی والا پرندہ

حمّام: غسل خانہ ۔ گرماب ۔ گرمابہ ۔ گرماؤ ۔ گرماوہ

حمایت: ۱۔ طرف داری ۔ جانب داری ۔ مدد ۔ اعانت ۔ دست گیری ۔ رعایت ۔ پشتی ۔ پرچک ۔ حامی ہونا ۔ امداد ۔ جنبہ داری ۔ رفاقت ۔ ساتھ ۔ یاوری ۔ نصرت
۲۔ حفاظت ۔ نگہبانی ۔ نگہداری ۔ نگہداشت ۔ محافظت ۔ تحفظ ۔ بچاؤ ۔ پناہ

حمایت کا ٹٹو ــــ حمایت کے بل پر

حمایتی: ۱۔ حامی ۔ طرف دار ۔ جانب دار ۔ مددگار ۔ ممد ۔ معاون ۔ ناصر ۔ معین ۔ دست گیر ۔ جنبہ دار ۔ رفیق ۔ ساتھی ۔ دوست ۔ یاور
۲۔ محافظ ۔ حافظ ۔ حفیظ ۔ نگہبان ۔ نگہدار

حمد: تعریف ۔ توصیف ۔ ثنا ۔ ستائش ۔ تمجید ۔ تحمید ۔ مدح ۔ نیایش ۔ منقبت ۔ استتت ۔ جے جے کار

حُمق: حماقت ۔ بےوقوفی ۔ نادانی ۔ بے عقلی ۔ نافہمی ۔ ناسمجھی ۔ بے دانشی ۔ مورکھ پن ۔ احمق پن ۔ ابلہی ۔ احمقی

حمل: ۱۔ بوجھ ۔ وزن ۔ بار ۔ بھار ۔ ثقل
۲۔ گابھ ۔ گربھ ۔ پیٹ ۔ امید ۔ آس
۳۔ پاؤں بھاری ہونا

حملہ: ۱۔ دار ۔ چوٹ ۔ ضرب ۔ مار ۔ ...
۲۔ دھاوا ۔ یورش ۔ ہلّہ ۔ یلغار ۔ تاخت ۔ چڑھائی ۔ تاز ۔ لوٹ ۔ غارت

حملہ آور ــــ حملہ گیری ــــ حملہ کرنا

حمیّت: ۱۔ شرم ۔ غیرت ۔ لاج ۔ حیا ۔ ننگ
۲۔ غصہ ۔ تپا ۔ کرودھ ۔ غیظ ۔ خشم ۔ جوش ۔ اشتعال ۔ تیزی ۔ تندی ۔ گرمی ۔ حرارہ ۔ حرارت
۳۔ نفرت ۔ کراہت ۔ تنفر ۔ بیزاری

حمید: لائقِ تعریف ۔ لائقِ توصیف ۔ لائقِ مدح ۔ لائقِ ستائش ۔ ستودہ ۔ محمود ۔ ممدوح

حنا: مہندی

حنجرہ: گلا ۔ گلو ۔ حلق ۔ حلقوم ۔ نرخرہ

حنظل: اندرائن ۔ کوڑا تونبا ۔ تونبا ۔ تُمّا

حنفی: ۱۔ صادق ۔ سچا ۔ سنی ۔ ایمان دار ۔ مومن
۲۔ مقلدِ امام ابوحنیفہؒ ۔ سُنّی ۔ اہلِ سنّت

حوّا: مادرِ نوعِ انسان ۔ اُمّ البشر ۔ مادرِ اوّل ۔ زوجۂ آدم ۔ زنِ اوّل ۔ امّاں حوّا

حوادث: حادثات ۔ سانحات ۔ واقعات

حواری: ۱۔ خاص ۔ برگزیدہ ۔ منتخب
۲۔ صحابیِ حضرت عیسیٰؑ
۳۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ دوست ۔ مصاحب ۔ ہم نشیں ۔ ناصر ۔ یاور ۔ جلیس ۔ معاون ۔ معین ۔ مددگار ۔ ممد

حواس: ۱۔ حاسے۔ احساسات
۲۔ سمجھ۔ فہم۔ عقل۔ شعور۔ ہوش۔ اوسان۔ ادراک

حواس باختہ: مخبوط الحواس۔ مسلوب الحواس۔ حیران۔ خبطی۔ ہکا بکا۔
بے اوسان۔ بے حواس۔ بدحواس۔ گھبرایا ہوا۔ بھونچکا

حواس گم ہونا ___ حواس ٹھکانے نہ رہنا ___
حواسِ خمسہ

حوالات: نگرانی۔ قید۔ نظر بندی۔ حبس۔ زندان۔ سجن۔ قید خانہ

حوالہ: ۱۔ سپردگی۔ تحویل۔ تفویض
۲۔ پتہ۔ نشان۔ سراغ۔ کھوج
۳۔ مثال۔ تمثیل

حوالی: ارد گرد۔ نواح۔ آس پاس۔ اطراف و جوانب

حُور: ۱۔ گوری چٹی۔ سفید فام۔ سیمیں تن۔ سیمیں بدن۔ سیم تن
۲۔ زنِ بہشت۔ اپسرا۔ اپچھرا
۳۔ خوبصورت۔ حسینہ۔ جمیلہ۔ نازنین۔ پری
۴۔ معشوق۔ محبوب

حوصلہ: ۱۔ پوٹا۔ معدہ
۲۔ ہمت۔ جرأت۔ دلیری۔ ہیاؤ۔ بہادری۔ شجاعت۔ جسارت۔
پامردی۔ جواں مردی۔ جگرداری۔ برتا۔ سورا پن۔ دھڑلّا۔ مقدور۔
مقدرت۔ استطاعت۔ دلاوری۔ جلادت

حوصلہ افزا: ہمت افزا۔ جرأت افزا۔ جرأت آموز۔ جرأت انگیز۔ ہمت انگیز
حوصلہ افزائی: ہمت افزائی۔ جرأت افزائی۔ جرأت انگیزی۔ ہمت انگیزی

حوض: ۱۔ آب انبار۔ ذخیرۂ آب۔ خزانۂ آب۔ تالاب۔ تال۔ تلیا۔ چہ بچہ
۲۔ اندرون حاشیہ۔ متن
۳۔ میدان۔ عرصہ

حویلی: محل۔ قصر۔ مکان۔ گھر۔ دار۔ بیت۔ عمارت۔ محل سرا

حَیّ: زندہ۔ پائندہ۔ جیتا۔ جان دار۔ ذی حیات۔ ہست

حیا: شرم۔ لاج۔ حجاب۔ غیرت۔ حمیت۔ لحاظ۔ پاس۔ مروت۔ خیال

حیادار: باحیا۔ شرمیلا۔ غیرت مند۔ لحاظ دار۔ پاس دار۔ باحمیت۔
غیور

حیات: زندگی۔ زیست۔ زندگانی۔ ہستی۔ بود۔ جان۔ روح۔ عمر۔
اوستا۔ جیون۔ بقا۔ دم۔ لائف

حیاتِ ابدی ___ حیات بخش ___ حیاتِ جاودانی ___ حیاتِ
مستعار ___ حیاتِ ناپائیدار

حیثیت: ۱۔ بساط۔ قدرت۔ مقدرت
۲۔ منصب۔ پایہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ منزلت۔ مقام۔ درجہ۔
سٹیٹس
۳۔ آبرو۔ عزت۔ حرمت۔ وقر۔ وقار۔ جاہ۔ عز
۴۔ جائیداد۔ ملکیت۔ ملک۔ املاک۔ دولت۔ ثروت۔ بضاعت
مال۔ متاع۔ پونجی۔ سرمایہ۔ مالی حالت
۵۔ اسلوب۔ وضع۔ طرز۔ ڈھنگ۔ طریق۔ انداز۔ پرداز

حیران: ۱۔ دنگ۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ متعجب۔ ششدر۔ ہکا بکا۔ مبہوت۔
انگشت بدنداں۔ بھونچکا
۲۔ پریشان۔ سرگشتہ۔ سرگرداں۔ وحشت زدہ۔ متوحش۔
حواس باختہ۔ پراگندہ۔ سراسیمہ۔ بدحواس۔ حواس باختہ۔
سادر۔ تائبر

حیرانی : ۱۔ حیرت۔ تحیّر۔ تعجب۔ استعجاب
۲۔ پریشانی۔ سرگشتگی۔ سرگردانی۔ وحشت۔ توحش۔ سراسیمگی۔
پراگندگی۔ حواس باختگی۔ بدحواسی۔ گھبراہٹ۔ بے اوسانی

حیرت : ۱۔ حیرانی۔ تحیّر۔ تعجب۔ استعجاب۔ عجب۔ اچنبھا۔ اچرج
۲۔ پریشانی۔ سرگشتگی۔ سرگردانی۔ وحشت۔ توحش۔ گھبراہٹ۔
سراسیمگی۔ پراگندگی۔ حواس باختگی۔ بے حواسی۔ بدحواسی۔
بے اوسانی

حیرت انگیز : تعجب خیز۔ طُرفہ۔ اچرج۔ حیران کن۔ حیرت زا۔
پُر استعجاب۔ تحیّر آفریں

حیرت زدہ : ۱۔ حیران۔ متحیّر۔ متعجب۔ مبہوت۔ دنگ۔ ششدر۔
ہکا بکا۔ انگشت بدنداں۔ بھونچکا
۲۔ پریشان۔ سرگشتہ۔ سرگرداں۔ وحشت زدہ۔ متوحش۔
سراسیمہ۔ پراگندہ۔ حواس باختہ۔ بدحواس۔ بے حواس۔
بے اوسان

حیرتِ آئینہ — حیرت آباد — حیرتِ جاوید
— حیرت آموز — حیرت آلود — سراپا
حیرت — حیرتِ حُسن — حیرتِ جنوں —
حیرتِ عشق — حیرتِ نقشِ قدم — حیرت نقش
بدیوار — حیرت پرکار — حیرت ناک

حَیِّز : کنارہ۔ کرانہ۔ حد۔ ذاندا بسیا۔ مکان۔ مرکز

حیطہ : احاطہ۔ گھیر۔ گھیرا۔ چاردیواری۔ حلقہ

حیف : افسوس۔ دریغا۔ وائے۔ آہ۔ اُف

حیلہ : ۱۔ بہانہ۔ عذر۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔
چکما۔ چال۔ چالاکی
۲۔ نوکری۔ روزگار۔ کام۔ کار۔ کاج
۳۔ تدبیر۔ طریقہ۔ حکمت۔ منصوبہ۔ سازش

حیلہ باز / ساز / گر : بہانہ باز۔ بہانہ جو۔ مکار۔ عیار۔ فریب کار۔
فریبی۔ دھوکے باز۔ دم باز۔ جھانسے باز۔ چالباز۔ چالیا
حیلہ بازی / سازی / گری : بہانہ بازی۔ بہانہ جوئی۔ مکاری۔ عیاری۔
فریب کاری۔ فریب۔ دھوکے بازی۔ دم بازی۔ جھانسے بازی۔
چال بازی
حیلہ حوالہ : ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ آرے بلے

حین : زمانہ۔ مدت۔ وقت۔ میعاد۔ عرصہ۔ دور

حیوان : ۱۔ جان دار۔ ذی روح۔ ذی حیات۔ ذی نفس۔ زندہ۔ پائندہ
۲۔ جانور۔ مویشی۔ چوپایہ۔ بہیمہ
۳۔ وحشی۔ جاہل۔ اُجڈ۔ گنوار۔ ناشائستہ۔ غیر متمدن۔ بدتہذیب۔
بے سلیقہ۔ بے ہنر

حیوانی : ۱۔ بہیمی
۲۔ نفسانی۔ شہوانی

حیوانیت : ۱۔ بہیمیت۔ وحشت۔ وحشی پن۔ جانگلی پن۔ درندگی۔ درندگی۔
سبعیت
۲۔ جہالت۔ اجڈپن۔ گنوارپن
۳۔ نادانی۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ مُورکھ پن
۴۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی

خ

فاتِم : ختم کنندہ ۔ مختتم ۔ قاطع ۔ منقطع ۔ آخری

خاتَم : ۱۔ مُہر ۔ انگوٹھی ۔ انگشتری ۔ چھاپ ۔ مُندری ۔ چھلّا
۲۔ آخری ۔ اتم ۔ منتہا
۳۔ خاتمہ ۔ اخیر ۔ انت ۔ اتمام ۔ اختتام ۔ انتہا ۔ انجام

خاتم الانبیا / خاتم النبیین ؛ خاتم المرسلین ۔ ختم رُسل ۔ ختم الانبیاء
آخری پیغمبر ۔ آخری نبی ۔ آخری رسول ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلّم
خاتم المرسلین : ختم رُسل ۔ ختم الانبیاء ۔ خاتم الانبیاء ۔ خاتم النبیین ۔
آخری رسول ۔ آخری پیغمبر ۔ آخری نبی ۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلّم
خاتم بند : مُہرکن ۔ مُہرساز ۔ خاتم ساز ۔ خاتم کار ۔ کندہ کار
خاتم بندی : مُہرکنی ۔ مُہرسازی ۔ خاتم سازی ۔ خاتم کاری ۔ کندہ کاری

خاتمہ : ۱۔ اخیر ۔ انت ۔ انجام ۔ اختتام ۔ اتمام ۔ انتہا
۲۔ موت ۔ وفات ۔ رحلت ۔ انتقال ۔ دیہانت ۔ مرتیو
۳۔ عاقبت ۔ نتیجہ ۔ مآل

خاتمہ بالخیر : نیک انجام ۔ موت بالایمان ۔ ایماندارانہ وفات ۔ حسن خاتمہ ۔
حسن انجام ۔ تمت بالخیر

خاتون : ملکہ ۔ بیگم ۔ خانم ۔ بانو ۔ بیوی ۔ شہزادی ۔ امیرزادی ۔ شریف زادی
لیڈی ۔ شریمتی ۔ بی بی

خاتونِ جنت : ملکۂ بہشت ۔ مراداً حضرت فاطمہ زہرا رضہ
خاتونِ عرب : ۱۔ خاتونِ جنت حضرت فاطمہ زہرا رضہ
۲۔ خانۂ کعبہ ۔ بیت اللہ ۔ بیت الحرام ۔ بیت العتیق ۔ کعبۂ حرم
خاتونِ فلک : ۱۔ سورج ۔ سُوریہ ۔ شمس ۔ مہر ۔ خورشید ۔ نیّرِ اعظم
۲۔ چاند ۔ قمر ۔ سوم ۔ چندرما ۔ چندا
۳۔ زہرہ ۔ ناہید ۔ رقاصۂ فلک ۔ مطربۂ فلک
خاتونِ محل : کدبانو ۔ مالکۂ خانہ ۔ گھروالی ۔ بیوی ۔ خاتونِ خانہ

خادِع : فریبی ۔ فریب کار ۔ مکّار ۔ عیّار ۔ چال باز ۔ چالیا ۔ دھوکے باز ۔
دم باز ۔ جھانسے باز ۔ دغا باز

خادِم : خدمت گار ۔ خدمت گزار ۔ نوکر ۔ چاکر ۔ ملازم

خادمِ درگاہ : مجاور ۔ خدمت گارِ خانقاہ ۔ ملازمِ آستانہ

خار : ۱۔ کانٹا ۔ پھانس ۔ لکڑی ۔ ایندھن ۔ ہیزم
۲۔ حسد ۔ جلن ۔ جلاپا
۳۔ کھٹک ۔ چبھن ۔ خلش
۴۔ موئے ریش ۔ ریش ۔ ڈاڑھی

خارکش : لکڑہارا ۔ ہیزم فروش ۔ ہیزم بردار
خاروخس : گھاس پھوس ۔ کوڑا کرکٹ ۔ خس و خاشاک ۔ الم غلم ۔ کچرا
خاردار : کانٹوں بھرا ۔ پُرخار ۔ پُرفساد ۔ پُرفتن ۔ تکلیف دہ

خارا : سخت پتھر۔ پتھر۔ سنگ۔ حجر

خارج : ۱۔ باہر۔ بیرون
۲۔ الگ۔ جدا۔ علیحدہ۔ معزول۔ دور۔ بعید۔ مخرج۔ کٹا ہوا
قلم زد
۳۔ مردود۔ راندہ۔ مرتد۔ کافر

خارج آہنگ : بے سُرا۔ غلط آہنگ۔ بے لَے۔ بے تال
خارج از بحث : غیر متعلق۔ ناقابلِ سماعت۔ غیر مسموع۔ فضول۔
بے جوڑ۔ بے میل
خارج از عقل : ۱۔ خلافِ عقل۔ خلافِ قیاس۔ غیر معقول
۲۔ بیوقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ بے عقل۔ ناسمجھ۔
نافہم۔ بے شعور

خارجی : ۱۔ بیرونی۔ باہری۔ اوپری۔ ظاہری
۲۔ مخالفِ علی کرم اللہ وجہہ۔ مخالفِ اہلِ بیت

خارجیت : ظاہر داری۔ ظاہریت۔ ظاہر پرستی

خارش : کھجلی۔ کھاج۔ چُل۔ جھُونجھُو۔ جھانجھ۔ کھُرک۔ خارشت

خارق : کاسر۔ کسّر۔ شکنندہ۔ منفجر

خارقِ عادت : خلافِ فطرت۔ خلافِ عادت۔ فوق العادت۔
فوق الفطرت۔ معجزہ۔ کرامت۔ خلافِ عقل

خازن : خزانہ دار۔ خزینہ دار۔ خزانچی۔ تحویل دار۔ مہتمم خزانہ۔
نگران خزانہ۔ نگہبانِ خزانہ۔ پوتہ دار

خاشاک : ۱۔ کوڑا کرکٹ۔ گھاس پھوس۔ خار و خس
۲۔ آخور۔ الم غلم۔ بیکار اشیا۔ ناکارہ چیز

خاص : ۱۔ مخصوص۔ غیر عام۔ سپیشل
۲۔ اپنا۔ ذاتی۔ نجی۔ پرائیویٹ
۳۔ عمدہ۔ منتخب۔ اعلیٰ۔ اچھا۔ بہتر۔ بھلا۔ چیدہ۔ نفیس
۴۔ فقط۔ صرف۔ محض۔ نرا
۵۔ مرغوب۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔ پیارا۔ دل پذیر۔ چہیتا
۶۔ شریف۔ نجیب۔ امیر۔ صاحبِ جاہ و منصب
۷۔ صدر مقام۔ مرکزی مقام

خاص بردار : چوب دار۔ عصا بردار۔ بندوقچی۔ جلودار۔ چاؤش۔
نقیب۔ ہراول
خاص دان : پان دان
خاص نویس : ذاتی منشی۔ نجی محرر۔ کاتب السر۔ پرائیویٹ سیکرٹری
خاص و عام : اعلیٰ و ادنیٰ۔ امیر و غریب۔ مہ و کہ۔ بڑا چھوٹا۔ مہین کہین
بہتر و کہتر۔ شریف و رذیل۔ سب لوگ۔ تمام لوگ

خاصا : ۱۔ اچھا۔ بھلا۔ خوب۔ عمدہ۔ موزوں۔ مناسب۔ خوشنما
۲۔ متوسط۔ درمیانہ۔ بیچ کی راس۔ اوسط درجہ
۳۔ شاہی کھانا۔ طعامِ امرا
۴۔ شاہی سواری۔ شاہی گھوڑا

خاصگی : ۱۔ بادشاہی مصاحب۔ حاشیہ بردار۔ حاشیہ نشین
۲۔ رسالدار۔ رکیبدان
۳۔ خزانچی۔ خازن۔ خزینہ دار۔ خزانہ دار۔ مہتمم خزانہ۔ نگرانِ خزانہ۔
پوتہ دار
۴۔ مدخولہ لونڈی۔ حرم۔ خاص کنیز۔ خواص
۵۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ منتخب۔ چیدہ سا اچھا۔ بھلا۔ بہتر۔ بہتر۔ نفیس

خاصّہ : ۱۔ خاصیت۔ خصوصیت۔ ماہیت
۲۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ فطرت۔ طبیعت۔
خاص رجحان۔ میلانِ طبع۔ شیوہ۔ مزاج۔ گھٹی۔ خمیر۔ بان
۳۔ صفت۔ وصف۔ گُن

۴۔ نجی ۔ ذاتی ۔ پرائیویٹ
۵۔ اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ نفیس ۔ موزوں ۔ اچھا ۔ بھلا ۔ بہتر
۶۔ تحفہ کھانا ۔ سجا ہوا دسترخوان

خاصتہً : خصوصاً ۔ بالخصوص ۔ علی الخصوص ۔ اصلاً ۔ فی الاصل ۔ دراصل ۔ طبعاً

خاصیّت : ۱۔ خاصہ ۔ خصوصیت ۔ ماہیت
۲۔ مزاج ۔ طبیعت ۔ عادت ۔ خصلت ۔ خُو ۔ سرشت ۔ طینت ۔ فطرت ۔ رجحانِ طبع ۔ میلانِ طبع
۳۔ صفت ۔ وصف ۔ گُن ۔ تاثیر

خاطر : ۱۔ وارداتِ قلب ۔ دلی خیال ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ دھیان ۔ توجہ ۔ گمان
۲۔ دل ۔ جگر ۔ قلب ۔ فواد ۔ من ۔ چت
۳۔ ارادہ ۔ قصد ۔ عزم ۔ مرضی ۔ منشا ۔ مدعا ۔ مقصد ۔ مراد
۴۔ پاس ۔ لحاظ ۔ مروت
۵۔ تواضع ۔ مدارات ۔ آؤ بھگت
۶۔ طبیعت ۔ مزاج
۷۔ پاسداری ۔ طرف داری
۸۔ لیے ۔ واسطے

خاطر جمع : جمعیتِ خاطر ۔ دلجمعی ۔ تسلی ۔ تسکین ۔ اطمینان ۔ طمانیت ۔ طمانینت
خاطر خواہ : حسبِ خواہش ۔ دل خواہ ۔ مرغوب ۔ پسندیدہ ۔ دل پسند ۔ من پسند ۔ حسبِ مرضی ۔ حسبِ منشا
خاطر داری : تواضع ۔ مدارات ۔ آؤ بھگت ۔ مہمان داری
خاطر داشت : ۱۔ خلق ۔ خوش خلقی ۔ خوش اخلاقی ۔ خوش خصالی ۔ خوش خوئی
۲۔ اخلاص ۔ مروّت ۔ پاس ۔ لحاظ
۳۔ یادداشت ۔ حافظہ

خاطر نشیں : ۱۔ دل نشیں ۔ پُر اثر ۔ پُر تاثیر ۔ متؤثر ۔ دل پذیر ۔ ذہن نشین
۲۔ پسندیدہ ۔ دل پسند ۔ مرغوب ۔ من پسند

خاطی : خطاکار ۔ گناہگار ۔ عاصی ۔ پُر معاصی ۔ معصیت کار ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ مجرم ۔ قصور وار ۔ تقصیر وار ۔ آثم

خاک : ۱۔ مٹی ۔ دھول ۔ گرد ۔ تراب ۔ غبار
۲۔ راکھ ۔ بھبوت ۔ خاکستر ۔ رماد
۳۔ زمین ۔ ارض ۔ بھوم ۔ بُوم ۔ وطن ۔ مُلک ۔ دیس
۴۔ خمیر ۔ سرشت ۔ طینت ۔ مادہ ۔ خلقت
۵۔ ہیچ ۔ بے وقعت ۔ بے حیثیت ۔ بے مقدور
۶۔ کچھ ۔ ذرا
۷۔ کیوں کر ۔ کس طرح

خاک آلود : غبار آلود ۔ گرد آلود ۔ مکدر ۔ مٹیالا
خاک باز : کھلنڈرا ۔ لاعب
خاک بسر / بر سر : پریشان ۔ آوارہ ۔ خستہ حال ۔ پریشان حال ۔ بدحال ۔ محتاج ۔ مفلس ۔ قلاش ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ تہی داماں ۔ بے بضاعت ۔ بے مایہ ۔ تھکا ماندہ
خاک بیز : ۱۔ خاک روب ۔ جاروب کش ۔ بھنگی ۔ مہتر ۔ حلال خور
۲۔ محنتی ۔ محنت کش ۔ جفاکش
۳۔ ہوشیار ۔ ذہین ۔ چالاک ۔ چھٹا ہوا ۔ نیاریا
خاک بیزی : ۱۔ خاک روبی ۔ جاروب کشی ۔ بھنگی پن
۲۔ محنت ۔ جفاکشی ۔ جاں فشانی ۔ عرق فشانی ۔ عرق ریزی
۳۔ ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ ذہانت ۔ نیاریاپن
۴۔ سفر ۔ مسافری ۔ کوچ ۔ رحلت ۔ مسافرت
۵۔ غربت ۔ اجنبیت ۔ بے وطنی
خاک پا : عاجز ۔ مسکین ۔ حقیر ۔ ادنیٰ ۔ ہیچ میرز ۔ بے مقدور ۔ بے حیثیت
خاک روب : خاک بیز ۔ جاروب کش ۔ بھنگی ۔ مہتر ۔ حلال خور
خاک زاد : خاک نہاد ۔ مرکب خاک ۔ انسان ۔ آدمی ۔ بنی آدم
خاک سار : مانندِ خاک ۔ حقیر ۔ ادنیٰ ۔ ہیچ ۔ کم رتبہ ۔ کم حیثیت ۔

بے مقدور ۔ عاجز ۔ مسکین ۔ منکسر مزاج ۔ فروتن

خاک ساری : عاجزی ۔ عجز ۔ انکسار ۔ فروتنی ۔ مسکینیت ۔ ہیچ مقداری ۔
ہیچ میرزی ۔ کم حیثیتی ۔ بے مقدوری

خاک نشین : منکسر مزاج ۔ متواضع ۔ خلیق ۔ غیر متکبر ۔ مسکین طبع ۔
گوشہ نشین ۔ عزلت نشین

خاک نشینی : منکسر مزاجی ۔ انکسار ۔ تواضع ۔ خُلق ۔ عدم تکبر ۔ مسکین طبعی ۔
گوشہ نشینی ۔ عزلت نشینی

خاک نہاد : منکسر مزاج ۔ مسکین طبع ۔ غیر متکبر ۔ بے غرور ۔ متواضع ۔ خلیق

خاکِ خطرناک ــــ خاکِ خراب آباد ــــ خاکِ عنبر بُو
خاکِ ستم کش ــــ خاکِ شور ــــ خاکِ فتنہ خیز ــــ
خاکِ لاخ ــــ خاکِ کربلا ــــ خاکِ سیاہ ــــ
خاکِ کافر خیز ــــ خاکِ تشنہ خوں ــــ خاکِ عنبر سرشت
ــــ خاکِ نادر فروش ــــ خاکِ عود پوش ــــ خاکِ خوشبو
ــــ خاکِ تیرہ وش ــــ خاکِ مشکبو ــــ خاکِ ازور سرشت
ــــ خاکِ دماغ آفریں ــــ خاکِ پاک ــــ خاکِ شوریدہ
ــــ خاکِ زعفران گوں ــــ خاکِ شفا ــــ (عبارت
از خاکِ مزار جناب سید الشہدا) ــــ خاکِ حرم ــــ
خاکِ نشیمن ــــ خاکِ ولایت ــــ خاکِ درزق ــــ
خاکِ زبوں ــــ دامنِ خاک ــــ جلوۂ خاک ــــ
صورتِ خاک ــــ خاکِ خوں ریز ــــ خاکِ لشکر گاہ
ــــ خاکِ شورش سپاہ ــــ خاکِ میدان جنگ ــــ
خاکِ پائے یار ــــ خاکِ سعادت آثار ــــ خاک گاہ ــــ
خاک بر سرِ دنیا ــــ خاک پامال ــــ خاکِ قدم معشوق
ــــ خاکِ مردم خیز ــــ خاکِ شہدائے کرام ــــ
خاکِ جبل خاکساراں ــــ ہوائے خاک فشاں ــــ
خاکِ قبر ــــ خاک کی چٹکی ــــ جسمِ خاکی ــــ
پروازِ خاک ــــ خاموشی خاک ــــ خاکِ تابناک ــــ
خاکِ نجر ــــ خاکِ درِ دوست ــــ خاکِ سوزناک ــــ

خاکستر : راکھ ۔ بھبھوت ۔ رماد

خاکستری : خاکی ۔ مٹیالا ۔ بھونسلا

خاکہ : ۱۔ حدود ۔ نقشہ ۔ ابتدائی نقشہ ۔ ڈھانچا ۔ چربہ
۲۔ مرقع ۔ ترجمہ ۔ مختصر حالاتِ زندگی ۔ مختصر سوانح
۳۔ مضمون ۔ مسودہ ۔ منصوبہ

خاکہ نگار : مرقع نگار ۔ مختصر سوانح نگار ۔ مضمون نگار
خاکہ نگاری : مرقع نگاری ۔ مختصر سوانح نگاری ۔ مضمون نگاری

خاکی : ۱۔ مٹیالا ۔ تُرابی ۔ خاکستری
۲۔ خاک رنگ ۔ خاک فام ۔ خاک گوں
۳۔ خاک زاد ۔ پیدائش خاک ۔ انسان ۔ آدمی ۔ بنی آدم

خاکی انڈا : حرام زادہ ۔ حرامی ۔ ولد الحرام ۔ ولد الزنا ۔ وہ انڈا جو مرغی
از خود دے

خال : ۱۔ تل ۔ کنجدک ۔ شکینچہ ۔ تلولہ
۲۔ خالو ۔ ماموں

خال خال : اکا دکا ۔ کوئی کوئی ۔ شاذ ۔ شاذ شاذ ۔ شاذ و نادر ۔ بعض بعض ۔
اندک اندک ۔ کہیں کہیں

خالص : اصل ۔ کھرا ۔ بے میل ۔ نرا ۔ نرل ۔ ناب ۔ شدھ ۔ ناآمیختہ ۔ صاف ۔
مطہر ۔ بے ملاوٹ ۔ بے راؤ ۔ بے غش

خالق : ۱۔ پیدا کنندہ ۔ آفریدگار ۔ آفرینندہ ۔ خدا ۔ اللہ ۔ موجد ۔
ایجاد کنندہ
۲۔ مصنف ۔ مضمون نگار ۔ فن کار

خالہ : خواہر مادر ۔ اُختِ مادر ۔ اخت الاُم ۔ ماسی ۔ موسی ۔ آنٹی

خالی : ۱۔ تہی۔ کھوکھلا۔ مجوّف۔ جوف دار۔ بے مغز۔ بے مایہ۔ بجھا ہوا۔
کھوکرا۔ کرم خوردہ۔ پولا۔ ٹھوٹھا۔ ہورک۔ پھوک۔ پھوکل۔ رِیتا
۲۔ صرف۔ محض۔ نرا
۳۔ اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ فرید۔ فرد۔ واحد
۴۔ بیکار۔ نکما۔ فارغ۔ بے روزگار۔ معطل۔ بے مشغلہ
۵۔ سُونا۔ اُجاڑ۔ غیر آباد۔ ویران۔ بے آباد۔ غیر مقبوضہ
۶۔ بے اثر۔ بے تاثیر
۷۔ مبرّا۔ منزّہ۔ عاری

خالی پیٹ : نہار مُنہ۔ بے کھائے پیے۔ بھوکا۔ گرسنہ
خالی ہاتھ : ۱۔ تہی دست۔ نادار۔ مفلس۔ قلاش۔ کنگال۔ غریب۔
بے مایہ۔ بے بضاعت
۲۔ غیر مسلح۔ بے ہتھیار

خام : ۱۔ کچا۔ ناپختہ۔ ناقص۔ نارسیدہ
۲۔ خالص۔ ناب۔ کھرا۔ بے میل۔ بے آمیزش۔ نرمل۔ صاف
۳۔ بودا۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناطاقت۔ بے سکت۔ غیر قوی۔
بے بل
۴۔ ناتجربہ کار۔ ناپختہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ غیر مشّاق
۵۔ بند۔ سربستہ۔ مُہر بند۔ مختوم
۶۔ باطل۔ فضول۔ لغو۔ بے معنی۔ لایعنی

خام پارہ : نوچی۔ چھنال۔ قحبہ۔ فاحشہ۔ مکارہ۔ عیّارہ۔ علاّمہ۔ کچی کلی
خام خیال/طبع : بیہودہ مزاج۔ لغو مزاج۔ پوچ خیال۔ وہمی۔ توہم پرست
خام خیالی/طبعی : بیہودہ مزاجی۔ لغو مزاجی۔ پوچ خیالی۔ وہم۔ توہم۔ وہم پرستی
خام دست : ۱۔ ناتجربہ کار۔ ناپختہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی۔ غیر مشّاق
۲۔ فضول خرچ۔ مسرف۔ مبذر۔ اُڑاؤ
خام رائے : کم عقل۔ ناقص رائے۔ کم فہم۔ نادان۔ بے وقوف۔
احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ
خام کار : ناتجربہ کار۔ ناپختہ کار۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی۔ غیر مشّاق
خام کاری : ناتجربہ کاری۔ ناپختہ کاری۔ ناآزمودہ کاری۔ اناڑی پن۔

بے مشقی

خامس : پانچواں۔ پنجم

خاموش : ۱۔ خامش۔ خموش۔ چُپ۔ ساکت۔ صامت۔ ساھم۔ صُم۔ بُکم۔ صیم۔
چُپکا۔ لب بستہ۔ مُہر بلب۔ مُنہ بند۔ دم بستہ۔ نقش بدیوار۔
دم بخود۔ گُنگ۔ لب مُہر۔ بُت۔ چپ چاپ۔ بچلا۔ صموت
۲۔ محتاط۔ احتیاط پسند
۳۔ گُل۔ افسردہ۔ مُردہ۔ بے جان
۴۔ لاتعلق۔ بے تعلق

خاموشی : ۱۔ خامشی۔ خموشی۔ چُپ۔ چُپی۔ سکوت۔ لب بستگی
۲۔ سکون۔ سناٹا۔ بے آوازی
۳۔ احتیاط
۴۔ افسردگی۔ موت۔ بے جانی
۵۔ لاتعلقی۔ بے تعلقی

خامہ : قلم۔ کلک۔ لکھنی۔ مزبر۔ پین

خامہ فرسا : قلم کش۔ لکھاڑی۔ محرر۔ کاتب۔ راقم۔ نگارندہ۔ نویسندہ
خامہ کش۔ لیکھک
خامہ فرسائی : خامہ کشی۔ قلم کشی۔ لکھائی۔ تحریر۔ کتابت۔ ترقیم۔
ارقام۔ نوشت۔ نگارش
خامہ کش : ۱۔ قلم کش۔ لکھاری۔ محرر۔ کاتب۔ راقم۔ نگارندہ۔
نویسندہ۔ خامہ فرسا۔ لیکھک
۲۔ نقاش۔ مصور۔ تصویر کش۔ صورت گر
خامہ کشی : ۱۔ قلم کشی۔ خامہ فرسائی۔ لکھائی۔ تحریر۔ کتابت۔ ترقیم۔
ارقام۔ نوشت۔ نگارش
۲۔ نقاشی۔ مصوّری۔ تصویر کشی۔ صورت گری

خامۂ آتشیں ــــ خامۂ کند ــــ خامۂ بدیع آثار ــــ

خامۂ مشکیں سخن — خامۂ زاغ — خامۂ طوطی —
خامۂ نے — خامۂ مشکیں رقم — خامۂ درست رقم
— خامۂ سوادرقم — خامۂ حرف ساز —
خامۂ بہار نویس — خامۂ شاہین منقار — خامۂ پُر فشاں
— خامۂ جبریل صوت

خامی: ۱۔ کچاپن ۔ ناپختگی ۔ نارسیدگی
۲۔ ناتجربہ کاری ۔ ناآزمودہ کاری ۔ ناپختہ کاری ۔ بے مشقی
۳۔ نقص ۔ سقم ۔ عیب ۔ برائی ۔ کمی ۔ کوتاہی
۴۔ نادانی ۔ بیوقوفی ۔ حماقت ۔ حُمق ۔ احمق پن ۔ مورکھ پن ۔ ابلہی

خاندان: ۱۔ گھرانا ۔ کنبہ ۔ خانوادہ ۔ دُودمان ۔ تبار ۔ قبیلہ ۔ عائلہ ۔ پریوار ۔ پروار ۔ کُٹم ۔ ٹبر ۔ فیملی ۔ اُسرہ ۔ اہل وعیال
۲۔ نسل ۔ نژاد ۔ جنس ۔ حسب نسب ۔ سلسلہ

خاندانی: ۱۔ شریف ۔ نجیب ۔ شریف النسل ۔ اصیل ۔ وضیع
۲۔ نسلی ۔ موروثی ۔ آبائی ۔ قدیم

خانساماں: ۱۔ میر سامان ۔ داروغہ خانہ ۔ مہتمم خانہ ۔ منتظم خانہ
۲۔ باورچی ۔ بکاول ۔ مطبخی ۔ داروغہ مطبخ ۔ طعام پز

خانقاہ: ۱۔ دیر ۔ صومعہ ۔ راہب خانہ ۔ مسکن درویش
۲۔ مقبرہ ۔ مزار

خانگی: ۱۔ گھریلو ۔ اندرونی ۔ ذاتی ۔ نجی ۔ خاص
۲۔ چھنال ۔ قحبہ ۔ فاحشہ ۔ بیسوا ۔ خانہ نشین کسبی

خانم: بیگم ۔ خاتون ۔ بانو ۔ بیوی ۔ بی بی ۔ امیرزادی ۔ رئیس زادی ۔ خان زادی

خانماں: سامان خانہ ۔ اثاث البیت ۔ کاٹھ ۔ ساز و سامان ۔ مال ومتاع ۔
اثاثہ ۔ ساز و برگ ۔ اسباب

خانماں خراب: تباہ ۔ پریشان حال ۔ خستہ حال ۔ خانہ خراب ۔ برباد ۔ درماندہ ۔ لُٹا پِٹا ۔ بدحال

خانماں خرابی: تباہی ۔ بربادی ۔ تباہ حالی ۔ پریشان حالی ۔ خستہ حالی ۔ خانہ خرابی ۔ خانہ ویرانی ۔ درماندگی ۔ بدحالی

خانوادہ: ۱۔ خاندان ۔ گھرانا ۔ کنبہ ۔ دودمان ۔ قبیلہ ۔ تبار ۔ عائلہ ۔ پریوار ۔ پروار ۔ کُٹم
۲۔ نسل ۔ نژاد ۔ جنس
۳۔ سلسلہ ۔ فقرا ۔ سلسلۂ تصوف

خانہ: ۱۔ گھر ۔ مکان ۔ منزل ۔ بیت ۔ دار ۔ مسکن ۔ اقامت گاہ ۔ قیام گاہ ۔ قرارگاہ ۔ مستقر ۔ ٹھکانا ۔ خیمہ ۔ اسپرلوس ۔ بارگیر ۔ بچکم ۔ بربار ۔ پشکم ۔ پہوارہ ۔ تلیبار ۔ تلیوار ۔ سرداب ۔ طربال ۔ فروال ۔ کازہ ۔ کولہ ۔ ہاؤس ۔ ہوم
۲۔ دڑبا ۔ آشیانہ ۔ نشیمن ۔ گھونسلا
۳۔ پیٹ ۔ شکم ۔ بطن

خانہ آبادی: ۱۔ آبادانی ۔ آبادی خانہ ۔ رونق خانہ ۔ خوش حالی
۲۔ شادی ۔ بیاہ ۔ بواہ ۔ نکاح ۔ عقد ۔ تزویج

خانہ بدوش: بے گھر ۔ بے در ۔ بے ٹھکانے ۔ آوارہ ۔ پریشان ۔ بنجارا ۔ بیڑیے ۔ باگڑیے ۔ کال بیلیے ۔ سانسیے ۔ نٹ ۔ کنجر ۔ موگھیے ۔ بھانتو ۔ کچھ بندھے ۔ چھرنٹ ۔ کنگھی والے بنجارے ۔ قردے ۔ باوری ۔ ہبوڑے ۔ ریچھ بندھے ۔ بدھک ۔ جنبھیوی ۔ سورج بھیوری ۔ سہاریے ۔ سانٹھیے ۔ بھیل ۔ سنیریے

خانہ بدوشی: بے گھری ۔ بے دری ۔ آوارگی ۔ پریشانی

خانہ برانداز: ۱۔ خانہ برباد ۔ خانہ خراب ۔ خانماں خراب ۔ خانہ ویراں ۔ اُجاڑو
۲۔ معشوق ۔ محبوب ۔ ہیلم ۔ پریتم

خانہ براندازی: خانہ خرابی ۔ خانہ بربادی ۔ خانماں خرابی ۔ خانہ ویرانی ۔

تباہی - بربادی

خانہ برباد: خانہ برانداز - خانہ خراب - خانماں خراب - خانہ ویران - اجاڑ - خستہ حال - آوارہ - بد وضع

خانہ بربادی: خانہ براندازی - خانہ خرابی - خانماں خرابی - خانہ ویرانی - تباہی - بربادی - خستہ حالی - بدحالی - آوارگی - بد وضعی

خانہ پُری: بھرتی - بھراؤ - آگندگی - رسمی کارروائی - حشو

خانہ جنگی: گھریلو لڑائی - باہمی جنگ - اندرونِ ملک فساد

خانۂ خدا: بیت اللہ - مسجد - معبد - عبادت گاہ - حرم - پرستش گاہ

خانہ خراب: خانہ برانداز - خانہ برباد - خانماں خراب - خانہ ویران - اجاڑ - خستہ حال - تباہ حال - بدحال - پریشان - آوارہ

خانہ خرابی: خانہ براندازی - خانہ بربادی - خانماں خرابی - خانہ ویرانی - اجاڑ - خستہ حالی - تباہ حالی - بدحالی - پریشانی - آوارگی

خانۂ خمار: شراب خانہ - مے خانہ - بادہ خانہ - میکدہ - دکانِ مے فروش - کلال خانہ - خرابات

خانہ دار: منتظمِ خانہ - داروغۂ خانہ - مہتمم خانہ - گرہستن - کدخدا

خانہ داری: انتظامِ خانہ - تدبیرِ منزل - گھریلو انتظام - گھریلو کام کاج - معاملاتِ خانہ - امورِ خانہ

خانہ داماد: گھر جنوائی - گھر داماد

خانہ زاد: غلام - لونڈی بچہ - کنیز زادہ - پرستار زادہ - غلام زادہ - داس - عبد - بندہ - خادم - خدمت گار - خدمت گزار - اطاعت شعار - مطیع - منقاد

خانۂ زنجیر: ۱ - حلقۂ زنجیر

۲ - پاگل خانہ

۳ - قید خانہ - بندی خانہ - زندان - محبس - جیل

خانہ ساز: ۱ - خانہ ساختہ - گھریلو

۲ - معمار - راج - بنّا

۳ - مصنوعی - بناوٹی - غیر حقیقی - غیر اصلی

۴ - گھر میں کشید کردہ

خانہ شماری: احصائے خانہ - مکان شماری

خانہ کعبہ: کعبۃ اللہ - بیت اللہ - بیت الحرام - بیت العتیق

خانہ نشین: ۱ - گوشہ نشیں - گوشہ گیر - عزلت نشیں - کنج گیر - کنج نشین - عزلت گزیں

۲ - بیکار - معطل - بے شغل

خانہ نشینی: ۱ - گوشہ نشینی - گوشہ گیری - عزلت نشینی - عزلت گزینی - کنج گیری - کنج نشینی

۲ - بیکاری - تعطل - بے شغلی

خانہ ویران: خانہ برانداز - خانہ برباد - خانہ خراب - خانماں خراب - اجاڑ

خانہ ویرانی: خانہ براندازی - خانہ بربادی - خانہ خرابی - خانماں خرابی

خانہ آباد ــــ آئینہ خانہ ــــ آبدار خانہ ــــ بیمار خانہ
ــــ پاگل خانہ ــــ شتر خانہ ــــ قہوہ خانہ ــــ
جیل خانہ ــــ شراب خانہ ــــ کارخانہ ــــ چھاپہ خانہ
ــــ پاخانہ ــــ باورچی خانہ ــــ بندی خانہ ــــ
پنڈت خانہ ــــ [illegible] خانہ ــــ نور خانہ ــــ [illegible]
ــــ توشہ خانہ ــــ زنانہ ــــ کتب خانہ ــــ
نعمت خانہ ــــ سرد خانہ ــــ خسر خانہ ــــ حلوہ خانہ
ــــ جوئے خانہ ــــ تیتر خانہ ــــ شفاخانہ ــــ
خیرات خانہ ــــ ڈاک خانہ ــــ دیوان خانہ ــــ
زچہ خانہ ــــ صحت خانہ ــــ سلاح خانہ ــــ صنم خانہ
ــــ بت خانہ ــــ عشرت خانہ ــــ نشاط خانہ ــــ
عجائب خانہ ــــ غوطہ خانہ ــــ غسل خانہ ــــ فراش خانہ
ــــ فیل خانہ ــــ بھنگڑ خانہ ــــ چانڈو خانہ ــــ
تاڑی خانہ ــــ مرغی خانہ ــــ کبوتر خانہ ــــ کتب خانہ
ــــ کفش خانہ ــــ کرکری خانہ ــــ نگار خانہ ــــ
نقار خانہ ــــ کلال خانہ ــــ بھٹیار خانہ ــــ لنگر خانہ
ــــ گاڑی خانہ ــــ لنگر خانہ ــــ گاؤ خانہ ــــ
لہار خانہ ــــ ماتم خانہ ــــ مال خانہ ــــ عاشورہ خانہ
ــــ جلس خانہ ــــ مودی خانہ ــــ محافظ خانہ ــــ
مرض خانہ ــــ محتاج خانہ ــــ مسافر خانہ ــــ مکتب خانہ
ــــ منشی خانہ ــــ مہمان خانہ ــــ مویشی خانہ ــــ
ہاتھی خانہ ــــ نوبت خانہ ــــ یتیم خانہ ــــ اختر خانہ
ــــ آب خانہ ــــ ادب خانہ ــــ ادبیس خانہ ــــ

اسیر خانہ — انگبیں خانہ — ایلغ خانہ — بند خانہ
— ایرمان خانہ — بارخانہ — بادرس خانہ —
بہار خانہ — پشہ خانہ — پیش خانہ — تعزیت خانہ
— تاب خانہ — تماشا خانہ — تنور خانہ —
جام خانہ — توشک خانہ — جامہ خانہ — جیبہ خانہ
— چہار خانہ — جبار خانہ — چینی خانہ —
حسرت خانہ — حزانہ خانہ — حسن خانہ — خم خانہ
— خواب خانہ — خیش خانہ — درس خانہ —
خیل خانہ — راست خانہ — زراد خانہ — زنبور خانہ
— زراق خانہ — پنج خانہ — ستم خانہ —
سیاہ خانہ — سرخانہ — شب خانہ — ششخانہ
— شیر خانہ — شیشہ گر خانہ — ضراب خانہ
— عرق خانہ — عمل خانہ — عقرب خانہ —
فراغت خانہ — قاب خانہ — قدم خانہ —
قراولخانہ — قورخانہ — قلندر خانہ — کوزخانہ —
درازخانہ — لعبت خانہ — فخار خانہ — نگار خانہ
— نوا خانہ — ورزش خانہ — نہاں خانہ —
نقب خانہ — علف خانہ

خاور: ۱۔ مشرق۔ پورب۔ شرق۔ سورج۔ آفتاب۔ مہر
۲۔ مغرب۔ پچھم۔ غرب

خاوری: ۱۔ مشرقی۔ شرقی۔ پوربی۔ حکومت۔ بادشاہت
۲۔ مغربی۔ غربی۔ پچھمی

خاوند: ۱۔ خداوند۔ مالک۔ آقا۔ صاحب۔ سوامی۔ ناتھ
۲۔ شوہر۔ پتی۔ گھر والا۔ خصم۔ زوج۔ بعل۔ سرتاج۔ مجازی خدا
جیون ساتھی۔ رفیق حیات۔ کرشنہ۔ دولہا

خاوندی: ۱۔ خداوندی۔ مالکی۔ آقائی
۲۔ بندہ نوازی۔ بندہ پروری۔ عنایت۔ مہربانی

۲۔ شوہری

خائف: خوف زدہ۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ وحشت زدہ۔ ترسندہ۔ ترساں

خائن: بددیانت۔ بے ایمان۔ غاصب۔ متقلب۔ دغاباز۔ فریبی

خایہ: خاگ۔ انڈا۔ بیضہ۔ خصیہ۔ فوطہ۔ انثیین

خایہ بردار/بوس: خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس
خایہ برداری: خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ کاسہ لیسی

خباثت: ۱۔ ناپاکی۔ پلیدی۔ گندگی۔ گندہ پن۔ آلودگی۔ غلاظت۔ میل کچیل
۲۔ بدباطنی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ شیطنت

خُبث: ۱۔ ناپاکی۔ پلیدی۔ گندگی۔ گندہ پن۔ آلودگی۔ غلاظت
۲۔ میل۔ کچیل۔ زنگار۔ زنگ
۳۔ بدباطنی۔ بدذاتی۔ شرارت۔ شیطنت۔ دغابازی

خبر: ۱۔ واقفیت۔ آگاہی۔ اطلاع۔ علم۔ سُوچنا۔ سماچار
۲۔ پیغام۔ پیام۔ سندیسا۔ پاتی
۳۔ افواہ۔ شہرت۔ شہرہ
۴۔ پتا۔ نشان۔ سراغ۔ کھوج
۵۔ اوسان۔ سدھ۔ بدھ۔ ہوش۔ حواس
۶۔ حال۔ احوال۔ حالت۔ کیفیت
۷۔ اعلان
۸۔ حدیث۔ اثر

خبردار: ۱۔ آگاہ۔ واقف۔ عالم۔ باعلم۔ واقف الحال۔ واقف کار
۲۔ ہوشیار۔ ہوش مند۔ چوکنا۔ چوکس۔ چُست۔ محتاط
۳۔ مخبر۔ جاسوس۔ واقفِ حال۔ باخبر۔ مطلع
۴۔ ہرگز۔ زنہار

خبرداری: ۱۔ آگاہی ۔ واقفیت ۔ علم ۔ اطلاع
۲۔ ہوشیاری ۔ ہوش مندی ۔ چوکنا پن ۔ چوکسی ۔ بیداری ۔ احتیاط پسندی ۔ تیقظ
۳۔ نگہبانی ۔ نگہداشت ۔ حفاظت

خبررساں: پیام رساں ۔ پیغام رساں ۔ پیام بر ۔ پیغام بر ۔ پیامی ۔ ایلچی ۔ قاصد ۔ سفیر ۔ اطلاع دہندہ ۔ خبردہندہ ۔ دُوت

خبررسانی: پیام رسانی ۔ پیغام رسانی ۔ پیام بری ۔ پیغام بری ۔ سفارت ۔ رسالت ۔ اطلاع دہی ۔ خبردہی

خبرگیر: ۱۔ خبردار ۔ آگاہ ۔ ہوشیار ۔ مطلع ۔ باعلم ۔ جاسوس ۔ مخبر
۲۔ معاون ۔ مددگار ۔ مدد ۔ دست گیر
۳۔ نگہبان ۔ نگہدار ۔ محافظ ۔ حافظ

خبرگیری: ۱۔ خبرداری ۔ آگاہی ۔ ہوشیاری ۔ اطلاع یابی
۲۔ معاونت ۔ اعانت ۔ مددگاری ۔ امداد ۔ مدد ۔ دست گیری
۳۔ نگہبانی ۔ نگہداشت ۔ حفاظت ۔ محافظت

خبط: ۱۔ سودا ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ پاگل پن ۔ فتورِ عقل ۔ بدحواسی ۔ سڑی پن ۔ حواس باختگی
۲۔ عشق ۔ دُھن ۔ لگن ۔ شوق ۔ اشتیاق

خبطی: ۱۔ سودائی ۔ جنونی ۔ مجنون ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ فاترالعقل ۔ بدحواس ۔ سڑی
۲۔ عاشق ۔ محب ۔ پریمی ۔ خبط الحواس
۳۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔ ابلہ ۔ بیوقوف ۔ مورکھ ۔ [illegible]

خبیث: ۱۔ گندہ ۔ ناپاک ۔ پلید ۔ نجس
۲۔ شریر ۔ بدباطن ۔ بُرا ۔ بد ۔ زشت ۔ شیطان
۳۔ جن ۔ بھوت ۔ دیو ۔ پریت ۔ عفریت ۔ غول

خبیر: باخبر ۔ خبردار ۔ آگاہ ۔ واقف ۔ عالم ۔ علیم ۔ دانا ۔ دانندہ

ختم: ۱۔ انجام ۔ اخیر ۔ انتہا ۔ اختتام ۔ اتمام ۔ انت ۔ تمت ۔ بس
۲۔ کُل ۔ تمام ۔ سب ۔ سارا ۔ مکمل ۔ بالکل ۔ مطلق ۔ محض
۳۔ نذر ۔ نیاز ۔ قُل ۔ فاتحہ

ختم الانبیا/ختم الرسل/ختم المرسلین: خاتم الانبیاء ۔ خاتم النبیّین ۔ خاتم المرسلین ۔ خاتم الرسل ۔ آخری رسول ۔ آخری نبی ۔ آخری پیغمبر

ختم رسالت/نبوت: آخری نبوت ۔ آخری رسالت ۔ اختتامِ پیغمبری ۔ اتمامِ نبوت ۔ انقطاعِ رسالت

خجالا: بیہودہ ۔ یاوہ گو ۔ لغوگو ۔ بکواسی ۔ بکّی ۔ پوچ گو

خجالت: خجلت ۔ شرمندگی ۔ خفت ۔ ندامت ۔ پشیمانی ۔ پچھتاوا ۔ شرمساری ۔ حیا ۔ انفعال

خجستگی: سعادت ۔ برکت ۔ تبریک ۔ نیکی ۔ خوبی

خجستہ: سعود ۔ مبارک ۔ نیک ۔ خوب ۔ شُبھ ۔ فرخندہ ۔ ہمایوں

خجستہ اختر/طالع: نیک اختر ۔ خوش طالع ۔ خوش قسمت ۔ خوش بخت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ۔ اقبال مند ۔ خوش اقبال ۔ طالع مند

• خجستہ پے: نیک قدم ۔ مبارک قدم ۔ فرخندہ پے ۔ بابرکت ۔ مبارک ۔ مسعود ۔ سعد

خجل: شرمندہ ۔ شرم سار ۔ خفیف ۔ نادم ۔ پشیمان ۔ منفعل ۔ محجوب ۔ سُبک

خجلت: خجالت ۔ شرمندگی ۔ شرم ساری ۔ خفت ۔ ندامت ۔ پشیمانی ۔ انفعال ۔ سُبکی ۔ حجاب ۔ حیا

خچّر: اُستر ۔ بغل ۔ کھچّر

خَد : گال ۔ رخسار ۔ کلّہ ۔ چہرہ ۔ عارض ۔ وجہ

خدوخال: چہرہ مُہرہ ۔ وضع قطع ۔ شکل وصورت ۔ حلیہ ۔ بشرہ

خُدا : ۱۔ موجود بالذات ۔ قائم بالذات ۔ واجب الوجود ۔ پروردگار ۔ اللہ ۔ رب ۔ پرماتما ۔ ایشور ۔ پرمیشر ۔ پرمیشور ۔ بھگوان
۲۔ مالک ۔ آقا ۔ صاحب ۔ حاکم ۔ خداوند

خداپرست : حق پرست ۔ ایمان دار ۔ دین دار ۔ متدین ۔ عابد ۔ عبادت گزار ۔ اطاعت گزار
خداپرستی : حق پرستی ۔ ایمانداری ۔ دین داری ۔ تدین ۔ عبادت گزاری ۔ طاعت ۔ اطاعت گزاری
خداترس : خدا الخوف ۔ متقی ۔ نرم دل ۔ نرم خو ۔ رحم دل
خداترسی : خدا خوفی ۔ اتقا ۔ نرم دلی ۔ نرم خوئی ۔ رحم دلی
خداحافظ : اللہ نگہبان ۔ اللہ بیلی ۔ الوداع
خداداد : من جانب اللہ ۔ عطیۂ خداوندی ۔ عطائے الٰہی ۔ قدرتی ۔ فطری
خداداں : خداشناس ۔ عارف باللہ ۔ صاحبِ عرفان ۔ صاحبِ معرفت
خدادانی : خداشناسی ۔ عرفان ۔ معرفت
خدارسیدہ : اللہ والا ۔ نیک ۔ پرہیزگار ۔ متقی ۔ بزرگ ۔ درویش ۔ صوفی
خداساز : خداساختہ ۔ ساختۂ خدا ۔ قدرتی ۔ فطری ۔ اتفاقی
خداشناس : خداداں ۔ عارف باللہ ۔ صاحبِ عرفان ۔ صاحبِ معرفت ۔ ولی
خداشناسی : خدادانی ۔ عرفانِ خدا ۔ معرفتِ خدا
خداطلبی : خداخواہی ۔ تلاشِ خدا ۔ جستجوئے خدا
خدافروش : منافق ۔ عیار ۔ مکار ۔ فریبی ۔ دھوکے باز ۔ فریبکار ۔ چال باز ۔ چالباز ۔ دم باز ۔ پھانسے باز
خدافروشی : منافقت ۔ نفاق ۔ عیاری ۔ مکاری ۔ فریب ۔ فریب کاری ۔ چال بازی ۔ دم بازی ۔ دھوکے بازی
خداناترس : بے رحم ۔ ظالم ۔ ستم گر ۔ ستم گار ۔ ستم شعار ۔ بیدادگر
خداناترسی : بے رحمی ۔ ظلم ۔ ستم گری ۔ ستم شعاری ۔ بیدادگری ۔ ستم گاری

خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے
خدا کا دیا سب کچھ ہے
خدا کی باتیں خدا ہی جانے
خدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری
خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں
خدا مہربان تو کُل مہرباں
خدا گنجے کو ناخن نہ دے
خدا کے گھر دیر ہے اندھیر نہیں
خدا سب پر رحم کرتا ہے
خدا دیتا ہے تو چھپّر پھاڑ کر دیتا ہے

خُدّام : خادمان ۔ ملازمان ۔ [illegible] ۔ خدمت گزاران

خداوند : مالک ۔ آقا ۔ صاحب ۔ حاکم ۔ امیر ۔ ظلِّ الٰہی

خداوند زادہ : مالک زادہ ۔ آقا زادہ ۔ امیرزادہ ۔ رئیس زادہ ۔ شہزادہ

خداوندی : ۱۔ آقائی ۔ مالکیت ۔ ملکیت ۔ امیری ۔ بادشاہی
۲۔ پروردگاری ۔ ربوبیت ۔ پرورش ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ نوازش

خدائی : ۱۔ خداوندی ۔ آقائی ۔ مالکیت ۔ ملکیت ۔ امیری ۔ بادشاہی
۲۔ مخلوق ۔ خلق ۔ خلقت
۳۔ دنیا ۔ جہاں ۔ گیتی ۔ عالم ۔ سنسار

خدائی خراب / خوار : خانہ خراب ۔ خانماں خراب ۔ پریشان حال ۔ شکستہ حال ۔ خستہ حال ۔ آوارہ ۔ پراگندہ ۔ ذلیل ۔ رسوا ۔ بے یارومددگار ۔ بیکس

خدشہ : ۱۔ خوف ۔ ڈر ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔ کھٹکا ۔ دہشت ۔ ہول
۲۔ شک ۔ شبہ ۔ گمان ۔ ظن
۳۔ خلش ۔ چوٹ ۔ ضرب ۔ موچ ۔ بل ۔ مروڑ

خدع : مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ چال۔ دغا۔ چھل۔ چکما۔ جھانسا

خدمت : ۱۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ سیوا۔ ٹہل۔ سروس
۲۔ کام۔ کار۔ کاج۔ فرض
۳۔ عہدہ۔ منصب
۴۔ سامنے۔ روبرو۔ پاس

خدمت گار : خادم۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خدمت گزار
خدمت گاری : نوکری۔ چاکری۔ ملازمت
خدمت گزار : خدمت گار۔ خادم۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ کارگزار۔ کارندہ
خدمت گزاری : خدمت گاری۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت

خدمتِ خلق ـــ حق الخدمت ـــ خدمتِ وطن ـــ
خدمتِ قوم

خدمتی : ۱۔ خادم۔ خدمت گار۔ خدمت گزار۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم
۲۔ تحفہ۔ پیش کش۔ نذر۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذرانہ

خدنگ : تیر۔ ناوک۔ سہم۔ بان

خدنگِ نیم کش ـــ خدنگِ پُرکش ـــ خدنگِ کشیدہ
شدہ ـــ خدنگِ بے باک ـــ خدنگِ بے زنہار
ـــ خدنگِ بے پناہ ـــ خدنگ کاری ـــ
خدنگِ سفید پرواز ـــ خدنگِ آہستہ رو ـــ
خدنگِ پہلو شگاف ـــ خدنگِ راست کار ـــ
خدنگِ نخچیر فگن ـــ خدنگِ صفیر مرگ

خر : ۱۔ گدھا۔ حمار۔ کھوتا
۲۔ بیوقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ بے عقل۔ نافہم۔
بے سمجھ

خرِ بے دُم : بیوقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ بے عقل۔ نافہم
بے سمجھ۔ بے شعور
خر دماغ : ۱۔ ضدی۔ ہٹیلا
۲۔ سرکش۔ مغرور۔ متکبر۔ متمرّد
۳۔ بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ بے عقل۔ نافہم
بے سمجھ۔ بے شعور
خر دماغی : ۱۔ ضد۔ ہٹ۔ ہٹیلاپن
۲۔ سرکشی۔ غرور۔ تکبر۔ تمرّد
۳۔ بیوقوفی۔ نادانی۔ حماقت۔ ابلہی۔ مُورکھ پن۔ بے عقلی
خرمست : ۱۔ سرمست۔ سرشار۔ متوالا۔ بےخود۔ بے حواس
۲۔ شہوت پرست۔ نفس پرست۔ بوالہوس
۳۔ بدمست
خرمستی : ۱۔ مستی۔ سرشاری۔ متوالاپن۔ بےخودی۔ بے حواسی
۲۔ شہوت پرستی۔ نفس پرستی۔ ہوس پرستی۔ بوالہوسی
خروار : بوجھ۔ بار۔ بھار۔ لداؤ۔ ڈھیر۔ انبار

خراب : ۱۔ ویران۔ اُجاڑ۔ بے آباد۔ غیر آباد
۲۔ تباہ۔ برباد۔ ضائع۔ اکارت
۳۔ مست۔ متوالا۔ بدحواس۔ مدہوش۔ بے حواس
۴۔ آوارہ۔ پریشان۔ پراگندہ
۵۔ نکما۔ ناکارہ۔ ہیچ
۶۔ ذلیل۔ رُسوا۔ بدنام
۷۔ بُرا۔ بد۔ زبوں۔ زشت

خراب حال : پریشاں حال۔ بدحال۔ خستہ حال۔ زبوں حال۔ تباہ حال
خراب حالی : پریشان حالی۔ بدحالی۔ خستہ حالی۔ زبوں حالی۔ تباہ حالی

خرابات : ۱۔ شراب خانہ۔ مے خانہ۔ بادہ خانہ۔ میکدہ۔ خانۂ خمار
۲۔ قمار خانہ۔ جوئے خانہ
۳۔ قحبہ خانہ۔ چکلہ
۴۔ بت خانہ۔ بت کدہ۔ صنم کدہ۔ صنم خانہ

خراباتی: ۱۔ شرابی۔ مے خوار۔ مے آشام۔ مے نوش۔ مے کش۔ بادہ خوار۔ بادہ گسار۔ بادہ نوش۔ مے گسار
۲۔ جواری۔ جوئے باز۔ قمار باز

خرابہ: ۱۔ ویرانہ۔ اُجاڑ۔ کھنڈر
۲۔ قید خانہ۔ زندان۔ محبس۔ سجن۔ بندی خانہ

خرابی: ۱۔ ویرانی۔ اُجاڑ۔ بے آبادی۔ غیر آبادی
۲۔ تباہی۔ بربادی۔ اضاعت۔ ضیاع۔ تضیع۔ تخریب۔ بیخ کنی۔ قلع قمع۔ بیخ ناس
۳۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ خواری
۴۔ برائی۔ بدی۔ زبونی
۵۔ مشکل۔ دقت۔ تکلیف
۶۔ بگاڑ۔ ابتری
۷۔ عیاشی۔ لاشی۔ بدکاری۔ اوباشی۔ بدکرداری

خرّاٹا: خُرخُر۔ نفیرِ خواب۔ غطیط۔ نخ

خراج: باج۔ محصول۔ لگان۔ کر۔ مداخل۔ مال گزاری۔ فصل بندی

خراج گزار: باج گزار۔ خراج دہندہ۔ محصول دہندہ۔ ماتحت حکمراں

خراش: رگڑ۔ چھیلن۔ کھرونچ۔ جھریٹ۔ چیر

خراش آجانا — خراش پڑنا — خراش لگنا — دل خراش — دماغ خراشی — جگر خراش — دل خراشی — سمع خراشی — جگر خراشی

خرافات: بیہودہ بات۔ بیہودگی۔ لغویت۔ بیہودہ گوئی۔ پوچ گوئی۔ لغو گوئی۔ ہرزہ سرائی۔ بکواس۔ گالی گلوچ۔ سب وشتم۔ دشنام

خرافیات: خیالی قصے۔ اساطیر الاولین۔ دیومالا۔ صنمیات۔ علم الاصنام۔ مائتھالوجی۔ میتھالوجی

خرام: چال۔ رفتار۔ مٹک چال۔ رفتارِ ناز۔ نخریلی چال۔ طرزِ گشت وگزر۔ اٹکھیلی

خوش خرام — آہستہ خرام — خرام — خراماں — خراماں خراماں — خرام آشنا — انداز خرام — حسن خرام — بادہ خرام — مست خرام — محو خرام — خرامیدہ — سبک خرام — گرم خرام — خرام ناز — سیل خرام — موجہ خرام — چابک خرام — خرام موزوں — خرام فتنہ افشاں — خرام زلزلہ پا — کبک خرام — خرام طاؤس — تفرج خرام — خوش خرام — خرام مستغنی — خرام مشتاقاں — خرام منتظراں — طوفانِ خرام

خرانٹ: ۱۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ پختہ کار۔ جہاں دیدہ
۲۔ بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ گرگِ باراں دیدہ

خربوزہ: خربزہ۔ خرپزہ۔ بطیخ۔ ککڑی۔ گدر۔ چھلکے۔ تیجک

خرچ: ۱۔ خرچ۔ صرف۔ اسراف۔ خرچہ
۲۔ قیمت۔ لاگت۔ بہا
۳۔ روپیہ۔ مال۔ دولت۔ زر۔ دھن
۴۔ استعمال۔ تصرف

خرخشہ: ۱۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ پریشانی۔ جنجال۔ مصیبت۔ مخمصہ
۲۔ تکرار۔ حجت۔ فضول بحث۔ لفظی نزاع

خرد: چھوٹا۔ صغیر۔ کم۔ کوتاہ۔ قصیر۔ ریزہ۔ ذرہ

خُردسال: کم عمر۔ کم سن۔ نوعمر۔ صغرسن۔ نوخیز
خُردسالی: کم عمری۔ کم سنی۔ نوعمری۔ کم عمری۔ نوخیزی۔ صغرسنی

خِرد: عقل۔ دانش۔ دانائی۔ بُدھ۔ بُدھی۔ سمجھ۔ بُوجھ۔ فہم۔ شعور۔ تمیز۔ فراست

خِردمند: عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ دانش مند۔ دانا۔ بُدھی وان۔ فہیم۔ فہیدہ۔ سمجھدار۔ تمیزدار۔ باشعور۔ صاحبِ فراست
خِردمندی: عقل مندی۔ دانش مندی۔ دانائی۔ تمیزداری۔ باشعوری۔ سمجھداری

خُردہ: ۱۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ پارچہ۔ ریزہ۔ کن۔ جُزو
۲۔ چھانٹن۔ جھڑن۔ پھٹکل
۳۔ ریزگاری۔ بھان
۴۔ نکتہ۔ باریکی۔ عیب۔ سقم۔ کمی۔ کوتاہی۔ خامی

خُردہ بیں: ۱۔ نکتہ بیں۔ نکتہ رس۔ باریک بیں۔ دقیق النظر۔ نکتہ شناس
۲۔ عیب بیں۔ عیب جُو۔ نکتہ چیں
خُردہ بینی: ۱۔ نکتہ بینی۔ نکتہ رسی۔ باریک بینی۔ نکتہ شناسی۔ دقتِ نظر
۲۔ عیب بینی۔ عیب جوئی۔ نکتہ چینی
خُردہ فروش: پرچون فروش۔ پرچونیا۔ بساطی۔ گدوسر
خُردہ شی: پرچون فروشی۔ پرچون
خُردہ کار: دقت پسند۔ دقیق النظر۔ نکتہ رس۔ نکتہ شناس
خُردہ کاری: دقت پسندی۔ دقتِ نظر۔ نکتہ رسی۔ نکتہ شناسی
خُردہ گیر: عیب جُو۔ عیب چیں۔ نکتہ چیں۔ نکتہ رس
خُردہ گیری: عیب جُوئی۔ عیب چینی۔ نکتہ چینی۔ نکتہ رسی۔ دقتِ نظری
خُردہ خُردہ: ۱۔ پارہ پارہ۔ ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے
۲۔ گڈمڈ۔ خلط ملط۔ اوپرتلے۔ بے ترتیب۔ منتشر۔ پراگندہ۔ پریشان۔ غیرمرتب

خُردی: چھوٹائی۔ چھوٹاپن۔ کوتاہی۔ چُھٹپن۔ چُھٹپنا۔ قصر۔ صغر۔ سغارت۔

چھٹاپا

خرس: ریچھ۔ بھالو

خُرسند: خوش۔ شاد۔ شادماں۔ خرم۔ دل شاد۔ آنند۔ مطمئن۔ فرحاں۔ شاداں

خُرسندی: خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ خرمی۔ مسرت۔ سرور۔ بہجت۔ فرحت۔ اطمینان۔ نشاط۔ طرب۔ انبساط

خرقہ: گدڑی۔ دلق۔ مرقع۔ درویشانہ لباس

خرقہ پوش: دلق پوش۔ مرقع پوش۔ صوفی۔ درویش
خرقہ پوشی: دلق پوشی۔ مرقع پوشی۔ صوفیت۔ درویشی

خرگوش: ساہا۔ ارنب۔ سسا۔ خُرز۔ خرکش۔ خرغول۔ خرغوز۔ خرگوشک۔ کوتاہ پایہ۔ کوتاہ پاچہ۔ کوتاہ دست۔ کوتاہ لنگ۔ کدرر تعیل

خُرّم: ۱۔ خرسند۔ خوش۔ شاد۔ شاداں۔ شادماں۔ مسرور۔ فرحاں
۲۔ شاداب۔ سرسبز۔ ترو تازہ

خُرما: چھوہارا۔ کھجور

خرمن: کھلیان۔ خروار۔ ڈھیر۔ انبار

خُرّمی: خرسندی۔ خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ مسرت۔ سرور۔ آنند۔ بہجت۔ ابتہاج۔ فرحت۔ اطمینان۔ انبساط۔ طرب۔

خروج: ۱۔ نکاس۔ برآمد۔ اخراج
۲۔ شورش۔ بغاوت۔ فتنہ۔ فساد۔ سرکشی۔ گڑبڑ

خروس: دیک ۔ مُرغا ۔ ککڑ

خروش: شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۔ فریاد ۔ نامہ ۔ شیون ۔ بُکا ۔ زاری ۔ چیخ پکار

خری: گدھاپن ۔ حماقت ۔ حُمق ۔ بیوقوفی ۔ نادانی ۔ مُورکھ پن ۔ بے سمجھی ۔ بے عقلی ۔ ابلہی ۔ ناسمجھی

خرید: ۱۔ خریداری ۔ شرا ۔ اشترا
۲۔ مول ۔ قیمت ۔ بہا

خرید وفروخت: لین دین ۔ بیع وشرا ۔ شاپنگ

خریدار: ۱۔ مشتری ۔ گاہک
۲۔ خواہاں ۔ طالب ۔ طلب گار

خریداری: ۱۔ شرا ۔ اشترا
۲۔ طلب ۔ طلب گاری ۔ خواہش

خریطہ: ۱۔ کیسہ ۔ تھیلی ۔ لفافہ ۔ خلطہ ۔ بٹوا
۲۔ نقشہ ۔ زمین ۔ نقشہ ارض ۔ اٹلس

خریف: ۱۔ خزاں ۔ پت جھڑ
۲۔ ساونی

خزاں: پت جھڑ ۔ بے رونقی ۔ زوال ۔ ویرانی ۔ خریف ۔ برگ ریزاں ۔ بار ریز

خزاں دیدہ/رسیدہ/زدہ: بے رونق ۔ اداس ۔ مایوس ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔ دیرینہ ۔ زوال آمادہ

خزانچی: فوطہ دار ۔ خازن ۔ پول دار ۔ گنجینہ دار ۔ تحویل دار ۔ کیشئر ۔ روکڑیا ۔ خزانہ دار ۔ خزینہ دار ۔ نگرانِ خزانہ ۔ پوتہ دار ۔ مہتمم خزانہ ۔ گنجینہ دار

خزانہ: ۱۔ خزینہ ۔ کنز ۔ گنج ۔ گنجینہ ۔ مخزن ۔ پوتہ ۔ دفینہ ۔ پر وار ۔ توبک ۔ دولاب ۔ دولابچہ ۔ دولابہ ۔ گزینہ ۔ نہاں خانہ ۔ نہاں دان ۔ نہاں درہ ۔ تونک
۲۔ ذخیرہ ۔ گودام ۔ بینک ۔ مال گھر ۔ ٹرژری
۳۔ روپیہ ۔ نقدی ۔ مال ۔ دولت ۔ دھن ۔ مایہ

خزانہ دار: خزانچی ۔ خزینہ دار ۔ نگرانِ خزانہ ۔ خازن ۔ مہتمم خزانہ ۔ تحویل دار ۔ پوتہ دار ۔ گنجینہ دار

خزف: ٹھیکرا ۔ ٹھیکری ۔ کنکر ۔ روڑا ۔ سفال ریزہ ۔ سنگ ریزہ

خزینہ: خزانہ ۔ کنز ۔ گنج ۔ گنجینہ ۔ مخزن ۔ پوتہ

خس: ۱۔ گھاس پھوس ۔ کاہ ۔ تنکا
۲۔ کوڑا کرکٹ ۔ اخور ۔ بیکار شے

خس وخاشاک: گھاس پھوس ۔ کوڑا کرکٹ ۔ بیکار اشیاء ۔ الم غلم ۔ ماخوذ

خسارہ: ۱۔ خُسران ۔ نقصان ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا
۲۔ گمراہی ۔ ضلال ۔ بے راہ روی ۔ بے راہی

خساست: ۱۔ خست ۔ بخل ۔ کنجوسی ۔ چُزرسی ۔ دقیقہ رسی ۔ بخیلی
۲۔ کمینگی ۔ کمینہ پن ۔ سفلگی ۔ سفلہ پن ۔ رذالت

خِسّت: ۱۔ خساست ۔ بخل ۔ بخیلی ۔ کنجوسی ۔ چُزرسی ۔ دقیقہ رسی
۲۔ کمینگی ۔ کمینہ پن ۔ سفلگی ۔ سفلہ پن ۔ رذالت

خستگی: ۱۔ جراحت ۔ زخم خوردگی ۔ گھائل پن
۲۔ بدحالی ۔ پریشانی ۔ شکستہ حالی ۔ تباہ حالی
۳۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ تنگ دستی ۔ عُسرت ۔
بے مائگی ۔ بے بضاعتی ۔ بے زری ۔ فلاکت
۴۔ تھکان ۔ تھکن ۔ تھکاوٹ ۔ سُستی ۔ کاہلی ۔ کسل ۔ تکان
۵۔ ذلّت ۔ خواری
۶۔ بُھربھراپن ۔ کرکراپن

خستہ: ۱۔ زخمی ۔ گھائل ۔ مجروح ۔ زخم خوردہ ۔ مضروب
۲۔ بدحال ۔ پریشاں حال ۔ شکستہ حال ۔ مفلوک الحال ۔ فلاکت زدہ
رنجیدہ ۔ دل گیر ۔ خستہ وخراب
۳۔ مفلس ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ تنگ دست ۔ عُسرت زدہ
کنگال ۔ قلاش ۔ بے مایہ ۔ بے بضاعت ۔ بے زر
۴۔ تھکا ماندہ ۔ سُست ۔ کاہل ۔ کسل مند
۵۔ ذلیل ۔ خوار
۶۔ بُھربھرا ۔ کرکرا ۔ مرمرا

خستہ حال: پریشان حال ۔ شکستہ حال ۔ بدحال ۔ آزردہ ۔ شکستہ دل ۔
رنجیدہ ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔ غم ناک ۔ غم گین ۔ ملول
خستہ حالی: پریشان حالی ۔ شکستہ حالی ۔ بدحالی ۔ آزردگی ۔ شکستہ دلی ۔
رنجیدگی ۔ غم زدگی ۔ غم ناکی ۔ ملال
خستہ خانہ: شفا خانہ ۔ دارالشفا ۔ بیمارستان ۔ اسپتال ۔
ہسپتال ۔ آرام گاہ

خستہ دل ــــ خستہ خاطر ــــ خستہ خوار ــــ
خستہ وشکستہ ــــ خستہ قدم

خُسر: سُسرا ۔ سُسر ۔ پدرِ شوہر ۔ پدرِ زن

خُسرپورہ: پسرِ خُسر ۔ سالا ۔ برادرِ نسبتی ۔ برادرِ زن

خُسران: خسارہ ۔ نقصان ۔ ٹوٹا ۔ گھاٹا

خسرو: بادشاہ ۔ شہنشاہ ۔ کسریٰ ۔ ملک ۔ سلطان ۔ فرماں روا ۔
حکم راں ۔ شاہ ۔ فرماں فرما

خسیس: ۱۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ لئیم ۔ شُوم ۔ مُوذی ۔ تنگ دل ۔ سُوم ۔
مکھی چوس
۲۔ رذیل ۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ کم ظرف ۔ پست فطرت

خِشت: اینٹ

خشت انداز: خشت بار ۔ خشت زن ۔ سنگ بار ۔ سنگ زن
خشت اندازی: خشت باری ۔ خشت زنی ۔ سنگ باری ۔ سنگ زنی
خشت بار: خشت انداز ۔ خشت زن ۔ سنگ زن ۔ سنگ انداز
خشت باری: خشت اندازی ۔ خشت زنی ۔ سنگ زنی ۔ سنگ اندازی

خشخاش: کوکنار ۔ تخمِ افیون

خُشک: ۱۔ سُوکھا ۔ بے نم ۔ غیر مرطوب ۔ یابس ۔ بے آب ۔ مبس
۲۔ درشت ۔ رُوکھا ۔ کج خلق ۔ ناشائستہ
۳۔ روکھا ۔ پھیکا ۔ بے مزہ ۔ بے لطف ۔ بے حظ ۔ بے کیف
۴۔ بے فیض ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔ شوم ۔ خسیس ۔ جزرس ۔ لئیم ۔ ممسک
۵۔ بے شیر ۔ بے دودھ
۶۔ بے باراں ۔ بے بارش
۷۔ بے سمجھ ۔ بے عقل ۔ بے مغز ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۔
ابلہ ۔ مُورکھ
۸۔ پیاسا ۔ تشنہ ۔ عاطش ۔ ترہایا

خشک دماغ/مغز: ۱۔ سودائی ۔ دیوانہ ۔ خبطی ۔ مجنون ۔ فاتر العقل ۔
سڑی ۔ پاگل ۔ بے حواس ۔ حواس باختہ ۔ کورمغز
۲۔ تندخو ۔ تندمزاج ۔ تیزمزاج ۔ درشت خو ۔ درشت مزاج ۔

جھلّا ۔ پُرغضب ۔ محرورُالمزاج ۔ گرم مزاج

۳۔ بیہودہ گو ۔ لغو گو ۔ پوچ گو ۔ فضول گو ۔ یاوہ گو ۔ بکواسی ۔ بکی

خشک دماغی / مغزی : ۱۔ سودا ۔ دیوانگی ۔ خبط ۔ جنون ۔ فتورِ حواس ۔ اختلالِ حواس ۔ فتورِ عقل ۔ حواس باختگی ۔ سڑی پن ۔ پاگل پن ۔ کور مغزی

۲۔ تند خوئی ۔ تند مزاجی ۔ تیز مزاجی ۔ درشت خوئی ۔ درشت مزاجی ۔ جھلّاہٹ ۔ غیظ و غضب ۔ حدتِ مزاج ۔ گرم مزاجی ۔ حرارہ ۔ تیہا

۳۔ بیہودہ گوئی ۔ لغو گوئی ۔ پوچ گوئی ۔ فضول گوئی ۔ یاوہ گوئی ۔ بکواس ۔ بک بک

خشک لب : تشنہ لب ۔ پیاسا ۔ عاطش ۔ ترسا ہوا

خشک وتر : ۱۔ سوکھا گیلا ۔ رطب و یابس

۲۔ بُرا بھلا ۔ خوب و زشت ۔ نیک و بد

خشک سالی — خشک مزاج — خشک اخلاق —
خشک زیست — خشکا — خشک چشم —
خشک سال — خشک شوئی — خشک آخور —
خشک بند — خشک انجبین — خشک پشت
— خشک پہلو — خشک پے — خشکیدہ
— خشک جاں — خشک جنباں — خشک دست
— خشک رہاں — خشک رود — خشک ریش
— خشک زار — خشک ریشہ — خشک زبان
— خشک سار — خشک شانہ — خشک طینت
— خشک نہار

خشکی : ۱۔ سوکھا پن ۔ بے نمی ۔ بے آبی ۔ یبوست

۲۔ درشتی ۔ روکھا پن ۔ کج خلقی ۔ ناشائستگی

۳۔ روکھا پن ۔ پھیکا پن ۔ بے مزگی ۔ بے لطفی

۴۔ بے فیضی ۔ کنجوسی ۔ بخل ۔ بخیلی ۔ خست ۔ خساست ۔ خزرسی ۔ امساک

۵۔ خشک سالی ۔ امساکِ باراں ۔ قحط ۔ کال

۶۔ بنجر ۔ [illegible]

۷۔ زمین ۔ ارض

خشم : ۱۔ غیظ ۔ غصہ ۔ غضب ۔ کرودھ ۔ تیہا ۔ طیش ۔ حرارہ

۲۔ ناراضگی ۔ خفگی ۔ عتاب ۔ برافروختگی

خشم آلود : ۱۔ پُرغضب ۔ پُرغیظ ۔ پُرعتاب

۲۔ ناراض ۔ خفا ۔ آزردہ ۔ غیظ آلود

خشم ناک / گیں : ۱۔ غضب ناک ۔ غصہ ور ۔ غصیلا ۔ کرودھی ۔ برافروختہ

۲۔ ناراض ۔ خفا ۔ آزردہ

خشوع : فروتنی ۔ عاجزی ۔ عجز ۔ انکسار ۔ کسرِ نفسی ۔ فریاد ۔ آہ و زاری ۔ نالہ و فغاں ۔ شیون ۔ بُکا

خشونت : ۱۔ سختی ۔ درشتی ۔ تلخی ۔ ترشی ۔ خشکی ۔ روکھا پن

۲۔ دشمنی ۔ عداوت ۔ معاندت ۔ عناد ۔ خصومت ۔ مخاصمت ۔ بیر

۳۔ تُندی ۔ تیزی ۔ غصہ ۔ غیظ ۔ عتاب ۔ حرارہ ۔ کرودھ ۔ تیہا ۔ طیش ۔ غضب

۴۔ نفرت ۔ کراہت

خشیت : ڈر ۔ خوف ۔ بھے ۔ باک ۔ ہول ۔ دہشت

خصائص : خاصیات ۔ خواص

خصلت : ۱۔ عادت ۔ خو ۔ طینت ۔ سرشت ۔ طبیعت ۔ سیرت ۔ مزاج ۔ فطرت

۲۔ خوبی ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ گُن ۔ تاثیر ۔ صفت ۔ وصف

خصم : ۱۔ دشمن ۔ بَیری ۔ عدو ۔ معاند ۔ مخاصم

۲۔ حریف ۔ مقابل ۔ رقیب

۳۔ مالک ۔ صاحب ۔ آقا ۔ خداوند

۴۔ شوہر ۔ خاوند ۔ میاں ۔ زوج ۔ پتی ۔ آدمی ۔ مرد

خصوص : ۱۔ خصوصیت۔ نرالاپن۔ تخصیص
۲۔ معاملہ۔ چیز۔ بات

خصوصاً : خاص کر۔ خاص طور پر۔ خصوصی طور پر۔ بطورِ خاص۔ بالخصوص۔ بالتخصیص۔ بالاختصاص۔ علی الخصوص

خصوصی : خاص۔ مخصوص

خصوصیت : ۱۔ خاص بات۔ خاص صفت۔ خاصیت۔ تخصیص۔ امتیازی وصف۔ خاص گُن۔ مخصوصیت۔ خاصّہ۔ اختصاص۔ مابہ الامتیاز
۲۔ ذاتی تعلق۔ رسم و راہ۔ ربط و ضبط۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ اتحاد۔ دوستی۔ اخلاص

خصومت : دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ عناد۔ معاندت۔ مخاصمت۔ جھگڑا۔ فساد۔ نزاع

خصّی : ۱۔ اختہ۔ بدھیا
۲۔ خنثیٰ۔ مخنث۔ ہیجڑا۔ زنخا۔ نامرد

خُصیہ : فوطہ۔ خایہ۔ بیضہ۔ انثیین

خصیہ بردار : خایہ بردار۔ خایہ لیس۔ چاپلوس۔ خوشامدی۔ متملق۔ جی حضوری۔ کاسہ لیس
خصیہ برداری : خایہ برداری۔ خایہ لیسی۔ چاپلوسی۔ خوشامد۔ تملق۔ کاسہ لیسی۔ جی حضوری

خضاب : کالا رنگ۔ وسمہ۔ مہندی۔ نیل

خضر : راہ نما۔ راہبر۔ قائد۔ بدرقہ۔ مرشد۔ ہادی

خضرا : مؤنث اخضر۔ ہری۔ سبز

خضوع : عاجزی۔ زاری۔ نالہ و فریاد۔ آہ و فغاں۔ گریہ۔ شیون۔ بکا۔ فروتنی

خط : ۱۔ لکیر۔ نشان
۲۔ راہ۔ راستہ۔ جادہ۔ پگڈنڈیا۔ ڈنڈی
۳۔ مکتوب۔ نامہ۔ چٹھی۔ پتر۔ پاتی۔ مراسلہ۔ لیٹر۔ رقعہ۔ پرزہ۔ رقیمہ۔ نوشتہ۔ پرچہ۔ نمیقہ
۴۔ موئے چہرہ۔ بال۔ حجامت۔ سبزہ
۵۔ اندازِ تحریر۔ دستی تحریر۔ رسم الخط
۶۔ شکل۔ صورت۔ قطع۔ حلیہ۔ چھب۔ خدوخال

خطِ عنبر شمیم ـــ خطِ عنبر ـــ خطِ عنبریں ـــ خطِ طغرائی ـــ خطِ پیچاں ـــ خطِ مورچہ ـــ خطِ سبز ـــ خطِ نوخیز ـــ خطِ زیبا ـــ خطِ مصحف ـــ خطِ عارض ـــ خطِ نقش ـــ خطِ عزیز ـــ خطِ سیاہ ـــ خطِ شربتی ـــ خط و کتابت ـــ خوش خط ـــ بدخط

خطا : ۱۔ غلطی۔ قصور۔ تقصیر۔ جُرم۔ پاپ۔ اپرادھ۔ گناہ۔ اثم
۲۔ سہو۔ چُوک۔ لغزش۔ تسامح۔ مسامحت۔ بھول چُوک۔ فراموشی

خطاپوش : ستارِ عیوب۔ گناہ پوش۔ عیب پوش
خطاپوشی : گناہ پوشی۔ عیب پوشی۔ سترِ عیب
خطاکار/وار : خاطی۔ قصوروار۔ تقصیروار۔ مجرم۔ گناہ گار۔ پاپی۔ اپرادھی۔ آثم
خطاکاری/واری : قصورواری۔ تقصیرواری۔ ارتکابِ جُرم۔ گناہ گاری

خطا سرزد ہونا ـــ خطائے بزرگان ـــ خطائے دل ـــ خطائے نظر ـــ خطائے اول ـــ خطائے ازل ـــ خطائے سرکار

خطائے بزرگاں گرفتن خطا است
خطا ہر راست آید تاہم خطا است
خطا بہ بازار و سزا پس دیوار

خطاب : ۱۔ کلام ۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔ مکالمہ ۔ تقریر ۔ لیکچر
۲۔ لقب ۔ توصیفی نام

خطابت : فنِ تقریر ۔ تقریر بازی

خطّاط : کاتب ۔ خوش نویس

خطّاطی : کتابت ۔ خوش نویسی ۔ فنِ کتابت

خُطبہ : ۱۔ تعریف ۔ ثنا ۔ حمد ۔ مناجات ۔ نعت ۔ تذکیر
۲۔ وعظ ۔ تلقین ۔ تقریر
۳۔ دیباچہ ۔ تمہید ۔ پیش لفظ ۔ پیش چہرہ ۔ مقدمہ ۔
تقدیم ۔ تعارف

خطر / خطرہ : ۱۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ خدشہ ۔ ڈر ۔ بیم ۔ سہم ۔ فزع
۲۔ وسواس ۔ گمان ۔ خیال ۔ ظن ۔ وسوسہ ۔ توزع
۳۔ آفت ۔ ضرر ۔ نقصان ۔ مضرت ۔ جوکھوں ۔ جوکھم ۔ دشواری
مشکل

خطرناک : ۱۔ اندیشہ ناک ۔ مخدوش ۔ بیم ناک ۔ خوف ناک ۔ بھیانک ۔
ہول ناک
۲۔ مُضر ۔ نقصان دہ ۔ نقصان رساں

خطّہ : حصۂ زمیں ۔ حصۂ ارض ۔ قطعۂ زمین ۔ علاقہ ۔ تعلقہ ۔ مُلک ۔
اقلیم ۔ دیار ۔

خطیب : مقرر ۔ تقریر باز ۔ خطبہ خواں ۔ واعظ

خطیر : ۱۔ بہت ۔ کثیر ۔ وافر ۔ بافراط
۲۔ عالی رتبہ ۔ بلند مرتبت ۔ عالی شان ۔ پُرشکوہ
۳۔ پُرخطر ۔ خطرناک ۔ اندیشہ ناک ۔ مخدوش

خفا : ۱۔ ناراض ۔ آزردہ ۔ کبیدہ خاطر ۔ برہم ۔ ناخوش ۔ رنجیدہ ۔
روٹھا ۔ برافروختہ ۔ غضبناک ۔ بگڑا ہوا
۲۔ پوشیدگی ۔ پنہانی ۔ نہانی ۔ ستر ۔ کتم ۔ چھپاؤ ۔ نہفتگی

خفّاش : چمگادڑ ۔ شپر ۔ شپرہ ۔ چام چڑک

خِفّت : ۱۔ سبکی ۔ ہلکاپن ۔ بے وزنی ۔ اوچھاپن
۲۔ ذلت ۔ رسوائی ۔ بے وقری ۔ شرم ۔ ندامت ۔ خجلت ۔
پشیمانی ۔ انفعال ۔ پچھتاوا

خُفتہ : ۱۔ خوابیدہ ۔ سویا ۔ نائم
۲۔ غافل ۔ بیہوش ۔ بے سوجھ ۔ بے خبر ۔ بے پروا

خفتہ بخت / نصیب : بدنصیب ۔ بدقسمت ۔ بدبخت ۔ بداختر ۔
بدطالع ۔ ابھاگی ۔ نربھاگی ۔ بے نصیب ۔ کم بخت ۔ بداقبال

خفتہ بختی / نصیبی : بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔ بدبختی ۔ بداختری ۔ بدطالعی ۔
بے نصیبی ۔ کم بختی ۔ بداقبالی

خفقان : اختلاجِ قلب ۔ گھبراہٹ ۔ وحشت ۔ مالیخولیا ۔ جنون ۔ مراق ۔
دیوانگی

خفقانی : گھبرایا ۔ وحشت زدہ ۔ مجنون ۔ مراقی ۔ دیوانہ

خفگی : ناراضگی ۔ آزردگی ۔ کبیدہ خاطری ۔ برہمی ۔ ناخوشی ۔ رنجیدگی

خفی : ۱۔ پوشیدہ ۔ پنہاں ۔ نہاں ۔ مستور ۔ مکتوم ۔ نہفتہ
۲۔ باریک ۔ مہین

خفیف: ۱۔ ہلکا۔ سبک۔ بے وزن۔ اوچھا
۲۔ ذلیل۔ رسوا۔ شرمندہ۔ شرمسار۔ بے قدر۔ بے وقار
کمینہ۔ کم ظرف۔ خجل
۳۔ تھوڑا۔ کم۔ قلیل۔ خُرد

خُفیہ: پوشیدہ۔ پنہاں۔ نہاں۔ مستعد۔ مکتوم۔ نہفتہ۔ درپردہ
گُپت۔ چھپا ہوا۔ نامعلوم۔ گمنام۔ ان دیکھا۔ ان جانا۔
چھپواں۔ انجان

خفیہ نویس: مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ۔ جوئندہ۔ رازجو۔ متجسس
خفیہ نویسی: مخبری۔ جاسوسی۔ جستجو۔ رازجوئی۔ تلاش۔ تجسس

خُلا: ۱۔ خُلُو۔ جوف۔ حیّز۔ فضا
۲۔ تخلیہ۔ خلوت۔ تنہائی

خلاباز: مسافرِ خلا۔ خلائی سیاح۔ جوّی محقق۔ خلانورد
خلا ملا: راہ و رسم۔ ربط ضبط۔ ربط و اتحاد۔ میل جول۔ میل ملاپ۔
ارتباط۔ دوستی۔ اخلاص۔ تعلق۔ یارانہ

خلاص: ۱۔ رہائی۔ آزادی۔ نجات۔ چھٹکارا۔ گلوخلاصی
۲۔ رہا۔ آزاد۔ ناجی۔ نجات یافتہ

خلاصہ: ۱۔ ست۔ جوہر۔ جان۔ نچوڑ۔ عطر۔ زبدہ۔ مسکہ۔ لُب۔
تلخیص۔ لبِ لباب
۲۔ اختصار۔ انتخاب۔ ایجاز
۳۔ مختصر۔ منتخب۔ موجز۔ ملخص۔ چیدہ۔ ریزہ۔ ویژہ

خلاصی: ۱۔ نجات۔ رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارا۔ استخلاص
۲۔ مزدور۔ قُلی۔ حمّال۔ باربردار۔ کارندہ

خلاف: ۱۔ ناموافق۔ ناسازگار۔ نامساعد
۲۔ اُلٹا۔ برعکس۔ معکوس۔ متضاد۔ ضد۔ مخالف۔ اُلٹ۔
برخلاف
۳۔ جھوٹ۔ کذب۔ دروغ
۴۔ دشمن۔ بَیری۔ بروھی۔ عدو۔ معاند۔ خصم۔ مخاصم

خلاف بیانی: جھوٹ۔ دروغ بیانی۔ دروغ گوئی۔ دروغ بافی۔
کذب
خلافِ دستور: خلافِ قاعدہ۔ خلافِ آئین۔ خلافِ قانون۔
خلافِ رسم۔ خلافِ رواج
خلافِ شرع: خلافِ شریعت۔ خلافِ طریقِ محمدی۔ نامشروع۔
غیر مشروع۔ ناجائز۔ خلافِ قانون۔ خلافِ آئین۔ خلافِ دستور
خلافِ طبع: خلافِ مزاج۔ ناموافقِ طبیعت۔ نامطبوع
خلافِ عقل: ناموافقِ عقل۔ غیر معقول۔ نامعقول۔ غیر عقلی
خلافِ قیاس: غیر معقول۔ نامعقول۔ ناممکن۔ غیر ممکن
خلافِ مرضی: خلافِ منشا۔ ناموافقِ مزاج۔ خلافِ مزاج۔ خلافِ طبع۔
نامطبوع۔ ناپسند
خلافِ مزاج: خلافِ طبع۔ خلافِ منشا۔ خلافِ مرضی۔ نامطبوع۔
نامرغوب۔ ناپسندیدہ
خلاف ورزی: مخالفت۔ تخالف
خلافِ وضع: خلافِ عادت۔ خلافِ معمول۔ خلافِ طریقہ۔ خلافِ مسلک

خلافِ رواج — خلافِ روایت — خلافِ معاشرہ
— خلافِ ضابطہ — خلافِ ضابطگی —
خلافِ قانون — خلافِ آئین — خلافِ قانونی کارروائی
— خلافِ بیان

خلافت: ۱۔ جانشینی۔ نیابت۔ ولی عہدی۔ ولایتِ عہد
۲۔ منصبِ خلیفہ۔ عہدۂ خلیفہ۔ شرعی طرزِ حکومت

خلائق: مخلوقات۔ موجودات۔ دُنیا۔ لوگ۔ عالم۔ انام

خلجان : ۱۔ تپک۔ چبھن۔ ٹیس۔ خلش۔ کھٹک۔ چیس
۲۔ تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ انتشار۔ چنتا۔ دبدھا۔ تذبذب۔ تشویش

خلخال : پازیب۔ پائل۔ پایزن۔ جھانجن۔ جھانجھ۔ جھنجھنیا

خُلد : بہشت۔ جنت۔ فردوس۔ نعیم۔ ارم۔ بیکنٹھ۔ جناں۔ باغ رضواں۔ سُرگ۔ بیکنتھ

خُلد آشیاں / مکانی : جنتی۔ بہشتی۔ ساکنِ بہشت۔ سُرگ باشی۔ بیکنٹھ باشی۔ مرحوم۔ مغفور۔ مبرور

خَلِش : ۱۔ چبھن۔ کھٹک۔ تپک۔ ٹیس۔ چیس۔ چمک۔ خلیدگی۔ درد۔ ہُوک
۲۔ رنجش۔ بغض۔ جھگڑا۔ نزاع۔ منافقت۔ چپقلش

خلط : آمیزش۔ ملاوٹ۔ میل۔ آمیختگی۔ ملونی۔ امتزاج

خلط ملط : گڈمڈ۔ درہم برہم۔ مخلوط۔ بے ترتیب۔ غیر مرتب۔ خلا ملا۔ مختلط۔ گھال میل۔ گھلا ملا

خُلع : ۱۔ نجات۔ چھٹکارا۔ گلوخلاصی۔ استخلاص
۲۔ حصولِ طلاق۔ مطالبۂ طلاق۔ طلاق یابی

خلعت : لباس۔ پوشاک۔ انعامی لباس۔ اعزازی پوشاک

خلف : ۱۔ جانشین۔ قائم مقام۔ نائب۔ وارث
۲۔ بیٹا۔ پسر۔ فرزند۔ ابن۔ ولد۔ پوت۔ سپوت

خُلفا : جمعِ خلیفہ: جانشیناں۔ نائبین۔ سربراہانِ ملک۔ شرعی حکمراں

خلفشار : گڑبڑ۔ کھلبلی۔ افراتفری۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے اطمینانی۔ انتشار۔ بے نظمی

خلق : خلقت۔ مخلوق۔ لوگ۔ موجوداتِ عالم۔ انام۔ وری

خُلق : ۱۔ عادت۔ خصلت۔ سرشت۔ طینت۔ مزاج۔ طبیعت۔ خو۔ سبھاؤ۔ خمیر۔ گھٹی۔ اخلاق
۲۔ ملنساری۔ خوش مزاجی۔ مروت۔ آدون

خوش خلق ـــ بد خلق ـــ خلقِ عظیم ـــ اظہارِ خلق ـــ خلقِ جہاں آرا ـــ خوش خلقی ـــ خلق و مروت ـــ خلقِ دل شکن ـــ غیر خلق ـــ عطرِ خلق ـــ عودِ خلق ـــ خوئے خلق ـــ لغِ خلق ـــ عطارِ خلق ـــ نافۂ خلق ـــ مشکِ خلق ـــ عنبرِ خلق ـــ گوہرِ خلق ـــ عظمتِ خلق ـــ شہرتِ خلق ـــ قیمتِ خلق۔

خلقت : خلق۔ مخلوق۔ لوگ۔ موجوداتِ عالم۔ عوام۔ پبلک

خِلقت : ۱۔ پیدائش۔ آفرینش۔ تخلیق
۲۔ فطرت۔ طینت۔ سرشت۔ طبیعت۔ خمیر

خِلقی : پیدائشی۔ قدرتی۔ فطری۔ طبعی

خلل : ۱۔ رخنہ۔ شگاف۔ درز۔ دراڑ
۲۔ فتور۔ بگاڑ۔ خرابی۔ کھنڈت۔ ابتری۔ پراگندگی۔ انتشار۔ خلفشار۔ اختلال۔ اختلاف
۳۔ دکھ۔ بیماری۔ روگ۔ تکلیف۔ مرض
۴۔ ضرر۔ نقصان۔ مضرت
۵۔ نقص۔ سقم۔ عیب۔ کمی۔ خامی
۶۔ بدہضمی۔ گرانی
۷۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ نزاع۔ نااتفاقی۔ نفاق۔

۸۔ تباہی ۔ بربادی

خلل انداز : رخنہ انداز ۔ دخل انداز ۔ شریر ۔ فتوری
خلل اندازی : رخنہ اندازی ۔ دخل اندازی ۔ مداخلت ۔ شرارت ۔ فتور ۔ دخل در معقولات
خلل پذیر : پراگندہ ۔ پریشان ۔ ابتر
خلل پذیری : پراگندگی ۔ پریشانی ۔ ابتری ۔ افراتفری
خللِ دماغ : سودا ۔ دیوانگی ۔ دیوانہ پن ۔ جنون ۔ پاگل پن ۔ بڑلی پن ۔ فتورِ عقل ۔ فتورِ دماغ

خَلوت : ۱۔ تنہائی ۔ علیحدگی ۔ گوشہ نشینی ۔ گوشہ گیری ۔ عزلت
۲۔ تخلیہ ۔ خالی مقام
۳۔ کوٹھڑی ۔ حجرہ ۔ خواب گاہ
۴۔ پوشیدگی ۔ پنہائی ۔ خفیہ ملاقات ۔ علیحدہ ملاقات

خلوت پسند : تنہائی پسند ۔ عزلت پسند ۔ گوشہ پسند
خلوت پسندی : تنہائی پسندی ۔ عزلت پسندی ۔ گوشہ پسندی
خلوت گزیں / نشیں : گوشہ نشیں ۔ گوشہ گیر ۔ عزلت نشیں
خلوت گزینی / نشینی : گوشہ نشینی ۔ گوشہ گیری ۔ عزلت نشینی

خلوتی : ۱۔ تنہائی پسند ۔ علیحدگی پسند ۔ خلوت پسند ۔ عزلت پسند
۲۔ گوشہ نشیں ۔ گوشہ گیر ۔ عزلت نشیں
۳۔ تارکِ دنیا ۔ راہب ۔ بنیاگی
۴۔ ہم راز ۔ ہم دم ۔ بے تکلف دوست

خلوص : ۱۔ اخلاص ۔ سچائی ۔ صداقت ۔ بے ریائی ۔ صدق ۔ نیک نیتی ۔ صفائی ۔ پاکی
۲۔ دوستی ۔ وفاداری ۔ رفاقت

خلوصِ نیت : نیک نیتی ۔ خالص نیت

خلیج : دریا ۔ شاخاب ۔ رشاخابہ ۔ ہزار آستیں

خلیفہ : ۱۔ جانشین ۔ نائب ۔ حکمراں ۔ فرماں روا ۔ امیر المومنین
۲۔ پیر استاد ۔ استاد زادہ ۔ مرشد زادہ
۳۔ نائی ۔ حجام ۔ درزی ۔ باورچی

خلیق : خوش خُلق ۔ بااخلاق ۔ خوش اخلاق ۔ ملنسار ۔ بامروت

خلیل : سچا دوست ۔ یارِ صادق ۔ محبِ مخلص ۔ اخلاص مند ۔ یار ۔ ہمدم ۔ صدیق ۔ حبیب

خم : ترچھا پن ۔ ٹیڑھ ۔ ٹیڑھا پن ۔ کجی ۔ انحنا ۔ پیچ ۔ بل ۔ مروڑ ۔ جھک ۔ جھکاؤ ۔ ٹیڑھ میڑھ ۔ ڈول

خم دار : ترچھا ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ منحنی ۔ پیچیدہ ۔ خمیدہ ۔ بل دار ۔ پیچ دار ۔ پُرخم ۔ پرپیچ
خم دم / دم خم : ہمت ۔ حوصلہ ۔ جوش ۔ ولولہ ۔ طاقت ۔ توانائی ۔ سکت ۔ قدرت
خم و چم : خرامِ ناز ۔ کڑنیلی چال ۔ نازک رفتاری ۔ معشوقانہ چال

خمِ زلف — خمِ کاکل — خمِ ساحل — خمِ راہ

خُم : ۱۔ مٹکا ۔ مٹیا ۔ گھڑا ۔ شراب کا پیپا
۲۔ ڈھول ۔ ڈھل ۔ تاشہ
۳۔ گنبد

خمار : ۱۔ نشہ ۔ سرور ۔ کیف ۔ مدہ ۔ سرشاری ۔ مدہوشی
۲۔ زوالِ نشہ ۔ اعضا شکنی

خمار آلود : مدھ بھرا ۔ مخمور ۔ پُرکیف ۔ سرشار ۔ متوالا ۔ مدھ ماتا
خمار شکن : نشہ شکن ۔ قاطع خمار ۔ دافع نشہ

خمر : شراب ۔ بادہ ۔ صہبا ۔ دارو ۔ مے ۔ مدہ ۔ آتشِ سیّال ۔ آبِ تلخ ۔ دخترِ رز ۔ بنت العنب ۔ دُختِ رز

خمس : پانچ ۔ پنج

خمیازہ : ۱۔ انگڑائی ۔ اعضا شکنی ۔ تمطّی ۔ تمدّد ۔ تناؤ
۲۔ بدلہ ۔ مکافات ۔ صلہ ۔ انجام ۔ نتیجہ ۔ مآل
۳۔ تکلیف ۔ دُکھ ۔ تشدّد ۔ سختی
۴۔ افسوس ۔ تأسف ۔ پشیمانی ۔ ندامت ۔ انفعال ۔ پچھتاوا ۔ خجلت ۔ خجالت

خمیدگی : ٹیڑھ ۔ کجی ۔ خم داری ۔ انحنا ۔ پیچیدگی ۔ جھوک ۔ جھکاؤ

خمیدہ : خم دار ۔ پُرخم ۔ ترچھا ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ منحنی ۔ جُھکا ہوا

خمیر : سرشت ۔ فطرت ۔ طبیعت ۔ بناوٹ ۔ ساخت ۔ قوامِ خلقت

خنّاس : ۱۔ دیو ۔ شیطان ۔ خبیث روح ۔ پلید روح ۔ بھوت پریت
۲۔ شریر ۔ شرانگیز ۔ فتنہ انگیز ۔ منتفنی ۔ فتنہ پرداز ۔ مفسد ۔ فسادی ۔ مفسدہ پرداز
۳۔ سرکشی ۔ تمرّد ۔ اکڑفوں

خنثیٰ : مخنث ۔ ہیجڑا ۔ زنخا ۔ نامرد ۔ سیرِ خصی ۔ بدھیا ۔ اختہ

خنجر : دشنہ ۔ چھری ۔ کارد ۔ تیغہ ۔ کٹار ۔ جمدھر ۔ بانک ۔ کھوکھری ۔ چاقو

خنجرِ سرانداز ـــ خنجرِ ہم چکان ـــ خنجرِ بے باک ـــ خنجرِ زخم ریز ـــ خنجرِ آبگوں ـــ خنجرِ صیقل زدہ ـــ خنجرِ گہر ریز ـــ خنجرِ خونخوار ـــ خنجرِ خون چکاں ـــ خنجرِ آب دار ـــ خنجرِ اژدہائی ـــ خنجرِ جفا جاں ـــ خنجرِ وقت شناس ـــ خنجرِ شوخ ادا ـــ خنجرِ بے زنہار ـــ خنجرِ بے پناہ ـــ خنجرِ کاری ـــ خنجرِ عجلت پسند ـــ خنجرِ زہر آلود ـــ خنجرِ نیم کش ـــ خنجرِ بُرّاں ـــ خنجرِ جولاں ـــ خنجرِ سینہ دوز ـــ خنجرِ دل شگاف

خنجری : دف ۔ ڈفلی ۔ ڈھلک

خنداں : ۱۔ ہنستا ۔ کھلکھلاتا ۔ ضاحک ۔ ضحاک ۔ ہنسوڑ
۲۔ شگفتہ

خندق : کھائی ۔ گڑھا ۔ کھوہ ۔ غار ۔ کہف ۔ داڑگ ۔ ترک ۔ خندک ۔ کندک ۔ کندہ

خندہ : ہنسی ۔ کھلکھلاہٹ ۔ کھِلّی ۔ قہقہہ ۔ ضحک ۔ مسکراہٹ

خندۂ آفتاب : طلوعِ آفتاب ۔ طلوعِ شمس ۔ نمودِ سحر ۔ آغازِ صبح
خندہ پیشانی : ہنس مُکھ ۔ خوش مزاج ۔ شگفتہ جبیں ۔ شگفتہ رُو ۔ شگفتہ مزاج
خندہ زن : خنداں ۔ ہنسوڑ ۔ ہنستا ۔ کھلکھلاتا ۔ ضاحک ۔ ضحاک ۔ مسخری ۔ ہنستا ۔ چنچل
خندہ زنی : ہنسی ۔ ہنسوڑپن ۔ تضحیک ۔ استہزا
خندۂ زیرِ لب : نیم خند ۔ مسکراہٹ ۔ تبسّم
خندۂ صبح : طلوعِ صبح ۔ نمودِ صبح ۔ آغازِ صبح
خندۂ گُل : شگفتگیٔ گل

خندۂ شکر فشاں ـــ خندۂ تر ـــ خندۂ جگر شگاف ـــ خندۂ شیریں ـــ خندۂ ملیح ـــ خندۂ نمکیں ـــ خندۂ خشک ـــ خندۂ بدنما ـــ خندۂ رنگیں ـــ خندۂ نمک زار ـــ خندۂ گزک ـــ خندۂ شکر ـــ خندۂ لطیف ـــ خندۂ بہار ـــ خندۂ شکر خند ـــ خندۂ زعفران ـــ خندۂ گلنار ـــ خندۂ اثر ـــ خندۂ بیکراں ـــ خندۂ عیش ـــ خندۂ کامیاب

خندۂ اشک — خندۂ سحر — خندۂ ماہ — خندۂ مہتاب — خندۂ انجم — خندۂ بےکسبم — خندۂ دوست خندۂ دشمن

خندی : بےحیا۔ بےغیرت۔ بےشرم۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال

خنزیر : سُوَر۔ جنگلی۔ سُؤر

خنک : ٹھنڈا۔ سرد۔ بارد۔ مبرد

خنکی : ٹھنڈ۔ ٹھنڈک۔ سردی۔ برودت۔ رسیلا۔ جھر

خنگ : اسپِ سفید۔ سبزہ۔ نقرئی اسپ

خُنیا : راگ۔ نغمہ۔ گیت۔ غنا۔ سرود۔ طرب۔ گانا

خنیاگر : راگی۔ مطرب۔ گویا۔ مغنی۔ گائک۔ ڈوم۔ میراثی۔ قوال۔ رامش گر

خنیاگری : گائیکی۔ مطربی۔ غنا۔ قوالی۔ رامش گری

خُو : ۱۔ عادت۔ طبیعت۔ خُلق۔ فطرت۔ طینت۔ سرشت۔ خصلت۔ مزاج۔ سبھاؤ۔ چلن۔ طبع
۲۔ طور۔ طریقہ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ ریت۔ رسم۔ رواج۔ بان

خوبو : عادت۔ خصلت۔ رنگ ڈھنگ۔ طور طریق۔ انداز۔ سبھاؤ

خوئے خوش — خوئے بزرگ — خوئے بدپسند — خوئے درشت — خوئے نرم — خوئے نیک — خوئے مروّت — خوئے محبت — خوئے طیش — خوئے عیش — خوئے شراب — خوئے بدیں — خوئے چالاک — خوئے گریزپا — خوئے سجدہ — خوئے سلام — خوئے ظلم — خوئے خندہ — خوئے خموشی — خوئے تسلیم — خوئے نیاز — خوئے سرکش — خوئے خود بیں — خوئے نازی — نیک خو — بدخو — شعلہ خو — تندخو — فرشتہ خو — خوش خو — پاکیزہ خو — پریاں خو — زال خو — رمی خو — آتش خو — گراں خو

| خوئے بد راہہانہ بسیار

خواب : ۱۔ رؤیا۔ سپنا۔ حلم۔ سُپنا
۲۔ خیال۔ تصور۔ وہم۔ گمان
۳۔ نیند۔ نوم
۴۔ بشارت۔ خوش خبری۔ نوید۔ مژدہ

خواب آلودہ : نیند بھرا۔ نندا سا۔ خواب ناک
خواب آور : مُنوِّم۔ خوابانیدہ
خوابِ پریشاں : پُرہول خواب۔ دہشت ناک خواب۔ تکلیف دہ خواب
خوابِ خرگوش : غفلت۔ بےخبری۔ تغافل۔ مدہوشی
خوابِ شیریں / نوشیں : پُرلطف نیند۔ خوابِ راحت۔ آرام دہ نیند
خواب گاہ : آرام گاہ۔ شبستان۔ خلوت گاہ۔ جائے آرام۔ جائے خواب۔ اطاقِ خواب

خوابِ آگیں — خوابِ بد — خوابِ خوش — خوابِ آشفتہ — خوابِ شوریدہ — خوابِ غفلت — خوابِ دراز — خوابِ دل گیر — خوابِ سخت — خوابِ گراں — خوابِ نوشیں — خوابِ شیریں — خوابِ حیرت — خوابِ لحد — خوابِ مرگ — خوابِ عدم — شکر خواب — خوابِ مخمل — خوابِ شکریں — خوابِ آرامِ جان — خوابِ جانفزا — خوابِ گریزرا — خوابِ بےآرام — خوابِ بےخوابی — خوابِ مقصود — خواب و خیال

—خوابِ سلطانی —خوابِ گدائی —خوابِ رمیدہ
—خوابِ رائیگاں —خوابِ غماز —خوابِ اہم
—خوابِ سربرآوردہ —خوابِ بہانہ جو—
خوابِ مست —خوابِ بندی —شکستِ خواب
—خوابِ نو—خوابِ حرم —خوابِ قیامت —
غلبۂ خواب —خوابِ بےخودی —خوابِ دربیداری
—خوابِ تمنا—خوابِ دشمن —دشمن خواب—
خوابِ بد—خوابِ ہیبت ناک—ڈراؤنا خواب
—شکستِ خواب —خوابِ مصلحت آمیز—
خوابِ مردن —خوابِ خوف انگیز—خوابِ ناخوش —
خوابِ بےتعبیر—خوابِ حرم—خوابِ دختر —
خوابِ افسوں بند —خوابِ خوش تعبیر—خوابِ نابیدہ
—خوابِ بغاوت —خوابِ زلیخا —
خوابِ زبیدہ —خوابِ یوسف

خوابیدگی : خفتگی ۔سستی ۔کاہلی ۔غفلت ۔بےخبری ۔غنداساپن

خوابیدہ : خفتہ ۔سویا ۔غافل ۔سست ۔بےخبر ۔کاہل ۔خمار آلود ۔نائم

خواجگی : مالکی ۔آقائی ۔سرداری ۔سیادت ۔قیادت ۔حاکمیت ۔
سروری ۔سربراہی ۔سربرآوردگی ۔مشیخت

خواجہ : مالک ۔آقا ۔سردار ۔سید ۔قائد ۔حاکم ۔سرور ۔سربراہ ۔
سربرآوردہ ۔سرکردہ ۔شیخ ۔مہتمم ۔نگران

خواجہ تاش : ہم آقا ۔پیر بھائی ۔استاد بھائی ۔ہم جماعت ۔
ہم مدرسہ ۔ہم مکتب

خواجہ سرا : ۱۔ دلو ۔نوز محل ۔دارو غہ حرم سرا ۔نگرانِ زنان خانہ ۔دربان ۔
پاسبان
۲۔ ہیجڑا ۔مخنث ۔خنثیٰ ۔نامرد ۔ہیزہ ۔زنخا

خوار : ۱۔ ذلیل ۔رُسوا ۔بدنام ۔بےآبرو ۔بےاعتبار ۔بےعزت
۲۔ پریشان ۔سرگرداں ۔آوارہ ۔اوباش

خوار : (امرِ خوردن ۔کھانا)

آتش خوار —نمک خواری —نمک خوار —غم خوار
—رشوت خوار —غم خواری —رشوت خواری
—خوں خوار —شیر خوار —خوں خواری —
شیر خواری —سود خوار —سود خواری —مے خوار
—مے خواری —شراب خوار —شراب خواری
—بسیار خوار —ماہی خوار —کم خوار —
مردم خوار —مردم خواری —آتش خوار —
پختہ خوار —ارماں خوار —بسیار خواری —
گرخوار —جامگی خوار —تنہ خواری —جگر خوار —
—چہرہ خوار —وظیفہ خوار —چرب خوار —
بدخواری —خوش خوار —خوش خواری —
بدخوار —دُرد خوار —پُرخواری —دو خوار —
رامش خوار —روزی خوار —زنہار خوار —
شادخوار —شکم خوار —کوفتہ خوار —مارخوار
—گوشت خوار —خونخوار —وظیفہ خوار —

خواری : ۱۔ ذلت ۔رسوائی ۔بدنامی ۔بےآبروئی ۔بےعزتی ۔بےاعتباری
بےوقری ۔بےحرمتی
۲۔ پریشانی ۔سرگردانی ۔آوارگی ۔اوباشی

خواست : ۱۔ گزارش ۔عرض ۔التماس ۔التجا ۔درخواست ۔استدعا
۲۔ خواہش ۔آرزو ۔تمنا ۔چاہ ۔طلب ۔مراد ۔مدعا

خواست گار : ۱۔ ملتمس ۔ملتجی ۔مستدعی ۔مستغیث ۔فریادی ۔سائل
۲۔ خواہندہ ۔خواہاں ۔خواہش مند ۔آرزو مند ۔تمنائی ۔
متمنی ۔طالب ۔طلب گار

خواص : ۱۔ امرا۔ وزرا۔ چیدہ اشخاص۔ عمائدین
۲۔ اثرات۔ تاثیرات۔ کیفیات۔ کوائف
۳۔ ہم صحبت۔ ہم مجلس۔ ہم بزم۔ ہم نشین۔ جلیس۔ مصاحب
۴۔ لونڈی۔ کنیز۔ پرستار۔ خادمہ

خواصی : ۱۔ مصاحبت۔ مجالست۔ ہم نشینی۔ ہم مجلسی۔ ہم بزمی
۲۔ خدمت گاری۔ ملازمت۔ چاکری۔ نوکری۔ خدمت گزاری

خواں : (امر خواندن = پڑھنا)

مثل خواں ___ مثل خوانی ___ ناظرہ خواں ___
مولود خواں ___ قرآن خواں ___ قصہ خواں ___
فاتحہ خواں ___ ثنا خواں ___ کتاب خواں ___
نعت خواں ___ روضہ خواں ___ مرثیہ خواں ___
نوحہ خواں ___ خوش خواں ___ غزل خواں ___
سوز خواں ___ ابجد خواں ___ تحت اللفظ خواں
___ پری خواں ___ شعر خوانی ___ درود خواں ___
انگریزی خواں ___ باد خواں ___ فریاد خواں ___
بالا خوانی ___ پاعلم خواں ___ خواص خواں ___
درست خواں ___ ماتم خوانی ___ دہن خوانی ___
درس خوانی ___ ریزہ خوانی ___ سادہ خواں ___
سبق خواں ___ سہ خواں ___ سر خواں ___ صور شخواں
___ دستار خواں ___ دست خواں ___ عشر خواں
___ شب خواں ___ مرصع خوانی ___ مرغزار خوانی ـ
نوا خوانی ___ بچہ خواں

خوان : ۱۔ کشتی۔ سینی۔ طباق۔ تھال۔ تشت۔ چنگیر
۲۔ دسترخوان۔ مائدہ۔ سمط

خوانا : خواندنی۔ قابلِ خواندہ۔ مایقراء

خواندگی : خواندہ۔ قرأت۔ پڑھائی۔ حرف شناسی

خواندہ : ۱۔ تعلیم یافتہ۔ پڑھا پڑھایا۔ حرف شناس۔ پڑھا لکھا
۲۔ بلایا۔ طلبیدہ۔ مطلوب۔ مدعو

خوانندہ : ۱۔ قاری۔ متعلم۔ طالب علم۔ پڑھاک۔ ودیارتھی
۲۔ نقیب۔ موذن۔ داعی

خواہ : چاہے۔ چاہو

خواہ مخواہ : چار و ناچار۔ طوعاً و کرہاً۔ باولِ ناخواستہ۔ زبردستی۔
جبراً۔ مجبوراً۔ خواہ نخواہ۔ بلا وجہ۔ بزور۔ لابد۔ لاجرم

خواہاں : خواہندہ۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ تمنائی۔ متمنی۔ خواستگار
طالب۔ طلب گار

خواہر : بہن۔ ہم شیر۔ اُخت۔ باجی۔ دیدی۔ ماں جائی۔ بھینا

خواہر زادہ : پسر خواہر۔ ابن الاخت۔ ہمشیر زادہ۔ بھانجا
خواہر زادی : دختر خواہر۔ بنت الاخت۔ ہمشیر زادی۔ بھانجی

خواہش : ۱۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ خواست۔ اشتیاق۔ شوق۔ ذوق۔
طلب۔ رغبت۔ ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج۔ درخواست
۲۔ ارمان۔ حسرت
۳۔ مراد۔ مقصد۔ مدعا۔ مانگ
۴۔ مرضی۔ رضا۔ منشا

خواہش مند : ۱۔ آرزومند۔ تمنائی۔ متمنی۔ خواستگار۔ مشتاق۔
طلب گار۔ طالب۔ راغب
۲۔ پُرارمان۔ حسرت مند
۳۔ مریبہ۔ مدعی۔ مستدعی۔ ملتمس۔ ملتجی

خواہش مندی: ۱۔ آرزومندی۔ خواہش ۔ تمنا۔ خواست گاری۔ اشتیاق۔
طلب گاری۔ رغبت
۲۔ حسرت۔ ارمان
۳۔ ارادت مندی۔ استدعا۔ التماس۔ عرض داشت۔ التجا۔
گزارش

خواہندہ : خواہاں۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ مشتاق۔ متمنّی۔ خواست گار۔
طلب گار۔ طالب

خوب : ۱۔ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ اعلیٰ۔ نیک
۲۔ زیبا۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ خوشگوار۔ ہردل عزیز۔
مرغوب۔ من پسند
۳۔ ہاں۔ بہتر۔ اچھا۔ واہ

خوب صورت / رُو: خوش رُو۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ خوش چہرہ۔
شکیل۔ حسین۔ جمیل۔ سُندر۔ وسیم۔ قسیم۔ خوبرو۔ قبول صورت۔
سوہنی۔ موہنی۔ من موہن۔ صبیح۔ وجیہ۔ چکنا۔ چندے آفتاب
چندے ماہتاب۔ چھبیلا۔ روپ دار۔ رونق دار۔ پُررونق
سرُوپ
خوب صورتی / رُوئی: خوش رُوئی۔ خوش شکلی۔ خوش منظری۔
خوش چہرگی۔ حسن۔ جمال۔ سندرتا

خوباں : معشوق۔ محبوب۔ پیارا۔ پریتم۔ پیتم

خوبی : ۱۔ اچھائی۔ عمدگی۔ نفاست۔ نیکی
۲۔ زیبائی۔ پسندیدگی۔ دل پسندی۔ خوشگواری
۳۔ وصف۔ صفت۔ جوہر۔ ہنر۔ گن

خود : آہنی ٹوپی۔ مغفر۔ فولادی ٹوپ

خُود : بذاتِ خاص۔ بذاتہ۔ بنفسہ۔ بہ نفسِ نفیس۔ بذاتِ خود۔ آپ۔
اپنا۔ ذاتی۔ نجی

خود آرا : مغرور۔ متکبر۔ خود بیں۔ خود سر۔ سرکش۔ متمرد۔ خود پسند۔
خود پیرا۔ خود نما
خود آرائی: غرور۔ تکبر۔ خود بینی۔ خود سری۔ سرکشی۔ تمرد۔ خود پسندی۔
خود پیرائی۔ خود نمائی۔ خوش نمائی
خود اختیار : خود مختار۔ صاحبِ اختیار۔ مطلق العنان
خود اختیاری: خود مختاری۔ مطلق العنانی
خود ارادیت : آزادیٔ کامل و ارادہ۔ ذاتی ارادہ۔ ذاتی عزم۔
ذاتی انتخاب
خود اعتمادی : اعتمادِ ذات۔ اعتمادِ نفس۔ اعتبارِ ذات
خود انتظامی: ذاتی انتظام۔ خودنظمی
خود بخود: ۱۔ آپ ہی آپ۔ آپی آپ۔ بہ آزادی
۲۔ از خود۔ بلا تحریک
۳۔ قدرتی طور پر۔ فطری طور پر
۴۔ یکایک۔ اچانک۔ ایک دم۔ بغتۃً۔ یک بیک
۵۔ دیدہ و دانستہ۔ قصداً۔ بالقصد۔ عمداً۔ بالعمد۔ ارادۃً
خود بیں : خود نگر۔ خود پسند۔ خود پرست۔ مغرور۔ متکبر۔ متمرد۔ سرکش
خود بینی : خود نگری۔ خود پسندی۔ خود پرستی۔ غرور۔ تکبر۔ عجب۔
تمرد۔ سرکشی
خود پرست : خود پسند۔ خود نگر۔ مغرور۔ متکبر۔ متمرد۔ سرکش۔ خود بیں
خود پرستی: خود پسندی۔ خود نگری۔ خود بینی۔ غرور۔ تکبر۔ عجب۔
تمرد۔ سرکشی
خود پسند : خود پرست۔ خود بیں۔ خود نگر۔ مغرور۔ متکبر۔ متمرد۔ سرکش
خود پسندی: خود پرستی۔ خود بینی۔ خود نگری۔ غرور۔ تکبر۔ عجب۔
تمرد۔ سرکشی
خود پیرا: خود آرا۔ خود نما۔ خود پسند۔ خود پرست۔ خود بیں۔ خود نگر
خود پیرائی: خود آرائی۔ خود نمائی۔ نمود۔ نمائش۔ ریا۔ خود پسندی۔
خود پرستی۔ خود بینی۔ خود نگری
خود خو : ۱۔ متلون۔ وہمی
۲۔ بدتمیز۔ بدتہذیب۔ غیر مہذب۔ اَن پڑھ۔ ناخواندہ۔ جاہل
خود خواہ : خود غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی۔ خود کام
خود دار : شریف النفس۔ عزت دار۔ ضابطہ۔ صابر۔ قانع۔ متحمل۔ بُردبار

خودداری: شرافتِ نفس ۔ احترامِ ذات ۔ ضبط ۔ صبر ۔ قناعت ۔ تحمل۔
عزت داری ۔ آبرو داری

خودرائے: خودسر ۔ خودپسند ۔ من موجی ۔ سرکش ۔ مطلق العنان ۔ خودمختار

خودرائی: خودسری ۔ خودپسندی ۔ سرکشی ۔ مطلق العنانی ۔ خودمختاری

خودرفتگی: بے خودی ۔ بے خبری ۔ مدہوشی ۔ بیہوشی ۔ بے حواسی ۔
حواس باختگی ۔ محویت ۔ بے اوسانی ۔ استغراق ۔ غفلت

خودرفتہ: بے خود ۔ بے خبر ۔ مدہوش ۔ بیہوش ۔ بے اوسان ۔
بے حواس ۔ حواس باختہ ۔ محو ۔ مستغرق ۔ غافل ۔

خودرَو: ناکاشتہ ۔ خودرستہ ۔ خودروئیدہ ۔ جنگلی ۔ قدرتی

خودساختہ: اپنا بنایا ۔ مصنوع ۔ مصنوعی ۔ غیر فطری ۔ غیر قدرتی

خودستا: اپنے منہ میاں مٹھو ۔ خودثنا ۔ شیخی باز ۔ شیخی خورہ ۔ خودتعریف ۔
خودفروش ۔ زٹیا

خودستائی: خودثنائی ۔ خودتعریفی ۔ مدحِ خود ۔ ثنائے خود ۔ شیخی بازی ۔
خودفروشی

خودسر: آزاد ۔ خودمختار ۔ مطلق العنان ۔ سرکش ۔ متمرد ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔
خودرائے ۔ من موجی

خودسری: آزادی ۔ خودمختاری ۔ مطلق العنانی ۔ سرکشی ۔ تمرد ۔ ضد ۔ ہٹ ۔
خودرائی ۔ من مرضی

خودشکن: منکسر مزاج ۔ عاجز

خودغرض: خودخواہ ۔ مطلب پرست ۔ مطلبی ۔ خودکام ۔ ابن الغرض ۔
بندۂ غرض

خودغرضی: خودخواہی ۔ مطلب پرستی ۔ خودکامی ۔ نفسی نفسی ۔ نفسا نفسی ۔
خودمطلبی ۔ آپا دھاپی

خودفراموش: خودرفتہ ۔ غافل ۔ محو ۔ مستغرق ۔ بے خبر

خودفراموشی: خودرفتگی ۔ غفلت ۔ محویت ۔ استغراق ۔ بے خبری ۔ ناآگاہی

خودفروش: خودثنا ۔ خودستا ۔ خودتعریف ۔ شیخی باز ۔ شیخی خورہ

خودفروشی: خودثنائی ۔ خودستائی ۔ خودتعریفی ۔ شیخی بازی

خودکار: خودحرکت ۔ سچلتا ۔ آٹومیٹک

خودکام: ۱۔ خودغرض ۔ خودخواہ ۔ خودمطلب ۔ مطلبی ۔ مطلب پرست
۲۔ خودسر ۔ خودرائے ۔ سرکش ۔ متمرد ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ ضدی ۔ ہٹیلا
۳۔ بدچلن ۔ بداطوار ۔ بدکردار ۔ بداسلوب ۔ بدوضع ۔ اوباش

خودکامی: ۱۔ خودغرضی ۔ خودخواہی ۔ خودمطلبی ۔ مطلب پرستی
۲۔ خودسری ۔ خودرائی ۔ سرکشی ۔ تمرد ۔ غرور ۔ تکبر ۔
ضد ۔ ہٹ
۳۔ بدچلنی ۔ بداطواری ۔ بدکرداری ۔ بداسلوبی ۔ بدوضعی

خودکشی: قتلِ نفس ۔ قتلِ ذات

خودمختار: ۱۔ آزاد ۔ مطلق العنان ۔ بااختیار
۲۔ خودسر ۔ خودکام ۔ خودرائے

خودمختاری: ۱۔ آزادی ۔ مطلق العنانی ۔ بااختیاری
۲۔ خودسری ۔ خودکامی ۔ خودرائی

خودمطلب: خودکام ۔ خودغرض ۔ مطلب پرست ۔ مطلبی

خودمطلبی: خودکامی ۔ خودغرضی ۔ مطلب پرستی

خودنما: خودآرا ۔ شیخی باز ۔ شیخی خورہ ۔ متکبر ۔ مغرور ۔ سرکش

خودنمائی: خودرائی ۔ شیخی بازی ۔ استکبار ۔ تکبر ۔ غرور ۔ سرکشی

خود بدولت — ازخود رفتہ — خودرنگ —
خودکاشت — خودمنڈا — خودگم کردہ — خودگم
— خودمطلبا — خودآشنا — خودبرپا —
خودافگن — خودحسابی — خودساز — خودسازی
— خودسوار — خودشناس — خودراہ —
خودگزشتہ

خود را فضیحت دیگراں را نصیحت
خود کردہ را علاجے نیست
خود کوزہ و خود کوزہ گر و خود گلِ کوزہ

خودی: ۱۔ اپنا آپ ۔ ذات ۔ نفس
۲۔ خودغرضی ۔ خودسری ۔ خودرائی ۔ خودکامی
۳۔ فخر ۔ غرور ۔ تکبر ۔ سرکشی ۔ تمرد
۴۔ عرفانِ ذات ۔ ادراکِ ذات ۔ انا

خور: خورہ (خوردن سے)

غوطہ خور ۔۔۔ چغل خور ۔۔۔ حرام خور ۔۔۔ حلال خور ۔۔۔
حاجی خور ۔۔۔ راتب خور ۔۔۔ آدم خور ۔۔۔ روزہ خور
۔۔۔ غم خور ۔۔۔ مہمیز خور ۔۔۔ مردار خور ۔۔۔
ہلاک خور ۔۔۔ سود خور ۔۔۔ بیاج خور ۔۔۔ شراب خور
۔۔۔ شکر خورہ ۔۔۔ شیر خورہ ۔۔۔ شیخی خورہ ۔۔۔
مفت خورہ ۔۔۔ خیرات خورہ ۔۔۔ آب خورہ ۔۔۔
جوانی خورہ ۔۔۔ میل خورہ ۔۔۔ لت خورہ ۔۔۔
ماس خورہ ۔۔۔ گوشت خورہ ۔۔۔ بال خورہ ۔۔۔
آب خورد ۔۔۔ بسیار خوری ۔۔۔ چرا خور ۔۔۔
کم خور ۔۔۔ درد خور

خوراک : ۱۔ کھانا ۔ غذا ۔ بھوجن ۔ قوت ۔ راتب ۔ کھاجا ۔ آزوقہ ۔ خورش ۔ طعام ۔ آدھار ۔ آہار ۔ سامانِ شکم
۲۔ چارا ۔ دانہ پانی ۔ علوفہ
۳۔ روزینہ ۔ وظیفہ
۴۔ خرچ ۔ سفر خرچ ۔ بھتا ۔ رسد

خورش : خوراک ۔ کھانا ۔ غذا ۔ بھوجن ۔ طعام ۔ آزوقہ ۔ راتب ۔ قوت

خورشید : سورج ۔ سوریہ ۔ مہر ۔ آفتاب ۔ شمس ۔ نیرِ اعظم ۔ شہنشاہِ خاور

خورشید سوار : صبح خیز ۔ سحر خیز
خورشید لب بام : ڈھلتا سورج ۔ قریب زوال ۔ آمادہ بہ زوال ۔ قریب الموت ۔ برلبِ مرگ ۔ جاں بلب ۔ چراغِ سحری

خوش : ۱۔ شاد ۔ شاداں ۔ شادماں ۔ خرم ۔ مسرور ۔ مگن ۔ فرحاں ۔ منبسط ۔ خرسند ۔ آنند ۔ نہال ۔ دلشاد ۔ پُرمسرت ۔ بہ رسند ۔ پُرسند
۲۔ راضی ۔ تندرست ۔ بخیریت ۔ بعافیت ۔ ہشاش بشاش ۔ صحت مند ۔ صحت ور
۳۔ سرسبز ۔ شاداب ۔ تر و تازہ
۴۔ عمدہ ۔ اچھا ۔ خوب ۔ نیک ۔ نکو ۔ نفیس ۔ ونڈر

۵۔ حسین ۔ جمیل
۶۔ پسندیدہ ۔ مرغوب ۔ پُرکشش

خوش آب : ۱۔ آب دار ۔ چمکیلا ۔ مجلی ۔ صیقل دار
۲۔ تر و تازہ ۔ شاداب ۔ سرسبز
خوش آمد/خوشامد : ۱۔ خاطر تواضع ۔ آؤ بھگت ۔ مدارات
۲۔ چاپلوسی ۔ تملق ۔ کاسہ لیسی ۔ مدح ۔ ستائش ۔ چرب زبانی ۔ چکنی چپڑی باتیں ۔ شیریں زبانی ۔ ریاکارانہ باتیں ۔ دلفریب باتیں ۔ تلو بتو ۔ جی حضوری ۔ بڑھاوا ۔ چڑھاوا
خوش آمدی/خوشامدی : چاپلوس ۔ متملق ۔ کاسہ لیس ۔ مدح خواں ۔ ثناگر ۔ ستائش گر
خوش آمدید : پیشکاما ۔ استقبالیہ ۔ خیر مقدم ۔ آؤ بھگت
خوش آواز : خوش آہنگ ۔ خوش الحان ۔ سُریلا ۔ خوش لہجہ ۔ خوش نغمہ ۔ خوش نوا
خوش آوازی : خوش آہنگی ۔ خوش الحانی ۔ سُریلاپن ۔ خوش لہجگی ۔ خوش نغمگی ۔ خوش نوائی
خوش آئند : خوش نما ۔ خوشگوار
خوش ادا : خوش اطوار ۔ خوش اسلوب ۔ خوش وضع ۔ خوش انداز
خوش ادائی : خوش اطواری ۔ خوش اسلوبی ۔ خوش وضعی ۔ خوش اندازی
خوش اسلوب : خوش اطوار ۔ خوش وضع ۔ خوش ادا ۔ خوش انداز ۔ باقرینہ ۔ قرینہ دار ۔ خوش سلیقہ ۔ سلیقہ دار
خوش اسلوبی : خوش اطواری ۔ خوش وضعی ۔ خوش ادائی ۔ خوش اندازی ۔ قرینہ ۔ سلیقہ
خوش اطوار : خوش ادا ۔ خوش وضع ۔ خوش اسلوب ۔ خوش سلیقہ ۔ باقرینہ ۔ مہذب ۔ شائستہ
خوش اطواری : خوش ادائی ۔ خوش وضعی ۔ خوش اسلوبی ۔ خوش سلیقگی ۔ سلیقہ مندی ۔ قرینہ داری ۔ تہذیب ۔ شائستگی
خوش اقبال : بلند اقبال ۔ بلند اختر ۔ خوش طالع ۔ طالع ور ۔ طالع مند ۔ اقبال مند ۔ خوش بخت ۔ بختاور ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان
خوش اقبالی : بلند اقبالی ۔ بلند اختری ۔ خوش طالعی ۔ طالع مندی ۔ اقبال مندی

خوش بختی ۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی

خوش الحان : خوش آواز ۔ خوش آہنگ ۔ سُریلا ۔ خوش نوا ۔ خوش نغمہ

خوش الحانی : خوش آوازی ۔ خوش آہنگی ۔ سُریلا پن ۔ خوش نوائی ۔ خوش نغمگی

خوش اندام : خوش قطع ۔ خوش وضع ۔ سڈول

خوش اندامی : خوش قطعی ۔ خوش وضعی ۔ سڈول پن

خوش انتظام : خوش نظم ۔ منتظم ۔ ناظم ۔ مدبّر

خوش انتظامی : خوش نظمی ۔ منتظمی ۔ تدبیر ۔ خوش تدبیری

خوش اوقات : خوش گزران ۔ خوش حال ۔ فارغ البال ۔ خوش معاش

خوش اوقاتی : خوش گزرانی ۔ خوش حالی ۔ فارغ البالی ۔ خوش معاشی

خوش باش : آزاد ۔ بے فکر ۔ مسرور ۔ مطمئن ۔ آنند ۔ شاد ۔ شادماں ۔ خُرّم ۔ خرسند

خوش باشی : آزادی ۔ بے فکری ۔ بے غمی ۔ اطمینان ۔ مسرت ۔ شادمانی ۔ خرمی ۔ خرسندی

خوش بخت : خوش اقبال ۔ بلند اقبال ۔ بلند اختر ۔ خوش طالع ۔ طالع مند ۔ طالع آور ۔ اقبال مند ۔ بختاور ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان

خوش بختی : خوش اقبالی ۔ بلند اقبالی ۔ بلند اختری ۔ خوش طالعی ۔ طالع مندی ۔ طالع وری ۔ اقبال مندی ۔ بختاوری ۔ خوش قسمتی ۔ خوش نصیبی

خوش بو : ۱ ۔ معطّر ۔ معنبر ۔ عطر آگیں ۔ مہکیلا
۲ ۔ بوئے خوش ۔ بوئے خوشگوار ۔ تعطّر ۔ مہک ۔ نکہت ۔ طیب ۔ مہکار ۔ سُگندھ ۔ سُباس ۔ شمیم ۔ عَرف ۔ ارگجہ ۔ سینٹ ۔ مہکار

خوش بیان : خوش کلام ۔ خوش تقریر ۔ خوش مقال ۔ شیریں کلام ۔ شیریں مقال ۔ شیریں بیاں ۔ شیریں گفتار ۔ خوش گفتار ۔ فصیح البیان ۔ فصیح الکلام ۔ طلیق اللسان

خوش بیانی : خوش کلامی ۔ خوش تقریری ۔ خوش مقالی ۔ شیریں مقالی ۔ شیریں بیانی ۔ شیریں گفتاری ۔ خوش گفتاری ۔ فصاحت ۔ طلاقت ۔ شیریں کلامی

خوش پوش : خوش پوشاک ۔ خوش لباس

خوش پوشی : خوش پوشاکی ۔ خوش لباسی

خوش تدبیر : خوش انتظام ۔ خوش نظم ۔ مدبّر

خوش تدبیری : خوش انتظامی ۔ خوش نظمی ۔ مدبّری

خوش ترکیب : خوش وضع ۔ خوش قطع ۔ سڈول ۔ خوش شکل ۔ متناسب الاعضا

خوش ترکیبی : خوش وضعی ۔ خوش قطعی ۔ سڈول پن ۔ خوش شکلی ۔ تناسب اعضا

خوش تقریر : خوش بیان ۔ خوش کلام ۔ خوش مقال ۔ شیریں مقال ۔ شیریں بیاں ۔ شیریں گفتار ۔ خوش گفتار ۔ فصیح البیان ۔ فصیح الکلام ۔ شیریں کلام ۔ طلیق اللسان

خوش تقریری : خوش بیانی ۔ خوش کلامی ۔ خوش مقالی ۔ شیریں مقالی ۔ شیریں بیانی ۔ شیریں گفتاری ۔ خوش گفتاری ۔ شیریں کلامی ۔ فصاحت ۔ طلاقت

خوش حال : آسودہ حال ۔ فارغ البال ۔ مال دار ۔ متمول ۔ امیر ۔ صاحب ثروت ۔ ثروت مند ۔ دولت مند ۔ دھن وان ۔ سرمایہ دار ۔ مایہ دار ۔ خوش معاش ۔ کھاتا پیتا ۔ خوش گزران ۔ خوش اوقات ۔ آسودہ ۔ رفیع الحال ۔ پوڑھا ۔ رجا بُجا ۔ سُکھی

خوش حالی : آسودہ حالی ۔ فارغ البالی ۔ مال داری ۔ تموّل ۔ امیری ۔ امارت ۔ ثروت مندی ۔ دولت مندی ۔ سرمایہ داری ۔ مایہ داری ۔ خوش گزرانی ۔ خوش اوقاتی ۔ آسودہ حالی

خوش خبر : بشیر ۔ مژدہ رساں ۔ نوید رساں

خوش خبری : بشارت ۔ مژدہ ۔ نوید ۔ تہنیت ۔ خبرِ خوش ۔ مژدگان

خوش خرام : خوش رفتار ۔ خوش رَو ۔ خوش گام ۔ خوش قدم

خوش خرامی : خوش رفتاری ۔ خوش رَوی ۔ خوش گامی ۔ خوش قدمی

خوش خصال : خوش خو ۔ خوش مزاج ۔ نیک خو ۔ نیک سرشت ۔ نیک طینت ۔ نیک مزاج ۔ خوش طینت ۔ خوش اطوار ۔

خوش خصالی : خوش خوئی ۔ خوش مزاجی ۔ نیک خوئی ۔ نیک طینتی ۔ نیک سرشتی ۔ نیک مزاجی ۔ خوش اطواری

خوش خط : خوش نویس ۔ خوش تحریر ۔ خوش قلم

خوش خطی : خوش نویسی ۔ خوش تحریری ۔ خوش قلمی

خوش خلق : خوش اخلاق ۔ خلیق ۔ خوش خو ۔ نیک خو ۔ نیک مزاج ۔ خوش خصال ۔ نیک سرشت ۔ خوش طینت ۔ نیک طینت ۔ خوش مزاج ۔ بامروّت ۔ ملنسار ۔ شائستہ ۔ خوش اطوار

خوش خلقی : خوش اخلاقی ۔ خوش خوئی ۔ نیک خوئی ۔ نیک مزاجی ۔ خوش خصالی ۔ نیک سرشتی ۔ خوش طینتی ۔ نیک طینتی ۔ خوش مزاجی ۔ نیک مزاجی ۔ مروّت ۔ ملنساری ۔ شائستگی ۔ خوش اطواری

خوش خوراک: خوش خور۔ چٹورا

خوش خوراکی: خوش خوری۔ چٹورپن

خوش خیال: خوش فکر۔ بلند فکر۔ بلند خیال۔ عالی خیال

خوش خیالی: خوش فکری۔ بلند فکری۔ بلند خیالی۔ عالی خیالی

خوش دامن: ساس۔ خُسری۔ مادرِ زن

خوش دل: شاداں۔ فرحاں۔ آنند۔ بشاش۔ شادماں۔ دلشاد

خوش دلی: شادی۔ فرحت۔ بشاشت۔ شادمانی۔ دلشادی

خوش ذائقہ: لذیذ۔ خوش مزہ۔ مزہ دار۔ لذت دار۔ بامزہ۔ پُرلطف

خوش رفتار: خوش خرام۔ خوش رَو۔ خوش گام۔ خوش قدم

خوش رفتاری: خوش خرامی۔ خوش رَوی۔ خوش گامی۔ خوش قدمی

خوش رنگ: خوب رنگ۔ خوش فام۔ خوش گوں

خوش رنگی: خوب رنگی۔ خوش فامی۔ خوش گونی

خوش رُو: خوب رُو۔ خوب صورت۔ خوش چہرہ۔ خوش عذار۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ حسین۔ جمیل۔ سُندر

خوش رُوئی: خوب رُوئی۔ خوب صورتی۔ خوش چہرگی۔ خوش عذاری۔ خوش شکلی۔ خوش منظری۔ حسن۔ جمال۔ سُندرتا

خوش سلیقہ: خوش اسلوب۔ سلیقہ مند۔ خوش اطوار۔ خوش ادا۔ خوش انداز۔ باقرینہ۔ شائستہ

خوش سلیقگی: خوش اسلوبی۔ سلیقہ مندی۔ خوش اطواری۔ خوش ادائی۔ خوش اندازی۔ قرینہ داری۔ شائستگی

خوش سواد: آباد۔ سرسبز۔ بارونق۔ پُررونق۔ خوش منظر۔ خوش نظارہ

خوش سیر: نیک سیرت۔ نیک طینت۔ نیک سرشت۔ خوش خصال۔ خوش خو۔ نیک خو۔ خوش مزاج۔ خوش طبع۔ نیک طبع۔ خوش طینت۔ خوش اطوار

خوش طالع: خوش اقبال۔ بلند اقبال۔ بلند اختر۔ اقبال مند۔ خوش بخت۔ طالع مند۔ طالع ور۔ بختاور۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ بھاگوان

خوش طالعی: خوش اقبالی۔ بلند اقبالی۔ بلند اختری۔ اقبال مندی۔ طالع مندی۔ طالع وری۔ بختاوری۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی

خوش طبع: نیک طبع۔ خوش مزاج۔ ظریف۔ بامذاق۔ ہنس مکھ۔ ہنسوڑ۔ دل لگی باز۔ چُہل باز

خوش طبعی: نیک طبعی۔ خوش مزاجی۔ ظرافت۔ مذاق۔ ہنسی۔ دل لگی۔ چُہل بازی۔ ہنسوڑپن

خوش طریق: خوش سلیقہ۔ باسلیقہ۔ سلیقہ مند۔ باتمیز۔ تمیز دار۔ باقرینہ۔ شائستہ

خوش طینت: نیک طینت۔ خوش سیر۔ نیک سیرت۔ خوش خصال۔ خوش خو۔ نیک خو۔ نیک مزاج۔ نیک طبع۔ خوش اطوار۔ خوش وضع۔ خوش نہاد

خوش طینتی: نیک طینتی۔ نیک سیرتی۔ خوش خصالی۔ خوش خوئی۔ نیک مزاجی۔ نیک طبعی۔ خوش نہادی۔ خوش اطواری۔ خوش وضعی

خوش عقیدہ: خوش گمان۔ خوش خیال۔ خوش فہم۔ خوش اعتقاد

خوش عنان: فرماں بردار گھوڑا۔ مطیع گھوڑا۔ خوش رفتار گھوڑا

خوش عنانی: فرماں برداری۔ اطاعت شعاری۔ خوش رفتاری۔ (گھوڑے کی تعریف)

خوش عیار: معیاری۔ خالص۔ کھرا۔ بے میل۔ نرمل۔ صاف۔ بے ملاوٹ۔ بے آمیزش۔ ناآمیختہ

خوش عیاری: خالصیت۔ کھراپن۔ بے میلی۔ ناآمیختگی۔ خالص پن۔

خوش فعل: ۱۔ خوش وضع۔ خوش اطوار۔ خوش ادا
۲۔ خوش طبع۔ خوش مزاج

خوش فعلی: ۱۔ خوش وضعی۔ خوش اطواری۔ خوش ادائی
۲۔ خوش طبعی۔ خوش مزاجی۔ چُہل۔ مذاق۔ دل لگی۔ ظرافت

خوش فکر: خوش خیال۔ خوش اندیش۔ بلند فکر

خوش فکری: خوش خیالی۔ خوش اندیشی۔ بلند فکری

خوش قامت / قد: موزوں قامت۔ موزوں قد

خوش قامتی: موزوں قامتی۔ موزوں قدی

خوش قدم: خوش گام۔ خوش رفتار۔ خوش رَو۔ خوش خرام

خوش قدمی: خوش گامی۔ خوش رفتاری۔ خوش رَوی۔ خوش خرامی

خوش قسمت: خوش اقبال۔ بلند اقبال۔ بلند اختر۔ خوش طالع۔ اقبال مند۔ خوش بخت۔ طالع مند۔ طالع ور۔ بختاور۔ خوش نصیب۔ بھاگوان

خوش قسمتی: خوش اقبالی۔ بلند اقبالی۔ بلند اختری۔ خوش طالعی۔ خوش بختی۔ طالع مندی۔ طالع وری۔ بختاوری۔ خوش نصیبی

خوش قطع: خوش وضع۔ سڈول۔ موزوں قطع۔ خوش شکل۔ خوب صورت۔ خوش اندام۔ متناسب الاعضا

خوش قطعی: خوش وضعی۔ سڈول پن۔ خوش شکلی۔ خوب صورتی۔ خوش اندام۔ تناسب اعضا

خوش قلم: خوش نویس۔ خوش نگار۔ خوش تحریر۔ خوش خط

خوش قلمی: خوش نویسی۔ خوش نگاری۔ خوش تحریری۔ خوش خطی

خوش کام: شاد کام۔ شادماں۔ خرم۔ شاداں۔ فرحاں۔ مسرور۔ منبسط

خوش کامی: شاد کامی۔ شادمانی۔ خرمی۔ فرحت۔ مسرت۔ سرور۔ انبساط۔ بہجت

خوش کلام: خوش بیاں۔ خوش گو۔ خوش تقریر۔ خوش مقال۔ شیریں مقال۔ شیریں کلام۔ شیریں گفتار۔ خوش گفتار۔ فصیح۔ طلیق اللسان

خوش کلامی: خوش بیانی۔ خوش گوئی۔ خوش تقریری۔ خوش مقالی۔ شیریں مقالی۔ شیریں کلامی۔ شیریں گفتاری۔ خوش گفتاری۔ فصاحت۔ طلاقت

خوش گام: خوش قدم۔ خوش رفتار۔ خوش رَو۔ خوش خرام

خوش گامی: خوش قدمی۔ خوش رفتاری۔ خوش روی۔ خوش خرامی

خوش گپ: چرب زبان۔ لسان۔ ہنسوڑ۔ بامذاق۔ پُرمذاق۔ چُہل باز۔ ہنستا چہکل

خوش گپی: چرب زبانی۔ لسانی۔ ہنسوڑ پن۔ بامذاقی۔ پُرمذاقی۔ چُہل۔ دل لگی۔

خوش گزران: خوش حال۔ فارغ البال۔ خوش اوقات۔ خوش معاش۔ آسودہ حال

خوش گزرانی: خوش حالی۔ فارغ البالی۔ خوش اوقاتی۔ خوش معاشی۔ آسودہ حالی

خوش گفتار: خوش کلام۔ خوش بیاں۔ خوش گو۔ خوش تقریر۔ خوش مقال۔ شیریں مقال۔ شیریں کلام۔ شیریں گفتار۔ فصیح۔ طلیق اللسان۔ تر زبان۔ چرب زبان

خوش گفتاری: خوش کلامی۔ خوش بیانی۔ خوش گوئی۔ خوش تقریری۔ خوش مقالی۔ شیریں مقالی۔ شیریں کلامی۔ شیریں گفتاری۔ فصاحت۔ طلاقت۔ تر زبانی۔ چرب زبانی

خوش گلو: خوش الحان۔ خوش آواز۔ خوش آہنگ۔ سُریلا۔ خوش نغمہ۔ خوش نوا

خوش گلوئی: خوش الحانی۔ خوش آوازی۔ خوش آہنگی۔ سُریلا پن۔ خوش نغمگی۔ خوش نوائی

خوش گوار: ۱۔ خوش آئند۔ دل پسند۔ من پسند۔ من بھاتا۔ مرغوب
۲۔ بامزہ۔ مزہ دار۔ خوش ذائقہ۔ ذائقہ دار۔ زود ہضم

خوش گواری: ۱۔ من پسندی۔ دل پسندی۔ رغبت
۲۔ مزہ داری۔ ذائقہ داری۔ خوش ذائقگی

خوش لباس: خوش پوش۔ خوش پوشاک۔ جامہ زیب

خوش لباسی: خوش پوشی۔ خوش پوشاکی۔ جامہ زیبی

خوش لہجہ: خوش آواز۔ خوش آہنگ۔ خوش گلو۔ خوش نوا

خوش مذاق: بامذاق۔ خوش ذوق۔ بلند ذوق۔ بلند خیال

خوش مذاقی: بامذاقی۔ خوش ذوقی۔ بلند ذوقی۔ بلند خیالی

خوش مزاج: خوش طبع۔ ظریف۔ بامذاق۔ ہنس مُکھ۔ ہنسوڑ۔ دل لگی باز۔ چہل باز۔ ہنستا چہکل

خوش مزاجی: خوش طبعی۔ ظرافت۔ مذاق۔ ہنسوڑ پن۔ دل لگی بازی۔ چُہل بازی

خوش معاش: خوش حال۔ فارغ البال۔ خوش اوقات۔ خوش گزران۔ آسودہ حال

خوش معاشی: خوش حالی۔ فارغ البالی۔ خوش اوقاتی۔ خوش گزرانی۔ آسودہ حالی

خوش معاملگی: دیانت داری۔ ایمان داری۔ صاف معاملگی۔ کھرا پن

خوش معاملہ: دیانت دار۔ ایمان دار۔ صاف معاملہ۔ کھرا

خوش منظر: خوب صورت۔ خوش شکل۔ خوش قطع۔ خوش نما

خوش نصیب: خوش قسمت۔ خوش اقبال۔ بلند اقبال۔ بلند اختر۔ خوش طالع۔ اقبال مند۔ خوش بخت۔ طالع مند۔ طالع ور۔ بختاور۔ بھاگوان۔ بختہار۔ صاحب نصیب۔ مقبل۔ نصیب ور۔ نیک اختر۔ بخت بلند۔ بخت جوان۔ بخت مند۔ بخت والا۔ بہرہ مند۔ بہرہ اندوز۔ بہرہ ور۔ بہرہ یاب

خوش نصیبی: خوش قسمتی۔ خوش اقبالی۔ بلند اقبالی۔ بلند اختری۔ خوش طالعی۔ اقبال مندی۔ خوش بختی۔ طالع مندی۔ طالع وری۔ بختاوری

خوش نغمگی: خوش الحانی۔ خوش لہجگی۔ خوش آوازی۔ خوش آہنگی۔ خوش نوائی

خوش نغمہ: خوش الحان۔ خوش لہجہ۔ خوش آواز۔ خوش آہنگ۔ خوش نوا

خوش نما: خوش منظر۔ خوب صورت۔ خوش شکل۔ دلکش۔ دلچسپ۔ دل پذیر۔ خوش گوار۔ زیبا

خوش نمائی: خوب صورتی۔ خوش شکلی۔ دل کشی۔ دل چسپی۔ دل پذیری۔ خوشگواری۔ زیبائی۔ زیبائش۔ زینت

خوش نوا: خوش نغمہ۔ خوش الحان۔ خوش لہجہ۔ خوش آواز۔ خوش آہنگ

خوش نوائی: خوش نغمگی۔ خوش الحانی۔ خوش لہجگی۔ خوش آوازی۔ خوش آہنگی

خوش نود: راضی۔ رضامند۔ خوش۔ خرسند۔ خاطر دار

خوش نودی: رضا۔ رضامندی۔ خوشی۔ خرسندی۔ خاطر داری

خوش نویس: خوش تحریر۔ خوش نگار۔ خوش قلم۔ خوش خط

خوش نویسی: خوش تحریری۔ خوش نگاری۔ خوش قلمی۔ خوش خطی

خوش نہاد: خوش طینت۔ نیک طینت۔ خوش سیر۔ نیک سیرت۔ خوش خصال۔ خوش خو۔ نیک خو۔ نیک مزاج۔ نیک طبع۔ خوش اطوار۔ خوش وضع

خوش نہادی: خوش طینتی۔ نیک طینتی۔ خوش خصالی۔ نیک سیرتی۔ خوش خوئی۔ نیک خوئی۔ نیک مزاجی۔ نیک طبعی۔ خوش اطواری۔ خوش وضعی

خوش نیت: نیک نیت۔ دیانت دار۔ ایمان دار

خوش نیتی: نیک نیتی۔ دیانت داری۔ ایمان داری

خوش وضع: خوش شکل۔ خوش منظر۔ خوش لباس۔ خوش پوشش۔ خوش پوشاک۔ خوب صورت۔ خوش اطوار

خوش وضعی: خوش شکلی۔ خوش لباسی۔ خوش پوشی۔ خوش پوشاکی۔ خوب صورتی۔ خوش اطواری

خوش وقت: خوش اوقات۔ خوش معاش۔ خوش حال۔ فارغ البال۔ خوش گزران۔ آسودہ حال

خوش وقتی: ۱۔ خوش اوقاتی۔ خوش معاشی۔ خوش حالی۔ فارغ البالی۔ خوش گزرانی۔ آسودہ حالی
۲۔ خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ اطمینان
۳۔ آرام۔ سکھ چین۔ کل۔ راحت۔ آسودگی۔ سکون

خوش نودار ـــ خوش اخلاق ـــ خوش خرام ـــ
خوش تحریر ـــ خوش غلاف ـــ خوش زبان ـــ
خوش زبانی ـــ خوش لگام ـــ خوش نظمی ـــ
خوش رقم ـــ خوش مزگی ـــ خوش غذا ـــ خوش عادت
ـــ خوش سیرت ـــ خوش انداز ـــ خوش خوئی
ـــ خوش برگ ـــ خوش پرکار ـــ خوش پیچ ـــ
خوش پیمانی ـــ خوش خواہش ـــ خوش خوار ـــ
خوش صفیر ـــ خوش قمار ـــ خوش منزل ـــ
خوش کنار ـــ خوش نشین ـــ خوش نام ـــ خوش نظر
ـــ خوش نگاہ ـــ خوش نمک ـــ خوش نواز ـــ
خوش قبا ـــ خوش لقا

خوشا: خوب۔ اچھا۔ واہ واہ۔ چہ خوب

خوشہ: گچھا۔ بالی۔ بال۔ سنبلہ

خوشۂ پروین: پرن۔ ثریا

خوشہ چیں: مستفید۔ مستفیض۔ زلہ ربا۔ ریزہ چیں

خوشہ چینی: استفادہ۔ استفاضہ۔ زلہ ربائی۔ ریزہ چینی

خوشی: ۱۔ سرور۔ مسرت۔ انبساط۔ بہجت۔ شادی۔ شادمانی۔ حظ۔ بشاشت۔ طرب۔ خرمی۔ خرسندی۔ ابتہاج۔ نشاط۔ فرحت۔ فرح
۲۔ خوش نودی۔ رضا۔ رضامندی۔ پسند۔ پسندیدگی۔ رضاجوئی
۳۔ سکھ۔ چین۔ آرام۔ راحت۔ آنند۔ سکون۔ عشرت
۴۔ خاطر جمعی۔ دل جمعی

خوشی خواہ: خاطر خواہ۔ حسب مرضی۔ حسب منشا۔ حسب مراد

خوض: ۱۔ سوچ۔ فکر۔ غور۔ اندیشہ۔ بچار
۲۔ تحقیق۔ تدقیق۔ تفتیش۔ تفحص۔ جستجو۔ تجسس۔ کاوش

خوف: ڈر۔ ہول۔ بھے۔ بیم۔ دہشت۔ ہراس۔ باک۔ ترس۔ خطر

اندیشہ ۔ خدشہ ۔ دحشت

خوف زدہ : خائف ۔ مخوف ۔ ڈرپوک ۔ دہشت زدہ ۔ ہراساں ۔ ترساں ۔
ترسندہ ۔ وحشت زدہ
خوف زدگی : تخویف ۔ ترہیب ۔ دہشت زدگی ۔ ہراسانی ۔ ترسندگی ۔
وحشت زدگی
خوف ناک : ڈراؤنا ۔ ہول ناک ۔ پُرہول ۔ بھیانک ۔ دہشت ناک ۔
پُرہراس ۔ بیم ناک ۔ خطرناک ۔ پُرخطر ۔ اندیشہ ناک ۔ مخدوش ۔
وحشت ناک ۔ ترس ناک
خوف ناکی : ڈراؤناپن ۔ ہول ناکی ۔ بھیانک پن ۔ دہشت ناکی ۔ بیم ناکی ۔
خطرناکی ۔ اندیشہ ناکی ۔ وحشت ناکی ۔ ترس ناکی

خوک : خنزیر ۔ سُوّر ۔ بنیلا

خول : ۱۔ چھلکا ۔ پوست ۔ چھال
۲۔ غلاف ۔ لفافہ ۔ پوشش ۔ پنجرا
۳۔ نیام ۔ میان

خون : ۱۔ لہو ۔ دم ۔ رکت ۔ رَت ۔ سرخ آب ۔ رُودھر ۔ بلڈ
۲۔ قتل ۔ خون ریزی ۔ فساد ۔ کُشت وخون
۳۔ نسل ۔ نژاد ۔ جنس ۔ اولاد ۔ ذرّیت ۔ رشتے دار

خون آلود : خون بھرا ۔ لہو بھرا ۔ لہولہان
خون بہا : دیت ۔ کفارۂ قتل ۔ تاوانِ قتل ۔ جان کی قیمت
خون خرابہ : خون ریزی ۔ قتل وغارت ۔ کُشت وخون ۔ فساد و ہنگامہ
خوں خوار : خوں آشام ۔ سفّاک ۔ ظالم ۔ ستم گر ۔ بے رحم ۔ درندہ ۔
قاتل ۔ خونی
خوں خواری : خوں آشامی ۔ سفّاکی ۔ ظلم ۔ ستم گری ۔ بے رحمی ۔ درندگی ۔
قتل ۔ کُشت وخون
خون ریز : قاتل ۔ خونی ۔ سفّاک ۔ ظالم ۔ ستم گر ۔ بے رحم ۔ خوں افشاں
خوں ریزی : قتل وغارت ۔ کُشت وخوں ۔ سفاکی ۔ ظلم ۔ بے رحمی ۔
خوں افشانی ۔ فساد ۔ خون خرابہ
خوں گرفتہ : اجل رسیدہ ۔ قابل قتل ۔ کشتنی
خوں گشتہ : ۱۔ خوں آلود ۔ لہولہان
۲۔ ناکام ۔ نامراد

خونِ پنہاں ــــ خونِ حلال ــــ خونِ برمحل ــــ
خونِ بخشیدہ ــــ خون چکاں ــــ خونِ فاسد ــــ
خونِ تباہ شدہ ــــ خونِ افسردہ ــــ خونِ شفق
ــــ خونِ شفق فام ــــ خونِ شفق رنگ ــــ
خونِ شفق گوں ــــ خونِ ثابت ــــ خونِ ناب ــــ
خونِ ناحق ــــ خونِ مُردہ ــــ خون رنگ ــــ
خونِ مُفات ــــ خونِ اطلس ــــ خونِ بے قصاص
ــــ شبِ خون ــــ دیدۂ خوں بار ــــ خونِ گل رنگ
ــــ خوننابہ فشاں ــــ جوشِ خون ــــ جرے خون
ــــ بخوں غلطیدہ ــــ زیادتیِ خون ــــ کمیِ خون
ــــ موجِ خون ــــ عشقِ گرم خوں ــــ ناپاک خون ــــ
خونِ بہار ــــ خونِ گلستاں ــــ خونِ تمنّا ــــ
خونِ خوابیدہ ــــ نہرِ خون ــــ خون بازی ــــ
کشیدہ خوں ــــ خونِ حنا ــــ خونِ حنا رنگ ــــ
دامن بخوں ــــ خونِ آستیں

خونِ خود بدستِ خود
خون لگا کر شہیدوں میں نام لکھوانا
خون سر چڑھ کر بولتا ہے

خونی : قاتل ۔ سفّاک ۔ خون ریز ۔ ظالم ۔ ستم گر

خونیں : منسوب بہ خون ۔ خونی ۔ خون آلود

خونیں جگر : (کنایتہً) عاشق ۔ محب ۔ پریمی ۔ دل زدہ ۔ مغموم ۔ غم گیں ۔
مہجور ۔ فرقت زدہ

خویش : ۱۔ خود۔ آپ
۲۔ اپنا۔ قریبی۔ عزیز۔ یگانہ۔ رشتہ دار
۳۔ داماد۔ جنوائی

خویشاوند : یگانہ۔ قریبی۔ عزیز۔ رشتہ دار

خویشاوندی : یگانگی۔ یگانگت۔ قرابت۔ عزیز داری۔ رشتہ داری

خویشی : ۱۔ اپنایت۔ اپنا آپا۔ خودی۔ ذات
۲۔ قرابت۔ یگانگت۔ یگانگی۔ عزیزداری۔ رشتہ داری

خہے : واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ مرحبا۔ آفریں۔ شاباش

خیاباں : ۱۔ سڑک۔ شارع۔ راہ۔ راستہ
۲۔ کیاری۔ کھیت۔ قطعہ
۳۔ چمن۔ پھلواڑی۔ گلستان

خیار : ۱۔ کھیرا۔ ککڑی۔ تر
۲۔ اختیار۔ پسند۔ انتخاب۔ چناؤ
۳۔ ابرار۔ اہلِ خیر۔ نیکاں۔ پاکاں

خیّاط : درزی۔ پارچہ دوز۔ جامہ دوز۔ ٹیلر ماسٹر

خیال : ۱۔ تصور۔ تفکر۔ فکر۔ اندیشہ۔ دھیان۔ سوچ۔ تخیّل۔ چیت
۲۔ وہم۔ گمان۔ ظن۔ قیاس۔ اندازہ
۳۔ رائے۔ تجویز۔ سمجھ۔ فہم۔ منصوبہ
۴۔ ارادہ۔ قصد۔ عزم
۵۔ منشا۔ مرضی۔ مقصد۔ مدعا۔ مراد۔ چیت
۶۔ پاس۔ لحاظ۔ مروّت
۷۔ توجہ۔ التفات
۸۔ دُھن۔ خبط۔ ترنگ۔ جنون۔ موج

خیال انگیز : فکر انگیز۔ محرکِ تفکر
خیال انگیزی : فکر انگیزی۔ تحریکِ تفکر۔ دعوتِ غور و فکر
خیال بیں : قیافہ شناس۔ صاحبِ کشف۔ غائب داں۔ غیب داں
خیال بینی : قیافہ شناسی۔ کشف۔ غائب دانی۔ ٹیلی پیتھی۔ غیب دانی
خیال بندی : سلسلۂ خیال۔ سلسلۂ تصور۔ خیالی تصویر۔ واہی تصویر
خیال پرست : ۱۔ واہمی۔ توہم پرست۔ وہم پرست۔ خبطی۔ وہمی
۲۔ من موجی۔ خود رائے
خیال پرستی : ۱۔ توہم پرستی۔ وہم پرستی۔ خبط۔ وسواس۔
۲۔ خود رائی
خیالِ خام : بیہودہ خیال۔ لغو خیال۔ قیاسِ باطل
خیالِ فاسد : بُرا خیال۔ قیاسِ باطل۔ مفسدانہ فکر

رنگین خیال ـــ روشن خیال ـــ بلند خیال ـــ
پاکیزہ خیال ـــ عالی خیال ـــ پریشاں خیال ـــ
پست خیال ـــ تاریک خیال ـــ تنگ خیال ـــ
نازک خیال ـــ نیک خیال ـــ خام خیال ـــ
جادو خیال ـــ عام خیالی ـــ خوش خیالی ـــ
عالی خیالی ـــ بلند خیالی ـــ پاکیزہ خیالی ـــ
خیال و خواب ـــ خیال نو ـــ خیالات

خیالی : واہمی۔ قیاسی۔ ظنّی۔ موہوم۔ بادہوائی

خیانت : ۱۔ بد دیانتی۔ بے ایمانی۔ غبن۔ تغلّب۔ چوری۔ دُزدی۔ امانت میں چوری
۲۔ دھوکا۔ فریب۔ دم۔ چُھل۔ مکر۔ عیاری

خیانت پیشگی : بد دیانتی۔ بے ایمانی۔ دغا بازی۔ مکاری۔ عیّاری۔ فریب
خیانت پیشہ : بد دیانت۔ خائن۔ بے ایمان۔ دغا باز۔ مکار۔ عیّار۔ فریبی

خیر: ۱۔ نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ خوبی
۲۔ فلاح۔ بہبود
۳۔ خیریت۔ سلامتی۔ تندرستی۔ صحت مندی۔ عافیت۔ خیروعافیت
۴۔ برکت۔ افزائش۔ بالیدگی۔ ترقی۔ بڑھوتری
۵۔ ٹھیک۔ بجا۔ درست۔ خوب
۶۔ اچھا۔ بہتر۔ بہترین۔ اعلیٰ۔ عمدہ

خیرالاُمم: بہترین امم۔ بہترین اقوام۔ مراداً اُمتِ مرحومہ۔ اُمتِ مسلمہ۔ اہلِ اسلام۔ مسلمان قوم
خیرالانام: بہترین مخلوقات۔ مراداً پیغمبرِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم
خیرالبشر: بہترین انسان۔ کنایتہً پیغمبرِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم
خیرالقرون: بہترین زمانہ۔ کنایتہً دورِ پیغمبرِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم و اصحابِ رسول
خیرالنساء: بہترین عورت۔ کنایتہً بنتِ رسول اللہ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا
خیرالوریٰ: بہترین مخلوقات۔ خیرالانام۔ کنایتہً پیغمبرِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم
خیراندیش: خیرخواہ۔ خیرسگال۔ بہی خواہ۔ نیک خواہ۔ دوست
خیراندیشی: خیرخواہی۔ خیرسگالی۔ بہی خواہی۔ نیک خواہی۔ دوستی
خیرباد: خداحافظ۔ الوداع۔ اللہ بیلی۔ رخصت۔ مستقل رخصت۔ ہمیشہ کے لیے رخصتی۔ فی امان اللہ۔ رب راکھا۔ بائی بائی۔ گڈ بائی۔ ٹاٹا
خیر(و) برکت: بہبود۔ فلاح۔ ترقی۔ عروج۔ بالیدگی۔ افزائش۔ بڑھوتری
خیرخواہ: خیراندیش۔ خیرسگال۔ بہی خواہ۔ نیک خواہ۔ خیرطلب
خیرخواہی: خیراندیشی۔ خیرسگالی۔ بہی خواہی۔ نیک خواہی۔ خیرطلبی
خیرسگال: خیراندیش۔ خیرخواہ۔ بہی خواہ۔ نیک خواہ۔ خیرطلب
خیرسگالی: خیراندیشی۔ خیرخواہی۔ بہی خواہی۔ نیک خواہی۔ خیرطلبی
خیرطلب: خیرخواہ۔ خیراندیش۔ خیرسگال۔ بہی خواہ۔ نیک خواہ۔ طالبِ خیر
خیرطلبی: خیرخواہی۔ خیراندیشی۔ خیرسگالی۔ بہی خواہی۔ نیک خواہی۔ طلبِ خیر
خیرمقدم: استقبال۔ پیشوائی۔ ترحیب

خیروعافیت: صحت وسلامتی۔ تندرستی

خیرسلّا — خیرخیریت — خیرخبر — خیرمحض

خیرباشد کدھر کرم کیا
خیرالامور اوسطہا
خیرجو ہوا سو ہوا

خیرات: صدقہ۔ زکوٰۃ۔ دان۔ پُن۔ تصدق۔ آرازشں۔ پیرائی

خیرات خانہ: لنگرخانہ۔ محتاج خانہ۔ سدابرت

خیرگی: ۱۔ چکاچوند۔ تیرگی۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ چُندھیانا
۲۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ وحشت۔ اضطراب
۳۔ کدورت۔ کینہ۔ عداوت۔ عناد۔ رنجش

خیرہ: ۱۔ تاریک۔ تیرہ۔ اندھیرا
۲۔ بے حیا۔ بے شرم۔ نرلج۔ بے غیرت
۳۔ کینہ ور۔ کینہ توز۔ بدخواہ۔ بدسگال۔ بداندیش
۴۔ خودپسند۔ خودبیں۔ خودنگر۔ مغرور۔ متکبر
۵۔ شوخ۔ گستاخ۔ بے ادب
۶۔ حیران۔ پریشان۔ مضطرب۔ متحیر۔ مبہوت

خیرہ چشم: ۱۔ شپرہ چشم۔ تاریک نظر۔ تیرہ نگاہ
۲۔ شوخ۔ گستاخ۔ بے باک۔ بے ادب
۳۔ حیران۔ پریشان۔ متحیر۔ مبہوت۔ مضطرب
خیرہ چشمی: ۱۔ شپرہ چشمی۔ تاریک نظری۔ تیرہ نگاہی
۲۔ شوخی۔ گستاخی۔ بے باکی۔ بے ادبی
۳۔ حیرانی۔ پریشانی۔ تحیر۔ اضطراب
خیرہ سر: ۱۔ مغرور۔ متکبر۔ سرکش۔ متمرد۔ گستاخ
۲۔ بیہودہ۔ لغو۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت

خیرہ سری: ۱۔ عُجب۔ غرور۔ تکبر۔ سرکشی۔ گستاخی
۲۔ بیہودگی۔ لغویت۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے غیرتی

خیریت: ۱۔ تندرستی۔ صحت مندی۔ سلامتی۔ بچاؤ
۲۔ بھلائی۔ نیکی۔ خوبی۔ بہتری۔ بہبود۔ فلاح

خیریت طلب: خیر طلب۔ خیر خواہ۔ خیر اندیش۔ نیک خواہ۔ بہی خواہ۔ طالب خیریت

خیریت طلبی: خیر طلبی۔ خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ نیک خواہی۔ بہی خواہی۔ طلبِ خیر

خیز: (امر خاستن = اٹھنا)

زرخیز — مردم خیز — شب خیز — سحر خیز —
صبح خیز — عبرت خیز — قیامت خیز — تعجب خیز
— مسرت خیز — نوخیز — موج خیز — آب خیز
— پس خیز — پیش خیز — جلوہ خیز —
خارخیز — چہرہ خیز — رست خیز — رد خیز —
زرخیزی — شب خیزی — قیامت خیزی —
گراں خیز — نوخیزی — تعجب خیزی — گرم خیز

خیزش: تیزی۔ استادگی۔ نمو۔ اٹھان۔ سرمستی۔ ایستادگی۔ کھجلی۔ خارش۔ خرمستی

خیط: دھاگا۔ تاگہ۔ ڈورا۔ ڈوری۔ سلک۔ سلسلہ

خیل: ۱۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ خاندان۔ جنس۔ کُٹم
۲۔ گروہ۔ جتھا۔ غول۔ جماعت۔ انبوہ۔ ہجوم

خیلا: ۱۔ لغو۔ بیہودہ۔ پوچ
۲۔ پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔ بے سلیقہ۔ بے قرینہ۔ بے تمیز
۳۔ احمق۔ بیوقوف۔ نادان۔ ابلہ۔ مُورکھ
۴۔ سڑی۔ سٹربلتی۔ سودائی

خیلاپن: ۱۔ لغویت۔ بیہودگی
۲۔ پھوہڑپن۔ بدسلیقگی۔ بے سلیقگی۔ بے تمیزی
۳۔ حماقت۔ حمق۔ بیوقوفی۔ نادانی۔ ابلہی۔ مُورکھ پن

خیمہ: ڈیرا۔ تنبو۔ ٹینٹ۔ چھولداری۔ شامیانہ۔ سراپردہ۔ بارگاہ۔ خبا۔ منڈل۔ خرگاہ۔ پنڈال۔ پڑاؤ۔ مضرب

خیمہ گاہ ۱۔ قرارگاہ۔ قیام گاہ۔ دارالقیام۔ پڑاؤ۔ دارالنیام۔ رسالہ۔ کیمپ
۲۔ لشکرگاہ۔ معسکر۔ چھاؤنی
۳۔ چھولداری۔ بارگاہ

خیمہ زن — خیمہ دوز — خیمہ گاہ — خیمہ صحرائی
— خیمہ سراوقات — پردۂ خیمہ —
خیمۂ سفید رنگ — خیمۂ زریں میخ —
خیمۂ سیمیں ستون — خیمۂ زریں چوب —
خیمۂ آسمان انداز — خیمہ سرا

د

داتا : ۱۔بخشندہ۔مُفیض۔فیاض۔سخی۔کریم۔کرم گستر۔جواد
۲۔رُزّاق۔رزاق۔ربّ۔خدا۔داتی۔مالک
۳۔فقیر۔درویش۔سائیں۔سادھو

داتاپن : ۱۔بخشش۔بخشندگی۔فیض۔فیاضی۔جود۔سخاوت۔کرم۔
کرم گستری
۲۔رزاقی۔رازقیت۔ربوبیّت
۳۔فقر۔فقیری۔درویشی

داتاپن کرے کنجوس جھُر جھُرے۔
داتا داتا مر گئے رہ گئے مکھی چوس
داتا دان دے/کرے، بھنڈاری کا پیٹ پھٹے/پھُوٹے
داتا دیوے اور شرماوے، بادل برسے اور گرماوے

داخل : ۱۔شامل۔ملحق۔پیوستہ۔متصل۔منسلک۔شریک
۲۔اندر۔اندروں۔بھیتر۔بطن۔بطون
۳۔برابر۔مساوی۔مانند۔مثل

داخلِ دفتر : شامل مسل۔نامنظور۔ملتوی

داخلہ : ۱۔باریابی۔شمول۔سپردگی۔حوالگی
۲۔رسید۔محصول شمول۔محصول شرکت
۳۔شمول۔شمولیت۔شرکت

۴۔دروازہ۔اندرونی راستہ۔باب۔دوار

داخلی : ۱۔شامل۔داخل۔اندرونی۔مشمولہ۔ملحقہ
۲۔جبلّی۔طبعی۔فطری۔خِلقی۔قدرتی

داخلیت : باطنیت۔موضوعیت

داد : ۱۔عطا۔بخشش۔فیض۔دین۔دہش
۲۔عدل۔انصاف۔نیائے۔نیاؤ۔دادری۔عدل گستری۔
معدلت۔حق وانصاف۔منصفی
۳۔فریاد۔فغاں۔دُہائی۔نالہ۔استغاثہ۔نالش
۴۔سزا۔پاداش۔بدلہ۔عوض۔معاوضہ۔انتقام
۵۔تحسین۔آفرین۔ستائش

دادبخش/گر : عادل۔منصف۔دادر۔دادگستر۔عدل گستر۔
انصاف پرور۔
دادبخشی/گری : عدل۔انصاف۔دادری۔دادگستری۔عدل گستری۔
انصاف پروری۔منصفی
دادخواہ : فریادی۔مستغیث۔طالب انصاف۔جویائے عدل
دادخواہی : فریاد۔نالش۔استغاثہ۔طلب انصاف۔انصاف خواہی
عدل طلبی۔انصاف پژوہی
دادرس : فریادرس۔منصف۔عادل۔دادگر۔دادگستر
دادطلب : ۱۔دادخواہ۔انصاف طلب۔طالب عدل۔فریادی

مستغیث
۲۔ خواہانِ تحسین ۔ طالبِ تعریف ۔ ستائش طلب

دادطلبی: ا۔ دادخواہی ۔ انصاف طلبی ۔ طلبِ عدل ۔ فریاد ۔
استغاثہ
۲۔ طلبِ تحسین ۔ طلبِ تعریف ۔ ستائش طلبی

دادگاہ: انصاف گاہ ۔ دارالانصاف ۔ عدالت ۔ کچہری ۔ دارالعدل

دادگستر: دادبخش ۔ دادگر ۔ منصف ۔ عادل ۔ داور ۔ عدل گستر ۔
انصاف پرور ۔ دادبخش

دادگستری: دادبخشی ۔ دادگری ۔ انصاف ۔ عدل ۔ داوری ۔
عدل گستری ۔ انصاف پروری

دادودہش: سخاوت ۔ فیاضی ۔ کرم گستری ۔ عطا ۔ بخشش ۔ جود ۔
کرم ۔ فیض

دادوستد: لین دین

دادا: ا۔ جدّ ۔ پدرِ پدر ۔ ابوالاب ۔ نیا ۔ ابوالآبا ۔ پتامہ
۲۔ بزرگ ۔ سلف ۔ مورث

دادی: جدّہ ۔ مادرِ پدر ۔ اُمُّ الاب

دار: ا۔ سُولی ۔ صلیب ۔ پھانسی
۲۔ درخت ۔ شجر ۔ برچھ ۔ برکش ۔ پیڑ ۔ بُوٹا

دار: ا۔ بیت ۔ مکان ۔ گھر ۔ خانہ ۔ محل ۔ قصر ۔ مقام ۔ مسکن
۲۔ گلی ۔ کوچہ ۔ محلہ ۔ ٹولا
۳۔ شہر ۔ قصبہ ۔ بستی ۔ قریہ
۴۔ علاقہ ۔ خطّہ ۔ مُلک ۔ دیس

دارالآخرت: مقامِ آخرت ۔ عُقبیٰ ۔ جہانِ دیگر ۔ دوسری دنیا

دارالادب: تعلیم گاہ ۔ درس گاہ ۔ مدرسہ ۔ مکتب ۔ دبستان ۔
دانش گاہ ۔ دارالعلم ۔ پاٹھ شالا ۔ ودیا استھان

دارالاسلام: اسلامی ملک

دارالاقامت: اقامت گاہ ۔ قیام گاہ ۔ مسکن ۔ قرارگاہ ۔ دارالقرار ۔
مستقر ۔ سکونت گاہ ۔ دارالقیام ۔ ہوسٹل ۔ سرائے

دارالامارت: راجدھانی ۔ دارالحکومت ۔ پایۂ تخت ۔ دارالسلطنت
دارالخلافہ ۔ تخت گاہ

دارالامان: مامن ۔ مقامِ امن ۔ امن گاہ ۔ پناہ گاہ ۔ ملجا

دارالایتام: دارالیتامیٰ ۔ یتیم خانہ ۔ مسکنِ یتامیٰ ۔ بیت الیتامیٰ

دارالبقا: دارالآخرت ۔ عقبیٰ ۔ عالمِ آخرت

دارالبوار: ہلاکت گاہ ۔ دوزخ ۔ جہنم ۔ جحیم

دارالجزا: دارالمکافات ۔ دارالآخرت ۔ عالمِ آخرت

دارالحرب: ا۔ مُلکِ کفار
۲۔ جنگاہ ۔ رزم گاہ

دارالحکومت: راجدھانی ۔ دارالسلطنت ۔ دارالخلافہ ۔ پایۂ تخت
تخت گاہ ۔ دارالامارت ۔ دارالملک ۔ صدر مقام ۔ مستقرِ
دولت ۔ کیپٹل

دارالخلافہ: دارالامارت ۔ دارالحکومت ۔ دارالسلطنت ۔ پایۂ تخت ۔
تخت گاہ ۔ راجدھانی

دارالسلام: ا۔ مامن ۔ دارالامن ۔ جائے امن ۔ مقامِ امن
۲۔ بہشت ۔ جنت ۔ جنان ۔ نعیم ۔ فردوس ۔ ارم ۔ عدن ۔ خُلد

دارالسلطنت: دارالامارت ۔ دارالحکومت ۔ دارالخلافہ ۔ پایۂ تخت ۔
تخت گاہ ۔ راجدھانی

دارالسرور: طرب گاہ ۔ دارالنشاط ۔ بیت السرور ۔ نشاط گاہ ۔
آرام گاہ

دارالشرع: دادگاہ ۔ عدالت ۔ کچہری ۔ شرعی عدالت

دارالشفا: شفاخانہ ۔ مستشفیٰ ۔ بیمارستان ۔ اسپتال ۔ ہسپتال ۔
صحت گاہ ۔ دارالصحت

دارالشوریٰ: مشورت گاہ ۔ دربار ۔ جلسہ گاہ ۔ پارلیمان ۔ پارلیمنٹ ۔
اسمبلی

دارالصحت: صحت گاہ ۔ دارالشفا ۔ شفاخانہ ۔ مستشفیٰ ۔ اسپتال ۔
بیمارستان ۔ ہسپتال

دارالضرب: ٹکسال ۔ سکہ خانہ ۔ درم خانہ ۔ منٹ

دارالضیف: مہمان خانہ ۔ مہمان گھر

دارالعدالت : دادگاہ۔ عدل گاہ۔ دارالعدل۔ دارالانصاف۔
انصاف گاہ۔ کچہری

دارالعلوم : ۱۔ دارالعلم۔ دارالادب۔ تعلیم گاہ۔ درس گاہ۔
مدرسہ۔ مکتب۔ دبستان۔ دانش گاہ۔ پاٹھ شالا۔ ودیالیہ۔
جامعہ
۲۔ دانش کدہ۔ کالج

دارالعمل : مقام عمل۔ جائے عمل۔ دنیا۔ جہان

دارالقرار : ۱۔ قرارگاہ۔ مستقر۔ مسکن۔ سکونت گاہ۔ گھر۔ مکان۔
خانہ۔ دارالقیام۔ قیام گاہ
۲۔ بہشت۔ جنت۔ جنان۔ نعیم۔ فردوس۔ خلد۔ ارم۔
سورگ۔ بیکنٹھ

دارالقضا : دادگاہ۔ دارالعدل۔ دارالانصاف۔ عدالت۔ کچہری۔
دارالعدالت

دارالقمار : قمارخانہ۔ جوئے خانہ۔ جوا گھر۔ کسینو

دارالکتب : کتب خانہ۔ کتاب گھر۔ لائبریری

دارالمحن : کلفت گاہ۔ مقام رنج۔ مقام تکلیف۔ کنایۃً دنیا

دارالمرض : بیمارستان۔ شفا خانہ۔ دارالشفا۔ مستشفیٰ۔ دارالصحت۔
صحت گاہ۔ ہسپتال۔ اسپتال

دارالمکافات : دارالجزا۔ کنایتہً عالم آخرت

دارالنشاط : دارالسرور۔ طرب گاہ۔ عیش گاہ۔ عیش محل۔ مقام عیش
ونشاط۔ نشاط گاہ

دار : (امر داشتن = رکھنا)

آئینہ دار — آب دار — بل دار — بیل دار
— بھڑک دار — بہار دار — پتی دار —
پٹی دار — پہرے دار — پلے دار — پھل دار
— تہ دار — توڑے دار — پہلو دار —
تھانے دار — تحصیل دار — ٹاپ دار —
ٹھرک دار — ٹھیکیدار — گتہ دار — ٹوپی دار
— بندوق دار — پھول دار — جالی دار —
گتہ داری — جان دار — خاردار — جانب دار
— جمعدار — جلو دار — جھالر دار —
جوڑ دار — چھلکے دار — چوب دار — خانہ داری
— جیب دار — چوکیدار — دکاندار —
حیا دار — خبردار — داغ دار — رازدار —
دربار داری — دکھوے دار — دفعدار —
دربار دار — دلدار — دم دار — دنیا دار —
دماغ دار — دین دار — دھار دار — دوست دار
— دنبالہ دار — استخوان دار — باودار —
(دستگیر) — بار دار — پا دار — بادو دار —
پردہ دار — پاسدار — پری دار — پشت دار
— تاب دار — تخت دار — تحویل دار —
طشت دار — تاجدار — سایہ دار — جگردار
— جہاں دار — چیلہ دار — حوصلہ دار —
مغز دار — جوہر دار — خویشتن دار — دُم دار
— روزدار (خدمت گار) — دامن دار
— طرح دار — پاسدار — وضع دار —
کلغی دار — طرف دار — ظاہر دار — عذرداری
— عزادار — عزت دار — عہدہ دار —
علم دار — عہدہ داری — عیال دار —
فوجدار — عیب دار — غرارہ دار — قطرہ دار
— قرابت دار — قرض دار — قوم دار —
کاردار — کام دار — کارخندار — کٹاری دار
— پھندنے دار — ڈھکنے دار — رونق دار —
زردار — ریشہ دار — زرداری — زنار دار
— زمین دار — زور دار — روپے دار —
زہردار — سایہ دار — سردار — سررشتہ دار
— سوراخ دار — شاخ دار — سینگ دار
— شجر دار — شان دار — امانت دار —
شعور دار — صحبت دار — صراحی دار —
صوبہ دار — صورت دار — صیغہ دار —

روزہ دار — ضلعدار — مایہ دار — محلہ داری
— سرمایہ دار — مزاج دار — محراب دار
— مزے دار — مصالح دار — معانی دار
— تنخواہ دار — مکان دار — ملاپ دار —
منصب دار — منت دار — مہماں دار —
نکیہ دار — میوہ دار — مینا دار — ناکے دار
— نسل دار — نام دار — نمدار — نوک دار
— وثیقہ دار — نیزہ دار — ہوادار —
یرنک دار — یومیہ دار — جھی دار —
آنچلے دار — کھیوٹ دار — کرایہ دار —
کمان دار — بجتے دار — گچھے دار — وجتے دار
— کنی دار — گجر دار — گنجینہ دار —
گرہ دار — گنڈے دار — ٹونٹی دار — گنڈیری دار
— گل دار — گوٹے دار پگڑی — کھڑکی دار پگڑی
— گھن دار — گھیر دار — ناتہ دار —
لاگ دار — لس دار — لچک دار — لچھے دار
— لبس دار — لعاب دار — لوچ دار —
لنگوٹ دار کنکوا — ماتم دار — باری دار —
مال دار — دیانت دار — باڑھ دار —
دھاری دار — دیانت داری — ایماندار —
ڈیوڑھی دار — ذمہ دار — ذائقہ دار —
ڈگری دار — ذیل دار — رازدار — راہ دار
— رسال دار — نمبردار — رشتہ دار
— رکاب دار — رنگ دار — رعب دار
— رنگدار — رواج دار (چپلیا) سرمایہ داری —
رودار — روادار — رواداری — سال دار
(کمن دار) مہمان داری — سبحہ دار (زاہد) کرایہ داری —
سپہ دار — شاخ دار — شکم دار (توندل) ایمانداری
— طوق دار (قیدی) رازداری — غاشیہ دار
(رکاب دار) مہرداری — کلید دار — کمر دار (خادم)
— گیسو دار — لشکر دار — بردار —

میان دار (دلال)

دارا: ۱۔ مالک۔ آقا۔ خداوند
۲۔ بادشاہ۔ ملک۔ سلطان۔ راجا۔ رئیس۔ فرماں روا۔ حکم راں۔ صاحب امر۔ آمر
۳۔ دیوتا

دارائی: ۱۔ مالکی۔ مالکیت۔ آقائی۔ خدائی
۲۔ بادشاہی۔ سلطنت۔ راج۔ ریاست۔ فرماں روائی۔ حکم رانی
۳۔ دیوتا پن

دارو: ۱۔ دوا۔ علاج۔ چارہ۔ معالجہ۔ درماں
۲۔ شراب۔ مے۔ بادہ۔ صہبا۔ خمر۔ مدھ
۳۔ بارود

داروغہ: ۱۔ محافظ۔ نگران۔ نگہبان۔ نگہدار۔ مہتمم۔ منتظم
۲۔ تھانے دار۔ کوتوال
۳۔ سرغنہ۔ سرگروہ۔ سرکردہ۔ سربراہ۔ سربرآوردہ

دار ومدار: ۱۔ انحصار۔ قرار۔ ٹھہراؤ۔ بنیاد۔ بنا۔ اساس
۲۔ فیصلہ۔ تصفیہ

داس: ۱۔ عبد۔ غلام۔ بندہ۔ خانہ زاد
۲۔ نوکر۔ چاکر۔ خادم۔ خدمت گار۔ خدمت گزار۔ ملازم
۳۔ شاگرد۔ مرید۔ چیلا۔ چیرا۔ تلمیذ

داستان: ۱۔ حکایت۔ کہانی۔ قصہ۔ کتھا۔ افسانہ۔ اسطورہ۔ سٹوری
۲۔ ماجرا۔ سرگزشت۔ واقعہ۔ تاریخ۔ ذکر

داستان گو: حاکی۔ قاصی۔ قصہ گو۔ قصہ خواں۔ افسانہ خواں۔ افسانہ گو

داستان گوئی: قصہ گوئی۔ قصہ خوانی۔ افسانہ گوئی۔ افسانہ خوانی۔ حکایت گوئی

داستانِ حیات ـــ داستانِ غم ـــ
داستانِ دل ـــ داستاں در داستاں ـــ

داسی : ۱۔ عبدہ۔ کنیز۔ لونڈی۔ باندی۔ پرستار
۲۔ نوکرانی۔ خادمہ۔ ملازمہ
۳۔ شاگرد۔ تلمیذہ۔ مریدہ۔ چیلی۔ چیری

داشت : ۱۔ خبر گیری۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ حفاظت
۲۔ تحفہ۔ ارمغان۔ سوغات۔ ہدیہ۔ پیش کش

داشتہ : غیر منکوحہ بیوی۔ مدخولہ

داعی : ۱۔ خوانندہ۔ دعوت دہندہ۔ طلب گار
۲۔ دعاگو۔ دعاکنندہ
۳۔ مدعی۔ مستغیث۔ فریادی۔ دادخواہ

داعیہ : ۱۔ خواہش۔ مرضی۔ منشا۔ مراد۔ مقصد۔ مدعا
۲۔ اجارہ۔ دعویٰ۔ زور۔ حوصلہ

داغ : ۱۔ نشان۔ دھبا۔ چتی۔ گل۔ ٹیکا۔ کلنک کا ٹیکہ۔ بٹہ
۲۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ کمی۔ خامی
۳۔ رنج۔ غم۔ الم۔ اندوہ۔ حزن۔ صدمہ
۴۔ رشک۔ حسد۔ جلن۔ جلاپا۔ ڈاہ

داغدار: داغی۔ دغیلا۔ ناقص۔ عیب دار۔ معیوب۔ سقیم

داغِ شوق ـــ داغ بر دل ـــ داغِ سرد مہری
ـــ پنبہ بر داغ ـــ نمک بر داغ ریختن ـــ
داغِ وفا ـــ داغِ ناکامی ـــ داغِ ہجراں ـــ

داغِ تغافل ـــ داغِ محبت ـــ داغ لگنا ـــ
داغ لگانا ـــ داغ لگ جانا ـــ داغ مٹانا ـــ
داغ دھونا ـــ داغ اُتارنا ـــ داغ سینہ تاب
ـــ داغِ تمغ ـــ داغِ خونِ گرم ـــ داغِ خوں چکاں
ـــ داغِ خوں فشاں ـــ داغِ سودا ـــ داغِ تازہ
ـــ داغِ بیعزتی ـــ داغِ نمایاں ـــ داغِ ناسور
ـــ داغِ حسرت ـــ داغِ غمِ صبح ـــ داغِ گل
ـــ داغِ بہار ـــ داغِ چراغ ـــ داغِ چمن ـ
داغِ لالہ ـــ داغِ گلِ ہزار رنگ ـــ داغِ سوداگیر
ـــ داغِ بہا سوختگی ـــ داغ پنبہ بداغ ـــ
داغِ الماس افشاں ـــ داغِ نو ـــ داغِ تباہی ـ
ـــ داغِ بربادی ـــ داغِ دل ـــ داغِ محرومی
ـــ داغِ مرہم ـــ داغِ تمنا ـــ داغِ آرزو

داغی : ۱۔ داغدار۔ دغیلا۔ ناقص۔ عیب دار۔ معیوب۔ سقیم
۲۔ سزا یافتہ۔ مجرم

دام : ۱۔ جال۔ پھندا۔ پھاہی
۲۔ چرندہ۔ چوپایہ۔ مویشی
۳۔ قیمت۔ مول۔ بہا۔ ثمن
۴۔ روپیہ۔ پیسہ۔ مال۔ دولت۔ دھن۔ سرمایہ۔ متاع۔ پونجی۔
مایہ۔ بضاعت

داماد: شوہرِ دختر۔ جنوائی۔ دولہا۔ نوشہ۔ جمائی

دامادی : ۱۔ منصبِ داماد۔ حقِ داماد
۲۔ شادی۔ کدخدائی۔ بیاہ۔ بواہ۔ نکاح۔ عقد

دامان/دامن: ۱۔ پلو۔ آنچل۔ جھولی
۲۔ ناحیہ۔ اردگرد۔ سواد۔ تلیٹی
۳۔ دائرہ حرف

دامن آلود: گناہگار ۔ مجرم ۔ خاطی ۔ خطاکار ۔ قصوروار ۔ تقصیر دار ۔
پاپی ۔ اپرادھی ۔ عاصی ۔ آثم

دامن افشاں: تارک ۔ تیاگی ۔ بے تعلق ۔ لاتعلق

دامن افشانی: ترک ۔ تیاگ ۔ بے تعلقی ۔ لاتعلقی

دامن بدنداں: عاجز ۔ بے چارہ ۔ درماندہ ۔ بے بس

دامن بندی: شادی ۔ بیاہ ۔ نکاح ۔ عقد ۔ مناکحت ۔ براہ ۔ وواہ ۔
گٹھ بندھن ۔ ارتباط

دامن پاک: پاک دامن ۔ بے خطا ۔ بے قصور ۔ بے تقصیر ۔ معصوم ۔
بے لوث

دامن تر: تر دامن ۔ دامن آلود ۔ گناہگار ۔ مجرم ۔ خاطی ۔ خطاکار ۔
قصوروالا ۔ تقصیر دار ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ عاصی ۔ آثم

دامن دار: چوڑا ۔ عریض ۔ وسیع ۔ فراخ ۔ کشادہ

دامن داری: چوڑائی ۔ عرض ۔ پہنائی ۔ وسعت ۔ فراخی ۔ کشادگی

دامن دراز: بیوقوف ۔ نادان ۔ احمق ۔ ابلہ ۔ مورکھ

دامن گیر: ۱ ۔ مدد خواہ ۔ مستعین ۔ مستمد ۔ طالب حمایت
۲ ۔ مستغیث ۔ فریادی ۔ مدعی ۔ دادخواہ
۳ ۔ مزاحم ۔ حائل ۔ مانع ۔ روک

دامن گیری: ۱ ۔ مدد خواہی ۔ استعانت ۔ استمداد ۔ طلب حمایت ۔
حمایت طلبی
۲ ۔ استغاثہ ۔ فریاد ۔ نالش ۔ دادخواہی
۳ ۔ مزاحمت ۔ ممانعت ۔ رکاوٹ

خوش دامن ــــ فراخ دامن ــــ خشک دامن
ــــ دراز دامن ــــ تنگ دامن ــــ تہی دامن
ــــ کوتہ دامن

دان: ۱ ۔ صدقہ ۔ خیرات ۔ پُن ۔ بخشش
۲ ۔ تحفہ ۔ نذرانہ ۔ نذر ۔ چندہ ۔ عطیہ
۳ ۔ جہیز ۔ داج ۔ دہیز

دان ذنار: دانی ۔ مخیّر ۔ سخی ۔ فیّاض ۔ کریم ۔ داتا ۔ جواد

دان دتاری: فیاضی ۔ سخاوت ۔ کرم ۔ خیرات ۔ صدقہ ۔ جود وسخا

دانا: عقل مند ۔ دانش مند ۔ صاحب وقوف ۔ ہوشیار ۔ ہوش مند ۔
دانشمند ۔ عالم

دانائی: عقل مندی ۔ دانش مندی ۔ ہوشیاری ۔ ہوش مندی ۔ علم

دانت: ۱ ۔ دندان ۔ دندانہ ۔ سن ۔ ثغر ۔ مبسم
۲ ۔ میل ۔ رغبت ۔ خواہش ۔ مقصد ۔ ارادہ ۔ لالچ

دانت نکالنا ــــ دانت نکلنا ــــ دانت اکھاڑنا
ــــ دانت بجنا ــــ دانت بنانا ــــ دانت بندھوانا
ــــ دانت بھینچنا ــــ دانت پرکھنا ــــ
دانت پر میل نہ ہونا ــــ دانت ہلنا ــــ دانت پیسنا
ــــ دانت تلے انگلی دبانا ــــ دانت توڑنا ــــ
دانت جھاڑنا ــــ دانت جھڑنا ــــ دانت دکھانا
ــــ دانت دکھنا ــــ دانت سے دانت بجنا ــــ
دانت سے کاٹ کھانا ــــ دانت کاٹی روٹی ــــ
دانت کٹکٹانا ــــ دانت کرکرے ہونا ــــ
دانت کھٹے کرنا ــــ دانت لگنا ــــ دانت مارنا
ــــ دانت نکال دینا

ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور
دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے
دانت ٹوٹے کھُر گھِسے اور پیٹھ بوجھ نہ لے
ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھُس دے

دانست: علم ۔ آگاہی ۔ واقفیت ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ سمجھ ۔ فہم ۔ شعور

دانستہ: عمداً ۔ قصداً ۔ ارادۃً ۔ بالعمد ۔ بالقصد ۔ بالارادہ ۔ جان بوجھ کر

دیدہ ودانستہ ــــ دانستہ جرم ــــ دانستہ گناہ

دانش : ۱۔ علم۔ آگاہی۔ حکمت۔ فضیلت۔ ادراک
۲۔ عقل۔ دانائی۔ سمجھ۔ فہم۔ شعور

دانش کدہ : دارالعلوم۔ کلیہ۔ کالج۔ جامعہ
دانش گاہ : جامعہ۔ یونیورسٹی
دانش مند/ور : عالم۔ فاضل۔ دانا۔ صاحب حکمت۔ عقل مند۔
عاقل۔ ذہین۔ باشعور۔ ہوشیار۔ ہوش مند۔ نابغہ
دانش مندی/دانش وری : علم۔ فضل۔ دانائی۔ حکمت۔ عقل مندی۔
ذہانت۔ شعور۔ ہوشیاری۔ ہوش مندی

دانگ : سمت۔ طرف۔ جانب۔ جہت۔ اور

دانہ : ۱۔ حبّہ۔ بیج۔ تخم۔ بزر
۲۔ اناج۔ غلّہ
۳۔ عدد۔ شمار
۴۔ پھوڑا۔ پھنسی۔ آبلہ۔ پھپھولہ۔ چھالا
۵۔ کنکر۔ سنگ ریزہ۔ بھورا۔ سنگ راہ۔ ڑّا۔ چھرّا
۶۔ ذرّہ۔ ریزہ۔ کن

دانہ بندی : ۱۔ کنکوت۔ اندازہ پیداوار۔ تخمینہ پیداوار
۲۔ خام پیمائش۔ تخمینہ پیمائش۔ اندازہ پیمائش
دانہ پانی : ۱۔ آب و دانہ۔ ان جل۔ آب و خور۔ آب و رزقہ۔ رزق۔
روزی۔ خوراک
۲۔ قسمت۔ بھاگ۔ بخت۔ مقدر۔ مقسوم
۳۔ بود و باش۔ بود و ماند۔ سکونت

دانہ ڈالنا ــــ ساگودانہ ــــ بہدانہ ــــ انار دانہ ــــ
تلسی دانہ ــــ رام دانہ ــــ گرمی دانے ــــ کدو دانے
ــــ سنگ دانے ــــ گل دانہ ــــ الائچی دانہ ــــ
کالا دانہ ــــ خشک دانہ ــــ ہفت دانہ ــــ
شاہ دانہ ــــ یک دانہ ــــ چوب دانہ

دانی : بخشندہ۔ داتا۔ سخی۔ فیاض۔ کریم۔ کرم گستر۔ جواد۔ داتا

داور : ۱۔ منصف۔ عدل گستر۔ عادل۔ دادگر۔ دادگستر
۲۔ دارا۔ بادشاہ۔ ملک۔ سلطان۔ راجا۔ حاکم۔ حکم ران۔ فرماں روا۔
۳۔ صاحب امر۔ آمر

داوری : ۱۔ انصاف۔ عدل گستری۔ دادگستری۔ دادگری۔ عدالت
۲۔ دارائی۔ بادشاہی۔ سلطنت۔ راج۔ حکومت۔ حکم رانی۔
فرماں روائی
۳۔ مقدمہ۔ جھگڑا۔ نالش

داوری گاہ : دادگاہ۔ عدالت۔ کچہری۔ دارالعدل۔ دارالعدالت۔
دارالانصاف۔ دارالقضا

داہنا : دایاں۔ راست۔ سیدھا۔ یمین

دائر : ۱۔ گرداں۔ گردش کناں۔ محیط
۲۔ زیر تجویز۔ درپیش۔ زیر نظر۔ زیر غور

دائر و سائر : جاری۔ مشہور۔ دخیل۔ باثر

دائرہ : ۱۔ ہالہ۔ گھیرا۔ حلقہ۔ احاطہ۔ چکر۔ دور۔ محیط۔ گولائی۔ کنڈل۔ سرکل
۲۔ مجلس۔ محفل۔ بزم۔ انجمن۔ سبھا
۳۔ ڈیرا۔ اڈا۔ محلہ۔ ٹولا
۴۔ محکمہ۔ صیغہ۔ شعبہ
۵۔ دف۔ ڈفلی۔ چنگ۔ سنج

دائرۃ المعارف : مخزن العلوم۔ دائرۃ العلوم۔ قاموس العلوم۔ محیط العلوم۔

دائرہ ادب ــــ دائرہ مذہب ــــ دائرہ اخلاق
ــــ دائرہ انسانیت ــــ دائرہ حیوانیت

دائم : ہمیشہ ۔ سدا ۔ مدام ۔ متواتر ۔ مسلسل ۔ مستقل

دائم الحبس : عمر قیدی ۔ سدا قیدی
دائم الخمر : عادی شراب خور ۔ ہمہ وقت مخمور
دائم المرض : سدا روگی ۔ دائمی مریض

داؤ : ۱۔ چال ۔ حکمت ۔ تدبیر ۔ گھات ۔ پیچ
۲۔ فریب ۔ مکاری ۔ عیاری ۔ دم ۔ جھانسا ۔ حیلہ
۳۔ نوبت ۔ باری ۔ وار
۴۔ پانسا ۔ قرعہ
۵۔ بازی ۔ کھیل

دائی : ۱۔ دایہ ۔ جنائی ۔ قابلہ
۲۔ اناّ ۔ دودھ پلائی ۔ دوار ۔ خادمہ ۔ کھلائی ۔ گورنس
۳۔ دہندہ ۔ بخشندہ ۔ عطا کنندہ ۔ معطی

دایاں : داہنا ۔ سیدھا ۔ راست ۔ یمین ۔ سجا ۔ رائٹ

دایاں بازو : کنایتہً اعتدال پسند گروہ ۔ معتدل جماعت ۔ میانہ رو جماعت
رجعت پسند

دایہ : ۱۔ دائی ۔ جنائی ۔ قابلہ
۲۔ اناّ ۔ دودھ پلائی ۔ کھلائی ۔ ددا ۔ خادمہ ۔ انگہ ۔ ماریہ ۔
رضاعی ماں
۳۔ گورنس

دبازت : ۱۔ موٹائی ۔ مٹاپا ۔ موٹاپن ۔ گدازی ۔ دَل

دباؤ : ۱۔ بوجھ ۔ بھار ۔ بار ۔ ثقل
۲۔ زور ۔ غلبہ ۔ حکومت ۔ قوت ۔ طاقت
۳۔ خوف ۔ ڈر ۔ بھے ۔ دہشت ۔ بیم ۔ باک ۔ ہول
۴۔ رعب ۔ داب ۔ اثر ۔ دبدبہ
۵۔ جبر ۔ اکراہ ۔ سختی
۶۔ لحاظ ۔ خیال ۔ پاس

دباؤ : بوجھل ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ ثقیل

دُبدَبہ : ۱۔ رعب ۔ داب ۔ کرّ و فر ۔ شان و شکوہ ۔ شوکت ۔ طمطراق ۔
جاہ و جلال
۲۔ آواز ۔ شور ۔ غل ۔ چیخ ۔ پکار ۔ جھنکار ۔ آوازِ دُہل

دُبدُھا : ۱۔ شک ۔ شبہ ۔ احتمال ۔ اندیشہ ۔ خدشہ
۲۔ کشش و پنج ۔ پس و پیش ۔ تذبذب ۔ ہچکچاہٹ ۔ دو دلہ
وہم ۔ وسوسہ ۔ نیم دلی
۳۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ وحشت ۔ توحش ۔ اضطراب

دُبر : ۱۔ پیچھا ۔ پیٹھ ۔ پُشت ۔ عقب ۔ آخری حصہ
۲۔ چوتڑ ۔ مقعد ۔ مبرز

دبستان : ۱۔ مکتب ۔ ابتدائی مدرسہ ۔ پرائمری سکول
۲۔ دار الادب ۔ تعلیم گاہ ۔ درس گاہ ۔ مدرسہ ۔ دار العلم ۔
بیت العلم ۔ سکول

دبستانِ خیال / فکر : مکتب خیال ۔ مکتب فکر ۔ خاص اندازِ فکر ۔
سکول آف تھاٹ

دبستانی : ۱۔ مکتبی ۔ منسوب بہ دبستان

۲۔ طالب علم۔ ودیارتھی۔ متعلم

دبک : ڈانٹ۔ دھمکی۔ گھُرکی۔ جھڑکی۔ زجر۔ توبیخ۔ چشم نمائی

دبکائی : تارکشی

دبکی : روپوشی۔ گھات۔ کمیں۔ داؤں

دُبلا : ۱۔ کم زور۔ ضعیف۔ نحیف۔ نقیہہ۔ لاغر۔ نزار۔ نحیف الجثہ
۲۔ پتلا۔ چھریرا۔ دھان پان۔ منحنی۔ اکہرا بدن۔ کم گوشت۔ بِسا

دُبلاپن : ۱۔ کم زوری۔ ضعف۔ لاغری۔ نقاہت
۲۔ پتلاپن۔ چھریراپن

دبنگ : ۱۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ لحیم شحیم۔ ہٹا کٹا۔ مسٹنڈا
۲۔ زبردست۔ قوی۔ طاقت ور۔ بل وان۔ شکتی مان
۳۔ سخت دل۔ سنگ دل۔ قسی القلب۔ بے رحم۔ بے دردی
۴۔ بے باک۔ نڈر۔ بے خوف
۵۔ بدشکل۔ بد وضع۔ بد قطع۔ بھدا۔ بے ڈول
۶۔ اکھڑ۔ اجڈ۔ بد تہذیب۔ بد اخلاق۔ ناشائستہ۔ بد تمیز
۷۔ بیوقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ نادان۔ مورکھ

دُبّو : دبیل۔ مرعوب۔ ڈرپوک۔ خوف زدہ۔ دہشت زدہ۔ خائف

دبیر : منشی۔ کاتب۔ محرر۔ انشا پرداز۔ مصنف۔ مؤلف۔ مضمون نگار۔
سیکرٹری

دبیرِ فلک : قاضی چرخ۔ عطارد۔ بُدھ

دبیرستان : ۱۔ ثانوی مدرسہ۔ ہائی سکول
۲۔ دفتر
۲۔ مکتب۔ مدرسہ۔ درس گاہ۔ تعلیم گاہ۔ دارالعلم

دبیری : منصبِ دبیر۔ کتابت۔ انشا پردازی۔ تصنیف و تالیف

دبیز : موٹا۔ گف۔ گداز۔ مضبوط۔ دل دار۔ غف

دبیل : ۱۔ دبّو۔ مرعوب۔ ڈرپوک۔ خوف زدہ۔ دہشت زدہ
۲۔ ماتحت۔ محکوم۔ تابع۔ مطیع۔ منقاد
۳۔ بودا۔ کم زور۔ ضعیف۔ ناطاقت۔ بے سکت
۴۔ عیب دار۔ معیوب۔ پُر عیب۔ ناقص۔ سقیم

دجّال : جھوٹا۔ مکار۔ فریبی۔ عیار۔ دغاباز۔ چالیا۔ چال باز۔ دم باز۔
جھانسے باز۔ دھوکے باز۔ کانا۔ عیبی۔ یک چشم

دَجل : جھوٹ۔ مکر۔ فریب۔ عیاری۔ دغا۔ چال۔ چھل۔ دھوکا۔ دم۔
جھانسا۔ چکما

دُجیٰ : تاریکی۔ تیرگی۔ سیاہی۔ اندھیرا

دُخان : دھواں۔ بھاپ۔ بخار۔ ابخرات

دُخت / دُختر : بنت۔ بیٹی۔ لڑکی۔ کنیا۔ پُتری۔ دھی

دُخترِ انگور / تاک / رز : بنتِ عنب۔ انگوری شراب۔ بادۂ انگور۔
مئے انگور۔ افشردۂ انگور۔ عرقِ انگور

دخل : ۱۔ رسائی۔ پہنچ۔ اثر۔ رسوخ
۲۔ قبضہ۔ تصرف۔ تسلط۔ مقبض
۳۔ ترقی۔ کمال۔ دست رس۔ دست گاہ۔ ید طولیٰ
۴۔ سمجھ۔ فہم۔ ادراک
۵۔ امکان

۶۔ مجال۔ طاقت۔ قوت۔ سکت
۷۔ اثر۔ تاثیر
۸۔ قابلیت۔ لیاقت۔ صلاحیت۔ استعداد
۹۔ مداخلت۔ دست اندازی۔ دخل اندازی
۱۰۔ اختیار۔ قابو۔ بس۔ تحت
۱۱۔ آمدنی۔ یافت۔ حاصل۔ پیداوار۔ فائدہ۔ نفع

دخل انداز: دست انداز۔ مداخلت کار۔ خلل انداز۔ رخنہ انداز۔
درانداز
دخل اندازی: دست اندازی۔ مداخلت۔ خلل اندازی۔ رخنہ اندازی۔
دراندازی
دخل دار: حصہ دار۔ شریک۔ سہیم۔ ساجھی۔ دخیل
دخل یاب: قابض۔ متصرف۔ مسلط
دخل یابی: قبضہ۔ تصرف۔ تسلط

دخیل: ۱۔ داخل۔ باریاب۔ رسا۔ بااثر۔ بارسوخ
۲۔ دخل یاب۔ قابض۔ متصرف۔ مسلط
۳۔ واقف۔ شناسا۔ آشنا۔ دوست۔ ہم راز۔ ہم دم۔
دم ساز
۴۔ لفظِ غیر زبان۔ بیرونی لفظ

دخیل کار: ۱۔ قابض۔ متصرف۔ مسلط۔ سربراہ کار
۲۔ شریک۔ ساجھی۔ سہیم۔ حصہ دار
دخیل کاری: ۱۔ قبضہ۔ تصرف۔ تسلط۔ سربراہ کاری
۲۔ شرکت۔ ساجھا۔ حصہ داری

دَد: درندہ۔ وحشی

ددا: دایہ۔ دائی۔ انا۔ کھلائی۔ خادمہ۔ لونڈی۔ کنیز

دَر: (ہندی) شرح۔ نرخ۔ بھاؤ۔ ریٹ

دَر: (فارسی) ۱۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ باب۔ دہلیز۔ آستان۔
آستانہ۔ دوار
۲۔ طریقہ۔ ذریعہ۔ وسیلہ
۳۔ نوبت۔ باری۔ درجہ

دربان: چوکیدار۔ پاسبان۔ بواب۔ سنتری۔ پہرہ دار
دربانی: چوکیداری: پاسبانی۔ بوابی۔ پہرہ داری

دُر: (فارسی) ۱۔ میں۔ اندر۔ اندرون۔ بھیتر۔ فی
۲۔ پر۔ اوپر۔ علیٰ۔ فوق
۳۔ نزدیک۔ قریب۔ متصل

درآمد: ۱۔ امپورٹ
۲۔ آمدنی۔ یافت۔ حاصل۔ دخل۔ نفع۔ فائدہ
دراصل: فی الاصل۔ اصلاً۔ درحقیقت۔ فی الحقیقت۔ فی الواقع۔ واقعی۔
حقیقتہً۔ یقیناً

درانداز: ۱۔ دست انداز۔ دخل انداز۔ مداخلت کار۔ خلل انداز
۲۔ بدگو۔ چغل۔ غماز۔ نمام۔ مفسد۔ شریر۔ فسادی۔ فتنی۔
فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ چغل خور
دراندازی: ۱۔ دست اندازی۔ دخل اندازی۔ مداخلت
۲۔ بدگوئی۔ چغلی۔ غیبت۔ غمازی۔ نمامی۔ شرارت۔ مفسدہ پردازی۔
فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری۔ چغل خوری
دربست: بالکل۔ تمام۔ کل۔ سارا
درپردہ: پوشیدہ۔ مخفی۔ خفیہ۔ غائبانہ
درپے: پیچھے۔ خواہاں۔ چاہنے والا۔ جان کا لاگو
درپیش: ۱۔ سامنے۔ بالمقابل۔ روبرو
۲۔ زیر بحث۔ زیر تجویز۔ زیر غور۔ زیر نظر
درخرچ: فضول خرچی۔ اسراف۔ تبذیر
درخور: ۱۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار
۲۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔ اثر۔ رسوخ

درداماں: حاشیہ ۔ سنجاف ۔ جھالر ۔ گوٹ
دردست: زیرِ تصرف ۔ زیرِ قبضہ ۔ زیرِ تسلط
درزنجیر: گرفتار ۔ قیدی ۔ زندانی ۔ بندی ۔ محبوس
درکار: ضروری ۔ مطلوب ۔ مقصود
درکنار: ۱۔ الگ ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔ علاوہ
۲۔ دربغل ۔ ہم بغل ۔ ہم کنار
۳۔ ایک طرف
درگرفت: زیرِ قبضہ ۔ زیرِ تسلط ۔ زیرِ تصرف
درگزر: معافی ۔ عفو ۔ چشم پوشی ۔ صرفِ نظر ۔ قطعِ نظر
درگور: مدفون ۔ غارت ۔ تباہ ۔ برباد ۔ ہلاک
درماہہ: مشاہرہ ۔ ماہانہ ۔ ماہوار تنخواہ ۔ ماہانہ وظیفہ
دروبست: ۱۔ سب ۔ تمام ۔ کل ۔ پورا ۔ مکمل ۔ کامل ۔ سمپورن
۲۔ سجاوٹ ۔ نوک پلک ۔ بناؤ ۔ بناوٹ

دُر: (اردو) دُور ۔ پرے ۔ دفع

دُر دُر پھٹ پھٹ: لعنت ۔ ملامت ۔ مذمت ۔ نکوہش

دُر: (سنسکرت) ۱۔ بُرا ۔ خراب ۔ بد ۔ زشت
۲۔ شریر ۔ بدچلن ۔ بدمعاش ۔ بدکردار ۔ بدوضع
۳۔ سخت ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ تکلیف دہ
۴۔ گھٹیا ۔ کم تر ۔ ذلیل

دُربچن: ۱۔ بدکلامی ۔ بدزبانی ۔ دریدہ دہنی
۲۔ بدکلام ۔ بدزبان ۔ دریدہ دہن ۔ منہ پھٹ
دُربدھ: بیوقوف ۔ نادان ۔ ابلہ ۔ احمق ۔ مورکھ ۔ بے عقل ۔ بے سمجھ ۔ نافہم
دُربل: کم زور ۔ لاغر ۔ ضعیف ۔ نقیہہ ۔ نحیف ۔ نزار
دُردشا: ۱۔ دُرگت ۔ حالتِ بد ۔ بدحالی ۔ خستہ حال
۲۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ خرابی
دُرگت: ۱۔ دُردشا ۔ بدحالی ۔ خستہ حالی ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ قلاشی ۔
بے مائیگی ۔ بے بضاعتی ۔ پریشان حالی

۲۔ کمینہ پن ۔ ذلت ۔ سفلہ پن
دُرگندھ: بدبو ۔ تعفن ۔ سڑاند ۔ عفونت

دُر: (عربی) موتی ۔ گوہر ۔ گہر ۔ مروارید

دُرافشاں: ۱۔ گوہرافشاں ۔ گہرفشاں ۔ دُربار ۔ گہربار
۲۔ خوش بیان ۔ خوش کلام ۔ خوش مقال ۔ شیریں بیاں ۔ شیریں کلام ۔
شیریں مقال ۔ فصیح ۔ بلیغ ۔ طلیق اللسان ۔ خوش گفتار
دُرافشانی: ۱۔ گوہرافشانی ۔ گہرفشانی ۔ گہرباری
۲۔ خوش بیانی ۔ خوش کلامی ۔ خوش مقالی ۔ شیریں بیانی ۔ شیریں مقالی ۔
خوش گفتاری ۔ فصاحت ۔ بلاغت ۔ طلاقت
دُرِناسفتہ: ۱۔ اَن بندھا موتی ۔ اَن چھدا موتی
۲۔ کنواری ۔ دوشیزہ ۔ باکرہ ۔ اچھوتی ۔ کواری
۳۔ ناکتخدا
دُرِیتیم: دُرِیکتا ۔ دُرِیگانہ ۔ دُرِنایاب ۔ گوہرِ یک دانہ

دُرِشہوار ــــ دُرِنایاب ــــ دُرِنجف ــــ
دُرِیکتا ــــ دُرِیگانہ ــــ دُرۃُ التاج

دُرِیتیم را ہمہ کس مشتری بُوَد

درا: گھنٹی ۔ جرس ۔ گھنٹا ۔ زنگولہ ۔ ٹل

دراڑ: شگاف ۔ درز ۔ رخنہ ۔ تریڑ

دراز: لمبا ۔ طویل ۔ مدید ۔ ممتد ۔ لانگ

درازدست: چیرہ دست ۔ غالب ۔ زبردست ۔ قوی ۔ ظالم ۔
جابر ۔ سفاک
درازدستی: چیرہ دستی ۔ غلبہ ۔ زبردستی ۔ ظلم ۔ جبر ۔ تعدی ۔ زیادتی ۔ سفاکی
درازریش: لم ڈاڑھیا ۔ ڈڑھیل ۔ ریشائیل

درازقد : درازقامت ۔ طویل القامت ۔ قدآور ۔ کشیدہ قامت ۔ سروقامت

درازگوش : گدھا ۔ خر ۔ حمار

درازنفس : ۱۔ ہوس پرست ۔ ہوس کار ۔ بوالہوس
۲۔ طوالت پسند

درازنفسی : ۱۔ ہوس پرستی ۔ ہوس کاری ۔ بوالہوسی
۲۔ طوالت پسندی

سفر دراز ـــ عمر دراز ـــ راہ دراز ـــ
درازخوان ـــ درازسفرہ ـــ درازدنبال ـــ
درازدُم ـــ درازشمشیر ـــ درازکار ـــ درازبازو

درازی : لمبائی ۔ طوالت ۔ امتداد ۔ تطویل

دَرّاک : ذکی ۔ ذہین ۔ فہیم ۔ سمجھ دار ۔ عاقل ۔ عقیل ۔ عقل مند

دَرّاکی : ذکاوت ۔ ذہانت ۔ تیز فہمی ۔ فراست ۔ سمجھ ۔ عقل مندی

درانتی : ہنسیا ۔ رانی ۔ داتری ۔ داس ۔ دانتی ۔ داسغالہ ۔ داسگالہ ۔ داسخالہ

دِرایت : دانائی ۔ دانش مندی ۔ عقل مندی ۔ عقل ۔ دانش

دربار : ۱۔ شاہی مجلس ۔ اجلاس شاہی ۔ شاہی عدالت ۔ شاہی کچہری ۔ اجلاس
۲۔ آستانہ ۔ بارگاہ ۔ درگاہ ۔ پیش گاہ

درباردار : ۱۔ درباری ۔ خاطرباش ۔ مصاحب ۔ حاشیہ نشین
۲۔ خوشامدی ۔ چاپلوس ۔ متملق ۔ کاسہ لیس

دربارداری : ۱۔ خاطرباشی ۔ مصاحبت ۔ حاشیہ نشینی
۲۔ خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ تملق ۔ کاسہ لیسی

درباری : ۱۔ منسوب بہ دربار ۔ سرکاری
۲۔ مصاحب ۔ حاشیہ نشین ۔ حاضر دربار ۔ شریک دربار

دربان : حاجب ۔ پاسبان ۔ سنتری ۔ دوارپال ۔ بوّاب ۔ ترّاع ۔ پردہ دار ۔ چوکی دار ۔ ڈیوڑھی بان

درپن : آئینہ ۔ شیشہ ۔ آرسی

دَرج : تحریر ۔ لکھائی ۔ نوشت ۔ اندراج

دُرج : صندوقچہ زیور ۔ ڈبا ۔ ڈبیا ۔ صندوقچی

درجن : بارہ ۔ دوازدہ ۔ اثنا عشر ۔ ذرینہ

درجہ : ۱۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ پایہ ۔ مقام ۔ منزلت
۲۔ منصب ۔ عہدہ
۳۔ سیڑھی ۔ زینہ ۔ پرکالا ۔ قدمچہ ۔ پایۂ زینہ
۴۔ کمرا ۔ حجرہ ۔ طاق ۔ کلبہ ۔ کوٹھڑی
۵۔ دقیقہ ۔ منٹ
۶۔ حصہ ۔ جزو ۔ پارہ ۔ ٹکڑا ۔ اُنس
۷۔ جماعت ۔ گروہ ۔ زمرہ
۸۔ نوع ۔ قسم ۔ جنس
۹۔ حالت ۔ کیفیت ۔ گت ۔ ماہیت
۱۰۔ بار ۔ دفعہ ۔ نوبت
۱۱۔ عزت ۔ حرمت ۔ توقیر ۔ وقار ۔ وقر ۔ قدر ۔ اعزاز
۱۲۔ ترتیب ۔ سلسلہ

درجہ بدرجہ : ۱۔ رفتہ رفتہ ۔ بتدریج ۔ آہستہ آہستہ ۔ تدریجاً
۲۔ حسب رتبہ ۔ حسب مراتب ۔ علیٰ قدر مراتب
۳۔ ترتیب وار ۔ بالترتیب ۔ علی الترتیب ۔ سلسلہ وار

درجہ بندی : ۱۔ گروہ بندی ۔ جماعت بندی

۲۔ قسم بندی۔ نوع بندی۔ جنس بندی

درجہ وار: ۱۔ سلسلہ وار۔ ترتیب وار۔ حسب ترتیب۔ مطابق ترتیب۔
بالترتیب۔ علی الترتیب
۲۔ جماعت وار۔ گروہ وار
۳۔ قسم وار۔ جنس وار۔ نوع وار
۴۔ حسب رتبہ۔ حسب مراتب۔ علیٰ قدر مراتب

درحقیقت: فی الحقیقت۔ حقیقتہً۔ فی الواقع۔ دراصل۔ فی الاصل۔
اصلاً۔ واقعی۔ واقعتہً۔ یقیناً۔ بالتحقیق۔ اصل میں۔ بے شک

درخت: شجر۔ پیڑ۔ نہال۔ رو کھ۔ برچھ۔ برکش۔ بوٹا۔ نردر۔ دُرنک۔
دِرَن۔ برِدار۔ جھاڑ

درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے
درخت بوئے تھے آم کے ہو گئے ببول

درخشاں: رخشاں۔ تاباں۔ چمکیلا۔ روشن۔ منور۔ درخشندہ۔ رخشندہ
تابندہ۔ نورانی۔ چمکدار

درخشندگی: رخشندگی۔ تابانی۔ چمک دمک۔ روشنی۔ رخشندگی۔
درخشانی۔ رخشانی۔ تابندگی۔ نورانیت

درخواست: ۱۔ عرض۔ استدعا۔ التماس۔ التجا۔ گزارش۔ سوال۔
عرض حال۔ بنتی
۲۔ عرضی۔ عرض داشت۔ معروضہ۔ ارداس
۳۔ خواستگاری۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا

درد: ۱۔ دکھ۔ تکلیف۔ کرب۔ الم۔ چبھن۔ خلش۔ صداع۔ کسک۔
ٹیس۔ پیڑ۔ وجع۔ چمک۔ پیڑا۔ چبھن
۲۔ افسوس۔ دریغ۔ رنج۔ غم۔ حزن۔ اندوہ۔ سوز۔ کھٹک
۳۔ رحم۔ ترس

درد آشنا: ہمدرد۔ واقف درد
درد آگیں: ۱۔ درد بھرا۔ پُردرد۔ درد آلود۔ پُرغم۔ غم زدہ۔ غمگیں۔
غمگیں۔ مغموم۔ اندوہ گیں۔ اندوہ ناک
۲۔ تکلیف دہ۔ رنج دہ۔ کرب ناک
درد آلود: ۱۔ درد آگیں۔ درد بھرا۔ پُردرد۔ پُرغم۔ غم زدہ۔ غمگیں۔
غمگیں۔ مغموم۔ اندوہ گیں۔ اندوہ ناک
۲۔ تکلیف دہ۔ رنج دہ۔ کرب ناک۔ اذیت ناک
درد آمیز: دردناک۔ پُردرد۔ پُرالم۔ قابل رحم۔ رقت انگیز
درد انگیز: کرب انگیز۔ کرب ناک۔ دردناک۔ غم ناک۔ الم ناک۔
تکلیف دہ۔ درد آمیز

دردِ سر: ۱۔ صداع
۲۔ تکلیف۔ عذاب۔ مشکل۔ محنت۔ رنج۔ اندوہ
دردمند: ۱۔ ہمدرد۔ غم گسار۔ صاحب درد۔ غم خوار
۲۔ رحم دل۔ رقیق القلب۔ نرم دل
دردمندی: ۱۔ ہمدردی۔ غم گساری۔ غم خواری
۲۔ رحم دلی۔ رقت قلب۔ نرم دلی
دردناک: درد بھرا۔ درد آگیں۔ درد آلود۔ پُردرد۔ الم ناک۔
کرب ناک۔ رنج دہ

درد ہونا ـــــ درد اٹھنا ـــــ درد لاعلاج ـــــ
دردِ لا دوا ـــــ درد کا درماں ہونا ـــــ دردِ سر ـــــ
دردِ زہ ـــــ دردِ دل

دردا: افسوس۔ دریغا۔ واحسرتا۔ ہائے۔ وائے۔ آہ

درز: دراڑ۔ شگاف۔ جھری۔ تریڑ

درزی: خیاط۔ پارچہ دوز۔ جامہ دوز۔ سوزن کار۔ ٹیلر۔ پارچہ تراش

درس: (عربی) سبق۔ وعظ۔ پند۔ تلقین۔ نصیحت

درس : (ہندی) درشن۔ دیدار۔ زیارت۔ نظارہ

دُرست : صحیح۔ ٹھیک۔ موزوں۔ چست۔ سالم۔ خوب۔ بجا۔ سچ

درستی : اصلاح۔ صحت۔ سچائی۔ راست بازی۔ راستی۔ موزونیت۔
معقولیت۔ انتظام۔ مرمت۔ ترمیم

درشت : سخت۔ کھردرا۔ کند۔ کرخت۔ بھاری۔ بوجھل۔ گراں

درشت مزاج : سخت مزاج۔ تند مزاج۔ تند خو
درشت مزاجی : سخت مزاجی۔ تند مزاجی۔ تند خوئی

درشتی : سختی۔ تیزی۔ تُندی۔ کھردرا پن۔ بھاری پن۔ گرانی۔ بدخلقی

درشن : ۱۔ دیدار۔ نظارہ۔ زیارت۔ منظر۔ مشاہدہ
۲۔ صورت۔ شکل۔ پیکر۔ ہیئت۔ قطع
۳۔ دکھاوا۔ نمائش۔ نمود۔ ریا۔ ظہور۔ ظاہرداری

درشنی : ۱۔ دیدارو۔ قابل دید۔ دیدنی
۲۔ خوب صورت۔ خوب رو۔ خوش شکل۔ حسین۔ جمیل۔ سندر
۳۔ قابل ادا
۴۔ نمائشی
۵۔ تحفہ۔ ارمغان۔ سوغات۔ نذر۔ بھینٹ۔ نذرانہ۔ ہدیہ

درک : ۱۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ واقفیت۔ شعور۔ تمیز
۲۔ دخل۔ دست رس۔ دست گاہ
۳۔ زنہ۔ طبق۔ طبقہ۔ پرت۔ منزل۔ درجہ

درماں : علاج۔ معالجہ۔ چارہ۔ دوا دارو

درماندگی : ۱۔ بے کسی۔ بے بسی۔ بے چارگی۔ کس مپرسی۔ عاجزی۔ عجز۔ مجبوری۔
معذوری۔ ناچاری
۲۔ مصیبت۔ دکھ۔ تکلیف۔ بپتا

درماندہ : ۱۔ بے کس۔ بے بس۔ بے چارہ۔ ناچار۔ عاجز۔ مجبور۔ معذور
۲۔ مصیبت زدہ۔ دکھی۔ لاعلاج

درمیان : مرکز۔ سینٹر۔ بیچ۔ نیامان۔ مابین۔ لافا۔ اعتدال۔ میانروی
بیچ بیچ۔ بین بین۔ وسط۔ اندر۔ بھیتر۔ اندروں۔ بین بیچ

درمیانی : ۱۔ بچلا۔ وسطی۔ متوسط۔ بیچ کا
۲۔ اندرونی۔ داخلی
۳۔ معمولی۔ اچھا۔ خاصا
۴۔ بچولیا۔ صلح کنندہ۔ وسیط۔ ثالث۔ حکم
۵۔ دلال

درندگی : درندہ پن۔ وحشت۔ بربریت۔ ظلم۔ خوں خواری۔ جانور پن

درندہ : وحشی۔ دد۔ خوں خوار۔ ظالم۔ سفاک۔ جانور۔ سبع۔ ضیغم۔
خون آشام۔ ددہ۔ ہزبر

درندہ خو — درندگی — درندہ صورت —
درندہ سیرت — درندہ شعار — درندہ کار —
درندہ رُو

درنگ : وقفہ۔ دیر۔ تاخیر۔ تعویق۔ التوا۔ فرصت

دروازہ : ۱۔ در۔ پھاٹک۔ باب۔ کواڑ۔ پٹ۔ دوارا۔ دوار۔ گیٹ
۲۔ دہلیز۔ ڈیوڑھی۔ آستان۔ آستانہ۔ مدخل۔ درگاہ۔
دربار۔ چوکھٹ

دروازے پر پڑنا — دروازے توڑنا —

دوسرا دروازہ دیکھنا ـــــ دروازے پر دستک دینا

دُرود : ۱۔ صلوٰۃ ۔ رحمت ۔ استغفار
۲۔ تحسین ۔ شاباش
۳۔ حمد ۔ سلام ۔ دعا ۔ تعریف ۔ ثنا ۔ مدح ۔ ستائش ۔ تسبیح

دروغ : جھوٹ ۔ کذب ۔ کھوٹ ۔ باطل ۔ ناراست ۔ افترا ۔ ناحق ۔ لغو ۔ بیہودہ ۔ بے حقیقت

دروغ گو/ باف : جھوٹا ۔ کاذب ۔ کذب بیان ۔ غلط بیان ۔ مفتری ۔ افترا پرداز
دروغ گوئی / بافی : کذب بیانی ۔ غلط بیانی ۔ جھوٹ ۔ افترا ۔ افترا پردازی

دُرُوں : ۱۔ در ۔ اندر ۔ اندروں ۔ درمیان ۔ بھیتر ۔ بیچ
۲۔ دل ۔ قلب ۔ ضمیر ۔ باطن

درویش : ۱۔ فقیر ۔ بھکاری ۔ گداگر ۔ گدا ۔ دریوزہ گر ۔ سائل ۔ سوالی ۔ منگتا
۲۔ صوفی ۔ پرہیزگار ۔ نیک ۔ صالح ۔ تارک دنیا
۳۔ مفلس ۔ غریب ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ تہی مایہ ۔ بے مایہ ۔ بے بضاعت ۔ کنگال ۔ قلاش

درویشی : فقیری ۔ گدائی ۔ جوگ ۔ نفس کشی ۔ زہد ۔ ریاضت ۔ بیراگ ۔ رہبانیت ۔ تپسیا ۔ دھیان ۔ گیان ۔ وجدان

دُرّہ : چابک ۔ تازیانہ ۔ جلدہ ۔ کوڑا ۔ ہنٹر

دَرہ : گھاٹی ۔ درز ۔ دراز ۔ شگاف ۔ راہ تنگ

درہم : گڑبڑ ۔ بے ترتیب ۔ بے سلسلہ ۔ اوپر تلے ۔ غیر مرتب ۔ گڈمڈ ۔ خلط ملط ۔ الٹ پلٹ ۔ تہ و بالا ۔ تتر بتر ۔ زیر و زبر ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ برہم

درہم برہم : زیر و زبر ۔ تہ و بالا ۔ تباہ برباد ۔ نیچے اوپر ۔ اوپر تلے ۔ الٹ پلٹ ۔ تحس نحس ۔ ابتر ۔ گڑبڑ

درہمی : بے ترتیبی ۔ گڑبڑ ۔ افراتفری ۔ ہل چل ۔ پریشانی ۔ پراگندگی ۔ انتشار

دریا : ۱۔ بحر ۔ نہر ۔ سمندر ۔ ساگر ۔ یم ۔ ندی ۔ جیحوں ۔ ریور
۲۔ وسیع ۔ فراخ ۔ کشادہ
۳۔ بہت ۔ کثیر ۔ وافر

دریا دل : کشادہ دل ۔ وسیع القلب ۔ سیر چشم ۔ سخی ۔ فیاض ۔ کریم ۔ جواد
دریا دلی : کشادہ دلی ۔ وسعت قلبی ۔ سیر چشمی ۔ جود ۔ سخا ۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔ کرم
دریا نوش : بلانوش ۔ دریا آشام ۔ قلزم آشام ۔ بسیار نوش
دریا نوشی : بلانوشی ۔ دریا آشامی ۔ قلزم آشامی ۔ بسیار نوشی

دریا برد ـــ دریا چڑھنا ـــ دریا خشک ہونا ـــ
دریا دریا ڈھونڈنا ـــ دریا آشنائی ـــ دریا شناور
ـــ دریائے ناسازگار ـــ دریائے خود مختار ـــ
دریائے مردم شکار ـــ دریائے پُر جوش ـــ
دریائے فیاض ـــ دریائے سنگیں ـــ موجِ دریا
ـــ دریائے ژرف ـــ دریائے عمیق ـــ
دریائے جوش آب ـــ دریائے خوش آب ـــ
دریائے شور ـــ دریائے گل رنگ ـــ دریائے بارد
ـــ دریائے موجزن ـــ دریائے پُر شور ـــ
دریائے سرشار ـــ دریائے لبریز ـــ دریائے کم ظرف
ـــ شورشِ دریا ـــ دریائے عطف ـــ
دریائے کج ـــ دریائے دریا بہ بدن ـــ سفرِ دریا
ـــ دریائے راہ ـــ دریائے بجوزہ ـــ
دریائے پایاب ـــ دریائے کف در دہاں ـــ
ـــ دریائے عمّان ـــ قعرِ دریا ـــ دریائے خزراں
ـــ دریائے جیحوں ـــ دریائے بسوں ـــ

دریائے جمن ——— دریائے گنگ ——— دریائے زنگارگوں
——— دریائے دجلہ ——— میغ دریا ———
دریائے بے پایاں

دریا کا پھیر کس نے پایا ہے
دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر

دریچہ : کھڑکی ۔ منظر ۔ موکھا ۔ روزن ۔ روشن دان ۔ غرفہ

دریدہ : پھٹا ۔ شگافتہ ۔ شگافیدہ

دریدہ دہن : منہ پھٹ ۔ گستاخ ۔ بیباک ۔ بدزبان ۔ زبان دراز ۔ بدکلام
دریدہ دہنی : گستاخی ۔ بیباکی ۔ بدزبانی ۔ بدکلامی ۔ زبان درازی

دریغ : ۱۔ تامل ۔ انکار ۔ گریز ۔ تذبذب ۔ ہچکچاہٹ
۲۔ نفرت ۔ کراہت ۔ ابا ۔ پرہیز ۔ اجتناب ۔ احتراز
۳۔ رنج ۔ افسوس ۔ درد ۔ رحم ۔ ترس ۔ غم ۔ اندوہ
۴۔ پہلو تہی ۔ کنارہ کشی ۔ بچاؤ

دریغا : دردا ۔ واحسرتا ۔ ہائے ۔ وائے ۔ آہ ۔ افسوس

دریوزہ : بھیک ۔ گدائی ۔ گدیہ ۔ درونیہ ۔ فقیری

دریوزہ گر : بھکاری ۔ گداگر ۔ گدیہ گر ۔ منگتا ۔ فقیر ۔ درویش ۔ سوالی ۔ سائل ۔ بھک منگا
دریوزہ گری : گداگری ۔ فقیری ۔ درویشی

دڑبا : کابک ۔ گھڈا ۔ ٹاپا ۔ ڈھابا ۔ کھانچہ

دُزد : چور ۔ سارق ۔ اچکا ۔ لٹیرا ۔ اٹھائی گیرا ۔ ڈاکو ۔ راہزن ۔ راہ مار ۔ بٹ مار ۔ ڈکیت ۔ قزاق

دُزدی : چوری ۔ سرقہ ۔ اچکاپن ۔ لٹیراپن ۔ راہزنی ۔ بٹ ماری ۔ ڈکیتی ۔ قزاقی

دس : دہ ۔ عشر

دساتیر : قوانین ۔ نظائر ۔ نقول ۔ امثال

دساور : غیر ملک ۔ بیرونی ملک ۔ بدیس

دساوری : غیر ملکی ۔ بدیسی ۔ بیرونی ۔ خارجی

دست : ۱۔ ہاتھ ۔ ید ۔ کر ۔ پنجہ ۔ ہتھ
۲۔ جلاب ۔ اسہال ۔ مسہل
۳۔ قدرت ۔ قبضہ ۔ تسلط ۔ اختیار ۔ اقتدار ۔ طاقت ۔ قوت ۔ سکت ۔ شکتی
۴۔ تعداد ۔ عدد ۔ شمار
۵۔ خوبی ۔ فضیلت ۔ برتری ۔ فوقیت
۶۔ فتح ۔ نصرت ۔ ظفر ۔ فیروزی ۔ سربلندی ۔ غلبہ
۷۔ فائدہ ۔ نفع ۔ حاصل ۔ یافت ۔ منفعت ۔ منافع ۔ سود
۸۔ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ طرز ۔ بھاؤ ۔ اسلوب
۹۔ پہلو ۔ جنب ۔ طرف ۔ سمت ۔ جہت ۔ رخ
۱۰۔ اختتام ۔ خاتمہ ۔ انتہا ۔ حد ۔ کنارہ ۔ کرانہ
۱۱۔ کام ۔ کار ۔ کاج ۔ پیشہ
۱۲۔ برابر ۔ ہم پلہ ۔ ہم پایہ ۔ ہمسر ۔ ہمتا ۔ نظیر ۔ مثیل
۱۳۔ محنت ۔ کوشش ۔ کاوش ۔ سعی ۔ جدوجہد

دست آزما : تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ تیز دست ۔ چابک دست ۔ مشاق ۔ کاریگر ۔ ہنرمند
دست آزمائی : تجربہ کاری ۔ آزمودہ کاری ۔ تیز دستی ۔ چابک دستی

مشاقی ۔ کاریگری ۔ ہنرمندی

دست آور: جلاب آور ۔ مسہل ۔ اسہال آور

دست انداز: خلل انداز ۔ مداخلت کار ۔ دخل انداز ۔ دخیل ۔ مزاحم ۔ مانع ۔ درانداز

دست اندازی: خلل اندازی ۔ مداخلت ۔ دخل اندازی ۔ دراندازی ۔ مزاحمت ۔ روک ۔ رکاوٹ

دست باز: چالاک ۔ ہوشیار ۔ چابکدست ۔ تیز دست ۔ سبک دست ۔ مشاق ۔ کاریگر ۔ ہنرمند

دست بازی: چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ چابکدستی ۔ تیزدستی ۔ سبک دستی ۔ مشاقی ۔ کاریگری ۔ ہنرمندی

دست بدست: ہاتھوں ہاتھ ۔ یکے بعد دیگرے ۔ جلد ۔ فوراً ۔ ترت ۔ بعجلت ۔ بسرعت

دست بُرد: ۱۔ لوٹ کھسوٹ ۔ لوٹ مار ۔ چھین جھپٹ ۔ غصب ۔ نہب

۲۔ غبن ۔ تغلب ۔ تصرف بیجا ۔ خیانت

دست بردار: کنارہ کش ۔ دست کش ۔ تارک ۔ تیاگی ۔ لاتعلق ۔ بے تعلق ۔ علیحدہ ۔ الگ

دست برداری: دست کشی ۔ ترک ۔ تیاگ ۔ علیحدگی ۔ برطرفی ۔ ترک تعلق ۔ قطع تعلق

دست پناہ: دستپنا ۔ آتش گیر ۔ چمٹا

دست چالاک: ۱۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ چابک دست ۔ تیز دست ۔ سبک دست ۔ مشاق ۔ کاریگر ۔ ہنرمند

۲۔ اچکا ۔ اٹھائی گیرا ۔ عیار ۔ مکار ۔ چور ۔ دُزد ۔ سارق

دست چالاکی: ۱۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ چابک دستی ۔ تیز دستی ۔ سبک دستی ۔ مشق ۔ مہارت ۔ کاریگری ۔ ہنرمندی

۲۔ اچکاپن ۔ چوری ۔ دزدی ۔ سرقہ ۔ عیاری ۔ مکاری

دست خط/ دستخط: دستی تحریر ۔ خود نوشت ۔ نشانی ۔ علامت ۔ بقلم خود

دست دراز: ۱۔ بھکاری ۔ منگتا ۔ گداگر ۔ گدیگر ۔ دریوزہ گر ۔ سائل ۔ سوالی

۲۔ بیباک ۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ پیش دست

۳۔ زبردست ۔ چیرہ دست ۔ ظالم ۔ جابر ۔ بے رحم ۔ بیدادگر ۔ ستمگر

دست درازی: ۱۔ گداگری ۔ گدیگری ۔ دریوزہ گری

۲۔ بیباکی ۔ نڈرپن ۔ بے خوفی ۔ پیش دستی

۳۔ زبردستی ۔ چیرہ دستی ۔ ظلم ۔ جبر ۔ بے رحمی ۔ بیدادگری ۔ ستمگری

دست رس: ۱۔ رسائی ۔ پہنچ ۔ دخل ۔ قدرت ۔ قابو ۔ بس ۔ طاقت ۔ مقدرت ۔ قابلیت ۔ دستگاہ

۲۔ بساط ۔ حیثیت

۳۔ مدد ۔ امداد ۔ اعانت ۔ سہاتا

۴۔ مشق ۔ مزاولت ۔ چابک دستی ۔ تیز دستی ۔ سبک دستی ۔ کاریگری ۔ ہنرمندی

دست کار: کاریگر ۔ ہنرمند ۔ اہل حرفت ۔ اہل صنعت ۔ صانع ۔ صناع

دست کاری: کاریگری ۔ ہنرمندی ۔ حرفت ۔ صنعت ۔ صناعی

دست کش: کنارہ کش ۔ دست بردار ۔ تارک ۔ تیاگی ۔ لاتعلق ۔ بے تعلق ۔ الگ ۔ علیحدہ ۔ برطرف ۔ درکنار

دست کشی: کنارہ کشی ۔ دست برداری ۔ ترک ۔ تیاگ ۔ لاتعلقی ۔ بے تعلقی ۔ علیحدگی ۔ برطرفی ۔ قطع تعلق

دست گاہ: ۱۔ طاقت ۔ قدرت ۔ سکت ۔ توانائی ۔ شکتی ۔ بل ۔ زور ۔ مقدرت

۲۔ دست رس ۔ دخل ۔ اثر ۔ رسائی ۔ رسوخ

۳۔ مہارت ۔ مشق ۔ ید طولیٰ ۔ کمال

دست گرداں: ۱۔ بکاؤ ۔ فروختنی ۔ قابل فروخت

۲۔ ہاتھ ادھار ۔ زبانی قرضہ

دست گیر: ممد ۔ معین ۔ مددگار ۔ معاون ۔ حامی ۔ سہایک ۔ دست یار

دست گیری: امداد ۔ مدد ۔ اعانت ۔ معاونت ۔ تعاون ۔ حمایت ۔ سہاتا ۔ دست یاری

دست نگر: محتاج ۔ حاجت مند ۔ صاحب احتیاج ۔ ضرورت مند ۔ صاحب الغرض ۔ غرض مند

دست نگری: محتاج ۔ حاجت مندی ۔ احتیاج ۔ ضرورت مندی ۔ غرض مندی

دست و پا شکستہ: اپاہج ۔ معذور ۔ بے بس ۔ بے چارہ ۔ بے کس۔

بے یارومددگار۔ کمزور۔ ضعیف۔ نحیف۔ نزار

دست یاب: حاصل۔ میسر۔ وصول۔ موصول

دست یابی: حصول۔ تحصیل۔ فراہمی۔ بہم رسانی۔ وصولی

دست یار: ۱۔ دست گیر۔ ممد۔ معین۔ مددگار۔ معاون۔ حامی۔ سہایک
۲۔ ہتھیار۔ اوزار۔ سلاح۔ حربہ۔ نشتر

دست یاری: ۱۔ دست گیری۔ امداد۔ مدد۔ اعانت۔ معاونت۔ حمایت۔ سہائتا
۲۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ مدافعت۔ دفاع
۳۔ قوت۔ طاقت۔ زور۔ قدرت۔ شکتی۔ بل

دست و بازو — دست بدست حنا —
دست بوس — دست دگر بیاں — دست گستاخ
— کار دست — دست شوق — دست سلام
— دست از کار رفتہ — دست بر سر زدن —
دست بہ دل — از دست خود رفتہ — دست بدامن
— پست دست — دست تسلیم —
دست گاہ — دسترس — چوبدست —
چوبدستی — دستی (رومال) — چابک دست
— چالاک دست — دست عہد —
تہیدست — آب دست — دست لغزاک
— دست افشاندن — دست رسا —
دست سست — دست آلودہ — دست بزلف
— دست خور — دست قدرت
دست بر دریوزہ — دست شانہ — دست معرکہ
— دست بستہ — دست رعشہ دار —
دست بدامن — دست صبا — دست زیر سنگ
— دست مجبور — دست گدا — دست سخی
— دست بکمر — دست پرورد — بالادست
— زبردست — دست زور — دست غالب
— دست بر فلک — دست قوی —
دست با کرامت — دست شفا — دست طبیب

— دست اعتبار — دست غنچہ — دست گل
— دست ساز آشنا — دست شل —
دست فسردہ — بدست شوق — دست سفاک
— دست قاتل — دست شمشیر — دست پرچم

دستار: پگڑی۔ عمامہ۔ چیرا۔ پھینٹا۔ سرپیچ۔ صافہ۔ منڈاسا

دستار بندی: رسم جانشینی۔ رسم فراغت علم۔ فارغ التحصیل

دستاویز: تحریر۔ نوشتہ۔ سند۔ وثیقہ۔ تمسک۔ قبالہ

دسترخوان: مائدہ۔ سمط۔ سفرہ۔ دستار خوان۔ دستار خوار۔ شیلان۔
دستار۔ سماط۔ میز۔ دستر۔ کندورہ۔ کندوری

دستک: ۱۔ تالی۔ کھٹکھٹاہٹ۔ تھاپ۔ آہٹ
۲۔ محصول۔ لگان۔ کر۔ ٹیکس
۳۔ پروانہ۔ حکم نامہ۔ قرقی نامہ
۴۔ صدا۔ آواز

دستور: ۱۔ قاعدہ۔ قانون۔ آئین۔ ضابطہ۔ طرز۔ روش۔ شرع
۲۔ رسم و رواج۔ ریت۔ چلن۔ معمول
۳۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طریقہ۔ سبھاؤ
۴۔ فیس۔ کمیشن۔ آڑھت۔ دلالی
۵۔ وزیر۔ مشیر۔ رکن حکومت۔ امیر۔ سردار
۶۔ پیشوائے آتش پرستاں۔ امام آتش پرستاں

دستور العمل: ہدایت نامہ۔ قاعدہ۔ قانون۔ ضابطہ۔ آئین۔ طریق عمل۔
اصول حکومت۔ کتاب قانون

دستور ساز اسمبلی — تحریری دستور — وفاقی دستور
— پارلیمانی دستور

دستوری : ۱۔ رخصت ۔ اجازت ۔ آگیا ۔ اذن ۔ پروانگی
۲۔ کمیشن ۔ دلالی ۔ فیس ۔ آڑھت
۳۔ وزارت ۔ امارت ۔ سرداری ۔ سیادت ۔ قیادت
۴۔ مطابق دستور ۔ موافق آئین ۔ حسب قانون ۔ حسب ضابطہ

دستوریہ : مجلس دستور ساز ۔ آئینی ساز ادارہ

دستہ : ۱۔ دستگی ۔ ہتھا ۔ ہتھی ۔ موٹھ ۔ ہینڈل ۔ قبضہ ۔ بنٹا ۔ گرفت
۲۔ ٹکڑی ۔ جتھا ۔ گروہ ۔ دل ۔ جماعت ۔ پلٹن ۔ کمپنی

دسیسہ : سازش ۔ سازباز ۔ عیاری ۔ مکاری ۔ چال ۔ فریب ۔ دغا ۔ دھوکا ۔
جھانسا ۔ چھل ۔ دم

دسیسہ کار : سازشی ۔ عیار ۔ مکار ۔ چالیا ۔ چال باز ۔ فریب کار ۔ فریبی ۔
دغا باز ۔ دھوکے باز ۔ جھانسے باز ۔ چھل باز
دسیسہ کاری : اٹ سٹ ۔ انٹ سنٹ ۔ سازش ۔ عیاری ۔
مکاری ۔ چال بازی ۔ فریب کاری ۔ دغا بازی ۔ دھوکے بازی ۔
جھانسے بازی ۔ چھل بازی ۔ دم بازی

دشا : ۱۔ حالت ۔ کیفیت ۔ گت
۲۔ زمانہ ۔ دور ۔ قرن ۔ عمر
۳۔ قسمت ۔ نصیب ۔ مقدر ۔ مقسوم ۔ بھاگ ۔ بخت
۴۔ کنارہ ۔ کرانہ ۔ حاشیہ
۵۔ دل ۔ جی ۔ من ۔ قلب

دشت : جنگل ۔ بیاباں ۔ صحرا ۔ ریگستان ۔ ریگ زار ۔ بادیہ ۔ بیدا ۔
میدان ۔ ویرانہ ۔ خرابہ ۔ تیہ

دشت پیما : دشت نورد ۔ بادیہ پیما ۔ بادیہ گرد ۔ دشت گرد ۔ صحرانورد
دشت پیمائی : دشت نوردی ۔ بادیہ پیمائی ۔ بادیہ گردی ۔ دشت گردی ۔
صحرانوردی

دشت عشق ـــ دشت شوق ـــ دشت والہ سوز
ـــ دشت تفتہ ـــ دشت گرم ـــ دشت پرخطر
دشت مغیلاں زار ـــ دشت سادہ ـــ دشت بے خار
ـــ دشت پرخار ـــ دشت پرخطر ـــ میانۂ دشت
ـــ ناف دشت ـــ دشت خضرا ـــ پردۂ دشت
ـــ دشت زار ـــ دشت نیلگوں ـــ
دشت و وادی ـــ دشت لکزار ـــ دشت سرآباد
ـــ دشت نوردی ـــ دشتبانی

دشتی : جنگلی ۔ صحرائی ۔ بدوی

دُشٹ : ۱۔ برا ۔ خراب ۔ بد ۔ زشت ۔ ناخوب
۲۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔ بدکار ۔ بدعمل ۔ بدوضع ۔ بداطوار ۔ بداسلوب ۔
بدآئین ۔ اوباش ۔ بدذات
۳۔ شریر ۔ مفسد ۔ فتنہ پرداز ۔ مفسدہ پرداز ۔ چنڈال ۔ ظالم
۴۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ گناہ گار ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ خطاکار ۔
خاطی ۔ عاصی ۔ سیہ کار
۵۔ سنگ دل ۔ سخت ۔ قسی القلب ۔ بے رحم ۔ شقی القلب
۶۔ کمینہ ۔ پاجی ۔ ذلیل ۔ رذیل ۔ کم ظرف ۔ سفلہ
۷۔ جھوٹا ۔ کھوٹا ۔ ناقص ۔ سقیم ۔ عیب دار ۔ معیوب
۸۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔ سرکش ۔ متمرد

دشمن : ۱۔ بیری ۔ عدو ۔ معاند ۔ خصم ۔ مخاصم ۔ مخالف ۔ بدخواہ ۔ غنیم ۔
بداندیش
۲۔ حریف ۔ رقیب

دشمن کو کمزور جاننا ـــ دشمن کو زیر کرنا ـــ دشمن زیر پا
ـــ خواہ مخواہ کا دشمن ـــ دشمنوں کی چال کو روندنا ـــ
ونگا دشمن ـــ زن دشمن ـــ عیش دشمن ـــ آشنا دشمن
ـــ خانہ دشمن ـــ رہائی دشمن ـــ عاشق دشمن

دشمن سوتے نہ ہونے دے
نادان دوست سے دانا دشمن بہتر ہے

دشمنی: ۱۔ بیر۔ عداوت۔ معاندت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ مخالفت۔ اَنٹ۔ اَنٹھ۔ اُٹھی۔ بدخواہی۔ پرخاش۔ لاگ۔ غبار۔ رنج۔ شکررنجی۔ نزاع۔ اَن بن۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ دل شکنی۔ رنجش
۲۔ رقابت۔ چشمک۔ کینہ۔ حسد۔ جلن۔ کپٹ

دشنام: گالی گلوچ۔ سب وشتم۔ بدزبانی۔ بدکلامی

دشنام طرازی: گالی گلوچ۔ سب وشتم۔ بدزبانی۔ بدکلامی۔ بدلگامی۔ دریدہ دہنی۔ لغوگوئی۔ بیہودہ کلامی

دشنہ: چھری۔ کارد۔ کٹار۔ کٹاری۔ خنجر۔ جمدھر۔ چھُرا۔ قرولی۔ کرپان

دشوار: ۱۔ مشکل۔ دوبھر۔ کٹھن۔ سخت
۲۔ بھاری۔ گراں۔ تکلیف دہ۔ پُرمحن

دشوار پسند: مشکل پسند۔ دقت پسند۔ محنت پسند
دشوار پسندی: مشکل پسندی۔ دقت پسندی۔ محنت پسندی
دشوار خو: سخت مزاج۔ درشت مزاج۔ تند مزاج۔ تندخو۔ بدخو۔ بدمزاج۔ تیز مزاج۔ مغرور المزاج۔ گرم مزاج
دشوار خوئی: سخت مزاجی۔ درشت مزاجی۔ تند مزاجی۔ تندخوئی۔ بدخوئی۔ بدمزاجی۔ تیز مزاجی۔ گرم مزاجی
دشوار گزار: ناقابل گزر۔ ناقابل عبور

دشواری: ۱۔ اشکال۔ کٹھنائی۔ سختی۔ دقت
۲۔ گرانی۔ گراں باری۔ تکلیف۔ رنج۔ مصیبت۔ دُکھ۔ بپتا

دُعا: ۱۔ پرارتھنا۔ ارداس۔ بنتی۔ نیایش۔ مناجات
۲۔ سلام۔ رحمت۔ صلوٰۃ۔ آشیرباد
۳۔ التماس۔ التجا۔ استدعا۔ عرض۔ درخواست۔ گزارش
۴۔ وظیفہ۔ افسوں۔ منتر۔ ورد
۵۔ نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ اچھائی
۶۔ خواہش۔ مراد۔ طلب

دعاگو: دعاخواں۔ نیک خواہ۔ بہی خواہ۔ خیرخواہ۔ طالب خیر۔ خیرطلب
دعاگوئی: دعاخوانی۔ نیک خواہی۔ بہی خواہی۔ خیرخواہی۔ طلب خیر۔ خیرطلبی

دعوت: ۱۔ بُلاوا۔ طلبی
۲۔ ضیافت۔ جیونار۔ مہمانی۔ جیمنا۔ خطبہ

دعوت اُڑانا — دعوتِ ولیمہ — دعوتِ شیراز

دعویٰ: ۱۔ درخواست۔ خواہش۔ مطالبہ۔ مانگ۔ نیایش۔ طلبگاری
۲۔ نالش۔ استغاثہ۔ مقدمہ۔ چارہ جوئی
۳۔ استحقاق۔ حق۔ حق طلبی
۴۔ تحکم۔ زور آوری۔ اجارہ۔ غلبہ۔ زبردستی۔ ریتی

دعویٰ دار/دعویدار: ۱۔ مدعی۔ مستغیث۔ نالشی۔ فریادی
۲۔ دادخواہ۔ حق طلب۔ طالبِ حق
۳۔ دشمن۔ رقیب

دَغا: دھوکا۔ فریب۔ چال۔ چھل۔ مکر۔ جھانسا۔ چکما۔ دجل

دغاباز/پیشہ: دھوکے باز۔ فریبی۔ فریب کار۔ چال باز۔ چالیا۔ چھل باز۔ مکار۔ عیار۔ جھانسے باز۔ چکمے باز۔ دجال۔ خادع
دغابازی/پیشگی: دھوکے بازی۔ فریب کاری۔ خدیعہ۔ چال بازی۔ چھل بازی۔ مکاری۔ عیاری۔ جھانسے بازی۔ چکمے بازی

دغدغہ: ۱۔ طعن۔ طعنہ۔ مہنا۔ تشنیع

۲۔ خوف۔ اندیشہ۔ بیم۔ ڈر۔ کھٹکا۔ خدشہ۔ خطرہ
۳۔ گدگدی

دغل : ۱۔ مکر۔ چھل۔ فریب۔ دغا۔ چال۔ جھانسا۔ چکما۔ دھوکا
۲۔ کھوٹ۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ خامی

دغل باز : ۱۔ مکار۔ چھل باز۔ فریبی۔ فریب کار۔ دغاباز۔ چال باز۔
جھانسے باز۔ چکمے باز۔ دھوکے باز۔ عیار۔ خادع۔ خداع
۲۔ کھوٹا۔ عیب دار۔ معیوب۔ ناقص۔ سقیم

دغل بازی : مکاری۔ عیاری۔ چھل بازی۔ فریب کاری۔ دغابازی۔ چال بازی۔
جھانسے بازی۔ چکمے بازی۔ دھوکے بازی۔ خداعی

دغیلا : ۱۔ داغدار۔ چتی دار۔ چھپیلا
۲۔ عیب دار۔ معیوب۔ ناقص۔ سقیم
۳۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔ فریبی۔ فریب کار۔ چھل باز۔ چال باز۔
چالیا۔ دم باز۔ جھانسے باز۔ دھوکے باز۔ مکار۔ عیار۔ چھل باز

دف : ڈفلی۔ ڈھپری۔ دھمری۔ دھمڑی۔ ڈف۔ ڈھپڑی۔ ڈھمبڑی۔
ڈفلا۔ ڈھپڑا۔ ڈھپ۔ ڈھپالی

دف : (اردو) گرمی۔ حرارت۔ جوش۔ تیزی۔ غصہ۔ تپہا۔ غیظ۔
خشم۔ غضب۔ کرودھ۔ ابال

دفاع : مدافعت۔ حفاظت۔ بچاؤ۔ روک

دفاعی : حفاظتی۔ مدافعانہ

دفتر : ۱۔ سررشتہ۔ صیغہ۔ محکمہ۔ شعبہ
۲۔ دارالتحریر۔ دارالانشا۔ آفس
۳۔ کاغذ۔ کاپی۔ رجسٹر
۴۔ طومار۔ پلندا
۵۔ مجموعہ حساب۔ مجموعہ اشعار
۶۔ مرکز کاروبار۔ مقام کاروبار
۷۔ طویل قصہ۔ داستان دراز

دفتر اعمال : اعمال نامہ۔ ریکارڈ

دفتری : ۱۔ مرتب دفتر۔ جلد ساز
۲۔ چیدا۔ گٹھی۔ دستہ۔ گڈی

دفعہ : ۱۔ باری۔ نوبت۔ بار۔ مرتبہ
۲۔ فقرۂ قانون۔ شق
۳۔ جماعت۔ زمرہ۔ گروہ

دفعدار : سرگروہ۔ سرغنہ۔ سردار جماعت۔ سرخیل

دفعتہً : یکایک۔ یکبارگی۔ اچانک۔ بغتۃً۔ ناگہاں۔ ناگاہ۔ یک دم۔
فوراً۔ ایکا ایکی۔ یک بیک۔ اچان چک

دفینہ : مدفون خزانہ۔ گنج زیر زمین

دِق : ۱۔ تپ کہنہ۔ راج روگ۔ سل۔ ٹی بی
۲۔ تنگ۔ بیزار۔ ناراض۔ خفا۔ آزردہ

دِقت : مشکل۔ دشواری۔ تنگی۔ عسرت۔ پیچیدگی۔ باریکی۔ نزاکت

دقت پسند : مشکل پسند۔ دشوار پسند
دقت پسندی : مشکل پسندی۔ دشوار پسندی
دقت طلب : ۱۔ دشوار۔ مشکل
۲۔ قابل غور۔ قابل توجہ۔ توجہ طلب

دقیانوسی : ۱۔ قدیم۔ کہنہ۔ پرانا۔ پارینہ

ہے از کار رفتہ۔ ناکارہ۔ فضول۔ بیکار

دقیق : باریک۔ نازک۔ کٹھن۔ مشکل۔ دشوار

دقیقہ : ۱۔ باریکی۔ نکتہ۔ مرحلہ
۲۔ منٹ۔ لمحہ
۳۔ ذرہ۔ ریزہ۔ انس۔ کن

دقیقہ رس/شناس/سنج : نکتہ رس۔ جزرس۔ نکتہ داں۔ نکتہ شناس۔ باریک بیں۔ تیز طبیعت۔ نکتہ سنج۔ زود فہم۔ طباع۔ ذکی۔ ذراک۔ ہوشیار۔ زیرک

دقیقہ رسی/شناسی/سنجی : نکتہ رسی۔ نکتہ دانی۔ نکتہ شناسی۔ نکتہ سنجی۔ جزرسی۔ باریک بینی۔ تیز طبعی۔ زود فہمی۔ طباعی۔ ذکاوت۔ ذراکی۔ ہوشیاری۔ زیرکی

دُکان/دوکان : ہٹ۔ ہٹی۔ ہاٹ۔ مقام خرید و فروخت۔ فروخت گاہ

دکان دار : مالک دکان۔ تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری
دکان داری : تجارت۔ سوداگری۔ کاروبار۔ بیوپار

دُکھ : ۱۔ تکلیف۔ درد۔ رنج۔ کلفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ تصدیع۔ صعوبت۔ اذیت۔ آفت۔ بلا۔ عذاب۔ رنجوری۔ عنا۔ زحمت۔ سختی۔ گزند
۲۔ بیماری۔ روگ۔ مرض۔ عارضہ۔ علت۔ علالت۔ آزار۔ آسیب
۳۔ غم۔ اندوہ۔ ملال۔ کوفت۔ پریشانی۔ رنجش
۴۔ محنت۔ مشقت

دُکھ بھرا : رنجیدہ۔ غم گیں۔ غم ناک۔ پرغم۔ پُرالم۔ پرمحن۔ اندوہ گیں۔ اندوہ ناک
دُکھ دائی : تکلیف دہ۔ رنج دہ۔ ظالم۔ ستم گار۔ ستم گر

دُکھ ہونا ـــ دُکھ اٹھانا ـــ دُکھ دینا ـــ دُکھ میں پھنسنا ـــ دُکھ کاٹنا ـــ دُکھ بھوگنا ـــ دُکھ بھگتنا ـــ دُکھ جھیلنا ـــ دُکھ کی پوٹ ـــ دُکھ لگنا ـــ دُکھ لگانا ـــ دُکھ ملنا ـــ دُکھوں کا گھر ـــ دُکھیا ـــ دُکھی ـــ دُکھیارا

دکھتے چوٹ گز نڈے بھینٹ
دُکھ بھریں بی فاختہ اور کوے انڈے کھائیں
دُکھ سُکھ جیو سے کھاؤ بھیا گیہوں سے
دُکھ سُکھ سب کے ساتھ لگا ہوا ہے
دُکھ میں سُکھ کی قدر ہوتی ہے

دُکھڑا : ۱۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بپتا
۲۔ روگ۔ مرض۔ بیماری۔ علت۔ علالت۔ آزار
۳۔ محنت۔ مزدوری۔ مشقت
۴۔ رنج۔ غم۔ الم۔ اندوہ۔ ملال
۵۔ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت

دکھلادا/دکھاوا : نمود۔ نمائش۔ ریا۔ ظاہر داری۔ تکلف۔ تصنع۔ بناوٹ۔ ٹیپ ٹاپ۔ ساختہ۔ ملمع۔ قلعی۔ ریاکاری

دُکھی : ۱۔ مصیبت زدہ۔ رنجیدہ
۲۔ بیمار۔ علیل۔ روگی۔ مریض۔ سقیم

دُگاڑا : دونالی بندوق۔ دوہری گولی

دُگدھا : دُبدھا۔ دودلی۔ نیم دلی۔ تذبذب۔ تشکک

دُگلا : روئی دار انگرکھا۔ لبادہ۔ اوورکوٹ

دُگنا : دوچند۔ دُونا۔ دوہرا

دَل : ۱۔ جسامت۔ موٹائی۔ حجم۔ دبازت۔ دَڑ۔ پرت
۲۔ فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ عسکر۔ جتھا۔ گروہ۔ جماعت
۳۔ پتّا۔ شگوفہ
۴۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ انٹم۔ اٹالا
۵۔ تعداد۔ شمار
۶۔ تباہی۔ بربادی۔ غارت گری

دَل بادل: ۱۔ ابرِ غلیظ۔ گھنا بادل۔ گھنگھور گھٹا
۲۔ فوجِ گراں۔ کٹک۔ بڑا لشکر
۳۔ خیمہ کلاں۔ شاہی خیمہ۔ خرگاہ
دَل دار: موٹا۔ جسیم۔ دبیز۔ حجیم۔ تہ دار
دَل وال: سپاہ سالار۔ میرِ عسکر۔ سردارِ لشکر۔ سرخیل۔ جتھے دار۔ امیرِ جماعت۔ سرگروہ

دِل : ۱۔ قلب۔ فواد۔ من۔ ہردے۔ خاطر۔ ضمیر۔ ہیا
۲۔ حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔ دلیری
۳۔ خواہش۔ رغبت۔ رجحان۔ میلان
۴۔ رُخ۔ عندیہ۔ توجہ۔ التفات
۵۔ مرضی۔ منشا۔ خوشی
۶۔ سخا۔ جود۔ سخاوت۔ فیاضی۔ کرم
۷۔ بیچ۔ وسط۔ درمیان۔ مرکز

دل آرام: ۱۔ راحتِ دل۔ سکونِ خاطر۔ سکھ دائی
۲۔ معشوق۔ محبوب۔ پیتم۔ محبوبہ۔ معشوقہ
دل آزار: تکلیف دہ۔ موذی۔ اذیت ناک۔ ظالم۔ ستم گر۔ ستم گار۔ کرب ناک۔ دکھ دائی
دل آزاری: تکلیف دہی۔ اذیت ناکی۔ ظلم۔ ستم گری۔ ستم گاری۔ کرب ناکی
دل آزردہ: آزردہ دل۔ آزردہ خاطر۔ رنجیدہ۔ غمگیں۔ مغموم۔ ناخوش۔ ناراض
دل آگاہ: بیدار دل۔ بیدار مغز۔ روشن ضمیر۔ دانا۔ ہوشیار۔ ہوش مند

دل آویز: دل کش۔ من موہنا۔ دل پسند۔ من پسند۔ مرغوب۔ من بھاونا۔ سہانا
دل آویزی: دل کشی۔ دل پسندی۔ من پسندی۔ مرغوبیت
دل افتادہ: دل شکستہ۔ شکستہ دل۔ شکستہ خاطر۔ بددل۔ افسردہ دل۔ افسردہ خاطر
دل افگار: رنجیدہ۔ غمگیں۔ مغموم۔ ناخوش۔ ناراض۔ غم زدہ۔ محزون۔ الم زدہ۔ ملول
دل افگاری: رنجیدگی۔ غمگینی۔ ناخوشی۔ غم زدگی۔ محزونیت۔ الم زدگی۔ ملال
دل باختگی: پریشانی۔ آشفتہ خاطری۔ آشفتہ دلی۔ پراگندہ خاطری۔ پراگندہ دلی۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے کلی
دل باختہ: پریشان۔ آشفتہ خاطر۔ آشفتہ دل۔ پراگندہ دل۔ پراگندہ خاطر۔ پراگندہ دل۔ مضطرب۔ بے چین۔ بے کل
دل بر: دل ربا۔ دل ستاں۔ معشوق۔ محبوب
دل بری: دل ربائی۔ دل ستانی۔ محبوبیت۔ معشوقیت
دل برداشتگی: اکتاہٹ۔ بیزاری۔ افسردگی۔ نفرت۔ کراہت۔ تنفر۔ برداشتہ خاطری
دل برداشتہ: بیزار۔ افسردہ۔ متنفر۔ اکتایا۔ برداشتہ خاطر
دل برشتگی: رنجیدگی۔ غم زدگی۔ محزونیت۔ الم زدگی۔ دل سوختگی
دل برشتہ: دل جلا۔ رنجیدہ۔ غم زدہ۔ مغموم۔ ملول۔ محزون۔ الم زدہ۔ دل سوختہ
دل بستگی: ۱۔ بہلاوا۔ دل چسپی۔ سکونِ خاطر۔ تسکینِ دل۔ رغبت
۲۔ دل تنگی۔ رنجیدگی۔ غم زدگی
دل بستہ: ۱۔ مشتاق۔ راغب۔ دل دادہ۔ عاشق۔ محب
۲۔ رنجیدہ۔ دل تنگ۔ غم زدہ۔ مغموم۔ محزون
دل بند: ۱۔ پیارا۔ عزیز۔ محبوب
۲۔ بیٹا۔ فرزند۔ خلف۔ پوت۔ ابن
دل پذیر: ۱۔ دل کش۔ دل چسپ۔ دل آویز۔ مرغوب۔ پسندیدہ خاطر۔ من بھاونا۔ من پسند
دل پذیری: دل کشی۔ دل چسپی۔ دل آویزی۔ جاذبیت۔ مرغوبیت۔ پسندیدہ خاطری۔ پسندیدگی

دل پسند : من پسند ۔ من بھاتا ۔ من بھاؤنا ۔ پسندیدہ خاطر ۔ مرغوب
دل پسندی : من پسندی ۔ پسندیدہ خاطری ۔ مرغوبیت
دل تفتگی : ۱۔ دل برشتگی ۔ سوزش دل ۔ رنجیدگی ۔ غم زدگی ۔ محزونیت ۔
ملال ۔ مصیبت زدگی
۲۔ عشق ۔ محبت ۔ پریم ۔ پریت
دل تفتہ : ۱۔ دل برشتہ ۔ دل جلا ۔ دل سوختہ ۔ رنجیدہ ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔
محزون ۔ ملول ۔ مصیبت زدہ
۲۔ عاشق ۔ محب ۔ پریمی
دل تنگ : ۱۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔ ناخوش ۔ مضطرب ۔ بے چین ۔ بے کل ۔
مغموم ۔ غم زدہ ۔ محزون ۔ غمگین
۲۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ ممسک ۔ خسیس
دل تنگی : ۱۔ رنجیدگی ۔ ناخوشی ۔ ملول ۔ اضطراب ۔ بے چینی ۔ بے کلی ۔
غم زدگی ۔ محزونیت
۲۔ بخل ۔ کنجوسی ۔ خست ۔ خساست
دل جلا : ۱۔ دل برشتہ ۔ دل تفتہ ۔ دل سوختہ ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔ ملول ۔
غمگیں ۔ محزون
۲۔ عاشق ۔ محب ۔ پریمی ۔ فریفتہ
دل جمعی : جمعیت خاطر ۔ سکون خاطر ۔ اطمینان ۔ بے فکری ۔ تسکین ۔ تسلی
دل جو : دل کش ۔ دل پذیر ۔ دل آویز ۔ پیارا ۔ محبوب ۔ مرغوب
دل جوئی : ۱۔ دل کشی ۔ دل پذیری ۔ دل آویزی ۔ مرغوبیت
۲۔ دل داری ۔ تسلی ۔ تشفی ۔ تسکین ۔ دلاسا
دل چسپ : جاذب توجہ ۔ پُرلطف ۔ پُرمزہ ۔ مزہ دار ۔ دل کش ۔
دل پذیر ۔ دل آویز
دل چسپی : ۱۔ شوق ۔ رغبت ۔ چاہت ۔ اشتیاق
۲۔ مزہ ۔ خوشی ۔ لطف
۳۔ دل کشی ۔ دل پذیری ۔ دل آویزی ۔ جاذبیت
دل چلا : ۱۔ من چلا ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ جرأت مند ۔ جری
۲۔ صاحب ہمت ۔ بلند ہمت ۔ عالی ہمت ۔ اولوالعزام ۔
حوصلہ مند ۔ باحوصلہ
۳۔ سخی ۔ فیاض ۔ جواد ۔ کریم ۔ داتا
۴۔ پاگل ۔ دیوانہ ۔ سڑی ۔ خبطی ۔ فاترالعقل ۔ مخبوط الحواس ۔ حواس باختہ

دل خراش : جاں کاہ ۔ روح فرسا ۔ اذیت ناک ۔ کرب ناک ۔ تکلیف دہ
دل دوز ۔ الم ناک
دل خستہ : دل افگار ۔ رنجیدہ ۔ کبیدہ خاطر ۔ غم زدہ ۔ مغموم ۔ ملول ۔
غم رسیدہ ۔ محزون ۔ مصیبت زدہ
دل خواہ : خاطر خواہ ۔ حسب مرضی ۔ حسب منشا ۔ مرغوب ۔ پسندیدہ
دل دادہ : عاشق ۔ محب ۔ فریفتہ ۔ پریمی
دل دار : تسکین بخش ۔ تسلی بخش ۔ کنایتہً معشوق ۔ محبوب ۔ پیارا ۔
پریتم ۔ پیتم
دل داری : تسکین ۔ تسلی ۔ تشفی ۔ ہمدردی ۔ معشوقیت ۔ محبوبیت ۔
پیار ۔ محبت
دل دریا : فیاض ۔ سخی ۔ جواد ۔ کریم ۔ داتا ۔ سیر چشم
دل دوز : ۱۔ دل خراش ۔ جاں کاہ ۔ روح فرسا
۲۔ پُراثر ۔ پُرتاثیر ۔ مؤثر
۳۔ مرغوب ۔ پسندیدہ ۔ دل چسپ ۔ دل پذیر
دل دہ : سرگرم ۔ پُرشوق ۔ پُراشتیاق ۔ مشتاق
دل دہی : تسلی ۔ تشفی ۔ دل داری ۔ دل جوئی
دل رُبا : دل بر ۔ دل ستاں ۔ کنایتہً محبوب ۔ معشوق ۔ پریتم ۔ پیتم
دل رُبائی : دل بری ۔ دل ستانی ۔ محبوبیت ۔ معشوقیت
دل رفتہ : دل دادہ ۔ فریفتہ ۔ عاشق ۔ پریمی
دل ریش : دل افگار ۔ دل زدہ ۔ دل خستہ ۔ ملول ۔ مغموم ۔ کنایتہً
عاشق ۔ محب ۔ پریمی
دل ریشی : ۱۔ دل افگاری ۔ دل زدگی ۔ دل خستگی ۔ ملول ۔ غم
۲۔ عشق ۔ محبت ۔ چاہ ۔ پریم ۔ پریت ۔ پیت
دل زدہ : دل ریش ۔ دل افگار ۔ دل خستہ ۔ غمگین ۔ غم زدہ ۔ ستم زدہ
ستم رسیدہ ۔ مغموم ۔ ملول ۔ محزون
دل ساز : دل خوش کن ۔ خوش گوار ۔ فرحت بخش ۔ تسکین بخش
دل سازی : ۱۔ خوشی ۔ انبساط ۔ فرحت ۔ تسکین
۲۔ اشتیاق ۔ لگن ۔ شوق
دل ستاں : دل بر ۔ دل رُبا ۔ کنایتہً معشوق ۔ محبوب ۔ پریتم ۔ پیتم
دل ستانی : دل بری ۔ دل رُبائی ۔ معشوقیت ۔ محبوبیت
دل سرد : دل افسردہ ۔ بیزار ۔ متنفر ۔ سرد مہر ۔ بے مہر

دل سوختگی: غم زدگی ـ الم زدگی ـ ملال ـ محزونیت ـ مصیبت زدگی

دل سوختہ: غم زدہ ـ الم زدہ ـ ملول ـ محزون ـ مصیبت زدہ ـ دل جلا

دل سوز: ۱ـ پُر درد ـ دردناک ـ رقت انگیز

۲ـ ہمدرد ـ غم خوار ـ غم گسار ـ مہربان ـ دردمند

۳ـ پُرجوش ـ پُرشوق ـ مشتاق ـ سرگرم

دل سوزی: ۱ـ دردناکی ـ رقت انگیزی

۲ـ ہمدردی ـ غم خواری ـ غم گساری ـ دردمندی ـ مہربانی

۳ـ اشتیاق ـ شوق ـ سرگرمی

دل شاد: خوش ـ مسرور ـ منبسط ـ شاداں ـ فرحاں ـ بشاش ـ خرم ـ خرسند

دل شادی: خوشی ـ مسرت ـ انبساط ـ شادی ـ فرحت ـ بشاشت ـ خرمی ـ خرسندی

دل شکستہ: شکستہ دل ـ شکستہ خاطر ـ رنجیدہ ـ افسردہ ـ مغموم ـ محزون ـ غم زدہ ـ غمگین ـ مایوس ـ ناامید

دل شکن: ۱ـ دل آزار ـ دل خراش

۲ـ ہمت شکن ـ حوصلہ شکن

دل شکنی: ۱ـ دل آزاری ـ دل خراشی

۲ـ ہمت شکنی ـ حوصلہ شکنی

دل شگفتہ: دل شاد ـ خوش ـ مسرور ـ بشاش ـ منبسط ـ شاداں ـ فرحاں ـ خرسند ـ خرم

دل کش: دل پذیر ـ دل آویز ـ دلچسپ ـ پُرکشش ـ مرغوب ـ پسندیدہ

دل کشا: خوش کن ـ فرح ناک ـ فرحت ناک ـ پُرسرور

دل کشائی: فرح ناکی ـ فرحت ناکی ـ سرور انگیزی

دل کشی: دل پذیری ـ دل آویزی ـ مرغوبیت ـ پسندیدگی

دل کشیدہ: رنجیدہ ـ کبیدہ ـ بیزار ـ متنفر

دل گداز: رقت انگیز ـ پُرسوز ـ پُردرد ـ دردناک ـ دل سوز

دل گدازی: رقت انگیزی ـ پُرسوزی ـ پُردردی ـ دردناکی ـ دل سوزی

دل گردہ: ۱ـ حوصلہ ـ ہمت ـ جرأت

۲ـ تاب ـ تواں ـ طاقت

۳ـ برداشت ـ تحمل ـ صبر

دل گرفتگی: رنجیدگی ـ محزونیت ـ غم زدگی ـ غمگینی ـ کبیدگی

دل گرفتہ: غم زدہ ـ مغموم ـ غمگیں ـ ملول ـ محزون ـ رنجیدہ ـ کبیدہ خاطر

دل گرم: ۱ـ پُرشوق ـ پُرجوش ـ سرگرم

۲ـ دوست ـ یار ـ محب ـ حبیب ـ مشفق ـ آشنا

دل گرمی: ۱ـ شوق ـ اشتیاق ـ جوش

۲ـ دوستی ـ یاری ـ آشنائی ـ محبت ـ الفت ـ یاری

دل گیر: غمگیں ـ حزیں ـ مغموم ـ محزون ـ اندوہ گیں ـ ملول ـ رنجیدہ ـ مغموم ـ محزون ـ غم زدہ

دل گیری: غمگینی ـ حزن ـ ملال ـ رنجیدگی ـ اندوہ ـ غم زدگی

دل لگی: ۱ـ ہنسی ـ مزاح ـ مذاق ـ ظرافت ـ چہل ـ مسخرگی ـ خوش دلی ـ خوش طبعی ـ خوش مزاجی

۲ـ لگاو ـ محبت ـ لگن ـ چاہ ـ دوستی ـ عشق

۳ـ دلچسپی ـ مزہ ـ لطف ـ شغل ـ مشغلہ

دل لگی باز: ہنسوڑ ـ پُرمذاق ـ ظریف ـ چہل باز ـ مسخرہ ـ خوش طبع ـ خوش مزاج ـ خوش دل ـ ہنستا ـ محفل

دل نشیں: ذہن نشیں ـ پُرتاثیر ـ پُراثر ـ موثر

دل نشینی: ذہن نشینی ـ پُرتاثیری ـ اثراندازی

دل نواز: ۱ـ تسلی بخش ـ تسکین بخش ـ تسکین زدہ ـ دل دہ ـ دل جو

۲ـ دوست ـ یار ـ محب

دل نوازی: ۱ـ تسلی ـ تسکین ـ تشفی

۲ـ عنایت ـ مہربانی ـ شفقت ـ کرم

دل آرا ـــ دل آزاری کرنا ـــ دل آنا ـــ دل اٹکنا
ـــ دل اُچاٹ ہونا ـــ دل اُداس ہونا ـــ
دل افروز ـــ دل افگار ـــ دل اُکتانا ـــ
دل اُمنڈ آنا ـــ دل ملنا ـــ دل باغ باغ ہونا ـــ
دل بجھنا ـــ دل بڑھانا ـــ دل بھر آنا ـــ
دل سیر ہونا ـــ دل بہلانا ـــ دل بے چین ہونا ـــ
دل پر پتھر رکھنا ـــ دل پر جانا ـــ دل پر چوٹ کھانا
ـــ دل میں کھُب جانا ـــ دل پہ میل نہ لانا ـــ
دل پر نقش ہونا ـــ دل پر ہاتھ رکھنا ـــ دل پریشان ہونا
ـــ دل پژمردہ ہونا ـــ دل پسیجنا ـــ دل پگھلنا

دل چٹنا ــــ دل پھسلنا ــــ دل توڑنا ــــ دل تھامنا
ــــ دل تھوڑا ہونا ــــ دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا ــــ
دل ٹوٹ جانا ــــ دل ٹھنڈا ہونا ــــ دل و جان
ــــ دل کڑھنا ــــ دل چرانا ــــ دل چھوٹا ہونا ــــ
دل چیر کر دکھانا ــــ دل خوش کرنا ــــ دل خون کرنا ــــ
دل دکھانا ــــ دل دھڑکنا ــــ دل دھک دھک ہونا
ــــ دل دہلنا ــــ دل دینا ــــ دل ڈانوں ڈول ہونا
ــــ دل ڈوبنا ــــ دل کو دل سے راہ ہوتی ہے ــــ
دل سے اُتر جانا ــــ دل سے دل ملنا ــــ دل سے دھواں
اٹھنا ــــ دل سے غبار نکلنا ــــ دل سے کانٹا نکالنا
ــــ دل شگاف ــــ دل صاف ہونا ــــ دل فروز ــــ
دل فروش ــــ دل فریب ــــ دل فگار ــــ
دل کو چوٹ لگنا ــــ دل مسوسنا ــــ دل کھٹا کرنا
ــــ دل کے پھپھولے پھوڑنا ــــ دل پر چوٹ کھانا ــــ
دل کی دل میں رہنا ــــ دل کی حسرت نکالنا ــــ
دل کی کلی کھلنا ــــ دل لٹو ہونا ــــ دل لگانا ــــ
دل لہو ہونا ــــ دل لینا ــــ دل دینا ــــ دل مچل جانا
ــــ دل مسلنا ــــ دل مکدر ہونا ــــ دل موم ہونا
ــــ دل موہ لینا ــــ دل میں اُترنا ــــ دل میں ہوک اُٹھنا
ــــ دل ہارنا

دل را بدل راہیست
دل کا اللہ مالک ہے
دل کو ہو قرار تو سب کو سوجھیں تیوہار
دل کو دل سے راہ ہوتی ہے

دُلار : لاڈ ۔ پیار ۔ چاؤ ۔ چوچلا ۔ چونچلا

دُلارا : لاڈلا ۔ پیارا ۔ عزیز ۔ محبوب

دِلاسا : تسلی ۔ تشفی ۔ دل دہی ۔ دل جوئی ۔ دل داری

دلّال : ۱۔ آڑھتی ۔ بچولیا ۔ وسیط ۔ کمیشن ایجنٹ ۔ آڑھتیا ۔ بروکر ۔ گماشتہ
سپار ۔ داسار ۔ داستار ۔ سفسار ۔ سمسار
۲۔ بھڑوا ۔ دیوث ۔ قرمساق ۔ قلتبان

دلالت : ۱۔ علامت ۔ نشان
۲۔ پتہ ۔ سراغ ۔ کھوج
۳۔ دلیل ۔ ثبوت
۴۔ ہدایت ۔ راہ نمائی ۔ رہ بری
۵۔ عظمت ۔ شان ۔ رعب ۔ جلال ۔ دبدبہ
۶۔ اطلاق ۔ انطباق

دلّالی : ۱۔ آڑھت ۔ بچولیاپن ۔ گماشتگی ۔ قلتبانی ۔ بھڑواپن
۲۔ اُجرت ۔ دستوری ۔ کمیشن ۔ سائی

دِلاور : دلیر ۔ بہادر ۔ جری ۔ شجاع ۔ جرأت مند ۔ حوصلہ مند ۔ جگردار ۔
باحوصلہ

دِلاوری : دلیری ۔ بہادری ۔ شجاعت ۔ جرأت مندی ۔ حوصلہ مندی ۔
جگرداری

دلائل : براہین ۔ نظائر ۔ شواہد ۔ وجوہ

دُلائی : دوہر ۔ دوہری ۔ چادر ۔ رضائی

دلدّر : ۱۔ افلاس ۔ محتاجی ۔ تنگی ۔ عسرت ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ تہی دامانی ۔
بے مائگی ۔ بے بضاعتی
۲۔ نحوست ۔ عذاب ۔ شومی ۔ فلاکت

دلدّری : ۱۔ مفلس ۔ محتاج ۔ تنگ حال ۔ تنگ دست ۔ عسرت زدہ ۔
نادار ۔ تہی دست ۔ تہی داماں ۔ کنگال ۔ قلاش ۔ بے مایہ ۔
بے بضاعت

۳۔ منحوس۔ کاہل۔ سست۔ احدی۔ سہل انگار
۴۔ میلا کچیلا۔ غلیظ۔ پلید۔ ناپاک۔ نجس

دلق : گدڑی۔ مرقع۔ گلیم۔ فقیرانہ لباس

دُلہا : ۱۔ دولھا۔ نوشہ۔ داماد۔ بنڑا۔ بنّا
۲۔ پیارا۔ عزیز

دُلہن : ۱۔ دولھن۔ عروس۔ بہو۔ بنڑی۔ بنی۔ بنو۔ عروسہ۔ بدی۔ بانو
۲۔ پیاری۔ عزیزہ

دِلی : ۱۔ قلبی
۲۔ یگانہ۔ خالص۔ جگری۔ جانی

دلیر : ۱۔ دلاور۔ جری۔ بہادر۔ شجاع۔ جرأت مند۔ سورما۔ جرار۔ جنگجو۔ جنگی۔ ہیرو
۲۔ بیباک۔ نڈر۔ گستاخ۔ بے خوف۔ بے دھڑک۔ ڈھیٹ۔ جی دار

دلیری : ۱۔ دلاوری۔ بہادری۔ شجاعت۔ جرات مندی۔ سورماپن۔ جواں مردی۔ شہامت۔ جسارت۔ جلادت۔ بطالت۔ تہاشر۔ جرأت

دلیل : ۱۔ برہان۔ حجت۔ ثبوت۔ شہادت
۲۔ وجہ۔ سبب۔ باعث

دُم : (عربی) خون۔ لہو۔ رکت

دم : (فارسی) ۱۔ سانس۔ نفس۔ پھونک
۲۔ لحظہ۔ پل۔ آن۔ وقت۔ زمانہ
۳۔ جان۔ روح۔ روان
۴۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ سکت۔ شکتی۔ بل
۵۔ دھار۔ تیزی۔ برش۔ کاٹ
۶۔ مضبوطی۔ پختگی۔ پائیداری۔ استحکام۔ محکمی
۷۔ خوشی۔ مسرت۔ فرحت۔ انبساط۔ بہجت۔ خرمی۔ خرسندی
۸۔ اولوالعزمی۔ جرأت مندی۔ حوصلہ مندی۔ بلند ہمتی۔ بلند حوصلگی۔ عزیمت
۹۔ ذات۔ وجود۔ اپنا آپا۔ خودی
۱۰۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چال۔ چُل۔ چکما۔ مکر
۱۱۔ افسوں۔ منتر۔ دعا۔ عزیمت
۱۲۔ غرور۔ تکبر۔ عجب۔ شیخی۔ استکبار۔ گھمنڈ۔ ابھیمان
۱۳۔ گھر۔ خانہ۔ مکان۔ مسکن۔ وطن۔ دیس

دمِ آخری : آخری وقت۔ وقتِ نزع۔ وقت جان کندن۔ وقت مرن۔ دم مرگ۔ وقت جانکنی۔ آخری سانس
دمِ احتضار : دم نزع۔ دم جاں کنی۔ جان کندن
دم باز : دھوکے باز۔ فریبی۔ فریب کار۔ چال باز۔ چالیا۔ عیار۔ مکار۔ چُل باز۔ چکمے باز۔ حیلہ گر۔ بہانہ جو۔ حیلہ ساز
دم بازی : دھوکے بازی۔ فریب کاری۔ چال بازی۔ عیاری۔ مکاری۔ چُل بازی۔ چکمے بازی۔ حیلہ گری۔ حیلہ سازی۔ بہانہ جوئی
دم بخود : چپ۔ خاموش۔ ساکت۔ صامت۔ دم بستہ۔ لب بستہ۔ مُہر بلب۔ حیران۔ پریشان
دمبدم : ۱۔ ہر وقت۔ ہر دم۔ ہر گھڑی۔ ہر پل۔ ہر ساعت
۲۔ پے در پے۔ متواتر۔ علی التواتر۔ علی الاتصال۔ مسلسل
دم پسیں : دم آخر۔ دم نزع۔ وقت جاں کنی۔ وقت آخر
دم دار : ۱۔ مضبوط۔ جان دار۔ طاقت ور۔ قوی۔ استوار۔ مستحکم۔ محکم
۲۔ تیز دھار۔ برّاں
دم داعیہ : دعوئی۔ ادّعا۔ حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت
دم دلاسا : ۱۔ تسلّی۔ تشفّی۔ للو پتو۔ تو تھمبو۔ بہلاوا
۲۔ پھسلاوا۔ بہکاوا۔ چکما

دم دھاگا: دھوکا۔ فریب۔ جھانسا۔ چکمہ۔ چال۔ بہکاوا۔ پھسلاوا

دم ساز: ۱۔ سنگتی۔ ساتھی۔ ہم نوا۔ ہم آہنگ
۲۔ دوست۔ رفیق۔ ہم دم۔ یار۔ آشنا۔ جگر
۳۔ رازدار۔ محرم راز۔ ہم راز۔ ہم نفس
۴۔ متفق۔ موافق۔ مطابق

دم سازی: ۱۔ سنگت۔ ساتھ۔ ہم نوائی۔ ہم آہنگی
۲۔ دوستی۔ رفاقت۔ ہم دلی۔ یاری۔ آشنائی۔ ہنرتا۔ ہم نفسی
۳۔ رازداری۔ ہم رازی
۴۔ اتفاق۔ موافقت۔ مطابقت۔ تال میل

دم قدم: وجود۔ ہستی۔ زندگی۔ زیست۔ حیات

دم کشی: ۱۔ دمہ۔ ضیق النفس
۲۔ خاموشی۔ چپ۔ سکوت۔ لب بستگی

دم نقد: اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ نقد دم۔ کوارا

دم بنا رہے
دم قدم کی خیر
دم کا دمامہ ہے
دم کا کیا بھروسہ
دم ہے تو کیا غم ہے

دُم: ۱۔ دنبالہ۔ ذنب۔ پونچھ۔ پونچھڑی۔ پچھالا
۲۔ عقب۔ پیچھا
۳۔ انجام۔ آخیر۔ انتہا۔ انت
۴۔ پیرو۔ مقلد۔ متبع

دُم بریدہ: دُم کٹا۔ لنڈا۔ بے دُم۔ ابتر۔ لنڈورا
دُم دار: ذات الذنب۔ دنبالہ دار

دُم کٹا: لنڈا۔ لنڈھا۔ بچیا۔ لانڈا۔ بے دُما

دَمادَم: پے در پے۔ دم بدم۔ متواتر۔ علی التواتر۔ علی الاتصال۔ مسلسل۔ پیہم

دَماغ: ۱۔ مغز۔ گودا۔ بھیجا۔ دمار
۲۔ عقل۔ فہم۔ شعور۔ دانائی۔ بدھ۔ گیان۔ ادراک۔ سمجھ۔ مت۔ دانش۔ حکمت۔ ہوشیاری
۳۔ برداشت۔ تحمل۔ تاب و تواں۔ طاقت۔ سکت
۴۔ اوسان۔ ہوش۔ حواس
۵۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیمان۔ کبر۔ عجب

دماغ چٹ: بکواسی۔ بکی۔ یاوہ گو۔ فضول گو۔ بیہودہ گو۔ لغو گو۔ ہرزہ سرا۔ ژاژخا

دماغ دار: مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی۔ خود پسند۔ خود پرست۔ خود بیں۔ خودنگر

دماغ داری: غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیمان۔ خود پسندی۔ خود پرستی۔ خود بینی۔ خودنگری

دماغ سوزی: دماغی محنت۔ دماغی کاوش۔ ذہنی کاوش

تیز دماغ ـــ ڈل دماغ ـــ کند دماغ ـــ
خر دماغ ـــ عالی دماغ ـــ روشن دماغ ـــ
نازک دماغ ـــ تاریک دماغ ـــ تر دماغ ـــ
گرم دماغی ـــ خشک دماغ ـــ گندہ دماغ ـــ
پریشان دماغ ـــ پراگندہ دماغ ـــ آشفتہ دماغ

دماغی: مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی۔ دماغ دار۔ خود پسند۔ خود پرست۔ خود بیں۔ خودنگر

دمامہ: ۱۔ نقارہ۔ نوبت۔ ڈھل۔ دھونسا۔ ڈُند
۲۔ رونق۔ چہل پہل

دَمدمہ: مصنوعی قلعہ۔ مورچہ

دُمہ : ضیق النفس ۔ دَم کشی

دن : ۱۔ روز ۔ یوم ۔ وار ۔ دیوس ۔ نہار ۔ دیہار
۲۔ زمانہ، دور ۔ وقت
۳۔ ساعت ۔ گھڑی
۴۔ رُت ۔ موسم
۵۔ بھاگ ، نصیب ۔ بخت ۔ قسمت ۔ مقدر

دن بھرنا ــــ دن بگڑنا ــــ دن پھرنا ــــ دن ڈھلنا
ــــ دن دُونا رات چوگن ــــ دن عید رات
شبِ برات ہونا ــــ دن کاٹنا ــــ دن کو دن
رات کو رات نہ جاننا ــــ دن کو تارے دکھانا
ــــ دن رات سُولی پر گذرنا ــــ دن رات کا بکھیڑا

دنائت : کمینہ پن ۔ سفلہ پن ۔ سفلگی ۔ رذالت ۔ ذلت

دُنبال / دنبالہ : ۱۔ دُم ۔ پُونچھ ۔ پونچھڑی ۔ ذنب
۲۔ عقب ، پیچھا
۳۔ کریا ، گوشۂ چشم

دُنبالہ دار : دُم دار ۔ ذات الذنب

دُنبہ : مینڈھا ، میش نر ، کبش ۔ ضان ۔ بھیڑا

دُند : ۱۔ نوبت ۔ نقارہ ۔ دمامہ ۔ ڈھل ۔ ڈھونسا
۲۔ شور ۔ غُل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۔ شورش
۳۔ ظلم ، ستم ۔ اندھیر ۔ بیداد

دُنگ : حیران ۔ حیرت زدہ ۔ متحیر ۔ ہکابکا ۔ مبہوت

دنگا : لڑائی ، جھگڑا ۔ فساد ۔ ہنگامہ ۔ شورش ۔ نزاع ، بغاوت ۔ شرارت ۔ بلوا

دنگل : ۱۔ میدان ۔ اکھاڑا
۲۔ بھیڑ ، مجمع ۔ انبوہ ۔ ازدحام ۔ ہجوم
۳۔ کُرسی ۔ صندلی

دنگئی : لڑاکا ، جھگڑالو ۔ فسادی ۔ مفسد ۔ ہنگامہ پرور ۔ باغی ۔ شریر ۔ بلوائی

دنی : کمینہ ۔ رذیل ۔ سفلہ ۔ حقیر ۔ پاجی

دُنیا : ۱۔ جہان ۔ عالم ۔ کائنات ۔ گیتی ۔ جگ ۔ جگت ۔ سنسار ۔ گیہاں ۔ عالمِ ناسوت ۔ عالمِ اجسام ۔ آفاق ۔ ربعِ مسکون ۔ کون ۔ پرتھوی ۔ کارخانۂ قدرت ۔ ترلوک ۔ چار دانگ ، چاروں طرف ۔ چار کھونٹ ، چہار بالش ، چوکھونٹ ، چودیس
۲۔ موجودہ زندگی ۔ این جہان
۳۔ لوگ ، عوام ۔ انام ، خلائق ۔ مخلوقات ، مخلوق ، خلقِ خدا
۴۔ دولت ۔ جائیداد ۔ مال ۔ اثاثہ ۔ متاع ۔ سرمایہ ، معاش

دُنیا پرست : ۱۔ دنیا دار ۔ لالچی ۔ طامع ، حریص ۔ آزمند
۲۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عیار ، مطلب پرست ، مطلبی
دنیا پرستی : ۱۔ دنیاداری ۔ لالچ ۔ طمع ، حرص ، آز
۲۔ چالاکی ، ہوشیاری ، عیاری ۔ مطلب پرستی
دنیا دار : ۱۔ دنیا پرست ۔ لالچی ۔ طامع ، حریص ۔ آزمند
۲۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔ عیار ۔ مطلب پرست
۳۔ ریاکار ۔ ظاہر دار
دنیا داری : ۱۔ دنیا پرستی ۔ لالچ ۔ طمع ، حرص ۔ آز
۲۔ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ عیاری ، مطلب پرستی
۳۔ ریاکاری ۔ ظاہر داری ۔ نمود ۔ نمائش ، تکلف ، تصنع ، بناوٹ
دنیا ساز : ریاکار ، ظاہر دار ۔ نمائش پسند
دنیا سازی : ریاکاری ۔ ظاہر داری ۔ نمود و نمائش ۔ دکھاوا ۔ تکلف

تصنع ۔ بناوٹ

دنیاوی/دنیوی : عالمی ۔ دنیا کا

دو : ۱۔ اثنان ۔ اثنین ۔ دُوئی
۲۔ جفت ۔ جوڑا

دوبار : دو دفعہ ۔ دو مرتبہ ۔ مکرر
دوبالا : دُگنا ۔ دوچند ۔ دونا
دورُخا : ۱۔ دورُویہ ۔ ذوجہتین
۲۔ دوغلا ۔ دورنگا ۔ منافق ۔ دودلا
۳۔ ذو محمل
دوروزہ : چند روزہ ۔ مختصر ۔ عارضی ۔ غیر مستقل
دورُویہ : دورُخا ۔ دوطرفہ ۔ ذوجہتین
دوشنبہ : پیر ۔ سوموار ۔ یوم الاثنین
دوطرفہ : دورُویہ ۔ دورُخا ۔ ذوجہتین
دوعالم : دوجہان ۔ دوسرا ۔ دوگیتی ۔ دارین ۔ عالمین
دوعملی : اختلاف رائے ۔ بدنظمی ۔ بدانتظامی
دولخت : دوپارہ ۔ دونیم ۔ دوٹکڑے

دودو ــــ دوآتشہ ــــ دوآبہ ــــ دواُنگل ــــ
دوآنسو بہانا ــــ دوبلا ــــ دوبول ــــ دوبجاشا
ــــ دوپارہ ــــ دوپایہ ــــ دوپٹہ ــــ دوچند
ــــ دودلا ــــ دورنگی ــــ دوپہر ــــ دوٹوک
ــــ دوخصمی ــــ دودن ــــ دو دو ہاتھ کرنا ــــ
دواسپہ ــــ دوانی ــــ دوبازہ ــــ دوآشیانہ
ــــ دوبلدا ــــ دوبلدی ــــ دوبجیبیا ــــ
دوپشتہ ــــ دورنگا ــــ دورو ــــ دوپڑی
ــــ دوطرفہ ــــ دوپلکا ــــ دوتہی ــــ دوہرا
ــــ دوبہریا ــــ دوپیازا ــــ دوتہی ــــ
دوتارا ــــ دوجیا (حاملہ) ــــ دوچار ــــ

دودستہ خلال ــــ دوچوبہ ــــ دودستی ــــ
دودلہ ــــ دوباجو ــــ دودھارا ــــ دودھاری
ــــ دوراؤ (نفی) ــــ دوراہا ــــ دورسا ــــ
دورگا ــــ دوغلا ــــ دوزلو ــــ دوسالہ ــــ دوسرتی
ــــ دوسیری ــــ دوشاخہ ــــ دوعملہ ــــ
دوفصلہ ــــ دوفصلی ــــ دوگاڑا ــــ دوگانا ــــ
دولتی ــــ دوگانہ ــــ دولڑا ــــ دومحلہ ــــ دومعنی
ــــ دومنہا ــــ دومنزلہ ــــ دونالی ــــ دوہتی ــــ
دوہتڑ ــــ دولڑی ــــ دوشنبہ ــــ دونا ــــ
دوگنا ــــ دوبامہ ــــ دوبتی ــــ دوبدو ــــ
دوبُعد ــــ دوبیننده ــــ دوبرادراں ــــ
دوپزویزنی ــــ دوتار ــــ دوپیکر ــــ دوتیغہ باز ــــ
دوجہان ــــ دودری ــــ دورنگ ــــ دوروزہ
ــــ دوزبان ــــ دوسر ــــ دوسرا ــــ دوشاہی
ــــ دوگوشی ــــ دونیم (دوپارہ) ــــ
دوبھینسیا ــــ دوہرا

دوا : دارو ۔ درماں ۔ علاج ۔ معالجہ ۔ چارہ ۔ مداوا ۔ اپائے ۔ الکحد
میڈیسن ۔ شفا

دوار/دوارا : دروازہ ۔ در ۔ باب ۔ آستانہ ۔ چوکھٹ ۔ درگاہ

دوالا : ناداری ۔ خسارہ ۔ گھاٹا ۔ افلاس ۔ مفلسی ۔ کنگال پن ۔ تہی دستی ۔
بے مائیگی ۔ بے بضاعتی

دوالیا/دوالیہ : نادار ۔ مفلس ۔ قلاش ۔ کنگال ۔ تہی دست ۔ بے مایہ ۔
بے بضاعت ۔ بے حیثیت ۔ ٹٹ پونجیا

دوام : ہمیشگی ۔ ابد ۔ استقلال

دوبارہ : دوسری دفعہ ۔ دوسری بار ۔ دوسری مرتبہ ۔ مکرر ۔ پھر ۔ بازہ ۔

بلا دیگر۔ اور۔ از سرِ نو

دوبھر: مشکل۔ دشوار۔ ناگوار۔ گراں۔ ثقیل۔ بوجھل

دوپٹا: ڈوپٹا۔ روپٹہ۔ اوڑھنی۔ دامنی۔ مقنع۔ لوگڑا

دُوت: ۱۔ قاصد۔ سفیر۔ ایلچی۔ پیغام بر۔ پیام بر۔ پیامی
۲۔ مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ۔ کھوجی۔ سراغرساں۔ متجسس۔ بریچو۔ نیلی۔
اطلاع دہندہ

دُوجا: دوسرا۔ دیگر۔ ثانی

دوخت: سلائی۔ سیون۔ بخیہ۔ سوزن

دُود: ۱۔ دھواں۔ دُخان
۲۔ بھاپ۔ بخار
۳۔ دھند۔ غبار۔ کہر

دودکش: مخرجِ دود۔ چمنی

دُودمان: خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ کٹم۔ قوم۔ نسل۔ نژاد۔ بنس۔
تبار۔ خانوادہ

دُودھ: شیر۔ لبن۔ کشیر۔ کھیر

دودھ بھائی: برادرِ رضاعی۔ ہم شیر بھائی۔ دودھ شریک بھائی
دودھ بہن: خواہرِ رضاعی۔ خواہر ہم شیر۔ دودھ شریک بہن
دودھ پوت: مال و دولت۔ آل اولاد۔ آل عیال
دودھ پلائی: اناّ۔ دایہ۔ مادرِ رضاعی۔ کھلائی

دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے
دودھ کا دودھ پانی کا پانی
دودھ بھی پیارا پُوت بھی پیارا قسم کس کی کھاؤں
دودھ سے دھویا پڑا ہے
دودھ کی منہ سے بُو آتی ہے
دودھ کی مکھی کس نے چکھی
دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے
دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو
دودھ دیا مینگوں بھرا

دَور: ۱۔ چکر۔ گردش۔ پھیر۔ چرخ۔ گھماؤ۔ دوران
۲۔ رفتار۔ روش۔ چال
۳۔ حاشیہ۔ کنارہ۔ کرانہ۔ پلو
۴۔ باری۔ نوبت
۵۔ حلقہ۔ گھیرا۔ ہالا۔ محیط۔ کنڈل۔ گردہ۔ پھیلاؤ
۶۔ چاروں طرف۔ چہار سُو۔ چاروں اور۔ ہر سو
۷۔ انقلاب۔ گردشِ زمانہ۔ تغیر و تبدل
۸۔ زمانہ۔ عہد۔ عصر۔ کال
۹۔ دہراؤ۔ دہرائی۔ تکرار۔ اعادہ

دَور دَورا: ۱۔ اقبال۔ عروج
۲۔ حکومت۔ سلطنت۔ اقتدار۔ راج
۳۔ عمل دخل۔ اثر رسوخ
۴۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ چلن۔ طور۔ طریقہ۔ زمانہ

دُور: ۱۔ بعید۔ پرے۔ بُعد۔ فاصلے پر۔ دور دست۔ دور دراز
۲۔ جُدا۔ الگ۔ علیحدہ
۳۔ دشوار۔ مشکل۔ کٹھن
۴۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی

دُور از حال: خدانخواستہ۔ خدا نہ کردہ۔ خدا نہ کرے
دُور از کار: ۱۔ بیکار۔ ناکارہ

۲۔ مُشکل ۔ ناممکن

۳۔ خلاف مرضی ۔ خلاف منشا ۔ خلاف مطلب

دُور اندیش : عاقبت اندیش ۔ مآل اندیش ۔ زیرک ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ ہوشیار ۔ دُور بین ۔ انجام بین ۔ آخر بین

دُور اندیشی : عاقبت اندیشی ۔ مآل اندیشی ۔ انجام اندیشی ۔ دانائی ۔ عقل مندی ۔ ہوشیاری ۔ دور بینی ۔ انجام بینی ۔ آخر بینی ۔ زیرکی

دُور بیں : ۱۔ عاقبت اندیش ۔ دور اندیش ۔ مآل اندیش ۔ دانا ۔ عقلمند ۔ زیرک ۔ ہوشیار ۔ انجام بیں ۔ آخر بیں

۲۔ آلہ ۔ دُور نما ۔ ٹیلی سکوپ

دُور بینی : عاقبت اندیشی ۔ دور اندیشی ۔ مآل اندیشی ۔ دانائی ۔ عقلمندی ۔ زیرکی ۔ ہوشیاری ۔ انجام بینی ۔ آخر بینی

دور افتادہ ——— دور باش ——— دور دست ——— دور دراز

دُور کے ڈھول سہانے
دور ہو سامنے سے
دور ہی سے سلام

دَوران : ۱۔ گردش ۔ چکر ۔ دَورہ

۲۔ وقت ۔ زمانہ ۔ عصر ۔ عمر ۔ عرصہ ۔ مُدّت

۳۔ انقلاب ۔ تغیر و تبدل ۔ ہیر پھیر ۔ اُلٹ پھیر

۴۔ قسمت ۔ نصیب ۔ بخت ۔ بھاگ ۔ مقدر

دَورہ : ۱۔ گردش ۔ چکر ۔ دور ۔ دوران

۲۔ گشت ۔ پھیرا ۔ معائنہ

۳۔ نوبت ۔ باری

۴۔ ہیر پھیر ۔ الٹ پھیر ۔ انقلاب

۵۔ بیماری سے بے ہوشی

دُوری : بُعد ۔ فاصلہ ۔ مسافت

دَوڑ : ۱۔ بھاگ ۔ فرار ۔ جولانی ۔ جولاں ۔ اچھل کود

۲۔ پہنچ ۔ رسائی ۔ دخل

۳۔ سعی ۔ کوشش ۔ تگ و دو ۔ تگ و پو ۔ جد و جہد

۴۔ حملہ ۔ دھاوا ۔ چڑھائی ۔ تاخت ۔ یورش ۔ یلغار

دَوڑا دَوڑی : بھاگا بھاگ ۔ بھاگم بھاگ ۔ بھاگ دوڑ ۔ تیزی ۔ جلدی ۔ سرعت

دَوڑ دھوپ : تگ و دو ۔ تگ و پو ۔ سعی ۔ کوشش ۔ بھاگ دوڑ ۔ جد و جہد ۔ محنت ۔ مشقت

دوزخ : ۱۔ جہنم ۔ نرک ۔ جحیم ۔ سقر ۔ ہاویہ ۔ دار البوار

۲۔ عذاب گاہ ۔ عقوبت گاہ ۔ دار العذاب ۔ دار المحن

۳۔ پیٹ ۔ شکم ۔ بطن ۔ معدہ

دوزخی : ۱۔ جہنمی ۔ نرکی

۲۔ گناہ گار ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ خاطی ۔ عاصی

۳۔ پیٹو ۔ بسیار خور

دوس / دوش : ۱۔ قصور ۔ خطا ۔ تقصیر ۔ گناہ ۔ پاپ ۔ اپرادھ ۔ عیب

۲۔ الزام ۔ اتہام

دوست : ۱۔ محب ۔ یار ۔ آشنا ۔ مِتر ۔ میت ۔ بیلی ۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ سنگتی ۔ خلیل ۔ سجن ۔ ہم خیال ۔ میلی ۔ سنگی ۔ ہمدم ۔ دم ساز ۔ ہم راز ۔ خیر خواہ ۔ بہی خواہ

۲۔ محبوب ۔ معشوق ۔ پیارا ۔ پریتم ۔ پیتم ۔ بالم ۔ ساجن ۔ جانی

دوست دار : خیر خواہ ۔ خیر اندیش ۔ خیر سگال ۔ بہی خواہ ۔ ہم راز ۔ ہم دم ۔ دم ساز

دوست داری : خیر خواہی ۔ خیر اندیشی ۔ خیر سگالی ۔ بہی خواہی ۔ ہم رازی

ہم دلی۔ دم سازی

دوست پرور: دوست نواز۔ حبیب پرور۔ محب نواز

دوست پروری: دوست نوازی۔ حبیب پروری۔ محب نوازی

دوست نواز: دوست پرور۔ یار پرور۔ حبیب نواز۔ محب نواز

دوست نوازی: دوست پروری۔ یار پروری۔ حبیب نوازی۔ محب نوازی

زر دوست ـــ صلح دوست ـــ غریب دوست
ـــ فقر دوست ـــ مسافر دوست ـــ زن دوست
ـــ مظلوم دوست ـــ عیش دوست ـــ
خدا دوست ـــ کمین دوست ـــ آرام دوست
ـــ وطن دوست ـــ قوم دوست ـــ
ملک دوست ـــ شریف دوست

دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست
در پریشاں حال و درماندگی

دوست باشد کہ از معائب دوست ہم چوں آئینہ روبرو گوید

دوست شاد ہوں دشمن پامال رہیں

دوست کا دشمن دشمن، دشمن کا دشمن دوست

دوست کا ڈگا پاؤں، دشمن کا لگا داؤں

دوست ملے کھانے دشمن ملے رونے

دوست وہ جو وقت پر کام آئے

حساب دوستاں در دل

دوستی: ۱۔ یاری۔ آشنائی۔ ہمنشینی۔ رفاقت۔ ساتھ۔ سنگ۔ میل جول۔ راہ ورسم۔ ارتباط۔ اختلاط
۲۔ ہم دلی۔ ہم رازی۔ دم سازی
۳۔ خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ خیر سگالی۔ بہی خواہی
۴۔ محبت۔ الفت۔ پیار۔ اخلاص۔ پریم۔ پریت۔ تعلق۔ تالّف۔ لگاؤ

دُوسرا: ۱۔ دوم۔ ثانی۔ دُوجا
۲۔ اگلا۔ دیگر۔ غیر۔ بیگانہ۔ اجنبی

دوش: ۱۔ کاندھا۔ کندھا۔ شانہ۔ کتف۔ مونڈھا
۲۔ شب گذشتہ۔ دی شب۔ گذرا ہوا کل۔ دیروز

دوش بدوش: شانہ بشانہ۔ بالاتحاد۔ بالاتفاق۔ ساتھ ساتھ۔ ہم رلہ

دوشیزگی: کنوارپت۔ کنوارپن۔ بکارت۔ اچھوتاپن

دوشیزہ: کنواری۔ کماری۔ کواری۔ کنیا۔ باکرہ۔ اچھوتی۔ جیرہ بند۔ ناکتخدا

دوغلہ: ۱۔ دونسلہ۔ دورگہ۔ مخلوط النسب
۲۔ کم اصل۔ کمینہ۔ کم ذات۔ پاجی
۳۔ دورنگا۔ دوزخہ۔ منافق

دُوَل: دولتیں۔ حکومتیں۔ سلطنتیں

دولاب: پہیا۔ چرخ۔ چرخی۔ چکر۔ گراری۔ رہٹ۔ غراری

دَولت: ۱۔ حکومت۔ سلطنت۔ ریاست۔ راج۔ اقتدار
۲۔ دھن۔ مال۔ ثروت۔ زر۔ نقدی۔ سرمایہ۔ متاع۔ بھاگ۔ تمول۔ امارت۔ غنا۔ زر نقد۔ تونگری۔ امیری
۳۔ فتح۔ ظفر۔ فیروزی۔ وجے۔ جیت
۴۔ خوشی۔ شادی۔ شادمانی۔ انبساط۔ مسرت۔ بہجت
۵۔ مرتبہ۔ محل۔ وجہ۔ باعث۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ طفیل
۶۔ اولاد۔ اسباط۔ آل۔ اخلاف۔ ذریت
۷۔ ملکیت۔ ملک۔ املاک۔ جائیداد

دولت خانہ/ سرا/ کدہ: محل۔ قصر۔ گھر۔ مکان۔ مسکن۔ قیام گاہ۔ دارالقیام۔ دارالاقامہ

دولت مند: امیر۔ مال دار۔ متمول۔ صاحب ثروت۔ ثروت مند۔ صاحب مال۔ زردار

دولت مندی: امیری۔ امارت۔ مال داری۔ تمول۔ ثروت مندی۔ زرداری

دولتی: پٹلک۔ جفتہ زدن۔ جزح الرجلین۔ رمح الرجلین

دُوم/دُومیں: دوسرا۔ دوسری۔ ثانی۔ دوم۔ دیگر

دَوں: ۱۔ آگ۔ اگنی۔ آتش۔ نار۔ شعلہ۔ لوکا۔ لپٹ
۲۔ پیاس۔ تشنگی۔ عطش۔ ترشنا
۳۔ حدت۔ حرارت۔ گرمی۔ تپ۔ تپش
۴۔ سوزش۔ جلن۔ التہاب۔ تپک
۵۔ جوش۔ ولولہ۔ ہیجان
۶۔ شہوت۔ مستی

دُون: ۱۔ دُگن۔ بم۔ بلند آہنگی۔ تیز گت
۲۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف۔ گزاف
۳۔ دامن کوہ۔ تلیٹی
۴۔ شعب۔ درّہ کوہ۔ گھاٹی

دُوں: ۱۔ حقیر۔ کمینہ۔ ادنیٰ۔ ہیچ۔ گھٹیا۔ ذلیل۔ رذیل۔ پاجی۔ سفلہ
۲۔ کم۔ پست

دُوں ہمت: پست ہمت۔ کم ہمت۔ کم حوصلہ۔ پست حوصلہ
دُوں ہمتی: پست ہمتی۔ کم ہمتی۔ کم حوصلگی۔ پست حوصلگی

دُوگنا: دُوگنا۔ دوگونہ۔ دوچند

دُونا دوں: چارگنا۔ چوگنا۔ چہار گونہ۔ چہار چند

دوہائی: ۱۔ فریاد۔ فغاں۔ نالہ۔ شیون۔ شور۔ غُل۔ غوغا
۲۔ دادخواہی۔ استغاثہ۔ نالش
۳۔ پناہ۔ بچاؤ۔ امن خواہی
۴۔ قسم۔ سوگند۔ حلف۔ واسطہ
۵۔ منادی۔ اعلان۔ اشتہار۔ تشہیر
۶۔ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت

دوہتا: پسر دختر۔ ابن البنت۔ نواسہ۔ سبط

دوہتی: دخترِ دختر۔ بنت البنت۔ نواسی

دوہرا: ۱۔ دوتہا۔ دوپرتا
۲۔ دوچند۔ دوگونہ۔ دونا۔ دگنا

دُوئی: ۱۔ ثنویت۔ بیگانگی۔ غیریت۔ مغائرت۔ نفاق۔ جدائی۔ علیحدگی۔ من وتو
۲۔ ان بن۔ جھگڑا۔ نزاع۔ مناقشت۔ تنازع۔ چپقلش
۳۔ شرک۔ شرکت۔ ساجھا

دِہ: گاؤں۔ قریہ۔ بستی۔ آبادی

دِہ خدا: مالکِ دہ۔ زمیندار۔ جاگیردار۔ تعلقہ دار۔ نمبردار

دَہ: دس۔ عشر

دَہ چند: دہ گونہ۔ دس گنا
دَہ یک: جزو دہم۔ عُشر

دہا: ۱۔ عشرہ
۲۔ دہائی

دَہاڑ: گرج۔ بھبک۔ چیخ۔ شور۔ غل

دہاڑا: ۱۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ گت۔ حالت۔ کیفیت
۲۔ دن۔ یوم۔ نہار۔ دوپہر

دہاڑی: روزینہ۔ یومیہ۔ روزانہ اجرت۔ یومیہ مزدوری

دَہاکا: ۱۔ دس۔ عشر۔ دَہا۔ دہائی
۲۔ نقصان۔ زیان۔ خسران۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا
۳۔ صدمہ۔ رنج۔ غم۔ قلق۔ ملال۔ اندوہ۔ حزن۔ دھچکا۔ دھکا۔ حادثہ
۴۔ رعب۔ داب۔ دبدبہ۔ خوف۔ ڈر۔ بھے۔ بیم۔ باک

دَہان: ۱۔ دہن۔ منہ۔ فم
۲۔ سوراخ۔ روزن۔ رخنہ۔ درز۔ شگاف

دہان بند: نقاب۔ برقعہ۔ چھینکا

دَہانہ: ۱۔ منہ۔ دہن۔ مخرج۔ مدخل
۲۔ موری۔ بدررو۔ نالی
۳۔ لگام

دَہر: ۱۔ دنیا۔ زمانہ۔ وقت۔ مدت العمر
۲۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت۔ اتفاق
۳۔ طریقہ۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ طرح
۴۔ تردد۔ فکر۔ تشویش۔ اندیشہ۔ خدشہ

دُہراؤ: اعادہ۔ تکرار۔ دُہرائی

دُہرائی: دُہراؤ۔ اعادہ۔ تکرار

دہریت: زمانہ پرستی۔ انکار خدا۔ الحاد۔ کفر

دہریہ: زمانہ پرست۔ منکر خدا۔ ملحد۔ کافر

دہشت: ڈر۔ خوف۔ بھے۔ خطرہ۔ بیم۔ ہول

دہشت انگیز: خوف انگیز۔ ڈراؤنا۔ پُرخطر۔ ہول ناک۔ خوف ناک۔ بھیانک
دہشت انگیزی: خوف انگیزی۔ ڈراؤنا پن۔ ہول ناکی۔ خوف ناکی۔ بھیانک پن
دہشت زدہ: خوف زدہ۔ خائف۔ ڈرا۔ سہما۔ ترساں
دہشت ناک: خوف ناک۔ ڈراؤنا۔ خطرناک۔ ہول ناک۔ بھیانک
دہشت ناکی: خوف ناکی۔ ڈراؤنا پن۔ خطرناکی۔ ہول ناکی۔ بھیانک پن

دہقان: ۱۔ دیہاتی۔ باشندۂ دہ۔ گنوار
۲۔ کسان۔ کاشت کار
۳۔ اجڈ۔ جاہل۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب

دُہل: ڈھول۔ نقارہ۔ نوبت۔ دمامہ

دَہل: خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ ہول۔ بھے۔ گھبراہٹ۔ وحشت

دِہلی: ۱۔ دِلّی۔ شاہجہان آباد
۲۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔ آستانہ۔ درگاہ

دہلیز: ۱۔ چوکھٹ۔ آستانہ۔ آستان۔ دروازہ۔ در۔ دوار۔ سدہ۔ عتبہ۔ وصید۔ بالان
۲۔ ڈیوڑھی

دَہُم: دسواں۔ عاشر

دہن : ۱۔ دہان۔ مُنہ۔ فم۔ پوزہ۔ جام گوہری۔ چشمۂ نوش۔ دُرجِ تنگ۔
دُرجِ دُر۔ زفر۔ زفو۔ دہون۔ وات
۲۔ روزن۔ سوراخ۔ رخنہ۔ درز۔ شگاف

دہن بستہ : ۱۔ مُنہ بند۔ مُہر بلب
۲۔ خاموش۔ چُپ۔ چپکا۔ صامت۔ ابکم۔ ساکت
دہن بند : نقاب۔ برقعہ۔ چھینکا
دہن دریدہ : مُنہ پھٹ۔ گستاخ۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے ادب۔
بے لحاظ۔ بے مروت

غنچہ دہن ــــ پنبہ دہن ــــ تنگ دہن ــــ
دریدہ دہن ــــ شیریں دہن ــــ چنگ دہن
ــــ خشک دہن ــــ صد دہن ــــ فراخ دہن
ــــ ہشت دہن

دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ

دہی : دوغ۔ جغرات۔ ماست۔ شیر بستہ۔ کری۔ لبن حامض

دھات : ۱۔ معدنی شے۔ کانی شے۔ فلز
۲۔ منی۔ نطفہ۔ ویرج۔ دھاتو

دھار : ۱۔ لکیر۔ خط۔ حد۔ شفرہ
۲۔ تیلی۔ زریڑا
۳۔ بہاؤ۔ سیل
۴۔ سلسلہ کوہ۔ کوہستان
۵۔ باڑھ۔ دم۔ برش۔ آب۔ تیزی۔ کاٹ۔ غزار

دھارا : ۱۔ چشمہ۔ سوتا۔ آبشار۔ منبع
۲۔ بہاؤ۔ سیل
۳۔ قنۂ کوہ۔ سلسلۂ کوہ

دھاری : ۱۔ لکیر۔ خط
۲۔ نالی
۳۔ پُشتہ
۴۔ حد۔ سیما۔ کنارہ۔ کرانہ۔ ڈانڈا

دھاری دار : لکیر دار۔ مُخطط

دھاڑ : ۱۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔ ازدحام۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولا۔ ٹولی۔ منڈلی
۲۔ جلدی۔ عجلت۔ سرعت۔ تیزی
۳۔ اشد ضرورت
۴۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب۔ بے تابی

دھاڑا : ۱۔ مال غنیمت۔ یغما۔ لوٹ
۲۔ ظلم۔ جور۔ بیداد۔ زبردستی۔ چیرہ دستی
۳۔ مجمع۔ گروہ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام۔ جتھا۔ ٹولا۔ ٹولہ۔ منڈلی
۴۔ ڈاکا۔ ڈکیتی۔ لوٹ مار۔ راہزنی۔ راہ ماری۔ بٹ ماری۔
قزاقی

دَھاڑی : ڈاکو۔ لٹیرا۔ راہزن۔ راہ مار۔ بٹ مار۔ قزاق۔ ڈکیت۔
قاطع الطریق۔ قطاع الطریق

دھاک : ۱۔ شہرت۔ شہرہ۔ غلغلہ۔ دھوم۔ آوازہ
۲۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ باک۔ بھے۔ دہشت
۳۔ رعب۔ داب۔ دبدبہ
۴۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ طنطنہ۔ طمطراق

دھاگا : ۱۔ تاگا۔ رشتہ۔ سلک۔ تار۔ خیط۔ ڈور۔ تانا۔ پیٹا۔ پھوسڑا
۲۔ فریب۔ دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ چھل۔ چکما

دھان : چاول۔ مونجی۔ شال۔ جھونا۔ جھڑا۔ پلال

دھان پان: دُبلا۔ پتلا۔ نازک۔ لاغر۔ نحیف۔ منحنی

دھاندل/دھاندلی: ۱۔ بے ایمانی۔ بددیانتی۔ خیانت۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ چال۔ چکما
۲۔ حیلہ۔ بہانہ۔ حجت
۳۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ نزاع۔ خرخشہ

دھاندل باز: ۱۔ بے ایمان۔ بددیانت۔ خائن۔ مکار۔ چکمے باز۔ فریبی۔ دغاباز۔ چھل باز۔ چالیا۔ چال باز۔ دم باز۔ جھانسے باز
۲۔ جھگڑالو۔ جنگی۔ فسادی۔ مفسد۔ شریر۔ مفسدہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ پرداز

دھاوا: چڑھائی۔ ہلّہ۔ حملہ۔ تاخت۔ یورش۔ یلغار

دھاوت: ۱۔ سرغنہ۔ سرگروہ دزداں۔ سرخیلِ اشرار
۲۔ چست۔ چالاک۔ تیز۔ طرار
۳۔ بے اعتدال۔ بلانوش۔ بلاکش

دھبّا: ۱۔ داغ۔ چتّی۔ نشان۔ ٹیکا۔ لطخہ۔ بوشہ۔ شینہ
۲۔ عیب۔ نقص۔ خامی۔ سقم
۳۔ اتہام۔ تہمت۔ بہتان۔ الزام۔ دوش

دھپّا: ۱۔ تھپڑ۔ دھول۔ چانٹا۔ طمانچہ۔ سیلی۔ لطمہ
۲۔ نقصان۔ زیان۔ خسران۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ ضرر
۳۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ چھل۔ چال۔ چکما۔ دم جھانسا
۴۔ دُوری۔ بُعد۔ فاصلہ۔ مسافت

دھت: لت۔ علت۔ عادتِ بد

دُھت: چُور۔ مخمور۔ متوالا۔ بدمست۔ مدہوش

دُھتّا: ۱۔ حیلہ۔ بہانہ۔ ٹال مٹول۔ لیت ولعل۔ اَرسے بلے
۲۔ دھتکار۔ دور دبک۔ اخراج

دُھتّا: دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چال۔ چھل۔ چکما۔ خدع

دُھتکار: لعنت۔ ملامت۔ پھٹکار۔ نکوہش۔ تذلیل

دھتینگر/دھینگر/دھینگڑا: ۱۔ مضبوط۔ طاقت ور۔ توانا۔ تنومند۔ جسیم۔ لحیم شحیم۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ بھاری بھرکم
۲۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی
۳۔ زبردست۔ چیرہ دست۔ دراز دست

دھج: ۱۔ طرز۔ روش۔ انداز۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ وضع۔ ٹھاٹھ
۲۔ شکل۔ صورت۔ قطع۔ ڈیل ڈول۔ خدوخال
۳۔ پوشاک۔ لباس
۴۔ اندازِ نشست وبرخاست

دھجّی: کترن۔ لیر۔ چیتھڑا۔ پرزہ۔ پارہ۔ پارچہ۔ ٹاکی ٹکانر۔ کتر۔ تھگڑی۔ تھگلی

دھچکا: ۱۔ صدمہ۔ جھٹکا۔ ہچکولا۔ دھکّا
۲۔ نقصان۔ زیان۔ خسران۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا

دُھر: ۱۔ اختتام۔ خاتمہ۔ اخیر۔ انتہا۔ انجام۔ انت
۲۔ حد۔ کنارہ۔ کرانہ۔ سرا
۳۔ آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ آد
۴۔ راہِ راست۔ صراطِ مستقیم۔ سیدھی راہ۔ جادۂ مستقیم

دُھر درگاہ: منزلِ مقصود۔ منتہائے مقصود۔ آخری منزل

دُھرا: دُھری۔ محور۔ قطب۔ کیل۔ ایکسل۔ ٹائی راڈ

دھرتی : ا۔ زمین۔ ارض۔ بوم۔ بھوم۔ پرتھوی
۲۔ دنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ گیتی۔ گیہاں
۳۔ مٹی۔ خاک۔ ترب

دھرم : ا۔ دین۔ مذہب۔ مسلک۔ عقیدہ۔ ایمان۔ قانون۔ دستور۔ آئین
۲۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ چلن
۳۔ حق۔ عدل۔ انصاف۔ نیاسہ
۴۔ نیکی۔ نکوئی۔ اچھائی۔ خوبی۔ بھلائی۔ بِرّ
۵۔ خاصیت۔ خاصہ۔ خصوصیت۔ علامتِ خاص
۶۔ بھینٹ۔ نذر۔ قربانی

دھرم آتما : ا۔ نیک دل۔ نیک نفس۔ پابند مذہب
۲۔ سخی۔ فیاض۔ داتی۔ کریم۔ جواد۔ کرم گستر

دھرم اُپدیش : مذہبی وعظ۔ مذہبی تلقین۔ نصیحت۔ ہدایت۔ پند

دھرم ارتھ : مال وقف۔ خیرات۔ صدقات

دھرم چیلا / دھرم پُتر : پسر خواندہ۔ تبنّیٰ۔ چیلا۔ مرید۔ شاگرد۔ فرزند روحانی

دھرم پتنی : منکوحہ۔ زوجہ۔ بیوی۔ اہلیہ

دھرم تیاگی : تارک مذہب۔ ملحد۔ مرتد

دھرم چاری : نیک۔ صالح۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا

دھرم دھاری : پابند مذہب۔ ایمان دار۔ دین دار۔ متدیّن

دھرم راج : ا۔ مذہبی حکومت۔ منصفانہ حکومت۔ عادلانہ نظام
۲۔ منصف حکمراں۔ عادل سلطان

دھرم رکھشا : تحفظ دین۔ حفاظت مذہب۔ تحفظ آئین۔ پاسبانی قانون

دھرم رکھشک : محافظ دین۔ پاسبان مذہب۔ نگہبان آئین

دھرم ریت : مذہبی رسم۔ دینی شعار

دھرم شالا : جماعت خانہ۔ مسافر خانہ۔ خیراتی سرائے۔ پنچایت گھر۔ چوپال۔ تکیہ۔ جنج گھر۔ جن واسا۔ جگ واسا

دھرم گیانی : مذہبی عالم۔ عالم دین

دھرم مُول : اصول مذہب۔ ارکان دین

دھرم یُدھ : مذہبی جنگ۔ جہاد

دھرمی : ا۔ مذہبی۔ دینی۔ آئینی۔ قانونی
۲۔ نیک۔ پاک۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ متقی
۳۔ مقدس۔ متبرک

دھرن : ا۔ رحم۔ بچہ دان۔ زہ دان
۲۔ ناف۔ سنڈی۔ ٹونڈی۔ ڈھنی
۳۔ شہتیر
۴۔ زیر و بم

دَھڑ : ا۔ بدن۔ جسم۔ تن۔ جُثہ۔ جسم بے سر
۲۔ طرف۔ جانب۔ پہلو
۳۔ جماعت۔ فریق۔ گروہ۔ جتھا۔ حزب۔ ٹولا
۴۔ پکا۔ مضبوط۔ قوی۔ پختہ۔ ٹھوس
۵۔ تند۔ تیز

دھڑا : ا۔ فریق۔ جماعت۔ گروہ۔ حزب۔ جتھا۔ ٹولا
۲۔ وزن۔ بوجھ۔ بار۔ بھار۔ ثقل
۳۔ پاسنگ۔ وزنہ۔ پاسکو

دھڑک : ا۔ پھڑک۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب
۲۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ بیم۔ خطرہ۔ ہَول۔ بھے

دھڑکا : ا۔ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ۔ بیم۔ خطرہ۔ ہَول۔ بھے
۲۔ دھماکا۔ گرج۔ کڑاک
۳۔ دھکا۔ دھچکا۔ صدمہ

دھڑکن : ا۔ حرکتِ قلب۔ حرکتِ نبض۔ دھڑک۔ پھڑک۔ تڑپ۔ اختلاج۔ دھک دھک
۲۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ بے کلی۔ اضطراب۔ ہول دِل

دھڑلا : ۱۔ شان۔ شوکت۔ رعب۔ دبدبہ۔ شکوہ
۲۔ انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ مجمع۔ ازدحام۔ ہجوم
۳۔ زور۔ شور۔ بیباکی۔ بہادری۔ دلیری

دُھس : پُشتہ۔ بند۔ قلعہ۔ تودہ

دھسان : دَلدَل۔ دھسن۔ کیچڑ۔ جُھلا

دھسک : دھانس۔ کھانسی۔ سرفہ۔ سعال

دھک : ۱۔ دنگ۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ مبہوت۔ متعجب
۲۔ صدمہ۔ خوف۔ ڈر۔ ہول۔ بیم۔ باک۔ بھے۔ دہشت

دھکّا : ۱۔ صدمہ۔ دھچکا۔ ہچکولا۔ جھٹکا۔ ریلا۔ جھوک۔ جنبش۔ حرکت۔ ٹکر۔ تصادم۔ ٹھیلا
۲۔ آفت۔ بلا۔ مصیبت۔ بپتا۔ حادثہ
۳۔ ضرر۔ نقصان۔ زیان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ خُسران

دھکاپیل : دھکّم دھکّا۔ ریلا پیلی

دُھکڑ دھک : دھڑکن۔ اختلاج۔ گھبراہٹ۔ دہشت۔ بے چینی۔ بیقراری۔ بے تابی۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے کلی

دُھکڑ دھکی : ۱۔ غور۔ فکر۔ سوچ۔ تامل۔ بچار
۲۔ دُھک دُھک۔ دھڑکن۔ اختلاج

دُھکڑ پکڑ : ۱۔ دبدھا، دُگدھا۔ پس و پیش۔ تامل۔ تذبذب۔ امید و بیم۔ اُدھیڑ بُن۔ ہچکچاہٹ۔ دودلی۔ تردد۔ ہچر مچر۔ خوف و رجا
۲۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی۔ بے کلی۔ اضطراب

دھکّم دھکّا : دھکاپیل۔ دھکاپیلی۔ ریلا پیلی

دھگڑا : یار۔ آشنا

دھماچوکڑی : شور۔ غل۔ غوغا۔ اچھل کود۔ جست و خیز۔ ہنگامہ

دھماکا : ۱۔ شور۔ گرج۔ کڑک
۲۔ تمانچا۔ تھپڑ۔ دھول۔ دھپا۔ سیلی۔ لطمہ
۳۔ ناگہانی واقعہ۔ حادثہ

دھمک : ۱۔ آہٹ۔ چاپ
۲۔ صدمہ۔ دھچکا۔ دھکّا
۳۔ دردِ سر۔ صداع۔ ٹیس۔ تپک
۴۔ دھڑکن۔ پھڑک۔ تڑپ
۵۔ چمک۔ دمک
۶۔ دھمکی۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ ہَول۔ دہشت۔ بھے

دھمکی : ۱۔ گُھرکی۔ تہدید۔ تنبیہ۔ ڈراوا۔ تخویف۔ ترہیب۔ وعید۔ اَڈپٹ۔ بھبکی۔ ڈانٹ۔ زجر۔ جھڑکی۔ دڑکی۔ سرزنش۔ فہمائش۔ چشم نمائی
۲۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ بیم۔ ہَول۔ دہشت۔ بھے

دھموکا : ۱۔ مُکّا۔ گھونسا۔ دَھول۔ دَھپ۔ دَھپّا
۲۔ چوٹ۔ ضرب۔ صدمہ۔ آسیب

دَھن : ۱۔ مال۔ دولت۔ ثروت۔ جائیداد۔ زر۔ لچھمی۔ مایا۔ سرمایہ۔ متاع۔ پونجی۔ بضاعت
۲۔ قسمت۔ بھاگ۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر

دَھن وان : مال دار۔ متمول۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ صاحبِ جائیداد۔ زردار۔ سرمایہ دار۔ غنی۔ امیر

دُھن : ۱۔ سُر۔ لَے۔ طرز۔ لحن

٢۔ دھیان ۔ خیال ۔ توجہ ۔ قصد ۔ ارادہ ۔ عزم
٣۔ شوق ۔ اشتیاق ۔ سرگرمی ۔ لگن ۔ ذوق
٤۔ عادت ۔ لت ۔ دھت ۔ خو
٥۔ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ چاہ ۔ طلب
٦۔ گھبراہٹ ۔ وحشت ۔ پریشانی ۔ اضطراب
٧۔ محنت ۔ مستعدی ۔ جاں فشانی ۔ عرق ریزی

دُھند : ١۔ کُہر ۔ کوہاسا ۔ غلیظ بخارات ۔ ضباب ۔ مطلق ۔ سریم ۔ نزم ۔ ابر تنک ۔ ضبانہ
٢۔ دھندلاپن ۔ دھندلاہٹ ۔ تاریکی ۔ تیرگی ۔ اندھیرا
٣۔ ضعف بصارت ۔ تیرہ نگاہی ۔ جالا ۔ موتیا

دَھندا : ١۔ کام ۔ کاج ۔ کار ۔ کاروبار ۔ شغل ۔ مشغلہ
٢۔ مشغولیت ۔ مصروفیت
٣۔ پیشہ ۔ ہنر

دُھندلا : ١۔ تاریک ۔ اندھیر ۔ تیرہ ۔ بے نور
٢۔ غیر شفاف ۔ اندھا ۔ گدلا ۔ ناصاف ۔ میلا ۔ غبار آلود

دھندلاپن : ١۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ تیرگی ۔ بے نوری
٢۔ گدلاپن ۔ میل ۔ غلاظت ۔ غبار

دھندلاہٹ : ١۔ دھندلاپن ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ تیرگی ۔ بے نوری
٢۔ گدلاپن ۔ میل ۔ غلاظت ۔ غبار

دھندلکا : شام ۔ سانجھ ۔ سحر ۔ تڑکا ۔ نیم تاریکی ۔ نیم تیرگی

دھنک : ١۔ کمان ۔ قوس ۔ دھنش
٢۔ قوس قزح ۔ اندر دھنش
٣۔ لیس ۔ گوٹا ۔ کناری

دھنی : ١۔ مال دار ۔ متمول ۔ دولت مند ۔ دھن وان ۔ زردار ۔ زر مند ۔ امیر ۔ غنی
٢۔ خوش قسمت ۔ خوش بخت ۔ خوش نصیب ۔ خوش اقبال ۔ بختاور ۔ طالع مند ۔ طالع ور ۔ اقبال مند ۔ بھاگوان ۔ بیدار بخت ۔ جواں بخت ۔ بلند اختر ۔ بلند طالع
٣۔ آقا ۔ مالک ۔ خداوند ۔ صاحب
٤۔ پکا ۔ پختہ ۔ صادق القول

دَھنیا : کوتھمیر ۔ کشنیز ۔ گزرہ ۔ جلجلان

دُھنیا : پنبہ زن ۔ نداف ۔ حلاج ۔ پنجا ۔ الباد ۔ بہمیز ۔ پنبہ دز ۔ شفشاہنج

دُھواں : دُخان ۔ دُود ۔ خنث النار ۔ عثان

دھواں دھار ___ دھواں دھار تقریر ___
دھواں دھار گھٹا

دھوب : دُھلائی ۔ دھلاوٹ ۔ شوب ۔ شوئیدگی ۔ شستگی

دھوبی : شوئندہ ۔ جامہ شو ۔ گازر ۔ قصار ۔ حواری ۔ ابرمتھا ۔ واشرمین

دھوبی کا پٹڑا ___ دھوبی کا چھیلا ___
دھوبی پاٹ

دھوبی پر بس نہ چلا گدھے کے کان کاٹے / مروڑے / اینٹھے
دھوبی کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا
دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا
دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لٹا لٹے اور

دُھوپ : ١۔ آفتاب ۔ تاب آفتاب ۔ تمازت آفتاب ۔ نور خورشید ۔

ڈھب ۔ تپش ۔ گھام
۲۔ بخور
۳۔ انھوریاں ۔ گرمی دانے ۔ پت

دھوتی : تہ بند ۔ تہمد ۔ لنگی ۔ ساری ۔ ساڑی

دھوکا : ۱۔ فریب ۔ دغا ۔ چھل ۔ جھانسا ۔ چکما ۔ خدع ۔ دم ۔ چال ۔
بھکاوا ۔ پھسلاوا ۔ چھل ۔ بتا ۔ جعل ۔ تذویر ۔ حیلہ ۔ مکر ۔
چکمی ۔ جھانولی ۔ روباہ بازی ۔ تاوہ ۔ دام ۔ چرکا ۔ بناوٹ ۔
گھڑت ۔ کھوٹ ۔ جھوٹ ۔ چھینٹا ۔ خدیعہ ۔ ختل ۔ فراڈ ۔
چھینٹ ۔ پھلاسرا ۔ بچارا
۲۔ غلطی ۔ غلط فہمی ۔ مغالطہ ۔ بھرّا ۔ بتولا
۳۔ شبہ ۔ بدگمانی ۔ بدظنی
۴۔ ہچکچاہٹ ۔ تذبذب ۔ پس و پیش ۔ تامل
۵۔ سراب
۶۔ ڈر ۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ خدشہ ۔ بیم ۔ باک ۔ ترس ۔ ہول ۔
دہشت ۔ بھے
۷۔ گھبراہٹ ۔ وحشت ۔ اضطراب

دھوکے باز : فریبی ۔ فریب کار ۔ دغا باز ۔ جعل باز ۔ جھانسے باز ۔
چکمے باز ۔ خادع ۔ خداع ۔ دم باز ۔ چال باز ۔ چالیا ۔
چھلیا ۔ جعل ساز ۔ کپٹی
دھوکے بازی : فریب کاری ۔ دغا بازی ۔ چال بازی ۔ جھانسے بازی ۔
چکمے بازی ۔ دم بازی ۔ چال بازی ۔ جعل سازی

دھوکا دھڑی ____ دھوکے کی ٹٹی ____
دھوکا دہی

ڈھول : دھپ ۔ دھپا ۔ تھپڑ ۔ چانٹا ۔ چپت ۔ طمانچہ ۔ سیلی ۔
ٹھڑ ۔ لپڑ ۔ جھانپڑ ۔ گھونسا ۔ مکا ۔ دھموکا

ڈھول چھکڑ : دھول دھپا ۔ مار پیٹ ۔ لکد کوب

دُھول : مٹی ۔ خاک ۔ تراب ۔ غبار ۔ گرد ۔ راکھ ۔ خاکستر

دُھولا : ۱۔ سفید ۔ سپید ۔ ابیض ۔ چٹا
۲۔ روشن ۔ چمک دار ۔ چمکیلا ۔ منور ۔ تابندہ

دھولا پن ۔ ۱۔ سفیدی ۔ سپیدی ۔ چٹا پن ۔ بیاض
۲۔ چمکیلا پن ۔ چمکداری ۔ تابندگی

دُھولیا : ۱۔ سفید پوش
۲۔ سفید مُو

دُھولیا : خاکی ۔ ترابی ۔ خاکستری ۔ مٹیالا

دُھوم : ۱۔ شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ
۲۔ شہرت ۔ شہرہ ۔ آوازہ ۔ دھاک ۔ غلغلہ
۳۔ شان ۔ شکوہ ۔ شوکت ۔ طمطراق ۔ طنطنہ

دھوم دھام : ۱۔ شان و شوکت
۲۔ بھیڑ بھاڑ
۳۔ زور شور ۔ ریل پیل
۴۔ شہرہ ۔ آوازہ ۔ غلغلہ
۵۔ ہنگامہ آرائی ۔ ہنگامہ خیزی
دُھوم دھڑکا : شور و غل ۔ غل غپاڑہ ۔ ہنگامہ ۔ باجا گاجا

دھونتال : ۱۔ امیر ۔ غنی ۔ دولت مند ۔ ثروت مند ۔ مال دار ۔ متمول
۲۔ فیاض ۔ جواد ۔ سخی ۔ کریم ۔ مخیّر ۔ دانی ۔ داتا
۳۔ مضبوط ۔ قوی ۔ توانا ۔ طاقت ور ۔ بلوان ۔ شکتی مان
۴۔ فربہ ۔ تنومند ۔ جسیم ۔ لحیم شحیم ۔ تنادر
۵۔ دلیر ۔ دلاور ۔ بہادر ۔ جری ۔ شجاع

۶۔ چالاک ۔ عیار ۔ مکار
۷۔ شریر ۔ شرارتی ۔ مفسد ۔ فسادی ۔ متفنی ۔ فتنہ پرداز ۔ فتنہ پرور ۔ مفسدہ پرداز

دھونس : ۱۔ دھمکی ۔ ڈراوا ۔ دھاندلی ۔ تہدید ۔ ترہیب ۔ تخویف
۲۔ دم جھانسا ۔ جل ۔ فریب ۔ دھوکا ۔ چال

دُھونسا : ۱۔ نقارہ ۔ نوبت ۔ دمامہ ۔ ڈھول
۲۔ صدمہ ۔ دھکا ۔ دھچکا

دھویا : صاف ۔ شوئیدہ ۔ شستہ ۔ پاک ۔ طاہر ۔ ستھرا

دھویا دھایا : ۱۔ صاف ستھرا ۔ پاک ۔ شستہ ۔ طاہر
۲۔ بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے غیرت ۔ ننگ

دھویا دیدہ : بے لحاظ ۔ بے مروت ۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے غیرت ۔ ننگ

دھی : بیٹی ۔ دختر ۔ بنت ۔ لڑکی ۔ پتری

دھیان : ۱۔ خیال ۔ تصور ۔ سوچ ۔ بچار ۔ غور ۔ فکر ۔ مراقبہ
۲۔ لحاظ ۔ التفات ۔ توجہ

دِھیر : ۱۔ صبر ۔ تحمل ۔ برداشت ۔ بردباری ۔ حلم
۲۔ استقلال ۔ ثبات قدم ۔ استقامت
۳۔ ہمت ۔ حوصلہ ۔ دلیری ۔ جرات
۴۔ آہستگی ۔ دھیماپن

دھیرا : ۱۔ صابر ۔ متحمل ۔ بردبار ۔ حلیم ۔ نرم مزاج ۔ نرم خو
۲۔ مستقل مزاج ۔ ثابت قدم
۳۔ باہمت ۔ حوصلہ مند ۔ دلیر ۔ جرأت مند
۴۔ رام ۔ مانوس

۵۔ آہستہ ۔ دھیما ۔ سست رو

دِھیرج : ۱۔ صبر ۔ تحمل ۔ حوصلہ ۔ استقلال ۔ استقامت
۲۔ تسلی ۔ تشفی ۔ جمعیت خاطر

دِھیری : ۱۔ پتلی ۔ مردم دیدہ ۔ مردمک چشم
۲۔ دھیرج ۔ صبر ۔ تحمل ۔ حوصلہ ۔ استقلال ۔ استقامت

دِھیما : آہستہ ۔ سست ۔ مدھم ۔ ہلکا ۔ دھیرا ۔ نرم

دھیماپن : آہستگی ۔ سست روی ۔ مدھم پن ۔ ہلکاپن ۔ دھیرج ۔ نرمی

دھینگا مشتی : گھوسم گھوسا ۔ مکے بازی ۔ ہاتھاپائی ۔ لپاڈگی ۔ زدوکوب ۔ مارپیٹ ۔ مارکٹائی ۔ ڈنڈا ڈولی ۔ مار دھاڑ ۔ گتھم گتھا ۔ دراز دستی ۔ کشتم کشتا

دی : کل ۔ گزشتہ

دی روز : روز گزشتہ ۔ امس ۔ روز پیش
دی شب : شب گزشتہ ۔ دوش

دیا : چراغ ۔ سراج ۔ دیپ ۔ دیپک ۔ شمع ۔ مصباح ۔ بتی ۔ دیوا ۔ لیمپ

دَیا : ۱۔ بخشش ۔ عطا ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم
۲۔ ہمدردی ۔ مہربانی ۔ رحم ۔ شفقت ۔ لطف

دیار : شہر ۔ بستی ۔ ملک ۔ علاقہ

دیال / دیالو : ۱۔ داتا ۔ سخی ۔ فیاض ۔ جواد ۔ کریم

۲۔ مہربان ۔ ہمدرد ۔ شفیق ۔ رحیم ۔ رحم دل

دیانت : ایمانداری ۔ راست بازی ۔ راستی ۔ سچائی ۔ صدق ۔ امانت ۔ تدین

دیانت دار : امانت دار ۔ ایمان دار ۔ راست باز ۔ سچا ۔ صادق ۔ باایمان ۔ امین ۔ دھرمی

دیانت داری : امانت داری ۔ ایمان داری ۔ راست بازی ۔ صداقت شعاری ۔ سچائی

دیبا : دیباج ۔ اطلس ۔ ریشمی کپڑا

دیباچہ : تمہید ۔ تقدیم ۔ مقدمہ ۔ پیش چہرہ ۔ پیش نامہ ۔ معرفی شناسائی ۔ پیش لفظ ۔ عنوان ۔ تعارف ۔ سرنامہ ۔ انٹروڈکشن ۔ پیش گفتار ۔ حرف اول

دیپ : دیپک ۔ دیا ۔ چراغ ۔ سراج ۔ شمع ۔ مصباح ۔ بتی ۔ دیوا ۔ لیمپ

دِیت : خوں بہا ۔ تاوانِ قتل ۔ کفارہ قتل

دیجور : تاریک ۔ تیرہ ۔ اندھیرا ۔ سیاہ

دید : ا۔ نظر ۔ نگاہ ۔ بینش ۔ بینائی ۔ بصارت
۲۔ نظارہ ۔ درشن ۔ تاک جھانک ۔ زیارت

دید باز : نظر باز ۔ تاکو

دید بازی : نظر بازی ۔ تاک جھانک

دیدبان : ا۔ پاسبان ۔ پہرے دار ۔ چوکیدار ۔ محافظ ۔ سنتری ۔ نگہبان ۔ نگہدار ۔ گارڈ
۲۔ سوراخ ۔ روزن ۔ موکھا

دیدبانی : پاسبانی ۔ پہرے داری ۔ چوکیداری ۔ محافظت ۔ حفاظت ۔ نگہبانی ۔ نگہداری

دیدخواہ : مشتاقِ دیدار ۔ خواہانِ ملاقات ۔ طالب دیدار ۔ تمنائی ۔ زیارت

دیدخواہی : اشتیاقِ دیدار ۔ خواہش ملاقات ۔ طلب دیدار ۔ تمنائے زیارت

دیدشنید : واقفیت ۔ شناسائی ۔ جان پہچان ۔ تعارف

دید وباز دید : ملاقات وجوابی ملاقات ۔ باہمی ملاقات

دیدار : ا۔ دید ۔ درشن ۔ زیارت ۔ ملاقات ۔ نظارہ ۔ جلوہ ۔ جمال ۔
۲۔ بینائی ۔ بصارت ۔ نگاہ ۔ نظر
۳۔ چہرہ ۔ مُنہ ۔ رُخ ۔ وجہہ ۔ شکل ۔ صورت

دیدار بازی : دید بازی ۔ نظر بازی ۔ تاک بازی ۔ تاک جھانک

دیدارو : قابل دید ۔ دیدنی ۔ خوب صورت ۔ خوش منظر ۔ خوش شکل ۔ حسین ۔ شکیل ۔ سندر ۔ جمیل ۔ دلکش

دیدنی : قابلِ دید ۔ قابلِ نظارہ

دیدہ : ا۔ آنکھ ۔ چشم ۔ بصر ۔ عین ۔ نین ۔ انکھڑی ۔ لوچن ۔ نرگس
۲۔ بیباکی ۔ دلیری ۔ حوصلہ ۔ جرأت

دیدہ باز : دید باز ۔ دیدار باز ۔ نظر باز ۔ تاک باز
دیدہ بازی : دید بازی ۔ دیدار بازی ۔ نظر بازی ۔ تاک بازی
دیدہ دار : نگہدار ۔ نگہبان ۔ پاسبان ۔ پہریدار
دیدہ درائی : دلیری ۔ جرأت ۔ بیباکی ۔ شوخی
دیدہ دلیر : ا۔ شوخ ۔ بے باک ۔ گستاخ
۲۔ نڈر ۔ بے خوف ۔ بے دھڑک
۳۔ بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے حجاب ۔ بے غیرت ۔ ڈھیٹ
دیدہ دھویا : ا۔ بے مروت ۔ بے لحاظ ۔ شوخ ۔ گستاخ ۔ بے باک
۲۔ بے شرم ۔ بے حیا ۔ بے حجاب ۔ بے غیرت ۔ ڈھیٹ

دیدہ ریزی: ۱۔ باریک بینی۔ دقتِ نظر۔ غور۔ فکر
۲۔ محنت۔ مشقت۔ جانفشانی

دیدہ و دانستہ: ارادۃً۔ قصداً۔ عمداً۔ بالارادہ۔ بالقصد۔ بالعمد

دیدہ ور: صاحب نظر۔ صاحب بینش۔ صاحب بصیرت۔ بینا۔ بصیر۔ دانا۔ عاقل۔ فہیم

دیدہ وری: ۱۔ بینائی۔ بصارت۔ نگاہ۔ نظر۔ بینش
۲۔ دانائی۔ عقل مندی۔ فراست۔ بصیرت

دیدہ ریزی ــــ دیدۂ اشک ریز ــــ دیدۂ گریاں
ــــ دیدۂ طوفاں زا ــــ دیدۂ الماس فشاں ــــ
دیدۂ بحر ــــ دیدۂ شراب ریز ــــ دیدۂ نور افشاں
ــــ دیدۂ بیقرار ــــ دیدۂ فراخ ــــ
دیدۂ حسرت نگاہ ــــ دیدۂ پُر خوں ــــ
دیدۂ سخراب ــــ دیدۂ با دراست ــــ دیدۂ مشعل
ــــ دیدۂ صاف رنگ ــــ دیدۂ آئینہ ــــ
دیدۂ مُرغ ــــ دیدۂ ابلق ــــ دیدۂ بلا ــــ
دیدۂ غماز ــــ دیدۂ سیلاب دار ــــ دیدۂ نم خیز
ــــ دیدۂ دُرِ مکنون فشاں ــــ دیدۂ فلک پیما
ــــ دیدۂ بے اختیار

دَیر : معبدِ نصاریٰ۔ صومعہ۔ بت خانہ۔ بت کدہ۔ مندر

دیر : ۱۔ وقفہ۔ عرصہ۔ مدت۔ توقف۔ درنگ
۲۔ ڈھیل۔ تاخیر۔ تعویق۔ لسر مسر۔ ہیر پھیر

دیرپا: مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ پائیدار۔ استوار
دیرپائی: مضبوطی۔ استحکام۔ محکمی۔ پائیداری۔ استواری

دیریں/ دیرینہ: پُرانا۔ کہنہ۔ قدیم۔ باستانی۔ پارینہ

دیس : وطن۔ ملک۔ اقلیم۔ ولایت۔ علاقہ۔ خطّہ

دیس نکالا: دیس انتر۔ جلاوطنی۔ دیس بدری۔ اخراج از وطن۔ خارج البلدی۔ ملک بدری

دیسی : ملکی۔ وطنی

دیکھ بھال: ۱۔ تلاش۔ جستجو۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ ڈھنڈیا۔ ٹوہ
۲۔ نگہداشت۔ نگہداری۔ نگہبانی۔ خبرگیری۔ حفاظت۔ محافظت۔ غور و پرداخت۔ پرورش۔ پرداخت۔ پال پوس۔ نگرانی۔ تیمار داری

دیکھا بھالا: آزمودہ۔ تجربہ شدہ۔ امتحان کردہ۔ جانا پہچانا

دیکھا بھالی: ۱۔ دید۔ دیدار۔ دید بازی۔ نظربازی۔ تاک بازی
۲۔ تاک جھانک۔ گھُور اگھاری
۳۔ تلاش۔ جستجو۔ ٹوہ۔ ڈھونڈ ڈھانڈ

دیکھا بھُولی: ۱۔ نظربندی۔ فریبِ نظر
۲۔ بھُول بھلیاں

دیکھا دیکھی: ۱۔ ریس۔ نقل۔ تقلید۔ اتباع۔ متابعت
۲۔ ہم سری۔ برابری

دیگر/ دگر: دوسرا۔ ثانی۔ اگلا۔ باقی۔ علاوہ۔ غیر۔ بیگانہ

دیگچہ : پتیلا۔ قدر۔ پتیلی۔ دیزہ۔ مرجل۔ لوید۔ منجھولا

دیمک : سیزنک۔ دیوک۔ دیوچہ۔ دشمیر۔ ارضہ

دَین : قرضہ۔ ادھار۔ دام۔ عاریت

دین : داد۔ دہش۔ عطا۔ بخشش۔ عنایت۔ مہربانی۔ نوازش۔ کرم

دِین : ۱۔ مذہب ۔ ایمان ۔ کیش ۔ ملت ۔ پنتھ ۔ دھرم ۔ مَت ۔ نظامِ زندگی ۔ نظامِ حیات ۔ ضابطۂ حیات
۲۔ عقیدہ ۔ اعتقاد ۔ ایمان
۳۔ عاقبت ۔ آخرت
۴۔ مشرب ۔ مسلک ۔ شیوہ

دین پرست ۔ پابندِ دین ۔ دین دار ۔ پابندِ مذہب ۔ مذہب پرست ۔ متدیّن
دین پرستی : پابندیٔ دین ۔ دین داری ۔ پابندیٔ مذہب ۔ مذہب پرستی ۔ تدیُّن
دین پناہ : حامیٔ دین ۔ مددگارِ دین ۔ ناصرِ ملت
دین دار : پابندِ دین ۔ پابند مذہب ۔ متدیّن ۔ متشرّع ۔ باشرع ۔ پابندِ شریعت
دین داری : پابندیٔ دین ۔ پابندیٔ مذہب ۔ تدیُّن ۔ تشرّع ۔ پابندیٔ شریعت

دینی : مذہبی ۔ دھرمی ۔ ملّی

دینی بھائی : برادرِ دینی ۔ ہم مذہب ۔ ہم کیش
دینی بہن : خواہرِ دینی ۔ زنِ ہم مذہب

دیو : (فارسی) ۱۔ جن ۔ بھوت ۔ پریت ۔ شیطان ۔ عفریت
۲۔ سرکش ۔ باغی ۔ بدکردار ۔ خبیث
۳۔ قوی ہیکل ۔ تنومند ۔ تناور ۔ لمبا تڑنگا ۔ ضخیم ۔ موٹا تازہ

دیو : (سنسکرت) دیوتا ۔ مقدس ۔ قابلِ پرستش معبود

دیوبانی : مقدس زبان ۔ سنسکرت
دیوداسی : پجارن ۔ مذہبی رقاصہ ۔ نٹنی ۔ دھرم رنگی
دیولوک : سورگ ۔ سرگ ۔ بیکنٹھ ۔ دیواستھان
دیومالا : علم الاصنام ۔ صنمیات ۔ اساطیر الاوّلین

دیوار : ۱۔ جدار ۔ بھیت ۔ اوٹ ۔ پردہ ۔ دیوال ۔ حائط ۔ کندھ
۲۔ رکاوٹ ۔ اڑچن

دیوار بہ دیوار ــــ دیوارگیری ــــ دیوارچین
ــــ دیوارقہقہہ

دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں
دیوار ہم گوش دارد

دیوان : ۱۔ دربار ۔ عدالت ۔ کچہری ۔ کورٹ
۲۔ وزیر ۔ رکنِ سلطنت ۔ عمادِ سلطنت ۔ امیر
۳۔ وزیرِ مال ۔ محکمۂ مال ۔ سربراہِ مالی امور
۴۔ اجلاس گاہ ۔ جلسہ گاہ ۔ نشست گاہ
۵۔ ردیف دار مجموعۂ کلام
۶۔ سریر ۔ پلنگ ۔ چارپائی

دیوانِ اعلیٰ / اعظم : وزیرِ اعلیٰ ۔ وزیرِ اعظم
دیوانِ خاص : دربارِ خاص ۔ شاہی خلوت گاہ
دیوان خانہ : بیٹھک ۔ نشست گاہ ۔ ملاقات گاہ ۔ دارالملاقات ۔ دفتر
دیوانِ عام : دربارِ عام ۔ اجلاسِ عام

دیوانگی : سودا ۔ جنون ۔ پاگل پن ۔ سڑی پن ۔ خبط ۔ حواس باختگی ۔ فتورِ عقل ۔ اختلالِ حواس ۔ خللِ دماغ

دیوانہ : سودائی ۔ جنونی ۔ مجنون ۔ پاگل ۔ سڑی ۔ خبطی ۔ مخبوط الحواس ۔ حواس باختہ ۔ فاتر العقل

دیوانی : سول ۔ مالی ۔ عدالتِ خفیفہ

دیوتا : ۱۔ دیو ۔ معبود ۔ رب

۲۔ بزرگ ۔ اوتار ۔ مقدس ۔ نیک
۳۔ بھولا بھالا ۔ سادہ لوح ۔ سادہ مزاج

دلیوٹ : ۱۔ چراغدان ۔ شمع دان
۲۔ کالا کلوٹا ۔ سیاہ فام ۔ کالا بھجنگ

دَیُّوث : بے حیا ۔ بے شرم ۔ بے غیرت ۔ نذلیل ۔ بھڑوا ۔ قرمساق قلتبان ۔ عورتوں کا دلاّل ۔ زن فروش

دیور : برادرِ خُردِ شوہر ۔ برادرِ نسبتی

دیونی : ۱۔ بھوتنی ۔ بُھتنی ۔ چڑیل

۲۔ ہٹی کٹی ۔ مرئی تازی ۔ سانڈنی

دیوی : ۱۔ پارسا ۔ عفیفہ ۔ پاک دامن ۔ معصومہ ۔ محترمہ
۲۔ کنیا ۔ کنواری ۔ کماری ۔ دوشیزہ ۔ باکرہ

دیہ / دِہ : گاؤں ۔ قریہ ۔ بستی

دیہانت : موت ۔ مرگ ۔ انتقال

دیہیم : ۱۔ تاج ۔ افسر ۔ کلغی ۔ طرّہ
۲۔ تخت ۔ سریر ۔ مسند ۔ گدی

اصطلاحات ہی پر کیا موقوف ہے ۔ اگر آپ عام زبان پر غور کریں تو ہر لفظ ایک آوازی اشارہ ہے جو خیالات کے ایک بڑے مجموعے کی طرف رہنمائی کرتا ہے ۔ لفظوں کے بنانے کی ضرورت ہی اس بنا پر پیش آئی ہے کہ خیالات کے مجموعوں کو بول چال میں بار بار دُہرانا پڑے تاکہ بولنے والے اور سننے والے کا وقت ضائع نہ ہو اور ایک شخص کا مافی الضمیر دوسرے شخص کے دل میں آسانی سے اتر جائے ۔ ان آوازی اشاروں سے جن کے مجموعے کا نام زبان ہے ، بلاشبہہ حافظہ پر کسی قدر بار پڑتا ہے ، مگر یہ تھوڑی تکلیف اس بڑی تکلیف سے بچنے کے لیے گوارا کی گئی ہے جو اعضائی اشاروں سے کام لینے میں برداشت کرنی پڑتی تھی ۔ جب زبان ایجاد نہ ہوئی تھی تو آوازوں کی جگہ اعضائی اشاروں سے کام لیا جاتا تھا ۔

(وضعِ اصطلاحات از مولوی وحید الدین سلیم)

ڈ

ڈاب: ۱۔ ڈب۔ پرتلا۔ حمائل۔ کمربند۔ پیٹی۔ ڈابھ۔ پیڑ۔ پیڑا۔ بنجاد
۲۔ نارجیلِ خام۔ کچا ناریل۔ کھوپرا۔ کھوپا

ڈابر: ۱۔ جوہڑ۔ تالاب۔ جھیل۔ گڑھا۔ ٹوبا
۲۔ دلدل۔ دھسان۔ دھسن
۳۔ سلفچی۔ چلمچی۔ سلابچی

ڈاٹ: ۱۔ کارک۔ کاگ۔ گٹا۔ میخ۔ روک۔ بیڑہ۔ کاک
۲۔ محراب۔ لداؤ

ڈار: ۱۔ جھنڈ۔ پرا۔ ٹکڑی۔ گروہ
۲۔ قطار۔ صف۔ سطر۔ لائن

ڈاڑھ (داڑھ): درس۔ جاڑھ

ڈاڑھی: ریش۔ لحیہ۔ مُوئے رخسار۔ مُوئے زنخداں۔ بمہ۔ سکہ مردی۔ کنفیل

ڈاک: ۱۔ پیغام رسانی۔ پیام رسانی۔ پیام بری۔ پیغام بری۔ قاصدی۔ نامہ بری۔ پیام۔ چپار۔ رسل و رسائل۔ برید۔ پوسٹ
۲۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ تواتر
۳۔ قے۔ متلی

ڈاک بنگلا: مہمان خانہ۔ دارالضیف۔ مہمان سرائے۔ رباط۔ قیام گاہ۔ دارالاقامہ۔ آرام گاہ۔ ریسٹ ہاؤس

ڈاک خانہ: ڈاک گھر۔ دفترِ برید۔ دفترِ پیام رسانی۔ دفترِ ارسالِ و حصولِ مکاتیب۔ پوسٹ آفس۔ مکتب البرید۔ ٹپا خانہ

ڈاک چوکی ـــ ڈاک گاڑی

ڈاکا: راہ زنی۔ راہ ماری۔ بٹ ماری۔ قزاقی۔ ڈکیتی۔ لوٹ مار۔ تاراجی۔ غارت گری۔ تاہون۔ بٹیرون

ڈاکٹر: ۱۔ دکتر۔ دکتور۔ طبیب۔ معالج۔ چارہ ساز۔ چارہ گر۔ بید
۲۔ عالم۔ فاضل۔ کاملِ فن۔ ماہرِ فن

ڈاکو: قاطع الطریق۔ قطاع الطریق۔ راہ زن۔ راہ مار۔ بٹ مار۔ قزاق۔ لٹیرا۔ ڈکیت۔ تاراج گر۔ غارت گر۔ باپوڑا

ڈاکیا: چٹھی رسان۔ پیام رساں۔ پیغام رساں۔ پیامی۔ قاصد۔ نامہ بر۔ پوسٹ مین۔ ہرکارہ۔ نامی۔ ڈاکی۔ پیام بر

ڈال: ۱۔ ٹہنی۔ شاخ
۲۔ شمشیرِ بے قبضہ۔ پھل۔ بلیڈ

ڈالی : ا۔ ٹہنی۔ شاخِ خُرد
۲۔ میوہ و ثمر بطور سوغات۔ ہدیۂ ثمر۔ سبد اشمار

ڈانٹ : جھڑکی۔ گھُرکی۔ ڈپٹ۔ زجر۔ توبیخ۔ تکرار۔ بسکی۔ دھمکی۔ تہدید۔ ڈراوا۔ سرزنش۔ چشم نمائی۔ جھاڑ

ڈانڈ : بانس۔ کھمبا۔ بَلّی۔ ڈنڈا

ڈانڈا : ا۔ حد۔ سرحد۔ سیما
۲۔ مینڈھ۔ راستہ۔ سڑک۔ جادہ۔ بٹیا

ڈانس : رقص۔ ناچ۔ نرت

ڈانسر : رقاص۔ نچویا۔ نرتک۔ نرتکی

ڈانواں ڈول : حیران پریشان۔ خراب۔ خستہ۔ متذبذب۔ متزلزل۔ آوارہ۔ سرگشتہ۔ سرگرداں۔ خستہ حال۔ پریشان خاطر۔ بکھرا۔ دربدر۔ خاک بسر۔ ڈگمگ

ڈاہ : ا۔ جلن۔ سوزش۔ التہاب
۲۔ حدت۔ حرارت۔ گرمی۔ تپش
۳۔ رشک۔ حسد۔ جلاپا
۴۔ کینہ۔ بغض۔ دشمنی۔ عناد۔ بیر۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔ عداوت

ڈاہی : حاسد۔ کینہ توز۔ کینہ پرور

ڈائجسٹ : ا۔ خلاصہ۔ تلخیص۔ ملخص۔ جوہر۔ نچوڑ۔ مفہوم
۲۔ انتخابِ مضامین۔ مجموعۂ مضامینِ منتخبہ
۳۔ منہضم

ڈائریکٹ : سیدھا۔ راست۔ مستقیم۔ بلا واسطہ

ڈائریکٹر : ا۔ ناظم۔ منتظم۔ سربراہ۔ مہتمم۔ منصرم۔ نگران
۲۔ ہدایت کار۔ ہادی۔ راہ نما۔ راہبر

ڈائریکٹری : ہدایت نامہ۔ دستور العمل

ڈائری : روزنامچہ۔ کتابِ یادداشت۔ کھاتا۔ لیکھا۔ بہی۔ خبرہ۔ مسودہ

ڈائس : چبوترہ۔ شہ نشین۔ منبر۔ خطبہ گاہ۔ تقریر گاہ۔ سٹیج

ڈائن : دیونی۔ چڑیل۔ جادوگرنی۔ جگرخوار۔ کریہہ المنظر۔ کٹنی۔ کٹنا کاری۔ بدصورت عورت۔ ڈکھنی۔ آدم خور۔ بلا۔ چھل پلّی۔ پچھل پیری۔ ڈاکن

ڈائن کا باسا ___ گھر کی ڈائن

ڈائن بھی دس گھر چھوڑ کے کھاتی ہے
ڈائن کو بھی داماد پیارا
ڈائن کھائے تو منہ لال نہ کھائے تو منہ لال

ڈائننگ ہال : طعام گاہ۔ دار الطعام۔ اطاق سفرہ۔ خورش گاہ

ڈب : ا۔ ڈاب۔ کیسہ۔ جیب۔ خریطہ۔ بٹوا
۲۔ قوت۔ زور۔ طاقت۔ بل۔ شکتی
۳۔ قبضہ۔ قابو۔ تسلط۔ حکومت۔ اقتدار

ڈبّا : صندوقچہ۔ بکس

ڈبکا : ا۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ خطرہ۔ ہول
۲۔ آبِ تازہ

ڈبکنی : آب دوز۔ غوطہ خور۔ سب میرین

ڈبکی : غوطہ۔ غواصی۔ ڈُبی۔ ڈُبتی۔ چُبھتی

ڈبل : ۱۔ دُگنا۔ دوگونہ۔ دوچند۔ دوہرا۔ دونا
۲۔ موٹا۔ تازہ۔ فربہ۔ لحیم شحیم

ڈبیا : درج۔ حقیبہ۔ طبلک۔ ڈبی

ڈپارٹمنٹ : محکمہ۔ سررشتہ۔ صیغہ۔ شعبہ

ڈپٹ : ۱۔ تیز روی۔ تیز رفتاری۔ ہلّہ۔ دھاوا۔ دوڑ
۲۔ اچھل کود۔ جست وخیز
۳۔ ڈانٹ۔ جھڑکی۔ گھرکی۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ سرزنش۔ چشم نمائی

ڈپٹی : نائب۔ ماتحت۔ زیردست۔ نمائندہ

ڈپلوما : سند۔ سرٹیفکیٹ۔ اجازہ۔ صداقت نامہ

ڈپلومیٹ : سیاسی مدبر۔ سفیر۔ ماہرِ سفارت

ڈپلومیسی : تدبیر۔ حکمت۔ چال۔ جوڑ توڑ۔ سیاست۔ سفارت۔
سیاسی حکمت عملی

ڈپو : ذخیرہ۔ گدام۔ کارخانہ۔ تجارت گاہ۔ مخزن۔ گودام

ڈپوٹیشن : وفد۔ نمائندہ۔ مندوب

ڈر : ۱۔ خوف۔ ہیبت۔ دہشت۔ بھے۔ بھو۔ دُھک۔ روع۔ ذیکا۔
خشیہ۔ ترس۔ ہول۔ بیم۔ باک
۲۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ خلجان۔ دھڑکا۔ کھٹکا۔ چنتا۔

وندغہ۔ جوکھم۔ جوکھوں

ڈرافٹ : ۱۔ مسودہ۔ خاکہ
۲۔ ہُنڈی۔ چیک

ڈراما : نقل۔ ناٹک۔ سوانگ۔ تمثیل

ڈراماٹسٹ : ڈراما نگار۔ ڈراما نویس۔ تمثیل نگار

ڈرامائی : حیرت انگیز۔ حیران کن۔ خلافِ توقع۔ اچانک۔ ناگہاں۔
یکایک۔ بغتتہً

ڈراوا : دھمکی۔ تہدید۔ خوف۔ دہشت

ڈرائنگ : نقشہ۔ خاکہ۔ تصویر۔ خاکہ نویسی

ڈرائنگ رُوم : بیٹھک۔ نشست گاہ۔ دیوان خانہ۔ دارالملاقات۔
اطاقِ ملاقات۔ آرائش گاہ۔ اوطاق

ڈراؤنا : خوف ناک۔ دہشت ناک۔ ترسناک۔ ہول ناک۔ بھیانک

ڈرپوک : بزدل۔ کم دل۔ خائف۔ خوف زدہ۔ ترسندہ۔ بودا۔ کم ہمت

ڈریس : ۱۔ لباس۔ پوشاک۔ پہناوا
۲۔ مرہم پٹی
۳۔ آرائش۔ زیبائش۔ تزئین۔ سنگار۔ سنگار

ڈریسنگ رُوم : پوشاک خانہ۔ سنگھار گھر۔ بیت اللباس

ڈسپلن : نظم۔ ضبط۔ تنظیم

ڈسپنسری: دواخانہ۔ شفاخانہ۔ عطار خانہ۔ درماں گاہ۔ بیمارستان

ڈیسپیچ: ۱۔ روانگی۔ ارسال۔ ترسیل
۲۔ مراسلہ۔ چٹھی۔ پروانہ۔ سدبکار

ڈسٹرکٹ: ضلع۔ علاقہ۔ تعلقہ

ڈسچارج: ۱۔ برطرفی۔ علیحدگی۔ رہائی۔ مخلصی۔ خلاصی۔ آزادی
۲۔ سبک دوشی۔ عہدہ برائی۔ بجاآوری۔ تعمیل
۳۔ اخراج مادۂ منویہ

ڈَسنا: کاٹنا۔ ڈنک مارنا۔ ڈنگنا

ڈِش: ۱۔ تھالی۔ رکابی۔ تشتری
۲۔ کھانا۔ طعام

ڈُشٹ: بُرا۔ بد۔ بدکردار۔ بدکار۔ شیطان۔ خبیث۔ کمینہ

ڈفالی: دھپالی۔ دف نواز۔ ڈفالچی۔ ڈھنڈورچی

ڈَفر: نالائق۔ بے وقوف۔ نادان۔ کند ذہن۔ غبی۔ احمق۔ بُورکھ

ڈفلی: دف۔ ڈھولک۔ ڈُھک۔ دھپلی

ڈُک: گھونسا۔ مُکا۔ مُشت

ڈکار: آروغ۔ آروق۔ آرُوغ

ڈکٹیٹر: آمر۔ مطلق العنان۔ حاکمِ مطلق۔ خودمختار

ڈِکشنری: لُغت۔ لغات۔ فرہنگ۔ شبہ کوش۔ قاموس

ڈکیت: ڈاکو۔ قاطع الطریق۔ قطاع الطریق۔ راہ زن۔ راہ مار۔ لیٹرا۔ بٹ مار۔ قزاق

ڈکیتی: ڈاکا۔ راہ زنی۔ راہ ماری۔ بٹ ماری۔ قزاقی۔ لُوٹ مار۔ سرقہ بالجبر

ڈَگ: قدم۔ پگ۔ گام۔ کرم

ڈُگڈگی: ۱۔ ڈمرو۔ ڈورو۔ ڈفلی۔ دھپلی۔ باجا
۲۔ ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔ ڈُگی

ڈگر: سڑک۔ راستہ۔ راہ۔ شارع۔ خیاباں۔ جادہ۔ بٹیا۔ پگڈنڈی

ڈِگری: ۱۔ سند۔ اجازت نامہ۔ صداقت نامہ۔ سندِ فراغت۔ سندِ فضیلت
۲۔ درجہ۔ رتبہ۔ منزلت۔ مقام

ڈِگری/ڈِکری: فیصلہ۔ تصفیہ۔ فرمانِ عدالت۔ حُکم

ڈگمگ: جنباں۔ لرزاں۔ متزلزل۔ لڑکھڑاتا۔ کپکپاتا۔ لغزاں

ڈگمگاہٹ: جنبش۔ لرزش۔ تزلزل۔ لڑکھڑاہٹ۔ لغزش

ڈُگی: ڈفلی۔ دھپلی۔ ڈونڈی۔ ڈھنڈورا۔ نقارہ۔ نوبت۔ دامہ

ڈَلا: ۱۔ ڈھیلا۔ کلوخ
۲۔ ٹوکرا۔ ڈالا۔ چھابا

ڈلاؤ: کُوڑی۔ رُوڑی۔ گھُورا۔ کُوڑا گھر۔ غلاظت گاہ۔ کُوڑا

ڈلک: چمک دمک

ڈلی: ۱۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ ڈھیلی۔ کونچہ۔ قطعہ۔ بھیکہ
۲۔ چھالیا۔ سپاری۔ فوفل

ڈلیا: ۱۔ ٹوکری۔ سبد۔ چھابی۔ چھینکا۔ بہنگی
۲۔ ڈالی۔ شاخ۔ شاخچہ

ڈمرو: ڈورو۔ ڈگڈگی۔ ڈگی۔ دھپلی۔ ڈفلی

ڈمی: جعلی۔ مصنوعی۔ نمایشی۔ فرضی۔ غیر حقیقی

ڈنڈ: ۱۔ جرمانہ۔ تاوان
۲۔ محصول۔ کر۔ لگان۔ ٹیکس
۳۔ ڈنٹر۔ بازو

ڈنڈا: ۱۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ عصا۔ جریب۔ چوب دستی۔ گتکا
۲۔ چوب خیمہ۔ چوب مسہری۔ چوب ترازو۔ ڈنڈی
۳۔ چار دیواری۔ دیوار احاطہ
۴۔ دستہ۔ قبضہ۔ ہتھا

ڈنڈوت: کورنش۔ تسلیمات۔ سلام۔ بندگی۔ سجدہ۔ رکوع

ڈنڈی: ۱۔ چوب ترازو
۲۔ دستہ۔ قبضہ۔ ہتھا۔ ہتھی
۳۔ ڈنٹھل۔ ساقہ
۴۔ گز
۵۔ عضوِ تناسل۔ آلۂ تناسل۔ آلت۔ ذکر۔ علامتِ مردی
۶۔ لکیر۔ دھاری۔ خط

ڈنر: عشائیہ۔ طعامِ شب۔ کھانا۔ بیالو

ڈنک/ڈنگ: ۱۔ نیش۔ کانٹا
۲۔ قلم

ڈنکا: ۱۔ نقارہ۔ نوبت۔ دمامہ۔ ڈہل۔ ڈھول۔ طبل۔ کوس
۲۔ شہرت۔ شہرہ۔ آوازہ۔ دھوم۔ عروج۔ ترقی

ڈنکے کی چوٹ: علی الاعلان۔ واشگاف۔ کھلم کھلا

ڈنگر: ڈھور۔ مویشی۔ جانور۔ حیوان۔ چارپایہ۔ چرند

ڈوب: ۱۔ ڈبکی۔ غوطہ۔ غواصی۔ ڈبی چبی
۲۔ پسینہ۔ پسیو۔ تری
۳۔ غشی۔ بے ہوشی

ڈور: رسی۔ حبل۔ رسن۔ تاگا۔ دھاگا۔ سلک۔ تار۔ رشتہ

ڈورا: ۱۔ دھاگا۔ تاگا۔ سلک۔ تار۔ رشتہ۔ رگ۔ تسبیح
۲۔ خط۔ لکیر
۳۔ دھار۔ کاٹ۔ برش۔ تیزی۔ باڑھ
۴۔ جال۔ دام۔ پھندا

ڈوری: ۱۔ رسی۔ رسن۔ حبل۔ طناب۔ دھاگا۔ تاگا۔ رشتہ۔ سلک
۲۔ رسن پیمایش۔ جریب۔ بند۔ تسمہ۔ طناب۔ فیتہ
۳۔ کٹورا۔ ڈونگیا

ڈول: بالٹی۔ بوکا۔ ظرفِ آب کشی۔ دلو۔ حبل۔ ٹنڈ

ڈول: ۱۔ ڈھب۔ ڈھنگ۔ انداز۔ وضع
۲۔ خاکہ۔ ڈھانچہ۔ پیکر۔ قطع۔ صورت
۳۔ مینڈھ۔ وٹ
۴۔ اندازہ۔ تخمینہ

ڈولا: ۱۔ سکھپال۔ محافہ۔ نینس۔ پینس۔ پالکی۔ ناکی۔ چوپہلا۔ تام جام۔ ڈولی
۲۔ عورت۔ لڑکی۔ دلہن۔ عروس۔ بہو

ڈُوم: ڈھاڑی۔ سنگتی۔ بھانڈ۔ گویا۔ سازندہ۔ میراثی

ڈونڈی: ڈھنڈورا۔ ڈگی۔ منادی۔ تشہیر

ڈُونگا: ۱۔ ناو۔ کشتی۔ بجرا۔ سفینہ۔ فلک۔ ڈونگیا
۲۔ دستہ دار۔ گلاس۔ مگ۔ مگا۔ پیالہ

ڈونگرا: ۱۔ بارش۔ باراں۔ مینہ
۲۔ پھوار۔ بوندا باندی۔ ترشح۔ تقاطر
۳۔ بوچھاڑ

ڈوئی: چمچہ۔ کفگیر۔ کڑچھی

ڈویژن: ۱۔ تقسیم۔ بانٹ۔ حصہ
۲۔ قسمت۔ علاقہ۔ مجموعہ اضلاع۔ کمشنری
۳۔ فوجی دستہ۔ لشکر۔ عسکر۔ جُند

ڈہر: ۱۔ جوہڑ۔ تالاب۔ جھیل۔ گڑھا
۲۔ نشیبی زمین۔ زیریں علاقہ۔ نشیبی رقبہ

ڈھابا: ۱۔ اولتی۔ پرچھتی
۲۔ بھال۔ دام۔ پھندا
۳۔ دڑبا۔ ناپا۔ چھابا۔ کھانچا

ڈھارس: ۱۔ تسلی۔ تشفی۔ اطمینان۔ تسکین۔ تقویت۔ سہارا۔ آسرا۔ مدد۔ حوصلہ افزائی۔ ہمت افزائی
۲۔ صبر۔ تحمل۔ برداشت۔ بردباری۔ تھمر۔ ہمت۔ حوصلہ۔ استقلال۔ استقامت۔ ثبات قدم

ڈھاڑی: ڈوم۔ میراثی۔ سنگتی۔ بھانڈ۔ گویا۔ سازندہ

ڈھال: ۱۔ سپر۔ جُنتہ۔ پھری۔ مجن۔ ترس۔ پیہ تلہ
۲۔ طریقہ۔ طرز۔ طور۔ ڈھنگ۔ ڈول۔ وضع۔ فیشن
۳۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ عادت۔ معمول
۴۔ نشیب۔ ڈھلوان

ڈھالو: ڈھلواں۔ نشیبی۔ پست۔ نیچا۔ ٹیڑھا۔ کج۔ ترچھا

ڈھانچا: پنجر۔ قالب۔ کالبد۔ پیکر۔ خاکہ۔ ڈول

ڈھب: ۱۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طریقہ۔ طور۔ روش
۲۔ موقع۔ محل۔ صورت
۳۔ عادت۔ لپکا۔ لت۔ دُھت۔
۴۔ قسم۔ طرز۔ نوع

ڈھٹائی: بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی

ڈھٹینگر: موٹا تازہ۔ سنڈا۔ ہٹاکٹا۔ تنومند۔ لحیم شحیم

ڈھرا: شارع عام۔ شاہراہ۔ راستہ۔ راہ۔ جادہ

ڈھکنا: ڈھکن۔ سرپوش۔ چپنی۔ چپانا۔ ڈھانک لینا۔ چھپنا۔ غلاف۔ ڈھانپنا۔ ڈھکنی

ڈھکوسلا: پوچ جیا۔ مہمل بات۔ کلام لایعنی۔ لغویت۔ بے ہودگی۔ بے قرینہ بات زائد از ضرورت۔ بے ہودہ۔ لغو۔ بے معنی

ڈھلان: ۱۔ ڈھال۔ نشیب۔ پستی

۲۔ میل۔ میلان۔ رجحان۔ جھکاؤ۔ رغبت

ڈھلوان: ڈھالو۔ جھکواں۔ پھسلواں۔ اُترائی

ڈھنڈار: ویرانہ۔ کھنڈر۔ مقامِ ہُو۔ پُرہول مکان۔ اُجڑا مکان

ڈھنڈورا: ڈونڈی۔ ڈُگی۔ منادی۔ تشہیر۔ اعلان

ڈھنگ: ۱۔ طریقہ۔ طرز۔ طور۔ انداز۔ روش۔ ڈھب۔ طریق
۲۔ چال ڈھال۔ چلن۔ طرزِ عمل۔ رویّہ۔ چال چلن
۳۔ وضع قطع۔ ڈول
۴۔ سیرت۔ عادت۔ سبھاؤ
۵۔ ہنر۔ سلیقہ۔ قرینہ

ڈھور: ۱۔ ڈنگر۔ مویشی۔ چوپایہ۔ چارپایہ۔ جانور۔ حیوان
۲۔ بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ۔ ناسمجھ

ڈھول: ڈہل۔ طبل۔ نقارہ۔ نوبت۔ دمامہ۔ تنبور۔ تنبک۔ دہکِ بزرگ

ڈھول ڈھمکا: باجا گاجا۔ دھوم دھام۔ دھوم دھڑکا

ڈھول کا پول ___ گلے پڑا ڈھول

| دور کے ڈھول سہانے

ڈھولک: ڈھولکی۔ دُہک۔ طبلچہ۔ دھپلی۔ ڈفلی۔ پکھاوج۔ مردنگ۔ طنبورچہ

ڈھونڈ: تلاش۔ جستجو۔ تجسّس۔ کھوج۔ سراغ

ڈھونگ: ۱۔ تماشا۔ سوانگ۔ نقل
۲۔ فریب۔ چھل۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ چترتر۔ دغا
۳۔ حیلہ۔ بہانہ۔ پاکھنڈ
۴۔ ریاکاری۔ دکھاوا۔ نمائش۔ نمود۔ بناوٹ۔ تصنّع۔ ظاہرداری۔
ٹیپ ٹاپ

ڈھونگی: ۱۔ فریبی۔ فریب کار۔ چھلیا۔ دھوکے باز۔ دم باز۔ دغا باز۔
چالباز۔ مکار۔ عیار
۲۔ حیلہ گر۔ حیلہ ساز۔ بہانہ جو۔ پاکھنڈی
۳۔ تماشاگر۔ شعبدہ باز۔ نقال۔ سوانگی
۴۔ ریاکار۔ ظاہردار

ڈھٹی: دھرنا۔ جماؤ۔ ڈٹاؤ۔ قرار۔ ڈھٹائی

ڈھیٹ: ۱۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حمیت
۲۔ گستاخ۔ شوخ چشم۔ بے باک۔ بد لحاظ۔ بے مروّت
۳۔ سرکش۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ اڑیل

ڈھیٹ پن: ۱۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی
۲۔ گستاخی۔ شوخ چشمی۔ بے باکی۔ بد لحاظی۔ بے مروّتی
۳۔ سرکشی۔ ضد۔ ہٹ۔ اڑیل پن

ڈھیر: ۱۔ انبار۔ اٹالا۔ انم۔ ٹال۔ تھئی۔ تھدی۔ تھبی۔ گٹھا۔ گٹھی۔ گڈا۔ بنڈل
۲۔ تودہ۔ ٹیلا۔ پشتہ۔ تل۔ ربوہ۔ لاٹ
۳۔ کھلیان۔ خرمن۔ خروار
۴۔ انبوہ۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ مجمع۔ مجموعہ
۵۔ زیادہ۔ بیش۔ سافزوں۔ بکثرت۔ بالافراط
۶۔ قبر۔ مزار۔ لحد۔ مرقد۔ مقبرہ

ڈھیرا: ۱۔ بھینگا۔ ٹیرا۔ کج نظر۔ احول
۲۔ اینٹھن

ڈھیل: ۱۔ سستی۔ کاہلی۔ تساہل۔ سہل انگاری۔ سہل پسندی

۲۔ تامل۔ توقف۔ وقفہ۔ دیر۔ تاخیر۔ تعویق۔ التوا
۳۔ فرصت۔ فراغت۔ مہلت
۴۔ بے توجہی۔ عدم توجہ۔ بے التفاتی۔ عدم التفات۔ بے پروائی۔ غفلت۔ تغافل۔ چشم پوشی۔ صرفِ نظر۔ قطع نظر
۵۔ جھول۔ پیٹا

ڈِھیلا : ۱۔ سست۔ کاہل۔ متساہل۔ سہل انگار۔ احدی
۲۔ متامل۔ متوقف۔ متاخر
۳۔ فارغ۔ بیکار۔ بے شغل
۴۔ بے توجہ۔ بے التفات۔ غیر متوجہ۔ غیر ملتفت۔ بے پروا۔ غافل
۵۔ کھلا۔ خلخلا

ڈھیلا : ۱۔ ڈلا۔ ٹکڑا۔ تودہ۔ ڈھیم۔ کلوخ۔ بٹی
۲۔ ڈیلا۔ پُتلی۔ مردمک چشم

ڈھیم : ڈھیلا۔ کلوخ۔ تودہ۔ ڈلا

ڈھینڈا : ۱۔ توند۔ پیٹ۔ شکم
۲۔ حمل۔ گابھ۔ گربھ

ڈھینگر : کمزور۔ ضعیف۔ لاغر۔ دُبلا۔ نحیف۔ پتلا

ڈیرا : خیمہ۔ تنبو۔ ٹھکانا۔ قیام گاہ۔ دارالقیام۔ اقامت گاہ۔ مسکن۔ سکونت گاہ۔ اڈا۔ قرارگاہ۔ مستقر۔ مقام۔ استھان

ڈیزائن : نقشہ۔ خاکہ۔ ترکیب۔ ڈول۔ قطع۔ ڈھانچا۔ نمونہ۔ قالب

ڈیفنس : دفاع۔ مدافعت۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ تحفظ

ڈِیک : شعلہ۔ لو۔ لوکا۔ لاٹ۔ زبانۂ آتش۔ لمعہ۔ لپٹ

ڈیکلریشن : ۱۔ بیان۔ اقرار۔ اقرار نامہ۔ اظہار۔ اعلان
۲۔ عرضی۔ دعویٰ
۳۔ سند اجرائے اخبار

ڈیل : ۱۔ جسم۔ جُثّہ۔ قد۔ قامت۔ کاٹھی۔ ڈول
۲۔ شکل صورت۔ وضع قطع
۳۔ جسامت۔ حجم

ڈیل ڈول : قد و قامت۔ جسامت

ڈیلر : سوداگر۔ تاجر۔ بیوپاری۔ کاروباری۔ تقسیم کار

ڈیلیگیٹ : نمائندہ۔ مندوب۔ مختار۔ وکیل۔ ایلچی۔ سفیر۔ ووٹ۔ نامہ

ڈیم : بند۔ باندھ۔ پُشتہ۔ روک۔ فصیل

ڈینگ : شیخی۔ اِستکبار۔ تعلّی۔ لاف گزاف

ڈینگیا : شیخی خور۔ شیخی باز۔ لاف زن۔ مستکبر

ڈیوٹی : ۱۔ فرض۔ کارِ منصبی۔ کام۔ خدمت۔ کارِ مفوضہ
۲۔ محصول۔ کر۔ چُنگی۔ ٹیکس

ڈیوڑھی : دہلیز۔ آستان۔ آستانہ۔ درگاہ۔ بارگاہ

ڈیک : عرشۂ جہاز۔ تختۂ جہاز

ذ

ذات: ۱۔ اپنا آپا۔ خودی۔ ہستی۔ طبیعت۔ سرشت۔ طینت۔ فطرت۔ اصلیت۔ جوہر۔ ست۔ بنیاد۔ مادہ۔ وجود
۲۔ قوم۔ برادری۔ گوت۔ نسل۔ نژاد۔ خاندان۔ کنبہ۔ بنس۔ قبیلہ۔ قرابت داری۔ رشتہ داری
۳۔ حال۔ حالت۔ کیفیت۔ ماہیت۔ خاصیت
۴۔ صاحب۔ مالک۔ آقا۔ خداوند۔ والا۔ والی
۵۔ عادت۔ سبھاؤ۔ خصلت۔ چلن
۶۔ قسم۔ نوع۔ جنس۔ برن
۷۔ جسم۔ بدن۔ جثہ۔ تن۔ دیہ
۸۔ دین۔ مذہب۔ مسلک۔ شیوہ۔ مشرب۔ دھرم۔ پنتھ۔ فرقہ۔ جماعت
۹۔ عہدہ۔ منصب۔ پدوی۔ مقام۔ پایہ۔ مرتبہ۔ رتبہ

ذات باہر ـــ ذات پات ـــ ذات رات ـــ ذاتِ شریف ـــ ذات دَنتا ـــ ذات رنتی

ذات پات نہ پوچھے کوئے ہر کو بھجے سو ہر کا ہو
ذات کا بیری ذات / کاٹھ کا بیری کاٹھ
ذات کی بیٹی ذات ہی میں جاتی ہے
ذات کی بدلی برابر بیٹھے، کم ذات کی بدلی نیچے بیٹھے

ذاتی: اصل۔ حقیقی۔ شخصی۔ نجی۔ خانگی۔ گھریلو۔ اپنا۔ پرائیویٹ

ذاکر: ۱۔ ذکر کنندہ۔ یاد کنندہ۔ عبادت گزار۔ عابد۔ زاہد
۲۔ مرثیہ خواں۔ مصائب خواں

ذائقہ: مزہ۔ لطف۔ لذت۔ حظ۔ سواد۔ چاشنی۔ چسکا

ذائقہ دار: بامزہ۔ مزہ دار۔ پُرلطف۔ لذیذ۔ لذت دار۔ چاشنی دار
ذائقہ شناس: باذوق۔ صاحبِ ذوق۔ جوہر شناس۔ لذت شناس۔ واقفِ لذات

پُر ذائقہ ـــ ذائقے دار ـــ ذائقۂ موت ـــ ذائقۂ غم ـــ ذائقۂ غربت ـــ ذائقۂ افلاس ـــ ذائقہ خوں ـــ خوش ذائقہ ـــ بد ذائقہ ـــ ترش ذائقہ ـــ شیریں ذائقہ ـــ تلخ ذائقہ

ذبح: حلال۔ قتل۔ خوں ریزی۔ گردن تراشی۔ گردن کُشی

ذخیرہ: ۱۔ گودام۔ مخزن۔ خزانہ۔ خزینہ۔ مرکز۔ گدام
۲۔ جمع جتھا۔ پونجی۔ سرمایہ۔ بضاعت۔ جمع پونجی
۳۔ ڈھیر۔ انبار۔ اٹم۔ اٹالا

ذرا: تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔ ہیچ۔ حقیر۔ ذری۔ معمولی۔ تھوڑی۔ کچھ۔ تنک

ذرائع: طرائق۔ طرق۔ وسائل۔ وسائط

ذرّہ: ریزہ۔ پارہ۔ ٹکڑا۔ اَنس۔ کَن۔ پرماڑ۔ قلیل۔ تھوڑا۔ ایٹم۔ جزو لایتجزیٰ

ذرۂ بے مقدار: ہیچ مقدار۔ بے وقعت۔ غیر اہم۔ اقل قلیل۔ ناکارہ۔ ناچیز

ذرہ پرور/نواز: ناچیز پرور۔ ضعیف پرور۔ کریم۔ فیاض۔ جواد۔ کرم گستر

ذرہ پروری/نوازی: ناچیز پروری۔ ضعیف پروری۔ کرم۔ فیض۔ جود۔ سخا۔ کرم گستری

ذرہ بھر ــ ذرے کو آفتاب بنانا ــ ذرۂ ناچیز ــ ذرۂ آفتاب نما ــ ذرۂ صحرا نما ــ ذرۂ کوہ ــ ذرۂ خورشید سرشت ــ ذرہ ذرہ کرنا ــ ذرۂ بیدار

ذُرّیت: اولاد۔ نسل۔ نژاد۔ جنس۔ تخم۔ انبا و اخلاف

ذریعہ: وسیلہ۔ وساطت۔ توسط۔ توسل۔ طفیل۔ واسطہ۔ طریقہ۔ شفاعت۔ سفارش۔ آسرا۔ رشتہ۔ رسوخ۔ بدولت

ذریعۂ علم ــ ذریعۂ دولت ــ ذریعۂ فن ــ ذریعہ معاش ــ ذریعۂ روزگار ــ ذریعۂ تجارت ــ ذریعۂ خاص ــ ذریعۂ شفاعت ــ ذریعۂ بخشش ــ ذریعہ آمدنی ــ ذریعۂ تعلیم

ذقن: زنخ۔ زنخدان۔ ٹھوڑی۔ ٹھُڈی

ذکاوت: ۱۔ تیزی۔ سُرعت۔ جلدی۔ زودی
۲۔ تیز فہمی۔ دانائی۔ تیز طبعی۔ رسائی ذہن۔ فراست۔ فطانت۔ زود فہمی

ذَکر: ۱۔ نر۔ مرد۔ پُرش۔ مذکّر
۲۔ عضوِ تناسل۔ آلۂ تناسل۔ علامتِ مردی۔ اندری۔ ذنب۔ قضیب

ذِکر: ۱۔ تذکرہ۔ بیان۔ یاد۔ چرچا۔ شہرت۔ شہرہ۔ آوازہ
۲۔ حافظہ۔ یادداشت
۳۔ تعریف۔ حمد۔ ثنا۔ مناجات۔ تسبیح۔ تہلیل

ذکرِ جمیل ــ ذکر چھیڑنا ــ ذکرِ خیر ــ ذکر مذکور ــ ذکر اذکار ــ ذکرِ حسن ــ ذکرِ عشق ــ ذکرِ بتاں ــ ذکرِ خدا ــ ذکرِ دشمن ــ ذکرِ رقیب ــ ذکرِ ماضی ــ ذکرِ حال ــ ذکرِ مصائب ــ ذکرِ غم ــ ذکرِ نشاط

ذکی: ۱۔ تیز۔ زود۔ سریع
۲۔ تیز فہم۔ زود فہم۔ تیز عقل۔ ذہین۔ صاحبِ فراست۔ ہوشیار۔ زیرک

ذلالت: ۱۔ ذلت۔ رسوائی۔ خواری۔ تحقیر۔ توہین۔ اہانت
۲۔ کمینہ پن۔ پاجی پن۔ سفلہ پن۔ سفلگی

ذِلّت: ذلالت۔ تذلیل۔ تحقیر۔ نرادر۔ حقارت۔ توہین۔ خواری۔ خفت۔ ہیٹی۔ سُبکی۔ رسوائی۔ ہتک۔ بدنامی۔ شرمندگی۔ شرمساری۔ بے عزتی۔ بے آبروئی

ذلیل: خوار۔ خفیف۔ ہیٹا۔ سبک سر۔ بدنام۔ شرمندہ۔ شرمسار۔ بے عزت۔ بے آبرو۔ حقیر۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی۔ بے غیرت۔ رذیل۔ بے چشم

ذم: مذمت۔ ملامت۔ ہجو۔ برائی۔ نکوہش

ذِمّہ: ۱۔ضمانت۔ضامنی۔کفالت
۲۔عہد۔پیمان۔وعدہ
۳۔سپردگی۔حوالگی۔تحویل۔تفویض۔امانت
۴۔جواب دہی۔مواخذہ
۵۔فرض۔کارِ منصبی۔کارِ مفوضہ
۶۔وفاداری۔وفا

ذمہ دار: ۱۔ضامن۔کفیل
۲۔معاہد۔وعدہ کنندہ۔پیمان گر
۳۔تحویل دار۔حوالہ دار۔سپردار
۴۔جواب دہ
۵۔فرض شناس۔معتبر۔قابلِ اعتبار
۶۔باوفا۔وفادار

ذمہ داری: ۱۔ضامنی۔کفالت۔ضمانت
۲۔معاہدہ۔وعدہ۔پیمان
۳۔تحویل داری۔حوالہ داری۔سپرداری۔امانت داری
۴۔جواب دہی
۵۔فرض شناسی۔احساسِ فرض
۶۔وفاداری

ذِمّی: جزیہ گزار۔باج گزار۔رعایا

ذَنْب: گناہ۔اثم۔پاپ۔اپرادھ۔خطا۔قصور۔تقصیر۔غلطی۔جرم۔کوتاہی۔لغزش

ذَنَب: دُم۔دنبالہ۔پونچھ۔پونچھڑی۔پچھاڑی۔سرا

ذُو: صاحب۔مالک۔والا۔آقا۔خداوند

ذُوالاحترام: صاحبِ احترام۔محترم۔صاحبِ عزت۔باعزت۔باآبرو۔آبرودار۔لائقِ احترام۔صاحبِ مرتبہ۔رتبہ دار

ذُوالجلال: صاحبِ جلال۔جلیل۔بزرگ۔صاحبِ عظمت۔شان دار۔پُرشکوہ

ذُوالمنن: صاحبِ احسان۔محسن۔بخشندہ۔جواد۔فیاض۔کریم۔کرم گستر

ذُوفنون: ۱۔صاحبِ فن۔فن کار۔ہنرمند۔ہنرور
۲۔عالم۔فاضل۔دانش مند۔دانش ور
۳۔چالاک۔عیار۔مکار۔ہوشیار۔پُرفن۔پُرکار

ذومعنی: ۱۔ایہام۔دوہرے معنی
۲۔ذومعنین۔کثیر المعنی۔پہلودار۔جہت دار

ذوق: ۱۔ذائقہ۔مزہ۔چاشنی۔لطف۔نشاط۔خوشی۔حظ
۲۔شوق۔دلچسپی۔رجحان۔میلان

ذوق افزا ــــ ذوق شوق ــــ ذوقِ سلیم ــــ ذوقِ نظر ــــ ذوقِ حیات ــــ بہ ذوق ــــ خوش ذوق ــــ ذوقِ شعری ــــ ذوقِ رقص ــــ ذوقِ تنقید ــــ ذوقِ تبلیغ

ذہانت: تیز ذہنی۔تیز فہمی۔عقل مندی۔فراست۔ذکاوت۔فطانت۔زیرکی

ذہب: زر۔طلا۔سونا۔کندن۔کنچن

ذہن: ۱۔حافظہ۔یاد۔یادداشت
۲۔ادراک۔سمجھ۔فہم۔قوتِ ادراک۔قوتِ فہم
۳۔زیرکی۔فراست۔دانائی۔عقل۔ہوش۔ذکا
۴۔قابلیت۔لیاقت۔استعداد

ذہن نشین ــــ کند ذہن

ذہنی: عقلی۔دماغی

ذہنیت : رجحانِ طبع ۔ میلانِ طبع ۔ ذہنی ساخت

ذہول : بھول ۔ چوک ۔ سہو ۔ غفلت ۔ تغافل ۔ بے پروائی

ذہین : ذکی ۔ تیز فہم ۔ فہیم ۔ عقل مند ۔ صاحبِ فراست ۔ فطین ۔ زیرک

ذی : صاحب ۔ مالک ۔ آقا ۔ خداوند ۔ والا

ذی اختیار : صاحبِ اختیار ۔ بااختیار ۔ مختار ۔ مقتدر ۔ صاحبِ حکومت ۔ حاکم ۔ حکمراں

ذی استعداد : ۱۔ صاحبِ استعداد ۔ لائق ۔ قابل
۲۔ امیر ۔ دولت مند ۔ ثروت مند ۔ صاحبِ ثروت ۔ متموّل ۔ سرمایہ دار ۔ مال دار

ذی اقتدار : صاحبِ اقتدار ۔ مقتدر ۔ حاکم ۔ حکمراں

ذی جاہ : صاحبِ مرتبہ ۔ صاحبِ رتبہ ۔ صاحبِ منصب ۔ صاحبِ جاہ ۔ ذی مرتبہ ۔ بلند مرتبہ ۔ ذی عزت ۔ ذی حشم

شاہِ ذی جاہ ــــ حاکمِ ذی جاہ ــــ عالمِ ذی جاہ ــــ استادِ ذی جاہ ــــ کرسیِ ذی جاہ ــــ اثرِ ذی جاہ ــــ ادیبِ ذی جاہ ــــ شاعرِ ذی جاہ ــــ درویشِ ذی جاہ ــــ شیخِ ذی جاہ ــــ گدائے ذی جاہ

ذی حس : صاحبِ احساس ۔ حساس ۔ جان دار

ذی حشم : صاحبِ حشمت ۔ پُرشکوہ ۔ ذی شان ۔ مال دار ۔ دولتمند

ذی روح : جان دار ۔ متنفس ۔ زندہ ۔ حیّ

ذی شعور : صاحبِ شعور ۔ باشعور ۔ باتمیز ۔ عقل مند ۔ دانا ۔ فہیم

ذی وقار : صاحبِ وقار ۔ موقّر ۔ معزز ۔ صاحبِ عزت و ثروت ۔ باوقار ۔ عزت دار ۔ آبرو دار

ذیل : ۱۔ دامن ۔ پلّا ۔ آنچل ۔ حاشیہ ۔ داماں ۔ پَلو
۲۔ زیریں ۔ نچلا ۔ تحت
۳۔ علاقہ ۔ حلقہ ۔ تعلقہ
۴۔ گروہ ۔ زمرہ ۔ جماعت ۔ فریق ۔ جماعت ۔ حزب

جامہ برذیل ــــ حاشیۂ ذیل ــــ عنوانِ ذیل ــــ ذیلی سرخیاں ــــ ذیل دار ــــ درجِ ذیل ــــ تفصیلِ ذیل ــــ تیغِ ذیل ــــ ذیل داری ــــ ذیل گھر ــــ ذیل وار

ذیلی : ضمنی ۔ ماتحت

ذیلی تقسیم ــــ ذیلی حاشیہ ــــ ذیلی دفعہ ــــ ذیلی طفیلی ــــ ذیلی گرفت ــــ ذیلی عنوان ــــ ذیلی قواعد ــــ ذیلی متن

"میاں انجو جامعِ فرہنگِ جہانگیری، شیخ رشید راقمِ فرہنگِ رشیدی ، علمائے عجم میں سے نہیں ، ہند اُن کا مولد ، ماخذ ان کا اشعارِ قدما ، ہادی ان کا قیاس ۔ ٹیک چند اور سیالکوٹی مل ان کے پیرو ، سبحان اللہ ہندی بھی اور ہندو بھی !"

" (مکتوب غالب بنام نواب خُلد آشیاں)

ر

رابطہ : ۱۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ میل۔ ملاپ۔ لگاؤ۔ رشتہ داری۔ جوڑ۔
قرابت۔ پیوند۔ قران
۲۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ باعث۔ سبب
۳۔ رسی۔ زنجیر۔ بند۔ پٹی۔ انسلاک

رابطۂ جسم و جاں — رابطۂ حیات — رابطۂ ادب —
رابطۂ دل — رابطۂ فن — رابطہ افسر

رابع : چوتھا۔ چہارم۔ چارمیں

رات : راتری۔ رتیا۔ رین۔ شب۔ لیل

رات آنکھوں میں کاٹنا — رات گزرنا — راتوں رات
— رات بھاری ہونا — رات بھیگنا — رات پہاڑ ہونا

رات گئی بات گئی
رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی
رات پڑی بوند، نام رکھا محمود
رات پڑے اپاسی دن کو کھائے باسی
رات تھوڑی سوانگ بہت / کہانی لمبی
رات دن پیا اور چھینی بھر اٹھایا
رات کو جمائی آئے دن کو منہ پھیلائے

رات کو مچھر کی ٹانگ پکڑی، دن میں اونٹ نہ سجھائی دے
رات کی ال زادی، دن کی خوزادی
راتوں روئی ایک ہی مرا
راتوں کا تانا کا تنا، سر پہ نہیں تا تنا
رات ال کا پیٹ ہے
رات کی نیت حرام
رات کا پیٹ بھاری ہے

راتب : ۱۔ خوراک۔ غذا۔ رزق۔ علوفہ۔ رسد۔ آب و دانہ۔ ان جل
۲۔ روزینہ۔ یومیہ۔ تنخواہ۔ بھتا۔ الاؤنس۔ وظیفہ
۳۔ جانوروں کا کھانا

راسخ : ۱۔ مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ استوار۔ پکا۔ پختہ
۲۔ سخت۔ درشت۔ کھردرا

راج : ۱۔ حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی۔ بادشاہت۔ ریاست۔ سرکار
۲۔ غلبہ۔ تسلط۔ دور دورہ
۳۔ بڑا۔ کبیر۔ کلاں شاہی
۴۔ اختیار۔ اقتدار۔ مختاری۔ قوت۔ طاقت
۵۔ معمار۔ عمارت گر۔ بنّاد

راج استھان : ۱۔ راج دھانی۔ پایۂ تخت۔ پایۂ حکومت۔ دارالحکومت۔

دارالسلطنت۔ دارالخلافت۔ دارالامارت۔ تخت گاہ
۲۔ شاہی محل۔ قصرِ شاہی۔ ایوانِ شاہی
۳۔ دیوانِ عام۔ ایوانِ عام۔ دربارِ عام

راج بنس: شاہی خاندان۔ شاہی نسل۔ شاہی قبیلہ۔ رائل فیملی
راج بھنڈار: شاہی خزانہ۔ گنجِ شائگاں۔ خزانۂ عامرہ۔ مال خانہ۔ بیت المال
راج پاٹ: تخت و تاج۔ سریر و افسر۔ سلطنت۔ حکومت
راج دُلارا/ کمار: شاہ زادہ۔ ناز پروردہ۔ لاڈلا۔ نازوں کا پالا۔ چہیتا
راج دُلاری/ کماری: شاہ زادی۔ لاڈلی۔ نازوں کی پالی۔ چہیتی
راج دھانی: راج استھان۔ پایۂ تخت۔ پایۂ سلطنت۔ پایۂ حکومت۔ تخت گاہ۔
دارالسلطنت۔ دارالحکومت۔ دارالخلافہ
راج روگ: ۱۔ شدید بیماری۔ مرضِ مہلک
۲۔ تپِ دق۔ سل
۳۔ کوڑھ۔ جذام
راج کوی: درباری شاعر۔ ملک الشعراء
راج گدی: مسندِ شاہی۔ تختِ حکومت۔ سریرِ سلطنت۔ مسندِ اقتدار
راج گرو: مرشدِ اعظم۔ استادِ شاہ۔ مہاگرو
راج نیتی: اصولِ حکومت۔ تدبیرِ سلطنت۔ سیاست۔ دستورِ حکومت
راج ہنس: بطِ کلاں۔ قاز۔ مگھ

مہاراج ــــ راج کار ــــ راج بازار ــــ راج داری
ــــ راج آگیا ــــ راج بھیٹ ــــ راج بھوگ ــــ
راج پتی ــــ راج پتنی ــــ راج پوت ــــ راج پھوڑا ۔
ــــ راج تلک ــــ راج دُوالی ــــ راج دھرم ــــ
راج ڈنڈ ــــ راج رانی ــــ راج کاج ــــ راج سبھا
ــــ راج کنور ــــ راج کر ــــ راج کل ــــ راج گھاٹ
ــــ راج مارگ ــــ راج نیت ــــ راج منتری ــــ
راج ہٹ

راج ہٹ، بالک ہٹ، تریا ہٹ، جوگ ہٹ
راج سہاگ قائم رہے

راجا: ۱۔ بادشاہ۔ سلطان۔ ملک۔ حکمراں۔ فرماں روا۔ فرماں فرما۔ صاحبِ حکومت۔ صاحبِ اقتدار۔ صاحبِ تخت۔ صاحبِ افسر۔
صاحبِ دیہیم۔ تاجدار۔ تاجور
۲۔ مالک۔ آقا۔ خداوند
۳۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول۔ غنی
۴۔ سخی۔ فیاض۔ جواد۔ کریم۔ داتا۔ دانی
۵۔ (احتراماً و مزاحاً) نائی۔ حجام۔ اصلاح ساز

راجح: ۱۔ غالب۔ فائق۔ برتر
۲۔ قابلِ ترجیح۔ پسندیدہ۔ مرغوب

راجیہ: ۱۔ بادشاہت۔ بادشاہی۔ حکومت۔ سلطنت۔ فرماں روائی۔ حکمرانی
اختیار۔ اقتدار۔ عمل داری
۲۔ شاہی۔ شاہانہ۔ سلطانی

راجیہ سبھا: دارالامرا۔ ایوانِ بالا۔ شاہی مجلس۔ دربارِ خاص۔ پارلیمنٹ۔
اپر ہاؤس

راحت: ۱۔ آرام۔ آسایش۔ آسودگی۔ سکھ۔ چین۔ قرار۔ بے فکری
۲۔ مسرت۔ خوشی۔ خرسندی۔ خرمی۔ طرب۔ نشاط

راحت رساں: آرام رساں۔ سکھ دائی۔ آرام دِہ۔ مسرت بخش۔ تسکین بخش
راحت طلب: آرام طلب۔ آرام پسند۔ سہل انگار۔ سہولت پسند۔
آسایش پسند
راحت طلبی: آرام طلبی۔ آرام پسندی۔ سہل انگاری۔ سہولت پسندی۔
آسایش پسندی
راحت کدہ/ گاہ: ۱۔ آرام گاہ۔ آسایش گاہ۔ دارالسرور۔ دارالنشاط۔
دارالعیش
۲۔ خواب گاہ۔ شبستان

راحت جاں ــــ راحت افزا ــــ راحت پرست ــــ

راحت فروش ـــ راحت فشاں ـــ راحت نشیں

راحل: مسافر۔ عابر۔ راہی۔ راہ رو۔ ابن السبیل

راحلہ: ۱۔ سواری۔ مرکب
۲۔ کارواں۔ قافلہ

راحم: رحمدل۔ رحیم۔ مہربان

راڑ/رار: ۱۔ لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ شورش۔ ہنگامہ۔ نزاع۔ تنازع۔ دُند
۲۔ ضد۔ ہٹ

راز: بھید۔ سِر۔ پردہ۔ پوشیدہ بات

رازدار: بھیدی۔ واقفِ اسرار۔ محرمِ راز۔ رازداں
رازداری: اخفائے راز۔ حفاظتِ راز
رازداں: واقفِ اسرار۔ محرمِ راز۔ بھیدی
رازونیاز: رمز و کنایہ۔ پیار محبت۔ چاؤ چونچلا

رازِ سربستہ ـــ راز فاش کرنا ـــ رازِ حیات
ـــ رازِ خانہ ـــ رازِ فطرت ـــ رازِ دل ـــ رازِ نہاں
ـــ رازِ پنہاں ـــ رازِ خودی ـــ رازِ سرمستی ـــ
رازِ جنوں

رازق: روزی رساں۔ پروردگار۔ رب۔ بخشندہ۔ داتا۔ جواد۔
فیاض۔ رزاق

راس (عربی): ۱۔ سر۔ رئیس۔ چوٹی
۲۔ سردار۔ سرگروہ۔ سرخیل۔ سرغنہ۔ سرکردہ۔ سربرآوردہ
۳۔ فرد۔ نفر۔ کس

راس المال: اصل زر۔ اصل سرمایہ۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت۔ مُول

راس (ہندی): ۱۔ بُرجِ آسمانی۔ طالع۔ بھاگوان۔ سازگار
۲۔ ناچ۔ رنگ تماشا۔ سوانگ۔ ناٹک۔ نقل
۳۔ غوغا۔ شور غل
۴۔ باگ ڈور، عنان۔ لگام
۵۔ مویشی۔ قربانی کا جانور

راس چکر: منطقۃ البروج۔ دائرۂ بروج۔ طریق الشمس
راس دھاری: سوانگی۔ نقال۔ ناٹکی۔ بھانڈ۔ نقلیا۔ تماشاگر۔ اداکار۔ ممثل

راست: ۱۔ سیدھا۔ دایاں۔ داہنا
۲۔ مستقیم
۳۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ موزوں۔ سازگار۔ مساعد۔ سچا

راست باز: سچا۔ صادق۔ کھرا۔ دیانت دار۔ دیانت شعار۔ ایماندار۔
صداقت شعار۔ متدین۔ نیک۔ پارسا۔ پرہیزگار
راست بازی: سچائی۔ صداقت۔ کھراپن۔ دیانت داری۔ ایمانداری۔
دیانت شعاری۔ صداقت شعاری۔ تدین۔ پارسائی۔ پرہیزگاری
راست گو: سچا۔ راست گفتار۔ صادق القول۔ صاف گو۔ حق گو
راست گوئی: سچائی۔ راست گفتاری۔ صاف گوئی۔ حق گوئی۔ صدقِ
مقال۔ صدقِ کلام

راست اقدام ـــ راست کردار ـــ راہِ راست ـــ
راست مزاج ـــ راست معاملہ ـــ راست رَو ـــ
بازوئے راست ـــ راست بود ـــ راست خانہ
ـــ راست قلم ـــ راست مزہ ـــ راست معاملگی

| راست در ونما بر گردن راوی

راستہ: ۱۔ راہ۔ سڑک۔ باٹ۔ بٹیا۔ جادہ۔ صراط۔ مر۔ سبیل۔ ڈگر

طریق ۔ شارع ۔ خیابان ۔ راہچہ ۔ ڈگر یا ڈٹ ۔ منہاج ۔ پک ۔
گزرگاہ ۔ پگ ڈنڈی ۔ رہگذر
۲۔ رسم ۔ رواج ۔ ریت ۔ چلن
۳۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ اسلوب ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ قانون ۔ آئین

راستی : ۱۔ سیدھا پن ۔ استقامت
۲۔ سچائی ۔ صداقت ۔ صدق ۔ ایمانداری ۔ دیانت داری ۔ انصاف ۔
عدل ۔ نیائے

راستی پسند : صداقت پسند ۔ صداقت شعار ۔ دیانت پسند ۔ دیانتدار ۔
انصاف پسند ۔ عدل پسند

راسخ : پکا ۔ پختہ ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ محکم ۔ اٹل ۔ مصمم ۔ صمیم

راشد : ہدایت یاب ۔ ہدایت یافتہ ۔ سچا ۔ صداقت شعار ۔ راست باز

راشن : مقررہ خوراک ۔ رسد ۔ راتب ۔ روزینہ ۔ یومیہ

راشی : ۱۔ رشوت دہندہ
۲ (غلط العام) رشوت خور ۔ رشوت ستان

راضی : ۱۔ رضامند ۔ خوش ۔ شاد ۔ مسرور
۲۔ صابر ۔ قانع ۔ شاکر
۳۔ صحیح ۔ تندرست ۔ صحت مند ۔ صحت ور ۔ چاق و چوبند ۔
بشاش بشاش ۔ چونچال

راضی نامہ : رضامندی نامہ ۔ صلح نامہ ۔ دستاویز صلح

راعی : ۱۔ چرواہا ۔ شبان ۔ چوپان
۲۔ بادشاہ ۔ سلطان ۔ راجا ۔ حکمران ۔ فرماں روا

راغ : تلیٹی ۔ دامنِ کوہ ۔ سبزہ زار ۔ رمنا ۔ جنگل

راغب : مائل ۔ خواہش مند ۔ مشتاق ۔ شوقین ۔ مُلتفِت

رافت : مہربانی ۔ رحمت ۔ عنایت ۔ کرم ۔ نوازش ۔ رحم ۔ نرمی

راقم : کاتب ۔ محرر ۔ نویسندہ ۔ نگارندہ ۔ رقم طراز ۔ نگاری ۔
رائٹر ۔ لکھاڑیا ۔ لیکھک

راقم الحروف — راقمِ دستاویز — راقم نامہ —
راقمِ کیفیت — راقمِ مضمون — راقم کتاب — راقمِ تحریر

راکب : سوار

راکھ : رماد ۔ خاکستر ۔ بھبوت ۔ بھوبھل ۔ سواہ ۔ بھسم ۔ بھس

راگ : ۱۔ گیت ۔ نغمہ ۔ سرود ۔ آستانہ ۔ سنگیت ۔ راگنی ۔ سا (سوانگ)
۲۔ زمزمہ ۔ کہانی ۔ داستان ۔ حکایت
۳۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ نزاع ۔ تنازع ۔ ٹنٹا ۔ بکھیڑا ۔ قضیہ
۴۔ رنگ ۔ برن ۔ ورن ۔ لون ۔ فام
۵۔ جوش ۔ ولولہ ۔ خروش ۔ ہیجان
۶۔ محبت ۔ الفت ۔ عشق ۔ پریم ۔ پریت ۔ ہیت ۔ شگفتگی
۷۔ رنج ۔ غم ۔ الم ۔ حزن ۔ ملال ۔ اندوہ
۸۔ غصہ ۔ خشم ۔ غیظ ۔ غضب ۔ کرودھ

راگ رنگ : رامش و رنگ ۔ عیش و طرب ۔ نغمہ و سرود ۔ عشرت و مسرت
رنگ رلیاں ۔ کھیل تماشا ۔ لہو و لعب

راگ مالا — راگ ریت — راگ گھڑی — راگ
راگنی — راگ ودّیا — راگ رُت — راگ رنگ

راگی: گویّا۔ گائک۔ نغمہ گر۔ مغنّی۔ مطرب۔ رامش گر۔ غُنیاگر

رال: لعابِ دہن۔ بزاق۔ ریق۔ بچپا۔ لالاں۔ گوند۔ لعاب۔ تھوک۔ آبِ دہن۔ لُک۔ دگمیز

رام: تابع۔ مطیع۔ منقاد۔ اطاعت شعار۔ فرمانبردار۔ اطاعت گزار۔ غلام۔ بندہ۔ درس۔ چاکر۔ نوکر۔ ملازم۔ خادم۔ خدمت گزار۔ محکوم

رام: خدا۔ پرماتما۔ پرمیشر۔ پروردگار۔ رب۔ داتا۔ ایشور

رام دہائی ــــ رام بھجن ــــ رام لیلا ــــ رام چل ــــ رام راج ــــ رام رس ــــ رام رولا ــــ رام کہانی

رام رام جپنا پرایا مال اپنا
آدھے میں رام آدھے میں گام

رامش: ۱۔ آرام۔ آسایش۔ راحت۔ سُکھ۔ چین
۲۔ خوشی۔ مسرت۔ انبساط۔ خرّمی۔ خورسندی۔ بہجت۔ آنند۔ سرور۔ طرب۔ نشاط
۳۔ ہم سازی۔ ہم آہنگی۔ سُر میل۔ سُریلاپن۔ نغمہ۔ سرود
۴۔ نصیحت۔ وعظ۔ پند۔ صلاح۔ مشورہ

رامش گر: ۱۔ مطرب۔ گویّا۔ گائک۔ مغنّی۔ غنیاگر
۲۔ آرام پسند۔ آسایش پسند۔ عیاش

رامش گری: ۱۔ گانا بجانا۔ نغمہ گری۔ نغمہ و سرود۔ غنا۔ غنیاگری
۲۔ آرام پسندی۔ آسایش پسندی۔ عیاشی

ران: اندانو۔ جانگھ۔ سانتھل۔ پٹ۔ فخذ۔ منفل۔ زان۔ سنفل۔ ورآسن۔ بیٹھک۔ نشست

رانڈ: جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ تنازع۔ نزاع۔ فساد۔ ہنگامہ۔ مناقشہ۔ چپقلش

راندہ: مردود۔ ملعون۔ محروم۔ خارج

رانڈ: بیوہ۔ ایّم

رانی: بیگم۔ ملکہ۔ بانو۔ خاتون۔ سلطانہ

راوَت: ۱۔ راؤ۔ سردار۔ سرخیل۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ راجا۔ حاکم۔ حکمران
۲۔ بہادر۔ شجاع۔ سورما۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ جرأت مند۔ مردِ میدان

راوی: روایت کنندہ۔ مؤرخ۔ وقائع نگار۔ حاکی۔ قصہ گو۔ داستان گو۔ افسانہ گو

راہ: ۱۔ راستہ۔ رستہ۔ سڑک۔ شارع۔ خیابان۔ جادہ۔ بٹیا۔ لیک۔ مگ۔ رہگزر۔ پگ ڈنڈی۔ باٹ۔ طریق۔ گزرگاہ۔ ڈگر۔ سبیل۔ منہاج
۲۔ غرض۔ مطلب۔ مدعا۔ منشا
۳۔ سفر۔ مسافرت
۴۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ رسم و راہ۔ اتحاد۔ تعلق۔ مراسم۔ دوستی۔ آشنائی
۵۔ رسائی۔ پہنچ۔ دخل
۶۔ طریقہ۔ طرز۔ انداز۔ ڈھنگ۔ ڈھب۔ شرع
۷۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ چلن
۸۔ آگاہی۔ واقفیت۔ باخبری۔ خبرداری
۹۔ تدبیر۔ حیلہ۔ بہانہ
۱۰۔ موقع۔ محل۔ صورت

راہ بر: ۱۔ راہ نما۔ ہادی۔ مہدی۔ بدرقہ۔ مرشد۔ قائد

۲۔ سردار۔ سرخیل۔ سرغنہ۔ سرگروہ۔ سالار

راہ بری: ۱۔ راہ نمائی۔ ہدایت۔ ارشاد۔ قیادت

۲۔ سرداری۔ سرگروہی۔ سالاری۔ سیادت

راہ پیما: جادہ پیما۔ راہرو۔ مسافر۔ راہی۔ راہ گرا۔ راہ نورد۔ راہ گیر۔ ابن السبیل

راہ رو: راہ پیما۔ جادہ پیما۔ مسافر۔ راہی۔ راہ گرا۔ راہ نورد۔ راہ گیر۔ ابن السبیل

راہ زن: راہ مار۔ بٹ مار۔ قزاق۔ قاطع الطریق۔ قطاع الطریق۔ ڈاکو۔ ڈکیت

راہ زنی: راہ ماری۔ بٹ ماری۔ قزاقی۔ لوٹ کھسوٹ۔ ڈاکا۔ ڈکیتی

راہ گرا: راہ رو۔ راہ پیما۔ جادہ پیما۔ مسافر۔ راہی۔ راہ نورد۔ راہ گیر۔ ابن السبیل

راہ گزار/گزر: سڑک۔ راستہ۔ شارع۔ خیابان۔ جادہ۔ باٹ۔ بٹیا۔ ڈگر۔ طریق۔ سبیل۔ پگڈنڈی۔ لیک۔ منہاج

راہ گیر: راہ گرا۔ راہ رو۔ راہ پیما۔ جادہ پیما۔ راہ نورد۔ مسافر۔ راہی۔ ابن السبیل

راہ مار: بٹ مار۔ راہ زن۔ قاطع الطریق۔ قطاع الطریق۔ ڈاکو۔ ڈکیت

راہ ماری: بٹ ماری۔ راہ زنی۔ ڈاکا۔ ڈکیتی۔ لوٹ

راہ نما: ۱۔ راہبر۔ ہادی۔ مہدی۔ بدرقہ۔ مرشد۔ قائد۔ امام۔ خضر۔ پیشوا۔ طلایہ۔ پیر۔ شیخ۔ گرو۔ اگوا۔ لیڈر۔ نگہبان۔ بنتا

راہنمائے قوم — راہنمائے طریقت — راہنمائے شریعت — راہنمائے کارواں — راہنمائے زندگی — راہنمائے ادب

راہ نمائی: ۱۔ راہ بری۔ ہدایت۔ ارشاد۔ قیادت

۲۔ سرداری۔ سرگروہی۔ سیادت۔ سالاری

راہ نورد: راہ گرا۔ راہ گیر۔ راہ رو۔ راہ پیما۔ جادہ پیما۔ مسافر۔ راہی۔ ابن السبیل

راہ نوردی: راہ گیری۔ راہ روی۔ راہ پیمائی۔ جادہ پیمائی۔ مسافرت۔ سفر

راہوار: ۱۔ گھوڑا۔ اسپ۔ فرس

۲۔ تیز رفتار۔ تیز رو۔ تیز گام۔ صبا رفتار۔ سبک رفتار۔ سبک رو۔ سبک گام

راہ و رسم: ربط ضبط۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ اتحاد۔ تعلق۔ رشتہ۔ مراسم

راہ دشوار — راہ دشوار گزار — راہ اندیشناک — راہ آراستہ — راہ فراخ — راہ خطیر — راہ دور — راہ خوف — راہ بے خار — راہ باریک تر — راہ بیم ناک — راہ دراز — راہ کوتاہ — راہ پرشکن — راہ پیچیدہ — راہ خوابیدہ — راہ گم گزر — راہ بے نشاں — راہ شعلہ خیز — راہ کج — راہ دور دست — راہ راست — راہ شیشہ زار — راہ تاریک — راہ بے چراغ — راہ رفتہ — راہ نم زدہ — راہ خالی — راہ ہموار — راہ نشیب و فراز — راہ پیچ در پیچ — راہ سیاہی — راہ سنگلاخ — راہ بیہودہ — راہ بے سراغ — پامال راہ — راہ غلط — راہ بدریا — راہ نوشتن — راہ غارت گر — راہ گرد و غبار آلود — بیرون راہ — راہ انتظار — بد راہ — خود راہ — راہ طویل — راہ ہوس بیہودہ — راہ کوہسار — راہ امید — راہ کرم — راہ مہربانی — راہبر — راہگرا — راہگیر — گرد راہ — خطرۂ راہ — خلل راہ — خار راہ — راہ پیش پا افتادہ — ہم راہ — راہ آشنا — راہ دان — راہی — رقیبانِ راہ — راہ معتبر — سبک راہ — گم کردہ راہ — اشارہ راہ — خضر راہ — مشکلات راہ — راہ آسان — راہ عدم — راہ دین — راہ دنیا

راہب: ۱۔ تارک الدنیا۔ تیاگی۔ جوگی۔ سنیاسی۔ بے تعلق۔ خلوت نشین۔ گوشہ نشین۔ گوشہ گزیں۔ سادھو۔ بن باسی۔ لاتعلق۔ رہبان۔ بیراگی۔ ویراگی

۲۔ عابد۔ زاہد۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ متقی۔ متورع۔ برہمن

راہی: راہرو۔ مسافر۔ راہ گرا۔ راہ گیر۔ راہ نورد۔ راہ پیما۔ جادہ پیما۔ ابن السبیل

رائتا: نکیسہ۔ بھرتا۔ ملیدہ۔ بورانی

رائج: ۱۔ مروّج۔ جاری۔ چلتا۔ نافذ۔ رواں
۲۔ عام۔ رسمی۔ معمولی۔ حسبِ دستور۔ حسبِ قاعدہ۔ حسبِ معمول

رائج الوقت ___ سکہ رائج الوقت

رائحہ: خوشبو۔ لپک۔ نکہت۔ بوئے خوش۔ لپٹ

رائگاں: بیکار۔ فضول۔ عبث۔ لاحاصل۔ بے وقعت۔ ضائع۔ نزائل۔ اکارت

رائلٹی: حقِ ملکیت۔ حقِ تصنیف۔ معاوضہ۔ عوض۔ کرایہ۔ ٹھیکہ

راؤ: راوت۔ راجا۔ حاکم۔ سردار۔ قائد۔ مکھیا۔ سرخیل۔ برگزیدہ۔ سرغنہ۔ سربرآوردہ۔ سرکردہ۔ راس۔ رئیس

راوٹی: ۱۔ خیمہ۔ تنبو
۲۔ بالاخانہ۔ چوبارہ۔ اٹاری۔ ماڑی

راؤنڈ: ۱۔ پھیرا۔ دورہ۔ گشت
۲۔ چکر۔ گھیرا۔ دائرہ
۳۔ مدوّر۔ گول

رائی: ۱۔ خردل
۲۔ ذرہ۔ کن۔ ریزہ۔ انس۔ اقلِ قلیل۔ مقدارِ قلیل۔ ننھا۔ تھوڑا۔ کم۔ اندک۔ معمولی

رائی سے پربت ہوجانا ___ رائی کائی کرنا ___ رائی کا پہاڑ ہوجانا ___ رائی کا پہاڑ بنانا

| رائی بھر ناتہ گاڑی بھر آشنائی

رائے: ۱۔ عقل۔ تدبیر۔ تجویز۔ دانست۔ سمجھ۔ فہم
۲۔ قیاس۔ خیال۔ بچار۔ سوچ
۳۔ مشورہ۔ صلاح۔ ووٹ۔ نصیحت

رائے دہندہ: مشیر۔ مجوّز۔ ووٹر
رائے زنی: اظہارِ رائے۔ اظہارِ خیال۔ قیاس آرائی

پاک رائے ___ بلند رائے ___ سست رائے ___ کند رائے ___ سخت رائے ___ تیز رائے ___ تاریک رائے ___ نیک رائے ___ صائب رائے ___ کج رائے ___ آہستہ رائے ___ صاحب رائے ___ سنجیدہ رائے ___ تیز رائے ___ خیرہ رائے

رایت: جھنڈا۔ علم۔ لوا۔ پھریرا۔ پرچم۔ بیرق۔ نشان

رب: ۱۔ پروردگار۔ پرورندہ۔ پالن ہار
۲۔ مالک۔ صاحب۔ آقا۔ خداوند
۳۔ اللہ۔ خدا۔ پرماتما۔ پرمیشر۔ ایشور۔ پرمیشور

ربا/ربو: ۱۔ سود۔ بیاج
۲۔ اضافہ۔ بڑھوتری۔ افزائش۔ افزونی

رباب: سارنگی۔ بربط۔ ستار۔ وینا۔ سرود

ربابی: رباب نواز۔ بربط نواز۔ ستار نواز۔ سارنگیا

رباط: ۱۔ مسافرخانہ۔ سرائے۔ ہوٹل۔ لنگر۔ محتاج خانہ
۲۔ رسی۔ بند۔ بندش

ربط: ۱۔ بندش۔ بند۔ رسی
۲۔ لگاؤ۔ تعلق۔ واسطہ۔ راہ رسم۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ دوستی۔ محبت۔ آشنائی۔ پیار۔ اخلاص
۳۔ عادت۔ عمارت۔ مشق۔ مزاولت

ربط ضبط: میل ملاپ۔ میل جول۔ راہ رسم۔ تعلق۔ لگاؤ

رُبع: چہارم۔ چہاریک۔ چوتھائی۔ چوتھ

ربوبیت: پروردگاری۔ پرورش۔ پالنا۔ پالن

ربودگی: ۱۔ غفلت۔ خنودگی۔ بے ہوشی۔ حواس باختگی۔ بے پروائی۔ مجذوبیت
۲۔ لوٹ کھسوٹ۔ غصب و نہب

رَبوہ: تل۔ ٹیلا۔ تودہ۔ گھاٹی۔ چٹان

ربیع: ۱۔ فصلِ بہار۔ موسمِ بہار
۲۔ اساڑھی

رپاٹا / رپیٹا: تیز۔ دھپ۔ لطمہ۔ سیلی۔ تماچا۔ چانٹا۔ چانٹا

رپٹ: پھسلن۔ پھسلاہٹ

رپٹ: رپورٹ۔ خبر۔ اطلاع

رپورٹ: خبر۔ اطلاع

رپورٹر: مخبر۔ خبر دہندہ۔ اطلاع دہندہ۔ خبرنگار۔ نامہ نگار۔ صحیفہ نگار۔ پرچہ نویس

رپورٹنگ: خبرنگاری۔ خبرنویسی۔ نامہ نگاری۔ صحیفہ نگاری۔ پرچہ نویسی

رُپہلا: ۱۔ سیمیں۔ نقرئی
۲۔ سفید۔ اُجلا۔ چٹا۔ ابیض

رُت: فصل۔ موسم۔ دور۔ زمانہ

رُتبہ: ۱۔ مرتبہ۔ درجہ۔ عہدہ۔ منصب۔ منزلت
۲۔ عزت۔ حرمت۔ آبرو۔ وقر۔ قدر

رتبہ دار: عہدہ دار۔ منصب دار۔ عزت دار۔ آبرودار

رتن: ۱۔ موتی۔ گوہر۔ جوہر۔ نگ۔ نگیں
۲۔ پتلی۔ مردم۔ مردمک چشم
۳۔ منی۔ دھات۔ ویرج۔ نطفہ
۴۔ عطر۔ ست۔ نچوڑ۔ خلاصہ۔ جوہر۔ لب لباب
۵۔ جوبن

رتوندھا: شب کوری۔ نابینائی شب

رتوندھیا: شب کور۔ نابینائے شب

رَٹ: تکرار۔ اعادہ

رَجا: ۱۔ پیٹ بھرا۔ شکم سیر
۲۔ بے پروا۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ غنی۔ دھنی

رَجاء : ا۔امید۔ آسرا۔ بھروسا۔ آس۔ آشا
۲۔آرزو۔ تمنا۔ خواہش۔ طلب

رجائی : پُرامید۔ خوش خیال۔ خوش گمان۔ خوش فہم

رجائیت : پُرامیدی۔ خوش خیالی۔ خوش گمانی۔ خوش فہمی

رُجحان : میلان۔ توجہ۔ جھوک۔ جھکاؤ۔ رغبت۔ میل

رِجس : پلیدی۔ نجاست۔ گندگی۔ غلاظت۔ میل کچیل

رجعت : واپسی۔ بازگشت۔ لوٹ پلٹ۔ قدامت

رَجُل : مرد۔ آدمی۔ منش۔ منکھ۔ مانس۔ مردم۔ بالغ

رَجم : ا۔سنگ باری۔ سنگ ساری
۲۔شہابِ ثاقب

رجوع : ا۔واپسی۔ بازگشت
۲۔رغبت۔ میلان۔ رجحان۔ میل
۳۔توجہ۔ التفات
۴۔ظہور۔ حاضری

رجولیت : مردی۔ مردانگی۔ مردانہ پن۔ قوتِ باہ۔ قوتِ تولید

رَجیم : راندہ۔ مردود۔ سنگ زدہ۔ خارج کردہ

رُچ : ا۔رغبت۔ چاہ۔ میلان۔ رجحان۔ طلب۔ خواہش
۲۔بھوک۔ اشتہا

رحلت : ا۔کوچ۔ سفر۔ روانگی
۲۔انتقال۔ موت۔ وفات۔ مرگ۔ مرتیو۔ دیہانت

رُحم/رِحم : بچہ دان۔ بچہ دانی۔ دھرن۔ گربھ۔ بچہ دانی۔ ناسنی۔ پوسان۔
پرگام۔ یارک

رَحْم : ا۔مہربانی۔ کرم۔ شفقت۔ ترس۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ ترحم۔
مرحمت۔ کرپا
۲۔بخشش۔ عطا۔ دَیا۔ جود۔ سخا
۳۔عنایت۔ لطف۔ نوازش

رحم دل : نرم دل۔ رقیق القلب۔ مہربان۔ ہمدرد
رحم دلی : نرم دلی۔ رقتِ قلب۔ مہربانی۔ ہمدردی

رحمت : ا۔کرم۔ مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔ نوازش۔ مرحمت
۲۔درود۔ سلام۔ صلوٰۃ
۳۔بارش۔ باران۔ مینہ۔ برکھا۔ ورشا

رحمۃ للعالمین : کنایۃً پیغمبرِ اسلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم

رحمتِ الٰہی ـــــ ابرِ رحمت

رحمتِ حق بہانہ می جوید
مریضِ عشق پر رحمت خدا کی
مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

رحیل : کوچ۔ سفر۔ مسافرت

رحیم : مہربان۔ شفیق۔ کریم۔ کرم گستر۔ عنایت فرما

رُخ : ا۔چہرہ۔ وجہ۔ بشرا۔ مکھ۔ منہ۔ رُو۔ مکھڑا۔ مندرا۔
پیشانی

۲۔ رخسار۔ عارض۔ عذار۔ گال
۳۔ طرف۔ سمت۔ جانب۔ اور
۴۔ توجہ۔ التفات۔ رجحان۔ میلان۔ جھکاؤ
۵۔ سیمرغ۔ عنقا

شعلہ رُخ — گل رخ — پری رخ — قبلہ رخ
— شمال رخ — زرد رخ (شرمندہ) — لالہ رخ
— شاہ رخ — شمع رخ — سمن رُخ —
آئینہ رخ — نیم رُخ

رخت: ۱۔ لباس۔ پوشاک۔ جامہ۔ ملبوس۔ پہناوہ
۲۔ سامان۔ اثاثہ۔ اسباب۔ لازمہ
۳۔ ٹھاٹھ۔ دھج۔ ہیئت۔ وضع

رُخسار: گال۔ عذار۔ عارض۔ رُخ

گل رخسار — رنگ رخسار — نیلگوں رخسار —
شگفتہ رخسار

رَخش: ۱۔ اسپِ رستم
۲۔ اسپ۔ فرس۔ گھوڑا۔ مرکب۔ توسن۔ اشہب
۳۔ کرن۔ شعاع۔ چمک۔ دمک

رخشاں: درخشاں۔ تاباں۔ نورانی۔ منور۔ رخشندہ۔ درخشندہ۔ تابندہ۔
چمکیلا۔ چمک دار۔ پُرنور۔ روشن

رخشندگی: درخشندگی۔ تابندگی۔ افشانی۔ درخشانی۔ چمک۔ دمک۔ روشنی۔
چمکیلاپن۔ نورانیت

رخشندہ: درخشندہ۔ تابندہ۔ افشاں۔ درخشاں۔ چمکیلا۔ روشن۔
منور۔ نورانی

رُخصت: ۱۔ چھٹی۔ تعطیل
۲۔ اجازت۔ پروانگی۔ رضا۔ منظوری۔ اذن۔ آگیا
۳۔ روانگی۔ کوچ۔ وداع
۴۔ فرصت۔ فراغت۔ مہلت۔ وقفہ
۵۔ برطرفی۔ معزولی۔ عزل۔ علیحدگی

رُخصتانہ: بوقتِ رخصت انعام۔ وداعی نذرانہ

رُخصتی: ۱۔ وداعِ عروس۔ وداعگی
۲۔ مرخص۔ رخصت یاب

رَخنہ: ۱۔ سوراخ۔ روزن۔ درز۔ دراز۔ شگاف۔ جھری۔ چھید
۲۔ کھڑکی۔ دریچہ۔ غرفہ۔ موکھا
۳۔ نقص۔ عیب۔ سقم۔ کمی۔ خامی
۴۔ خلل۔ مزاحمت۔ رکاوٹ۔ فساد۔ فتنہ۔ ہنگامہ۔ شورش۔
اڑچن۔ بگاڑ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ خرابی

رخنہ انداز: خلل انداز۔ بھانجی مار۔ مانع۔ مزاحم۔ مخل
رخنہ اندازی: خلل اندازی۔ بھانجی ماری۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ رکاوٹ
رخنہ بندی: انسدادِ فتنہ۔ سدِباب۔ تدارک

رخنہ جوئی — رخنہ کاری — رخنہ شعاری

ردّ: ۱۔ واپسی
۲۔ تردید۔ بُطلان۔ تکذیب۔ ابطال۔ انکار۔ نامنظوری

ردِّعمل: جوابی عمل۔ عمل بازگشت۔ رجعت۔ تاثر
ردّوبدل: پھیر بدل۔ لوٹ پلٹ۔ تغیر و تبدّل۔ تبدیلی۔ جواب ساندھا۔
مدافعت۔ حملہ۔ جوابی حملہ۔ اکھاڑ پچھاڑ۔ تبدیلی۔ ادل بدل
ردّوقدح/کد: حجت۔ تکرار۔ بحث۔ جھگڑا۔ نزاع۔ تردید

ردا: چادر۔ اوڑھنی۔ برد۔ دوپٹا۔ شال

ردی: خراب۔ نکما۔ ناکارہ۔ فضول۔ بےکار۔ ناقص۔ سقیم۔ بےمصرف

رذالت: کمینگی۔ کمینہ پن۔ سفلگی۔ سفلہ پن۔ ذلت۔ ذلالت۔ پاجی پن۔ گھٹیا پن

رذالا: کمینہ۔ سفلہ۔ ذلیل۔ پاجی۔ گھٹیا۔ حقیر۔ شریر۔ بدذات

رذیل: ۱۔ کمینہ۔ ذلیل۔ پاجی۔ گھٹیا۔ حقیر۔ شریر۔ بدمعاش
۲۔ بےحیا۔ بےشرم۔ بےحمیت۔ بےغیرت

رڑک: چبھن۔ خلش۔ کھٹک۔ کسک

رز: انگور۔ عنب۔ تاک

رزاق: روزی رساں۔ پروردگار۔ داتا۔ دانی۔ معطی۔ بخشندہ۔ جواد۔ کریم۔ فیاض۔ رازق۔ خدا

رزق: روزی۔ خوراک۔ آزوقہ۔ راتب۔ آب و دانہ۔ اَن جل۔ آب و خورش۔ قوتِ لایموت۔ معاش

رزم: جنگ۔ لڑائی۔ معرکہ۔ محاربہ۔ حرب۔ وغا۔ غزا۔ کارزار۔ یدھ۔ جدھ

رزم گاہ: جنگاہ۔ معرکہ گاہ۔ حرب گاہ۔ میدانِ جنگ۔ مقامِ جنگ۔ مصاف۔ رن بھوم۔ میدانِ کارزار۔ میدانِ وغا۔ جدھ بھوم

رس: ۱۔ شیرہ۔ افشردہ۔ عرق۔ نچوڑ
۲۔ جوہر۔ ست۔ لبِ لباب۔ خلاصہ۔ جان
۳۔ پارا۔ سیماب
۴۔ لوچ۔ لچک۔ نرمی
۵۔ منی۔ نطفہ۔ ویرج
۶۔ خمار۔ نشہ۔ نشیلا پن۔ مخموری۔ جوشِ جوانی۔ مستی۔ کیف و سرور

رسا: بالغ۔ کامل۔ مکمل۔ کارگر۔ موثر۔ کامیاب

رسّا: رسی۔ رسن۔ رساں۔ حبل

رسّاکشی: کھینچا تانی۔ کشا کش۔ کش مکش۔ منازعت۔ منافقشت۔ تنازعہ۔ نزاع۔ چپقلش
رسّاگیر: مویشی چور۔ جانور چور۔ دزدِ چرند۔ سارقِ انعام

رسالت: ۱۔ پیام بری۔ پیغام بری۔ پیام رسانی۔ سفارت
۲۔ پیغمبری۔ پیمبری۔ نبوت

رسالت پناہ: کنایتہً پیغمبرِ آخر الزماں محمد صلی اللہ علیہ وسلم

رسالہ: ۱۔ مکتوب۔ چٹھی۔ نامہ۔ خط۔ پاتر۔ پاتی
۲۔ کتابچہ۔ مجموعہ مضامین: مجلہ۔ جریدہ۔ میگزین۔ پرچہ
۳۔ گھڑسوار فوج

رسالہ دار/رسالدار: سالارِ رسالہ۔ سرخیلِ جنگی سواران
رسالہ داری/رسالداری: منصبِ رسالدار۔ عہدۂ رسالہ دار

رسان: نرمی۔ دھیما پن۔ آہستگی۔ ملائمت۔ دھیرا پن۔ آسانی۔ سہولت

رسائن: کیمیا۔ اکسیر

رسائی: ۱۔ پہنچ۔ باریابی۔ دخل۔ گزر۔ دخل یابی۔ اڑان۔ گزار۔ پروانہ
۲۔ اثر۔ رسوخ

۳۔ مشق۔ مہارت۔ مزاولت۔ دسترس
۴۔ واقفیت۔ شناسائی۔ میل جول۔ میل ملاپ
۵۔ آہستگی۔ دھیرج۔ دھیرا پن۔ نرمی۔ ملائمت

رستاخیز/رستخیز: قیامت۔ حشر۔ ہنگامہ۔ شورش۔ گڑبڑ۔ ہل چل۔ افراتفری۔ اچھل کود۔ ہڑبونگ۔ ہڑدنگا پن

رستگار: ۱۔ نجات یافتہ۔ ناجی۔ آزاد۔ محفوظ۔ رہا
۲۔ فیاض۔ سخی۔ جواد۔ کریم۔ کرم گستر۔ داتا

رستگاری: نجات۔ خلاصی۔ مخلصی۔ استخلاص۔ آزادی۔ رہائی

رستم (مجازاً): بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ کامل فن۔ ماہر فن۔ بطلِ عظیم۔ ہیرو۔ پہلوان۔ بَل

رستمی: ۱۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت
۲۔ کمال۔ مہارت۔ بطلیت۔ ہیروشپ

رستوران/ریستوران: ریسٹورنٹ۔ مطعم۔ طعام خانہ۔ دارالطعام۔ طعام گاہ۔ چائے خانہ

رسد: ۱۔ آمدنی۔ درآمد۔ ذخیرہ۔ سامانِ خور ونوش۔ سامان۔ جنس۔ غلّہ۔ سپلائی
۲۔ حصہ۔ بخرا۔ بھاگ۔ بخت۔ بہرہ

رسم: ۱۔ ریت۔ رواج۔ چلن۔ عادت
۲۔ دستور۔ قاعدہ۔ طریقہ۔ طور۔ انداز۔ ڈھنگ۔ روش۔ طور طریق۔ پیروی۔ طرز۔ آئین۔ ضابطہ۔ دستورالعمل۔ اصول
۳۔ نقش۔ نگارش۔ نشان۔ علامت
۴۔ تحریر۔ نوشت۔ دستاویز۔ دستخط۔ تورہ
۵۔ تنخواہ۔ طلب۔ مزد۔ مزدوری۔ محنت۔ اُجرت۔ معاوضہ
۶۔ مذہبی شعار

رسم الخط: طرزِ املا۔ اسلوبِ تحریر۔ اندازِ حروف نویسی۔ مخصوص اشکالِ حروف

رسم و رواج: طور طریق۔ چلن۔ رنگ ڈھنگ۔ طرز و انداز۔ ریت۔ قاعدہ۔ دستور۔ آئین۔ روش

رسم و راہ: میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ ارتباط۔ تعلقات۔ مراسم۔ موانست۔ موافقت۔ اتحاد۔ ملاقات

رسما: تر۔ گیلا۔ نم۔ مرطوب۔ بھیگا۔ تر و تازہ۔ تیار

رسمی: رواجی۔ معمولی۔ عام۔ رائج۔ مروّج۔ متوسط۔ اوسط

رسن: رسی۔ ریسماں۔ حبل۔ ڈوری۔ طناب

رسن باز: بازی گر۔ نٹ۔ جان متی۔ شعبدہ باز
رسن بازی: بازی گری۔ شعبدہ بازی۔ نٹ پنا

رُسوا: بدنام۔ خوار۔ ذلیل۔ بے عزت۔ بے آبرو۔ بے توقیر۔ بے اعتبار۔ روسیاہ

رُسوائی: بدنامی۔ خواری۔ ذلت۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ بے وقری۔ بے توقیری۔ بے اعتباری۔ روسیاہی۔ بے حرمتی۔ فضیحتی۔ تضحیک۔ تھڑی تھڑی

رُسوب: تلچھٹ۔ گاد۔ دُرد۔ تہ نشین

رُسوخ: ۱۔ پہنچ۔ رسائی۔ دخل۔ اثر۔ نفوذ۔ ربط ضبط۔ میل جول
۲۔ اعتبار۔ اعتماد۔ ساکھ

رسُول: ۱۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ دوت۔ پیامی۔ پیامبر۔ پیغامبر۔ پیغام رساں

۲۔ پیغمبر۔ ایمبر۔ نبی۔ پیغمبرِ صاحبِ کتاب

رسولؐ اللہ — پیغامِ رسولؐ — حدیثِ رسولؐ
— سنتِ رسولؐ — اسوۂ رسولؐ

رسولی: گٹی۔ پھوڑا۔ غدود۔ ابھار۔ گومڑ۔ گلھڑ۔ گانگن۔ پھنسی۔ تولڑی۔
ترنبڑی۔ تیوڑی۔ گلینگا

رسّی: ۱۔ رسن۔ ریسمان۔ حبل۔ طناب۔ ڈوری۔ دھاگا۔ لج۔ جیوڑی۔
بنجو
۲۔ سانپ۔ مار۔ سرپ
۳۔ عمر۔ زندگی۔ اوستھا

رسی ڈھیلی چھوڑنا — رسی کا سانپ بنانا — رسی کوتاہ
ہونا — رسی دراز ہونا — رسی تڑانا

| رسی جل گئی پر بل نہیں گیا

رسیا: ۱۔ بانکا۔ طرح دار۔ رنگیلا۔ رنگین مزاج۔ دلدادہ۔ شوقین۔
عیاش۔ عیش پرست۔ عیش کوش
۲۔ خوش خور۔ خوش خوراک۔ چٹورا
۳۔ شیدا۔ مشتاق۔ چاہنے والا

رسید: پہنچ۔ وصول۔ وصولی۔ تحریرِ وصولی۔ وصول نامہ

رسیلا: ۱۔ رس بھرا۔ رس دار۔ عرق دار۔ تر و تازہ۔ شاداب۔ گدر۔
گدرا۔ گدرایا
۲۔ شوقین مزاج۔ عیاش۔ عیش پرست۔ عیش کوش
۳۔ مست۔ متوالا۔ مدھر۔ مخمور۔ خمار آلود

رسیلی: نشیلی۔ خمار آلود۔ مدھری۔ مدھر۔ مخمور۔ متوالی۔ مدہوش۔ مست

رشتہ: ۱۔ دھاگا۔ تاگا۔ سِیک۔ تار۔ رسّی۔ رسن۔ ریسمان۔ ڈوری
۲۔ قرابت۔ عزیزداری۔ یگانگت۔ ناتا۔ کنبہ داری
۳۔ تعلق۔ علاقہ۔ لگاؤ۔ واسطہ۔ سمبندھ
۴۔ سلسلہ۔ لڑی۔ قطار

رشتہ بپا: پابہ زنجیر۔ پابجولاں۔ مقید۔ پابند۔ پابستہ۔ قیدی۔
بندی۔ گرفتار
رشتہ دار: ناتی۔ تعلق دار۔ قریبی عزیز۔ یگانہ۔ قرابتی۔ قرابت دار۔
بھائی بند۔ خویش۔ اپنا۔ لواحق۔ سیاد
رشتہ داری: تعلق داری۔ قرابت داری۔ عزیزداری۔ یگانگت۔
بھائی بندی

رشحہ: ۱۔ قطرہ۔ تراوش۔ چکش۔ ٹپکاؤ۔ پسینہ۔ عرق
۲۔ نتیجہ

رشحاتِ قلم: تحریر۔ مضمون۔ انشا۔ تراوشِ قلم

رُشد: ۱۔ راستی۔ ہدایت۔ استقامت
۲۔ ہوش مندی۔ تمیز۔ بلوغت۔ بلوغ

رشک: ریس۔ حسد۔ جلن۔ جلاپا۔ ڈاہ۔ غیرت

رشوت: ناجائز نذرانہ۔ ناجائز عطیہ۔ منہ بھرائی۔ ڈالی۔ گھونس۔ پرخش۔
فرخش۔ پرنخ۔ پار۔ منہ توبا۔ بالائی آمدنی۔ بالائی یافت۔ بُرد

رشوت خور: رشوت ستاں۔ مرتشی۔ حرام خور
رشوت خوری: رشوت ستانی۔ ارتشا۔ حرام خوری
رشوت ستان: رشوت خور۔ مرتشی۔ حرام خور
رشوت ستانی: رشوت خوری۔ ارتشا۔ حرام خوری

رشید: ۱۔ ہدایت یافتہ۔ تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ

۲۔ نیک۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ متقی
۳۔ فرماں بردار۔ مطیع۔ اطاعت شعار۔ طاعت گزار
۴۔ مہذب۔ شائستہ۔ خوش اطوار

رصاص: سیسہ۔ کلّہ۔ رانگ

رصد: مشاہدہ۔ نظارہ۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ نگہداشت۔ نگہداری۔ نگہبانی

رصدبندی: مشاہدۂ سیارگاں۔ نظارۂ نجوم
رصدگاہ: مشاہدہ گاہِ سیارگاں۔ آکاش لوچن۔ منارانجم نما۔ دارالمشاہدہ۔ جائے نجم نما

رضا: ۱۔ مرضی۔ منشا۔ خوشنودی۔ خوشی
۲۔ اجازت۔ اذن۔ آگیا
۳۔ ست۔ رخصت۔ چھٹی

رضاجو: اجازت طلب۔ اذن خواہ۔ صلاح جُو
رضاجوئی: اجازت طلبی۔ اذن خواہی۔ صلاح جوئی
رضاکار: خادمِ خلق۔ خادم بے مُزد۔ والنٹیر
رضامند: راضی۔ خوش۔ متفق۔ خوشنود۔ آمادہ۔ تیار
رضامندی: خوشنودی۔ اتفاق۔ آمادگی۔ تیاری

رضاعت: دودھ پلائی۔ شیرخوارگی

رضاعی: دودھ شریک۔ ہم شیر

رضائی: روئی دار دوہر۔ لحاف۔ توشک

رضوان: ۱۔ داروغۂ بہشت۔ نگرانِ جنت۔ پاسبانِ خلد
۲۔ رضامندی۔ خوشنودی۔ خوشی۔ پسندیدگی

رضی: پسندیدہ۔ خاطرخواہ۔ خوشنود۔ قابلِ تعریف۔ قابلِ ستائش۔ خوب۔ اچھا۔ عمدہ

رُطب: ۱۔ کھجور۔ خرما۔ خرمائے تر

رطب: تروتازہ۔ نرم۔ نم۔ نم ناک۔ مرطوب۔ گیلا۔ شاداب۔ نرم۔ ملائم

رطب اللسان: ۱۔ تر زبان۔ چرب زبان۔ چاپلوس
۲۔ شکرگزار۔ متشکر۔ سپاس گزار
رطب و یابس: ۱۔ تر و خشک
۲۔ خوب و ناخوب۔ نیک و بد۔ خوب و زشت۔ بھلا بُرا۔ الٹا سیدھا
۳۔ الم غلم۔ الا بلا۔ بے تُکا۔ بے معنی

رطوبت: ۱۔ نمی۔ تری۔ سیل۔ گیلاپن۔ مائعیت۔ پنجا۔ نم
۲۔ تازگی۔ شادابی
۳۔ نرمی۔ ملائمت

رطوبتِ ہوا ــــ رطوبتِ موسم ــــ رطوبتِ فضا ــــ رطوبتِ زمین ــــ رطوبتِ زخم ــــ رطوبتِ ابر ــــ رطوبتِ باد ــــ رطوبتِ بدن ــــ رطوبتِ معدہ

رعایا: ۱۔ پرجا۔ رعیت۔ برایا۔ جنتا۔ عوام۔ جمہور۔ قوم۔ پبلک
۲۔ اسامی۔ کرایہ دار۔ کاشت کار

رعایت: ۱۔ حفاظت۔ تحفظ۔ بچاؤ۔ نگہداشت۔ نگہداشت
۲۔ پاس۔ لحاظ۔ مروت۔ خیال
۳۔ مناسبت۔ تعلق
۴۔ پاسداری۔ طرف داری۔ جانب داری۔ جنبہ داری۔ پکش۔ حمایت
۵۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرم گستری

۶۔ کمی۔ تخفیف
۷۔ توجہ۔ التفات۔ دھیان
۸۔ رحم۔ نرمی۔ حسنِ سلوک

رُعب: ۱۔ ڈر۔ خوف۔ وحشت۔ ہیبت۔ بھے۔ ترس۔ ہول
۲۔ دبدبہ۔ شان۔ شکوہ۔ جلال۔ دھاک۔ دھونس۔ عظمت۔ بزرگی۔
کرّوفر۔ تجمل۔ حشمت۔ ٹھاٹھ باٹھ
۳۔ دم۔ فریب

رعب دار: ۱۔ پُر دبدبہ۔ پُر جلال۔ پُر شکوہ۔ پُر شوکت
۲۔ وحشت ناک۔ ہیبت ناک۔ خوف ناک۔ ہول ناک۔ ترس
ناک۔ بھیانک

رعد: کڑک۔ گرج۔ گڑگڑاہٹ۔ شور

رعشہ: لرزش۔ کپکپاہٹ۔ کپکپی۔ تھرتھراہٹ۔ تھرتھری۔
لرزہ۔ ارتعاش

رعشہ دار ___ آوازِ رعشہ دار ___ رعشۂ بدن ___
رعشۂ زمین

رعنا: ۱۔ خوب صورت۔ خوب رُو۔ خوش نما۔ خوش منظر۔ روپ ونت۔
حسین۔ جمیل۔ زیبا۔ طرحدار۔ بانکا۔ خوش رنگ۔ سجیلا۔
نرم و نازک
۲۔ خوش خرام۔ خوش رفتار

رعنائی: ۱۔ خوب صورتی۔ خوب روئی۔ خوش نمائی۔ خوش منظری۔ حسن۔
جمال۔ زیبائی۔ طرح داری۔ بانکپن۔ سجیلاپن۔ خوش رنگی۔
خوش خوئی۔ نزاکت۔ نازکی
۲۔ خوش خرامی۔ خوش رفتاری۔ خرامِ ناز

رعونت: فخر۔ غرور۔ تکبر۔ کبر۔ عُجب۔ نخوت۔ گھمنڈ۔ ابھیمان۔ خود بینی۔
خود نگری۔ خود پسندی۔ خود پرستی۔ خود آرائی

رعیت: ۱۔ رعایا۔ پرجا۔ پرایا۔ جنتا۔ عوام۔ عامۃ الناس۔ پبلک۔
جمہور۔ محکوم
۲۔ اسامی۔ کرایہ دار۔ کاشت کار
۳۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازمین۔ متوسلین۔ متعلقین

رعیت وار: پرجا پتی۔ بادشاہ۔ حاکم۔ حکمراں۔ فرمانروا
رعیت واری: بادشاہی۔ حکومت۔ حکمرانی۔ فرماں روائی

رغبت: خواہش۔ آرزو۔ طلب۔ میلان۔ رجحان۔ میل۔ جھکاؤ۔
پسند۔ چاہ

رَف: ۱۔ کھردرا۔ ناملائم۔ ناہموار۔ بھدا
۲۔ کچا۔ خام
۳۔ تخمینی۔ قیاسی۔ ظنی
۴۔ کٹا پھٹا۔ بے ترتیب۔ غیر مرتب۔ غیر منظم۔ بھونڈا

رفاقت: ۱۔ ساتھ۔ ہم راہی۔ سنگت۔ شرکت
۲۔ محبت۔ دوستی۔ اتحاد۔ ربط۔ ارتباط۔ میل جول۔ میل ملاپ۔
صحبت۔ مجالست۔ مصاحبت
۳۔ وفاداری۔ خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ بہی خواہی

رفاہ: ۱۔ آرام۔ سکھ۔ چین۔ راحت۔ سہولت۔ آسانی
۲۔ بھلائی۔ نیکی۔ بہبود۔ فلاح

رفتار: ۱۔ چال۔ روش۔ چلن۔ خرام۔ ٹور
۲۔ سرعت۔ اسراع۔ سپیڈ

رفتار گفتار: بول چال۔ چال چلن۔ طور طریق۔ رنگ ڈھنگ

رفتارِ سرو ساماں ـــ رفتارِ کج ـــ رفتارِ شباب آلودہ ـــ رفتارِ تیز ـــ رفتارِ حشر ـــ تند رو رفتار ـــ تیز رفتار ـــ رفتارِ زمانہ ـــ رفتارِ خامہ ـــ رفتارِ خیال ـــ رفتارِ تصور ـــ خوش رفتار ـــ ناز رفتار ـــ گرم رفتار ـــ صبا رفتار ـــ نسیم رفتار ـــ رفتارِ سرصر ـــ رفتارِ وقت ـــ رفتارِ عمر ـــ صبا رفتار ـــ برق رفتار ـــ خوش رفتار ـــ تند رفتار ـــ سبک رفتار ـــ سست رفتار ـــ شوخ رفتار ـــ شوخ رفتاری ـــ کج رفتاری ـــ کج رفتار ـــ رنگین رفتاری ـــ نو رفتار ـــ کبک رفتار ـــ غلط رفتار ـــ نو رفتار

رفتگی : ۱۔ بے خودی ۔ بے ہوشی ۔ بے حواسی ۔ محویت ۔ استغراق
۲۔ نقصان ۔ زیاں ۔ خسران ۔ خسارہ ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا

رفتہ : ۱۔ گیا ۔ گزرا ۔ گزشتہ
۲۔ بے خود ۔ بے ہوش ۔ بے حواس ۔ محو ۔ مستغرق
۳۔ گم گشتہ ۔ گم شدہ
۴۔ مردہ ۔ فوت شدہ ۔ موتی

رفتہ رفتہ : آہستہ آہستہ ۔ بتدریج ۔ درجہ بدرجہ ۔ سبج سبج ۔ تھوڑا تھوڑا ۔ ہولے ہولے ۔ دھیرے دھیرے ۔ ہوتے ہوتے

رُفتہ : جھاڑا ۔ پونچھا ۔ صاف ۔ منقا

رفعت : ۱۔ اونچائی ۔ بلندی ۔ فراز ۔ ارتفاع ۔ ترفع ۔ علو ۔ اعلا ۔ پایہ ۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ مقام
۔ عروج ۔ عظمت ۔ شان ۔ حرمت ۔ منزلت ۔ اوج

رفعتِ خیال ـــ رفعتِ نظر ـــ رفعتِ فکر ـــ رفعتِ ذہن ـــ رفعتِ عشق ـــ رفعتِ وجدان ـــ رفعتِ زندگی ـــ رفعتِ آسماں ـــ رفعتِ بام ـــ رفعتِ افلاک

رفق : نرمی ۔ ملائمت ۔ ملاطفت ۔ عطوفت ۔ مہربانی ۔ مدارات

رفقا : رفیقان ۔ ہم راہان ۔ شرکا ۔ احباب ۔ دوست ۔ عزیز ۔ رشتے دار ۔ ہم نفس

رفو : مرمت ۔ درستی ۔ اصلاح ۔ پیوند کاری ۔ بخیہ گری ۔ سوزن کاری

رفیع : بلند ۔ اونچا ۔ بالا ۔ عالی ۔ اعلیٰ ۔ مرتفع ۔ معلّٰی

رفیع الدرجات : بلند درجہ ۔ عالی مرتبہ ۔ بلند مرتبہ ۔ عالی منزلت ۔ عالی قدر ۔ بلند منصب ۔ عالی جاہ ۔ عظیم المرتبت

رفیع الشان : عالی شان ۔ عظیم الشان ۔ عالی قدر ۔ عالی جاہ ۔ باشوکت ۔ مہتم بالشان ۔ پُر شکوہ

رفیع المرتبت : بلند مرتبہ ۔ بلند رتبہ ۔ بلند منصب ۔ عالی منزلت ۔ عظیم المرتبت ۔ عالی مرتبت

رفیق : ۱۔ ہم راہ ۔ ساتھی ۔ ہم سفر ۔ سنگی ۔ شریک ۔ ساجی ۔ ہمراہی ۔ بیلو
۲۔ دوست ۔ محب ۔ حبیب ۔ یار ۔ مِتر ۔ فرینڈ ۔ پیتم ۔ پریمی ۔ پریتم ۔ میت ۔ سجن ۔ بیلی
۳۔ معاون ۔ معین ۔ مددگار ۔ ممد ۔ خیر خواہ
۴۔ مصاحب ۔ ہم نشیں ۔ جلیس ۔ ندیم
۵۔ مرید ۔ پیرو ۔ مقلد ۔ متبع

رفیقِ حیات : خاوند ۔ شوہر ۔ زوج ۔ بعل ۔ میاں ۔ خصم ۔ پتی ۔ مالک ۔ جیون ساتھی ۔ شریکِ زندگی

رفیقۂ حیات : بیوی ۔ زوجہ ۔ اہلیہ ۔ بیگم ۔ پتنی ۔ منکوحہ ۔ جیون سنگنی

ـ رفیقِ راہ ـ رفیقِ سفر ـ رفیقِ کار ـ رفیقِ چمن ـ رفیقِ قفس ـ رفیقِ پرواز ـ رفیقِ زنداں ـ رفیقِ تحریک ـ رفیقِ تعلیم ـ رفیقِ مے کدہ ـ رفیقِ غم ـ رفیقِ مصائب ـ رفیقِ شفاخانہ ـ رفیقِ نو ـ رفیقِ قدیم ـ رفیقِ شہر ـ رفیقِ قوم ـ رفیقِ ملت ـ رفیقِ گناہ ـ رفیقِ جرم

رقابت: ۱۔ ہم چشمی ۔ ہم سری
۲۔ دشمنی ۔ مخالفت ۔ عداوت ۔ عناد ۔ بَیر ۔ معاندت ۔ مخاصمت ۔ خصومت
۳۔ نگہبانی ۔ نگہداری ۔ نگہداشت ۔ محافظت ۔ چوکیداری

رقاص: ہیجڑا ۔ نرتک ۔ ناچا ۔ پاکوب

رقاصۂ فلک: مطربۂ فلک ۔ زہرہ ۔ ناہید

رقبہ: ۱۔ احاطہ ۔ گھیر
۲۔ قطعۂ زمین ۔ پیمائش کردہ زمین ۔ دیہی زمین

رقت: ۱۔ پتلاپن ۔ نرمی ۔ ملائمت
۲۔ رونا ۔ گریہ
۳۔ رحم ۔ رحمدلی ۔ نرم دلی ۔ دردمندی ۔ مہر ۔ مہربانی ۔ شفقت ۔ ہمدردی ۔ عالمِ کیف

رقت انگیز: گریہ آور ۔ درد انگیز ۔ اثر انگیز ۔ کیفیت انگیز ۔ کیف آور

رقص: ناچ ۔ مجرا ۔ نرت ۔ پاکوبی ۔ ڈانس

ـ رقص و سرود ـ رقص و غنا ـ رقص و ساز ـ رقصِ بسمل ـ رقصِ صنوبر ـ رقصِ طاؤس

ـ رقاص ـ رقاصہ

رقعہ: ۱۔ پیوند ۔ ٹکڑا ۔ پارہ ۔ پارچہ ۔ تھگلی ۔ پرزہ
۲۔ خط ۔ چٹھی ۔ پتر ۔ مراسلہ ۔ مکتوب ۔ نمیقہ ۔ شقہ ۔ نامہ ۔ چٹ ۔ صحیفہ ۔ رقیمہ ۔ نوشتہ ۔ تحریر ۔ محررہ

رقم: ۱۔ تحریر ۔ نوشت ۔ لکھائی
۲۔ عدد ۔ ہندسہ
۳۔ کل تعداد ۔ میزان ۔ جوڑ
۴۔ مال ۔ دولت ۔ دھن ۔ روپیہ ۔ پونجی ۔ سرمایہ
۵۔ مرصع ۔ جواہر نگار ۔ جڑاؤ
۶۔ جنس ۔ قسم ۔ نوع
۷۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ طور ۔ طریقہ
۸۔ اندراج ۔ مد
۹۔ حصہ جائیداد ۔ پتی
۱۰۔ شاہی مکتوب ۔ شقۂ شاہی
۱۱۔ نشان ۔ نشانِ قیمت ۔ علامتِ قیمت ۔ نقش
۱۲۔ حساب ۔ گنتی ۔ شمار

زمرد رقم ـ مشکیں رقم ـ یاقوت رقم ـ عطارد رقم ـ لطیف رقم ـ نادر رقم ـ جواہر رقم ـ عجائب رقم ـ جادو رقم ـ شیریں رقم ـ شوخ رقم ـ نازک رقم ـ پریشاں رقم ـ زود رقم ـ بہار رقم ـ گلزار رقم ـ مروارید رقم ـ پاکیزہ رقم ـ افسردہ رقم ـ اعجاز رقم ـ گوہر رقم ـ نفیس رقم ـ ثریا رقم

رقیب: ۱۔ ہم چشم ۔ ہم سر ۔ حریف
۲۔ دشمن ۔ عدو ۔ معاند ۔ مخاصم ۔ بیری ۔ مخالف
۳۔ نگہبان ۔ نگہدار ۔ محافظ ۔ حافظ ۔ حفیظ ۔ نگراں

رقیق: پتلا۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ لطیف

رقیق القلب: نرم دل۔ رحمدل۔ دردمند۔ پُرسوز۔ حساس۔ مہربان۔ شفیق

رقیمہ: چٹھی۔ خط۔ رقعہ۔ مکتوب۔ پتر۔ مراسلہ۔ نمیقہ۔ شقہ۔ نوشتہ۔ تحریر۔ نامہ۔ صحیفہ

رکاب: پائیدانِ زین۔ زین بند۔ زیر بند۔ غرز

رکاب میں پاؤں ہونا ــ رکاب دار ــ رکابداری ــ محرابِ رکاب ــ پادر رکاب

رکابی: تھالی۔ تشتری۔ پلیٹ

رکاکت: ۱۔ سستی۔ کاہلی۔ کمزوری۔ ضعف۔ نقاہت
۲۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی۔ بے حیائی۔ ذلت۔ خواری
۳۔ کمینگی۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ سفلگی۔ رذالت
۴۔ بے ہودگی۔ لغویت۔ ابتذال۔ سوقیت۔ سوقیانہ پن

رکشا / رکھشا: حفاظت۔ تحفظ۔ بچاؤ۔ حمایت۔ پناہ۔ نگہداری۔ نگہبانی۔ نگہداشت

رکعت: ۱۔ جھکاؤ۔ خمیدگی۔ انحنا
۲۔ جزوِ نماز۔ رکنِ نماز

رُکن: ۱۔ ستون۔ پایہ۔ تھم۔ کھم۔ سہارا۔ آڑ
۲۔ بیرونی گوشہ۔ کونا۔ زاویہ
۳۔ مدد۔ امداد۔ اعانت۔ سہارا
۴۔ جزوِ ضروری۔ حصہ۔ پارہ۔ بھاگ۔ لخت۔ ٹکڑا
۵۔ کارندہ۔ سربراہ کار۔ سرخیل۔ سرگروہ۔ سربرآوردہ۔ منصرم
۶۔ شریک۔ ساتھی۔ حصہ دار۔ ممبر
۷۔ امیر۔ سردار۔ وزیر۔ عین

رُکنیت: شرکت۔ حصہ داری۔ ساجھا۔ ممبری۔ ممبرشپ

رکوع: جھکاؤ۔ خمیدگی۔ جزوِ نماز۔ نیم سجدہ۔ رکنِ نماز

رُکھائی: بے التفاتی۔ بے پروائی۔ بے مروتی۔ سردمہری

رکھوالا: محافظ۔ نگہبان۔ نگہدار۔ پاسبان۔ چوکیدار۔ نگراں۔ رقیب

رکھوالی: محافظت۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ نگہداری۔ نگہداشت۔ پاسبانی۔ چوکیداری۔ نگرانی۔ رقابت

رکیک: ۱۔ سست۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف
۲۔ پتلا۔ نازک
۳۔ ادنیٰ۔ گھٹیا۔ ذلیل۔ کمینہ۔ سفلہ۔ بے عزت۔ گھٹیل۔ ناہنجار۔ حقیر۔ بے آبرو۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔ بے حیا۔ خوار۔ ذلیل
۴۔ لغو۔ بے ہودہ۔ پوچ۔ مبتذل۔ سوقیانہ ۔ میلا۔ گندہ۔ غلیظ۔ زشت

رگ: ۱۔ نس۔ ورید۔ پٹھا۔ پے۔ عصب۔ عصبہ۔ نبض۔ ناڑ۔ ناڑی
۲۔ ریشہ۔ تاگا۔ تار۔ سلک۔ خیط
۳۔ اصل۔ ذات۔ نژاد۔ نسل۔ جنس
۴۔ عادت۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ فطرت
۵۔ ضد۔ ہٹ۔ ڈھیٹ پن۔ ڈھٹائی

رگ دار: ۱۔ ریشہ دار۔ عصب دار۔ نسیلا۔ نسیلا۔ رگیلا
۲۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ ڈھیٹ

رگ پھڑکنا ــ رگِ جاں ــ رگ و ریشہ ــ رگوں میں دوڑنا ــ رگیں نکل آنا ــ رگیں پھولنا ــ رگیں نیلی ہوجانا ــ رگِ ہمیت

رگڑ : ٹکراؤ۔ تصادم۔ گھِسا۔ گھِساؤ۔ خراش۔ کھرونچ

رگڑا : ۱۔ رگڑ۔ خراش۔ کھرونچ۔ گھِسا۔ گھِساؤ۔ ٹکراؤ۔ تصادم
۲۔ جھگڑا۔ لڑائی۔ مناقشہ۔ نزاع۔ تنازع۔ بکھیڑا
۳۔ پسائی۔ منجھائی

رگڑی : جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز

رگی/رگیلا : ۱۔ رگ دار۔ ریشہ دار۔ نسیلا۔ عصب دار
۲۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ شریر۔
۳۔ بد ذات۔ بداصل۔ بدگوہر۔ بدنسل

رُلا مِلا : ملاجلا۔ مخلوط۔ خلط ملط۔ مرکب

رُم : ۱۔ خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ ہول۔ ترس۔ بھے
۲۔ وحشت۔ گھبراہٹ۔ گریز۔ نفرت۔ توحش

رم خوردہ/دیدہ : ۱۔ وحشت زدہ۔ متوحش۔ گھبرایا ہوا۔ گریزاں۔ نفور۔ گریز زدہ
۲۔ خوف زدہ۔ دہشت زدہ۔ ترساں۔ ترسندہ

رماد : راکھ۔ خاکستر۔ بھبھوت۔ بھسم۔ سواہ

رمز : ۱۔ اشارہ۔ کنایہ۔ ایما
۲۔ نکتہ۔ باریکی
۳۔ بھید۔ راز۔ سِر۔ پوشیدگی
۴۔ مراد۔ منشا۔ مدعا
۵۔ طعن۔ تعریض۔ طنز
۶۔ نشان۔ علامت
۷۔ پہیلی۔ بجھارت۔ چیستان۔ لغز۔ معمّا

رمز شناس : نکتہ شناس۔ اشارہ فہم۔ رازداں۔ نکتہ داں۔ نکتہ ور۔ دقیقہ سنج۔ دقیقہ رس
رمز شناسی : نکتہ شناسی۔ اشارہ فہمی۔ رازدانی۔ نکتہ دانی۔ نکتہ وری۔ دقیقہ سنجی۔ دقیقہ رسی

رمز آشنا ــ رمزداں

رمق : جزوِ قلیل۔ آخری سانس۔ دمِ آخر۔ حالتِ نزع

رمنہ/رمنا : راغ۔ سبزہ زار۔ چراگاہ۔ شکارگاہ۔ مرغزار۔ پارک۔ حدیقہ

رمیدگی : وحشت زدگی۔ گھبراہٹ۔ گریز۔ دہشت زدگی۔ خوف زدگی۔ تنفّر

رمیدہ : وحشت زدہ۔ گھبرایا۔ گریزاں۔ دہشت زدہ۔ خوف زدہ۔ متنفّر

رَن : جنگ۔ لڑائی۔ حرب۔ یدھ۔ کارزار۔ یدھ۔ معرکہ۔ وغا۔ غزا۔ محاربہ۔ پیکار۔ نبرد

رن بھومی : میدانِ جنگ۔ میدانِ وغا۔ رزم گاہ۔ جنگاہ۔ نبردگاہ۔ حرب گاہ۔ معرکہ گاہ۔ میدانِ کارزار۔ مصاف
رن جیت : فاتح۔ غازی۔ سورما بیر

رنج : ۱۔ غم۔ الم۔ حزن۔ ملال۔ اندوہ۔ افسوس۔ تاسف۔ صدمہ
۲۔ دکھ۔ درد۔ تکلیف۔ بیماری۔ مرض۔ روگ۔ علالت۔ علت۔ محنت۔ آزار
۳۔ حسرت۔ حرمان۔ قلق۔ پچھتاوا۔ پشیمانی۔ ندامت
۴۔ آزردگی۔ کبیدگی۔ ناراضگی۔ خفگی۔ ناخوشی۔ غصہ۔ کدورت۔

تنغّص۔ تکدّر

رنج اٹھانا ___ رنج دیکھنا ___ رنج بھولنا ___ رنج پالنا ___ رنج پہنچانا ___ رنج دینا ___ رنج سنا ___ رنج کرنا ___ رنج کھینچنا ___ رنج مول لینا ___ رنج ہلکا ہونا ___ زود رنج ___ شکر رنجی ___ رنج و محن

رنجش: آزردگی۔ ناراضگی۔ خفگی۔ ناخوشی۔ کدورت۔ تکدر۔ تنغص۔ بگاڑ۔ اَن بَن۔ منازعت۔ مناقشت۔ چپقلش۔ رنجیدگی۔ کشیدگی۔ تناؤ۔ تناتنی۔ ملال۔ شکر رنجی۔ بغض۔ عناد

رنجک: ۱۔ بارود۔ دارو۔ گن پاؤڈر۔ بارود
۲۔ بھڑک۔ اشتعال۔ تحریک۔ اغوا۔ انگیخت
۳۔ چورن۔ چورن۔ سفوف

رنجور: ۱۔ مغموم۔ غمگین۔ غمیں۔ غمزدہ۔ حزیں۔ محزون۔ اندوہ گیں۔ ملول۔ افسردہ
۲۔ دکھی۔ دردمند۔ بیمار۔ مریض۔ روگی۔ علیل
۳۔ حسرت زدہ۔ حرماں زدہ۔ پشیمان۔ نادم
۴۔ آزردہ۔ کبیدہ۔ ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ مکدّر

رنجیدگی: ۱۔ غمگینی۔ محزونی۔ غمزدگی۔ اندوہ گینی
۲۔ دکھ۔ تکلیف۔ بیماری۔ مرض۔ روگ۔ علالت۔ علت
۳۔ حسرت زدگی۔ حرماں زدگی۔ پشیمانی۔ ندامت۔ پچھتاوا
۴۔ آزردگی۔ ناراضگی۔ خفگی۔ ناخوشی۔ کدورت۔ تکدر۔ تنغص۔ بگاڑ۔ اَن بن۔ منازعت۔ مناقشت۔ چپقلش۔ رنجش۔ کشیدگی۔ تناؤ۔ تناتنی

رنجیدہ: ۱۔ مغموم۔ غمگین۔ غمین۔ غمزدہ۔ حزیں۔ محزون۔ اندوہ گیں۔ ملول۔ سوگوار۔ افسردہ۔ پژمردہ۔ اداس
۲۔ دکھی۔ دردمند۔ مریض۔ بیمار۔ روگی۔ علیل۔ ناساز
۳۔ آزردہ۔ کبیدہ۔ ناراض۔ ناخوش۔ خفا۔ مکدّر

رِند: ۱۔ آزاد۔ ناپابند۔ بےقید۔ دہریہ۔ بےدین۔ لامذہب۔ منکر
۲۔ بدوضع۔ لفنگا۔ اوباش۔ لُچا۔ شرابی۔ مے کش۔ مے خوار۔ مے پرست۔ عیاش۔ آوارہ۔ شہدا۔ بدقماش
۳۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ مکار

رِندی: ۱۔ آزادی۔ ناپابندی۔ بےقیدی۔ بےدینی۔ لامذہبی۔ انکار
۲۔ بدوضعی۔ لفنگا پن۔ اوباشی۔ لچپن۔ عیاشی۔ آوارگی۔ شہد پن۔ بدقماشی۔ شراب نوشی۔ مے نوشی۔ مے خواری۔ مے پرستی
۳۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاری۔ مکاری۔ دھوکا۔ فریب

رنڈوا: ۱۔ رنڈا۔ ایّم
۲۔ سست۔ کام چور۔ کاہل۔ سہل انگار۔ آرام پسند۔ سہولت پسند۔ آرام طلب۔ پست ہمت۔ کم ہمت

رنڈی: ۱۔ بیوہ۔ ایّم۔ رانڈ
۲۔ عورت۔ زن۔ امرہ۔ صلا۔ تریمت۔ ابلا
۳۔ کسبی۔ طوائف۔ قحبہ۔ فاحشہ۔ زنِ بازاری۔ چھنال۔ پاتر

رنڈی باز: تماش بین۔ عیاش۔ بدکار۔ اوباش۔ بدکردار۔ فاسق۔ زانی۔ فاجر۔ زناکار

رنڈی بازی: تماش بینی۔ عیاشی۔ بدکاری۔ اوباشی۔ بدکرداری۔ فجور۔ فسق۔ زناکاری

رُنکھا: روانسا۔ روہانسا۔ مائلِ گریہ۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ غمزدہ۔ اندوہ گیں۔ ملول۔ محزون۔ حزیں۔ افسردہ۔ سوگوار

رنگ: ۱۔ رنگت۔ فام۔ گون۔ لون۔ دیزہ۔ برن۔ ورن۔ کلر
۲۔ طرز۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ اسلوب۔ روش

۳۔ مکر۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عیاری۔ مکاری
۴۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ خامی۔ کمی۔ کوتاہی
۵۔ خوشی۔ تندرستی۔ صحت مندی۔ صحت وری۔ بشاشت۔
چونچال پن
۶۔ نشہ۔ خمار۔ مستی۔ سرور۔ کیف
۷۔ عیش۔ عشرت۔ نشاط۔ طرب
۸۔ گانا بجانا۔ رقص و نغمہ۔ سرود۔ ناچ۔ نرت
۹۔ لطف۔ مزہ۔ شغل۔ مشغلہ۔ تفریح۔ تفرج
۱۰۔ ہمسر۔ جوڑ۔ ہم تا۔ ہم پایہ۔ ہم رتبہ۔ ہم مرتبہ۔ مثیل۔ نظیر
۱۱۔ دھوم دھام۔ دھوم دھڑکا۔ شان و شوکت۔ غلغلہ۔ طنطنہ
۱۲۔ بہار۔ جوبن۔ جوانی۔ عروج
۱۳۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ کھیل کود۔ لہو و لعب
۱۴۔ سیر تماشا
۱۵۔ خوب صورتی۔ حسن۔ جمال۔ چمک دمک
۱۶۔ قسم۔ نوع۔ بھانت
۱۷۔ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ ماہیت
۱۸۔ دستور۔ قاعدہ۔ آئین۔ ضابطہ۔ رسم۔ ریت۔ رواج۔ چلن
۱۹۔ طاقت۔ قوت۔ سکت۔ شکتی۔ بل۔ زور
۲۰۔ خون۔ لہو۔ دم۔ رکت
۲۱۔ خوشی۔ مسرت۔ بہجت۔ ابتہاج۔ شادی۔ شادمانی۔ خرمی۔
خرسندی۔ عیش۔ عشرت
۲۲۔ سماں۔ کیفیت۔ عالم۔ منظر
۲۳۔ سلوک۔ برتاؤ۔ رویّہ

رنگ آمیز: نقاش۔ مصور۔ رنگ ساز۔ رنگ ریز
رنگ آمیزی: ۱۔ نقاشی۔ مصوری۔ رنگ سازی۔ رنگ ریزی
۲۔ مبالغہ آرائی۔ عبارت آرائی۔ مبالغہ۔ غلو
رنگ دار: ۱۔ رنگین۔ ملوّن۔ رنگا رنگ۔
۲۔ شوخ۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا۔ چُلبُلا
رنگ داری: ۱۔ رنگینی۔ تلوین
۲۔ شوخی۔ چمکیلا پن۔ بھڑکیلا پن

رنگ ریز: رنگ ریزہ۔ صباغ۔ ملاری۔ نیل گر۔ ملوّن
رنگ رس: خوشی۔ خرمی۔ عیش۔ نشاط۔ عشرت۔ رنگیلا پن
رنگ رسیا: رنگیلا۔ عیاش۔ خرم۔ خوش۔ رنگین مزاج۔
رنگین طبع
رنگ رلیاں: عیش۔ نشاط۔ طرب۔ عشرت۔ تفریح۔ تفرج۔
ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ لطف۔ مزہ
رنگ روپ، رروغن: ۱۔ آب و تاب۔ چمک دمک۔ رونق۔ آبداری
۲۔ چہرہ مہرہ۔ حلیہ۔ نقش و نگار۔ خد و خال۔ خط و خال۔
وضع قطع

رنگ ساز: مصور۔ نقاش۔ رنگ ریز۔ پینٹر۔ رنگریز
رنگ محل: نشاط گاہ۔ عیش گاہ۔ عشرت کدہ۔ عیش منزل۔
طرب گاہ۔ تفریح گاہ۔ تفرج گاہ۔ تماشا گاہ۔ رقص گاہ۔
ناچ گھر۔ کلب

رنگ ڈھنگ ــــ رنگِ طبیعت ــــ رنگِ محفل ــــ
رنگِ مجلس ــــ رنگِ نغمہ ــــ رنگِ دنیا ــــ رنگِ
عشق ــــ رنگِ زندگی ــــ رنگ پریدہ ــــ رنگِ نعمانی
ــــ رنگِ کہربائی ــــ رنگ زرد ــــ رنگِ شفق ــــ
رنگِ پریشاں ــــ ہر ہر رنگ ــــ رنگِ شکستہ
ــــ رنگ بست ــــ رنگ فق ــــ رنگِ تازہ ــــ
رنگ رنگ نام ــــ رنگ برنگ ــــ رنگِ حیا ــــ
• رنگِ جنوں ــــ رنگِ وفا ــــ رنگِ بہاراں ــــ رنگِ
بغاوت ــــ رنگِ ہلاکت ــــ رنگِ شباب ــــ
رنگِ جوانی ــــ شب رنگ ــــ بد رنگ ــــ خود رنگ
ــــ نیم رنگ ــــ کم رنگ ــــ شوخ رنگ ــــ
گندم رنگ ــــ آب رنگ ــــ آتش رنگ ــــ
ہفت رنگ ــــ اکسیر رنگ ــــ الماس رنگ
ــــ گندمی رنگ ــــ سبزہ رنگ ــــ زبرجد رنگ
ــــ دو رنگ ــــ دو رنگی ــــ شکر رنگ ــــ
ساختہ رنگ ــــ شکستہ رنگ (زرد رنگ) ــــ
پریدہ رنگ ــــ شگوفہ رنگ (سفید) ــــ فیروزہ

رنگ ــ شوربیدہ رنگ ــ کہربا رنگ ــ گاڑھا
رنگ ــ مینا رنگ (سبز) ــ سیم رنگ

رِنگ: ا۔حلقہ۔ دائرہ۔ کنڈل
۲۔گھیرا۔گھیر۔ چکر۔ دور۔ احاطہ۔ اکھاڑا
۳۔ چھلا۔ انگوٹھی۔ انگشتری۔ چھاپ ۔خاتم۔ مُندری

رِنگ لیڈر: سرغنہ۔ سرگروہ۔ سرخیل۔ امیر۔ سنگوں کا گُرو

رنگا رنگ: رنگ برنگ۔ گوناگوں۔ مختلف النوع

رنگا سیار: منافق۔ بدباطن۔ دوغلا۔ دورنگا۔ عیار۔ مکار

رنگت: ا۔رنگ۔ رُوپ۔ فام۔ گون
۲۔آب۔ رُوپ۔ کیفیت۔ حالت

رنگترہ: سنگترہ۔ نارنگی۔ سنترہ

رنگروٹ: نیا سپاہی۔ تازہ وارد۔ نوآموز۔ مبتدی

رنگ ریز: نیل گر۔ زرلی۔ صبّاغ۔ گلیا۔ للاری۔ زالی۔ رنگ ساز۔ سورج

رنگیلا: ا۔رنگ دار۔ رنگین۔ ملوّن
۲۔بانکا۔ چھبیلا۔ خوش مزاج۔ خوش طبع۔ زندہ دل۔ عیاش۔ عیش پرست۔ عیش کوش۔ حسن پرست۔ شاہد باز

رنگین: ا۔رنگ دار۔ رنگیلا۔ ملوّن
۲۔زندہ دل۔ خوش مزاج۔ خوش طبع
۳۔دل پسند۔ خوش کن۔ من پسند۔ من بھاؤنا۔ من بھاتا۔ خوش آئند
۴۔رنگ برنگ۔ گوناگوں
۵۔آراستہ۔ زیبا۔ مزیّن

رنگین ادا: خوش ادا۔ طرحدار
رنگین بیان/ زبان/ کلام: خوش بیان۔ خوش کلام۔ خوش تقریر۔ فصیح۔ بلیغ
رنگین بیانی/ زبانی/ کلامی: خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ خوش تقریری۔ فصاحت۔ بلاغت
رنگین کمان: قوسِ قزح۔ دھنک۔ اندر دھنش
رنگین مزاج/ طبع: رنگیلا۔ خوش مزاج۔ خوش طبع۔ زندہ دل۔ ہنس مکھ۔ دل لگی باز۔ چُہل باز۔ عیاش۔ عیش پرست۔ عیش کوش۔ حسن پرست۔ شاہد باز
رنگین مزاجی/ طبعی: رنگیلا پن۔ خوش مزاجی۔ خوش طبعی۔ زندہ دلی۔ دل لگی بازی۔ چُہل بازی۔ عیاشی۔ عیش پرستی۔ عیش کوشی۔ حسن پرستی۔ شاہد بازی
رنگینی: رنگ داری۔ گوناگونی۔ شوخی۔ دلکشی۔ دل آویزی۔ دل پذیری۔ خوب صورتی۔ زیب و زینت

رنگین غزل ــ رنگین خیال ــ رنگین عبارت ــ رنگین سخن

رَنواس: محل سرا۔ حرم سرا۔ زنان خانہ

رَو: ا۔دھارا۔ بہاؤ۔ سیل
۲۔قطار۔ سلسلہ
۳۔لہر۔ موج۔ کرنٹ
۴۔جوش۔ ولولہ۔ دھن۔ خیال۔ لَو۔ لگن
۵۔غصہ۔ غیظ۔ خشم۔ کرودھ۔ تپا۔ غضب
۶۔فوج۔ لشکر۔ عسکر۔ سپاہ
۷۔بھیڑ۔ انبوہ۔ مجمع۔ اژدحام۔ جمّ

رُو: ۱۔ رُخ۔ چہرہ۔ عارض۔ منہ۔ مکھڑا۔ مکھ۔ بشرہ۔ رخسار
۲۔ شکل۔ صورت۔ وضع قطع۔ حلیہ۔ شمائل
۳۔ تختہ۔ بساط
۴۔ آگا۔ سامنا۔ پہلو
۵۔ سبب۔ وجہ۔ باعث۔ علت
۶۔ رعایت۔ لحاظ۔ مروت۔ پاس
۷۔ امید۔ تمنا۔ آرزو۔ ارمان۔ چاہ۔ طلب
۸۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عذر
۹۔ رُخ۔ سمت۔ طرف۔ جانب۔ اور۔ پہلو

رُوبراہ: ۱۔ رو بہ اصلاح۔ درست۔ ٹھیک۔ صحیح۔ مناسب۔ موزوں
۲۔ آمادہ۔ تیار۔ مستعد
رُوبرو: سامنے۔ مقابل۔ بالمواجہہ۔ بالمشافہہ۔ آمنے سامنے۔ سینہ بہ سینہ
رُوبکار: ۱۔ پروانہ۔ حکم۔ مراسلہ۔ چٹھی۔ مکتوب
۲۔ آمادہ۔ مصروف۔ مشغول
رُوبکاری: چیٹی۔ حاضری۔ کارروائی
رُوپاک: رومال۔ تولیا۔ انگوچھا۔ پرنا
رُوپوش: پوشیدہ۔ محجوب۔ مخفی۔ مفرور۔ منحرف
رُوپوشی: پوشیدگی۔ حجاب۔ اخفا۔ فرار۔ انحراف
رُوداد/ رُوئداد: ماجرا۔ سرگزشت۔ کیفیت۔ کارروائی۔ حالات۔ احوال
رُودار: وجیہ۔ شکیل۔ خوب صورت۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ حسین۔ جمیل۔ سندر
رُوداری: ۱۔ وجاہت۔ خوب صورتی۔ خوش منظری۔ حسن۔ جمال۔ سندرتا
۲۔ شرم۔ لحاظ۔ پاس۔ خیال۔ مروت
رُو در رُو: علانیہ۔ کھلم کھلا۔ سامنے۔ بالمواجہہ۔ روبرو۔ بالمشافہہ
رُو رعایت: پاس۔ لحاظ۔ جانب داری۔ جنبہ داری۔ طرف داری۔ حمایت
رُوسفید: ۱۔ گورا۔ چٹا۔ صبیح
۲۔ معزز۔ محترم۔ عزت دار۔ آبرودار۔ بے الزام۔ پاک۔ صاف
رُوسفیدی: ۱۔ گوراپن۔ چٹاپن۔ صباحت
۲۔ عزت داری۔ آبروداری۔ بے الزامی۔ پاکیزگی۔ صفائی
رُوسیاہ: ۱۔ کلمنہا۔ گناہ گار۔ پاپی۔ اپرادھی۔ خاطی۔ مجرم۔ قصوروار۔ تقصیردار
۲۔ ذلیل۔ رسوا۔ بدنام۔ پاجی۔ بے عزت۔ بے آبرو
۳۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ بداختر۔ بدطالع۔ ابھاگی
۴۔ شرمندہ۔ محجوب۔ شرمسار
۵۔ نالائق۔ ناہنجار
رُوسیاہی: ۱۔ گناہ گاری۔ پاپ۔ اپرادھ۔ خطاکاری۔ قصورواری۔ تقصیرواری۔ جرم
۲۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ پاجی پن۔ بے عزتی۔ بے آبروئی
۳۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔ بدقسمتی۔ بداختری۔ بدطالعی۔ ابھاگ
رُوشناس: واقف۔ شناسا۔ آشنا۔ جان پہچان۔ متعارف
رُوشناسی: واقفیت۔ شناسائی۔ آشنائی۔ تعارف
رُوکش: مقابل۔ حریف۔ ثانی۔ ہمسر۔ ہم پایہ۔ ہم رتبہ۔ ہم مرتبہ۔ ہمتا۔ مثیل۔ نظیر
رُوکشی: مقابلہ۔ ہمسری۔ ہم پایگی۔ ہمتائی
رُوگرداں: ۱۔ بے دماغ۔ بددماغ
۲۔ معترض۔ ناراض۔ ناخوش۔ رنجیدہ۔ آزردہ۔ خفا
۳۔ الٹا
رُوگردانی: ۱۔ بے دماغی۔ بددماغی
۲۔ اعتراض۔ ناراضگی۔ ناخوشی۔ رنجیدگی۔ رنجش۔ آزردگی۔ خفگی
رُومال: روپاک۔ دست پاک۔ دستمال۔ تولیا۔ پرنا۔ انگوچھا
رُومالی: ۱۔ اوڑھنی۔ چنری۔ چنی۔ دوپٹا
۲۔ میانی۔ کاچھا۔ کچھ
۳۔ گلوبند
۴۔ قصابہ
رُونما: ظاہر۔ پیدا۔ نمایاں۔ عیاں۔ ہویدا۔ آشکارا
رُونمائی: اظہور۔ پدیداری

۲۔ منہ دکھائی ۔ نوشتہ ۔ پیش رُخ ۔ نیو ندرا ۔ نذرانہ

روے لالہ رنگ ــ روے شبنم آلود ــ روے
حیا آلود ــ روے عرق فشار ــ روے عرق ناک
ــ روے جہانتاب ــ روے شگفتہ ــ
روے ماہ طلعت ــ روے روشن ــ روے
شیشہ ــ روے انور ــ روے گوہریں ــ روے
بہاریں ــ روے شعلہ تاب ــ روے صبح خندہ
ــ روے شعلہ فام ــ روے سیماب رنگ ــ
روے گل ــ روے جاں افروز ــ روے عنبریں
خال ــ روے صاعقہ ریز ــ روے مشرق ــ
روے شہابی ــ روے کتابی ــ روے زیبا
ــ روے دم ساز ــ روے شب چراغ ــ
روے فرح بخش ــ روے صبح ــ روے فرخ
ــ بہشت رو ــ روے رنگیں ــ روے مصفیٰ
ــ روے یاقوت ــ روے خوب تر ــ روے
طاقت گداز ــ روے سمن زلیخر ــ روے لالہ فشاں
ــ روے خجلت آلود ــ روے بنفشہ زیب ــ
روے زعفرانی ــ روے گل فام ــ روے زریں
ــ روے سیمیں ــ روے جمیل ــ روے زرد
ــ روے زمیں ــ روے ملل آگیں ــ روے
خراشش آلود ــ رو براستی ــ رو بہ قبلہ ــ
رو بہ آستاں ــ رو بہ فلک ــ رو بہ مقتدیٰ ــ
روے خوں غلطیدہ ــ روے غبار آلود ــ
روے خوش

رَوا : ۱۔ جائز ۔ مباح ۔ حلال ۔ درست ۔ صحیح ۔ مناسب ۔ موزوں
۲۔ مروج ۔ رائج ۔ جاری ۔ نافذ

روادار : فراخدل ۔ وسیع القلب ۔ آزاد خیال ۔ غیر متعصب ۔
متحمل ۔ بُردبار

رواداری : فراخدلی ۔ وسیع القلبی ۔ آزاد خیالی ۔ بے تعصبی ۔ تحمل ۔
بردباری

روابط : رابطہ ۔ مراسم ۔ علائق ۔ تعلقات

رواج : رسم ۔ ریت ۔ چلن ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ معمول ۔ طرز ۔ روش ۔
آئین ۔ ضابطہ ۔ ترویج ۔ شہرت ۔ قبولِ عام ۔ نام آوری طریق

رواجی : رسمی ۔ معمولی ۔ رائج ۔ مروّج

رواروی : بھاگ دوڑ ۔ عجلت ۔ تعجیل ۔ سرسری پن

رواق : خیمہ ۔ شامیانہ ۔ سائبان ۔ برآمدہ ۔ ڈیوڑھی ۔ دیوان خانہ

رُؤاں : رونگٹا ۔ بال ۔ مُو ۔ ریشہ ۔ رُدم

رُوان : جان ۔ رُوح ۔ نفس ۔ ناطقہ

رواں : بہتا ۔ چلتا ۔ جاری ۔ متحرک ۔ گزرتا

رواں دواں : دوڑتا بھاگتا ۔ صاف ۔ سلیس

عمرِ رواں ــ ہاتھ رواں ہونا ــ تیغِ رواں ــ موجِ
رواں ــ دریاے رواں ــ سکۂ رواں ۔ ۔ ــ
سیلِ رواں ــ تختِ رواں

روانگی : رخصت ۔ وداع ۔ ارسال ۔ ترسیل ۔ فرستادگی

روانہ : ذاہب ۔ رفتہ ۔ فرستادہ

روانی : بہاؤ ۔ تیزی ۔ صفائی ۔ سلاست ۔ اجرا ۔ لپک ۔ سیلان ۔ رد۔

سیل۔ پلٹ پھرت۔ سیلاب۔ نمو

روایت: ۱۔ نقل۔ بیان۔ اظہار۔ کہانی۔ قصہ۔ ماجرا۔ کیفیت۔ سرگزشت۔ ذکر۔ حکایت۔ اسطورہ
۲۔ حدیث۔ خبر۔ تاریخ

روباہ: ۱۔ لومڑی۔ لومبا۔ لوکھڑی۔ ثعلب
۲۔ (کنایۃً) مکار۔ عیار۔ دغاباز۔ فریبی۔ چالباز۔ چالیا۔ منافق۔ بدباطن۔ دھوکے باز۔ خادع۔ خداع
۳۔ بزدل۔ بودا۔ ڈرپوک

روباہ باز: ۱۔ مکار۔ عیار۔ دغاباز۔ فریبی۔ چال باز۔ چالیا۔ دھوکے باز۔ خادع۔ خداع۔ منافق۔ بدباطن
۲۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ بودا

روباہ بازی: ۱۔ مکاری۔ عیاری۔ دغابازی۔ فریب کاری۔ چال بازی۔ منافقت۔ دھوکے بازی۔ بدباطنی۔ خدع۔ خدیعہ
۲۔ بزدلی۔ بوداپن

روباہی: ۱۔ لومڑی پن
۲۔ مکاری۔ عیاری۔ دغابازی۔ فریب کاری۔ چال بازی۔ منافقت۔ دھوکے بازی۔ بدباطنی۔ خدع۔ خدیعہ
۳۔ بزدلی۔ بوداپن

رُوپ: ۱۔ صورت۔ شکل۔ وضع قطع۔ ہیئت۔ ڈیل ڈول۔ شبیہ۔ شباہت
۲۔ بھیس۔ دیج۔ بہروپ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ سوانگ۔ نقل
۳۔ خوب صورتی۔ خوش شکلی۔ خوش نمائی۔ حسن۔ جمال۔ سندرتا۔ جوبن۔ سندرپن
۴۔ آب و تاب۔ رونق۔ جلوہ۔ تجلی
۵۔ چہرہ مہرہ۔ نقش و نگار۔ خدوخال۔ خدو خال۔ حلیہ۔ بشرہ
۶۔ طبیعت۔ فطرت۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ حالت
۷۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔ من بھاؤنا۔ من بھاتا۔ من موہن
۸۔ طرز۔ طور۔ انداز۔ سبھاؤ۔ چلن

روپ ونت/ونتی: خوب صورت۔ خوب رو۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ حسین۔ چھبیلی۔ سندر۔ سوہنا۔ سوہنی

روپ بدلنا — روپ بگاڑنا — روپ بنانا — روپ بھرنا — روپ پانا — روپ پر ہونا — روپ چھانا — روپ دکھانا — روپ رکھنا — روپ نکالنا — روپ نکلنا — روپ لانا

رُوپا: چاندی۔ نقرہ۔ سیم۔ فضہ

روپہلا: ۱۔ نقرئی۔ سیمیں۔ سیم رنگ۔ روپہلی
۲۔ سفید۔ ابیض۔ سپید۔ چٹا

روپیا/روپیہ: ۱۔ ایک سو پیسہ
۲۔ مال۔ دولت۔ دھن۔ ثروت۔ نقدی۔ رقم

رُوٹھا: ناراض۔ خفا۔ ناخوش۔ آزردہ۔ رنجیدہ

رُوٹھنا: خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑنا۔ رُوسنا

روٹی: ۱۔ نان۔ خبز۔ چپاتی۔ پھلکا۔ چکی۔ کلچا۔ ٹکی۔ پراٹھا۔ مانڈا۔ نان ٹکیا۔ ٹکڑا۔ گکّی۔ ڈوڈا۔ لولا۔ ٹکر۔ لولی۔ ٹکی۔ بھرلی
۲۔ رزق۔ اناج۔ خوراک۔ غذا۔ آب و دانہ۔ ان۔ خورش۔ طعام۔ آزوقہ

روٹی کو روتے ہیں کھڑے ہو کر، مرے کو روتے ہیں بیٹھ کر
روٹی کو روو ے اور چولہے پیچھے سووے
روٹی کھائیے شکر سے اور دنیا لیجیے مکر سے
روٹی وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو

روٹیا چاکر، گھسیا گھوڑا، کھائے بہت چلے تھوڑا

روٹین: معمول۔ دستور۔ قاعدہ

رُوح: ۱۔ جان۔ آتما۔ پران۔ امرِ الٰہی۔ رواں۔ جی۔ دم۔ نفس
۲۔ ست۔ جوہر۔ خلاصہ۔ عطر۔ ایسنس
۳۔ نیت۔ دل خواہش۔ دلی مراد
۴۔ فرشتہ۔ ملک

روحِ اعظم: پرماتما۔ اللہ تعالےٰ۔ خدائے تعالیٰ۔ پرمیشر
روح الامین/روح القدس: حضرت جبریل علیہ السلام
روح اللہ: ۱۔ حضرت عیسیٰ۔ مسیح
۲۔ حضرت جبرئیل۔ روح القدس
روح دار: ۱۔ ذی روح۔ جان دار۔ جانور۔ حیوان۔ زندہ
۲۔ جرأت مند۔ حوصلہ مند۔ پُرعزم۔ جی دار
رُوح فرسا: سوہانِ روح۔ کرب انگیز۔ کرب ناک۔ اذیت ناک۔ تکلیف دہ

روح بھٹکنا — روح تڑپنا — روح پرواز کرنا —
روح پھونکنا — روح جانا — روح قبض کرنا —
روح کانپنا — روحِ رواں

روحانی: غیر جسمانی۔ پاک۔ مقدس۔ اللہ والا۔ خدا رسیدہ

روحانیت: تقدس۔ پاکیزگی۔ تعلق مع اللہ۔ خدا رسیدگی۔ روحانی تعلق

رُوحی: منسوب بہ رُوح۔ نفسی۔ ذہنی۔ غیر جسمانی

رود: ندی۔ نالا۔ نہر۔ دریا۔ جُو

رودہ: آنت۔ انتڑی۔ معاء۔ آندر

روڈ: سڑک۔ شارع۔ رہ۔ رستہ۔ ڈگر۔ راہگذر۔ منہاج۔ سبیل۔ راستہ۔ شاہراہ

روڑا: ۱۔ ڈھیم۔ ڈلا۔ ڈھیلا۔ کلوخ۔ بٹا۔ ڈنا۔ سنگ ریزہ۔ بجر۔ پارۂ خشت۔ خزف۔ حجرہ
۲۔ رکاوٹ۔ مزاحمت۔ ممانعت۔ روک۔ سدِ راہ
۳۔ باشندہ۔ باسی۔ ساکن۔ مقیم۔ سکونت پذیر۔ اقامت پذیر

روز: ۱۔ یوم۔ دن۔ وار۔ دہاڑا۔ شنبہ۔ نہار۔ دھیاڑا
۲۔ وقت۔ زمانہ۔ دَور۔ عصر

روزانہ: ہر روز۔ آئے دن۔ نت نئے دن۔ ہمیشہ۔ مدام
روزِ پسیں: ۱۔ آخری دن۔ روزِ مرگ۔ وقتِ مرگ۔ ہنگامِ نزع۔ زمانۂ رخصت
۲۔ روزِ قیامت۔ روزِ حشر۔ روزِ آخرت
روزِ جزا/حساب: یوم الدین۔ روزِ قیامت۔ روزِ حشر۔ روزِ داد

روز و شب — روزنامہ — روز نخست —
نیم روز — نیمروز — روز روز — روز بروز
— روز بد — روز حشر — روز روشن —
روز آخر — روز افزوں — روزِ امید و بیم
— روز شمار — روزمرہ — روز قیامت —
روز سیاہ — روز کرب — روز ماتم

روزگار: ۱۔ زمانہ۔ وقت۔ دور۔ عصر
۲۔ نوکری۔ ملازمت۔ پیشہ
۳۔ کمائی۔ گزارہ۔ بسر اوقات۔ گزر اوقات۔ ذریعہ معاش
۴۔ موقع۔ محل
۵۔ قسمت۔ نصیب۔ بھاگ۔ بخت۔ مقدر۔ مقسوم

روزنامچہ: یادداشت۔ کتاب یادداشت۔ ڈائری

روزنامہ: روزانہ اخبار۔ جریدہ۔ مجلّہ

روزہ: صوم۔ برت۔ اُپاس۔ ورت

روزہ دار: صائم۔ اُپاسی

روزہ رکھنا __ روزہ افطار کرنا __ روزہ توڑنا __
روزہ کھانا __ روزہ کھولنا __ روزہ گنا __ روزہ
کشائی __ روزہ خور __ روزہ بہلانا __
روزہ بھلنا __ روزے سے ہونا

روزی: ۱۔ رزق۔ خوراک۔ غذا۔ معاش۔ معیشت۔ آذوقہ۔ آب ودانہ۔
ان جل۔ آب وخورش
۲۔ ملازمت۔ نوکری۔ پیشہ۔ کمائی
۳۔ تنخواہ۔ مزدوری۔ اجرت۔ محنتانہ۔ حق الخدمت۔ حق المحنت۔
روزینہ۔ مشاہرہ۔ یومیہ۔ وظیفہ۔ آمدنی۔ یافت
۴۔ قسمت۔ مقدر۔ بخت۔ بھاگ۔ نصیب۔ نصیبہ۔ مقسوم

روِش: ۱۔ چلن۔ طریق۔ انداز۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ طور۔ طریقہ۔ طرز۔
وضع۔ انداز۔ رویّہ۔ تراش خراش۔ ڈھب۔ پیرایہ
۲۔ رواج۔ رسم۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ۔ آئین
۳۔ پٹڑی۔ جادہ۔ بنیا۔ راہ۔ مسلک۔ سبیل۔ راستہ۔ ڈگر۔ باٹ

روشن: ۱۔ درخشندہ۔ درخشاں۔ رخشاں۔ رخشندہ۔ تاباں۔ منور۔
شگفتہ۔ ثاقب۔ تابندہ۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ اجاگر۔ اجلا۔ سُوجھا
۲۔ فروزاں۔ سوزاں
۳۔ واضح۔ عیاں۔ آشکار۔ ظاہر۔ باہر۔ نمایاں
۴۔ صاف۔ مجلّٰی۔ مصفّا

روشن بصر: تیز نظر۔ تیز نگاہ۔ مبصر۔ بصیر۔ تیز بیں۔ تیز دیدہ
روشن دان: روزن۔ موکھا۔ رخنہ۔ شگاف۔ درز۔ ہوادان

روشن دل/ضمیر: عارف۔ عقلمند۔ فہیم۔ زیرک۔ زود فہم۔ ذکی۔
صاحب فراست۔ نکتہ داں۔ نکتہ ور۔ صاحب عرفان
روشن دلی/ضمیری: عرفان۔ معرفت۔ عقلمندی۔ زیرکی۔ زود فہمی۔
ذکاوت۔ فراست۔ نکتہ دانی۔ نکتہ وری
روشن دماغ: عالی دماغ۔ عقلمند۔ صاحب فراست۔ زیرک۔ ذکی۔
زود فہم۔ نکتہ داں۔ نکتہ ور۔ درّاک
روشن دماغی: عالی دماغی۔ عقلمندی۔ فراست۔ زیرکی۔ زود فہمی۔
ذکاوت۔ نکتہ دانی۔ نکتہ وری۔ درّاکی
روشن گُہر/نہاد: نیک سیرت۔ نیک بخت۔ نیک سرشت
روشن گُہری/نہادی: نیک سیرتی۔ نیک طینتی۔ نیک سرشتی

روشن جبیں __ روشن نگاہ __ روشن گر __
روشن مقال __ روشن آغاز __ روشن چوکی __
روشن چراغ __ روشن لباس __ روشن سواد __
روشن خیال __ روشن رُو __ روشن خیال

روشنائی: سیاہی۔ مداد۔ روشنی

روشنی/روشنائی: ۱۔ درخشندگی۔ درخشانی۔ رخشندگی۔ رخشانی۔
تابانی۔ تاب۔ ضیا۔ تابندگی۔ نور۔ چمک۔ دمک۔ اُجالا۔
جوت۔ لمعہ۔ تجلی۔ چراغاں۔ دیپ مالا۔ پرکاش۔ چاندنی
۲۔ بینائی۔ بصارت۔ بصیرت۔ نگاہ۔ نظر
۳۔ رونق۔ آبادی۔ آبادانی۔ فروغ
۴۔ دیا۔ چراغ۔ بتی۔ دیپ۔ دیپک۔ مصباح۔ سراج۔
مشعل

روضہ: ۱۔ باغ۔ حدیقہ۔ سبزہ زار۔ جنت۔ گلشن۔ گل زار۔ گل کدہ۔
گلستان۔ بوستان۔ چمن۔ پھلواڑی
۲۔ مقبرہ۔ مزار۔ مرقد

روغن: ۱۔ رنگ۔ تیل۔ چکنائی۔ دُہن۔ چربی۔ آئل

۲۔ پالش۔ وارنش۔ رنگ۔ کلر۔ لون
۳۔ چمک۔ دمک۔ آب وتاب

روغنِ گاؤ ــــ روغنِ زرد ــــ روغنِ تلخ ــــ
روغنِ بادام ــــ روغنِ قاز ــــ روغنِ سیاہ ــــ
روغن گر ــــ روغن فروش ــــ روغنِ گندہ

روغن گندہ ہر چند اگرچہ بابان خوردن
گندہ است لیکن ایجادِ بندہ است

روک : رکاوٹ۔ ممانعت۔ مزاحمت۔ آڑ۔ اٹک۔ اٹکاؤ

روک تھام : انسداد۔ سدِ باب۔ تدارک۔ بچاؤ۔ علاج

رُوکھ : درخت۔ شجر۔ پودا۔ نہال۔ پیڑ۔ بِروا۔ برچھ۔ برکش

رُوکھا : ۱۔ خشک۔ سوکھا۔ باسی
۲۔ بے لطف۔ بے مزہ۔ بے ذائقہ۔ بے کیف۔ بے حظ
۳۔ پھیکا۔ بے نمک۔ الونا۔ سیٹھا
۴۔ اکھڑ۔ اجڈ۔ ناشائستہ۔ بدخلق

روکھا پھیکا : ۱۔ بدمزہ۔ بے لطف۔ بے کیف۔ بے لذت۔ بے ذائقہ
۲۔ ترش رو۔ سرگرجبیں۔ تلخ مزاج۔ اکھڑ۔ ناشائستہ۔
بدخلق۔ بدمزاج۔ ناخوش۔ ناراض۔ خفا۔ آزردہ۔ رنجیدہ

روگ : ۱۔ مرض۔ بیماری۔ علت۔ علالت۔ سقم۔ دُکھ۔ آزار۔ تکلیف
رنجوری۔ درد۔ عارضہ
۲۔ وبال۔ جنجال۔ عذاب۔ مصیبت۔ بپتا
۳۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ فساد۔ نزاع۔ تنازع
۴۔ عیب۔ نقص۔ خامی۔ کمی۔ کوتاہی۔ قصور
۵۔ مشکل۔ دقت۔ دشواری

روگی : ۱۔ مریض۔ بیمار۔ علیل۔ سقیم۔ دکھی۔ آزاری
۲۔ مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ غمزدہ۔ مغموم۔ محزون۔
ملول
۳۔ ناقص۔ عیب دار۔ معیوب
۴۔ جھگڑالو۔ بکھیڑیا۔ فسادی۔ مفسد

رول : کردار۔ کام۔ حصہ۔ کاج۔ کارِ منصبی

رَولا : شور۔ غل۔ غوغا۔ ہنگامہ۔ فساد۔ شورش۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔
تنازع

رُولر : پیمانہ۔ جدول کش۔ مسطر

رومال : دست مال۔ دست پاک۔ نشافتہ۔ دستی۔ روپاک۔ دستارچہ۔
مندیل۔ منشفہ۔ تولیا۔ پرنا۔ انگوچھا

رومالی : اوڑھنی۔ دستارچہ۔ کسادہ۔ منشفہ۔ دامنی۔ مبال۔ کاچھ۔
کچھ۔ دوپٹہ۔ مقنعہ۔ لنگوٹ۔ جانگیا۔ تنیا۔ لنگر۔ گوشہ نقاب

رومان : خیالی داستان۔ حیرت انگیز قصہ۔ داستانِ عشق ومحبت۔ عشق۔
محبت۔ جرأت۔ شجاعت۔ دلیری

رَوند : راؤنڈ۔ گشت۔ پھیرا۔ طلایہ۔ طلیعہ۔ معائنہ

رونق : ۱۔ چمک دمک۔ آب وتاب۔ درخشانی۔ رخشانی۔ درخشندگی۔
رخشندگی۔ تابانی۔ تابندگی۔ تابش۔ جلا۔ صفائی
۲۔ شادابی۔ سرسبزی۔ تازگی۔ تراوٹ
۳۔ زیبائش۔ خوبی۔ خوب صورتی۔ سجاوٹ۔ زیب وزینت
۴۔ لطف۔ کیف۔ سرور۔ مزہ۔ لذت
۵۔ چہل پہل۔ آبادی۔ آبادانی۔ بہار۔ رنگ روپ۔ دھوم دھڑکا۔
گہماگہمی۔ بھیڑ بھڑکا۔ ہجوم۔ ازدحام۔ رش

رونقِ جہاں ــ رونقِ دنیا ــ رونق افزا ــ
رونقِ بازار ــ رونقِ بزم ــ رونقِ مے کدہ
ــ رونقِ خانہ ــ رونق افروز ــ پُر رونق
ــ بے رونق ــ رونقِ گلشن ــ رونقِ
دو عالم ــ رونقِ بہار ــ رونقِ تصور ــ
منہ پر رونق آنا

رونگٹا: رُوم۔ رُواں۔ ریشہ۔ بال۔ مُو۔ رُوں۔ رُومٹا

روہت: تازگی۔ بشاشت۔ شادابی۔ پاکیزگی۔ نرمی۔ خوب صورتی۔
حسن۔ جمال۔ رونق

روئیدگی: نمو۔ سبزی۔ ہریاول۔ ہریالی۔ نباتات

رؤیا: خواب۔ سپنا۔ سفنا۔ حُلم۔ مکاشفہ

رویائے عالم ــ رویائے صادقہ ــ رویائے درویش
ــ رویائے سلطانی ــ رویائے عابد و زاہد ــ
رویائے متقیاں ــ رویائے پیمبر ــ رویائے
امامین ــ رویائے اصحابِ کبار

رُویت: ۱۔ دیدار۔ نظارہ۔ دید۔ زیارت
۲۔ شکل۔ صورت۔ چہرہ۔ بشرہ۔ حلیہ

رویّہ: روش۔ رسم۔ رواج۔ چال چلن۔ برتاؤ۔ ڈھنگ۔ ڈھب۔
معمول۔ وضع۔ طور طریقہ۔ دستور۔ طرزِ عمل۔ طریق

رہا: چھوٹنا۔ ناجی۔ نجات یافتہ۔ خلاصی یافتہ۔ آزاد

رہائش: قیام۔ سکونت۔ بود و باش۔ اقامت۔ ٹھہراؤ۔ استقرار۔ قرار

رہائی: نجات۔ خلاصی۔ استخلاص۔ چھٹکارا۔ آزادی۔ مکتی۔ مہلت۔
فرصت۔ چھٹی۔ فراغت۔ معافی۔ برأت۔ رستگاری۔ بریت

رُہبان: تارک الدین۔ تیاگی۔ زاہد۔ یوگی۔ جگی۔ راہب۔ ویراگی۔
سنیاسی

رُہبانیت: ترکِ دنیا۔ ترکِ لذات۔ ویراگ۔ بیراگ۔ جوگ۔ یوگ۔
سنیاس۔ زُہد۔ پرہیزگاری۔ ورع۔ تورُّع

رہٹ: دولاب۔ ناعورہ۔ نجلہ۔ دلوچہ۔ چرخاب۔ چرخ۔
چرخہ۔ غزل۔ دَوِکران۔ رہٹا

رہن: (عربی) گرو۔ گروی۔ گہنے۔ کفالت۔ بندھک۔ عوض۔ رہان

رہن: (اردو) ۱۔ سکونت۔ رہائش۔ قیام۔ اقامت۔ تکن
۲۔ دستور۔ قاعدہ۔ چلن۔ رواج۔ رسم۔ ریت

رہن سہن: معاشرت۔ بود و باش۔ بود و ماند۔ طرزِ زندگی۔
طرزِ حیات۔ طریقِ زیست

رہین: ۱۔ مرہون۔ گرو۔ مکفول۔ زیرِ بار
۲۔ تابع۔ ماتحت۔ زیرِ دست۔ وابستہ۔ متعلق

رہینِ منت: مرہونِ منت۔ ممنونِ احسان۔ ممنونِ کرم۔ شکرگزار۔
متشکر۔ سپاس گزار۔ زیرِ بارِ احسان

رؤسا: امرا۔ حکام۔ اہلِ دولت۔ اہلِ ثروت۔ اہلِ اقتدار۔ اربابِ
حل و عقد۔ اربابِ بست و کشاد۔ ارکانِ دولت۔ ارکانِ
حکومت۔ شرفا۔ معززین

رئیس: سردار۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مقتدر۔ صاحب

اختیار۔ صاحبِ اقتدار۔ رکنِ حکومت۔ رکنِ سلطنت۔ راجا۔
نواب۔ حکمراں۔ فرمانروا۔ قائد۔ سالار

رئیس البدن: (کنایۃً) دل۔ قلب۔ من۔ جی۔ ہیا۔ ہردے

ریا: ظاہرداری۔ نمود۔ نمائش۔ دکھاوا۔ تصنع۔ بناوٹ۔
تکلف۔ دورنگی۔ منافقت۔ مکاری۔ زمانہ سازی

ریاکار: ظاہردار۔ ظاہرپرست۔ نمودپسند۔ نمائش پسند۔
دورنگا۔ زمانہ ساز۔ منافق۔ عیار۔ مکار

ریاکاری: ظاہرداری۔ ظاہرپرستی۔ نمودپسندی۔ نمائش پسندی۔
دورنگی۔ زمانہ سازی۔ منافقت۔ عیاری۔ مکاری

ریاست: ۱۔ حکومت۔ سلطنت۔ عمل داری۔ قلمرو۔ راج۔ اقتدار
۲۔ علاقہ۔ حصۂ ملک۔ مملکت۔ ملک
۳۔ امارت۔ سرداری۔ سیادت۔ قیادت۔ صدارت
۴۔ شرافت۔ نجابت۔ عظمت۔ عزت۔ وقار

ریاض: ۱۔ حدائق۔ باغات
۲۔ محنت۔ کوشش۔ مشقت۔ مشق۔ مزاولت

ریاضت: ۱۔ محنت۔ مشقت۔ کوشش۔ کاوش۔ مشق۔ مزاولت
۲۔ ورزش۔ کسرت
۳۔ زہد۔ نفس کشی۔ مجاہدہ۔ تورع۔ ورع۔ پرہیزگاری۔
تقوے۔ اتقا۔ پارسائی۔ تپاس۔ برتاس
۴۔ مزدوری۔ پیشہ وری

ریاضی: حساب۔ علمِ اعداد۔ گنتی۔ گنت۔ علم الحساب

رَیب: ۱۔ شک۔ شبہ۔ گمان۔ احتمال۔ بھرم۔ وسوسہ۔ اشتباہ۔ ابہام۔
وہم

۲۔ حادثہ۔ سختی۔ دشواری۔ مشکل۔ صعوبت۔ بپتا۔ کڑی

ریت: ۱۔ ریگ۔ بالو۔ ریتا۔ رمل
۲۔ برادہ۔ چورہ۔ چون۔ سفوف

رِیت: ۱۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ چلن۔ قاعدہ۔ معمول
۲۔ انداز۔ وضع۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ طور۔ روش
۳۔ تجویز۔ ترکیب۔ تدبیر

ریتی: ۱۔ سوہن۔ سوہان۔ رمبرد۔ سوات۔ سداتی
۲۔ ریگ زار۔ ریتلا میدان۔ ریتلی زمین۔ کنارۂ دریا

ریٹ: شرح۔ نرخ۔ بھاؤ۔ سود

ریٹائرڈ: سبک دوش۔ خانہ نشیں۔ گوشہ نشیں۔ عزلت نشیں۔
کنارہ کش

ریٹائرمنٹ: سبک دوشی۔ خانہ نشینی۔ گوشہ نشینی۔ عزلت گزینی۔
کنارہ کشی

ریٹیل: پرچون۔ خردہ۔ خردہ فروشی۔ کریانہ بیچنا

ریجن: حلقہ۔ علاقہ۔ منطقہ۔ خِطّہ

رِیجھ: ۱۔ چاہت۔ چاہ۔ رغبت۔ شوق۔ پسندیدگی۔ اشتیاق
۲۔ محبت۔ عشق۔ پریت۔ پیت۔ پریم
۳۔ فرحت۔ لذت۔ خوشی۔ مسرت۔ سرور

ریٹھا: آرشک۔ کنبہ وورپ۔ گرپ پاپا۔ کیتل۔ رگت بیج۔
رکشا بیج۔ بیتی بھین۔ ارتھ سادھن۔ ہرریٹھا۔ ریٹھری۔
صابونیہ۔ بندقِ ہندی۔ رتہ۔ فندقِ ہندی

۴۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ طلب۔ مراد
۵۔ تسلی۔ تشفی۔ تسکین۔ اطمینان۔ طمانیت۔ سکون

رِیچھ: بھالو۔ خرس۔ دُب۔ ریچھ۔ بیتر

رِیح: ۱۔ ہوا۔ باد۔ باؤ۔ پون
۲۔ پاد۔ گوز
۳۔ گنٹھیا۔ وجع المفاصل

رِیخ: ۱۔ ریکھ۔ ریکھا۔ لکیر۔ خط۔ دھاری
۲۔ طاقت۔ تاب۔ توانائی۔ سکت۔ قوت

ریختہ: ۱۔ گرا پڑا۔ ملاجلا۔ منتشر۔ پراگندہ۔ پریشان۔ خلط ملط۔ مخلوط
۲۔ چونا۔ پتھر۔ کنکریٹ۔ گچ
۳۔ زبان اردو۔ نظم اردو۔ اردو شاعری

ریختی: زنانہ اردو۔ بیگماتی اردو۔ ابتدائی اردو

ریڈر: ۱۔ محرر۔ پیش کار۔ مثل خواں۔ منشی
۲۔ درسی کتاب۔ نصابی کتاب
۳۔ قاری۔ خوانندہ

رَیڈی: ۱۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔ لیس۔ کمربستہ
۲۔ حاضر۔ مہیا۔ فراہم کردہ۔ موجودہ

ریڈی میڈ: بنا بنایا۔ ساختہ پرداختہ۔ تیار

ریڈیو: لاسلکی۔ آلۂ نشر و اشاعت صوت۔ راڈیو۔ آکاش وانی

ریڑھ: پشت۔ پیٹھ۔ کمر۔ صلب۔ مہرہ پشت۔ پشت

ریزش: ۱۔ بہاؤ۔ ٹپکاؤ۔ سیلان۔ ترشح۔ چکش۔ چکیدگی
۲۔ زکام۔ نزلہ
۳۔ بخشش۔ انعام۔ عطا۔ جود۔ دان۔ داد۔ دہش

ریزگاری: بھان۔ پھٹکل۔ خردہ۔ چینج۔ ریزگی۔ بھان ٹیتی۔ چوٹی۔ کھلا۔ فراتہ۔ آنچہ۔ اُچشا

ریزگی: پھٹکل۔ خردہ۔ چھانٹن۔ کترن۔ ری۔ کھرچن

ریزہ: ذرہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ پارچہ۔ انس۔ کن۔ پرزہ۔ مقدار قلیل

ریزہ چیں: ۱۔ زلہ ربا۔ زلہ بردار۔ ٹکڑ گدا
۲۔ مستفید۔ مستفیض۔ شاگرد۔ تلمیذ۔ مرید۔ چیلا
ریزہ چینی: ۱۔ زلہ ربائی۔ زلہ برداری۔ ٹکڑ گدائی
۲۔ استفادہ۔ شاگردی۔ تلمذ۔ ارادت

ریس: ۱۔ برابری۔ ہمسری۔ ہم پایگی۔ ہمتائی۔ مقابلہ
۲۔ رشک۔ ہوس

ریسرچ: تحقیق۔ تفحص۔ تفتیش۔ تلاش۔ جستجو۔ کھوج

ریسمان: رسن۔ رسی۔ ڈوری۔ طناب۔ دھاگا۔ تاگا۔ تار۔ سلک۔ سوت

ریش: زخم۔ گھاؤ۔ جراحت۔ جرح۔ قرحہ

رِیش: داڑھی۔ لحیہ۔ خط۔ موئے چہرہ

ریش خند: تمسخر۔ تضحیک۔ مضحکہ۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ ہزل۔ مسخرہ۔ ...

ریشائیل: ریش دار۔ ذو زمیل۔ لم ڈھمیا۔ ...

ریشم: ابریشم۔ حریر۔ دیبا۔ سِلک

ریشہ: تار۔ پھوسڑا۔ رگ۔ نس

ریشہ دار: رگ دار۔ رگیلا۔ نسیلا

ریشہ دوانی: شرارت۔ شرانگیزی۔ فساد۔ مفسدہ پردازی۔ فتنہ طرازی۔ فتنہ پردازی

ریعان: آغاز۔ ابتدا۔ بدو۔ آد۔ نوجوانی۔ نوخیزی

ریفری: پنچ۔ ثالث۔ حَکَم

ریفیوجی: پناہ گیر۔ پناہ گزیں۔ مہاجر۔ شرنارتھی

ریکارڈ: ۱۔ مثل مقدمہ۔ اندراج۔ انضباط۔ دستاویز۔ وثیقہ۔ روداد۔ فرد۔ تحریر۔ قلم بندی
۲۔ اعمال نامہ۔ دفتر۔ کاغذاتِ دفتر
۳۔ انتہا۔ حد۔ مثال۔ نظیر
۴۔ مخزنِ آواز۔ صوتِ محفوظ۔ صدا بندی

ریکھا: ۱۔ لکیر۔ خط۔ دھاری۔ نشان
۲۔ سلسلہ۔ قطار

ریگ: ۱۔ ریت۔ بالو
۲۔ چُورا۔ چُون۔ سفوف۔ برادہ

ریگِ رواں: سراب

ریگستان/ریگزار: ریتلا میدان۔ صحرا۔ بادیہ۔ بیدا۔ ریتلا تھل۔ بالو کی زمین۔ تھلی۔ بیہڑ۔ ویران۔ چٹیل میدان

ریگولیشن: قاعدہ۔ ضابطہ۔ دستور۔ قانون

ریل: پھرکی۔ گروٹ۔ پیچک

ریل: (انگریزی) بہ یائے مجہول: ۱۔ کٹہرا۔ جنگلا۔ خطِ آہنی۔ آہنی سڑک۔ پٹڑی
۲۔ ریل گاڑی۔ کالسکہ۔ قطار۔ ٹرین۔ گاڑی

ریل: (اردو) بہ یائے مجہول: ۱۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ فراوانی۔ افزونی۔ افزودگی۔ زیادتی۔ بیشی۔ بھرمار۔
۲۔ ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ مجمع۔ جمّ

ریل پیل: ۱۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ فراوانی۔ افزونی۔ افزودگی۔ زیادتی۔ بیشی۔ بھرمار
۲۔ ریل چیل۔ ریلم ریلا۔ دھکا پیل۔ دھکم دھکا

ریلا: ۱۔ رَو۔ سیل۔ دھکا۔ دھار۔ بہاؤ
۲۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ ازدحام۔ مجمع۔ جمّ
۳۔ غول۔ قطار۔ جانوراں۔ ڈار

ریم: ۱۔ پیپ۔ مواد۔ فاسد مادہ۔ راد
۲۔ تلچھٹ۔ دُرد۔ تہ نشیں۔ گاد

ریمارک: رائے۔ رائے زنی۔ اظہار رائے۔ قول۔ نوٹ۔ تبصرہ

رَین: رات۔ راتری۔ شب۔ لیل۔ رَتیا

رینک: آوازِ خر۔ صوت الحمار۔ ڈھینچوں ڈھینچوں

ریوڑ: گلّہ۔ غول۔ اجڑ

ریونیو: مالیہ۔ لگان۔ مال گزاری۔ محصول۔ خراج۔ باج

ریویو: تنقید۔ تبصرہ۔ رائے زنی۔ تقریظ۔ نظرثانی

ریہرسل: دُہراؤ۔ دُہرائی۔ تکرار۔ اعادہ۔ تیاری۔ مشق

ز

زاد : (فارسی) ۱۔ زائیدہ۔ جنا۔ بیٹا۔ اولاد۔ بچی
۲۔ پیدائش۔ ولادت۔ جنم

زاد بوم : جنم بھومی۔ جائے ولادت۔ جائے پیدائش۔ مولد۔ وطن

زاد : (عربی) خوراک۔ توشہ۔ خرچ۔ سامان۔ اسباب

زادِ راہ/سفر : توشۂ سفر۔ خرچِ راہ۔ لوازمِ سفر۔ سامانِ سفر۔ سفر خرچ

زادِ عقبیٰ/آخرت : توشۂ آخرت۔ اعمالِ صالحہ۔ نیک کام۔ حسنات

زار : ۱۔ جگہ۔ مقام۔ موقع۔ استھان۔ ستان
۲۔ افراط۔ بہتات۔ کثرت۔ فراوانی۔ افزونی
۳۔ انبوہ۔ مجمع۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ ہجوم
۴۔ ضعیف۔ کمزور۔ ناتواں۔ نحیف۔ لاغر۔ نقیہ
۵۔ رنج۔ غم۔ اندوہ۔ الم۔ دُکھ۔ ملال
۶۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ غمزدہ۔ اندوہ ناک۔ دکھی۔ ملول۔ غمگین
۷۔ ذلیل۔ خوار۔ رسوا۔ خراب۔ خستہ
۸۔ نالاں۔ فریاد کناں۔ گریاں
۹۔ فریفتہ۔ شیفتہ۔ عاشق۔ محب۔ پریمی

زار نالی : آہ و فریاد۔ نالہ و شیون۔ فغاں۔ دُہائی۔ گریہ و بکا

زار و زبوں : خراب۔ خستہ۔ خوار۔ ذلیل۔ غمگین۔ غمزدہ۔ ملول۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ دکھی

زار و نزار : دبلا پتلا۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ لاغر۔ نحیف۔ نقیہ

زاری : ۱۔ آہ۔ فریاد۔ فغاں۔ نالہ۔ شیون۔ بکا۔ گریہ۔ جزع۔ فزع۔ چیخ۔ پکار۔ دُہائی۔ رونا
۲۔ عجز۔ نیاز۔ درماندگی۔ واماندگی۔ بے کسی۔ بے بسی۔ بے چارگی

آہ و زاری ــــ گریہ زاری

زاغ : کلاغ۔ غراب۔ کوّا۔ کاگ۔ کاگا

زال : بوڑھا۔ سفید مُو۔ مُسِن۔ معمر۔ پیر۔ کہن سال۔ دیرینہ سال۔ عمر رسیدہ۔ بُڈھا۔ سال خوردہ۔ خرف۔ جرد۔ کھوسٹ۔ کھول۔ کھوسٹ

زانو : ۱۔ گھٹنا۔ گوڈا
۲۔ ران۔ جانگھ۔ سانتھل۔ پٹ
۳۔ پہلو۔ جانب۔ طرف

زانوئے تلمذ ــــ زانوئے ادب

زانی : حرام کار۔ بدکار۔ بدفعل۔ زناکار۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بدراہ۔ بدکردار۔ فاسق۔ فاجر۔ رنڈی باز۔ عیاش

زانیہ : چھنال۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ رنڈی۔ طوائف۔ پاتر۔ عصمت فروش۔ حسن فروش۔ بے حیا۔ نانگی

زاویہ : ا۔ کونا۔ گوشہ۔ گھدرا۔ کنج۔ کھونٹ
۲۔ خانقاہ۔ مسافرخانہ۔ رباط۔ سرائے

زاویۂ نگاہ ـــ زاویۂ خیال

زاہد : عابد۔ پرہیزگار۔ متقی۔ پارسا۔ متورع۔ عبادت گزار۔ تپسوی۔ جوگی۔ راہب۔ بھگت۔ درویش۔ خدا پرست۔ نفس کش۔ تارک الدنیا

زائچہ : جنم پتری۔ جنم پترا۔ جنم پتر۔ جنم پترکا۔ جنم کنڈلی۔ گگن کنڈلی۔ زیچ

زائد : ا۔ زیادہ۔ فاضل۔ فالتو
۲۔ بچاکھچا۔ پسماندہ
۳۔ بیکار۔ فضول۔ عبث۔ حشو۔ غیرضروری

زائر : زیارت کنندہ۔ زوّار۔ حاجی۔ جاتری۔ یاتری

زائیدہ : جنا۔ مولود۔ متولد۔ پیدا شدہ

زائیدۂ فکر : نتیجۂ فکر۔ نتیجۂ غور۔ طبع زاد

زبان : ا۔ زبان۔ لسان۔ جیبھ۔ ذبہ۔ زوان۔ زفر۔ شمشیر گوشتین
۲۔ بول۔ بھاشا۔ بھاکھا
۳۔ محاورہ۔ روزمرہ۔ بول چال۔ حرف

۴۔ گویائی۔ نطق۔ منطق
۵۔ بات۔ گفتار۔ گفتگو۔ قیل و قال۔ سخن۔ کلام
۶۔ وعدہ۔ عہد۔ قول۔ بچن۔ اقرار۔ پیمان
۷۔ بیان۔ اظہار

زبان آور : ا۔ شاعر۔ فصیح۔ بلیغ۔ خوش بیان
۲۔ قادرالکلام۔ لسان

زبان آوری : ا۔ شاعری۔ فصاحت۔ بلاغت۔ خوش بیانی
۲۔ قدرتِ کلام۔ لسانی

زبان بریدہ/ بستہ : چپ۔ خاموش۔ گونگا۔ صامت۔ اصم

زبان بستگی : خاموشی۔ چپی۔ گونگاپن۔ بے زبانی

زبان بندی : امتناعِ گویائی۔ خاموشی۔ جبری خاموشی

زبان داں : واقفِ زبان۔ ماہرِ زبان۔ ماہرِ لسان

زبان دانی : واقفیتِ زبان۔ مہارتِ زبان۔ مہارتِ لسان

زبان دراز : منہ پھٹ۔ گستاخ۔ دریدہ دہن۔ بدزبان۔ بدکلام۔ دشنام طراز

زبان درازی : گستاخی۔ دریدہ دہنی۔ بدزبانی۔ دشنام طرازی۔ بدکلامی

زبان گیر : ا۔ مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ۔ سراغرساں۔ متجسس۔ جویا۔ پرچہ نویس۔ ٹوہیا۔ کھوجی
۲۔ معترض۔ نکتہ چیں۔ عیب چیں۔ عیب جو

زبان گیری : ا۔ مخبری۔ جاسوسی۔ سراغ رسانی۔ تجسس۔ جستجو۔ پرچہ نویسی۔ تلاش۔ تفتیش۔ ٹوہ۔ کھوج
۲۔ اعتراض۔ نکتہ چینی۔ عیب چینی۔ عیب جوئی

زبانِ سخن نشاں ـــ زبانِ مطرب ـــ زبانِ شمع ـــ تیغِ زبان ـــ فسانِ زبان ـــ سخت زبان ـــ کلید زبان ـــ زبانِ ناخوش ـــ زبانِ خوش ـــ زبانِ آتش ریز ـــ زبانِ شانہ ـــ زبانِ جواب ـــ زبان از کار رفتن ـــ زبان گنگ ـــ بند زبان ـــ زبانِ شل ـــ زبانِ خاموش ـــ زبان الکن ـــ

زبانِ تلخ ـ زبانِ تیز ـــ زبان بدخلق ـ زبانِ اخلاق ـ ـ زبانِ اخلاص ـــ زبان نکتہ رس ـ روغن زبان ـ چرب زبان ـــ زبان اعجاز بیان ـــ زبانِ شمشیر ـ زبان برائے ذبح ـــ زبان لال ـــ زبان تر ـ زبان توصیف ـــ زبان سکوت ـ زبان تحت اللسان ـــ زبان مستغفر ـ زبان شیوا بیان ـــ زبان فصیح

زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
زبان کے آگے کھائی خندق برابر
زبان ہی حلال ہے زبان ہی مُردار ہے
زبان ہی ہاتھی چڑھاوے زبان ہی سر کٹواوے
زبانِ یارِ من ترکی و من ترکی نمی دانم

زبانہ : ۱۔ شعلہ۔ لو کا لپیٹ۔ لو۔ لاٹ۔ لمعہ۔ لہر۔ جھلسا
۲۔ خارِ ترازو۔ کانٹا۔ کنڈا

زبانی : ۱۔ خالی۔ غیر تحریری۔ لسانی۔ سنی سنائی۔ قولی
۲۔ حفظ۔ ازبر۔ یاد

زبانی جمع خرچ : خیالی پلاؤ۔ فضول گوئی۔ بے عملی۔ گپ

زبر : ۱۔ اونچا۔ بالا۔ فائق۔ برتر۔ ارفع۔ بلند
۲۔ بوجھل۔ گراں۔ ثقیل۔ وزنی۔ وزن دار
۳۔ طاقت ور۔ زور آور۔ قوی۔ بلوان۔ شکتی مان۔
۴۔ فتحہ۔ نصب

زبر پوش ـــ زبر تنگ

زبردست : ۱۔ طاقت ور۔ زور آور۔ قوی۔ بلوان۔ شکتی مان۔ بھاری
۲۔ غالب۔ حاوی۔ مسلط۔ جابر۔ قاہر۔ فاتح۔ بالادست۔ ڈاہڈا۔ جبار۔ جید۔ بڑا۔ عظیم

زبردستی : ۱۔ طاقت وری۔ زور آوری۔ قوت۔ بل۔ شکتی۔ بیگڑی۔ خودسری۔ سرکشی
۲۔ غلبہ۔ تسلط۔ جبر۔ سختی۔ زیادتی۔ بالادستی

زبوں : ۱۔ خراب۔ خستہ۔ تباہ۔ برباد۔ ناکارہ۔ غارت۔ ہیچ
۲۔ نحس۔ منحوس۔ شوم۔ نامسعود۔ نامبارک
۳۔ کمزور۔ ضعیف۔ لاغر۔ نحیف۔ نزار۔ ناتواں
۴۔ خوار۔ ذلیل۔ رسوا۔ بدنام۔ بدحال

زبوں حالی ـــ زبوں کار ـــ زبوں فطرت ـــ زبوں بخت ـــ زبوں شعار ـــ زبوں حال ـــ زبوں شعاری ـــ زبوں صورت ـــ عالمِ زبوں

زبونی : ۱۔ خرابی۔ خستگی۔ تباہی۔ بربادی
۲۔ نحوست۔ شومی۔ نامسعودی۔ نامبارکی
۳۔ کمزوری۔ ضعف۔ لاغری۔ زاری۔ ناتوانی۔ نقاہت
۴۔ خواری۔ ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ بدحالی

زبوں کش : ذلت خواہ۔ ذلیل۔ خوار۔ رسوا۔ بدنام۔ شرمسار

زٹل : کلامِ لایعنی۔ قولِ فضول۔ بکواس۔ یاوہ گوئی۔ بک بک۔ بڑبھک۔ کلامِ بے ہودہ۔ مزخرف۔ خرافات۔ [illegible]

زٹلی / زٹلیا : فضول گو۔ بکواسی۔ یاوہ گو۔ جھکی۔ بکی۔ بے ہودہ گو۔ لغو گو۔ گپی۔ شیخی

زجاج : ۱۔ شیشہ۔ آبگینہ۔ کانچ۔ بلور
۲۔ آئینہ۔ آرسی۔ درپن
۳۔ چمنی۔ فانوس

زجر : جھڑکی۔ گھرکی۔ ڈانٹ۔ پھٹکار۔ ڈپٹ۔ سرزنش۔ تنبیہ

زجر و توبیخ : جھڑکی گھرکی۔ ڈانٹ پھٹکار۔ لعنت ملامت۔ تنبیہ۔ سرزنش۔ نکوہش۔ لعن طعن۔ طعن و تشنیع

زِچ : ۱۔ شکست خوردہ۔ ہزیمت خوردہ۔ منہزم۔ مغلوب۔
۲۔ عاجز۔ ناچار۔ بے بس۔ بے چارہ۔ بے کس۔ تنگ۔ مجبور
۳۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف۔ ناطاقت۔ بے سکت

زحل : سنیچر۔ کیواں۔ ہندوئے فلک۔ نحسِ اکبر

زحمت : ۱۔ مصیبت۔ دُکھ۔ تکلیف۔ بپتا۔ صعوبت۔ رنج۔ محنت۔ مشقت۔ سختی۔ کڑی۔ کشٹ۔ اکڑ۔ جھمیل
۲۔ بیماری۔ آزار۔ روگ۔ مرض۔ علت۔ علالت۔ دُکھ

زحمتی : ۱۔ مصیبت زدہ۔ دُکھی۔ دُکھیا۔ آفت رسیدہ
۲۔ بیمار۔ روگی۔ مریض۔ علیل۔ ناساز۔ آزاری

زخّار : بالب۔ بھرپور۔ معمور۔ مواج۔ متلاطم۔ طوفان خیز۔ لبریز

زخم : ۱۔ ریش۔ جراحت۔ جرح۔ قرحہ۔ گھاؤ۔ چوٹ۔ پَٹ۔ داغ۔
۲۔ نقصان۔ زیان۔ خسران۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ صدمہ۔ ضرر

زخمِ چشم : نظرِ بد۔ چشمِ بد
زخم خوردہ : زخمی۔ مجروح۔ گھائل۔ بسمل

زخمِ خفیف ـــ زخمِ خنداں ـــ زخمِ کاری ـــ زخمی ـــ زخمِ زباں ـــ زخموں کی بدھی ـــ زخمِ نمک سود ـــ زخمِ جاں فرسا ـــ زخمِ نمایاں ـــ زخمِ امتحان ـــ زخمِ جگر شگاف ـــ زخمِ جگر دوز ـــ زخمِ روح فرسا ـــ زخمِ جاں ستاں ـــ زخمِ زہرہ گداز ـــ زخمِ جانگزا ـــ زخمِ زہرہ شگاف ـــ زخمِ خونریز ـــ زخمِ خوں چکاں ـــ زخمِ تر ـــ زخمِ تازہ ـــ زخمِ مرہم پذیر ـــ زخمِ بے نشاں ـــ زخمِ مرہم ایذا ـــ زخمِ بے مرہم ـــ زخمِ الماس فشاں ـــ زخمِ دہن ـــ زخمِ شکر خند ـــ زخم بر زخم ـــ زخم بر دل ـــ بسیار زخم ـــ زخمِ کاوش ـــ زخمِ دامن دار ـــ زخمِ بدرو ـــ زخمِ ہوش ربا ـــ زخمِ ریم ریز ـــ زخمِ لذت یاب ـــ زخمِ نمک خوار

زخمہ : مضراب۔ چوب

زخمی : زخم خوردہ۔ مجروح۔ گھائل۔ بسمل۔ مضروب۔ ٹپی۔ پھٹڑ۔ پیش۔ مذبوح

زخمی جگر : خستہ جگر۔ مصیبت زدہ۔ دل جلا۔ دل افگار۔ آفت رسیدہ

زَد : چوٹ۔ ضرب۔ نشانہ۔ صدمہ۔ نقصان۔ زیاں۔ خسارہ۔ خسران۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ ضرر

زدوکوب : مارپیٹ۔ مارکٹائی۔ ماردھاڑ۔ جوتم پیزار۔ پٹائی

زَر : ۱۔ سونا۔ طلا۔ ذہب۔ کندن۔ زرِ ناب
۲۔ روپیہ۔ پیسا۔ دولت۔ مال۔ متاع۔ سرمایہ۔ ثروت

زراصل : ۱۔ راس المال۔ مُول
۲۔ طلائے نایاب۔ زرِ خالص

زربفت : بادلہ۔ تمامی۔ بردگیند
زرخرید : خرید کردہ۔ غلام۔ لونڈی۔ کنیز۔ داسی
زرِ خرید : قیمت خرید۔ ثمن۔ بہا۔ مول
زرخیز : ۱۔ پیدا آور۔ نفع آور۔ منفعت بخش۔ سرسبز۔ شاداب
۲۔ نکتہ طراز۔ نکتہ آفریں۔ نکتہ در

زرخیزی: پیداآوری۔ نفع آوری۔ منفعت بخشی

زردار: مال دار۔ متمول۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ غنی۔ صاحب زر۔ دھن وان۔ دھنی

زرداری: مال داری۔ تمول۔ دولت مندی۔ ثروت مندی۔ غنا۔ امیری۔ امارت

زرکار/زرنگار: زراندوز۔ مطلا۔ مذہب۔ سنہری۔ زریں

زرگر: سنار۔ صراف۔ سنیارا۔ گولڈ سمتھ۔ جیولر۔ جوہری

زرِ خالص — زرِ عیار — زرِ جواہر — زرِ احمر — زراندوزی — زرکوب — زرتار — زرِ جعفری — زرکش — زرباف — زرپرست — بندۂ زر — بے زر — زرِ نقد — زرِ بیعانہ — زرِ ضمانتی — زرِ مطالبہ — زرِ مال گزاری — زرِ ضمانت

زر بر فولاد نہی نرم شود
زر بل نہ زور بل
زر پیدا یا اس آیا
زر کار کند، مردان لاف زنند
زر گیا زر کا چہائی، زر آیا سرخی آئی
زر ہے تو گھر ہے نہیں تو کھنڈر ہے

زراعت: ۱۔ کھیتی۔ کاشت کاری۔ فلاحت۔ بریا جوتنا۔ پوکھ۔ برت۔ اگریکلچر۔ کھیتی باڑی
۲۔ کھیت۔ مزرعہ۔ زمین مزروعہ

زرد: پیلا۔ اصفر۔ سنہری۔ سنہرا۔ طلائی۔ زریں۔ بسنتی

زردی: ۱۔ پیلاپن۔ پیلاہٹ۔ صفر
۲۔ یرقان
۳۔ زیرہ آگی

۲۔ اشرفی۔ مہر۔ دینار۔ سرخ۔ سونا۔

زرق برق: ۱۔ بھڑکیلا۔ چمکیلا۔ شاندار۔ پرشوکت
۲۔ شان و شوکت۔ چمک دمک۔ آب و تاب۔ طمطراق

زِرہ: آہنی لباس۔ جنگی لباس۔ بکتر۔ چلتہ۔ چار آئینہ۔ چار آئینہ۔ درع۔ جوشن۔ جعبہ۔ لامہ۔ زغرہ

زرہ پوش — زرہ بکتر — زرہ گر — بازوئے زرہ تراش

زری: تلا۔ سنہری تار۔ طلائی دھاگا۔ گوٹا۔ کناری۔ سلما۔ ستارہ۔ کلابتون

زریں: ۱۔ سنہری۔ طلائی۔ مذہب
۲۔ بیش قیمت۔ بیش بہا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ خوب۔ قابلِ قدر

زٹ: ۱۔ بڑ۔ جھک۔ بکواس۔ لایعنی کلام۔ بیہودہ کلام۔ بک بک۔ جھک جھک۔ جھک بک
۲۔ رٹ۔ بڑھن۔ لگن۔ دھیان

زٹی: بکی۔ بکواسی۔ بے ہودہ گو۔ بکی۔ لغو گو

زِشت: ۱۔ بدشکل۔ بدنما۔ بھونڈا۔ بھدا۔ بدہیئت۔ بدقطع
۲۔ برا۔ ناخوب۔ خراب
۳۔ گندہ۔ غلیظ۔ ناپاک۔ فحش

زشت خو: بدخو۔ بدمزاج۔ بدطینت۔ بدخصلت۔ بدخصال۔ بدرنگ۔ بداطوار۔ بدقماش

زشت خوئی: بدخوئی۔ بدمزاجی۔ بدطینتی۔ بدخصلتی۔ بدخصالی۔ بدرنگی۔ بداطواری

زشت رو: بدرو۔ بدصورت۔ بدشکل۔ بدنما۔ کریہ المنظر۔ کروپ۔ کروپ۔

بدبیت ۔ بدکلع

زشت رُو: بدرن ۔ بدصورت ۔ بدشکل ۔ بدنمائی ۔ بدہیئتی ۔ بدتسی

زشت سِیر: بدطینت ۔ بدفسست ۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔ بدکار ۔ بدسرشت ۔ بدتیز ۔ بدخلق

زعفران: کیسر ۔ جادی ۔ زاپران ۔ جساد ۔ سفرن ۔ زعفرانو

زعفران ریز ــ زعفران زار ــ بوئے زعفران ــ فرحتِ زعفران ــ کشتِ زعفران

زعم: ظن ۔ خیال ۔ گمان ۔ قیاس
۔ غرور ۔ تکبر ۔ کبر ۔ گھمنڈ ۔ فخر ۔ عجب ۔ ابیمان

زعما: قائدین ۔ سرداران ۔ اکابرین

زعیم: ۱۔ وکیل ۔ مختارِ کار ۔ ضامن ۔ کفیل
۲۔ پیشوا ۔ سردار ۔ قائد ۔ راونما ۔ راہبر ۔ سرگرو ۔ بستیں ۔ سرغنہ ۔ سرگردہ ۔ سربرآوردہ

زغن: چیل ۔ غلیواز ۔ گید ۔ اِل

زغند/زقند: چھلانگ ۔ جست ۔ کود ۔ چھانہ ۔ پوکرد ۔ عزار ۔

زفیل: سیٹی ۔ زفیری

زقوم: تھوہر ۔ تیکھ رسار ۔ ناگ پھنی

زک: ۱۔ شکست ۔ ہزیمت ۔ ہار ۔ گزند ۔ ست
۲۔ سبکی ۔ خفت ۔ سُبکی ۔ ذلت ۔ خواری ۔ بیدن ۔ بےعزتی ۔ بےآبروئی ۔ اہانت ۔ توہین
۳۔ نقصان ۔ خسارہ ۔ زیاں ۔ خسران ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا

زکام: ریزش ۔ نزلہ ۔ سردی ۔ ننڈ ۔ انسارنز ۔ فلو ۔ نگ ۔ انگہ ۔ ملشہ ۔ ملشاکس

زکوٰۃ: شرعی محصولِ دولت ۔ صدقہ ۔ خیرات ۔ دان ۔ دہش

زکی: نیک ۔ پاک ۔ صاف ۔ مبّرا ۔ منزہ ۔ بےغبار ۔ بےمیل ۔ شستہ ۔ رُفتہ ۔ حساس ۔ دانشمند ۔ عاقل

زلزلہ: بھونچال ۔ بھون کنب ۔ بھوں ڈولن ۔ شق الارض ۔ ارتعاش ۔ کپکپی ۔ کپکپاہٹ ۔ لرزش ۔ لرزہ ۔ بومن ۔ بوسین ۔ زمین ۔ پرچال ۔ ہالن ۔ بھوکمپ ۔ رجفہ ۔ بھوں ڈول ۔ بھوں ڈولن

زُلف: گیسو ۔ کاکل ۔ جعد ۔ طرّہ ۔ مینڈھی ۔ لٹ ۔ جٹا ۔ مرغول ۔ چھپا ۔ گت ۔ حنط ۔ منّدغا ۔ غدلہ ۔ کمند شاہ گیر ۔ جٹ ۔ جاٹا ۔ سنبل تر ۔ کلالہ ۔ نغولہ ۔ چوگان سنبل ۔ ورلہ ۔ ندہ

زلف طرّار ــ زلفِ خم گرفتہ ــ زلف مرغولہ دار ــ زلفِ پُرشکن ــ زلفِ دراز ــ زلفِ آشفتہ تاب ــ زلفِ سنبل ــ زلفِ کج ــ زلفِ پریشاں ــ زلفِ معطر ــ زلفِ کج حساب ــ زلفِ عنبریں ــ زلفِ مشکیں ــ زلفِ افسوں طراز ــ زلفِ گرہ گیر ــ زلفِ ختن بر ــ زلفِ مشک پرورد ــ زلفِ کمربستہ ــ زلفِ رسن انداز ــ زلفِ پریشاں کن ــ زلفِ آتش نشاں ــ مارِ زلف ــ زلفِ چلیپا ــ زلفِ پیچ بہ پیچ ــ زلفِ عنبرفام ــ زلفِ عنبریں ــ زنجیرِ زلف ــ زلفِ طرّار ــ زلفِ خم بہ خم ــ زلفِ دلاویز ــ زلفِ سیاہ ــ زلفِ پسندیدہ ــ زلفِ رسا ــ زلفِ یاسمیں ــ زلفِ شسگوں ــ زلفِ خوشبو ــ زلفِ شب آسا ــ زلفِ زنار ــ زلفِ کمند ــ زلفِ کافر ــ زلفِ سرد طراز ــ زلفِ عنبر سرشت ــ زلفِ مشکیں طوق ۔

زلف پیچاں — زلف تام — زلف رقصاں — زلف افسوں گر — زلف شکن گیر — زلف سرکش — زلف دود انگن — زلف جادوگر — زلف دراز موج — زلف قیرگوں — زلف رسن تاب — زلف مشک فشاں — زلف دیدہ فریب — زلف تا بہ دامن — زلف شبگوں نژن — زلف تار — زلف تتار — زلف سنبل افشاں — زلف سلسلہ جنبان جنوں — زلف جوشن پوش — زلف بیمار — زلف خراج خواہ — زلف بر رُخ — زلف شب قدر — نافہ زلف — زلف دل ددد — زلف نیم تاب — زلف پریشاں — زلف دراز — زلف یار — زلف غالیہ بو — زلف اثر انداز — زلف سوداسر — زلف تاکمر — زلف کروس — زلف پیل — زلف شب چراغ — زلف سایہ دار — زلف پُر فن — زلف مشک وش — زلف مسلسل — زلف عنبر شمیم — زلف دوتا — زلف دراز

زلّہ: پس خوردہ ۔ الش ۔ بچا کھچا ۔ جھوٹن

زلّہ بردار/ رُبا: خوشہ چیں ۔ مستفیض ۔ فیض یاب ۔ مستفید
زلّہ برداری/ رُبائی: خوشہ چینی ۔ استفاضہ ۔ استفادہ ۔ فیض یابی

زمام: ۱۔ نکیل ۔ باگ ڈور ۔ عنان ۔ راس ۔ لگام ۔ مُہار
۲۔ اختیار ۔ اقتدار ۔ حکومت ۔ راج

زمان/ زمانہ: ۱۔ وقت ۔ سمے ۔ جگ ۔ یُگ ۔ قرن ۔ ساعت ۔ ہنگام ۔ دور ۔ رنگا
۲۔ عہد ۔ دور ۔ عصر ۔ میعاد ۔ مدت ۔ عرصہ ۔ صدی ۔ حقبہ
۳۔ موسم ۔ فصل ۔ رُت

زمانہ ساز: ۱۔ ظاہردار ۔ ظاہر پرست ۔ ریاکار
۲۔ مطلبی ۔ مطلب پرست ۔ خود غرض ۔ موقع پرست ۔ ابن الوقت
۳۔ خوشامدی ۔ چاپلوس ۔ متملق ۔ کاسہ لیس

زمانہ سازی: ۱۔ ظاہرداری ۔ ظاہر پرستی ۔ ریاکاری
۲۔ مطلب پرستی ۔ خود غرضی ۔ موقع پرستی
۳۔ خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ تملق ۔ کاسہ لیسی

رستمِ زمانہ — زمانۂ جاہلیت

زمانہ آنکھوں سے دیکھا ہے / گزر چکا ہے
زمانہ ایک رنگ پر نہیں رہتا
زمانہ باتو نہ سازد تو با زمانہ بساز
زمانہ دیکھ ڈالا ہے
زمانہ دیکھے بیٹھے ہیں
زمانہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے

زمانی: منسوب بہ 'زمان'
۱۔ وقتی ۔ ہنگامی ۔ آنی ۔ لمحاتی ۔ عارضی
۲۔ صاحب زمان ۔ اہلِ زمانہ

زمرّد: زبرجد ۔ سبز ہیرا

زمرّدی/ زمرّدیں: زبرجدی ۔ سبز ۔ اخضر ۔ ہرا

زُمرہ: ۱۔ درجہ ۔ سلسلہ ۔ شعبہ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ جتھا ۔ حزب ۔ فریق ۔ فوج ۔ دستہ ۔ ٹولہ
۲۔ بھیڑ ۔ ہجوم ۔ انبوہ ۔ مجمع ۔ اژدحام ۔ جمگھٹ
۳۔ ساتھی ۔ سنگی ۔ ہمراہ ۔ رفیق ۔ دوست ۔ یار ۔ ہمسفر

زمزمہ: ۱۔ ترانہ ۔ نغمہ ۔ گیت ۔ سرود ۔ راگ ۔ ترنم
۲۔ مُرکی ۔ گٹکری

زمزمہ پرداز/ پیرا/ سنج/ خواں: نغمہ گر ۔ نغمہ سنج ۔ ترانہ سنج ۔ گوَیّا ۔

راگی۔ مغنی۔ مترنم۔ ترنم ریز۔ گائک۔ مطرب۔ خنیاگر۔ رامشگر۔
نواسنج۔ نواپیرا

زمزمہ پردازی/ پیرائی/ سنجی/ خوانی: نغمہ گری۔ نغمہ سنجی۔ ترانہ سنجی۔
راگ رنگ۔ غنا۔ ترنم ریزی۔ نواسنجی۔ نواپیرائی۔ خنیاگری۔
رامشگری

کیف زمزمہ ــــ سرود زمزمہ ــــ راحت زمزمہ

زمستان: سرما۔ شتا۔ جاڑا۔ سردی۔ ٹھنڈ۔ پالا

زمستانی: سرمائی۔ شتائی

زمہریر: ۱۔ شدید سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈ۔ ٹھنڈک۔ برودت
۲۔ کرۂ ہوائی۔ منطقۂ باردہ
۳۔ عذاب خنکی۔ سرد دوزخ

زمین: ۱۔ بوم۔ بھوم۔ بھومی۔ بھومیں۔ پرتھوی۔ ارض۔ کرۂ خاک۔
فرش خاکی۔ دھرتی۔ بر۔ خشکی۔ غفار غبرا۔ ثریٰ۔ تل
۲۔ دنیا۔ جہاں۔ عالم۔ سنسار۔ تختہ۔ خطہ۔ اقلیم۔ ملک۔
دیس۔ ولایت
۳۔ خاک۔ مٹی۔ دھول۔ گرد۔ غبار۔ تراب
۴۔ تہ۔ حصہ۔ درک۔ تل۔ حصۂ زیریں
۵۔ جڑ۔ اصل۔ بیخ۔ بن۔ بنیاد۔ بنا۔ اساس۔ نیو
۶۔ عورت۔ زن۔ مادہ۔ مادین
۷۔ بحر۔ وزن

زمیں دار/ زمیندار: ۱۔ مالک زمین۔ دہ خدا۔ جاگیردار۔ تعلقہ دار
۲۔ مالک۔ آقا۔ خداوند۔ حاکم۔ سردار۔ رئیس
زمیندارہ: ۱۔ دیہہ۔ گاؤں۔ قریہ
۲۔ حق زمیندار۔ حق مالکانہ
زمینداری: ۱۔ ملکیت زمین۔ ملک۔ دہ خدائی۔ جاگیرداری۔ تعلقہ داری
۲۔ مالکی۔ آقائی۔ خداوندی۔ حاکمیت۔ سرداری۔ ریاست
زمیں دوز: ۱۔ زیر زمین۔ تحت الارض۔ تہ خاک

پتھریلی زمین ــــ کنکریلی زمین ــــ سرسبز زمین ــــ
بیراز زمین ــــ راسی زمین ــــ موٹائی کی زمین ــــ
نہری زمین ــــ چاہی زمین ــــ بارانی زمین ــــ بنجر
زمین ــــ ماروز زمین ــــ زرخیز زمین ــــ ریتلی زمین
ــــ کراٹی زمین ــــ ہموار زمین ــــ ناہموار زمین
ــــ نشیبی زمین ــــ شور زمین ــــ زمین فیروزہ
ــــ زمین شور

زمینی: ارضی۔ خاکی۔ بری۔ دنیاوی۔ جہانی۔ عالمی۔ سفلی

زن: ۱۔ عورت۔ ناری۔ تریا۔ استری۔ ابلا۔ تریت۔ بلا۔ امرء۔
نصف بہتر۔ صنف نازک۔ زنانی
۲۔ بیوی۔ زوجہ۔ اہلیہ۔ پتنی۔ جورو۔ لگائی۔ منکوحہ۔
رفیقۂ حیات

زنا: حرام کاری۔ بدکاری۔ بدفعلی۔ چھنالا۔ فحاشی

زناکار: زانی۔ بدکار۔ حرام کار۔ بدفعل۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ بدکردار۔
بداطوار۔ اوباش۔ عیاش۔ تماش بین
زناکاری: بدکاری۔ حرام کاری۔ بدفعلی۔ بدمعاشی۔ بدچلنی۔ بدکرداری۔
بداطواری۔ اوباشی۔ عیاشی۔ تماش بینی

زنار: جنیو۔ مالا

زنان خانہ: زنانہ محل۔ حرم سرا۔ رنواس۔ دارالنساء

زنانہ: ۱۔ زنانی۔ نسائی
۲۔ ہیجڑا۔ زنخا۔ ہیز۔ نامرد

۳۔ پردہ۔ ستر۔ حجاب

زنبور: ۱۔ مکھی۔ مگس۔ بھڑ۔ تتیا۔ دھموڑی۔ بھونڈ
۲۔ سنڈاسی۔ جنبور۔ جمبور۔ سنسی
۳۔ توپ خرد۔ توپک۔ تپک۔ رہکلا

زنبوری: جال دار۔ مشبک۔ خانہ دار۔ سوراخ دار

زنبیل: ۱۔ تھیلی۔ تھیلا۔ جھولا۔ جھولی۔ توبڑا
۲۔ کاسہ گدائی۔ کشکول۔ کچکول۔ کمنڈل۔ شتاق۔ بغلی
۳۔ ٹوکری۔ سبد۔ چابی۔ چنگیر۔ چابا

زنجبیل: زنگبیل۔ سونٹھ۔ خشک ادرک۔ شنٹھ۔ زنگویل۔ جب۔
خرطوم ہندی۔ ململہ۔ زنگبیز۔ شنگیز

زنجیر: بیڑی۔ لڑی۔ سلسلہ۔ کڑی۔ جولان۔ گنڈی۔ سنگی۔ سنگل۔
زنزیر۔ جنجیر۔ سانکل۔ سنکل۔ سنکل۔ پرالی۔ چین۔ جولات

زنجیر بندی: سلسلہ بندی۔ قطار بندی

زنجیرِ حیات — زنجیرِ غم — زنجیرِ نفس —
سلسلۂ زنجیر — حلقۂ زنجیر — زنجیر کی کڑیاں
— زنجیرِ زلف — زنجیرِ گیسو — زنجیرِ جنوں
— زنجیرِ عشق — زنجیرِ خیال — زنجیرِ زر —
زنجیرِ افلاس — زنجیرِ غربت — زنجیرِ مجاز
— زنجیرِ افواہ

زنجیری: ۱۔ بستۂ زنجیر۔ بندھا۔ گرفتار۔ قیدی۔ بندی۔ زندانی۔ محبوس
۲۔ پاگل۔ دیوانہ۔ مجنون۔ جنونی۔ عقل باختہ۔ حواس باختہ۔
فاترالعقل۔ مخبوط الحواس۔ خبطی

زنخا: زنکہ۔ ہیجڑا۔ ہیز۔ زنانہ۔ نامرد۔ بزدل۔ خواجہ سرا

زنخ: ۱۔ زنخدان۔ ٹھوڑی۔ ٹھڈی۔ ذقن
۲۔ طعنہ۔ طعن۔ تشنیع۔ طنز۔ مذا۔ استہزا۔ تضحیک

زنخ زن: طعنہ زن۔ طناز۔ خندہ زن۔ مستہزی۔ مضحک

زندان: قیدخانہ۔ بندی خانہ۔ سجن۔ محبس۔ جیل۔ حوالات۔ کال کوٹھری

گوشۂ زنداں — کنجِ زنداں — دیوارِ زنداں —
زندانی — زندانِ یوسف — زندانِ حیات —
زندانِ غم — زندانِ محبت — خانۂ زنداں

زندانی: قیدی۔ بندی۔ محبوس۔ گرفتار۔ پابند

زندقہ: الحاد۔ کفر۔ بے دینی۔ شرک۔ آتش پرستی۔ مجوسیت

زندگی / زندگانی: ۱۔ زیست۔ حیات۔ جندڑی۔ حیاتی۔ جند۔ لائف۔
بقا۔ جیون۔ ہستی۔ وجود۔ بود
۲۔ عمر۔ اوستا۔ دَم

زندہ: ۱۔ جیتا۔ بقیدِ حیات۔ ذی حیات۔ جان دار۔ ذی روح۔ ذی حس
جیتا جاگتا۔ جیوندا
۲۔ تروتازہ۔ سرسبز۔ شاداب۔ خوش۔ شگفتہ

زندہ دل: خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ظریف۔ دل لگی باز۔ چہل باز۔
ہنسوڑ۔ ہنس مکھ
زندہ دلی: خوش طبعی۔ خوش مزاجی۔ ظرافت۔ دل لگی بازی۔ چہل
بازی۔ ہنسوڑپن

زندیق: زندک۔ پارسی۔ مجوسی۔ آتش پرست۔ گبر۔ ملحد۔ کافر۔

مشرک۔ بے دین

زندیقی: مجوسیت۔ آتش پرستی۔ الحاد۔ کفر۔ شرک۔ بے دینی

زنگ: ۱۔ زنگولہ۔ گھنٹی۔ گھنٹا۔ جھانجھ۔ گھونگرو۔ جھانجر۔ جرس۔
چنگلہ۔ پڑک۔ آلی۔ پھول۔ ذرب۔ ٹہک۔ زنگار
۲۔ زنگار۔ مورچہ۔ پھپھوندی۔ میل۔ خبث۔ کساؤ
۳۔ کدورت۔ رنج۔ رنجش۔ آزردگی۔ غبار
۴۔ سیاہی۔ تاریکی۔ تیرگی

زنگ آلود: ۱۔ میلا۔ کسیلا۔ زنگ خوردہ
۲۔ مکدر۔ متعفن۔ غبار آلود
زنگ خوردہ: زنگ آلود۔ کسیلا۔ میلا

زنگار: زنگ۔ کساؤ۔ مورچہ۔ پھپھوندی۔ میل۔ خبث

زنگاری: سبز۔ ہرا۔ اخضر

زنگولہ: جرس۔ گھنٹی۔ گھنٹا۔ جھانجھ۔ جھانجر۔ گھونگرو۔ جھانجن۔ جھل

زنگی: باشندۂ زنگبار۔ حبشی۔ سیاہ فام۔ کالا۔ اسود

زنہار: ۱۔ ہرگز۔ خبردار
۲۔ امان۔ پناہ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ تحفظ
۳۔ عہد۔ پیمان۔ وعدہ۔ معاہدہ۔ قول۔ بچن
۴۔ امانت۔ ودیعت
۵۔ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت
۶۔ حسرت۔ افسوس۔ تاسف۔ حرمان
۷۔ شتاب۔ جلد

زوّار: زائر۔ حاجی۔ یاتری۔ جاتری

زوال: ۱۔ تنزل۔ ہبوط۔ گھٹاؤ۔ گھٹتی۔ انحطاط۔ اُتار۔ جزر۔
ڈھلاؤ۔ تخفیف
۲۔ ادبار۔ عذاب۔ مصیبت۔ سختی۔ کڑی۔ بپتا۔ صعوبت۔
کم بختی۔ بدبختی۔ بدقسمتی۔ بد اختری۔ بدطالعی۔ بد اقبالی۔
نحوست
۳۔ نقصان۔ خسران۔ ضرر۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ۔ کمی

زوال پذیر: زوال آمادہ۔ مائل بہ انحطاط۔ تغیر۔ متنزل۔ گھٹتا۔ ڈھلتا
زوال پذیری: زوال آمادگی۔ تغیر۔ تغیر و تبدل

زوالِ موسم ــــ زوالِ عمر ــــ زوالِ دولت ــــ
زوالِ حکمرانی ــــ زوالِ وقت ــــ زوالِ اخلاق
ــــ زوالِ حسن

زوائد: فضولیات۔ غیر ضروری امور۔ فالتو اشیا

زوج: جوڑا۔ جوڑی۔ جفت۔ زن و شوہر۔ میاں بیوی

زوجہ: اہلیہ۔ بیوی۔ جورو۔ پتنی۔ منکوحہ۔ لگائی۔ گھروالی۔ بیگم۔
رفیقۂ حیات۔ شریکِ حیات

زُود: ۱۔ جلد۔ تیز۔ شتاب۔ سریع
۲۔ جلدی۔ ترت۔ فوراً۔ ابھی۔ عاجلاً۔ معاً۔ فی الفور۔ جھٹ۔
ہماندم

زود حس: ذکی الحس۔ تیز حس۔ حساس۔ سریع الاحساس
زود حسی: ذکاوتِ حس۔ تیز حسی۔ حساسیت
زود رنج: تنک مزاج۔ سریع الغیظ۔ سریع الاشتعال
زود رنجی: تنک مزاجی
زود فہم: تیز فہم۔ سریع الفہم۔ ہوشیار۔ ذکی
زود فہمی: تیز فہمی۔ ہوشیاری۔ ذکاوت

زودنویس: تیزنویس۔ تیزقلم۔ سریع التحریر
زودنویسی: تیزنویسی۔ تیزقلمی

زودبود — زودنقد — زودآشنا — زود پریشاں — زودپشیماں — زودہضم — زودرس — زودفربہ — زودلاغر — زود آشتی — زودخیز — زودکار — زودنگاری — زودکاری

زودی: جلدی۔ تیزی۔ شتابی۔ عجلت۔ سرعت

زور: ۱۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ سکت۔ شکتی۔ بل۔ کس۔ قدرت۔ تاب۔ پاور۔ کن
۲۔ اختیار۔ قابو۔ بس۔ تسلط۔ غلبہ
۳۔ زبردستی۔ جبر۔ ظلم۔ ستم۔ بیداد
۴۔ زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔ فراوانی۔ بیشی۔ افزونی
۵۔ محنت۔ کوشش۔ کاوش۔ سعی۔ جدوجہد۔ مشقت۔ ورزش
۶۔ سہارا۔ مدد۔ حمایت۔ اعانت۔ دستگیری
۷۔ نرالا۔ نادر۔ عجیب۔ انوکھا
۸۔ بڑا۔ بہت۔ زیادہ۔ بیش۔ سخت۔ شدید

زورآزما: طاقت آزما۔ قوت آزما۔ پہلوان
زورآزمائی: طاقت آزمائی۔ قوت آزمائی۔ پہلوانی
زورآور: طاقت ور۔ قوی۔ شکتی مان۔ بلوان۔ توانا۔ زبردست۔ قادر۔ بلونت
زورآوری: طاقت وری۔ قوت۔ توانائی۔ شکتی۔ بل۔ قدرت۔ زبردستی
زورخانہ: اکھاڑا۔ ورزش گاہ
زوردار: طاقت ور۔ قوی۔ پُرجوش۔ پُرزور
زورمند: قوی۔ توانا۔ طاقت ور۔ بلوان۔ بلونت۔ شکتی مان۔ زورآور
زورمندی: زورآوری۔ قوت۔ توانائی۔ طاقت وری۔ بل۔ شکتی۔ قدرت

زوربازو — زورتوڑنا — زورگھٹنا — زورِطبیعت — زورِظلم — زورِقلم — زورشور

زَورق: ۱۔ کشتی۔ ناؤ۔ نیّا۔ سفینہ۔ بجرا۔ ڈونگا۔ چھلک۔ غراب۔ ڈونگیا
۲۔ کلاہِ درویش

زون: علاقہ۔ حلقہ۔ منطقہ

زہ: ۱۔ جناپا۔ جنائی۔ زچگی
۲۔ بچہ۔ طفل۔ اولاد۔ سنتان۔ ذریت
۳۔ شاباش۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ خوب۔ خوشا۔ آفریں
۴۔ چلّہ۔ کمان
۵۔ جھالر۔ فیتہ۔ سنجاف۔ گوٹ۔ کناری۔ لیس
۶۔ کنارہ۔ منڈیر۔ کنگرہ

زُہّاد: زاہدین۔ عُبّاد۔ عابدین۔ اتقیا۔ پارسایان۔ پرہیزگاران

زہار: شرم گاہ۔ اندام نہانی۔ پیڑو۔ زیرِ ناف بدن

زُہد: پرہیزگاری۔ تقویٰ۔ عبادت۔ ریاضت۔ تپسیا۔ مجاہدہ۔ ورع۔ تورع۔ تقشف

زہر: ۱۔ سم۔ بس۔ وِش۔ وِس۔ سم الفار
۲۔ کڑوا۔ تلخ۔ ناخوش گوار۔ بدذائقہ
۳۔ غضب۔ غیظ۔ غصہ۔ خشم۔ کرودھ۔ تیہا
۴۔ مہلک۔ قاتل۔ کشندہ۔ ہلاہل
۵۔ مضر۔ آزاردہ۔ آزاررساں۔ مضرت رساں۔ نقصان دہ۔ تکلیف دہ

زہرآلود : زہرآگیں۔ زہرآمیز۔ زہرناک۔ زہریلا۔ بِس بھرا

زہرمہرہ : تریاق۔ فادزہر۔ پادزہر۔ ردِّ زہر

زہریلا : زہرآلود۔ زہرآگیں۔ زہرآمیز۔ زہرناک۔ بِس بھرا۔ زہری

زہر کی پڑیا ــــ زہر قاتل ــــ زہر پھیلنا ــــ زہر اُگلا ــــ زہر میں بُجھانا ــــ زہرمار ــــ زہر نوش

زَہرا : ۱۔ درخشاں۔ رخشاں۔ تاباں۔ درخشندہ۔ رخشندہ۔ تابندہ۔ چمکیلی
۲۔ خوب صورت۔ خوب رو۔ خوش رُو۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ حسینہ۔ جمیلہ
۳۔ (کنایۃً) بنتِ رسول اللہؐ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا

زَہرہ : ۱۔ پِتّا۔ کیسۂ صفرا۔ تلخہ
۲۔ دلیری۔ دلاوری۔ جرأت۔ حوصلہ۔ ہمت۔ شجاعت۔ بہادری

زہرہ گداز : سخت تکلیف دہ۔ کرب ناک۔ کرب انگیز۔ اذیت ناک

زہرہ گدازی : کرب ناکی۔ کرب انگیزی۔ اذیت ناکی

زُہرہ : شُکر۔ ناہید۔ مطربۂ فلک۔ رقاصۂ فلک۔ سعد اکبر۔ ناہدہ۔ بیدخت۔ پری دخت۔ خاتونِ فلک۔ خنیاگرِ آسماں۔ لولیِ فلک۔ شکر۔ سوکر۔ ستارۂ سحر و شام۔ شب آہنگ۔ عروسِ ارغنوں

زہرہ جبیں ــــ زہرہ در میزان ــــ زہرۂ شب ــــ زہرہ رخ ــ زہرہ انداز

زہری : ۱۔ بِس بھرا۔ زہردار۔ زہرناک۔ زہرآگیں۔ زہرآمیز
۲۔ شریر۔ شرارتی۔ شرانگیز۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ متفنی۔ فتنہ انگیز

زہے : واہ واہ۔ شاباش۔ سبحان اللہ۔ مرحبا۔ خوشا

زیادت : زیادتی۔ بیشی۔ اضافہ۔ بڑھاؤ

زیادتی : ۱۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ بیشی۔ فراوانی
۲۔ شدت۔ سختی
۳۔ ظلم۔ زبردستی۔ جبر۔ غلبہ۔ تعدی۔ جور۔ ستم۔ بیداد

زیادہ : ۱۔ بہت۔ افزوں۔ بیش۔ بہ افراط۔ کثیر۔ فراواں۔ بسیار۔ خیلے
۲۔ زائد۔ فاضل۔ فالتو

زیادہ تر : بیش تر۔ اکثر۔ افزوں تر

زیادہ طلب : زیادہ خواہ۔ زیادہ ستاں

زیادہ طلبی : زیادہ خواہی۔ زیادہ ستانی

زیادہ گو : فضول گو۔ یاوہ گو۔ طول گو۔ بکواسی۔ بکی۔ جھکی

زیادہ گوئی : فضول گوئی۔ یاوہ گوئی۔ طول گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ جھک۔ جھک جھک

زیارت : درشن۔ دید۔ دیدار۔ حاضری۔ سلامی۔ تیرتھ۔ یاترا۔ جاترا۔ نظارہ۔ لقا۔ ملاقات۔ حضوری۔ جات

زیارت گاہ : تیرتھ۔ مقدس مقام۔ متبرک مقام۔ درگاہ۔ مقبرہ

زیاں : خسران۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ ضرر۔ حرج

زیاں کار : ۱۔ مضر۔ نقصان دہ۔ مضرت رساں
۲۔ نقصان زدہ۔ خسارہ زدہ

زیاں کاری : ۱۔ مضرت رسانی۔ نقصان دہی
۲۔ نقصان زدگی۔ خسارہ زدگی

زیب: ١۔ آرائش۔ آراستگی۔ زینت۔ تزئین۔ سجاوٹ
٢۔ خوش نمائی۔ خوب صورتی۔ حسن۔ سندرتا۔ رعنائی

زیبا: ١۔ آراستہ۔ مزین۔ سجیلا۔ سجل
٢۔ خوش نما۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ شکیل۔ سندر۔ رعنا

زیبائش / زیبائی: ١۔ آرائش۔ آراستگی۔ زینت۔ تزئین۔ سجاوٹ۔ تجمیل۔
٢۔ خوش نمائی۔ خوب صورتی۔ حسن۔ جمال۔ سندرتا۔ رعنائی۔
تجمل۔ سج دھج۔ آب وتاب۔ شان وشوکت۔ تزک واحتشام۔
کرّوفر۔ ٹھاٹھ باٹھ۔ دھوم دھام

زیتون: اَس۔ زیت۔ چلپائی کاٹھ

زیٹ: یاوہ گوئی۔ فضول گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ جھک۔ زٹ۔
ہرزہ سرائی۔ بڑ۔ گپ۔ بے پرکی۔ جھوٹ۔ کذب۔ شیخی۔
دروغ

زیچ: جنتری۔ تقویم

زیر: آوازِ باریک۔ دھیمی آواز۔ نچلا سُر

زیر: ١۔ نیچے۔ تحت۔ تلے۔ پائیں۔ زیریں
٢۔ پست۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ مغلوب۔ مفتوح
٣۔ کسر۔ کسرہ۔ جر
٤۔ ہنا۔ نیو

زیربار: مقروض۔ ممنون۔ مغلوب۔ زیرِ احسان۔ زیرِ قرضہ
زیرباری: مقروضی۔ ممنونیت۔ مغلوبیت
زیرپائی: جوتی۔ پیزار۔ کفش۔ پاپوش۔ نعل۔ پاافزار
زیرجامہ: تہ جامہ۔ تہ پوشش۔ انگیا۔ محرم۔ بنیان۔ اندر دبیر۔
کاچا۔ چھوٹے کپڑے۔ جانگیا
زیرحراست: گرفتار۔ قیدی۔ بندی۔ مقید۔ زندانی۔ محبوس
زیرحکومت: محکوم۔ ماتحت۔ رعیت۔ رعایا۔ پرجا
زیرخاک: تہِ خاک۔ زیرِ زمین۔ تہِ زمین۔ مدفون
زیردست: ١۔ ماتحت۔ محکوم۔ مغلوب۔ مظلوم۔ مفتوح۔ ہتھانئد
٢۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف
زیردستخطی: دستخط کنندۂ ذیل
زیردستی: ١۔ ماتحتی۔ محکومی۔ محکومیت۔ مظلومی
٢۔ کمزوری۔ ضعف۔ ناتوانی
زیرزمیں: زمیں دوز۔ زیرِ خاک۔ تہِ خاک۔ تہِ زمیں۔ مدفون
زیرسایہ: ١۔ زیرِ حمایت۔ زیرِ پناہ۔ پناہ گزین۔ پناہ گیر
٢۔ ہمسایہ۔ پڑوسی
زیرلب: آہستہ۔ دھیما۔ مدھم
زیرنظر: ١۔ زیرِ نگاہ۔ زیرِ مطالعہ۔ زیرِ مشاہدہ
٢۔ زیرِ حراست۔ گرفتار۔ قیدی۔ بندی۔ مقید۔ پابند۔
زندانی۔ محبوس
زیرنگیں: زیرِ حکومت۔ زیرِ عمل۔ محکوم۔ رعیت۔ رعایا۔ پرجا
زیروزبر: تہ وبالا۔ الٹ پلٹ۔ تباہ۔ برباد۔ غارت

زیرکرنا — زیرِ مشق — زیرِ تجویز —
زیرِ نظر رکھنا — زیرِ غور — زیرِ بند — زیرِ
تربیت — زیرِ قلم — زیرِ عتاب — زیرِ
شفقت — زیرافگند (تو لک، موسیقی کی
ایک دھن کا نام) — زیرانگن — زیرِ بُر —
زیر بُری — زیر چاق — زیرِ حلق — زیرِ کاسہ
— زیر گوشش — زیرِ گاہ — زیرِ میانہ
— زیرلبی — زیرِ نشین

زیرک: دانا۔ عقل مند۔ صاحبِ فراست۔ عاقل۔ دانشمند۔ عقیل فہیم۔
باشعور۔ صاحبِ شعور۔ بُدھی وان۔ ذہین

زیرکی: دانائی۔ عقلمندی۔ فراست۔ دانش مندی۔ باشعوری۔ سمجھ بوجھ

زیریں: نچلا۔ زیریا۔ پست۔ نشیبی

زیست: ۱۔ زندگی۔ حیات۔ جیون۔ ہستی۔ وجود۔ بود۔ زندگانی۔
۲۔ عمر۔ ادستا

زین: کاٹھی۔ سرج۔ چار جامہ۔ پالان

زینت: آرائش۔ زیبائش۔ سجاوٹ۔ سج دھج۔ آراستگی۔ زرق برق۔ زیبائی۔ تجمل۔ تجمیل۔ خوب صورتی۔ حسن۔ جمال۔ سندرتا۔ طمطراق۔ ٹھاٹ۔ تزک۔ کرّ و فر۔ حشم۔ شان۔ خدم۔ پیو

زینہ: سیڑھی۔ پرکالا۔ نردبان۔ پوڑی

زیور: گہنا۔ پاتا۔ ٹوم۔ حلیہ۔ جیولری

اردو کا آخری الف لاحقہ، بہ تقلید فارسی ہ کی شکل میں لکھا جاتا ہے۔ مثلاً، لہسوڑہ، چونہ، سہرہ، سہجنہ، ہیرہ۔ اسی طرح مالوہ، بنگالہ، اور بگلانہ وغیرہ۔

عالم گیر کے عہد میں فضائل خاں کے عرض کرنے پر، کہ ہندی رسم الخط میں اسم و کلمے کے آخر میں ہ نہیں آیا کرتی بلکہ الف ہوتا ہے، اس لیے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایسے الفاظ کو الف کے ساتھ لکھا جائے، عالمگیر نے یہ تجویز پسند کی اور حکم دے دیا کہ آیندہ ایسے الفاظ الف کے ساتھ لکھے جائیں۔ یعنی مالوہ کو مالوا، بنگالہ کو بنگالا، وقس علیٰ ہذا۔

اس فرمان کی تعمیل نہ صرف شاہی دفاتر اور ٹکسالوں میں ہوئی بلکہ اردو خواں لوگوں نے بھی یہی املا اختیار کر لیا، اور آیندہ لہسوڑا، چونا، سہرا، سہجنا اور ہیرا لکھا جانے لگا۔

(مقدمہ "پنجاب میں اُردو" از حافظ محمود شیرانی)

ژاژ: ۱۔ فضول گفتگو۔ کلامِ لایعنی۔ بکواس۔ بک بک۔ جک۔ خرافات۔ جک جک
۲۔ کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک۔ گودڑ۔ گر بہ

ژاژخاگو: فضول گو۔ بے ہودہ گو۔ لغوگو۔ یاوہ گو۔ بکواسی۔ بکی۔ جکی
ژاژخائی/گوئی: فضول گوئی۔ بے ہودہ گوئی۔ لغوگوئی۔ یاوہ گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ جک۔ جک جک

ژالہ: ۱۔ اولا۔ تگرگ۔ اَبن۔ گڑا
۲۔ پالا۔ کہر۔ دھند

ژرف: گہرا۔ عمیق۔ ڈونگھا

ژرف نگاہ: ژرف بیں۔ عمق بیں۔ عمیق النظر

ژرف نگاہی: ژرف بینی۔ عمق بینی۔ امعانِ نظر۔ نظر تعمق

ژولیدگی: پریشانی۔ درہمی۔ برہمی۔ انتشار۔ پراگندگی۔ الجھن

ژولیدہ: پریشان۔ درہم۔ برہم۔ منتشر۔ پراگندہ۔ اُلجھا

ژولیدہ بیان: پریشان گو۔ بے ربط مقرر
ژولیدہ بیانی: پریشان گوئی۔ بے ربط تقریر۔ غیر مربوط تقریر
ژولیدہ حال: پریشان حال۔ خستہ حال۔ بدحال
ژولیدہ حالی: پریشان حالی۔ خستہ حالی۔ بدحالی
ژولیدہ مُو: پریشان بال۔ پریشان مُو
ژولیدہ مُوئی: پریشان بالی۔ پریشان مُوئی

ژیاں: غضب ناک۔ خوف ناک۔ خشم ناک۔ دہشت ناک۔ ہیبت ناک۔ غیظ آلود۔ پُرغضب۔ پُرہیبت۔ ہول ناک

سا: آسا۔ نمط۔ مثل۔ مانند۔ بسان۔ ماننا۔ ساں۔ گویا۔ مشابہ۔ موافق۔ مطابق

سابع: ساتواں۔ ہفتم۔ ہفتمیں

سابق: ۱۔ اول۔ اگلا۔ پہلا۔ متقدم۔ پیشیں۔ قدیم
۲۔ پچھلا۔ گزشتہ۔ رفتہ۔ باستاں۔ پارینہ

سابقہ: ۱۔ اولیٰ۔ اگلی۔ پہلی۔ متقدم۔ پیشیں۔ قدیمی۔ پچھلی۔ گزشتہ
۲۔ مذکورہ بالا۔ قبل الذکر
۳۔ تعلق۔ واسطہ۔ علاقہ۔ معاملہ
۴۔ پیش وند

سات: سپت۔ ہفت۔ سبع۔ ست

ساتواں: ہفتم۔ سابع
سات پانچ: ۱۔ چالاکی۔ چالبازی۔ عیاری۔ مکاری۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ پکا۔ جھانسا۔ چھل
۲۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عذر
۳۔ حجت۔ تکرار۔ بحث۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ تنفیہ۔ تنازع۔ نزاع

سات پردوں میں رکھنا ـــ سات تولوں سے منہ کالا کرنا ـــ سات دھار ہو کر نکلنا ـــ سات سہاگنوں کا ہاتھ لگوانا ـــ سات گھر بھیک مانگنا ـــ سات گھر جھانکنا

| سات سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی

ساتر: پوشندہ۔ پردہ پوش۔ عیب پوش۔ ستار

ساتگیں: ۱۔ پیالہ۔ پیمانہ۔ ساغر۔ جام۔ کاسہ۔ قدح
۲۔ (کنایتہً) محبوب۔ معشوق۔ پریتم۔ پیتم۔ ساجن۔ بام

ساتھ: ۱۔ ہمراہی۔ معیت۔ رفاقت۔ سنگت۔ جلو۔ ہمرکابی۔ باہم
۲۔ شرکت۔ شمول۔ شمولیت۔ ساجا۔ سمیت۔ سنگ۔ بدو۔ بہہ۔ گیل۔ سداں
۳۔ صحبت۔ مصاحبت۔ مجالست۔ ہم نشینی۔ ہم بزمی۔ ہم مجلسی۔ دوستی۔ محبت۔ مودت
۴۔ میل جول۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ راہ رسم۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ ارتباط۔ اتحاد
۵۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ حزب۔ دل
۶۔ گلہ۔ ریوڑ۔ غول

ساتھی: ۱۔ ہمراہ۔ رفیق۔ سنگتی۔ سنگی
۲۔ شریک۔ شامل۔ ساجھی
۳۔ مصاحب۔ جلیس۔ ہم نشیں۔ ہم بزم۔ ہم مجلس۔ ہم صحبت۔ دوست۔ ندیم۔ حبیب۔ بیلی۔ یار۔ میل۔ مِتر۔ ہم جلیس۔ ہمراہی۔ جوٹ۔ سنگاتی۔ سَجن۔ ہمراز۔ ہمسفر

ساٹن: اطلس۔ ساٹن۔ سٹین۔ تافتہ۔ دارائی

ساٹھ: شست (شصت)۔ شستون۔ سَٹھ

ساجد: سجدہ ریز۔ سرافگندہ

ساجن: ۱۔ محبوب۔ معشوق۔ پریتم۔ پیتم۔ بالم
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ مالک۔ پتی۔ خصم
۳۔ حاکم۔ سردار۔ قائد۔ سرگروہ۔ سرخیل۔ سرغنہ۔ سرکردہ۔ سربرآوردہ

ساجھا: شرکت۔ شراکت۔ حصہ داری۔ پتی داری۔ رفاقت۔ ساتھ

ساجھی: شریک۔ ساتھی۔ حصہ دار۔ پتی دار۔ رفیق۔ ہمراہ

ساحر: جادوگر۔ افسوں گر۔ افسوں ساز۔ شعبدہ باز۔ سیمیاگر۔ نیرنگ ساز۔ طلسم گر

ساحری: جادوگری۔ افسوں گری۔ افسوں سازی۔ شعبدہ بازی۔ جادو۔ سیمیاگری۔ نیرنگ سازی۔ طلسم گری

ساحل: کنارہ۔ کراں۔ کرانہ۔ پایاں۔ ڈھانگ۔ تٹ۔ اور۔ لبِ بحر۔ پتن۔ کنڈا۔ کنارِ دریا۔ آبشخور۔ تڑ۔ پال۔ کپ۔ بنا۔ پٹن۔ پاگ

ساحلِ عافیت ـــ ساحلِ مرگ ـــ ساحلِ دریا ـــ ساحلِ بحر ـــ آبِ ساحل ـــ موجِ ساحل ـــ خمیازۂ ساحل ـــ ساحلِ خشک ـــ لبِ ساحل ـــ بساطِ ساحل ـــ چراغِ ساحل ـــ آوازِ ساحل

ساخت: ۱۔ بناوٹ۔ ترکیب۔ ترتیب۔ گھڑت۔ بُنت
۲۔ صورت۔ شکل۔ قطع۔ ڈول
۳۔ سانچا۔ قالب

ساختگی: بناوٹ۔ ساختگی جعل۔ تکلف

ساختہ: ۱۔ بنایا۔ تیار کردہ۔ مجعول۔ مصنوع
۲۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ جعلی۔ جھوٹا۔ نقلی

ساختہ پرداز: بنایا سنوارا۔ کیا کرایا۔ کیا دھرا۔ پروردہ۔ پالا پوسا

سادس: چھٹا۔ ششم

سادگی: ۱۔ صفائی۔ بے ساختگی۔ ساذجت
۲۔ صاف دلی۔ صاف باطنی۔ راست بازی۔ سچائی۔ صدق۔ صداقت۔ بے کپٹ
۳۔ سیدھا پن۔ سادہ لوحی۔ سادہ مزاجی۔ سادہ طبعی۔ بھولا پن۔ سادہ خاطری
۴۔ بے تکلفی۔ بے ریائی۔ عدم تصنع۔ بے نمائشی۔ بے آرائشی

سادگیِ حسن ـــ سادگیِ لباس ـــ سادگیِ زندگی ـــ سادگیِ مزاج ـــ سادگیِ خیال ـــ سادگیِ تحریر

سادہ: ۱۔ صاف۔ کورا۔ بے داغ۔ بے نقش۔ بے لکھا۔ ساذج
۲۔ بے ریش و بروت۔ بے سبزہ۔ بے گیاہ
۳۔ بے ہنر۔ بے سلیقہ

۴۔ بھولا بھالا۔ سیدھا
۵۔ خالص۔ بے میل۔ کھرا۔ ناب۔ نرل
۶۔ بے تکلف۔ بے ریا۔ بے نمود۔ بے نمایش
۷۔ خالی۔ تہی
۸۔ احمق۔ نادان۔ بے وقوف۔ ابلہ۔ مورکھ۔ بے سمجھ۔ بے عقل۔ نافہم

سادہ دل: ۱۔ صاف دل۔ بے ریا۔ بے کینہ۔ صاف باطن۔ مخلص
۲۔ بھولا بھالا۔ سادہ لوح۔ سادہ مزاج
۳۔ بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ ابلہ۔ مورکھ۔ بے سمجھ۔ بے عقل۔ نافہم

سادہ دلی: ۱۔ صاف دلی۔ بے ریائی۔ صاف باطنی۔ اخلاص۔ خلوص۔ صفائے باطن۔ تصفیۂ قلب
۲۔ بھولپن۔ سادہ لوحی۔ سادہ مزاجی
۳۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ حمق۔ نادانی۔ ابلہی۔ مورکھ پن۔ بے سمجھی۔ بے عقلی۔ نافہمی

سادہ رُو: بے ریش و بروت۔ اَن داڑھیا۔ اَمرد

سادہ طور: سادہ وضع۔ بے تکلف۔ بے نمایش۔ بے تصنع۔ بے نمود۔ بے ریا

سادہ لوح: ۱۔ بھولا بھالا۔ سیدھا سادہ۔ سادہ دل۔ سادہ مزاج
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ ابلہ۔ مورکھ۔ بے سمجھ۔ بے عقل۔ نافہم

سادہ لوحی: ۱۔ بھولپن۔ سادہ دلی۔ سادہ مزاجی
۲۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ ابلہی۔ حماقت۔ حمق۔ مورکھ پن۔ بے سمجھی۔ بے عقلی۔ نافہمی

سفلہ پن/سفلگی: نیچ پن۔ کمینہ پن۔ پاجی پن۔ رذالت۔ اوچھاپن۔
چھچھوراپن۔ کم ظرفی۔ تنگ ظرفی۔ تنک ظرفی۔ نالائقی۔ نااہلی

سِفلی: پست۔ ادنیٰ۔ نچلا۔ کم درجہ۔ کم رتبہ۔ حقیر۔ ذلیل۔ جادو ٹونا

سفلی عمل: کالا جادو۔ کالا علم۔ شیطانی عمل

سفوف: برادہ۔ چورا۔ چورن۔ آرد۔ آٹا۔ سحیق۔ پوڈر

سفید: سپید۔ ابیض۔ چٹا۔ دھولا۔ اجلا۔ براق۔ بگا۔ دودھیا۔
کافوری۔ صبیح۔ گورا۔ صاف۔ روشن۔ سادہ۔ کورا۔ اسپید۔
خشین۔ خشینہ۔ ساچی۔ سپی

سفید پوش: بھلا مانس۔ شریف۔ وضع دار۔ باوضع
سفید پوشی: بھل منسی۔ بھلمنساہٹ۔ شرافت۔ وضعداری
سفید و سیاہ: نشیب و فراز۔ برا بھلا۔ نیک و بد۔ انتظام۔
بندوبست۔ نظم و نسق

سفیدی: سپیدی۔ بیاض۔ چٹاپن۔ دھولاپن۔ اجلاپن۔ صباحت۔
براقی۔ گوراپن۔ صفائی۔ چلا

سفیر: قاصد۔ ایلچی۔ رسول۔ پیامبر۔ پیغامبر۔ پیامی۔ پیام رساں۔
نامہ بر۔ وکیل۔ مختار۔ دُوت۔ نمائندہ۔ مندوب۔ فرستہ۔
ڈیلی گیٹ۔ وفد۔ ترجمان۔ فرستادہ۔ بچولیا۔ برید۔ ہرکارہ

سفینہ: ۱۔ جہاز۔ کشتی۔ فلک۔ ناؤ۔ نیا۔ بجرا۔ ڈونگا۔ غراب
۲۔ بیاض۔ دفتر۔ نوٹ بک
۳۔ پروانہ۔ اطلاعنامہ۔ سمن

سفیہ: ۱۔ احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ بے عقل۔ ابلہ۔ مورکھ۔ ناسمجھ۔
بے سمجھ۔ نافہم
۲۔ کمینہ۔ پاجی۔ نیچ۔ رذیل۔ سفلہ۔ کم ظرف

سقّا: آب رساں۔ آب کش۔ آب پاش۔ ماشکی۔ بہشتی۔ پن بھرا
جھینور۔ چیور۔ دھینور

سقائی: آب رسانی۔ آب کشی۔ آب پاشی۔ سیرابی

سَقَر: دوزخ۔ جہنم۔ جحیم۔ دارالبوار۔ نرک

سقف: چھت۔ بام۔ عرش۔ شامیانہ۔ سائبان

سقفی: (منسوب بہ "سقف") ۱۔ چھت والا
۲۔ شہتیر

سُقم: ۱۔ بیماری۔ آزار۔ علت۔ علالت۔ دکھ۔ روگ۔ مرض
۲۔ عیب۔ نقص۔ خامی۔ کمی۔ خرابی۔ ابتری

سقوط: ۱۔ گراوٹ۔ قطع۔ انقطاع۔ عدم۔ اخراج۔ اضاعت
۲۔ ہزیمت۔ شکست۔ ہار

سقوطِ حمل: اضاعتِ حمل۔ گربھ پات

سقیم: ۱۔ بیمار۔ مریض۔ آزاری۔ علیل۔ روگی۔ دکھی
۲۔ عیب دار۔ پُرعیب۔ معیوب۔ ناقص۔ ناکارہ۔ خراب۔
ابتر۔ خستہ۔ ردّی

سقیم الحال: خراب حال۔ خستہ حال۔ زار و نزار۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ نقیہ۔ بیمار۔ رنجی۔ علیل۔ مریض۔ آزاری۔ نحیف

سکالر: عالم فاضل۔ دانشمند۔ دانشور۔ صاحب علم

سکالرشپ: ۱۔ علمیت۔ فضیلت۔ دانشمندی۔ دانشوری
۲۔ وظیفۂ تعلیم

سکت: طاقت۔ قوت۔ توانائی۔ بل۔ شکتی۔ قدرت

سُکر: نشہ۔ خمار۔ بے ہوشی۔ مدہوشی۔ مستی

سکرپٹ: مسودہ۔ تحریر۔ رسم الخط۔ لپی

سکرٹ: سایا۔ لہنگا۔ غرارہ

سکرین: پردہ۔ آڑ۔ ٹٹی۔ اوٹ

سُکڑا: تنگ۔ بھچا۔ سمٹا۔ جکڑا

سُکڑاؤ: جکڑاؤ۔ تنگی۔ اینٹھن۔ ٹھٹھراؤ۔ سمٹاؤ

سکنہ: جائے سکونت۔ سکونت گاہ۔ مسکن۔ قیام گاہ۔ دارالقیام۔ اقامت گاہ۔ دارالاقامت۔ قرار گاہ۔ مستقر

سکنی: سکونتی۔ قابلِ سکونت۔ رہائشی

سکوت: خاموشی۔ صمت۔ لب بستگی۔ مَون۔ چپ

سکون: ۱۔ ٹھہراؤ۔ قرار۔ جمود۔ بے حرکتی۔ نچلا پن
۲۔ خاموشی۔ صمت۔ مون۔ لب بستگی۔ چپ
۳۔ امن و امان
۴۔ آرام۔ سکھ۔ چین۔ راحت۔ آسائش۔ تسکین۔ دلجمعی۔ جمعیت خاطر۔ تسلی۔ تشفی

سکونِ دل ــــ سکونِ حیات ــــ سکونِ معاشرہ ــــ سکونِ جاں ــــ سکونِ اولاد ــــ سکونِ خانہ

سکونت: ۱۔ رہائش۔ بود و باش۔ قیام۔ بود و ماند
۲۔ مسکن۔ قیام گاہ۔ اقامت گاہ۔ دارالقرار۔ مستقر۔ ٹھکانا

سِکّہ: ۱۔ ٹھپا۔ ضرب۔ چھاپ
۲۔ زرِ مسکوک۔ زرِ منقوش۔ معیاری زر۔ ڈھلا ہوا زر۔ روپیہ پیسہ
۳۔ طرز۔ روش۔ طریقہ۔ انداز۔ ڈھنگ۔ قاعدہ۔ قانون
۴۔ رعب۔ داب۔ دبدبہ۔ جلال۔ شان۔ شکوہ۔ سطوت۔ شوکت
۵۔ سیسہ۔ سرب۔ رصاص

سکہ بند: پختہ۔ پکا۔ سچا۔ معیاری۔ ٹکسالی

سکۂ چہرۂ شاہی ــــ سکہ رائج الوقت ــــ سکۂ زن ــــ سکۂ جعلی

سُکھ: ۱۔ چین۔ آرام۔ راحت۔ آسائش۔ آسودگی۔ سکون۔ خوشی۔ تسکین۔ خرسندی۔ خرمی۔ شادمانی۔ ہرکھ۔ آنند۔ پرسنتا۔ کل۔ فراغت
۲۔ صحت۔ تندرستی۔ بشاشت۔ رفاہ
۳۔ امن و امان۔ سکون و اطمینان۔ شانتی

سکھائی/سکھلائی: تعلیم۔ تربیت۔ پڑھائی۔ ٹریننگ۔ آموزش

سکھی: سہیلی۔ ساتھن۔ ہم جولی۔ گوئیاں۔ مصاحبہ

سُکھی: ۱۔ آسودہ۔ مطمئن۔ خوش۔ خورسند۔ خرم۔ شادماں
۲۔ صحت مند۔ تندرست۔ ہشاش بشاش۔ صحت ور
۳۔ امون و معصون

سکیچ: خاکہ۔ ڈھانچا۔ مرقع

سکیل: پیمانہ۔ اندازہ۔ تجویزہ۔ شرح

سکیم: منصوبہ۔ تجویز۔ تدبیر۔ مصلحت

سگ: کُتا۔ کلب۔ کُوکر

سگا: حقیقی۔ قریبی۔ یگانہ۔ اپنا۔ عزیز۔ رشتہ دار۔ خویش۔ خون کا رشتہ۔ سگا۔ کھرا۔ صاف۔ ایک ماں باپ کا۔ ایک خون کا۔ خاص۔ جگری

| باپ کا سگا نہ ماں کا سگا

سگائی: منگنی۔ نسبت۔ قرابت داری۔ گڑمائی

سگنل: اشارہ۔ رمز۔ ایما۔ کنایہ۔ علامت۔ اطلاع۔ خبر

سگھڑ: ۱۔ تمیز دار۔ باتمیز۔ سلیقہ مند۔ خوش سلیقہ۔ خوش اسلوب۔ باشعور۔ ذی شعور۔ سلیقہ شعار۔ عالی طبع۔ صاحبِ تمیز
۲۔ سڈول۔ خوش قطع۔ خوش وضع۔ خوبصورت
۳۔ ہنرمند۔ ہنرور۔ باہنر۔ کاریگر۔ دست کار۔ صناع

سگھڑپن / سگھڑاپا / سگھڑائی: ۱۔ سڈول پن۔ خوش قطعی۔ خوبصورتی۔ خوش وضعی
۲۔ تمیز داری۔ سلیقہ مندی۔ خوش سلیقگی۔ خوش اسلوبی۔ سلیقہ شعاری
۳۔ ہنرمندی۔ ہنروری۔ کاریگری۔ دست کاری

سِل: دق۔ راج روگ۔ پُرانا دمہ۔ بلغمی کھانسی

سِل: پتھر۔ پارۂ سنگ۔ سان۔ سنگ فساں

سلاح: ہتھیار۔ حربہ۔ آلۂ جنگ۔ آلۂ حرب۔ اوزار۔ شستر

سلاح بند: ہتھیار بند۔ مسلح۔ لیس۔ تیار۔ شستر دھاری۔ سلاح پوش

سلاح بندی: ہتھیار بندی۔ تیاری۔ سلاح پوشی

سلاح شور / سلحشور: ۱۔ سلاح بند۔ سلاح پوش۔ مسلح۔ لیس۔ تیار۔ آراستہ۔ شستر دھاری
۲۔ سپاہی۔ پیادہ۔ جنگ جو۔ جنگ آزما۔ لڑاکا۔ عسکری۔ لشکری
۳۔ داروغۂ اسلحہ خانہ

سلاخ: سلائی۔ سریا۔ کیل۔ چھڑی۔ سیخ۔ سینک

سلاست: آسانی۔ سلیس پن۔ سادگی۔ روانی۔ نرمی۔ ملائمت۔ صفائی۔ ہمواری۔ فصاحت

سلاستِ زبان — سلاستِ تقریر — سلاستِ تحریر — سلاستِ بیان — سلاستِ شعر

سلام: تسلیم۔ تسلیمات۔ آداب۔ کورنش۔ بندگی۔ تحیہ۔ مجرا۔ ڈنڈوت۔ پرنام۔ نمسکار۔ نمستے۔ تعظیم۔ اکرام۔ سلامتی۔ بندگی۔ رام رام۔ جے گوپال۔ اشیرباد۔ یا واللہ۔ عشق اللہ۔ زندہ باش۔ واہگرو۔ آداب عرض۔ السلام علیکم

سلامت: ۱۔ خیریت۔ عافیت۔ حفاظت۔ امنیت۔ حمایت۔ رکھشا۔
بچاؤ۔ تحفظ۔ حفاظت۔ حفظ
۲۔ تندرستی۔ صحت
۳۔ زندگی۔ حیات۔ بقا۔ زیست۔ زندگانی
۴۔ قیام۔ برقراری۔ وجود
۵۔ محفوظ۔ مامون۔ مصئون۔ سالم
۶۔ صحیح۔ تندرست۔ صحت مند۔ چنگا
۷۔ زندہ۔ موجود۔ بقید حیات

سلامت روی: میانہ روی۔ راست روی۔ استقامت۔ پاکبازی

سلامتی: ۱۔ خیریت۔ عافیت۔ حفاظت۔ امنیت۔ حمایت۔ بچاؤ۔ رکھشا
تحفظ۔ حفظ
۲۔ تندرستی۔ صحت
۳۔ زندگی۔ حیات۔ زیست۔ بقا۔ زندگانی
۴۔ قیام۔ برقراری۔ وجود

سلامی: ۱۔ تعظیم۔ اکرام۔ احترام
۲۔ نذر۔ پیش کش۔ ارمغان۔ سوغات۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔
چڑھاوا۔ تحفہ
۳۔ ڈھال۔ ڈھلوان
۴۔ پگڑی

سِلائی: درزگیری۔ سوزن کاری۔ بخیہ گری۔ سیون

سَلائی: میل۔ سلاخ۔ سینک۔ تیلی

سلب: نفی۔ انکار۔ اخراج۔ استیصال۔ نابودگی۔ بگاڑ

سلبی: منفی۔ انکاری

سلجھاؤ: فیصلہ۔ حل۔ عقدہ کشائی۔ وضاحت۔ توضیح

سلسلہ: ۱۔ زنجیر۔ بیڑی۔ کڑی۔ جولان۔ چین۔ سانکل۔ سنگل۔
رسٹ
۲۔ لڑی۔ قطار
۳۔ خاندان۔ نسل۔ نژاد۔ جنس۔ نسب
۴۔ ترتیب۔ درستی۔ باقاعدگی۔ تنظیم
۵۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ لگاؤ
۶۔ تسلسل۔ تواتر۔ توالی

سلسلۃُ الذَّہب: ۱۔ طلائی زنجیر۔ سنہری زنجیر
۲۔ زمرۂ نقشا۔ گروہِ علما۔ سلسلہ گملا۔ گروہِ اہلِ کمال

سلسلہ بندی: ۱۔ قطار بندی۔ صف بندی
۲۔ گروہ بندی۔ قسم بندی۔ ترتیب۔ درجہ بندی

سلسلہ جُنباں: محرک۔ آغاز کنندہ

سلسلہ جُنبانی: تحریک۔ شروعات

سلسلہ وار: ترتیب وار۔ بالترتیب۔ علی الترتیب۔ درجہ بدرجہ۔
حسبِ مراتب۔ علیٰ قدرِ مراتب۔ درجہ وار۔ مسلسل

سلسلۂ حیات ــــ سلسلۂ درستی ــــ سلسلۂ کوہ
ــــ سلسلۂ دارو گیر ــــ سلسلۂ جاں نثاراں

سلطان: ۱۔ بادشاہ۔ ملک۔ حکمراں۔ فرمانروا۔ حاکم۔ جہاں دار۔ تاجور
صاحبِ تاج و تخت۔ تاجور۔ صاحبِ حکومت۔ اولوالامر۔
راجا۔ والیِ ملک
۲۔ حجت۔ قدرت۔ اختیار۔ اقتدار

سلطانی: بادشاہی۔ بادشاہت۔ حکومت۔ سلطنت۔ حکمرانی۔ فرماں
روائی۔ حاکمیت۔ تاجداری۔ تاج وری۔ جہاں داری۔
دارائی۔ راج

سلطنت : بادشاہی ۔ بادشاہت ۔ حکومت ۔ راج ۔ عملداری ۔ مملکت

سلف : ۱۔ گزشتہ ۔ رفتہ ۔ سابق ۔ اگلا ۔ پہلا
۲۔ بزرگ ۔ پُرکھ ۔ آباواجداد ۔ مورث

سلفچی : چلمچی ۔ چلاپچی ۔ طشت ۔ لگن ۔ سیلپچی ۔ سیطل

سلک : ۱۔ تاگا ۔ دھاگا ۔ تار ۔ ڈورا ۔ ڈوری
۲۔ لڑی ۔ ہار
۳۔ سلسلہ ۔ قطار ۔ ترتیب ۔ تنظیم

سلوتری : سالوتری ۔ بیطار ۔ معالجِ حیوانات

سلوٹ : شکن ۔ بل ۔ چین ۔ چرس ۔ چُنٹ ۔ جھُری ۔ جھول ۔ آژنگ ۔
بٹ ۔ اخم ۔ غضبین ۔ جُل ۔ عفن ۔ وَٹ

سلوک : ۱۔ راہ روی ۔ طے ارض
۲۔ برتاؤ ۔ رویّہ ۔ روش ۔ طرزِ عمل ۔ سبھاؤ ۔ اخلاق ۔ ربط ۔
عمل ۔ عادت
۳۔ میل ۔ ملاپ ۔ دوستی ۔ ربط ضبط ۔ راہ رسم ۔ تعلق ۔ لگاؤ ۔
میل جول ۔ اتحاد ۔ محبت
۴۔ امداد ۔ اعانت ۔ دست گیری ۔ یاوری ۔ نصرت
۵۔ بھلائی ۔ خیرخواہی ۔ بہتری ۔ فلاح ۔ بہبود
۶۔ تلاشِ حق ۔ جستجوئے حق ۔ درویشی ۔ فقر

سلونا : ۱۔ نمکین ۔ نمک آلود ۔ شور ۔ ملیح
۲۔ سانولا ۔ گندم گوں ۔ شام ۔ شیام ۔ گیہواں

سلیس : سادہ ۔ رواں ۔ آسان ۔ سہل ۔ نرم ۔ ملائم ۔ ہموار ۔ فصیح

سلیقہ : ۱۔ تربیت ۔ طریقہ ۔ اسلوب ۔ سگھڑاپا ۔ سگھڑائی ۔ سگھڑپن ۔
تمیز ۔ لیاقت ۔ شعور ۔ تہذیب ۔ شائستگی
۲۔ ہنر ۔ فن ۔ دست کاری ۔ حرفت

سلیقہ شعار/مند : ۱۔ تمیزدار ۔ باشعور ۔ سگھڑ ۔ خوش اسلوب ۔
خوش سلیقہ ۔ باتمیز ۔ ذی شعور ۔ مہذب ۔ وضع دار ۔ شائستہ
۲۔ ہنر مند ۔ باہنر ۔ دست کار

سلیقہ شعاری/مندی : ۱۔ تمیزداری ۔ سگھڑاپا ۔ سگھڑائی ۔ سگھڑپن ۔
خوش اسلوبی ۔ خوش سلیقگی ۔ تہذیب ۔ شائستگی
۲۔ ہنرمندی ۔ دست کاری ۔ حرفت

سلیم : ۱۔ ٹھیک ۔ درست ۔ صحیح ۔ سالم ۔ کامل ۔ پورا ۔ کل ۔ سمپورن
۲۔ سادہ دل ۔ صاف دل
۳۔ تندرست ۔ صحت مند ۔ بھلا چنگا ۔ صحت ور
۴۔ حلیم ۔ بُردبار ۔ متحمل ۔ خاموش ۔ صلح پسند ۔ آشتی پسند ۔
نرم دل ۔ چُپ ۔ گمبھیر

سلیم الطبع : راست طبع ۔ صحیح العقل ۔ دانش مند ۔ حلیم ۔ نرم دل ۔ بردبار ۔
متحمل ۔ صلح پسند ۔ آشتی پسند ۔ دوراندیش

ذوقِ سلیم ـــ مذاقِ سلیم ـــ عقلِ سلیم

سَم : ۱۔ زہر ۔ بِس ۔ وِش
۲۔ ناکا ۔ سوراخ ۔ چھید ۔ رخنہ

سُم : کھر ۔ ناخن ۔ پوڑ ۔ ٹاپ

سما : ۱۔ آسمان ۔ فلک ۔ چرخ ۔ گردوں ۔ سپہر ۔ آکاش ۔ گگن ۔
۲۔ چھت ۔ بام ۔ سائبان ۔ عرش ۔ طبقہ ۔ پردہ ۔ پرت

سما/سماں : ۱۔ وقت ۔ ساعت ۔ گھڑی ۔ پل ۔ زمانہ
۲۔ موقع ۔ محل

۳۔ رُت۔ موسم۔ فصل
۴۔ کیفیت۔ حالت۔ عالم
۵۔ رونق۔ لطف۔ بہار۔ جوبن
۶۔ تماشا۔ سیر۔ نظارہ۔ منظر

سماج: ۱۔ معاشرہ۔ سوسائٹی
۲۔ انجمن۔ بزم۔ محفل۔ مجلس۔ سبھا
۳۔ جتھا۔ گروہ۔ جماعت۔ دَل۔ ٹولی۔ منڈلی۔ جرگہ

سماجت: ۱۔ شرمندگی۔ شرمساری۔ ندامت۔ پشیمانی
۲۔ بدصورتی۔ بدرُوئی۔ زشت رُوئی۔ زشتی۔ عیب داری
۳۔ منت۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق

سماجی: ۱۔ معاشرتی۔ عمرانیاتی۔ عمرانی۔ سوشل
۲۔ مجلسی۔ جماعتی۔ گروہی

سماع: ۱۔ شنوائی۔ شنید
۲۔ قوّالی۔ راگ۔ غنا۔ خنیاگری۔ رامش گری۔ رقص و سرود۔ رامش و رنگ

سامعی: ۱۔ قوتِ سامعہ۔ شنید۔ شنوائی
۲۔ بہشتی۔ کار روائی

سماعی: ۱۔ شنیدہ۔ کانوں کان۔ روایتی۔ سینہ بسینہ
۲۔ شنیدنی۔ قابلِ شنید۔ متعلق بہ سماعت

سماوات: افلاک

سماوی: ۱۔ آسمانی۔ فلکی
۲۔ غیبی۔ بالائی

سمائی: ۱۔ گنجائش۔ وسعت۔ جگہ
۲۔ بردباری۔ برداشت۔ تحمل
۳۔ حوصلہ۔ ظرف۔ کھپت

سمبندھ: ۱۔ رشتہ۔ تعلق۔ علاقہ۔ لگاؤ۔ واسطہ۔ ناتا
۲۔ میل ملاپ۔ میل جول۔ ربط ضبط۔ اتحاد۔ راہ و رسم
۳۔ کنبہ۔ قبیلہ۔ کٹم۔ خاندان۔ خانوادہ۔ خانماں۔ ننہار

سمبندھی: رشتہ دار۔ متعلق۔ قریبی۔ ناتی۔ عزیز۔ یگانہ

سمت: ۱۔ راہِ راست۔ صراطِ مستقیم
۲۔ جانب۔ طرف۔ پہلو۔ رُخ۔ اور

سمجھ: ۱۔ فہم۔ ادراک۔ شعور۔ دانائی۔ عقل۔ دانش۔ فراست۔ گیان۔ بُدھ۔ سوجھ بوجھ۔ ہوش
۲۔ خیال۔ قیاس۔ وہم۔ گمان۔ ظن۔ اندازہ

سمجھدار: فہیم۔ فہمیدہ۔ درّاک۔ باشعور۔ دانا۔ عقل مند۔ عقیل۔ دانش مند۔ ذہین۔ گیانی۔ بدھی وان۔ سیانا۔ ہوشیار۔ ہوش مند

سمجھداری: فہمیدگی۔ درّاکی۔ دانائی۔ عقل مندی۔ دانش مندی۔ سیانا پن۔ ہوشیاری۔ ہوش مندی

سمجھوتا: مفاہمت۔ مصالحت۔ صلح۔ تصفیہ۔ فیصلہ

سمدھی: پدرِ داماد۔ پدرِ زنِ پسر۔ سمبندھی۔ گرگم

سمرن: ۱۔ تسبیح۔ سبحہ۔ مالا
۲۔ وظیفہ۔ ورد۔ ذکر

سَمع: ۱۔ قوتِ سامعہ۔ طاقتِ شنید۔ سماعت۔ شنوائی۔ شنید

۲۔ کان۔ کرن۔ اُذن۔ گوش

سمن: یاسمن۔ یاسمین۔ چنبیلی۔ چمپا

سمن بر: سفید فام۔ سیمیں بدن۔ سیم تن۔ سمن اندام۔ گورا۔ چِٹا۔ صبیح

سمن (انگریزی): پروانہ۔ حکم حاضری۔ طلبی۔ بُلاوا

سمندر: ساگر۔ بحر۔ محیط۔ قلزم۔ یم۔ دریا

سموچا: مکمل۔ کامل۔ پورا۔ سالم۔ سمپورن۔ سارا۔ تمام۔ کُل

سموسہ: سنبوسہ۔ سنبوسق۔ سنبوسج

سِن: عمر۔ اوستا۔ مقدارِ عمر۔ سال۔ برس

سن رسیدہ: عمر رسیدہ۔ بوڑھا۔ پیر۔ معمر۔ مسن۔ کہن سال۔ دیرینہ سال

سنِ رشد: سنِ تمیز۔ سنِ شعور۔ سنِ بلوغ۔ بلوغت

سُن: بےحس و حرکت۔ ساکن۔ چُپ۔ خاموش۔ بےخبر

سُنّاٹا: خامشی۔ سکوت۔ عالمِ ہُو۔ ویرانی۔ سنسان پن

سنار: زرگر۔ سنیارا۔ زیور گر

سنان: بھالا۔ نیزہ۔ برچھی۔ تمام نیزہ کا پھل۔ پیکار۔ پیکاں۔ انی

سناں بخوں پروردہ ـــ سناں اژدہا خوار ـــ سناں سینہ دوز ـــ سناں رنگیں ـــ سناں احمریں ـــ سناں خون آشام ـــ سناں تیرہ ـــ برق سناں ـــ سناں سرانگشت ـــ سناں مار صفات ـــ سناں سینہ جو ـــ سناں بارقہ ـــ سناں تیرہ زباں ـــ سناں دل دوز ـــ سناں سینہ فگار ـــ سناں جگر چاک

سناؤنی: خبرِ مرگ۔ اطلاعِ موت

سُنبل: بال چھڑ۔ جٹاماسی۔ بلی لوٹن۔ بلائی لوٹن۔ سنبل الطیب۔ آب ردد۔ ناردین

سنبل مطرا ـــ سنبل تر و تازہ ـــ سنبل پریشاں ـــ سنبل صبا خواہ ـــ سنبل زار ـــ شاخِ سنبل ـــ سنبل مشک آمیز ـــ سنبل سنبلہ ـــ سنبل طرہ شکن در شکن ـــ سنبل ارغواں ـــ سنبل رنگیں بساط ـــ سنبل ارغواں فرش ـــ زلفِ سنبل ـــ گیسوئے سنبل سرشت ـــ سنبلِ بیچاں

سَنت: ۱۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ عابد۔ زاہد۔ متقی۔ درویش۔ فقیر۔ سادھو۔ صالح۔ ولی۔ بزرگ
۲۔ سیدھا۔ سادہ۔ بھولا

سُنَّت: ۱۔ طریقہ۔ چلن۔ روش۔ دستور۔ قاعدہ۔ ریت۔ رسم
۲۔ قول و فعلِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

سنتان: اولاد۔ بال بچے۔ ذریت۔ نسل۔ نژاد۔ خاندان۔ اخلاف۔ ساباط

سنتری: پہریدار۔ چوکیدار۔ پاسبان۔ نگہبان۔ محافظ

سنتوش/سنتوکھ: صبر۔ قناعت۔ تسلی۔ تشفی۔ اطمینان۔ طمانیت۔ استقلال

سنتوشی/سنتوکھی : صابر۔ صبرمند۔ قانع۔ تسلی یافتہ۔ تشفی یافتہ۔ مطمئن۔ مستقل مزاج

سنٹر : مرکز۔ وسط۔ درمیان۔ قلب۔ ناف

سنٹرل : مرکزی۔ وسطی۔ درمیانی

سنج : تولنا۔ جانچنا۔ سمجھنا۔ نقد۔ پرکھ

بذلہ سنج ــــ سخن سنجی ــــ لطیفہ سنجی ــــ شکوہ سنجی ــــ دقیقہ سنج ــــ نغمہ سنج ــــ گوہرسنج ــــ نزاکت سنج ــــ زمزمہ سنج ــــ نکتہ سنج ــــ پیرایہ سنج ــــ دینار سنج ــــ رقم سنج ــــ قافیہ سنج ــــ قیمت سنج ــــ کیمیا سنج ــــ لاف سنج ــــ ہنر سنج ــــ باد سنج

سنجاف : جھالر۔ کنارہ۔ کناری۔ کور۔ چوڑی۔ گوٹ۔ حاشیہ

سنجوگ : ۱۔ میل۔ ملاپ۔ اتحاد۔ اتفاق۔ راہ ورسم۔ ربط ضبط۔ رابطہ۔ تعلق۔ علاقہ
۲۔ موقع۔ حادثہ۔ سانحہ۔ واقعہ
۳۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر۔ بھاگ

سنجیدگی : موزونیت۔ مناسبت۔ توازن۔ متانت۔ وقار۔ فہمیدگی۔ تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری۔ شائستگی

سنجیدہ : موزوں۔ مناسب۔ متوازن۔ متین۔ باوقار۔ فہمیدہ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ شائستہ۔ گمبھیر۔ مہذب۔ باوقعت

سنجیدہ انسان ــــ سنجیدہ گفتگو ــــ سنجیدہ خو

سنچائی : سیرابی۔ بہم رسانیٔ آب۔ آب رسانی۔ آب پاشی

سند : ۱۔ دلیل۔ برہان۔ حجت۔ شہادت
۲۔ دستاویز۔ تحریر۔ تمسک۔ قبالہ۔ نوشت۔ وثیقہ۔ [illegible]۔ چٹھی۔ ثبوت ملکیت۔ حقوق پٹہ۔ [illegible]
۳۔ تصدیق نامہ۔ صداقت نامہ۔ سرٹیفکیٹ۔ اجازت نامہ۔ ڈپلوما۔ پاس۔ طیلسان۔ پروانہ کارگزاری۔ کارنامہ۔ تمغہ
۴۔ سہارا۔ تکیہ گاہ۔ آسرا
۵۔ قابلِ اعتماد۔ معتمد۔ معتبر
۶۔ سلسلۂ راویانِ حدیث
۷۔ تعلقہ۔ پٹی
۸۔ قبضہ

سند یافتہ : مستند۔ مجاز۔ اجازت یافتہ۔ ثبوت یافتہ۔ حاملِ سند

سندان : اہرن۔ نہائی

سندر : خوب صورت۔ خوب رو۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔ حسین۔ جمیل۔ شکیل۔ روپ ونت

سندرتا : خوب صورتی۔ خوب روئی۔ خوش شکلی۔ خوش منظری۔ حسن۔ جمال۔ روپ

سندیس/سندیسا : ۱۔ پیغام۔ پیام۔ نامہ۔ خبر۔ اطلاع
۲۔ خوش خبری۔ نوید۔ مژدہ

سندیہ : فکر۔ تشویش۔ گھبراہٹ۔ وحشت۔ توحش۔ اضطراب۔ رنج۔ افسوس۔ غم۔ اندوہ۔ حزن۔ ملال

سنڈا: سانڈ۔ جھوٹا۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ ہٹا کٹا۔ لحیم شحیم۔ قوی ہیکل۔ زور آور۔ طاقت ور۔ بلوان۔ شکتی مان

سنڈاس: پاخانہ۔ ٹٹی۔ بیت الخلاء۔ جائے ضرور۔ باتھ روم

سنڈاسی: سانسی۔ زنبور۔ چمٹا۔ دست پناہ

سنڈیکیٹ: انجمن۔ مجلس۔ سبھا۔ کمپنی۔ شرکتِ تاجران مشترکہ کاروبار

سنسار: دنیا۔ جہان۔ گیتی۔ عالم۔ کائنات۔ گیہاں

سُنسان: ۱۔ ویران۔ اُجاڑ۔ خراب۔ بے رونق۔ بے آباد۔ غیر آباد۔ خالی۔ سُونا۔ ویرانہ۔ خرابہ۔ خرب
۲۔ خاموش۔ چپ۔ ساکت۔ اداس۔ ملول۔ مغموم۔ افسردہ
۳۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ خوف ناک۔ ہولناک۔ دہشت ناک

سنسناہٹ/سنسنی: کپکپی۔ تھرتھری۔ رزہ۔ کپکپاہٹ۔ خوف۔ وحشت۔ اضطراب۔ بے چینی۔ بے کلی۔ زناٹا۔ سائیں سائیں۔ شوں شوں۔ زوں زوں۔ شاں شاں

سنسنی خیز: لرزہ خیز۔ اضطراب انگیز۔ وحشت ناک۔ خوف ناک
سنسنی خیزی: لرزہ خیزی۔ اضطراب انگیزی۔ دہشت ناکی۔ خوف ناکی

سنک: خبط۔ سودا۔ جنون۔ فتورِ عقل۔ پاگل پن۔ دیوانگی

سنکٹ: تکلیف۔ مشکل۔ کٹھنائی۔ مصیبت۔ چِنتا۔ دُکھ۔ خطرہ۔ رنج غم۔ افسوس۔ ملال

سَنکی: خبطی۔ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل۔ فاترالعقل۔ مجنون

سَنکھ: ۱۔ گھونگا۔ کوڑی۔ صدف۔ خرمہرہ۔ کھاں۔ کوڑیا۔ وَدع۔ حلزون
۲۔ ناقوس۔ قرنا۔ تُرم۔ بگل۔ تُری۔ تُنتی

سنکھیا: سم الفار۔ سنبل کھار۔ مرگ موش

سنگ: (فارسی) ۱۔ پتھر۔ حجر۔ چٹان۔ صخرہ۔ بکر۔ خارہ
۲۔ بوجھ۔ وزن۔ ثقل۔ گرانی
۳۔ وقار۔ تمکین۔ دبدبہ۔ رعب۔ داب
۴۔ سخت۔ درشت۔ بے حس۔ ٹھس

سنگ دل: سخت دل۔ قسی القلب۔ بے رحم۔ بے درد۔ بے حس۔ ظالم۔ ستم گر۔ جفا جو۔ جفا گر۔ شقی القلب
سنگ دلی: سخت دلی۔ قسی القلبی۔ بے رحمی۔ بے دردی۔ بے حسی۔ ظلم۔ ستم۔ جفا۔ جور۔ شقاوتِ قلب
سنگِ راہ: سدِ راہ۔ روک۔ رکاوٹ۔ مزاحمت۔ ممانعت
سنگ ریزہ: کنکر۔ بجری۔ روڑی۔ حجرہ
سنگ لاخ / سنگلاخ: ۱۔ پتھریلا۔ چٹانی۔ حجری۔ سنگین
۲۔ مشکل۔ دشوار

سنگِ پارس — سنگِ مرمر — سنگِ آستاں —
سنگ آمد و سخت آمد — سنگِ سرخ — سنگِ اسود
— سنگِ بصری — سنگِ جراحت — سنگِ خارا
— سنگِ مرمر — سنگِ یشب — سنگِ موسٰی •

سنگ: (۲) (ہندی) ساتھ۔ ہمراہ۔ صحبت۔ رفاقت

سنگار: آرایش۔ آراستگی۔ زیبایش۔ بناؤ چناؤ۔ زیب و زینت۔ تزئین۔ توشیح

سنگت: ۱۔ ساتھ۔ ہمراہی۔ صحبت۔ رفاقت
۲۔ ہم آہنگی۔ ہم نوائی۔ ہم صفیری
۳۔ جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ گروہ۔ جتھا۔ طائفہ

سنگترہ: سنترہ۔ نارنگی۔ نارنج۔ رنگترہ۔ سون ترہ۔ کرلا۔ اورنج

سنگتی: ۱۔ ساتھی۔ دوست۔ رفیق۔ ہمراہ
۲۔ ہم نوا۔ ہم آہنگ۔ ہم صفیر۔ سازندہ

سنگرام: جنگ۔ جدل۔ لڑائی۔ حرب۔ رزم۔ غزا۔ وغا۔ قتال

سنگل: ایک۔ اکیلا۔ واحد۔ تنہا۔ فرد۔ طاق۔ یکہ۔ مجرّد

سنگم: اتصال۔ ملاپ۔ میل۔ اتحاد

سنگھ: ۱۔ شیر۔ اسد۔ حیدر۔ ضیغم۔ غضنفر۔ عباس۔ شینہہ
۲۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ شجاع۔ سورما۔ جری

سنگھاسن: تخت۔ سریر۔ مسند۔ گدّی

سنگھٹن: ۱۔ گٹھ جوڑ۔ سازش۔ آنٹ سانٹ۔ اٹ سٹ۔ اتحاد۔ میل۔ ایکا
۲۔ تصادم۔ ٹکراؤ

سنگی: ساتھی۔ ہمراہ۔ رفیق۔ دوست۔ یار۔ شریک۔ ساجھی

سنگیت: رقص وسرود۔ گانا بجانا۔ راگ رنگ۔ رامش و رنگ

سنگین: ۱۔ پتھریلا۔ حجری
۲۔ وزنی۔ بھاری۔ ثقیل۔ گراں
۳۔ سخت۔ شدید
۴۔ مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ استوار۔ ٹھوس

سنوار: ۱۔ اصلاح۔ درستی۔ تہذیب۔ سجاوٹ۔ آرایش۔ پیرایش۔ آراستگی۔ پیراستگی

۲۔ (مجازاً) لعنت۔ ملامت۔ پھٹکار۔ نکوہش

سنہ: سال۔ برس۔ ورش۔ سمت۔ سمبت

سنہرا/سنہری: زرّیں۔ طلائی۔ پیلا۔ زرد۔ اصفر۔ مذہب۔ زرار۔ زراندوز

سنی سنائی: افواہ۔ بے پرکی۔ غیر مصدقہ اطلاع۔ بے بنیاد خبر

سنیاس: ترک۔ تیاگ۔ جوگ۔ فقر۔ فقیری۔ زُہد۔ ورع۔ رہبانیت

سنیاسی: تارک الدنیا۔ تیاگی۔ جوگی۔ فقیر۔ زاہد۔ متورع۔ راہب۔ رہبان

سنیچر: ۱۔ زحل۔ کیوان۔ منحوس اکبر
۲۔ نحوست۔ ادبار۔ بدنصیبی۔ بدبختی۔ بدقسمتی

سنیچروار: شنبہ۔ یوم السبت۔ ہفتہ۔ سبت۔ سنیار

سَو: (اردو) صد۔ ماۃ۔ سیکڑا۔ سیکڑا۔ پانچ بیسی

سُو: (فارسی) طرف۔ سمت۔ جانب۔ رُخ۔ پہلو۔ اور

سوا: ۱۔ بجز۔ جز۔ بغیر۔ باستثنا۔ علاوہ۔ ماسوا۔ سوائے۔ الا۔ ماورا۔ بدون۔ ورائے۔ غیر
۲۔ زیادہ۔ زائد۔ فاضل۔ فالتو

سواد: (ہندی) ۱۔ چاٹ۔ مزہ۔ ذائقہ۔ لطف۔ چسکا
۲۔ فرحت۔ خوشی۔ انبساط۔ محبت۔ اخلاص
۳۔ لذیذ۔ مزہ دار۔ خوش ذائقہ۔ پُرلطف

سواد: ۱۔ سیاہی۔ کالک
۲۔ گرد و نواح۔ آس پاس۔ ماحول۔ ارد گرد
۳۔ ذہن۔ ذہانت۔ ملکہ۔ کمال
۴۔ گروہِ عظیم۔ جماعت عظیم۔ بھاری تعداد

سوادِ اعظم: کثیر تعداد۔ اکثریت۔ غالب حصہ

سوار: ۱۔ اسوار۔ راکب۔ فارس۔ گھڑ چڑھا
۲۔ مست۔ متوالا۔ مخمور۔ مگن

شاہ سوار ۔۔۔ شتر سوار ۔۔۔ گھڑ سوار ۔۔۔ اسپ سوار

سواری: ۱۔ مرکب۔ گاڑی
۲۔ جلوس
۳۔ سوار۔ راکب

سواگت: ۱۔ خوش آمدید۔ خیر مقدم۔ مرحبا۔ پیشوائی۔ استقبال
۲۔ سلام۔ تسلیم۔ آداب۔ نیاز۔ تسلیمات۔ تعظیم

سوال: ۱۔ استفسار۔ دریافت۔ پرسش۔ پرشن
۲۔ درخواست۔ طلب۔ استدعا۔ التماس۔ عرضداشت۔ مانگ
۳۔ دعویٰ۔ نالش۔ استغاثہ۔ عرضی
۴۔ مسئلہ۔ پانسی

سوال نامہ: فہرستِ سوالات۔ فہرستِ امورِ دریافت طلب

سوالی: سائل۔ منگتا۔ بھکاری۔ دریوزہ گر۔ گداگر۔ گدیہ گر

سوامی: ۱۔ آقا۔ مالک۔ خداوند۔ حاکم۔ دھنی۔ پربھو۔ بھرتا
۲۔ شوہر۔ خاوند۔ میاں۔ پتی۔ زوج۔ خصم۔ بعل
۳۔ گورو۔ پیر۔ مرشد۔ استاد۔ پیشوا۔ شیخ

۴۔ حضرت۔ حضور۔ قبلہ۔ جناب

سوانا: حد۔ سرحد۔ کنارہ۔ کرانہ۔ ڈانڈا۔ سیما

سوانح: سانحات۔ واقعات۔ حالات۔ کوائف۔ حادثات۔ حوادث

سوانح حیات: حالاتِ زندگی۔ واقعاتِ زندگی۔ احوالِ زیست۔ واردات حیات۔ سرگزشت۔ سربیتی۔ آپ بیتی
سوانح نگار / نویس: سیرت نگار۔ وقائع نگار۔ حالات نویس
سوانح نگاری / نویسی: سیرت نگاری۔ وقائع نگاری۔ حالات نویسی

سوانگ: نقل۔ بہروپ۔ نقالی۔ تمثیل۔ ناٹک۔ کھیل۔ تماشا۔ شعبدہ۔ سیمیا

سوانگی / سوانگیا: نقلیا۔ بہروپیا۔ نقال۔ ممثل۔ شعبدہ باز۔ سیمیاگر۔ تماشا گر

سوبھا / شوبھا: ۱۔ زینت۔ زیبائش۔ زیب۔ زیبائی۔ خوبصورتی
۲۔ شان۔ شوکت۔ رونق۔ تجمل۔ کرّوفر

سوپ: چھاج۔ غلہ افشاں۔ منسف۔ منفض

شوربا: شوربا۔ یخنی۔ آبِ گوشت۔ اداام

سوت: سوتا۔ منبع۔ سرچشمہ

سَوت: سوتن۔ سوکن۔ انباغ۔ رقیبہ

سُوت: تاگا۔ دھاگا۔ تار۔ سلک۔ خیط۔ خط۔ ریشہ

سوتیاڈاہ: سوتاپا۔ رقابت۔ سوکناپا

سوتیلا: علاتی۔ غیر حقیقی۔ آدھا بھائی۔ سوت کا۔ سوکن کا۔ پرایا۔ غیر۔ بیگانہ

سوجن: ورم۔ آماس۔ سوزش۔ التہاب۔ سوج

سُوجھ: ۱۔ نظر۔ بینائی۔ بصارت۔ نگاہ۔ بینش۔ بصیرت
۲۔ سمجھ۔ عقل۔ فہم۔ دانائی۔ فراست۔ فکر

سُوجھ بُوجھ: عقل و دانائی۔ فہم و فراست۔ فکر و اندیشہ۔ شدید۔ دور اندیشی

سُوجی: مغزِ گندم۔ رَوا۔ گیہوں کی گری

سوچ: ۱۔ غور۔ فکر۔ تفکر۔ خیال۔ اندیشہ۔ دھیان۔ توجہ۔ بچار۔ خوض
۲۔ تشویش۔ تردد۔ رنج۔ غم۔ ملال۔ اندوہ۔ حزن۔ چنتا۔ ادھیڑبن

سوچ بچار: غور و تامل۔ فکر و اندیشہ۔ غوض۔ تعمق

سوچنا: بچارنا۔ غور کرنا۔ جانچنا۔ نظرثانی کرنا

سوختگی: ۱۔ آتشزدگی۔ جلن۔ تفتگی
۲۔ تکلیف۔ اذیت۔ کرب۔ کلفت۔ دکھ
۳۔ رنج۔ غم۔ اندوہ۔ ملال۔ الم۔ حزن۔ صدمہ

سوختہ: ۱۔ آتشزدہ۔ جلابھنا۔ محروق۔ جھلسا۔ گداختہ۔ تپیدہ۔ تافتہ۔ تفتہ
۲۔ مصیبت زدہ۔ دکھی۔ آفت رسیدہ۔ آفت زدہ۔ کلفت زدہ
۳۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ ملول۔ محزون۔ حزیں۔ غمگین

سوختہ بال: بے بس۔ بے چارہ۔ اپاہج۔ معذور۔ ناکارہ۔ مجبور
سوختہ بالی: بے بسی۔ بے چارگی۔ اپاہج پن۔ معذوری۔ مجبوری
سوختہ بخت: بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدطالع۔ بداختر۔ بداقبال۔ ابھاگی۔ نربھاگی
سوختہ بختی: بدبختی۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدطالعی۔ بداختری۔ بداقبالی۔ ابھاگ۔ نربھاگ۔ شومیِ بخت
سوختہ پا: تیز قدم۔ تیز پا۔ تیز گام۔ سبک قدم۔ سبک پا۔ تیز رو۔ سبک گام۔ تیز رفتار۔ سبک رو۔ سبک رفتار
سوختہ پائی: تیز قدمی۔ تیز پائی۔ تیز گامی۔ سبک قدمی۔ سبک پائی۔ سبک گامی۔ تیز روی۔ سبک روی۔ تیز رفتاری
سوختہ جاں: دل جلا۔ جان جلا۔ مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔ مجبور۔ محزون۔ مغموم۔ فرقت زدہ۔ عاشق۔ پریمی

سوختی: رنج۔ تکلیف۔ کلفت۔ الم۔ اضطراب۔ سوزش۔ اذیت۔ کرب

سُود: ۱۔ نفع۔ منفعت۔ منافع۔ حاصل۔ پھل۔ ثمرہ۔ فائدہ۔ جھراں۔ بچت
۲۔ ربوا۔ بیاج۔ ربا
۳۔ بھلائی۔ خوبی۔ نیکی۔ نکوئی۔ بہبود۔ فلاح
۴۔ منافع۔ کٹوتی۔ بٹا

سودمند: فائدہ مند۔ مفید۔ منفعت بخش۔ منافع بخش
سودمندی: فائدہ مندی۔ افادیت۔ نفع بخشی۔ منافع بخشی

سودخوار — سود در سود — سود مرکب —
سود و زیاں

سَودا: ۱۔ بیوپار۔ سوداگری۔ بنج۔ بیوہار۔ لین دین۔ خرید و فروخت۔ بیع و شرا۔ تجارت
۲۔ مال۔ اسباب۔ ساز و سامان۔ ساز و برگ۔ اشیا۔ سامان۔ فروختنی۔ مالِ سوداگری۔ مالِ تجارت

سوداگر: تاجر۔ بیوپاری۔ بیوہاری۔ بنجارا۔ دیوہاری
سوداگری: تجارت۔ بیوپار۔ بیوہار۔ بنج۔ دیوہار

سُودا: ۱۔ سیاہ۔ کالی
۲۔ جنون۔ دیوانگی۔ پاگل پن۔ دیوانہ پن۔ خبط۔ فتورِ عقل۔ اختلالِ حواس۔ خرابیٔ دماغ
۳۔ دُھن۔ خیال۔ لگن۔ رجحان۔ میلان۔ رغبت
۴۔ محبت۔ عشق۔ پریم۔ پریت۔ پیت

سودائی: ۱۔ مجنون۔ دیوانہ۔ پاگل۔ خبطی۔ فاترالعقل۔ مخبوط الحواس
۲۔ عاشق۔ پریمی

شُور: بہادر۔ شجاع۔ جری۔ دلاور۔ دلیر۔ جرأت مند

سوربیر: مردِ میداں۔ جنگ آزما۔ جنگ آور۔ جنگ جو۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ شجاع۔ جری۔ سُورما

سُوّر: ۱۔ خنزیر۔ خوک۔ گرُاز۔ جنگلی۔ کاس۔ لغزا۔ تنگرز۔ غوک
۲۔ ناپاک۔ نجس۔ پلید
۳۔ شریر۔ بدذات۔ حرامی۔ حرامزادہ۔ فسادی۔ مفسد

سوراج: حکومت خود اختیاری۔ سودیشی راج۔ ملکی حکومت۔ حکومتِ اہلِ وطن

سوراخ: ۱۔ چھید۔ رخنہ۔ روزن۔ بل۔ پھٹ۔ موکھا۔ غار۔ موری۔ درز۔ دراڑ۔ شگاف۔ جھری۔ نقب۔ گڑھا
۲۔ منہ۔ دہن۔ دہان۔ دہانہ۔ خانہ۔ سال۔ ٹانکی

سُورت/سورہ: بابِ قرآن۔ فصلِ قرآن

سُورج: سوریہ۔ آفتاب۔ مہر۔ خورشید۔ شمس۔ نیرِ اعظم۔ شاہِ خاور۔ چشمۂ آتش۔ چشمۂ سیماب۔ چشمۂ روشن۔ چشمۂ خاوری۔ چشمۂ نور۔ شہنشاہِ فلک۔ چشمۂ نور بخش۔ سلطانِ شرق و غرب۔ شہسوارِ فلک۔ بیضۂ آتشیں۔ بیضۂ زر۔ آہوئے فلک۔ بیضۂ صبح۔ مہرۂ زر۔ ٹکیۂ روز۔ ابن الصبح۔ آتشِ روز۔ آتشِ صبح۔ آتشِ بے دُود۔ آتشیں صدف۔ آتشیں کاسہ۔ گلِ صد برگِ آسمان۔ ستارۂ قلندراں۔ دیدہ بانِ فلک۔ شمعِ خاوری۔ آئینۂ آسمان۔ بانوئے مشرق۔ بازِ سفید پر۔ تابۂ زر۔ آتشِ بے باد۔ آتشِ بے زبانہ۔ آہوئے خاوری۔ طشتِ آتش۔ تیغ زنِ آسمان۔ چترِ روز۔ چراغِ روز۔ چشمۂ آتش فشاں۔ چشمۂ سیماب فلک۔ خشتِ زر۔ خسروِ سیارات۔ دیدبانِ بامِ چہارم۔ روباہِ زرد۔ روزگرد۔ زردکِ آسمان۔ زرگرِ چرخ۔ زریں زنگ۔ زنگلہ روز۔ زورقِ سیمیں

سورج مکھی: آفتاب پرست۔ آفتاب گردل۔ آفتاب گردش۔ آفتاب گردک۔ بزک۔ پزک۔ آفتاب رُو

سُورگ: سُرگ۔ اندرلوک۔ بیکنٹھ۔ بہشت۔ جنت۔ مینو۔ فردوس۔ خلد۔ باغِ ارم

سُورما: بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ شجاع

سوز: ۱۔ جلن۔ سوزش۔ التہاب۔ سوختگی۔ حرقہ۔ تپن۔ تپش
۲۔ دُکھ۔ تکلیف۔ کلفت۔ رنج۔ اذیت۔ کرب
۳۔ گداز۔ درد۔ احساس۔ اثر۔ تاثیر
۴۔ مرثیہ۔ نوحہ

سوزخواں: مرثیہ خواں۔ نوحہ خواں
سوزخوانی: مرثیہ خوانی۔ نوحہ خوانی
سوز و ساز: رنج و راحت۔ غم و مسرت۔ کرب و حظ۔ کلفت و عیش۔ حزن و طرب۔ تکلیف و آرام۔ محنت و آسایش
سوز و گداز: درد و احساس۔ رقتِ قلب۔ اثر و تاثیر

سوزِ دل — سوزِ جگر — سوزِ جنوں — سوزِ کلام —
سوزِ فرقت — سوزِ خموشی — سوزِ ناتمام — عالم
سوز — جاں سوز — جگر سوز — دل سوز —
عود سوز — اگر سوز — فتیل سوز — دانا سوز —
جہاں سوز — جاں سوز — حیا سوز — گوسوز
— توبہ سوز — انجم سوز — پری سوز —
بوئے سوز — خودسوز — خام سوز — معرفت
سوز — سوزِ فراق — سوزِ غم — سوزِ عشق

سوزِش: ۱۔ جلن۔ التہاب۔ کھولن۔ درد۔ تکلیف۔ ٹیک۔ ریک۔ ٹیس۔
اذیت۔ کرب
۲۔ ورم۔ آماس۔ سوجن۔ سوج

سوزن: سوئی۔ درزن۔ خیاط

سوزن کار: درزی۔ خیاط۔ کشیدہ کار
سوزن کاری: خیاطی۔ کشیدہ کاری۔ کڑھائی

سوسائٹی: ۱۔ سماج۔ معاشرہ۔ اجتماعی زندگی
۲۔ صحبت۔ مجلس۔ محفل۔ بزم۔ انجمن۔ سبھا

سوشل: ۱۔ معاشرتی۔ سماجی۔ اجتماعی
۲۔ ملنسار۔ سوشیل

سوشلزم: اشتمالیت۔ اشتراکیت۔ اجتماعیت۔ قومی ملکیت

سوغات: تحفہ۔ ارمغاں۔ ہدیہ۔ نذر۔ نذرانہ۔ انعام۔ پیش کش

سُوق: بازار۔ منڈی۔ مارکیٹ۔ پینٹھ

سُوقی: بازاری۔ مبتذل۔ آوارہ۔ اوباش۔ کمینہ۔ سفلہ۔ حقیر

ناشائستہ۔ غیر مہذب

سوقیانہ: بازاری۔ مبتذل۔ سخیف۔ کم درجہ۔ حقیر۔ ناشائستہ

سوقیت: بازاری پن۔ ابتذال۔ سخافت۔ ناشائستگی

سوکن: انباغ۔ سَوت۔ سوتن۔ رقیبہ

سُوکھا: ۱۔ خشک۔ یابس۔ بے نم۔ بے نمی۔ غیر مرطوب۔ ڈرائی۔
کڑنک
۲۔ روکھا پھیکا۔ بے روغن۔ بے سالن
۳۔ پتلا دبلا۔ لاغر۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف
۴۔ سکڑا۔ سمٹا
۵۔ خشک سالی۔ امساکِ باراں۔ قحط۔ کال

سوگ: ماتم۔ غم۔ رنج۔ قلق۔ عزا۔ حزن

سوگ وار: ماتم دار۔ ماتم کناں۔ عزادار۔ غمزدہ۔ غمگیں۔ رنجیدہ۔
مغموم۔ محزون۔ حزیں
سوگ واری: ماتم داری۔ عزاداری۔ غم زدگی۔ غمگینی۔ محزونیت

سوگند: قسم۔ حلف۔ سَوں۔ اقرار۔ عہد۔ معاہدہ

سوگی: سوگ وار۔ ماتم دار۔ عزادار۔ غمزدہ۔ غمگیں۔ محزون۔ حزیں

سُول: ۱۔ کانٹا۔ خار
۲۔ پیڑ۔ درد۔ دردِ شکم۔ دردِ معدہ۔ وجع۔ تکلیف

سِوِل: ۱۔ غیر فوجی۔ شہری۔ انتظامی۔ دیوانی۔ مدنی
۲۔ مہذب۔ متمدن۔ شائستہ۔ ملنسار۔ بلاماس

سِول جج : منصفِ دیوانی
سِول کورٹ : دیوانی عدالت
سِول وار : خانہ جنگی

سول : ۱۔ تلا۔ تلوا۔ کفِ پا
۲۔ تنہا۔ اکیلا۔ واحد۔ یگانہ۔ یکتا

سولہ : شانزدہ۔ ستہ عشر

سُولی : ۱۔ صلیب۔ پھانسی۔ دار
۲۔ مصیبت۔ ہلاکت۔ تکلیف۔ محنت۔ مشقت

سُوم / شُوم : بخیل۔ کنجوس۔ مکھی چوس۔ لئیم۔ جزرس۔ ممسک۔ خسیس

سوم : چاند۔ چندا۔ قمر۔ ماہتاب۔ ماہ۔ مہ

سوم رس : ۱۔ امرت۔ آبِ حیات۔ آبِ حیواں۔ آبِ بقا۔ آبِ خضر
۲۔ شراب۔ خمر۔ مے۔ بادہ۔ صہبا۔ دارو۔ عرق
سوم وار : پیر۔ دوشنبہ۔ یوم الاثنین۔ یوم القمر

سُون : ۱۔ سانس۔ دم۔ نفس
۲۔ خاموشی۔ چپ۔ سکوت۔ صمت

سُونا : ۱۔ خاموش۔ چپ۔ ساکت
۲۔ ویران۔ اُجاڑ۔ سنسان۔ تباہ۔ برباد۔ غارت۔ بے آباد۔
خراب۔ غیر آباد۔ خالی۔ تھوتا

سُوناپن : ۱۔ خاموشی۔ چپ۔ سکوت
۲۔ ویرانی۔ تباہی۔ بربادی۔ بے آبادی۔ خلا۔ جوف۔
تھوتاپن

سونا : ۱۔ سورن۔ زر۔ طلا۔ ذہب۔ کنچن۔ کندن۔ عسجد۔ عقیاد۔ گولڈ
۲۔ نیند لینا۔ خواب لینا۔ آنکھ لگنا۔ آرام کرنا۔ خواب کرنا

سونپنا : سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔ ہاتھ دینا۔ تحویل میں دینا۔ دھرنا۔
تفویض کرنا۔

سونٹا : چوب۔ لاٹھی۔ چھڑی۔ ڈنڈا۔ عصا۔ لٹھ

سونٹھ : زنجبیل۔ خشک ادرک

سُونڈ : خرطوم

سونف : رتی چنبرا۔ سیلیکا۔ کمداپرا۔ مہیکا۔ رازیانج۔ رازیانہ۔ کاگہ۔
بادیان۔ ست پشپا۔ سونپ۔ ستاکھرکھا۔ ستاد کمہ کرابلینی۔
اواگن لیشپی

سُونگھا : ۱۔ شکاری کتا۔ سراغ رساں کتا
۲۔ سراغ رساں۔ جاسوس۔ کھوجی۔ ٹوہیا۔ رازجو۔ مخبر۔
جویا۔ جوئندہ

سُوہا : لال۔ سرخ۔ احمر۔ لعلیں۔ ارغوانی

سوہان / سوہن : ریتی۔ مبرد۔ روات

سوہانِ روح : اذیت ناک۔ کرب ناک۔ تکلیف دہ۔ آزار رساں۔ ناگوار۔
مضر۔ مضرت رساں

سوہنا : خوب صورت۔ سجیلا۔ زیبا۔ حسین۔ جمیل۔ خوب رو۔ خوش شکل۔
خوش منظر

سُوہنی : جاروب۔ جھاڑو۔ بوکر۔ بہاری۔ بگونچا۔ رڑکا

سُوء : ۱۔ برائی۔ خرابی۔ بدی۔ زشتی
۲۔ بیماری۔ روگ۔ علت۔ علالت۔ مرض۔ دُکھ۔ آزار

سوئے اتفاق: خرابیٔ موقع۔ بداتفاقی
سوئے ادبی/ادب : بے ادبی۔ گستاخی۔ ناشائستگی
سوئے ظن : بدظنی۔ بدگمانی
سوئے ہضم : بدہضمی۔ خرابیٔ ہضم

سُوئی : سنن۔ سوزن۔ منصح۔ اِبرہ۔ سُومی

سویّاں : سیویاں۔ رشتۂ حلوا۔ شعیریہ۔ اِطریّہ

سویر : جلدی۔ زودی۔ اوّل۔ اوّل وقت۔ عجلت۔ شتابی

سویرا : تڑکا۔ صبح دم۔ سحر۔ علی الصباح۔ گجردم

سہ : تین۔ ثلاث۔ تری۔ سوم۔ درے

سہ پہر : سانجھ۔ شام۔ بعد دوپہر۔ تیسرا پہر۔ لوڈا بیلا
سہ پہل/پہلو : مثلث۔ تکونا۔ تکھونٹ
سہ چند : تگنا۔ سہ گونہ۔ تین گن
سہ شنبہ : منگل وار۔ یوم الثلاثہ

سہ بندی — سہ دری — سہ منزلہ — سہ گوشہ —
سہ سالہ — سہ ماہی — سہ کرد — سہ خواں (تین
خدا ماننے والے) — سہ نوبت — سہ کوہک —
سہ گانہ — سہ رود — سہ دامنی

سہار : برداشت۔ تحمل۔ انگیز۔ صبر

سہارا : ۱۔ بھروسا۔ آسرا۔ آس۔ امید۔ آشا۔ توقع
۲۔ وسیلہ۔ توسل۔ مدد۔ پشت
۳۔ ٹیک۔ ٹیکن۔ تکیہ۔ آڑ۔ اڑواڑ۔ تھونی۔ تھم۔ ستون۔ پادرا
۴۔ توانائی۔ قوت۔ طاقت۔ سکت۔ شکتی۔ زور۔ بل

| ڈوبتے کو تنکے کا سہارا

سہاگ : ۱۔ خوش بختی۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔ خوش اقبالی۔ طالع مندی۔ طالع وری۔ بختاوری
۲۔ سعادت۔ برکت
۳۔ خوشی۔ مسرت۔ سرور۔ آنند۔ خرّمی۔ شادی۔ شادمانی
۴۔ ازدواجی زندگی۔ زمانۂ حیاتِ شوہر
۵۔ پیار۔ محبت۔ چاہ۔ عشق۔ پریم۔ پریت۔ پیت

سہاگ رات : شبِ زفاف۔ شبِ عروسی

سہاگن : شوہردار۔ منکوحہ۔ زیرِ سایۂ خاوند۔ شادی شدہ خاتون

سُہانا : خوش نما۔ خوش آئند۔ خوب صورت۔ خوش منظر۔ زیبا۔ خوش شکل۔ من موہن۔ من بھاؤنا۔ مرغوب۔ دل پسند۔ من بھاتا۔ مناسب۔ پیارا۔ موزوں

سہائتا : ۱۔ مدد۔ امداد۔ اعانت۔ دست گیری۔ تعاون۔ معاونت۔ حمایت
۲۔ دوستی۔ اُنس۔ محبت۔ مروت۔ پیار۔ اخلاص

سہایک : ۱۔ مددگار۔ مد۔ معین۔ معاون۔ دست گیر۔ حامی
۲۔ دوست۔ مونس۔ محب۔ پیارا۔ اخلاص مند۔ یار

سہج : آہستہ۔ مدھم۔ دھیما۔ آسان۔ سہل

سہرا : اکلیل۔ سرپیچ۔ صیفہ۔ پھولوں کی نقاب۔ سیرا

سہل: آسان۔ سادہ۔ ہلکا۔ غیر مشکل۔ نرم۔ سبک

سہل انگار: آسانی پسند۔ سہولت پسند۔ آرام پسند۔ آرام طلب۔ کاہل۔ سست۔ آلکسی۔ آلسی۔ راحت طلب

سہل انگاری: آسان پسندی۔ سہولت پسندی۔ آرام پسندی۔ آرام طلبی۔ کاہلی۔ سستی۔ آلکس۔ راحت طلبی۔ آلکسی

سہل پسند: آسانی پسند۔ سہولت پسند۔ آرام پسند۔ آرام طلب۔ راحت طلب۔ آسائش پسند۔ کاہل۔ سست۔ سہل انگار۔ آلکسی۔ آلسی

سہل پسندی: آسانی پسندی۔ سہولت پسندی۔ آرام پسندی۔ آرام طلبی۔ راحت طلبی۔ آسائش پسندی۔ کاہلی۔ سستی۔ آلکس۔ سہل انگاری

سہم: خوف۔ ڈر۔ بیم۔ ہراس۔ بھے۔ ہول۔ باک۔ دہشت۔ ترس

سہم گیں/ناک: ۱۔ خوف ناک۔ بیم ناک۔ بھیانک۔ ترس ناک۔ ہول ناک۔ دہشت ناک
۲۔ خائف۔ خوف زدہ۔ ہراساں۔ ترسندہ۔ دہشت زدہ۔ ڈرپوک۔ بزدل

سہم گینی/ناکی: ۱۔ خوف ناکی۔ بیم ناکی۔ ہول ناکی۔ ترسناکی۔ دہشت ناکی
۲۔ خوف زدگی۔ ہراس۔ دہشت زدگی۔ بزدلی

سہو: بھول۔ چوک۔ لغزش۔ غلطی۔ کوتاہی۔ خطا۔ فراموشی۔ غفلت

سہولت: آسانی۔ نرمی۔ آرام۔ راحت۔ چین۔ کل۔ سکون۔ آسودگی۔ سکھ۔ آسائش۔ سبھتائی

سہیلی: سکھی۔ ساتھن۔ مصاحبہ۔ گوئیاں۔ ہم جولی۔ سجنی۔ ہم عصر۔ ہمدم۔ بجنیل۔ آلی۔ ہم عمر۔ ہم جنس لڑکی۔ آڑی۔ جوٹ جوڑ۔

انبادہ۔ سیڑھی۔ باڑی۔ شبینہ

سہیم: شریک۔ ساجھی۔ حصہ دار۔ جزو دار۔ پتی دار

سی: تیس۔ ثلاثون

سیّاح: مسافر۔ راہی۔ راہ رو۔ راہ گرا۔ راہ گیر۔ ابن السبیل

سیاحت: سفر۔ مسافرت۔ سیر۔ سپاٹا۔ سیاحی۔ سفر

سیاحی: سیاحت۔ سفر۔ مسافرت۔ سیر۔ سپاٹا

سیادت: سرداری۔ سربراہی۔ سرگروہی۔ قیادت۔ امامت۔ بزرگی۔ سلطنت۔ حکومت۔ بادشاہی۔ سالاری

سیار: گیدڑ۔ شغال

سیّار: سائر۔ گرداں۔ متحرک۔ خراماں

سیّارہ: ۱۔ متحرک ستارہ۔ کوکب۔ نجم۔ تارا۔ اختر
۲۔ موٹر۔ کار۔ گاڑی

سیاست: ۱۔ حفاظت۔ تحفظ۔ صیانت۔ نگہبانی۔ نگہداری۔ نگہداشت۔ نگرانی
۲۔ معاملاتِ ملکی۔ حکومت۔ سلطنت۔ انتظامِ ملک۔ نظم و نسق۔ بندوبست۔ انتظامِ سلطنت۔ پالیٹکس۔ ڈپلومیسی۔ سفارت۔ فنِ حکمرانی۔ علمِ فرمانروائی۔ تدبیرِ مملکت
۳۔ سزا۔ تعزیر۔ تعذیب۔ تہدید۔ بازپرس
۴۔ جوڑ توڑ۔ سازباز۔ آنٹ سانٹ۔ سانٹھ گانٹھ

سیاست داں: واقفِ امورِ ملکی۔ واقفِ آئینِ حکمرانی۔ ماہرِ انتظامِ ملک۔ مدبر۔ راہ نما۔ زعیم

سیاست والی: واقفیتِ امورِ ملکی ۔ واقفیت آئینِ حکمرانی ۔ مہارتِ انتظامِ ملک ۔ تدبیرِ مملکت

سیاست مدن : شہری انتظام ۔ انصرامِ شہر

سیاستِ مدن ـــ سیاستِ وقت ـــ انتقامی سیاست ـــ اخلاقی سیاست

سیاق : ۱۔ حساب ۔ گنتی
۲۔ ربط ۔ تعلق ۔ علاقہ ۔ سمبندھ
۳۔ طرز ۔ روش ۔ چلن ۔ ڈھنگ ۔ انداز

سیاق وسباق : ربطِ مضمون ۔ تسلسل ۔ سلسلہ ۔ تعلق ۔ اگلا پچھلا

سیال : مائع ۔ رقیق ۔ پتلا ۔ بہتا ۔ رواں ۔ بہنے والی ۔ تپلی ۔ عرق

آتشِ سیال ـــ زرِ سیال ـــ شربتِ سیال ـــ الماس سیال ـــ خونِ سیال

سیاں : ۱۔ پیارا ۔ محبوب ۔ معشوق ۔ پریتم ۔ پیتم
۲۔ خاوند ۔ شوہر ۔ میاں ۔ پتی ۔ خصم ۔ بعل ۔ زوج ۔ مالک ۔ آقا

سیانا : ۱۔ عقل مند ۔ دانا ۔ صاحبِ فراست ۔ ذہین ۔ عاقل ۔ بدھی وان
۲۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ مکار ۔ عیار
۳۔ بالغ ۔ رسیدہ ۔ جوان
۴۔ عامل ۔ افسوں گر ۔ افسوں ساز ۔ ساحر ۔ جادوگر
۵۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ شوم ۔ جزرس ۔ خسیس ۔ ممسک ۔ لئیم

سیان پت / پن : ۱۔ عقل مندی ۔ دانائی ۔ فراست
۲۔ ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ مکاری
۳۔ بلوغ ۔ بلوغت ۔ جوانی
۴۔ بخیلی ۔ بخل ۔ کنجوسی ۔ جزرسی ۔ خساست ۔ خست

سیاہ : ۱۔ کالا ۔ اسود ۔ تاریک ۔ تیرہ ۔ بھجنگ ۔ تار ۔ اندھیرا ۔ بے نور ۔ گھٹا ٹوپ
۲۔ حبشی ۔ زنگی

سیاہ باطن : بد باطن ۔ تاریک باطن ۔ تیرہ باطن ۔ سیاہ دل ۔ منافق ۔ تیرہ دروں ۔ کینہ ور ۔ بُرا ۔ بد ۔ خبیث ۔ بے وفا ۔ سنگدل ۔ بے مروّت ۔ ظالم ۔ قسی القلب ۔ شقی القلب

سیاہ باطنی : بد باطنی ۔ تاریک باطنی ۔ تیرہ باطنی ۔ سیاہ دلی ۔ منافقت ۔ تیرہ درونی ۔ کینہ وری ۔ برائی ۔ بدی ۔ خباثت ۔ بے وفائی ۔ بے مروّتی ۔ سنگدلی ۔ ظلم ۔ قساوتِ قلبی ۔ شقی القلبی

سیاہ بخت : بد بخت ۔ بد قسمت ۔ بد نصیب ۔ بد اختر ۔ بد طالع ۔ ابھاگی ۔ نربھاگی

سیاہ بختی : بد بختی ۔ بد قسمتی ۔ بد نصیبی ۔ بد اختری ۔ بد طالعی ۔ ابھاگ

سیاہ پوش : ۱۔ سیاہ جامہ ۔ سیاہ لباس
۲۔ ماتم دار ۔ عزادار ۔ ماتمی

سیاہ پوشی : ۱۔ سیاہ جامگی ۔ سیاہ لباسی ۔ سیاہ پوشاکی
۲۔ ماتم داری ۔ عزاداری

سیاہ خانہ : ۱۔ تاریک گھر ۔ اندھیری کوٹھڑی ۔ کلبۂ احزان
۲۔ قید خانہ ۔ محبس ۔ سجن ۔ زنداں ۔ بندی خانہ

سیاہ دل / دروں : ۱۔ سیاہ باطن ۔ بد باطن ۔ تاریک باطن ۔ تیرہ باطن ۔ تیرہ دروں ۔ منافق ۔ کینہ پرور ۔ برا ۔ بد ۔ خبیث
۲۔ بے وفا ۔ بے مروّت ۔ سنگدل ۔ ظالم ۔ بے رحم ۔ قسی القلب ۔ شقی القلب

سیاہ دلی / درونی : ۱۔ سیاہ باطنی ۔ بد باطنی ۔ تاریک باطنی ۔ تیرہ باطنی ۔ تیرہ درونی ۔ منافقت ۔ بدی ۔ برائی ۔ خباثت
۲۔ بے مروّتی ۔ بے وفائی ۔ سنگدلی ۔ بے رحمی ۔ قساوتِ قلب ۔ شقاوتِ قلب

سیاہ دست : کنجوس ۔ بخیل ۔ جزرس ۔ خسیس ۔ ممسک ۔ لئیم ۔ شوم ۔ سوم

سیاہ دستی : کنجوسی ۔ بخیلی ۔ بخل ۔ جز رسی ۔ خساست ۔ خست ۔ امساک

سیاہ رُو : ۱۔ کل مُونہا

۲۔ رسوا ۔ بدنام ۔ شرمندہ ۔ شرمسار ۔ بے عزت ۔ بے آبرو ۔ ذلیل

سیاہ روز/روزگار : سیاہ بخت ۔ بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔ بداختر ۔ بدطالع ۔ ابھاگی ۔ نربھاگی ۔ مصیبت زدہ ۔ آفت رسیدہ ۔ یرم سیاہ

سیاہ روزی : سیاہ بختی ۔ بدبختی ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ بداختری ۔ بدطالعی ۔ ابھاگ ۔ مصیبت زدگی ۔ آفت رسیدگی

سیاہ فام : کالا کلوٹا ۔ بھجنگ ۔ سیاہ رنگ ۔ دیوٹ

سیاہ کار : گنہگار ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ خاطی ۔ خطاکار ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ بدکار ۔ بدکردار ۔ فاسق ۔ فاجر ۔ بداعمال ۔ بداطوار ۔ بدمعاش ۔ بدقماش ۔ بدطریق ۔ بدوضع

سیاہ کاری : گناہگاری ۔ پاپ ۔ اپرادھ ۔ خطاکاری ۔ بدکاری ۔ قصورداری ۔ تقصیرداری ۔ بداعمالی ۔ بدکرداری ۔ فسق ۔ فجور ۔ بداطواری ۔ بدمعاشی ۔ بدقماشی ۔ بدطریقی ۔ بدوضعی

سیاہ گلیم : ۱۔ سیاہ بخت ۔ بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔ بدطالع ۔ بداختر ۔ ابھاگی ۔ نربھاگی

۲۔ کنگال ۔ مفلس ۔ نادار ۔ قلاش ۔ تہی دست

سیاہ مست : بدمست ۔ چُور ۔ مدہوش ۔ مخمور ۔ متوالا

سیاہ مستی : بدمستی ۔ مدہوشی ۔ مخموری ۔ متوال پن

سیاہ و سفید : ۱۔ کالا گورا ۔ اسود و ابیض

۲۔ دن رات ۔ لیل و نہار ۔ شب و روز

۳۔ غرب و شرق ۔ مغرب و مشرق ۔ پچھم پورب

۴۔ کفر و اسلام

۵۔ برائی و بھلائی ۔ زشتی و خوبی ۔ بدی و نیکی

۶۔ انتظام ۔ انصرام ۔ بندوبست

سیاہ تب — سیاہ روئی — سیاہ زبان — سیاہ گوش — سیاہ بید — سیاہ پستان — سیاہ چہرہ — سیاہ چشم — سیاہ دیدہ — سیاہ سال — سیاہ کاسہ — سیاہ نامہ — سیاہ بہار —

سیاہ چال — سیاہ سر — سیاہ قلم — سیاہ کام — سیاہ مغز (دیوانہ)

سیاہی : ۱۔ کالک ۔ سواد ۔ تاریکی ۔ تیرگی ۔ اندھیرا ۔ کلنک

۲۔ داغ ۔ دھبا ۔ کاجل

۳۔ روشنائی ۔ مداد

سیب : تفاح ۔ سیو ۔ منترا ۔ ایپل ۔ رشی پروان ۔ پدرس بیدا ۔ بسنتی کا پھول ۔ مشی ۔ آلمہ

سیبِ شیریں — سیبِ ذقن — پیوندی سیب

سیپ : صدف ۔ سیپی ۔ گوشِ ماہی ۔ گھونگھا ۔ پوپک ۔ پوستِ دُر ۔ پوستِ مروارید

سیت : ۱۔ ٹھنڈ ۔ ٹھنڈک ۔ سردی ۔ خنکی ۔ برودت

۲۔ سرما ۔ جاڑا ۔ زمستان ۔ شتا ۔ پالا

۳۔ پسینہ ۔ پسیو

۴۔ اوس ۔ شبنم ۔ تریل

۵۔ چاپڑ ۔ مٹھا ۔ لسی

سیتل : ۱۔ ٹھنڈا ۔ سرد ۔ خنک ۔ بارد

۲۔ سست ۔ کاہل ۔ ڈھیلا ۔ سہل انگار ۔ سہل پسند ۔ سہولت پسند ۔ آرام پسند ۔ آرام طلب ۔ راحت طلب ۔ آسائش پسند

۳۔ خوش ۔ مسرور ۔ خورسند ۔ سکھی ۔ پُرسکون ۔ مطمئن ۔ آنند

سیتلا : چیچک ۔ ماتا ۔ ٹھنکاری

سیٹ : ۱۔ نشست ۔ مسند ۔ تخت ۔ سریر ۔ کرسی ۔ چوکی ۔ سنگھاسن

۲۔ رکنیت ۔ ممبری

سیٹھ: ساہوکار۔ سوداگر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول

سیٹھا: پھیکا۔ بے مزہ۔ بے ذائقہ۔ بے لذت۔ بے نمک۔ بے مزہ۔ بے رس

سیٹی: زفیل۔ زفیر۔ وسل۔ دکار

سیج: ۱۔ پلنگ۔ چارپائی۔ سریر۔ کھاٹ
۲۔ بستر۔ بچھونا

سیخ: سلاخ۔ سیخک۔ تیلی۔ میل۔ کباب زن۔ سفود۔ منار۔ منکہ۔ سلائی

سیخ پا: ۱۔ الف۔ چراغ پا
۲۔ ناراض۔ خفا۔ آزردہ۔ برہم۔ برافروختہ۔ برانگیختہ۔ مشتعل

سید: ۱۔ سردار۔ سرخیل۔ سرگروہ۔ سربراہ۔ قائد۔ امام۔ پیشوا۔ حاکم۔ فرمانروا۔ حکمراں۔ رہنما۔ لیڈر۔ سالار۔ صدر۔ رہبر۔ عالی مقام۔ اکمل۔ حاکم اعلیٰ۔ میر۔ پیر۔ شیخ
۲۔ اولادِ علی و فاطمہ رضی اللہ عنہا

سیدالانبیاء: امام الانبیا۔ سیدالرسل۔ سردارِ انبیا۔ سیدالمرسلین۔
کنایۃً حضور اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سیدالبشر: امام البشر۔ سردارِ انساں۔ پیشوائے بشر۔
کنایۃً حضور اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سیدالشہداء: امام الشہدا۔ سرخیلِ شہیداں۔ پیشوائے شہیداں۔
سردارِ شہیداں
کنایۃً: حضرت حمزہؓ و حضرت حسین رضی اللہ عنہما

سیدۃ النساء: سردارِ زناں۔ پیشوائے زناں
کنایۃً: حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ رضی اللہ عنہا

سیدالقوم ــ سیدالعساکر ــ سیدالعلماء ــ
سیدالفقرا ــ سیدالصوفیا ــ سیدالامن ــ
سیدالذاکرین ــ سیدالسادات ــ سیدالاطبا

سیدھ: ۱۔ راستی۔ استقامت۔ سیدھاپن
۲۔ سادگی۔ سادہ لوحی۔ بھولپن
۳۔ نشانہ۔ نشست

سیدھا: ۱۔ راست۔ مستقیم۔ تنکا
۲۔ کھڑا۔ عمودی۔ عمود دار۔ قویم۔ سیدھی۔ بستری
۳۔ سادہ۔ بھولا
۴۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ سچی۔ مناسب۔ موزوں۔ بجا۔ باقاعدہ
۵۔ صاف۔ ہموار
۶۔ مہربان۔ مشفق۔ عنایت فرما۔ کرم فرما
۷۔ آسان۔ سہل
۸۔ مبارک۔ مسعود۔ سعید۔ شبھ
۹۔ غریب۔ مسکین
۱۰۔ موافق۔ مساعد۔ سازگار
۱۱۔ سچا۔ صادق۔ کھرا۔ صاف۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔ نیک۔ خوب۔ اچھا۔ بھلا
۱۲۔ دایاں۔ داہنا۔ یمین۔ راست

(اسم مذکر) رسد۔ خوراک۔ آٹا دال۔ راتب۔ دانہ چارہ۔ وظیفہ۔ روزینہ۔ معاش مقررہ

سیدھاپن: ۱۔ سیدھ۔ راستی۔ استقامت
۲۔ سادگی۔ سادہ لوحی۔ بھولپن

سیدی/شیدی: حبشی۔ زنگی

سیر: ۱۔ رجا۔ پُرشکم۔ آسودہ۔ مطمئن۔
۲۔ بے نیاز۔ بے پروا۔ مستغنی۔ پُر۔ چھکا ہوا۔ اگھایا۔ پیٹ بھرا۔ من بھرا۔ سیراب
۳۔ بیزار۔ متنفر۔ اکتایا۔ رنجیدہ۔ آزردہ

سیرآب/سیراب: لبریز۔ شاداب۔ سرسبز۔ پُرآب
سیرآبی/سیرابی: لبریزی۔ شادابی۔ سرسبزی۔ پُرآبی
سیرچشم: ۱۔ آسودہ۔ مطمئن۔ قانع۔ صابر۔ بے پروا۔ مستغنی۔ بے طمع۔ بے نیاز۔ دریادل
۲۔ سخی۔ فیاض۔ داتا۔ دانی۔ کریم۔ جواد
سیرچشمی: ۱۔ آسودگی۔ اطمینان۔ قناعت۔ صبر۔ بے پروائی۔ استغنا۔ بے طمعی۔ بے نیازی۔ دریادلی
۲۔ سخا۔ سخاوت۔ فیاضی۔ کرم۔ جود
سیرحاصل: ۱۔ مفید۔ فائدہ مند۔ کثیر المنافع۔ سودمند
۲۔ پیداآور۔ زرخیز
۳۔ مفصل۔ مبسوط۔ تفصیلی۔ بھرپور
۴۔ پوری طرح

سَیر: ۱۔ گشت۔ گل گشت۔ ہواخوری۔ چہل قدمی۔ گھومنا
۲۔ تفریح۔ تماشا۔ کیف۔ نظارہ۔ سماں۔ بہار
۳۔ لطف۔ مزہ۔ لذت۔ فرحت
۴۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ تفنن۔ دل لگی
۵۔ گردش۔ چکر۔ دورہ
۶۔ سفر۔ سیاحت۔ مسافرت۔ نظارہ بازی
۷۔ مطالعہ۔ خواندگی

سیرسپاٹا: ہواخوری۔ تفریح۔ سیاحت
سیرگاہ: تفریح گاہ۔ تفرج گاہ۔ تماشاگاہ۔ پُرفضا مقام

سیربین ـــ سیروتفریح ـــ سیروشکار ـــ سیرد کیفیت

سِیَر: عادات۔ خصلات۔ واقعات۔ حالات۔ سانحات

سیرت: ۱۔ عادت۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ طبیعت۔ مزاج۔ خُو۔ طبع۔ سبھاؤ۔ بان
۲۔ طرز۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز۔ روش۔ چلن۔ ہیئت
۳۔ خاصیت۔ خاصہ۔ جبلت
۴۔ نیکی۔ خوبی۔ اچھائی۔ بھلائی۔ خلق
۵۔ حالات۔ واقعات۔ سوانح۔ سرگزشت۔ سرِبیتی۔ تذکرہ۔ سوانح عمری۔ سوانح حیات۔ آٹوبایوگرافی۔ برتانت۔ اصولِ حیات

سیرت نگار: سوانح نگار۔ وقائع نگار۔ کوائف نگار
سیرت نگاری: سوانح نگاری۔ وقائع نگاری۔ کوائف نگاری

فرشتہ سیرت ـــ نک سیرت ـــ نیک سیرت ـــ بدسیرت ـــ خوب سیرت ـــ پاک سیرت ـــ خوش سیرت ـــ بلند سیرت ـــ حسن سیرت ـــ فنِ سیرت نگاری

سیڑھی: ۱۔ زینہ۔ نردبان۔ پرکالا۔ معراج۔ پَرڑی۔ منڈلی۔ نسینی۔ پیڑی۔ پیڑسال۔ پلگان۔ سُلّم۔ مرقات
۲۔ درجہ۔ پایہ۔ مرتبہ۔ مرحلہ
۳۔ وسیلہ۔ ذریعہ۔ توسط۔ توسل

سیزدہ: تیرہ۔ ثلاث عشر

سیزن: موسم۔ رُت۔ فصل۔ بہار

سیس: ۱۔ سر۔ راس۔ کھوپڑی۔ مغز
۲۔ ماتھا۔ پیشانی۔ جبیں۔ ناصیہ۔ سیما

سیسا: سرب۔ رصاص۔ رانگہ

سیشن : اجلاس۔ نشست۔ میقات۔ عدالت

سَیف : تلوار۔ شمشیر۔ تیغ۔ سروہی

سیف زبان : تیز زبان۔ صاف زبان۔ مستجاب الدعا

سیف زبانی : تیز زبانی۔ صاف زبانی

سیف : ۱۔ محفوظ۔ مامون۔ مصئون

۲۔ آہنی صندوق۔ تجوری

سیکرٹری : ۱۔ رازدار۔ محرمِ راز

۲۔ معتمد۔ اعتمادی۔ کاتب۔ منشی۔ دبیر۔ ناظر۔ محرّر

سیکرٹریٹ : دفترِ معتمد۔ دفترِ عمّالِ حکومت

سیکڑا : سو۔ صد۔ سیکڑا

سَیکس : جنس۔ صنف۔ مرد و زن

سیکس اپیل : جنسی کشش۔ صنفی جاذبیت۔ رومنی

سیکشن : ۱۔ ٹکڑا۔ تعو۔ حصہ۔ جزو۔ پارہ

۲۔ شعبہ۔ شاخ

۳۔ فوجی دستہ۔ جیش

سیکنڈ : ۱۔ دوسرا۔ دوم۔ ثانی

۲۔ ثانیہ۔ پل۔ لحظہ۔ لمحہ۔ چھن۔ دقیقہ

سیکنڈ ہینڈ : پرانا۔ استعمال شدہ۔ مستعمل

سیکوریٹی : حفاظت۔ بچاؤ۔ تحفظ۔ سلامتی۔ امن

۲۔ ضمانت۔ کفالت۔ ضامنی

۳۔ ضامن۔ کفیل۔ وکیل

۴۔ وثیقہ۔ ہنڈی۔ تمسک

سِیکھ : تعلیم۔ تربیت۔ سبق۔ نصیحت۔ وعظ۔ تلقین۔ پند۔ مشورہ۔ صلاح

سِیکھتڑ : طالب علم۔ متعلم۔ مبتدی۔ نوآموز۔ نومشق

سَیل : رَو۔ بہاؤ۔ لہر۔ طغیانی۔ باڑھ۔ ریلا۔ ہڑ۔ تنداب۔ خیراب۔ موجہ۔ رودخیز۔ سیلاب۔ جھاگ۔ جران

سیلِ بلا ـــ سیلِ نور ـــ سیلِ خوں ـــ
سیلِ حوادث ـــ سیلِ غم ـــ سیلِ تبسم ـــ سیلِ
اشک ـــ سیلِ درد ـــ سیلِ راکن ـــ سیلِ تحر گیر
ـــ سیل از سر گذشت ـــ سیلِ کوہ افگن ـــ
سیلِ تیز ـــ سیلِ شباب آلودہ ـــ سیلِ خانہ خراب
ـــ سیلِ بے زنہار ـــ سیلِ بے پناہ ـــ
ـــ سیلِ چشمہ ساز ـــ سیلِ بہرہ یافت ـــ سیلِ گریہ پا
ـــ سیلِ خوشگوار ـــ سیلِ دلآویز

سِیل : ۱۔ نم۔ رطوبت۔ تری

۲۔ شرم۔ حیا۔ لحاظ۔ پاس۔ مروّت

۳۔ طبیعت۔ خاصیت۔ خصلت۔ مزاج۔ خاصہ

سَیلان : بہاؤ۔ روانی۔ اجرا

سیلی : تھپڑ۔ چانٹا۔ تمانچا۔ لطمہ۔ دھپ۔ دھپا۔ دَھول

سِیم : چاندی۔ رُوپا۔ نقرہ۔ فضّہ

سیم اندام / بر / تن: گورا چٹا۔ سمن بر۔ خوب صورت۔ سفید فام۔ صبیح۔ حسین

سیما: (ہندی) حد۔ سرحد۔ کنارہ۔ کرانہ۔ ڈانڈا

سیما: (عربی) ۱۔ ماتھا۔ پیشانی۔ جبیں۔ ناصیہ۔ لوح۔ جبہہ
۲۔ چہرہ۔ وجہ۔ مکھڑا۔ عارض

سیمائے سیم۔ — خورشید سیما — ماہ سیما — سیمائے دلنواز — سیمائے دلفریب — سیمائے گلنار

سیماب: ۱۔ آبِ سیم۔ آبِ نقرہ۔ ماء الفضّہ
۲۔ پارا۔ رس۔ زیبق۔ سیمزیج۔ روحِ اکسیر۔ زاوُوق۔ جیوہ۔ تخم بھوبیج۔ ژیوہ۔ پرہند
۳۔ (مجازاً) بے قرار۔ بےتاب۔ بےچین۔ بےکل۔ متحرک

سیماب صفت (بےتاب) — سیماب وِش — سیماب فام — سیماب رنگ — سیماب پرواز — بےتابیِ سیماب — وزنِ سیماب — کشتۂ سیماب — سیماب منجمد (قائم النار) — سیمابی کیفیت

سیمیا: نیرنگ۔ نیرنج۔ شعبدہ گری۔ طلسم۔ سحر۔ جادو

سیمیں: ۱۔ روپہلا۔ نقرئی
۲۔ سفید۔ چٹا۔ گورا۔ ابیض۔ اُجلا

سیمینار: مجلسِ مذاکرہ۔ مجلسِ مباحثہ

سین: نظارہ۔ منظر۔ بہار۔ سیر۔ تماشا

سینا: فوج۔ لشکر۔ عسکر۔ جیش۔ جند۔ سپاہ۔ دل۔ کٹک

سیناپتی: سپہ سالار۔ میرِ لشکر۔ سردارِ لشکر۔ سالارِ جیش

سینتالیس: چہل و ہفت۔ سبع اربعون

سینتیس: سی و ہفت۔ سبع ثلاثون

سینٹ: خوشبو۔ عطر۔ غالیہ۔ پھیل

سینٹر: مرکز۔ وسط۔ درمیان۔ قلب

سیندور: سندور۔ اینگر۔ زنجیر۔ شنقرہ۔ شنجرف۔ شنگرف

سیندھ: نقب۔ سوراخ۔ شگاف۔ رخنہ۔ موکھا

سینک: تیلی۔ تنکا۔ خلال۔ میخ۔ سلاخ

سینک سلائی: دھان پان۔ دُبلا پتلا۔ لاغر۔ کمزور۔ نحیف۔ ناتواں۔ ضعیف

سینگ: قرن۔ شاخ۔ سرون۔ روق۔ قرنا۔ شاخِ حیران

سینہ: چھاتی۔ صدر۔ بر۔ ال۔ پشین۔ وربال۔ ڈوبر

سینہ افگار: سینہ چاک۔ سینہ ریش۔ زخمی دل۔ رنجیدہ۔ غمزدہ۔ مغموم۔ غم گیں۔ ملول
سینہ زن / کوب: ماتم کناں۔ ماتمی۔ ماتم دار۔ عزادار
سینہ زور: سرکش۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ متمرد
سینہ زوری: سرکشی۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تمرد
سینہ کاوی: کوشش۔ کاوش۔ جد و جہد۔ مشقت۔ عرق ریزی۔ جاں فشانی

سینہ کوبی — سینہ زوری — سینہ سپر —
سینۂ داغ پرور — سینۂ داغدار — سینۂ پُرشور
— سینۂ شرحہ شرحہ — سینۂ گرم — سینۂ
پارہ پارہ — سینۂ داغ دیدہ — سینۂ زخم پرور
— سینۂ چاک — سینۂ آتشیں — سینۂ
بلاخیز — سینۂ شرار بیز — سینۂ آتش افشاں
— سینۂ جوشاں — سینۂ پُرجوش — سینۂ
صد روزن — سینۂ مجروح — سینۂ شگافتہ
— سینۂ بے غم — سینۂ پُرآہ و فغاں —
سینۂ پُرغصہ — سینۂ بے کینہ — سینۂ سوراخ شدہ
— سینۂ خراب — سینۂ بیک آبگینہ — سینۂ
آتش کدہ — سینۂ ورق ورق — سینۂ جلوہ گاہ
— سینۂ خوش — سینۂ کشت — سینۂ گوہر
— آئینۂ سینہ — سینۂ زمیں — سینۂ کشش
— سینۂ آتش خانہ — سینۂ افغاں کدہ —
سینۂ گنج — سینۂ گنجینہ — سینۂ صندوق —
سینۂ پُرتاب — سینۂ آفتاب — سینۂ مہتاب
— سینۂ گردوں — سینۂ انجم — سینۂ خودسر
— سینۂ مہر — سینۂ راستش — سینۂ بحر —
سینۂ داغ داغ — سینۂ شیر — سینۂ معشوق
— سینۂ پُرعلم — سینۂ پُرخوں — سینۂ
بریاں — سینۂ سرد — جادۂ سینہ (گریباں)

سینیٹ : مجلسِ قانون ساز ۔ ایوانِ بالا ۔ ایوانِ اعلیٰ ۔ پارلیمنٹ ۔ راجیہ سبھا ۔ دارالامرا

سینیئر : بڑا ۔ فائق ۔ برتر ۔ مقدم ۔ متقدم ۔ بزرگ

سیوا : خدمت ۔ ٹہل ۔ سیوا ۔ ملازمت ۔ چاکری ۔ نوکری

سیوک : خادم ۔ خدمت گزار ۔ ملازم ۔ چاکر ۔ داس ۔ غلام ۔ مرید ۔ چیلا

سیون : سلائی ۔ دوخت ۔ بخیہ ۔ جوڑ

سَیّئہ : گناہ ۔ برائی ۔ بدی ۔ خطا ۔ تقصیر ۔ قصور ۔ پاپ ۔ اپرادھ

" لفظوں کو لکھنے میں یا پڑھنے میں کبھی کوئی مشکل پیش آئی تو یہ کہا گیا کہ اُردو کے رسم خط میں اصلاح کی ضرورت ہے اور اس بنیادی بات کو فراموش کر دیا گیا کہ اصلاح املا میں ہو سکتی ہے ، رسمِ خط میں نہیں ۔ وہ یا تو رہے گا یا نہیں رہے گا ۔ دوسرے لفظوں میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ رسمِ خط میں تغیر ہو سکتا ہے ۔ اصلاح نہیں ہوتی "

(اُردو املا ۔ از رشید حسن خان)

شاب : جوان۔ برنا۔ فتی۔ نوعمر۔ پٹھا

شاباش : واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ آفریں باد۔ مرحبا۔ تھاپڑہ۔ دلداری۔
زہے۔ واہ جی۔ بشارہ۔ پروار۔ پچکار۔ بلبے۔ تھپک۔
چمکار۔ پیار۔ تسلی۔ تھاپی۔ خوب۔ زندہ باد۔ خوش باش
شادباش

شاباشی : تحسین۔ آفرین۔ تعریف۔ توصیف۔ داد

شاخ : ۱۔ ٹہنی۔ ڈال۔ ڈالی۔ فرع۔ استاخ۔ پھس۔ بازو۔ باہو۔
برزہ۔ شاخہ۔ رشنہ۔ گوت۔ شق۔ زخادہ۔ شروع۔
جوجم۔ غصن۔ فنن۔ ڈار۔ خوط۔ قضیب۔ براینچ۔
شعبہ۔ ڈاری
۲۔ ڈنٹھل۔ ساقہ۔ ڈنڈی
۳۔ سینگ۔ قرن۔ ہڈی۔ استخواں
۴۔ حصہ۔ جزو۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ بھاگ۔ شعبہ
۵۔ قاش۔ پھانک۔ تھلا۔ قتلی
۶۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ پیچ۔ تنازع
۷۔ ہنر۔ خوبی۔ وصف۔ گن۔ جوہر
۸۔ نسل۔ نژاد۔ اولاد۔ ذریت۔ پیڑھی۔ پشت

شاخچہ/شاخچہ : ۱۔ شاخ خرد۔ قلم۔ پیوند
۲۔ تہمت۔ الزام۔ بہتان۔ اتہام

شاخچہ بندی : ۱۔ پیوندکاری۔ قلم کاری
۲۔ الزام تراشی۔ تہمت تراشی۔ بہتان تراشی۔ اتہام

شاخ زعفران : ۱۔ مغرور۔ خودبیں۔ خودنگر۔ خودپسند۔ متکبر۔
گھمنڈی۔ ابھیمانی
۲۔ انوکھا۔ عجیب۔ نادر۔ نرالا۔ طرفہ

شاخسانہ : ۱۔ سلسلۂ گفتگو
۲۔ حجت۔ تکرار۔ بحث۔ مناظرہ۔ دلیل
۳۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ پیچ۔ نزاع
۴۔ رخنہ۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ کمی
۵۔ ڈھکوسلا۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ دم۔ چال۔ چھل
۶۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عذر

شاخِ نبات : گنا۔ نیشکر۔ کماد

شاخِ میوہ دار ــــ شاخِ عنبر سرشت ــــ
شاخِ دلآویز ــــ شاخِ خوب ــــ شاخِ پسندیدہ
ــــ شاخِ بریدہ ــــ نغمہ بر شاخ ــــ
شاخ خیمہ بر شاخ ــــ شاخِ خودرَو ــــ
شاخِ برہنہ ــــ شاخِ تراشیدہ ــــ شاخِ خمیدہ
ــــ شاخِ پژمردہ ــــ شاخِ خزاں دیدہ ــــ
شاخِ شاداب ــــ شاخِ برگ ریز ــــ شاخِ نہال
ــــ شاخِ غم ــــ شاخِ رشتہ ــــ
شاخِ گل ــــ شاخِ لچکدار

شاد: ۱۔ خوش۔ خرم۔ شادماں۔ مسرور۔ خرسند۔ بے غم۔ خوش وقت۔ خوشحال۔ سبا فرحت۔ مبتہج۔ دلشاد۔ آنندی۔ پرسن۔ خرم و خنداں
۲۔ بھرا۔ پُر

شاداب: سیراب۔ تر و تازہ۔ ہرا بھرا۔ سرسبز
شادابی: سیرابی۔ تر و تازگی۔ سرسبزی
شاداں: خوش حال۔ مگن۔ خرسند۔ مطمئن۔ آنند
شادکام: بامراد۔ فائز المرام۔ کامیاب۔ کامران۔ خوش حال
شادکامی: بامرادی۔ کامیابی۔ کامرانی۔ خوش حالی
شادماں: خوش۔ خرم۔ مسرور۔ شاداں۔ خرسند۔ آنند
شادمانی: خوشی۔ خرمی۔ مسرت۔ شادانی

شاد باد ـــ شاد بہر ـــ شاد خواب ـــ ـــ
شاد خوار ـــ شاد خوارہ ـــ شاد خواست
ـــ شادانی ـــ شاد خور ـــ شاد گونہ
ـــ شاد باش ـــ شاد مار ـــ شاد مند

شادی: ۱۔ خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ مسرت۔ خرسندی۔ بے غمی۔ بہجت۔ طرب۔ فرحت۔ آنند
۲۔ بیاہ۔ بواہ۔ ودواہ۔ نکاح۔ عقد۔ ازدواج۔ گٹھ بندھن۔ تزویج۔ تزوّج
۳۔ عید۔ تہوار۔ جشن

شادیانہ: مبارک باد۔ نغمۂ تبریک۔ نغمۂ شادی

شاذ: ۱۔ عجیب۔ نادر۔ غیر معمولی۔ انوکھا۔ نرالا
۲۔ کم یاب۔ خلافِ قاعدہ۔ خلافِ دستور۔ بے ترتیب۔ بے سلسلہ
۳۔ اتفاقاً۔ اتفاقیہ۔ کبھی کبھار

شارح: تشریح کنندہ۔ مُشرّح۔ شرح نگار۔ ناقد۔ مُبصّر۔ تبصرہ نگار۔ مقدمہ نگار۔ تنقید نویس

شارع: ۱۔ راستہ۔ راہ۔ سڑک۔ باٹ۔ بٹیا۔ ڈگر۔ جادہ۔ سبیل
۲۔ صاحبِ شریعت۔ صاحبِ شرع۔ پیغمبر۔ پیمبر۔ بیراہ۔ تشریعی نبی۔ مقنّن

شارک: خارو۔ گرسل۔ مینا

شاستر: ۱۔ قاعدہ۔ قانون۔ آئین۔ دستور
۲۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ ہدایت

شاشہ: پیشاب۔ موت۔ بول۔ قارورہ

شاطر: ۱۔ شطرنج باز۔ کھلاڑی
۲۔ ہوشیار۔ چالاک۔ عیار۔ مکار۔ چلتا پرزہ
۳۔ چور۔ دزد۔ سارق۔ کیسہ بُر۔ گرہ کٹ۔ جیب کترا۔ گٹھ کترا۔ لٹیرا۔ اٹھائی گیرا۔ اچکا
۴۔ شرارتی۔ شریر۔ مفسد۔ متفنّی
۵۔ بدچلن۔ بدکردار۔ آوارہ۔ اوباش
۶۔ قاصد۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیام بر۔ پیامی۔ پیغام بر۔ نامہ بر۔ پیک۔ ہرکارہ

شاعر: سخن گو۔ سخن ور۔ سخن طراز۔ شعر گو۔ سخن داں۔ کوی۔ جادو سخن۔ جامہ سرا۔ خیال پرست۔ وادگر۔ دگر۔ ناظم۔ کبیشر۔ سخن آرا

شاعری: سخن گوئی۔ سخن وری۔ سخن طرازی۔ شعر گوئی

شاغل: ۱۔ مصروف۔ متوجہ۔ منہمک
۲۔ ذاکر۔ عبادت گزار۔ عابد

شافع : شفیع۔ سفارش کنندہ۔ شفاعت کنندہ

شافعِ روزِ جزا/محشر : کنایتہً حضورِ اکرم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

شافی : ۱۔ شفا بخش۔ صحت بخش۔ تسکین بخش
۲۔ صاف۔ فیصلہ کن۔ قطعی۔ حتمی۔ واضح۔ صریح۔ مصرح

شاق : ۱۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ دوبھر
۲۔ ناگوار۔ ناپسند۔ نامرغوب۔ تکلیف دہ

شاکر : ۱۔ شکر گزار۔ سپاس گزار۔ متشکر۔ ممنون۔ حق شناس
۲۔ صابر۔ قانع۔ قناعت پسند۔ سنتوکھی۔ مطمئن

شاکی : شکایت کنندہ۔ شکوہ کنندہ۔ گلہ گزار۔ گلہ مند۔ فریادی۔ نالشی۔ دادخواہ۔ مستغیث

شاکیِ جور ___ شاکیِ تغافل ___ شاکیِ ستم ___
شاکیِ بے نیازی

شاگرد : ۱۔ طالب علم۔ آموزگار۔ تلمیذ۔ چیلا۔ مرید۔ چیرا۔ زبان داں۔ میلادُ۔ میلادہ۔ نیم کار۔ نیم کارہ۔ متعلم۔ بدیارتھی۔ سٹوڈنٹ۔ چیلا چاپٹا۔ پیرو۔ گرگا۔ دانش آموز۔ دانش جو۔ محصل
۲۔ خادم۔ خدمت گزار۔ داس۔ غلام۔ چاکر۔ نوکر

شاگرد پیشہ : خادم۔ ملازم۔ نوکر چاکر۔ ادنیٰ ملازم

شاگردی : طالب علمی۔ تلمذ۔ دانش جوئی۔ مریدی

شال : اوڑھنی۔ چادر۔ دوشالہ۔ پشمینہ

شام : ۱۔ مسا۔ سانجھ۔ شبستان گاہ۔ مغرب۔ وقتِ غروبِ آفتاب۔ ماخام۔ بیگاہ۔ عشا۔ شیام۔ اصیل۔ عشی
۲۔ زوال۔ ہبوط۔ آخیر۔ انت۔ اختتام۔ انتہا

شام وسحر ___ شامِ غریباں ___ شامِ چمن ___
شامِ ویرانہ ___ شامِ صحرا ___ شامِ وصل ___
شامِ ہجر ___ شامِ غم ___ شامِ عاشورہ ___
شامِ کربلا ___ شامِ شادی ___ شامِ شاداں
___ شامِ ماہتاب ___ شامِ دریا ___
شامِ شفق فام ___ شامِ حنا رنگ ___
شامِ جاں فروز ___ شامِ دلسوز ___ شامِ تاریک
___ شامِ روشن

شامت : ۱۔ بدبختی۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ شومی بخت۔ شومیِ طالع۔ بدطالعی۔ بداختری۔ بداقبالی۔ نحوست۔ ادبار
۲۔ مصیبت۔ آفت۔ بپتا

شامت زدگی : مصیبت زدگی۔ آفت رسیدگی۔ پریشاں حالی۔ خراب حالی۔ خستہ حالی

شامت زدہ : مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ پریشان حال۔ خراب حال۔ خستہ حال

شامتی : ۱۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدطالع۔ بداختر۔ بداقبال۔ اُدبر
۲۔ مصیبت زدہ۔ آفت رسیدہ۔ پریشان حال۔ خستہ حال

شامل : ۱۔ ساتھ۔ ملحق۔ ملتصق۔ منسلک۔ چسپاں۔ یک جا۔ ساجھی۔ شریک۔ حصہ دار۔ پتی دار۔ ملا ہوا۔ ساتھی

شاملات : ۱۔ مشترکہ جائیداد۔ مشترکہ ملکیت
۲۔ ساجھا۔ شرکت۔ حصہ داری۔ پتی داری

شامیانہ : سائبان۔ نم گیرا۔ آسماں گیر۔ چھاتا۔ چنتر۔ خیمہ۔ مُضلّہ۔
سایہ پوش۔ مَظلّہ۔ شادرواں۔ ٹینٹ۔ تنبو۔ قنات

شان : شکوہ۔ شوکت۔ عظمت۔ دبدبہ۔ آن بان۔ ٹھاٹھ باٹھ۔
دھوم دھام۔ بھڑک۔ احتشام۔ حشمت۔ جلال۔ تجمل۔
عزت۔ توقیر۔ وقار۔ شرف۔ درجہ۔ مرتبہ۔ حکومت۔
بزرگی۔ پایہ۔ پَد۔ داب۔ شپلنت۔ فر۔ فرنجہ۔ ٹھسک۔
ٹھسّا۔ ثروت
۲۔ خاصیت۔ خاصہ۔ خوبی۔ گُن۔ وصف
۳۔ طرز۔ انداز۔ وضع۔ روِش۔ ڈھنگ۔ چلن

شان دار : ۱۔ مہتم بالشان۔ عظیم الشان۔ عالی شان۔ ذی شان۔
پُرشوکت۔ پُرشکوہ۔ پُرجلال۔ بلند مرتبہ۔ عالی مرتبت۔
عالی مقام۔ رفیع المنزلت
۲۔ خوش نما۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ سُندر

شان وشوکت ــــ شانِ نزول ــــ شانِ شایاں
ــــ شانِ عبودیت

شانت : مطمئن۔ پُرسکون۔ صابر۔ قانع۔ سُکھی۔ پُرامن

شانتی : اطمینان۔ سکون۔ امن۔ سُکھ۔ چین۔ آرام۔ راحت۔ دلجمعی۔
جمعیتِ خاطر۔ صبر۔ قناعت

شانزدہ : سولہ۔ ستہ عشر

شانہ : ۱۔ کنگھا۔ کنگھی۔ مشط
۲۔ کندھا۔ کاندھا۔ مونڈھا

شاہ : ۱۔ بادشاہ۔ سلطان۔ ملک۔ خسرو۔ خدیو۔ تاجدار۔ تاجور۔
[illegible] سلطنت۔ حاکم۔ حکمراں۔
فرماں روا۔ جہاں دار۔ راجا۔ صاحبِ قِمر۔ ملک الملوک۔
زیبندۂ ہفت کشور۔ صاحبِ گاہ و گنج۔ سالار۔ جمشید۔ ہوش۔
شہریار۔ جہاں داور۔ خسروِ خسرواں
۲۔ آقا۔ مالک۔ خداوند
۳۔ نوشاہ۔ دولھا
۴۔ بڑا۔ کبیر۔ عظیم

شاہ باز : بازِ بزرگ۔ شاہین۔ عقاب
شاہ بیت : بیت الغزل۔ بہترین شعر
شاہ پارہ : بہترین ٹکڑا۔ منتخب جزو۔ عمدہ چیز۔ شاہکار۔ شہ پارہ
شاہ خرچ : خرچیلا۔ خرّاج۔ فضول خرچ۔ مُسرف۔ لکھ لُٹ
شاہ خرچی : خرچیلا پن۔ فضول خرچی۔ اسراف۔ تبذیر
شاہ راہ : راہِ وسیع۔ راہِ فراخ۔ راہِ عظیم۔ شارعِ اعظم۔ جرنیل
سڑک۔ ہائی وے
شاہ رگ : رگِ جاں۔ رگِ گلو۔ حبل الورید۔ شہ رگ
شاہ زادہ : پسرِ شاہ۔ فرزندِ بادشاہ۔ ملک زادہ۔ سلطان زادہ
راج کمار۔ شہزادہ
شاہ سوار : ماہر سوار۔ عظیم سوار۔ مشاق سوار۔ راکبِ اعظم۔
فارسِ عظیم۔ شہ سوار
شاہ کار : شاہ پارہ۔ بہترین نمونہ۔ احسنِ تقویم۔ کارنامۂ عظیم۔ شہ پارہ
شاہِ لافتیٰ : کنایۃً حضرت علی کرم اللہ وجہہ
شاہِ لولاک : کنایۃً حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم
شاہِ مرداں : کنایۃً حضرت علی رضی اللہ عنہ
شاہِ مشرق / خاور : سورج۔ سُوریہ۔ خورشید۔ مہر۔ شمس۔
آفتاب۔ نیرِ اعظم
شاہِ مغرب : ہلال۔ ماہِ نو۔ مہِ نو
شاہ نشین : چبوترہ۔ چوکی۔ تھڑا۔ بالکنی۔ جھروکا
شاہ وار : شائیگاں۔ شاہانہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ شاندار

شاہِ انجم سپاہ ــــ شاہِ اکلیل طراز ــــ شاہِ دریا بار
ــــ شاہِ فلک شکوہ ــــ شاہِ پاک زاد ــــ

شاہ گوہر نثار — شاہ قمر خدم — شاہ عطارد رقم —
شاہ کیواں ہم — شاہ مریخ حشم —
شاہ خورشید علم — شاہ افلاک خیم —
شاہ شمشیر جرأت — شاہ مغز فطرت —
شاہ دماغ ہوش مندی — شاہ جلیل القدر —
شاہ حکمراں — شاہ مال خواہ — شاہ سپہر مرتبہ
— شاہ سپہر رکاب — شاہ فراخ حوصلہ
— شاہ گنج فشاں — شاہ اژدہا سوز —
شاہ شیر سوار — شاہ اژدر دست —
شاہ بلند سریر — شاہ شب زندہ دار —
شاہ دیر گیر — شاہ زور نواز — شاہ خزینہ بخش
— شاہ گیتی فروز — شاہ فلک آرا —
شاہ فلک پیوند — شاہ شیر زور —
شاہ گنج پرداز — شاہ شیر بسر — شاہ کشور گیر
— شاہ فلک فرسا — شاہ سر بلند —
شاہ گردن افراز — شاہ باج پرست —
شاہ خوب خصال — شاہ داد پرور —
شاہ بزرگ نژاد — شاہ بندہ نواز —
شاہ قبہ نشان — شاہ تخت بخش —
شاہ پیل کش — شاہ کرگدن سوز —
شاہ ہفت اقلیم — شاہ کیقباد کلاہ —
شاہ فرخ بخت — شاہ نشاط پرست —
شاہ قوی پایہ — شاہ خورشید گاہ —
شاہ شیر دل — شاہ انا دوست — شاہ دانا
— شاہ سپاہ انگیز — شاہ حامی و ناصر
— شاہ خطا پوش — شاہ ہمت گر —
شاہ دارا نشان — شاہ سکندر روش —
شاہ بلند افسر — شاہ فرشتہ سرشت —
شاہ عدو سوز — شاہ دشمن گداز — شاہ پیل حملہ
— شاہ شیر نبرد — شاہ دریا نشاں —
شاہ فلک مرکب — شاہ عالم نواز —

شاہ کیقباد پایہ — شاہ بہرام نژاد —
شاہ مشتری مہر — شاہ کوتاہ قلم و دراز شمشیر
— شاہ گوہر تکمیل بخش — شاہ خزینہ ریز —
شاہ بلند نام — شاہ درویش نواز —
شاہ رعیت نواز — شاہ دولت پناہ —
شاہ ستمگار کش — شاہ گیتی نورد —
شاہ فلک پایگاہ — شاہ ولایت ستاں —
شاہ داد سرشت — شاہ زیرک شناس —
شاہ گیتی سگال — شاہ خسرو دیو بند —
شاہ باطوق و تاج — شاہ زرینہ کفش —
شاہ دلیراں — شاہ فریدوں کمر — شاہ خاقان کلاہ
— شاہ خدا ترس — شاہ جہاں خرام —
شاہ بلند نسب — شاہ شیر فکر — شاہ شریف گوہر
— شاہ با جلال — شاہ نافذ الامر —
شہ اژدر شکار — شاہ خورشید تاب —
شاہ فلک رفعت — شاہ جم جاہ —
شاہ آہن پیماں — شاہ پرویز عشرت —
شاہ شیریں گو — شاہ دادگراں — شاہ گراں عطا
— شاہ جواں فر — شاہ جواں طبع —
شاہ قوی گداز — شاہ سپہر پایہ — شاہ جہاں داور
— شاہ راست عہد — شاہ لشکر آرا —
شاہ گنج بخش — شاہ بسیار ہوش —
شاہ جہانگیر — شاہ بافر و فرہنگ —
شاہ اورنگ پناہ — شہ اقلیم گر — شاہ رستم رکاب
— شاہ شیر افگن و پیل زور — شاہ چیرہ دست
— شاہ جہاں جو — شاہ فرخ سریر —
شاہ دین پناہ — شاہ گیتی پژوہ —
شاہ قراں ساز — شاہ دارا شکوہ —
شاہ اکلیل و اورنگ افروز — شاہ دور گیر —
شاہ سلیماں شکوہ — شاہ آفاق گیر —
شاہ سخت بازو — شاہ مخالف شکن —

شاہِ دولت پناہ ـــ شاہِ فیروز جنگ ـــ
شاہِ دریا دل ـــ شاہِ فیروزمند ـــ شاہِ فرخ نژاد
ـــ شاہِ بدرِ منیر ـــ شاہِ شمشیر قہر ـــ
شاہِ سایۂ عرش پایہ

شاہانہ : موافق۔ مانندِ شاہ۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ نفیس۔ بلند پایہ

شاہد : ۱۔ بینندہ۔ ناظر۔ بصیر۔ مشاہد۔ گواہ
۲۔ حسین۔ نازنین۔ محبوب۔ معشوق۔ پریتم۔ پیتم

شاہد باز : تماش بیں۔ حسن پرست۔ عیش کوش
شاہدِ بازاری : بازاری معشوق۔ رنڈی۔ طوائف۔ کسبی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ رقاصہ
شاہدِ حال : حال بیں۔ چشم دید گواہ
شاہدِ عادل : گواہ عادل۔ سچا گواہ
شاہدِ غیب : غیب بیں۔ کنایۃً اللہ تعالےٰ

شاہدی : شہادت۔ گواہی

شاہنشاہ : شاہِ شاہاں۔ مہاراج ادھیراج۔ احکم الحاکمین

شاہی : بادشاہی۔ سلطنت۔ ملوکیت۔ حکومت۔ حکمرانی۔ فرماں روائی۔ راج

نادر شاہی ـــ سکھا شاہی ـــ راجا شاہی
ـــ فرمان شاہی

شاہین : باز۔ شہباز۔ عقاب۔ شاہ مرغاں۔ طغرل۔ تیز باز۔ زرمّی۔ صنقر۔ اجدل۔ ایگل۔ شِکرہ۔ اُشکرہ

شاہینِ سیہ جامہ ـــ شاہینِ تیر بار ـــ
شاہینِ سفید ـــ شاہینِ سبک پرواز ـــ
شاہینِ دلیر ـــ شاہینِ پولادی ـــ شاہینِ شکاری

شائبہ : ۱۔ ملاوٹ۔ میل۔ آمیزش۔ آلودگی۔ لوث
۲۔ شک۔ شبہ۔ گمان۔ ظن۔ احتمال

شائع : فاش۔ ظاہر۔ آشکارا۔ عیاں۔ ہویدا۔ مطبوعہ۔ چھاپ شدہ۔ طبع شدہ۔ پرگھٹ۔ مشتہر۔ عام

شائق : ۱۔ شوق انگیز۔ شوق افزا۔ کنایۃً معشوق۔ محبوب۔ پیتم
۲۔ (غلط العام) مشتاق۔ آرزومند۔ طالب۔ تمنائی۔ متمنی۔ شوقین

شائگاں : ۱۔ شاہوار۔ متعلقِ شاہ۔ موافقِ شاہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ عظیم۔ کبیر
۲۔ بیگار۔ کار بے مزد
۳۔ ایطا۔ تکرارِ قافیہ۔ اعادۂ قافیہ

شایاں : لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ زیبا۔ سزاوار

شاید : غالباً۔ لعل۔ مگر۔ بانند۔ کداچت۔ ظنِ غالب۔ توان

شائستگی : ۱۔ لیاقت۔ قابلیت۔ موزونیت۔ مناسبت
۲۔ ادب۔ تہذیب۔ خوش اطواری۔ خوش اسلوبی۔ خوش سلیقگی۔ سلیقہ مندی۔ خوش خلقی

شائستہ : ۱۔ لائق۔ قابل۔ موزوں۔ مناسب۔ زیبا۔ سزاوار
۲۔ مہذب۔ مودب۔ باادب۔ خوش اطوار۔ خوش اسلوب۔ خوش سلیقہ۔ سلیقہ مند۔ خوش خلق

شب : رات۔ راتری۔ رین۔ لیل۔ سانجھ۔ شام

شب اسرار: شب معراج۔ لیلۃُ المعراج
شب افروز: شب تاب۔ شب چراغ۔ جگنو۔ چاند۔ قمر۔ ماہتاب
شب برات: لیلۃُ البرات
شب بیدار: شب زندہ دار۔ جاگتا۔ عابد۔ عبادت گزار۔
قائم اللیل
شب بیداری: شب زندہ داری۔ رت جگا۔ قیام لیل۔ عبادت۔
عبادت گزاری
شب تاب: شب افروز۔ شب چراغ۔ چراغک۔ جگنو۔ شب تاؤ۔
شب چراغک۔ کاغند۔ کاغنو۔ کاغنہ۔ پتنگ۔ پروانہ

کرمکِ شب تاب — ستارۂ شب تاب —
چراغِ شب تاب — فانوسِ شب تاب —
بزمِ شب تاب — عارضِ شب تاب —
اشکِ شب تاب — تبسم شب تاب —
آہِ شب تاب — شب تاب چراغاں

شب چراغ: شب تاب۔ شب افروز۔ چراغک۔ جگنو۔ لعل۔ ہیرا
شب خون: معرکۂ شب۔ جنگ شب۔ حملۂ شب
شب دیز: شب رنگ۔ سیاہ فام۔ مشکی۔ کالا۔ شب گوں
شب رنگ: شب دیز۔ سیاہ فام۔ مشکی۔ کالا۔ شب گوں
شب رو: ۱۔ چور۔ دُزد۔ سارق۔ لٹیرا
۲۔ چوکیدار۔ کوتوال۔ شحنہ۔ عسس
۳۔ نیک۔ عابد۔ عبادت گزار
شب زفاف: شبِ عروسی۔ سہاگ رات۔ پہلی رات۔ نکث کی رات
شب زندہ دار: شب بیدار۔ جاگتا۔ عابد۔ عبادت گزار
شب زندہ داری: شب بیداری۔ رت جگا۔ عبادت۔
عبادت گزاری
شب قدر: لیلۃُ القدر
شب کور: رتوندھا۔ نابینائے شب
شب کوری: رتوندھ۔ نابینائی شب
شب گرد: ۱۔ چوکیدار۔ پہریدار

۲۔ کوتوال۔ شحنہ۔ عسس
۳۔ چاند۔ سوم۔ قمر۔ ماہ۔ ماہتاب
شب گوں: شب رنگ۔ سیاہ۔ کالا۔ اسود۔ مشکی۔ شب دیز۔
دیوٹ
شب گیر: ۱۔ شب بیدار۔ شب زندہ دار
۲۔ جھینگر
۳۔ سفرِ آخرِ شب
۴۔ صبح۔ سحر۔ تڑکا
۵۔ شب خون
شب یلدا: شبِ دیجور۔ شبِ تاریک۔ شبِ تیرہ

شباب: ۱۔ جوانی۔ برنائی۔ نوخیزی۔ نوعمری
۲۔ عروج۔ جوبن۔ بہار
۳۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔ آد

شبان: چوپان۔ چرواہا۔ گڈریا

شبانی: چوپانی۔ چرائی۔ چرواہاپن۔ گڈریاپن

شباہت: ۱۔ مشابہت۔ تشبہ۔ تشابہ۔ مماثلت۔ مطابقت۔ یکسانی۔
موافقت۔ ہم شکلی۔ ہم صورتی۔ ہم سیرتی۔
۲۔ رونق۔ آب۔ رُوپ

شَبد: ۱۔ آواز۔ صدا۔ صوت۔ آہنگ
۲۔ شور۔ غوغا۔ غل۔ شغب
۳۔ لفظ۔ بول۔ بات۔ سخن
۴۔ نام۔ رسم۔ ناؤں

شبد شاستر: ویاکرن۔ قواعد زبان۔ صرف و نحو۔ گرامر
شبد کوش: فرہنگ۔ لغت۔ لغات۔ ڈکشنری۔ قاموس

شبر : وجب ۔ بالشت ۔ بلاند ۔ گٹھ

شبستاں : خواب گاہ ۔ آرام گاہ ۔ عشرت گاہ ۔ عشرت کدہ ۔ خلوت گاہ
حرم سرا

شبکہ : جال ۔ دام ۔ جالی ۔ پردہ ۔ چلمن ۔ پردۂ چشم ۔ جھروکا

شبنم : اوس ۔ طل ۔ تریل ۔ ازلہ ۔ شب ۔ نمی ۔ شب

شبنمِ گل ـــــ شبنم ریزاں ـــــ شبنمِ گریاں ـــــ
شبنمِ شاداب

شب بو : شب دلہن ۔ گل چاندنی ۔ رات کی رانی

شبہ : ۱۔ مثل ۔ مانند ۔ آسا ۔ ساں ۔ نمط ۔ بسان
۲۔ تصویر ۔ صورت ۔ شکل ۔ ڈھانچ ۔ ڈول ۔ قطع
۳۔ شباہت ۔ مشابہت ۔ مماثلت ۔ مطابقت ۔
موافقت

شُبہ : شک ۔ گمان ۔ وہم ۔ وسواس ۔ بے یقینی

شُبھ : ۱۔ نیک ۔ مبارک ۔ سعد ۔ مسعود
۲۔ خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ خوش اقبال ۔
خوش طالع ۔ نیک اختر ۔ بلند اختر
۳۔ چمکیلا ۔ چمک دار ۔ تابندہ ۔ درخشندہ ۔ رخشندہ
تاباں ۔ درخشاں ۔ رخشاں ۔ روشن ۔ منور
۴۔ خوب صورت ۔ خوب رو ۔ خوش شکل ۔ خوش منظر ۔
حسین ۔ جمیل ۔ سُندر
۵۔ خوشی ۔ مسرت ۔ شادمانی ۔ شاری ۔ فرحت ۔ انبساط
خرسندی ۔ خرمی ۔ بہجت ۔ ابتہاج ۔ ابتسام

شبیہہ : ۱۔ مشابہت ۔ مماثلت ۔ مطابقت ۔ موافقت ۔ شباہت
۲۔ صورت ۔ شکل ۔ تصویر ۔ مورت
۳۔ ہم شکل ۔ ہم صورت ۔ مانند ۔ مشابہ ۔ مماثل ۔ مثل

شپّا : تدبیر ۔ تجویز ۔ منصوبہ ۔ حکمت ۔ پچ

شپّر / شپّرہ : چمگادڑ ۔ چام چڑک ۔ چام چڑی ۔ خفاش

شپرہ چشم : ۱۔ خیرہ چشم ۔ چُندھا ۔ اندھا
۲۔ متعصب ۔ تعصب زدہ

شتا : سرما ۔ زمستان ۔ سردی ۔ جاڑا ۔ ٹھنڈ

شتاب : جلد ۔ فوراً ۔ تُرت ۔ بلاتوقف ۔ جھٹ پٹ ۔ تیز ۔ فوری

شتاب کار : جلد باز ۔ تعجیل کار ۔ عاجل
شتاب کاری : جلد بازی ۔ تعجیل ۔ عجلت

شتابی : ۱۔ جلدی ۔ تیزی ۔ عجلت
۲۔ اضطراب ۔ وحشت ۔ گھبراہٹ ۔ بے قراری ۔ بے تابی
بے چینی ۔ بے کلی ۔ بے آرامی

شُتر : اشتر ۔ اونٹ ۔ جمل ۔ سار ۔ ناقہ ۔ سانڈنی ۔ بعیر

شتر بان : ساربان ۔ جمّال
شتربانی : ساربانی ۔ جمّالی
شتر بے مہار : ناقۂ بے زمام ۔ آزاد ۔ آوارہ ۔ بے لگام
شتر غمزہ / غمزے : انداز بے جا ۔ پھیکا نخرہ
۲۔ مکر ۔ فریب ۔ چالاکی ۔ عیاری ۔ مکاری ۔ چال ۔ چھل بل
شتر کینہ : دلی عداوت ۔ دلی دشمنی ۔ دائمی عناد ۔ خبثِ باطن ۔
کینہ پروری

شتر گربہ: بے میل۔ بے جوڑ۔ ناموزوں۔ غیر موزوں۔ غیر مناسب۔ ان میل۔ غیر متعلق

شتم : گالی۔ دشنام۔ سب۔ بد زبانی۔ گالم گلوچ

شجاع : شجیع۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ سورما۔ جواں مرد۔ مرد میدان۔ رن بیر

شجاعت : بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ جرأت۔ سورما پن۔ جواں مردی۔ بیرتا۔ تہور۔ ویرتا

شجر/شجرہ : درخت۔ پیڑ۔ نہال۔ رُوکھ۔ برچھ۔ بِرکش۔ نخل

شجرۂ نسب : نسب نامہ۔ سلسلۂ نسب

شجیع : شجاع۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ سورما۔ جواں مرد۔ مردِ میداں۔ رن بیر

شحنہ : ۱۔ کوتوال۔ عسس
۲۔ چوکیدار۔ پہرہ دار۔ پاسبان۔ نگہبان۔ محافظ
۳۔ صوبہ دار۔ عامل۔ نائب السلطنت۔ حاکم۔ چودھری

شخص : ۱۔ آدمی۔ مرد۔ بشر۔ انسان۔ مردم۔ مُنکھ۔ مُنش
۲۔ ایک۔ واحد۔ فرد۔ تنہا۔ اکیلا۔ یکتا۔ یگانہ
۳۔ وجود۔ زندہ جسم۔ تنِ زندہ۔ مانس

شخصی : ۱۔ ذاتی۔ وجودی
۲۔ جسمی۔ بدنی

شخصیت : ۱۔ ذات۔ وجود۔ ہستی
۲۔ آدمیت۔ انسانیت

۳۔ درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ
۴۔ عزت۔ آبرو۔ وقر۔ وقار۔ توقیر
۵۔ شیخی۔ استکبار۔ تکبر۔ عجب۔ گھمنڈ۔ تبختر

شد : ۱۔ تشدید
۲۔ مضبوطی۔ تقویت
۳۔ نعرہ۔ تان۔ جیکارا

شد و مد : ۱۔ زور۔ شور۔ قوت۔ طاقت۔ بل۔ شکتی
۲۔ سختی۔ تندی۔ تیزی
۳۔ شان و شوکت۔ دھوم دھام۔ طمطراق۔ شکوہ و تجمل

شدائد : تکلیفات۔ صعوبات۔ مشکلات۔ مصائب

شدت : ۱۔ سختی۔ تنگی۔ تکلیف۔ مصیبت۔ صعوبت۔ مشکل۔ دشواری
۲۔ تیزی۔ تندی۔ جوشش۔ غلبہ
۳۔ زیادتی۔ کثرت۔ بیشی۔ افزائش۔ افزونی۔ افراط۔ بہتات۔ ترقی
۴۔ زبردستی۔ چیرہ دستی۔ جبر
۵۔ زور۔ قوت۔ طاقت۔ بل۔ شکتی

شدھ : ۱۔ پاک۔ صاف۔ پوتر۔ خالص۔ ناب۔ نرمل۔ بے لوث۔ طاہر۔ بے میل۔ ستھرا
۲۔ چمکیلا۔ تابندہ۔ درخشندہ۔ رخشندہ۔ تاباں۔ درخشاں۔ افشاں۔ منور۔ روشن
۳۔ سفید۔ اُجلا۔ مجلّٰی
۴۔ بے گناہ۔ بے قصور۔ بے تقصیر۔ بے خطا۔ بے داغ۔ معصوم
۵۔ سیدھا سادہ۔ سچا۔ راسخ۔ صادق۔ مخلص
۶۔ صحیح۔ درست۔ ٹھیک
۷۔ رہا۔ بری۔ آزاد۔ ناجی
۸۔ اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ فرید۔ واحد۔ یکتا۔ یگانہ۔ لاثانی۔ بے ہمتا

بے عدیل۔ بے نظیر
۹۔ مقدس۔ پارسا۔ نیک۔ زاہد۔ صالح
۱۰۔ ایمان دار۔ دیانت دار۔ امین۔ متدین

شدھی: ۱۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ تصفیہ۔ تزکیہ۔ طہارت۔ تطہیر۔ خالصیت۔ نرمل پن۔ ستھرا پن۔ ستھرائی
۲۔ چمک۔ دمک۔ تابندگی۔ درخشندگی۔ رخشندگی۔ تابانی۔ درخشانی۔ رخشانی۔ تنویر۔ روشنی
۳۔ سفیدی۔ اُجلا پن۔ جلا
۴۔ بے گناہی۔ بے قصوری۔ بے تقصیری۔ بے خطائی۔ بے داغی۔ معصومیت
۵۔ سیدھا پن۔ سادگی۔ سچائی۔ راستبازی۔ صداقت۔ صدق۔ خلوص۔ اخلاص
۶۔ صحت۔ درستی
۷۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ خلاصی۔ برات۔ بریت
۸۔ اکیلا پن۔ تنہائی۔ تفرید۔ تجرید۔ تجرد۔ وحدت۔ یکتائی۔ یگانگی۔ بے ہمتائی۔ بے عدیلی۔ بے نظیری
۹۔ تقدس۔ پارسائی۔ نیکی۔ زہد۔ صالحیت
۱۰۔ ایمان۔ یقین۔ اعتقاد۔ عقیدہ

شدید: ۱۔ سخت۔ کٹھن۔ مشکل۔ دشوار۔ تکلیف دہ۔ پرصعوبت۔
۲۔ تیز۔ تند۔ غالب۔ پرجوش
۳۔ زیادہ۔ کثیر۔ بیش۔ افزوں۔ بہت۔ وافر۔ بافراط
۴۔ زبردست۔ چیرہ دست۔ جابر۔ حاوی
۵۔ پُرزور۔ قوی۔ طاقت ور۔ بلوان۔ شکتی مان

شذرہ: ۱۔ پراگندہ۔ منتشر۔ تتر بتر
۲۔ مختصر مضمون۔ ادارتی نوٹ

شر: ۱۔ بدی۔ برائی۔ زشتی۔ ناخوبی
۲۔ شرارت۔ فساد۔ فتنہ۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ دنگا

شرانگیز: شریر۔ شرارتی۔ فسادی۔ مفسد۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ دنگئی۔ جھگڑالو

شرانگیزی: شرارت۔ مفسدہ پردازی۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری

شراب: ۱۔ شئ نوشیدنی۔ مشروب۔ شُرب
۲۔ مے۔ خمر۔ دارو۔ عرق۔ صہبا۔ آبِ تلخ۔ مدعو۔ آبِ آتشیں۔ آتش سیال۔ بادہ۔ دخترِ تاک۔ بنت عنب۔ دُختِ رز

آبِ خضر — آبِ آتش رنگ — آبِ انار — آبِ انگور — آبِ ارغوانی — آبِ سرخ — آبِ سیاہ — رواق — آبِ لعلگوں — آبِ گلرنگ — آبِ مے — لال پری — راد — قرقف — مُل — نبیذ — رحیق — راح — نشہ — ٹھرّہ — وائن — لیکر — ڈرنک — بیئر — وسکی — مدیر — مدرا — سیندھی — آل — آلِ شیراز — تاڑی — مُدام — بادۂ جاں بخش — زلالِ آبِ حیواں — بادۂ گلناری — مے دو آتشہ — مے مراد — بادۂ گریہ آور — مے مجلس افروز — رحیق ریحانی — مے مرد آزما — بادۂ براق — مے درخشاں — بادۂ مشکبو — مے آئینہ فام — مے دل فروز — بادۂ دوسرہ سوز — بادۂ شیریں — بادۂ کافوری — بادۂ عارفانہ — بادۂ مالیدہ — بادۂ گرمِ خمار — بادۂ سرجوش — بادۂ سرخوش — بادۂ خاک خوردہ — نبیذِ قاتل — مے راحت انگیز — مے خسروانی — مے رومی وش — مے خام — مے زلال — مے ناب — مے مغز جوش — مے مغانہ — مے توبہ شکن — مے مشک بو —

—— بادۂ محیط بخش —— بادۂ گل شکر خند ——
مے شباب آور —— دارُوے تلخ —— شربت خوشگوار
—— شربت جانفزا —— خون رز —— خونِ خم
—— جگر گوشۂ آفتاب —— آبِ گوہر فشاں ——
آبِ آتش انگیز —— دارُوے بے ہوشی ——
نوش دارُو —— آبِ آتش نما —— آبِ خرابات
—— آبِ طرب —— آتش بے دُود —— آتش تر
—— دخترِ آفتاب —— خونِ کبوتر —— آبِ آتش کار
—— نشہ دارُو —— عیسیٰ ہر درد خونِ صراحی ——
خونِ خروس —— آبِ احمر —— شعلۂ محلول ——
صبوحی —— بادۂ رنگین —— آتش فام ——
آبِ آتش لباس —— آبِ آتشیں رز ——
آبِ حرام —— آبِ نافع آبگینہ —— آتشِ آب پیکر
—— آتشِ بے زبانہ —— آبِ نو بہ سوز ——
آتشِ محلول —— آتشِ زرد —— اخسمہ —— اخشمہ
—— آذرگوں —— آفتابِ زرد —— آئینہ فام
—— اشکِ تلخ —— اکسیر رنگ ——
لعابِ رواں —— لعلِ سفتہ —— لعلِ ناب ——
نسل —— ادہم —— نوشا —— میم رس ——
وارسیدہ یک دست —— خونِ ناموس ——
دخترِ شیراز —— دیر سالہ —— دینار گوں ——
روح پرور —— رش قاضی —— اردہ تاک ——
تاب بند خرد —— زراب —— زرد آب ——
زہر مینا —— زنگیر —— زنگیل —— سرخاب ——
سرکش —— سوری —— شاہ دارو —— شاہد زرد رخ
—— شبانہ —— شعلۂ تاک —— شعلہ شفق ——
شمعِ انگوری —— شنگیز —— شنگرف گوں
—— سنگریز —— شیریں صبح —— طلق رواں
—— عروسِ خاک —— عقیقِ ناب —— اکسیر مردی
—— انوشا —— باد —— بچۂ انگور ——
لعیدِ محلول —— لعبیا —— یکماز —— بکینی ——

بلبلی —— پردہ سوز —— تیرہ گل —— جاں بخش ——
جاں پرور —— جاں سرشت —— چراغِ مغاں
—— چشم خروش —— چشمِ زاغ —— چکیدۂ خون
—— حنائے قدح —— حیضِ عروس ——
خاتونِ خم —— خونِ بط —— خونِ خام ——
خونِ خروس —— خونِ دلِ مریم

شراب خانہ: بادہ خانہ۔ میکدہ۔ مے خانہ۔ خانۂ خمار۔ خرابات
شراب خوار: بادہ خوار۔ مے خوار۔ بادہ کش۔ مے کش۔ مےگسار۔
بادہ گسار۔ شرابی۔ بادہ نوش۔ مے نوش۔ شراب نوش۔
رند۔ خراباتی۔ مے آشام۔ قدح خوار۔ ساغر کش
شراب خواری: بادہ خواری۔ میخواری۔ بادہ کشی۔ میکشی۔ میگساری
بادہ گساری۔ بادہ نوشی۔ مے نوشی۔ شراب نوشی۔ رندی۔
بادہ آشامی۔ قدح خواری۔ ساغر کشی
شرابِ طہور: مشروبِ جنت۔ مشروبِ پاک

شرابِ روح پرور —— شرابِ بے خمار ——
شرابِ نازش —— شرابِ نیم خام ——
شرابِ سفید رنگ —— شرابِ قرمزی ——
شرابِ جاں بخش —— شرابِ مجلس افروز ——
شرابِ تند و تیز —— شرابِ دلجو —— شرابِ جنوں خیز
—— شرابِ خسروانی

شرابور: شور بور۔ تربتر۔ بھیگا۔ لتھڑا۔ لت پت۔ لتھڑا۔ بھرا ہوا۔ کردہ۔
مخضل

شرابی: شراب خوار۔ بادہ خوار۔ میخوار۔ بادہ کش۔ مے کش۔
مے گسار۔ بادہ گسار۔ بادہ نوش۔ مے نوش۔ شراب نوش۔
رند۔ خراباتی۔ بادہ آشام۔ قدح خوار۔ ساغر کش۔ ساغر نوش۔
قدح نوش۔ مے آشام۔ دُرد کش۔ شراب خوار۔ مدا بھوگی

شرار/شرارہ: چنگاری۔ پتنگا۔ اخگر۔ پارۂ آتش۔ پرکالۂ آتش

شرارت: ۱۔ بدی۔ برائی۔ ناخوبی۔ زشتی۔ شر۔ خرابی۔ کھوٹ۔ کھٹائی
۲۔ ایذا رسانی۔ مضرت رسانی۔ نقصان رسانی
۳۔ شوخی۔ بیباکی۔ طراری
۴۔ بدزبانی۔ بدکلامی۔ بدلگامی
۵۔ بدذاتی۔ شیطنت۔ دعارت
۶۔ سرکشی۔ بغاوت۔ تمرد۔ فساد۔ ہنگامہ۔ شورش

شرارتی: ۱۔ شریر۔ شرانگیز۔ برا۔ بد۔ ناخوب
۲۔ ایذا رساں۔ مضرت رساں۔ نقصان رساں
۳۔ شوخ۔ بیباک۔ طرار
۴۔ بدزبان۔ بدکلام۔ بدلگام
۵۔ بدذات۔ شیطان۔ مفسد۔ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ متفنی۔ مفسدہ پرداز

شرافت: ۱۔ بزرگی۔ عزت۔ عظمت
۲۔ نجابت۔ اصالت۔ عالی خاندانی۔ والاتباری۔ نبا ہیر۔ نجابہ
۳۔ نیکی۔ بھلائی۔ بھل منسی۔ بھل مانسی۔ انسانیت۔ آدمیت۔ شریف طبعی

شراکت: شرکت۔ ساجھا۔ حصہ داری۔ پتی داری۔ شمول۔ شمولیت

شرائط: شروط۔ شرطیں

شرائع: قوانین۔ دساتیر۔ قواعد۔ مذاہب۔ مسالک

شربت: مشروب شیریں۔ آب شکر آلود۔ آب نبات۔ رس

شرح: ۔ تفسیر۔ توضیح۔ تصریح۔ وضاحت۔ صراحت
۲۔ نرخ۔ بھاؤ۔ در

شرح صدر: ۱۔ انشراح صدر۔ تشفی۔ تسلی۔ اطمینان۔ یقین
۲۔ تفصیل بالا۔ تشریح بالا

شرح و بسط: تشریح و توضیح۔ تفصیل و تصریح

شردھا: ۱۔ یقین۔ ایمان۔ عقیدہ۔ دھرم
۲۔ بھروسا۔ اعتبار۔ ساکھ۔ اعتماد
۳۔ وفاداری۔ نمک حلال
۴۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ آرزو۔ اشتیاق
۵۔ بھوک۔ اشتہا۔ جوع
۶۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ طہارت۔ طہر۔ پوترتا
۷۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ شرافت۔ بزرگی
۸۔ تسلی۔ تشفی۔ تسکین۔ سکون۔ اطمینان۔ طمانیت
۹۔ بے تکلفی۔ دوستی۔ یاری۔ آشنائی۔ رفاقت۔ مروت۔ محبت

شرر: ۱۔ شرار۔ شرارہ۔ پتنگا۔ چنگاری۔ اخگر۔ پرکالۂ آتش۔ پارۂ آتش
۲۔ کینہ۔ عداوت۔ عناد۔ بیر۔ دشمنی۔ معاندت۔ خصومت۔ مخاصمت

شرط: ۱۔ قید۔ پابندی۔ اڑنگ
۲۔ اقرار۔ قول۔ قرار۔ عہد۔ معاہدہ۔ بچن۔ وعدہ۔ عہد و پیمان۔ قول و قرار
۳۔ لازم۔ ضروری

شرع: ۱۔ شریعت۔ راستہ۔ طریقہ۔ مسلک۔ مذہب۔ طریق۔ راہ
۲۔ قانون۔ قاعدہ۔ آئین۔ دستور۔ دھرم شاستر۔ سمرتی

شرع محمدی: شریعت محمدی۔ طریقۂ محمدی۔ قانون اسلام

نظام اسلام

شرعی : مطابقِ شریعت ۔ متعلقِ شریعت ۔ مذہبی ۔ قانونی ۔ آئینی

شرف : بزرگی ۔ عظمت ۔ عزت ۔ آبرو ۔ حرمت ۔ شرافت ۔ برتری ۔ فوقیت

شرف یاب : عزت یاب ۔ آبرودار ۔ عزت دار ۔ معظم ۔ محترم ۔ معزز ۔ شریف ۔ بزرگ ۔ عظیم ۔ برتر ۔ فائق

شرف یابی : عزت یابی ۔ آبروداری ۔ عزت داری ۔ اعزاز ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ شرافت ۔ برتری ۔ فوقیت

شُرفا : نجبا ۔ عظام ۔ صلحا ۔ اَزکیا ۔ معززین ۔ محترمین ۔ بزرگان ۔ عمائدین ۔ اشراف ۔ اشرافیہ

شرق : مشرق ۔ پورب

شرقی : مشرقی ۔ پوربی

شِرک : شرکت ۔ شراکت ۔ ساجھا ۔ حصہ داری ۔ پتی داری ۔ شمول ۔ شمولیت ۔ تعددِ الٰہ

شُرکا : شامل ۔ ساجھی ۔ حصہ دار

شرکت : ۱۔ شراکت ۔ ساجھا ۔ حصہ داری ۔ پتی داری
۲۔ مشترکہ تجارت ۔ مشترکہ کاروبار ۔ کمپنی

شرم : ۱۔ حیا ۔ لاج ۔ حجاب ۔ جھجک ۔ جھینپ ۔ لحاظ ۔ شیم ۔ جھجک ۔ جھجکی ۔ آزرم
۲۔ ننگ ۔ عار ۔ غیرت
۳۔ خجالت ۔ خجلت ۔ خفت ۔ سُبکی ۔ رمیدگی
۴۔ ندامت ۔ پشیمانی ۔ انفعال ۔ پچھتاوا
۵۔ خیال ۔ پاس ۔ لحاظ ۔ مروت ۔ ہچکچاہٹ ۔ تامل
۶۔ عزت ۔ حرمت ۔ آبرو

شرم آلود : حیا آلود ۔ باحیا ۔ حیادار ۔ شرمگیں
شرمسار : شرمندہ ۔ محجوب ۔ نادم ۔ خجل ۔ خفیف ۔ منفعل
شرمساری : شرمندگی ۔ خجالت ۔ خجلت ۔ ندامت ۔ خفت ۔ انفعال ۔ جھینپ
شرم گاہ : اندامِ نہانی ۔ جائے مخصوص ۔ مقامِ مخصوص ۔ فرج
شرمگیں : شرم آلود ۔ حیا آلود ۔ باحیا ۔ شرمیلا ۔ شرمسار ۔ محجوب
شرمناک : قابلِ شرم ۔ قابلِ حیا ۔ قابلِ غیرت ۔ قابلِ ملامت
شرمالو / شرماؤ : شرمیلا ۔ حیادار ۔ باحیا ۔ شرمگیں ۔ شرم آلود
شرمندگی : شرمساری ۔ محجوبی ۔ ندامت ۔ پشیمانی ۔ انفعال ۔ خجلت ۔ خجالت ۔ حیا ۔ شرم ۔ عار ۔ لاج ۔ تشویر ۔ غیرت ۔ خفت ۔ ہیٹی ۔ ہلکاپن
شرمندہ : شرمسار ۔ محجوب ۔ نادم ۔ منفعل ۔ پشیمان ۔ خجل
شرمندۂ احسان / منت : ممنون ۔ زیرِ بارِ احسان ۔ منت کش
شرمندۂ تعبیر : بالتعبیر ۔ بامعنی
شرمندۂ معنی : بامعنی ۔ پُرمعنی ۔ معنی خیز
شرمیلا : شرمالو ۔ شرماؤ ۔ شرمگیں ۔ شرم آلود ۔ حیادار ۔ باحیا ۔ جھینپو
شرمیلاپن : شرمالوپن ۔ حیاداری

شرن : ۱۔ پناہ ۔ بچاؤ ۔ حفاظت ۔ تحفظ ۔ مامن ۔ ملجا ۔ ماویٰ
۲۔ مدد ۔ امداد ۔ اعانت ۔ حمایت ۔ دست گیری

شرنارتھی : پناہ گیر ۔ پناہ گزیں ۔ زیرِ سایہ ۔ زیرِ پناہ ۔ زیرِ حفاظت

شُروح : تشریحات ۔ تصریحات ۔ توضیحات

شُرور : بدیاں ۔ خرابیاں ۔ شرارتیں

شروط: شرائط۔ شرطیں

شروع: آغاز۔ ابتدا۔ بدو۔ آد۔ اٹھان۔ عنفوان۔ آرمب۔ پہل

شری: جناب۔ حضور۔ صاحب۔ محترم۔ مسٹر

شریان: رگِ جہندہ۔ نبض۔ رگِ خوں

شریر: (عربی) ۱۔ شرارتی۔ شرانگیز۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ تیز۔ شوخ۔ فتنی۔ فتنہ پرداز۔ جھگڑالو۔ غصیل۔ رزم کوش۔ رزم جو
۲۔ برا۔ بد۔ خبیث۔ خراب۔ بدذات۔ بدباطن۔ بدقماش۔ بدمعاش۔ پرخاش جو۔ پرخاش گر
۳۔ پاپی۔ اپرادھی۔ کھوٹا۔ خاطی۔ عاصی۔ گناہگار۔ قصوروار۔ تقصیروار۔ عیب دار۔ کھلنڈرا۔ شرارت پسند

شریر: (ہندی) جسم۔ بدن۔ جثہ۔ اندام۔ انگ

شریعت: شرع۔ طریق۔ طریقہ۔ مسلک۔ مذہب۔ عادہ۔ قانون۔ دستور

شریف: ۱۔ بھلا۔ بھلا مانس۔ نیک۔ اچھا
۲۔ معزز۔ محترم۔ بزرگ۔ آبرو دار۔ عزت دار
۳۔ نجیب۔ عالی خاندان۔ عالی دودمان۔ والا تبار
۴۔ مقدس۔ پاک۔ بابرکت۔ متبرک

شریف النفس: نیک نفس۔ نیک طینت۔ نیک طبع۔ نیک سیرت۔ نیک خصلت۔ خوش خصال۔ خوش سیر

شریفہ: سیتاپھل۔ آتا۔ آت

شریک: ۱۔ ساجھی۔ حصہ دار۔ پتی دار۔ انشار۔ انباز۔ انباز۔ ہماس۔ ہمال۔ ہم بار۔ ہمناز و۔ ہمبر۔ ہم باز۔ ہمنگ۔ ہم کن۔ ہم دست۔ ہم داستاں۔ ہمدوش۔ ہنباز
۲۔ شامل۔ ملحق۔ پیوستہ۔ ملصق
۳۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم راز۔ ہم دم۔ دم ساز
۴۔ ہمتا۔ عدیل۔ نظیر۔ سہیم۔ ہم پایہ۔ ہم زبر
۵۔ رشتہ دار۔ عزیز۔ قرابت دار۔ ناتی

شریکِ حیات: رفیقِ حیات۔ شریکِ زندگی۔ زوج۔ شوہر۔ میاں۔ خاوند۔ بعل۔ پتی۔ مالک۔ خصم
شریکۂ حیات: رفیقۂ حیات۔ زوجہ۔ بیوی۔ اہلیہ۔ جورو۔ پتنی

شَست: ۱۔ نشانہ۔ ہدف۔ رسیدہ
۲۔ کانٹا
۳۔ انگشتانہ

شُست: شوئیدگی۔ دھلائی۔ دھلاوٹ

شُست و شو: صفائی۔ ستھرائی۔ طہارت۔ پاکیزگی

شَستر: ہتھیار۔ اوزار۔ سلاح۔ حربہ۔ آلۂ حرب

شستر دھاری: مسلح۔ لیس۔ ہتھیار بند۔ کمربستہ۔ اڑیکی

شُستگی: صفائی۔ سلاست۔ درستی۔ پاکیزگی

شُستہ: صاف۔ سلیس۔ درست۔ مناسب۔ پاک۔ پاکیزہ

شش: چھے۔ ستہ۔ چھ۔ شپاز

شش پہل / پہلو: شش گوشہ۔ چھ کھونٹا۔ مسدس

ششش جہت : ششش دانگ (یعنی شمال، جنوب، مشرق، مغرب، اوپر، نیچے) اطرافِ عالم۔ ہر طرف۔ ہر سمت۔ ہر جانب

ششش در : ۱۔ حیران۔ پریشان۔ دنگ۔ متحیر۔ مبہوت۔ حیرت زدہ
۲۔ ششش جہت۔ ششش دانگ۔ تمام عالم۔ کل کائنات

ششم : چھٹا۔ سادس

ششش و پنج : فکر۔ اندیشہ۔ تردد۔ تذبذب۔ پس و پیش

ششش دانگ ـــ ششش ماہہ ـــ ششش انداز
ـــ ششش پر ـــ ششش پنج ـــ ششش تار
ـــ ششش خال ـــ ششش خانہ ـــ
ششش درہ ـــ ششش روزہ ـــ
ششش سری ـــ ششش ضرب ـــ ششش بند

شصت / شست : ساٹھ۔ ستون

شطّاح : بکواسی۔ بکّی۔ یاوہ گو۔ ہرزہ گو۔ فضول گو۔ چالاک عورت۔ علّامہ قطّامہ

شطح : بکواس۔ بک بک۔ یاوہ گوئی۔ ہرزہ گوئی۔ فضول گوئی

شطرنج : شترنج۔ چترنگ

شطرنج باز : شطرنج کا کھلاڑی۔ شاطر

شعار : ۱۔ طور۔ طریق۔ چلن۔ انداز۔ ڈھنگ۔ شیوہ۔ روش۔ اسلوب۔ وضع۔ طرح۔ چال
۲۔ نشان۔ اشارہ۔ علامت
۳۔ مذہبی رسم۔ ریت

نیک شعار ـــ بد شعار ـــ زبوں شعار ـــ
محبت شعار ـــ کفایت شعار ـــ بد شعاری

ـــ جفا شعار ـــ وفا شعار ـــ ستم شعار ـــ
نزاکت شعار ـــ حماقت شعار ـــ ضلالت شعار
ـــ سعادت شعار

شعبدہ : ۱۔ سیمیا۔ نیرنگ۔ نیرنج۔ طلسم۔ جادو۔ سحر۔ فریبِ نظر
۲۔ کرتب۔ کھیل۔ بازی گری۔ نظر بندی۔ ڈھٹ بندی
۳۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ مکر۔ عیّاری
۴۔ ہاتھ کی صفائی

شعبدہ باز : سیمیا ساز۔ نیرنگ ساز۔ جادوگر۔ ساحر
۲۔ کرتب باز۔ بازی گر۔ بھان متی۔ مداری
۳۔ فریبی۔ دغا باز۔ مکّار۔ عیّار
۴۔ فریب کار۔ شعبدہ گر

شعبدہ بازی : ۱۔ سیمیا سازی۔ نیرنگ سازی۔ جادوگری۔ سحر طرازی
۲۔ کرتب بازی۔ بازی گری
۳۔ فریب کاری۔ دغا بازی۔ مکّاری۔ عیّاری۔ چال بازی

شُعبہ : شاخ۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ جُزو۔ محکمہ۔ سررشتہ۔ زمرہ۔ صیغہ۔ ادارہ۔ برانچ۔ ڈیپارٹمنٹ

شِعر : سخنِ موزوں۔ بیت۔ دوہا

شعر گو : سخن گو۔ سخن ور۔ شاعر۔ کوی
شعر گوئی : سخن گوئی۔ سخن وری۔ شاعری۔ کویتا

شُعرا : شاعران۔ سخنوران

شُعلہ : ۱۔ لَو۔ لپٹ۔ زبانۂ آتش۔ لمعہ۔ زبانہ۔ جذوہ۔ لہر۔ اُفروزہ۔ اَلاؤ۔ زوانہ۔ بھلسا۔ جوالا۔ لاٹ
۲۔ آنچ۔ تپش۔ گرمی۔ حرارت۔ حِدّت
۳۔ چمک۔ دمک۔ روشنی

شعلہ آشام : مجازاً ۔ شرابی ۔ شراب خوار ۔ مے خوار ۔ مے آشام ۔
مے کش ۔ میگسار ۔ مینوش ۔ بادہ آشام ۔ بادہ کش ۔
بادہ گسار ۔ بادہ نوش

شعلہ آشامی : شراب خواری ۔ مے خوری ۔ مے آشامی ۔ مے کشی ۔
مے گساری ۔ مے نوشی ۔ بادہ آشامی ۔ بادہ کشی ۔ بادہ گساری ۔
بادہ نوشی

شعلہ بیاں / زباں : تیز زبان ۔ طرار ۔ لسان

شعلہ بیانی / زبانی : تیز زبانی ۔ طراری ۔ لسانی

شعلۂ تاک : آبِ تاک ۔ آبِ انگور ۔ دخترِ رز ۔ بنتُ العنب ۔
انگوری شراب ۔ دُخترِ رز

شعلۂ تر : آتشِ سیال ۔ شراب ۔ مے ۔ بادہ ۔ خمر

شعلہ خو : تند مزاج ۔ تند خو ۔ تیز مزاج ۔ محرور المزاج ۔ گرم مزاج

شعلہ خوئی : تند مزاجی ۔ تند خوئی ۔ تیز مزاجی ۔ گرم مزاجی

شعلہ رُخ : شعلہ رُو ۔ شعلہ رخسار ۔ سُرخ رو ۔ گل عذار

شعلۂ آتش ___ شعلہ افشاں ___ شعلہ خیز ___
شعلۂ طور ___ شعلۂ جوالہ

شعور : ۱۔ عقل ۔ دانائی ۔ عقل مندی ۔ سلیقہ ۔ تمیز ۔ سمجھ ۔ فہم ۔
ادب و آداب ۔ باریک بینی ۔ تجربہ کاری ۔ زیرکی ۔
ہوشیاری ۔ وقوف ۔ ہوش ۔ بدھ بدھی گیان ۔ دانش
۲۔ واقفیت ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ معرفت ۔ عرفان ۔
آگاہی ۔ معلومات
۳۔ احساس

شغال : گیدڑ ۔ سیار

شغب : ۱۔ شور ۔ غل ۔ ہنگامہ ۔ فساد ۔ شورش ۔ غوغا
۲۔ جوش ۔ خروش ۔ انگیخت ۔ اشتعال ۔ اکساہٹ

شغف : دلچسپی ۔ لگن ۔ محبت ۔ رغبت ۔ لگاؤ ۔ چاہ ۔ عشق ۔ الفت

شغل : ۱۔ کام ۔ کار ۔ دھندا ۔ کاج ۔ پیشہ ۔ کاروبار
۲۔ تفریح ۔ تفنن ۔ مشغلہ
۳۔ ذکر و فکر ۔ یادِ خدا ۔ عبادت

شفا : صحت ۔ تندرستی ۔ اِفاقہ ۔ آرام

شفا خانہ : دار الشفا ۔ مستشفیٰ ۔ دار الصحت ۔ دواخانہ ۔ ہسپتال

شفا یاب : صحت مند ۔ صحت در ۔ تندرست ۔ بھلا چنگا

شفا یابی : صحت مندی ۔ صحت وری ۔ تندرستی

شفاعت : سفارش ۔ وساطت ۔ توسط ۔ توسُّل

شفاف : صاف ۔ اُجلا ۔ مجلّیٰ

شفتل : آوارہ ۔ بدچلن ۔ چھنال ۔ فاحشہ ۔ قحبہ ۔ رَنڈی ۔ عیّار ۔ ٹھگ

شفعہ : پڑوس ۔ ہمسائگی ۔ حقِ ہمسائگی

شفق : ۱۔ سُرخیِ طلوعِ آفتاب ۔ سرخیِ غروبِ آفتاب
۲۔ شفقت ۔ مہربانی ۔ محبت ۔ لطف ۔ مہر ۔ عنایت ۔ دیا

شفقت : ۱۔ مہربانی ۔ لطف ۔ غم خواری ۔ ہمدردی ۔ دل سوزی ۔ دیا
نوازش ۔ کرم ۔ رحم
۲۔ محبت ۔ الفت ۔ مودّت ۔ پیار

شفیع : شفاعت کنندہ ۔ سفارش کنندہ ۔ وسیلہ

شفیع الامم : کنایتہً محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

شفیق : ۱۔ مہربان ۔ غم خوار ۔ ہمدرد ۔ عنایت فرما ۔ کرم فرما
۲۔ محب ۔ مشفق ۔ پیارا ۔ دوست ۔ عزیز

شق : شگاف۔ درز۔ دراڑ۔ پھٹن۔ چیر

شِق : ۱۔ نصف۔ آدھا۔ آدھ۔ نیم۔ نیمہ
۲۔ پہلو۔ جانب۔ طرف۔ رُخ۔ سمت۔ اور
۳۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ جزو۔ بھاگ
۴۔ صنف۔ قسم۔ نوع
۵۔ شاخ۔ فرع
۶۔ پخ۔ شرط۔ جھگڑا۔ رکنا۔ بکھیڑا۔ قضیہ
۷۔ حصۂ ملک۔ حصۂ ضلع۔ تحصیل
۸۔ مشکل۔ تکلیف۔ محنت۔ مشقت۔ تھکان
۹۔ ذیلی دفعہ

شقاق : نفاق۔ مخالفت۔ دشمنی۔ بَیر۔ عناد۔ معاندت۔ مخالفت۔
خصومت۔ مخاصمت

شقاوت : ۱۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ بداختری۔ بدطالعی
۲۔ سنگدلی۔ سخت دلی۔ قساوت

شقہ : ۱۔ رقعہ۔ چٹھی۔ مکتوب۔ نبشتہ۔ فرمان۔ حکم نامہ۔ خط۔ پرچہ
۲۔ پھریرا۔ پرچم

شقی : ۱۔ سیہ بخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ کم بخت۔ بداختر۔
بدطالع
۲۔ سنگدل۔ سخت دل۔ قسی القلب۔ بے رحم۔ بے درد

شک : شبہ۔ گمان۔ ظن۔ احتمال۔ اشتباہ۔ ابہام۔ عدم یقین۔
ریب۔ وہم۔ وسواس۔ خدشہ۔ بھرم۔ بے اطمینانی۔
تشکیک۔ مریہ

شکار : ۱۔ صید۔ نخچیر۔ اشکار۔ ماشکہ۔ اسیرِ قفس
۲۔ مالِ غنیمت۔ لوٹ۔ یغما۔ مالِ مفت

۳۔ مطیع۔ مغلوب۔ مظلوم

شکارگاہ — شکار افگن — شکار باز —
شکاربند — شکار پیشہ

شکار رکابِ بے کاراں است
شکار کے وقت کتیا ہگائی

شکاری : شکار افگن۔ شکار باز۔ شکار پیشہ۔ صیاد۔ پارادھی۔
پاسی۔ چڑی مار۔ گھاتیا۔ کمین نشین

شکایت : ۱۔ گلہ۔ شکوہ۔ اُلاہنا
۲۔ تکلیف۔ بیماری۔ روگ۔ مرض۔ علت۔ دُکھ۔ علالت۔
۳۔ بُرائی۔ بدی
۴۔ فریاد۔ نالہ۔ فغان۔ دادخواہی۔ استغاثہ۔ دُہائی

شکایت مند ۔ شاکی۔ فریادی۔ دادخواہ۔ گلہ مند۔ مستغیث
شکایت مندی ۔ گلہ مندی۔ دادخواہی۔ استغاثہ۔ فریاد۔ دُہائی۔
فغاں

حرفِ شکایت — شکایتِ غم — شکایتِ تقدیر
— شکایتِ حسن — شکایت آمیز

شکتی : طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ قدرت۔ سکت

شکر : کھانڈ۔ قند۔ چینی۔ نبات۔ مصری۔ بُورا۔ مٹھا۔ شیرینی۔
شوگر۔ تری

شکرخا ۔ شکرخوار
۱۔ شیریں سخن۔ شیریں مقال۔ شیریں کلام۔ شیریں گفتار۔
شیریں زبان۔ خوش مقال۔ خوش کلام۔ خوش گو۔ خوش گفتار

شکر خند/خندہ: ۱۔ مسکراہٹ۔ تبسم۔ ابتسام۔ خوش دلی۔
طنزیہ ہنسی
۲۔ لاف گزاف

شکر خواب: شیریں خواب۔ خوش خواب

شکر خوابی: خوش خوابی۔ خواب شیریں۔ خوابِ راحت۔ میٹھی نیند

شکر دہاں: شیریں سخن۔ شیریں مقال۔ شیریں کلام۔ شیریں گفتار۔
شیریں زباں۔ خوش مقال۔ خوش کلام۔ خوش گو۔ خوش گفتار

شکر رنجی: ۱۔ خفیف رنجش۔ ناراضگی۔ خفگی
۲۔ رُوٹھا راٹھی۔ کُٹی

شکر ریز: ۱۔ شیریں سخن۔ شیریں مقال۔ شیریں کلام۔ شیریں گفتار۔
شیریں زبان۔ خوش مقال۔ خوش کلام۔ خوش گفتار۔ فصیح البیان
۲۔ پُر مذاق۔ زندہ دل۔ خوش طبع
۳۔ حلوائی

آوازِ شکر ریز ___ لہجۂ شکریں ___ شکر فروش
___ شکر فروشی ___ شکر ریزی ___ شکر پارہ
___ شکر خوار ___ شکر قند ___ شکر لب ___
شکر آب ___ شکر برگ ___ شکر بیز ___
شکر بوزہ ___ شکر بیرہ ___ شکر بیزہ ___
شکر جیش ___ شکر حرف ___ شکر خار ___
شکر رنجی ___ شکر رنگ ___ شکر زباں ___
شکر زخمہ ___ شکر سنگ ___ شکر سمار
___ شکر شکن

شکر، شکریہ: احسان مندی۔ سپاس۔ تعریف۔ مدح۔ ثنا۔ حمد

شکر گزار: احسان مند۔ ممنون۔ سپاس گزار۔ مداح۔ ثناگر۔
متشکر۔ شاکر

شکر گزاری: احسان مندی۔ ممنونیت۔ سپاس گزاری۔ مداحی۔
ثناگری۔ تشکر۔ تعریف۔ توصیف

شُکر: زہرہ۔ ناہید۔ مطربۂ فلک۔ رقاصۂ فلک۔ سعد اصغر

شُکروار: یوم الجمعہ۔ روزِ جمعہ۔ روزِ آدینہ

شکست: ۱۔ ہار۔ ہزیمت۔ زک۔ مات۔ پسپائی۔ مغلوبیت
۲۔ شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ۔ انہدام
۳۔ خرابی۔ نقص۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسران

شکست پذیر: ۱۔ قابلِ شکست۔ منہزم
۲۔ شکستنی۔ نازک۔ نااستوار۔ کچا۔ کمزور۔ ناتواں

شکست خوردہ ___ شکستِ فاش ___
شکست و ریخت

شکستگی: ٹوٹ۔ پھوٹ۔ انہدام

شکستہ: ۱۔ ٹوٹا۔ پھوٹا۔ گرا پڑا
۲۔ خراب۔ اُجاڑ۔ بے رونق۔ بے آباد
۳۔ شرمندہ۔ شرمسار۔ نادم۔ پشیمان۔ تائب
۴۔ بیمار۔ مریض۔ علیل۔ روگی۔ آزاری
۵۔ نزار۔ نحیف۔ نقیہ۔ کمزور۔ ناتواں۔ لاغر۔ ضعیف

شکستہ بال/ بازو/ پر: پرکٹا۔ پر قینچ۔ اپاہج۔ معذور۔ بے بس۔
بے چارہ۔ بے کس۔ مجبور۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں

شکستہ حال: خستہ حال۔ پریشان حال۔ بے چارہ۔ بے کس۔
محتاج۔ غریب

شکستہ حالی: خستہ حالی۔ پریشان حالی۔ بے چارگی۔ بے کسی۔
محتاجی۔ غریبی۔ عسرت

شکستہ خاطر/ دل: دل شکستہ۔ پریشان۔ غمگین۔ مغموم۔ غمزدہ۔
ملول۔ محزون۔ حزیں

شکستہ خاطری/ دلی: دل شکستگی۔ پریشانی۔ غمگینی۔ غم زدگی۔

ملال۔ حُزن۔ اندوہ

شکستہ رنگ: پریدہ رنگ۔ زرد رنگ۔ مرجھایا۔ کملایا۔ افسردہ

شکل: ۱۔ صورت۔ قطع۔ ڈول۔ چہرہ مہرہ۔ روپ۔ آکار۔ چہرہ۔ جسم۔ ظہور۔ پیکر۔ طلعت۔ بشرہ۔ شباہت۔ لقا۔ ہیئت
۲۔ وضع۔ انداز۔ ڈھنگ
۳۔ بھیس۔ بہروپ
۴۔ نقشہ۔ خاکہ۔ ڈھانچا۔ علامت۔ نشان۔ اشارہ
۵۔ بُت۔ صنم۔ مورت۔ تصویر۔ مجسمہ
۶۔ تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ
۷۔ حالت۔ کیفیت۔ گت
۸۔ مشابہ۔ مانند۔ مثل۔ نمط۔ آسا۔ بسان

شکم: پیٹ۔ معدہ۔ اوجھ۔ توند۔ ڈھینڈا۔ بطن

شکم پرست/ پرور: بندۂ شکم۔ پیٹو۔ کھاؤ
شکم سیر: آسودہ۔ مطمئن۔ پیٹ بھرا۔ رجا بُجا

شکمی: بطنی۔ اندرونی۔ خفیہ۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔ نہاں۔ مستور

شکن: سلوٹ۔ چُرس۔ بل۔ چین۔ جھول۔ چُنٹ

شکوک: شبہات۔ احتمالات۔ ابہامات۔ اوہام۔ توہمات۔ وسواس۔ خدشات

شکوہ: گلہ۔ شکایت

شکوہ سنج: شاکی۔ گلہ مند۔ شکایت کنندہ۔ شکوہ گزار
شکوہ سنجی: گلہ بندی۔ شکوہ گزاری۔ شکوہ مندی

شکوہ: دبدبہ۔ داب۔ رعب۔ شان۔ شوکت۔ جلال۔ تجمل۔ عظمت۔ بزرگی

شکّی: واہمی۔ بدگمان۔ بدظن

شکیب: ۱۔ صبر۔ سنتوکھ۔ قناعت
۲۔ تحمل۔ برداشت۔ سہار۔ بُردباری

شکیبا: ۱۔ صابر۔ سنتوکھی۔ قانع۔ صبرمند
۲۔ متحمل۔ بُردبار

شکیل: خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ روپ ونت۔ وجیہہ۔ خوش قطع۔ خوش وضع۔ سُندر

شگاف: چیرا۔ درز۔ دراڑ۔ رخنہ۔ خرق۔ جھری۔ فرجہ۔ بل۔ ہول۔ چھید۔ سوراخ۔ خصاص۔ ریخ۔ تریڑ۔ بال۔ روزن۔ ثلم

خاراشگاف ــــ مُوشگاف ــــ زُہرہ شگاف
ــــ جگرشگاف ــــ لشکرشگاف ــــ سینہ شگاف
ــــ آسماں شگاف ــــ دماغ شگاف ــــ
واشگاف ــــ کوہ شگاف ــــ دریاشگاف

شگرف: ۱۔ عمدہ۔ اچھا۔ نفیس۔ اعلیٰ
۲۔ کم یاب۔ نایاب۔ نادر
۳۔ نیک۔ صالح۔ اچھا۔ بھلا۔ بزرگ
۴۔ خوب صورت۔ خوب رو۔ حسین۔ جمیل۔ سُندر

شگفت: ۱۔ خوش۔ شاد۔ مسرور۔ خنداں۔ منبسط
۲۔ خوشی۔ شادی۔ مسرت۔ خندہ۔ انبساط

شگفتگی: کھلاوٹ۔ خندہ۔ انبساط۔ خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ شادی۔ فرحت۔ سرسبزی۔ شادابی

شگفتہ : ۱۔ کِھلا۔ پھلا پھولا
۲۔ خنداں۔ مسرور۔ شاد۔ منبسط
۳۔ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس

شگفتہ پیشانی/جبیں : ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ خندہ پیشانی۔ خندہ جبیں۔ خندہ رُو۔ شگفتہ رُو
شگفتہ جبینی : خوش مزاجی۔ خندہ جبینی۔ خندہ رُوئی۔ شگفتہ رُوئی
شگفتہ خاطر/دل : خوش۔ خرم۔ شاداں۔ فرحاں۔ خوش مزاج۔ خوش طبع۔ خوش دل۔ مسرور۔ ہشاش بشاش۔ شاد
شگفتہ خاطری/دلی : خوشی۔ خرمی۔ شادی۔ فرحت۔ انبساط۔ بہجت۔ خوش مزاجی۔ خوش طبعی۔ خوش دلی۔ مسرت۔ بشاشت۔ شادمانی
شگفتہ رُو : خندہ رو۔ خندہ پیشانی۔ خندہ جبیں۔ شگفتہ پیشانی۔ شگفتہ جبیں۔ ہنس مکھ
شگفتہ رُوئی : خندہ رُوئی۔ خندہ جبینی۔ شگفتہ جبینی
شگفتہ مزاج : خوش مزاج۔ خوش طبع۔ مسخرہ۔ دل لگی باز۔ ظریف الطبع۔ شگفتہ خاطر۔ شگفتہ دل
شگفتہ مزاجی : خوش مزاجی۔ خوش طبعی۔ دل لگی بازی۔ ظرافت۔ شگفتہ خاطری۔ شگفتہ دلی

شگوفہ : ۱۔ کلی۔ غنچہ
۲۔ عجیب۔ انوکھا۔ نرالا۔ طُرفہ
۳۔ جھوٹ۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ کھوٹ
۴۔ طرّہ۔ کلغی

شگون : سگن۔ فال۔ تفاؤل۔ شگنی۔ طیرہ۔ مقدم۔ اثرِ قدم۔ وقت۔ پَیرا

نیک شگون ـــ بد شگون

شگونیا : فالیا۔ رمّال۔ نجومی۔ منجم۔ جوتشی

شل : بے حس۔ بے حرکت۔ تھکا ہوا۔ تھکا ہارا

شلجم : بوشادر۔ شلماب۔ شلماوہ۔ ٹیپر۔ شلغم۔ سنکل۔ گونگلو۔ لفت

شَلَنگ : چھلانگ۔ جست۔ کُود۔ پھاند۔ زقند۔ طرارہ۔ پھلانگ

شلوار : ازار۔ پاجامہ۔ سُتھنا۔ تنبا۔ سروال۔ پاچہ۔ تنبان۔ ازیر۔ پائے جامہ۔ شوال

شماتت : خندہ زنی۔ تضحیک۔ تمسخر۔ استہزا۔ دشمنی

شمار : ۱۔ گنتی۔ تعداد۔ حساب
۲۔ تخمینہ۔ اندازہ

شمارہ : نمبر۔ اشاعت۔ پرچہ۔ رسالہ۔ ایشو

شمال : ۱۔ اُتر۔ اواختر۔ نارتھ
۲۔ دستِ چپ۔ بایاں۔ اُلٹا۔ یسار

شمس : سورج۔ مہر۔ آفتاب۔ سُوریہ۔ نیرِ اعظم۔ خورشید۔ شاہِ خاور۔ شہنشاہِ فلک

شمسہ : ۱۔ کلس۔ قرصِ زریں۔ سنہری تھالی
۲۔ روشندان۔ تابدان۔ موکھا۔ روزن

شمشیر : تلوار۔ تیغ۔ سیف۔ سروہی۔ کھانڈا۔ کرپان۔ حسام۔ صمصام

شمع : موم بتی۔ مشعل۔ مشال۔ مدہر جل۔ مداح۔ دیا۔ چراغ۔ سراج۔ مصباح۔ قندیل۔ دیپ۔ دیوا

شمعِ پُرتاب ـــ شمعِ بخواب ـــ شمعِ جلد گداز ـــ

شمعِ زہرخند — شمعِ رنجور — شمعِ فانوس
— شمعِ مزار — شمعِ درخشاں —
شمعِ شب افروز — شمعِ شب افزود —
شمعِ بےدود — شمعِ گلپوش — شمعِ زباں بریدہ
— شمعِ یاقوت ساز — شمعِ عنبرسوز —
شمعِ شریر — شمعِ خوشبو — شمعِ نیم سوز
— شمعِ سرفراز — شمعِ شب بہار —
شمعِ جاں بلب — شمعِ نفس — شمعِ کشتہ
— شمعِ بےنور — شمعِ کعبہ — شمعِ بلور
— شمعِ دل سوز — شمعِ جانگداز

شمول/شمولیت: اشتراک۔ شرکت۔ شراکت۔ داخلہ۔ اتحاد۔ ارتباط۔ انسلاک

شمّہ: مقدارِ قلیل۔ جزوِ قلیل۔ جزو۔ کن۔ ذرّہ۔ انس

شمیم: ۱۔ خوشبو۔ مہک۔ عطر۔ تعطر۔ مُشک۔ راکھ۔ سینٹ
۲۔ خوشبودار ہوا۔ بادِ معطر۔ مہکیلی ہوا

شمیمِ گل — شمیمِ بدن — شمیمِ غنچہ —
شمیمِ چمن — موجِ شمیم — رفتارِ شمیم —
خنک شمیم — شمیمِ مشک — شمیمِ عنبر —

شناخت: پہچان۔ معرفت۔ شناسائی۔ واقفیت۔ عرفان۔ تمیز۔ شعور۔ آگاہی۔ علم

شناس: جاننے والا۔ پہچاننے والا۔ دیدہ ور

مزاج شناس — اداشناس — کارشناس
— حق شناس — رمز شناس — احسان شناس
— خود شناس — اختر شناس — خداشناس
— ستارہ شناس — نکتہ شناس —
حرف شناس — موقع شناس — وقت شناس
— سخن شناس — محل شناس —
قدر شناس — رو شناس — حلیہ شناس
— صورت شناس — بشرہ شناس —
قیافہ شناس — قارورہ شناس — بشرہ شناسی
— نبض شناس — طالع شناس —
آب شناس — تدبیر شناس — آلات شناس
— پردہ شناس — زر شناس —
سپہر شناس — دم شناس — ساعت شناس
— فراست شناس — طبیعت شناس —
منازل شناس — لشکر شناس — نواشناس
— فرض شناس — مصلحت شناس

شناسا: واقف۔ آشنا۔ متعارف۔ پارکھ۔ ناقد۔ نقاد۔ آگاہ

شناسائی: واقفیت۔ آشنائی۔ تعارف۔ جان پہچان۔ صاحب سلامت۔ معرفت

شناعت: بُرائی۔ بدی۔ گندگی۔ خباثت۔ زشتی۔ طعن۔ قباحت

شناور: شناگر۔ تیراک۔ پیراک۔ زرالو

شناوری: شناگری۔ تیراکی۔ پیراکی۔ زرائی

شنبہ: ہفتہ۔ سنیچروار۔ شنی وار۔ یوم السبت۔ بار

شنوا: سامع۔ سمیع۔ شنوندہ

شنوائی: سماعت۔ توجہ۔ التفات۔ فریاد رسی

شنید: ۱۔ سماع۔ سماعت
۲۔ سنی سنائی

شنیع: ۱۔ خراب۔ بُرا۔ بد۔ خبیث۔ عیب دار۔ قبیح۔ زشت۔ ننگ
۲۔ بدکار۔ بدکردار۔ بدفعل۔ زانی۔ لوطی۔ مُغلم۔ اغلام باز

شو: ۱۔ تماشا۔ نمائش۔ نمود۔ نظارہ
۲۔ نام۔ نمود۔ ٹیپ ٹاپ۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ

شوخ: ۱۔ چالاک۔ طرار۔ تیز۔ شاطر۔ نملی۔ طناز۔ ترٹریا۔ چنچل۔ اچپل۔ چُلبلا۔ بے کل۔ سچلا
۲۔ شریر۔ گستاخ
۳۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ ڈھیٹ۔ بے مروت۔ وقح
۴۔ ظریف۔ ہنسوڑ۔ دل لگی باز۔ چہل باز۔ مسخرہ۔ ہنستا چنچل
۵۔ بے باک۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ جرأت مند
۶۔ تیز۔ گہرا۔ چمکیلا

شوخ چشم / دیدہ: بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ گستاخ۔ بے مروت۔ ڈھیٹ
شوخ چشمی: بے شرمی۔ بے حیائی۔ گستاخی۔ بے مرتی۔ ڈھیٹ پن۔ ڈھٹائی۔ بے غیرتی
شوخ زباں: بے باک۔ منہ پھٹ۔ دریدہ دہن۔ گستاخ
شوخ زبانی: بے باکی۔ دریدہ دہنی۔ گستاخی
شوخ طبع / مزاج: تیز طبع۔ بیباک۔ خوش طبع۔ خوش مزاج۔ ہنسوڑ۔ ظریف الطبع۔ ہنستا چنچل
شوخ طبعی / مزاجی: تیز طبعی۔ بیباکی۔ خوش طبعی۔ خوش مزاجی۔ ظرافت

شوخ رفتار ___ شوخ نگاہ ___ شوخ نظر ___ شوخ بیاں

شوخی: ۱۔ چالاکی۔ طراری۔ تیزی۔ برّاقی۔ چنچل پن۔ اچپلاہٹ۔ چلبلاہٹ
۲۔ شرارت۔ گستاخی۔ چھیڑ چھاڑ
۳۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے غیرتی۔ ڈھٹائی۔ بے مروتی
۴۔ ظرافت۔ مزاح۔ دل لگی۔ چہل۔ مسخرگی۔ ہنسی۔ مذاق
۵۔ بے باکی۔ دلیری۔ دلاوری۔ جرأت
۶۔ تیزی۔ گہرائی۔ چمکیلا پن

شُودر: نیچ۔ اچھوت۔ کمینہ۔ سفلہ۔ ذلیل۔ رذیل۔ بھنگی۔ چوڑھا۔ چمار۔ ناپاک۔ گندہ۔ نجس۔ پلید

شور: ۱۔ غُل۔ غپاڑا۔ غوغا۔ چیخ پکار۔ نالہ۔ فغاں۔ غل غپاڑا۔ خروش۔ گڑک۔ گوہار۔ کلکاری۔ پکار۔ دھاک۔ چیخ چلھاڑ۔ بلا۔ اُودھم۔ غلغلہ۔ ہنگامہ۔ ہلڑ۔ چلھاڑ۔ واویلا۔ شغب۔ اوہو۔ رولا
۲۔ دھوم۔ چرچا۔ شہرت۔ شہرہ۔ آوازہ۔ دھاک۔ مشہوری
۳۔ شورش۔ فساد۔ فتنہ۔ بغاوت
۴۔ عشق۔ جنون۔ پاگل پن۔ جوش۔ ولولہ
۵۔ کھارا۔ کھاری۔ نمکین۔ تلخ۔ کڑوا۔ شور
۶۔ پاگل۔ مجنون۔ باولا۔ باورا۔ جنونی
۷۔ پریشان۔ حیران۔ ششدر۔ مبہوت

شور انگیز: ۱۔ پُر شور۔ غوغا آرا
۲۔ شورش انگیز۔ ہنگامہ خیز۔ فساد انگیز
شور انگیزی: ۱۔ غوغا آرائی۔ پُر شوری
۲۔ شورش انگیزی۔ ہنگامہ خیزی۔ فساد انگیزی
شور بخت: بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدطالع۔ بداختر
شور بختی: بدبختی۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بدطالعی۔ بداختری
شور نفس: بدذات۔ بدنفس۔ شریر۔ خبیث۔ بدسرشت۔ بدطینت۔ بدخصلت۔ بدخصال
شور نفسی: بدذاتی۔ بدنفسی۔ شرارت۔ خباثت۔ بدسرشتی۔

بدطینتی ۔ بدخصلتی ۔ بدخصالی

شور و شر / شغب : شورش و ہنگامہ ۔ دنگا فساد ۔ لڑائی جھگڑا

شوربا : آش ۔ یخنی ۔ آبِ گوشت ۔ ثرید ۔ سالن ۔ رقیق غذا ۔
سُوپ ۔ حریرہ

شورِش : ۱۔ ہنگامہ ۔ بلوا ۔ فتنہ ۔ فساد ۔ بغاوت ۔ دنگا ۔ کھلبلی ۔
درہمی برہمی ۔ افراتفری
۲۔ پریشانی ۔ حیرانی ۔ آشفتگی ۔ حیرت
۳۔ نمکینی ۔ تلخی ۔ کڑواہٹ

شورہ : کھار ۔ نمک ۔ لونی لون ۔ البقر ۔ شورج ۔ ملح الدماغین ۔ شور

شورہ پشت : شریر ۔ فسادی ۔ جھگڑالو ۔ مفسد ۔ شرانی ۔
مفسدہ پرداز ۔ فتنہ پرداز ۔ فتنہ پرور ۔ سرکش ۔
نافرمان ۔ باغی
شورہ پشتی : شرارت ۔ شرانگیزی ۔ جھگڑالو پن ۔ مفسدہ پردازی ۔
فتنہ پردازی ۔ فتنہ پروری ۔ سرکشی ۔ نافرمانی ۔ بغاوت

شُوریٰ : مشورہ ۔ صلاح ۔ مصلحت

شوریدگی : ۱۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ پراگندگی ۔ حیرت زدگی ۔ تحیّر
۲۔ دیوانگی ۔ دیوانہ پن ۔ جنون ۔ پاگل پن ۔ باؤلا پن ۔ سودا
۳۔ عشق ۔ محبت ۔ پریم ۔ پربت ۔ پیت

شوریدہ : ۱۔ حیران ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ متحیّر ۔ حیرت زدہ ۔ مبہوت
۲۔ دیوانہ ۔ مجنون ۔ جنونی ۔ پاگل ۔ باؤلا ۔ سودائی ۔ خبطی
۳۔ عاشق ۔ پریمی ۔ محب

شوریدہ بخت : شور بخت ۔ بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔
بدطالع ۔ بداختر

شوریدہ بختی : شور بختی ۔ بدبختی ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ بدطالعی ۔
بداختری
شوریدہ حال : ۱۔ پریشان حال ۔ خستہ حال ۔ بدحال
۲۔ پاگل ۔ مجنوں ۔ دیوانہ ۔ سودائی ۔ خبطی
شوریدہ حالی : ۱۔ پریشان حالی ۔ خستہ حالی ۔ بدحالی
۲۔ پاگل پن ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ سودا ۔ خبط
شوریدہ سر : پاگل ۔ مجنوں ۔ جنونی ۔ سودائی ۔ باؤلا ۔ خبطی ۔
مخبوط الحواس
شوریدہ سری : پاگل پن ۔ جنون ۔ دیوانگی ۔ دیوانہ پن ۔ سودا
باؤلا پن ۔ خبط ۔ اختلالِ حواس

شَوق : ۱۔ خواہش ۔ چاہ ۔ اشتیاق ۔ تمنّا ۔ آرزو ۔ ارمان ۔ اُمنگ
۲۔ عشق ۔ محبت ۔ پریم ۔ پریت ۔ پیت ۔ چاہ ۔ لگاؤ ۔ پیار
۳۔ رغبت ۔ میلان ۔ رجحان ۔ چونپ
۴۔ ذوق ۔ لگن ۔ چاٹ ۔ چیٹک ۔ چسکا ۔ لاگ
۵۔ شغل ۔ کام ۔ مشغلہ ۔ کار ۔ کاج
۶۔ سرگرمی ۔ جوش ۔ دُھن ۔ لگن
۷۔ شفقت ۔ محبت ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم ۔ نوازش
۸۔ خوشی ۔ مسرت ۔ خُرمی ۔ شادی ۔ شادمانی
۹۔ لطف ۔ مزہ ۔ لذت

شوقِ الٰہی ـــــ شوقِ بادہ ـــــ شوقِ عبادت
ـــــ شوقِ سجدہ ـــــ شوقِ سفر ـــــ شوقِ نیاز
ـــــ شوقِ خانہ خیز ـــــ شوقِ تیز ـــــ
شوقِ گریباں کش ـــــ شوقِ دل ـــــ شوقِ بسیار
ـــــ کششِ شوق ـــــ اثرِ شوق ـــــ جبرِ شوق
ـــــ شوقِ شراب ـــــ شوقِ طائر ـــــ
شوقِ صلہ ـــــ شوقِ خرمن سوز ـــــ شوقِ جاں سوز
ـــــ شوقِ خام ـــــ شوقِ ہم آغوشی ـــــ
شوقِ رنج سوز ـــــ شوقِ جگر دوز ـــــ
شوقِ ہمت فزا ـــــ شوقِ سپردن ـــــ اعجازِ شوق

—— افسونِ شوق —— ایثارِ شوق ——
رنگِ شوق —— آہنگِ شوق —— نالۂ شوق
—— آہِ شوق —— فغانِ شوق —— دامنِ شوق
—— احاطۂ شوق —— پہنائیِ شوق ——
بیداریِ شوق —— بیزاریِ شوق

شوقین : ۱۔ اشتیاق ۔ آرزو مند ۔ تمنائی ۔ متمنی ۔ خواہش مند
۲۔ عیاش ۔ تماشبین ۔ رنگیلا ۔ رنگین مزاج ۔ بانکا ۔
چھیلا ۔ چھبیلا
۳۔ خوگر ۔ عادی ۔ معتاد ۔ راغب ۔ مائل

شوقینی : ۱۔ اشتیاق ۔ آرزومندی ۔ تمنا ۔ ارمان ۔ خواہش
۲۔ عیاشی ۔ تماشبینی ۔ رنگیلاپن ۔ رنگین مزاجی ۔
رنگینیٔ مزاج ۔ بانکپن
۳۔ خو ۔ عادت ۔ رغبت ۔ میلان ۔ رجحان

شوکت : ۱۔ شان ۔ شکوہ ۔ جاہ ۔ جلال ۔ تجمل ۔ طمطراق
۲۔ رعب ۔ داب ۔ دبدبہ ۔ ہیبت
۳۔ قوت ۔ طاقت ۔ زور ۔ بل ۔ سکت ۔ شکتی
۴۔ مرتبہ ۔ رتبہ ۔ پایہ ۔ مقام ۔ درجہ

شُوم : ۱۔ منحوس ۔ نحس ۔ نامبارک ۔ نامسعود
۲۔ کنجوس ۔ ممسک ۔ جزرس ۔ بخیل ۔ خسیس ۔ لئیم

شُوم بخت : شوربخت ۔ بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔
بداختر ۔ بدطالع
شوم طبع : کنجوس ۔ بخیل ۔ ممسک ۔ جزرس ۔ خسیس ۔ لئیم طبع ۔
تنگ دل
شوم قدم : سبز قدم ۔ منحوس ۔ نحس ۔ نامبارک ۔ نامسعود

شُومی : ۱۔ نحوست ۔ نامبارکی ۔ عدمِ مساعدت ۔ منحوسی
۲۔ بخل ۔ کنجوسی ۔ جزرسی ۔ خساست ۔ خستہ بخیل

شومیٔ بخت/طالع/قسمت : بدبختی ۔ بدقسمتی ۔ بدنصیبی ۔ بدطالعی ۔
بداختری ۔ بداقبالی

شوہر : خاوند ۔ میاں ۔ بعل ۔ زوج ۔ پتی ۔ خصم ۔ بر ۔ کنتھ ۔ سرتاج ۔
رفیقِ حیات ۔ شریکِ زندگی ۔ جیون ساتھی ۔ سوامی ۔ پیا ۔
واڑا ۔ گھروالا ۔ ناتھ ۔ بنّا ۔ بالم ۔ بھرتار ۔ نوشہ ۔
مجازی خدا ۔ دولھا

شہ : مخففِ "شاہ" دیکھیے شاہ مع مرکبات

شہاب : ۱۔ روشن ستارہ ۔ نجمِ تابندہ ۔ اخترِ درخشاں
۲۔ چنگاری ۔ انگارا ۔ شرارہ ۔ شرارہ ۔ آتش پارہ ۔ اخگر ۔
پرکالۂ آتش ۔ پتنگا

شہادت : ۱۔ گواہی ۔ بیان ۔ اظہار
۲۔ ظاہر ۔ عیاں ۔ ہویدا ۔ آشکارا
۳۔ قتل ۔ ذبح

شہد : انگبیں ۔ عسل ۔ ماچھک ۔ ماکھیوں ۔ اری ۔ مدھو ۔ بلنج ۔ مدھ

شہدِ خالص —— شہدِ کلام —— شہدِ نطق ——
شہدِ موسیقی —— شہدِ گلاب —— شہدِ نیم ——
شہدِ حیات —— شہدِ وصل —— شہد خانہ ساز
—— شہدِ زنبور ساز

شُہدا : بدمعاش ۔ بدچلن ۔ بدقماش ۔ بدکردار ۔ بداطوار ۔ بدزبان ۔
بداسلوب ۔ لچا

شُہداپن : بدمعاشی ۔ بدچلنی ۔ بدقماشی ۔ بدکرداری ۔ بداطواری

بدطریقی ۔ بداسلوبی ۔ کچاپن

شَہر : (عربی) مہینہ ۔ ماہ ۔ ماس

شَہر : (فارسی) نگر ۔ مدینہ ۔ بلدہ ۔ مصر ۔ معمورہ ۔ بستی ۔ آبادی ۔
قریہ ۔ سٹی ۔ ابلد ۔ دیار ۔ مرز ۔ کشور ۔ کلات ۔ کلامہ ۔
کندر ۔ خار ۔ کھیڑا

شہربدر: خارج از شہر ۔ راندۂ شہر ۔ جلاوطن
شہرِ پناہ: فصیلِ شہر ۔ دیوارِ شہر ۔ حصارِ شہر
شہرِ خموشاں: قبرستان ۔ گورستان ۔ دارالمقابر
شہردار: باشندۂ شہر ۔ شہری ۔ مدنی
شہریار: مالکِ شہر ۔ بادشاہ ۔ سلطان ۔ حکمران ۔ فرمانروا ۔ راجا ۔ ملک
شہریاری: بادشاہی ۔ سلطانی ۔ حکمرانی ۔ فرمانروائی

شہرِ خوش سواد ــــ شہرِ آراستہ ــــ شہرِ مینو سرشت
ــــ شہرِ کافورگوں ــــ شہرِ خورم ــــ شہرِ فرخ
ــــ شہر آباد ــــ شہرِ ویران ــــ
شہرِ بے رونق ــــ شہرِ عقوبت آباد ــــ
شہرِ اذیت رساں ــــ شہرِ خلد آفریں ــــ
شہرِ دانش آباد ــــ شہرِ طراز تازہ ــــ شہرِ پُرآشوب
ــــ شہرِ خدا

شہری : ۱۔ شہردار ۔ باشندۂ شہر ۔ ساکنِ شہر ۔ مقیمِ شہر
۲۔ باشندۂ ملک ۔ متوطن
۳۔ منسوب بہ "شہر"

شُہرت / شُہرہ : چرچا ۔ دھوم ۔ آوازہ ۔ نام وری ۔ افواہ ۔ نام ۔ نیک نامی ۔
غلغلہ ۔ ڈنکا ۔ کیرتی ۔ صیت ۔ مشہوری ۔ سرنامی

شُہرۂ آفاق : مشہورِ زمانہ ۔ مشہورِ عالم ۔ شہیرِ کائنات

شہریت : باشندگیٔ ملک ۔ توطن ۔ وطنیت ۔ قومیت

شہزادہ : ولی عہد ۔ پرنس

شہنائی : شبابہ ۔ نفیری ۔ سُرنائی ۔ سورنائی ۔ بوق ۔ تُرئی ۔ تُری ۔ تزہی ۔
نفیر ۔ نرم ۔ دھوتو ۔ ٹرم پٹ ۔ رن سینگا ۔ شُور ۔ شبور ۔
قرنا ۔ کرنائی ۔

شہوت : ۱۔ خواہش ۔ آرزو ۔ چاہ ۔ طلب
۲۔ خواہشِ جماع ۔ کام ۔ مستی ۔ مد ۔ باہ ۔ جھل ۔ آگ ۔ کام دیو

شہوت پرست : نفس پرست ۔ خواہش پرست ۔ عیاش ۔
بھوگی ۔ زانی
شہوت پرستی : نفس پرستی ۔ خواہش پرستی ۔ عیاشی

شہود : حاضری ۔ دید ۔ گواہی ۔ شہادت

شہید : ۱۔ بینندہ ۔ شاہد ۔ گواہ ۔ واقف ۔ آگاہ ۔ باخبر ۔ مطلع
۲۔ مقتول فی سبیل اللہ ۔ مقتول ۔ مجاہد ۔ مذبوح ۔ قتیل

شہیر : مشہور ۔ شہرت یافتہ ۔ نامور ۔ نیک نام ۔ معروف

شے : ۱۔ چیز ۔ بست ۔ وستو ۔ سامان ۔ اثاثہ
۲۔ معاملہ ۔ واقعہ

شئے لطیف : عقل ۔ سمجھ ۔ فہم ۔ بدھ ۔ سوجھ بوجھ ۔

شیب : بڑھاپا ۔ کہولت ۔ پیری ۔ سفیدیٔ مُو ۔ پیرانہ سالی ۔ دیرینہ سالی ۔
کہن سالی ۔ سال خوردگی

شیخ : ۱۔ بوڑھا ۔ پیر ۔ کہن سال ۔ دیرینہ سال ۔ سال خوردہ ۔ مُسن ۔

معتر۔ بُڈھا
۲۔ مُرشد۔ پیشوا۔ ہادی۔ گُرو۔ پیر
۳۔ سربراہ۔ سردار۔ سرخیل۔ قائد۔ مہتمم۔ ناظم۔ سرکردہ
۴۔ ماہر۔ استاد۔ عالم۔ فاضل

شیخ الاسلام: پیشوائے دین۔ مفتیِ اعظم۔ محتسبِ اعظم
شیخ الجامعہ: سربراہِ دانش گاہ۔ وائس چانسلر

شیخی : استکبار۔ فخر۔ مفاخرت۔ ڈینگ۔ اکڑفوں۔ پھوں پھاں۔ تعلّی۔ لاف۔ گزاف۔ بڑ۔ لن ترانی۔ نمود۔ ہانک۔ لاف زنی۔ صلف۔ دُون

شیخی باز/خورا: ڈینگیا۔ اکڑباز۔ لاف زن۔ گھمنڈی۔ مستکبر

شیدا/شیدائی : ۱۔ عاشق۔ محب۔ پریمی۔ فریفتہ۔ شیفتہ
۲۔ دیوانہ۔ شوریدہ سر۔ آشفتہ سر۔ پاگل۔ مجنون۔ سودائی۔ باؤلا

شِیر : دودھ۔ لبن

شیر : ۱۔ باگھ۔ شینہہ۔ سنگھ۔ اسد۔ غضنفر۔ ببر۔ ہزبر۔ حیدر۔ ضیغم۔ ضرغام۔ امرزے۔ آغور۔ دمار۔ فرشا۔ فرشاد۔ دھینہ۔ ارسلان۔ لیث۔ لائین۔ مرگ راج
۲۔ (کنایۃً) بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ جری۔ جرأت مند۔ سورما۔ سوربیر۔ مردِ میدان۔ نڈر

شیرِ آسماں: شیرِ چرخ۔ بُرجِ اسد
شیرِ خدا: اسداللہ۔ لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ
شیر دل: نڈر۔ بے باک۔ بہادر۔ شجاع۔ دلاور۔ دلیر۔ جری۔ جرأت مند

شیرِ مست ــــ شیرِ شرزہ یا خشمناک ــــ شیرِ ژیاں ــــ شیرِ افگن ــــ شیرِ پنجہ ــــ شیرِ قوی دست ــــ شیرِ خشم آلود ــــ شیرِ پنجہ کشا ــــ
شیرِ مردم خوار ــــ شیرِ گرسنہ ــــ شیرِ کینہ سگال ــــ شیرِ کینہ اندیش ــــ شیرِ صوال ــــ شیرِ بیاد ــــ شیرِ سخت پنجہ ــــ شیرِ مقابل ــــ شیرِ افگنی ــــ شیرِ اجم ــــ شیرِ خوں خوار ــــ شیرِ زبوں حال ــــ شیرِ آشفتہ ــــ شیرِ بے دنداں ــــ
شیرِ خدا ــــ شیرِ صف شکن ــــ شیرِ صفدر ــــ
شیرِ سپہ شکن ــــ شیرِ مستی رفتار ــــ شیرِ زبوں گیر ــــ شیرِ عربدہ ــــ شیرِ غزاں ــــ شیرِ غژیں ــــ شیرِ دماں ــــ شیرِ سہم ناک

شیرازہ : بندش۔ سلسلہ۔ انتظام۔ نظم

شیرازہ بندی: جزو بندی۔ تنظیم۔ ترتیب۔ جلد بندی

شیرہ : قوام۔ چاشنی۔ راب

شیریں : ۱۔ میٹھا۔ شکریں۔ حلاوت والا۔ حلوہ۔ مدھر۔ شہد سا۔ رطب۔ عذب
۲۔ لذیذ۔ خوشگوار۔ دل پسند۔ پُرلطف۔ خوش مزہ۔ خوش ذائقہ
۳۔ عزیز۔ پیارا۔ محبوب

شیریں بیاں/زباں/سخن/کلام/گفتار/مقال: خوش بیاں۔ خوش کلام۔ خوش گفتار۔ خوش مقال۔ فصیح۔ عذب البیاں
شیریں بیانی/زبانی/سخنی/کلامی/گفتاری/مقالی: خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ خوش گفتاری۔ خوش مقالی۔ فصاحت۔ عذوبتِ بیاں
شیریں شمائل: خوش خلق۔ خوش اخلاق۔ خوش اطوار۔ خوش رفتار۔ خوش سیرت۔ خوش خصال۔ خوش طینت

شیریں طبع : خوش طبع ۔ خوش مزاج
شیریں طبعی : خوش طبعی ۔ خوش مزاجی
شیریں لب : خوش بیاں ۔ خوش کلام ۔ خوش گفتار ۔ خوش مقال ۔ فصیح ۔ عذب البیان
شیریں لبی : خوش بیانی ۔ خوش کلامی ۔ خوش گفتاری ۔ خوش مقالی ۔ فصاحت ۔ عذوبت

شیریں باف ـــــ شیریں دہن ـــــ شیریں دہان ـــــ شیریں کار ـــــ شیریں کاری

شیرینی : مٹھاس ۔ حلاوت ۔ لذت ۔ خوش گواری ۔ لطافت

شیشم : سیسو ۔ ساسم ۔ طالی

شیشہ : ۱۔ آبگینہ ۔ کانچ ۔ بلور ۔ زجاج ۔ کپنچ ۔ کاچ ۔ نلی ۔ گلاس ۔
۲۔ آئینہ ۔ مرآۃ ۔ آرسی ۔ درپن
۳۔ آنسو ۔ اشک ۔ شراب ۔ دلِ عاشق

شیشہ گر ـــــ شیشہ ساز ـــــ شیشہ باز ـــــ شیشہ بازی ـــــ شیشۂ دل ـــــ شیشۂ شراب ـــــ شیشۂ شربت

شیطان : ۱۔ ابلیس ۔ عزازیل ۔ دیو ۔ اہرمن ۔ طاغوت ۔ معلم اوّل ۔ شیخ نجدی ۔ معلم الملکوت ۔ جن
۲۔ بد ۔ خبیث ۔ شریر ۔ پلید ۔ نجس ۔ مردود ۔ راندۂ درگاہ ۔ گمراہ ۔ رجیم ۔ راندہ ۔ پھٹکارا ہوا ۔ راندۂ فلک ۔ نکالا ہوا ۔ پشاچ ۔ اُسر ۔ راندۂ آستاں ۔ راندۂ عالم
۳۔ بدذات ۔ بدباطن ۔ سرشت ۔ بدطینت ۔ بدخصلت ۔ بداطوار ۔ خناس
۴۔ مفسد ۔ مفسدہ پرداز ۔ شرانگیز ۔ متفنی ۔ فتنہ پرداز ۔ فتنہ پرور ۔ فسادی

شیطنت : ۱۔ بدی ۔ خباثت ۔ شرارت
۲۔ بدذاتی ۔ بدباطنی ۔ بدسرشتی ۔ بدطینتی ۔ بدخصالی ۔ بداطواری
۳۔ فساد انگیزی ۔ شرانگیزی ۔ مفسدہ پردازی ۔ فتنہ پردازی ۔ فتنہ پروری

شیفتگی : ۱۔ عشق ۔ محبت ۔ پریم ۔ پریت ۔ پیت ۔ فریفتگی
۲۔ حیرانی ۔ پریشانی ۔ مدہوشی ۔ تحیّر ۔ حیرت

شیفتہ : ۱۔ عاشق ۔ محب ۔ پریمی ۔ فریفتہ ۔ شیدا ۔ والہ ۔ دل دادہ ۔ مجنوں ۔ مفتون ۔ لٹو ۔ گرویدہ
۲۔ حیران ۔ پریشان ۔ مدہوش ۔ متحیر ۔ حیرت زدہ ۔ مبہوت ۔ کملوٹ

شیون : ماتم ۔ سوگ ۔ نالہ ۔ فریاد ۔ آہ ۔ زاری ۔ فغاں ۔ نالہ ۔ واویلا

شیوہ : ۱۔ طریق ۔ ڈھنگ ۔ چلن ۔ روش ۔ انداز ۔ بھاؤ ۔ عمل ۔ طرز
۲۔ آئین ۔ دستور ۔ قاعدہ ۔ رسم ۔ رواج ۔ ضابطہ ۔ اصول
۳۔ ناز ۔ نخرا ۔ عشوہ ۔ غمزہ ۔ کرشمہ

شیوہ گر : عشوہ طراز ۔ عشوہ گر ۔ غمزہ زن ۔ نخریلا ۔ نازنین ۔ کرشمہ ساز
شیوہ گری : عشوہ طرازی ۔ عشوہ گری ۔ غمزہ زنی ۔ کرشمہ سازی ۔ نازنینی

شیوۂ عشق ـــــ شیوۂ محبت ـــــ شیوۂ شیون ـــــ شیوۂ وفا

صابر : شکیبا ۔ صبر مند ۔ متحمل ۔ بُردبار ۔ قانع ۔ سنتوکھی ۔ غنی ۔ سیر چشم ۔ سنتوشی

صابر و شاکر ـــــ صابر فطرت ـــــ صابر خُو

صابن : صابون ۔ سوپ ۔ زہرہ ۔ ضبع ۔ زہور ۔ اجالیق ۔ زہورہ

صابی : ۱۔ ستارہ پرست ۔ کوکب پرست ۔ انجم پرست
۲۔ منحرف ۔ مُرتد ۔ بے دین ۔ لا مذہب ۔ مُلحد

صاحب : ۱۔ مالک ۔ آقا ۔ خداوند ۔ پتی ۔ حاکم ۔ سردار ۔ سرکار ۔ قائد ۔ متبوع ۔ مطاع ۔ مقتدا ۔ والی ۔ والا
۲۔ ساتھی ۔ رفیق ۔ دوست ۔ یار ۔ ہم دم ۔ ہمنوا ۔ آشنا ۔ یاور ۔ ناصر ۔ معاون ۔ معین ۔ مددگار
۳۔ جناب ۔ حضور ۔ حضرت ۔ مسٹر

صاحبِ اختیار : بااختیار ۔ بااقتدار ۔ مختار ۔ مقتدر ۔ مطلق العنان ۔ حاکم ۔ حکم راں ۔ فرماں روا ۔ صاحبِ حکومت ۔ ذی اختیار ۔ ذی اقتدار

صاحبِ اخلاق : بااخلاق ۔ خوش اخلاق ۔ خوش خُلق ۔ خلیق ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ تہذیب یافتہ ۔ خوش اطوار ۔ خوش طریق

صاحبِ ادراک : دانا ۔ فہیم ۔ باشعور ۔ سمجھ دار ۔ عقل مند ۔ عاقل ۔ بُدھی وان ۔ صاحبِ فہم ۔ ذکی ۔ نکتہ رس ۔ نکتہ داں ۔ ذہین ۔ درّاک

صاحبِ استعداد : لائق ۔ قابل ۔ باصلاحیت ۔ مستعد ۔ لئیق ۔ صاحبِ لیاقت

صاحبِ اعتبار : معتبر ۔ معتمد ۔ قابلِ اعتبار ۔ لائقِ اعتبار ۔ قابلِ اعتماد ۔ لائقِ اعتماد ۔ معزز ۔ بااعتبار ۔ بااعتماد

صاحبِ افسر : صاحبِ تاج ۔ تاجدار ۔ تاجور ۔ بادشاہ ۔ شہنشاہ ۔ سلطان ۔ ملک ۔ راجا ۔ حکم راں ۔ فرماں روا

صاحبِ اقبال : بااقبال ۔ اقبال مند ۔ بختاور ۔ طالع مند ۔ طالع ور ۔ خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ خوش طالع ۔ بلند اختر ۔ بلند طالع ۔ بھاگوان ۔ نصیبہ ور

صاحبِ اقتدار : ذی اقتدار ۔ ذی اختیار ۔ بااختیار ۔ مختار ۔ طاقت ور ۔ صاحبِ حکومت ۔ حاکم ۔ حکم راں ۔ فرماں روا

صاحبُ الزماں : (کنایتہً) امام مہدی

صاحبِ انصاف : باانصاف ۔ منصف ۔ عدل گستر ۔ عدالت پژوہ ۔ عادل ۔ انصاف پرور ۔ عدل پرور

صاحبِ تاج و تخت : مالکِ افسر و دیہیم ۔ تاجدار و سریر آرا ۔ بادشاہ ۔ شہنشاہ ۔ راجا ۔ سلطان ۔ ملک ۔ راجا ۔ حکم راں ۔ فرماں روا

صاحبِ تدبیر : مدبر ۔ مفکر ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ باشعور ۔ ذی شعور ۔ ہوشیار ۔ ہوش مند ۔ عاقل ۔ منتظم

صاحبِ تمیز : باتمیز ۔ تمیز دار ۔ باشعور ۔ ذی شعور ۔ سلیقہ مند ۔ شائستہ ۔ مہذب ۔ تہذیب یافتہ

صاحبِ جاہ : صاحبِ منزلت ۔ صاحبِ رتبہ ۔ ذی جاہ ۔ ذی شان ۔ صاحبِ منصب ۔ ذی شان ۔ رعب دار ۔ جلیل ۔ معزز ۔ محترم ۔ صاحبِ منصب ۔ ذی شان

صاحبِ جائیداد: جاگیردار۔ زمیندار۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔
متمول۔ مال دار۔ غنی

صاحبِ جمال: جمیل۔ حسین۔ خوب صورت۔ خوش شکل۔ خوش منظر۔
دلکش۔ شکیل۔ خوش رو۔

صاحبِ حق: حق دار۔ مستحق

صاحبِ حوت: ۱۔ (کنایۃً) حضرت یونسؑ
۲۔ (کنایۃً) زحل۔ کیوان۔ سنیچر۔ شنی۔ نحس اکبر

صاحبِ حیثیت: صاحبِ جائیداد۔ مال دار۔ دولت مند۔ ثروت مند۔
صاحبِ ثروت۔ متمول۔ امیر۔ غنی۔ معزز۔ آبرودار۔ عزت دار

صاحبِ خانہ: صاحبُ البیت۔ مالکِ خانہ۔ میزبان

صاحبِ درد: دردمند۔ حساس۔ ہمدرد۔ نرم دل۔ رقیقُ القلب۔
صاحبِ دل۔ رحم دل

صاحبِ دل: ۱۔ پرہیزگار۔ متقی۔ پارسا۔ خداشناس۔ عارف باللہ۔
خدارسیدہ۔ بزرگ
۲۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ شجاع۔ سورما۔ جگردار۔ جری۔
جرأت مند۔ حوصلہ مند۔
۳۔ صاحبِ درد۔ دردمند۔ ہمدرد۔ حساس۔ رقیقُ القلب
۴۔ سخی۔ فیاض۔ کریم۔ کرم گستر۔ دریادل۔ دل والا

صاحبِ دماغ: بددماغ۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی۔ خود پسند۔
خودنگر۔ خودپرست۔ دماغ دار

صاحبِ دولت: ۱۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ صاحبِ ثروت۔
مال دار۔ امیر۔ غنی۔ متموّل
۲۔ صاحبِ حکومت۔ صاحبِ سلطنت۔ حاکم۔ حکم ران۔
بادشاہ۔ راجا۔ فرماں روا

صاحبِ ذوق: ۱۔ با مذاق۔ باذوق۔ خوش مذاق
۲۔ شوقین۔ حسن پرست۔ عاشق
۳۔ خدارسیدہ۔ کامل۔ عبادت گزار۔ عابد

صاحبِ رائے: ۱۔ دانا۔ عقل مند۔ عقیل۔ مدبر۔ عاقل۔ صاحبِ تدبیر۔
فہیم۔ زیرک۔ صاحبِ فراست۔ فریس۔ فرزانہ
۲۔ وزیر۔ مشیر

صاحبِ رسالت: رسالت مآب۔ رسول۔ پیغمبر۔ پیمبر۔ نبی۔ کنایۃً
محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔

صاحب زادہ: ۱۔ بیٹا۔ پوت۔ پسر۔ خلف۔ بن۔ فرزند
۲۔ لڑکا۔ کم سن۔ نوخیز۔ ناتجربہ کار۔
۳۔ مرشد زادہ۔ پیرزادہ
۴۔ امیرزادہ

صاحبِ زر: زردار۔ مال دار۔ متموّل۔ دولت مند۔ ثروت مند۔
صاحبِ ثروت۔ غنی

صاحبِ زبان: اہلِ زبان۔ ماہرِ زبان۔ زباں داں۔ ماہرِ لسان

صاحبِ زمان: ۱۔ شاہِ زمان۔ شہنشاہِ زمن۔ حاکمِ وقت
۲۔ (کنایۃً) امام مہدی

صاحبِ سجادہ: سجادہ نشین۔ جانشین۔ خلیفہ

صاحبِ سریر: صاحبِ تخت۔ صاحبِ دیہیم۔ مالکِ تخت۔
تخت نشین۔ مسند نشین۔ سریر آرا۔ صاحبِ اورنگ۔ اورنگ نشین۔
بادشاہ۔ سلطان۔ ملک۔ حکم ران۔ فرماں روا۔ راجا

صاحب سلامت: ۱۔ علیک سلیک۔ رسمی ملاقات
۲۔ جان پہچان۔ روشناسی۔ شناسائی۔ تعارف

صاحبِ سلیقہ: باسلیقہ۔ سلیقہ مند۔ سگھڑ۔ ہنرمند۔ ہنرور۔
باہنر۔ باتمیز۔ تمیزدار۔ صاحبِ تمیز

صاحبِ طبع: طباع۔ ذہین۔ دراک۔ قابل۔ لائق۔ عاقل۔ دانا۔
فہیم۔ عقیل۔ سمجھ دار۔ عقلمند۔ دانشمند

صاحبِ طمع: طامع۔ حریص۔ لالچی۔ آزمند۔ بھوکا۔ ندیدہ

صاحبِ ظرف: باحوصلہ۔ حوصلہ مند۔ عالی ظرف۔ بلند حوصلہ

صاحبِ عدالت: منصف۔ حاکمِ عدالت۔ قاضی

صاحبِ عدل: منصف۔ عدل گستر۔ عادل۔ انصاف پرور۔ انصاف پژوہ

صاحبِ عرفان: ۱۔ صاحبِ معرفت۔ عارف۔ خداشناس۔
خدارسیدہ۔ آگاہ
۲۔ عقل مند۔ عاقل۔ دانا۔ ذہین

صاحبِ عصا: (کنایۃً) حضرت موسیٰؑ

صاحبِ غرض: غرض مند۔ حاجت مند۔ صاحبِ احتیاج۔
ضرورت مند۔ خودغرض۔ مطلبی

صاحبِ غیرت: غیرت مند۔ غیور۔ باحمیت۔ باحیا۔ حیادار

صاحبِ فراست: فرِیس ۔ زیرک ۔ فرزانہ ۔ عاقل ۔ دانا ۔ فہیم ۔ درّاک ۔ طباع

صاحبِ فراش: بستر سوار ۔ برخوردار بستر ۔ مریض ۔ علیل ۔ بیمار ۔ روگی ۔ آزاری

صاحبِ فن: ماہرِ فن ۔ فن دان ۔ فن کار ۔ باہنر ۔ ہنرمند ۔ ہنرور ۔ آرٹسٹ

صاحبِ فہم و فراست: فہیم ۔ سمجھ دار ۔ فہمیدہ ۔ عقل مند ۔ دانا ۔ باشعور ۔ نکتہ فہم ۔ نکتہ رس ۔ نکتہ دان ۔ عاقل ۔ ہوشیار ۔ ذی شعور ۔ عقیل ۔ زیرک ۔ فرزانہ ۔ دقیقہ رس ۔ ذکی ۔ دور اندیش ۔ ذہین ۔ دُور بین ۔ فرِیس ۔ عاقبت بیں ۔ عاقبت اندیش

صاحبِ قِران: خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ صاحبِ اقبال ۔ اقبال مند ۔ طالع مند ۔ بلند اختر ۔ بختاور ۔ بھاگوان

صاحبِ قسمت: صاحبِ نصیب ۔ خوش بخت ۔ خوش قسمت ۔ خوش نصیب ۔ صاحبِ اقبال ۔ اقبال مند ۔ طالع مند ۔ بختاور ۔ طالع ور ۔ بھاگوان

صاحبِ قلم: قلم کش ۔ قلم کار ۔ محرّر ۔ مُنشی ۔ کاتب ۔ انشا پرداز ۔ مُصنّف ۔ لکھاڑی ۔ لیکھک ۔ پڑھا لکھا ۔ خواندہ ۔ ادیب

صاحبِ قوت: قوی ۔ طاقت ور ۔ زور آور ۔ بل وان ۔ بل ونت ۔ شکتی مان ۔ توانا ۔ مقتدر

صاحبِ کرم: کریم ۔ کرم گستر ۔ سخی ۔ فیاض ۔ داتا ۔ دانی

صاحبِ کمال: باکمال ۔ کامل ۔ ماہر ۔ اُستاد

صاحبِ لولاک: (کنایتہً) محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلّم

صاحبِ لیاقت: ذی لیاقت ۔ لائق ۔ لیّق ۔ زیرک ۔ قابل ۔ ذی استعداد ۔ صاحبِ استعداد ۔ باصلاحیت ۔ ذی فہم ۔ فہیم ۔ زِیرک ۔ عقلمند ۔ دانشمند ۔ دانشور

صاحبِ مال: مال دار ۔ متموّل ۔ صاحبِ ثروت ۔ ثروت مند ۔ امیر ۔ غنی ۔ دولت مند ۔ صاحبِ نصاب ۔ پیسے والا

صاحبِ مقدور: صاحبِ استطاعت ۔ ذی استطاعت ۔ مستطیع ۔ صاحبِ مقدرت ۔ ذی مقدرت ۔ صاحبِ قدرت ۔ قادر ۔ طاقت ور ۔ بلوان

صاحبِ منصب: منصب دار ۔ عہدہ دار ۔ ذی جاہ ۔ ذی منزلت ۔ صاحبِ منزلت ۔ ذی عزت ۔ ذی مرتبت

صاحبِ منزلت: ۱۔ صاحبِ منصب ۔ منصب دار ۔ عہدہ دار
۲۔ صاحبِ مرتبہ ۔ ذی جاہ ۔ صاحبِ جاہ ۔ صاحبِ عزت ۔ معزز ۔ محترم ۔ عزت دار ۔ آبرو دار ۔ آبرومند

صاحبِ نار: ناری ۔ دوزخی ۔ جہنمی

صاحبِ نسبت: خدا رسیدہ ۔ کامل ۔ عارف ۔ صاحبِ عرفان ۔ صاحبِ معرفت ۔ خدا شناس ۔ ولی ۔ بزرگ

صاحبِ نصیب: نصیبہ ور ۔ خوش نصیب ۔ خوش قسمت ۔ خوش بخت ۔ بختاور ۔ طالع مند ۔ طالع ور ۔ اقبال مند ۔ بھاگوان

صاحبِ نظر: دیدہ ور ۔ بینا ۔ بصیر ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ دور اندیش ۔ دُور بیں ۔ عاقبت اندیش

صاحبِ نیاز: نیازمند ۔ عاجز ۔ منکسر ۔ حاجت مند ۔ محتاج ۔ ضرورت مند

صاحبِ وقوف: ۱۔ واقف ۔ آشنا ۔ رازدار ۔ محرمِ راز ۔ رازداں ۔ آگاہ
۲۔ دانا ۔ عقل مند ۔ عقیل ۔ زیرک ۔ فرزانہ ۔ صاحبِ فراست ۔ فرِیس ۔ باشعور

صاحبِ ہُنر: ہُنرمند ۔ ہُنرور ۔ صاحبِ فن ۔ فن کار ۔ فن دان

صاحبِ ہوش: ہوش مند ۔ ہوشیار ۔ دانا ۔ عقل مند ۔ عاقل ۔ عقیل ۔ فرزانہ ۔ زیرک ۔ فرِیس ۔ صاحبِ فراست

صاحبِ یدِ بیضا: (کنایتہً) حضرت موسیٰؑ

صاحبِ بہادر ــــ صاحبِ تخت ــــ صاحبِ جاگیر ــــ صاحبِ ضلع ــــ صاحبِ قدرت ــــ صاحبِ املاک ــــ صاحبِ حکومت ــــ صاحبِ راز ــــ صاحبِ اسرار ــــ صاحبِ شوق ــــ صاحبِ عالم ــــ صاحبِ کرامت ــــ صاحبِ قرآن ــــ صاحبِ نصیبی ــــ صاحبِ دل ــــ صاحبِ خبر ــــ صاحبِ دیوان ــــ صاحبِ خاطر ــــ صاحبِ تمیزی

صادر: جاری۔ نافذ۔ برآمد۔ راجع۔ پیداوار

صادر و وارد: آتا جاتا۔ آیا گیا۔ آئندہ و روندہ۔ مہمان۔ مسافر۔ اُرجار رکھنے والا۔ آمد و رفت رکھنے والا

صادق: ۱۔ سچا۔ صدیق۔ صداقت شعار۔ راست گو۔ راست باز۔ ست وُنتا
۲۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح
۳۔ نیک۔ صالح۔ مخلص۔ اخلاص مند
۴۔ پکا۔ مضبوط۔ راسخ۔ وفا دار۔ باوفا
۵۔ چسپاں۔ منطبق۔ مناسب حال
۶۔ ظاہر۔ آشکار۔ عیاں۔ ہویدا۔ واضح۔ روشن۔ صاف۔ نمایاں

صادقُ الاعتقاد: راسخُ الاعتقاد۔ راسخُ العقیدہ۔ ایمان دار۔ مومن۔ متدیّن
صادقُ القول: راست گو۔ سچا۔ حق گو
صادقُ الوعد: پابندِ وعدہ۔ پابندِ عہد۔ سچا۔ پکا

صارف: صرف کنندہ۔ خرچیلا۔ استعمال کنندہ

صاعقہ: بجلی۔ برق۔ گاج۔ آذرخش۔ دامنی

صاف: ۱۔ ستھرا۔ مصفا۔ ناآلودہ۔ بے میل۔ پاک۔ طاہر۔ براق
۲۔ بے میل۔ بے آمیزش۔ ناآمیختہ۔ بے غبار۔ بے کدورت۔ اُجلا۔ بے داغ۔ اُجل۔ شفاف۔ کورا۔
۳۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح
۴۔ خالص۔ نرمل۔ ناب۔ کھرا۔ اصل۔ شُدھ
۵۔ یقینی۔ قطعی۔ حتمی
۶۔ صریح۔ واضح۔ آشکار۔ عیاں۔ ہویدا۔ جیتی۔ پرگھٹ۔ روشن۔ ظاہر
۷۔ چیدہ۔ منتخب
۸۔ ہموار۔ برابر
۹۔ ہوبہو۔ بعینہٖ۔ عین مین
۱۰۔ سہل۔ سلیس۔ آسان
۱۱۔ صیقل شدہ۔ اُجلا۔ مجلّی۔ آب دار
۱۲۔ علانیہ۔ علی الاعلان۔ کھلم کھلا
۱۳۔ غیر جانبدار۔ ناطرف دار
۱۴۔ سادہ۔ معصوم۔ بے عیب

صاف باطن / دل: بے کینہ۔ بے ریا۔ مخلص۔ اخلاص مند۔ پُرخلوص
صاف باطنی/دلی: بے ریائی۔ پُرخلوص۔ اخلاص۔ اخلاص مندی
صاف دیدہ: بے مروت۔ بے لحاظ۔ بے شرم۔ ڈھیٹ۔ بے شرم۔ بے غیرت
صاف گو: راست گو۔ راست باز۔ سچا۔ کھرا۔ صادق
صاف گوئی: راست گوئی۔ راست بازی۔ سچائی۔ کھراپن۔ صداقت

صافہ: پگڑی۔ دستار۔ دوپٹا۔ پٹکا۔ مُنڈاسا

صالح: ۱۔ نیک۔ نکوکار۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا
۲۔ دیانت دار۔ امین۔ متدیّن
۳۔ لائق۔ قابل۔ موزوں

صامت: چُپ۔ خاموش۔ ساکت۔ گونگا۔ بے جان

صانع: کاریگر۔ خالق۔ پیدا کنندہ۔ جاعل۔ ہنرمند۔ ہنرور

صائب: درست۔ ٹھیک۔ راست۔ صحیح۔ رسا

صائبُ الرائے: دانا۔ مدبر۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل

صائم: روزہ دار۔ اپاسی۔ برت رکھنے والا

صبا : بادِ مشرق ۔ پُروا ۔ بادِ صبح ۔ بادِ نسیم

صبا خرام / رفتار : سبک رفتار ۔ سبک خرام ۔ سبک رَو ۔
تیز رفتار ۔ تیز رو

صباح : صبح ۔ سویرا ۔ تڑکا ۔ سحر ۔ بھور ۔ فجر ۔ پگاہ

صباحت : گوراپن ۔ سفیدی ۔ سپیدی ۔ بیاض ۔ اُجلاپن

صبح : صباح ۔ سویرا ۔ تڑکا ۔ سحر ۔ فجر ۔ بھور ۔ پگاہ ۔ بامداد ۔ پوپھٹنا ۔
بگاہ ۔ پس شام ۔ سائبان سیمابی ۔ بامگاہ ۔ غد ۔ گجر دم ۔ بہان
عطسۂ شب ۔ بُکرہ ۔ سویرا ۔ غدوہ

صبح رُو ــــ صبح رخسار ــــ صبح جزا ــــ صبح پیری
ــــ صبح خیز / خیزاں / صبح خیزا / خیزیا
ــــ صبح دم ــــ صبح صادق ــــ صبح کاذب
ــــ صبح و شام ــــ صبح سویرے ــــ علی الصبح

صبح کا بھولا شام کو آ جائے / آئے تو اسے بھولا نہیں کہتے
صبح کس کا منہ دیکھا تھا
صبح کو نام نہیں لیتے

صبر: ۱۔ برداشت ۔ تحمل ۔ سہار ۔ حلم ۔ بُردباری ۔ شکیب ۔
شکیبائی ۔ صبوری ۔ سنتوکھ ۔ ضبط ۔ نرم دلی ۔ پرویر ۔ ہرہر
اصطبار ۔ ضبط ۔ حلیمی ۔ اکتفا ۔ تاب ۔ سہارا ۔ سمائی ۔ قرار
۲۔ توکل ۔ قناعت
۳۔ تسلی ۔ اطمینان ۔ طمانیت ۔ دھیرج ۔ سکون ۔ تسکین

صبُوح / صبُوحی : بادۂ صبح ۔ شرابِ صبح ۔ بادۂ سحر

صبُور : ۱۔ صابر ۔ صبر مند ۔ متحمل ۔ بُردبار ۔ حلیم ۔ شکیبا
۲۔ رحیم ۔ کریم ۔ غفار

صبُوری : صبر ۔ تحمل ۔ برداشت ۔ سہار ۔ حلم ۔ بُردباری ۔ شکیب ۔
شکیبائی ۔ سنتوکھ ۔ ضبط

صبیح : گورا چٹا ۔ سفید ۔ حسین ۔ خوب صورت ۔ اُجلا

صحابہ : اصحابِ رسول اللہؐ ۔ رفقائے رسول اللہؐ ۔ صحابۂ کرامؓ

صحابی : مصاحب ۔ رفیق ۔ دوست ۔ ساتھی ۔ ہم نشیں ۔ جلیس ۔
(کنایتہً) رفیقِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

صحابیت : رفاقتِ رسول اللہؐ

صحافت : اخبار نویسی ۔ صحیفہ نگاری ۔ نامہ نگاری ۔ کالم نویسی ۔ پرچہ نویسی ۔
خبر رسانی ۔ جرنلزم

صحافی : اخبار نویس ۔ صحیفہ نگار ۔ نامہ نگار ۔ کالم نویس ۔ پرچہ نویس ۔
خبر رساں ۔ جرنلسٹ

صحائف : کُتب ۔ اَسفار ۔ آسمانی کُتب ۔ کُتبِ الہامی

صحبت : ۱۔ مصاحبت ۔ ہم نشینی ۔ رفاقت ۔ دوستی ۔ ہم راہی ۔ ساتھ ۔
سنگت ۔ محبت ۔ یاری ۔ مددگاری ۔ سنگ ۔ میل جول ۔ اتحاد
۲۔ محفل ۔ مجلس ۔ بزم ۔ سبھا ۔ انجمن
۳۔ مباشرت ۔ مجامعت ۔ جماع ۔ ہم بستری

صحت : ۱۔ درستی ۔ بے عیبی
۲۔ تندرستی ۔ شفا ۔ خیریت ۔ عافیت ۔ آرام ۔ افاقہ ۔ بہتری

صحت خانہ : بیت الخلا ۔ پاخانہ ۔ ٹٹی ۔ سنڈاس

صحت گاہ: دارالشفا۔ مستشفیٰ۔ سینی ٹوریم۔ دارالصحت
صحت نامہ: فہرست اغلاط مع تصحیح
صحت یاب: تندرست۔ شفایاب۔ بخیر۔ مع الخیر۔ بعافیت
صحت مند: ۱۔ تندرست۔ صحت یاب۔ شفایاب۔ بخیر۔ مع الخیر۔ بعافیت
۲۔ درست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ بے عیب

غسل صحت ___ صحت بخش ___ صحت افزا

صحرا: ریگستان۔ بادیہ۔ دشت۔ بیاباں۔ ویرانہ۔ ریگزار۔ تھل

صحرا گرد / نورد: ۱۔ بادیہ نورد۔ دشت نورد۔ دشت پیما
۲۔ وحشی۔ پاگل۔ مجنوں۔ جنونی
صحرا گردی / نوردی: ۱۔ بادیہ پیمائی۔ دشت نوردی۔ دشت پیمائی
۲۔ وحشت۔ پاگل پن۔ جنون

صحرا نشین: بیاباں گرد۔ دشت نورد۔ بیاباں نورد

صحرائی: جنگلی۔ بدوی۔ بدّو۔ ریگستانی۔ دشتی۔ بیابانی

صحن: آنگن۔ انگنائی۔ پیش گاہ خانہ۔ ویہڑہ۔ آنگینا۔ باحہ۔ ساحہ

صحنک: رکابی۔ تھالی۔ طشتری۔ پلیٹ۔ قاب

صحیح: ۱۔ ٹھیک۔ درست۔ بجا۔ راست
۲۔ جائز۔ روا۔ مناسب۔ واجب۔ معقول
۳۔ واقعی۔ حقیقی
۴۔ کامل۔ سارا۔ مکمل۔ سالم۔ ثابت۔ پورا۔ سمپورن
۵۔ مبرا۔ پاک۔ منزہ۔ بے عیب

صحیح العقل: سلیم العقل۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ دانا۔ زیرک۔
فرزانہ۔ فہیم۔ بدھی وان

صحیح النسب: نجیب۔ عالی خاندان۔ معالی دودمان۔ والا تبار۔
اصیل۔ خوش گوہر۔ خاندانی۔ شریف۔ نجیب الطرفین
صحیح سالم: ۱۔ مکمل۔ کامل۔ پورا۔ ثابت۔ سمپورن
۲۔ تندرست۔ بھلا چنگا۔ صحت مند۔ ہشاش بشاش۔
بخیریت۔ بعافیت۔ مامون۔ مصئون۔ محفوظ

صحیفہ: ۱۔ کتاب۔ کتابچہ۔ رسالہ۔ نوشتہ۔ دستاویز۔ سفر
۲۔ اخبار۔ جریدہ
۳۔ خط۔ مکتوب۔ چٹھی۔ مراسلہ۔ نمیقہ۔ شقہ۔ رقعہ
۴۔ آسمانی کتاب

صحیفۂ آسمانی: آسمانی کتاب۔ الہامی کتاب۔ مقدس کتاب۔
خدائی ہدایت نامہ۔ دستور خداوندی
صحیفہ نگار / نویس: صحافی۔ اخبار نویس۔ نامہ نگار۔ پرچہ نویس۔ جرنلسٹ
صحیفہ نگاری / نویسی: صحافت۔ اخبار نویسی۔ نامہ نگاری۔ پرچہ نویسی۔
جرنلزم

صد: ۱۔ سو۔ مائۃ۔ سیکڑا
۲۔ بکثرت۔ بہت۔ کثیر

صدا: آواز۔ صوت۔ ندا۔ بانگ۔ آہٹ۔ نوا

صدابندی: ریکارڈنگ
صداکار: گلوکار۔ گائک۔ گویّا۔ مغنی۔ نواپرداز۔ نواسنج۔
نواپیرا۔ نواگر
صداکاری: گلوکاری۔ گائیکی۔ گانا۔ غنا۔ نواپردازی۔ نواسنجی۔
نواپیرائی۔ نواگری

صدارت: صدر نشینی۔ بالانشینی۔ قیادت۔ سیادت۔ مسند نشینی۔
کرسی نشینی

صداقت : صدق ۔ سچائی ۔ راستی ۔ راست بازی ۔ ستیہ ۔ حقیقت ۔ خلوص ۔ اخلاص

صداقت شعار/کیش : صادق ۔ صدیق ۔ سچا ۔ راست باز ۔ ستیہ وادی ستیہ پال ۔ خالص ۔ مخلص ۔ حق پرست ۔ حق پژدہ

صداقت شعاری/کیشی : سچائی ۔ راست بازی ۔ خلوص ۔ اخلاص ۔ حق پرستی ۔ حق پژوہی

صدر : ۱۔ سینہ ۔ چھاتی
۲۔ اونچا حصہ ۔ بالائی حصہ
۳۔ مقامِ بلند ۔ جائے بلند ۔ امتیازی مقام
۴۔ رئیس ۔ سردار ۔ قائد ۔ پردھان ۔ مہتمم اعلیٰ ۔ نگران اعلیٰ ۔ سربراہ ۔ مسند نشیں ۔ بالانشیں ۔ پریزیڈنٹ ۔ چیئرمین ۔ حاکم
۵۔ چھاؤنی ۔ لشکر گاہ ۔ معسکر

صدرِ مجلس/محفل : میرِ مجلس ۔ میرِ محفل ۔ مہتممِ مجلس ۔ رئیسِ محفل

صدر مقام : دارالسلطنت ۔ دارالحکومت ۔ دارالخلافہ ۔ راجدھانی ۔ ہیڈ کوارٹر

صدرِ مملکت : سربراہِ مملکت ۔ سربراہِ ریاست

صدرِ اعلا ــــ صدر بازار ــــ صدر مقام ــــ
صدر بورڈ ــــ صدر دالان ــــ صدر جتال
ــــ صدر دیوان ــــ صدر مدرسی ــــ صدر مدرس
ــــ صدر مہتمم ــــ صدر مہتممی ــــ صدر امین
ــــ صدر محاسبی ــــ صدر محرر ــــ صدر عدالت
ــــ صدر دفتر ــــ صدر محکمہ ــــ صدر منصری
ــــ صدر محاسب ــــ صدرِ اعظم

صدف : سیپ ۔ سیپی

صِدق : سچائی ۔ صداقت ۔ راستی ۔ خلوص ۔ اخلاص

صدقہ : ۱۔ قربانی ۔ تصدق ۔ نچھاور
۲۔ خیرات ۔ زکوٰۃ ۔ دان ۔ آرازش
۳۔ طفیل ۔ بدولت
۴۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ کرم ۔ نوازش

صدمہ : ۱۔ ضرب ۔ چوٹ ۔ ٹکر ۔ دھکا ۔ ٹھیس ۔ دھچکا ۔ تنس (؟) ۔ جھٹکا ۔ ہچکولا
۲۔ گزند ۔ تکلیف ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ آفت ۔ بلا ۔ رنج ۔ غم ۔ اندوہ ۔ ملال ۔ حزن ۔ رنج و غم ۔ پُردرد الم ۔ کونت
۳۔ نقصان ۔ ضرر ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا ۔ خسارہ ۔ خسران

صُدور : اجرا ۔ نفاذ

صدی : ۱۔ سیکڑا
۲۔ سو سال ۔ قرن ۔ سینچری ۔ صد سالہ عرصہ

صَدیق : مخلص دوست ۔ یارِ غار ۔ محب مخلص ۔ محبِّ صادق ۔ اخلاص مند ۔ ہتر

صِدّیق : نہایت سچا ۔ صدوق ۔ مصدّق

صراحت : وضاحت ۔ تشریح ۔ تصریح ۔ توضیح ۔ وضوح

صراحتہً/صراحتاً : وضاحتہً ۔ بالوضاحت ۔ بالتصریح ۔ بالتشریح ۔ کھلم کھلا ۔ بالاعلان ۔ علانیہ

صُراحی : جھجر ۔ مینا ۔ بوتل ۔ سبو ۔ گھڑا ۔ جھجری

صراط : راہ ۔ راستہ ۔ باٹ ۔ ڈگر ۔ بٹیا ۔ جادہ ۔ سبیل ۔ ڈنڈی ۔ طریق

صراطِ مستقیم: سیدھا راستہ۔ راہِ راست۔ (کنایۃً) دینِ اسلام

صرّاف: ۱۔ پارکھ۔ پرکھیا۔ ناقد۔ نقّاد
۲۔ زرفروش۔ سوداگرِ زر و سیم
۳۔ مال دار۔ متموّل۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ ساہیر۔ غنی

صرّافہ: بازارِ صرّافاں۔ بازارِ زرفروشاں۔ سونا منڈی

صرّافی: زرفروشی۔ تجارتِ زر و سیم

صرصر: آندھی۔ بادِ تُند۔ جھکڑ۔ اندھیاؤ۔ طوفانِ باد

صِرف: فقط۔ تنہا۔ خالص۔ اکیلا۔ الگ۔ نِرا۔ محض

صَرف: ۱۔ خرچ۔ اخراجات۔ مصارف
۲۔ استعمال۔ برتاوا
۳۔ قواعدِ گردان۔ علمِ صیغہ۔ علمِ تبادل و ترکیبِ الفاظ

صَرف و نحو: قواعدِ زبان۔ گرامر۔ بیاکرن۔ ویاکرن۔ شبد شاستر

صَرفہ: ۱۔ فائدہ۔ نفع۔ منفعت۔ حاصل
۲۔ بچت۔ کفایت۔ کفایت شعاری
۳۔ افسوس۔ دریغ۔ تأسّف
۴۔ فضول خرچی۔ اسراف۔ تبذیر
۵۔ زیادتی۔ بیشی۔ افراط۔ غلبہ۔ فراوانی۔ توفیر
۶۔ کنجوسی۔ بخیلی۔ بُخل۔ خِسّت۔ خساست
۷۔ خرچ۔ صرف۔ اخراجات۔ مصارف۔ لاگت

صرفی: ماہرِ علمِ صرف۔ ماہرِ گردان

صریح: ۱۔ خالص۔ کھرا۔ نرمل۔ ناب۔ بے میل۔ ان میل
۲۔ واضح۔ آشکارا۔ ظاہر۔ عیاں۔ ہویدا۔ صاف

صریحاً: صراحۃً۔ بالتصریح۔ باوضاحت۔ ظاہراً۔ کھلم کھلا۔ بالاعلان۔ علانیہ

صریر: بانگِ قلم۔ صدائے خامہ۔ چرچراہٹ

صعب: سخت۔ تنگ۔ مشکل۔ دشوار۔ سنگین۔ ناگوار

صعوبت: ۱۔ تنگی۔ سختی۔ اشکال۔ دشواری۔ سنگینی۔ ناگواری
۲۔ مصیبت۔ تکلیف۔ بپتا۔ آفت

صعُود: بلندی۔ عروج۔ ارتفاع۔ ترفّع۔ رفعت۔ چڑھاؤ

صغار: خُردان۔ کودکان۔ کوچکان

صغار و کبار: کہ و مہ۔ ادنیٰ و اعلیٰ۔ چھوٹے بڑے۔ عوام و خواص

صِغر: خُردی۔ چھوٹائی۔ چھٹپن۔ چُٹپنا۔ کودکی۔ کوچکی

صِغرسِن: خُردسال۔ کم عمر۔ نوخیز۔ نوعمر۔ لڑکا۔ بچہ۔ طفل۔ کودک
صِغرسِنی: خُردسالی۔ کم عمری۔ نوخیزی۔ کودکی۔ لڑکپن۔ بچپن۔ طفلی۔ طفولیت۔ نوعمری

صُغریٰ: چھوٹی

صغیر: چھوٹا۔ خُرد۔ کوچک۔ ادنیٰ۔ کودک

صف: ۱۔ قطار۔ سلسلہ۔ پرا۔ لائن۔ لنگ۔ تانتا
۲۔ چٹائی۔ بوریا۔ فرش۔ حصیر۔ سیتل پاٹی۔ بھوڑی

صف آرا: ۱۔ قطار بند۔ صف بند
۲۔ معرکہ آرا۔ جنگ آزما۔ جنگ جو

صف آرائی: ۱۔ قطار بندی۔ صف بندی
۲۔ معرکہ آرائی۔ جنگ آزمائی۔ جنگ جوئی

صف در/صفدر: صف شکن۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ شور بیر۔ جری۔ رن جیت۔ (کنایتہً) حضرت علی کرم اللہ وجہہ

صفدری: صف شکنی۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت۔ شورماپن

صف شکن: صفدر۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ شور بیر۔ جری۔ رن جیت

صف شکنی: صفدری۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت۔ شورماپن

صف بستہ ــــ صف بندی

صفا: ۱۔ صفائی۔ ستھرائی۔ پاکیزگی۔ طہارت۔ تصفیہ
۲۔ آب۔ تاب۔ جلا۔ چمک۔ دمک
۳۔ صبر۔ قناعت
۴۔ تسلی۔ آرام۔ اطمینان۔ طمانیت۔ سکون۔ آرام چین۔ راحت۔ مسرت

صفا بخش: ۱۔ جلا بخش۔ تاب دہ۔ ضو بخش۔ ضیا بخش۔
۲۔ لذیذ۔ خوش گوار۔ خوش ذائقہ۔ خوش مزہ۔ پُرلطف

صفا چٹ: صاف۔ چٹیل۔ لق و دق

صفا مشرب: صاف دل۔ بے کدورت۔ مخلص۔ بے ریا

صفّار: ٹھٹیرا۔ ظروف ساز۔ کسیرا۔ بھرتیا۔ مس گر

صفائی: ۱۔ ستھرائی۔ ستھراپن۔ پاکیزگی۔ طہارت۔ تنزیہ۔ پوترتا۔ تقدیس۔ استنجا۔ پاکی۔ تصفیہ۔ تزکیہ۔ تطہیر
۲۔ جھاڑ پونچھ۔ شستگی۔ درستگی
۳۔ ہمواری
۴۔ سادگی۔ سادہ لوحی۔ سادہ مزاجی۔ بھولپن
۵۔ آب۔ تاب۔ جلا۔ چمک۔ دمک۔ اُجلاپن
۶۔ میل۔ ملاپ۔ صلح
۷۔ بے جرمی۔ بے قصوری۔ بے خطائی۔ بے تقصیری۔ بے گناہی۔ معصومیت
۸۔ مدافعت۔ دفاع۔ بچاؤ۔ حفاظت
۹۔ صداقت۔ صدق۔ راستی۔ سچائی۔ دیانت داری
۱۰۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے حمیتی
۱۱۔ تردید۔ ابطال۔ تغلیط
۱۲۔ بربادی۔ تباہی۔ غارت گری
۱۳۔ نیستی۔ نابودی۔ انعدام۔ معدومیت
۱۴۔ پھرتی۔ چالاکی۔ تیزی۔ چابکی
۱۵۔ نیک نیتی۔ خلوص۔ اخلاص۔ بے ریائی
۱۶۔ بے غباری۔ بے کدورتی
۱۷۔ کاٹ چھانٹ۔ قطع و برید۔ نلائی۔ جھٹک
۱۸۔ بیباقی۔ چکوتا
۱۹۔ برارت۔ بریت

صفایا: ستھراؤ۔ تباہی۔ بربادی۔ غارت گری۔ انعدام۔ قلع قمع۔ خاتمہ۔ بیخ کنی

صفت: ۱۔ وصف۔ گُن۔ خاصیت
۲۔ ہنر۔ خوبی
۳۔ مانند۔ مثل۔ آسا۔ سان۔ بسان۔ نمط

صفحہ: ۱۔ رُخ۔ ورق۔ پنا۔ پیج۔ سطح
۲۔ وسعت۔ چوڑائی۔ فراخی

صفر: ۱۔ نقطہ۔ بندی۔ زیرو
۲۔ ہیچ۔ بے مقدار۔ بے حقیقت۔ بے وقعت۔ بے قیمت

صفرا : پت۔ تلخہ۔ مرّہ

صُفّہ : ڈیوڑھی۔ دالان۔ چبوترہ۔ شہ نشیں

صفی : ۱۔ برگزیدہ۔ خالص۔ پاک۔ صاف۔ مطہر۔ مخلص دوست
۲۔ لقب حضرت آدم علیہ السلام

صلا : پکار۔ آواز۔ ندا۔ صدا۔ دعوت۔ چیلنج۔ للکار

صلابت : ۱۔ سختی۔ مضبوطی۔ سنگینی۔ استحکام۔ محکمی۔ استواری۔ ٹھوس پن
۲۔ طاقت۔ قوت۔ شکتی۔ سکت۔ توانائی۔ بل۔ زور
۳۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت۔ جرأت۔ حوصلہ۔ ہمت
۴۔ دبدبہ۔ شوکت۔ شکوہ۔ رعب۔ ہیبت

صلاح : ۱۔ نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ بہتری۔ اچھائی۔ نکوئی
۲۔ مشورہ۔ رائے۔ تدبیر۔ تجویز۔ مصلحت
۳۔ ارادہ۔ منشا۔ مرضی۔ مراد

صلاح اندیش : خیر اندیش۔ خیر سگال۔ بہی خواہ۔ خیرخواہ۔ مصلحت اندیش
صلاح اندیشی : خیر اندیشی۔ خیر سگالی۔ بہی خواہی۔ خیرخواہی۔ مصلحت اندیشی
صلاح کار : ۱۔ مشیر۔ ناصح
۲۔ زاہد۔ متقی۔ پرہیزگار۔ نیکوکار۔ پارسا۔ نیک

صلاحیت : ۱۔ نیکی۔ بھلائی۔ اچھائی۔ بہتری
۲۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ زہد۔ اتقا
۳۔ رسائی۔ پہنچ۔ دسترس
۴۔ خوبی۔ صفت۔ گن۔ جوہر
۵۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد
۶۔ سمجھ۔ بوجھ۔ عقل۔ فہم۔ ذہن
۷۔ اصلاح۔ درستی
۸۔ نرمی۔ ملائمت

صُلب : ۱۔ مُہرہ پشت۔ پُشت۔ کمر۔ پیٹھ
۲۔ نسل۔ نژاد۔ خاندان۔ دودمان۔ تبار۔ نسب
۳۔ نُطفہ۔ ویرج۔ مَنی

صُلبی : سگا۔ حقیقی

صُلح : ۱۔ میل۔ ملاپ۔ دوستی۔ ربط ضبط۔ اتحاد۔ دوستی۔ صفائی۔ اتفاق۔ مصالحت
۲۔ امن۔ امان۔ آشتی۔ شانتی

صلح جو/دوست : امن پسند۔ آشتی پسند
صلح کُل : ہمہ دوست۔ انسان دوست۔ بے تعصب۔ روادار
صلح نامہ : راضی نامہ۔ مصالحت نامہ۔ سمجھوتا

صُلحا : نیکان۔ پاکان۔ متقین۔ مطہرین

صلاوات : مجازاً۔ گالی۔ دشنام۔ سبّ وشتم۔ صلواتیں

صلوٰۃ : ۱۔ دعا۔ درود۔ سلام۔ استغفار
۲۔ برکت۔ رحمت۔ بخشش۔ مغفرت
۳۔ نماز

صِلہ : ۱۔ اجر۔ بدلہ۔ عوض۔ جزا۔ پاداش۔ پھل۔ ثمرہ۔ معاوضہ۔ ثواب۔ نتیجہ۔ حاصل۔ برکت۔ حق۔ عوضہ
۲۔ انعام۔ عطا۔ ہدیہ۔ تحفہ۔ سوغات۔ ارمغان
۳۔ جوڑ۔ پیوند۔ ملاپ۔ میل

صلیب : چلیپا۔ دار۔ سُولی

صُمّ : بہرے ۔ گراں گوش ۔ کر

صُمٌّ بُکمٌ : بہرے اور گونگے ۔ ساکت ۔ خاموش ۔ چُپ ۔ بے حس ۔ گم سُم

صمت : خاموشی ۔ چُپ ۔ سکوت ۔ سکتہ

صمد : بے نیاز ۔ بے پروا ۔ غنی ۔ غیر محتاج ۔ بزرگ

صمصام : تیغ تیز ۔ شمشیر بُراں ۔ تلوار ۔ سیف ۔ حسام ۔ سروہی

صمیم : ۱۔ خالص ۔ مخلص ۔ سچا
۲۔ گُودا ۔ مغز ۔ خلاصہ ۔ جوہر ۔ ست
۳۔ بہرا ۔ اصم ۔ گراں گوش ۔ کر

صمیمِ قلب : خلوصِ قلب ۔ تہِ دل ۔ یکسوئی قلب

صنّاع : بڑا کاریگر ۔ ہنرمند ۔ پیشہ ور ۔ ماہر ۔ خالق ۔ پیدا کنندہ

صناعت / صنّاعی : کاریگری ۔ ہنرمندی ۔ مہارت ۔ پیشہ وری

صندل : چندن

صندلی : کرسی ۔ چوکی ۔ تپائی ۔ تخت ۔ سریر

صندوق : بکس ۔ پیٹی ۔ ٹرنک ۔ تابوت

صنعت : کاریگری ۔ ہنرمندی ۔ حرفت ۔ دستکاری ۔ صناعی ۔ ساختگی ۔ انڈسٹری ۔

صنعت کار : کاریگر ۔ ہنرمند ۔ کارخانہ دار ۔ انڈسٹریلسٹ

صنعت گاہ : دار الصنعت ۔ کارخانہ ۔ حرفت گاہ

صنف : نوع ۔ جنس ۔ قسم ۔ گونہ

صنفِ نازک ــــ صنفِ لطیف ــــ صنفِ کثیف
ــــ صنفِ شعر

صنم : ۱۔ بُت ۔ مورت ۔ مجسمہ ۔ پُتلا
۲۔ (کنایتہً) محبوب ۔ معشوق ۔ پریتم ۔ پیتم ۔ بالم ۔ ساجن

صنم خانہ / کدہ : بُت خانہ ۔ بُت کدہ ۔ مُورتی استھان ۔ مندر ۔ ٹھاکردوارا ۔ شوالا ۔ دَیر ۔ بیت الصنم ۔ دار الصنم
صنم ساز / گر : بُت ساز ۔ بُت گر ۔ بُت تراش ۔ مجسمہ ساز
صنم سازی / گری : بُت سازی ۔ بُت گری ۔ مجسمہ سازی

صنوبر : ۱۔ چیڑ ۔ چیل
۲۔ سروِ سہی ۔ سروِ ناز

صواب : ۱۔ درست ۔ صحیح ۔ راست ۔ خوب ۔ اچھا ۔ نیک
۲۔ درستی ۔ صحت ۔ راستی ۔ خوبی ۔ اچھائی ۔ نیکی

صوابدید : مصلحت ۔ صلاح ۔ رائے ۔ تجویز ۔ پسند

صُوبہ : حصۂ ملک ۔ احاطہ

صوبہ دار : ۱۔ حاکمِ صوبہ ۔ عامل ۔ گورنر
۲۔ فوجی عہدہ دار

صَوت : ۱۔ آواز ۔ صدا ۔ ندا ۔ آہنگ ۔ نوا ۔ بانگ ۔ ہُک ۔ ہکا ۔ للکار ۔ شور ۔ غل ۔ نفیر

صُور : نرسنگھا۔ سنکھ۔ تُرئی۔ نفیری۔ قرنا۔ بگل

صُورت : ۱۔ شکل۔ چہرہ۔ رُو۔ رُخ۔ ہیئت۔ مُنہ۔ مکھڑا۔ لقا۔ وجہ۔ بُشرہ
۲۔ پیکر۔ کالبد۔ ڈھانچا۔ خاکہ۔ نقشہ
۳۔ تصویر۔ مُورت۔ نقش
۴۔ حالت۔ کیفیت۔ گت
۵۔ طرح۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ وضع
۶۔ تدبیر۔ تجویز
۷۔ موقع۔ محل
۸۔ بھیس۔ روپ۔ بہروپ
۹۔ علامت۔ نشان۔ قرینہ
۱۰۔ شغل۔ کام۔ کاج
۱۱۔ خاصیت۔ خاصہ۔ خصوصیت
۱۲۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ بسان۔ سا۔ نمط

صورت آشنا : روشناس۔ واقف۔ جان پہچان۔ متعارف۔ شناسا
صورتِ احوال : نقشہ۔ حالات۔ رودادِ حالات
صورت پرست : بُت پرست۔ صنم پرست۔ ظاہر پرست
صورت پرستی : بُت پرستی۔ صنم پرستی۔ ظاہر پرستی
صورتِ حال : موجودہ کیفیت۔ نقشہ۔ حال۔ کیفیتِ معاملہ۔ ظاہری حال۔ رودادِ حالات
صورت ساز/گر/نگار : مصور۔ نقاش۔ تصویر ساز
صورت سازی/گری/نگاری : تصویر سازی۔ مصوری۔ نقاشی
صورتاً : ظاہراً۔ بظاہر

مسکین صورت ــــ غریب صورت ــــ گُربہ صورت
ــــ مظلوم صورت ــــ گدا صورت ــــ
خوب صورت ــــ بدصورت ــــ پریشان صورت
ــــ پری صورت ــــ فرشتہ صورت ــــ
حسین صورت ــــ جمیل صورت ــــ موہن صورت
ــــ کافر صورت ــــ برہمن صورت ــــ

صُوف : ۱۔ اُون۔ پشم۔ نمدہ۔ پشمینہ۔ کمبل
۲۔ ریشہ قلم۔ پارچہ دوات

صُوفی : پشمینہ پوش۔ متصوف۔ درویش۔ بزرگ۔ زاہد۔ عابد۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا

صوفیانہ : سادہ۔ بے نمود و نمائش

صولت : دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت۔ جلال۔ شکوہ۔ شوکت۔ تجمل

صَوم : روزہ۔ اپاس۔ برت

صومعہ : دَیر۔ خانقاہ۔ عبادت گاہ۔ معبد۔ گرجا۔ کلیسا۔ کنیسہ

صہبا : شراب۔ بادہ۔ خمر۔ مے۔ دُخترِ رز۔ بنتِ عنب

صیّاد : شکاری۔ چڑی مار۔ ماہی گیر۔ گھاتیا۔ صید افگن

صَید : شکار۔ نخچیر

صیغہ : ۱۔ سانچا۔ قالب
۲۔ طریقہ۔ طور۔ انداز۔ ڈھنگ
۳۔ نکاح۔ عقد۔ بیاہ۔ شادی۔ بواہ۔ وواہ
۴۔ اصل۔ حقیقت۔ خلقت
۵۔ سررشتہ۔ محکمہ۔ شعبہ
۶۔ متصرف کلمہ۔ گردانِ مشتقات

صیقل : جلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔ قلعی۔ تاب۔ روپہ۔ آب و تاب۔ آبِ تابہ۔ نکل۔ پالش۔ قلعی

صیقل گر : جلاکار۔ قلعی گر
صیقل گری : جلاکاری۔ قلعی گری

ضابِط: ۱۔ صابر۔ متحمل۔ بُردبار۔ پابندِ قاعدہ۔ محتاط
۲۔ منتظم۔ ناظم۔ محافظ۔ حافظ
۳۔ مدبّر۔ حاکم۔ مالک۔ قابض

ضابِطہ: قاعدہ۔ دستور۔ آئین۔ قانون۔ دستورالعمل

ضامن: ذمّہ دار۔ کفیل۔ ضمانتی۔ کافِل۔ زعیم

ضامنی: ذمہ داری۔ کفالت۔ ضمانت

ضائع: ۱۔ رائگاں۔ اکارت۔ برباد۔ غارت۔ تباہ۔ خراب۔ بے فائدہ۔ لاحاصل۔ گم۔ فضول۔ عبث
۲۔ ہلاک۔ فنا۔ تلف۔ ہدر۔ جُبار۔ ہدر

ضبط: ۱۔ برداشت۔ تحمل۔ صبر
۲۔ انتظام۔ بندوبست۔ قابو۔ حفاظت
۳۔ پابندی۔ روک۔ قید۔ رکاوٹ۔ شرط

ضبطِ غم ـــ ضبطِ فغاں ـــ ضبطِ غصہ ـــ ضبطِ پندار ـــ نظم و ضبط ـــ ضبطِ آئین ـــ ضبطِ قانون ـــ آئین و ضوابطِ زندگی ـــ اصول و ضوابط

ضبطی: قُرقی

ضخامت: موٹائی۔ دبازت۔ حجم۔ جسامت۔ مٹاپا۔ موٹاپن

ضخیم: موٹا۔ دبیز۔ بحجم۔ جسیم

ضِد: ۱۔ ہٹ۔ اصرار۔ تکرار۔ جھگڑا۔ ہٹ دھرمی۔ آڑ۔ سینہ زوری۔ کد۔ بیت۔ اکڑپن۔ ٹر
۲۔ عناد۔ کینہ۔ دشمنی۔ عداوت۔ بیر۔ لاگ۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔ مخالفت
۳۔ متناقض۔ متخالف۔ منافی۔ برخلاف۔ نقیض۔ برعکس۔ اُلٹ۔ متضاد۔ متفاوت۔ مخالف
۴۔ تناقض۔ تخالف۔ تقابل۔ خلاف۔ تفاوت۔ فرق۔ جدائی۔ تضاد

ضِدّی: ہٹیلا۔ اڑیل۔ ہٹلا۔ سخن پرور

ضرب: ۱۔ چوٹ۔ مار۔ صدمہ
۲۔ ضرر۔ مضرت۔ نقصان۔ خسران۔ گھاٹا۔ ٹوٹا
۳۔ ٹھپا۔ مُہر۔ چھاپ

ضرب المثل: کہاوت۔ مثل

ضرر: ۱۔ نقصان۔ زیاں۔ خسران۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسارہ
۲۔ مصیبت۔ آفت۔ بپتا

ضرر رساں: مضرت رساں۔ مضر۔ نقصان دہ
ضرر رسانی: مضرت رسانی۔ نقصان دہی

ضرور: ۱۔ واجب۔ لازم۔ فرض۔ ناگزیر۔ لاجرم۔ لامحالہ۔ لاچار۔ اہم۔ لابد
۲۔ بے شک۔ بلاشبہ۔ یقیناً

ضرورت: ۱۔ حاجت۔ احتیاج۔ غرض۔ خلت۔ وطر
۲۔ مجبوری۔ ناچاری

ضروری: واجب۔ تاکیدی۔ لازمی۔ اہم۔ ناگزیر۔ لامحالہ۔ لاجرم

ضُعف: کمزوری۔ ناتوانی۔ نقاہت۔ ناطاقتی۔ سستی۔ نااستواری۔ ناپختگی۔ عدم استحکام

ضعیف: کمزور۔ ناتواں۔ نقیہ۔ نحیف۔ نزار۔ سست۔ نااستوار۔ غیر محکم۔ غیر مستحکم

ضعیف الاعتقاد: سست اعتقاد۔ سست ایمان۔ کم عقیدہ۔ کمزور ایمان
ضعیف الاعتقادی: سست اعتقادی۔ سست ایمانی۔ کمزوریٔ عقیدہ۔ تزلزل ایمان۔ کمزوریٔ ایمان
ضعیف البنیان: کمزور۔ سست بنیاد۔ غیر مستحکم۔ غیر محکم۔ نااستوار
ضعیف الجثہ: لاغر۔ دبلا۔ نحیف۔ نزار
ضعیف العقل: کم عقل۔ کم سمجھ۔ کم فہم۔ بیوقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ

ضعیفی: ۱۔ کمزوری۔ ناتوانی۔ نقاہت۔ ناطاقتی۔ سستی۔ نااستواری۔ ناپختگی۔ عدم استحکام
۲۔ بڑھاپا۔ پیری۔ کہن سالی۔ سال خوردگی۔ کہولت۔ دیرینہ سالی۔

ضلال / ضلالت: گمراہی۔ غلطی۔ تباہی۔ بربادی۔ گناہ۔ ہلاکت۔ بدی

ضلع: ۱۔ پہلو۔ طرف۔ جانب۔ پاکھا
۲۔ حصۂ صوبہ۔ مجموعۂ تحصیلات
۳۔ رعایتِ لفظی۔ تلازم کلام۔ جگت

ضَم: شامل۔ ملحق۔ متصل۔ داخل۔ پیوستہ

ضَمّ / ضمّہ: پیش۔ رفع

ضمانت: ضامنی۔ ذمہ داری۔ کفالت

ضمانتی: ضامن۔ ذمہ دار۔ کفیل۔ کافل

ضمن: ۱۔ اندر۔ اندرون
۲۔ شمول۔ شرکت۔ حق۔ سلسلہ
۳۔ فصل۔ باب۔ فقرہ۔ مضمون

ضمنی: ۱۔ ذیلی۔ اضافی
۲۔ روداد تفتیشِ مقدمہ

ضمیر: ۱۔ راز۔ بھید۔ ستر۔ امرِ مخفی۔ پوشیدہ بات
۲۔ دل۔ قلب۔ فواد۔ جی۔ من۔ خاطر
۳۔ قائم مقامِ اسم۔ کلمۂ نمائندۂ اسم

ضمیر آگاہ ــــ روشن ضمیر ــــ پاک ضمیر ــــ روشن ضمیری ــــ اختر ضمیر ــــ آئینہ ضمیر

ضمیمہ : تتمہ۔ تکملہ۔ پچھالا۔ دنبالہ۔ اضافی۔ اپنڈکس

ضَو : روشنی۔ چمک۔ تنویر۔ درخشندگی۔ رخشندگی۔ تابندگی۔ تابانی۔ نور

ضوافشاں/ افگن/ ریز/ گستر، روشن۔ تاب ناک۔ ضیابار۔ ضیاپاش
ضوافشانی/ افگنی/ ریزی : نور بخشی۔ تاب ناکی۔ ضیاباری۔ ضیاپاشی

ضیا : روشنی۔ نور۔ چمک۔ رخشندگی۔ درخشندگی۔ تابندگی۔ تابانی۔ تابش

ضیابار/ افشاں/ پاش/ گستر : منیر۔ روشن۔ ضوافشاں۔ ضوافگن۔ ضوریز۔ نور بخش
ضیاباری/ افشانی/ پاشی/ گستری : ضوافشانی۔ ضوافگنی۔ ضوریزی۔ تنویر۔ نور بخشی

ضیافت : مہمانی۔ جیونار۔ دعوت۔ مہمان نوازی۔ پارٹی

ضیق : تنگی۔ دشواری۔ دقت۔ مشکل۔ مصیبت۔ گھٹن

ضیق النفس : دمہ۔ دم کشی۔ تنگیٔ تنفس

زندگی اور تمدن کی ضروریات ہی الفاظ کو عدم سے وجود میں لاتی ہیں۔ گاؤں میں تمدن کی ضروریات کم ہیں، اس لیے گاؤں کے رہنے والے کم وبیش دو سو الفاظ سے اپنا کام چلا لیتے ہیں، مگر جب ان کو شہروں میں آنا پڑتا ہے اور شہریوں سے معاملہ کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے تو ضرورتاً ان کے الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے اور اب تین چار سو الفاظ کے بغیر ان کا کام نہیں چل سکتا۔ گاؤں والوں کی نسبت شہر والوں کی ضروریاتِ زندگی زیادہ ہیں۔ اس لیے ان کی زبان میں الفاظ کی تعداد کثیر ہے اور گاؤں والوں کی زبان کو شہر والوں کی زبان سے کچھ نسبت نہیں۔ پھر بڑے شہروں، دارالسلطنتوں، تجارتی منڈیوں، صنعتی کارخانوں اور علمی مرکزوں میں زندگی بسر کرنے والوں کی ضروریاتِ تمدنی اور بھی زیادہ ہیں ان کو لازمی طور پر الفاظ کا بہت بڑا ذخیرہ اپنے ذہنوں میں محفوظ رکھنا پڑتا ہے۔

(وضعِ اصطلاحات از مولوی وحیدالدین سلیم)

ط

طابع: مطبع۔ چھاپ کنندہ۔ پرنٹر۔ نگرانِ طباعت

طابعہ: ٹائپ رائٹر

طارم: ۱۔ بلند مکان۔ بالاخانہ۔ کوٹھا۔ ماڑی۔ اٹاری۔ چوبارہ
۲۔ (مجازاً) آسمان۔ فلک۔ چرخ۔ گردوں۔ سپہر۔ آکاش۔ سما۔ گگن

طاری: حاوی۔ مستولی۔ مسلط۔ غالب

طاس: ۱۔ طشت۔ لگن۔ تھال۔ طباق
۲۔ دریائی گزرگاہ

طاسہ: تاشہ۔ طنبور۔ دف۔ ڈفلی۔ دھپل

طاعت: عبادت۔ بندگی۔ نیاز مندی۔ فرماں برداری۔ پرستش۔ پوجا

طاعت گاہ: عبادت گاہ۔ معبد۔ مسجد۔ مندر۔ شوالا۔ پرستش گاہ۔ ٹھاکردوارا

طاعت گزار/ور: عبادت گزار۔ عابد۔ پرستندہ۔ پجاری۔ مطیع۔ منقاد۔ فرماں بردار۔ بندہ۔ غلام۔ داس

طاعون: پلیگ

طاغوت: شیطان۔ ابلیس۔ دیو۔ بت۔ صنم۔ دیوتا۔ معبودِ باطل

طاغوتی: سرکش۔ باغی۔ نافرمان۔ متمرد۔ گمراہ۔ شیطانی

طاق: ۱۔ محراب۔ محراب دار کھڑکی۔ محراب دار ڈاٹ
۲۔ اکیلا۔ تنہا۔ فرد۔ منفرد۔ یکتا۔ لاثانی۔ یگانہ۔ لاجواب۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ بے عدیل۔ بے ہمتا
۳۔ ماہر۔ مشاق۔ استاد

طاقت: ۱۔ تاب۔ تواں۔ توانائی۔ قوت۔ بل۔ زور۔ شکتی۔ پختگی۔ تمتا۔ استحکام۔ پراکرم۔ سکت۔ پاور۔ ست۔ مجال۔ بوتا۔ نیرو۔ کس۔ دم خم۔ تقویت۔ مضبوطی۔ استواری
۲۔ بساط۔ حیثیت۔ مقدور۔ مقدرت۔ استطاعت۔ قدرت
۳۔ سلطنت۔ حکومت۔ راج۔ حکمرانی۔ فرماں روائی
۴۔ حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت

طاقت آزما: زور آزما۔ قوت آزما۔ پہلوان

طاقت آزمائی: زور آزمائی۔ قوت آزمائی۔ آزمائشِ طاقت۔ پہلوانی

طاقت ور: زور آور۔ قوی۔ توانا۔ مضبوط۔ بلی۔ بلوان۔ بلونت۔ تگڑا۔ شکتی مان۔ تنومند۔ پہلوان۔ ہٹا کٹا۔ بل والا۔ زبردست۔ ڈاڈھا۔

مستحکم۔ اَن ٹل۔ جوان۔ شجاع۔ سُورما۔ سادنت۔ بہادر۔ دلاور

طاقت وری : زورآوری۔ توانائی۔ مضبوطی۔ پہلوانی۔ تگڑاپن۔ تانمائی۔ شجاعت۔ استحکام۔ بل

طالب : ۱۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ تمنائی۔ متمنّی۔ خواہاں۔ مشتاق۔ خواست گار۔ عاشق
۲۔ جوئندہ۔ جویا۔ متجسس۔ متفحص

طالبِ علم : متعلم۔ دانش آموز۔ آموزگار۔ سٹوڈنٹ۔ متلاشیِ علم۔ ودیارتھی۔ شائقِ علم۔ بدیارتھی۔ دانش جو۔ مشتاقِ علم۔ تشنۂ علم

طالع : ستارہ۔ رتی۔ اقبال۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت۔ مقدر۔ مقسوم۔ بھاگ۔ تقدیر۔ کرم

طالع آزما : بخت آزما۔ قسمت آزما۔ تقدیر آزما۔ مقدر آزما۔ نصیب آزما

طالع آزمائی : بخت آزمائی۔ قسمت آزمائی۔ تقدیر آزمائی۔ مقدر آزمائی۔ نصیب آزمائی

طالع بیدار : بختِ بیدار۔ خوش قسمتی۔ خوش بختی۔ خوش نصیبی۔ بلند اختری۔ طالع مندی۔ طالع وری۔ بختاوری۔ اقبال مندی

طالع خوابیدہ : بختِ خفتہ۔ بدقسمتی۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔ بدطالعی۔ بختِ برگشتہ

طالع شناس : اختر شناس۔ انجم شناس۔ ستارہ شناس۔ جوتشی۔ ستارہ بیں۔ نجومی۔ منجم

طالع شناسی : اختر شناسی۔ انجم شناسی۔ ستارہ شناسی۔ ستارہ بینی۔ جوتش۔ علم نجوم۔ تنجیم

طالع مند / ور : بختاور۔ اقبال مند۔ بھاگوان۔ خوش قسمت۔ خوش بخت۔ خوش نصیب۔ بیدار بخت۔ بَراں بخت

طالع خفتہ ــــ طالعِ سعید ــــ طالعِ نازک ــــ طالعِ سریع الزوال ــــ طالع مبارک فال ــــ طالعِ فرخندہ ــــ طالعِ نام دار ــــ طالعِ ہمایوں بخت ــــ طالعِ ارجمند ــــ طالعِ رسا ــــ طالعِ نارسا ــــ طالعِ میمون ــــ طالعِ آراستہ ــــ طالعِ گیتی فروز ــــ طالعِ کامگار ــــ طالعِ دولت ــــ طالعِ منقاد ــــ طالعِ نیک ــــ طالعِ گل فشاں ــــ طالعِ درست ــــ طالعِ نیک نام ــــ طالعِ اقبال مند ــــ طالعِ کارداں ــــ انعامِ طالع ــــ احسانِ طالع ــــ طالعِ کوکب ــــ طالعِ کارساز ــــ طالعِ خوش فال ــــ طالعِ آئینہ ــــ طالعِ تیرہ ــــ طالعِ بامراد ــــ طالعِ ابتر ــــ طالعِ تیرہ روز ــــ طالعِ ناساز ــــ طالعِ خشک ــــ طالعِ فسردہ ــــ طالعِ پست ــــ طالعِ دوں ــــ طالعِ سفلہ ــــ طالعِ برگشتہ ــــ طالعِ واژگوں ــــ طالعِ زشت ــــ طالعِ نرگس ــــ طالعِ سرکش ــــ طالعِ بے اعتبار ــــ طالعِ مخالف ــــ بلند طالع ــــ فرخندہ طالع ــــ روشن طالع ــــ کم طالع ــــ بیدار طالع ــــ ہمایوں طالع ــــ نیک طالع ــــ مبارک طالع ــــ خوش طالع ــــ خجستہ طالع ــــ خشک طالع ــــ سوختہ طالع ــــ برگشتہ طالع ــــ نگوں طالع ــــ فیروزہ طالع ــــ واژدوں طالع

طامع : لالچی۔ لوبھی۔ آزمند۔ حریص۔ ندیدہ

طاہر : پاک۔ صاف۔ پاکیزہ۔ بے کدورت۔ بے غبار۔ بے میل۔ بے عیب۔ مقدس۔ پوتر۔ شُدھ

طائر : پرندہ۔ پنچھی۔ پکشی۔ مرغ۔ طیر۔ پکھیرو

طائرِ زرّیں بال : سورج۔ آفتاب۔ سُوریہ۔ مہر۔ خورشید۔ شمس۔ نیّرِ اعظم

طائرِ سدرہ نشیں : کنایۃً حضرت جبرئیلؑ

طائرِ قدس : ۱۔ فرشتہ۔ ملک۔ قدسی۔ کرّوبی
۲۔ حضرت جبرائیلؑ

طائفہ : ۱۔ گروہ۔ جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ ٹولا۔ فرقہ۔ قوم۔ قبیلہ۔ زمرہ
۲۔ گروہِ رقاصاں و مطرباں

طاؤس : ۱۔ مور۔ میوَر۔ چندریکا
۲۔ ستار۔ بربط۔ وینا۔ رباب

طِبّ / طبابت : چارہ گری۔ علم العلاج۔ بیدک۔ ویدک۔ بیدائی۔
حکمت۔ حکیمی۔ طبابت۔ پزشکی

طبّاخ : مطبخی۔ باورچی۔ خانساماں۔ نان پز۔ نان بائی۔ رسوئیا۔ گُک

طباشیر (تباشیر) **:** بنسلوچن۔ تباکھیر۔ گچ۔ مغزنی۔ بامبو۔ سفیدی تنکا بنشی
بنسر وچن۔ بنس جا۔ بنوا۔ کھیری۔ نگو کھیری۔ تنکا شیری۔ سجاتا۔
بنش کھیری

طبّاع : ذہین۔ ذکی۔ درّاک۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ فہیم۔ تیز فہم۔ زیرک۔
فرزانہ۔ فریس۔ صاحبِ فراست

طباعت : چھپائی۔ چھاپ۔ انطباع۔ چھاپہ

طبّاعی : ذہانت۔ ذکاوت۔ درّاکی۔ عقل مندی۔ زیرکی۔ فرزانگی۔ فراست۔
تیز فہمی۔ تیز طبعی

طباق : تھال۔ تسلا۔ تشت۔ طاس

طبع : ۱۔ طبیعت۔ مزاج۔ سرشت۔ فطرت۔ طینت۔ خلقت۔ سیرت۔
جبلت۔ خُو۔ خصلت۔ عادت
۲۔ اشاعت۔ ایڈیشن

طبع آزمائی : طبیعت آزمائی۔ امتحانِ ذہانت۔ آزمائشِ طبع
طبع رسا : ذہنِ رسا۔ ذکاوت۔ ذہانت۔ فراست۔ زیرکی۔ فرزانگی

طبع زاد : ایجاد کردہ۔ تخلیق۔ تصنیف

طبع نازک ــــ افتادِ طبع ــــ رنگِ طبع ــــ روشن
طبع ــــ تیز طبع ــــ بلند طبع ــــ خوش طبع ــــ آزاد طبع
ــــ پاکیزہ طبع ــــ سلیم طبع ــــ شوخ طبع ــــ شوخ
طبعی ــــ رنگین طبع ــــ خسیس طبع ــــ شریف طبع ــــ
طبع لطیف ــــ عالی طبع ــــ نازک طبع ــــ آتش طبع
ــــ آئینہ طبع ــــ تیز طبع ــــ حسن طبع ــــ گدا طبع ــــ
طبع پاک ــــ طبع سرکش ــــ طبع کوتاہ ــــ طبع کمتر پرور
ــــ طبع شگفتہ ــــ طبع وقاد ــــ طبع روشن ــــ
طبع رواں ــــ طبع آسودہ ــــ طبع بارکش ــــ طبع آزادہ
ــــ طبع ہنرور ــــ طبع لطیف ــــ طبع زیرک ــــ
طبع کشمرت آشنا ــــ طبع دلپذیر ــــ طبع سادہ ــــ
طبع مزاج ــــ طبع موزوں ــــ طبع افسردہ ــــ طبع کج ــــ
طبع فتنہ انگیز ــــ طبع غیور ــــ طبع محجوب ــــ طبع گرم
ــــ طبع زود رنج ــــ طبع سرد ــــ طبع نافہ ــــ
طبع شرارہ ــــ طبع بحر ــــ طبع بد ــــ طبع راغب ــــ
طبع خوش خرام ــــ طبع سلیم ــــ طبع برگشتہ ــــ طبع
معتدل ــــ کینہ طبع ــــ کمینہ طبع ــــ طبع بیوفائی ــــ
طبع خود پسند ــــ طبع ہنگامہ پسند ــــ طبع درشت
ــــ طبع نرم ــــ طبع ایذا پسند ــــ طبع غمیں ــــ
طبع خوش ــــ طبع خلوت پسند ــــ نیک طبع

طبعی / طبیعی : ذاتی۔ جبلّی۔ فطری۔ خِلقی۔ قدرتی۔ اصلی

طبق : ۱۔ رکابی۔ تھالی۔ تھال۔ تشت
۲۔ تہ۔ پرت۔ طبقہ۔ تختہ۔ کُرہ
۳۔ قرص۔ ٹکیا
۴۔ حالت۔ درجہ۔ گت
۵۔ منزل۔ مرحلہ
۶۔ عمر۔ زمانہ۔ اوستھا

۷۔ موافق۔ مطابق

طبقہ: ۱۔ درجہ۔ منزل۔ مرحلہ۔ رتبہ۔ مرتبہ
۲۔ تہ۔ پرت۔ تختہ
۳۔ خطہ۔ قطعہ
۴۔ چھت۔ بام۔ سقف
۵۔ گروہ۔ فرقہ۔ قوم

طبل: نقارہ۔ نوبت۔ ڈھول۔ دُہل۔ دمامہ۔ کوس۔ دھونسا

طبل زن / نواز: طبّال۔ نقارچی۔ نقارہ زن۔ نقارہ نواز
طبل زنی / نوازی: طبالی۔ نقارہ زنی۔ نقارہ نوازی۔ دُہل زنی

طبلچی: طبلہ نواز۔ طبل زن۔ پکھاوجی۔ مردنگیا۔ ڈھاڑی۔ سنگتی۔ سازندہ۔ گتیا

طبلہ: یک رُخہ ڈھول۔ پکھاوج۔ مردنگ۔ بایاں۔ دھاما۔ مجیرا۔ جوڑی۔ نال

طبلہ نواز: طبلچی۔ طبلیا۔ طبّال۔ پکھاوجی۔ مردنگیا
طبلہ نوازی: طبلہ زنی۔ طبّالی

طبلیا: طبلچی۔ طبلہ نواز۔ طبّال۔ پکھاوجی۔ مردنگیا۔ ڈھاڑی۔ سنگتی۔ سازندہ۔ گتیا

طبیب: حکیم۔ وید۔ بید۔ معالج۔ چارہ گر۔ پزشک

طبیعت: ۱۔ طبع۔ فطرت۔ خِلقت۔ عادت۔ خُو۔ خصیت
۲۔ نسلت۔ سرشت۔ طینت۔ مزاج۔ جبلت۔ سجاؤ
۳۔ خاصیت۔ جنس۔ سیت۔ خاصہ

طبیعت بحال رکھنا ــــ طبیعت بگڑنا ــــ طبیعت بھر جانا ــــ طبیعت بھلنا ــــ طبیعت ناساز ہونا ــــ طبیعت بدلنا ــــ طبیعت بہلانا ــــ طبیعت پریشان کرنا ــــ طبیعت حاضر ہونا ــــ طبیعت دار ــــ طبیعت سنبھالنا ــــ طبیعت سنبھلنا ــــ طبیعت شگفتہ ہونا ــــ طبیعت قابو میں رہنا ــــ طبیعت کا رنگ ــــ طبیعت کا قبول کرنا ــــ طبیعت کا لال آگلنا ــــ طبیعت کا لہرانا ــــ طبیعت کی افتاد ــــ طبیعت لاابالی ہونا ــــ طبیعت مائل ہونا ــــ طبیعت مچلنا ــــ طبیعت ملنا ــــ طبیعت موافق ہونا ــــ طبیعت نرم ہونا

طرّار: ۱۔ شوخ۔ چالاک۔ تیز۔ چنچل۔ اچپل۔ چُلبلا
۲۔ حیلہ گر۔ حیلہ جُو۔ بہانہ ساز۔ بہانہ جُو۔ عیار۔ محتال
۳۔ گٹھ کترا۔ جیب کترا۔ گرہ کٹ۔ کیسہ بُر

طرّارہ: جست۔ پھُرکڑی۔ کلانچ۔ چھلانگ۔ جاگ دوڑ

طراری: ۱۔ شوخی۔ چالاکی۔ تیزی۔ چنچل پن۔ اچپلاہٹ۔ چلبلاہٹ۔ چپل پن
۲۔ حیلہ گری۔ حیلہ جوئی۔ بہانہ سازی۔ بہانہ جوئی۔ عیاری

طراز: ۱۔ نقش و نگار۔ زیب و زینت۔ سجاوٹ۔ سنگار۔ آرائش۔ زیبائش۔ تزئین
۲۔ زردوزی۔ کارچوبی
۳۔ (بطور صفت) آرائندہ۔ نقش گر۔ نقاش۔ نگارندہ

طرازی: سجاوٹ۔ آرائش۔ زیبائش۔ زیب و زینت۔ بناؤ سنگار۔ تزئین۔ نقش گری۔ نقاشی۔ نگارش

طراوت: ۱۔ نمی۔ رطوبت۔ تری۔ شادابی۔ تازگی
۲۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔ برودت

طَرَب : ۱۔ خوشی۔ مسرت۔ آنند۔ شادی۔ شادمانی۔ فرحت۔ خُرّمی۔
بہجت۔ ابتہاج۔ خُرسندی
۲۔ عیش۔ نشاط۔ رامش و رنگ۔ رقص و سرود۔ ناچ رنگ

طرب انگیز : خوش کن۔ مسرت بخش۔ فرحت بخش۔ فرحت ناک۔
سرور انگیز۔ نشاط انگیز۔ مسرت زا
طرب انگیزی : مسرت بخشی۔ فرحت بخشی۔ فرحت ناکی۔ سرور انگیزی۔
نشاط انگیزی۔ مسرت زائی
طرب خانہ/گاہ : دار السرور۔ دار العیش۔ عیش گاہ۔ رنگ محل۔
نشاط گاہ

طربیہ : خوش انجام قصہ۔ ابتہاجیہ۔ کامیڈی

طَرح : ۱۔ طور۔ طریق۔ انداز۔ طرز۔ ڈھنگ۔ وضع۔ اسلوب
۲۔ حالت۔ کیفیت۔ گت
۳۔ نمونہ۔ ڈول
۴۔ جڑ۔ بنیاد۔ نیو۔ اساس
۵۔ تفریق۔ تقسیم
۶۔ مثل۔ مانند۔ آسا۔ سا۔ سان۔ بسان۔ نمط

طرح دار : وضع دار۔ بانکا۔ سجیلا۔ زیبا۔ چھبیلا۔ خوب صورت۔
خوش انداز۔ خوش وضع۔ رنگیلا
طرح داری : وضع داری۔ بانکپن۔ سجیلاپن۔ چھب۔ زیبائی۔
خوب صورتی۔ خوش اندازی۔ خوش وضعی۔ رنگیلاپن۔
خوش اندامی

طَرز : ۱۔ طور۔ طریق۔ انداز۔ ڈھنگ۔ وضع۔ طرح۔ ادا۔ دھج۔
ڈھب۔ اسلوب۔ رنگ
۲۔ شکل۔ صورت۔ قطع۔ ڈول
۳۔ خصلت۔ طینت۔ طبیعت۔ سرشت۔ خُو۔ عادت

طرزِ عمل : طریقِ عمل۔ روش۔ رویّہ۔ سلوک

طرزِ ادا ــ طرزِ تحریر ــ طرزِ بیان ــ طرزِ
عبادت ــ طرزِ عبارت ــ طرزِ سلام ــ
طرزِ کلام

طَرف : ۱۔ جانب۔ سمت۔ رُخ۔ پہلو۔ پاکھا۔ جہت۔ دِسا۔ کھونٹ۔
کروٹ۔ جوگ۔ شطر۔ ول۔ از روئے۔ سانڈ۔ رُخ۔
گُرا۔ سُو۔ انگ۔ پاسا۔ ناحیہ
۲۔ کنارہ۔ کرانہ۔ کونا۔ کویا
۳۔ پاس۔ لحاظ۔ تیکھ

طرفِ اوّل : مدعی۔ مستغیث۔ فریادی۔ سائل
طرفِ ثانی : مدعا علیہ۔ ملزم۔ مسئول الیہ
طرف دار : ۱۔ جانب دار۔ جنبہ دار۔ پاس دار۔ حامی۔ حمایتی۔
مددگار۔ ساتھی۔ رفیق۔ سنگی
۲۔ جاگیردار۔ تعلقہ دار۔ زمیندار۔ حاکم۔ بادشاہ۔ حکمران۔
فرمانروا۔ سلطان۔ ملک۔ راجا
طرف داری : ۱۔ جانب داری۔ جنبہ داری۔ پاس داری۔ حمایت۔
مددگاری۔ ساتھ۔ رفاقت

طُرفگی : ۱۔ انوکھاپن۔ نرالاپن۔ اعجوبہ۔ ندرت۔ نیاپن۔ جدّت
۲۔ خوبی۔ عمدگی۔ نفاست

طُرفہ : ۱۔ انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ نادر۔ نیا۔ جدید
۲۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس

طُرّہ : ۱۔ زلف۔ کاکل۔ لٹ
۲۔ پرچم۔ پھریرا۔ شقہ
۳۔ شملہ۔ پھندنا۔ کلغی
۴۔ منڈیر۔ چھجا

۵۔ عجیب ۔ انوکھا ۔ نرالا ۔ نادر

طریق: ۱۔ راہ ۔ راستہ ۔ سڑک ۔ سبیل ۔ ڈگر ۔ بٹیا ۔ باٹ ۔ جادہ ۔ ڈنڈی ۔ شارع ۔ پتہ ۔ تورہ
۲۔ مسلک ۔ مذہب ۔ شریعت ۔ شرع ۔ شیوہ ۔ سُنت ۔ شِعار ۔ کیش ۔ مشرب ۔ طریقت
۳۔ رواج ۔ دستور ۔ چلن ۔ ریت ۔ رسم
۴۔ طور ۔ طرح ۔ طرز ۔ رنگ ۔ ڈھنگ ۔ انداز ۔ ادا ۔ ڈھب ۔ اسلوب ۔ دھج ۔ روش ۔ طریقہ

طریقِ عمل / کار: طرزِ عمل ۔ روش ۔ رویّہ

طریقِ دوستی ــ طریقِ سفر ــ طریقِ حیات ــ
طریقِ نو ــ طریقِ قدیم ــ طور طریق ــ طریقِ گزر

طریقت: سلوک ۔ درویشی ۔ تصفیۂ باطن ۔ تزکیۂ باطن ۔ تزکیۂ نفس

طریقہ: ۱۔ طور ۔ طرح ۔ طرز ۔ انداز ۔ اسلوب ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ ڈھب ۔ دھج ۔ روش
۲۔ مسلک ۔ مذہب ۔ شیوہ ۔ شِعار ۔ کیش ۔ مشرب ۔ شرع ۔ شریعت
۳۔ قاعدہ ۔ دستور ۔ چلن ۔ ریت ۔ رسم

طشت: تھال ۔ طباق ۔ لگن ۔ تسلا ۔ کاسہ ۔ چلمچی ۔ سیلاپچی ۔ تاس ۔ صحنی ۔ گنگا نیر ۔ خودن ۔ پاٹ ۔ پرات ۔ بنگان ۔ تبشی ۔ تشت

طشتری: رکابی ۔ تھالی ۔ قاب ۔ صحنک ۔ پلیٹ

طعام: کھانا ۔ خورش ۔ خوراک ۔ بھوجن ۔ روزی ۔ رزق ۔ خوردنی

اوّل طعام بعد الکلام

طُعمہ: ۱۔ روزی ۔ رزق ۔ خوراک ۔ خورش ۔ بھوجن
۲۔ لقمہ ۔ نوالہ

طعن: ۱۔ ضرب نیزہ
۲۔ طنز ۔ تشنیع ۔ ملامت ۔ مذمت ۔ حرف گیری ۔ سرزنش ۔ کوسنا ۔ اعتراض ۔ عیب جوئی بالزام

طعنہ: آوازہ ۔ مہنا ۔ پیغارہ ۔ ملامت ۔ مذمت ۔ لعن طعن ۔ برائی ۔ سرزنش ۔ نکوہش ۔ طنز ۔ تمسخر ۔ گالی ۔ دُشنام ۔ اعتراض ۔ پیغان ۔ سرکوب ۔ تشنا ۔ گالی گلوچ ۔ تشنیع

طعنہ زن: نقاد ۔ معترض ۔ دُشنام طراز ۔ ملامت کنندہ ۔ عیب بیں ۔ مذمّم ۔ عیب جُو
طعنہ زنی: طنازی ۔ اعتراض ۔ دُشنام طرازی ۔ تضحیک ۔ تمسخر ۔ قدح ۔ عیب چینی

طُغرا: ۱۔ خطِ پیچیدہ ۔ چھپ ۔ دستخط
۲۔ نشانی ۔ علامت

طُغیان: زیادتی ۔ تعدّی ۔ سرکشی ۔ ظلم ۔ نافرمانی ۔ بغاوت

طُغیانی: سیلاب ۔ چڑھاؤ ۔ مد ۔ تلاطم ۔ باڑھ ۔ لہر

طِفل: بچہ ۔ بال ۔ کودک ۔ لڑکا

طفل تسلی: جھوٹی تسلی ۔ بہلاوا
طفلِ دبستاں / مکتب: ۱۔ مبتدی ۔ نوآموز ۔ سیکھنے ۔ ابجد خواں
۲۔ ناتجربہ کار ۔ ناآزمودہ کار ۔ اناڑی ۔ انجان

طفلی/طفولیت : ۱۔ بچپن۔ بالپن۔ کم سنی۔ کم عمری۔ نوخیزی۔ کودکی۔ صغرسنی
۲۔ نادانی۔ ناتجربہ کاری۔ ناآزمودہ کاری

طفیل : ۱۔ طفلک۔ صبی۔ چھوٹا بچہ
۲۔ وسیلہ۔ سبب۔ ذریعہ۔ واسطہ

طفیلی : ۱۔ ناخواندہ مہمان۔ مفت خورہ۔ نبھو بچوڑ۔ بشنام۔ دشنام۔ سیاہ گوش۔ طفیلیا۔ ریزہ چین۔ حاشیہ بردار۔ دُم چھلا۔ پٹھا۔ بچھ لگو۔ مفت بر۔ نسیفن۔ اشن۔ ہغوط
۲۔ موجود بالغیر

طفیلیا : جی حضوری۔ خوشامدی۔ متملق۔ چاپلوس۔ حاشیہ بردار۔ طفیلی

طلا : ۱۔ سونا۔ زر۔ ذہب۔ کنچن۔ سُوَرن۔ کُندن
۲۔ روغن۔ روغنِ مالش

طلابافی : زربفت۔ زرتار
طلادوز : طلاکار۔ زردوز۔ زرکار
طلاساز : زرساز۔ زرگر۔ کیمیاگر۔ رسائنی۔ موتس
طلاسازی : زرسازی۔ زرگری۔ کیمیاگری۔ موسی
طلاکار : زرکار۔ ملمع ساز۔ ملمع کار
طلاکاری : زرکاری۔ ملمع سازی۔ ملمع کاری

طُلّاب : طالبین۔ طالبان۔ طلبہ۔ طلبا

طلاق : ۱۔ آزادی۔ بے قیدی۔ رستگاری۔ چھٹکارا۔ نجات۔ نمدی
۲۔ فسخِ نکاح۔ انفساخِ عقد
۳۔ روانی۔ کشادگی۔ فراخی

طلاقت : تر زبانی۔ رطب اللسانی۔ خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ عذوبت۔ چرب زبانی۔ تیز زبانی

طالقن : زنِ طلاق یافتہ۔ مطلقہ

طلائی : سنہری۔ زرّیں

طلایہ : ۱۔ طلاعہ۔ طلیعہ۔ محافظِ شہر و لشکر۔ دستہ
۲۔ گشت۔ چکر۔ دورہ۔ پہرا۔ راؤنڈ۔ پٹیرول

طلب : ۱۔ مانگ۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ اشتہا۔ بھوک۔ شوق۔ اشتیاق
۲۔ لت۔ دھت۔ عادت
۳۔ بلاوا۔ طلبی
۴۔ تنخواہ۔ معاوضہ۔ اُجرت۔ مُزد
۵۔ تلاش۔ جستجو۔ ڈھونڈ

طلب گار : طالب۔ خواہش مند۔ خواست گار۔ آرزومند۔ تمنائی۔ متمنی۔ جویا
طلب گاری : خواہش مندی۔ خواست گاری۔ آرزومندی۔ تمنا۔ چاہ۔ تلاش۔ جستجو
طلب نامہ : پروانہ۔ سفینہ۔ سمن۔ حکمِ حاضری

سلام طلب — حق طلب — آرام طلب — شہرت طلب — جاہ طلب — عیش طلب — غور طلب — محاسبہ طلب — حساب طلب — آبرو طلب — عزت طلب — مواخذہ طلب — خیر طلب — مرمت طلب — کار طلب (جنگ جو) — واقعہ طلب

طُلبا : طالبین۔ طالبان۔ طلبہ۔ طلاب

طلبی: بلاوا۔ طلب

طلسم: ۱۔ جادو۔ سحر۔ نیرنگ۔ نیرنج۔ سیمیا۔ شعبدہ۔ افسوں
۲۔ راز۔ بھید۔ بھیتر

طلعت: ۱۔ چہرہ۔ شکل۔ صورت۔ رُو۔ رُخ۔ مکھڑا
۲۔ نگاہ۔ دیدار۔ زیارت۔ نظارہ

طلوع: ظہور۔ نمود۔ برآمدگی۔ بلندی۔ نکاس۔ خروج

طلیق: ۱۔ ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ خوش مزاج
۲۔ آزاد۔ رہا۔ ناجی۔ خلاصی یافتہ

طلیق اللسان: خوش زبان۔ خوش کلام۔ عذب البیان۔ خوش بیاں۔ شیریں بیان۔ شیریں کلام۔ تر زبان۔ چرب زبان۔ خوش گفتار

طمّاع: لالچی۔ لوبھی۔ حریص۔ نہایت طامع۔ آزمند۔ ندیدہ

طمانچہ: چپت۔ تھپڑ۔ دھول۔ دھپا۔ سیلی۔ لطمہ۔ چانٹا۔ لپڑ۔ رہپٹ۔ دھپ۔ ہاتھ۔ تپاچا۔ تماچا۔ رہپٹا۔ طپانچہ۔ صفعت۔ چنڈ۔ تپانچہ۔ بپھیڑ۔ طپانچہ

طمانیت: طمانینت۔ اطمینان۔ تسلی۔ تشفی۔ دلجمعی۔ جمعیتِ خاطر۔ سکون

طمطراق: ۱۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ تجمل۔ دھوم دھام۔ کروفر۔ رعب داب۔ دبدبہ۔ ٹھاٹھ باٹھ
۲۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ تفاخر۔ ابھیمان

طمع: ۱۔ لوبھ۔ لالچ۔ حرص۔ آز۔ ندیدہ پن
۲۔ خواہش۔ چاہ۔ طلب

طمنچہ: ۱۔ تپنچہ۔ پستول
۲۔ نوخیز۔ کنواری۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ نرچی
۳۔ رنڈی۔ کسبی۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ طوائف۔ ویشیا

طناب: رسی۔ ڈوری۔ حبل۔ رسا۔ رسن۔ ریسماں

طنّاز: شوخ۔ طرار۔ چالاک۔ بے باک۔ نخریلا۔ چنچل۔ اشارہ باز

طنّازی: شوخی۔ طراری۔ چالاکی۔ بے باکی۔ نخرا۔ اشارہ بازی۔ طنز

طنبورہ: تنبور۔ دنبرو۔ دنبورہ۔ ستار۔ سہ تار۔ سرنوشتہ تار

طنز: ۱۔ اشارہ۔ رمز۔ ایما
۲۔ طعنہ۔ آوازہ۔ مہنا۔ پھبتی۔ تعریض۔ تمسخر۔ ٹھٹھول۔ بنک۔ بولی ٹھولی۔ ٹھٹھا۔ چوٹ۔ آوازہ تآوازہ۔ طعن۔ تشنیع۔ ذلت۔ سرزنش

طنز آمیز — طنزاً — طنزیہ گفتگو

طنطنہ: ۱۔ بانگِ دہل۔ صدائے نقارہ۔ صوتِ کوس
۲۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ کروفر۔ رعب داب
۳۔ غصہ۔ خشم۔ کرودھ۔ غیظ۔ تپا۔ غضب
۴۔ بدمزاجی۔ تندمزاجی۔ تندخوئی۔ تیزمزاجی
۵۔ آن بان۔ تمکنت۔ تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ

طواف: طوف۔ چکر۔ دورہ۔ گردش۔ پھیرا۔ شوط۔ پرکما

طوالت: ۱۔ لمبائی۔ درازی۔ امتداد۔ طُول
۲۔ زیادتی۔ افزونی۔ بیشی
۳۔ تاخیر۔ تعویق۔ دیر۔ درنگ۔ التوا

طوائف: ۱۔رنڈی۔کسبی۔قحبہ۔فاحشہ۔پاتر۔بائی۔نائکہ۔بازاری عورت۔
مُطربہ۔کنجری۔عصمت فروش۔ڈیرے دارنی۔گشتی۔محبہ۔
بازار والی۔کنچنی۔بیسوا۔مال زادی۔پُتریا۔چھنال۔اوباش۔
لُچّی۔فاجرہ۔زانیہ۔ٹھکنی۔بدکار عورت۔چھنیل۔ہرزادی۔
ڈومنی۔میراسن
۲۔اقوام۔فِرق۔گروہ۔قبائل

طوائف الملوکی: بدنظمی۔انتشار۔افراتفری۔لاقانونیت۔فوضویت۔
نراج

طوبیٰ: ۱۔شجرِ بہشت۔نخلِ جنت
۲۔خوشبودار۔مہکیلا۔معطر
۳۔اچھا۔خوب۔عمدہ۔نفیس
۴۔پاک۔پاکیزہ۔پوتر۔طاہر
۵۔خوشی۔مسرت۔بہجت۔آنندہ۔نشاط۔طرب۔عیش۔سرور
۶۔خوش خبری۔نوید۔مژدہ۔بشارت

طوبیٰ قامت: کشیدہ قامت۔طویل القامت۔بلند قامت۔دراز قد۔
سرو قد۔خوش قامت۔خوش قد

طَور: ۱۔حالت۔کیفیت۔گت
۲۔طریقہ۔طرز۔ڈھنگ۔انداز۔رنگ۔وضع۔طرح۔اسلوب۔
ڈھب۔وضع۔روش۔چلن

طوطا: توتا۔طوطی۔سُوا۔میٹھو۔سُگّا

طوطا چشم: بے مروت۔بے لحاظ۔بے وفا
طوطا چشمی: بے مروتی۔بے لحاظی۔بے وفائی

طوطی: ۱۔پرندِ خوش نوا۔طوطا۔سُوا
۲۔(کنایۃً) فصیح۔طلیق اللسان۔لسان۔خوش بیان۔خوش کلام

طوطیا: ۱۔نیلا تھوتھا۔سرمہ
۲۔تہمت۔الزام۔اتہام۔چھیدا۔بہتان۔طوفان

طوع: ۱۔رغبت۔رضامندی۔خوشنودی
۲۔اطاعت۔فرمانبرداری۔انقیاد۔بندگی۔نیازمندی

طوعاً وکرہاً: چار و ناچار۔جبراً قہراً۔طوعاً مخواہ

طوفان: ۱۔سیلاب۔طغیانی۔تلاطم۔تموج۔باڑھ
۲۔آندھی۔صرصر۔جھکڑ۔بادِ تند۔بگولہ
۳۔قہر۔مصیبت۔آفت۔عذاب۔بپتا۔غضب
۴۔فساد۔ہنگامہ۔جھگڑا۔نزاع۔تنازع۔دنگا
۵۔واویلا۔کہرام۔شور۔غل۔شیون۔نالہ۔فریاد
۶۔بہت۔نہایت۔فرط۔زیادہ۔بہتات
۷۔الزام۔تہمت۔چھیدا۔اتہام۔بہتان
۸۔مرگِ مفاجات۔مرگِ ناگہاں۔قتل و غارت
۹۔شریر۔شرارتی۔متفنی۔مفسد۔فتنہ گر۔مفسدہ پرداز۔
فسادی۔فتنہ پرداز۔فتنہ پرور

طوفانی: ۱۔تند۔تیز۔سریع۔تیز رفتار
۲۔حرماں۔شریر۔شرارتی۔متفنی۔فتنہ پرداز۔فتنہ گر۔فتنہ پرور۔
مفسد۔مفسدہ پرداز۔فسادی

طوق: گلوبند۔ہار۔پٹا۔قلادہ

طُول: طوالت۔امتداد۔لمبائی۔درازی۔وسعت

طولانی: طویل۔لمبا۔مدید۔دراز

طومار: ۱۔کتاب۔صحیفہ۔سِفر۔دفتر
۲۔مکتوبِ دراز۔داستانِ طولانی۔رام کہانی

۳۔ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ اٹالا۔ اٹم
۴۔ کمزوریات۔ اباطیل۔ گفتگوئے درورغ۔ نضولیات۔ لغویات

طویل: طولانی۔ لمبا۔ دراز۔ مدید

طویل القامت: کشیدہ قامت۔ دراز قد۔ بلندقامت۔ سروقد

طویلہ: اصطبل۔ تھان۔ گھڑسال

طہارت: ۱۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ شستگی
۲۔ آبدست۔ استنجا۔ وضو۔ غسل

طہارت خانہ: وضو خانہ۔ غسل خانہ۔ استنجا گاہ۔ باتھ روم۔ ٹوائلٹ

طہور: ۱۔ نہایت پاک۔ پاکیزہ تر
۲۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ صفائی

طے: ۱۔ لپیٹ۔ لف
۲۔ انقطاع۔ انجام۔ خاتمہ
۳۔ تصفیہ۔ فیصلہ

طیار: ۱۔ پرندہ۔ پرّاں۔ گرم پرواز
۲۔ تیز رو۔ رواں دواں
۳۔ پردار۔ بازودار
۴۔ ہواباز۔ طیارہ راں۔ پائلٹ

طیارہ: ہوائی جہاز۔ بران۔ بمان۔ ویمان

طیّب: ۱۔ پاک۔ طاہر۔ پاکیزہ۔ حلال۔ جائز
۲۔ خوشگوار۔ خوش ذائقہ۔ لذیذ۔ مزہ دار۔ لطیف
۳۔ اچھا۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس

طیبت: ۱۔ خوشبو۔ سگندھ۔ مہک
۲۔ خوشنودی۔ رضامندی۔ رضا۔ مرضی

طیب خاطر: خوشنودیٔ مزاج۔ طوع خاطر۔ دلی منشا

طیر: پرندہ۔ ایکھیرو۔ پنچھی۔ پکھشی۔ طائر

طیران: پرواز۔ اڑان

طیران گاہ: جائے پرواز۔ ہوائی اڈا۔ مطار۔ ہوائی مستقر۔ ایئرپورٹ

طیش: غصہ۔ غضب۔ کرودھ۔ خشم۔ غیظ۔ جوش۔ قہر۔ تپا

طینت: سرشت۔ خمیر۔ طبیعت۔ فطرت۔ خصلت۔ جبلت۔ عادت۔ خو۔ سبھاؤ۔ طبع۔ گھٹی

نیک طینت — بدطینت — خوش طینت —
فرشتہ طینت — ملائک طینت — پاک طینت —
پاکیزہ طینت — راست طینت — سخت طینت
— شوخ طینت — فراخ طینت

طیور: پرندگان۔ پرندے

ظالم : ستم گار ۔ ستم گر ۔ بیدادگر ۔ بے رحم ۔ سنگدل ۔ قسی القلب ۔ بے انصاف ۔ نا انصاف ۔ جفا جُو ۔ جفاکار ۔ جفا شعار ۔ ستم شعار ۔ ستم پیشہ ۔ بے درد ۔ کٹھور ۔ جفا پسند ۔ خود سر ۔ مطلق العنان ۔ خود مختار ۔ ستم ایجاد ۔ بدمزاج ۔ ستم کیش ۔ جور پیشہ ۔ ظلم دوست ۔ جابر ۔ مردم آزار ۔ سفاک ۔ سنگدل ۔ ناترس ۔ غاشم ۔ اتیائی ۔ ظلمی ۔ ناخدا ترس ۔ جبار

ظاہر : ۱۔ عیاں ۔ آشکار ۔ کھلا ۔ نمایاں ۔ ہویدا ۔ مترشح ۔ صریح ۔ واضح ۔ پرگٹ ۔ اجاگر ۔ روشن ۔ بیّن ۔ فاش ۔ جلی ۔ آشکارہ ۔ مکشوف ۔ اظہار

۲۔ اوپری حالت ۔ نمائش ۔ دکھاوا

ظاہر پرست : نمائش پسند ۔ ریاکار ۔ نمود پسند
ظاہر پرستی : نمائش پسندی ۔ ریاکاری ۔ نمود پسندی
ظاہر دار : نمائش پسند ۔ ریاکار ۔ نمود پسند ۔ تصنع پسند
ظاہر داری : نمائش پسندی ۔ ریاکاری ۔ نمود پسندی ۔ تصنع پسندی ۔ دکھاوا ۔ بناوٹ ۔ تکلف

ظاہر بیں ــــ ظاہر و باطن ــــ ظاہر نیک باطن خراب

ظاہری : بدیہی ۔ کھلا ۔ عیاں ۔ ہویدا ۔ نمائشی ۔ اوپرا

ظرافت : ۱۔ عقل مندی ۔ زیرکی ۔ فرزانگی ۔ ہوشیاری
۲۔ ہنسی ۔ مذاق ۔ چہل ۔ ٹھٹھا ۔ تمسخر ۔ دل لگی ۔ خوش طبعی ۔ خوش مزاجی ۔ چھیڑ چھاڑ ۔ شغل

ظرف : ۱۔ عقل ۔ زیرکی ۔ فرزانگی ۔ ہوش ۔ خرد ۔ چالاکی ۔ ہنرمندی
۲۔ نفاست ۔ عمدگی ۔ خوبی
۳۔ قابلیت ۔ لیاقت ۔ صلاحیت ۔ استعداد
۴۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ وسعت ۔ حوصلہ
۵۔ برتن ۔ بھانڈا ۔ اِنا

ظروف : برتن ۔ بھانڈے

ظریفؔ : بامذاق ۔ خوش طبع ۔ خوش مزاج ۔ دل لگی باز ۔ چُہل باز ۔ ہنسوڑ ۔ مسخرا ۔ لطیفہ گو ۔ چٹکلے باز ۔ ہنستا چہل

ظفر : فتح ۔ کامرانی ۔ فیروزی ۔ جیت ۔ وجے ۔ کامیابی

ظفریاب : فتح یاب ۔ فتح مند ۔ فاتح ۔ مظفر ۔ فیروز مند ۔ کامران ۔ کامیاب ۔ منصور
ظفریابی : فتح یابی ۔ فتح مندی ۔ فیروز مندی ۔ نصرت ۔ کامیابی ۔ کامرانی

ظِل : ۱۔ سایہ ۔ چھاؤں ۔ ۲۔ پرتو ۔ چھایا

۲۔ (مجازاً) پناہ ۔ حمایت

ظلّ اللہ / ظلِّ الٰہی : ۱۔ سایۂ خدا
۲۔ (کنایۃً) بادشاہِ انصاف پرور ۔ سلطانِ عادل ۔ ملکِ عدل گستر

ظُلم : ۱۔ بے انصافی ۔ ناانصافی ۔ بیداد ۔ حق تلفی ۔ انیاؤ ۔ بے اصول ۔ پاپ ساینتی ۔ بے راہروی ۔ باطل پسندی ۔ ناحقی ۔ بدخلقی
۲۔ جبر ۔ زبردستی ۔ زیادتی ۔ تعدی ۔ وادھاء ۔ سینہ زوری
۳۔ ستم ۔ جور ۔ جفا ۔ بے رحمی ۔ اتیا
۴۔ سختی ۔ تشدد ۔ دباؤ ۔ کشت و درشتی
۵۔ نقصان ۔ ضرر ۔ مضرت ۔ زیاں
۶۔ استحصال بالجبر ۔ چھین جھپٹ ۔ غصب ۔ دراز دستی ۔ تطاول ۔ خشونت
۷۔ بت پرستی ۔ شرک ۔ کفر ۔ بدعت ۔ ادھرم
۸۔ اندھیرا ۔ تاریکی ۔ تیرگی

ظلم پیشہ ــــ ظلم دوست ــــ ظلم رسیدہ ــــ ظلم شعار ــــ ظلم پرور

ظُلمت : سیاہی ۔ تاریکی ۔ تیرگی ۔ اندھیرا

ظن : ۱۔ خیال ۔ رائے ۔ قیاس ۔ اندازہ ۔ تمیز ۔ گمان
۲۔ شک ۔ شبہ ۔ ارتیاب ۔ وہم

ظنِ باطل : غلط گمان ۔ قیاسِ بے ہودہ ۔ غلط خیال
ظنِ بد : گمانِ بد ۔ بدگمانی ۔ بدظنی
ظنِ غالب : گمانِ غالب ۔ قیاسِ قوی ۔ احتمالِ کامل ۔ قرینِ یقین
ظنِ نیک : اچھی رائے ۔ گمانِ نیک ۔ خوش گمانی ۔ خوش فہمی
ظن و تخمین : قیاس و اندازہ ۔ اٹکل ۔ تیر تکا

ظنی : خیالی ۔ قیاسی ۔ وہمی

ظُہر : وقتِ زوال ۔ بعد دوپہر ۔ نمازِ پیشیں

ظُہرانہ : طعامِ ظہر ۔ طعامِ بعد دوپہر ۔ لنچ

ظہور : اظہار ۔ نمود ۔ نمو ۔ پیدائش ۔ آمیزش ۔ طلوع ۔ خروج ۔ دکھاوا ۔ نمائش ۔ افشا ۔ انکشاف ۔ پرکاش ۔ اعلان ۔ نمایاں ۔ آشکار

ظہیر : دوست ۔ یار ۔ آشنا ۔ یاور ۔ ناصر ۔ مددگار ۔ ممد ۔ معاون ۔ معین ۔ دستگیر ۔ حامی ۔ حمایتی ۔ پشت پناہ

" پنجاب میں مسلمانوں کے مستقل قیام ، مختلف ممالکِ اسلامیہ کے مسلمانوں اور ان کی زبانوں کے اجتماع ، اہلِ ہند سے تعلقات نے ایک مخلوط زبان کی ضرورت اور صورت پیدا کر دی ۔ اہلِ ہند برج بھاشا بولتے تھے ، مسلمانوں کی زبان فارسی تھی ۔ ضرورت پیدا ہوتے ہی ایک نے دوسرے کی زبان سیکھنی شروع کر دی ہوگی ۔ لیکن گیارہویں صدی عیسوی کی یہ بول چال کتبِ تاریخ میں محفوظ نہیں ہے ۔ البتہ اس زمانے کی نظم سے تصدیق ہوتی ہے ۔

(داستانِ تاریخِ اُردو ۔ از حامد حسن قادری)

عابد: ۱۔ عبادت گزار۔ پرستار۔ پرستندہ۔ پجاری
۲۔ زاہد۔ متقی۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ نیک۔ صالح

عاج: ہاتھی دانت

عاجز: ۱۔ ناچار۔ درماندہ۔ بے بس۔ مجبور۔ ناکام۔ ناتواں۔ نربل۔ نزار۔
ضعیف۔ کمزور۔ ادھین۔ بے چارہ۔ معذور
۲۔ نیاز کیش۔ نیاز آگیں۔ نیاز مند۔ فدوی۔ کمترین۔ ستوہ۔ نمانا۔
تابع۔ خاکسار۔ منکسر المزاج۔ فروتن۔ خاکِ پا
۳۔ غریب۔ مسکین۔ محتاج۔ بے وسیلہ۔ بے سہارا

عاجزی: ۱۔ ناچاری۔ درماندگی۔ بے بسی۔ مجبوری۔ ناکامی۔ ناتوانی۔ ضعف
کمزوری۔ ادھینتا۔ بے چارگی۔ معذوری
۲۔ نیاز کیشی۔ نیاز آگینی۔ نیاز مندی۔ فدویت۔ تابعیت۔ خاکساری
فروتنی۔ انکسار
۳۔ غربت۔ مسکینی۔ مسکنت۔ محتاجی۔ غریبی

عاجلہ: معجّل۔ مستعجل۔ جلد۔ تیز۔ سُرعت۔ فوری۔ جلد باز۔ تعجیل کار

عادت: ۱۔ طبیعت۔ خصلت۔ فطرت۔ طینت۔ سرشت۔ خمیر۔
خاصہ۔ خاصیت۔ خلقت۔ سبھاؤ۔ گھٹی۔ خلق۔ سجیت
۲۔ خُو۔ طور۔ طریق۔ لت۔ دھت۔ ہڑک
۳۔ رسم۔ رواج۔ چلن۔ ریت۔ دستور۔ قاعدہ

عادل: ۱۔ عدل گستر۔ منصف۔ انصاف پسند۔ داد گستر۔ دادگر
۲۔ معتبر۔ معتمد۔ قابلِ اعتبار۔ قابلِ اعتماد

عادی: خوگر۔ خوکردہ۔ خوگرفتہ۔ معتاد۔ رسیا۔ دھتیا

عار: ۱۔ شرم۔ ننگ۔ لاج۔ حیا۔ غیرت
۲۔ عیب۔ نقص۔ سقم۔ خامی۔ قصور۔ کوتاہی۔ کمی۔ بُرائی
۳۔ دُشنام۔ گالی۔ سبّ۔ شتم
۴۔ ذلت۔ خواری۔ بے عزتی۔ بے آبروئی

عارض: ۱۔ لاحق شدہ۔ پیش آمدہ۔ وقوع پذیر۔ لاحق
۲۔ واقعہ۔ حادثہ۔ سانحہ
۳۔ گال۔ رخسار۔ عذار۔ کلّہ

عارضہ: بیماری۔ مرض۔ آزار۔ روگ۔ علّت

عارضی: غیر مستقل۔ فانی۔ چند روزہ۔ اتفاقی۔ غیر اصلی۔ عبوری۔ ہنگامی۔
اضافی۔ ٹمپریری

عارف: ۱۔ آگاہ۔ شناسا۔ شناسندہ۔ واقف۔ صاحبِ عرفان۔

صاحبِ معرفت
۲۔ ولی ۔ خداشناس ۔ خدا آگاہ ۔ خدارسیدہ ۔ بزرگ

عاری : ننگا ۔ ننگا ۔ عریاں ۔ برہنہ ۔ معرّیٰ ۔ خالی ۔ تہی ۔ سادہ

عاریتہ : ادھار ۔ مستعار ۔ دست گرداں ۔ پسارست ۔ زین ۔ دام ۔ نسیہ

عازم : قصد کنندہ ۔ ارادہ کنندہ ۔ آمادہ ۔ تیار ۔ کمربستہ

عاشق : محب ۔ شیدا ۔ فریفتہ ۔ فدا ۔ مفتون ۔ پریمی ۔ سجن ۔ رسیا ۔ والہ ۔ شیفتہ ۔ طالب ۔ مشتاق ۔ پروانہ ۔ لٹو ۔ مست ۔ پریتم ۔ بلبل

عاشقی : محبت ۔ حُب ۔ چاہ ۔ پریم ۔ پریت ۔ ہیت ۔ لگن ۔ طلب ۔ چاہت

عاصی : گناہ گار ۔ آثم ۔ خاطی ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ نافرمان ۔ باغی ۔ سرکش ۔ خطاکار

عاطف : مہربان ۔ شفیق ۔ عنایت فرما ۔ کرم فرما

عاطفت/عاطفہ : ۱۔ مہربانی ۔ شفقت ۔ عنایت ۔ کرم ۔ نوازش
۲۔ جھکاؤ ۔ میلان ۔ رجحان ۔ جذبہ

عافیت : ۱۔ سلامتی ۔ بچاؤ ۔ تحفظ ۔ حفاظت ۔ امن ۔ صیانت ۔ خیریت ۔ صحت ۔ تندرستی
۲۔ آرام ۔ آسائش ۔ آسودگی ۔ اطمینان ۔ سکون ۔ راحت

عاق : ۱۔ نافرمان ۔ سرکش ۔ باغی
۲۔ محروم الارث ۔ محرومِ وراثت

عاقبت : ۱۔ انجام ۔ مآل ۔ نتیجہ
۲۔ آخر ۔ اخیر ۔ انت ۔ خاتمہ ۔ اتمام ۔ عقب
۳۔ قیامت ۔ آخرت ۔ عقبیٰ ۔ حشر ۔ محشر ۔ دارِ آخر

عاقبت الامر : آخرالامر ۔ آخرکار ۔ انجام کار ۔ مآلِ کار ۔ بالآخر ۔ آخرش ۔ عاقبت کار
عاقبت اندیش/بیں : پیش اندیش ۔ دور اندیش ۔ دوربیں ۔ انجام بیں ۔ مآل اندیش ۔ آخربیں ۔ ہوشیار
عاقبت اندیشی/بینی : پیش اندیشی ۔ دور اندیشی ۔ دوربینی ۔ انجام بینی ۔ مآل اندیشی ۔ آخربینی ۔ ہوشیاری

عاقل : عقل مند ۔ دانا ۔ زیرک ۔ فرزانہ ۔ صاحبِ فراست ۔ فہیم ۔ سیانا ۔ ہوش مند ۔ ہوشیار ۔ عقیل ۔ دانش مند ۔ دانشمند ۔ خردمند

عالَم : ۱۔ جگ ۔ دنیا ۔ جہان ۔ سنسار ۔ زمانہ ۔ گیتی ۔ گیہاں ۔ کائنات ۔ آفاق
۲۔ حالت ۔ کیفیت ۔ گت ۔ روپ ۔ صورت ۔ انداز ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ طریق
۳۔ مخلوق ۔ خلقت ۔ خلق
۴۔ نظارہ ۔ منظر ۔ سماں ۔ بہار

عالمِ آخرت : دارِ آخرت ۔ عاقبت ۔ عقبیٰ ۔ قیامت ۔ محشر ۔ حشر ۔ اگلا جہان ۔ دوسری دنیا
عالمِ ارواح : دارالارواح ۔ عالمِ برزخ ۔ جہانِ ارواح ۔ مسکنِ ارواح
عالمِ اسباب : دارالاسباب ۔ عالمِ ناسوت ۔ دنیا
عالم افروز : جہاں افروز ۔ جہاں تاب ۔ عالم تاب ۔ (کنایتاً) سورج ۔ سوریہ ۔ آفتاب ۔ خورشید ۔ مہر ۔ شمس ۔ نیّرِ اعظم
عالمِ امر : عالمِ ملکوت ۔ جہانِ فرشتگاں ۔ عالمِ جبروت
عالمِ بالا : عالمِ علوی ۔ آسمانی دنیا ۔ عالمِ ملکوت

عالمِ برزخ : عالمِ ارواح ۔ مسکنِ ارواح ۔ درمیانی عالم ۔ اعراف

عالم پناہ : جہاں پناہ ۔ گیتی پناہ ۔ محافظِ دنیا
(کنایۃً) بادشاہ ۔ سلطان ۔ حکمران ۔ فرمانروا

عالم تاب : عالم افروز ۔ جہاں افروز ۔ جہاں تاب
(کنایۃً) سورج ۔ شمس ۔ مہر ۔ خورشید ۔ آفتاب ۔ شمس

عالمِ تصور : عالمِ خیال ۔ عالمِ حیرت ۔ خیالی دنیا

عالمِ جاوید : عالمِ جاوداں ۔ دائمی جہاں ۔ عالمِ آخرت ۔ زمانۂ مابعدِ قیامت ۔
عالمِ بقا ۔ دارالبقا ۔ دارِ آخرت

عالمِ جبروت : ۱۔ عالمِ ملکوت ۔ جہانِ فرشتگاں ۔ عالمِ امر ۔ عالمِ قدس
۲۔ مرتبۂ صفاتِ خداوندی

عالمِ خواب : عالمِ رؤیا ۔ جہانِ خواب ۔ حالتِ نوم ۔ حالتِ خواب

عالمِ سفلی : عالمِ خاک ۔ عالمِ ناسوت ۔ دنیائے فانی

عالم سوز : جہاں سوز ۔ دنیا سوز ۔
(کنایۃً) بجلی ۔ برق ۔ صاعقہ

عالمِ شہادت : ظاہری دنیا ۔ ظاہری حالت

عالمِ صغیر : جہانِ خُرد ۔ دنیائے کوچک
(کنایۃً) جسمِ انسان ۔ تنِ آدمی

عالمِ علوی : عالمِ بالا ۔ آسمانی دنیا ۔ عالمِ ملکوت

عالمِ غیب : پوشیدہ دنیا ۔ جہانِ مستور ۔ عالمِ مخفی ۔ دوسری دنیا ۔
عالمِ آخرت

عالمِ فانی : جہانِ فانی ۔ عارضی دنیا ۔ دنیائے چند روزہ ۔ عالمِ ناسوت

عالمِ کبیر : کُل کائنات ۔ دنیا و مافیہا ۔ قدرت

عالم گیر : جہاں گیر ۔ فاتحِ جہاں ۔ فاتحِ عالم ۔ شاہِ عالم ۔ شاہِ جہاں ۔ آفاقی ۔
عالمی

عالمِ لاہوت : مرتبۂ عشقِ ذاتِ خداوندی ۔ مقامِ فنا فی اللہ

عالمِ مثال : عالمِ خیال ۔ مثالی دنیا ۔ لطیف دنیا

عالمِ معنیٰ : مرتبۂ عشقِ ذات و صفاتِ اسمائے الٰہی

عالمِ ملکوت : عالمِ بالا ۔ عالمِ علوی ۔ جہانِ فرشتگاں

عالمِ ناسوت : جہانِ فانی ۔ دنیائے فانی ۔ عالمِ فانی

عالمِ ہُو : حالتِ سکوت ۔ خاموشی ۔ چُپ ۔ صمت ۔ ہُوکا عالم ۔ سنسان

عالمِ ہیولائی : عالمِ اجسام ۔ جسمانی دنیا

عالم : صاحبِ علم ۔ دانا ۔ دانندہ ۔ واقف ۔ آگاہ ۔ دانش مند ۔ دانشور ۔
پڑھا لکھا ۔ خواندہ ۔ ذی علم ۔ گیانی ۔ ودوان ۔ فاضل ۔ پنڈت ۔
فقیہ ۔ مولوی ۔ مُلّا ۔ بدھوان ۔ گُنی ۔ بدھمان ۔ بدھ منت ۔
عقلمند ۔ زیرک ۔ ذہین ۔ سیانا ۔ عاقل ۔ بدھا وان ۔ بدھر

عالم الغیب : غیب داں ۔ واقفِ اسرار ۔ واقفِ امورِ پوشیدہ

عالمی : ۱۔ جہانی ۔ دنیاوی ۔ دنیوی ۔ آفاقی ۔ ہمہ گیر ۔ عالم گیر
۲۔ اہلِ جہاں ۔ اہلِ دنیا ۔ باشندۂ دنیا

عالی : اعلیٰ ۔ بلند ۔ اونچا ۔ رفیع ۔ ارفع ۔ معلّیٰ ۔ جلیل ۔ بالا ۔ والا شان ۔ برتر

عالی پایگاہ : عالی مقام ۔ عالی مرتبہ ۔ عالی منزلت ۔ بلند مقام ۔ بلند مرتبہ ۔
رفیع المنزلت ۔ رفیع القدر ۔ عالی درگاہ ۔ عالی مرتبت

عالی تبار : عالی خاندان ۔ والا دُودمان ۔ عالی نسب

عالی جاہ : بلند مرتبہ ۔ عالی قدر ۔ معزز ۔ محترم ۔ صاحبِ عظمت ۔ عظیم

عالی جناب : جنابِ عالی ۔ جنابِ والا ۔ معزز ۔ محترم ۔ معظم

عالی حضرت : حضورِ والا ۔ جنابِ محترم ۔ صاحبِ عزوشان ۔ عالی قدر

عالی درگاہ : عالی پایگاہ ۔ عالی مقام ۔ عالی مرتبہ ۔ عالی منزلت ۔ بلند مقام ۔
بلند مرتبہ ۔ رفیع المنزلت ۔ رفیع القدر

عالی دماغ : عالی خیال ۔ بلند خیال ۔ عقل مند ۔ عاقل ۔ عقیل ۔ دانشمند ۔
دانشور ۔ بلند فکر

عالی دماغی : عالی خیالی ۔ بلند خیالی ۔ عقل مندی ۔ دانشمندی ۔ دانشوری ۔
بلند فکری

عالی شان : عظیم الشان ۔ رفیع الشان ۔ شان دار ۔ پُرشکوہ ۔ پُرشوکت ۔
مہتم بالشان

عالی ظرف : حوصلہ مند ۔ باحوصلہ ۔ بلند حوصلہ

عالی ظرفی : حوصلہ مندی ۔ باحوصلگی ۔ بلند حوصلگی

عالی گہر : عالی خاندان ۔ عالی تبار ۔ والا تبار ۔ والا دُودمان ۔ عالی نژاد

عالی نظر : بلند نظر ۔ بلند خیال ۔ عالی خیال ۔ بلند فکر

عالی وقار : معزز ۔ محترم ۔ معظم ۔ صاحبِ جلال ۔ جلیل القدر

عالی ہمت : بلند ہمت ۔ اُولوالعزم ۔ بلند حوصلہ
عالی ہمتی : بلند ہمتی ۔ اولوالعزمی ۔ بلند حوصلگی

عالی خاندان ــــ عالی قدر ــــ عالی مکان ــــ عالی حوصلہ
ــــ عالی مرتبہ

عام : ١۔ سب ۔ کل ۔ تمام ۔ سارا
٢۔ بہت ۔ کثیر ۔ وافر ۔ بہ افراط ۔ فراواں ۔ زیادہ ۔ بیش ۔ افزوں ۔
بھرمار ۔ ریل پیل ۔ توفیر ۔ وفور ۔ کثرت ۔ زیاد ۔ عوام
٣۔ مشہور ۔ مروّج ۔ مقبول ۔ رسمی ۔ رواجی ۔ جاری
٤۔ معمولی ۔ مستعمل
٥۔ مشترک
٦۔ بازاری ۔ سوقیانہ ۔ مبتذل ۔ رکیک ۔ گھٹیا ۔ کمتر

عام پسند : مقبولِ عام ۔ ہر دلعزیز
عام فہم : آسان ۔ سہل

عامل : ١۔ کارکن ۔ کارندہ ۔ مرتکب ۔ فاعل
٢۔ گورنر ۔ حاکم ۔ افسر ۔ عہدہ دار ۔ منصب دار
٣۔ سیانا ۔ افسوں گر

عامی : ١۔ اعمیٰ ۔ اندھا ۔ کور ۔ نابینا
٢۔ ناخواندہ ۔ جاہل ۔ گنوار ۔ اجڈ ۔ ناشائستہ ۔ غیر مہذب ۔
بے تہذیب

عامیانہ : جاہلانہ ۔ سوقیانہ ۔ بازاری ۔ مبتذل ۔ رکیک

عائلہ : خاندان ۔ کنبہ ۔ دودمان ۔ تبار ۔ قبیلہ ۔ گھرانہ ۔ خانوادہ

عائلی : خاندانی ۔ قبائلی ۔ ازدواجی

عبا : قبا ۔ چوغا ۔ جُبہ

عِباد : بندگان ۔ غلامان

عُباد : عابدین ۔ عبادت گزاران ۔ پرستاران ۔ زاہدان ۔ پرستندگان

عبادت : ١۔ بندگی ۔ پرستش ۔ پوجا ۔ اطاعت ۔ پوجاپاٹ ۔ نماز ۔
سجدہ و سلام
٢۔ ریاضت ۔ تپسیا ۔ بھگتی ۔ تپسا ۔ ریاض

عبادت خانہ/کدہ/گاہ : معبد ۔ پرستش گاہ ۔ مسجد ۔ مندر ۔ گوردوارہ ۔
شوالہ ۔ ٹھاکردوارہ ۔ گرجا

عبارت : ١۔ تحریر ۔ نوشت ۔ مضمون ۔ انشا ۔ املا ۔ خط ۔ بیان ۔ لکھائی
٢۔ طرزِ تحریر ۔ طرزِ بیان ۔ اندازِ نگارش
٣۔ تعبیر ۔ تشریح
٤۔ مطلب ۔ مُراد ۔ مفہوم

عبارت آرائی ــــ عبارتِ برجستہ

عبث : ١۔ فضول ۔ بے فائدہ ۔ بے کار ۔ بے ہودہ ۔ لغو ۔ لایعنی
٢۔ بے وجہ ۔ بے سبب ۔ ناحق ۔ ناواجب ۔ ناجائز
٣۔ کھیل کود ۔ لہو ولعب ۔ ہنسی مذاق ۔ چُہل ۔ دل لگی

عبد : بندہ ۔ غلام ۔ داس ۔ چیرا ۔ چیلا ۔ خادم ۔ خدمت گار ۔ خدمت گزار ۔
نوکر ۔ چاکر ۔ محکوم

عبدالبطن : بندۂ شکم ۔ پیٹو ۔ لالچی ۔ لوبھی ۔ حریص ۔ طامع ۔ طمّاع ۔ ندیدا
عبدالدرہم : بندۂ زر ۔ زر پرست ۔ زراندوز ۔ بخیل ۔ مکھی چوس ۔ کنجوس ۔
جزرس ۔ لئیم ۔ خسیس
عبدالدنیا : دنیا پرست ۔ ابن الوقت ۔ مطلبی ۔ مطلب پرست ۔ خود غرض

عبدیت: بندگی۔ غلامی۔ عبودیت۔ پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ پرستاری۔ خدمت گزاری۔ طاعت شعاری

عبرت: پند۔ نصیحت۔ موعظت۔ سبق۔ ہدایت۔ تنبیہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر

عبرت انگیز: سبق آموز۔ نصیحت آموز۔ ہدایت آموز

عبرت پذیر: ہدایت پذیر۔ نصیحت پذیر

عبرت ناک: خوف ناک۔ ڈراؤنا۔ دہشت ناک۔ سبق آموز۔ ہدایت آموز

عبقری: اچھا۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ سردار۔ ذہین۔ فطین۔ قوی

عبقریت: خوبی۔ عمدگی۔ سرداری۔ سیادت۔ قوت۔ ذہانت۔ فطانت

عبودیت: عبدیت۔ بندگی۔ غلامی۔ پرستاری۔ پرستش۔ پوجا۔ عبادت۔ طاعت شعاری۔ خدمت گزاری

عبور: ۱۔ گزر
۲۔ مہارت۔ مشق۔ فراولت۔ قابو۔ قدرت

عبوری: عارضی۔ وقتی۔ ہنگامی۔ غیر مستقل۔ فانی۔ چند روزہ

عتاب: ۱۔ غصہ۔ غضب۔ خشم۔ غیظ۔ تیہا۔ ناراضگی۔ خفگی۔ قہر۔ کرودھ
۲۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ جھڑکی گھرکی۔ زجر و توبیخ۔ لعن طعن۔ ملامت۔ نکوہش۔ مذمت

عتبہ: دہلیز۔ چوکھٹ۔ آستانہ۔ درگاہ۔ مقدس مقام

عترت: اولاد۔ اخلاف۔ اسباط۔ ذرّیت۔ اپنے۔ یگانے۔ اقربا۔ رشتہ دار۔ اعزہ

عتیق: ۱۔ آزاد۔ متخلص۔ ناجی۔ خلاصی یافتہ۔ ناپابند۔
۲۔ پرانا۔ قدیم۔ کہنہ۔ دیرینہ

عجائب: انوکھا۔ نرالا۔ نادر۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز

عجائب خانہ/گھر: متحف۔ دارالنوادر۔ مخزنِ نوادر

عجب: ۱۔ انوکھا۔ نرالا۔ نادر۔ طُرفہ۔ نیا۔ جدید۔ عجیب
۲۔ انوکھا پن۔ نرالا پن۔ جدت۔ طرفگی۔ نیا پن۔ حیرت۔ تعجب

عُجب: فخر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ خود پسندی۔ خودنگری۔ خود پرستی۔ خود بینی۔ تکبر۔ اعجاب

عجز: ۱۔ عاجزی۔ ناچاری۔ درماندگی۔ بے بسی۔ مجبوری۔ ناکامی۔ ناتوانی۔ ضعف۔ کمزوری۔ اَدھین تا۔ بے چارگی۔ معذوری
۲۔ نیازکیشی۔ نیازگیں۔ نیازمندی۔ منت۔ سماجت
۳۔ خاکساری۔ فروتنی۔ انکسار۔ تواضع۔ خشوع۔ خضوع۔ نمرتا۔ نیاز

عجلت: جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔ تعجیل۔ شتابی۔ جلد بازی۔ تعجیل کاری

عجم: غیر عرب علاقہ۔ ایران۔ توران

عجمی: غیر عربی۔ ایرانی۔ تورانی۔ گونگا۔ کند زبان

عجوز: بڈھی۔ بوڑھی۔ بڑھیا۔ پیرزن

عجیب: انوکھا۔ نرالا۔ نادر۔ طُرفہ۔ غریب۔ جدید۔ نیا۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز۔ تحفہ

عدالت: ۱۔ عدل۔ انصاف۔ نیائے۔ داد۔ دادری
۲۔ کچہری۔ عدل گاہ۔ دارالعدل۔ دارالانصاف۔ دادگاہ۔ دیوان۔ زیوار۔ جرسار۔ ترازو۔ اجلاس۔ کورٹ محکمہ نیائے سبھا۔ دیوانِ عام
۳۔ منصف۔ عدل گستر۔ حاکمِ عدالت

عدالتِ خفیفہ ــ عدالتِ دیوانی ــ عدالتِ فوجداری ــ
عدالتی کارروائی

عداوت: عناد۔ دشمنی۔ بیر۔ خصومت۔ معاندت۔ مخاصمت۔ بغض۔ مخالفت

عدت: ۱۔ گنتی۔ شمار
۲۔ عدتِ مانعتِ نکاح

عدد: ۱۔ گنتی۔ شمار
۲۔ ہندسہ۔ رقم۔ انک

عدسہ: شیشہ۔ محدب شیشہ۔ تال۔ لینز

عدل: ۱۔ برابری۔ مساوات
۲۔ انصاف۔ نیائے۔ داد

عدل پرور/گستر: عادل۔ منصف۔ دادرس۔ دادر۔ انصاف پرور
عدل پروری/گستری: عدالت۔ انصاف۔ دادرسی۔ انصاف پروری۔ دادری

عدم: نیستی۔ نابودی۔ فنا۔ فقدان۔ ناموجودگی۔ غیرحاضری۔ معدومیت۔ نفی۔ ناپید۔ مفقودالوجود۔ معدوم الوجود۔ نہی۔ عدیم۔ نابودیت

عدم ثبوت ــ عدم وجود ــ عدم اعتمادی ــ عدم جواز

عدو: دشمن۔ بیری۔ معاند۔ خصم۔ مخاصم۔ مخالف۔ رقیب

عَدول: نہایت عادل۔ منصفِ اعظم۔ مقبول گواہ۔ سچا۔ معتبر۔ قابلِ اعتبار۔ لائقِ اعتبار

عُدول: انحراف۔ روگردانی۔ اعراض۔ انکار

عدیل: برابر۔ مساوی۔ مانند۔ مثل۔ مثیل۔ نظیر۔ ہمتا۔ سہیم

عدیم: معدوم۔ مفقود۔ فقید۔ نابود۔ نیست۔ ناموجود

عدیم الفرصت: نافارغ۔ بے فرصت۔ مصروف۔ فقیدالفرصت
عدیم الفرصتی: نافراغت۔ عدم فراغت۔ عدم فرصت۔ مصروفیت
عدیم المثال/النظیر: فقیدالمثال۔ بے مثال۔ بے نظیر۔ بے ہمتا۔ بے عدیل۔ لاجواب۔ لامثال۔
عدیم الوجود: غیرموجود۔ لاموجود۔ نیست۔ معدوم۔ نایاب۔ کمیاب

عذاب: ۱۔ دکھ۔ تکلیف۔ ایذا۔ مصیبت۔ بپتا۔ سزا
۲۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ ٹنٹا۔ مخمصہ
۳۔ دقت۔ دشواری۔ مشکل

عذار: گال۔ رخسار۔ عارض۔ کلہ

عذب: خوش گوار۔ شیریں۔ فصیح۔ بلیغ

عذب البیان: شیریں بیان۔ شیریں کلام۔ خوش کلام۔ خوش بیان۔ طلیق اللسان۔ فصیح البیان

عُذر: ۱۔ حیلہ۔ بہانہ۔ گریز۔ اعتراض
۲۔ دلیل۔ حجت
۳۔ معافی۔ عفوطلبی۔ طلبِ معافی

عذرخواہ : معذرت خواہ ۔ عفو خواہ ۔ عفو طلب ۔ معذرت طلب
عذرخواہی : معذرت خواہی ۔ عفو خواہی ۔ عفو طلبی ۔ معذرت طلبی
عذردار : دعویٰ دار ۔ معترض
عذرداری : دعویٰ داری ۔ اعتراض
عذرِ لنگ : فضول عذر ۔ غلط بہانہ ۔ لغوحیلہ

عذرا : دوشیزہ ۔ ناکتخدا ۔ باکرہ ۔ کنواری ۔ کنیا ۔ کماری

عذوبت : لذت ۔ خوش مزگی ۔ شیرینی ۔ مٹھاس ۔ حلاوت

عرائض : معروضات ۔ خطوط ۔ چٹھیاں ۔ درخواستیں ۔ عرضیاں

عرب : ۱۔ عربستان ۔ باشندۂ عربستان
۲۔ فصیح ۔ خوش بیاں ۔ خوش کلام

عربدہ : ۱۔ بدخوئی ۔ بدطینتی ۔ بدخصالی ۔ بدمزاجی
۲۔ نفرت ۔ ناپسندیدگی ۔ کراہت
۳۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ فتنہ ۔ نزاع ۔ جنگ ۔ لڑائی

عربدہ جُو : جھگڑالو ۔ فسادی ۔ متفنی ۔ جنگ جُو ۔ لڑاکا ۔ شرارتی ۔ شریر ۔ فتنہ پرداز ۔ مفسد
عربدہ جُوئی : جھگڑالوپن ۔ فساد انگیزی ۔ فتنہ پردازی ۔ جنگ جُوئی ۔ لڑاکاپن ۔ شرانگیزی

عربی : ۱۔ باشندۂ عربستان
۲۔ تازی ۔ عربی زبان

عُرس : ۱۔ طعامِ شادی ۔ ولیمہ
۲۔ فاتحۂ بزرگ ۔ برسی ۔ سالانہ فاتحہ ۔ طعامِ عام

عرش : ۱۔ چھت ۔ سقف ۔ بام
۲۔ تخت ۔ سریر ۔ سنگھاسن
۳۔ فلک الافلاک ۔ تختِ خداوندی ۔ آسمان

عرشہ : ۱۔ سقفِ جہاز ۔ ڈیک
۲۔ میز ۔ ٹیبل

عرشی : (کنایۃً) فرشتہ ۔ ملک ۔ قدسی

عرصہ : ۱۔ میدان ۔ دشت ۔ بساطِ شطرنج
۲۔ فاصلہ ۔ مسافت
۳۔ وقفہ ۔ توقف ۔ مدت ۔ دیر ۔ اثنا ۔ زمانہ

عرض : ۱۔ التماس ۔ درخواست ۔ گزارش ۔ استدعا ۔ التجا
۲۔ چوڑائی ۔ چوڑان ۔ بر

عرض پرداز : عارض ۔ درخواست گزار ۔ ملتمس ۔ مستدعی ۔ ملتجی ۔ عرض گزار
عرض پردازی : درخواست گزاری ۔ التماس ۔ استدعا ۔ التجا ۔ عرض گزاری
عرض ولد : عریض ۔ چوڑا ۔ وسیع ۔ پانڈار
عرض داشت : عریضہ ۔ درخواست ۔ محضر ۔ عرضی ۔ معروضہ ۔ ارداس

عرضی : عرض داشت ۔ عریضہ ۔ معروضہ ۔ محضر ۔ تحریری درخواست

عرضی نویس : عریضہ نویس ۔ درخواست نویس ۔ عرائض نویس

عُرف : ۱۔ پہچان ۔ شناخت ۔ معرفت
۲۔ رواج ۔ شہرت ۔ شہرہ
۳۔ مشہور نام

عرفان : پہچان ۔ شناخت ۔ واقفیت ۔ آگاہی ۔ معرفت ۔ خداشناسی ۔

عُرفی : مشہور۔ معروف۔ مدنی۔ رواجی۔ ظاہری۔ معمول

عُرفیت : شہرت۔ ظاہری حیثیت

عَرق : ۱۔ رس۔ ملی۔ رطوبت۔ شیرہ
۲۔ آبِ مقطر۔ آبِ مروّق۔ مقطر
۳۔ افشردہ۔ نچوڑ۔ ست۔ خلاصہ۔ عطر۔ روح۔ خاصہ
۴۔ پسینہ۔ پسیو

۳۔ کھلا۔ کشادہ۔ وسیع۔ فراخ

فراست: دانائی۔ عقلمندی۔ عقل۔ تمیز۔ شعور۔ سمجھ بوجھ۔ شناخت۔ پہچان۔ معرفت۔ سمجھ۔ فہم۔ قیافہ۔ فرزانگی۔ زیرکی

فراست الید: دست شناسی۔ پامسٹری

فراغ/فراغت: ۱۔ فرصت۔ چھٹی۔ تعطیل۔ مہلت۔ سوفتہ
۲۔ چھٹکارا۔ نجات۔ مخلصی۔ خلاصی۔ چھوٹ۔ رہائی۔ آزادی
۳۔ خوشی۔ سکھ۔ چین۔ آرام۔ آسائش۔ راحت
۴۔ خوشحالی۔ آسودہ حالی۔ ترفہ۔ فراخی۔ کشائش
۵۔ دل جمعی۔ جمعیتِ خاطر۔ اطمینان۔ سکون۔ طمانیت

فراق: جدائی۔ علیحدگی۔ ہجر۔ برہا۔ بچھڑنا۔ فرقت۔ مفارقت۔ بجوگ۔ وچھوڑا

فراق دیدہ/زدہ: فرقت زدہ۔ مفروق۔ جھجھ۔ الگ۔ جُدا۔ بچھڑا۔ بجوگی

فراموش: بھولا۔ بسرا۔ دور از یاد۔ از یاد رفتہ

فراموشی: بھول۔ بسراہٹ۔ نسیان۔ از یاد رفتگی

فراواں: بہت۔ زیادہ۔ کثیر۔ بیش۔ بہ افراط۔ وافر۔ افزوں۔ بکثرت۔ افزودہ۔ موفور

فراوانی: بہتات۔ زیادتی۔ کثرت۔ بیشی۔ افراط۔ وفور۔ توفیر۔ افزونی۔ افزودگی

فراہم: اکٹھا۔ جمع۔ یک جا۔ مہیا

فراہمی: ۱۔ اکٹھاپن۔ جمعیت۔ یکجائی
۲۔ رسد۔ سپلائی

فربہ: موٹا۔ تازہ۔ لحیم شحیم۔ تیار۔ چرب۔ چربیلا۔ مضبوط جسم۔ تن آور۔ مسٹنڈا

فربہی: موٹائی۔ موٹاپا۔ جسامت۔ تن آوری۔ تیاری

فرح/فرحت: خوشی۔ شادمانی۔ خورسندی۔ آنند۔ سرور۔ خرمی۔ نشاط۔ شادی۔ بہجت۔ مسرت۔ تسکین

فرح/فرحت بخش: سرور انگیز۔ مسرت بخش۔ تسکین بخش۔ تسکین دہ۔ نشاط انگیز

فرح/فرحت بخشی: سرور انگیزی۔ مسرت بخشی۔ تسکین بخشی۔ تسکین دہی۔ نشاط انگیزی

فرحاں: خوش۔ شاداں۔ شاد۔ شاداں۔ خورسند۔ خرم۔ مسرور

فرخ: ۱۔ مبارک۔ مسعود۔ سعید۔ بابرکت۔ ہمایوں۔ خجستہ
۲۔ خوب۔ اچھا۔ نیک۔ عمدہ۔ نفیس

فرخ نہاد: نیک نہاد۔ خوش نہاد۔ نیک طبع۔ نیک طینت۔ خوش خو۔ خوش خصال

فرخندہ: مبارک۔ مسعود۔ سعید۔ نیک۔ ہمایوں۔ خجستہ۔ مجنتہ

فرخندہ بخت/طالع: خوش نصیب۔ خوش بخت۔ خوش اقبال۔ نیک اختر۔ نیک نصیب۔ خوش قسمت۔ بھاگوان۔ خوش طالع۔ بختاور۔ طالع مند۔ اقبال مند۔ خجستہ اختر

فرخندہ پے: خجستہ پے۔ مبارک قدم۔ فرخ قدم۔ نیک قدم
فرخندہ خُو: خوش خو۔ نیک خو۔ خوش خصال۔ نیک طبع۔ نیک مزاج۔
نیک طینت۔ خوش طینت۔ نیک نہاد۔ خوش نہاد
فرخندہ رائے: خوش تدبیر۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ صاحب الرائے۔
مدبر

فرخی: برکت۔ سعادت۔ خجستگی۔ نیکی۔ خوبی

فرد: ۱۔ تنہا۔ اکیلا۔ یکتا۔ یگانہ۔ طاق۔ ایک۔ واحد
۲۔ فہرس۔ فہرست۔ چٹھا۔ حساب نامہ
۳۔ چادر۔ ردا۔ بردا۔ برد۔ شال۔ ابرہ

فردا: آئندہ کل۔ روزِ آئندہ۔ غدو

فردوس: بہشت۔ جنت۔ خلد۔ مینو۔ عدن۔ ارم۔ جناں۔ بیکنٹھ۔ سُرگ۔
باغِ رضواں

فرزانگی: عقل مندی۔ دانائی۔ فراست۔ بُدھ۔ دانش مندی۔ ہوش مندی۔
زیرکی۔ ہوشیاری۔ سوجھ بوجھ۔ سمجھ۔ فہم

فرزانہ: عقل مند۔ دانا۔ فریس۔ بدھی وان۔ دانش مند۔ ہوش مند۔
زیرک۔ ہوشیار۔ سمجھ دار۔ فہیم۔ عاقل۔ عقیل۔ حکیم۔ لائق۔
ہنر مند

فرزند: بیٹا۔ لڑکا۔ پوت۔ خلف۔ ابن۔ پسر۔ وَلَد۔ صاحب زادہ۔
اولادِ نرینہ۔ نورِ چشم

فرزندی: پسری۔ ابنیت۔ ولدیت۔ منصبِ پسری۔ دامادی

فرس: گھوڑا۔ اسپ۔ مرکب۔ تازی مرد۔ توسن۔ رخش

فرستادہ: رسول۔ مُرسل۔ ایلچی۔ قاصد۔ پیامی۔ پیک۔ پیام بر۔ پیغامبر

فرسودہ: گھسا پٹا۔ پرانا۔ کُہنہ۔ استعمال شدہ۔ گیا گزرا۔ ناکارہ۔
بے کار۔ خستہ

فرش: ۱۔ بساط۔ بچھونا۔ بستر۔ بوریا۔ دری۔ چاندنی۔ جازم۔ مسری
چادر
۲۔ سطحِ زمین۔ زمین۔ تہ

فرشتہ: مَلک۔ قدسی۔ کرّوبی۔ نوری۔ سروش۔ فرشتغ۔ فرستادہ

فرشتہ خاں: زبردست۔ بارعب۔ رعب دار
فرشتہ خو/ سیرت/ خصلت: نیک خو۔ نیک سیرت۔ نیک طینت۔
خوش خصال۔ بھلا مانس۔ شریف۔ نیک نفس
فرشتہ صورت/ رنگ: خوب صورت۔ بھولا بھالا۔ معصوم۔ نورانی چہرہ
فرشتۂ مرگ: فرشتۂ اجل۔ فرشتۂ موت۔ ملک الموت۔ عزرائیل۔
قابضِ ارواح۔ یم۔ جم

فُرصت: ۱۔ فراغت۔ مہلت۔ عدم معروفیت۔ عدم مشغولیت۔ بے کاری۔
خالی وقت۔ سوخت۔ سُبیتا
۲۔ چھٹی۔ چھٹکارا۔ خلاصی۔ چھوٹ
۳۔ اطمینان۔ طمانیت۔ سکون۔ آرام۔ چین۔ آسودگی۔
۴۔ وقت۔ موقع۔ زمانہ

فرض: ۱۔ ضروری۔ لازمی۔ واجب۔ فریضہ
۲۔ ذمہ داری۔ حق۔ کارِ منصبی۔ کارِ مفوضہ۔ حکمِ خداوندی۔
ڈیوٹی

فرضی: خیالی۔ قیاسی۔ ظنی۔ مصنوعی۔ بے اصل۔ بناوٹی۔ جعلی۔ مجازی۔
برائے نام۔ خود ساختہ۔ گھڑنت۔ گھڑت

فرضیت: وجوب۔ لزوم

فرط: زیادتی۔ کثرت۔ بیشی۔ افزونی۔ وفور۔ افراط۔ بہتات۔ غلبہ

فرع: ۱۔ ٹہنی۔ شاخ۔ شاخچہ۔ ڈالی
۲۔ شعبہ۔ جزو۔ حصہ۔ بھاگ۔ پارہ

فرعون: (مجازاً) متکبر۔ گھمنڈی۔ مغرور۔ ابھیانی۔ گردن کش۔ سرکش۔ متمرد۔ باغی۔ خود پرست

فرعونیت: تکبر۔ گھمنڈ۔ غرور۔ ابھیان۔ سرکشی۔ گردن کشی۔ تمرد۔ بغاوت۔ خود پرستی

فرق: ۱۔ فاصلہ۔ بُعد۔ دُوری۔ تفاوت۔ تفریق
۲۔ اختلاف۔ افتراق۔ تفرقہ۔ پراگندگی۔ تجاوز
۳۔ امتیاز۔ تمیز۔ شناخت۔ پہچان
۴۔ خلل۔ کمی۔ نقص۔ خامی۔ عیب۔ سُقم
۵۔ جدائی۔ علیحدگی
۶۔ بے گانگی۔ بے گانہ پن۔ غیریت۔ مغائرت
۷۔ مانگ۔ سر۔ سیس۔ راس۔ چوٹی

فرقِ من و تو ـــ فرقِ خیر و شر ـــ فرقِ نیک و بد ـــ فرق بلند و پست

فُرقت: جدائی۔ علیحدگی۔ ہجر۔ مہجوری۔ فراق۔ مفارقت۔ بجوگ۔ برہا۔ بچھوڑا۔ وچھوڑا

فرقہ: قوم۔ ذات۔ گروہ۔ جماعت۔ حزب۔ جتھا۔ ٹولا۔ زُمرہ۔ طبقہ

فرقہ بندی: گروہ بندی۔ جتھا بندی۔ جماعت بندی
فرقہ وار: جماعت وار۔ طبقاتی۔ قوم وار۔ گروہ وار۔ حزبل

فرمان: حکم۔ فیصلہ۔ فتوے۔ آدیش۔ ارشاد۔ امر۔ آگیا

فرماں بردار: تابع فرمان۔ مطیع۔ منقاد۔ اطاعت شعار۔ اطاعت گزار۔ آدھین۔ تابع۔ سہارا۔ تابر۔ اختیار۔ ممنون۔ زیر۔ محتاج۔ قبضہ۔ عاجز۔ حکم بردار
فرماں برداری: تابعیت۔ تعمیلِ حکم۔ اطاعت۔ انقیاد۔ اطاعت شعاری۔ اطاعت گزاری۔ آگیا پالن
فرماں روا: ۱۔ حاکم۔ حکمراں۔ آمر۔ اولوالامر۔ سلطان۔ صاحب حکم۔ صاحبِ اقتدار۔ مقتدر
۲۔ بادشاہ۔ سلطان۔ ملک۔ راجا

فرمائش: ۱۔ حکم۔ ارشاد۔ امر۔ آدرش
۲۔ درخواست۔ طلب۔ مانگ۔ تمنا۔ خواہش

فرنٹ: ۱۔ سامنا۔ مقابلہ
۲۔ محاذ۔ مصاف۔ رزم گاہ۔ حرب گاہ۔ جنگاہ
۳۔ باغی۔ سرکش۔ منحرف۔ خلاف۔ مخالف

فرنگ: یورپ۔ اروپا۔ انگلینڈ۔ ممالکِ مغربی۔ فرنگستان

فرنگی: یورپی۔ اروپائی۔ اہلِ فرنگ۔ انگلش۔ انگریز۔ گورا

فرنی: بھت۔ پھرنی۔ فیرنی

فرنیچر: سامانِ خانہ۔ اشیائے نشست و آرام۔ اسباب خانہ۔ میز کرسی وغیرہ

فرو: ۱۔ نیچے۔ پست۔ کم۔ تحت۔ زیر
۲۔ کم رتبہ۔ کم حیثیت۔ ہیچ۔ ادنیٰ۔ سفلہ

فروتن: ۱۔ عاجز۔ مسکین۔ منکسر۔ خاکسار۔ فدوی۔ نیاز مند

نیاز آگیں

۲۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ ناطاقت۔ اَدھین

فروتنی: ۱۔ عاجزی۔ عجز۔ مسکینی۔ مسکنت۔ انکسار۔ خاکساری۔ تواضع۔ فدویت۔ نیازمندی

۲۔ کمزوری۔ ضعف۔ ضعیفی۔ ناتوانی۔ ناطاقتی

فرودست: زیردست۔ تابع۔ ماتحت۔ مطیع۔ زیرحکم۔ محکوم۔ کم رتبہ۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف

فرودکش: مقیم۔ قیام پذیر۔ اقامت گزیں

فروگذاشت: ۱۔ کوتاہی۔ کمی۔ قصور۔ تقصیر۔ خطا

۲۔ بھول۔ چوک۔ سہو

۳۔ بے پروائی۔ غفلت۔ بے توجہی۔ بے اعتنائی

۴۔ درگزر۔ چشم پوشی۔ صرفِ نظر

فروماندگی: ۱۔ ناچاری۔ عاجزی۔ بے بسی۔ عجز

۲۔ مفلسی۔ افلاس۔ غریبی۔ غربت۔ ناداری۔ تہی دستی

فرومانده: ۱۔ عاجز۔ ناچار۔ بے بس۔ تھکا ہارا

۲۔ مفلس۔ قلاش۔ غریب۔ نادار۔ تہی دست۔ کنگال۔ بے زر۔ بے مایہ۔ بے بضاعت

فرومائگی: بے مائگی۔ کم مائگی۔ بے بضاعتی۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ سفلگی۔ دنائت۔ کم ظرفی۔ تنگ ظرفی

فرومایہ: بے مایہ۔ کم مایہ۔ بے بضاعت۔ کمینہ۔ سفلہ۔ دنی۔ کم ظرف۔ تنگ ظرف۔ ٹٹ پونجیا

فروٹ: پھل۔ میوہ۔ ثمر۔ بار

فروخت: بکری۔ بیچی۔ بیع۔ بکتی۔ سیل

فرود: ۱۔ نیچے۔ زیر۔ تحت۔ ذیل

۲۔ اُتار۔ قیام۔ ٹھکانا۔ ٹھہراؤ۔ اٹکاؤ۔ بسیرا

فرودگاہ: قیام گاہ۔ دارالقیام۔ اقامت گاہ۔ دارالاقامہ۔ قرار گاہ۔ مسکن۔ سکونت گاہ۔ پڑاؤ

فروزاں: روشن۔ منور۔ تاباں۔ درخشاں۔ رخشاں۔ رخشندہ۔ درخشندہ۔ تابندہ۔ لمعاں

فروع: شاخہا۔ جزئیات

فروغ: ۱۔ روشنی۔ نور۔ چمک۔ دمک۔ تابش

۲۔ رونق۔ شہرت۔ شہرہ۔ دھوم۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ۔ عزت۔ آبرو۔ عظمت

فرہنگ: ۱۔ علم۔ دانش۔ ادب۔ ہنر۔ سخن۔ گیان

۲۔ دانائی۔ سمجھ۔ فہم۔ عقل۔ بدھ

۳۔ لغت۔ لغات۔ شبدکوش۔ ڈکشنری

فری: ۱۔ آزاد۔ ناپابند۔ بے قید۔ بے شرط

۲۔ مفت۔ بلاقیمت

فریاد: نالش۔ استغاثہ۔ دہائی۔ فغاں۔ پکار۔ نالہ۔ شیون۔ واویلا۔ آہ و زاری۔ شکایت۔ تظلم۔ تراہ تراہ۔ بکا۔ نوحہ۔ آہ و فغاں۔ چیخ پکار۔ غیاث۔ آہ

فریادرس: غیاث۔ غوث۔ دادرس۔ دادگر۔ عدل گستر۔ عادل۔ منصف

فریادرسی: دادرسی۔ دادگری۔ انصاف۔ عدل۔ عدل گستری۔ انصاف پروری

فریادی: دادخواہ۔ انصاف پژوہ۔ طالب انصاف۔ نالاں۔ فریاد کناں۔ مستغیث۔ سائل

فریب: دھوکا۔ دغا۔ چھل۔ چکما۔ دم۔ جھانسا۔ عیاری۔ مکاری۔ کید۔ حیلہ۔ خدعہ۔ ڈھونگ۔ زُوَر۔ چھل۔ بھرّا۔ پھر پھند۔ روباہی۔ روباہ بازی۔ مکر۔ وُروہ۔ جُل۔ جُتّ۔ تزویر۔ سراب۔ ٹانور۔ بتولا۔

پھینک۔ختل۔چکر۔کپٹ۔جال۔ڈورا

دل فریب — نظر فریب — دل فریبی — ملک فریب — زاہد فریب — خاطر فریب — ابلہ فریب — شبان فریب

فریبی: دھوکے باز۔ دغا باز۔ چھل باز۔ چھکے باز۔ عیار۔ مکار۔ حیلہ گر۔ خادع۔ خداع۔ مزوّر۔ چھلیا۔ چالیا۔ چالباز۔ روباہ باز۔ فریب کار

فرید: یکتا۔ یگانہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ بے ہمتا۔ بے عدیل۔ لاشریک۔ لامثال۔ لاجواب

فریس: صاحبِ فراست۔ فرزانہ۔ زیرک۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ فہیم۔ فہمیدہ۔ دانا۔ دانش مند۔ ذکی۔ ذہین۔ بدھی وان۔ سمجھدار۔ تمیزدار۔ باشعور

فریضہ: فرض۔ ذمہ داری۔ حق۔ کارِ منصبی۔ کارِ مفوضہ۔ ڈیوٹی

فریفتگی: ا۔شیفتگی۔ والہیت۔ عشق۔ محبت۔ چاہت۔ پریم۔ پریت۔ پیت
۲۔فریب خوردگی

فریفتہ: ا۔شیفتہ۔ والہ۔ عاشق۔ شیدا۔ محب۔ پریمی
۲۔فریبیدہ۔ فریب خوردہ

فریق: ا۔گروہ۔ جماعت۔ جتھا۔ ٹولا۔ زمرہ۔ حزب
۲۔جانب۔ طرف۔ مدعی۔ مدعا علیہ

فریم: چوکھٹا۔ ڈھانچا۔ پنجر۔ ڈھچر۔ کالبد۔ قالب

فساد: ا۔لڑائی۔ جھگڑا۔ نزاع۔ ہنگامہ۔ شورش۔ بلوا۔ دنگا۔ دنگا
۲۔اختلاف۔ نفاق۔ پھوٹ۔ تفرقہ۔ فتنہ
۳۔خلل۔ خرابی۔ بگاڑ۔ تخریب۔ شر۔ شرارت۔ میٹ۔ بیت۔ بھیت۔ کینہ۔ بغض۔ عداوت
۴۔خلفشار۔ انتشار۔ فتنہ۔ گڑبڑ۔ بدنظمی
۵۔شور و غل۔ اودھم۔ غوغا

فسادی: مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ فساد انگیز۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ پرداز۔ متفنّی۔ خلل انداز۔ شرارتی۔ شریر۔ شرانگیز۔ دنگئی۔ جھگڑالو۔ بکھیڑیا

فسانہ: قصہ۔ کہانی۔ داستان۔ اُسطورہ۔ حکایت۔ سرگذشت۔ ماجرا

فسانۂ غم — فسانۂ دل — فسانۂ ہائے — فسانۂ حال

فِسق: نافرمانی۔ گناہ۔ پاپ۔ اپلادھ۔ بے راہ روی۔ گمراہی۔ بدکاری۔ بدکرداری۔ بدچلنی

فشار: دباؤ۔ بھاؤ۔ بھیچ۔ تنگی۔ سختی۔ بے بسی۔ ضغطہ

فشارِ خون: ضغطۂ دموی۔ بلڈ پریشر۔ فشارِ الدم

فصاحت: خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ خوش گفتاری۔ شیریں کلامی۔ عذوبت بیانی۔ کشادہ سخنی

فصد: نشتر زنی۔ رگ کشائی۔ جراحی۔ پچھنا۔ سینگی۔ اخراجِ خون

فصل: ا۔فاصلہ۔ بُعد۔ دوری۔ جدائی۔ فراق۔ فرقت
۲۔باب۔ ادھیائے۔ عنوان
۳۔رُت۔ موسم۔ سماں۔ سیزن۔ وقت۔ زمانہ

۴۔ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب۔ رکاوٹ
۵۔ پیداوار۔ غلہ۔ اناج۔ بار۔ ثمر۔ حاصل

فصلی: موسمی

* فصلی بخار — فصلی بہڑوا — فصلی سال — فصلی کوا — فصلی بٹیرا — فصلی میوہ

فصیح: خوش بیان۔ خوش کلام۔ خوش گفتار۔ شیریں کلام۔ شیریں بیان۔ شیریں گفتار۔ عذب البیان۔ طلیق اللسان۔ تر زبان

فصیل: حصار۔ احاطہ۔ گھیر۔ گھیرا۔ شہر پناہ۔ چوگردہ۔ چار دیواری۔ گردہ۔ قلعہ۔ کوٹ۔ گڑھ

فضا: فراخی۔ کشادگی۔ بہار۔ رونق۔ کیف۔ جو۔ خلا۔ ماحول

فضائیہ: ہوائی فوج۔ ایئر فورس

فضل: ۱۔ بیشی۔ زیادتی۔ افزونی۔ افزائش
۲۔ علم۔ ہنر۔ جوہر۔ دانش۔ دانائی۔ حکمت
۳۔ بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی
۴۔ مہربانی۔ بخشش۔ عنایت۔ رحم۔ دیا

فُضلہ: ۱۔ پس خوردہ۔ بچوک۔ پس ماندہ
۲۔ غلاظت۔ گندگی۔ براز۔ بول۔ نجاست۔ گُو۔ چھی۔ چھی چھی

فضول: ۱۔ زائد۔ فالتو
۲۔ بے فائدہ۔ لاحاصل۔ بے کار۔ عبث۔ دور از کار۔ ناکارہ۔ نکما۔ ردی
۳۔ لایعنی۔ لغو۔ بے ہودہ۔ بے معنی۔ مہمل۔ واہیات

فضول خرچ: مُسرف۔ مبذر۔ کھاؤ۔ اُڑاؤ۔ لُٹاؤ۔ بگاڑُو۔ لکھ لُٹ۔ شاہ خرچ۔ خرچیلا
فضول خرچی: بے جا خرچ۔ اسراف۔ تبذیر۔ صرفِ بے جا
فضول گو: بے ہودہ گو۔ لغو گو۔ بکواسی۔ بکی۔ مہمل گو۔ یاوہ گو
فضول گوئی: بے ہودہ گوئی۔ لغو گوئی۔ بکواس۔ بک بک۔ مہمل گوئی۔ یاوہ گوئی

فضیحت: رسوائی۔ ذلت۔ خواری۔ بے عزتی۔ بدنامی

فضیلت: ۱۔ بزرگی۔ بڑائی۔ برتری۔ تفوق۔ فوقیت۔ شرف۔ سبقت۔ تفضیل۔ ترجیح
۲۔ علم۔ ہنر۔ دانش۔ وِدّیا۔ علمیت
۳۔ نیکی۔ خوبی۔ نکوئی۔ عمدگی
۴۔ کمال۔ لیاقت۔ قابلیت۔ مہارت

فضیلت مآب: صاحبِ فضیلت۔ صاحبِ مرتبہ۔ گرامی قدر۔ ہز ایکسی لینسی

فطانت: ذہانت۔ ذکاوت۔ زیرکی۔ فراست۔ دانائی۔ عقل مندی۔ فرزانگی۔ چترائی۔ براقی۔ تیز طبعی۔ نکتہ رسی۔ دقیقہ رسی

فطرانہ / فطرہ: صدقۂ فطر۔ صدقۂ عیدالفطر۔ شکرانۂ رمضان۔ ہدیۂ تشکر

فطرت: ۱۔ آفرینش۔ خلقت۔ تخلیق۔ پیدائش۔ قدرت
۲۔ خمیر۔ سرشت۔ طینت۔ جبلت۔ طبیعت۔ گھٹی۔ نیچر۔ طبع۔ مزاج۔ سیرت۔ خصلت۔ خو۔ عادت۔ سبھاؤ
۳۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ چترائی۔ عقل مندی
۴۔ مکر۔ مکاری۔ عیاری۔ فریب۔ چال بازی
۵۔ سازش۔ ساز باز۔ سانٹھ گانٹھ۔ آنٹ سانٹ
۶۔ شرارت۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ پروری۔ شر انگیزی۔ مفسدہ پردازی

فطرتی: ۱۔ خلقی۔ پیدائشی۔ قدرتی۔ طبعی۔ جبلی۔
۲۔ دانا۔ ہوشیار۔ چالاک۔ بیتز۔ عقل مند
۳۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔ چال باز۔ فریب کار
۴۔ سازشی
۵۔ شریر۔ شرارتی۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ شرانگیز۔ پتفتی

فطری: قدرتی۔ خلقی۔ پیدائشی۔ جبلی۔ طبعی

فطین: ذہین۔ ذکی۔ زیرک۔ فریس۔ دانا۔ فرزانہ۔ عقل مند۔ چتر۔ چالاک۔ براق۔ تیزطبع۔ نکتہ رس۔ دقیقہ رس

فعال: کارپرداز۔ کارفرما۔ کارکن۔ سرگرم۔ خودمختار۔ عملبیرا۔ باعمل۔ عامل

فعالیت: کارپردازی۔ کارفرمائی۔ سرگرمی۔ خودمختاری

فعل: ۱۔ کام۔ کاج۔ کار۔ عمل۔ حرکت
۲۔ لچھن۔ کرتوت
۳۔ حیلہ۔ بہانہ

فعلیا: مکار۔ عیار۔ فریبی۔ فریب کار۔ چالباز۔ فطرتی۔ لٹے باز۔ بدکار۔ بداعمال۔ بدکردار

فغاں: ۱۔ نالہ۔ فریاد۔ آہ۔ بکا۔ زاری۔ شیون۔ دہائی
۲۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ واویلا۔ چیخ پکار

فغانی: ۱۔ نالاں۔ فریادی۔ فریادکناں
۲۔ غوغا آرا۔ شورانگیز

فق: پژمردہ۔ اداس۔ سراسیمہ۔ حیران۔ پریشان۔ مبہوت۔ متحیر

ہکابکا

فقدان: عدم۔ نیستی۔ نایابی۔ غیرموجودگی۔ نابودی۔ توڑا۔ گھاٹا۔ نقصان۔ گم شدگی۔ گم گشتگی۔ کمی۔ ٹوٹ۔ اَن ہوت۔ کال۔ قحط

فقدانِ صحت — فقدانِ علم — فقدانِ عقل — فقدانِ اخلاق — فقدانِ زر — فقدانِ آرام — فقدانِ عدل — فقدانِ ایم — فقدانِ نگاہ

فَقر: ۱۔ افلاس۔ ناداری۔ تہی دستی۔ عسرت۔ بے مائگی۔ قلاشی۔ بے بضاعتی
۲۔ درویشی۔ قلندری۔ ترکِ دنیا۔ ترکِ علائق۔ جوگ۔ فقیری

فِقرہ: ۱۔ جملہ۔ جزوِ کلام۔ پارۂ عبارت۔ مجموعۂ الفاظ
۲۔ مہرہ۔ استخوانِ پشت۔ ریڑھ
۳۔ بے اصل بات۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا۔ چال
۴۔ پھبتی

فقرہ باز: فریبی۔ فریب کار۔ مکار۔ عیار۔ دھوکے باز۔ چال باز۔ دغا باز۔ جگت باز
فقرہ بازی: فریب کاری۔ مکاری۔ عیاری۔ دھوکے بازی۔ چالبازی۔ دغابازی۔ جگت بازی۔ ضلع جگت

فَقَط: ۱۔ صرف۔ محض۔ تنہا۔ اکیلا۔ نِرا
۲۔ بس۔ ختم شد۔ تمت۔ خاتمہ۔ انت

فِقہ: ۱۔ سمجھ۔ فہم۔ بُدھ۔ دانائی
۲۔ استنباطِ مسائل۔ استخراجِ مسائل۔ تحقیقِ مسائل۔ قانونِ شریعت۔ احکامِ شریعت

مَفقود: معدوم۔ نایاب۔ نیست۔ نابود۔ گم گشتہ۔ گم شدہ۔ غیرموجود

ناموجود ۔ عدیم

فقیدالمثال: بے مثال ۔ عدیم المثال ۔ لامثال ۔ بے نظیر ۔ لاجواب ۔
لاثانی ۔ بے عدیل ۔ بے ہمتا ۔ لاشریک ۔ عدیم النظیر ۔ یکتا ۔
یگانہ ۔ فرید ۔ بے مثل

فقیر: ۱۔ مفلس ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ تہی مایہ ۔ بے مایہ ۔ بے زر ۔
بختہ خوار ۔ بے بضاعت ۔ غریب ۔ قلاش ۔ کنگال ۔ محتاج ۔
۲۔ گداگر ۔ گدیہ گر ۔ دریوزہ گر ۔ بھکاری ۔ منگتا ۔ سائل ۔ گدا ۔
سپاسی ۔ بھک منگا ۔ کاسہ لیس ۔ ٹکڑ گدا ۔ کاسہ گرداں
۳۔ درویش ۔ قلندر ۔ خدارسیدہ ۔ تارکِ دنیا ۔ تارکِ علائق ۔
جوگی ۔ سادھو ۔ درویز ۔ دردیزہ ۔ دریوزہ ۔ درویش ۔ سائیں ۔
گسائیں

فقیری: ۱۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ تہی مایگی ۔ بے مایگی ۔
بے بضاعتی ۔ غریبی ۔ غربت ۔ قلاشی ۔ محتاجی ۔ بے زری
۲۔ گداگری ۔ گدیہ گری ۔ دریوزہ گری
۳۔ درویشی ۔ قلندری ۔ ترکِ دنیا ۔ ترکِ علائق ۔ جوگ

فقیہہ: ۱۔ فہیم ۔ سمجھدار ۔ دانا ۔ عقل مند
۲۔ عالمِ شریعت ۔ ماہرِ مسائلِ شرعیہ ۔ مجتہد

فک: ۱۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ چھٹکارا ۔ نجات
۲۔ علیحدگی ۔ جدائی ۔ تفریق

فکاہت: خوش طبعی ۔ زندہ دلی ۔ خوش دلی ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ مزاح ۔
ظرافت

فکر: ۱۔ تفکر ۔ تدبر ۔ سوچ ۔ بچار ۔ دچار ۔ خیال ۔ اندیشہ ۔ دھیان ۔
غور ۔ تدبیر ۔ تامل ۔ خوض ۔ عاقبت اندیشی ۔ استنباط
۲۔ تردد ۔ تشویش ۔ گھبراہٹ ۔ دبدھا ۔ خدشہ ۔
چنتا ۔ پروا ۔ خطرہ ۔ شک و شبہ ۔ خلجان ۔ وسواس ۔ ادھیڑبن
۳۔ حاجت ۔ احتیاج ۔ ضرورت
۴۔ رنج ۔ غم ۔ اندوہ ۔ حزن ۔ پریشانی ۔ خلش

فکرمند: متفکر ۔ متذبذب ۔ مشوش ۔ پریشاں ۔ غمگیں ۔ ملول ۔
رنجیدہ

فکرمندی: تذبذب ۔ تشویش ۔ پریشانی ۔ غمگینی ۔ رنجیدگی ۔ ملال ۔
حزن

فکر و تدبر ـــ فکر و خیال ـــ فکرِ وطن ـــ
فکرِ مذہب ـــ فکرِ قوم ـــ فکرِ ملک ـــ فکرِ بزرگاں
ـــ فکرِ فردا ـــ فکرِ جہاں ـــ فکرِ عقبیٰ ـــ
فکرِ دنیا ـــ فکرِ عوام ـــ فکرِ سفر ـــ فکرِ معاشرہ
ـــ فکرِ تمدن ـــ فکرِ تہذیب ـــ فکرِ تعلیم

فگار: زخمی ۔ مجروح ۔ گھائل ۔ زخم خوردہ ۔ بسمل

فلاح: خیریت ۔ عافیت ۔ بہتری ۔ بہبود ۔ بھلائی ۔ سلامتی ۔ بچاؤ ۔
حفاظت ۔ صیانت

فلاحت: کھیتی ۔ کاشت کاری ۔ کھیتی باڑی ۔ زراعت

فلاکت: ۱۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ غریبی ۔ غربت ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔
تہی مایگی ۔ بے مایگی ۔ بے بضاعتی ۔ قلاشی
۲۔ ادبار ۔ نحوست ۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ تکلیف ۔ بدحالی

فلاکت زدہ: ۱۔ مفلس ۔ غریب ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ تہی مایہ ۔ بے مایہ
بے بضاعت ۔ قلاش ۔ کنگال ۔ محتاج ۔ بے زر
۲۔ مصیبت زدہ ۔ مُدبِر ۔ نحوست زدہ ۔ دکھی ۔ خستہ حال ۔
بدحال ۔ بے چارہ

فلسفہ : فلاسفی۔ حکمت۔ دانائی۔ علمِ موجودات۔ علم التفکر۔ علم الکلام۔ علمِ استدلال۔ علمِ اسباب و نتائج۔ تدبّر۔ تفکّر

بافلسفہ ـــ ذی فلسفیت ـــ سرِفلسفہ ـــ بے فلسفہ
ـــ زرِفلسفہ ـــ غیرفلسفی ـــ صاحبِ فلسفہ ـــ
صدرِ فلسفیت ـــ غیرفلسفیانہ ـــ لافلسفی ـــ غیر
فلسفیت ـــ ما فلسفہ ـــ لافلسفیانہ ـــ ما
فلسفی ـــ نافلسفی ـــ نوفلسفی ـــ نافلسفیانہ
ـــ زرفلسفہ ـــ نیم فلسفہ ـــ نیم فلسفی ـــ نیم
فلسفیانہ ـــ ہم فلسفہ ـــ پُرفلسفہ ـــ فلسفی
ـــ فلسفیہ ـــ فلسفیانہ ـــ فلسفہ جُو ـــ
فلسفہ جوئی ـــ فلسفہ چیں ـــ فلسفہ چینی ـــ
فلسفہ خیزی ـــ فلسفہ خانہ ـــ فلسفہ دار ـــ
فلسفہ خواں ـــ فلسفہ خوانی ـــ فلسفہ داں ـــ
فلسفہ راں ـــ فلسفہ ریز ـــ فلسفہ زا ـــ
فلسفہ خیز ـــ فلسفہ رس ـــ فلسفہ ساز ـــ فلسفہ
سوز ـــ فلسفستان ـــ فلسفہ سنج ـــ فلسفہ شکن
ـــ فلسفہ شناس ـــ فلسفہ طراز ـــ فلسفہ کار
ـــ فلسفہ کش ـــ فلسفہ کشا ـــ فلسفہ کوش ـــ
فلسفہ کن ـــ فلسفہ گر ـــ فلسفہ دشمن ـــ فلسفی صورت
ـــ فلسفی دماغ ـــ فلسفی سیرت ـــ فلسفی رد
ـــ فلسفہ شعار ـــ فلسفی صفت ـــ فلسفی مزاج
فلسفہ کیش ـــ فلسفی مشرب ـــ فلسفی منش ـــ
فلسفی نظر ـــ فلسفی نامہ ـــ فلسفہ گستر ـــ فلسفہ
گاہ ـــ فلسفہ گداز ـــ فلسفہ زار ـــ فلسفہ گر
ـــ فلسفہ مند ـــ فلسفہ گریزی ـــ فلسفی مان ـــ
فلسفہ مندی ـــ فلسفہ ناک ـــ فلسفہ نگار ـــ
فلسفہ نواز ـــ فلسفہ نویس ـــ فلسفہ ور ـــ فلسفہ
کاوی ـــ فلسفہ کار ـــ خام فلسفہ ـــ کج فلسفہ ـــ
فلسفہ آشنا ـــ فلسفی پرداز ـــ فلسفی خیال ـــ
فلسفیت ـــ فلسفانیت ـــ فلسفانیہ ـــ فلسفانا

ـــ فلسفایا ـــ فلسفائی ـــ فلسفاؤ ـــ فلسفار ـــ
فلسفانا ـــ فلسفاتی ـــ فلسفانہ ـــ فلسفہ آگاہ ـــ
فلسفیلا ـــ فلسفین ـــ فلسفہ آموز ـــ فلسفینہ ـــ
فلسفہ باز ـــ فلسفہ آگیں ـــ فلسفہ بازی ـــ
فلسفہ آفریں ـــ فلسفہ آفرینی ـــ فلسفہ آرا ـــ
فلسفاری ـــ فلسفہ آرائی ـــ فلسفہ اندوز ـــ فلسفہ
اندوزی ـــ فلسفہ اندیشی ـــ فلسفہ آور ـــ فلسفہ
انگیز ـــ فلسفہ آوری ـــ فلسفہ بیں ـــ فلسفہ پذیر
ـــ فلسفہ پذیری ـــ فلسفہ پرداز ـــ فلسفہ پسند
ـــ فلسفہ پردازی ـــ فلسفہ پرست ـــ فلسفہ
پرستی ـــ فلسفہ پرور ـــ فلسفہ پروری ـــ
فلسفہ پن ـــ فلسفہ تاز ـــ فلسفہ پیرا ـــ فلسفہ
پیرائی ـــ فلسفہ تازی ـــ فلسفہ پیما ـــ فلسفہ پیمائی
ـــ فلسفہ تراش ـــ فلسفہ پاش

فلسفی / فیلسوف : فلاسفر۔ حکیم۔ فلسفہ داں۔ ماہرِ فلسفہ۔ دانا۔ مفکر۔ ماہرِ علمِ موجودات۔ ماہرِ علمِ اسباب و نتائج۔ مدبّر۔ عالمِ موجودات۔ ماہرِ استدلال

فلک : آسمان۔ چرخ۔ گردوں۔ سپہر۔ آکاش۔ گگن۔ سما

فن : ۱۔ ہنر۔ صنعت۔ کاریگری۔ جوہر۔ گُن۔ آرٹ۔ ڈھنگ۔ کرتب۔ استادی
۲۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ حیلہ۔ عیاری۔ صفائی

فن پارہ : نمونۂ فن۔ نمونۂ صنعت۔ نمونۂ کاریگری۔ کارِ ہنرمندی

فن کار : ہنرمند۔ کاری گر۔ صانع۔ صنّاع۔ مصوّر۔ نقاش۔ آرٹسٹ۔ تخلیق کار

فن کاری : ہنرمندی۔ کاری گری۔ صناعی

ہر فن مولا ـــ سحرِ فن ـــ سامری فن ـــ جادو فن ـــ

ہزار فن ــ بہزاد فن ــ ہم فن ــ کامل فن ــ
یکتا فن ــ زہرہ فن ــ مہارت فن ــ شیریں فن
ــ آزاد فن ــ پاکیزہ فن ــ بسیار فن ــ
نازک فن ــ خوش فن

فنا: نیستی۔ نابودی۔ ہلاکت۔ تباہی۔ بربادی۔ زوال۔ خاتمہ۔
انت۔ مرگ۔ موت۔ اجل

فنڈ: سرمایہ۔ مایہ۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت۔ مال۔ روپیہ پیسہ۔
دولت

فنونِ لطیفہ: فنونِ نفیسہ۔ فنونِ شائستہ۔ فائن آرٹس مثلاً مصوری۔
نقاشی۔ موسیقی۔ شاعری۔ تعمیر۔ مجسمہ سازی۔ خطاطی

فواحش: ۱۔ زنانِ بدکار۔ قحبات۔ فاحشات۔ زنانِ بازاری۔ زنانِ
عصمت فروش
۲۔ منکرات۔ ممنوعاتِ شرعیہ۔ سیئات۔ قبائح۔ شنائع۔
افعالِ بد۔ اعمالِ سیئہ۔ اعمالِ بد

فوارا: پھوارا۔ پھہارا۔ پچکاری۔ جوشش۔ ابال۔ چشمہ۔ جھرنا

فوائد: منافعات۔ منافع۔ محاصل

فوت: ۱۔ میت۔ نابود۔ معدوم۔ غیر موجود۔ ختم۔ زائل
۲۔ موت۔ مرگ۔ اجل۔ نابودی۔ نیستی۔ عدم۔ غیر موجودگی۔ رحلت۔
دیہانت۔ خاتمہ۔ زوال۔ انت

فوٹو: تصویر۔ صورت۔ عکس۔ عکسی تصویر۔ فوٹوگراف

فوٹوگرافر: تصویر ساز۔ عکاس
فوٹوگرافی: تصویر سازی۔ عکاسی

فوج: ۱۔ لشکر۔ عسکر۔ سپاہ۔ سینا۔ دل۔ کٹک۔ جنبد۔ جوخ۔ جوخہ۔
گروہان۔ گرہ۔ گران۔ آری
۲۔ گروہ۔ جتھا۔ ٹولا۔ انبوہ۔ ہجوم۔ مجمع۔ جھنڈ

فوج دار: ۱۔ سپہ سالار۔ میرِ لشکر۔ سپاہ دار۔ سردارِ عسکر
۲۔ کوتوال۔ ناظمِ شہر۔ شحنہ۔ عسس
فوج داری: ۱۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد۔ دنگا
۲۔ محکمہ انسدادِ جرائم

فوجی: لشکری۔ عسکری۔ سپاہی

فوراً: فی الفور۔ علی الفور۔ جھٹ پٹ۔ تُرت۔ اسی دم۔ عاجلاً۔
جھٹ۔ دفعتاً۔ جب۔ جلد۔ زود۔ بلا توقف۔ عجل۔ ابھی۔
اسی وقت۔ یک لخت۔ یکدم۔ یکبارگی۔ یک مشت۔ ایکدم۔
یکایک۔ یک بیک۔ ناگاہ۔ بغتتہً

فوری: عاجلہ۔ شتابی۔ بلا تاخیر۔ تُرت۔ معجّل

فوز: کامیابی۔ کامرانی۔ بامرادی۔ نیلِ مرام۔ فتح۔ ظفر۔ کامگاری

فوطہ: ۱۔ خصیہ۔ بیضہ۔ انثیین۔ خایہ۔ انڈ۔ ڈھنڈس۔ کپورا۔ نٹر
۲۔ کمربند۔ پیٹی۔ کمر دوال۔ پٹکا۔ رومال۔ انگوچھا
۳۔ تھیلی۔ تھیلا۔ بدرہ۔ خزانہ
۴۔ محصول۔ خراج۔ لگان۔ مال

فوطہ خانہ: خزانہ۔ خزینہ۔ مخزن۔ گنج۔ گنجینہ۔ مال خانہ
فوطہ دار: خزانچی۔ خزینہ دار۔ خزانہ دار۔ محافظِ گنج۔ تحویل دار
فوطہ داری: خزینہ داری۔ خزانہ داری۔ تحویل داری

فوق: ۱۔ اوپر۔ بر۔ بالا
۲۔ اونچائی۔ بلندی۔ اوج

٢. سبقت۔ تقدم۔ فوقیت۔ بزرگی۔ فضیلت۔ برتری

فوق البشر: ماورائے انسان۔ بالاتر انسان۔ اعلیٰ انسان۔ معجزنما انسان۔ انسانِ کامل۔ حیرت انگیز انسان۔ سپرمین

فوق العادت: فوق الفطرت۔ ماورائے فطرت۔ حیرت انگیز۔ حیرت ناک۔ حیران کن۔ مافوق الفطرت

فوقانی: اوپری۔ بالائی۔ اعلیٰ۔ اونچا۔ بلند۔ رفیع

فوقیت: برتری۔ ترجیح۔ بہتری۔ بزرگی۔ سبقت۔ تقدم

فولاد: ١۔ پولاد۔ اسپات۔ لوہا۔ آہن۔ حدید
٢۔ سخت۔ مضبوط۔ کڑا۔ محکم۔ مستحکم۔ استوار

فولادی: ١۔ آہنی۔ اسپاتی
٢۔ سخت۔ مضبوط۔ کڑا۔ محکم۔ مستحکم۔ استوار

فون: ٹیلی فون۔ ٹیلفون۔ آلۂ بعید الصوت۔ آلۂ دور گوئی

فونوگراف: آلۂ صوت بند۔ مخزنِ صوت۔ گراموفون

فہرس/فہرست: فرد۔ تفصیل نامہ۔ انڈکس۔ برنامہ۔ دونامہ۔ کیٹلاگ۔ چٹھا

فہم: سمجھ۔ بوجھ۔ دانائی۔ ادراک۔ بدھی۔ شعور۔ وقوف۔ درایت۔ تمیز۔ عقل۔ دانش

فہم وادراک — صاحبِ فہم — خوش فہم — کم فہم
— ادافہم — غلط فہم — سخن فہم — کج فہم —
زود فہم — تیز فہم — بلند فہم — عام فہم ——
کند فہم — پست فہمی — عالی فہمی — نافہم ——

تند فہم — تنک فہم

فہمائش: ہدایت۔ نصیحت۔ تلقین۔ پند

فہمیدگی: سمجھداری۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ عقلمندی۔ تمیزداری۔ سنجیدگی۔ باشعوری

فہمیدہ: سنجیدہ۔ سمجھدار۔ دانا۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ تمیزدار۔ فہیم۔ باشعور۔ سوجھ وان

فہیم: صاحبِ فہم۔ صاحبِ ادراک۔ سمجھدار۔ دانا۔ ہوشیار۔ بدھی وان۔ عقلمند۔ باشعور۔ باتمیز

فی: ١۔ بیچ۔ اندر۔ در۔ درون۔ اندرون۔ درمیان
٢۔ ہر۔ ایک۔ مع۔ ساتھ۔ گیل
٣۔ نقص۔ عیب۔ سقم۔ کھوٹ۔ خامی

فی الاصل: دراصل۔ اصلاً۔ درحقیقت۔ فی الحقیقت۔ فی الواقع۔ حقیقۃً۔ واقعۃً

فی البدیہہ: بداہۃً۔ ارتجالاً۔ فوراً۔ بلاتامل۔ برجستہ

فی الجملہ: ١۔ القصہ۔ الغرض۔ مختصراً۔ قصہ مختصر۔ بالاختصار۔ غرضکہ۔ حاصلِ کلام
٢۔ قریب قریب۔ قریباً۔ کم وبیش

فی الحال: سردست۔ بالفعل۔ ابھی۔ اسی وقت۔ اسی دم۔ فی الوقت

فی الحقیقت: درحقیقت۔ حقیقۃً۔ دراصل۔ فی الاصل۔ فی الواقع۔ واقعۃً

فی الفور: علی الفور۔ فوراً۔ معاً۔ ترت۔ شتاب۔ جلد۔ عاجلاً

فی المثل: بطورِ مثال۔ مثلاً

فی الواقع: فی الحقیقت۔ فی الاصل۔ واقعۃً۔ حقیقۃً۔ اصلاً۔ دراصل۔ درحقیقت

فی زمانا/زمانہ: دریں زمانہ۔ دریں وقت۔ دریں ولا۔ ان دنوں۔

آج کل

فی نفسہ: فی ذاتہ۔ فی الاصل۔ دراصل۔ بذاتہ

فیاض: فیض بخش۔ سخی۔ کریم۔ کرم گستر۔ جواد۔ سیر چشم۔ دریادل۔ داتا۔ دانی۔ فیض رساں۔ دیالو

فیاضی: فیض بخشی۔ فیض رسانی۔ سخاوت۔ کریمی۔ کرم گستری۔ جود۔ دریادلی۔ دیا

فیروز/فیروز مند: پیروز۔ کامیاب۔ کامران۔ ظفر مند۔ ظفریاب۔ مظفر۔ فاتح۔ فتح مند۔ کامگار

فیروز بخت: خوش بخت۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ اقبال مند۔ طالع مند۔ بختاور۔ بھاگوان
فیروز بختی: خوش بختی۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی۔ اقبال مندی۔ طالع مندی۔ بختاوری

فیروزی: ۱۔ فیروز مندی۔ کامیابی۔ کامرانی۔ فتح۔ ظفر۔ غلبہ۔ کامگاری
۲۔ نیلگوں۔ زمردیں

فیس: اجرت۔ محنتانہ۔ معاوضہ۔ حق الخدمت۔ حق المحنت۔ صلہ۔ نذرانہ

فیشن: رواج۔ چلن۔ وضع۔ ڈھنگ۔ انداز

فیصلہ: ۱۔ انفصال۔ تصفیہ۔ نپٹاؤ۔ چکوتا۔ نبیڑا۔ نبٹاؤ
۲۔ نگھٹان۔ بے باقی۔ نپٹاؤ
۳۔ سمجھوتا۔ مفاہمت۔ صلح۔ مصالحت۔ راضی نامہ۔ رفع تکرار۔ صفائی۔ بیچ بچاؤ۔ پرچھا
۴۔ فتویٰ۔ حکم۔ تجویز

فیض: ۱۔ فائدہ۔ مفاد۔ منفعت۔ نفع۔ نیکی۔ عنایت۔ مہربانی۔ کرم۔ جود۔ سخا۔ بخشش
۲۔ بہاؤ۔ اجرا۔ روانی

فیض بخش/رساں/گستر: مفیض۔ مفید۔ فیاض۔ کرم فرما۔ کرم گستر۔ کریم۔ جواد۔ سخی۔ دانی۔ داتا۔ دیالو
فیض بخشی/رسانی/گستری: افاضہ۔ افادہ۔ فیاضی۔ کرمفرمائی۔ کرم گستری۔ کریمی۔ جود۔ سخا۔ عطا۔ دان۔ دیا
فیض یاب: مستفیض۔ مستفید۔ نفع یاب
فیض یابی: استفاضہ۔ استفادہ۔ نفع یابی

فیضان: ۱۔ بہتات۔ کثرت۔ افراط۔ وفور۔ بیشی۔ افزونی
۲۔ بخشش۔ عنایت۔ کرم۔ عطا۔ جود۔ سخا۔ خیرِ کثیر۔ کرمِ عام

فیکٹری: کارخانہ۔ کارگاہ۔ صنعت گاہ۔ دارالصنعت۔ پلانٹ۔ مل۔ ورکشاپ

فیل: مکر۔ فریب۔ مکاری۔ عیاری۔ شرارت۔ دھوکا۔ دغا۔ زُور۔ دکھاوا

فیل پایا: مکار۔ فریبی۔ فریب کار۔ عیار۔ دھوکے باز۔ دغاباز۔ مزوّر۔ چال باز۔ ناہنجار

فیل: ناکام۔ ناکامیاب۔ نامراد

فِیل: ہیل۔ ہاتھی۔ گج۔ فیلہ۔ پیلہ۔ مہرۂ شطرنج

فیل بان: مہاوت۔ ہتھوان

فیل دماں ___ فیلِ مست ___ فیل جوشاں ___

فیلِ ہندوستان ۔ فیل چوں قلعہ آہن ۔ فیل پشت ۔ فیل آراستہ ۔ فیل چوں دریائے نیل ۔ فیلِ آنکس شناس ۔ فیل گراں ڈیل ۔ فیل گنبد بدن ۔ فیلِ بے خرطوم ۔ فیلِ اژدہا خرطوم ۔ فیلِ رنگیں پیشانی ۔ فیل چوں کشتی آبنوس ۔ فیلِ سبک رو ۔ خزینۂ فیل ۔ ہودۂ نفیس ۔ سازِ فیل ۔ زیورِ فیل ۔ فیل نشینی

فیلی: خاندان۔ کُنبہ گھرانا۔ اہل وعیال۔ اہلِ خانہ۔ نسب۔ نسل۔ نژاد۔ جنس۔ دودمان۔ تبار۔ خانوادہ

لکھنؤ کے ایک معرکۃ الآرا مشاعرے میں حسنِ اتفاق سے آتش و ناسخ مع اپنے شاگردوں کے تشریف لائے ۔ میاں مصحفی استادِ آتش مرحوم سے بھی وعدہ تھا مگر وہ ابھی مشاعرے میں نہ آتے تھے ۔ مشاعرہ شروع ہوا ۔ ایک نومشق کم سن لڑکے نے ایک مطلع پڑھا ۔ وہ مطلع یہ تھا ؂

جس کم سخن سے میں کروں تقریر بول اٹھے
مجھ میں کمال وہ ہے کہ تصویر بول اٹھے

اس پر مشاعرے کی چھتیں اُڑ گئیں اور ناسخ مرحوم نے کئی بار اس مطلع کو پڑھوایا اور اس لڑکے کو خلافِ معمول بے حد داد دی ۔ اس کے پڑھ لینے کے بعد میاں مصحفی بھی تشریف لائے ۔ اہلِ بزم تعظیم کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے اور صدر میں آپ کو جگہ دی ۔ شیخ صاحب نے اپنے دل میں یہ عزم کر لیا کہ جب استاد مصحفی کی باری آئے تو میں ان کو نیچا دکھاؤں ۔ چنانچہ جب سب کے آخر میں شمع گردش کرتی ہوئی ان کے سامنے آئی ۔ ناسخ نے کہا کہ استاد آپ کے تشریف لانے سے قبل (لڑکے کی طرف اشارہ کرکے) اس لڑکے نے ایسا بے مثال مطلع پڑھا جس کی تعریف میں زبان قاصر ہے ۔ مصحفی نے کہا ہاں میاں پڑھا ہوگا ۔ کہا کہ میری خواہش ہے کہ آپ بھی سن لیں ۔ یہ کہہ کر اشارہ کیا اور ان کے ایک شاگرد نے استاد مصحفی کے آگے سے شمع اٹھا کر اس لڑکے کے آگے رکھ دی اور لڑکے سے مخاطب ہو کر کہا کہ میاں ذرا اپنا مطلع استاد کو بھی سنا دو ۔ اس نے پھر وہی مطلع پڑھا ۔ آتش مرحوم اپنے استاد کے آگے سے شمع اٹھوا لینے پر آگ ہو گئے اور ناسخ سے مخاطب ہو کر کہا کہ کیا ایک غلط مطلع پر اس قدر ناز کیا جاتا ہے ۔ تصویر کا کم سخن ہونا دور از قیاس ہے ۔ اسی وقت اصلاح دے کر لڑکے سے مخاطب ہو کر کہا میاں اسے یوں پڑھو ۔

جس بےزباں سے میں کروں تقریر بول اٹھے
مجھ میں کمال وہ ہے کہ تصویر بول اٹھے

آتش مرحوم کی اس جودت پر میاں مصحفی دل میں اچھل پڑے اور شیخ صاحب صورتِ تصویر خاموش ہو گئے ۔

قاب: تھال۔ تھالی۔ رکابی۔ طباق۔ تشتری۔ پلیٹ

قابض: قبضہ دار۔ مسلط۔ دخیل۔ متصرف۔ متسلط

قابض الارواح: فرشتۂ اجل۔ فرشتۂ مرگ۔ فرشتۂ موت۔ یم۔ یم۔ ملک الموت۔

قابل: ۱۔ لائق۔ اہل۔ سزاوار۔ عالم۔ صاحبِ لیاقت۔ گنی۔ گنوان
۲۔ دانا۔ عقل مند۔ دانش مند۔ فاضل۔ ہوشیار۔ تجربہ کار۔ صاحبِ استعداد۔ باصلاحیت۔ ہنرمند۔ ہنرور۔ عاقل۔ فہیم۔ آزمودہ کار۔ علیمی

قابلِ دید — قابلِ ذکر — قابلِ عمل — قابلِ غور

قابلہ: دائی۔ جنائی۔ دایہ۔ آیا

قابلیت: ۱۔ لیاقت۔ اہلیت۔ صلاحیت۔ استعداد۔ سزاواری۔ علمیت
۲۔ دانائی۔ عقل مندی۔ دانش مندی۔ ہوشیاری۔ تجربہ کاری۔ ہنرمندی۔ ہنروری۔ آزمودہ کاری۔ شائستگی۔ رسائی ذہن۔ سلیقہ

قابو: زور۔ بس۔ طاقت۔ قدرت۔ برتا۔ مقدور۔ اختیار۔ قبضہ۔ تصرف۔ تسلط۔ دسترس۔ پہنچ۔ رسائی۔ پٹھا۔ ضبط

قابوچی: ۱۔ دربان۔ پاسبان۔ بواب۔ چوکیدار۔
۲۔ کمینہ۔ سفلہ۔ پاجی۔ ذلیل۔ رذیل۔ غاصب
۳۔ بدذات۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر۔ شقی۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ شریر۔ شرارتی
۴۔ خودغرض۔ بندۂ غرض۔ مطلب پرست۔ مطلبی

قاتل: کشندہ۔ گھاتک۔ سفاک۔ جلاد۔ خونی۔ جان لیوا۔ مہلک۔ مارنہار۔ ہلاہل۔ ہلاک کنندہ۔ مارک۔ ہتیارا۔ مارند

قادر: صاحبِ قدرت۔ قدیر۔ زبردست۔ غالب۔ طاقت ور۔ قوی۔ توانا۔ شکتی مان۔ بلوان۔ مقتدر۔ صاحبِ اختیار۔ زورآور

قادرالکلام: ماہرِ کلام۔ ماہرِ زبان۔ زبان آور۔ لسّان
قادرالکلامی: قدرتِ کلام۔ قدرتِ بیان۔ مہارتِ زبان۔ زبان آوری۔ لسانی

قارورہ: ۱۔ شیشہ۔ شیشی۔ کپی
۲۔ (مجازاً) پیشاب۔ بول۔ شاشہ۔ موت

قاش: ۱۔ پھانک۔ قتلہ۔ قتلی۔ ٹکڑا۔ تراشہ۔ پھاڑی۔ شریحہ۔

حصہ۔ قطعہ
۲۔ بھوں۔ ابرو۔ بھرٹا
۳۔ بادل۔ ابر۔ سحاب۔ غمام۔ گھن

قاصد: ایلچی۔ پیک۔ پیامی۔ پیامبر۔ پیغام بر۔ سفیر۔ نامہ بر۔ ڈاکیا۔ ہرکارہ۔ رسول۔ دوت۔ چٹھی رساں۔ پیون۔ چپراسی۔ پایک۔ نامہ آور۔ پیغام گزار۔ پیغام رساں۔ راہ گر۔ رہ انجام۔ رہ نورد۔ منزل نورد۔ دشت نورد۔ جریدہ گرد۔ بادیہ پیما۔ راہ سنج۔ بیاباں گرد۔ جہاں گرد۔ کبوتر۔ فرستادہ۔ برید۔ راہ پرست۔ منزل شناس۔ نامہ کش۔ آورندہ

قاصدِ سبک رفتار — قاصدِ ہزار مژدہ — قاصدِ مژدہ رساں — قاصدِ تیز رَو — قاصدِ تیز گام — قاصدِ صبا رفتار — قاصدِ سبک خیز — قاصدِ سست پے — قاصدِ گرم رَو — قاصدِ فرخ فال — قاصدِ خجستہ رفتار — قاصدِ ہوا نورد — قاصدِ صبا — قاصدِ راہ — قاصدِ آرزو — قاصدِ گردباد — قاصدِ آہ — قاصدِ نالہ — قاصدِ رُوح — قاصدِ جاں — قاصدِ نسیم — قاصدِ بادِ شمال — قاصدِ برق — قاصدِ روح نواز — قاصدِ یار — قاصدِ نویدِ وصل — قاصدِ دروغ باف — قاصدِ خیر

قاصر: ۱۔ قصوروار۔ تقصیروار۔ کوتاہی کنندہ
۲۔ مجبور۔ معذور۔ ناچار۔ بے بس۔ بے چارہ

قاضی: ۱۔ فیصل۔ منصف۔ حاکمِ عدالت۔ جج
۲۔ صاحبِ ردا
۳۔ نکاح خواں۔ عقد خواں

قاضیٔ چرخ / فلک: مشتری۔ برجیس۔ برہسپت

قاطع: بُراں۔ منقطع۔ ناطق۔ فیصلہ کن۔ خاتم۔ دافع

قاطع الطریق: راہ زن۔ راہ مار۔ بٹ مار۔ قزاق۔ ڈاکو۔ لٹیرا۔ بے راہ رَو

قاعدہ: ۱۔ اصل۔ بنیاد۔ اساس۔ بیں۔ نیو۔ پیندا
۲۔ دستور۔ آئین۔ طریق۔ ضابطہ۔ شرع۔ اصول۔ قانون۔ گُر۔ کلیہ۔ فارمولا
۳۔ طرز۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ انداز۔ اسلوب
۴۔ رسم۔ رواج۔ ریت۔ چلن۔ روش۔ چال۔ سرشتہ
۵۔ عادت۔ خُو۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ فطرت۔ سبھاؤ۔ خلقت
۶۔ ابتدائی کتاب۔ پرائمر

قاعدہ داں: قانون داں۔ آئین داں۔ واقفِ دستور۔ واقفِ ضابطہ
قاعدہ دانی: قانون دانی۔ آئین دانی۔ واقفیتِ دستور۔ واقفیتِ ضابطہ

قافلہ: کارواں۔ گروہِ مسافراں۔ گروہِ سیاحاں۔ ساتھ۔ سپاہ۔ رعیر۔ میدانی

قافلہ سالار — قافلۂ حیات — قیامِ قافلہ

قافیہ: تُک۔ ہم وزن لفظ۔ فاصلہ۔ سجع

قافیہ پیما: تک بند
قافیہ پیمائی: تک بندی
قافیہ سنج: موزوں طبع۔ شاعر۔ ناظم۔ سخنور۔ کوی۔ سخن ور
قافیہ سنجی: موزوں طبعی۔ شاعری۔ موزونیٔ طبع۔ نظم گوئی

قافیہ بندی — قافیہ شائگاں — [illegible]

قال: حرف۔ کہاوت۔ مقولہ۔ قول۔ کہن۔ بات۔ گفتگو۔ گفتار۔ بحث۔ مباحثہ۔ مناظرہ

قالب: ۱۔ سانچا۔ ڈھانچا۔ ڈھچر۔ کالبد۔ کلبوت۔ چوکھٹا۔ پیکر
۲۔ جسم۔ بدن۔ تن

قالین: قالیچہ۔ غالیچہ۔ فرش۔ بچھونا

قامت: قد۔ ڈیل۔ اُٹھان۔ بلندیٔ جسم۔ طولِ جسم

قامتِ ناز — قیامتِ قامت — قامتِ فتنہ انگیز — سروقامت — قامتِ دل کش — پری قامت — قامتِ فتنہ گر — قامتِ راست — شمشاد قامت — قامتِ الف — صنوبر قامت — قامتِ گلبن — قامتِ نخل — قامتِ نارون — قامتِ شاخِ گل — قامتِ رعنا

قاموس: ۱۔ بحر۔ سمندر۔ ساگر۔ یم۔ محیط
۲۔ لغت۔ لغات۔ فرہنگ۔ شبد کوش۔ شبد ساگر
۳۔ دائرۃ المعارف۔ مخزن العلوم۔ انسائیکلو پیڈیا

قانع: صابر۔ متحمل۔ بے سوال۔ مکتفی۔ مطمئن۔ قناعت پسند

قانون: ۱۔ آئین۔ دستور۔ ضابطہ۔ قاعدہ۔ اصول۔ شاستر۔ شرع۔ شریعت۔ شیوہ۔ استا۔ بربت۔ بربتہ۔ رنگ۔ روش۔ گراس۔ گراسہ۔ گراش۔ گراشہ۔ نیگ۔ سررشتہ۔ حقوق۔ تورہ۔ کانسٹی ٹیوشن۔ ریگولیشن۔ آہنگ
۲۔ بربط۔ رباب

قانون داں: ضابطہ داں۔ آئین داں۔ واقفِ قانون۔ ماہرِ قانون۔ قاعدہ داں۔ دستور داں۔ مقنن۔ وکیل

قانون دانی: ضابطہ دانی۔ واقفیتِ قانون۔ مہارتِ قانون۔ قاعدہ دانی۔ دستور دانی۔ وکالت۔ آئین دانی

قانون ساز: آئین ساز۔ دستور ساز۔ واضعِ قانون

قانون سازی: آئین سازی۔ دستور سازی۔ وضعِ قانون

قانون گو — قانونِ اساسی — قانونِ فوجداری — قانونِ دیوانی

قانونی: ۱۔ آئینی۔ دستوری۔ اصولی
۲۔ جھگڑالو۔ حجتی۔ مباحث۔ مناظر

قاہر: ۱۔ زبردست۔ غالب۔ قوی۔ فاتح۔ حاوی۔ زور آور۔ بلوان۔ شکتی مان۔ بلونت
۲۔ ظالم۔ جابر۔ سفاک۔ ستم گر

قاہری: ۱۔ زبردستی۔ غلبہ۔ قوت۔ فتح۔ تسخیر۔ زور آوری
۲۔ ظلم۔ جبر۔ سفاکی۔ ستم گری

قائد: سردار۔ سرخیل۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔ سالار۔ میر۔ راہ نما۔ رہبر۔ زعیم۔ لیڈر

قائدِ اعظم — قائدِ ملت — قائدِ عوام — قائدِ ایوان

قائل: ۱۔ گویا۔ ناطق۔ گفتگو کنندہ
۲۔ معترف۔ اقبالی۔ مُقِر۔ لاجواب

قائم: ۱۔ کھڑا۔ ایستادہ۔ برقرار
۲۔ سیدھا۔ عمودی۔ مستقیم
۳۔ ساکن۔ مقرر۔ قیام پذیر۔ اقامت پذیر
۴۔ مستقل۔ دیرپا۔ دائمی۔ پکا۔ پائیدار

قائم اللیل: شب بیدار۔ شب زندہ دار۔ عابدِ شب
قائم المزاج: مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔ راسخ مزاج
قائم بالذات: موجود بالذات۔ خود بخود قائم
قائم بالغیر: موجود بالغیر۔ محتاج۔ منحصر
قائم مقام: عوضی۔ نائب۔ خلیفہ۔ جانشین۔ مختار کار۔ وکیل

قَبا: چوغا۔ اچکن۔ شیروانی۔ اوورکوٹ۔ جُبہ۔ عبا۔ لباس۔ پوشاک۔ یلمہ۔ ترلک۔ ورلک۔ دوریک۔ دگلہ

قبائے درست ــ قبائے تنگ ــ قبائے گل ــ قبائے رنگ ــ قبائے خاک ــ قبائے چاک ــ قبائے خونیں ــ قبائے زرد ــ قبائے سبز ــ قبائے زر ــ قبائے زرکار ــ قبائے کارچوبی

قباحت: برائی۔ زبونی۔ بدی۔ زشتی۔ ناخوبی۔ شناعت۔ خرابی۔ عیب۔ نقص۔ جرم۔ خطا۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ دنائت

قبالہ: دستاویز۔ نوشت۔ سند۔ باگیر۔ بیع نامہ۔ تمسک۔ وثیقہ

قبح: عیب۔ نقص۔ خرابی۔ برائی۔ زبونی۔ ناخوبی۔ زشتی

قبر: گور۔ مدفن۔ تُربت۔ مزار۔ مقبرہ۔ لحد۔ مرقد۔ خفتگہ۔ زیارت۔ سینۂ خاک۔ رمس۔ سمادھ۔ گڑھا۔ جدث

قبرستان: گورستان۔ دار القبور۔ دار المقابر۔ شہرِ خموشاں۔ عدم آباد۔ ستودان۔ کوچۂ خموشاں۔ مرغزن۔ ادیرہ۔ مقابر۔ وادیٔ خموشاں۔ گورِ غریباں۔ آخری آرام گاہ۔ ویرانی۔ تکیہ

قبض: ۱۔ سکڑن۔ اینٹھن
۲۔ روک۔ رکاوٹ۔ اَڑ۔ بستگی
۳۔ گرفت۔ قابو۔ بس۔ دخل۔ قبضہ
۴۔ دل گرفتگی۔ دل تنگی۔ افسردگی۔ بے ترحمی۔ بے دلی

قبضہ: ۱۔ دخل۔ تسلط۔ تصرف۔ گرفت۔ اختیار۔ قابو۔ بس
۲۔ دستہ۔ مٹھا۔ بینٹ۔ بل
۳۔ جوڑ۔ بند

قبل: پہلے۔ آگے۔ پیش تر۔ اوّل

قبل ازیں ــ قبل از وقت ــ قبل از آنکہ ــ قبل از انکہ ــ قبل از وقوعہ ــ قبل از تحریر ــ ضمانت قبل از گرفتاری

قبلہ: ۱۔ سامنے۔ آگے۔ مقابل
۲۔ سمتِ کعبہ۔ سمتِ مسجدِ حرام
۳۔ حضور۔ جناب۔ حضرت

قبور: مزارات۔ مقابر۔ قبریں

قبول: ۱۔ منظور۔ تسلیم۔ پسند۔ رضامندی۔ پذیرفتہ۔ مرغوب
۲۔ اقبال۔ اقرار۔ اعتراف

قبول صورت: گوارا صورت۔ قدرے حسین۔ خوش شکل

قبولیت: منظوری۔ پسندیدگی۔ رضامندی۔ مرغوبیت

قُبّہ: گنبد۔ برج۔ کلس۔ گول۔ مدور۔ محدب

قبۂ آب: حباب۔ ببلا۔ گنبدِ آب۔ آب سوار

قبیح: ۱۔ برا۔ بد۔ زبوں۔ زشت۔ مکروہ۔ ناخوب۔ نازیبا
۲۔ بدصورت۔ بدہیئت۔ بدشکل۔ کریہہ المنظر

۲۔ قابلِ شرم۔ شرم ناک۔ معیوب۔ مذموم

قبیل: ۱۔ گروہ۔ خاندان۔ قبیلہ۔ کنبہ۔ دُودمان۔ تبار۔ زمرہ۔ جماعت
۲۔ قسم۔ نوع

قبیلہ: ۱۔ خاندان۔ کنبہ۔ دُودمان۔ نسلی سلسلہ۔ تبار
۲۔ فرقہ۔ گروہ۔ جماعت۔ زمرہ
۳۔ بیوی۔ جورُو۔ زوجہ۔ اہلیہ۔ پتنی۔ لُگائی۔ تریت

قتل: کُشت و خون۔ ہلاکت۔ گردن زنی۔ ہنیا۔ قتال۔ خونریزی

قتل گاہ: مقتل۔ مشہد۔ جائے قتل۔ مقامِ قتل

قتلِ عمد — قتلِ عام — قتل و غارت — قتلِ خطا

قتلہ: ٹکڑا۔ پارہ۔ پھانک۔ قاش۔ تراشہ۔ پھاڑی

قتیل: مقتول۔ شہید۔ کُشتہ۔ ہلاک۔ ہالک

قحبہ: بدچلن۔ فاحشہ۔ چھنال۔ زانیہ۔ کسبی۔ رنڈی۔ طوائف۔ پاتر۔ کنجری

قحبہ خانہ: چکلا۔ چنا کوٹھی۔ طوائف خانہ

قحط: ۱۔ کال۔ خشک سالی۔ گرانی۔ مہنگائی۔ تڑاقا۔ جدب
۲۔ کمی۔ توڑا۔ ٹوٹا۔ کمیابی۔ نایابی۔ قلت۔ فقدان۔ نایبسری۔ خسارہ۔ نقصان

قحط سالی — قحط زدہ — قحط الرجال

قد: قامت۔ ڈیل۔ اٹھان۔ بلندی۔ طولِ جسم۔ سائز

قد آور: بلند قامت۔ کشیدہ قامت۔ لمبا تڑنگا

قد کاٹھ: ڈیل ڈول۔ جسامت۔ جُثّہ

قدامت: ۱۔ پُرانا پن۔ کہنگی
۲۔ ہمیشگی۔ ازلیت۔ قِدَم

قدح: برائی۔ مذمت۔ ملامت۔ طعن و تشنیع۔ طنز و تعریض۔ اعتراض۔ عیب جوئی۔ عیب چینی۔ نکتہ چینی۔ تنقیص۔ ہجو۔ تردید۔ ابطال۔ تنقیص

قدح: پیالہ۔ ساغر۔ جام۔ ساتگیں۔ پیمانہ۔ کٹورا۔ بادیہ۔ گلاس۔ کاسہ

قدح خوار/نوش: ساغر نوش۔ شرابی۔ بادہ کش۔ بادہ نوش۔ بادہ خوار۔ بادہ گسار۔ مے خوار۔ مے نوش۔ مے کش۔ مے گسار

قَدَر: ۱۔ تقدیر۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت۔ بھاگ۔ مقدر
۲۔ مقدار۔ اندازہ۔ تخمینہ

قدر: ۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ برتری۔ فضیلت۔ عظمت۔ شان
۲۔ عزت۔ آبرو۔ توقیر۔ وقار۔ احترام۔ وقعت۔ منزلت۔ حرمت۔ قدر و قیمت۔ مان
۳۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ حیثیت۔ پایہ۔ مقام۔ اصلیت۔ حقیقت
۴۔ مثل۔ برابر۔ یکساں۔ مانند
۵۔ مقدار۔ اندازہ

قدر داں: ۱۔ مرتبہ داں۔ قدر شناس۔ مرتبہ شناس
۲۔ مہربان۔ مُربّی۔ سرپرست

قدر دانی: ۱۔ مرتبہ دانی۔ قدر شناسی۔ مرتبہ شناسی

قدر شناس: مرتبہ شناس ۔ رتبہ شناس ۔ پایہ شناس ۔ قدرداں ۔ مردم شناس

قدر شناسی: مرتبہ شناسی ۔ رتبہ شناسی ۔ پایہ شناسی ۔ قدردانی ۔ مردم شناسی

گرامی قدر ـــ کم قدر ـــ بلند قدر ـــ والا قدر ـــ عالی قدر ـــ سلیمان قدر ـــ ثریا قدر ـــ ہمایوں قدر ـــ فریدوں قدر ـــ برگندہ قدر ـــ گراں قدر

قُدرت: ۱۔ طاقت ۔ مجال ۔ سکت ۔ شکتی ۔ بل ۔ زور ۔ توانائی ۔ قابو ۔ اختیار ۔ بس ۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ استعداد
۲۔ فطرت ۔ خلقت

قُدرتی: فطری ۔ خلقی ۔ اصلی ۔ ذاتی ۔ پیدائشی ۔ جبلّی

قُدس: ۱۔ پاک ۔ پوتر ۔ متبرک ۔ مقدس
۲۔ پاکیزگی ۔ پوترتا ۔ تقدس ۔ تقدیس
۳۔ بیت المقدس ۔ مقدس ۔ یروشلم

قُدسی: ۱۔ پاکیزہ ۔ پاک ۔ متبرک ۔ مقدس ۔ پوتر
۲۔ فرشتہ ۔ ملک ۔ نوری
۳۔ خدا رسیدہ ۔ ولی اللہ ۔ نیک ۔ پارسا

قَدم: ۱۔ پا ۔ پاؤں ۔ پیر ۔ پگ ۔ چرن ۔ رجل ۔ ڈگ ۔ گام ۔ پینڈ
۲۔ رفتار ۔ خرام ۔ چال
۳۔ دخل ۔ تصرف ۔ واسطہ ۔ تعلق ۔ علاقہ
۴۔ دم ۔ وجود ۔ موجودگی

قدم باز: چالاک ۔ چست ۔ پھرتیلا ۔ تیز قدم ۔ تیز گام ۔ تیز رفتار ۔ تیز رو ۔ خوش رفتار ۔ خوش خرام ۔ سبک رو ۔ سبک رفتار
قدم بازی: چالاکی ۔ چستی ۔ پھرتی ۔ تیز قدمی ۔ تیز گامی ۔ تیز رفتاری ۔ تیز روی ۔ خوش رفتاری ۔ خوش خرامی ۔ سبک روی ۔ سبک رفتاری

نیک قدم ـــ خوش قدمی ـــ مبارک قدم ـــ بد قدم (منحوس) ـــ خوش قدم ـــ تیز قدم ـــ سست قدم ـــ ثابت قدم ـــ پیش قدمی ـــ آہستہ قدم ـــ بد قدم ـــ کاہل قدم ـــ فسردہ قدم ـــ فشردہ قدم ـــ میخ قدم ـــ ہم قدم

قُدُّوس: پاک ۔ مبارک ۔ متبرک ۔ مقدس ۔ پوتر

قُدُّوسی: ۱۔ پاکیزگی ۔ برکت ۔ سعادت ۔ پوترتا
۲۔ نیک ۔ پاک ۔ سعید ۔ پوتر

قُدُّوسیت: پاکیزگی ۔ برکت ۔ سعادت ۔ پوترتا

قدیر: صاحب قدرت ۔ مختار کل ۔ مقتدر ۔ توانا ۔ قوی ۔ شکتی مان ۔ قادر مطلق

قدیم: ۱۔ پرانا ۔ کہن ۔ دیرینہ
۲۔ ازلی ۔ ہمیشہ ۔ غیر فانی ۔ لافانی ۔ دائمی ۔ جاوداں
۳۔ آبائی ۔ موروثی ۔ جدی

قرابت: ۱۔ رشتہ داری ۔ رشتہ ۔ ناتا ۔ یگانگت
۲۔ نزدیکی ۔ قرب ۔ تقرب ۔ قربت

قرابت دار: رشتہ دار ۔ عزیز ۔ یگانہ ۔ ناتی
قرابت داری: رشتہ داری ۔ عزیز داری ۔ یگانگت ۔ ناتے داری

قرابتی: رشتہ دار ۔ یگانہ ۔ عزیز ۔ قریبی ۔ ناتی

قرأت/قرارت: ۱۔خواندگی۔پڑھائی
۲۔قرآن خوانی۔تجوید۔ترتیل

قرار: ۱۔عہد۔معاہدہ۔وعدہ۔پیمان
۲۔سکون۔قیام۔ٹھراؤ۔ثبات۔استقلال
۳۔تسکین۔تسلی۔تشفی۔اطمینان۔طمانیت۔خاطرجمعی۔دل جمعی۔
جمعیتِ خاطر۔چین۔آرام۔کل۔راحت۔آسائش

قرارداد: تجویز۔فیصلہ۔ساح۔معاہدہ
قرارگاہ: مسکن۔سکونت گاہ۔جائے سکونت۔مستقر۔اڈا۔
قیام گاہ۔اقامت گاہ
قرارمدار: عہد۔پیمان۔وعدہ وعید۔قول وقرار
قرارواقعی: ۱۔معقول۔مناسب۔درست۔ٹھیک
۲۔بالکل۔کلیتہً۔کاملاً

قرآن: کلامِ مجید۔کلام اللہ۔کتاب اللہ۔امّ الکتاب۔فُرقان

قران: ۱۔اجتماع۔ملاپ۔اتصال۔وصل۔یک جائی
۲۔اجتماعِ حج وعُمرہ
۳۔نکاح۔عقد۔بیاہ۔شادی۔وِواہ

قُرب: نزدیکی۔قُرب۔تقرب

قُرب وجوار: گردونواح۔اردگرد۔آس پاس۔اطراف واکناف

قُربان: صدقے۔واری۔فدا۔نثار۔تصدق۔بلہاری

قربان گاہ: صدقہ گاہ۔مذبح۔کنیسہ

قُربانی: صدقہ۔بھینٹ۔فدیہ۔ایثار۔ذبیحہ

قُربت: قُرب۔تقرب۔نزدیکی

قرض/قرضہ: اُدھار۔دین۔عاریت۔دام۔نسیہ۔مستعار۔لون
مانگا تانگا۔دست گرداں۔کریڈٹ

قرض خواہ: قارض۔دائن۔لین دار
قرض دار: مقروض۔مدیون۔دین دار

قرضِ حسنہ — قرض خواہی — قرض داری —
قرضی

قرطاس: کاغذ۔پتر۔ورق۔پیپر

قُرعہ: پانسا۔لاٹری

قُرق: ضبط۔منع۔روک۔بازداشت

قُرقی: ضبطی۔ممانعت۔روک۔بندش

قَرن: ۱۔سینگ۔شاخ۔نرسنگا
۲۔یُگ۔زمانہ۔مدتِ دراز

قَرنا: نرسنگا۔صور۔ترئی۔بگل۔نفیری

قرولی: چھری۔چھرا۔کٹار۔خنجر۔چاقو۔پیش قبض

قریب: پاس۔نزدیک۔قرین۔متصل۔ملحق

قریباً: قریب قریب۔لگ بھگ۔تخمیناً

قرین: ۱۔قریب۔نزدیک۔پاس۔متصل۔پیوستہ۔ملحق

۲۔ مثل۔ مانند۔ نظیر۔ مشابہ
۳۔ ہم نشیں۔ حاشیہ نشیں۔ جلیس۔ ہم بزم۔ ہم مجلس

قرینہ: ۱۔ ڈھنگ۔ صورت۔ انداز۔ طریق۔ طرز۔ روش۔ طور
۲۔ مناسبت۔ نسبت۔ تعلق۔ علاقہ
۳۔ سلیقہ۔ ترتیب۔ موزونیت
۴۔ قیافہ۔ اندازہ۔ قیاس

قریہ: گاؤں۔ دیہ۔ قصبہ۔ آبادی۔ بستی۔ نگری

قزاق: راہزن۔ قاطع الطریق۔ قطاع الطریق۔ بٹ مار۔ غارت گر۔ ڈاکو۔ لٹیرا

قزاقی: راہزنی۔ قاطع الطریقی۔ بٹ ماری۔ ڈاکا۔ غارت گری۔ لوٹ مار

قساوت: سخت دلی۔ سنگ دلی۔ بے دردی۔ بے رحمی۔ سیاہ دلی۔ سیاہ باطنی۔ سیاہ دروںی۔ کٹھور پن۔ شقاوت

قسائی: ۱۔ سنگ دل۔ سخت دل۔ بے درد۔ بے رحم۔ کٹھور
۲۔ قصاب۔ قسائی۔ گوشت فروش

قسط: ۱۔ جزو۔ حصہ۔ ٹکڑا۔ بھاگ۔ کھنڈ۔ لخت۔ پارہ
۲۔ عدل۔ انصاف۔ داد۔ نیائے
۳۔ اندازہ۔ تقسیم۔ بانٹ۔ بٹوارا
۴۔ ترازو۔ میزان۔ بکڑی۔ مقیاس۔ تلا۔ کانٹا۔ قسطاس

قسط وار: قسط قسط۔ بالاقساط۔ بالاجزا

قسطِ سابقہ — قسطِ اولی — قسط بندی

قَسَم: حلف۔ سوگند۔ عہد۔ پیمان۔ وعدہ۔ سونہہ۔ دوہائی۔ سہت۔ یمین۔ الیہ۔ قرآن اٹھانا۔ گنگا جل اٹھانا۔ پتسا کمر۔ راسفر

قِسم: ۱۔ نوع۔ بھانت۔ طرز۔ ڈھنگ۔ صنف۔ جنس۔ طرح
۲۔ صیغہ۔ سیکشن۔ ڈیپارٹمنٹ۔ محکمہ۔ شعبہ

قسم وار: نوع وار۔ جنس وار۔ مطابق قسم

قسمت: ۱۔ تقسیم۔ بانٹ۔ حصہ۔ بھاگ۔ جزو۔ پارہ۔ کھنڈ۔ ٹکڑا۔ بخرہ
۲۔ حصۂ صوبہ۔ مجموعۂ اضلاع۔ کمشنری۔ ڈویژن
۳۔ بخت۔ نصیب۔ مقدر۔ بھاگ۔ بہرہ۔ تقدیر۔ کرم۔ برات۔ طالع۔ مشیتِ ایزدی۔ مقسوم۔ نصیبا۔ لیکھا

قسمت آزما: مقدر آزما۔ طالع آزما۔ تقدیر آزما۔ بخت آزما۔ نصیبہ آزما
قسمت آزمائی: مقدر آزمائی۔ طالع آزمائی۔ تقدیر آزمائی۔ بخت آزمائی۔ نصیبہ آزمائی

قسمیہ: حلفیہ۔ ازروئے قسم۔ ازروئے حلف۔ ازروئے سوگند

قسی: سخت۔ کڑا۔ درشت۔ بے حس۔ بے درد۔ کٹھور۔ شقی

قسی القلب: سخت دل۔ سنگ دل۔ بے درد۔ بے رحم۔ سیاہ دل۔ کٹھور۔ سیاہ باطن۔ تیرہ دروں۔ شقی القلب
قسی القلبی: قساوتِ قلب۔ سخت دلی۔ سنگ دلی۔ بے دردی۔ بے رحمی۔ کٹھور پن۔ شقاوت

قشقہ: تلک۔ ٹیکا۔ نشان۔ بندی

قصاب: قسائی۔ قسائی۔ گوشت فروش۔ بوچڑ۔ ذابح

قصاص: ۱۔ بدلہ۔ انتقام۔ عوض

۲۔(معاوضہ) خون بہا۔ دیت

قصبہ: شہر خُرد۔ قریہ۔ دیار۔ آبادی۔ بستی۔ نگر

قصد: ۱۔ارادہ۔ عزم۔ نیت۔ عمد
۲۔کوشش۔ سعی۔ تگ و دو۔ تگ و تاز۔ پیش قدمی۔ اقدام
۳۔منشا۔ مطلب۔ مدعا۔ مراد۔ مقصد۔ مدعا۔ معنی

قصداً: ارادۃً۔ بالارادہ۔ بالعزم۔ بالعمد۔ عمداً۔ دیدہ و دانستہ

قصر: ۱۔کمی۔ کوتاہی۔ تخفیف۔ اختصار
۲۔قلعہ۔ کوٹ۔ گڑھ۔ حصن
۳۔محل۔ ایوان۔ کوشک۔ حویلی۔ مکان۔ بُرج

قُصور: کمی۔ کوتاہی۔ تقصیر۔ خطا۔ جُرم۔ گناہ۔ پاپ۔ اپرادھ۔ غلطی۔ بھول۔
چوک۔ بھول۔ لغزش۔ نقص

قصوروار/مند: تقصیروار۔ خطاکار۔ خاطی۔ مجرم۔ گناہ گار۔ پاپی۔ اپرادھی۔
غلط کار

قصہ: ۱۔کہانی۔ داستان۔ افسانہ۔ سمر۔ حکایت۔ سرگزشت۔ ماجرا۔
روداد۔ نقل۔ بپتی
۲۔تنبیہ۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ تنازعہ۔ ٹنٹا

قصہ خواں/گو: افسانہ خواں۔ افسانہ طراز۔ داستان طراز۔ داستان گو۔
حکایت گو۔ حکایتی۔ قصاصی
قصہ خوانی/گوئی: افسانہ خوانی۔ افسانہ طرازی۔ داستان طرازی۔
داستان گوئی۔ حکایت گوئی۔ افسانہ گوئی

قصیدہ: تعریفی نظم۔ مدحیہ نظم۔ تعریف۔ مدح۔ حمد۔ ثنا۔ ستائش

قصیدہ خواں: مدّاح۔ مادح۔ ثناخواں۔ ثناگر۔ ستائش گر۔ متملق۔
چاپلوس۔ خوشامدی
قصیدہ خوانی: مدح خوانی۔ ثنا خوانی۔ ثناگری۔ ستائش گری۔ تملق۔
چاپلوسی۔ خوشامد

قضا: ۱۔حکم۔ فیصلہ۔ فرمان
۲۔تقدیر۔ قسمت۔ مقدر۔ بخت۔ بھاگ۔ نصیب
۳۔عدالت۔ انصاف۔ دادگری۔ دادگستری۔ عدل گستری
۴۔ادائے فرض۔ تکمیل۔ بجاآوری۔ تعمیل۔ عہدہ برائی
۵۔موت۔ مرگ۔ اجل۔ مرتیو

قضیہ: ۱۔جھگڑا۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ مقدمہ۔ نزاع۔ فساد
۲۔حکم۔ خبر۔ فیصلہ
۳۔مطلب۔ مقصد۔ مدعا۔ منشا
۴۔قول محتمل صدق و کذب

قطار: ۱۔صف۔ پرا۔ لڑی۔ لائن۔ کرد۔ کیو۔ لار۔ تنگار۔ ٹکڑی۔
ڈار۔ ڈوری۔ پانت۔ لنگار
۲۔سلسلہ۔ ترتیب۔ تنظیم۔ نظم
۳۔گنتی۔ شمار
۴۔ریل گاڑی۔ ٹرین۔ کالسکہ

قطار بندی: صف بندی۔ سلسلہ بندی۔ ترتیب۔ تنظیم

قطّامہ: فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔ رنڈی۔ طوائف۔ علامہ

قطب: ۱۔دُھرا۔ محور۔ مرکز
۲۔سرخیل۔ سرگروہ۔ سرکردہ۔ سر برآوردہ۔ سردار۔ رئیس۔ سالار۔
برگزیدہ۔ عمدہ۔ افضل
۳۔سردار اولیا۔ سید الاولیا
۴۔ولی مدار جہاں۔ منتظم جہاں ولی

۵۔ قُطبی ستارہ۔ شمالی ستارہ

قطرہ: ۱۔ بوند۔ چھینٹا۔ چھینٹ۔ انترِر رشن ۔ انگ ۔ انگ میغ۔
تراب۔ ہمینہ ۔ بوچہ۔ بندکی۔ چھِٹ
۲۔ مقدارِ قلیل۔ جزوِ قلیل

قطع: ۱۔ کاٹ۔ چھانٹ۔ تراشش۔ خراش۔ بُرید۔ بیونت
۲۔ ڈیل ڈول۔ چہرہ مہرہ۔ شکل۔ صورت۔ انداز۔ وضع
۳۔ نمونہ
۴۔ تختیط۔ سائز۔ طول و عرض

قطعِ تعلق: بے تعلقی۔ لاتعلقی۔ خاتمۂ تعلق۔ ترکِ تعلق۔ ترکِ رسم و راہ
قطع دار: شکیل۔ خوش شکل۔ صورت دار۔ خوبصورت۔ سڈول
قطعِ راہ: طےِ راہ۔ قطعِ مسافت۔ قطعِ مراحل
قطعِ رحم: قطعِ تعلق۔ بے تعلقی۔ لاتعلقی۔ ترکِ رشتہ داری
قطعِ کلام: قطعِ سخن۔ دخل در معقولات
قطعاً: ہرگز۔ بالکل۔ کلیتہً۔ اصلاً۔ یقیناً

قطعہ: ۱۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ حصہ۔ جزو۔ بھاگ
۲۔ مسلسل نظم۔ غزلِ مسلسل
۳۔ خطہ۔ علاقہ۔ قطعۂ اراضی۔ پلاٹ۔ کھنا
۴۔ پرچہ
۵۔ چار مصرعوں کا بند

قطعی: ناطق۔ کامل۔ مکمل۔ پورا۔ کلی۔ آخری۔ حتمی۔ دو ٹوک۔ یقینی۔
انتہائی۔ اتمامی۔ انصرامی۔ قطعاً۔ بالکل۔ بالمقطع

قعر: ۱۔ گہرائی۔ عمق۔ تھاہ۔ تہ
۲۔ گڑھا۔ غار۔ کھوہ۔ خندق۔ شگاف

قفس: ۱۔ پنجرہ۔ کابک۔ ڈھابلی۔ دڑبا
۲۔ زندان۔ محبس۔ بندی خانہ۔ قید خانہ۔ جیل خانہ
۳۔ پھندا۔ جال۔ دام

قفسِ ناساز ۔ قفسِ دام ۔ قفسِ تنگ ۔
قفسِ رنگ ۔ قفسِ زنگ ۔ قفسِ سینہ ۔
قفسِ دل ۔ قفسِ زر ۔ کُنجِ قفس ۔ قفس کا در دست
۔ شامِ قفس ۔ تکلیفِ قفس

قُفل: تالا۔ لاک۔ جندرا

قلاش: ۱۔ کنگال۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ بے مایہ۔ بے بضاعت۔
بے زر۔ غریب۔ محتاج۔ بھکاری
۲۔ بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ نرجاگا

قلب: ۱۔ دل۔ من۔ فواد۔ ہردے۔ ہیا۔ جی
۲۔ مرکز۔ بیچ۔ درمیان۔ وسط۔ ناف
۳۔ کھوٹا۔ غیر معیاری۔ کم عیار۔ جعلی۔ مصنوعی
۴۔ اُلٹ۔ پلٹ۔ اوندھاپن۔ واژونی۔ تبدیلی

قلب ساز: جعل ساز۔ جعلیا
قلبِ ماہیت: کایا پلٹ۔ استحالہ۔ تبدیلِ ہیئت۔ تبدیلِ حقیقت۔
کایاکلپ

قلبی: ۱۔ دلی۔ جانی۔ روحانی
۲۔ کھوٹا۔ جعلی۔ مصنوعی۔ بناوٹی
۳۔ الٹا۔ اوندھا۔ واژگوں۔ واژوں

قلّت: کمی۔ تھوڑ۔ تھوڑاپن۔ توڑا۔ تھڑ۔ کال۔ کمیابی۔ تنگی
عُسرت۔ نقصان۔ نایابی

قُلزم: ۱۔ بحرۂ احمر

۲۔ بحرِ زخّار۔ بحرِ عمیق۔ سمندر۔ ساگر۔ یم

قلع : بیخ کنی۔ بربادی۔ تباہی۔ اکھاڑ پچھاڑ۔ موقوفی۔ معزولی

قلع قمع : توڑ پھوڑ۔ انہدام۔ خاتمہ۔ موقوفی۔ معزولی۔ بیخ کنی۔ اکھاڑ پچھاڑ۔ انعدام

قلعہ : کوٹ۔ گڑھ۔ حصن۔ حصار۔ قصر۔ فورٹ

قلعدار : محافظِ قلعہ۔ کوٹ وال۔ پاسبانِ قلعہ۔ حاکمِ قلعہ

قلعی : ۱۔ رانگ۔ رانگا۔ ملمع۔ گلٹ۔ ارزیز۔ سرب۔ رصاص۔ اسپیدرو۔ اسپیدکار۔ سپیدرو۔ سپیدکار
۲۔ سفیدی۔ چونا
۳۔ ٹیپ ٹاپ۔ پوچا۔ ظاہری آرائش۔ پچا

قلق : ۱۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بے تابی۔ گھبراہٹ
۲۔ دکھ۔ رنج۔ افسوس۔ الم۔ حزن۔ ملال

قلم : ۱۔ خامہ۔ کلک۔ لکھنی۔ پین۔ یراعت۔ مزبر۔ ہرتا۔ سار۔ سیاہ گر۔ شاخِ زریں
۲۔ مو قلم۔ برش
۳۔ خط۔ رسم الخط۔ اندازِ نگارش۔ قط
۴۔ مقطوع۔ کٹا۔ بریدہ۔ تراشیدہ
۵۔ پیوند۔ جوڑ
۶۔ سینگ۔ شاخ۔ قرن
۷۔ سلاخ۔ سیخ۔ ستیں۔ ٹکڑا
۸۔ فرمان۔ حکم۔ حکومت۔ اقتدار

قلم بند : نوشتہ۔ نگاشتہ۔ محررہ۔ مرقوم۔ مکتوبہ
قلم دان : سندوقچۂ قلم و دوات

۲۔ (مجازاً) عہدہ۔ منصب

قلم رو : حکومت۔ سلطنت۔ ریاست۔ عملداری۔ مملکت۔ راج پاٹ

قلم کار : ۱۔ کاتب۔ محرر۔ راقم۔ نگارندہ۔ نویسندہ۔ منشی۔ دبیر۔ مصنف
۲۔ نقاش۔ مصور۔ تصویر ساز

قلم کاری : ۱۔ کتابت۔ تحریر۔ ارقام۔ نوشت
۲۔ نقاشی۔ مصوری۔ تصویر سازی۔ تصویر کشی

قلم کش : خامہ فرسا۔ لکھاڑی۔ کاتب۔ محرر۔ راقم۔ نگارندہ۔ نویسندہ

قلم کشی : خامہ فرسائی۔ لکھائی۔ کتابت۔ تحریر۔ ترقیم

قلم کشیدہ : کٹا۔ بریدہ۔ مقطوع۔ قلم زد

قلمِ کلک زبان — قلمِ سحر نگار — قلمِ زبان آور — قلمِ سر تیر — قلمِ تیز زبان — قلمِ نکتہ ساز — قلمِ جادو رقم — قلمِ معجز رقم — قلمِ افسوں نگار — قلمِ دُر سنج — قلمِ دُر زبان — قلمِ شعلہ صریر — قلمِ نادرہ سنج — قلمِ نخل بند — قلمِ شعلہ تحریر — قلمِ شمشیر بکف — قلمِ رشحہ زا — قلمِ غریب رقم — قلمِ گریباں چاک — قلمِ سحر زباں — قلمِ شکر بار — قلمِ شعلہ آفریں — قلمِ زباں دراز — قلمِ گوہر فشاں — قلمِ گوہر انداز — قلمِ سیہ رنگ — قلمِ بسمل — قلمِ عارض — قلمِ نیشکر — قلمِ عندلیب — قلمِ موزوں نوک — قلمِ پیشہ خامہ — قلمِ افسوں ساز — قلمِ زریں رقم — قلمِ پُرکار — قلمِ صنعت نگار — قلمِ تیز — قلمِ تیغ — قلمِ بیت — خامہ بر خود قلم — قلمِ دریا خرام — قلمِ پرچم ساں — قلمِ تازہ رقم — قلمِ پیک پا — قلمِ راز آگاہ — قلمِ خوش رقم — قلمِ آتش رقم — خشک قلم — قلمِ نقب زنِ خیال — قلمِ حق آگاہ — قلمِ نالہ گر — قلمِ سر نار فیہ — قلمِ دل رقم — قلمِ بے نیام — قلمِ ادب دریدہ — قلمِ نو آموز — قلمِ سبک رو — قلمِ عالم پذیر — ہم قلم — پُر قلم — شیریں قلم — یک قلم — خوش قلم —

دست قلم — کج قلم — آزاد قلم — سست قلم — زنگین قلم — زود قلم — تیز قلم — شوخ قلم — بدقلم — راست قلم — شکر قلم — تند قلم — نو قلم

قلمی: ۱۔ مخطوطہ۔ غیر مطبوعہ۔ دستی تحریر
۲۔ دھاری دار۔ مخطط۔ خط دار
۳۔ پیوندی

قلندر: فقیر خرابات۔ درویشِ آزاد۔ تارکِ علائق۔ خدا رسیدہ۔ فانی فی اللہ۔ تارکِ دنیا

قلندری: فقیری۔ درویشی۔ ترکِ علائق۔ ترکِ دُنیا۔ فنافی اللہ

قُلّہ: ۱۔ سرکرہ۔ چوٹی۔ بینیِ کوہ
۲۔ انتہا۔ عروج۔ پھننگ۔ ممٹی
۳۔ سبو۔ مسکا۔ گھڑا

قُلی: ۱۔ بندہ۔ غلام۔ داس۔ خدمت گار۔ خادم۔ چاکر۔ نوکر
۲۔ باربردار۔ بارکش۔ حمال۔ سربوجھیا۔ پلے دار۔ پانڈی۔ لدّو۔ تھیلی والا۔ مزدور

قلیان: حقہ۔ پیچوان۔ گڑگڑی۔ نلی

قلیل: کم۔ تھوڑا۔ کم یاب۔ چھوٹا۔ کوتاہ

قلیل الاعتبار: کم اعتبار۔ بے اعتبار۔ غیر معتبر۔ غیر معتمد
قلیل البضاعت: کم مایہ۔ کم بضاعت۔ چھٹ پونجیا۔ تہی مایہ۔ نادار۔ بے بضاعت۔ بے زر۔ بے مایہ

قلیہ: شوربہ۔ سالن۔ لاون

قمار: جوا۔ شرط بازی۔ سٹا

قمار باز: جواری۔ جوئے باز۔ شرط باز۔ سٹے باز
قمار بازی: جوئے بازی۔ شرط بازی۔ سٹے بازی
قمار خانہ: دار القمار۔ قمار گاہ۔ جوئے خانہ

قُماش: ۱۔ اسباب۔ مال متاع۔ ساز و سامان۔ اثاث البیت
۲۔ طرز۔ وضع۔ ڈھنگ۔ روش۔ چال چلن۔ طور۔ طریق

قمچی: چھڑی۔ تازیانہ۔ کوڑا۔ چابک۔ ہنٹر۔ بید۔ سانٹا

قمر: چاند۔ سوم۔ چندرما۔ چندا۔ ماہ۔ ماہتاب۔ ہلال۔ بدر۔ نیّر

قمر پیکر: ماہ پیکر۔ ماہ وش۔ سیمیں بدن۔ سیم تن۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ سندر
قمر چہرہ/طلعت: ماہ طلعت۔ ماہ جبیں۔ ماہ وش۔ خوب رو۔ حسین۔ سندر

قُمری: کمری۔ فاختہ۔ تلملص۔ گھوگی۔ ٹُوٹُرو

قمری خوش رفتار — قمری کوکو سرا — قمری نغمہ سرا — قمری سادہ خوان — طوقِ قمری — قمری غزل گو — قمری زمزمہ نقیب — قمری فسردہ — قمری پریشاں — قمری حدیث خواں — قمری سرو نشیں — قمری گلشن پرست — قمری قفس نصیب — قمری نوحہ زن — قمری ہجراں نصیب — قمری سرو فراموش — قمری سرو — قمری شہر — قمری گلشن

قُمقُمہ: بلوری گولا۔ قندیلِ خُرد۔ بلب۔ فانوس

قمیص: کرتہ۔ پیراہن۔ پوشاک۔ لباس۔ جامہ

قنات: پردۂ خیمہ ۔ پردہ ۔ اوٹ ۔ آڑ

قناعت: صبر ۔ اکتفا ۔ رضا بقضا ۔ اطمینان ۔ طمانیت ۔ دل جمعی ۔ جمعیت خاطر

قند: کھانڈ ۔ چینی ۔ شکر ۔ مصری ۔ نبات ۔ شوگر

قندیل: چراغدان ۔ جھاڑ ۔ فانوس ۔ مشکوٰۃ ۔ مصباح ۔ لالٹین ۔ بلب ۔ لیمپ

قنوط: ناامیدی ۔ مایوسی ۔ یاس ۔ نراشا ۔ نومیدی

قنوطی: ناامید ۔ مایوس ۔ یاس زدہ ۔ بے آس ۔ محرومِ امید ۔ نومید

قنوطیت: یاسیت ۔ یاس زدگی ۔ محرومیٔ امید ۔ مسلکِ یاس

قواعد: ۱۔ اصول ۔ ضوابط ۔ طرق ۔ قوانین ۔ کلیات
۲۔ پریڈ ۔ ڈرل ۔ ورزش ۔ جنگی مشق
۳۔ صرف ونحو ۔ گرامر ۔ ویاکرن

قواعد دان: ۱۔ واقفِ اصول وضوابط ۔ قوانین داں
۲۔ واقفِ ورزش ۔ ماہرِ اصولِ جنگ
۳۔ ماہرِ صرف ونحو ۔ گرامیرین

قواعد گاہ: ورزش گاہ ۔ مشق گاہ ۔ پریڈ گراؤنڈ

قوال: مطرب ۔ گویا ۔ راگی ۔ مغنی ۔ خنیاگر ۔ رامش گر ۔ قول سرا ۔ سرائندۂ کلامِ عارفانہ ۔ سرودسرا ۔ مترنم ۔ نغمہ سرا ۔ کلاونت

قوالی: نغمۂ صوفیانہ ۔ سماع ۔ قول سرائی ۔ اجتماعی نغمہ سرائی ۔ نغمہ سرائی ۔ خنیاگری ۔ رامش گری

قوام: ا۔ چاشنی ۔ شیرہ

۲۔ نظام ۔ مدار ۔ عماد ۔ ستون ۔ سہارا ۔ ٹیک
۳۔ قیام ۔ ٹھراؤ ۔ استادگی

قوانین: ضوابط ۔ قواعد ۔ اصول ۔ شرائع

قُوت: غذا ۔ خوراک ۔ کھانا ۔ خورش ۔ روزی ۔ رزق ۔ آب ودانہ ۔ ان جل ۔ آزوقہ

قُوَّت: ۱۔ طاقت ۔ سکت ۔ زور ۔ بل ۔ شکتی ۔ توانائی
۲۔ مدد ۔ نصرت ۔ اعانت ۔ دست گیری ۔ سہارا
۳۔ اقتدار ۔ قدرت ۔ اختیار ۔ حکومت ۔ ریاست ۔ سلطنت ۔ راج
۴۔ حس ۔ حاسہ ۔ صلاحیت ۔ اہلیت ۔ قابلیت

قوس: ۱۔ کمان ۔ دھنک ۔ دھنش
۲۔ نیم دائرہ ۔ محراب ۔ قطعۂ دائرہ

قوسِ قزح: کمانِ رستم ۔ کمانِ شیطان ۔ اندر دھنش ۔ دھنک ۔ پینگ ۔ آنندآک ۔ تیرکمان ۔ دھنش ۔ درین ۔ رنگین ۔ سربیسہ ۔ سردسہ ۔ سرویسہ ۔ کمانِ بہمن ۔ قوسِ توسہ ۔ رینبو

قول: ۱۔ بات ۔ کہن ۔ کہاوت ۔ مقولہ ۔ مثل ۔ بچن ۔ بول ۔ ضرب المثل
۲۔ اقرار ۔ عہد ۔ پیمان ۔ وعدہ
۳۔ ملفوظ ۔ واک
۴۔ نغمہ ۔ قوالی ۔ رباعی

قوم: ذات ۔ فرقہ ۔ گروہ ۔ نسل ۔ جماعت ۔ اہلِ وطن ۔ قبیلہ ۔ ملت ۔ اُمت ۔ جاتی ۔ نیشن ۔ شعب ۔ گروہِ مرداں

قومی: ذاتی ۔ گروہی ۔ جماعتی ۔ نسلی ۔ ملی

قومیت: ۱۔ اصل۔ نسل۔ ذات
۲۔ وطنیت۔ شہریت

قوی: ۱۔ طاقت ور۔ زور آور۔ بلوان۔ بلونت۔ شکتی مان۔ توانا۔ بلی
۲۔ مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ استوار

قوی الجثہ: قوی ہیکل۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ ہٹا کٹا
قوی دل: دلیر۔ دلاور۔ بیری۔ جرأت مند۔ شجاع۔ بہادر
قوی ہیکل: قوی الجثہ۔ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا

قہار: ۱۔ غالب۔ زبردست۔ زور آور۔ قادر۔ توانا۔ شکتی مان۔ بلی
۲۔ غصہ ور۔ خشم گیں۔ خشم ناک۔ غضب ناک

قہاری: ۱۔ غلبہ۔ زبردستی۔ زور آوری۔ قدرت۔ توانائی۔ شکتی۔ بل
۲۔ غصہ وری۔ خشم گینی۔ خشم ناکی۔ غضب ناکی

قہر: ۱۔ غلبہ۔ زبردستی۔ زور۔ قدرت۔ توانائی۔ شکتی۔ بل۔ غیظ
خشم گینی۔ کرودھ۔ برہمی۔ کوپ۔ جھپو
۲۔ غصہ۔ غضب۔ خشم۔ غیظ۔ طیش
۳۔ جوش۔ جذبہ۔ ولولہ
۴۔ آفت۔ مصیبت۔ عذاب
۵۔ ظلم۔ تعدی۔ جور۔ ستم
۶۔ چالاک۔ پرکالۂ آفت۔ عیار۔ تیز۔ طرار
۷۔ فسادی۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ شریر۔ شرارتی۔ شرانگیز۔
فتنہ پرداز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ گر۔ منفتی
۸۔ خوب صورت۔ خوب رو۔ خوش رو۔ خوش شکل۔ حسین۔
خوش منظر۔ طرحدار۔ وضع دار
۹۔ انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ نادر

قہراً: زبردستی۔ مجبوراً۔ جبراً۔ کرہاً

قہر آلود — قہرمانی — قہر آمیز — قہر الٰہی — قہرناک

| قہرِ درویش بر جانِ درویش

قہرمان: ۱۔ زبردست۔ غالب۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ دلاور۔ جری۔ بلی
جلیل۔ پُرجلال۔ صاحبِ قوت
۲۔ حاکم۔ حکمران۔ فرمانروا۔ مقتدر۔ مختار
۳۔ داروغہ۔ منتظم۔ ناظم۔ نگراں۔ مہتمم
۴۔ قوت۔ طاقت۔ اختیار۔ اقتدار۔ حکومت

قہقری: پس پائی۔ بازگشت

قہقہہ: ہنسی۔ خندہ۔ ٹھٹھا۔ کھلکھلاہٹ۔ خندہ زنی۔ خندۂ بسیار

قہوہ: کافی۔ بے دودھ چائے

قے: الٹی۔ استفراغ۔ ڈاک۔ ابکائی۔ متلی۔ اُبک تھس۔ طلعا

قیادت: رہنمائی۔ راہبری۔ ہدایت۔ سالاری۔ میری۔ سیادت۔ امارت

قیاس: خیال۔ گمان۔ اندازہ۔ ظن۔ اٹکل۔ تخمینہ۔ تصور۔ وہم

قیاسی: ۱۔ خیالی۔ وہمی۔ تصوراتی۔ ظنی۔ تخمینی
۲۔ مطابقِ قاعدہ۔ از روئے قاعدہ

قیافہ: ۱۔ شکل۔ صورت۔ ہیئت۔ چہرہ۔ بشرہ
۲۔ شناخت۔ پہچان۔ فراست۔ تمیز
۳۔ علمِ بشرہ۔ چہرہ شناسی۔ فراستِ بشرہ

قیام: ۱۔ استادگی۔ استقلال۔ پائیداری
۲۔ سکون۔ سکونت۔ ٹھہراؤ۔ اقامت

قیام پذیر: مقیم۔ فروکش۔ اقامت پذیر۔ اقامت گزیں۔ سکونت پذیر۔ ساکن

قیام پذیری: اقامت پذیری۔ اقامت گزینی۔ سکونت پذیری

قیامت: ۱۔ روزِ جزا۔ یوم الدین۔ یوم البعث۔ یوم النشور۔ روزِ بازپرس۔ روزِ شمار۔ روزِ موعود۔ یوم تغابن۔ حشر۔ محشر۔ رستخیز۔ عقبیٰ۔ عاقبت۔ دار الجزا۔ دار الآخرہ۔ آخرت۔ یوم الحساب۔ معاد
۲۔ آفت۔ مصیبت۔ بپتا۔ صعوبت۔ عذاب
۳۔ ہنگامہ۔ شورش۔ دنگا۔ فساد۔ ہُلڑ
۴۔ ظلم۔ اندھیر۔ افراتفری۔ جور۔ بیداد۔ تعدی
۵۔ انوکھا۔ نرالا۔ نادر۔ عجیب
۶۔ شوخ۔ چنچل۔ اچپلا۔ تیز۔ طرار۔ چلبلا
۷۔ بے حد۔ کثیر۔ بہت۔ زیادہ۔ نہایت۔ بسیار
۸۔ دشوار۔ مشکل۔ کٹھن
۹۔ غضب ناک۔ خشم ناک۔ خشمگیں۔ پُرغیظ۔ غصہ ور۔ برہم۔ کرودھی۔ برافروختہ
۱۰۔ بُرا۔ مضر۔ مضرت رساں۔ نقصان دہ
۱۱۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ گر۔ فتنہ پرور۔ مفسد۔ شریر۔ شرارتی۔ شرانگیز۔ مفسد۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ ہنگامہ خیز۔ ہنگامہ پرور

قید: ۱۔ بند۔ حبس۔ اسیری۔ گرفتاری۔ حراست۔ اسارت۔ اسیر بندی
۲۔ پابندی۔ روک۔ رکاوٹ۔ شرط۔ قدغن۔ بندی۔ پہرا۔ نگرانی

قید خانہ: بندی خانہ۔ زنداں۔ سجن۔ محبس۔ دار المحبس۔ بندی گھر۔ جیل

قیدی: مقید۔ اسیر۔ گرفتار۔ زیرِ حراست۔ بندی۔ محبوس۔ پابند۔ پابہ زنجیر۔ پابجولاں۔ پابندِ سلاسل

قیصر: ۱۔ لقب شاہ روم
۲۔ بادشاہ۔ سلطان۔ ملک۔ شہنشاہ۔ راجا

قیصری: بادشاہی۔ شہنشاہی۔ بادشاہت۔ سلطانی۔ حکمرانی

قیل: کلام۔ سخن۔ بات۔ گفتگو۔ بول۔ بچن

قیل و قال: بات چیت۔ تذکرہ۔ ذکر اذکار۔ بحث مباحثہ۔ ردّ و کد۔ حجت تکرار۔ نکتہ چینی۔ مین میخ

قیلولہ: استراحتِ دوپہر۔ خوابِ دوپہر۔ آرام۔ جھپکی

قیِّم: نگران۔ منتظم۔ ناظم۔ مہتمم۔ سیکرٹری۔ حاجب۔ داروغہ

قیمت: ۱۔ بہا۔ ثمن۔ مول۔ ارز۔ ارزش۔ مالیت۔ دام۔ [illegible]
۲۔ نرخ۔ بھاؤ۔ در۔ ریٹ۔ پڑت۔ میل
۳۔ قدر۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ منزلت۔ پایہ

قیمتی: ۱۔ بیش بہا۔ پُرارزش۔ ارجمند۔ گراں بہا۔ بیش قیمت۔ ثمین۔ گراں قیمت۔ مہنگا
۲۔ قابلِ قدر۔ نفیس

قیمہ: گوشتِ کوفتہ۔ ریزہ ریزہ۔

قینچی: مقراض۔ کترنی۔ مقص۔ گاز۔ دوکارد۔ گلگیر۔ سیزر۔ گلتراش

قیوم: قائم بالذات۔ نگران۔ نگہبان۔ مہتمم

کابینہ : کیبنٹ۔ مجلسِ وزراء

کاپی : ۱۔ نقل۔
۲۔ جلد۔ نسخہ
۳۔ کتابت شدہ اوراق

کاپی رائٹ : حقِ تصنیف۔ حقِ تالیف۔ حقِ ایجاد

کاتِب : ۱۔ لکھاڑی۔ محرّر۔ راقم۔ منشی۔ دبیر۔ نویسندہ۔ نگارندہ
۲۔ خوش نویس۔ خطّاط

کاتبِ تقدیر — کاتبِ قرآن — کاتبِ وحی — کاتبِ حدیث — کاتبِ خوش رقم — کاتبِ گلزار رقم — کاتبِ غبار رقم — کاتبِ جنوں رقم — کاتبِ ثلث رقم — کاتبِ گرنی رقم — کاتبِ شکست رقم

کاٹ ۱۔ برِش۔ تیزی۔ روانی
۲۔ قطع۔ تراش
۳۔ زخم۔ گھاؤ۔ جراحت
۴۔ تردید۔ تغلیط۔ ابطال
۵۔ خراش۔ چھانٹ۔ چھیلن۔ چھانٹن۔ ریزہ
۶۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ خصومت۔ مناصمت۔ معاندت۔ عناد۔ مخالفت
۷۔ برائی۔ بدی۔ بدگوئی۔ جھوٹ۔ بہتان۔ افترا۔ تہمت۔ اتہام۔ الزام
۸۔ دفعیہ۔ انسداد۔ سدِّباب۔ علاج۔ چارہ۔ تدارک
۹۔ ترمیم۔ تنسیخ

کاٹ پھانس : ۱۔ عیاری۔ چالاکی
۲۔ حق تلفی۔ غصب۔ تغلب۔ غبن
۳۔ چغل خوری۔ لگائی بجھائی۔ بدگوئی۔ غیبت۔ نمّامی۔ لگتراپن

کاٹ چھانٹ : قطع و برید۔ تراش خراش۔ کتر بیونت۔ اصلاح۔ ترمیم و تنسیخ۔ درستی۔ تصحیح

کاٹھ : لکڑی۔ چوب۔ ہیزم۔ خشب

کاٹھی : ۱۔ جسم۔ جسامت۔ ہاڑ۔ ڈیل ڈول۔ قد و قامت
۲۔ قالب۔ ڈھانچ۔ ڈھانچا۔ ڈھچر۔ پیکر۔ کابہ
۳۔ نیام۔ میان۔ غلاف
۴۔ زین۔ پالان۔ کجاوہ۔ محمل۔ عماری۔ چُٹ دگرن۔ اکن۔ نمد۔ پشم آگنہ۔ گدّی

کاج : ۱۔ کام۔ کار۔ شغل۔ دھندا۔ کارِج

۲۔ سوراخ۔ خانۂ بوتام

کاجل: کجلا۔ کجرا۔ دھواں۔ دودِ چراغ۔ سرمۂ چشم۔ کحل البصر

کاچھا: کاچھ۔ جانگیا۔ نصف گھٹنا۔ نیکر۔ کچھ۔ چڈی۔ انڈرویئر

کاخ: ۱۔ بالاخانہ۔ بالائی منزل۔ چوبارہ۔ اٹاری۔ ماڑی
۲۔ محل۔ ایوان۔ قصر۔ کوشک۔ عمارتِ بلند

کاذب: ۱۔ جھوٹا۔ دروغ گو۔ دروغ باف۔ غلط گو۔ مُفتری
۲۔ باطل۔ غلط۔ ناحق۔ خلافِ حق۔ نادرست۔ غیر صحیح
۳۔ جعلی۔ نقلی۔ مصنوعی۔ بناوٹی۔ غیر اصلی۔ غیر حقیقی
۴۔ لغو۔ بے ہودہ۔ واہیات۔ لایعنی
۵۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔ بے ایمان۔ بددیانت

کار: موٹر گاڑی۔ سیارہ

کار: ۱۔ کام۔ کاج۔ دھندا۔ شغل۔ فعل۔ عمل۔ کرتوت۔ محنت۔ کوشش۔
سعی۔ جدوجہد۔ لگن۔ جنبش۔ حرکت
۲۔ ہنر۔ پیشہ۔ مشغلہ
۳۔ زراعت۔ کھیتی باڑی۔ فلاحت
۴۔ مطلب۔ مراد۔ مقصد۔ منشا۔ غرض۔ مدعا
۵۔ معاملہ۔ بیوپار۔ تجارت۔ سوداگری۔ لین دین
۶۔ جنگ۔ جدل۔ لڑائی۔ رزم۔ یدھ۔ حرب
۷۔ کارج۔ بیاہ۔ شادی۔ تقریبِ شادی
۸۔ غرض۔ واسطہ۔ تعلق۔ علاقہ

کارآزمودہ: آزمودہ کار۔ تجربہ کار۔ جہاں دیدہ۔ واقفِ کار۔ ماہر۔
مشاق

کارآگاہ: کاردان۔ واقفِ کار۔ خبردار۔ باخبر۔ جان کار

کارآگاہی: کاردانی۔ واقف کاری۔ خبرداری۔ باخبری۔ جان کاری

کارآمد: مفید۔ فائدہ مند۔ سودمند

کارآموز: سیکھتڑ۔ مبتدی۔ نوآموز

کاربرار: مطلب برار۔ مقصد برار۔ مطلبی۔ مطلب پرست

کاربراری: مطلب براری۔ مقصد براری۔ مطلب پرستی

کاربند: فرماں بردار۔ مطیع۔ اطاعت شعار۔ منقاد۔ عامل۔
تعمیل کنندہ۔ کارگزار

کارپرداز: منتظم۔ ناظم۔ نگرانِ کار۔ منتم۔ کارندہ۔ کارکن۔
سربراہِ کار۔ گماشتہ۔ مختار کار

کارچوبی: کشیدہ کاری۔ زرکاری۔ زردوزی۔ گل کاری۔ کڑھائی

کارخانہ: ۱۔ کارگاہ۔ صنعت گاہ۔ دارالصنعت۔ فیکٹری۔ مل
۲۔ کاروبار۔ کام کاج۔ دکان۔ کوٹھی۔ معاملہ۔ انتظام
۳۔ خدائی کاروبار۔ قدرت۔ نیچر

کارخانہ دار: ۱۔ مالکِ کارخانہ۔ کاروباری شخص۔ صنعت کار
۲۔ باورچی۔ خانساماں۔ مطبخی
۳۔ داروغہ۔ مہتمم۔ نگران۔ محافظ

کاردار: عہدہ دار۔ منصب دار۔ کامل۔ کارگزار۔ تجربہ کار۔ واقف
کار۔ آزمودہ کار

کاردان: ۱۔ واقفِ کار۔ جان کار۔ کارآگاہ۔ ہنرمند۔ ہنرور۔
کاری گر
۲۔ قدرداں۔ قدرشناس۔ معاملہ فہم۔ کارشناس۔ نکتہ شناس۔
عاقل۔ دانا

کاردانی: ۱۔ واقف کاری۔ جان کاری۔ کارآگاہی۔ ہنرمندی۔ ہنروری۔
کاری گری
۲۔ قدردانی۔ قدرشناسی۔ معاملہ فہمی۔ کارشناسی۔ نکتہ شناسی۔
عقل۔ دانائی

کارروائی: ۱۔ اجرائے کار۔ کارگزاری
۲۔ عمل درآمد۔ تعمیل۔ بجاآوری
۳۔ انتظام۔ بندوبست۔ کارپردازی۔ اہتمام
۴۔ رودادِ عدالت۔ اقدامِ عدالت
۵۔ تجویز۔ قرارداد۔ کاروبار

کارزار: جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔ وغا۔ غزا۔ یدھ۔ رن۔ جدال۔ قتال

کارساز: ۱۔ صانع۔ قادر۔ حاجت روا۔ چارہ گر۔ چارہ ساز
۲۔ ہوشیار۔ چالاک۔ ماہر۔ مشاق۔ کاریگر

کارسازی: ۱۔ صنعت گری۔ قدرت۔ حاجت روائی۔ چارہ گری۔ چارہ سازی
۲۔ مہارت۔ مشاق۔ کاریگری

کارستانی: ۱۔ شرارت۔ شرانگیزی۔ سازش۔ ساز باز
۲۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ چال بازی۔ فریب کاری۔ دغابازی

کارسخ: کارداں۔ دانا۔ عقل مند۔ لائق۔ قابل۔ معاملہ فہم

کارسخی: کاردانی۔ دانائی۔ عقل مندی۔ لیاقت۔ قابلیت۔ معاملہ فہمی

کارفرما: کارپرداز۔ ناظم۔ منتظم۔ حاکم۔ حکمراں

کارفرمائی: کارپردازی۔ انتظام۔ اہتمام۔ حکمرانی

کارکردگی: کارگزاری۔ عمل۔ مستعدی۔ لیاقت۔ استعداد

کارکن: کارندہ۔ عامل۔ کارگزار۔ ملازم۔ نوکر۔ چاکر

کارگاہ: ۱۔ کارخانہ۔ صنعت گاہ۔ دارالصنعت۔ فیکٹری۔ مل
۲۔ کھڈی۔ کرگھا

کارگر: ۱۔ مؤثر۔ پُرتاثیر۔
۲۔ مفید۔ فائدہ مند۔ سودمند
۳۔ کاری۔ مُہلک۔ بھاری۔ شدید
۴۔ ہنرمند۔ ہنرور
۵۔ خالق۔ آفریدگار۔ موجد

کارگزار: ۱۔ کارکن۔ کارندہ۔ نوکر۔ چاکر
۲۔ مستعد
۳۔ حاجت روا۔ مقصد روا

کارگزاری: ۱۔ کارکنی۔ کارکردگی۔ نوکری۔ چاکری
۲۔ چالاکی۔ مستعدی۔ استعداد
۳۔ حاجت روائی۔ مقصد روائی

کارنامہ: ۱۔ جنگ نامہ۔ کتابِ قوانین۔ مجموعۂ ضوابط
۲۔ کارِ نمایاں۔ اہم کام۔ قابلِ تعریف کام

کاروبار: ۱۔ لین دین۔ بیوہار۔ بیوپار۔ تجارت۔ سوداگری۔ بنج
۲۔ مشغلہ۔ کام۔ کاج۔ دھندا

کاروباری: ۱۔ تجارتی
۲۔ تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری

کارِ خوب — کارِ زشت — کارِ شگفت — کارِ عجیب — کارِ سیہ — کارِ دل ساز — صنعت کار — کارِ نیک — کارِ نیک انجام — آلِ کار — کارِ آساں — کارِ دشوار — بردے کار — کارِ ساماں — کار بہ سزا — کارِ شائستہ — کارِ درہم — کارِ برہم — کارِ خراب — کارِ آباد — کارِ کشا — کارِ دریا — رغبتِ کار — کارِ خام — کارِ پختہ — پُرکار — کارِ درست — کار آمدہ — کارِ ملک — کارِ بزم و رزم — محرمِ کار — از کار رفتہ — کارِ دست — دستکار — کار از دست رفتن — کارِ دیگر — کارِ مشکل — کارِ مشورہ — کارِ استوار — بے کار — بے کاری — کارِ باکار — غم کار — ماتم کار — فکرِ کار — برسرِ کار — سرکار — آمادۂ کار — کارِ دور رویہ — کاریگر — کشادہ کار — درکار — کشائشِ کار — رحم کار — کارِ شادی — ماہرِ کار — کارواں — کاریگر — کارِ امروز — کارِ فردا — جفاکار — سیاہ کار — سادہ کار — پیش کار — مزاحم کار — بدکار — بیکار — اہلکار — نابکار — پختہ کار — نام کار — زناکار — ردبکار — ناکارہ — ہرکارہ — کردہ کار — ناکردہ کار — کارکردہ — قلم کار — سوزن کار

کارپوریشن: انجمن۔ سبھا۔ مجلس۔ مستند جماعت۔ ادارہ۔ میونسپلٹی۔ بلدیہ

کارٹون: تصویری خاکہ۔ مضحک تصویر۔ مزاحیہ تصویر۔ مضحکہ خیز خاکہ

کارن: سبب۔ وجہ۔ باعث۔ واسطے۔ لیے۔ خاطر

کارندہ: کارکن۔ گماشتہ۔ مختارِ کار۔ ایجنٹ۔ سربراہ کار۔ ناظم۔ منتظم

کارواں: گروہِ مسافریں۔ قافلہ

کارواں سالار: میرِ کارواں۔ میرِ قافلہ۔ قافلہ سالار

کاری: کارگر۔ مؤثر۔ بھاری۔ گراں۔ گہرا۔ عمیق۔ بااثر۔ کارآمد۔ مفید۔ فائدہ مند۔ مُہلک

کاریز: زمین دوز نالی۔ بند نالی۔ موگا۔ قلابہ۔ کھالا

کاریگر: ۱۔ ہنرمند۔ ہنرور۔ پیشہ ور۔ دست کار
۲۔ استادِ فن۔ کامل الفن۔ ماہر۔ مشاق
۳۔ ہوشیار۔ چالاک۔ چتر۔ سمجھدار

کاریگری: ۱۔ ہنرمندی۔ ہنروری۔ پیشہ وری۔ دست کاری
۲۔ استادی۔ کاملیت۔ مہارت۔ مشاقی
۳۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ چترائی۔ سمجھ

کاڑھا: جوشاندہ۔ اچھوانی

کاسد: ناقص۔ بے قدر۔ ارزاں۔ کھوٹا۔ غیر مروّج

کاسہ: پیالہ۔ ساغر۔ جام۔ قدح۔ ساتگیں۔ کٹورا۔ کوزہ

کاسہ پُشت: ۱۔ کوزہ پشت۔ کبڑا۔ خمیدہ کمر
۲۔ کچھوا۔ سنگ پشت
کاسہ گر: کوزہ گر۔ کمہار۔ ظروف ساز
کاسہ لیس: ۱۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق
۲۔ لالچی۔ لوبھی۔ حریص۔ طامع
۳۔ فقیر۔ گداگر۔ بھکاری۔ منگتا
کاسہ لیسی: ۱۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق
۲۔ لالچ۔ لوبھ۔ حرص۔ طمع
۳۔ فقیری۔ گداگری۔ بھیک

کاشت: کھیتی باڑی۔ زراعت۔ جوتا بوتا۔ فلاحت

کاشت کار: مزارع۔ کسان۔ فلاح
کاشت کاری: مزارعت۔ زراعت۔ فلاحت

کاغذ: ۱۔ قرطاس۔ پتر۔ پیپر۔ طِرس۔ ورق
۲۔ نامہ۔ رقعہ۔ چٹھی۔ مکتوب۔ دستاویز۔ قبالہ۔ تمسک۔ وثیقہ

کاغذی: ۱۔ کاغذ ساز۔ کاغذ فروش
۲۔ پتلا۔ کمزور۔ نازک

کاغذی پیرہن ___ کاغذی پیراہن ___ کاغذی پیرہن

کافر: ۱۔ منکرِ خدا۔ بے دین۔ منکرِ حق۔ لامذہب۔ ملحد۔ زندیق۔ مرتد۔ ملیچھ۔ بیکش
۲۔ غیر۔ دشمن۔ بے گانہ۔ عدو۔ معاند۔ خصم
۳۔ ناشکر۔ ناشکر گزار۔ ناسپاس

کافردل ___ کافر چشم ___ حسنِ کافر ___ کافر مزاج ___ کافر خو

کافری: کفر۔ انکار۔ الحاد۔ ارتداد

کافور: ۱۔ کپور۔ کرپور۔ کیمفر

۲۔ (مجازاً) غائب۔ معدوم۔ دُور

کافی: ا۔ مکتفی۔ حسبِ ضرورت۔ بقدرِ ضرورت۔ بخوبی۔ بقدرِ احتیاج۔ کما ینبغی
۲۔ بس۔ بہت۔ بھرپور۔ وافر

کاکل: زلف۔ جعد۔ لٹ

کال: ا۔ وقت۔ زمانہ۔ سمے۔ رُت۔ موسم
۲۔ قحط۔ گرانی۔ نایابی۔ خشک سالی
۳۔ موت۔ مرگ۔ اجل۔ فرشتۂ موت۔ فرشتۂ اجل۔ یم دوت۔ ملک الموت

کالا: ا۔ سیاہ۔ اسود۔ تاریک۔ تیرہ۔ اسم۔ سودا
۲۔ سانپ۔ افعی۔ مار۔ سرپ۔ جیہ۔ ناگ

کالبد: ا۔ ڈھانچا۔ ڈھانچہ۔ ڈھچر۔ قالب۔ سانچا
۲۔ جسم۔ تن۔ بدن۔ سریر

کالج: دانش کدہ۔ دارالعلوم۔ کلیہ

کالک: ا۔ سیاہی۔ سواد۔ کلنک۔ کاجل
۲۔ تاریکی۔ تیرگی
۳۔ رسوائی۔ بدنامی۔ عیب۔ نقص۔ ذلت
۴۔ دھبا۔ داغ

کام (اردو)**:** ا۔ کاج۔ کار۔ فعل۔ عمل۔ دھندا۔ کرتوت۔ بیتد۔ کارج۔ کردار۔ کرنی۔ کرتک
۲۔ کاروبار۔ لین دین۔ بیوپار۔ بنج
۳۔ ہنر۔ پیشہ۔ دست کاری۔ حرفت
۴۔ شغل۔ مشغلہ۔ معروفیت

۵۔ مطلب۔ واسطہ۔ تعلق۔ علاقہ۔ غرض
۶۔ روزگار۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ خدمت
۷۔ زردوزی۔ کارچوبی۔ نقاشی
۸۔ ضرورت۔ حاجت۔ غرض۔ مطلب۔ مدعا
۹۔ ہوشیاری۔ چالاکی۔ چترائی

کام چور: نکما۔ کاہل۔ سست۔ حیلہ گر۔ بہانہ جُو

کام (فارسی)**:** ا۔ مراد۔ مقصد۔ خواہش۔ آرزو۔ مدعا۔ تمنا
۲۔ تالو

کامران: کامیاب۔ کامگار۔ بامراد۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ خوش بخت۔ بختاور۔
کامرانی: کامیابی۔ کامگاری۔ بامرادی۔ خوش بختی۔ خوش قسمتی۔ خوش نصیبی
کامگار: ا۔ کامیاب۔ کامران۔ بامراد
۲۔ طاقت ور۔ زورآور۔ قوی۔ توانا۔ خودمختار۔ بادشاہ۔ مطلق العنان
کامگاری: ا۔ کامیابی۔ کامرانی۔ بامرادی
۲۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ توانائی۔ اختیار
کامیاب: کامران۔ کامگار۔ بامراد۔ فتح مند۔ ظفرمند۔ ظفریاب۔ بامراد
کامیابی: کامرانی۔ کامگاری۔ بامرادی۔ فتح مندی۔ ظفرمندی۔ عافیت

کامل: ا۔ کل۔ پورا۔ سمپورن۔ تمام
۲۔ کُل۔ سارا
۳۔ ماہرِ فن۔ اُستاد۔ باکمال۔ صاحبِ کمال
۴۔ خدارسیدہ۔ بزرگ

کامل العیار/ کامل عیار: معیاری۔ کھرا۔ عمدہ۔ اعلیٰ
کامل الفن/ کامل فن: ماہرِ فن۔ استادِ فن۔ باکمال۔ صاحبِ کمال

کامی: ۱۔ محنتی۔ مشغول۔ معروف۔ کارکن
۲۔ بیشہرتی۔ پُرشہرت۔ بھوگ۔ عیاشی

کامیڈی: طربیہ۔ ابتہاجیہ۔ خوش انجام قصہ

کان: ۱۔ کھان۔ معدن
۲۔ منبع۔ سرچشمہ

کان: ۱۔ کرن۔ گوش۔ سمع۔ اُذن۔ عضوِ سماعت۔ نیوش۔ غول۔ غوگ۔ کِن۔ مسمع۔ منارہ۔ سرون۔ کن
۲۔ سامعہ۔ قوتِ سامعت
۳۔ خبر۔ اطلاع۔ واقفیت۔ آگاہی
۴۔ ٹیڑھ۔ ٹیڑھاپن۔ کجی۔ ناراستی
۵۔ توجہ۔ دھیان

کانا: ۱۔ ایک چشم۔ واحد العین۔ کانڑا۔ اعور۔ یک چشم گل
۲۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج

کانٹا: ۱۔ خار۔ شول۔ شوکہ۔ کنڈا۔ پھانس۔ شوک۔ سال۔ کنڈک
۲۔ ترازو۔ میزان۔ ٹکڑی

کانچ: شیشہ۔ بلور۔ آبگینہ۔ زجاج

کاندھا/کندھا: شانہ۔ دوش۔ مونڈھا

کانسی: روئین

کانفرنس: مجلسِ شوریٰ۔ مشاورت۔ صلاح مشورہ

کانگرس: ۱۔ مجلس۔ انجمن۔ بزم۔ سبھا۔ انجمن نمائندگان
۲۔ جماعت۔ حزب۔ گروہ

کاواک: ۱۔ خالی۔ تہی۔ کھوکھلا۔ مجوّف۔ بے مغز
۲۔ بے ڈول۔ بدقطع۔ بدوضع۔ بدہیئت

کاوِش: ۱۔ کرید۔ کھوج۔ تلاش۔ جستجو۔ تجسس۔ کھدائی
۲۔ خلش۔ کھٹک۔ کسک
۳۔ بیر۔ دشمنی۔ عداوت۔ معاندت۔ عناد۔ مخاصمت۔ خصومت۔ مخالفت

کاہ: گھاس۔ پھوس۔ خس و خاشاک

کاہش: ۱۔ کمی۔ گھٹاؤ۔ اُتار۔ زوال۔ انحطاط۔ تنزّل
۲۔ دُبلاپن۔ لاغری۔ کمزوری۔ ضعف
۳۔ تشویش۔ فکر۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ ڈر
۴۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بپتا۔ صعوبت۔ کلفت

کاہل: سست۔ غافل۔ مجہول۔ آرام طلب۔ سہل انگار۔ ساہدی۔ تن آسان۔ سہولت پسند۔ آرام پسند۔ آلکسی۔ نکام چور

کاہلی: سستی۔ غفلت۔ مجہولیت۔ آرام طلبی۔ سہل انگاری۔ تن آسانی۔ سہولت پسندی۔ احدی پن۔ آرام پسندی۔ آلکس

کاہن: فال گو۔ غیب گو۔ مخبرِ غیب۔ جادوگر۔ ساحر۔ مجاور۔ رہنت

کائنات: ۱۔ موجودات۔ مخلوقات۔ دنیا۔ عالم۔ سنسار
۲۔ حیثیت۔ بساط۔ مقدور۔ مقدرت
۳۔ سرمایہ۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت

کائیاں: ۱۔ چالاک۔ ہوشیار۔ خرانٹ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ گرگِ باراں دیدہ۔ سرد و گرمِ زمانہ چشیدہ۔
۲۔ مکار۔ عیار۔ فریبی۔ دغاباز۔ چال باز۔ فطرتی

کائیاں پن: ۱۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ خرانٹ پن۔ تجربہ کاری۔ آزمودہ کاری
۲۔ مکاری۔ عیاری۔ فریب کاری۔ دغابازی۔ چال بازی

کایا: ۱۔ جسم۔ بدن۔ شکل۔ صورت۔ ہیئت۔ قالب۔ دیہی۔ سریر
۲۔ ماہیت۔ اصلیت
۳۔ روپ۔ بھیس

کایا پلٹ: قلبِ ماہیت۔ تبدیلِ ہیئت۔ استحالہ۔ تبدیلِ جسم۔ انقلابِ مزاج۔ تناسخ۔ آواگون

کایاکلپ: کایا پلٹ۔ استحالہ۔ قلبِ ماہیت۔ تبدیلِ حالت۔ اعادۂ شباب

کب: کے۔ کس وقت۔ کس دن۔ کیونکر۔ کس طرح

کُب: حدبہ۔ اُبھار۔ کوہان۔ ٹیڑھو۔ کوبڑ

کباب: توربہ۔ تواہچہ۔ تباہجہ۔ تباہہ۔ کواب۔ سِمی

کباڑ: کوڑا کرکٹ۔ الم غلم۔ انگڑ کھنگڑ۔ بیکار سامان۔ کاٹھ کباڑ۔ ٹانڈ ٹنڈیرا

کِبر: ۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ شان۔ عظمت
۲۔ تکبر۔ نخوت۔ رعونت۔ خود پسندی۔ خود نگری۔ خود بینی۔ گھمنڈ۔ ابھیمان۔ غرور

کِبَر: بڑھاپا۔ پیری۔ شیب۔ کہولت۔ کہن سالی۔ دیرینہ سالی۔ پیرانہ سالی

کبرسن: بوڑھا۔ پیر۔ مُسن۔ معمر۔ کہن سال۔ دیرینہ سال۔ ضعیف۔ سالخوردہ۔ کھوسٹ۔ بڈھا۔ پھوس۔ کھوسٹ

کبرسنی: بڑھاپا۔ پیری۔ شیب۔ کہولت۔ کہن سالی۔ ضعف۔ دیرینہ سالی۔ سالخوردگی

کِبریا: بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ صفتِ خداوندی

کُبڑا: کُبّا۔ کوزہ پشت۔ کاسہ پشت۔ خمیدہ کمر۔ کُبّا۔ کُبھا

کبک: چکور۔ ماہ پرست

کبوتر: حمام۔ یمامہ۔ کفتر۔ سپارو۔ کاہی۔ کمترہ

کبود: نیلا۔ نیلگوں۔ ازرق۔ آبی۔ آسمانی

کبھی / کبھو: ۱۔ کسی وقت۔ کسی دم
۲۔ گاہے۔ شاذونادر۔ بھولے چوکے۔ اتفاقاً
۳۔ ہرگز۔ زنہار

کبیدگی: رنجیدگی۔ آزردگی۔ خفگی۔ ناراضی۔ رنجش۔ اداسی۔ افسردگی

کبیدہ: رنجیدہ۔ آزردہ۔ خفا۔ ناراض۔ اداس۔ افسردہ

کبیر: بڑا۔ بزرگ۔ عظیم۔ اعلیٰ۔ سردار۔ رئیس۔ قائد

کُپّا: ۱۔ چرمی ظرف۔ روغن دان
۲۔ پھولا۔ سوجا۔ متورم
۳۔ موٹا۔ تازہ۔ فربہ۔ لحیم شحیم

کپاس: قطن۔ ناصاف روئی۔ کپاہ

کپٹ: ۱۔ میل۔ کدورت۔ گرد۔ غبار
۲۔ کینہ۔ عناد۔ نفاق۔ بغض۔ دشمنی۔ بیر۔ عداوت

۲۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ چال۔ دم۔ جھانسا۔ کھوٹ

کپٹی: ۱۔ کھدر۔ غبار آلود۔ گرد آلود۔ میلا
۲۔ کینہ ور۔ منافق۔ دشمن۔ بیری۔ عدو۔ خصم
۳۔ فریبی۔ دغا باز۔ چھلیا۔ چال باز۔ دم باز

کپڑا: پارچہ۔ لباس۔ پوشاک۔ جامہ۔ ٹکڑا۔ تھان۔ دھجی۔ چیتھڑا۔
ثوب۔ ملبوس۔ پارہ۔ ٹوٹا۔ کاتھ

کپکپاہٹ / کپکپی: ۱۔ لرزہ۔ تھرتھری۔ لرزش۔ ارتعاش۔ سردی
۲۔ خوف۔ گھبراہٹ۔ دہشت۔ اضطراب۔ بے قراری

کپوت: فرزندِ ناخلف۔ پسرِ نالائق

کتا: ۱۔ سگ۔ کلب۔ کوکر۔ کھکھ۔ کتو
۲۔ (کنایتاً) کمینہ۔ پاجی۔ نالائق۔ حقیر۔ نجس۔ پلید۔ غلیظ۔ گندہ۔
ادنیٰ۔ سفلہ۔ لالچی۔ لوبھی۔ حریص۔ طامع۔ طماع۔ آزمند۔ بوالہوس

کتاب: ۱۔ نوشتہ۔ نگاشتہ۔ تحریر۔ نوشت۔ مکتوب۔ نامہ۔ چٹھی
رسالہ
۲۔ پوتھی۔ پستک۔ گرنتھ۔ کراسہ۔ صحیفہ۔ بیاض۔ مصحف۔ نامہ
۳۔ نسخہ۔ جلد
۴۔ رجسٹر۔ بہی

کتاب خانہ: کتب خانہ۔ دار الکتاب۔ بیت الکتاب۔ مخزنِ کتب۔
لائبریری

کتاب خواں: ۱۔ خوانندۂ کتاب۔ قاریٔ کتب۔ ناظرِ کتاب۔ کتاب بیں
۲۔ ذاکر۔ مرثیہ خواں

کتب فروش: کتب فروش۔ تاجرِ کتب۔ سوداگرِ کتب۔ بک سیلر

کتاب فروشی: کتب فروشی۔ تجارتِ کتب۔ سوداگریٔ کتب۔
بک ڈپو

کتابِ مقدس: الہامی کتاب۔ آسمانی کتاب۔ متبرک کتاب۔
پاک کتاب۔ قرآن مجید۔ انجیل۔ توریت۔ زبور

کتاب و سنت: قرآن و حدیث

کتابِ آسمانی — کتابِ انوری — کتابِ الہام —
کتابِ فلسفہ — کتابِ حیات — کتابِ غم —
کتابِ دل — کتابِ کائنات

کتابت: ۱۔ لکھائی۔ تحریر۔ نوشتہ۔ نگارش۔ ترقیم
۲۔ خوش نویسی۔ نگارش خطی
۳۔ نامہ۔ خط۔ چٹھی۔ پتر۔ مراسلہ۔ مکتوب۔ نمیقہ۔ شقہ۔
رقعہ

کتابچہ: مختصر کتاب۔ دستی کتاب۔ پاکٹ بک۔ ہینڈ بک۔ گٹکا

کتابہ: لوحِ مزار۔ تاریخی نظم و نثر۔ کتبہ

کتابی: ۱۔ مثلِ کتاب۔ لمبا۔ لمبوترا
۲۔ مستند۔ موثق۔ قابلِ اعتماد۔ معتبر

کتبہ: کتابہ۔ لوحِ مزار۔ تحریرِ پیشانی۔ تاریخی نظم و نثر

کتخدا: ۱۔ کدخدا۔ صاحبِ خانہ۔ گھر والا۔ صاحب البیت
۲۔ دولہا۔ نوشاہ۔ بنڑا۔ شوہر۔ خاوند۔ میاں۔ پتی۔ خصم۔
بعل۔ زوج

کتخدائی: شادی۔ بیاہ۔ براہ۔ ویواہ۔ عقد۔ نکاح۔ ازدواج۔ تزویج

کتر: ۱۔ کترن۔ تراشہ۔ چھانٹن۔ کٹنی۔ دھجی
۲۔ تربات۔ سربند

کتر بیونت : ۱۔ کاٹ چھانٹ۔ تراش خراش۔ قطع و برید
۲۔ توڑ جوڑ۔ ساز باز۔ سازش۔ آنت سانٹ۔ چال۔ دم۔
جھانسا
۳۔ کمی بیشی
۴۔ کفایت شعاری۔ کم خرچی
۵۔ منہائی۔ تفریق۔ مجرائی
۶۔ خورد برد۔ غبن۔ تقلب

کترن : کتل۔ کتر۔ تراشہ۔ چھانٹن۔ دھجی۔ ٹکڑا۔ پارچہ

کترنی : ۱۔ قینچی۔ مقراض۔ مقص
۲۔ (کنایتہً) زبان۔ لسان۔ جیبھ

کتروان : ۱۔ ریبواں۔ آڑا۔ ترچھا

کتم / کتمان : پوشیدگی۔ پردہ۔ حجاب۔ اوٹ۔ چھپاؤ

کتھا : ۱۔ قصہ۔ کہانی۔ داستان۔ افسانہ۔ واقعہ
۲۔ بات چیت۔ گفتگو۔ بحث مباحثہ

کٹار : چھری۔ خنجر۔ دشنہ۔ کارد۔ چاقو۔ پیش قبض۔ قرولی

کٹر : ۱۔ سخت۔ شدید۔ پکا۔ راسخ۔ مضبوط۔ کٹھور۔ کڑا
۲۔ سخت دل۔ سنگ دل۔ قسی القلب۔ بے درد۔ بے رحم۔
بے مروت۔ شقی القلب

کٹم : کنبہ۔ گھرانا۔ خاندان۔ دودمان۔ تبار۔ فیملی۔ خانوادہ

کٹنا : بھڑوا۔ دلال۔ دیوث۔ قرمساق۔ بے حیا۔ بے شرم۔
قلتبان

کٹنا پا / کٹنائی : بھڑوا پن۔ دلالی۔ دیوثی۔ بے شرمی۔ بے حیائی

کٹنی : مکار۔ چالاک۔ ششاطہ۔ دلالہ۔ چالو۔ کٹیا۔ چھچھوندر۔ ڈ۔
فتنہ پرداز۔ فتنہ انگیز۔ پھلجھڑی

کٹوتی : ۱۔ منہائی۔ مجرائی۔ تفریق۔ کمی
۲۔ تراش۔ قطع۔ برید۔ کاٹ۔ کٹائی۔ چھانٹ

کٹورا : پیالہ۔ بادیہ۔ قدح۔ جام۔ ساغر۔ ساتگیں

کٹھ پتلی : ۱۔ چوبی مجسمہ۔ چوبی بت۔ مورت۔ کھلونا۔ گڑیا
۲۔ بے بس۔ بے اختیار۔ مجبور۔ محکوم

کٹھن : سخت۔ مشکل۔ دشوار۔ صعب۔ اجیرن۔ دوبھر۔ اڑگٹ۔
مصیبت۔ ناگوار۔ پہاڑ

کٹھنائی : سختی۔ مشکل۔ دشواری۔ صعوبت۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بپتا

کٹھور : سخت۔ کڑا۔ سنگ دل۔ قسی القلب۔ بے درد۔ بے رحم۔ ظالم۔
ستمگر

کٹھورپن : سختی۔ کڑا پن۔ سنگ دلی۔ قساوت۔ قسی القلبی۔ بے دردی۔
بے رحمی۔ ظلم۔ ستم

کٹی / کٹیا : ۱۔ جھونپڑی۔ جھگی
۲۔ مڑھی۔ سادھ

کٹیلا : کاٹ دار۔ قاطع۔ تیز۔ تیکھا۔ براں۔ آبدار۔ نوک دار۔
زہریلا

کثافت : گھناپن۔ گاڑھاپن۔ میلاپن۔ غلاظت۔ غلاظت۔ گندگی

آلودگی

کثرت: بیشی۔ زیادتی۔ افزونی۔ افزودگی۔ افراط۔ وفور۔ توفیر۔ بہتات۔ لہر بہر۔ خصخص۔ عیش

کثیر: زیادہ۔ بیش۔ باافراط۔ وافر۔ موفور۔ بہت۔ افزوں۔ بہتیرا۔ نہایت۔ بدرجۂ غایت۔ بُہتا

کثیرالاضلاع ــــ کثیرالمعنی ــــ کثیرالاولاد ــــ کثیرالمقاصد

کثیف: گاڑھا۔ گھنا۔ غلیظ۔ میلا۔ گندہ۔ آلودہ

کج: اڑیڑھا۔ ترچھا۔ آڑا۔ ناراست۔ خمیدہ۔ اعوجاج۔ معوج
۲۔ نادرست۔ غلط۔ بُرا۔ بد

کج اخلاق/خلق: بداخلاق۔ بدخلق۔ غیرمہذب۔ ناشائستہ۔ اکھڑ۔ روکھا۔ بدتہذیب۔ سرکہ جبیں۔ درشت مزاج۔ بدمزاج

کج اخلاقی/خلقی: بداخلاقی۔ بدخلقی۔ بدتہذیبی۔ ناشائستگی۔ اکھڑپن: روکھاپن۔ سرکہ جبینی۔ درشت مزاجی۔ بدمزاجی

کج ادا: کج خلق۔ کج اخلاق۔ بدخلق۔ بداخلاق۔ بدتہذیب۔ غیرمہذب۔ ناشائستہ۔ اکھڑ۔ روکھا۔ بےمروت۔ بےلحاظ۔ بےوفا

کج ادائی: کج خلقی۔ کج اخلاقی۔ بدخلقی۔ بداخلاقی۔ بدتہذیبی۔ ناشائستگی۔ اکھڑپن۔ روکھاپن۔ بےمروتی۔ بےلحاظی۔ بےوفائی

کج باز: بدمعاملہ۔ مفسد۔ مفسدہ پرداز۔ فسادی

کج بازی: بدمعاملگی۔ فساد۔ مفسدہ پردازی

کج بحث: کٹ حجت۔ حجتی۔ تکراری۔ جھگڑالو

کج بحثی: کٹ حجتی۔ لایعنی بحث۔ تکرار۔ جھگڑا۔ مجادلہ

کج چشم: کج نظر۔ بھینگا۔ احول

کج چشمی: کج نظری۔ بھینگا پن

کج خلق: کج اخلاق۔ بدخلق۔ بداخلاق۔ بدتہذیب۔ غیرمہذب۔ کج ادا۔ ناشائستہ۔ اکھڑ۔ روکھا۔ بےمروت۔ بےلحاظ۔ بدمزاج۔ بدخو۔ بدطینت

کج خلقی: کج اخلاقی۔ بدخلقی۔ بداخلاقی۔ بدتہذیبی۔ ناشائستگی۔ اکھڑپن۔ کج ادائی۔ روکھاپن۔ بےمروتی۔ بےلحاظی۔ بدمزاجی۔ بدطینتی۔ بدخوئی

کج رائے: بدتدبیر۔ ناقص الرائے۔ ناقص العقل۔ کج فہم

کج رفتار/رَو: غلط رَو۔ بےراہ۔ گم راہ۔ بھٹکا

کج رفتاری/روی: غلط رَوی۔ بےراہی۔ گمراہی

کج سرشت/طبع/مزاج: بدخو۔ بدمزاج۔ بدطینت۔ بدسرشت۔ بدخصال۔ کج خلق

کج سرشتی/طبعی/مزاجی: بدخوائی۔ بدمزاجی۔ بدطینتی۔ بدسرشتی۔ بدخصالی۔ کج خلقی

کج فہم: بدفہم۔ نافہم۔ ناسمجھ۔ کج رائے۔ ناقص الفہم

کج فہمی: بدفہمی۔ نافہمی۔ ناسمجھی۔ کج رائی۔ غلط فہمی

کج کلاہ: (کنایتہً) ۱۔ بانکا۔ خودپسند۔ خودبیں۔ خودنگر۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیمان
۲۔ بادشاہ۔ ملک۔ سلطان۔ راجا
۳۔ معشوق۔ محبوب۔ پریتم۔ پیتم

کج کلاہی: (کنایتہً) ۱۔ بانک پن۔ خودپسندی۔ خودبینی۔ خودنگری۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیمان
۲۔ بادشاہی۔ سلطانی۔ راج
۳۔ معشوقیت۔ محبوبیت

کج مج بیان/زبان: عاجز بیان۔ غیرفصیح۔ ممل گو

کج مج بیانی/زبانی: عاجز بیانی۔ عجزِ بیان۔ ممل گوئی۔ عدم فصاحت

کج نظر: کج چشم۔ بھینگا۔ احول

کج نظری: کج چشمی۔ بھینگا پن

کج نہاد: کج سرشت۔ کج طبع۔ بدسرشت۔ بدطینت۔ بدخصال۔ بدخصلت۔ بدفطرت۔ بدمزاج۔ بدخو۔ بدخلق

کج نہادی: کج سرشتی۔ کج طبعی۔ بدسرشتی۔ بدطینتی۔ بدخصالی۔ بدخصلتی۔ بدفطرتی۔ بدمزاجی۔ بدخوئی۔ بدخلقی

کج دماغ ـــ کج بیح ـــ کج باز ـــ کج آگند ـــ
کج پلاس ـــ کج معاملہ

کجاوہ : محمل ۔ عماری ۔ کاٹھی

کچا : ۱۔ خام ۔ ناپختہ ۔ ادھ گلا ۔ بے پکا ۔ نارسیدہ ۔ ہرا ۔ گدرا ۔
بن پکا
۲۔ ناپائیدار ۔ غیر محکم ۔ عارضی ۔ نااستوار ۔ ہلکا ۔ بے ثبات
۳۔ ناتجربہ کار ۔ ناآزمودہ کار ۔ اناڑی ۔ بھندی
۴۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔ بودا ۔ کم ہمت ۔ تھڑدلا

کچاپن : ۱۔ خامی ۔ ناپختگی ۔ نارسیدگی
۲۔ ناپائیداری ۔ غیر محکمی ۔ عارضی پن ۔ نااستواری ۔ ہلکاپن ۔
بے ثباتی
۳۔ ناتجربہ کاری ۔ ناآزمودہ کاری ۔ اناڑی پن
۴۔ بزدلی ۔ کم ہمتی ۔ بوداپن

کچاچٹھا : صحیح حال ۔ صحیح کیفیت ۔ حقیقتِ حال ۔ پول

کچوکا : ۱۔ چبھن ۔ ضرب ۔ چھیڑ ۔ مار ۔ حملہ ۔ زخم ۔ گھاؤ
۲۔ (مجازاً) طعن ۔ تشنیع ۔ مہنا ۔ چٹکی ۔ میگھا

کچھ : کسی قدر ۔ تھوڑا ۔ بعض ۔ کم ۔ قلیل ۔ قدرے

کچھ کچھ : کسی قدر ۔ تھوڑا سا ۔ تھوڑا بہت ۔ قدرے ۔ قلیل ۔
لگ بھگ

کچھار : ترائی ۔ بیلا ۔ کھوری ۔ آکھر ۔ گپھا ۔ غار ۔ گڑھا ۔ کھو ۔ بھٹ ۔
نیستاں

کچھوا : سنگ پشت ۔ کاسہ پشت ۔ باخہ ۔ چلچلہ ۔ کشف ۔ کشتوک ۔
لاک پشت

کچہری : ۱۔ عدالت ۔ دارالانصاف ۔ انصاف گاہ ۔ دارالقضا ۔ کورٹ ۔ داد گاہ ۔
داوری گاہ
۲۔ دیوان ۔ دفتر ۔ راج دربار ۔ دربار ۔ سدر بارِ شاہی

کحال : ماہرِ امراضِ چشم ۔ معالجِ چشم ۔ طبیبِ چشم

کحل : سرمہ ۔ انجن ۔ کاجل

کد : ۱۔ سختی ۔ تکلیف ۔ رنج ۔ محنت
۲۔ کوشش ۔ سعی ۔ سرگرمی ۔ جدوجہد
۳۔ ضد ۔ ہٹ ۔ اصرار

کد و کاوش : تلاش و جستجو ۔ چھان بین ۔ چھان پھٹک ۔ سعی و
کوشش ۔ جدوجہد ۔ دوڑ دھوپ ۔ بھاگ دوڑ ۔ سرگرمی ۔
جاں فشانی ۔ محنت و رنج

کد : گھر ۔ استھان ۔ مکان ۔ خانہ ۔ بیت ۔ دار ۔ ستان

کدبانو : صاحبۂ خانہ ۔ گھر والی ۔ گھرنی ۔ بیوی ۔ اہلیہ ۔ بیگم ۔ پتنی ۔ زوجہ ۔
عروس ۔ مالکہ ۔ مالکن ۔ بنری ۔ بنی

کدخدا : ۱۔ صاحبِ خانہ ۔ گھر والا ۔ مالک ۔ صاحب البیت ۔
۲۔ دولہا ۔ نوشاہ ۔ مرزا ۔ شوہر ۔ خاوند ۔ میاں ۔ پتی ۔ خصم ۔ بعل ۔
زوج ۔ بنا

کدخدائی : کتخدائی ۔ شادی ۔ بیاہ ۔ براہ ۔ بیاہ ۔ عقد ۔ نکاح ۔
ازدواج ۔ تزویج

کدال : گدالا ۔ زاغ نول ۔ مغرق ۔ کدار ۔ خدال

کدو : یقطین ۔ دُبا ۔ قرع ۔ اُج ۔ لوکی ۔ آل ۔ گھیا

کدورت : ۱۔ غبار ۔ گرد ۔ میل ۔ گدلا پن ۔ دھول

۲۔ ملال ۔ رنجش ۔ کینہ ۔ بغض ۔ عناد

کُڈھب: بے ڈھب ۔ بے موقع ۔ بے ربط ۔ بُرا ۔ زبوں ۔ بے ڈول ۔ بے ڈھنگا

کذّاب: نہایت جھوٹا ۔ دروغ گو ۔ دروغ باف ۔ غلط گو ۔ بے ایمان

کِذب: جھوٹ ۔ دروغ ۔ باطل ۔ بے اصل ۔ خلافِ حقیقت بات

کر: (سنسکرت) ۱۔ ہاتھ ۔ دست ۔ ید
۲۔ محصول ۔ خراج ۔ مال گزاری ۔ چُنگی
۳۔ جُرمانہ ۔ تاوان ۔ ڈنڈ ۔ چٹی ۔ بیگار

کَر: (فارسی) ۱۔ بہرا ۔ اصم ۔ صامت ۔ محرومِ سماعت
۲۔ زور ۔ بل ۔ شکتی ۔ قوت ۔ طاقت ۔ توانائی
۳۔ شان ۔ شوکت ۔ ٹھاٹھ ۔ دھوم

کروفر: شان و شوکت ۔ دھوم دھام ۔ طمطراق ۔ جاہ و جلال ۔ ٹھاٹھ باٹھ ۔ شکوہ و تجمل

کرارا: ۱۔ سخت ۔ کڑا ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔ محکم
۲۔ خستہ ۔ بُھربُھرا
۳۔ کڑکڑا ۔ زور آور ۔ قوی ۔ طاقت ور ۔ بلوان ۔ شکتی مان

کراراپن: ۱۔ سختی ۔ کڑاپن ۔ مضبوطی ۔ استحکام ۔ محکمی
۲۔ خستگی ۔ کرکراپن ۔ بھُربھُراپن
۳۔ کڑکڑاپن ۔ زور آوری ۔ طاقت ۔ قوت ۔ بل ۔ شکتی

کراسہ: جزوِ کتاب ۔ کتابچہ ۔ صحیفہ ۔ کاپی

کرامت: ۱۔ نوازش ۔ عنایت ۔ مہربانی ۔ کرم ۔ عطا
۲۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ خوبی ۔ عمدگی ۔ عظمت
۳۔ خرقِ عادت ۔ معجزہ ۔ اعجاز ۔ کرشمہ

کَراں / کرانہ: کنارہ ۔ کنار ۔ ساحل ۔ پایاں ۔ حد ۔ اور چھور ۔ سِرا

کرانی: کرسٹان ۔ کرسچین ۔ عیسائی ۔ مسیحی ۔ نصرانی

کراہ: آہ ۔ سسکی ۔ سسکاری ۔ ہائے ۔ افسوس

کراہت: بیزاری ۔ گھن ۔ نفرت ۔ اِکراہ

کرایہ: بھاڑا ۔ اُجرت ۔ معاوضہ ۔ عوض ۔ مُزد ۔ مزدوری ۔ سوک ۔ محنتانہ ۔ حق المحنت ۔ حق الخدمت ۔ اجراہ ۔ کرار

کرایہ دار: اسامی ۔ رعیت ۔ اجورہ دار ۔ ٹھیکے دار

کرب: ۱۔ دکھ ۔ درد ۔ تکلیف ۔ اذیت ۔ کوفت
۲۔ اضطراب ۔ بے چینی ۔ بے قراری ۔ بے تابی ۔ بے کلی ۔ گھبراہٹ ۔ وحشت
۳۔ رنج ۔ غم ۔ الم ۔ ملال ۔ اندوہ ۔ حزن

کرب انگیز: ۱۔ درد انگیز ۔ تکلیف دہ ۔ اذیت دہ
۲۔ اضطراب انگیز ۔ وحشت انگیز
۳۔ غم انگیز ۔ الم انگیز ۔ اندوہ ناک

کرب انگیزی: ۱۔ درد انگیزی ۔ تکلیف دہی ۔ اذیت دہی
۲۔ اضطراب انگیزی ۔ وحشت انگیزی
۳۔ غم انگیزی ۔ الم انگیزی ۔ اندوہ ناکی

کرب ناک: ۱۔ دردناک ۔ اذیت ناک ۔ پُر تکلیف
۲۔ وحشت ناک ۔ پُر وحشت ۔ پُر اضطراب
۳۔ غم ناکی ۔ الم ناکی ۔ اندوہ ناکی ۔ حزنیت

کرپا : عنایت۔ مہربانی۔ نوازش۔ کرم

کُرتا/کُرتہ : قمیص۔ جامہ۔ لباس۔ پوشاک۔ شلوکا

کرتار : خالق۔ صانع۔ کارساز۔ صناع۔ خلّاق۔ باری۔ خدا۔ اللہ۔ ایشور۔ پرماتما

کرتب : ۱۔ کام۔ ہنر۔ کمال۔ فعل۔ عمل
۲۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ عیاری
۳۔ شعبدہ بازی۔ شعبدہ گری۔ بازی گری
۴۔ مشق۔ مشاقی۔ مہارت

کرتبی/کرتبیا : ہنرمند۔ چالاک۔ ہوشیار۔ عیار۔ شعبدہ باز۔ شعبدہ گر۔ بازی گر۔ ماہر۔ مشّاق

کرتُوت : کام۔ کار۔ فعل۔ کرنی۔ ناشائستہ حرکت۔ لچھن۔ چلن۔ روش۔ بُرے کام۔ کرتب

کِرچ/کِرچی : ریزہ۔ ذرّہ۔ انس۔ کن۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ جزوِ قلیل

کرخت : کڑا۔ سخت۔ بے حس و حرکت۔ درشت

کرختگی : کڑاپن۔ سختی۔ بے حسی۔ درشتی

کردار : ۱۔ چال چلن۔ سیرت۔ عمل۔ فعل۔ کریکٹر
۲۔ طرزِ عمل۔ روش۔ سبھاؤ۔ عادت۔ طور۔ وضع
۳۔ طریق۔ طرز۔ ڈھنگ۔ انداز۔ قاعدہ
۴۔ شغل۔ کام۔ کار
۵۔ اشخاصِ قصّہ

کردار نگاری : سیرت نگاری۔ حالات نگاری۔ کیفیت نویسی

نیک کردار ــ بدکردار ــ مثالی کردار ــ شخصی کردار ــ قومی کردار ــ خوش کردار ــ راست کردار

کردگار : خالق۔ صانع۔ مالک۔ آقا۔ خدا۔ اللہ۔ ایشور

کُرسی : ۱۔ صندلی۔ مسند۔ گدّی۔ تخت۔ دنگل۔ اورنگ
۲۔ قاعدہ۔ تہ۔ بنیاد۔ بلندی۔ بنیاد۔ بنیاد۔ بنا۔ اساس۔ نیو
۳۔ زینہ۔ درجہ۔ پایہ۔ مقام۔ رتبہ۔ مرتبہ
۴۔ عہدہ۔ منصب۔ پدوی
۵۔ پیڑھی۔ پشت۔ نسل۔ نژاد۔ خاندان۔ دُودمان۔ تبار۔ بنس
۶۔ اقتدار۔ حکومت۔ اختیار

کرسی نامہ : نسب نامہ۔ شجرۂ نسب۔ سندِ خاندان
کرسی نشیں : مسند نشیں۔ گدی نشیں۔ تخت نشیں۔ اورنگ نشیں
کرسی نشینی : مسند نشینی۔ گدی نشینی۔ تخت نشینی۔ اورنگ نشینی

کرشمہ : ۱۔ ناز۔ نخرہ۔ غمزہ۔ چشمک زنی
۲۔ کرامت۔ اعجاز۔ خرقِ عادت
۳۔ علامت۔ نشان۔ چنہ
۴۔ چال۔ عیاری۔ دم۔ جھانسا

کرگس : گدھ۔ استخواں ربا۔ گرجھ۔ گید۔ استخواں رند۔ دراک۔ کلرع

کرم : (سنسکرت) ۱۔ کام۔ فعل۔ عمل۔ کار۔ کاروبار۔ شغل
۲۔ نوکری۔ چاکری۔ ملازمت۔ خدمت
۳۔ فرض۔ کارِ منصبی۔ ڈیوٹی
۴۔ چال چلن۔ کردار۔ سیرت۔ وضع۔ طور
۵۔ بخت۔ قسمت۔ مقدر۔ تقدیر۔ نصیب

کرم چاری: کارکن۔ کارندہ۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خادم۔ رضاکار

کرم: (عربی) ۱۔ بخشش۔ فیاضی۔ جُود۔ سخا۔ دَیا۔ دان۔ پُن۔ عطا
۲۔ عنایت۔ مہربانی۔ نوازش
۳۔ جواں مردی۔ عزیمت۔ ہمت۔ حوصلہ
۴۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عزت۔ وقار۔ حرمت

کرم پرور/ فرما/ گستر: مہربان۔ عنایت فرما۔ کریم۔ سخی۔ جواد۔ دیالُو۔ دانی۔ مُعطی۔ داتا۔ جواں ہمت۔ جواں مرد۔ عالی ہمت۔ صاحبِ عزیمت

کرم پروری/ فرمائی/ گستری: مہربانی۔ عنایت فرمائی۔ کریمی۔ سخاوت۔ جُود۔ دَیا۔ عطا۔ دان۔ جواں ہمتی۔ جوانمردی۔ عالی ہمتی

کِرم: کیڑا۔ دُودہ۔ حشرہ

کِرم/ کرمکِ شب تاب: جُگنو۔ چرانک۔ پٹ بیجنا۔ شب چراغ۔ شب افروز

کِرن: ۱۔ شعاع
۲۔ گوٹا۔ کناری

کرنٹ: ۱۔ رَو۔ لہر۔ موج
۲۔ جدید۔ تازہ۔ حالیہ۔ مروّج۔ رائج

کرنسی: سکۂ رائج الوقت۔ زرِ مبادلہ۔ نقدی۔ روپیہ پیسا

کرنی: کام۔ فعل۔ عمل۔ کرتُوت۔ لچھن

کروٹ: ۱۔ پہلُو۔ طرف۔ جانب۔ رُخ۔ بل
۲۔ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز
۳۔ انقلاب۔ تبدیلی

کرودھ: غضب۔ غصہ۔ غلیظ۔ خشم۔ طیش۔ عتاب۔ خفگی۔ برافروختگی۔ برہمی۔ پیچ و تاب

کرودھی: پُرغضب۔ غضب ناک۔ غصیل۔ غصہ آور۔ پُرغیظ۔ خشم گیں۔ خشم ناک۔ پُرعتاب۔ خفا۔ برافروختہ۔ برہم

کروڑ: ۱۔ سَو لاکھ
۲۔ بہت۔ کثیر۔ بے اندازہ۔ لاتعداد۔ بے شمار

کروڑ پتی: دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول۔ امیر۔ سیٹھ۔ غنی

کُروی: گول۔ مدوّر۔ بیضوی۔ اہلیجی

کُرہ: گیند۔ گولا۔ حلقہ۔ گھیرا۔ دائرہ۔ گوب

کُرید: تلاش۔ جستجو۔ کاوش۔ کھوج۔ ٹوہ۔ تجسس۔ چھان بین۔ تحقیق۔ تفتیش۔ تفحص

کریم: ۱۔ سخی۔ جوّاد۔ بخشندہ۔ مُعطی۔ دانی۔ دیالُو۔ داتا۔ فیاض۔ فیض بخش۔ کرم گستر
۲۔ مہربان۔ عنایت فرما۔ نوازندہ۔ بامروّت
۳۔ جواں مرد۔ باہمت۔ بلند ہمت۔ بلند حوصلہ

کریم النفس: نیک دل۔ بزرگ۔ دریادل۔ فیض گستر۔ مہربان۔ سخی۔ نیک نفس

کریم النفسی: نیک دلی۔ بزرگی۔ دریادلی۔ فیض گستری۔ مہربانی۔ سخاوت۔ نیک نفسی

کریمی: ۱۔ سخاوت۔ جُود۔ بخشش۔ عطا۔ دان۔ دَیا۔ فیض۔ فیض بخشی۔ فیض گستری۔ کرم گستری
۲۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ مروّت

۴۔ جواں مردی ۔ باہمتی ۔ بلند ہمتی ۔ بلند حوصلگی

کریہہ : مکروہ ۔ بھونڈا ۔ ناگوار ۔ ناپسندیدہ ۔ قابلِ نفرت ۔ گھناؤنا ۔ کراہت انگیز ۔ نفرت انگیز

کریہہ الصوت : بدآواز ۔ بدگلو ۔ بدالحان ۔ بدآہنگ ۔ بدنوا

کریہہ المنظر : بدشکل ۔ بدصورت ۔ بدقطع ۔ بدنما ۔ بدمنظر ۔ بدہیئت

کڑا : ۱۔ سخت ۔ کرخت ۔ درشت ۔ شدید
۲۔ مشکل ۔ کٹھن ۔ دشوار
۳۔ مضبوط ۔ پکا ۔ پختہ ۔ محکم ۔ مستحکم ۔ استوار
۴۔ قوی ۔ طاقت ور ۔ زورآور ۔ بلی ۔ بلوان ۔ بلونت
۵۔ بدمزاج ۔ درشت مزاج ۔ بےدرد ۔ بےرحم ۔ سنگدل ۔ قسی القلب ۔ شقی القلب
۶۔ بہادر ۔ دلیر ۔ دلاور ۔ جری ۔ شجاع ۔ سورما
۷۔ مہنگا ۔ گراں
۸۔ حلقہ ۔ کنڈل ۔ چوڑی ۔ کنگن

کڑاپن : ۱۔ سختی ۔ کرختی ۔ کرختگی ۔ درشتی ۔ شدت
۲۔ مشکل ۔ اشکال ۔ کٹھنائی ۔ دشواری
۳۔ مضبوطی ۔ پکاپن ۔ پختگی ۔ محکمی ۔ استحکام ۔ استواری
۴۔ قوت ۔ طاقت ۔ زور ۔ بل
۵۔ بدمزاجی ۔ درشت مزاجی ۔ بےدردی ۔ بےرحمی ۔ قساوت ۔ سنگدلی ۔ شقاوت
۶۔ بہادری ۔ دلیری ۔ دلاوری ۔ جرأت ۔ شجاعت ۔ سورماپن

کڑبڑا : چتکبرا ۔ چتلا ۔ ابلق ۔ سیاہ و سفید ۔ دورنگا ۔ نل چاولا

کڑک : گرج ۔ کڑکا ۔ کڑاکا ۔ رعد ۔ صدائے مہیب ۔ شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ تڑاخا ۔ تڑاقا

کڑکا : ۱۔ کڑک ۔ کڑاکا ۔ گرج ۔ رعد ۔ صدائے مہیب ۔ شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ تڑاخا ۔ تڑاقا
۲۔ رجز ۔ جنگی اشعار ۔ جرأت انگیز کلام
۳۔ صدائے نقیب
۴۔ رزم نامہ ۔ جنگ نامہ ۔ ترانۂ جنگ

کڑوا : ۱۔ تلخ ۔ کسیلا ۔ مُر ۔ کھاری ۔ بدمزہ ۔ تیز ۔ تند ۔ جھلا ۔ چرپرا
۲۔ بدمزاج ۔ درشت مزاج ۔ تیز مزاج ۔ تندخو ۔ غصیل ۔ غصہ ور ۔ خشم گیں ۔ خشم ناک ۔ غضب ناک ۔ پرغضب ۔ اکھڑ ۔ سخت

کڑواپن / کڑواہٹ : ۱۔ تلخی ۔ کسیلاپن ۔ کھاری پن ۔ بدمزگی ۔ تیزی ۔ تندی ۔ جھل ۔ چرپراہٹ
۲۔ بدمزاجی ۔ درشت مزاجی ۔ تیز مزاجی ۔ تندخوئی ۔ غصہ وری ۔ خشم ۔ غیظ ۔ طیش ۔ غضب ۔ کرودھ ۔ تپا ۔ اکھڑپن ۔ سختی

کڑی : ۱۔ سختی ۔ مشکل ۔ کٹھنائی ۔ دشواری ۔ رنج ۔ دکھ ۔ مصیبت
۲۔ شہتیر ۔ برگا ۔ بالا
۳۔ حلقہ ۔ کنڈلی ۔ گنڈی

کڑیل : ۱۔ سخت ۔ مضبوط ۔ طاقت ور ۔ قوی ۔ زورآور ۔ بلوان ۔ بلونت
۲۔ لمبا تڑنگا ۔ قدآور ۔ کشیدہ قامت ۔ بلند قامت ۔ گرانڈیل ۔ عظیم الجثہ ۔ صاحبِ تن و توش

کَس : (فارسی) ۱۔ کوئی ۔ فرد ۔ شخص ۔ آدمی
۲۔ رفیق ۔ ساتھی ۔ یار ۔ دوست ۔ سنگی

کس مپرسی : بےکسی ۔ بےیاری ۔ بےچارگی ۔ بےبسی ۔ درماندگی

کَس : (ہندی) ۱۔ طاقت ۔ زور ۔ بل ۔ قوت ۔ شکتی
۲۔ امتحان ۔ آزمائش ۔ جانچ ۔ پڑتال
۳۔ تاؤ ۔ کھنچاؤ ۔ تناؤ ۔ کشیدگی

۴۔ خم تیغ۔ خمیدگی
۵۔ مضبوطی۔ پختگی۔ پکی۔ استواری۔ پائیداری
۶۔ حقیقت۔ اصلیت
۷۔ کساؤ۔ تلخی۔ کڑواہٹ

کس بل: دم خم۔ زور وطاقت۔ قوت و توانائی

کس: کون۔ کدام

کساد: بے رونقی۔ بے رواجی۔ نامقبولیت۔ ارزانی۔ مندا۔ سستاپن

کساد بازاری: ناخریداری۔ ارزانی۔ سستاپن۔ سرد بازاری۔ مندا

کسالت: سستی۔ کاہلی۔ کسل مندی۔ سہل انگاری۔ آلکس۔ آلس۔ الکساہٹ۔ احدی پن

کسان: کاشت کار۔ کشت کار۔ مزارع۔ فلاح۔ کشاورز۔ دہقان۔ کدیور۔ قلبہ ران۔ برزگر۔ برزہ کار۔ برزہ۔ برزی۔ برزی کار۔ برزی گر۔ برزگار۔ کشت مند۔ کشمند۔ نسودی۔ وزاکار۔ ورزگر۔ ورزہ۔ ورزہ کار۔ ورزی۔ ورزی کار۔ ورزی گر۔ حارث۔ اکار۔ فارمر۔ جغدال۔ زمیندار۔ جٹ۔ دہگان۔ دیہاتی۔ روستا۔ گنوار۔ فلاح

کساؤ: ۱۔ کھچاؤ۔ کھچاوٹ۔ تناؤ۔ کشیدگی۔ کس
۲۔ تنگی۔ چستی
۳۔ کسیلاپن۔ تلخی۔ کڑواہٹ۔ بدمزگی

کسب: ۱۔ حصول۔ تحصیل۔ تلاش۔ کوشش۔ سعی
۲۔ ہنر۔ فن۔ کام۔ دھندا۔ شغل۔ کار۔ پیشہ

۳۔ بدکاری۔ چھنالا۔ قحبگی

کسبی: ۱۔ پیشہ ور۔ مزدور۔ محنت کش۔ ہنرمند
۲۔ زنِ بازاری۔ فاحشہ۔ قحبہ۔ چھنال۔ پاتر۔ رنڈی۔ کنجری۔ طوائف

کستوری: مشکِ نافہ۔ مشک۔ مِسک

کسٹم: ۱۔ محصول درآمد۔ چونگی۔ لگان۔ کر۔ ٹیکس
۲۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ ریت۔ چلن

کسر: (عربی) ۱۔ شکستگی۔ ٹوٹ۔ پھوٹ۔ ریخت
۲۔ ریزہ۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ بھاگ۔ پارہ۔ سالن۔ جزو

کسرِشان: بے وقری۔ بے آبروئی۔ بے عزتی۔ بے قدری
کسرِنفسی: انکسار۔ عاجزی۔ عجز۔ فروتنی

کسر: (اردو) کمی۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ خسارہ۔ توڑا۔ قلت

کسرت: ورزش۔ ریاض۔ ریاضت۔ مشق

کسک: ٹیس۔ درد۔ کھٹک۔ خلش۔ دکھ

کسل: ۱۔ سستی۔ کاہلی۔ آلکس۔ آلس۔ الکساہٹ۔ سہل انگاری
۲۔ تکان۔ تھکاوٹ۔ تھکن۔ خستگی
۳۔ علالت۔ علت۔ بیماری۔ روگ۔ دکھ۔ مرض۔ سُقم۔ آزار۔ کمزوری۔ ضعف۔ نقاہت

کسلمند: ۱۔ سست۔ کاہل۔ آلکسی۔ آلسی۔ سہل انگار۔ سہولت پسند۔ آرام طلب
۲۔ تھکا ماندہ۔ خستہ

۲۔ علیل۔ بیمار۔ روگی۔ مریض۔ دکھی۔ آزاری۔ کمزور۔ نقیہ۔ ضعیف

کسل مندی: ۱۔ سستی۔ کاہلی۔ آلکس۔ آلس۔ اکساہٹ۔ سہل انگاری۔ سہولت پسندی۔ آرام طلبی
۲۔ تھکن۔ تکان۔ تھکاوٹ۔ ماندگی۔ خستگی
۳۔ علالت۔ بیماری۔ روگ۔ مرض۔ دکھ۔ آزار۔ سقم۔ کمزوری۔ ضعف۔ نقاہت

کسمساہٹ: ۱۔ بے آرامی۔ بے قراری۔ بے تابی۔ بے چینی۔ اضطراب۔
۲۔ اینٹھن۔ تناؤ

کسوٹی: ۱۔ سنگِ عیار۔ محک۔ معیار
۲۔ پرکھ۔ جانچ۔ امتحان۔ آزمائش

کسی: کوئی۔ کسے۔ فلاں

کسیرا: ٹھٹھیرا۔ بھرتیا۔ مس گر۔ نحاس۔ صفار

کسیلا: بدمزہ۔ ترش۔ تلخ

کسیلا پن: کس۔ بدمزگی۔ ترشی۔ تلخی

کسیلا: مضبوط۔ طاقت ور۔ توانا۔ قوی۔ تگڑا۔ جان دار۔ بلی۔ بلوان۔ زور آور۔ مستحکم۔ استوار

کسیلا پن: کس۔ بل۔ مضبوطی۔ توانائی۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ محکمی۔ استحکام۔ استواری

کشاد: ۱۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی۔ چوڑائی۔ کشائش
۲۔ فتح۔ ظفر۔ کامرانی۔ کامگاری۔ کامیابی۔ جیت۔ وجے
۳۔ حل۔ سلجھاؤ

کشادگی: فراخی۔ وسعت۔ کشائش۔ چوڑائی۔ پھیلاؤ

کشادہ: ۱۔ فراخ۔ وسیع۔ چوڑا۔ عریض
۲۔ کھلا۔ وا۔ باز
۳۔ شگفتہ

کشادہ پیشانی: ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ خوش اخلاق

کشادہ دل: فراخ دل۔ وسیع القلب۔ فیاض۔ سخی۔ جواد۔ کریم۔ دانی۔ داتا۔ دریا دل۔ عالی حوصلہ۔ فراخ حوصلہ

کشادہ دلی: فراخ دلی۔ وسیع القلبی۔ فیاضی۔ سخاوت۔ جود۔ کرم۔ کرم گستری۔ کریمی۔ دان۔ دیا۔ دریا دلی۔ عالی حوصلگی۔ فراخ حوصلگی

کشادہ رو: خندہ رو۔ ہنس مکھ۔ خوش اخلاق۔ خوش مزاج۔ خوش خصال

کشادہ روئی: خندہ روئی۔ خوش اخلاقی۔ خوش مزاجی۔ خوش خصالی

کشاکش: کھینچا تانی۔ دھکم دھکا۔ چھینا جھپٹی۔ تکرار۔ جھگڑا۔ چپقلش۔ کش مکش

کشائش: فراخی۔ وسعت۔ کشادگی۔ کشود۔ کشاد

کِشت: کھیتی۔ زراعت۔ فلاحت۔ کاشت۔ بوجوت

کِشت کار: کسان۔ دہقان۔ کاشت کار۔ مزارع۔ فلاح۔ جوتنے والا۔ کشاورز

کِشت کاری: کاشت کاری۔ کھیتی باڑی۔ زراعت۔ فلاحت۔ کشاورزی

کُشت: قتل۔ خون ریزی

کُشت و خون: قتل و خون۔ خون ریزی۔ جنگ و جدل۔ قتل و غارت گری۔ مار دھاڑ

کُشتم کُشتا : گتھم گتھا ۔ پچھاڑ پچھاڑی ۔ مار کٹائی ۔ اٹھا پٹخ ۔ لڑائی بھڑائی

کُشتہ : ۱۔ مقتول ۔ قتیل ۔ ہلاک ۔ مذبوح ۔ ذبیح
۲۔ مُردہ ۔ بے جان
۳۔ عاشق ۔ مفتون ۔ شیدا ۔ والہ ۔ شیفتہ
۴۔ مُردہ دھات ۔ خاکستر ۔ مکلّس ۔ جوہر

کَشتی : ۱۔ ناؤ ۔ نیا ۔ سفینہ ۔ فُلک ۔ ڈونگا ۔ زَورق ۔ بجرا ۔ تنکارا ۔ بیڑا ۔ بیڑی ۔ جہاز ۔ سماری ۔ سنبوک ۔ سندل ۔ نادہ ۔ گبت ۔ میوا ۔ خیہ ۔ بوٹ ۔ معبر ۔ ڈونگی ۔ فلکہ ۔ ڈنگیا
۲۔ سینی ۔ خوان ۔ ٹرے ۔ رکاب

کشتی بان : ناخدا ۔ مانجھی ۔ کھویّا ۔ ملّاح ۔ کھیون ہار ۔ جہاز ران ۔ کشتی ران

کشتی بانی : ناخدائی ۔ کشتی رانی ۔ جہاز رانی ۔ ملّاحی

کشتیِ گردوں ــــ کشتیِ قزاقاں ــــ کشتیِ بار بردار ــــ کشتیِ سفر ــــ کشتیِ نوح ــــ کشتیِ جاریہ ــــ کشتیِ جواری ــــ کشتیِ بے لنگر ــــ کشتیِ دل ــــ کشتیِ حیات ــــ کشتیِ جواہر ــــ کشتیِ علم

کُشتی : زور آزمائی ۔ دنگل ۔ گتھم گتھا ۔ لڑائی ۔ مصارعت ۔ جراح ۔ رسّا کشی ۔ لڑنت

کَشٹ : دکھ ۔ تکلیف ۔ سختی ۔ مصیبت ۔ صعوبت ۔ بپتا ۔ عذاب ۔ تنگی

کشش : ۱۔ کھچاؤ ۔ جاذبیت ۔ کھچاوٹ ۔ مقناطیسیت ۔ قوتِ جاذبہ ۔ جذب ۔ کشیدگی ۔ تاثیر ۔ کھینچ ۔ جرّ
۲۔ رغبت ۔ رجحان ۔ میلان
۳۔ دل ربائی ۔ دل پذیری ۔ دلآویزی
۴۔ ناز ۔ ادا ۔ انداز ۔ کرشمہ
۵۔ دیر ۔ توقف ۔ وقفہ

کششِ ثقل ــــ کششِ اتصال ــــ کششِ زمین ــــ کششِ کہربائی ــــ کششِ مقناطیسی ــــ کششِ کیمیائی

کشف : ۱۔ اظہار ۔ ظہور ۔ انکشاف ۔ اکتشاف ۔ وضوح
۲۔ انکشافِ غیب ۔ الہام

کشکول / کچکول : کاسہ ۔ کاسۂ گدائی ۔ تونبا ۔ چپل ۔ پیالہ ۔ کچکول ۔ کچکو ۔ کاسں ۔ کماسہ ۔ کری ۔ کواس ۔ کواسہ ۔ گوز ۔ گوانہ ۔ تونبی ۔ کھپر

کشکولِ گدائی ــــ کشکولِ درویشی

کِشمِش : خشک انگور ۔ داکھ

کشمکش : کھینچا تانی ۔ کشیدگی ۔ رکاوٹ ۔ جھگڑا ۔ تنازعہ ۔ دشواری ۔ دقت ۔ دھکا پیل ۔ مخمصہ ۔ تذبذب ۔ اُلجھیڑا ۔ جدوجہد ۔ ضیق ۔ اینچا تانی ۔ انقباض ۔ کشاکش ۔ گومگو

- کشمکشِ حیات ــــ کشمکشِ معاشرہ ــــ کشمکشِ سیاست ــــ کشمکشِ عقائد ــــ کشمکشِ خیال ــــ کشمکشِ تصورات

کشود : کشادگی ۔ کشائش ۔ پھیلاؤ ۔ فراخی ۔ وسعت ۔ کشاد ۔ حل ۔ سلجھاؤ

کشودِ کار : حلِ مشکل ۔ حلِ مسئلہ ۔ حصولِ مطلب

کِشور : ملک ۔ اقلیم ۔ ولایت ۔ دیس

کشورکشا / گیر : فاتح ۔ ملک گیر ۔ جہاں گیر
کشورکشائی / گیری : فتح ۔ ملک گیری ۔ جہاں گیری

کشیدگی : کھنچاؤ ۔ رنجش ۔ شکر رنجی ۔ ملال ۔ خرابیٔ تعلقات

کشیدہ : ۱۔ رنجیدہ ۔ ملول ۔ محزون ۔ حزیں ۔ غمزدہ ۔ مکدر ۔ متنفر
۲۔ دراز ۔ بلند ۔ لمبا
۳۔ زردوزی ۔ گل کاری ۔ کڑھائی ۔ سوزن کاری

کشیدہ کار : زردوز ۔ سوزن کار
کشیدہ کاری : زردوزی ۔ سوزن کاری ۔ کڑھائی

کشیدہ قامت __ کشیدہ ریش __ کشیدہ خاطر
__ کشیدگی __ کشیدہ ابرو __ کشیدہ دست
__ کشیدہ دامن __ کشیدہ زانو __ کشیدہ
پہلو __ کشیدہ رُو

کعبہ : ۱۔ چہار گوشہ ۔ مربع ۔ چوکور ۔ چوکھونٹا
۲۔ بیت اللہ ۔ بیت الحرام ۔ خانۂ کعبہ ۔ مسجدِ حرام

کف : ۱۔ تلوا ۔ ہتھیلی
۲۔ جھاگ ۔ پھین
۳۔ تھوک ۔ لعاب ۔ بلغم

کفِ خاک : ۱۔ مشتِ خاک
۲۔ انسان
کفِ دریا : سمندر جھاگ ۔ سمندر پھین ۔ زبدۃ البحر
کفِ دست : ۱۔ ہتھیلی
۲۔ برابر ۔ ہموار ۔ یکساں

کفّارہ : تاوان ۔ جرمانہ ۔ ڈنڈ

کفالت : ذمہ داری ۔ ضامنی ۔ ضمانت ۔ گارنٹی

کفایت : بچت ۔ صرفہ ۔ نفع ۔ فائدہ ۔ منفعت ۔ حاصل ۔ جزرسی ۔ اقتصاد ۔ کرکس

کفایت شعار : کم خرچ ۔ جُزرس
کفایت شعاری : کم خرچی ۔ جُزرسی ۔ بچت

کفر : ۱۔ انکار ۔ ناشکری
۲۔ بے دینی ۔ الحاد
۳۔ ضد ۔ ہٹ دھرمی

کفش : جوتا ۔ جوتی ۔ پاپوش ۔ زیرپائی ۔ پیزار ۔ نعل ۔ پاافزار

کفش بردار : پاپوش بردار ۔ خادم ۔ خدمت گار ۔ خدمت گزار ۔ چاکر ۔ نوکر
کفش برداری : پاپوش برداری ۔ خدمت گاری ۔ خدمت گزاری ۔ چاکری ۔ نوکری
کفش خانہ : غریب خانہ ۔ فقیر خانہ ۔ انکساراً خانۂ خود
کفش دوز : کفش ساز ۔ جفت ساز ۔ موچی
کفش دوزی : کفش سازی ۔ جفت سازی

کفگیر : کردن ۔ کفلیر ۔ کرچھ ۔ ڈوئیا ۔ کڑچھا ۔ کفلیز

کفن : جامۂ مُردہ ۔ لباسِ مُردہ

کفو : ۱۔ ہم جنس ۔ ہم خاندان ۔ ہم ذات ۔ ہم قوم ۔ ہم خاندان
۲۔ فرقہ ۔ قوم ۔ برادری

کفیل : ذمہ دار ۔ ضامن ۔ کافل ۔ متکفل

کگر: ۱۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ لب۔ حد۔ کراں۔ کرانہ۔ کنگنی
۲۔ دھار۔ باڑھ

کل: آرام۔ چین۔ سکون۔ قرار۔ اطمینان

کل: ۱۔ دی روز۔ دوش۔ روزِ گزشتہ۔ امس۔ روزِ پیس۔ اکل
۲۔ فردا۔ روزِ آئندہ۔ غد

کل: ۱۔ سب۔ تمام۔ ہمہ۔ سارا۔ جملہ۔ پورا۔ کامل۔ سموچا۔ جمیع۔ نگی۔ ہاو
۲۔ ہر ایک۔ ہر
۳۔ صرف۔ فقط

کلا: ۱۔ شعبدہ۔ سیمیا۔ نیرنگ۔ سحر۔ طلسم
۲۔ ہنر۔ فن۔ گن
۳۔ کرتب۔ بازی
۴۔ کرامت۔ معجزہ۔ اعجاز۔ کرشمہ
۵۔ مکر۔ فریب۔ عیاری۔ دھوکا۔ چال

کلابازی: کرتب۔ بازی گری۔ پلٹی

کلاکار: ۱۔ فن کار۔ ہنر مند۔ ہنرور۔ صاحبِ کمال
۲۔ شعبدہ باز۔ سیمیا ساز۔ نیرنگ ساز
۳۔ نٹ کھٹ۔ شوخ۔ چنچل
۴۔ فریبی۔ مکار۔ عیار۔ چال باز

کلا: ۱۔ کونپل۔ انکھوا۔ شگوفہ
۲۔ گال۔ رخسار۔ عذار۔ جبڑا
۳۔ بلند آوازی۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ زبان درازی
۴۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ عیاری۔ چال

کلا توڑ: دنداں شکن۔ مسکت

کلا ٹھاٹا: ۱۔ رعب داب۔ دبدبہ۔ وجاہت
۲۔ ظاہر داری۔ نمود و نمائش۔ طمطراق
۳۔ زبان درازی۔ شور و غل۔ غوغا

کلاس: ۱۔ جماعت۔ گروہ۔ طبقہ۔ حزب۔ ٹولا
۲۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔ منزلت۔ مقام
۳۔ ذات۔ قوم۔ قبیلہ

کلاس فیلو: ہم جماعت۔ ہم سبق۔ ہم درس

کلاسیک: قدیم۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ مستند۔ ادبیاتِ عالیہ

کلاسیکی: کلاسیکل۔ قدیم۔ بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔ مستند

کلاک: گھنٹہ۔ گھڑی۔ گھڑیال۔ وال کلاک۔ ساعت۔ بیا۔ ٹائم پیس

کلال: مے فروش۔ بادہ فروش۔ شراب فروش۔ خمار۔ مغ۔ کلوار

کلال خانہ: شراب خانہ۔ میخانہ۔ میکدہ۔ بار۔ بادہ خانہ۔ خانۂ خمار

کلام: ۱۔ سخن۔ بات۔ گفتگو۔ بول چال۔ گفتار۔ قول۔ کلمہ۔ حدیث۔ منطق۔ بات چیت۔ نطق۔ تکلم
۲۔ شعر۔ سخن۔ نظم
۳۔ ملفوظات۔ تصنیف۔ مضمون
۴۔ اعتراض۔ عذر
۵۔ بحث۔ مناظرہ۔ منطق
۶۔ سوال

کلام مجید: قرآن مجید۔ فرقانِ حمید۔ کتاب اللہ۔ کلام اللہ۔ کلامِ الٰہی۔ کلامِ خدا

کلامِ سود بُو ــ کلامِ افسوں پیوند ــ کلامِ نغز تر ــ
کلامِ دل پسند ــ کلامِ مسیحِ اعجاز ــ کلامُ اللہ
ــ کلامِ سادہ ــ کلامُ الملوک ــ ملوکُ الکلام ــ
کلامِ جادو فروز ــ کلامِ عالی مقام ــ کلامِ لاکلام ــ
کلامِ نازک تر ــ کلامِ کلیم اللہ ــ کلامِ مجذوب ــ
کلامِ سالک ــ کلامِ شاعر ــ کلامِ خموشی ــ کلامِ نظر
ــ کلامِ رنگیں ــ کلامِ شوخ ــ شیریں کلام

کلاں : ۱۔ بڑا۔ بزرگ۔ عظیم۔ کبیر۔ اعلیٰ۔ برتر۔ بہتر
۲۔ بلند۔ طویل۔ اونچا۔ رفیع۔ بالا۔ دراز۔
۳۔ وسیع۔ فراخ

کلانی : ۱۔ بڑائی۔ بزرگی۔ عظمت۔ علو۔ برتری۔ بہتری
۲۔ بلندی۔ طوالت۔ درازی۔ امتداد۔ رفعت۔ اونچائی
۳۔ وسعت۔ فراخی

کُلاہ : ٹوپی۔ تاج۔ مُکٹ۔ اکلیل۔ قلنسوہ

کلائی : ساعد۔ ہاتھ۔ پہنچا۔ مزدند۔ زندِ معصم

کلَب : ۱۔ انجمن۔ محفل۔ بزم۔ سبھا۔ مجلس۔ تفریح گاہ
۲۔ لٹھ۔ ڈنڈا۔ لاٹھی۔ سونٹا۔ چھڑی

کلْب : کُتّا۔ سگ۔ کُوکر

کُلبہ : ۱۔ گھر۔ مکان۔ خانہ۔ بیت۔ دار۔ حجرہ۔ کوٹھڑی۔ کمرا۔ اطاق۔
جھونپڑا۔ جھونپڑی۔ جُھگّی
۲۔ گوشہ۔ زاویہ۔ کونا۔ کنج

کلبۂ احزاں : غم کدہ۔ غم خانہ۔ بیت الحزن۔ ماتم کدہ۔ دار المحن

کلبی : نک چڑھا۔ مردم بیزار۔ ناآمیز۔ دنیا بیزار۔ کسکی۔ آدم بیزار

کلبیت : نک چڑھاپن۔ مردم بیزاری۔ ناآمیزی۔ دنیا بیزاری۔ آدم بیزاری

کلچر : ۱۔ تہذیب۔ ثقافت۔ تمدن۔ شائستگی
۲۔ زراعت۔ کھیتی باڑی۔ کِشت کاری۔ کاشت کاری۔ فلاحت

کُلچھن : کارِ بد۔ فعلِ بد۔ عملِ بد۔ کرتوت۔ غلط کاری۔ بدکرداری۔
بد چلنی۔ بداطواری۔ بد وضعی۔ بدکاری۔ بد اعمالی

کُلچھنا : غلط کار۔ بدکردار۔ بد چلن۔ بداطوار۔ بد وضع۔ بدکار۔ بدنام۔
بد افعال

کلّر : شور۔ بنجر۔ ناقابلِ زراعت۔ غیر ممکن الزراعت۔ کُولر۔ بر

کلس : شمسہ۔ کلغی

کلسا : گاگر۔ ٹھوہا۔ برنجی گھڑا

کلغی : طُرّہ۔ تاج۔ چوٹی۔ پُھندنا

کلف : ۱۔ داغ۔ دھبا۔ جھائیں۔ سیاہی
۲۔ مانڈا۔ آہار۔ لئی
۳۔ خضاب۔ وسمہ

کلفت : رنج۔ تکلیف۔ مصیبت۔ دُکھ۔ چِنتا۔ بے چینی۔ بے آرامی۔
بےقراری۔ بےتابی۔ اضطراب۔ رنجش۔ کدورت

کِلک : قلم۔ خامہ۔ لکھنی۔ پین

کلکِ زباں دریدہ ــ کلکِ سرباز ــ کلکِ جہاں تراز ــ

کلکِ مراق نژاد ـ کلکِ اعجاز نگاہ ـ کلکِ سِحر ـ
کلکِ حقائق نگار ـ کلکِ زباں دراز ـ کلکِ اعجاز
رقم ـ کلکِ حقائق رقم

کلکٹر: ۱۔ حاکمِ ضلع ۔ ڈپٹی کمشنر
۲۔ محصّل

کِلکِل: بک بک ۔ جھک جھک ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ شور ۔ غل ۔ غوغا ۔ ہنگامہ ۔
جِک جِک ۔ بکواس

کلمہ: ۱۔ لفظ ۔ شبد ۔ بات ۔ سخن ۔ بچن ۔ قول ۔ بول ۔ گفتگو ۔ گفتار ۔
کلام ۔ حدیث ۔ منطق ۔ حرف
۲۔ اقرارِ توحید و رسالت

کلمۃ الحق/کلمۂ حق: سچی بات ۔ سخنِ راست
کلمۃ الخیر/کلمۂ خیر: نیک بات ۔ اچھی بات ۔ تعریف ۔ بھلائی
کلمۂ کفر: ۱۔ سخنِ کفر ۔ خلافِ اسلام بات ۔ کلامِ بے دینی
۲۔ بڑا بول ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ ابھیمان
کلمہ گو: ۱۔ مسلمان ۔ دین دار ۔ مسلم ۔ اہلِ اسلام

کلنک: ۱۔ سیاہی ۔ دھبا ۔ داغ ۔ ٹیکا ۔ کالک ۔ کلونس
۲۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ عیب ۔ الزام

کلنکی: ۱۔ داغدار ۔ داغیلا
۲۔ بدنام ۔ رسوا ۔ ذلیل ۔ خوار

کُلنگ: لم ڈھینگ ۔ لق لق ۔ تاز ۔ کُونج ۔ اصیل مُرغا ۔ لم ٹنگا

کلوار: کلال ۔ بوزہ فروش ۔ شراب فروش ۔ بادہ فروش ۔ خمار ۔
مے فروش ۔ مُغ

کلول: کھیل کود ۔ جست و خیز ۔ اچھل کود ۔ دل لگی ۔ تفریح ۔ چین ۔
آرام ۔ مزہ ۔ آسائش ۔ عیش ۔ خوشی ۔ کَیل ۔ لطف ۔ آنند ۔
سرور ۔ نشاط ۔ راحت

کلَونس: ۱۔ کالک ۔ سیاہی ۔ داغ ۔ کلنک ۔ دھبا ۔ ٹیکا
۲۔ بدنامی ۔ رسوائی ۔ الزام ۔ عیب

کلّہ: گال ۔ رخسار ۔ جبڑا ۔ مُن ۔ عذار ۔ کپول

کلّہ دراز: زباں دراز ۔ لڑاکا ۔ جھگڑالو ۔ تکراری
کلّہ درازی: زباں درازی ۔ جھگڑا ۔ تکرار

کُلھاڑا: تبر ۔ تکوا ۔ گنڈاسا

کُلھاڑی: تبر ۔ کراڑی ۔ تکوا ۔ بچوا

کُلھیا: ہنڈیا ۔ دیگچی ۔ پتیلی ۔ ہنڈکلھیا

کلی: ۱۔ غنچہ ۔ گُلِ ناشگفتہ ۔ کونپل ۔ شگوفہ ۔ نور ۔ بُرعم ۔ زہر نعلع ۔
برعوم ۔ جُنبد ۔ گلِ دہاں بستہ
۲۔ باکرہ ۔ دوشیزہ ۔ کنواری ۔ اچھوتی ۔ جیرہ بند ۔ ناکتخدا

کُلّی: کُلیتہً ۔ پورا ۔ تمام ۔ کُل ۔ سارا ۔ سب ۔ مکمل ۔ کامل

کُلّی: مضمضہ ۔ مضمضہ ۔ غرغرہ ۔ غرارا ۔ گلگلا

کُلیات: مجموعۂ کلام ۔ مجموعۂ تصانیف

کلیجا: ۱۔ جگر ۔ کبد ۔ کلیہ ۔ پوٹ ۔ کلیجی
۲۔ حوصلہ ۔ ہمت ۔ جرأت ۔ دلیری ۔ ظرف
۳۔ پیارا ۔ عزیز ۔ محبوب

۳۔ دل۔ قلب۔ سینہ

کلیجہ پاش پاش ہو جانا ــ کلیجہ پھٹ جانا ــ کلیجہ تھام کر رہ جانا ــ کلیجہ منہ کو آنا ــ کلیجہ پتھر کر لینا ــ کلیجہ ٹھنڈا ہونا

کلید: کنجی۔ چابی۔ مفتاح۔ تالی

کلیدی: اہم۔ بااختیار۔ بااقتدار

کلیس / کلیش: ۱۔ دکھ۔ تکلیف۔ رنج۔ مصیبت۔ بپتا۔ جلن۔ گھٹن
۲۔ بیماری۔ روگ۔ مرض۔ آزار۔ علت۔ علالت
۳۔ جھگڑا۔ نزاع۔ فساد۔ ٹنٹا۔ تضیہ۔ بکھیڑا۔ لڑائی۔ دنگا۔ شورش

کلیسا: ۱۔ گرجا۔ معبد ترسایاں۔ عبادت گاہ مسیحیاں۔ چرچ۔ دیر۔ صومعہ
۲۔ بت خانہ۔ بت کدہ۔ صنم خانہ۔ صنم کدہ۔ بیت الصنم

کلیسائی: عیسائی۔ مسیحی۔ نصاری۔ نصرانی۔ ترسا۔ کرسچن

کلیل: کلول۔ کھیل کود۔ جست و خیز۔ اچھل کود۔ دل لگی۔ تفریح۔ چین۔ آرام۔ آسائش۔ راحت۔ مزہ۔ لطف۔ عیش۔ خوشی۔ آنند۔ سرور۔ نشاط

کلیم: سخن گو۔ گویا۔ ہم سخن۔ ہم کلام۔ متکلم

کلیم اللہ: لقب حضرت موسیٰ علیہ السلام

کلیم: دعویٰ۔ حق۔ مطالبہ۔ ادعا۔ استغاثہ۔ نالش

کلینک: مطب۔ شفا خانہ۔ دار الصحت۔ دار الشفا۔ مستشفیٰ۔ مریرہ

کلیہ: ۱۔ کلی۔ عام قاعدہ۔ فارمولا۔ دستور۔ ضابطہ۔ آئین۔ قانون
۲۔ کلیۃً۔ تمام تر۔ بہ تمام و کمال

کلیتہً: تمام تر۔ الکل۔ بالجملہ۔ فی الجملہ۔ کلی طور پر

کلیت: تمامیت۔ ہمگی۔ اکمال۔ اتمام۔ جملگی

کم: (عربی) ۱۔ کتنا۔ کس قدر
۲۔ تعداد۔ مقدار

کم: (فارسی) ۱۔ تھوڑا۔ قلیل۔ خفیف۔ ذرا۔ تھوڑا سا۔ تنک۔ نام کو۔ برائے نام۔ معمولی۔ ذرا سا۔ طفیف۔ کمتر
۲۔ شاذ۔ معدوم۔ نیست۔ نہ۔ نہیں۔ کمیاب۔ خال خال۔ کبھی کبھار
۳۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ گھٹیا۔ کمینہ۔ پاجی۔ سفلہ
۴۔ بد۔ برا۔ زشت

کم اصل: ۱۔ کم ذات۔ بدذات۔ بدگوہر۔ بداصل۔ بدنژاد۔ بدنسل۔ نیچ
۲۔ ذلیل۔ طرار۔ نالائق۔ کمینہ۔ پاجی۔ سفلہ

کم اوقات: کم حیثیت۔ بے وقعت۔ بے بساط۔ بے مقدور۔ ہیچ میرز۔ بے حقیقت

کم بخت: بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ ابھاگا

کم بختی: بدبختی۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ شومیٔ قسمت۔ شامت

کم بضاعت: کم مایہ۔ بے مایہ۔ کم حیثیت۔ ٹٹ پونجیا

کم بضاعتی: کم مایگی۔ بے مایگی۔ کم حیثیتی۔ بے مقدوری

کم بیں: ۱۔ نابینا۔ اندھا۔ کور۔ اعمیٰ۔ بے بصر
۲۔ پست حوصلہ۔ پست ہمت۔ کم حوصلہ۔ زبوں ہمت

کم بینی: ۱۔ نابینائی۔ اندھاپن۔ کوری۔ بے بصری
۲۔ پست حوصلگی۔ پست ہمتی۔ کم حوصلگی۔ زبوں ہمتی

کم پایہ: کم مرتبہ۔ کم رتبہ۔ ادنیٰ۔ ہیچ۔ کمینہ۔ حقیر

کم توجہ : بے توجہ ۔ بے دھیان ۔ غافل ۔ بے پروا ۔ بے خبر
کم توجہی : بے توجہی ۔ بے دھیانی ۔ غفلت ۔ بے پروائی ۔ بے التفاتی
کم حوصلگی : پست حوصلگی ۔ پست ہمتی ۔ کم ہمتی ۔ اوچھا پن ۔ کم ظرفی ۔ زبوں ہمتی
کم حوصلہ : پست حوصلہ ۔ پست ہمت ۔ کم ہمت ۔ کم ظرف ۔ زبوں ہمت ۔ اوچھا
کم حیثیت : ۱۔ کم پایہ ۔ بے بساط ۔ بے مقدور ۔ بے بضاعت ۔ کم مایہ ۔ بے مایہ ۔ ٹٹ پونجیا
۲۔ کمینہ ۔ سفلہ ۔ ذلیل ۔ حقیر
کم خرچ : ۱۔ کفایت شعار ۔ جزرس ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔ ممسک ۔ خسیس
۲۔ کم قیمت ۔ ارزاں ۔ سستا
کم خور : کم خورندہ ۔ قلیل الطعام ۔ کم خوراک
کم خوری : کم خوراکی ۔ قلتِ طعام
کم دل : بزدل ۔ تھڑدلا ۔ ڈرپوک ۔ کم ہمت ۔ پست ہمت ۔ تنگ دل ۔ کم حوصلہ
کم دلی : بزدلی ۔ تھڑدلا پن ۔ کم ہمتی ۔ پست ہمتی ۔ تنگ دلی ۔ کم حوصلگی ۔ پست حوصلگی
کم ذات : ۱۔ کم اصل ۔ بد اصل ۔ بد گوہر ۔ بد نژاد ۔ بد نسل ۔ نیچ
۲۔ رذیل ۔ ذلیل ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔ سفلہ
کم رُو : بد رُو ۔ بد صورت ۔ بد شکل ۔ کریہہ المنظر
کم رُوئی : بد رُوئی ۔ بد صورتی ۔ بد شکلی
کم زبان : کم گو ۔ کم سخن ۔ چپ ۔ خاموش ۔ ساکت ۔ صامت
کم زبانی : کم گوئی ۔ کم سخنی ۔ خاموشی ۔ سکوت
کمزور / کم زور : ۱۔ ناتواں ۔ ضعیف ۔ کم طاقت ۔ ناطاقت ۔ نحیف ۔ نقیہہ ۔ مریل ۔ نربل ۔ مضمحل ۔ دُربل ۔ ماڑا ۔ بودا ۔ نا استوار ۔ نڈھال ۔ پھُس پھسا ۔ پھسکا ۔ دبلا ۔ سخنی ۔ لاغر ۔ ڈھانچ ۔ جانگڑ ۔ زرغل ۔ زبوں ۔ عاجز ۔ نرل ۔ پسر تپہ ۔ بیچارہ ۔ پزدی ۔ بشار ۔ سوکھا ۔ پتلا
۲۔ ہلکا ۔ سبک
کمزوری / کم زوری : ۱۔ ناتوانی ۔ ضعف ۔ کم طاقتی ۔ ناطاقتی ۔ نقاہت
۲۔ سبکی ۔ ہلکا پن

کم سخن : کم زبان ۔ کم گو ۔ چپ ۔ خاموش ۔ ساکت ۔ صامت
کم سخنی : کم زبانی ۔ کم گوئی ۔ خاموشی ۔ سکوت ۔ صمت
کم سن : صغر سن ۔ نو عمر ۔ کم عمر ۔ نوخیز
کم سنی : صغر سنی ۔ نو عمری ۔ کم عمری
کم سواد : کم سمجھ ۔ ناسمجھ ۔ کم فہم ۔ نافہم ۔ ناقص العقل
کم سوادی : کم سمجھی ۔ ناسمجھی ۔ کم فہمی ۔ نافہمی ۔ ناقص العقلی
کم ظرف : کم حوصلہ ۔ پست حوصلہ ۔ کم ہمت ۔ پست ہمت ۔ اوچھا ۔ کمینہ ۔ ادنیٰ ۔ گھٹیا ۔ حقیر ۔ سفلہ
کم ظرفی : کم حوصلگی ۔ پست حوصلگی ۔ کم ہمتی ۔ پست ہمتی ۔ اوچھا پن ۔ کمینہ پن ۔ گھٹیا پن ۔ سفلہ پن
کم عقل : بے عقل ۔ کم فہم ۔ نافہم ۔ ناسمجھ ۔ ناقص العقل ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔ ابلہ ۔ نادان ۔ مورکھ
کم عقلی : بے عقلی ۔ کم فہمی ۔ نافہمی ۔ ناسمجھی ۔ ناقص العقلی ۔ بے وقوفی ۔ حمق ۔ حماقت ۔ ابلہی ۔ نادانی ۔ مورکھ پن
کم عمر : کم سن ۔ صغر سن ۔ نو عمر
کم عمری : کم سنی ۔ صغر سنی ۔ نو عمری ۔ لڑکپن
کم عیار : غیر معیاری ۔ بے عیار ۔ کھوٹا ۔ ناقص
کم عیاری : بے عیاری ۔ کھوٹا پن ۔ نقص
کم فرصت : بے فرصت ۔ عدیم الفرصت ۔ معروف ۔ مشغول ۔ منہمک
کم فرصتی : بے فرصتی ۔ عدم فرصت ۔ معروفیت ۔ مشغولیت ۔ انہماک
کم فہم : نافہم ۔ کم سمجھ ۔ ناسمجھ ۔ کم عقل ۔ ناقص العقل ۔ نادان ۔ بیوقوف ۔ ابلہ ۔ مورکھ ۔ احمق
کم فہمی : نافہمی ۔ کم سمجھی ۔ ناسمجھی ۔ کم عقلی ۔ ناقص العقلی ۔ نادانی ۔ بیوقوفی ۔ ابلہی ۔ مورکھ پن ۔ حماقت ۔ حمق
کم قدر : بے قدر ۔ بے وقعت ۔ بے حیثیت ۔ بے بساط
کم قدری : بے قدری ۔ بے وقعتی ۔ بے حیثیتی ۔ بے بساطی
کم قیمت : سستا ۔ ارزاں ۔ بارعایت ۔ باکفایت
کم گو : کم گفتار ۔ کم سخن ۔ کم زبان ۔ خاموش ۔ چپ ۔ ساکت ۔ صامت ۔ چپ چاپ ۔ گھُنّا ۔ چپ شاہ
کم گوئی : کم گفتاری ۔ کم سخنی ۔ کم زبانی ۔ خاموشی ۔ سکوت ۔ صمت
کم مایگی : کم بضاعتی ۔ بے بضاعتی ۔ بے مایگی ۔ کم حیثیتی ۔ کم مقدوری ۔

بے مقدوری

کم مایہ : کم بضاعت ۔ بے بضاعت ۔ بے مایہ ۔ کم حیثیت ۔ کم مقدور ۔
بے مقدور ۔ بے حیثیت

کم نصیب : کم بخت ۔ بد بخت ۔ بد قسمت ۔ بد نصیب

کم نصیبی : کم بختی ۔ بد بختی ۔ بد قسمتی ۔ بد نصیبی

کم نظر : کوتاہ نظر ۔ کم نگاہ ۔ کم بیں

کم نظری : کوتاہ نظری ۔ کم نگاہی ۔ کم بینی

کم و بیش : تھوڑا بہت ۔ قریب قریب ۔ لگ بھگ

کم ہمت : کم دل ۔ کم حوصلہ ۔ بے حوصلہ ۔ بزدل ۔ تھڑ دو ۔ پست ہمت ۔
پست حوصلہ

کم ہمتی : کم دلی ۔ کم حوصلگی ۔ بے حوصلگی ۔ بزدلی ۔ تھڑ دلی ۔ پست ہمتی ۔
تھڑ دلاپن ۔ پست حوصلگی

کم یاب : نادر الوجود ۔ شاذ ۔ نایاب ۔ نامیسر ۔ ناموجود ۔ ناپید ۔
غیر موجود

کم یابی : نایابی ۔ ناموجودی ۔ غیر موجودی ۔ شدوذ

کم مقدار ــــ کم سمجھ ــــ کم اختلاط ــــ کم اختلاطی
ــــ کم پا (کم زور) ــــ کم تر ــــ کم تولا ــــ
کم سرمایہ ــــ کم دلا ــــ کم وقعت ــــ کم بغلی ــــ
کم بودگی ــــ کم زن ــــ کم طالع ــــ کم مددی ــــ
کم کاسہ (کم ہمت) ــــ کم خوراک ــــ کم رد ــــ
کم زدی ــــ کم سال ــــ کم شہرت ــــ کم قسمت
ــــ کم قسمتی ــــ کم محنت ــــ کم نگاہی ــــ کم خوابی
ــــ کم وزن ــــ کم ذہن

کما : جیسا ۔ جتنا ۔ جس قدر ۔ کتنا ۔ کیسا ۔ کس قدر

کما حقہٗ : مطابقِ حق ۔ صحیح ۔ درست ۔ موزوں ۔ مناسب ۔ ٹھیک ٹھیک

کما ینبغی : شایانِ شان ۔ حسبِ دلخواہ ۔ خاطر خواہ ۔ بخوبی ۔ حسبِ اطمینان

کنوار : ۱۔ کنوارا ۔ بن بیاہا ۔ غیر شادی شدہ ۔ ناکتخدا

۲۔ شاہزادہ ۔ صاحب عالم ۔ مرشدزادہ

۳۔ بیٹا ۔ پسر ۔ ولد ۔ ابن ۔ خلف ۔ پوت ۔ فرزند ۔ صاحبزادہ

کمال : ۱۔ اتمام ۔ انجام ۔ پوراپن ۔ پورنتا ۔ تکمیل

۲۔ عروج ۔ اوج ۔ انتہائی ترقی

۳۔ فضیلت ۔ بزرگی ۔ فوقیت ۔ برتری

۴۔ خوبی ۔ ہنر ۔ گن ۔ وصف ۔ صفت ۔ جوہر ۔ لیاقت ۔ مہارت
قابلیت ۔ کاریگری ۔ اُستادی

۵۔ معجزہ ۔ اعجاز ۔ کرامت ۔ کرشمہ

۶۔ انتہا ۔ غایت ۔ اخیر ۔ آخر ۔ انت

۷۔ حیرت ۔ حیرانی ۔ تحیر ۔ اچنبھا ۔ انوکھاپن ۔ ندرت

۸۔ ازحد ۔ از بس ۔ نہایت

کمان : ۱۔ قوس ۔ دھنک ۔ دھنش ۔ تخش ۔ تبنوک ۔ تیج ۔ چرخ ۔ تیر ۔
کباد ۔ گوادہ ۔ لورک ۔ نیم چرخ ۔ نیم تنگ ۔ صنفار ۔ زافرہ ۔
کبادہ ۔ عوجا ۔ حینہ ۔ چاچی ۔ چاپ ۔ کوان

۲۔ محراب ۔ خم ۔ جھکاؤ

کمانِ بہمن / رستم / سام : قوسِ قزح ۔ دھنک ۔ اندر دھنش ۔ پینگ

کمان دار / بردار : ۱۔ صاحبِ کمان و تیر ۔ تیر انداز ۔ تیر افگن
۲۔ قوسی ۔ محرابی ۔ محراب دار ۔ خمیدہ

کمانِ سینہ توز ــــ کمانِ بازو شکن ــــ کمانِ فرار ــــ
کمانِ ابرو ــــ کمانِ چاچی ــــ کمانِ کشادہ ــــ کمانِ بے زہ
ــــ کمانِ پیکاں منقد ــــ کمانِ گرہ برابرو ــــ زاغ
کماں یعنی گوشہ کماں ــــ کمانِ ترنگ آواز ــــ کمانِ زیناں
ــــ کمانِ سخت ــــ کمانِ فولاد ــــ چلہ کماں ــــ
کمانِ فطرت

| کمان سے نکلا تیر ، منہ سے نکلی بات پھر نہیں آتے

کمان/کمانڈ: ۱۔ حکم۔ فرمان
۲۔ قیادت۔ سیادت۔ سالاری۔ سرداری۔ کمانداری
۳۔ قیادتِ لشکر۔ امارتِ لشکر۔ سالاریٔ لشکر۔ سپہ سالاری

کماندار/کمانڈر: ۱۔ حاکم۔ فرمانروا
۲۔ قائدِ لشکر۔ میرِ لشکر۔ سردارِ فوج۔ سپہ سالار

کماؤ: ۱۔ پیدا آور۔ نفع آور۔ حاصل کنندہ
۲۔ مزدور۔ اجیر۔ محنتی۔ محنت کش

کمائی: ۱۔ پیدا۔ نفع۔ حاصل۔ آمدنی۔ یافت۔ اُجرت۔ صلہ۔ تنخواہ
۲۔ مزدوری۔ محنت

کمبل: اونی چادر۔ لوئی۔ دُھسا

کمپنی: ۱۔ جماعت۔ گروہ۔ ٹولی۔ جتھا۔ دستہ۔ جتھ۔ ٹولہ۔ منڈلی
۲۔ صحبت۔ مجلس۔ سنگ۔ سنگت۔ ساتھ۔ رفاقت

کمر: ۱۔ میان۔ پُشت۔ پیٹھ۔ لک۔ ازر۔ کُھرسن۔ خاصرہ۔ قرب۔ صقلہ۔ کھُونٹ۔ پہلو۔ ڈھاک۔ نشی گاہ۔ خصر۔ فطن۔ کشن
۲۔ درمیان۔ بیچ۔ وسط
۳۔ پیٹی۔ پٹکا۔ پرتلہ
۴۔ پہلوئے لشکر۔ بازوئے لشکر

کمربستہ: ۱۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔ پا بہ رکاب
۲۔ مسلح۔ لیس۔ اوبچی۔ سلاح پوش
۳۔ خادم۔ خدمت گزار۔ خدمت گار۔ نوکر۔ چاکر۔ غلام۔ داس

کمربند: ۱۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد۔ لیس۔ مسلح
۲۔ ازار بند۔ پٹکا۔ پیٹی۔ ناڑا

کمربندی: تیاری۔ آمادگی۔ مستعدی۔ سلاح بندی۔ ہتھیار بندی

کمرشکستہ: بے یار و مددگار۔ بےکس۔ بے چارہ۔ ہزیمت خوردہ

کمرا: ۱۔ کوٹھڑی۔ حجرہ۔ اُطاق۔ خلوت خانہ۔ بیٹھک
۲۔ درجہ۔ ڈبّا۔ کمپارٹ منٹ۔ کیبن

کمری: ۱۔ اسپِ کمزور پُشت۔ خمیدہ پُشت گھوڑا
۲۔ جاکٹ۔ مرزئی۔ صدری۔ واسکٹ

کمزور: دیکھیے "کم" کے تحت

کمشنر: حاکمِ قسمت۔ حاکمِ اضلاع۔ ڈویژنل آفیسر

کمشنری: مجموعۂ اضلاع۔ قسمت۔ ڈویژن

کمک: مدد۔ امداد۔ حمایت۔ اعانت۔ سہائتا

کمنٹری: تبصرہ۔ تشریح۔ تفسیر۔ رائے زنی۔ حالاتِ چشم دید۔ رواں تبصرہ

کمند: رسّا۔ رسّی۔ رسن۔ پھندا۔ حلقہ۔ شولاٹ۔ جھولا

کمہار: کوزہ گر۔ کس گر۔ ظروف ساز۔ سفال گر

کمی: ۱۔ تخفیف۔ گھٹاؤ۔ تقلیل۔ اختصار۔ تفریط۔ گھٹتی
۲۔ توڑا۔ قلت۔ کوتاہی۔ کسر۔ قحط۔ کال۔ فقدان۔ ناہوت
۳۔ خسارہ۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ زیاں

کُمیت: لاکھا۔ داکھی۔ کمیتی۔ سرخ گھوڑا

کَمِّیت: تعداد۔ مقدار۔ حجم

کمیٹی: مجلس۔ انجمن۔ سبھا۔ پنچایت۔ پرَھیا۔ جرگہ

کمیدان: رسالدار۔ صوبہ دار۔ فوجی عہدہ دار۔ کماندار

کمیرا : دِہاڑی دار مزدور۔ نوکر۔ چاکر۔ ٹہلوا۔ خدمت گار۔ خادم۔ معاون۔ مددگار

کمیشن : ۱۔ معاوضہ۔ اجرت۔ آڑھت۔ دستوری۔ کٹوتی۔ دلالی۔ رسوم۔ حق السعی۔ محنتانہ۔ بٹا۔ بیرتا۔ بھانج۔ توڑ۔ تڑائی
۲۔ سند۔ حکم نامہ۔ ہدایت نامہ۔ پروانگی
۳۔ جماعتِ ماہرین

کمیلا : مذبح۔ ذبح خانہ۔ بوچڑ خانہ

کمین : ۱۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ نیچ۔ کمینہ۔ پاجی۔ رذیل
۲۔ ٹہل گرد پیشہ۔ خدمت گار۔ نوکر۔ چاکر۔ ٹہلوا۔ موالی

کمیں : گھات۔ آڑ۔ پردہ۔ تاک

کمیں گاہ : پوشیدہ مقام۔ مقامِ حملہ

کمینہ : ادنیٰ۔ حقیر۔ نیچ۔ پاجی۔ رذیل۔ ذلیل۔ اوچھا۔ چھچھورا۔ دنی۔ کم ظرف۔ نذل۔ سفلہ۔ فرومایہ۔ خاکسار۔ خسیس۔ کم ذات۔ بداصل۔ ناجب۔ دوغلا۔ گوگس۔ جودھڑا۔ کم اصل

کمینہ پن / کمینگی : دنائت۔ نیچ پن۔ پاجی پن۔ رذالت۔ ذلت خواری۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن۔ کم ظرفی

| کمینہ سے خدا کام نہ ڈالے

کمیون : پرگنہ۔ تعلقہ۔ سرکار۔ ذیلی مرکز۔ دیہی انتظام

کمیونٹی : ۱۔ ساجھا۔ شرکت۔ اشتراک۔ اشتراکِ ملکیت
۲۔ فرقہ۔ طبقہ۔ گروہ۔ جماعت۔ برادری
۳۔ بستی۔ آبادی۔ محلہ۔ علاقہ

کمیونزم : اشتراکیت۔ اشتمالیت۔ شیوعیت۔ مزدکیت۔ مارکسزم۔ اسٹالن ازم۔ ماؤازم۔ سوشلزم۔ پرولتاریہ

کمیونسٹ : اشتراکی۔ اشتمالی۔ شیوعی۔ مزدکی۔ پرولتاری۔ بالشویک

کَن : ۱۔ ذرہ۔ ریزہ۔ چورہ۔ جزوِ قلیل۔ دانہ
۲۔ کَنی۔ شگوفہ۔ کونپل۔ انکھوا
۳۔ شرارہ۔ آتش پارہ۔ پرکالۂ آتش۔ چنگاری۔ اخگر
۴۔ کونا۔ گوشہ۔ زاویہ۔ کنج۔ پہلو۔ طرف۔ رُخ
۵۔ زور۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ سکت
۶۔ کان۔ گوش۔ سمع۔ کرن۔ اُذن

کِنار : بغل۔ گود۔ آغوش۔ سینہ۔ چھاتی

کَنار : ۱۔ گوشہ۔ کونا۔ کنج۔ زاویہ۔ کھونٹ
۲۔ جدائی۔ مفارقت۔ علیحدگی۔ تنہائی
۳۔ پہلو۔ طرف۔ جانب۔ رُخ
۴۔ ساحل۔ لب۔ کراں۔ کرانہ
۵۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ سنجاف
۶۔ جدائی۔ علیحدگی۔ تنہائی

کَنارہ : ۱۔ ساحل۔ لب۔ کرانہ۔ کراں۔ سیرا۔ کنار۔ طرف۔ کور۔ رکاب
۲۔ حاشیہ۔ سنجاف۔ گوٹ
۳۔ گوشہ۔ کونا۔ کنج۔ زاویہ۔ کھونٹ
۴۔ حد۔ انتہا۔ اخیر۔ انجام۔ چھور۔ سیما۔ ڈانڈ
۵۔ علیحدگی۔ جدائی۔ تنہائی۔ مفارقت

کنارہ کش : ۱۔ گوشہ گیر۔ گوشہ نشین۔ زاویہ نشین۔ کنج گیر
۲۔ الگ۔ تنہا۔ جدا۔ تارکِ علائق۔ دست بردار

کنارہ کشی : ۱۔ گوشہ گیری۔ گوشہ نشینی۔ زاویہ نشینی۔ کنج گیری
۲۔ تنہائی۔ علیحدگی۔ جدائی۔ ترکِ علائق۔ دست برداری

کناری: گوٹا۔کرن۔دھنک۔پٹلا حاشیہ

کنایہ: اشارہ۔رمز۔ایما۔سنیت۔پوشیدہ بات

کُنبہ: ۱۔گھرانا۔خاندان۔کُٹم۔قبیلہ۔دُودمان۔ٹبّر۔تبار۔خیل
۲۔اہل وعیال۔بال بچے۔اہلِ خانہ۔آل اولاد۔بیوی بچے۔
افرادِ خانہ

کنبہ پرور: خاندان پرور۔عیال پرور۔عزیز پرور۔اقربا نواز
کنبہ پروری: خاندان پروری۔عیال پروری۔عزیز پروری۔اقربا نوازی

کنٹر: قرابہ۔شیشہ۔مینا۔قدح۔ساغر

کنٹرول: ۱۔قابو۔بس۔اختیار۔اقتدار۔حکومت۔غلبہ
۲۔بندش۔رکاوٹ۔ممانعت۔روک

کنٹرولر: ۱۔مختار۔مقتدر۔قابوچی۔غالب۔داروغہ۔حاکم۔مہتمم۔منتظم
۲۔مانع۔مزاحم

کنٹریکٹ: ۱۔ٹھیکا۔اجارہ۔اجورہ
۲۔معاہدہ۔عہد۔اقرار نامہ۔عہد نامہ

کنٹریکٹر: اجارہ دار۔ٹھیکے دار

کُنج: گوشہ۔کونا۔زاویہ۔کھونٹ۔کنارہ۔گُنجہ۔نکڑ

کُنجد: سمسم۔تل۔تلی

کنجر: ۱۔کنچن۔بھڑوا۔قرم ساق۔دیوث۔دلال
۲۔کمینہ۔ذلیل۔پاجی۔رذیل۔خوار۔سفلہ

۳۔بہ شکل۔بہ وضع۔بہ ہیئت۔بہ صورت

کنجری: کنچنی۔رنڈی۔طوائف۔چھنال۔فاحشہ۔قحبہ۔کسبی۔بازاری۔
خانگی۔گشتی۔ویشیا

کنجڑا: سبزی فروش۔ترہ فروش۔بقال

کنجشک: چڑیا۔چڑا۔چڑی۔گوریا۔گرگریا۔عصفور

کنجوس: بخیل۔ممسک۔خسیس۔مکھی چوس۔لئیم۔شوم۔تنگ دل۔
تنگ چشم۔مکھی چوس۔کنجک۔دامادزد۔احوص

کنجوسی: بُخل۔بخیلی۔خساست۔خِسّت۔شُومی۔تنگ دلی۔تنگ چشمی۔
مکھی چوسی

کُنجی: چابی۔تالی۔کلید۔مفتاح

کَند: جڑ۔مُول۔بیخ۔اصل

کُند: ۱۔ناتیز۔بے دھار۔بے باڑھ۔کھنڈا۔متھرا
۲۔کاہل۔سست

کُند ذہن: نافہم۔ناسمجھ۔غبی۔ٹھس۔کورمغز۔کوڑھ مغز۔غبی الذہن
کند ذہنی: نافہمی۔ناسمجھی۔غباوت۔کورمغزی۔کوڑھ مغزی۔ٹھس پن۔
غبی الذہنی

کُندن: کھرا سونا۔طلائے خالص۔زرِ ناب۔ذہبِ مصفّا

کَندہ: منقش۔مرتسم۔منبّت

کندہ کار: نقاش۔نقش کن۔منبّت کار

کندہ کاری: نقش کنی۔ مَنبَّت کاری

کُندہ: پوری۔ پورا۔ تنہ۔ کاٹھ۔ موٹی لکڑی۔ لکڑ

کُندۂ ناتراش: ۱۔ اَن گھڑ لکڑی۔ چوبِ ناتراشیدہ
۲۔ (کنایتہً) غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بے تمیز۔ نالائق۔ پھوہڑ۔ بد تہذیب۔ بے سلیقہ۔ گنوار

کندھا: مونڈھا۔ شانہ۔ دوش۔ کھوو۔ کتف۔ کھوا۔ کاندھا

کُنڈ: ۱۔ گڑھا۔ غار۔ کھوہ
۲۔ آتش دان۔ چولہا۔ الاؤ
۳۔ چشمہ۔ تالاب۔ ڈابر۔ جوہڑ۔ جھیل
۴۔ گھڑا۔ سبو۔ مٹکا

کُنڈا: حلقہ۔ آنکڑا۔ زنجیر۔ کڑی۔ ہینڈل

کنڈکٹر: ۱۔ راہ نما۔ راہ بر۔ قائد۔ پیشوا۔ سردار۔ کپیتر
۲۔ مہتمم۔ نگران۔ ناظم۔ محافظ۔ داروغہ۔ کمپوزر
۳۔ موصل۔ ناقلِ حرارت

کُنڈل: ۱۔ حلقہ۔ چھلا۔ کرل۔ پیٹا۔ آویزہ۔ بالا۔ گوشوارہ
۲۔ دائرہ۔ گھیرا۔ محیط۔ چکر۔ ہالا۔ احاطہ

کنستر: ٹن۔ پیپی۔ ڈبا۔ کنٹر۔ پیپا

کَنَک: گندم۔ گیہوں۔ حنطہ

کنکر: سنگریزہ۔ حجرہ۔ بجری۔ خزف ریزہ

کنکوا: پتنگ۔ تُکّل۔ گڈی

کنگال: مفلس۔ محتاج۔ نادار۔ غریب۔ تہی دست۔ بے بضاعت۔ ذلیل۔ بے مایہ۔ زیر دمن۔ تہی دامن۔ تہی جیب۔ بھکڑ۔ پھاکہ مست۔ فقیر۔ دیوالیہ۔ مفلاق۔ بھوکل

کنگن: دست برنجن۔ دستیانہ۔ دستوانہ۔ کڑا۔ چوڑی۔ دست بند۔ ساعد بند۔

کنگنی: ۱۔ کگر۔ کنگورا۔ کنگرہ۔ چھجا۔ کارنس
۲۔ کاکن۔ کونی۔ دخن

کنگھا/کنگھی: شانہ۔ مشط

کنوارا: بن بیاہا۔ ناکتخدا۔ غیر شادی شدہ

کنوارپت/پن: ناکتخدائی۔ دوشیزگی۔ بکارت

کنواری: بن بیاہی۔ غیر شادی شدہ۔ غیر منکوحہ۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ بیوہ۔ اچھوتی۔ چیرا بند۔ کواری۔ مٹیار۔ کڑی۔ ناکتخدا۔ دُرِ نا سفتہ۔ غنچۂ ناشگفتہ۔ عذرا۔ اَن چھیڑ۔ اَن بندھ موتی

کنواں: چاہ۔ بیر۔ اندارا۔ باولی۔ کھوہ۔ کوا۔ رکیہ۔ قلب۔ بیر۔ بی۔ کوہے۔ جُب (ویران کنواں)

کنوتی: کان۔ گوشِ اسپ۔ اُذن الفرس

کنول: ۱۔ نیلوفر۔ پدم۔ کمودنی
۲۔ قمقمہ۔ قندیل۔ فانوس۔ چراغ۔ سراج۔ شمع۔ مصباح۔ مشکوٰۃ

کنونشن: اجتماع۔ مجلس۔ جلسہ۔ روایت

کنویسنگ: پرچار۔ تبلیغ۔ تلقین۔ ترغیب

کُنہ: مادہ۔ رُوح یعطر ست۔ خلاصہ۔ ماہیت۔ حقیقت۔ نکتہ۔ باریکی۔ اصل سبب

کَنی: ریزہ۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ ذرّہ۔ شائبہ۔ رمق

کَنی: ۱۔ نیفہ۔ حاشیہ۔ گوٹ۔ کناری۔ سنجاف
۲۔ کنارہ۔ سرا۔ پلّو۔ پلّا

کنیا: ۱۔ لڑکی۔ دخترک
۲۔ دوشیزہ۔ کنواری۔ باکرہ۔ اچھوتی۔ چیرا بند۔ کواری
۳۔ بُرج سنبلہ

کنیاوان: جہیز۔ دہیز۔ داج

کُنیت: نسبتِ نسبی۔ عُرف

کنیز: لونڈی۔ باندی۔ پرستار۔ داسی۔ چیری۔ اَمَہ۔ خادمہ۔ جاریہ

کُو: گلی۔ گلیا۔ برزن۔ تنگ لہ۔ سٹریٹ۔ راستہ

کوّا: کاگ۔ کاگا۔ زاغ۔ کلاغ۔ غراب۔ کارغہ۔ کان۔ پسِ پست۔ پسیہ۔ زاغچ۔ زاغچہ۔ زابچہ۔ سبزک۔ سبزہ۔ غبہ۔ نلیہ۔ کماج۔ کلانچ۔ کُرلانچ۔ کُرلاچا۔ کوراغ۔ ڈھیڑ۔ کرد

کوارٹر: ۱۔ چوتھا۔ چاریک۔ رُبع۔ پاؤ۔ پَر
۲۔ سہ ماہی
۳۔ مقام۔ استھان۔ جگہ۔ ٹولا۔ جتھا۔ علاقہ۔ حصہ۔ محلہ
۴۔ مکان۔ خانہ۔ کدہ۔ مسکن۔ گھر۔ بیت۔ دار

کواڑ: ۱۔ پٹ۔ تختہ۔ مصراع۔ کواڑی
۲۔ در۔ دروازہ۔ باب

کواکب: انجم۔ نجوم۔ ستارگان۔ ستارے۔ تارے

کوائف: کیفیات۔ حالات۔ اعداد و شمار۔ تفصیلات۔ معلومات

کوتاہ: ۱۔ چھوٹا۔ مختصر۔ تنگ۔ سکڑا۔ سمٹا۔ کم۔ تھوڑا۔ قصیر
۲۔ پست۔ ٹھنگنا۔ بَونا۔ ناٹا
۳۔ بے باق۔ چکتا

کوتاہ اندیش: عاقبت نااندیش۔ کل نااندیش۔ کوتاہ بیں۔ کوتاہ نظر
کوتاہ اندیشی: عاقبت نااندیشی۔ کل نااندیشی۔ کوتاہ بینی۔ کوتاہ نظری
کوتاہ دست: کم ہمت۔ پست ہمت۔ کم حوصلہ۔ پست حوصلہ
کوتاہ دستی: کم ہمتی۔ پست ہمتی۔ کم حوصلگی۔ پست حوصلگی
کوتاہ فہم: کم فہم۔ کم عقل۔ بے عقل۔ نافہم۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ بد
کوتاہ فہمی: کم فہمی۔ کم عقلی۔ بے عقلی۔ نافہمی۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ اڈی۔ مورکھ پن
کوتاہ قد: پست قد۔ ٹھنگنا۔ بَونا۔ کوتاہ قامت۔ ناٹا۔ مدھرا
کوتاہ قلم: کم نویس۔ کم نگار۔ سست قلم
کوتاہ قلمی: کم نویسی۔ کم نگاری۔ سست قلمی
کوتاہ گردن: ۱۔ پست گردن
۲۔ (کنایۃً) شرارتی۔ شریر۔ مفسد۔ فتنی
کوتاہ نظر: ۱۔ کم نظر۔ کم بیں۔ کم بصر۔ کوتاہ بیں
۲۔ کوتاہ اندیش۔ عاقبت نااندیش
۳۔ تنگ نظر۔ تنگ چشم۔ بخیل۔ ممسک۔ کنجوس۔ خسیس۔ لئیم۔ شوم
کوتاہ نظری: ۱۔ کم نظری۔ کم بینی۔ کم بصری۔ کوتاہ بینی
۲۔ کوتاہ اندیشی۔ عاقبت نااندیشی
۳۔ تنگ نظری۔ تنگ چشمی۔ کنجوسی۔ بخیلی۔ کنجوری
کوتاہ ہمت: پست ہمت۔ پست حوصلہ۔ کم ہمت۔ کم حوصلہ
کوتاہ ہمتی: پست ہمتی۔ پست حوصلگی۔ کم ہمتی۔ کم حوصلگی

کوتاہی: ۱۔ چھوٹاپن۔ چھٹپن۔ چھٹاپا۔ کمی۔ اختصار۔ قصر۔ سکڑ۔ سمٹاؤ۔

سُکڑن۔ کمی۔ تنگی۔ ضیق
۲۔ نقص۔ عیب۔ خامی۔ کسر
۳۔ تقصیر۔ قصور۔ خطا۔ غلطی۔ گناہ۔ پاپ

کوتوال: تھانے دار۔ شحنہ۔ عسس۔ انسپکٹر پولیس

کوتوالی: بڑا تھانہ۔ پولیس سٹیشن۔ پولیس سب ہیڈ کوارٹر

کوٹ: ۱۔ چوغا۔ اوپری جامہ
۲۔ پلستر۔ استرکاری۔ تہ۔ پچکارا

کوٹ: (ہندی) ۱۔ قلعہ۔ حصار۔ حصن۔ گڑھ۔ گڑھی
۲۔ احاطہ۔ گھیر۔ چار دیواری۔ فصیل۔ شہر پناہ

کوٹھا: ۱۔ مکان۔ کمرا۔ کوٹھڑا۔ بالاخانہ۔ چوبارہ
۲۔ ذخیرہ۔ گودام۔ سٹور
۳۔ چھت۔ بام۔ سقف۔ منڈیر
۴۔ پیٹ۔ شکم۔ معدہ
۵۔ رحم۔ بچہ دان۔ زہ دان۔ گربھ

کوٹھی: ۱۔ بنگلہ۔ محل۔ ایوان۔ قصر۔ کاخ۔ کوشک
۲۔ کھتا۔ گودام۔ ذخیرہ۔ کٹھلا۔ کٹھیار
۳۔ کارخانہ۔ تجارت گاہ۔ بینک۔ فرم
۴۔ قحبہ خانہ۔ چکلہ۔ کوٹھی خانہ

کوثر: نہرِ جنت۔ نہرِ بہشت۔ حوضِ جنت۔ حوضِ بہشت

کوچ: ۱۔ سواری۔ گاڑی۔ ڈبا
۲۔ استاد۔ تربیت کار۔ معلم

کوچ: رخصت۔ رحلت۔ روانگی۔ چلاؤ۔ سفر۔ نہضت۔ روا داری۔ چلا چلی۔ چل چلاؤ۔ ہمچل۔ نفسا نفسی۔ آپا دھاپی۔ وداع۔ بل۔ ترحال۔ رحیل۔ ظعن۔ سدھارا۔ رخصت

کوچک: ننھا۔ چھوٹا۔ صغیر۔ خُرد۔ کوتاہ۔ مختصر۔ قلیل

کوچہ: گلی۔ برزن۔ گلی۔ تنگ راستہ۔ رستہ

کوچہ گرد: آوارہ گرد۔ اوباش
کوچہ گردی: آوارہ گردی۔ اوباشی۔ آوارگی

کوچۂ جاناں — کوچۂ دوست — کوچہ بکوچہ —
کوچہ بیا

کوچی: پچکارا۔ برش

کودک: لڑکا۔ بالا۔ بچہ۔ طفل۔ طفلک۔ معصوم

کودکی: لڑکپن۔ بالپن۔ بچپن۔ طفلی۔ طفولیت

کَودَن: ۱۔ سست رفتار۔ سست گام۔ سست قدم۔ سست رو۔
اسپِ بارکش
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناداں۔ مورکھ۔ ابلہ۔ بے عقل۔ کند ذہن۔
نافہم۔ ناسمجھ

کوڈ: ۱۔ ضابطہ۔ قانون۔ آئین
۲۔ مرموز زبان۔ اشاراتی لغت۔ رمز۔ کنایہ

کَوَر: ڈھکن۔ ڈھکنا۔ سرپوش۔ چپنی۔ پوشش۔ غلاف۔ پیچ بند۔
دفتی۔ سرورق۔ جلد

کور: ۱۔ کنارہ۔ حاشیہ۔ کنی۔ سرا

۲۔ مغزی۔ سنجاف۔ کناری
۳۔ کگر۔ کارنس
۴۔ نقص۔ کمی۔ کوتاہی۔ خامی

گور: اندھا۔ نابینا۔ اعمیٰ۔ بے بصر

کور باطن/دل: تاریک دل۔ تاریک باطن۔ تیرہ باطن۔ تیرہ دروں۔ کینہ ور۔ کج طبع۔ منافق۔ سیاہ دل
کور باطنی/دلی: تاریک دلی۔ تاریک باطنی۔ تیرہ باطنی۔ تیرہ دردنی۔ کینہ وری۔ کج طبعی۔ منافقت۔ سیاہ دلی
کور بخت: بدبخت۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بے نصیب۔ ابھاگا۔ بدطالع۔ بداختر۔ بداقبال۔ زبھاگی
کور بختی: بدبختی۔ بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ بے نصیبی۔ بدطالعی۔ بداختری۔ بداقبالی۔ زبھاگ
کور چشم: اندھا۔ نابینا۔ بے بصر۔ اعمیٰ
کور چشمی: اندھاپن۔ نابینائی۔ بے بصری
کور دِہ: چھوٹی بستی۔ چھوٹا گاؤں۔ قریۂ جُہلا
کور مغز: تہی مغز۔ بے مغز۔ بے عقل۔ نافہم۔ ناسمجھ۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ ابلہ
کور مغزی: تہی مغزی۔ بے مغزی۔ بے عقلی۔ نافہمی۔ ناسمجھی۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ مورکھ پن۔ ابلہی
کور نمک: نمک حرام۔ ناشکرا۔ ناشکرگزار۔ ناسپاس۔ بے وفا۔ غدار۔ احسان فراموش
کور نمکی: نمک حرامی۔ ناشکراپن۔ ناشکرگزاری۔ ناسپاسی۔ بیوفائی۔ غداری۔ احسان فراموشی

کورا: ۱۔ نیا۔ جدید۔ نو۔ غیر استعمال شدہ۔ اچھوتا
۲۔ سادہ۔ صاف۔ بے لاگ۔ اَن لکھا۔ بے دُھلا
۳۔ خالص۔ ناب۔ نرمل۔ بے میل۔ بے آمیزش
۴۔ جاہل۔ بے علم۔ بے دانش۔ نادان
۵۔ بے عقل۔ بے سمجھ۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ۔ ابلہ
۶۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ تہی دست۔ کنگال۔ قلاش
۷۔ بے مروّت۔ بے لحاظ۔ رُوکھا

کوراپن: ۱۔ نیاپن۔ جدت۔ اچھوتاپن
۲۔ سادگی۔ صفائی۔ بے لاگی
۳۔ خالصیت۔ بے میلی۔ کھراپن
۴۔ جہالت۔ بے علمی۔ بے دانشی۔ بے خبری
۵۔ بے عقلی۔ بے سمجھی۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ مورکھ پن۔ ابلہی
۶۔ غریبی۔ غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔ تہی دستی۔ کنگال پن۔ تنگدستی
۷۔ بے مروّتی۔ بے لحاظی۔ روکھاپن

کورٹ: ۱۔ عدالت۔ کچہری۔ دارالعدل۔ دارالقضا
۲۔ دربار۔ محل۔ قصر۔ ایوان۔ کوشک۔ کاخ
۳۔ میدان۔ بازی گاہ

کورس: ۱۔ راستہ۔ راہ۔ شارع۔ طریقہ۔ طریق
۲۔ کتب درسیہ۔ نصابِ تعلیم
۳۔ جولاں گاہ۔ میدانِ اسپ دوانی

کورنش: آداب۔ بندگی۔ تسلیمات۔ سلامِ نیازمندانہ۔ ڈنڈوت

گوری: اندھاپن۔ نابینائی۔ بے بصری

کوڑا: تازیانہ۔ چابک۔ جلدہ۔ ہنٹر۔ سانٹا۔ چذمہ۔ مقرعہ۔ فرزن۔ دُرّہ۔ سوط

کُوڑا: ۱۔ خس و خاشاک۔ گھاس پھوس۔ خار و خس۔ الابلا۔ گندگی۔ غلاظت۔ کناسہ۔ بُہارن۔ آخور۔ خُمامہ۔ کُشارہ۔ شُباطہ
۲۔ نکما۔ خراب۔ ناکارہ۔ بیکار۔ کوڑ کباڑ
۳۔ تودۂ غلاظت۔ انبارِ غلاظت

کوڑاکرکٹ : نزلہ۔ آرکباڑ۔ گھورا۔ کوڑاکباڑ۔ الم غلم۔ روی۔ کوڑی۔
کھلا۔ نکمہ۔ انگڑ کھنگڑ۔ بوند

کوڑھ : جذام۔ برص۔ پھلبہری۔ پنڈرگ۔ کشٹ۔ داءالاسد۔ ابرص

کوڑھی : جذامی۔ مجذوم۔ مبروص۔ ابرص

کُوڑھ : ا۔ سست۔ کاہل۔ مٹھا۔ احدی
۲۔ احمق۔ بے وقوف۔ نادان۔ مورکھ۔ ابلہ
۳۔ بدسلیقہ۔ بدتمیز۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ لغو۔ مہمل۔ پھوہڑ۔
بے سلیقہ۔ بے تمیز

کوڑھ پن / پنا: ا۔ سستی۔ کاہلی۔ مٹھاپن
۲۔ حماقت۔ بے وقوفی۔ نادانی۔ مورکھ پن۔ ابلہی۔ معانی پن۔
ناواقفیت
۳۔ بدسلیقگی۔ بدتمیزی۔ ناشائستگی۔ بدتہذیبی

کُوزہ : ا۔ برتن۔ ظرف۔ آب خورہ۔ کُجا
۲۔ خمیدہ۔ محدب

کوزہ پُشت : کاسہ پُشت۔ خمیدہ کمر۔ کُبڑا۔ کُبا۔ کبڑا

کوزہ گر : کمہار۔ کاسہ گر۔ کسگر۔ ظروف ساز

کوزہ گری : کاسہ گری۔ کسگری۔ ظروف سازی

کُوس : طبل۔ نقارہ۔ دمامہ۔ نوبت

کوس : فرسنگ۔ فرسخ۔ کروہ۔ کوہ۔ میل

کوسا / کوسنا : بد دعا۔ سراپ۔ پھٹکار۔ لعنت

کوشاں : کوشندہ۔ ساعی۔ کوشش کنندہ۔ محنتی۔ جتنی۔ ستی۔ سرگرم

کوشش : سعی۔ جد و جہد۔ تگ و دو۔ دوڑدھوپ۔ بھاگ دوڑ۔ جتن۔
کاوش۔ محنت۔ جاں فشانی۔ سرگرمی۔ اُپائے۔ پیراس۔ جتن۔
مشقت۔ بند و بست۔ تجویز۔ ڈھنگ۔ تگاپو۔ دوا۔ دوش۔
اُدھیڑبن۔ تندہی۔ جد۔ جگت۔ جہد

کوشک : محل۔ قصر۔ کاخ۔ ایوان

کوفت : ا۔ تکلیف۔ دکھ۔ درد۔ اذیت۔ کرب
۲۔ رنجیدگی۔ ملال۔ رنجش۔ صدمہ۔ قلق۔ غم۔ رنج
۳۔ تکان۔ تھکاوٹ۔ خستگی۔ ماندگی

کُوک : ا۔ صدائے بلند۔ چیخ۔ پکار۔ کیک۔ کلکاری
۲۔ شور۔ غل۔ غوغا
۳۔ فریاد۔ فغاں۔ نالہ۔ شیون۔ واویلا۔ آہ و زاری

کوکب : ستارہ۔ نجم۔ اختر۔ طالع

کوکبہ : ا۔ کوکب۔ ستارہ۔ نجم۔ اختر۔ طالع
۲۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ مجمع۔ ازدحام۔ گروہ
۳۔ شاہی جلوس۔ شاہی سواری۔ دستۂ سواراں۔ رسالہ

کوکھ : ا۔ بغل۔ پہلو۔ جانب۔ گود۔ آغوش
۲۔ پیٹ۔ شکم۔ بطن۔ رحم۔ زہ دان۔ بچہ دان

کولھو : شکنجہ۔ عصار۔ آلۂ فشار۔ عصاری۔ چرخشت فشاری۔ عصر

ا کولھو سے کم اتری بھٹی بیوں جوگ
کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس ہیکاس
کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے

کَولی : گود۔ آغوش۔ بغل۔ حلقہ بانہہ۔ کلاوہ

کومل: ۱۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ لطیف
۲۔ بچہ۔ کودک۔ طفل۔ نادان۔ کچا۔ ناپختہ۔ خام۔ نورس۔ گدرا
۳۔ لچکیلا۔ لچک دار
۴۔ حلیم۔ بُردبار۔ متحمل۔ نرم مزاج۔ نرم خُو
۵۔ خوش گوار۔ مزہ دار۔ پُرلطف۔ ذائقہ دار
۶۔ شیریں۔ فصیح۔ خوش بیاں خوش مقال

کَون: ۱۔ ہستی۔ وجود۔ آفرینش۔ پیدائش۔ خلق
۲۔ دنیا۔ جہان۔ موجوداتِ عالم

کون وفساد: ہست ونیست۔ بود ونابود۔ بقا وفنا۔ فانی دنیا۔ دارِ فانی۔
جہانِ فانی۔ دار الفنا
کون ومکاں: دنیا۔ جہاں۔ عالم۔ گیتی۔ سنسار

کَون: کو۔ کدام۔ کیا

کونا: گوشہ۔ کُنج۔ زاویہ۔ کھونٹ۔ طرف۔ پہلو۔ جانب

کونپل: شگوفہ۔ کلی۔ غنچہ۔ سرِشاخ۔ پنی۔ پنگی۔ پھلنگ۔ پھننگ

کونج: قاز۔ کُلنگ۔ حواصل۔ مُرغابی

کوندا: بجلی۔ برق۔ صاعقہ۔ چمک

کُونڈا: ۱۔ پرات۔ تسلا۔ ناند۔ کٹورا۔ کٹھڑا۔ کُنالی
۲۔ نذر نیاز۔ صحنک۔ شیرینی
۳۔ تباہی۔ بربادی۔ خانہ خرابی

کُونڈی: ڈوری۔ کونڈلی۔ کُنڈال

کونسل: ۱۔ جماعت۔ مجلس۔ سبھا۔ انجمن۔ بزم
۲۔ مجلسِ شوریٰ۔ دیوان

کونسلر: مشیر۔ صلاح کار۔ رُکنِ مجلس

کونَین: دونوں جہان۔ دوعالم۔ دوسرا۔ دنیا وعُقبیٰ۔ دنیا وآخرت

کوہ: پہاڑ۔ جبل۔ پربت۔ اَچل۔ گری۔ غر

کوہ پیکر: گرانڈیل۔ عظیم الجثہ۔ صاحبِ تن وتوش۔ قوی ہیکل۔
تناور

کوہِ آتشیں — کوہِ گرم — کوہِ آتش نشاں —
کوہ در کوہ — کوہِ قاف — کوہ تاکوہ — کوہِ پُرشکوہ
— کوہِ پایہ طور — کوہِ ابُو قبیس — کوہِ البرز —
کوہِ نجد — کوہِ مسکنِ مجنوں — تیغِ کوہ بمعنی قلۂ کوہ۔
پُشتۂ کوہ — طاقِ کوہ — کوہِ گراں — کوہِ بزرگ
— ابرِ کوہ — کوہِ الکن — درّۂ کوہ — تنِ کوہ
— گزرگاہِ کوہ — درزِ کوہ — کوہِ غم ——
کوہِ جُودی — کوہِ اوتادِ عالم — کوہِ سنگ خارا
— کوہِ سیاہ — کوہِ مرمر — کوہِ سرخ — کوہِ نرم
— کوہِ سماق — کوہِ مقناطیس — کوہِ آہنیں رُبا

| کوہ کَندن کاہ برآوردن

کوئلا: چوبِ سوختہ۔ زغال۔ کولا۔ انگار۔ ہنگر۔ انگر۔ انگشت

| کوئلوں کی دلالی میں منہ بھی کالا کپڑے بھی کالے

کوئی: ہیچ۔ کسے۔ کچھ۔ شخصِ نامعلوم

کِہ: چھوٹا۔ ادنیٰ۔ حقیر۔ کم رتبہ۔ خُرد۔ ہیچ

کہ ومہ : ادنیٰ و اعلیٰ ۔ خسیس و شریف ۔ چھوٹا بڑا ۔ خرد و کلاں ۔ کس و ناکس ۔ بر کس

کَہ : (مخفف 'کاہ') گھاس ۔ تنکا ۔ ریشہ ۔ خس ۔ خاشاک

کہا : گفتہ ۔ قول ۔ مقولہ ۔ بچن ۔ بول ۔ سخن ۔ کلام

کہا سُنا : ۱۔ خطا قصور ۔ تقصیر ۔ جرم ۔ غلطی
۲۔ گلہ ۔ شکوہ ۔ شکایت

کہا سُنی : ۱۔ لگائی بجھائی ۔ غیبت ۔ غمازی ۔ نمامی ۔ چغلی
۲۔ بحث ۔ مباحثہ ۔ مناظرہ

کہا کہی : بات چیت ۔ گفتگو ۔ بحث و تمحیص ۔ مباحثہ ۔ مناظرہ

کہاں : کجا ۔ کدھر ۔ کس طرف

کہانت : غیب گوئی ۔ فال گوئی ۔ پیش گوئی ۔ تنجیم

کہانی : ۱۔ قصہ ۔ افسانہ ۔ داستان ۔ حکایت ۔ کتھا ۔ کہ سٹوری ۔ پنواڑہ
۲۔ حال ۔ ذکر ۔ تذکرہ ۔ بات ۔ روداد ۔ سرگذشت ۔ بیان ۔ ماجرا ۔ بیتی

کہاوت : مثل ۔ ضرب المثل ۔ قول ۔ مقولہ ۔ بچن ۔ بات ۔ سخن ۔ تمثیل ۔ نکتہ ۔ اکھان ۔ محاورہ

کُہر : کورا ۔ پالا ۔ منجمد بخارات ۔ دُھند

کہرام : ۱۔ واویلا ۔ نالہ ۔ شیون ۔ فریاد ۔ آہ وزاری ۔ بکا ۔ ماتم
۲۔ آفت ۔ مصیبت ۔ نیامت ۔ عذاب

کہکشاں : آسماں درہ ۔ کاہشاں ۔ راہ شیرہ ۔ مجرہ مسطبہ ۔ باب السماء

کہن : بات ۔ گفتار ۔ گفتگو ۔ قول ۔ بچن ۔ سخن ۔ کلمہ

کُہن / کہنہ : پرانا ۔ قدیم ۔ دیرینہ ۔ سال خوردہ ۔ پارینہ ۔ پامال ۔ فرسودہ ۔ دقیانوسی

کُہن سال : دیرینہ سال ۔ معمر ۔ مُسن ۔ بوڑھا ۔ پیر ۔ بزرگ ۔ بڈھا ۔ شیخ ۔ کھوسٹ ۔ عمر رسیدہ

کُہن سالی : دیرینہ سالی ۔ بڑھاپا ۔ پیری ۔ بزرگی

کُہنہ مشق : تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ مشاق ۔ استاد ۔ ماہر

کُہنہ مشقی : تجربہ کاری ۔ آزمودہ کاری ۔ مشاقی ۔ مہارت

چرخ کُہن ــ کُہن پوستین ــ کُہن پیوند ــ کُہن سر ــ کُہن طاق (آسماں) ــ کُہن فرش ــ کُہن کو ــ کُہن دامی ــ کُہن کیسہ (زال دار) ــ کُہن ...

کُہنگی : پرانا پن ۔ قدامت ۔ فرسودگی ۔ دیرینگی

کُہنی : مرفق ۔ آرنج ۔ کرنی

کہولت : آغازِ پیری ۔ ادھیڑ پن ۔ پختہ سالی ۔ سن رسیدگی ۔ پکا پن ۔ ادھیڑ عمر

کہیں : کسی جگہ ۔ جائے ۔ کسی طرف ۔ کسی جانب

کھاتا : حساب ۔ بہی ۔ لین دین ۔ لیکھا ۔ روزنامچہ

کھاتا پیتا : آسودہ حال ۔ مرفہ الحال ۔ خوش حال ۔ خوش گزران ۔ فارغ البال ۔ دولت مند

کھاٹ : ۱۔ چارپائی ۔ پلنگڑی ۔ سریر ۔ تخت ۔ مسہری
۲۔ جنازہ ۔ ارتھی

کاٹ کھولا: بوریہ بستر۔ استر بستر۔ ساز و سامان۔ مال اسباب۔ اثاثہ

کاج: کُھجلی۔ خارش۔ چُل

کاجا: خوراک۔ غذا۔ خورش

کاد: کمات۔ پانس۔ کھرد۔ میلا۔ غلاظت۔ ایبہ۔ گوبر۔ مینور۔ ڈاڈو

کادی: کھدر۔ گاڑھا۔ گزی

کار: شورپن۔ نمک۔ کلر۔ سجی

کارا: شور۔ نمکین۔ تلخ۔ کڑوا۔ کسیلا۔ کھاری

کاڑی: نیلچ۔ جیل۔ آبنائے

کال: ۱۔ پوست۔ چمڑا۔ پام۔ چمڑی۔ چرم۔ ادھوڑی۔ جلد۔ کھل۔ بکن
۲۔ چھال۔ چھلکا۔ قشر
۳۔ نالی۔ نالا۔ موگا۔ کھالی۔ راجباہ۔ کھالا

کالا: کھال۔ نالا۔ ندی۔ موگا۔ رجو۔ راجباہ۔ راجباہہ

کانا: ۱۔ طعام۔ خوراک۔ غذا۔ خورش۔ بھوجن۔ روٹی۔ قوت۔ جیمنا۔ اُلش۔ خوردن۔ متناول۔ خاصہ۔ رسوئی۔ ماکول۔ اہار۔ اکل
۲۔ دعوت۔ ضیافت۔ ہمانی

کھانا پینا: آب و خورش۔ اَن جل۔ آب و دانہ۔ دانہ پانی۔ خورد و نوش۔ آب و دانہ

کانگا: [illegible]

۲۔ خوان۔ خوانچہ
۳۔ وقفہ۔ دیر۔ ڈھیل۔ توقف۔ تاخیر۔ تعویق
۴۔ گڑھا۔ غار۔ کھڈا

کھانڈ: چینی۔ نبات۔ مصری۔ قند۔ شکر سفید

کھانسی: سعال۔ سرفہ۔ دُھک۔ ٹُھک۔ خارش گلو۔ کھنگ۔ قحۃ۔ سلف۔ کھوکھی۔ کُھرا۔ کھری۔ کھرکھر۔ کھوں کھوں۔ کن یشکا

کھاؤ: خورندہ۔ پُرخور۔ پیٹو۔ چٹورا۔ رشوت خور۔ مرتشی۔ مسرف۔ اڑاؤ۔ مبذر۔ تن پرور

کھاؤ اڑاؤ: فضول خرچ۔ مسرف۔ مبذر۔ لٹاؤ۔ خراج

کھاؤ میت: مطلبی۔ مطلب پرست۔ خود غرض۔ غرض آشنا۔ کھاڈیار۔ مفاد پرست

کھبا: بین ہتا۔ چپ دست۔ کھبو

کھپت: ۱۔ گنجائش۔ سمائی۔ ضرورت۔ مانگ۔ مطالبہ
۲۔ خرچ۔ صرف۔ استعمال۔ انصراف
۳۔ گزارہ۔ نباہ۔ نبھاؤ
۴۔

کھتا: ۱۔ ذخیرہ۔ ڈھیر۔ انبار۔ گدام۔ گودام
۲۔ خزانہ۔ خزینہ۔ مخزن۔ گنج۔ گنجینہ۔ دفینہ
۳۔ گڑھا

کھٹا: ترش۔ حامض۔ چوک

کھٹاس/کھٹائی: کھٹا پن۔ ترشی۔ حموضت

کھٹک: ۱۔ خلش۔ جھجھک۔ ٹیس۔ کسک۔ چیس

۲۔ رنجش۔ نارافنگی۔ خفگی۔ ملال۔ رنج۔ کدورت۔ شکایت۔ گلہ۔ شکوہ

کھٹکا: ۱۔ کھڑکا۔ کھٹاکا۔ تڑاخا
۲۔ چاپ۔ آہٹ
۳۔ کھٹک۔ خلش۔ چبھن۔ ٹیس۔ چیس۔ کسک
۴۔ چٹخنی۔ چٹکنی۔ بلی۔ گنڈی
۵۔ دھڑکا۔ خوف۔ تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ خدشہ

کھٹمل: بق۔ شب گز۔ غسک۔ مانگن۔ مانگوں کھٹ کیڑا۔ ساسن

کھٹولا: پنگڑی۔ کھٹیا۔ کھاٹ۔ کھٹولی۔ سریر۔ چار پائی

کھجلی: خارش۔ خارشت۔ کھاج۔ چُل

کھجور: خُرمہ۔ تمر۔ رطب

کھچاوٹ / کھچاؤ: تناوٹ۔ تناؤ۔ کساوٹ۔ کساؤ۔ کھینچ۔ کشش۔ کشیدگی۔ جذب

کھچڑی: ۱۔ دال چاول
۲۔ ملا جلا۔ گڈمڈ۔ خلط ملط۔ مخلوط
۳۔ سیاہ و سفید۔ چتکبرا۔ چترا۔ ابلق
۴۔ سازش۔ سانٹھ گانٹھ۔ سازباز۔ آنٹ سانٹ
۵۔ شگوفہ۔ کونپل۔ پھول۔ کلی۔ غنچہ۔ بُور۔ حور
۶۔ نیوتا۔ سائی۔ بیعانہ۔ بُلاوا۔ دعوت۔ طلبی

کھد بدی: ۱۔ بل چل۔ تلاطم۔ تموج۔ فکر۔ اندیشہ۔ خدشہ۔ تشویش
۲۔ شوق۔ اشتیاق۔ ہوس۔ آرزو۔ تمنا

کھدر: کھادی۔ گزی۔ گاڑھا

کھدرا: ۱۔ کھردرا۔ ناہموار۔ ناملائم
۲۔ چیچک زدہ
۳۔ کھترا۔ کونا۔ گوشہ۔ کنج۔ زاویہ
۴۔ بل۔ سوراخ

کھدنی: ۱۔ کھدائی
۲۔ تلاش۔ جستجو۔ تحقیق۔ تفتیش۔ کھوج۔ ٹوہ۔ سراغ

کھدیا: بھوک۔ اشتہا۔ خواہشِ طعام

کھڈ: گڑھا۔ غار۔ کھوہ۔ کہف۔ سرنگ

کھڈا: ۱۔ گڑھا۔ غار۔ کھوہ۔ کہف۔ چاہ
۲۔ دندانہ۔ دانتا
۳۔ خمیدہ۔ کُبڑا۔ کُبا۔ کبجا

کھڈی: کرگھا۔ آلۂ پارچہ بافی۔ کرگہ

کھڈی: گڑھا۔ قدمچہ۔ پاخانہ۔ بیت الخلا

کھر: پائے مویشی۔ پاؤں۔ پگ۔ گام۔ سُم

کھرکھوج: نقشِ پا۔ نشانِ پا۔ سراغ۔ نشان۔ اثر

کھرا: ۱۔ خالص۔ ناب۔ بے میل۔ بے آمیزش۔ صاف۔ پاک۔ [illegible]
نرمل۔ شُدھ۔ جید۔ اصلی۔ اصل۔ سُرہ
۲۔ عمدہ۔ نفیس۔ اچھا۔ چوکھا۔ خاصا۔ خوب
۳۔ بے ریا۔ مخلص۔ سچا۔ راست باز۔ صاف باطن۔ صادق
۴۔ صاف گو۔ حق گو۔ منصف مزاج
۵۔ جائز۔ درست۔ صحیح

کھراپن: ۱۔ خالص پن۔ خالصیت۔ بے میلی۔ پاکی۔ صفائی۔ طہارت
۲۔ عمدگی۔ نفاست
۳۔ بے ریائی۔ اخلاص۔ خلوص۔ سچائی۔ راست بازی۔ صاف باطنی
صداقت شعاری
۴۔ صاف گوئی۔ حق گوئی۔ منصف مزاجی۔
۵۔ جواز۔ درستی۔ صحت

کھرا کھوٹا: اچھا بُرا۔ نیک و بد۔ خوب و زشت

کھرا کھیل: خوش معاملگی۔ صفائیِ معاملہ

کھرّا: ۱۔ مسودہ۔ یادداشت۔ پرچہ
۲۔ طومار۔ طویل تحریر

کُھرّا: ناہموار۔ ناملائم۔ کُھردرا۔ سخت۔ بے فرش۔ بے پوشش۔
بدمزاج۔ بداخلاق۔ غیر شائستہ

کھرب: سو ارب۔ دس ہزار کروڑ

کُھرپا: ۱۔ کُھرپینا۔ رنبی۔ رنبا
۲۔ (کنایتہً) احمق۔ بے وقوف۔ گنوار۔ اجڈ۔ ناشائستہ۔ بدسلیقہ۔
بے تہذیب

کھرج: سُرج۔ سا۔ پہلا سُر

کُھرچن: بچا کھچا۔ پس ماندہ۔ تہ دیگی

کُھردرا: ناہموار۔ ناملائم۔ کھرکھرا۔ سخت۔ درشت۔ رَف۔ کھرّا۔ اخشب

کُھردراپن: ناہمواری۔ ناملائمی۔ کھرکھراپن۔ سختی۔ درشتی

کُھرلی: چرنی۔ ناند۔ کونڈی۔ آخور۔ آخُر

کھڑا: ۱۔ استادہ۔ قائم۔ سیدھا۔ عمودی
۲۔ نیم پخت۔ کچا۔ اَدھ گلا
۳۔ نصب۔ برقرار۔ قرار یافتہ
۴۔ ساکن۔ ٹھہرا۔ رُکا۔ بے حرکت۔ غیر متحرک۔ ثابت
۵۔ ڈھلوان۔ اونچا
۶۔ تیار۔ آمادہ۔ مستعد

کھڑکا: کھٹکا۔ آہٹ۔ آواز۔ شور

کھڑکھڑاہٹ: کھٹکھٹاہٹ۔ آواز۔ آہٹ۔ شور

کھڑکی: دریچہ۔ منظر۔ غرفہ۔ جھروکا۔ روشندان۔ باری۔ طاق۔ نافذہ۔
باد پردا۔ روزن۔ کواڑی

کھڑپینچ / کُھڑپینچ: ۱۔ خراش۔ زخم۔ کھرونچا
۲۔ کینہ۔ دشمنی۔ بغض۔ عداوت۔ بیر۔ مخاصمت
۳۔ نکتہ چینی۔ تنقید۔ اعتراض
۴۔ چھیڑ چھاڑ۔ تکرار۔ جھگڑا۔ نزاع۔ تنازعہ۔ کٹ حجتی۔ کج بحثی

کُھسر پُھسر: کُھس پُھس۔ کانا پُھوسی۔ سرگوشی

کِھسیانا: روکھا۔ روانسا۔ چڑچڑا۔ شرمندہ۔ نادم۔ روہانسا۔ محجوب۔ خجل

کھسیان پت: روکھا پن۔ چڑچڑاپن۔ شرمندگی۔ ندامت۔ خفت۔
خجالت۔ حجاب

کُھلا: ۱۔ کشادہ۔ فراخ۔ چوڑا۔ ڈھیلا
۲۔ صاف۔ برہنہ۔ عریاں۔ ننگا
۳۔ آزاد۔ بے روک
۴۔ ظاہر۔ علانیہ۔ صریحی
۵۔ غیر مقفل

کھلا ڈلا: ۱۔ ظاہر۔ صریحی۔ علانیہ
۲۔ بے تکلف۔ بے باک۔ بے حجاب۔ بے پردا

کھلا کھلا: فراخ۔ وسیع۔ دور دور

کِھلا: شگفتہ۔ خنداں۔ خوش

کِھلاڑ: ۱۔ کھلاڑی۔ کھلنڈرا۔ کھِتّو
۲۔ فاحشہ۔ چھنال۔ قحبہ۔ آوارہ۔ اوباش۔ کھلاڑن

کھلاڑپن: فحاشی۔ قحبگی۔ چھنالا۔ آوارگی۔ اوباشی

کھلاڑی: ۱۔ بازندہ۔ لاعب۔ کھلنڈرا۔ اسپورٹس مین
۲۔ بازی گر۔ شعبدہ باز۔ مداری۔ بھان متی
۳۔ جواری۔ قمارباز۔ جوئے باز

کِھلائی: اَنّا۔ آیا۔ دایہ۔ دوا

کھلبلی: ۱۔ ہل چل۔ افراتفری۔ ہنگامہ۔ فساد۔ شور و شر۔ فتنہ۔ فساد۔ شورش
۲۔ بے چینی۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے تابی۔ گھبراہٹ۔ وحشت

کُھلّم کُھلّا: ۱۔ علانیہ۔ برملا۔ برسرِ عام۔ بیچ کھیت۔ صریحی
۲۔ بے روک ٹوک۔ آزادانہ

کھلنڈرا / کھلنڈڑا: مشغولِ لہو و لعب۔ لااُبالی۔ غیر ذمہ دار۔ لاعب

کھلنڈراپن: لاابالی پن۔ لہو و لعب۔ کھیل کود۔ غیر ذمہ داری

کھلونا: لعبت۔ گڑیا۔ کھِدونا۔ ڈول۔ ٹوائے

کھلی: ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ تمسخر۔ مسخرگی۔ ٹھٹھہ

کِھلّی باز: مسخرہ۔ ظریف۔ ہنسوڑ۔ ٹھٹھولیا
کِھلّی بازی: مسخرہ پن۔ ظرافت۔ ٹھٹھول۔ چھیڑ چھاڑ

کھم / کھمبا: تھم۔ ستون۔ عماد۔ تھونی۔ مینار۔ لاٹھ

کھنڈت: ۱۔ ٹوٹا۔ شکستہ
۲۔ بکھرا۔ منتشر۔ پراگندہ۔ بے ترتیب۔ بے نظم
۳۔ منسوخ۔ مردود
۴۔ خلل۔ حرج۔ نقصان۔ بدمزگی۔ رنگ میں بھنگ

کھنڈر: ویرانہ۔ خرابہ۔ اُجاڑ۔ شکستہ عمارت۔ طلل۔ دمنہ

کھو / کھوہ: غار۔ گڑھا۔ خندق۔ کھڈ۔ کھف۔ بٹ۔ گپھا

کھوپڑی: کپال۔ کاسۂ سر۔ چاند۔ چندیا۔ ٹاٹ۔ تامڑا۔ کاسہ۔ قحف۔ دماغ۔ جُمجُمہ۔ جلجلہ۔ مغز۔ ٹنڈ۔ ٹنڈی۔ تالِ سر۔ تشتک۔ چاندانہ

کھوٹ: ۱۔ میل۔ ملاوٹ۔ آمیزش۔ بنِش۔ ملاؤ
۲۔ نقص۔ عیب۔ سقم۔ خامی۔ کمی
۳۔ کینہ۔ کپٹ۔ رنج۔ کدورت۔ غبار
۴۔ بدی۔ برائی۔ شرارت۔ بدذاتی
۵۔ خطا۔ قصور۔ تقصیر۔ جرم۔ پاپ۔ گناہ۔ غلطی
۶۔ نقصان۔ ضرر
۷۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ چال۔ چھل
۸۔ بے وفائی۔ نمک حرامی
۹۔ ٹیڑھ۔ ٹیڑھاپن۔ کجی
۱۰۔ جھوٹ۔ دروغ۔ کذب
۱۱۔ ریاکاری۔ بددیانتی۔ بے ایمانی

کھوٹا: ۱۔ ناخالص۔ آمیختہ۔ مغشوش۔ دو میلا۔ ناصاف۔ قلب۔ زیف۔ ناسرہ۔ ملاوٹی۔
۲۔ غیر معیاری۔ ٹکسال باہر۔ مصنوعی۔ جعلی۔ غیر اصلی
۳۔ ناقص۔ عیب دار۔ معیوب۔ سقیم
۴۔ نکما۔ ناکارہ۔ بے کار
۵۔ بے وفا۔ نمک حرام۔ بے مروّت
۶۔ ریاکار۔ بد دیانت۔ بے ایمان
۷۔ جھوٹا۔ کاذب۔ دروغی
۸۔ بدباطن۔ منافق۔ بدذات۔ شریر۔ شرارتی۔ مفسد۔ فتنی
۹۔ کینہ ور۔ کردھی۔ کپٹی
۱۰۔ خطاکار۔ خاطی۔ قصوردار۔ تقصیردار۔ مجرم۔ پاپی۔ گناہگار
۱۱۔ دغاباز۔ فریبی۔ فریب کار۔ چالیا۔ چھل باز

| کھوٹا پیسہ کھوٹا بیٹا وقت پر کام آتا ہے

کھوج: ۱۔ نشان۔ پتا۔ سراغ
۲۔ پیر۔ نقشِ پا۔ نشانِ قدم۔ اثر۔ پیرا
۳۔ تلاش۔ جستجو۔ تجسس۔ تفتیش۔ تحقیق۔ ٹوہ۔ تفحص۔ تفتیش۔ سراغرسانی۔ ٹوہ
۴۔ چھان بین۔ چھان پھٹک۔ پڑتال۔ پرچول
۵۔ واقفیت۔ آگاہی۔ خبر۔ شناسائی
۶۔ بیخ و بن۔ جڑ بنیاد۔ نام و نشان

کھوج مٹا: خانہ خراب۔ بے نام و نشان۔ تباہ۔ غارت۔ برباد

کھوجی: ٹوہیا۔ سراغرساں۔ جاسوس۔ متجسس۔ جویا۔ جوئندہ۔ تلاش کنندہ۔ محقق۔ تفتیش کنندہ

کھوکھلا: خالی۔ پولا۔ کھوکھل۔ بے مغز۔ تہی مغز۔ مجوّف۔ تھوتھا۔ جوف دار۔ پیرکل۔ چھوچھا

کھوکھلاپن: خلا۔ جوف۔ بے مغزی۔ تہی مغزی۔ تھوتھاپن

کھَولن: ۱۔ کھولاؤ۔ جوشش۔ اُبال
۲۔ جلن۔ سوزش۔ کسک

کھُونٹ: ۱۔ کونا۔ گوشہ۔ کنج۔ زاویہ
۲۔ جانب۔ سمت۔ طرف۔ پہلو

کھونٹا: ۱۔ میخ۔ کیل۔ لاٹھ۔ ہتھا۔ دستہ۔ کِلا
۲۔ مددگار۔ پشت پناہ۔ حامی۔ یاور۔ ناصر۔ حامی

کھویا: ماوا۔ ربڑی۔ جا دودھ

کھِوَیّا: کھیون ہار۔ مانجھی۔ ملّاح۔ ناخدا۔ کشتی بان۔ جہاز راں

کھے: ۱۔ میلا۔ گرد۔ نجاست۔ براز
۲۔ خاک۔ دھول۔ راکھ۔ گندگی۔ غلاظت

کھیپ: ۱۔ دریائی سفر
۲۔ بھرتی۔ بوجھ۔ بار۔ لداؤ۔ لاٹ
۳۔ دفعہ۔ بار۔ مرتبہ۔ شُمار
۴۔ جماعت۔ گروہ۔ مجمع

کھیت: ۱۔ زراعت۔ مزرعہ۔ کھیتی۔ حرث۔ حقل۔ کھیتی باڑی۔ دیکھ والی۔ اگیری کھیر
۲۔ کشت۔ کیاری۔ خیابان۔ کیاما۔ ڈبرا
۳۔ میدان۔ رزم گاہ۔ جنگاہ۔ حربگاہ۔ مصاف
۴۔ زمین۔ ملک۔ خطہ۔ دیس

کھیتی: ۱۔ زراعت۔ مزرعہ۔ حرث۔ فصل۔ غلّہ
۲۔ آل اولاد۔ ذریّت۔ عیال و اطفال

کھیر: شیر برنج

کھیرا: خیار۔ بادرنگ۔ قثاء۔ تراپلس۔ کنٹ کٹا۔ سدا اداس۔
ہرن کٹ۔ شیر دینی۔ موت پھلا۔ بلکاسنی

کھیڑا: گاؤں۔ دیہہ۔ آبادی۔ بستی۔ قریہ

کھیل: ا۔ بازی۔ بازیچہ۔ لعب۔ کرتب تماشا۔ لہو ولعب۔ ڈراما۔
ناٹک۔ تمثیل۔ لیلا۔ دوا۔ لابہ۔ سوانگ۔ لعبہ۔ ملاعب۔
الہوہ۔ تلعیہ۔ بچے
۲۔ دل بہلاوا۔ تفریح۔ مشغلہ۔ شغل۔ دل لگی
۳۔ کام۔ کاج۔ فعل۔ دھندا
۴۔ سہل۔ آسان۔ غیر مشکل۔ نادشوار

کھینچ: ا۔ کھچاؤ۔ کھچاوٹ۔ کشش۔ جذب
۲۔ کمی۔ قلت۔ قحط۔ کال

کھینچ تان / کھینچا تانی: کشاکش۔ رسّاکشی۔ جھگڑا۔ تکرار۔ کش مکش۔
لڑائی

کئی: چند۔ متعدد۔ کچھ۔ بعض

کے: (فارسی) کب۔ کس وقت۔ متیٰ

کے: (اردو) کتنا۔ کتنی۔ کس قدر

کیا: ا۔ چہ۔ ہل۔ آیا
۲۔ خواہ۔ چاہے
۳۔ کس قدر۔ کتنا
۴۔ کرن۔ کو۔ مَن
۵۔ کیوں۔ کس لیے

کیاری: قطعۂ زراعت۔ تختہ۔ خیاباں۔ باغیچی

کیبنٹ: ا۔ کمرا۔ اُطاق۔ حجرہ۔ کوٹھڑی
۲۔ کابینہ۔ مجلسِ وزراء
۳۔ صندوقچہ۔ خول۔ ڈھانچا

کیپٹن: کپتان۔ سالارِ دستہ۔ فوج دار۔ جہازراں۔ راہنما۔ قائد۔
راہبر۔ سردار

کیپسول: خول۔ غلاف۔ جھلی۔ لفافہ۔ خانہ۔ ڈوڈا

کیٹ: ا۔ میل۔ گاد۔ تلچھٹ۔ دُرد
۲۔ گل چراغ

کیچ: گرفت۔ پکڑ۔ جھپٹ۔ شکار

کیچ / کیچڑ: ا۔ گارا۔ دلدل۔ چہلا۔ ترمٹی۔ گل۔ تری۔ لائے غلاظ
وحل۔ طرزہ۔ چکڑ۔ پانک۔ طلمہ
۲۔ چرک چشم۔ غلاظتِ چشم۔ چیپڑ
۳۔ گاد۔ تلچھٹ۔ دُرد

کیچوا: کرمِ خاکی۔ حشرۃ ارض۔ گنڈویا۔ خراطین

کیڑا: ا۔ کِرم۔ دودہ۔ حشرۃ ارض۔ گھن۔ دیمک
۲۔ چیونٹا۔ مکوڑا۔ مور
۳۔ سانپ۔ بچھو

کیس: (انگریزی) ا۔ معاملہ۔ حالت۔ کیفیت۔ واقعہ
۲۔ مقدمہ۔ دعویٰ۔ نالش
۳۔ مریض۔ بیمار۔ علیل
۴۔ خانہ۔ پیٹی۔ بکس۔ صندوقچہ۔ ڈھانچا

۵۔ نظیر۔ تمثیل۔ حوالہ

کیس: (ہندی) بال۔ موئے سر۔

کیسا: کیف۔ کیوں۔ کس لیے۔ کس قدر۔ کتنا۔ کس درجہ۔ از حد

کیسر: چٹ پٹ۔ کرکیاکس۔ جادی۔ ورس۔ کرکم۔ زعفران۔ کنکم۔
چاروداہی کورنی۔ اگنی شکھاور۔ کاشیر۔ بیتیم سراوہ۔
سنگا بیں۔ ستودن

کیسری: زعفرانی۔ زرد۔ اصفر۔ پیلا۔ نارنجی۔ ارغوانی

کیسہ: جیب۔ تھیلی۔ پاکٹ۔ خریطہ۔ توبرہ

کیسہ بر: جیب کترا۔ گٹھ کترا۔ جیب تراش۔ اچکا۔ چور۔ دزد

کیش: نقدی۔ روپیہ پیسا۔ دولت۔ مال۔ رو کڑ

کیش: ۱۔ مذہب۔ شیوہ۔ دین۔ اعتقاد۔ مشرب۔ دھرم۔
طریق۔ پنتھ۔ فرقہ۔ مسلک
۲۔ عادت۔ خصلت۔ سرشت
۳۔ صفت۔ وصف۔ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ روش
۴۔ ترکش۔ تیردان

جفاکیش ــــ عقیدت کیش ــــ مروت کیش ــــ
وفاکیش ــــ ارادت کیش ــــ سعادت کیش ــــ
اخلاص کیش ــــ صفاکیش ــــ شجاعت کیش ــــ
محبت کیش

کیف: ۱۔ سرور۔ خمار۔ نشہ
۲۔ حالت۔ کیفیت۔ خاصیت

کیف وکم: کیسا اور کتنا۔ مقدار و خاصیت

کیفر: پاداش۔ بدلہ۔ سزا۔ جزا

کیفرِ کردار: پاداشِ عمل۔ سزائے جرم

کیفے: قہوہ خانہ۔ چائے خانہ۔ ریستوران۔ سنیک بار۔ کینٹین

کیفیت: ۱۔ حالت۔ حال۔ حقیقت
۲۔ عالم۔ سماں۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ وضع۔ قطع۔ صورت۔ طور طریقہ۔
روش۔ انداز۔ اسلوب
۳۔ شرح۔ تشریح۔ تفسیر۔ توضیح
۴۔ لطف۔ بہار۔ رونق
۵۔ نشہ۔ سرور۔ خمار

کیکر: ببول۔ مغیلاں۔ اُمِّ غیلاں۔ مغیل۔ ثمرہ

کیکڑا: کرک۔ سرطان

کیل: ۱۔ میخ۔ برنجی۔ کوکا۔ کھونٹی۔ پیل۔ مسمار
۲۔ مسام
۳۔ منتر۔ افسوں۔ عزیمت

کیلا: موز۔ طلح۔ کسلا۔ گرن ہستی۔ مو چارنیا۔ وارہ۔ پت چھدا

کیلنڈر: جنتری۔ تقویم۔ نظام

کیمپ: پڑاؤ۔ چھاؤنی۔ لشکرگاہ۔ معسکر

کیمیا: ۱۔ رسائن۔ اکسیر
۲۔ خاصیت۔ ماہیت۔ علم الاشیاء

۲۔ مفید۔ سریع الاثر۔ مؤثر۔ تیر بہدف

کیمیا ساز/گر: رسائنی۔ زر ساز۔ کھوس

کیمیا سازی/گری: زر سازی۔ کھوسی

کِیں: بغض۔ عداوت۔ دشمنی۔ بیر۔ کینہ۔ کپٹ۔ حسد

کینڈا: ۱۔ نمونہ۔ پیمانہ۔ ڈول۔ اندازہ۔ خاکہ
۲۔ سرسری پیمائش۔ تخمینہ

کینہ: بغض۔ عداوت۔ دشمنی۔ بیر۔ خصومت۔ مخاصمت۔ کپٹ۔

کدورت۔ شر۔ کینہ

کینہ پرور/ور: حاسد۔ کپٹی۔ دشمن۔ بیری۔ کینہ توز

کینہ پروری/وری: حسد۔ کپٹ۔ دشمنی۔ بیر۔ کدورت۔ بغض۔ عداوت

کیواں: زحل۔ سنیچر۔ منحوسِ اکبر

کیوڑا: کبرے۔ کیدی۔ کاذی

کیوں: کس لیے۔ کس سبب۔ چرا۔ کس وجہ سے۔ کیونکر

بوجہ فارسی میں دستگاہ نہ رکھنے کے عام طور پر لوگ خود اپنی مادری زبان یعنی اردو ہی میں ناقص ہیں۔ بعض انگریزی دان اصحاب اپنے اس نقص کو دور کرنے کے لیے جہاں کہیں مترادف الفاظ کے استعمال کی ضرورت محسوس کرتے ہیں وہاں انگریزی الفاظ داخل کر دیتے ہیں اور اس کا اثر ادبِ اُردو پر بہت بُرا پڑتا ہے۔ آزاد دہلوی، شرر لکھنوی وغیرہ مشہور انشا پرداز دلچسپ الفاظ اور پاکیزہ عبارت میں کسی مضمون کو ادا کرتے ہیں تو لوگ نہایت تعجب کرتے ہیں لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ جب تک زبان میں وسیع دستگاہ نہ ہو اور الفاظ کثرت سے ہر ایک زبان کے ذہن میں نہ ہوں، انشا پردازی نہیں آسکتی۔ خصوصاً اردو زبان کی انشا پردازی جو متعدد زبانوں کا مجموعہ ہے۔ بہت ناقص رہ جاتی ہے۔

(مجمع الالفاظ، از راجا راجیسوراؤ اصغر)

گابھ : حمل۔ بار۔ امید۔ آس۔ پیٹ۔ پاؤں بھاری۔ گیابھ

گابھا/گابا : ۱۔ کونپل۔ شگوفہ۔ کلی۔ ڈوڈی
۲۔ نیم پختہ غلہ۔ نیم رسیدہ دانہ۔ کچا دانہ
۳۔ گودا۔ مغز۔ نرم حصہ

گابھن : حاملہ۔ باردار۔ امید سے۔ پیٹ سے۔ گیابھن۔ پاؤں بھاری

گات : ۱۔ بدن۔ جسم۔ جثہ۔ انگ۔ شریر۔ سینہ۔ بالائی جسم
۲۔ وضع۔ چھب۔ قطع۔ ہیئتِ جسمانی۔ ڈول

گاج : ۱۔ بجلی۔ برق۔ صاعقہ
۲۔ گرج۔ کڑک۔ کڑکا۔ رعد
۳۔ غصہ۔ غضب۔ قہر۔ غیظ۔ خشم۔ کرودھ۔ تیہا
۴۔ دھمکی۔ تہدید۔ ترہیب۔ تخویف۔ گھڑک
۵۔ کانچ۔ شیشہ۔ آبگینہ۔ زجاج
۶۔ جھاگ۔ پھین۔ کف

گاجر : گزر۔ زردک۔ جزر۔ زردج۔ کاروٹ۔ بیخ زمین۔ گازرہ۔ ششکاکل۔ کوزٹ۔ کازمرد۔ کرگس برنج

گاد : تلچھٹ۔ دُرد۔ تہ نشیں۔ میل۔ رسوب

گارا : گلابہ۔ کیچڑ۔ بیلا۔ سیاع۔ رداغ۔ کلے۔ کہگل

گارڈ : ۱۔ محافظ۔ نگران۔ پاسبان۔ چوکیدار
۲۔ حفاظتی دستہ۔ چوکی۔ پہرا

گارڈین : سرپرست۔ نگران۔ ولی۔ مُربّی

گارنٹی : ضمانت۔ کفالت۔ ذمہ داری۔ یقین دہانی

گاڑھا : ۱۔ موٹا۔ گھنا۔ دبیز۔ کثیف۔ غلیظ۔ بھاری۔ گف۔ غف۔ گنجان۔ ثخین
۲۔ مضبوط۔ پکا۔ پختہ۔ گہرا
۳۔ بہادر۔ دلیر۔ جری۔ جرأت مند۔ شجاع۔ دلاور۔ سورما
۴۔ کھدر۔ کھادی۔ گزی۔ دھوتر

گاڑھا پسینہ : محنت۔ مشقت۔ جاں فشانی
گاڑھاپن : موٹائی۔ دبازت۔ کثافت۔ بھاری پن۔ غلظت
گاڑھا وقت : وقتِ مشکل۔ زمانۂ مصیبت۔ دورِ صعوبت۔ کٹھن دور

گاڑی : سواری۔ چھکڑا۔ بگھی۔ بس۔ تانگہ۔ موٹر کار۔ بہلی۔ بائیسکل۔ ریل۔ قطار۔ کالسکہ۔ فٹن۔ ارابہ۔ رتھ

گال : ۱۔ رخسار۔ خد۔ عذار۔ عارض۔ کلا۔ دیم و رخسار۔ کپول
۲۔ بات۔ گفتگو۔ سخن۔ کلام۔ بول
۳۔ لقمہ۔ نوالہ۔ گراس
۴۔ گھونٹ۔ جرعہ

گالی : دشنام۔ سب۔ شتم۔ بد زبانی سلاحی۔ بھوگ۔ بری بات۔ فحش بات۔ شرم کی بات۔ سبوبہ۔ گال۔ صلوات۔ کوسنا۔ بکنے۔ مغلظات۔ برا بھلا۔ ابیوز۔ زبان۔ کنزل۔ گلوچ

گالی گلوچ : زبان درازی۔ دشنام دہی۔ فحش بکنا۔ گالی گفتار۔ گالم گلوچ۔ تکا فضیحتی۔ جھاڑنا۔ گالیاں بکنا۔ گالیوں پہ اترنا۔ بد زبانی۔ گالیوں پر چھوٹنا

گام : (ہندی) گاؤں۔ دیہ۔ قریہ۔ آبادی۔ بستی۔ قصبہ۔ معمورہ

گام : (فارسی) قدم۔ پگ۔ پاؤں۔ چرن۔ ربن۔ پیر۔ ڈگ

گام زن : قدم زن۔ گام فرسا۔ رواں۔ دواں۔ تیز رو۔ تیز رفتار۔ تیز گام

گانا : گیت۔ راگ۔ نغمہ۔ رامش۔ سرود

گانٹھ : ۱۔ گرہ۔ عقدہ۔ گنڈ۔ گنڈھ۔ ڈنٹھل۔ گٹھلی
۲۔ جوڑ۔ بند۔ مفصل۔ پور۔ جھلو
۳۔ جڑ۔ اصل۔ بیخ
۴۔ گٹھڑی۔ بقچہ۔ جیب۔ کیسہ۔ ہمیانی۔ بٹوا
۵۔ ان بن۔ ناراضگی۔ رنجش۔ کدورت
۶۔ معاہدہ۔ وعدہ۔ عہد۔ قول۔ بچن
۷۔ سدہ۔ اڑ۔ قبض۔ پھٹکی
۸۔ مشکل۔ دقت۔ دشواری۔ گتھی۔ گنجلک
۹۔ سازش۔ سازباز۔ سانٹ سانٹ

۱۰۔ عقد۔ نکاح۔ بیاہ۔ شادی۔ بیاہ۔ ازدواج۔ تزویج

گاؤ : گائے۔ گؤ۔ بقرہ۔ گاں

گاؤمیش : بھینس۔ مینہ۔ جاموسہ۔ مجھ۔ بھیں

گاہ : ۱۔ جگہ۔ مقام۔ استھان۔ مکان۔ جا۔ جائے۔ ٹور ٹھکانا
۲۔ وقت۔ زمانہ

گاہ بگاہ : کبھی کبھی۔ کبھی کبھار۔ وقت بے وقت۔ وقتاً فوقتاً۔ گاہے گاہے۔ تھوڑی تھوڑی دیر بعد۔ گاہے ماہے۔ بھولے بھٹکے۔ بہت کم۔ بھولے چوکے

انتظارگاہ ــ شکارگاہ ــ آرام گاہ ــ تماشگاہ ــ خواب گاہ ــ نمازگاہ ــ تخت گاہ ــ چراگاہ ــ لشکرگاہ ــ جنازہ گاہ ــ عید گاہ ــ رزم گاہ ــ بزم گاہ ــ خانگاہ ــ بارگاہ ــ نذرگاہ ــ بندرگاہ ــ سیرگاہ ــ شرم گاہ ــ تماشاگاہ ــ جولاں گاہ ــ خیمہ گاہ ــ رصدگاہ ــ زیارت گاہ ــ سجدہ گاہ ــ صید گاہ ــ جلوت گاہ ــ جلوہ گاہ ــ عشرت گاہ ــ کوچ گاہ ــ کتف گاہ ــ کشتن گاہ ــ کشتی گاہ ــ تکیہ گاہ ــ محراب گاہ (مسجد) ــ مغیلاں گاہ (دنیا) ــ ناموس گاہ ــ نخچیرگاہ (شکارگاہ) ــ گرم گاہ ــ ناوردگاہ (میدان جنگ) ــ نشان گاہ ــ گریزگاہ ــ پناہ گاہ ــ وعدہ گاہ ــ یغماگاہ ــ مال گاہ ــ حرم گاہ (زنانہ) ــ حساب گاہ (کچہری) ــ حشرگاہ ــ حوالہ گاہ ــ خانگاہ ــ خرگاہ ــ داغ گاہ ــ دست گاہ ــ دم گاہ (بھٹی) ــ دیدہ گاہ ــ کج گاہ ــ زیرگاہ (کرسی) ــ سُرین گاہ ــ قدم گاہ ــ قتل گاہ ــ طاعت گاہ ــ طرازگاہ (دنیا) ــ عرض گاہ ــ

ذاتی گاہ ۔ [illegible] گاہ ۔ فریب گاہ ۔ قتل گاہ ۔
شب گاہ ۔ آب گاہ ۔ بنا گاہ ۔ آورد گاہ ۔
بزن گاہ ۔ بینش گاہ ۔ تکیہ گاہ ۔ تن گاہ
۔ پائے گاہ ۔ پنج گاہ ۔ برجیس گاہ ۔ بندگاہ
۔ جام گاہ ۔ جلوے گاہ ۔ جگر گاہ (سینہ) ۔
جولہ گاہ (چرا گاہ) ۔ جیفہ گاہ (دنیا) ۔ چرخ گاہ
۔ چہار گاہ ۔ قواعد گاہ ۔ فرود گاہ ۔ کارگاہ
۔ کمین گاہ ۔ قبلہ گاہ ۔ قربان گاہ ۔ گزرگاہ
نشیمن گاہ ۔ لنگر گاہ ۔ نظر گاہ ۔
نمائش گاہ ۔ جنگاہ ۔ نزہت گاہ ۔ نوبت گاہ
۔ نشست گاہ ۔ خلوت گاہ ۔ تعلیم گاہ ۔
سندگاہ ۔ صنعت گاہ ۔ تجارت گاہ ۔
شہادت گاہ ۔ ریاضت گاہ ۔ عبرت گاہ ۔
قیامت گاہ ۔ آبشت گاہ (پاخانہ) ۔ طلسم گاہ ۔
عرصہ گاہ

گاہک: خریدار ۔ مشتری ۔ کسٹمر ۔ خواہاں ۔ طلب گار ۔ گراہک

گاہکی: خریداری ۔ اشترا ۔ بکری

گاؤں: موضع ۔ دیہ ۔ قریہ ۔ بستی ۔ آبادی ۔ گام ۔ گرام ۔ گوند ۔ چک ۔
گراں ۔ نگری ۔ کھیڑا ۔ پنڈ ۔ مقام ۔ مسکن ۔ ٹھور ۔ ٹھکانہ ۔ ٹھڈ ۔
گڑھ ۔ ٹنڈو ۔ قصبہ ۔ دیہات

گاؤں اور گاؤں ۔ ناؤں اور کا
گاؤں بستے بھوتنے ، شہر بستے بھوت
گاؤں کے گنوار ہے ۔ منہ میں خاک پیٹ میں ڈھیلے
گاؤں میں پڑی مری ۔ اپنی اپنی سب کو پڑی
گاؤں جاگے کیمیا لاگے
گاؤں تمہارا ناؤں ہمارا
گاؤں ذرا سا نام سرائے کی لڑائی
گاؤں کا جوگی جوگنا ان گاؤں کا سدھ

گائے: ۱۔ گاؤ ۔ بقرہ ۔ گئو ۔ جیرہ ۔ نوا ۔ شتم ۔ گاؤ ۔ سمر ۔ فرناخ ۔ ابتر ۔
گووں ۔ گاں
۲۔ (کنایتہً) بے زبان ۔ مسکین ۔ سادہ لوح ۔ اللہ میاں کی گائے

گائیڈ / گائڈ: راہ نما ۔ راہبر ۔ بدرقہ ۔ قائد

گائیک: گویا ۔ مغنی ۔ مطرب ۔ نغمہ گر ۔ نغمہ پرداز ۔ خنیاگر ۔ رامش گر ۔
راگی

گبر: پارسی ۔ آتش پرست ۔ زردشتی ۔ مجوسی ۔ کافر

گبرو / گبھرو: ۱۔ نوجوان ۔ نوخیز جوان ۔ امرد ۔ نوعمر
۲۔ دولھا ۔ نوشاہ

گپ: ۱۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔ گپ شپ ۔ افسانہ ۔ داستان ۔ گانا
۲۔ شیخی ۔ ڈینگ ۔ لاف ۔ لپاڑ ۔ ترارا ۔ لن ترانی ۔ تعلّی ۔ زٹہ ۔
ژٹنگ ۔ بڑ ۔ گزاف
۳۔ افواہ ۔ جھوٹی بات ۔ بے پرکی ۔ بکواس ۔ بک بک ۔ جک ۔
ہذیان ۔ دون کی لینا ۔ جھوٹ ۔ لغویات

گپت: ۱۔ پوشیدہ ۔ نہاں ۔ پنہاں ۔ مخفی ۔ خفیہ ۔ مستور ۔ مکتوم
۲۔ محفوظ ۔ مامون ۔ مصئون

گپتی: ۱۔ پوشیدگی ۔ نہانی ۔ اخفا ۔ کتمان
۲۔ حفاظت ۔ بچاؤ

گپھا: غار ۔ کھوہ ۔ خندق ۔ بجٹ ۔ کہف

گپھّا: پھندنا ۔ گچھا ۔ خوشہ

گپّی : شیخی خورہ ۔ شیخی باز ۔ ڈینگیا ۔ بکواسی ۔ بکّی ۔ لاف زن ۔
پاڑیا ۔ گپ باز ۔ لپاٹیا ۔ لپاٹی

گت : ۱۔ حرکت ۔ چال ۔ رفتار ۔ روِش ۔ خرام ۔
۲۔ حالت ۔ کیفیت ۔ دشا ۔ طرز ۔ انداز
۳۔ ڈھنگ ۔ وضع ۔ اسلوب
۴۔ خوشی ۔ مسرت ۔ مفرحت ۔ آنند ۔ سرور ۔ طرب ۔ شادمانی ۔
بہجت ۔ توشی ۔ خورسندی
۵۔ پہنچ ۔ رسائی ۔ دسترس
۶۔ اختتام ۔ خاتمہ ۔ انجام ۔ انت ۔ انتہا ۔ مآل
۷۔ ذریعہ ۔ وسیلہ ۔ واسطہ
۸۔ مکتی ۔ نجات ۔ چھٹکارا ۔ خلاصی
۹۔ تناسخ ۔ آواگون ۔ تقمیص الارواح ۔ جون چکر

گتّا : پٹھا ۔ کارڈ ۔ دفتی

گتھم گتھا : غت پٹ ۔ گھپ ۔ گتھم گتھنا ۔ جٹنا ۔ گتھنا ۔ باہم لپٹ جانا ۔
بھڑ جانا ۔ نتھی ہونا ۔ منسلک ہونا ۔ گندھنا ۔ گتھ جانا ۔ لڑ جانا ۔
دست و گریباں ۔ دھینگا مشتی ۔ گٹ پٹ ۔ بھڑنا

گتھی : ۱۔ عقدہ ۔ گرہ ۔ الجھاؤ ۔ گلجھٹی ۔ الجھیڑا ۔ گنجلک ۔ پیچ ۔ بل ۔ گتھل
۲۔ الجھن ۔ مشکل ۔ دقت ۔ مسئلہ ۔ سوال ۔ پرابلم

گٹ : ۱۔ فوج ۔ لشکر ۔ دل ۔ کٹک ۔ عسکر ۔ جند ۔ دستہ
۲۔ گروہ ۔ جماعت ۔ ہجوم ۔ ازدحام ۔ مجمع ۔ بھیڑ

گٹ پٹ : ۱۔ گتھم گتھا
۲۔ خلط ملط ۔ بے ترتیب ۔ بے نظم ۔ غیر منظم
۳۔ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۔ امڈ ۔ اٹالا

گٹّا : ۱۔ تختہ ۔ مسالہ ۔ ٹنگ ۔ کعب ۔ بند

گٹر : موری ۔ نالی ۔ بدرو ۔ پرنالہ ۔ گندا نالہ
۲۔ آہٹن ۔ چنڈلی

گٹھڑ : گانٹھ ۔ گٹھڑی ۔ بقچہ ۔ گرہ ۔ کیسہ ۔ جیب

گٹھ بندھن : عقد نکاح ۔ بیاہ ۔ ویواہ ۔ شادی ۔ ازدواج ۔ تزویج

گٹھ جوڑ : ۱۔ اتفاق ۔ اتحاد ۔ یکدلی
۲۔ سازباز ۔ سازش ۔ آنٹ سانٹ ۔ سانٹ گانٹھ

گٹھ کٹ / کترا : جیب کترا ۔ جیب تراش ۔ کیسہ بر ۔ گرہ کٹ ۔
اچکا ۔ لٹیرا

گٹھا : گٹھڑ ۔ بقچہ ۔ پشتارہ ۔ بوجھ ۔ بار ۔ منگھا ۔ بھار ۔ بوغبند ۔
کارہ ۔ بڑی گٹھڑی ۔ گٹھڑ ۔ گھاس کا بوجھ ۔ پوٹ ۔ بدرہ ۔
بنڈل ۔ پلندہ ۔ بستہ ۔ پوٹلا ۔ گڈی ۔ تھیلی ۔ ڈبا ۔ پیکٹ

گٹھاؤ : ۱۔ جوڑ ۔ میل ۔ پیوستگی ۔ اتصال ۔ وصل
۲۔ بناوٹ ۔ تعمیر
۳۔ تدبیر ۔ تجویز ۔ مشورہ ۔ صلاح
۴۔ سازباز ۔ سازش ۔ آنٹ سانٹ ۔ گٹھ جوڑ ۔ سانٹ گانٹھ

گٹھڑ : ۱۔ گٹھیلا ۔ گرہ دار
۲۔ بقچہ ۔ پشتارہ ۔ گٹھا

گٹھڑی : ۱۔ بقچی ۔ بنڈل ۔ پیکٹ ۔ پوٹلی ۔ بستہ ۔ بقچہ ۔ گٹھیا ۔ پشتارہ ۔ بوغبند
۲۔ تھیلی ۔ بدرہ ۔ ہمیانی
۳۔ میزان ۔ کل رقم
۴۔ دولت ۔ مال ۔ اسباب ۔ جائیداد ۔ اثاثہ
۵۔ شمار ۔ تعداد

گٹھل : ۱۔ گٹھلی ۔ گٹھلا ۔ بیج ۔ دانہ ۔ سنگ ۔ تخم ۔ بذر
۲۔ رشتہ ۔ ناتا ۔ تعلق
۳۔ سخت ۔ منجمد ۔ بستہ

۴۔ گومڑ۔ آماس۔ غدود
۵۔ کُند۔ کُند ذہن۔ غبی۔ کم فہم۔ کم عقل۔ بطئ الذہن

گُٹھلی : ۱۔ بیج۔ تخم۔ سنگ۔ بزر۔ گیک
۲۔ گرہ۔ گانٹھ۔ جماؤ
۳۔ سُدہ۔ اڑ۔ قبض
۴۔ غدود۔ گلٹی۔ گومڑی۔ آماس۔ گومڑا

گُٹھ جوڑ : ۱۔ اتفاق۔ اتحاد۔ میل۔ گٹھ جوڑ
۲۔ ساز باز۔ سازش۔ آنٹ سانٹ

گٹھڑی : ۱۔ گانٹھ۔ گرہ۔ پوٹلی
۲۔ پوٹلی۔ بقچی۔ بنڈل۔ پیکٹ
۳۔ گدّا۔ پالان۔ نمرد۔ گدّی
۴۔ گولا۔ گولی۔ گولہ

گٹھیا : وجع المفاصل

گجر : ۱۔ جگونی۔ گھڑیال۔ گھنٹا۔ گھنٹی۔ نوبت۔ صبح کی نوبت۔ الارم۔ زنگولہ۔ جرس۔ دردی
۲۔ صبح۔ سحر۔ سویرے۔ بھور۔ تڑکا

گجر بجنا — گجردم — گجر بجت — گجر کا وقت — گجری — گجرا — گجر بجتا

گجرا : پھول مالا۔ ہار

گجگجا : گلگلا۔ لجلجا۔ پلپلا۔ نرم۔ گیلا۔ پلپلا

گُپت : پوشیدہ۔ نہاں۔ پنہاں۔ مخفی۔ خُفیہ۔ مستور۔ مکتوم۔ بھیدی۔ رمزی

گچ : چونا۔ ریختہ۔ پلستر

گُچھا : ۱۔ خوشہ۔ بالی
۲۔ لچھا۔ گپھا۔ پھندنا
۳۔ جُھرمٹ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ مجمع

گدا : فقیر۔ بھکاری۔ منگتا۔ سائل۔ دریوزہ گر۔ گداگر

گدّا : ۱۔ گدیلا۔ بچھونا۔ توشک۔ بساط۔ پنبہ دار بستر۔ گنا۔ گبھا۔ گادیلا
۲۔ چار جامہ۔ پالان۔ گدّی
۳۔ قیاس۔ گمان۔ خیال ظن
۴۔ دھوکا۔ فریب۔ چال۔ مکر۔ خدعہ

گُدّا : ۱۔ نسا۔ شاخ گلاب
۲۔ ڈُھکا۔ ڈھول۔ دھپّا

گُداختہ : پگھلا۔ نرم۔ رقیق۔ ملائم

گُداز : ۱۔ نرم۔ ملائم۔ رقیق
۲۔ گدرا۔ موٹا۔ دبیز
۳۔ نرمی۔ ملائمت
۴۔ درد۔ دردمندی۔ احساس۔ سوز۔ اثر پذیری۔ انفعال

دل گداز — جگر گداز — جاں گداز — صبر گداز — نظر گداز — دماغ گداز — برق گداز — نمی گداز

گدام / گودام : گوداؤن۔ ذخیرہ۔ مخزن

گدائی : گداگری۔ فقیری۔ دریوزہ گری۔ بھکاری پن

گدر/ گدرا: ۱۔ نیم رس۔ نیم پختہ۔ ادھ پکا۔ ادھ کچرا۔ کچا پکا
۲۔ قریب البلوغ۔ مراہق
۳۔ موٹا۔ دبیز۔ فربہ۔ بھرا بھرا۔ تیار
۴۔ نرم۔ ملائم

گدراہٹ: ۱۔ نیم رسی۔ نیم پختگی۔ ادھ کچراپن۔ نوجوانی
۲۔ مراہقت۔ قربِ جوانی۔ آغازِ شباب
۳۔ موٹائی۔ دبازت۔ فربہی
۴۔ نرمی۔ نرماہٹ۔ ملائمت

گُدڑی: دلق۔ مُرقع۔ خرقہ۔ جُبّہ ژندہ۔ گودڑی۔ پشمینہ۔ گدڑیا

گدکا/ گتکا: سونٹا۔ ڈنڈا۔ چھڑی۔ لاٹھی۔ لٹھ۔ تُنکہ۔ سونٹی۔ اسک

گُدگُدا: ۱۔ نرم۔ ملائم۔ پلپلا
۲۔ موٹا۔ دبیز۔ فربہ

گُدگُدی/ گُدگداہٹ: ۱۔ مساس۔ چھوت۔ چھیڑ۔ گدگد۔ آنند۔ بنکال۔ خوش۔ پرستی۔ گدگدانا۔ باغ باغ۔ ہنسانا۔ مذاق کرنا۔ مدغ و دغدغہ۔ پچپچ۔ غلغلج
۲۔ جوشش۔ مستی۔ اُمنگ۔ شوق۔ ترنگ۔ لہر۔ موج

گدلا: میلا۔ گرد آلود۔ غبار آلود۔ کدر۔ غلیظ۔ گاڑھا۔ کیچڑ ملا

گدلاپن: میلاپن۔ گرد آلودی۔ غبار آلودی۔ تکدّر۔ غلاظت۔ گاڑھاپن

گِدھ/ گِد: گیدھ۔ کرگس۔ نسر۔ گرجھ۔ گِھ۔ ککراج

گدھا: ۱۔ خر۔ حمار۔ اُلاغ۔ درازگوش۔ کوتاہ دُمکی۔ خچر۔ کھر۔ اسک۔ تارک۔ ننک۔ کرشہ
۲۔ دکنا یتہً بے وقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ کم عقل۔ نافہم۔ نادان

گدھاپن: بے وقوفی۔ حُمق۔ حماقت۔ ابلہی۔ مورکھ پن۔ بیوقوفی۔ کم عقلی۔ نادانی

گدّی: ۱۔ گدیلا۔ مسند۔ سجادہ
۲۔ حکومت۔ تخت۔ اورنگ۔ سریر
۳۔ چار جامہ۔ پالان۔ نمدہ

گدی نشیں: تخت نشیں۔ اورنگ نشیں۔ مسند نشیں۔ جانشیں۔ سجادہ نشیں
گدی نشینی: تخت نشینی۔ اورنگ نشینی۔ مسند نشینی۔ جانشینی۔ سجادہ نشینی

گُدّی: قفا

گدیلا: گدا۔ توشک

گدیہ: گدائی۔ گداگری۔ بھیک۔ دریوزہ گری

گدیہ گر: گداگر۔ بھکاری۔ بھک منگا۔ منگتا۔ دریوزہ گر
گدیہ گری: گداگری۔ بھیک۔ دریوزہ گری

گڈ: ۱۔ میل۔ جول۔ اتفاق۔ اتحاد
۲۔ مجموعہ۔ مَشغا

گڈمڈ: مخلوط۔ خلط ملط۔ ملاجُلا۔ گڑبڑ۔ آمیختہ۔ گندھا۔ گُل مِل گُتھ مل۔ گول مال۔ ملا ہوا۔ مغشوش۔ الٹ پٹ۔ مدغم۔ گنڈیل۔ گپڑ چوتھ۔ کپڑ تھپڑ۔ اٹ سٹ۔ گھپلا

گڈّا: چھکڑا۔ بارکش گاڑی

گُڈّا: پُتلا۔ مجسمہ۔ بُت۔ صنم۔ کھلونا

گڈریا: چرواہا۔ چوپان۔ شبان۔ راعی۔ آجڑی

گڈّی: ۱۔ گٹھا۔ دستہ۔ بنڈل۔ پیکٹ۔ دستی۔ مجموعہ
۲۔ گاڑی۔ چھکڑا

گُڈّی: ۱۔ پتنگ۔ کنکوا۔ تُکل
۲۔ گڑیا۔ پُتلی۔ کھلونا۔ لعبت

گُر: ۱۔ اصول۔ قاعدہ۔ کلیہ۔ دستور۔ ضابطہ۔ آئین
۲۔ نکتہ۔ باریکی۔ رمز۔ خاص بات۔ گتہ۔ داؤ۔ بھید۔ راز۔
کُنجی۔ سرِ خفی۔ داؤپیچ۔ دقیق

گر: علامتِ فاعل

آہن گر ـــ بازی گر ـــ کاری گر ـــ توانگر ـــ زرگر
ـــ کمان گر ـــ تیرگر ـــ غارت گر ـــ
تلقی گر ـــ جادوگر ـــ صیقل گر ـــ رفوگر ـــ
دیگر ـــ جلوہ گر ـــ ستم گر ـــ سوداگر ـــ خوگر
شعبدہ گر ـــ افسوں گر ـــ شیشہ گر ـــ دریوزہ گر
ـــ دادگر ـــ کیمیاگر ـــ بیدادگر ـــ عشوہ گر ـــ
فتنہ گر ـــ کارگر ـــ کوزہ گر ـــ کس گر (کمہار) ـــ
نگینہ گر ـــ زرہ گر ـــ آتش گر ـــ آرزہ گر ـــ
شناگر (تیراک) ـــ افشاگر ـــ ارزہ گر ـــ
اکسیرگر ـــ برزہ گر ـــ فولادگر ـــ پیمانہ گر ـــ بزری گر
ـــ پرستش گری ـــ کاسہ گر ـــ پیوندگری ـــ
تاراج گر ـــ تمثال گر ـــ ترزگری ـــ تعیم گر ـــ
تہمت گر ـــ تصویرگر ـــ ثناگر ـــ جاش گر ـــ
چراگر ـــ چرخ گری ـــ چرگر ـــ چارہ گر ـــ دانش گر
ـــ خواہش گری ـــ داغ گر ـــ حلواگر ـــ

خجلت گری ـــ غناگر (مطرب) ـــ دیوارگر (معمار)
ـــ رامش گر ـــ روشن گر ـــ روغن گر ـــ
شیشہ گر ـــ ریاضت گری ـــ سیاست گری ـــ ریختہ گر
ـــ زرفشاں گر ـــ سفت گر ـــ سگالش گر ـــ
شفاعت گر ـــ ستاگر ـــ شیوہ گر ـــ کنہ گر ـــ
کینہ گر ـــ تہمت گر ـــ معذگر ـــ شیوہ گری ـــ
کانہ گر ـــ گزارش گر ـــ گل گر (گلکار) ـــ نعل گر
ـــ مویہ گر ـــ نقش گر ـــ نوحہ گر ـــ ذرگر ـــ
یادہ گر ـــ یاری گر ـــ بشارت گر

گراری: چرخی۔ پہیا۔ پُرزہ۔ ریل۔ چکری۔ چکلی۔ گھرّی

گرامر: قواعدِ زبان۔ صرف و نحو۔ دیاکرن۔ گرامر۔ گریمر

گرامی: بزرگ۔ معزز۔ مکرم۔ معظم۔ اعلیٰ

گرامی قدر: صاحبِ عزت۔ عظیم الشان۔ عالی شان۔ عالی قدر۔ عالی منزلت۔
رفیع الشان
گرامی نامہ: مکرمت نامہ۔ عنایت نامہ۔ نوازش نامہ۔ مکتوبِ گرامی

گراں: ۱۔ پُرحجم۔ بھاری۔ وزنی۔ ثقیل۔ بارآور
۲۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ۔ تکلیف دہ۔ ناگوارِ خاطر۔ بُرا۔ کڑوا
۳۔ سخت۔ دُرشت۔ کڑا
۴۔ مہنگا۔ قیمتی۔ بیش بہا۔ بیش قیمت۔ بہومُلک۔ انمول۔ اہم۔
عمدہ۔ بڑھیا۔ قابلِ قدر۔ قابلِ عزت۔ قابلِ وقعت
۵۔ سُست۔ کاہل۔ احدی۔ نکما
۶۔ مُشکل۔ دشوار۔ اجیرن۔ دُوبھر
۷۔ آزردہ۔ کبیدہ۔ غمگین۔ رنجیدہ

گراں بار: ۱۔ پُرحجم۔ زیرِ بار۔ وزنی۔ بھاری۔ ثقیل
۲۔ بار دار۔ ثمرور۔ ثمردار۔ باردر۔ حیال دار

۲۔ مال دار۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ متمول۔ صاحبِ ثروت۔
امیر۔ صاحبِ مال

گراں باری: ۱۔ زیر باری۔ بوجھ۔ بار۔ وزنی
۲۔ بار داری

گراں بہا: گراں قدر۔ بیش بہا۔ بیش قیمت۔ قیمتی۔ انمول

گراں پایہ: بلند مقام۔ عالی مقام۔ رفیع المنزلت۔ بلند پایہ

گراں جاں: ۱۔ سخت جاں۔ متحمل۔ صابر۔ ضابط
۲۔ زندگی بیزار
۳۔ سست۔ کاہل۔ احدی۔ آلکسی۔ آلکستی

گراں جانی: ۱۔ سخت جانی۔ تحمل۔ برداشت۔ صبر۔ ضبط
۲۔ زندگی بیزاری
۳۔ سستی۔ کاہلی۔ آلکس۔ آلکست

گراں خاطر: ۱۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ۔ دوبھر۔ اجیرن
۲۔ آزردہ۔ رنجیدہ۔ غمگین۔ ملول

گراں خواب: دیر خواب۔ غافل۔ بے خبر

گراں خوابی: دیر خوابی۔ غفلت۔ بے خبری۔ خوابِ خرگوش

گراں سر: مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ ابھیانی۔ سرکش۔ خود پرست۔
خودنگر

گراں سری: غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیان۔ سرکشی۔ خود پرستی۔ خودنگری

گراں قدر: بیش قیمت۔ بیش بہا۔ معزز۔ گرامی قدر۔ مکرم۔ باوقار۔
معظم۔ صاحبِ عظمت

گراں گوش: بہرا۔ کر۔ اصم۔ بولا۔ ڈوڈا

گراں گوشی: بہراپن۔ ثقلِ سماعت۔ صمت۔ اونچا سننا

گراں مائگی: ۱۔ بزرگی۔ عظمت۔ وقار۔ عزت۔ آبرو
۲۔ امارت۔ دولت مندی۔ ثروت مندی۔ مال داری۔ امیری۔
غنا۔ تمول

گراں مایہ: ۱۔ بزرگ۔ عظیم۔ باوقار۔ آبرودار۔ معزز
۲۔ امیر۔ دولت مند۔ ثروت مند۔ مال دار۔ متمول۔ غنی

گراں قیمت ـــ گراں سامان ـــ گراں اشیا ـــ
گراں کرایہ ـــ گراں اسباب ـــ گراں مکان ـــ
گراں لباس ـــ گرانبار ہونا ـــ گراں سینہ ـــ گراں
ـــ گراں سرشت (معزز) ـــ گراں سرین ـــ
گراں سنگ ـــ گراں کیسہ ـــ گراں گیر ـــ
گراں مایہ ـــ گراں مغز (جاہل) ـــ گراں پا ـــ
گراں پرواز ـــ گراں پشت ـــ گراں چشم ـــ گراں خو
ـــ گراں خوار ـــ گراں خیز ـــ گراں دست ـــ
گراں دود ـــ گراں رکاب ـــ گراں سایہ

گرانی: ۱۔ بوجھ۔ ثقل۔ وزن۔ بار۔ بھار
۲۔ ناگواری۔ ناپسندیدگی
۳۔ قبض۔ بدہضمی۔ سوئے ہضم
۴۔ سختی۔ درشتی۔ کڑاپن
۵۔ مہنگائی
۶۔ دشواری۔ دقت۔ مشکل
۷۔ سستی۔ کاہلی۔ آلکس۔ آلکست

گربہ: بلی۔ ہرّہ۔ ہریرہ۔ سنور۔ بلائی۔ مانو۔ پوسی

گربھ: ۱۔ رحم۔ بچہ دان۔ زہ دان
۲۔ حمل۔ امید۔ آس۔ پیٹ۔ بار۔ جنین۔ پاؤں بھاری
۳۔ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیان۔ عجب

گرج: کڑک۔ دھمک۔ دھاڑ۔ چنگھاڑ۔ چیخ۔ کڑاکا۔ گڑگڑاہٹ۔ دہاڑ۔
تھنڈر۔ زور کی آواز۔ شرزہ کی آواز۔ مہیب آواز۔ دہاڑ۔
گونج۔ غراہٹ

گرجا: کلیسا۔ صومعہ۔ بیعہ۔ نصاریٰ کا عبادت خانہ۔ کنشت۔ گرجا گھر
چرچ۔ گرندسا

گرد: ۱۔ دھول۔ غبار۔ خاک۔ مٹی۔ کدورت۔ میل۔ تراب
۲۔ ناچیز۔ ہیچ۔ بے حقیقت۔ بے وقعت

گردآلود: غبارآلود ۔ خاک آلود ۔ مکدر ۔ میلا
گرد باد: آندھی ۔ جھکڑ ۔ غبارآلود ہوا ۔ بگولا
گرد پوش: پوششِ کتاب ۔ ڈسٹ کور ۔ جیکٹ

جہاں گرد ــ آوارہ گرد ــ حمام باد گرد ــ تیز گرد ــ
کوچہ گرد ــ تیز گردی ــ ہرزہ گردی ــ
بادشاہ گردی ــ انحراف گردی ــ نادر گردی
ــ پٹھان گردی ــ بادیہ گردی ــ بُستان گرد ــ
دُنبالہ گرد

گرد: ۱۔ ادھر اُدھر ۔ آس پاس ۔ نواح ۔ ماحول ۔ قرب وجوار ۔
چاروں طرف ۔ چوگرد
۲۔ حلقہ ۔ گھیرا ۔ چکر ۔ دَور ۔ دائرہ ۔ طواف
۳۔ گول ۔ مدوّر ۔ حلقہ دار

گرد آور: دورہ کنندہ ۔ گشت کنندہ ۔ نگران ۔ نگہبان ۔ نگہدار ۔ فانوگو
گرد آوری: دورہ ۔ گشت ۔ نگرانی ۔ نگہبانی ۔ نگہداشت ۔ نگہداری
گرداب: بھنور ۔ ورطہ ۔ گھمن گھیری
گرد و پیش / نواح: ۱۔ گرد ۔ آس پاس ۔ اِدھر اُدھر ۔ ماحول ۔
قرب وجوار ۔ اڑوس پڑوس

گرد گُھما ــ گرد نامہ ــ گرد بالش ــ گرد بُر
ــ گرد بازو ــ گرد بالیں ــ گرد پائے ــ
گرد مُشت ــ گرد نائے دلتو

گرداں: دوّار ۔ دائر ۔ گھماؤ ۔ پھراؤ ۔ پھرنے والا ۔ گھومنے والا ۔
چکر کاٹنے والا ۔ چکر کھانے والا ۔ چکر ڈنڈ ۔ چکرم ۔ گردش
کنندہ

چرخِ گرداں ــ گردوں گرداں ــ رو گرداں ــ سرگرداں
ــ دست گرداں ــ بلا گرداں ــ رو گردانی

تیر گردانی ــ دولاب گردانی ــ شانہ گردانی ــ
شیشہ گرداں ــ کاسہ گرداں (گدا)

گردش: ۱۔ چکر ۔ دور ۔ دورہ ۔ پھیر ۔ گشت ۔ پھیرا ۔ آوارگی ۔ حرکت ۔
گھماؤ
۲۔ انقلاب ۔ تغیر
۳۔ ادبار ۔ بداقبالی ۔ بدنصیبی ۔ بدقسمتی ۔ بدبختی
۴۔ مصیبت ۔ بپتا ۔ آفت ۔ سختی ۔ کشٹ ۔ سنکٹ ۔ کھکیڑ

گردشِ روزگار ــ گردشِ دوراں ــ گردشِ بخت
ــ گردش زدہ ــ گردشِ آسماں ــ
گردشِ زمین ــ گردشِ لیل و نہار ــ گردشِ فلک
ــ گردشِ چرخ ــ گردشِ ایام ــ گردشِ چشم

گردن: گلا ۔ گلو ۔ عُنق ۔ ناڑی ۔ ناڑ ۔ نیک ۔ گچی ۔ نائے ۔ ہار ۔ گرہال ۔
کرونغا ۔ سٹ ۔ جید ۔ گدی ۔ گل

گردن فراز / کش: ۱۔ سرکش ۔ باغی ۔ متمرد
۲۔ مغرور ۔ متکبر ۔ گھمنڈی ۔ ابھیمانی
گردن فرازی / کشی: ۱۔ سرکشی ۔ بغاوت ۔ تمرد
۲۔ تکبر ۔ کبر ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ ابھیمان ۔ عُجب ۔ نخوت

گردن زدنی ــ گردنِ نرم ــ گردنِ زلف کش
ــ تیغ بہ گردن ــ طوقِ گردن ــ گردن آزاد ــ
گردن نہادہ ــ خمِ گردن ــ گردن تاب ــ گردنِ تر
ــ گردنِ بغاوت ــ خون بہ گردن ــ زلف بہ
گردن ــ گردنِ درویش ــ گردن بریدہ ــ
گردنِ سخت

گردوں: ۱۔ چرخ ۔ آسمان ۔ سما ۔ فلک ۔ آکاش ۔ گگن ۔ سپہر
۲۔ بہلی ۔ رتھ ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔ عرابہ

گِردہ: ۱۔ گُرس۔ ٹکیا۔ گول
۲۔ احاطہ۔ گھیرا۔ چکر۔ دور۔ محیط۔ دائرہ

گُردہ: ۱۔ کلیہ۔ کلی
۲۔ جرأت۔ حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری

گُرز: ہتھیار۔ گدا۔ گوپال۔ عمودِ آہنیں۔ چماقِ آہنیں۔ افزار

گرزِ گاؤسر — گرزِ مغزکوب — گرزِ البرز شکن
— گرزِ زشت رو — گرزِ گراں سنگ

گُرسنگی: بھوک۔ جوع۔ اشتہا۔ فاقہ

گُرسنہ: بھوکا۔ فاقہ زدہ

گُرسنہ چشم: ۱۔ بخیل۔ کنجوس۔ ممسک۔ جزرس۔ خسیس
۲۔ حریص۔ طامع۔ طماع۔ لالچی۔ لوبھی۔ ندیدہ۔ کمینہ
۳۔ فاقہ زدہ۔ قحط زدہ
۴۔ فقیر۔ گدا۔ گدیہ گر۔ بھکاری۔ منگتا۔ بھک منگا۔ دریوزہ گر

گِرفت: ۱۔ پکڑ۔ قبضہ۔ بندش۔ تسلط۔ قابو۔ تصرف
۲۔ اعتراض۔ نکتہ چینی۔ حرف گیری
۳۔ مزاحمت۔ روک۔ ٹوک۔ مخالفت
۴۔ بازپرس۔ مواخذہ
۵۔ دستہ۔ ہتھا۔ موٹھ۔ قبضہ۔ ہینڈل

گِرفتار: ۱۔ پابند۔ اسیر۔ قیدی۔ نظربند۔ ماخوذ
۲۔ عاشق۔ پریمی۔ شیدا۔ والہ۔ مبتلا

گِرفتاری: ۱۔ پابندی۔ اسیری۔ اسارت۔ قید۔ نظربندی۔ مواخذہ۔ پکڑ
۲۔ الجھاؤ۔ پھنساؤ۔ جنجال

گِرفتگی: ۱۔ پکڑ۔ مواخذہ۔ بازپرس
۲۔ اکتاہٹ۔ رُکاوٹ۔ بھاری پن۔ گرانی
۳۔ انقباض۔ بندش۔ تنگی
۴۔ رنج۔ ملال۔ افسردگی۔ اضمحلال۔ اداسی

گِرفتہ: ماخوذ۔ گرفتار۔ اسیر۔ قیدی

گرفتہ خاطر/دل: رنجیدہ خاطر۔ ملول۔ ناخوش۔ فسردہ۔ غمیں۔
محزون۔ حزیں۔ مضمحل۔ اداس

گُرگ: بھیڑیا۔ ذِئب۔ بگھیاڑ

گرگ آشتی: جھوٹی صلح۔ ظاہری صلح۔ امنِ کاذب
گرگ آشنائی: ظاہری دوستی۔ منافقت۔ کھوٹ۔ کپٹ
گرگِ باراں دیدہ: خرانٹ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ سرد و گرم چشیدہ
گرگا
گرگِ بغل: مارِ آستین۔ پوشیدہ دشمن۔ منافق۔ بغلی دشمن۔ [illegible]
گرگ زادہ: شریر زادہ۔ ابنِ شیطان
گرگِ کہن: خرانٹ۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ عیار۔ مکار۔ [illegible]۔
فریبی

گُرگا: ۱۔ شاگرد۔ چیلا۔ مُرید
۲۔ خدمت گار۔ خادم۔ ٹہلوا۔ نوکر۔ چاکر
۳۔ کمینہ۔ سفلہ۔ بدذات۔ [illegible]۔ بدنیت۔ [illegible]

گِرگٹ: حرباء۔ [illegible]۔ بوقلموں۔ آفتاب پرست۔ [illegible]

گَرم: ۱۔ تتا۔ سوزاں۔ محرق۔ [illegible]
دہکتا ہوا۔ آگ سے سرخ۔ تافتہ۔ [illegible]
۲۔ تند۔ تیز۔ سبک۔ سریع
۳۔ سرگرم۔ مستعد۔ [illegible]۔ مشغول۔ مصروف

۴۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ۔ سخت۔ ناملائم
۵۔ خفا۔ ناراض۔ رنجیدہ۔ آزردہ
۶۔ شوخ۔ شریر۔ چنچل۔ چنچل۔ طرار
۷۔ بارونق۔ پُر رونق
۸۔ سخت۔ لال۔ بھبوکا
۹۔ فائق۔ برتر۔ افضل۔ غالب
۱۰۔ پُرزور۔ پُراثر۔ پُرتاثیر۔ پُرمضمون

گرم اختلاط: گہرا دوست۔ قریبی دوست۔ بے تکلف۔ ضدمعہ

گرم اختلاطی: گہری دوستی۔ بے تکلفی۔ قرب۔ ربط و ضبط۔ اختلاط باہمی

گرم بازاری: مانگ۔ رونق۔ گاہکی۔ کثرت خرید و فروخت

گرم جوشی: سرگرمی۔ ذوق و شوق۔ تپاک

گرم خبر: عام خبر۔ افواہ۔ چرچا۔ دھوم

گرم خو/مزاج: تندخو۔ غضب ناک۔ تیز مزاج۔ گرم دماغ۔ مغرور۔ غصیلا

گرم خیز: تیز رو۔ تیز قدم۔ سرگرم۔ چالاک

گرم رو: تیز رو۔ تیز رفتار۔ سبک رفتار۔ سرگرم۔ مستعد

گرم روی: تیز روی۔ تیز رفتاری۔ سبک رفتاری۔ سرگرمی۔ مستعدی

گرم و سرد: ۱۔ سیاہ سپید۔ حار و بارد
۲۔ نیم گرم۔ شیر گرم
۳۔ برا بھلا۔ نیک و بد۔ رنج و راحت۔ حوادث زمانہ

گرم و سرد زمانہ چشیدہ: تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ خرانٹ

گرم جوش ـ گرم سیر ـ گرم مزاجی ـ گرم خون
ـ گرم معاملہ ـ گرم دل (عاشق) ـ گرم کیس
ـ گرم دماغی ـ گرم نگاہ

گرما گرم: ۱۔ بہت گرم۔ جلتا بلتا
۲۔ تازہ بتازہ۔ نو بہ نو
۳۔ پُرجوش۔ پُراثر۔ ولولہ انگیز
۴۔ رقت خیز۔ رقت انگیز

۵۔ شوخ و شنگ۔ چنچل۔ البیلا۔ چنچل۔ طرار
۶۔ لطیفہ گو۔ بذلہ سنج۔ ظریف۔ چرب زبان
۷۔ برجستہ۔ تڑاق پڑاق۔ ترت۔ بلاتصنع

گرما گرمی: جوش۔ ولولہ۔ شوخی۔ تیزی۔ طراری۔ چنچل پن۔ چلبلاہٹ

گرمی: ۱۔ حرارت۔ تپش۔ حدت۔ سیک۔ حبس۔ لُو
۲۔ جلن۔ سوزش۔ آگ۔ آتش۔ تمازت۔ التہاب
۳۔ گرما۔ تابستان۔ صیف۔ تاوستان۔ اونڈے
۴۔ گرم جوشی۔ تپاک۔ سرگرمی۔ اختلاط۔ سوز۔ تڑپ
۵۔ شوخی۔ طراری۔ اچپلاہٹ۔ چلبلاہٹ۔ چنچل پن
۶۔ تیزی۔ تندی
۷۔ غصہ۔ ناراضگی۔ خفگی۔ تیہا۔ کرودھ۔ غضب۔ خشم۔ غیظ۔ طیش
۸۔ شہوت۔ مستی۔ خواہش نفسانی
۹۔ شباب۔ جوانی۔ امنگ۔ ترنگ
۱۰۔ ولولہ۔ جوش
۱۱۔ محبت۔ الفت۔ عشق۔ چاہ۔ پریم۔ پریت
۱۲۔ پسینہ۔ پسیو۔ عرق

گرمی بازار: ۱۔ رونق بازار۔ خرید و فروخت۔ گاہکی
۲۔ شہرت۔ دھوم۔ چرچا۔ نام وری۔ شہرہ۔ قدر و منزلت۔ عزت و آبرو

گرمی موسم ـ گرمی غذا ـ گرمی خیال ـ گرمی پندار
ـ گرمی زور ـ گرمی دولت ـ گرمی منصب ـ
گرمی بادہ ـ گرمی ارادہ ـ گرمی محفل ـ گرمی ہنگامہ
ـ گرمی خورشید ـ گرمی بزم ـ گرمی سفر

گرو: ۱۔ رہن۔ گروی۔ گہنے۔ بندھک۔ جاکڑ۔ دھروڑ
۲۔ مقید۔ قیدی۔ گرفتار۔ مبتلا
۳۔ شرط بازی۔ داؤں

گُرد/گُورُو: ۱۔ استاد۔ معلّم۔ پیر۔ مُرشد۔ ہادی۔ پیشوا۔ راہبر
۲۔ مشّاق۔ ماہر۔ ہنرمند۔ ہنرور
۳۔ دانا۔ دانش مند۔ عقل مند۔ عالم۔ عاقل۔ عقیل
۴۔ رِشی۔ مُنی۔ بزرگ۔ ولی
۵۔ ہوشیار۔ چالاک۔ گھاگ۔ خرانٹ۔ کائیاں
۶۔ شریر۔ شرارتی۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرور۔ فتنہ پرداز۔ مُفسِد
۷۔ اعلیٰ۔ عمدہ۔ نفیس۔ بہترین۔ خوب ترین
۸۔ معزز۔ محترم۔ عزت دار۔ آبرو دار۔ ذی وقار۔ ذی شان

گرُوپ: ۱۔ جماعت۔ گروہ۔ حلقہ۔ منڈلی۔ ٹولی۔ ٹولا۔ مجموعہ
۲۔ مجموعی۔ اجتماعی

گروہ: ۱۔ جماعت۔ منڈلی۔ ٹولی۔ ٹولا۔ طائفہ۔ جتھا۔ ہجوم۔ اجتماع۔ جرگہ۔ پارٹی۔ انبوہ۔ مجموعہ۔ ٹول۔ گینگ۔ جوق
۲۔ فرقہ۔ قسم۔ نوع۔ ذات۔ زمرہ۔ دھڑا۔ گروپ۔ خیل
۳۔ جھنڈ۔ غول۔ پرا۔ ڈار۔ ٹکڑی۔ گلہ۔ ریوڑ۔ مجمع۔ جمگھٹا۔ بھیڑ بھاڑ
۴۔ دستہ۔ جند۔ لشکر۔ فوج۔ دَل

گروہ بندی: فرقہ بندی۔ جماعت بندی۔ جتھا بندی۔ دھڑا بندی

گِردی: گرو۔ رہن۔ بندھک۔ گہنے۔ جاکڑ۔ دھروٹ

گرویدگی: رغبت۔ میل۔ میلان۔ رجحان۔ فریفتگی۔ شیفتگی

گرویدہ: راغب۔ مائل۔ فریفتہ۔ شیفتہ۔ شیدا۔ عاشق

گِرہ: ۱۔ گانٹھ۔ عقد۔ گٹھ۔ گنڈ
۲۔ جیب۔ کیسہ۔ پاکٹ۔ ہمیانی۔ بٹوا۔ گٹھڑی۔ بقچہ
۳۔ جوڑ۔ بند۔ مفصل
۴۔ جڑ۔ اصل۔ بیخ

۵۔ رنج۔ رنجش۔ کدورت۔ اَن بن۔ ناراضگی
۶۔ مُندرہ۔ آڑ۔ قبض
۷۔ گُلّی۔ گومڑ۔ گومڑی۔ گومڑا

گرہ بُر: کیسہ بُر۔ جیب کترا۔ گنٹھ کترا۔ لٹیرا۔ اُچکّا
گرہ پیشانی: سرگرجبیں۔ چیں بہ جبیں۔ بد دماغ۔ بد مزاج
گرہ دار: ۱۔ گٹھیلا۔ معقد
۲۔ پیچیدہ۔ دشوار۔ مشکل
گرہ کُشا: عقدہ کشا۔ مشکل کُشا۔ حلّالِ مشکل
گرہ کشائی: عقدہ کشائی۔ مشکل کشائی۔ حلِ مشکل
گرہ گیر: پیچیدہ۔ پیچاں۔ پُرپیچ۔ پیچدار۔ بل دار

گِرہست: عیال داری۔ تبیل داری۔ خانہ داری۔ دنیا داری۔ خانگی۔ تاہّل۔ گھرداری۔ گھربار

گرہستن: ۱۔ گھروالی۔ بیوی۔ پتنی۔ زوجہ۔ منکوحہ۔ اہلیہ۔ جورو۔ گھروالی
۲۔ سگھڑ۔ سلیقہ مند۔ سلیقہ شعار۔ باسلیقہ۔ سُشیل

گرہستی: دنیادار۔ عیال دار۔ تبیل دار۔ متاہل۔ گھروالا۔ کدخدا

گرہن: گہن۔ خسوف۔ کسوف۔ انگ کار۔ سورگ کار۔ راہو

گِری: ۱۔ مغز۔ بیجا۔ گودا۔ گُٹھلی۔ سار۔ تخم۔ بیج
۲۔ کھوپرا۔ ناریل۔ نارجیل

گری (گیری): بنانا۔ ڈھالنا۔ نقش کرنا

آدم گری ــ باورچی گری ــ آیا گری ــ بخشی گری ــ
تلی گری ــ ماماگری ــ پیچی گری ــ [illegible] ــ
دایہ گری ــ دائی گیری ــ سپاہ گری ــ [illegible] ــ
گماشتہ گری ــ منشی گری ــ [illegible] ــ

بانی گری ـــ ثانی گری ـــ پیوستہ گری

گریاں: روتا۔ بسورتا۔ آبدیدہ۔ نالاں۔ اشک ریز۔ اشک فشاں

گریباں: جیب۔ کنٹھی۔ گلا۔ کنٹھی۔ بگی۔ گل۔ کالر۔ جربان۔ کنٹھ۔ قلاب۔ تلبیب۔ الف گریباں۔ چاچلہ۔ چاموش۔ چناک۔ چم چم۔ جموس۔ سندلہ۔ وشمک۔ گری وان۔ تورشہ۔ گریوا

گریباں گیر: مقابل۔ مزاحم۔ مانع۔ مدعی

گریباں دریدہ ـــ گریباں دری ـــ مرگ گریباں

گریڈ: درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ۔ مقام

گریز: ۱۔ فرار۔ بھگدڑ
۲۔ پرہیز۔ اجتناب۔ احتراز۔ علیحدگی

گریز پا: ۱۔ بھگوڑا۔ مفرور۔ فراری
۲۔ بے ثبات۔ ناپائیدار۔ عارضی۔ غیر مستحکم۔ بے بقا
۳۔ وحشت زدہ۔ رم خوردہ۔ رمیدہ

گریزاں: ۱۔ بھگوڑا۔ مفرور۔ فراری۔ گریزندہ
۲۔ متنفر۔ نفور۔ مجتنب۔ محترز

گریہ: رونا۔ بینا۔ آہ و زاری۔ ندبہ۔ رقت۔ اشک ریزی۔ زنجہ۔ خرنہ۔ نیوہ۔ باز۔ اشک فشانی۔ اشک باری

گریۂ غم ـــ گریۂ خوت ـــ گریۂ مسرت ـــ گریۂ مرگ ـــ گریۂ ناکامی ـــ گریۂ مجلس

گڑ: ۱۔ قند سیاہ۔ ستاس۔ شیر۔ بند۔ قندہ۔ نوام۔ شیرہ
۲۔ میٹھا۔ شیریں

گڑا: ۱۔ دبا۔ مدفون
۲۔ پُوا۔ ڈھیر۔ انبار۔ کھیان۔ خرمن

گڑبڑ: ۱۔ جھمیلا۔ بکھیڑا۔ خرخشہ۔ خمصہ
۲۔ افراتفری۔ کھبل۔ بے انتظامی۔ انتشار۔ بدنظمی
۳۔ پریشانی۔ ابتری۔ پراگندگی۔ بے ترتیبی

گڑگڑاہٹ: گرج۔ کڑک۔ دھمک۔ رمد

گڑگڑاہٹ: عاجزی۔ منت سماجت۔ سنزاری۔ التجا۔ خوشامد۔ مِن مِن

گڑھ: قلعہ۔ حصار۔ کوٹ۔ حصن۔ دمدمہ

گڑھا: ۱۔ کھڈ۔ گھاٹی۔ خندق۔ کھوہ۔ غار۔ بھٹ۔ تعر۔ شگاف۔ جُبّہ۔ جوف۔ کھائی۔ گڈھا۔ کھوہ
۲۔ قبر۔ گور۔ لحد

گڑھنت: بناوٹ۔ ساخت۔ شکل۔ صورت

گڑیا: ۱۔ پتلی۔ مورتی۔ مورت۔ لعبت۔ کھلونا
۲۔ لڑکی۔ بچی۔ بیٹی

گز: ۱۔ مدرد۔ یارڈ۔ اینچ ٹیپ۔ پیمانہ
۲۔ سلاخ۔ تیر بے پیکاں

گزار: (امرِ گزاردن = ادا کرنا)

نہمۂ گزار ـــ گوش گزار ـــ کارگزار ـــ گلہ گزار ـــ شکر گزاری ـــ خراج گزار ـــ باج گزار ـــ

اطاعت گزار ـــ خدمت گزار ـــ حق گزار ـــ نماز گزار ـــ بادگزار ـــ پاۓ گزار ـــ تیغ گزار (سپاہی) ـــ تیغ جوشن گزار ـــ خامہ گزار ـــ دست گزار ـــ رہ گزار ـــ تیر سنداں گزار

گزارش : درخواست ـ التجا ـ التماس ـ استدعا ـ بنتی ـ بیان ـ عرضداشت

گزارہ : ۱۔ راہ ـ راستہ ـ طریق
۲۔ نباہ ـ نبھاؤ ـ گزران ـ گزر
۳۔ بسر اوقات ـ وجہ معاش ـ حیثیت

گزر : ۱۔ پہنچ ـ رسائی
۲۔ آمد و رفت
۳۔ نباہ ـ نبھاؤ ـ گزران ـ گزارہ
۴۔ چارہ ـ تدبیر ـ علاج ـ آپائے
۵۔ بسر اوقات ـ گزر بسر

گزرگاہ : راستہ ـ راہ ـ شارع ـ ڈگر ـ بٹیا ـ جادہ
گزرگاہِ عام : شارع عام ـ عام راستہ
گزرنامہ : پروانۂ راہداری ـ سندِ راہداری

گزشتہ : گزرا ـ رفتہ ـ پچھلا ـ سابقہ ـ ماضی

گزک : نُقل ـ گجک ـ ریش ـ بدرقہ ـ چاکنا ـ چاٹ

گزند : ۱۔ صدمہ ـ چوٹ ـ ضرب
۲۔ ضرر ـ نقصان ـ زیاں ـ خسارہ ـ ٹوٹا
۳۔ رنج ـ تکلیف ـ دکھ ـ اذیت
۴۔ نظرِ بد ـ چشم زخم

گزیں : (امرِ گزیدن ـ چُننا ـ انتخاب کرنا)

عزلت گزیں ـــ خلوت گزیں ـــ گوشہ گزیں ـــ آرام گزیں ـــ بدگزیں ـــ دست گزیں ـــ رامش گزیں ـــ سرگزیں ـــ راحت گزیں ـــ عیش گزیں ـــ طاعت گزیں

گستاخ : ۱۔ شوخ ـ شریر ـ بے باک ـ بے دھڑک ـ چالاک ـ جری
۲۔ بے ادب ـ غیر مؤدب ـ غیر مہذب ـ بد تہذیب ـ بستاخ ـ ڈھیٹ ـ بے مروّت ـ بے شرم ـ بد لحاظ ـ ناشائستہ ـ بدتمیز ـ بداخلاق ـ منہ پھٹ ـ دریدہ دہن ـ ناتراشیدہ ـ بے تحاشا ـ بے حیا ـ اکھڑ ـ ڈھیٹ ـ خیرہ چشم

گستاخ دست ـــ گستاخ چشم ـــ گستاخ زباں

گستاخی : ۱۔ شوخی ـ شرارت ـ بے باکی
۲۔ بے ادبی ـ بدتہذیبی ـ بے مروّتی ـ بے شرمی ـ بد لحاظی ـ بدتمیزی ـ ناشائستگی ـ بداخلاقی ـ دریدہ دہنی

گستر : (امرِ گستردن ـ بچھانا ـ پھیلانا)

عدل گستر ـــ معدلت گستر ـــ ضیا گستر ـــ فیض گستر ـــ انصاف گستری ـــ ثنا گستر ـــ جفا گستر ـــ دادگستر ـــ شکایت گستر (گلہ مند) ـــ نعمت گستر ـــ خواں گستری

گشت : پھیرا ـ چکر ـ دورہ ـ راؤنڈ ـ سیر ـ راؤنڈ

گشتی چوکی ـــ گشتی پروانہ ـــ گل گشت ـــ بازگشت ـــ مرگشت ـــ شب گشتی ـــ روزنہ گشتی ـــ شہر گشت ـــ کوہ گشتی ۔

گف / غف : موٹا ـ گاڑھا ـ گھنا ـ دبیز

گفت وشنید : کہا سنا۔ کہی سنی۔ کہا سنی۔ بات چیت۔ مباحثہ۔
بحث بحثی۔ مبادلۂ خیالات۔ گفتگو۔ قیل وقال

گفتار : گفتگو۔ بول چال۔ تقریر۔ سخن۔ بات چیت۔ بات۔ گویائی۔
تکلم۔ نطق۔ بچن۔ قول۔ مقولہ۔ بول۔ بانی۔ کلام۔ ذکر اذکار۔
قیل وقال۔ وعظ۔ اُپدیش۔ کہنا سننا

تلخ گفتار ــ نرم گفتار ــ گرم گفتار ــ
شیریں گفتار ــ گفتار بندی

گفتگو : بول چال۔ بات چیت۔ بیان۔ تقریر۔ مکالمہ۔ ذکر اذکار۔
تذکرہ

گگری : گاگری۔ تہری۔ گڈوی۔ گھڑیا۔ گھڑی۔ ٹوکنی۔ دلوٹی۔ جراحی

گِل : مٹی۔ خاک۔ تراب۔ گارا۔ کیچڑ

گُل : ۱۔ پھول۔ زہرہ۔ پشپ۔ پُہپ
۲۔ نشان۔ داغ
۳۔ انگارا۔ اخگر۔ چنگاری۔ سوختہ تنباکو

گُل افشاں : ۱۔ گل بار
۲۔ خوش گفتار۔ خوش گو۔ خوش مقال۔ خوش بیاں
گُل افشانی : ۱۔ گل باری
۲۔ خوش گفتاری۔ خوش گوئی۔ خوش مقالی۔ خوش بیانی۔
خوش کلامی۔ پھول جھڑنا
گُل اندام : گل بدن۔ نازک اندام۔ نازک بدن۔ خوب صورت۔ حسین۔
جمیل۔ خوش اندام
گُل بانگ : ۱۔ چہچہہ۔ نغمہ سرائی۔ دھوم دھام
۲۔ نعرۂ جنگ
۳۔ خوش خبری۔ خوش الحانی
۴۔ افواہ
گُل بدن : گل اندام۔ نازک اندام۔ نازک بدن۔ خوش اندام۔ حسین۔
جمیل۔ خوب صورت
گُل دار : داغدار۔ چتکبرا۔ چتلا
گُل زار : گلشن۔ گلستاں۔ پھلواری۔ چمن۔ بوستاں
گُلستاں / گلشن : گلزار۔ پھلواری۔ چمن۔ بوستاں
گُل عذار : گل چہرہ۔ گلرخ۔ گل رو۔ پھول سا چہرہ
گُل فام : گل رنگ۔ خوش رنگ۔ خوش فام۔ گل گوں۔ حسین۔ جمیل۔
خوبصورت
گُل کدہ : گلستاں۔ گلشن۔ گلزار۔ چمن۔ پھلواری۔ بوستان۔
بستان۔ باغ
گُل گونہ : غازہ۔ سُرخی۔ اُبٹن۔ اُبٹنا۔ بٹنا
گُل مہتاب : گل چاندنی۔ گل شب افروز۔ گل شبو۔ رات کی رانی
گُل و بلبل : (کنایتہً) معشوق و عاشق۔ محبوب و محب

گل پیرہن ــ گل جھڑی ــ گل چشم ــ گل خنداں
ــ گل خطمی ــ گل آفتاب ــ گل نرگس ــ گل شب بو
ــ گل گلاب ــ گل رعنا ــ گل برگ ــ گل دان
ــ گل پاشی ــ گل اشرفی ــ گل اورنگ
ــ گل بکاؤلی ــ گل بوٹا ــ گلبیر ــ گل بےگانہ
ــ گل پلاس ــ گل پرستش ــ گل کھلنا ــ
گل پیادہ ــ گل تر ــ گل احمر ــ گل شاہ بوستاں ــ
گل سرخ ــ گلدستہ ــ گل فروش ــ گل خوبی
پیرہن ــ گل بہار دردست ــ ساغر گل ــ جام گل ــ
شمع گل ــ گل سرا ــ گل تازہ ــ غنچۂ گل ــ گل نسریں
ــ شاہ گل ــ تخت گل ــ تختۂ گل ــ شاخ گل ــ
گل سایہ پرورد ــ درخت گل ــ گل رسیل باب
ــ گل کو چاک کردہ ــ گل شاداب ــ گل سیراب ــ
گل ساغر کیف ــ گل گوشوارہ ــ گل استبرق حریر ــ
گل بانو ــ گل دیدہ باز ــ گل نیاز ــ گل عہد شکن
ــ گل شب چراغ ــ رگ گل ــ زینۂ گل ــ

گلِ طنّاز ـ گل واکردہ ـ گل پسندیدہ ـ گل بن ـ
گل دلکش ـ گل زرد ـ گل عنبر سرشت ـ صد گل
ـ گل بہارستان ـ فصلِ گل ـ موسمِ گل ـ
گل فسردہ ـ گل افسردہ ـ گل خزاں رسیدہ ـ گل
در دست ـ گل دردی ـ گل نودمیدہ ـ گل شبنم زدہ
ـ نافہ گل ـ ورقِ گل ـ گل پا در رکاب ـ
گل چند روزہ ـ گل مستعار ـ گل عارضی ـ گل بیکار
ـ گل ناپائدار ـ گل باآب وتاب ـ گل پارہ پارہ
ـ خون گل ـ گل خوں ناک ـ گل بے خار ـ
گل ربیعی ـ گل معطر ـ گل پیشِ بہار ـ گل در رہگزرِ گل
ـ گل خوں کاشتہ ـ گل نو رسیدہ ـ گل نرم خو
ـ گل خونیں کفن ـ گل تنگ بہار ـ گل ہرزہ درا
ـ گل بیرنگ و بو ـ گل چراغ ـ گلِ شمع ـ
گل مشتعل ـ گل سپر انداز ـ گل سپر گل ـ گل آغوش
بسلہ ـ گل آتش رنگ ـ گل انوار

گلا : ۱۔ گردن ـ گلو ـ حلق ـ حلقوم ـ حنجرہ ـ کنٹھ ـ گل
۲۔ گریبان ـ کنٹھی
۳۔ آواز ـ سُر ـ لحن

گلاب : ۱۔ گلِ سُرخ ـ وَرد ـ عناب ـ روز ـ گل احمر ـ خرجمہ
۲۔ عرقِ گل ـ ماء الورد

گلابی : ۱۔ پیازی ـ گل رنگ ـ گل گوں ـ گل فام ـ سُرخی مائل ـ ہلکا
۲۔ جامِ شراب ـ گلاس ـ بوتل ـ پیمانہ

گلپھڑ : گلٹی ـ گلٹی ـ کنپیڑ ـ بالا دوکن ـ غدہ ـ غدود ـ گانٹھ ـ گرہ ـ
خناق ـ دنبل ـ ڈفتیریا

گلتی : گانٹھ ـ گرہ ـ رسولی ـ گومڑ ـ غدود ـ گومڑا

گلِ قند : گل شکر ـ جنجبیں

گل کاری : نقاشی ـ نقش و نگار ـ بیل بوٹے ـ کشیدہ کاری ـ گلبوٹے

گلگلا : لجلجا ـ نرم ـ گیلا ـ تر ـ نم ـ ملائم

گلگلاہٹ : لجلجا پن ـ نرمی ـ ملائمت ـ تری ـ نمی

گلو : گلا ـ حلق ـ حلقوم ـ حنجرہ ـ گردن

گلو بستہ : خاموش ـ ساکت ـ چپ
گلو بند : رومال ـ پٹکا ـ مفلر
گلو سوز : ۱۔ میٹھا ـ شیریں ـ پُر حلاوت
۲۔ خوش نما ـ خوش آئند ـ خوب ـ عمدہ
گلو کار : گویّا ـ گائیک ـ مغنی ـ مطرب ـ خنیاگر ـ نوا پیرا ـ ...
نغمہ پرداز ـ رامش گر ـ فانکار ـ نغمہ گر
گلو گیر : ۱۔ دعویٰ دار ـ دامن گیر ـ پرساں
۲۔ لالچی ـ طامع ـ حریص ـ لوبھی

گلوب : ۱۔ گول ـ مدوّر ـ گولا ـ کرہ
۲۔ کرۂ ارض ـ رخشۂ زمین

گلّہ : جھنڈ ـ ہتا ـ بکری ـ ریوڑ ـ غول ـ گروہ ـ ڈار ـ ...

گلّہ بان : چرواہا ـ گڈریا ـ ... ـ ...
گلّہ بانی : چرواہا پن ـ گڈریاپن ـ ... ـ ...

گِلہ : شکوہ ـ شکایت ـ ...

گِلہ گزار : شکوہ گزار ـ شکایت کنندہ ـ گلہ مند ـ ...
گِلہ گزاری : شکوہ گزاری ـ گلہ مندی ـ شکایت ـ ...

گُنا : گونہ ۔ چند ۔ بار ۔ مرتبہ ۔ دفعہ

گُناہ : ۱۔ معصیت ۔ عصیاں ۔ پاپ ۔ اپرادھ ۔ کارِ بد ۔ اثم ۔ اوگن ۔
جُرم و ذنب ۔ جنایہ ۔ حنث ۔ جریرہ ۔ گناس ۔ بدی ۔ برائی ۔
تردامنی ۔ آلودگی
۲۔ خطا ۔ قصور ۔ تقصیر ۔ جُرم ۔ دوکشں ۔ غلطی

گناہ گار : ۱۔ عاصی ۔ پاپی ۔ اپرادھی ۔ بدکار ۔ آثم ۔ اثیم ۔ اثوم ۔ تردامن ۔
آلودہ دامن
۲۔ خطادار ۔ خطاکار ۔ قصوروار ۔ تقصیروار ۔ مجرم ۔ خاطی

گناہ بخش ــ گناہ آمرز ــ گناہ بے لذت ــ
گناہ دھونا ــ گناہ سمیٹنا ــ گناہِ صغیرہ ــ گناہِ کبیرہ
ــ گناہِ عظیم ــ گنہگار ــ گناہوں کی گٹھری

گُنبد : بُرج ۔ مسقف ۔ مدوّر ۔ گمٹ ۔ منڈھ ۔ قبہ ۔ گمٹی ۔ محراب ۔
قلعہ ۔ آرک ۔ نیم خایہ ۔ گموگس ۔ گرد بج ۔ گڈھ ۔ مینار ۔ منارہ ۔
آبام ۔ نادرہ ۔ جوسہ ۔ بارہ قصر ۔ کوشک ۔ ہشت و چہارم فلک

گنبدِ خضرا ــ گنبدِ ازرق ــ گنبدِ بے در ــ گنبدِ دولابی
ــ گنبدِ فیروزہ رنگ ــ صدائے گنبد ــ
آوازِ گنبد ــ گنبدِ گرداں ــ گنبدِ مینا ــ گنبدِ
مسجد ــ گنبدِ مینائی

گِنَت : گنتی ۔ شمار ۔ حساب ۔ سیاق ۔ ریاضی

گِنتی : ۱۔ شمار ۔ تعداد ۔ اندازہ ۔ حساب ۔ سنکھیا ۔ نمبر ۔ عدد ۔ انک
۲۔ حاضری ۔ موجودگی
۳۔ جائزہ ۔ معائنہ

گنٹھیا / گٹھیا : نقرس ۔ وجع المفاصل ۔ جوڑوں کا درد ۔ جوال ۔ جوالق ۔
گاؤٹ

گَنج : ۱۔ گنجینہ ۔ خزینہ ۔ خزانہ ۔ مخزن ۔ کان ۔ دفینہ ۔ گوشوارہ ۔
دولتِ عمیق ۔ مالِ کثیر ۔ کشتی
۲۔ ذخیرہ ۔ گودام
۳۔ منڈی ۔ بازار ۔ مارکیٹ
۴۔ انبار ۔ ڈھیر ۔ تودہ ۔ انم ۔ انالا

گنجینہ ــ گنجِ بادآورد ــ گنجِ دریا ــ گنجِ افراسیاب
ــ گنجِ گراں ــ گنجِ خضرا ــ گنجِ الٰہی ــ گنجِ رواں
ــ گنج بخش ــ گنجِ شائگاں ــ گنجِ شہیداں
ــ گنجِ قاروں ــ گنجِ معانی

گنجان : گھنا ۔ متصل ۔ پاس پاس ۔ گاڑھا ۔ چھتنار ۔ گھن دار ۔ گھنا ۔
نزدیک نزدیک ۔ پیچ پیچ ۔ گھندار ۔ سٹا ہوا ۔ گھیرا ہوا ۔
سنگناد ۔ ملتف ۔ گتھا ہوا

گنجائش : ۱۔ وسعت ۔ سمائی ۔ ظرف ۔ فراخی
۲۔ ٹھکانا ۔ جگہ ۔ جا ۔ مقام
۳۔ فائدہ ۔ بچت ۔ نفع ۔ منافع ۔ منفعت ۔ کفایت
۴۔ حوصلہ ۔ مقدور ۔ ہمت ۔ بساط ۔ حیثیت

گُنجلک : ۱۔ شکن ۔ سلوٹ ۔ چین ۔ چُرس ۔ جُھری
۲۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔ عقدہ
۳۔ الجھن ۔ الجھاؤ ۔ الجھیڑا
۴۔ جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ قضیہ ۔ نزاع

گَند : ۱۔ بدبو ۔ تعفن ۔ عفونت ۔ سڑاند ۔ درگندھ ۔ بساند
۲۔ نجاست ۔ پلیدی ۔ غلاظت ۔ کوڑا ۔ کرکٹ ۔ [illegible]
چرک ۔ لید ۔ گوبر ۔ گھورا ۔ غلیظ ۔ خاشاک ۔ [illegible]

www.bhatkallys.com

گندا : بدبودار۔ بسائندھ۔ نامعقول۔ میلا کچیلا۔ متعفن۔ پھسینڈا

گندگی : ۱۔ نجاست۔ ناپاکی۔ غلاظت
۲۔ بدبو۔ تعفن۔ عفونت۔ سڑاند

گندم : گیہوں۔ گندیم۔ غنم۔ حنطہ۔ کنک۔ اک۔ کاگل

گندہ : ۱۔ ناپاک۔ نجس۔ پلید۔ غلیظ
۲۔ بدبودار۔ متعفن۔ عفونت زدہ۔ سڑیلا

گندی/گاندھی : عطار۔ عطرساز۔ خوشبوساز

گنڈا : ۱۔ حلقہ۔ چھلا۔ کڑا۔ چوڑی
۲۔ ڈورا۔ دھاگا۔ تعویذ۔ منتر۔ جنتر

گنڈا تعویذ : منتر جنتر۔ جھاڑ پھونک۔ جادو ٹونا۔ ٹوٹکا۔ افسوں۔ دم۔ نقش

گنڈا/ غنڈا : لچا۔ بدمعاش۔ اوباش۔ شہدا۔ بدکار

گنگ : گونگا۔ اصم۔ ساکت۔ خاموش۔ چپ۔ ہکا بکا۔ ششدر

گننا : شمار کرنا۔ تعداد کرنا۔ اعتداد کرنا۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ کاؤنٹنگ

گنوار : ۱۔ دیہاتی۔ دہقان۔ روستائی
۲۔ بے وقوف۔ ناداں۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ۔ جاہل۔ اجڈ۔ ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ

گنی : ۱۔ ہنرمند۔ ہنرور۔ عالم۔ فاضل۔ دانشور
۲۔ ماہر موسیقی

۲۔ ساحر۔ جادوگر۔ افسوں گر۔ افسوں ساز

گو : (امرِ گفتن ۔ کہنا) بیان کرنا۔ بولنا۔ جواب دینا

بدگو ۔ حق گو ۔ کم گو ۔ خوش گو ۔ پُرگو

گو : پاخانہ۔ فضلہ۔ میلا۔ براز۔ نجاست۔ غلاظت۔ گوبر

گوار : (امرِ گواریدن ۔ ہضم ہونا) برداشت کرنا۔ اٹھانا

ناگوار ۔ خوشگوار ۔ ناگواری ۔ خوشگواری

گوارا : ۱۔ زود ہضم۔ لائقِ ہضم۔ خوش مزہ۔ خوش ذائقہ
۲۔ قابلِ برداشت۔ پسندیدہ۔ مقبول۔ مطبوع۔ مرغوب۔ موافق۔ پسندِ خاطر۔ منظور۔ سزاوار۔ برداشت۔ من بھاتا۔ دلپسند۔ لطیف

گوالا : گوال۔ گوپ۔ گوپال۔ گھوسی۔ شیر فروش۔ اہیر۔ گوجر۔ گوجی۔ بلک مین۔ واگی۔ چرواہی۔ اجاری۔ ڈنگالی۔ ڈوہی۔ سودھر۔ بسان گوپی۔ گوپ

گواہ : شاہد۔ شہید۔ ساکھی۔ ساکشی

گواہ عینی ۔ گواہ سماعی ۔ گواہ سعی

گواہی : شہادت۔ ثبوت۔ شاہدی۔ ساکش

گوبر : چوپایوں کا براز۔ پوک۔ دست۔ گوہ۔ فضلہ۔ چھینا۔ سرجین۔ سرقین۔ کاؤ ڈنگ۔ دجال۔ دبال۔ سرگین۔ خثی۔ اخثاء۔ چاپن۔ چپن۔ گست۔ گستہ۔ گوٹا۔ گوڑا۔ پاچک۔ پاچک دشتی

گوپھن : گوپیا ـ فلاخن ـ غلیل ـ منجنیق

گوت : خاندان ـ گھرانا ـ کنبہ ـ قبیلہ ـ قوم ـ فرقہ ـ حسب نسب ـ ذات ـ نسل ـ جنس

گوتی : ہم نسل ـ ہم قبیلہ ـ ہم ذات ـ ہم نسب

گوٹ : ۱ ـ حاشیہ ـ کنارہ ـ کناری ـ سنجاف ـ گوٹ ـ لیس
۲ ـ نرد
۳ ـ گاؤں ـ موضع ـ دیہ ـ قریہ ـ چک ـ گام ـ بستی
۴ ـ جماعت ـ گروہ ـ فرقہ ـ حزب
۵ ـ ریل ـ مچھی ـ مہرہ

گود : آغوش ـ کنار ـ بغل ـ پہلو ـ کولی ـ بر ـ انکوار ـ حضن ـ گودی ـ کچھار ـ جھولی ـ دامن ـ کچھ ـ جود

گودا : گری ـ مغز ـ بھیجا ـ مخ ـ لب ـ خلاصہ ـ جوہر ـ سار ـ چربی ـ پنیری ـ مارد

گودام : بارخانہ ـ رخت خانہ ـ رخت گاہ ـ سٹور ـ اٹالا ـ انبار خانہ ـ بھنڈار خانہ ـ کوٹھار ـ ذخیرہ خانہ ـ ڈپو ـ دکان ـ کارخانہ ـ کوٹھی ـ تجارت گاہ ـ نیلام گھر ـ ہٹی ـ گدام

گور : قبر ـ لحد ـ مزار ـ تربت ـ مرقد ـ ضریح

گورستان : قبرستان
گورکفن : کفن دفن ـ تدفین و تکفین ـ تجہیز و تکفین

گورا : ۱ ـ سفید ـ چٹا ـ ابیض ـ صبیح
۲ ـ حسین ـ خوب صورت ـ خوش رنگ ـ وجیہ
۳ ـ انگریز ـ فرنگی ـ یورپین

گورنر : عامل ـ صوبہ دار ـ حاکم صوبہ ـ لاٹ صاحب

گورنمنٹ : حکومت ـ سرکار ـ سلطنت ـ راج ـ عمل داری ـ فرماں روائی

گوز : باد ـ پھسکی ـ ریح ـ ہوا

گوزِ شتر : بے بنیاد ـ بے وقعت ـ بے حیثیت ـ بے قدر و قیمت ـ غیر وقیع ـ غیر معتبر

گوش : کان ـ کرن ـ سمع ـ اُذن ـ سرون ـ کن

گوش بریدہ : کن کٹا ـ بوچا ـ بُچا
گوش زد : شنیدہ ـ مسموع
گوش گزاری : اطلاع ـ خبر ـ رپورٹ
گوش مالی : تنبیہ ـ تادیب ـ سزا
گوشوارہ : ۱ ـ آویزہ ـ بُندا ـ بالا
۲ ـ میزان ـ جوڑ ـ حساب
۳ ـ نقشہ ـ خاکہ

گوش گزار ـ گوش بند ـ گوش بفریاد ـ
گوشِ توجہ ـ گوشِ دل ـ گوشمال ـ گوش شنوا
ـ گران گوش ـ گوشِ نصیحت نیوش ـ گراں گوشی
ـ خرگوش ـ سیہ گوش ـ حلقہ بگوش ـ
بازی گوش ـ آگندہ گوش ـ درازگوش ـ زردگوش
ـ زیرگوش ـ سفتہ گوش ـ سوسن گوش ـ
شل گوش ـ فیل گوش ـ گندہ گوش دہرا ـ
صدف گوش

گوشت : لحم ـ ماس ـ بیف ـ مٹن ـ میٹ ـ گوشد

گوشہ : ۱ ـ کونا ـ زاویہ ـ کھونٹ ـ کنج ـ کارنر ـ کُدہ ـ کنہ

۲۔ طرف۔ سمت۔ جانب۔ پہلو۔ ناصیہ۔ خُصم

گوشۂ تنہائی: کُنجِ تنہائی۔ کُنجِ عزلت۔ خلوت

گوشۂ جگر: عزیز۔ پیارا۔ محبوب

گوشۂ عافیت: کنجِ عافیت۔ جائے امن۔ مامن

گوشہ گیر/گزیں/نشیں: کنج نشیں۔ عزلت نشیں۔ خلوت گزیں

گوشہ گیری/گزینی/نشینی: کنج نشینی۔ عزلت نشینی۔ خلوت گزینی

گوشۂ چشم — گوشہ دار — گوشۂ زنجیر — گوشۂ عافیت — گوشۂ تربت — گوشۂ شادہ

گوکھا: ۱۔ گوکا۔ چرم گاؤ
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ نادان۔ ابلہ۔ مُورکھ۔ بے عقل۔ کُودن

گوکھرو: کانٹا۔ نوک۔ خسک۔ جھکڑا۔ حسک۔ کروز۔ گوکھشر۔ تری۔ کنٹک پھل۔ کنٹک بھدر۔ برچیر۔ بیان ڈنڈک۔ سدسرنگار۔ کھادن شکمہ۔ کھرگ۔ چرگ۔ ترڈک

گوگل: مقل۔ گگوات۔ سال نریاس۔ ممی۔ پاکشن۔ پلن۔ کوشک۔ گُبکا دار۔ دُرگ۔ دیو دھوپ۔ شوری پوری۔ مقل ارزق

گول: ۱۔ مدوّر۔ مستدیر۔ حلقہ نما۔ گرد۔ چکردار۔ حلقہ دار۔ گرداگرد۔ غلطاں۔ مدحرج۔ راؤنڈ۔ سرکر۔ لونڈ۔ مونڈ
۲۔ مبہم۔ مشکوک۔ پیچیدہ۔ پُرپیچ

گول گپا: گول مٹول۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ گول مٹول۔ پانی کا بتاشہ

گول مال: ۱۔ گھالمیلا۔ خلط ملط۔ مخلوط
۲۔ خیانت۔ غبن۔ تغلب
۳۔ غائب۔ لوپ۔ چوری
۴۔ مشتبہ۔ مشکوک

گول مول: ۱۔ مدوّر۔ مستدیر
۲۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ گول مٹول

گولا: ۱۔ غلولہ۔ گلولہ۔ گیند۔ کُرہ
۲۔ بم۔ شیل
۳۔ پکی سڑک

گولر: دتعہ۔ ڈومر۔ تیمرو۔ وائیلڈ فگ۔ انجیر آدم۔ جمیز۔ ترلیشہ۔ جمبز۔ تین احمر۔ تین بری

گولی: ٹکیہ۔ گلولہ۔ بندقہ۔ گوری

گومڑا: ۱۔ سوج۔ سوجن۔ ورم۔ آماس
۲۔ پھوڑا۔ دُنبل

گوں: ۱۔ مطلب۔ غرض۔ واسطہ۔ مقصد۔ مدعا۔ خواہش۔ لالچ۔ ضرورت
۲۔ قابل۔ لائق۔ مناسب

گوں کا یار — گوں گانٹھنا — گوں کا ٹھیا — گوں گیر

گوں نکل گئی آنکھ بدل گئی

گُوں: ۱۔ رنگ۔ فام۔ لون
۲۔ طرز۔ روش۔ ڈھنگ

گوناگوں: رنگا رنگ۔ رنگ برنگ۔ طرح بہ طرح۔ قسم قسم۔ طرح طرح کا۔ بوقلموں۔ متنوع۔ مختلف النوع۔ نوع بہ نوع۔ انواع واقسام

نیلگوں — گلگوں — آتش گوں — آب گوں — زنگارگوں — شعلہ گوں — نیل گوں — فیروزہ گوں — سیہ گوں — دگرگوں — سبزگوں — لالہ گوں — زمردگوں — واژگوں — مینا گوں

__ آسمان گوں __ بیجادہ گوں __ جگر گوں
__ سنجاب گوں __ گندنا گوں __ لاجورد گوں
__ قیر گوں __ زبرجد گوں __ آہن گوں __
سیم گوں __ گربہ گوں (رنگ) __ غالیہ گوں __
سیماب گوں __ شنگرف گوں __ یاقوت گوں
__ شفق گوں __ عناب گوں __ لعل گوں __
عقیق گوں __ بنفشہ گوں __ تیرہ گوں __ نارنج
گوں __ گلنار گوں __ شہاب گوں

گَون: جُبّہ۔ فرغل۔ المالق۔ چُغہ۔ لباسِ شب۔ لباس النوم۔ قباز۔ قفطان۔ جھُل۔ جھلا۔ چولا۔ ایرن۔ خزدار۔ جوالق۔ خرجین۔ جوال

گونج: ۱۔ صدائے بازگشت۔ ایکو۔ تصادمِ صوت
۲۔ شہرت۔ شہرہ۔ غلغلہ
۳۔ گرج۔ دہاڑ۔ زناٹا

گوند: چپک دار مادہ۔ صمغ۔ گریجہ۔ آزدی۔ کنور۔ گم

گونگا: گُنگ۔ ابکم۔ خاموش۔ چُپ۔ بے زبان۔ بے نطق۔ آخرس۔ لال۔ کلیل۔ ڈمب

گوہر/گُہر: ۱۔ جوہر۔ موتی۔ مروارید
۲۔ ہیرا۔ لعل۔ پنا
۳۔ مادہ۔ اصل۔ نسل۔ جنس۔ نژاد

گوہر نگار: جڑاؤ۔ مرصع۔ جواہر نگار

گوئندہ: مُخبر۔ جاسوس۔ خبر رساں۔ رپورٹر

گویا: ۱۔ ناطق۔ گفتگو کنندہ
۲۔ مثل۔ مانند۔ آسا۔ بساں۔ نمط۔ ہوبہو۔ مِن مِن۔ یوں۔ جیسے۔ مثلاً۔ مثالاً

گویّا: گائک۔ راگی۔ مطرب۔ مغنی۔ خنیاگر۔ سرودگر۔ غزل خواں۔ نواپیرا۔ نواسنج۔ نوازن۔ رامش گر۔ گلوکار۔ قوال۔ گیت سنجن کنندہ۔ سرود گو۔ نغمہ سرا۔ ڈوم۔ میراثی۔ کلاونت۔ سنگر۔ سازندہ۔ نغمہ ساز۔ آواز خواں۔ موسیقار۔ استاد

گویائی: ۱۔ نطق۔ بول چال۔ گفتار۔ بات چیت

گہرا: ۱۔ عمیق۔ اتھاہ۔ ڈباؤ۔ بے تھاہ۔ ڈونگا
۲۔ تیز۔ شوخ۔ گاڑھا۔ پکا۔ پختہ
۳۔ دقیق۔ غامض۔ ژرف۔ گمبھیر۔ نکتہ رس۔ باریک بیں۔ سنجیدہ۔ رسا۔ بلند کردار

گہرائی: ۱۔ عمق۔ قعر۔ نشیب۔ ڈونگھ
۲۔ دقت

گہما گہمی: چہل پہل۔ گرم بازاری۔ رونق۔ دھوم دھام۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ ازدحام

گہن: ۱۔ گرہن۔ کسوف۔ خسوف
۲۔ داغ۔ عیب۔ نقص۔ سقم

گہنا: زیور۔ ترام۔ آبھوشن۔ حلیہ۔ جیولری۔ آبھوکن۔ پاتا۔ حُلی

گھات: ۱۔ تاک۔ نشانہ
۲۔ موقع۔ وقت۔ محل
۳۔ کمین گاہ
۴۔ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ چال۔ چھل
۵۔ آن۔ ادا۔ انداز۔ پیچ و خم

۶۔ قابو۔ اختیار۔ بس
۷۔ ارادہ۔ عزم۔ قصد۔ منشیہ۔ نیت
۸۔ مطلب۔ مدعا۔ مقصد
۹۔ جادو۔ ٹونا۔ منتر۔ افسوں

گھاٹ: ۱۔ اُتار۔ اُتارا۔ پتن۔ معبر۔ منفذ۔ ڈیک۔ تڑ۔ تریٹ
۲۔ طرف۔ جانب۔ سمت
۳۔ راہ۔ راستہ۔ ڈگر۔ شارع۔ راہِ دریا۔ گزرگاہِ آب
۴۔ ساحل۔ کنارہ۔ آبشخور
۵۔ خمِ شمشیر

گھاٹ دار — رام گھاٹ — گھاٹ مانجھی — گوگھاٹ
— دھوبی گھاٹ

گھاٹا: کمی۔ نقصان۔ خسارہ۔ خُسران۔ زیاں۔ ٹوٹا

گھاٹی: ۱۔ درّہ۔ دَرہ کوہ۔ وادی۔ تیشی۔ ثنیہ۔ عقبہ
۲۔ پہاڑ راہ داری
۳۔ حلق۔ گلا۔ گلو۔ حلقوم

گھاس: ۱۔ گیاہ۔ سبزہ۔ کاہ۔ چوس۔ گھانس۔ گاہ۔ علف۔ گراس۔
چارہ۔ بادہ۔ دُوب۔ سبزۂ خود رو۔ رعا۔ کلاوتین۔ ریم۔ دامنہ۔
خس
۲۔ سبزی۔ ساگ پات۔ چارا۔ علف

گھاگ: تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ خرانٹ۔ جہاں دیدہ۔ سیانا۔ چالاک۔
ہوشیار

گھاگرا: لہنگا۔ پیشواز

گھام: دھوپ۔ گرمی۔ تپش۔ حدت۔ حرارت۔ تمازت

گھان: پکوان۔ تلن

گھامڑ: ۱۔ بدحواس۔ بے حواس۔ حواس باختہ۔ خبطی۔ مخبوط الحواس
۲۔ بے وقوف۔ احمق۔ ناداں۔ کُودن۔ ابلہ۔ مورکھ۔ ساد۔ لوح
۳۔ بدسلیقہ۔ پھوہڑ
۴۔ کاہل۔ سُست۔ کسمسا۔ آرام طلب۔ احدی

گھائل: زخمی۔ مجروح۔ زخم خوردہ۔ خستہ۔ فگار۔ بسمل۔ زخم رسیدہ۔
خراشیدہ۔ جھیل۔ الجرح

گھاؤ: ۱۔ زخم۔ جراحت۔ ریش۔ چیر۔ قرحہ۔ چوٹ
۲۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ خسران۔ زیان۔ ٹوٹا

گھبراہٹ: ۱۔ گھبری۔ توحش۔ بوکھلاہٹ۔ ہڑبڑی۔ اضطرار۔ بے قراری۔
بے تابی۔ اضطراب۔ بے چینی۔ وحشت۔ خفقان۔ سراسیمگی۔ بے کلی۔
بے اوسان۔ بے حواسی۔ تملاہٹ۔ بے اوسانی۔ تلاملی
۲۔ جلدی۔ عجلت۔ بھاگ دوڑ۔ پریشانی۔ افراتفری۔ ہچل۔ کلبلی۔
ہلبلی۔ ہلبلاہٹ

گھپلا: ۱۔ گڑبڑ۔ خلل۔ ابتری۔ ہُلڑ۔ ہڑبونگ۔ ہڑبڑن۔ چینہ
۲۔ غلطی۔ سہو۔ لغزش
۳۔ دھوکا۔ فریب۔ چھل۔ چال۔ دغا
۴۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ قضیہ۔ نزاع۔ جھمیلا۔ اسپیٹ۔ ما بجیزا
۵۔ شور۔ غل۔ واویلا

گھٹا: ۱۔ بادل۔ بدلی۔ سحاب۔ غمام۔ ابر۔ گھن۔ میگھ
۲۔ غبار۔ کدورت۔ دھول

گھٹاؤ: ۱۔ کمی۔ قلت۔ تخفیف۔ تقلیل
۲۔ اتار۔ جزر۔ تنزل۔ زوال۔ ہبوط۔ انحطاط

گھٹن : حبس۔ اُمس۔ گمس

گھٹنا : چشمِ زانو۔ بندِ ساق۔ رکبہ۔ گوڈا۔ گوڈ۔ زانو

| مارو گھٹنا پھوٹے آنکھ

گھٹیا : ۱۔کم قیمت۔ کم قدر۔ معمولی۔ ارزاں۔ سستا
۲۔ادنیٰ۔ کمینہ۔ نیچ۔ پوچ۔ سفلہ۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ پایاب۔ خام۔
اتھلا۔ پیٹ کا ہلکا۔ چھچھلا۔ پست۔ ہیچ

گھر : ۱۔مکان۔ منزل۔ خانہ۔ بیت۔ مسکن۔ دار۔ کاشانہ۔ ٹھکانا۔
ٹھور۔ استھان۔ کدہ۔ آستاں۔ کریچہ۔ حویلی۔ گرہ۔ باشا۔ سرا۔
محلسرا۔ دولت سرا۔ شبستان۔ ڈیرا۔ باڑی۔ سکونت گاہ۔
قیام گاہ۔ جائے۔ جگہ۔ ٹھکانہ۔ کوٹھی۔ ہاؤس۔ آتاغ۔ قصر۔ محل۔
مرج۔ ایوان۔ کاخ۔ کور۔ جا۔ مستقر۔ رین بسیرا
۲۔گھونسلا۔ آشیانہ۔ نشیمن
۳۔بھٹ۔ کھوہ۔ بل۔ غار۔ کھہ
۴۔دیس۔ وطن۔ مولد و منشا
۵۔خاندان۔ گھرانا۔ دودمان۔ تبار
۶۔بیوی۔ زوجہ۔ اہلیہ۔ پتنی۔ جورو

گھربار : ۱۔خانہ و اسباب خانہ۔ اثاث البیت
۲۔بال بچے۔ اہل و عیال
۳۔خاندان۔ کنبہ۔ اہلِ خانہ

گھرباری : کدخدا۔ گھر والا۔ عیال دار۔ گرہستی۔ دنیادار

گھرگھاٹ : ۱۔ٹھور ٹھکانا۔ اتا پتا۔ نشان۔ مقام
۲۔چال ڈھال۔ ڈھنگ۔ روش۔ طور طریق
۳۔خو۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت

تارگھر ـــ جادوگھر ـــ ناچ گھر ـــ چڑیا گھر ـــ ریل گھر
ـــ عجائب گھر ـــ ڈاک گھر ـــ گرجا گھر ـــ
اناگھر ـــ گھنٹاگھر ـــ گینداگھر ـــ جنم گھر ـــ
ہتیاگھر ـــ گودام گھر

| گھر آئے کی لاج
| گھر آئے گئے کو بھی نہیں نکالتے
| گھر پھونک تماشا دیکھ
| گھر جانی من مانی

گھرانا : ۱۔خاندان۔ کنبہ۔ دودمان۔ تبار۔ قبیلہ۔ خانوادہ
۲۔نسب۔ نسل۔ نژاد۔ جنس۔ کل

گھرکی : جھڑکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ زجر و توبیخ۔ دھمکی

گھریلو : خانگی۔ خانہ ساز۔ پالتو

گھڑا : سبو۔ مٹکا۔ ٹھلیا۔ مٹی کا ظرف۔ سبوچہ۔ گھڑونچی۔
واٹرپاٹ۔ چاٹی۔ تہرا۔ گگرا۔ [illegible]

گھڑت : ۱۔گڑھنت۔ ساخت۔ بناوٹ
۲۔جھوٹ۔ کذب۔ دروغ

گھڑی : ۱۔آلۂ وقت نما۔ ساعت۔ گھنٹہ۔ گھڑیال۔ [illegible]
۲۔وقت۔ سماں۔ زمانہ
۳۔پل۔ لمحہ۔ مختصر وقفہ

گھڑیال : جرس۔ گھنٹہ۔ ناقوس

گھلاوٹ : نرمی۔ گداز۔ گھلنا ملنا۔ [illegible]

گھماؤ : پھیر۔ چکر۔ دور

گمس: امس۔ گھٹن۔ حبس

گھمسان: ۱۔ جنگ۔ رزم۔ رن۔ یدھ۔ دنگا۔ قتل و غارت
۲۔ کثرت۔ بھیڑ۔ انبوہ۔ ازدحام۔ شدید

گھمنڈ: ۱۔ غرور۔ تکبر۔ کبر۔ نخوت۔ عجب۔ ابھیمان۔ گرب۔ رعونت
۲۔ مان۔ فخر۔ تمکنت۔ پندار۔ اتراہٹ
۳۔ خود پسندی۔ خود بینی۔ خود نگری۔ خود پرستی۔ خود ستائی
۴۔ شیخی۔ شیخیت۔ استکبار۔ ٹیپ ٹاپ۔ خود نمائی
۵۔ اکڑ۔ اینٹھ
۶۔ نمود۔ نمائش۔ دکھاوا
۷۔ بل۔ زور۔ قوت۔ طاقت۔ شکتی۔ برتا
۸۔ بھروسا۔ آسرا۔ امید

گھمنڈی: ۱۔ مغرور۔ متکبر۔ ابھیمانی
۲۔ مفتخر۔ فاخر
۳۔ خود پسند۔ خود بیں۔ خود نگر۔ خود پرست۔ خود ستا
۴۔ شیخی خورا۔ متکبر۔ خود نما
۵۔ اکڑباز
۶۔ نامور۔ نمودی
۷۔ بلوان۔ زور آور۔ قوی۔ طاقت ور۔ شکتی مان

گھمیری: ۱۔ چکر۔ دور۔ گردش
۲۔ [illegible]

گھن: ۱۔ بادل۔ ابر۔ گھٹا۔ سحاب۔ غمام
۲۔ ہتھوڑا
۳۔ گرز۔ موگر
۴۔ [illegible]
۵۔ [illegible]
۶۔ گھنا۔ گھمبیر
۷۔ ہجوم۔ ابر
۸۔ اجتماع۔ مجمع۔ مجموعہ
۹۔ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ
۱۰۔ تعداد۔ شمار۔ گنتی
۱۱۔ پھیلاؤ۔ فراخی۔ وسعت۔ کشادگی
۱۲۔ گہرا۔ گاڑھا
۱۳۔ سختی۔ سنگینی۔ صلابت۔ مضبوطی۔ استحکام۔ پکی
۱۴۔ جسم۔ بدن۔ تن۔ دیہ۔ پیکر۔ جثہ
۱۵۔ جسامت۔ حجم
۱۶۔ جتھا۔ [illegible]
۱۷۔ مضبوط۔ ٹھوس۔ سخت۔ سنگین۔ کڑا۔ مستحکم۔ پکا
۱۸۔ موٹا۔ دبیز۔ گاڑھا۔ بھدا۔ بھاری
۱۹۔ بھرا۔ پُر۔ معمور
۲۰۔ بہت۔ زیادہ۔ کثیر۔ بافراط۔ وافر۔ فراواں۔ بیش
۲۱۔ نیک۔ مبارک۔ سعد۔ مسعود۔ سعید۔ شبھ
۲۲۔ مستقل۔ دائمی۔ مستمر۔ پائیدار۔ دیرپا

گھن چکر: ۱۔ گرداں۔ گردش کناں
۲۔ آوارہ گرد۔ پریشان حال
۳۔ بے وقوف۔ احمق۔ اجہل۔ بدھو۔ بے عقل

گھن دار: گھنا۔ گنجان۔ شاخ در شاخ۔ چھتنار۔ گھٹاٹوپ۔ بہت۔ زیادہ۔ جل بادل

گھنگھور / گھنگھور: ۱۔ گہرا۔ غلیظ۔ گاڑھا۔ تیرہ۔ تار
۲۔ پُرشور۔ گرجدار۔ گھٹاٹوپ۔ گھن گرج

گھِن: ۱۔ نفرت۔ کراہت۔ تنفر
۲۔ متلی۔ ابکائی

گھُن: ۱۔ کرم خوردہ۔ کرم چوب خور۔ دیمک۔ سرسری۔ کیڑا
۲۔ [illegible]۔ مرض کہنہ۔ مرض لاعلاج۔ غم۔ فکر

گھنا: گنجان۔ گاڑھا۔ پاس پاس۔ گھن دار۔ چھتنار

گھِنا: ۱۔ گھرا۔ گہرا۔ مکّار
۲۔ کینہ ور۔ کپٹی۔ منافق

گھناؤنا: مکروہ۔ کراہت انگیز۔ قابلِ نفرت۔ نفرت انگیز

گھنٹا/گھنٹہ: ۱۔ پیمانۂ وقت۔ ساٹھ منٹ
۲۔ گھڑیال۔ گھڑی۔ کلاک
۳۔ جرس۔ درا۔ زنگ۔ زنگولہ۔ گھنٹی

گھُنڈی: ۱۔ بٹن۔ بوتام۔ بندمہ۔ گوپ۔ زر۔ تکمہ
۲۔ گرہ۔ گانٹھ۔ عقدہ
۳۔ رکاوٹ۔ رکاوٹ۔ اڑ۔ قبض۔ انقباض

گھنگچی/گھونگچی: رتّی۔ سُرخ

گھُنگرو: ۱۔ زنگولہ۔ جھن۔ جھانجھ۔ پازیب۔ پائل۔ زنگلہ۔ گھنگرو۔ قاقلہ۔ گھونگرو
۲۔ ڈوڈا۔ خول۔ غلاف

گھنیرا: گھنا۔ گنجان۔ گھن دار۔ گاڑھا۔ گہرا۔ چھتنار۔ شدید

گھور: ۱۔ غلاظت۔ نجاست۔ میل۔ چرک۔ گو
۲۔ دہشت۔ ہیبت۔ خوف۔ ڈر۔ بھے
۳۔ گرج۔ کڑک۔ صدائے مہیب

گھُورا: ۱۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑی۔ روڑی۔ میلا۔ غلاظت۔ چرک۔ گو۔ نجاست
۲۔ کتّا
۳۔ انبارِ غلاظت

گھوری: میلا۔ کچیلا۔ غلیظ۔ گندہ۔ چرک آلود

گھوڑا: اسپ۔ توسن۔ فرس۔ خیل۔ راہوار۔ مرکب۔ باشو۔ ٹٹو۔ ٹانگن۔ یابو۔ ٹٹو۔ گھوڑ۔ گھڑ۔ ہارس۔ اَسَن۔ دُلدُل۔ ابلق۔ ٹانڑ۔ پونی

گھُوس: بڑا چوہا۔ چھچھوندر۔ موش۔ فار

گھوسی: گوالا۔ شیرفروش۔ گوپال۔ اہیر

گھولوا: محلول۔ عرق۔ شوربا۔ تریچ۔ دیا

گھُونٹ: جرعہ۔ چسکی۔ دم۔ کش۔ دم آب۔ ڈُھک۔ ڈراٹ۔ نالہ۔ نغبہ۔ قُدنہ۔ گھٹ

گھُونسا: ۱۔ مکّا۔ مشت۔ ڈُک۔ دھوکا
۲۔ (کنایۃً) چوٹ۔ ضرب۔ صدمہ

گھونسلا: ۱۔ آشیانہ۔ نشیمن۔ آلھنا
۲۔ (کنایۃً) گھر۔ خانہ۔ مکان۔ جھونپڑا

گھونگھٹ: ۱۔ برقع۔ نقاب۔ چلمن۔ مقنع۔ پٹ۔ گرشہ۔ پردہ۔ چق۔ گھُنگ
۲۔ حجاب۔ روک۔ آڑ۔ اوٹ
۳۔ شرم۔ حیا۔ لاج

گھی: ۱۔ سمن۔ روغنِ گاؤ۔ روغنِ زرد۔ روغن۔ گھیو۔ فربہ۔ بِنا
۲۔ نرم۔ ملائم

گھیا: کدو۔ لوکی۔ قرع۔ آبِ۔ بہ

گھیر: ۱۔ دور۔ چکر۔ گھاؤ۔ محیط۔ گردہ۔ پھیلاؤ

۲۔ احاطہ۔ حلقہ۔ دائرہ۔ کنڈل۔ چاردیواری۔ فصیل

گھیردار: فراخ۔ کشادہ۔ وسیع۔ کھلا۔ ڈھیلا

گھیرا: ۱۔ حلقہ۔ گردہ۔ چکر۔ دائرہ۔ محیط
۲۔ کور۔ کنارہ
۳۔ محاصرہ۔ نرغہ

گئو: گائے۔ گاؤ۔ بقرہ

گیا: رفتہ۔ گزشتہ۔ سابقہ

گیا بیتا: ۱۔ رفتہ و گزشتہ۔ سابقہ۔ پچھلا
۲۔ نکما۔ ناکارہ۔ ناقابلِ اعتبار۔ غیر معتبر

گیا گزرا: ۱۔ گزشتہ۔ رفتہ۔ سابقہ۔ پچھلا
۲۔ نکما۔ ناکارہ۔ بے کار۔ از کار رفتہ
۳۔ معدوم۔ مفقود
۴۔ خراب۔ برا
۵۔ کم حوصلہ۔ بزدل۔ ڈرپوک
۶۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف
۷۔ بے حیثیت۔ بے وقعت۔ ناچیز۔ ہیچ۔ بے قدر
۸۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ نرلج
۹۔ نالائق۔ بدچلن۔ بدکردار۔ اوباش۔ آوارہ
۱۰۔ مفلس۔ غریب۔ قلاش۔ کنگال۔ نادار۔ فلاکت زدہ
۱۱۔ ناقابلِ وصول
۱۲۔ ضائع۔ برباد۔ تباہ

گیارہ: یازدہ۔ احد عشر

گیان: ۱۔ علم۔ دانش۔ واقفیت۔ معرفت۔ عرفان۔ آگاہی۔ وقوف۔ آگہی۔ حکمت
۲۔ عقل۔ فہم۔ فراست۔ بدھ۔ فراست
۳۔ علم الٰہی۔ الٰہیات۔ مذہبی علم

گیانی: ۱۔ عالم۔ فاضل۔ دانش مند۔ دانش ور۔ عارف۔ آگاہ
۲۔ عقل مند۔ عاقل۔ عقیل۔ فہیم۔ بدھی وان

گیاہ: گھاس۔ سبزہ۔ چارہ۔ کاہ۔ علف

گیت: نغمہ۔ راگ۔ گانا۔ سرود۔ بھجن۔ دھرپد۔ سانگ

گیتی: زمین۔ دنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ جگ۔ زمانہ۔ دہر

گیٹ: ۱۔ پھاٹک۔ دروازہ۔ در۔ دوار
۲۔ راستہ۔ راہ۔ مخرج۔ گزرگاہ

گیٹ اپ: انداز۔ وضع۔ طرز۔ سج دھج۔ حسنِ ظاہری۔ ٹھاٹ۔ آرائش۔ تراشش خراش۔ سجاوٹ

گیدڑ: ۱۔ (کنایۃً) بزدل۔ ڈرپوک۔ کم دل
۲۔ وادی۔ ترہ۔ نوغل۔ بجے کال۔ گیدڑ۔ تعولغ۔ شاریشال۔ شغار۔ تنگار۔ گال۔ روبش۔ عزما۔ نسک
۳۔ شغال۔ سیلہ۔ جیو۔ گادڑ۔ شغبر۔ ابوالحصین۔ مُرعوب۔

گیدڑ بھبکی: خالی دھمکی۔ اوپری دھمکی۔ گھُرکی۔ دھمکی

گیدی: ۱۔ بے غیرت۔ بے حمیت۔ بے حیا۔ بے شرم۔ نرلج
۲۔ دیوث۔ بھڑوا۔ قرمساق۔ قلتبان
۳۔ ہیجڑا۔ ہیز۔ مخنث۔ خنثیٰ۔ نامرد۔
۴۔ بزدل۔ کم دل۔ کم حوصلہ۔ کم ہمت
۵۔ احمق۔ نادان۔ بے وقوف۔ مورکھ۔ گاؤدی
۶۔ بے تمیز۔ بے سلیقہ۔ بے قرینہ۔ پھوہڑ

گیر: لینا۔ پکڑنا۔ قبول کرنا۔ تھامنا۔ سنبھالنا۔ نکالنا

دست گیر ــ آہوگیر ــ حرف گیر ــ دامن گیر
ــ بغل گیر ــ خبرگیر ــ راہ گیر ــ دل گیر ــ
چاشنی گیر ــ عالم گیر ــ فال گیر ــ شعلہ گیر ــ
آتش گیر ــ جہاں گیر ــ عیب گیر ــ ماہی گیر
ــ ملک گیر ــ خردہ گیر ــ نکتہ گیر ــ جاگیر
ــ گل گیر ــ بارگیر ــ سخت گیر ــ گرہ گیر
ــ کشتی گیر ــ موزہ گیر ــ چھت گیری ــ
گریباں گیر ــ دیوارگیری ــ گوگیر ــ ناخن گیر
ــ اٹھائی گیرا ــ گرن گیرا ــ نم گیرا ــ آبگیر
ــ آوارہ گیر (محاسب) ــ آسماں گیر ــ آفتاب
گیر ــ امارہ گیر ــ بہاگیر ــ بازگیر ــ ایارہ گیر
ــ باج گیر ــ بادگیر (ہوادان) ــ بارگیر ــ
بزگیری ــ بغل گیری ــ پائے گیر (پابند) ــ
تنگ گیری ــ تخت گیر ــ کاچہ گیر (خوشامدی) ــ
کماں گیر ــ گراں گیر ــ گردگیر (بہادر) ــ گرگیر
ــ مارگیری (مکاری) ــ معرکہ گیری ــ مگس گیر (مکڑی)
ــ موش گیر ــ نقد گیر ــ میان گیری ــ
نقرہ گیر (رشوت خوار) ــ نمگیر ــ عرق گیری ــ
ہنگامہ گیر ــ تنگ گیری ــ جانب گیر ــ جا گیر (شراب
خوار) ــ حرف بارگیر ــ حرف ورق گیر ــ حلقہ گیری ــ
ــ جلوگیر ــ خانہ گیر ــ خداگیر ــ خریدار گیر
ــ دہان گیر ــ خواہر گیر ــ خوگیر (مانوس) ــ

گیرائی: پکڑ۔ گرفت۔ کشش۔ وسعت

گیسو: کاکل۔ لٹ۔ طرہ۔ بال۔ زلف۔ چوٹی۔ جوڑ۔ خم۔ گت۔ کمند۔
شاہ گیر۔ صدغ۔ طلالہ

گیسوئے معنبر ــ گیسوئے مشکیں ــ گیسوئے شب رنگ
ــ گیسوئے سحرساز ــ گیسوئے پراگندہ ــ گیسوئے
پریشاں ــ گیسو شاخ ــ گیسوئے رسا ــ گیسوئے تہ
ــ گیسوئے مسلسل ــ گیسوئے پیچدار ــ گیسو بریدہ
ــ گیسوئے عنبرفشاں

گیل: گیلاپن۔ نمی۔ سیلاپن۔ رطوبت۔ تری

گیلا: نم۔ سیلا۔ تر۔ مرطوب۔ بھیگا۔ بھیگا ہوا۔ نمناک۔ بھلا۔
نم رسیدہ۔ گالا۔ نوند۔ نم آلود۔ تربتر

گیلری: چھجا۔ شہ نشیں۔ برآمدہ
۲۔ تصویر خانہ۔ نگار خانہ

گیں: (وصفیت)

شرمگیں ــ شرمگیں ــ اندوہ گیں ــ خشمگیں
ــ سہمگیں ــ شوخ گیں ــ ریم گیں ــ نمگیں
ــ بارگیں ــ پارگیں

گیند: گوئے۔ کرہ۔ گولا۔ گیندو۔ گوئی۔ دسرگل۔ گچہ۔ کندک۔ بہ مثلا۔
بال

گیندا: گلِ صدبرگ۔ گلِ اشرفی

گینڈا: کرگدن۔ کرگ۔ مراعیس۔ گینڈو۔ دبنو۔ سرس ۔۔۔

گینگ: گروہ۔ جتھا۔ ٹولی۔ جماعت۔ طائفہ۔ ٹولہ

گیہاں: دنیا۔ جہان۔ عالم۔ روزگار۔ سنسار۔ جگ۔ زمانہ

گیہواں: گندمی۔ گندم گوں

گیہوں: گندم۔ غنم۔ حنطہ۔ کنک

لا: ما۔ نہیں۔ نہ۔ غیر۔ بنا۔ بن۔ اَن۔ اَ۔ بے۔ بلا۔ بے پتہ۔ گم۔
نا۔ بغیر۔ انکار

لااُبالی: ۱۔ بے پروا۔ بے فکر۔ بے باک۔ بے خود
۲۔ لامذہب۔ رند مشرب
۳۔ شوخ۔ بے شرم۔ بے حجاب۔ بے حیا۔ بے لحاظ
۴۔ غیر ذمہ دار۔ ناعاقبت اندیش

لااُبالی پن: ۱۔ بے پروائی۔ بے فکری۔ بے باکی۔ بے خودی
۲۔ لامذہبیت۔ رند مشربی
۳۔ شوخی۔ بے شرمی۔ بے حجابی۔ بے حیائی۔ بے لحاظی
۴۔ غیر ذمہ داری۔ ناعاقبت اندیشی

لابُد: ۱۔ بے شک۔ یقیناً۔ قطعی۔ بالضرور۔ لازم
۲۔ مجبوراً۔ کرہاً۔ ناچار

لابُدی: ۱۔ یقینی۔ قطعی۔ حتمی
۲۔ ضروری۔ لازمی

لاپتا: بے پتا۔ بے نشان۔ بے سراغ۔ گم۔ غائب۔ مفقود الخبر۔
رُوپوش

لاپروا: بے پروا۔ بے فکر۔ لاابالی۔ بے لحاظ۔ بے احتیاط۔ غیر ذمہ دار۔
ناعاقبت اندیش

لاپروائی: بے پروائی۔ بے فکری۔ بے لحاظی۔ لااُبالی پن۔ غیر ذمہ داری۔
ناعاقبت اندیشی

لاتعداد: اَن گنت۔ بے شمار۔ بے حساب۔ بے حد۔ بے اندازہ۔

لاتعلی۔ بہت زیادہ

لاثانی: بے مثل۔ بے نظیر۔ لاجواب۔ بے مثال۔ بے ہمتا۔ بے عدیل۔
فرد۔ یگانہ۔ منفرد۔ وحید۔ یکتا۔ بے ہمال۔ عدیم النظیر۔ عجب۔
بے مانند۔ انوکھا۔ کمیاب۔ فرید الدہر۔ فقید النظیر۔ عدیم السیم۔
بے جواب۔ فرد فرید

لاجرم: ۱۔ بے شک۔ یقیناً۔ بے شبہ
۲۔ ناچار۔ مجبوراً۔ کرہاً
۳۔ لاعلاج۔ بے درماں
۴۔ ضروری۔ لازمی۔ لابدی

لاجواب: ۱۔ خاموش۔ چپ۔ ساکت۔ قائل۔ عاجز۔ مغلوب
۲۔ بے مثال۔ لامثال۔ بے مثل۔ بے ہمتا۔ بے عدیل۔ لاثانی۔
بے نظیر۔ فرد۔ یگانہ۔ یکتا۔ منفرد۔ فرید۔ وحید

لاچار: ۱۔ ناچار۔ لاعلاج۔ بے درماں
۲۔ بے بس۔ مجبور
۳۔ محتاج۔ غریب۔ مفلس۔ نادار۔ کنگال۔ قلاش۔ بے نوا۔
بے سروساماں۔ بدنصیب۔ بدبخت

لاچاری/ لاچارگی: ۱۔ ناچاری۔ لاعلاجی۔ بے درمانی
۲۔ بے بسی۔ مجبوری
۳۔ محتاجی۔ غریبی۔ غربت۔ مفلسی۔ افلاس۔ ناداری۔ بے نوائی۔
بے سروسامانی۔ بدنصیبی۔ بدبختی

لاحاصل: ۱۔ بے حاصل۔ بے فائدہ۔ بے سود۔ فضول۔ نکما۔ ناکارہ۔ بیکار۔
لکارت

۲۔ بے بار ور۔ بے ثمر۔ بے برگ و بار

۳۔ بنجر۔ اوسر

لاحاصلی: ۱۔ بے حاصلی۔ بے سودی

۲۔ بے باری۔ بے ثمری۔ بے کاری

لاخراج: بے لگان۔ بے محصول۔ معافی

لادعویٰ: دست برداری۔ فارغ خطی۔ بے تعلقی

لادوا: بے دوا۔ لاعلاج۔ بے درماں

لاریب: بے شک۔ بے شبہ۔ یقیناً۔ یقینی۔ حتمی۔ قطعی۔ درست۔ صحیح

لازوال: لافانی۔ غیر فانی۔ ازلی۔ ابدی۔ قدیم۔ لایزال۔ بے زوال۔ اننت۔ مستقل۔ دائمی۔ جاوید۔ جاوداں۔ اَمر۔ لایموت۔ اٹل۔ بے انحطاط۔ بے تنزل۔ اَمِٹ

لاسخن: ۱۔ خاموش۔ چُپ۔ ساکت۔ صامت۔ بے زبان۔ گُنگ

۲۔ بد زبانی۔ گستاخی۔ بے ہودہ کلام

لاسلکی: بے تار۔ وائرلیس۔ بے تار برقی

لاشریک: بے ہمتا۔ لاثانی۔ بے بدیل۔ بے نظیر۔ بے مثل۔ بے مثال۔ لامثال۔ یگانہ۔ یکتا۔ فرد۔ فرید۔ وحید

لاشے: ہیچ۔ بے وقعت۔ بے مقدار۔ معدوم۔ مفقود۔ بے حیثیت۔ بے بساط

لاطائل: بے سود۔ بے فائدہ۔ بے حاصل۔ لاحاصل۔ فضول۔ ناکارہ۔ نکما۔ بے کار

لاعلاج: لادوا۔ بے درماں۔ بے چارہ

لاعلم: بے علم۔ ناواقف۔ ناآگاہ۔ بے خبر۔ اَن جان۔ غافل۔ جاہل

لاعلمی: بے علمی۔ ناواقفیت۔ ناآگاہی۔ بے خبری۔ اَن جان پن۔ غفلت۔ جہالت

لافانی: غیر فانی۔ لازوال۔ بے زوال۔ ازلی۔ ابدی۔ قدیم۔ اننت۔ مستقل۔ دائمی۔ جاوید۔ جاوداں۔ لایموت۔ اَمر۔ اَن مِٹ۔ دائم۔ مدام

لاکلام: ۱۔ بے شک۔ بے شبہ۔ لاریب۔ یقینی۔ حتمی۔ قطعی

۲۔ لاسخن۔ چُپ۔ خاموش۔ ساکت۔ صامت

لاکلامی: ۱۔ یقین۔ قطعیت۔ عدمِ شک

۲۔ خاموشی۔ سکوت۔ بے زبانی

لامتناہی: بے انتہا۔ بے حد۔ لامحدود۔ بے پایاں۔ بے کراں

لامحالہ: بالضرور۔ یقیناً۔ ناگزیر

لامذہب: ۱۔ بے مذہب۔ بے دین۔ دہریہ۔ کافر۔ بے ایمان۔ زندیق۔ آزاد

۲۔ غیر جانب دار۔ سیکولر

لامذہبیت / مذاہبی: ۱۔ بے دینی۔ دہریت۔ کفر۔ اِلحاد۔ بے ایمانی۔ زندیقی

۲۔ آزادیٔ خیال۔ غیر جانبداری۔ سیکولرزم

لامرکزیت: بے مرکزی۔ انتشار۔ پراگندگی

لامکان: بے مکانی۔ عدمِ تعین۔ عدمِ تشخص۔ عالمِ قدس۔ عالمِ الٰہی

لاوارث: غیر مملوک۔ غیر موروث۔ نگوڑا۔ اَنوَٹّھا۔ بے کس۔ بے سہارا۔ ناتھا۔ بے وارثا۔ بے مالک۔ بے سرپرستا۔ مملوک۔ برہا۔ ہری چُگ۔ آوارہ

لاوَلَد: بے اولاد۔ اَوَت۔ نپوتا۔ بے اولادا

لاو نعم: نفی و اثبات۔ آر سے بلے۔ ٹال مٹول۔ آناکانی۔ لیت و لعل

لایحصیٰ: اَن گنت۔ بے اندازہ۔ بے شمار۔ بے حساب۔ بے تعداد۔ بے حد۔ بے پایاں

لایزال: بے زوال۔ غیر فانی۔ لافانی۔ دائمی۔ لازوال۔ ابدی۔ اننت۔ قدیم۔ مستقل۔ جاوید۔ جاوداں۔ لایموت۔ اَمر۔ اَن مِٹ۔ اَمِٹ

لایعقل: بے عقل۔ نادان۔ بے وقوف۔ احمق۔ مورکھ

لایعلم: بے علم۔ اَن جان۔ بے خبر۔ لاعلم۔ جاہل۔ ناواقف

لایعنی: بے معنی۔ مہمل۔ لغو۔ بے ہودہ۔ واہیات۔ بے مقصد۔ فضول۔ لاحاصل

لایموت: اَمر۔ غیر فانی۔ لافانی۔ لازوال۔ لایزال۔ دائمی۔ جاوداں۔ اننت۔ مستقل۔ جاوید۔ جاوداں۔ اَن مِٹ

لاینبغی: نامناسب۔ ناموزوں۔ غیر شایاں۔ ناشائستہ

لاینحل: ناقابلِ حل۔ حل ناپذیر۔ مشکل۔ دشوار۔ محال

لاینفک: غیر منفک۔ ناقابلِ انفکاک۔ اٹوٹ

لاحول ___ لامکان ___ لاوارث ___ لاولدی ___
لاحل ___ لاعلاج ___ لاخوف

لار : قانون۔ ضابطہ۔ آئین۔ قاعدہ

لابھ : ۱۔ فائدہ۔ نفع۔ سود۔ منفعت۔ حاصل۔ بافت
۲۔ لالچ۔ طمع۔ حرص۔ لوبھ
۳۔ بالائی آمدنی۔ رشوت

لات : ۱۔ ٹانگ۔ لت
۲۔ ضرب پا۔ ٹھوکر۔ لکہ

لاٹ : (ہندی) ۱۔ لاٹھ۔ مینار۔ ستون۔ کھم۔ کھمبا۔ تھم
۲۔ لو۔ شعلہ۔ لوکا۔ لپٹ۔ زبانۂ آتش

لاٹ : لارڈ۔ آقا۔ مالک۔ حاکم۔ بڑا۔ امیر۔ رئیس۔ گورنر

لاٹ : (انگریزی) ۱۔ انبار۔ ڈھیر۔ تھوک
۲۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت

لاٹری : قرعہ اندازی۔ سٹّا

لاٹھی : لٹھ۔ عصا۔ جریب۔ بیساکھی۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔ ہانڈی چھڑی۔
چوب دستی۔ بنگا۔ ختکہ۔ پونگا۔ لکڑی۔ منتشاء مطراح

لاج : ۱۔ شرم۔ حیا۔ غیرت۔ لحاظ۔ حجاب۔ لج
۲۔ خجت۔ شرمندگی۔ شرمساری۔ ندامت
۳۔ ننگ۔ عار
۴۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ پت

لاج ونتی : ۱۔ حیادار۔ باحیا۔ غیرت مند۔ باعصمت۔ عفیفہ۔ پاکدامن
۲۔ چھوئی موئی۔ لجونتی

لاجورد : سنگِ سبز۔ نیلا پتھر

لاجوردی : نیلا۔ نیلگوں۔ فیروزی۔ طاؤسی

لاحق : پیوستہ۔ وابستہ۔ چسپاں۔ متصل۔ عارض

لاحقہ : ۱۔ پسادند۔ آخری جزوِ ترکیب
۲۔ (اصطلاحاً) دُم چھلا

لاد : بار۔ بھار۔ بوجھ۔ سامان

لادی : ۱۔ بار۔ بھار۔ بوجھ
۲۔ بقچہ۔ گٹھڑی

لاڈ : چاؤ۔ چوچلا۔ پیار۔ دُلار۔ محبت۔ ناز۔ ماسا۔ اخلاص۔ لاڑ۔
ولا۔ چاؤ چوچلا

لاڈلا : پیارا۔ ناز پروردہ۔ محبوب۔ عزیز۔ دُلارا۔ نورِ چشم۔ چہیتا۔
راج دُلارا

لار : قطار۔ صف۔ پرا

لارا : حیلہ۔ بہانہ۔ لالچ۔ امید۔ آس

لاری : بڑی موٹر گاڑی۔ بس

لازم : ۱۔ وابستہ۔ پیوستہ۔ لحق۔ متصل۔ چسپاں۔ ملتصق
۲۔ ضرور۔ واجب۔ فرض
۳۔ ذمہ۔ تعلق

لازمہ: جوڑ۔ میل۔ ضروری سامان۔ جزوِ لاینفک

لازمی: ضروری۔ واجب۔ لابدی

لاسا: ۱۔ لیس۔ نشاستہ۔ گوند
۲۔ چسکا۔ عادت۔ لت
۳۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا۔ نزاع۔ تنازع
۴۔ امید۔ توقع۔ ڈھکانا۔ لالچ۔ دھوکا۔ جھانسا

لاش: تنِ مردہ۔ جسمِ مردہ۔ نعش۔ میت۔ لوتھ۔ لاشہ۔ جیفہ۔ جنازہ۔ کشتہ

لاغر: دبلا۔ پتلا۔ نحیف۔ نزار۔ ناتواں۔ ضعیف

لاغری: دُبلاپن۔ نزاری۔ ناتوانی۔ ضُعف۔ کمزوری

لاف: شیخی۔ بڑائی۔ ڈینگ۔ مشیخت۔ تعلّی۔ خودستائی

لاف زن: شیخی خورا۔ شیخی باز۔ ڈینگیا۔ بڑبولا۔ ہرزہ سرا۔ گپّی۔ بکواسی

لاف زنی: شیخی بازی۔ بڑ بولاپن۔ ہرزہ سرائی۔ بکواس۔ ڈینگ

لاکٹ: گھنڈی۔ تکمہ۔ تعویذ۔ ہار۔ گلوبند۔ نیکلس

لاکھ: ۱۔ لکھ۔ لک۔ صد ہزار۔ سو ہزار۔ مائۃ الف۔ لَخ
۲۔ بہت۔ بیحد۔ بتیرا۔ بہت سے۔ ہرچند

لاکھا: سرخی۔ لالی۔ دھڑی۔ لپ سٹک۔ مسّی۔ احمر۔ لالن یسانو

لاگ: ۱۔ تعلق۔ علاقہ۔ نسبت۔ وابستگی۔ رشتہ
۲۔ انس۔ محبت۔ لگاؤ۔ لگن۔ عشق۔ چاہ۔ پریم
۳۔ چاٹ۔ چسکا۔ مزہ۔ لپکا
۴۔ شوق۔ رغبت۔ اُمنگ۔ خواہش
۵۔ عداوت۔ دشمنی۔ بیر۔ خصومت۔ مخاصمت۔ بگار۔ معاندت
۶۔ کرتب۔ شعبدہ۔ طلسم۔ سیمیا۔ نیرنگ۔ جادو۔ افسوں۔ سحر۔ منتر۔ ٹونا
۷۔ دوا۔ دارو۔ مداوا۔ علاج۔ درماں
۸۔ سہارا۔ مدد۔ آسرا

لاگ دار: ۱۔ رشتہ دار۔ تعلق دار۔ علاقہ دار۔ ناتی
۲۔ بہنوئی۔ برادرِ نسبتی
۳۔ دوست۔ یار۔ آشنا۔ محب۔ حبیب

لاگ ڈانٹ: اَن بَن۔ عداوت۔ عناد۔ دشمنی۔ بیر۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔ بغض۔ حسد

لاگ لپیٹ: ۱۔ طرفداری۔ پاسداری۔ جانب داری۔ حمایت۔ جنبہ داری
۲۔ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ مکر۔ چھل

لاگت: ۱۔ اصل خرچ۔ صرف۔ صرفہ
۲۔ قیمت۔ بہا۔ ثمن۔ مول۔ بھاؤ

لاگو: ۱۔ دَرپے
۲۔ عائد۔ چسپاں۔ منطبق
۳۔ خواہش مند۔ خواہاں۔ طالب۔ طلبگار
۴۔ دوست۔ آشنا۔ یار۔ ساتھی۔ خبرگیر
۵۔ طرف دار۔ جانب دار۔ جنبہ دار۔ پاسدار۔ حامی۔ موئد
۶۔ خریدار۔ گاہک۔ مشتری
۷۔ دشمن۔ بیری۔ عدو۔ معاند۔ مخاصم۔ خصم۔ جان لیوا

لال: ۱۔ سرخ۔ احمر۔ آل۔ قرمز۔ شہابی۔ سوہا۔ تمتا۔ رتا۔ ارغوانی۔ گیرو۔ رخش۔ سورہ۔ چہچہا۔ سہرین۔ گلابی۔ قرمزی۔ سیندوری
۲۔ لعل۔ یاقوت
۳۔ پیارا۔ لاڈلا۔ عزیز۔ ناز پروردہ

۴۔ بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ ابن۔ خلف۔ پوت
۵۔ دہکتا۔ آتشیں۔ تپتا
۶۔ برافروختہ۔ پُرغضب۔ غضب ناک۔ خشم ناک

لال بجھکڑ: احمق۔ نادان۔ بے وقوف۔ ابلہ۔ بے عقل۔ نافہم۔ مُورکھ۔ برخود غلط

لال بھبوکا: نہایت سرخ۔ تر و تازہ۔ برافروختہ۔ سُرخ انگارہ

لال پانی: ۱۔ خونِ حیض
۲۔ شرابِ سرخ۔ بادۂ احمر۔ مے گلفام۔ مے گلگوں۔ مے لالہ فام۔ بادہ ارغوانی

لال پری: ۱۔ سرخ پری۔ معشوقِ سُرخ پوش
۲۔ شرابِ سرخ۔ بادۂ احمر۔ مے گلفام۔ مے گلگوں۔ مے لالہ فام۔ بادۂ گل رنگ۔ بادۂ ارغوانی

لال سوداگر: کم مایہ سوداگر۔ ٹٹ پونجیا

لالٹین: لینٹرن۔ ہری کین۔ فانوس۔ قندیل۔ بتی

لالچ: ۱۔ حرص۔ طمع۔ آز۔ لوبھ۔ ہوس۔ خواہش۔ لانب۔ کاد۔ شرہ۔ تحریص۔ ہوکا۔ تُھل۔ ہونس۔ چونپ
۲۔ ترغیب۔ بہلاوا۔ پھسلاوا

لالچی: حریص۔ طامع۔ آزمند۔ لوبھی۔ ہوس کار۔ حریص۔ طمعی

لالہ: گلِ خشخاش۔ آتشِ بہار۔ زربون۔ ہزارہ۔ آتشِ زر۔ آذرگون۔ آلالہ۔ الالہ۔ آذریون

لالہ درخشاں — لالہ زار — لالہ رنگ — کشتِ لالہ — ایاغِ لالہ — قدحِ لالہ — لالہ دل سوز — لالۂ صحرا — لالۂ نعمان — لالۂ سرخ — ضمیرِ لالہ — لالۂ سینہ چاک — لالۂ رنگیں برگ — لالۂ بستاں — لالۂ خوں ریز — لالۂ دل — لالۂ تن — لالہ فام — لالہ رُو — لالہ چمن — ساغرِ لالہ — بہارِ لالہ — لالۂ مُشک — لالۂ سن فام — لالۂ داغدار

لالی: ۱۔ سُرخی۔ حمرہ
۲۔ عزت۔ آبرو۔ حرمت۔ سرخروئی
۳۔ عزیزہ۔ بہن

لالے: ۱۔ آرزو۔ اشتیاق۔ تمنا۔ ارمان
۲۔ ناامیدی۔ مایوسی۔ یاس۔ دھکڑ پکڑ

لام: ۱۔ فوج۔ پلٹن
۲۔ جنگ۔ یُدھ۔ رزم۔ پیکار۔ وغا

لام کاف: گالی گفتار۔ بُرا بھلا۔ واہی تباہی۔ لاف گزاف۔ طومار

لامع: روشن۔ چمکیلا۔ درخشاں۔ رخشاں۔ رخشندہ۔ درخشندہ

لان: سبزہ زار۔ قطعۂ گیاہ

لانچ: موٹر بوٹ۔ موٹر کشتی۔ دخانی کشتی۔ سٹیمر

لاون: سالن۔ ترکاری۔ لگاون

لاہوت: عالمِ ذاتِ الٰہی۔ مرتبۂ فنا فی اللہ

لائبریری: کتب خانہ۔ کتاب گھر۔ دارالمطالعہ۔ ریڈنگ روم

لائبریرین: کتاب دار۔ ناظمِ کتب خانہ۔ محافظِ کتب خانہ

لائحہ: فہرست۔ فرد۔ پروگرام۔ اسکیم۔ منصوبہ۔ رجسٹر۔ یادداشت۔

دقیقہ

لائحۂ عمل: دستور العمل۔ نصب العین۔ برنامہ۔ پروگرام

لائسنس: اجازت نامہ۔ پرمٹ۔ اجازہ

لائف: ۱۔ زندگی۔ زیست۔ حیات۔ عمر۔ اَدَستھا
۲۔ سوانح حیات۔ سوانح عمری۔ تذکرہ۔ بائیوگرافی

لائق: ۱۔ قابل۔ لئیق۔ لیاقت مند۔ فاضل۔ ہُنرمند۔ گنی۔ جوہر قابل۔ دانا۔ ذی لیاقت۔ دانش مند۔ اہل۔ ہوشیار۔ صاحبِ استعداد۔
۲۔ مناسب۔ موزوں۔ زیبا۔ واجب
۳۔ روا۔ جائز۔ بجا۔ درست
۴۔ کافی۔ وافی۔ مکتفی

لائن: ۱۔ خط۔ لکیر۔ ریکھا
۲۔ پٹڑی۔ ریل
۳۔ قطار۔ صف۔ سلسلہ۔ پرّا
۴۔ وضع۔ روش۔ طرز۔ انداز

لاؤڈ سپیکر: آلۂ مکبر الصوت۔ جہیر الصوت۔ بھونپو

لاؤنج: انتظار گاہ۔ نشست گاہ

لَب: ۱۔ ہونٹ۔ شفہ۔ لعل۔ غنچہ
۲۔ مونچھ
۳۔ کنارہ۔ طرف۔ جانب

لب تشنگی: ۱۔ پیاس۔ عطش۔ ترسنا
۲۔ آرزومندی۔ تمنّا

لب تشنہ: ۱۔ پیاسا۔ عاطش
۲۔ آرزومند۔ تمنائی۔ متمنّی

لب ریز: بھرا پُرا۔ پُر۔ لبالب

لبِ شکر ریز ــ لبِ معطّر ــ لبِ جاں پرور ــ لبِ روح پرور ــ لبِ باج خواہ ــ لبِ میگوں ــ شکر لب ــ لبِ خندہ زن ــ لبِ نکتہ رس ــ لبِ نکتہ فشاں ــ انگبیں ریز ــ لبِ مرجاں رنگ ــ لبِ گویا ــ لبِ سخن پرور ــ یاقوت لب ــ لعل لب ــ لبِ شکر انگیز ــ لبِ نوشیں آفریں ــ لبِ دلآویز ــ لبِ آتش فشاں ــ لبِ سحر آفریں ــ لبِ شکریں ــ لبِ دشنام ــ لبِ بوسہ کار ــ لبِ بشگاف ــ لبِ شکر شکن ــ لبِ شکر خوردہ ــ لبِ شہد افشاں ــ لبِ شور انگیز ــ لبِ نمک ریز ــ لبِ لُولُو بند ــ لبِ خوش تر ــ لبِ مستی مالیدہ ــ لبِ نیلوفری ــ عقیق فام ــ لبِ کم سخن ــ لبِ چشمہ نوش ــ یاقوت لب ــ لبِ نشاط افزا ــ لبِ شیریں ــ لبِ بادہ دشمن ــ لبِ احمریں ــ لبِ خشک ــ لبِ تفسیدہ ــ لبِ بوسہ خواہ ــ لبِ دُرد کش ــ لبِ شکوہ سرا ــ بر لب ــ لبِ راہجوں غلطیدہ ــ لبِ شہد فام ــ لبِ مے خوار ــ لبِ شکرانہ پسند ــ لبِ حسرت ــ لبِ خاموش ــ لبِ گویا ــ لبِ نغمہ گر ــ لبِ مرثیہ خواں ــ لبِ عقیق رنگ ــ لبِ یاقوت فام ــ بقدرِ لب و دنداں ــ لبِ خوشامد ــ لبِ خونچکاں ــ انگشت بہ لب ــ لبِ سکوت ــ تشنہ لبی ــ شکر لبی ــ

ـــ لبِ بر بوسہ پر بدن ـــ لبِ اشتیاق ـــ لبِ رونہ
ـــ لبِ بال تراشش ـــ لب بر پائے یار ـــ لبِ خوں آشنا
ـــ لبِ آستاں بوس ـــ لبِ قدم بوس ـــ
لبِ بشارت ـــ لبِ تشنۂ داستاں ـــ لبِ قصہ گو
ـــ لبِ غزل گو ـــ لبِ افسانہ خواں

لُب : مغز۔ بھیجا۔ ست۔ خلاصہ۔ نچوڑ۔ عطر

لُبِ لباب : ماحصل۔ اصل مطلب۔ اصل چیز۔ جوہر

لبادہ : جُبّہ۔ فرغل۔ چُغہ۔ جامہ

لباس : پوشاک۔ جامہ۔ پوشش۔ پیراہن۔ کسوت۔ بھیس۔ چولا۔
کپڑے۔ پیرایہ۔ حُلّہ۔ بدلہ۔ خلعت۔ پشواز۔ کپڑا۔ قبا۔
استرابہ۔ اشن۔ الکسون۔ برکساں۔ بیرہن۔ پرتھون۔
برنیاں۔ پوشنہ۔ پوشینہ۔ ریاز۔ ریاد۔ کرباد۔ ناشو۔
وشی۔ پکون۔ پہناونی۔ رنڈسالہ۔ کفن۔ پہناوا۔ جوڑا

لبالب : بھرپور۔ پُر۔ سرشار۔ لبریز۔ ملان۔ طفوح۔ رذدم۔
چھلکتا۔ بھرا ہوا

لُبدی : لگدی۔ لُپری

لبرٹی : آزادی۔ حرّیت۔ خود مختاری

لبرل : آزاد خیال۔ خود مختار۔ نرم مزاج۔ روادار۔ خیرخواہِ خلائق

لب و لہجہ : اسلوب۔ اندازِ بیان۔ طرزِ تکلم۔ طرزِ کلام۔ اندازِ گفتگو

لُبھاؤ : ترغیب۔ کشش۔ لالچ

لپرا : ڈھیلی۔ چپچپڑا۔ لیس

لَپ : آنجل۔ مٹھی بھر

لپا : تھپڑ۔ چانٹا۔ تمانچا۔ لطمہ۔ سیلی۔ چپت۔ لپڑ

لپاڈگی : گھونسم گھونسا۔ مارکٹائی۔ ہاتھاپائی

لپاٹی / لپاٹیا : جھوٹا۔ گپّی۔ بکواسی۔ ہرزہ سرا۔ دروغ گو۔ کاذب

لپالپ : جھٹ پٹ۔ فوراً۔ تُرت

لپائی : پُتائی۔ کہگل۔ پلستر۔ استرکاری

لپٹ : ۱۔ لپک۔ شعلہ۔ لو۔ آنچ۔ بھبک۔ گرمی۔ لاٹ۔ جوت۔ جوالہ
۲۔ جھونکا۔ لہر۔ موجِ ہوا
۳۔ مہک۔ باس۔ سوگندھ
۴۔ لو۔ بادِ سموم

لپڑ : تھپڑ۔ چانٹا۔ تمانچا۔ لطمہ۔ سیلی۔ چپت

لپک : ۱۔ جھپٹ۔ چھلانگ۔ کود۔ جست
۲۔ کوندا۔ چمک۔ روشنی
۳۔ شعلہ۔ لو۔ لپٹ۔ لاٹ
۴۔ دھڑک۔ تڑپ۔ جنبش۔ لپک
۵۔ سوزش۔ ٹیس

لپکا : ۱۔ عادت۔ خُو
۲۔ خوئے بد۔ لت۔ دھت
۳۔ چاٹ۔ مزہ۔ چسکا
۴۔ چھلانگ۔ جست۔ کود۔ جھپٹ

۵۔ چھینا جھپٹی
۶۔ بدمعاش۔ شہدا۔ اٹھائی گیرا۔ اُچکا

لپیٹ : ۱۔ پیچ۔ بل۔ تہ
۲۔ پوشش۔ غلاف
۳۔ بند۔ بندھن
۴۔ دَور۔ محیط۔ گردہ۔ گھیرا
۵۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ دھوکا۔ چھل۔ چل
۶۔ الجھاؤ۔ الجھیڑا۔ الجھن۔ جنجال
۷۔ مصیبت۔ بپتا۔ آفت۔ صعوبت
۸۔ جھپٹ
۹۔ ہٹس۔ پھرول

لپیٹواں : ۱۔ شامل۔ منضم
۲۔ پیچیدہ۔ ملفوف
۳۔ درپردہ۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔ نہاں۔ مستور۔
۴۔ پیچدار۔ پُرپیچ۔ بل دار

لت : ۱۔ عادت۔ خُو۔ دھت۔ خوئے بد۔ علّت
۲۔ آمیزش۔ آلودگی
۳۔ چسکا۔ چسکا۔ مزہ
۴۔ ملا جُلا۔ گڈمڈ۔ مخلوط۔ خلط ملط

لت پت : ۱۔ بھرا۔ آلودہ۔ ملوّث۔ شوربور۔ لتھڑا ہوا۔ لتھڑا ہوا۔ لتھڑا پتھڑا۔ سنا ہوا
۲۔ خراب حال۔ خستہ حال۔ صاحب فراش

لتا : چیتھڑا۔ پارچہ۔ لیرا۔ دھجی

لتاڑ : ۱۔ لعنت۔ ملامت۔ سرزنش۔ فضیحت۔ زجر و توبیخ۔ جھڑک۔ گھُرکی۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ پھٹکار

۲۔ تکلیف۔ مصیبت۔ آفت۔ عذاب۔ بپتا۔ صعوبت۔ مشکل
۳۔ کثرتِ کار۔ بھاگ دوڑ۔ محنت۔ مشقت
۴۔ پامالی۔ روندن
۵۔ تھکاوٹ۔ تھکن۔ تکان۔ ماندگی۔ خستگی

لُترا : ۱۔ چغل خور۔ غماز۔ نمام۔ بدگو۔ بدآموز
۲۔ خوشامدی۔ چاپلوس۔ متملق۔ کاسہ لیس
۳۔ طوطا چشم۔ بے مروّت۔ بے لحاظ۔ بے وفا
۴۔ بکواسی۔ بکّی۔ ہرزہ سرا۔ لغوگو۔ بے ہودہ گو

لُترا پن : ۱۔ چغل خوری۔ غمازی۔ نمامی۔ بدگوئی۔ بدآموزی
۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔ تملق۔ کاسہ لیسی
۳۔ طوطا چشمی۔ بے مروّتی۔ بے لحاظی۔ بے وفائی
۴۔ بکواس۔ بک بک۔ ہرزہ سرائی۔ لغوگوئی۔ بیہودہ گوئی

لَٹ : ۱۔ جٹا۔ زلف۔ کاکل۔ گیسو
۲۔ رسّی۔ ڈوری۔ لڑی
۳۔ الجھیڑا۔ الجھن

لٹ پٹا : ۱۔ الجھا۔ پیچیدہ۔ پیچ در پیچ۔ پُرپیچ
۲۔ آڑا۔ ترچھا۔ بے ترتیب۔ غیر منظم
۳۔ رنگیلا۔ البیلا۔ چھبیلا
۴۔ متوالا۔ سرمست۔ بے خود۔ مخمور
۵۔ ڈگمگاتا۔ لڑکھڑاتا
۶۔ ہکلا۔ توتلا۔ لکنت زدہ
۷۔ خوش مزاج۔ خوش طبع
۸۔ چٹ پٹا۔ چٹخارے دار
۹۔ گھلا ملا۔ گاڑھا۔ گھنا

لُٹا پُٹا : برباد۔ ضائع۔ تباہ۔ یغمازدہ

لُٹاؤ: اُڑاؤ۔ ذوچیلا۔ فضول خرچ۔ مُسرِف۔ مبذر

لٹریچر: ادب۔ ادبیات۔ تحریری مواد۔ انشا

لُٹس: لوٹ کھسوٹ۔ لوٹ مار۔ غارت گری۔ منصب و نہب۔ نوچ کھسو چھینا جھپٹی

لٹک: ۱۔ آویزش۔ لٹکاؤ۔ تعلیق
۲۔ ناز۔ انداز۔ ادا
۳۔ لہر۔ موج۔ ترنگ
۴۔ آسیب۔ سایہ۔ بھوت۔ پریت
۵۔ دیوانگی۔ جنون۔ دیوانہ پن۔ خبط
۶۔ لت۔ دھت۔ عادت۔ خو
۷۔ بے پروائی۔ بے فکری۔ لاابالی پن
۸۔ عشق۔ محبت۔ چاہ۔ پریم۔ پریت

لٹکا: ۱۔ منتر۔ افسوں۔ سحر۔ جادو۔ ٹونا
۲۔ موہنی۔ عمل حُب
۳۔ شعبدہ۔ کرتب۔ سیمیا۔ نیرنگ۔ طلسم۔ چٹکلا
۴۔ گُر۔ ہنر
۵۔ داؤں۔ پیچ۔ گھات
۶۔ طور۔ طریق۔ چلن۔ روش۔ انداز۔ وضع
۷۔ تدبیر۔ جتن
۸۔ مشغلہ۔ شغل۔ تفریح۔ تفنّن۔ دل بہلاوا
۹۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ چھل۔ پُھن۔ پھند
۱۰۔ اکسیر۔ موثر نسخہ۔ حتمی علاج
۱۱۔ چلتر۔ عیاری۔ مکاری۔ چالبازی

لٹکن: ۱۔ آویزہ۔ گوشوارہ۔ جھمکا
۲۔ پنڈولم۔ رستول۔ ساہول۔ لنگر
۳۔ جھاڑ۔ فانوس
۴۔ جھالر۔ چلمن۔ پردہ
۵۔ مچھولہ
۶۔ گھڑونچی۔ چھینکا

لٹّو: ۱۔ وِدّامر۔ گرویدہ۔ مرمٹا۔ چکّی۔ چکّل۔ لاٹو
۲۔ (کنایتہً) فریفتہ۔ شیفتہ۔ شیدا۔ والہ۔ عاشق

لٹیرا: چور۔ سارق۔ اچکا۔ ڈاکو۔ قزاق۔ راہزن۔ قاطع الطریق۔ قطاع الطریق

لجاجت: منت۔ سماجت۔ خوشامد۔ عاجزی

لجالو: ۱۔ شرمیلا۔ حیادار۔ باحیا۔ جھینپو۔ کم گو
۲۔ لاجونتی۔ چھوئی موئی

لجلجا: گلگلا۔ لچپچا۔ پلپلا۔ پلپلا۔ لچک دار۔ نرم۔ ملائم۔ چیپ دار۔ لسلسا

لُچّا: ۱۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے غیرت۔ بے حمیت
۲۔ اوباش۔ بدمعاش۔ آوارہ۔ بدوضع۔ بداطوار۔ بدچلن۔ بدکردار
۳۔ شریر۔ شرارتی۔ شرپسند۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرداز۔ مفتنی۔ فتنہ پرور۔ فسادی۔ مفسدہ پرداز۔ جھگڑالو
۴۔ اچکا۔ ٹھگ۔ اٹھائی گیرا۔ لٹیرا
۵۔ قمار باز۔ جواری
۶۔ عیب دار۔ عیبی

لُچّاپن، لُچپن، لُچپنا: ۱۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے غیرتی
۲۔ اوباشی۔ بدمعاشی۔ آوارگی۔ بدوضعی۔ بداطواری۔ بدکرداری۔ بدچلنی
۳۔ شرارت۔ شرپسندی۔ شرانگیزی۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پردازی۔

فتنہ پروری۔ مفسدہ پردازی۔ جھگڑا۔ نزاع۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ بکھیڑا
۴۔ اچکاپن۔ ٹھگی۔ لٹیراپن
۵۔ قماربازی۔ جوئے بازی
۶۔ عیب داری

لچر: ۱۔ بے ہودہ۔ فضول۔ لغو۔ مہمل۔ پوچ
۲۔ اناڑی۔ بے وقوف۔ نادان۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ

لچک: ۱۔ جھکاؤ۔ خمیدگی۔ کجی۔ جنبش۔ لرزش۔ لوچ۔ خم۔ بل
۲۔ نرمی۔ ملائمت
۳۔ ہچکولا۔ جھٹکا

لچک دار: لچکیلا۔ لرزاں۔ جنباں۔ نرم۔ ملائم

لچکا: ۱۔ جھٹکا۔ ضرب۔ ہچکولا
۲۔ لچک۔ لوچ۔ بل
۳۔ گوٹا۔ کناری۔ مسالا

لچلچا: لعاب دار۔ لسلسا۔ لچکیلا۔ لبلبا۔ نرم۔ ملائم

لچھن: ۱۔ نشان۔ علامت۔ اثر
۲۔ چال ڈھال۔ وضع قطع۔ انداز۔ طور۔ طریق۔ سبھاؤ۔ روش۔ رنگ ڈھنگ۔ طرزِ عمل۔ طور طریق
۳۔ فعل۔ کرتوت۔ کردار۔ چلن۔ چال چلن
۴۔ حالت۔ کیفیت۔ گت
۵۔ عادت۔ خو۔ خصلت۔ طینت۔ سرشت۔ سیرت۔ خلقہ
۶۔ کام۔ دھندا۔ کریا۔ کرم

لچیلا: ۱۔ لوچ دار۔ لچکدار۔ لچکیلا
۲۔ نرم۔ ملائم۔ نازک

۲۔ لیس دار۔ لسلسا

لحاظ: ۱۔ نظر۔ نگاہ
۲۔ ادب۔ احترام۔ حفظِ مراتب
۳۔ شرم۔ حیا۔ لاج۔ مروّت۔ حجاب
۴۔ پاس۔ رعایت۔ رو رعایت۔ جانبداری۔ پاسداری۔ طرف داری
۵۔ خیال۔ دھیان۔ توجہ۔ چیت۔ غور
۶۔ احتیاط۔ اجتناب۔ پرہیز۔ احتراز

لحاف: رضائی۔ بالاپوش۔ کھندڑا۔ نہالی۔ لیف۔ دُلائی۔ تپوت۔ زیرپوش۔ تُجّلی

لحد: گڑھا۔ گور۔ قبر۔ مرقد۔ مزار۔ تربت۔ مضجع

لحظہ: پل۔ لمحہ۔ وقفۂ قلیل۔ دم

لحم: گوشت۔ ماس۔ بوٹی

لحمیہ: لحمی جزو غذا۔ پروٹین

لحن: سُر۔ آواز۔ لہجہ۔ خوش آوازی۔ خوش خوانی۔ آہنگ

لحیم: پُرگوشت۔ موٹا۔ فربہ۔ تیار

لحیم شحیم: موٹا تازہ۔ فربہ۔ تیار۔ صاحبِ تن و توش

لخت: ۱۔ ٹکڑا۔ پارہ۔ بھاگ۔ اَنس۔ جزو
۲۔ تھوڑا۔ اندک۔ مقدارِ قلیل۔ جزوِ قلیل

لختِ جگر: (کنایۃً) بیٹا۔ بیٹی۔ اولاد۔ جگر گوشہ۔ جگر پارہ۔

پیارا۔ محبوب

لداپھندا: بھراپُرا۔ ہرابھرا۔ پُربار

لداؤ: بوجھ۔ بھار۔ بار

لدو: باربردار۔ بارکش

لڈو: ۱۔ مٹھائی
۲۔ گولہ۔ کلوخ۔ ڈھیلا

لذت: مزہ۔ ذائقہ۔ سواد۔ حظ

لذیذ: خوش ذائقہ۔ مزہ دار۔ خوش گوار۔ پُرلطف

لرزش: رعشہ۔ کپکپی۔ کپکپاہٹ۔ تھرتھراہٹ۔ ارتعاش۔ جنبش۔ تھرتھری

لرزہ: ۱۔ رعشہ۔ کپکپی۔ کپکپاہٹ۔ تھرتھراہٹ۔ ارتعاش۔ جاڑا
۲۔ زلزلہ۔ بھونچال

لڑائی: ۱۔ تکرار۔ جھگڑا۔ جھپٹ۔ زدوکوب۔ رگڑا رگڑی۔ رگید نا۔ گھمسان۔ پتی۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔ تفضیہ۔ جھڑپ۔ بگاڑ۔ ناراضی۔ اَن بن۔ رنجش۔ عداوت۔ خفگی۔ شکررنجی۔ بدمزگی۔ کدورت۔ ناموافقت۔ پرخاش۔ تنازع۔ نزاع۔ خصومت۔ مخاصمت۔ معاندت۔ کشیدگی۔ اختلاف۔ بیر۔ دشمنی
۲۔ جنگ۔ رزم۔ پیکار۔ یُدھ۔ معرکہ۔ میدان۔ وغا۔ ستیزہ۔ جدال۔ قتال۔ حرب۔ محاربہ۔ نبرد۔ جوتی پیزار۔ مٹھ بھیڑ۔ دنگا۔ فساد۔ ماردھاڑ۔ گتھم گتھا۔ مارکٹائی۔ فتنہ۔ یُدھ۔ جنگِ عظیم۔ کشت وخون۔ کارزار۔ بھیا۔ مقابلہ۔ مقاتلہ۔ معرکہ آرائی۔ جدہ۔ جنگ وجدل۔ مصاف۔ مجادلہ۔ رَن۔ گڑھ

لڑکا: ۱۔ بچہ۔ طفل۔ کودک۔ چھوکرا۔ چھورا۔ منڈا۔ بالک۔ بالہ۔ لالہ۔ چھوکرا۔ امرد۔ جاتک۔ کاکا
۲۔ بیٹا۔ پوت۔ فرزند۔ پسر۔ خلف۔ ابن۔ لونڈا۔ ولید۔ پُتر
۳۔ غلام۔ چیلا۔ داس
۴۔ ناداں۔ ناتجربہ کار۔ ناآزمودہ کار

لڑکپن: ۱۔ بچپن۔ طفولیت۔ طفلی۔ کودکی
۲۔ کم سنی۔ کم عمری۔ نوعمری
۳۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن

لڑکی: ۱۔ بچی۔ جیتہ۔ چھوکری۔ چھوری۔ لونڈیا۔ گڑی
۲۔ بیٹی۔ پُتری۔ دُختر۔ بنت۔ دخترک
۳۔ لونڈی۔ کنیز۔ چیری۔ داسی
۴۔ دوشیزہ۔ کنواری۔ ناکتخدا۔ باکرہ۔ کنیا۔ عذرا۔ کواری۔ ناکتخدا۔ بن بیاہی

لڑی: ۱۔ لڑ۔ ہار
۲۔ سلسلہ۔ قطار
۳۔ تعلق۔ رشتہ
۴۔ جھڑی۔ تسلسل

لَس: لیس۔ چیپ۔ چپچپاہٹ۔ لوچ

لس دار: لیس دار۔ چیپ دار۔ چپچپا۔ لوچ دار

لسان: ۱۔ زبان۔ جیبھ
۲۔ بولی۔ بھاشا۔ بھاکھا۔ زبان

لِسّان: زبان آور۔ فصیح۔ چرب زبان۔ خوش بیان۔ تیز زبان۔ درازگو۔ باتونی

لسٹ: فہرست۔ فرد

لسوڑا: سپستاں۔ لسوڑھا۔ نسورا۔ لیڑا۔ لسلسا

لسی: شلے۔ چھاچھ۔ دوغ۔ دہی۔ ڈوبہ۔ مٹھا

لشکر: ۱۔ فوج۔ سپاہ۔ عسکر۔ قشون۔ جیش۔ تمند۔ اردو۔ دَل۔ سینا۔ کٹک
۲۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ ازدحام۔ انبوہ۔ مجمع۔ جمعیت۔ ٹھٹھ۔ جمِ غفیر

لشکرکشی: دھاوا۔ چڑھائی۔ یلغار۔ یورش۔ حملہ
لشکرگاہ: معسکر۔ چھاؤنی۔ کیمپ۔ پڑاؤ

لشکری ــ سالارِ لشکر ــ لاؤ لشکر ــ لشکرِ جرار ــ لشکرکشی

لشکری: فوجی۔ سپاہی۔ عسکری

لطافت: ۱۔ عمدگی۔ نفاست۔ پاکیزگی۔ صفائی۔ نازکی۔ نزاکت۔ ستھرائی۔ تحفگی۔ نکوئی۔ خوبی
۲۔ خوب صورتی۔ حسن۔ جمال۔ تازگی۔ طراوت
۳۔ باریکی۔ نکتہ
۴۔ فصاحت۔ بلاغت۔ سلاست۔ شستگی
۵۔ مزہ۔ لذت۔ لطف۔ ذائقہ۔ حظ

لطف: ۱۔ عنایت۔ مہربانی۔ محبت۔ مروت۔ کرم
۲۔ خوبی۔ عمدگی۔ نفاست
۳۔ خوشی۔ فرحت۔ انبساط
۴۔ نرمی۔ ملائمت
۵۔ تازگی۔ طراوت
۶۔ حظ۔ ذائقہ۔ مزہ۔ لذت۔ حلاوت

۷۔ ظرافت۔ خوش طبعی۔ خوش مزاجی

لطمہ: تھپیڑ۔ تمانچہ۔ چپت۔ سیلی۔ تھپیڑا

لطیف: ۱۔ مہربان۔ کرم فرما۔ کریم
۲۔ نرم۔ ملائم۔ نازک۔ کومل
۳۔ باریک۔ پتلا۔ مہین۔ رقیق
۴۔ ہلکا۔ سبک
۵۔ صاف۔ ستھرا۔ پاک۔ پاکیزہ۔ غیرکثیف
۶۔ خوب۔ عمدہ۔ نفیس
۷۔ خوش ذائقہ۔ خوش گوار۔ مزہ دار۔ پرلطف۔
۸۔ زودہضم
۹۔ مقدس۔ متبرک

لطیف الطبع ــ لطیف مزاج ــ جنسِ لطیف

لطیفہ: چٹکلا۔ بذلہ۔ شگوفہ۔ مزاح۔ ظرافت۔ مذاق

لطیفہ باز/گو: چٹکلے باز۔ بذلہ سنج۔ ظریف۔ بذلہ گو۔ خوش طبع۔ حاضر جواب۔ شغول باز
لطیفہ بازی/گوئی: چٹکلے بازی۔ بذلہ سنجی۔ ظرافت۔ خوش طبعی

لعاب: ۱۔ آبِ دہن۔ تھوک۔ رال
۲۔ لیس۔ چیپ۔ چپچپاہٹ

لعاب دار: لیس دار۔ چیپ دار۔ چپچپا

لعب: کھیل کود۔ تفریح۔ دل بہلاوا۔ سیر تماشا

لعبت: ۱۔ کھلونا۔ بازیچہ

۲۔ گڑیا۔ گُڈی۔ پُتلی۔ مورت۔ بُت

لعل: یاقوتِ سُرخ

لعن: لعنت۔ ملامت۔ نکوہش۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ نفرین

لعن طعن: لعنت ملامت۔ طعن و تشنیع۔ پھٹکار۔ دھتکار۔ دُرکار۔ جھڑکی۔ سرزنش۔ زجر و توبیخ۔ گھُرکی

لعنت: لعن۔ پھٹکار۔ نکوہش۔ دھتکار۔ نفرین۔ ملامت۔ دُوف۔ دُھرکار۔ دُرکار۔ سرزنش۔ زجر و توبیخ۔ لعن طعن۔ تف۔ تھُڑی۔ دُردُر۔ پھِٹ پھِٹ۔ ذلّت۔ خواری۔ بے رونقی۔ تھُوتھُو

لعنتی: مردود۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ ملعون۔ لعین

لعین: لعنتی۔ ملعون۔ دور از رحمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ محروم

لُغات: ۱۔ الفاظ
۲۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔ شبد کوش۔ قاموس

لُغت: ۱۔ لفظ۔ شبد
۲۔ زبان۔ بولی۔ بھاشا۔ بھاکھا
۳۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔ شبد کوش۔ قاموس

لُغت داں: واقفِ لُغت۔ زبان داں۔ ماہرِ زباں
لُغت دانی: واقفیتِ لُغت۔ زبان دانی۔ مہارتِ زبان

لُغز: پہیلی۔ بجھارت۔ چیستان۔ معمّہ

لغزش: ۱۔ پھسلن۔ پھسلاہٹ۔ لڑکھڑاہٹ۔ ڈگمگاہٹ
۲۔ لرزش۔ جنبش۔ ارتعاش
۳۔ خطا۔ غلطی۔ سہو۔ بھول۔ چُوک
۴۔ گمراہی۔ ضلالت

لَغو: ۱۔ بے ہودہ۔ واہیات۔ پوچ۔ مہمل۔ لایعنی۔ بے معنی۔ ہرزہ۔ لچر
۲۔ بعید از قیاس۔ نامعقول۔ یاوہ۔ جھوٹا۔ باطل
۳۔ فضول۔ بے کار۔ بے فائدہ۔ بے سود۔ عبث۔ لاحاصل

لُغوی: ماہرِ لُغت۔ ماہرِ زبان۔ لفظی

لَغویت: بے ہودگی۔ لچر پن

لف: شامل۔ لپٹا۔ متصل۔ منسلک۔ منضم

لفّاظ: لسّان۔ باتونی۔ چرب زبان۔ تیز زبان۔ بسیار گو۔ خوش بیاں۔ خوش کلام

لفّاظی: لسّانی۔ چرب زبانی۔ طویل کلام۔ بسیار گوئی۔ خوش بیانی۔ خوش کلامی

لفافہ: ۱۔ خول۔ غلاف۔ پوشش
۲۔ کفن
۳۔ دکھاوا۔ نمائش۔ بناوٹ۔ تصنّع۔ ظاہرداری
۴۔ قلعی۔ ملمّع۔ دھوکا۔ ریا
۵۔ بھید۔ راز۔ سِتر

لفظ: کلمہ۔ شبد۔ بول۔ بچن۔ بات۔ گُفت۔ حدیث۔ کلام۔ حرف۔ گل۔ سُخن

لفظِ خاموش — یادگارِ لفظ — لفظِ بیان افروز —

لفظِ خوب ــ لفظِ مُشک پاش ــ لفظِ شیریں ــ
لفظِ عذوبت آمیز ــ لفظِ فرحت بخش ــ لفظِ مُہمل
ــ لفظِ سُبک ــ لفظِ گراں ــ لفظِ تلخ ــ
لفظِ بے آواز ــ لفظِ بے قلم ــ لفظِ بے صوت ــ
لفظِ بے صورت ــ لفظِ نمکین ــ لفظِ سرور افشاں
ــ لفظِ برجستہ ــ لفظِ نافہ بُو ــ لفظِ فزوناں

لفظی : لُغوی ۔ اصلی ۔ حقیقی

لفنگا : لُچا ۔ شُہدا ۔ بدمعاش ۔ اوباش ۔ غنڈا ۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔
بداطوار ۔ بدوضع ۔ اوچھا ۔ چھچھورا

لق : صاف ۔ بے بال

لق و دق : صاف ۔ چٹیل ۔ بے گیاہ و سبزہ ۔ ویرانہ ۔ بنجر ۔ بیاباں ۔ صحرا ۔
ریگستان

لقا : ۱۔ چہرہ ۔ شکل ۔ صُورت ۔ بشرہ
۲۔ ملاقات ۔ دیدار ۔ زیارت ۔ رؤیت

لقب : تعریفی نام ۔ وصفی نام ۔ القاب ۔ خطاب ۔ عُرفیت ۔ کُنیت ۔ تخلص ۔
قلمی نام

لقلق : لک لک ۔ بگلا ۔ سارس

لُقمہ : نوالہ ۔ کور ۔ گراس ۔ زلہ ۔ نلہ ۔ ٹکڑا ۔ طعمہ ۔ اُکلہ ۔ گُمہ ۔ بُرکی

لفندرا : لُچا ۔ لفنگا ۔ شُہدا ۔ بدمعاش ۔ اوباش ۔ بدچلن ۔ بدکردار ۔
غنڈا ۔ بداطوار ۔ بدوضع ۔ شریر ۔ کھلنڈرا

لفنڈراپن : لُچپن ۔ بدمعاشی ۔ اوباشی ۔ بدچلنی ۔ بدکرداری ۔ بداطواری ۔
بدوضعی ۔ شرارت ۔ کھلنڈراپن

لکچر / لیکچر : ۱۔ درس ۔ سبق
۲۔ وعظ ۔ اُپدیش ۔ تقریر ۔ خطبہ

لکچرار / لیکچرار : ۱۔ مدرّس ۔ معلّم ۔ استاد
۲۔ واعظ ۔ اُپدیشک ۔ مقرر ۔ خطیب

لکڑ : شہتیر ۔ لٹھا ۔ چوبِ کلاں ۔ کُندہ

لکڑہارا : ہیزم فروش ۔ خارکش ۔ حاطب

لکڑی : ۱۔ ہیزم ۔ چوب ۔ کاٹھ ۔ حطب ۔ لٹھ ۔ خشب ۔ ہیمہ ۔ دار
۲۔ چھڑی ۔ لاٹھی ۔ ڈنڈا ۔ سونٹا ۔ خشکہ ۔ عصا
۳۔ (کنایۃً) سہارا ۔ مدد ۔ آسرا
۴۔ (〃) سخت ۔ کڑا
۵۔ پیام ۔ گتکا

لکنت : ہکلاہٹ ۔ ہکلاپن ۔ عقدۂ لسان ۔ اٹکن ۔ ہنکلاپن ۔ بستہ زبانی

لکھ : ۱۔ لاکھ ۔ صد ہزار ۔ سو ہزار ۔ الف آنہ
۲۔ بہت ۔ کثیر ۔ بے شمار ۔ لاتعداد ۔ ان گنت

لکھ پتی : دھنی ۔ دھن وان ۔ دولت مند ۔ متمول ۔ مال دار ۔ غنی ۔ امیر

لکھ لُٹ : اُلم دُ ۔ اسراف ۔ فضول خرچ ۔ خرچیلا ۔ مسرف ۔ مبذر

لکھا : ۱۔ نوشتہ ۔ محررہ ۔ مرقومہ ۔ مکتوبہ ۔ نگاشتہ
۲۔ قسمت ۔ بھاگ ۔ بخت ۔ مقدر ۔ تقدیر ۔ قضا

لکھا پڑھا : خواندہ ۔ تعلیم یافتہ ۔ حرف شناس

لکھا پڑھی : تحریر ۔ نوشت

لکھاڑی: محرر۔ راقم۔ مصنف۔ انشا پرداز۔ مضمون نگار۔ نویسندہ۔ نگارندہ

لکھائی: ۱۔ تحریر۔ کتابت۔ خط
۲۔ اجرتِ کتابت۔ اجرتِ تحریر

لکھت: تحریر۔ نوشت۔ دستاویز۔ وثیقہ

لکیر: ۱۔ خط۔ لائن۔ لیک۔ ریکھا۔ دھاری۔ ریکھ۔ نشان۔ دھارا۔ ڈنڈیر
۲۔ سلسلہ۔ قطار۔ سطر
۳۔ رسمِ قدیم۔ دستورِ کہنہ

لگا: ۱۔ متصل۔ پیوستہ۔ چسپاں۔ ملحق
۲۔ جلا۔ سوختہ۔ داغی
۳۔ عادی۔ معتاد۔ خوگر

لگا بندھا: ۱۔ مطیع۔ منقاد۔ فرماں بردار
۲۔ مقید۔ پابند۔ گرفتار۔ قیدی
۳۔ مقرر۔ معین۔ حسبِ معمول
۴۔ وابستہ۔ متعلق۔ متوسل۔ طے شدہ
۵۔ دوست۔ آشنا۔ یار

لگاتار: اوپر تلے۔ سلسلہ وار۔ بغیر توقف کے۔ تڑاق پڑاق۔ تڑ پڑ۔ تواتر۔ بلا ناغہ۔ مسلسل۔ تابڑ توڑ۔ مدام۔ یکے بعد دیگرے۔ توالی۔ برابر۔ متواتر۔ پے در پے۔ متصل۔ پیہم۔ علی الاتصال۔ پیاپے۔ تترلی۔ علی التواتر

لگام: لجام۔ عنان۔ دہانہ۔ باگ۔ لغام۔ باگ جلو۔ شرح

لگان: شرح۔ پڑتا۔ محصول۔ مالیہ۔ حاصلہ۔ خراج۔ باج۔ کر۔ ٹیکس

لگاوٹ: ۱۔ لگاؤ۔ تعلق۔ علاقہ۔ میل۔ ڈھب۔ واسطہ
۲۔ دوستی۔ آشنائی۔ یاری۔ اختلاط
۳۔ ناز۔ نخرہ۔ ادا۔ انداز
۴۔ چرب زبانی۔ لسّانی

لگاؤ: ۱۔ تعلق۔ واسطہ۔ علاقہ۔ نسبت
۲۔ پہنچ۔ دخل۔ رسائی۔ باریابی
۳۔ میل۔ ملاپ۔ راہ و رسم۔ ربط ضبط۔ رشتہ ناتا۔ یگانگی۔ مناسبت۔ یگانگت
۴۔ جوڑ۔ ہمسری
۵۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ لاگ
۶۔ شرکت۔ ساجھا
۷۔ رجحان۔ میلان۔ رغبت۔ جھکاؤ
۸۔ ایما۔ اشارہ۔ رمز

لگائی بجھائی: چغلی۔ بدگوئی۔ غیبت۔ غمازی۔ نمامی۔ تہمت۔ اتہام۔ بہتان۔ الزام

لگتا: ۱۔ متعلق۔ وابستہ۔ رشتہ دار۔ متوسل
۲۔ جلتا۔ چبھتا۔ ناگوار

لگرا: باز۔ شکرہ۔ جُرّہ

لگن: (اردو) ۱۔ تعلق۔ علاقہ۔ واسطہ۔ نسبت۔ لگاؤ
۲۔ دھن۔ خیال۔ چت۔ خواہش
۳۔ محبت۔ عشق۔ چاہ۔ پریم۔ پریت۔ پیت
۴۔ گھڑی۔ ساعت۔ وقت۔ سماں۔ صورت
۵۔ وقتِ نکاح۔ شادی۔ بیاہ۔ پھیرے

لگن: (فارسی) ۱۔ طاس۔ پرات۔ ٹب۔ چلمچی۔ تشت۔ تسلا
۲۔ شمع دان۔ اگردان۔ بخوردان

لگی: ۱۔ خواہش ۔ چاہ ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ لگن ۔ لگاؤ ۔ عشق ۔ پریم ۔ ماتا ۔ پریت ۔ پیت ۔ محبت
۲۔ بھوک ۔ اشتہا ۔ جوع

لگی لپٹی: جانب داری ۔ جنبہ داری ۔ طرف داری ۔ پاس داری ۔ رعایت

لگی لگائی: طے شدہ ۔ مقررہ ۔ معینہ ۔ مستقل

للچاہٹ: ۱۔ لالچ ۔ طمع ۔ حرص ۔ آز
۲۔ آرزو ۔ خواہش ۔ تمنا ۔ چاہ

للک: ۱۔ امنگ ۔ شوق ۔ جوش ۔ ولولہ
۲۔ لالچ ۔ لوبھ ۔ طمع ۔ حرص ۔ آز
۳۔ خیال ۔ دھن ۔ لو
۴۔ لہر ۔ موج ۔ ترنگ

للکار: ۱۔ ہانک ۔ پکار ۔ نعرہ
۲۔ دھمکی ۔ تہدید ۔ جھڑکی ۔ گھرکی ۔ ڈپٹ ۔ ڈانٹ

للکی: ۱۔ لہری ۔ موجی ۔ شوقین
۲۔ حریص ۔ طامع ۔ لوبھی ۔ لالچی

للو: ۱۔ زبان ۔ جیبھ ۔ لسان
۲۔ بولی ۔ بول چال ۔ گفتگو
۳۔ چٹورپن ۔ چاٹ ۔ چسکا

للو پتو: خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ تملق ۔ کاسہ لیسی ۔ سخن سازی ۔ نازبرداری

لم: ۱۔ کنہ ۔ حقیقت ۔ اصلیت
۲۔ باعث ۔ سبب ۔ وجہ
۳۔ بہتان ۔ اتہام ۔ تہمت ۔ الزام

لمبا: ۱۔ دراز ۔ طویل ۔ بلند ۔ اونچا ۔ لانبا ۔ قدآور ۔ طویل قامہ ۔ زیادہ
۲۔ بہت ۔ کثیر ۔ زیادہ ۔ بیش

لمبان/لمبائی: درازی ۔ طوالت ۔ طول ۔ امتداد

لمبو: درازقد ۔ کشیدہ قامت ۔ طویل القامت

لمپ/لیمپ: چراغ ۔ سراج ۔ بتی ۔ مصباح ۔ دیا ۔ دیپک ۔ فانوس ۔ لالٹین

لمحہ: لحظہ ۔ پل ۔ دم ۔ چھن ۔ چشم زدن ۔ طرفۃ العین ۔ دقیقہ ۔ تیر ۔ پلک ۔ چشم زدن ۔ فوراً ۔ شیبہ ۔ مومینٹ ۔ فی الفور ۔ گھڑی ۔ دم زدن ۔ پلک جھپکتے

لمحاتِ فراق — لمحاتِ عشرت — لمحۂ فکریہ

لمس: چھوت ۔ مساس ۔ مس

لمعاں: چمکیلا ۔ روشن ۔ درخشاں ۔ درخشندہ ۔ رخشندہ ۔ تاباں ۔ تابندہ ۔ رخشاں

لمعہ: ۱۔ چمک ۔ روشنی ۔ نور ۔ ضیا ۔ ضو
۲۔ شعاع ۔ کرن

لن ترانی: (مجازاً) انانیت ۔ خودستائی ۔ ڈینگ ۔ شیخی

لنجا: لنگڑا لولا ۔ معذور ۔ اپاہج

لنڈ: ۱۔ بے سر ۔ بے دھڑ ۔ سرکٹا ۔ سربریدہ
۲۔ بے بال و پر
۳۔ شاخ بریدہ

لنڈمنڈ: ۱۔ بے برگ وبار۔ شاخ بریدہ
۲۔ بے ریش وبروت
۳۔ بے دست وپا۔ بے بال وپر
۴۔ غریب۔ مفلس۔ تنگ دست۔ نادار۔ کنگال۔ قلاش۔
تہی دست۔ بے سروساماں

لُنڈا: ۱۔ دُم بریدہ۔ دُم کٹا۔ لنڈورا۔ ابتر۔ کلتہ۔ لانڈا
۲۔ بے کس۔ بے بس۔ بے یار ومددگار۔

لنڈورا: ۱۔ لُنڈا۔ دُم کٹا۔ دُم بریدہ۔ ابتر
۲۔ بے یار ومددگار۔ بے بس۔ بے کس

لنز: شیشہ۔ عدسہ۔ تال

لنگ: ۱۔ لنگڑا۔ اپاہج۔ لُولا۔ پاشکستہ
۲۔ لنگڑاپن

لنگ: (ہندی) ۱۔ صف۔ قطار۔ سلسلہ
۲۔ جانب۔ طرف۔ سمت
۳۔ دیوار۔ قنات۔ اوٹ۔ پردہ

لِنگ: ۱۔ نشان۔ علامت۔ آثار
۲۔ استدلال۔ نتیجہ
۳۔ تذکیر وتانیث
۴۔ آلۂ تناسل۔ عضوِ تناسل۔ آلت۔ علامتِ مردی۔ ذکر

لُنگ: لُنگی۔ لنگوٹ۔ لنگوٹی۔ تہ بند۔ تہمد

لُنگاڑا: ۱۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ ڈھیٹ
۲۔ لُچا۔ لفنگا۔ شُہدا۔ بدمعاش۔ اوباش۔ بدچلن۔ بدوضع۔
بدکردار۔ بداسلوب۔ بداطوار
۳۔ شریر۔ شرارتی۔ فتنہ پرداز۔ فتنہ انگیز۔ منتقی۔ مفسد۔ مفسدہ
پرداز۔ فسادی۔ فتنہ پرور۔ فتنہ گر

لنگاڑاپن: ۱۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے غیرتی۔ ڈھیٹ پن
۲۔ لُچپن۔ لفنگاپن۔ شُہدپن۔ بدمعاشی۔ اوباشی۔ بدچلنی۔
بدکرداری۔ بدوضعی۔ بداطواری۔ بداسلوبی
۳۔ شرانگیزی۔ فتنہ پردازی۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پروری۔
فتنہ گری۔ فساد۔ مفسدہ پردازی

لنگر: ۱۔ لشکن۔ پنڈولم۔ شاقول
۲۔ لنگوٹ۔ لُنگ۔ لنگوٹی
۳۔ رسّا۔ زنجیر
۴۔ بوجھ۔ بھار۔ بار۔ وزن۔ ثقل
۵۔ خیرات خانہ۔ محتاج خانہ
۶۔ باورچی خانہ۔ مطبخ۔ خانقاہ۔ خیراتی کھانا
۷۔ خیرات۔ دان۔ پُن
۸۔ پشت پناہ۔ سہارا۔ آسرا۔ تائید۔ مددگار۔ حامی
۹۔ وقار۔ تمکین۔ عزت۔ آبرو۔ حکمت

لنگرخانہ: خیرات خانہ۔ محتاج خانہ۔ باورچی خانہ
لنگردار: سنگین۔ وزنی۔ بھاری۔ گراں
لنگرگاہ: بندرگاہ۔ مستقر۔ قرارگاہ

لنگری: ۱۔ تشت۔ طاس۔ لگن۔ پرات
۲۔ رکابی۔ تھالی۔ تشتری

لنگڑا: لنگ۔ اپاہج۔ معذور۔ کمزور۔ بودا۔ پاشکستہ۔ لُولا۔ پنگا

لنگڑاپن: اپاہج پن۔ معذوری۔ پاشکستگی۔ کمزوری۔ بوداپن

لنگوٹ/لنگوٹی: لُنگ۔ تہ بند۔ تہمد۔ کاچھا۔ دھوتی

لنگوٹیا: قدیم دوست۔ ہمدمِ دیرینہ۔ ہم جولی۔ ساتھی۔ یار۔ رفیق۔ بے تکلف دوست۔ بچپن کا دوست

لنگور: میمون۔ بندر۔ ہنومان

لُنگی: ۱۔ تہ بند۔ دھوتی
۲۔ پگڑی۔ مشمدی

لَو: ۱۔ شعلہ۔ لوکا۔ لپٹ۔ بھبوکا۔ لاٹ
۲۔ بناگوش۔ پاپڑی۔ نرمہ۔ کپیا
۳۔ دھیان۔ توجہ۔ خیال۔ یکسوئی۔ دُھن
۴۔ آس۔ امید۔ توقع
۵۔ شوق۔ محبت۔ چاہ۔ پریم۔ پیت۔ پریت

لُو: گرم ہوا۔ بادِ سموم۔ سن سٹروک

لِوا: جھنڈا۔ عَلم۔ نشان۔ پھریرا۔ پرچم۔ بیرق

لواحق: متعلقین۔ وابستگان۔ متوسلین۔ اعزہ۔ رشتہ دار۔ اقربا

لوازم: ضروریات۔ اشیائے ضروریہ

لواطت: اغلام۔ لونڈے بازی۔ بچہ بازی۔ ہم جنسی۔ استلذاذ بالمثل۔ بدفعلی۔ امرد پرستی

لوبھ: ۱۔ لالچ۔ حرص۔ طمع۔ آز
۲۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو

لوبھی: ۱۔ حریص۔ طامع۔ طماع۔ آزمند۔ لالچی
۲۔ بخیل۔ ممسک۔ کنجوس۔ شوم۔ لئیم۔ خسیس

لوتھ: لاش۔ لاشہ۔ نعش۔ تنِ مُردہ۔ میت

لوتھڑا: پارچۂ گوشت۔ منجمد خون۔ علق

لوٹ: ۱۔ لڑھکنی۔ غلطیدگی
۲۔ کروٹ۔ پہلو
۳۔ اکھاڑا۔ ورزش گاہ۔ کشتی گاہ
۴۔ (صفت) عاشق۔ مفتون۔ فریفتہ۔ والہ۔ شیدا۔ شیدائی

لوٹ پوٹ: ۱۔ لڑھکتا۔ غلطیدہ۔ غلطاں
۲۔ بے قرار۔ بے تاب۔ بے چین۔ مضطرب
۳۔ اوپر تلے۔ الٹ پلٹ
۴۔ عاشق۔ مفتون۔ فریفتہ۔ والہ۔ شیدا

لُوٹ: ۱۔ غارت گری۔ تاراجی۔ چھینا جھپٹی۔ غصب و نہب
۲۔ مالِ غنیمت۔ یغما
۳۔ اندھیر۔ ظلم

لُوٹ کھسوٹ / مار: غارت گری۔ تاراجی۔ چھینا جھپٹی۔ ڈاکا۔ قزاقی۔ رہ زنی

مَخلص : خالص۔ اخلاص مند۔ سچا۔ صادق۔ صدیق۔ دوست۔ یار

مُخلصی : خلاصی۔ رہائی۔ نجات۔ چھٹکارا۔ آزادی۔ گلو خلاصی

مخلوط : ملاجُلا۔ گڈمڈ۔ آمیختہ۔ خلط ملط

مخلوق : ۱۔ پیدا شدہ۔ آفریدہ
۲۔ دنیا۔ کائنات۔ خلق۔ خلقت

مخمس : پنج گوشہ۔ پنج پہلو۔ پنج کونیا۔ خمسہ

مخمصہ : جھگڑا۔ جھمیلا۔ بکھیڑا۔ جنجال۔ الجھن۔ تذبذب

مخمور : مست۔ متوالا۔ مدہوش۔ چُور۔ مدماتا

مخنث : خُنثیٰ۔ ہیجڑا۔ ہیز۔ زنخا۔ نامرد۔ خواجہ سرا

مخول : مذاق۔ ٹھٹھا۔ چھیڑ۔ ہنسی۔ دل لگی

مخولیا : ظریف۔ ہنسوڑ۔ پُرمذاق۔ مسخرہ۔ دل لگی باز

مخیّر : خیر پسند۔ سخی۔ فیاض۔ داتا۔ کریم۔ نکوکار

مُد : (عربی) ۱۔ کشش۔ چڑھاؤ۔ جوار۔ تلاطم۔ تموج
۲۔ عنوان۔ سرنامہ۔ سُرخی
۳۔ محکمہ۔ شعبہ۔ صیغہ۔ دفتر۔ سررشتہ
۴۔ باب۔ فصل۔ رقم۔ حساب

مدِّ امانت: رقمِ امانت۔ حسابِ امانت۔ صیغۂ امانت

مدِّ فاضل: فضول چیز۔ بیکار شے

مدِّ مقابل: حریف۔ رقیب۔ ہم چشم۔ ہم مرتبہ۔ ہم پایہ۔ ہم سر

مدِّ نظر/ نگاہ: ۱۔ پیشِ نظر۔ پیشِ نگاہ۔ سامنے۔ روبرو
۲۔ قصد۔ ارادہ۔ مقصودِ دلی
۳۔ منظورِ نظر۔ محبوب

مدّوجزر: چڑھاؤ اُتار۔ جوار بھاٹا۔ عروج و زوال۔ صعود و ہبوط۔ ترقی و تنزل۔ اُلٹ پلٹ

مَد: (سنسکرت) ۱۔ شراب۔ دارو۔ مے۔ خمر
۲۔ نشہ۔ خمار۔ مستی۔ مدہوشی۔ کیف۔ سرشاری۔ سرور
۳۔ شہوت۔ جوش۔ جذبہ۔ ولولہ
۴۔ خوشی۔ انبساط۔ مسرت۔ بہجت۔ فرحت۔ آنند
۵۔ تکبر۔ کبر۔ غرور۔ مان۔ ابھیمان۔ گھمنڈ
۶۔ منی۔ نطفہ۔ ویرج
۷۔ شہد۔ انگبیں۔ عسل
۸۔ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ عشق۔ شوق۔ پریم
۹۔ بحر۔ دریا۔ ندی۔ نہر

مدماتا: ۱۔ مخمور۔ مست۔ مدہوش۔ سرشار
۲۔ پُرشہوت۔ پُرجوش
۳۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ متمنی۔ تمنائی۔ عاشق۔ سودائیا۔ شیفتہ۔ والہ۔ پریمی
۴۔ خوش۔ مسرور۔ فرحاں۔ خرم۔ شاد۔ شاداں
۵۔ متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی۔ خود بیں

مدّاح: ثنا گر۔ ثنا خواں۔ ستائش گر۔ ستائندہ۔ مدح خواں

مدّاحی: ثنا گری۔ ثنا خوانی۔ ستائش گری۔ مدح خوانی۔ تعریف۔ توصیف

مداخل: آمدنی۔ یافت۔ محاصل۔ خراج۔ باج

مداخلت: ۱۔ دخل اندازی۔ دست اندازی
۲۔ تصرف۔ تسلط۔ قبضہ۔ قابو
۳۔ تعرض۔ مزاحمت

مدار: ۱۔ چول۔ کیلی۔ دُھری۔ محور۔ مرکز۔ قطب
۲۔ انحصار۔ موقف
۳۔ قرار۔ ٹھہراؤ۔ قیام۔ سکون
۴۔ دور۔ دائرہ۔ حلقہ

مدارالمہام: مہتمم۔ سربراہِ کار۔ قائد۔ سالار۔ حاکمِ اعلیٰ۔ وزیر

مدارات: خاطر۔ تواضع۔ آؤ بھگت۔ سلوک

مدارج: درجات۔ مراتب۔ مناصب

مدارس: مکاتب۔ درس گاہیں۔ تعلیم گاہیں

مداری: بھان متی۔ شعبدہ باز۔ شعبدہ گر۔ نیرنگ ساز۔ جادوگر۔ نظربند۔ طلسم ساز۔ ڈھٹ بند۔ بازی گر۔ نٹ۔ قلاباز

مدافعت: دفاع۔ مزاحمت۔ اندفاع۔ بچاؤ۔ روک۔ حمایت۔ تردید۔ مقابلہ

مدام: ہمیشہ۔ نت۔ سدا۔ متواتر۔ مستمر۔ علی التواتر۔ جاوداں۔ دائمی۔ مسلسل

مداوا: علاج۔ چارہ۔ دوا۔ دوِش۔ تدارک۔ درماں۔ تدبیر

مداومت: دوام۔ ہمیشگی۔ استمرار۔ تواتر۔ قیام۔ ثبات

مداہنت: چرب زبانی۔ سکہ بازی۔ خوشامد۔ تملق۔ چاپلوسی۔ کاسہ لیسی

منافقت۔ دوغلاپن۔ دورُخی

مُدبِر: بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ ابھاگی۔ بے بہرہ۔ واژوں بخت۔ بدطالع۔ بداختر۔ بداقبال

مُدَبَّر: اصلاح یافتہ۔ درست۔ منظّم۔ مرتّب

مُدبِّر: صاحبِ تدبیر۔ باتدبیر۔ منتظم۔ مُصلح۔ عقل مند۔ دانش مند۔ مشیر۔ صلاح کار۔ صائب الرائے

مُدبِری: بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ بدطالعی۔ بداختری۔ بداقبالی

مُدبِّری: باتدبیری۔ خوش تدبیری۔ انتظام۔ انصرام۔ اصلاح۔ درستی۔ دانشمندی۔ عقلمندی۔ اصابتِ رائے

مُدّت: جُگ۔ زمانہ۔ وقت۔ دیر۔ وقفہ۔ عرصہ۔ میعاد۔ لمحہ۔ عمر۔ کال۔ اوسر۔ رُدوح۔ نجب

مدتُ العمر / مُدّۃ العمر: عمر بھر۔ زندگی بھر۔ تا بہ زیست۔ تا حیات۔ حینِ حیات

مَدح: تعریف توصیف۔ ستائش۔ ثنا۔ مدحت

مدح خواں / سرا: ثنا خواں۔ ثناگر۔ ستائش گر۔ مداح۔ ستائندہ
مدح خوانی / سرائی: ثنا خوانی۔ ثناگری۔ ستائش گری۔ مداحی۔ تعریف۔ توصیف۔ تحسین

مدخل: ۱۔ داخلہ۔ دروازہ۔ پھاٹک۔ باب۔ ڈیوڑھی
۲۔ آمدنی۔ یافت۔ حاصل۔ محصول۔ مالیہ۔ خراج۔ باج

مَدد: ۔ امداد۔ اعانت۔ کمک۔ دست یاری۔ دست گیری۔ حمایت۔ سہارا۔ سہائتا۔ معاونت۔ تعاون۔ یاری۔ یاوری۔ تائید۔ مساعدت۔ عون۔ نصرت۔ ناصرت۔ پشتی۔ پشت۔ پُرچک
۲۔ رسد۔ خوراک
۳۔ راتب۔ مزدوری
۴۔ مزدوری۔ اجرت۔ معاوضہ

مددگار: مُمد۔ مُعین۔ دستیار۔ دست گیر۔ حامی۔ سہائک۔ ناصر۔ معاون۔ یاور
مددمحرر: نائب محرر۔ نائب منشی۔ معاون محرر
مددِ معاش: وسیلۂ معاش۔ ذریعۂ معاش۔ وظیفہ۔ جاگیر

مدرِّس: معلم۔ استاد۔ آموزگار۔ پاٹھک۔ گُرو

مدرسہ: درس گاہ۔ مکتب۔ دبستان۔ تعلیم گاہ۔ پاٹھ شالا۔ سکول۔ دانش زار۔ دانش سرا۔ دانش گاہ۔ دبیرستان۔ آموزش گاہ۔ پاٹ شالہ

مدرّسی: آموزگاری۔ معلمی۔ استادی

مُدرِک: دانا۔ فہیم۔ صاحبِ فراست۔ صاحبِ فہم۔ عقل مند۔ عاقل۔ بصیر۔ زیرک۔ ذہین۔ نکتہ رس

مدّعا: مقصد۔ مراد۔ مرام۔ مقصود۔ مطلوب۔ غرض۔ مطلب۔ مرضی۔ منشا

مدعا علیہ: جواب دہ۔ ملزم۔ مسؤل الیہ

مدعو: طلبیدہ۔ مطلوب۔ خواندہ۔ طلب کردہ

مدّعی: ۱۔ دعویٰ کنندہ۔ نالشی۔ فریادی۔ مستغیث۔ بادی
۲۔ حریف۔ رقیب۔ دعویدار

مدغم : منضم ۔ شامل ۔ پیوستہ ۔ متصل ۔ منسلک

مَدفن : مقامِ تدفین ۔ دفن گاہ ۔ قبر ۔ تربت ۔ جدث ۔ گور ۔ مقبرہ ۔
ضریح ۔ لحد ۔ مزار ۔ گڑھا

مدفُون : دفن کردہ ۔ گاڑا ۔ دبا ۔ پوشیدہ ۔ مستور ۔ مکتوم

مدقوق : دق زدہ ۔ مریضِ دق ۔ مسلول

مدلّل : مبرہن ۔ ثابت شدہ ۔ ٹھیک ۔ بادلیل

مُدمّغ : دماغ دار ۔ متکبر ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔ خودپسند ۔ خودبیں ۔ خودگر ۔
خودرائے ۔ خودپرست ۔ ابھیانی

مدنی : شہری ۔ باشندۂ شہر ۔ ساکنِ مدینہ

مدنی الطبع : آبادی پسند ۔ ملنسار ۔ شہرپسند

مدنیت : شہرپسندی ۔ آبادی پسندی ۔ شہری پن ۔ شہریت

مدوّر : گول ۔ مستدیر ۔ دائرہ نما ۔ حلقہ نما

مُدوَّن : مرتّب ۔ ترتیب دادہ ۔ منظّم ۔ جمع شدہ ۔ مولّف

مُدوِّن : مرتِّب ۔ ترتیب دہندہ ۔ ناظم ۔ جامع ۔ مولِّف

مَدھ : ۱۔ شہد ۔ انگبیں ۔ عسل
۲۔ رس ۔ شیرہ ۔ عرق
۳۔ شراب ۔ مے ۔ بادہ ۔ خمر ۔ نشہ
۴۔ عنفوانِ شباب ۔ آغازِ شباب
۵۔ مستی ۔ جوش ۔ دولہ

۶۔ موسم بہار ۔ بسنت رُت
۷۔ غرور ۔ کبر ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ ابھیان
۸۔ درمیان ۔ وسط ۔ بیچ

مَدُھر : ۱۔ میٹھا ۔ شیریں ۔ لذیذ ۔ مزہ دار
۲۔ سُریلا ۔ خوش الحان ۔ خوش آواز ۔ خوش نوا
۳۔ دل پسند ۔ پسندیدہ ۔ پیارا ۔ مرغوب
۴۔ دھیما ۔ نرم ۔ ملائم ۔ درمیانی

مدھرا : درمیانی ۔ متوسط ۔ بیچ راس

مدھم : ۱۔ دھیما ۔ نرم ۔ ملائم ۔ آہستہ ۔ دھیرا ۔ مَٹھا ۔ نیچا
۲۔ درمیانی ۔ متوسط ۔ بیچ راس
۳۔ ہلکا ۔ خفیف ۔ کم ۔ ماند
۴۔ بے آب ۔ بے رونق ۔ پھیکا

| اُلٹا گانا مدھم بجانا

مدہوش : ۱۔ مست ۔ متوالا ۔ مخمور ۔ سیاہ مست
۲۔ حیران ۔ متحیر ۔ حیرت زدہ ۔ مبہوت ۔ ہکا بکا ۔ بوکھلا ۔ سرگشتہ ۔
دہشت زدہ

مدہوشی : ۱۔ مستی ۔ متوالا پن ۔ سیاہ مستی
۲۔ حیرانی ۔ تحیر ۔ حیرت زدگی ۔ سرگشتگی ۔ دہشت زدگی

مدید : لمبا ۔ طویل ۔ دراز

مُدیر : ۱۔ دائرہ ۔ گول ۔ حرکت دہندہ ۔ جنبانندہ
۲۔ مہتمم ۔ ناظم ۔ ہدایت کار
۳۔ مرتب ۔ ایڈیٹر

مدینہ: ۱۔ شہر۔ دیار۔ مصر۔ بلدہ۔ نگر
۲۔ مدینۃ النبیؐ۔ یثرب۔ طیبہ

مدیون: قرض دار۔ مقروض

مڈاسا: پگڑی۔ دستار۔ صافہ۔ پھینٹا

مڈل: درمیانہ۔ درمیانی۔ وسطی۔ وسطانی

مڈوائف: دائی۔ جنائی۔ قابلہ

مُڈھ: ۱۔ جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ اساس۔ نیو۔ بیخ
۲۔ سرغنہ۔ سرگروہ۔ قائد۔ چودھری
۳۔ بوڑھا۔ بزرگ۔ مورث

مذاق: ۱۔ چاٹ مزہ۔ لذت۔ سواد چسکا
۲۔ رغبت۔ میلان۔ ذوق۔ رجحان۔ دلچسپی
۳۔ سلیقہ۔ مادہ
۴۔ ہنسی۔ دل لگی۔ چہل۔ کِتی۔ ظرافت۔ ٹھول۔ ہزل۔ تماشا۔ تفریح۔ مسخرا پن۔ ٹھٹول۔ تضحیک۔ تمسخر۔ استہزاء۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ چھیڑ۔ ٹھٹولی۔ چھیڑخانی۔ ریشخند

مذاکرہ: مباحثہ۔ ذکر اذکار

مذبح: ذبح خانہ۔ کمیلا۔ مقتل۔ قتل گاہ

مذبذب: متذبذب۔ دوولا۔ متردد۔ شکی

مذبوح: ذبح کردہ۔ مقتول

مُذکّر: نر۔ مرد۔ نرینہ

مذکور: ۱۔ ذکر کردہ۔ بیان کردہ۔ متذکرہ
۲۔ گفتگو۔ بات۔ مذکور۔ تذکرہ
۳۔ افواہ۔ چرچا۔ شہرت

مَذلّت: ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ بدنامی

مذمت: برائی۔ ہجو۔ تذلیل۔ تقبیح۔ تحقیر۔ الزام

مذموم: برا۔ خراب۔ قبیح۔ نکوہیدہ۔ ملعون

مَذہَب: دین۔ ملت۔ طریقہ۔ پنتھ۔ مسلک۔ عقیدہ۔ دھرم۔ کیش۔ شیوہ۔ مشرب۔ ایمان

مذہّب: طلاکار۔ زرکار۔ زررنگار

مرآۃ: آئینہ۔ شیشہ۔ درپن۔ آرسی

مراتب: مدارج۔ درجات۔ مناصب

مراجعت: واپسی۔ بازگشت۔ لوٹ پلٹ۔ پھیر۔ معاودت۔ عود۔ رجوع

مُراد: ۱۔ مرام۔ مقصد۔ مقصود۔ خواہش۔ طلب۔ آرزو۔ تمنا۔ غرض۔ منشا
۲۔ منت۔ نذر۔ بھینٹ

مرادف: ۱۔ ہم ردیف۔ پس نشیں۔ مترادف
۲۔ ہم معنی۔ متحد المعنی۔ متحد المفہوم۔ مترادف

مُرادی: ۱۔ حسب مراد
۲۔ مجازی۔ اصطلاحی۔ فرضی

مراسلت: باہمی خط وکتابت ۔ نامہ و پیام ۔ رسل و رسائل ۔ خط وکتابت ۔ چٹھی چپاٹی

مراسلہ: خط ۔ چٹھی ۔ نامہ ۔ پاتی ۔ رقعہ ۔ نمیقہ ۔ شقہ ۔ پروانہ

مراسم: رسوم ۔ رواج ۔ قواعد ۔ تعلقات ۔ روابط

مراعات: رعایت ۔ سلوک ۔ مروت ۔ لحاظ ۔ توجہ

مرافعہ: اپیل ۔ نگرانی

مراق: جنون ۔ سودا ۔ دیوانگی ۔ پاگل پن ۔ خبط ۔ سڑی پن

مراقبہ: غور ۔ فکر ۔ سوچ ۔ بچار ۔ تعمق ۔ دھیان ۔ خوض

مراقی: جنونی ۔ مجنون ۔ سودائی ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ خبطی ۔ سڑی

مُربّا: آچار ۔ تنکوب ۔ اپل ۔ دبہار ۔ ریچال ۔ ربہلہ ۔ لیہار

مربع: چہار گوشہ ۔ چوکور ۔ چوکھونٹا ۔ چورس

مربوط: لگا ۔ بندھا ۔ وابستہ ۔ منسلک ۔ پیوست ۔ ملحق و متصل

مربّی: پرورش کنندہ ۔ سرپرست ۔ ولی ۔ والی ۔ پشت پناہ

مرتا: جاں بلب ۔ نیم جاں ۔ قریب مرگ

مُرتَّب: ترتیب شدہ ۔ تالیف کردہ ۔ منظم ۔ تیار ۔ مکمل ۔ مؤلف

مُرتِّب: ترتیب کنندہ ۔ مؤلف ۔ ناظم

مرتبان: فرہ ۔ بسدی ۔ بسدد ۔ پنتو ۔ پشک ۔ پشتو ۔ بام

مرتبہ: ۱۔ رتبہ ۔ درجہ ۔ منصب ۔ عہدہ ۔ جاہ
۲۔ بار ۔ دفعہ

مُرتد: منحرف ۔ مردود ۔ ملحد ۔ برگشتہ

مرتشی: رشوت خور ۔ رشوت ستاں

مرتعش: رعشہ دار ۔ لرزاں ۔ کانپتا ۔ کپکپاتا

مرتفع: بلند ۔ اونچا ۔ اعلیٰ ۔ رفیع

مرتکب: ۱۔ عامل ۔ فاعل ۔ اختیار کنندہ
۲۔ مجرم ۔ قصوروار ۔ گنہگار ۔ تقصیردار ۔ خاطی ۔ خطاکار

مرثیہ: نوحہ ۔ ذکرِ مصائب ۔ اظہارِ غم ۔ تعزیت

مرجان: مونگا ۔ لؤلؤ ۔ بسد ۔ بست ۔ بستام ۔ بفترہ ۔ خروب ۔ ا۔ خروہہ ۔ وست ۔ دستام ۔ وسد

مرجّح: ترجیح دادہ ۔ افضل ۔ فائق ۔ برتر ۔ پسندیدہ

مرجع: مقام بازگشت ۔ رجعت گاہ ۔ پناہ گاہ ۔ جائے پناہ ۔ ملجا ۔ ماویٰ
ٹھکانا ۔ مرکز

مرچ: فلفل ۔ ہپیل

مرچڑا: ضدی ۔ ہٹیلا ۔ سرکش ۔ سرزور ۔ کٹ چڑھا

مرچڑاپن: ضد ۔ ہٹ ۔ سرکشی ۔ سرزوری ۔ کٹ چڑھاپن

مرچنٹ: تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری۔ فروشندہ۔ کاروباری

مرحبا: خوش آمدید۔ اہلاً و سہلاً۔ شاباش۔ آفریں۔ واہ واہ۔ سبحان اللہ۔ واہ جی۔ شادباش۔ احسنت۔ بارک اللہ۔ نبے۔ جزاک اللہ۔ کیا کہنا۔ دھن ہو۔ بل بے۔ ہُرّا

مرحلہ: ۱۔ منزل۔ مقام۔ پڑاؤ۔ مسافت
۲۔ کارِ دشوار۔ اہم کام۔ معاملہ
۳۔ درجہ۔ مرتبہ۔ پایہ

مرحمت: مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔ کرم۔ کرپا۔ دیا۔ نوازش

مرحوم: مغفور۔ بخشیدہ۔ موردِ رحمت۔ جنتی۔ بہشتی۔ متوفی۔ فوت شدہ۔ آنجہانی۔ مُردہ۔ مبرور۔ خدا آشیاں۔ بہشت نصیب۔ جنت نشاں۔ مرنے والا۔ سورگباشی۔ بیکنٹھ باشی

مرد: ۱۔ آدمی۔ رجل۔ بشر۔ شخص۔ آدم زاد۔ منش۔ منکھ۔ مردم۔ مانس
۲۔ خاوند۔ شوہر۔ میاں۔ مالک۔ پتی۔ بعل
۳۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ دلاور
۴۔ مذکر۔ نر

مردِ حق/خدا: ۱۔ ولی۔ عارف۔ پارسا۔ خدارسیدہ۔ نیک۔ بزرگ۔ برگزیدہ
۲۔ شریف۔ بھلا مانس

مردِ معقول: ۱۔ عقل مند۔ ذی فہم۔ فہمیدہ۔ فہیم۔ زیرک۔ دانا۔ صاحبِ فراست
۲۔ مہذب۔ شائستہ۔ خوش اطوار۔ خوش سلیقہ

مردِ میداں: بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ رن بیر۔ دلاور۔ جنگ آزما۔ جری۔ سورما

مرد و زن: مرد و عورت۔ ذکر و انثیٰ۔ مذکر و مونث۔ عام لوگ۔

مامتہ الناس

مُردار: ۱۔ مُردہ۔ بے جان۔ جیفہ۔ لاش۔ نعش۔ لاشہ
۲۔ نجس۔ ناپاک۔ حرام۔ پلید
۳۔ نالائق۔ نابکار۔ خبیث

مردانگی: مردمی۔ مردی۔ رجولیت۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت

مردانہ: ۱۔ دلیرانہ۔ جرأت مندانہ۔ مردانہ وار
۲۔ بیٹھک۔ دیوان خانہ

مرادف: باردیف۔ پس نشیں۔ ساتھی۔ ہم راہ۔ ہم معنی

مُردک: مردوا۔ ذلیل۔ نابکار۔ نالائق

مُردم: ۱۔ مرد۔ آدمی۔ انسان۔ رجل۔ بشر۔ شخص۔ منش۔ منکھ۔ مانس
۲۔ دِھری۔ پُتلی

مردم شماری: انسان شماری۔ احصائے سر۔ انسانی گنتی
مردم شناس: آدم شناس۔ انسان شناس۔ جوہر شناس۔ قدر شناس
مردم شناسی: آدم شناسی۔ انسان شناسی۔ جوہر شناسی۔ قدر شناسی
مردم کُش: انسان کُش۔ آدم کُش۔ قاتلِ انسان
مردم کُشی: انسان کُشی۔ آدم کُشی۔ قتلِ انسان

مردمک: دِھری۔ پُتلی

مردمی: ۱۔ مردمی۔ مردانگی۔ رجولیت۔ آدمیت۔ انسانیت

۲۔ بہادری۔ دلیری۔ دلاوری۔ شجاعت۔ شہامت
۳۔ مروّت۔ لحاظ۔ پاسِ خلق
۴۔ قوتِ باہ۔ قوتِ تولید۔ جوہرِ حیات۔ جوہرِ مردی

مردنگ: ڈھک۔ ڈھولک۔ پکھاوج۔ طبل

مردنگی: ڈھک نواز۔ پکھاوجی۔ طبل نواز۔ طبلچی

مُردنی: ۱۔ موت۔ اجل۔ قضا۔ مرگ۔ مرتیو
۲۔ آثارِ مرگ۔ علامتِ موت

مردوا: مردک۔ نالائق۔ نابکار۔ غیرمرد

مردُود: راندہ۔ ملعون۔ نالائق۔ ذلیل۔ نابکار۔ بدنصیب۔ نکما۔
ناکارہ

مُردہ: ۱۔ بےجان۔ بےروح۔ فوت شدہ۔ متوفّی
۲۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں۔ نحیف۔ لاغر۔ دُبلا
۳۔ بوڑھا۔ مُسن۔ معمر۔ عمر رسیدہ۔ پیر۔ کہن سال
۴۔ لاش۔ لاشہ۔ نعش۔ میّت۔ جنازہ
۵۔ افسردہ۔ رنجیدہ۔ ملول

مُردہ دل: ۱۔ افسردہ دل۔ آزردہ دل۔ اداس۔ کبیدہ خاطر۔ رنجیدہ۔
دل گیر۔ مغموم۔ غمزدہ۔ ملول
۲۔ سست۔ کاہل۔ آلکسی۔ سہل انگار۔
۳۔ بے ذوق

مُردہ دلی: ۱۔ افسردہ دلی۔ آزردہ دلی۔ اداسی۔ کبیدہ خاطری۔
رنجیدگی۔ دل گیری
۲۔ سستی۔ کاہلی۔ آلکس۔ سہل انگاری
۳۔ بے ذوقی

مُردہ شو: غسّال

مِردھا: بڑا چوبدار۔ سردار چوبداراں۔ نگرانِ تاسیرین

مَردی: ۱۔ مردانگی۔ مردمی۔ بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔ جرأت مندی۔
دلاوری
۲۔ آدمیت۔ انسانیت
۳۔ قوتِ باہ۔ قوتِ تولید۔ جوہرِ حیات۔ رجولیت

مِرزا/ میرزا: ۱۔ امیرزادہ۔ شہزادہ
۲۔ مغل۔ مغل زادہ۔ ترک۔ تیموری۔ بیگ

مرزا پھویا/ پھویا: ۱۔ نازک اندام۔ منحنی۔ دُبلا پتلا۔ دھان پان
۲۔ آرام طلب۔ تن آسان۔ سہل انگار۔ سہل پسند۔ [illegible]

مرزا منش: نازک مزاج۔ نازک طبع۔ تنک مزاج

مرزا منشی: نازک مزاجی۔ نازک طبعی۔ تنک مزاجی

مرزائی: ۱۔ بزرگی۔ شہزادگی۔ امارت۔ سرداری۔ حکومت
۲۔ نازک مزاجی۔ نازک طبعی
۳۔ تکبر۔ رعونت۔ نخوت۔ فخر۔ غرور۔ گھمنڈ
۴۔ صدری۔ کُرتی۔ نیم آستین۔ واسکٹ
۵۔ قادیانی۔ پیروِ مرزا غلام احمد قادیانی

مرزائیت: قادیانیت۔ مسلکِ مرزا غلام احمد قادیانی

مُرسَل: ۱۔ ارسال کردہ۔ فرستادہ
۲۔ رسول۔ پیغمبر۔ پیمبر۔ نبی

مرسل الیہ: مکتوب الیہ

مُرسِل: ارسال کنندہ۔ فرستندہ

مُرشِد: ۱۔ ہادی۔ راہنما۔ راہبر۔ پیر۔ گرو۔ استاد

۲۔ (طنزاً) چالاک۔ ہوشیار۔ شریر۔ فریبی۔ دغاباز۔ عیار۔ مکار۔ پاکھنڈی۔ گرو گھنٹال

مرشد زادہ: ۱۔ ابن مرشد۔ پسر ہادی۔ استاد زادہ
۲۔ شاہ زادہ۔ رشتہ دار شاہ

مرشدی: ہدایت۔ راہ بری۔ ارشاد۔ استادی۔ راہ نمائی

مرصّع: ۱۔ جڑاؤ۔ جواہر نگار۔ آراستہ
۲۔ مقفیٰ و مسجّع

مرصع رقم: خوش نویس۔ پر دیں رقم۔ مرصع نگار۔ زریں رقم۔ نفیس رقم۔ خورشید رقم

مرض: ۱۔ بیماری۔ علالت۔ علت۔ روگ۔ دکھ۔ آزار۔ سُقم
۲۔ لت۔ دھت۔ عادت۔ لپکا

مرضی: ۱۔ پسندیدگی۔ خوشنودی۔ قبولیت۔ رضامندی۔ منشا۔ منیا۔ خوشی۔ مشیت۔
۲۔ منظوری۔ اجازت۔ حکم
۳۔ خواہش۔ طلب۔ آرزو۔ تمنا۔ ارادہ

مرطوب: نم۔ نم ناک۔ گیلا۔ سیلا۔ تر۔ بھیگا۔ نم دار۔ بھیگا ہوا

مرعوب: دہشت زدہ۔ رعب زدہ۔ خوف زدہ

مُرغ: ۱۔ پرندہ۔ طیر۔ پکش۔ پکھیرو۔ پرند۔ پنچھی
۲۔ مُرغا۔ خروس۔ ککڑ۔ دیک۔ صارغ۔ موف

مرغِ آتش خوار: چکور۔ کبک
مرغِ باد نما: (کنایتاً) ابن الوقت۔ بے اصول۔ طاقت پرست۔ بے ضمیر۔ اقتدار پرست۔ تھالی کا بینگن

مرغِ قفس ۔۔ مرغِ زیر گرفتار ۔۔ مرغِ نوا سنج ۔۔ مرغانِ خوش آواز ۔۔ مرغِ آذر افروز (ققنس) ۔۔ مرغِ ہوا ۔۔ مرغِ دانا ۔۔ مرغِ زیرک ۔۔ مرغِ رقاص ۔۔ مرغِ طاؤس ۔۔ مرغِ چمن ۔۔ مرغِ شیریں مقال ۔۔ مرغِ سحر خواں ۔۔ مرغِ شب آہنگ ۔۔ مرغِ ناتواں ۔۔ مرغِ بے آشیاں ۔۔ مرغک ۔۔ مرغِ نازنیں ۔۔ مرغانِ زباں بستہ ۔۔ مرغِ گستاخ ۔۔ مرغِ بے ہنگام ۔۔ مرغِ آتشیں تاج ۔۔ مرغِ مراد ۔۔ مرغِ طپیدہ ۔۔ مرغِ نیم بسمل ۔۔ مرغانِ فغاں نوا ۔۔ مرغِ خوش پرواز ۔۔ مرغِ نو پرواز ۔۔ مرغِ تاب دیدہ ۔۔ مرغِ آفت دیدہ ۔۔ مرغِ ستم رسیدہ ۔۔ مرغِ نوا پرواز ۔۔ مرغِ گویندہ ۔۔ مرغِ نوا پیرا ۔۔ مرغِ تیز بال ۔۔ مرغِ از دام پریدہ ۔۔ مرغِ نالہ بے گاہ ۔۔ مرغِ شکستہ بال ۔۔ مرغِ مستعد پرواز ۔۔ مرغِ بال انگار

مُرغا: خروس۔ مُرغ۔ ککڑ۔ مرغِ نر۔ دیک۔ چوگ

مُرغابی: اردک۔ چپو۔ چپور۔ چپوک۔ بزتب۔ بزتہ۔ خشن سار۔ خشی سار۔ سرخاب۔ کودرہ۔ ماغ۔ مرغاب۔ مرغاو۔ مرغاوی۔ نیل سر۔ سینخ پر۔ مرغِ آبی۔ قاز۔ ابن الماء۔ اوز۔ چکوا۔ چکوی۔ پرطا۔ طیر الماء۔ بنات الماء

مرغوب: ۱۔ پسندیدہ۔ دل پسند۔ من بھاتا۔ پسندِ خاطر۔ مطبوع۔ من بھاؤنا
۲۔ دل کش۔ دل رُبا۔ محبوب۔ پیارا
۳۔ مزہ دار۔ لذیذ۔ پُر لطف

مرغول / مرغولہ: ۱۔ پیچ دار۔ پُر پیچ۔ پیچیدہ۔ خم دار۔ گھنگھریالا
۲۔ محراب۔ قوس۔ خم۔ کنگرہ دار

۲۔ بُلبلہ ۔ جھاگ

مُرغی: ماکیاں ۔ کُکڑی ۔ دُجاج ۔ مرغِ خانگی

مرفّہ: آسودہ ۔ خوشحال ۔ خوش معاش ۔ پیٹ بھرا ۔ دولتمند ۔
فارغ البال ۔ امیر ۔ ثروت مند

مرقد: تربت ۔ قبر ۔ مزار ۔ گور ۔ مدفن ۔ ضریح ۔ لحد

مرقّع: ۱۔ مرمت شدہ ۔ مرتم ۔ پیوند دار
۲۔ گدڑی ۔ دلق
۳۔ کتابِ تصاویر ۔ مجموعہ تصاویر ۔ البم ۔ گلدستہ
۴۔ لفظی تصویر ۔ لفظی خاکہ ۔ تذکرہ ۔ حالات

مرقوم: رقم زدہ ۔ مکتوبہ ۔ محررہ ۔ نوشتہ ۔ نگارشتہ

مَرکَب: ۱۔ سواری ۔ گاڑی ۔ جہاز ۔ کشتی ۔ سفینہ
۲۔ (کنایتہً) گھوڑا ۔ اسپ ۔ فرس

مُرکّب: ۱۔ ترکیب دادہ ۔ ملاجلا ۔ مخلوط ۔ آمیختہ
۲۔ سیاہی ۔ روشنی ۔ مداد ۔ روشنائی

مرکز: ۱۔ درمیان ۔ وسط ۔ بیچ ۔ مدھ ۔ قلب ۔ ہیڈ کوارٹر
۲۔ مدار ۔ دُھرا ۔ کیل ۔ قطب ۔ محور

مرکوز: ۱۔ گڑا ۔ نصب شدہ ۔ منصوب
۲۔ منظور ۔ مقبول ۔ پسندیدہ ۔ دلنشیں

مَرگ: موت ۔ قضا ۔ اجل ۔ مرتیو

مِرگ: ہرن ۔ آہو ۔ چکارا ۔ پاڑا ۔ غزال ۔ ظبی

مرگ چھالا: پوستِ آہو

مرگھٹ: شمشان ۔ مسان ۔ مرگھی ۔ مُردہ گھاٹ

مِرگی: صرع

مُرلی: بانسری ۔ بانسلی ۔ بنسری ۔ نَے ۔ الگوزہ ۔ جنسی ۔ النوزہ

مُرلی دھر: ۱۔ نَے نواز
۲۔ (کنایتہً) کرشن جی ۔ شیام ۔ گوپ ۔ گوپال ۔ مراری ۔ کنہیا ۔
کان ۔ کانھا

مَرمّت: ۱۔ درستی ۔ اصلاح ۔ تصحیح ۔ ترمیم
۲۔ سزا ۔ گوشمالی ۔ مارپیٹ ۔ ٹھکائی

مروارید: موتی ۔ گوہر ۔ دُر ۔ لؤلؤ ۔ مرجان ۔ گُہر ۔ کہرج ۔ کہرچ ۔ پرال ۔
مونگا

مرواریدِ ناسفتہ — مروارید درخشاں — غیرہ
مروارید — سلکِ مروارید

مروّت: ۱۔ مردانگی ۔ جوانمردی ۔ بہادری ۔ شجاعت ۔ دلیری
۲۔ پاس ۔ لحاظ ۔ رعایت ۔ پاسِ خاطر
۳۔ خلق ۔ اخلاق ۔ حلم منشی ۔ شرافت ۔ انسانیت ۔ نیک نہادی
۴۔ سخاوت ۔ فیاضی ۔ کرم ۔ حسنِ سلوک ۔ احسان

مُروّج: ۱۔ رواجی ۔ رائج ۔ جاری ۔ نافذ
۲۔ رسمی ۔ معمولی ۔ مستعمل

مروحہ: پنکھا ۔ بادزن ۔ بادکش ۔ بادبیز

مروڑ : ۱۔ پیچ۔ بل۔ خم
۲۔ اینٹھن۔ تشنج۔ تناؤ
۳۔ نخوت۔ رعونت۔ تمکنت۔ غرور۔ اکڑ۔ اینٹھ۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ خود پسندی
۴۔ پیچش۔ قراقر شکم

مُروّق : مصفا۔ مقطر۔ خالص۔ زلال۔ ناب

مرہم : ۱۔ لیپ۔ ضماد
۲۔ دوا۔ علاج۔ چارہ۔ مداوا۔ درماں

مریخ : بہرام۔ ترک فلک۔ جلاد فلک۔ منگل۔ طرفدار پنجم

مرید : ۱۔ ارادت مند۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ عازم۔ طالب
۲۔ عقیدت مند۔ عقیدت کیش۔ معتقد
۳۔ چیلا۔ بالکا۔ شاگرد۔ مسترشد
۴۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ منقاد۔ اطاعت گزار

مریض : بیمار۔ علیل۔ روگی۔ آزاری

مریل : دُبلا۔ لاغر۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ نحیف۔ فاقہ زدہ

مُڑک : ۱۔ اینٹھ۔ اکڑ۔ ٹیڑھ۔ کجی۔ بل۔ مروڑ۔ خم۔ پیچ
۲۔ گُر۔ قاعدہ۔ کلیہ۔ ضابطہ
۳۔ ساز باز۔ داؤ۔ گھات۔ توڑ جوڑ۔ آنٹ سانٹ۔ سازش۔ سانٹ گانٹھ۔ جوڑ توڑ
۴۔ اکڑ فوں۔ شیخی۔ خودسری

مڑھی : ۱۔ جھونپڑی۔ جُھگی۔ مندر۔ سمادھ۔ سمادھی
۲۔ مرگھٹ۔ شمشان۔ مسان

مزاج : ۱۔ طبیعت۔ سرشت۔ طینت۔ جبلت۔ خمیر۔ خصلت۔ سبھاؤ۔ عادت۔ خو۔ خلق۔ طبع۔ گھٹی
۲۔ گن۔ خاصیت۔ خاصہ
۳۔ اثر۔ تاثیر
۴۔ جوہر۔ اصلیت۔ حقیقت
۵۔ تکبر۔ کبر۔ غرور۔ تمکنت۔ نخوت۔ گھمنڈ۔ دماغ
۶۔ ناز۔ نخرہ
۷۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ ملونی۔ آمیختگی

مزاج آشنا : مزاج شناس۔ طبیعت شناس۔ واقفِ طبیعت۔ مزاج داں
مزاج پرسی : احوال پرسی۔ خیر طلبی۔ عافیت طلبی۔ خیریت خواہی۔ احوال خواہی
مزاج دار : متکبر۔ مغرور۔ گھمنڈی۔ مدمغ۔ دماغ دار۔ خود پسند۔ خود پرست۔ خود بیں۔ خود نگر۔ نازک طبع۔ نازک مزاج
مزاج داں : مزاج آشنا۔ مزاج شناس۔ طبیعت شناس۔ واقفِ طبیعت
مزاج دانی : مزاج آشنائی۔ مزاج شناسی۔ طبیعت شناسی
مزاج شناس : مزاج آشنا۔ طبیعت شناس۔ مزاج داں۔ واقفِ طبیعت
مزاج شناسی : مزاج آشنائی۔ مزاج دانی۔ طبیعت شناسی

ل مزاجِ خوش فہم ___ مزاج گوہر ___ مزاجِ سخت ___ مزاجِ نرم ___ خوش مزاج ___ مزاجِ کج ___ نیک مزاج ___ بدمزاج ___ خاموش مزاج ___ مزاجِ گرم ___ ناقص مزاج ___ مزاجِ نکو ___ مزاجِ سرکش ___ مزاجِ حلیم ___ مزاجِ شریف ___ مزاجِ بیگانہ ___ مزاجِ جولانی ___ مزاجِ مبارک ___ مزاجِ وہاج ___ مزاجِ خجستہ شیم۔ مزاجِ مذموم ___ مزاجِ مسموم ___ مزاجِ خوش نظر ___ تند مزاج ___ تند مزاجی ___ آشنا مزاج ___ شوخ مزاج ___ گرم مزاج ___ نازک مزاج ___ طفل مزاج ___ شریف مزاج ___ نرم مزاج ___ وحشی مزاج ___ آوارہ مزاج

— رندمزاج — عاشق مزاج — نیک مزاج —
نرم مزاجی — قائم مزاج — آزاد مزاج — مستغنی مزاج
— مسکین مزاج — زن مزاج — پریشاں مزاج
— خشک مزاج — تیز مزاج — تلخ مزاج —
آتش مزاج — تنگ مزاج — تلوّن مزاج — افسردہ
مزاج — تلوّن مزاجی — سخت مزاج — رنگین مزاج
— شعلہ مزاج — وارستہ مزاج

مِزاح : خوش طبعی۔ خوش مزاجی۔ ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔ مطایبت۔
چُہل۔ کِلّی۔ ٹھٹھا۔ ظرافت۔ ٹھٹول۔ خوش مذاقی۔ مطائبہ۔
مخول۔ اعتراض۔ اعراض

مزاحم : مانع۔ دافع۔ حائل۔ خلل انداز۔ رخنہ انداز۔ مخل۔ متعارض

مزاحمت : ممانعت۔ مدافعت۔ خلل اندازی۔ رخنہ اندازی۔ تعرض۔ روک
رکاوٹ۔ کھنڈت

مزاحیہ : مذاقیہ۔ پُر مذاق۔ ظریفانہ۔ طربیہ

مزار : زیارت گاہ۔ آستانہ۔ قبر۔ مقبرہ۔ مرقد۔ تربت۔ روضہ۔
گور

مزارع : کسان۔ کاشت کار۔ کشت کار۔ فلّاح۔ کشاورز۔ حارث

مُزد : اجرت۔ معاوضہ۔ محنتانہ۔ حق المحنت۔ حق الخدمت۔ صلہ۔ بدلہ۔
طلب۔ تنخواہ۔ مزدوری

مزدور : اجیر۔ محنت کش۔ قُلی۔ حمّال۔ کارگن۔ محنتی۔ دہاڑی دار۔ جھلی
والا۔ پلّہ دار

مزدوری : اجرت۔ معاوضہ۔ محنتانہ۔ حق المحنت۔ حق الخدمت۔ محنت۔
مشقت۔ جُعل۔ جُعالہ۔ مُزد۔ صلہ۔ حق السعی۔ اجورہ۔ اجر

مزرع : کھیت۔ کھیتی۔ حرث۔ زراعت۔ کشت

مزروعہ : بویا۔ جوتا۔ کاشتہ۔ زراعت شدہ

مزمن : قدیم۔ کہنہ۔ پرانا۔ دیرینہ

مزہ : ۱۔ لذت۔ سواد۔ مزہ۔ ذائقہ۔ چاٹ۔ لپکا۔ لپ۔ عادت۔ دُ
دھت۔ بان
۲۔ لطف۔ حظ۔ چس۔ لاگ
۳۔ عیش۔ عشرت۔ نشاط۔ خوشی۔ آنند۔ فرحت۔ سرور۔ انبساط
مسرت
۴۔ شیرینی۔ حلاوت۔ چاشنی
۵۔ ذوق۔ دلچسپی۔ شغف۔ لگاؤ۔ شوق
۶۔ سیر۔ تماشا۔ بہار
۷۔ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ درجہ
۸۔ سزا۔ جزا۔ پاداش۔ مکافات۔ بدلہ

مزہ دار : پُر لطف۔ لذیذ۔ لذت بخش۔ پُر ذائقہ۔ خوش ذائقہ۔
لذت دار۔ ذائقہ دار۔ سوادی۔ پُر مزہ

مزید : ۱۔ زیادتی۔ بڑھوتری۔ اضافہ۔ بیشی۔ افزونی۔ افزائش
۲۔ زائد۔ فالتو۔ فاضل۔ اور۔ افزوں

مزیّن : بنا۔ سنورا۔ سجا۔ آراستہ۔ مُکلّف

مژدہ : خوش خبری۔ نوید۔ بشارت تہنیت۔ مبارک باد

مژگاں : پلک۔ پلکیں

خنجرِ مژگاں ــ تیغِ مژگاں ــ ناوکِ مژگاں ــ خدنگِ
مژگاں ــ سنانِ مژگاں ــ مژگانِ خواب آلود ــ
مژگانِ غنودہ ــ کافر مژگاں ــ مژگانِ کرشمہ
ــ مژگانِ جگر کاو ــ مژگانِ نامید ــ مژگانِ تیغ
آزما ــ مژگانِ یار ــ مژگانِ خنجر فروش ــ
مژگانِ ستمگر ــ مژگانِ غمزہ ــ مژگانِ برگشتہ
ــ مژگانِ سیہ ــ مژگانِ دراز ــ چوگانِ مژہ
ــ مژگانِ نشتر سیلہ ــ مژگانِ نشست ــ
مژگانِ نوکِ نشتر ــ مژگانِ تیغِ سیہ تاب ــ مژگانِ
سنانِ مشکیں ــ مژگانِ خنجر پیشہ ــ مژگانِ نمک سا
ــ مژگانِ تیغ ــ مژگانِ لشکر آرا ــ مژگانِ
تیر انداز ــ مژگانِ خونی ــ مژگانِ ستم گار ــ
مژگانِ بے باک ــ مژگانِ بلا ــ مژگانِ نیش زن
ــ مژگانِ دراز دست ــ مژگانِ صلح پرور ــ
خامۂ مژگاں ــ لشکرِ مژگاں ــ سوزنِ مژگاں ــ
کاوشِ مژگاں ــ مژگانِ بے خبر ــ مژگانِ تیز ــ
مژگانِ جلاد ــ شمشیرِ مژگاں ــ مژگانِ ترکتاز ــ

مژہ: پلک ۔ بربہ ۔ جھن ۔ برپیل

مژۂ اشکبار ــ مژۂ خوں پاش ــ مژۂ بسیار ریلہ
مژۂ اشک شور ــ مژۂ خون رنگ ــ مژۂ سرخ ــ

مَس: ۱۔ لمس ۔ مساس
۲۔ لگاؤ ۔ لگن ۔ دلچسپی ۔ رغبت ۔ رجحان ۔ جھکاؤ ۔ میلان

مِس: تانبا ۔ تامڑا ۔ نحاس

مَسا: شام ۔ سانجھ ۔ مغرب

مَستا: ماسا ۔ خالِ کلاں ۔ گھنڈی

مسابقت: مقابلہ ۔ دوڑ ۔ سبقت

مساج: مساس ۔ مالش ۔ چپنی ۔ چمپی

مساحت: پیمائش ۔ پیان ۔ پیائی ۔ ناپ ساپ ۔ اندازہ ۔ تخمینہ

مساس: مس ۔ لمس ۔ مالش ۔ مساج ۔ چھوت

مُساعد: سازگار ۔ یاور ۔ معاون ۔ مددگار ۔ موافق ۔ ممد

مُساعدت: سازگاری ۔ یاوری ۔ معاونت ۔ مددگاری ۔ موافقت ۔ مدد ۔
یاری ۔ اعانت

مساعی: کوششیں ۔ کاوشیں

مسافت: فاصلہ ۔ بُعد ۔ دُوری ۔ عرصۂ سفر

مُسافر: راہ رَو ۔ راہ گیر ۔ راہی ۔ ابن السبیل ۔ راہ نورد ۔ رہ سپر ۔ راہ پیا ۔
وارد و صادر ۔ رہی ۔ نزیل ۔ پسنجر ۔ آوارۂ وطن ۔ زائر ۔
تپسی ۔ اتیت ۔ پردیسی ۔ غریب الوطن ۔ غریب الدیار ۔ سیاح

مسافرخانہ: قیامگاہِ مسافراں ۔ سرائے ۔ رباط ۔ مسافرگاہ

مُسافرت: ۱۔ راہ روی ۔ راہ گیری ۔ راہ نوردی ۔ سفر ۔ سیاحت ۔ سیاحی ۔
مسافری
۲۔ پردیس ۔ غربت ۔ سیاحت

مسافری: ۱۔ حالتِ سفر ۔ مسافرت ۔ سیاحی ۔ سیاحت ۔
۲۔ پردیس ۔ غربت

مساکن: اماکن ۔ مقامات ۔ مکانات

مساکین: اہلِ افلاس۔ اہلِ احتیاج

مسالا: سامان۔ سازوبرگ۔ مواد۔ لوازم۔ اشیائے ضروریہ۔ بزر۔ تابل۔ قزح

مسالک: مذاہب۔ مشارب۔ شیوہ ہا

مسالمہ: مجلس سلام

مسام: سوراخ۔ چھید۔ منفذ

مسان: ۱۔ شمشان۔ مرگھٹ۔ مڑھی۔ مردہ گھاٹ
۲۔ سفلی علم۔ کالا علم۔ سحر۔ جادو۔ جنتر منتر
۳۔ خبیث روح۔ بھوت۔ پریت

مساوات: برابری۔ یکسانی۔ ہم سری۔ ہم وزنی۔ تعدیل۔ ہم تائی۔ باہم برابر

مُساوی: برابر۔ یکساں۔ ہم سر۔ ہم وزن۔ ہم پایہ۔ ہمتا۔ ہم رتبہ

مسائل: معاملات۔ قضایا۔ سوالات

مسبّع: ہفت پہلو۔ ہفت گوشہ۔ ست کونیا

مست: ۱۔ متوالا۔ مدماتا۔ مخمور۔ چور۔ دھت۔ سرشار۔ شرابی۔ نشیلا
۲۔ محو۔ مگن۔ منہمک۔ مستغرق۔ بے خود۔ مدہوش۔ کھویا ہوا۔ گم۔ مشغول۔ وارفتہ۔ از خود رفتہ
۳۔ مجذوب۔ مجنون۔ پاگل۔ بے حواس۔ دیوانہ۔ مستانہ
۴۔ خوش۔ مسرور۔ آنند۔ شاداں۔ شاد۔ فرحاں۔ خورسند۔ سرخوش
۵۔ بے پروا۔ غافل۔ بے خبر
۶۔ پُرشہوت۔ شہوتی۔ پُرجوش
۷۔ مغرور۔ متکبر۔ گھمنڈی۔ پُرنخوت۔ ابھیانی

مستاجر: ٹھیکے دار۔ اجارہ دار۔ زمیندار۔ کاشت کار

مستاجری: ٹھیکے داری۔ اجارہ داری۔ زمینداری۔ کاشت کاری

مستبد: خود مختار۔ مطلق العنان۔ جابر۔ خود رائے

مستبعد: دور۔ بعید۔ دور از قیاس۔ دور از خیال۔ دور از کار۔ دشوار۔ مشکل

مُستثنیٰ: ۱۔ الگ۔ علیحدہ۔ جدا۔ ماسوا
۲۔ منتخب۔ ممتاز۔ برگزیدہ

مستحب: ۱۔ اچھا۔ خوب۔ پسندیدہ
۲۔ کارِ ثواب۔ نیکی۔ حسنہ

مستحسن: لائق تحسین۔ لائق استحسان۔ خوب۔ زیبا۔ عمدہ۔ شائستہ۔ لائق ستائش۔ پسندیدہ۔ بہتر

مستحضر: یاد۔ محفوظ۔ حفظ۔ تیار۔ حاضر

مستحق: ۱۔ حق دار۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار
۲۔ درویش۔ مفلس۔ نادار۔ قلاش۔ مسکین۔ محتاج

مستحکم: مضبوط۔ استوار۔ پختہ۔ پائیدار۔ محکم۔ دیرپا

مستدعی: خواہش مند۔ آرزومند۔ طالب۔ طلب گار۔ ملتمس۔ سائل۔ متمنی۔ درخواست گزار۔ متمنی۔ ملتجی

مسترحم: رحم طلب ۔ طالبِ رحم ۔ رحم خواہ

مسترد: واپس ۔ مردود ۔ نامقبول ۔ نامنظور ۔ غیر مطلوب

مسترشد: ہدایت طلب ۔ طالبِ ہدایت ۔ طالبِ نیکی ۔ ارادت مند ۔ مرید ۔ چیلا

مستری: کاریگر ۔ ہنرمند ۔ دست کار ۔ بڑھئی ۔ نجار ۔ لوہار ۔ معمار ۔ راج ۔ انجینئر ۔ استاکار ۔ مکینک

مستزاد: زیادہ ۔ افزوں ۔ افزودہ ۔ زائد ۔ فاضل ۔ مزید

مُستشرق: ماہرِ علومِ شرقیہ ۔ ماہرِ شرقیات ۔ اورئینٹلسٹ

مستطیع: ذی استطاعت ۔ ذی مقدور ۔ صاحبِ مقدرت ۔ صاحبِ حیثیت

مستطیل: لمبا ۔ دراز ۔ طویل ۔ شکلِ قائم الزاویہ ۔ چوکور

مستعار: ادھار ۔ عاریتہً ۔ مانگا تانگا

مستعجل: جلد باز ۔ تعجیل کار ۔ عارضی ۔ ناپائیدار ۔ فانی ۔ زوال آمادہ ۔ گزراں

مستعد: ۱۔ آمادہ ۔ تیار ۔ کمربستہ ۔ لیس
۲۔ قابل ۔ لائق ۔ اہل ۔ ذی استعداد ۔ صاحبِ استعداد
۳۔ موجود ۔ مہیا
۴۔ چست ۔ چالاک ۔ ہوشیار

مستعدی: ۱۔ آمادگی ۔ تیاری ۔ کمربستگی
۲۔ لیاقت ۔ قابلیت ۔ اہلیت ۔ استعداد
۳۔ چستی ۔ چالاکی ۔ ہوشیاری

مستعفی: ۱۔ طالبِ عفو ۔ عفو طلب ۔ عفو خواہ ۔ معذرت خواہ ۔ استعفا دہندہ
۲۔ تارک ۔ تیاگی

مستعمرہ: نوآبادی ۔ کالونی

مستعمل: استعملی ۔ استعمال شدہ ۔ زیرِ استعمال ۔ مروج ۔ رواجی

مستعین: طالبِ امداد ۔ مدد خواہ ۔ مستنصر

مستغرب: ماہرِ علومِ غربیہ ۔ ماہرِ مغربیات

مستغرق: محو ۔ منہمک ۔ معروف ۔ مشغول ۔ بے خود ۔ غرق شدہ

مستغنی: ۱۔ بے نیاز ۔ بے پروا ۔ غیر محتاج
۲۔ غنی ۔ دولت مند ۔ ثروت مند ۔ مال دار ۔ متمول
۳۔ آسودہ حال ۔ مرفہ الحال ۔ فارغ البال ۔ مطمئن

مستغیث: فریادی ۔ دادخواہ ۔ نالاں ۔ مدعی ۔ دعوےٰ دار

مستفتی: طالبِ فتویٰ ۔ فتویٰ طلب ۔ فیصلہ طلب

مستفسر: استفسار کنندہ ۔ دریافت کنندہ ۔ سائل ۔ محقق

مستفید: فائدہ طلب ۔ مستفیض ۔ سود خواہ ۔ نفع اندوز

مستفیض: فیض طلب ۔ طالبِ فیض ۔ فیض خواہ ۔ مستفید ۔ فیض اندوز

مستقبل: آئندہ ۔ فردا ۔ آنے والا ۔ آتیہ ۔ فیوچر ۔ بھوشیت ۔ زمانۂ آئندہ ۔ کال

مستقر: جائے قرار۔ قرارگاہ۔ ٹھکانا۔ مسکن۔ دارالسکون۔ سکونت گاہ۔ دارالقرار۔ دارالقیام۔ پڑاؤ۔ اڈا۔ سٹیشن

مستقل: ۱۔ مضبوط۔ مستحکم۔ محکم۔ استوار۔ پائیدار۔ اٹل۔ دیرپا۔ پکّا
۲۔ قائم۔ دائم۔ ہمیشہ۔ جاوداں۔ مدام

مستقل مزاج: قائم مزاج۔ ثابت قدم
مستقل مزاجی: قائم مزاجی۔ ثابت قدمی۔ ثبات قدم

مستقلی: استقلال۔ مضبوطی۔ استحکام۔ محکمی۔ پائیداری۔ استواری۔ پختگی۔ توثیق

مستقیم: ۱۔ سیدھا۔ راست۔ ناک
۲۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ معتدل۔ متوازن
۳۔ مضبوط۔ مستحکم۔ پائیدار۔ محکم

مستک: ماتھا۔ پیشانی۔ ناصیہ۔ جبہہ

مستلزم: مستوجب۔ قابل۔ لائق۔ سزاوار۔ ضروری

مستمر: ۱۔ جاری۔ برقرار۔ دائم۔ مستقل۔ ہمیشہ
۲۔ پیوستہ۔ متصل۔ مسلسل۔ متواتر

مستمند: ۱۔ اندوہ گیں۔ غمگیں۔ مغموم۔ ملول۔ رنجیدہ
۲۔ حاجت مند۔ ضرورت مند۔ محتاج

مستند: مصدقہ۔ موثق۔ تصدیق شدہ۔ معتبر۔ قابلِ اعتماد

مستنیر: نور طلب۔ طالبِ روشنی۔ روشن۔ تاباں۔ تابندہ۔ درخشاں۔ رخشاں۔ درخشندہ۔ رخشندہ۔ نورانی

مستوجب: مستلزم۔ ضروری۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار

مستور: پوشیدہ۔ مخفی۔ نہاں۔ پنہاں۔ مکتوم۔ پردہ دار

مستول: تھم۔ کھم۔ کھمبا۔ ستون۔ عماد

مستولی: غالب۔ قابض۔ مسلط۔ طاری۔ زورآور

مستی: ۱۔ نشہ۔ خمار۔ مد۔ کیف۔ سرور۔ سرشاری
۲۔ مدہوشی۔ متوالاپن
۳۔ شہوت۔ ہیجان۔ جوشش۔ چُل
۴۔ بےخودی۔ محویت۔ استغراق۔ مجذوبیت
۵۔ بےپروائی۔ غفلت۔ بےخبری
۶۔ خوشی۔ مسرت۔ آنند۔ سرخوشی
۷۔ غرور۔ گھمبیر۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ ابھمان

مسٹر: صاحب۔ جناب۔ محترم۔ مالک۔ آقا۔ حضور۔ حضرت۔ سائیں

مسٹنڈا: موٹا۔ فربہ۔ تیار۔ لحیم شحیم۔ صاحبِ تن و توش۔ ہٹاکٹا

مسجد: سجدہ گاہ۔ عبادت گاہ۔ معبد۔ حرم۔ عبادت خانہ۔ آفرین خانہ۔ پرستش گاہ۔ بیت۔ بیعت۔ صومعہ۔ ماک۔ خانۂ خدا

مسجع: مقفّٰی۔ مرصّع۔ باوزن۔ موزوں۔ سجع دار

مسجّل: مُہر شدہ۔ مصدقہ۔ موثقہ۔ اندراج شدہ۔ رجسٹرڈ

مسجود: معبود۔ قابلِ سجدہ۔ پرستیدہ

مسحور: سحرزدہ۔ افسوں زدہ۔ جادو کردہ۔ فریفتہ

مسخّر: تسخیر شدہ ۔ زیرِ قبضہ ۔ زیرِ تسلط ۔ زیرِ تصرف ۔ مفتوح

مسخرگی: مسخرہ پن ۔ دل لگی ۔ چہل ۔ مذاق ۔ ظرافت ۔ مطائبہ ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا ۔ ٹھٹولی ۔ مضحکہ

مسخرہ: دل لگی باز ۔ چہل باز ۔ پُر مذاق ۔ ظریف ۔ ٹھٹول ۔ ہنسوڑ ۔ جوکر ۔ ہنسانا ۔ مخمِل

مسدّس: شش پہلو ۔ شش گوشہ ۔ چھ کونیا

مسدود: بند ۔ رُکا ۔ بستہ ۔ گھِرا ہوا ۔ محدود

مسرّت: سرور ۔ خوشی ۔ انبساط ۔ فرحت ۔ آنند ۔ بہجت ۔ شادمانی ۔ شادی ۔ خورسندی ۔ خرّمی

مُسرف: فضول خرچ ۔ مبذّر ۔ اُڑاؤ ۔ لٹاؤ

مسرور: خوش ۔ شاداں ۔ فرحاں ۔ شاد ۔ شاداں ۔ منبسط

مسروق: دُزدیدہ ۔ چُرایا ۔ سرقہ شدہ

مسطّح: چوڑا ۔ فراخ ۔ کھلا ۔ ہموار ۔ پھیلا

مسطور: سطر بند ۔ سطر بستہ ۔ مرقوم ۔ مکتوب ۔ نوشتہ ۔ نگاشتہ ۔ تحریر کردہ ۔ رقم زدہ ۔ محرّر

مسعود: ا۔ نیک ۔ مبارک ۔ فرخندہ ۔ شبھ ۔ خجستہ ۔ ہمایوں
۲۔ خوش بخت ۔ خوش اقبال ۔ خوش قسمت ۔ بھاگوان

مسقّف: سقف دار ۔ چھت دار ۔ چھتا ۔ ڈیوڑھی

مُسکت: خاموش کُن ۔ لاجواب کُن ۔ سکوت آفریں

مُسکِر: نشہ آور ۔ خمار انگیز ۔ منشّی ۔ مست کُن

مسکراہٹ: تبسم ۔ ابتسام ۔ خندۂ زیرِ لب

مسکن: دارالسکون ۔ سکونت گاہ ۔ دارالقرار ۔ قرارگاہ ۔ مستقر ۔ قیام گاہ ۔ دارالقیام ۔ دارالاقامت ۔ اقامت گاہ ۔ ٹھکانا ۔ گھر ۔ مکان ۔ ماویٰ ۔ کدہ ۔ مقام

مُسکّن: تسکین بخش ۔ سکون بخش ۔ فرحت بخش ۔ تسکین دِہ

مسکنت: مسکینی ۔ غریبی ۔ مفلسی ۔ ناداری ۔ محتاجی ۔ عاجزی ۔ عجز ۔ بےچارگی ۔ بےبسی ۔ بےکسی ۔ ذلت ۔ خواری

مِسکوٹ: ساز ش ۔ ساز باز ۔ آنٹ سانٹ ۔ سانٹ گانٹھ ۔ صلاح مشورہ

مسکون: آباد ۔ قابلِ سکونت ۔ رہائشی ۔ زیرِ سکونت

مسکین: ا۔ غریب ۔ مفلس ۔ کنگال ۔ قلاش ۔ نادار ۔ تہی دست ۔ بےمایہ ۔ بےبضاعت ۔ محتاج
۲۔ بےحرکت ۔ غیر متحرک ۔ ساکن ۔ بےحس
۳۔ ضعیف ۔ ناتواں ۔ کمزور ۔ بےچارہ ۔ بےبس ۔ بےکس ۔
۴۔ حلیم ۔ متحمل ۔ بُردبار

مسکینی: ا۔ غریبی ۔ عزبت ۔ مفلسی ۔ افلاس ۔ کنگال پن ۔ ناداری ۔ تہی دستی ۔ بےمائگی ۔ بےبضاعتی ۔ محتاجی
۲۔ بےحرکتی ۔ سکون ۔ بےحسی
۳۔ ضعف ۔ ناتوانی ۔ کمزوری ۔ بےچارگی ۔ بےبسی ۔ بےکسی
۴۔ حلم ۔ تحمل ۔ بردباری

مسلح: ہتھیار بند۔ لیس۔ اوچی۔ سلاح دار۔ سلحشور۔ شستر دھاری۔ اسلحہ بند۔ کمربستہ

مسلسل: سلسلہ وار۔ لگاتار۔ متواتر۔ علی التواتر۔ پیہم۔ پے در پے۔

مسلط: قابض۔ متصرف۔ فاتح۔ مسخر۔ حاوی۔ غالب۔ مستولی۔ طاقت ور۔ زور آور۔ زبر

مسلک: ۱۔ راہ۔ راستہ۔ طریق۔ ڈگر۔ جادہ۔ بٹیا۔ شارع
۲۔ مذہب۔ مشرب۔ عقیدہ۔ دھرم۔ شیوہ
۳۔ قاعدہ۔ دستور۔ آئین

مُسلم: ۱۔ مسلمان۔ صاحبِ اسلام۔ پیروِ اسلام
۲۔ اطاعت گزار۔ مطیع۔ منقاد۔ فرماں بردار

مُسلَّم: ۱۔ سالم۔ پورا۔ سارا۔ سب۔ تمام۔ کامل۔ سموچا۔ سمپورن
۲۔ تسلیم شدہ۔ مقبول۔ درست۔ بجا۔ ٹھیک
۳۔ واجب۔ لازم۔ فرض۔ ضروری

مسلمان: مُسلم۔ پیروِ اسلام۔ صاحبِ اسلام۔ دیندار

مسلمانی: ۱۔ اسلام۔ پیروئ اسلام
۲۔ ختنہ

مسلوب: سلب شدہ۔ چھینا۔ معدوم۔ مفقود۔ مغصوب

مسلوب الاختیار: محرومِ اختیار۔ بے اختیار
مسلوب الحواس: حواس باختہ۔ مخبوط الحواس۔ بے حواس۔ خبطی۔ دیوانہ۔ مجنوں۔ پاگل۔ سِڑی۔ سودائی

مسلول: سِل زدہ۔ دق زدہ۔ مدقوق

مسموع: شنیدہ۔ مقبول۔ منظور

مسموم: سم آلود۔ زہر آلودہ۔ زہرناک۔ زہریلا

مسمّٰی: موسوم۔ نام بردہ۔ بنام

مُسن: ۱۔ معمر۔ سن رسیدہ۔ دیرینہ سال۔ سالخوردہ۔ کہن سال۔ بوڑھا۔ بڈھا۔ پیر۔ عمر رسیدہ۔ بزرگ
۲۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔ پختہ کار

مسند: گدی۔ تکیہ گاہ۔ تخت۔ اورنگ۔ سریر۔ سنگھاسن

مسند نشیں: گدی نشیں۔ تخت نشیں۔ اورنگ نشیں۔ سریر آرا
مسند نشینی: گدی نشینی۔ تخت نشینی۔ اورنگ نشینی۔ سریر آرائی

مسنون: مطابقِ سنت۔ ماثور

مسواک: داتن۔ ٹوتھ برش۔ داتن

مسودہ: ۱۔ کالا۔ سیاہ۔ سیاہ شدہ
۲۔ تحریر۔ نوشتہ۔ قلمی مضمون۔ پہلی نقل۔ غیر مطبوعہ تحریر۔ مخطوطہ
۳۔ منصوبہ۔ مدعا۔ مطلب۔ تجویز

مسہری: چھپر کھٹ۔ پردہ دار پلنگ

مُسہل: دست آور۔ جُلاب

مسئلہ: سوال۔ معاملہ۔ قضیہ۔ جھگڑا۔ معمّا۔ چیستان۔ معما

مسئول: دریافت کردہ۔ قابلِ مواخذہ۔ قابلِ بازپرس۔ ذمہ دار

مشابہ : ہم شبیہ ۔ ہم شکل ۔ ہم صورت ۔ مثل ۔ نظیر ۔ مانند ۔ مطابق ۔ موافق ۔ یکساں

مشابہت : ہم شکلی ۔ ہم صورتی ۔ مماثلت ۔ مطابقت ۔ موافقت ۔ یکسانی ۔ میل ۔ تشابہ ۔ تطابق ۔ مناسبت ۔ جوڑ ۔ تشبیہ ۔ تطبیق

مشارق : مشرقین

مشارکت : حصہ داری ۔ ساجھا ۔ شرکتِ باہمی

مشاعرہ : بزمِ سخن ۔ بزمِ شعر خوانی ۔ محفلِ سخن

مشاغل : اشغال ۔ معروفیات

مشاق : ماہر ۔ آزمودہ کار ۔ تجربہ کار

مشاقی : مہارت ۔ آزمودہ کاری ۔ تجربہ کاری

مشام : محلِ قوتِ شامہ ۔ دماغ

مشاورت : باہمی مشورہ ۔ صلاح ۔ استصواب ۔ استشارہ

مشاہدہ : دید ۔ معائنہ ۔ ملاحظہ ۔ نظارہ

مشاہرہ : ماہنہ ۔ ماہوار تنخواہ ۔ ماہانہ وظیفہ ۔ ماہینہ

مشاہیر : معروف ۔ شہرت یافتگان ۔ نامورّان ۔ عالم آشنایان ۔ اکابر ۔ اعاظم ۔ بزرگان ۔ اعیان ۔ اعالی ۔ مشہور ۔ سرنام

مشائخ : شیوخ ۔ بزرگان ۔ اکابر ۔ اعاظم ۔ عابدین ۔ صوفیا

مُشت : ۱۔ مٹھی ۔ لپ ۔ مقدارِ قلیل
۲۔ مُکا ۔ گھونسا ۔ ڈک

مُشتِ خاک : (کنایۃً) ۱۔ انسان ۔ آدمی ۔ بشر
۲۔ کرۂ ارض ۔ دنیا ۔ جہان ۔ عالمِ آب و گل

مُشت زن : ۱۔ مکے باز ۔ پہلوان ۔ باکسر
۲۔ مجلوق ۔ ہتھ رس

مُشت زنی : ۱۔ مکے بازی ۔ پہلوانی ۔ باکسنگ
۲۔ جلق ۔ ہتھ رسی ۔ استمنا بالید

مُشت مال : مالش ۔ چمپی ۔ مساج ۔ چمپی

مشتاق : شوقین ۔ آرزومند ۔ متمنی ۔ تمنائی ۔ خواہاں ۔ خواہش مند ۔ طالب ۔ منتظر ۔ شائق ۔ مستدعی

مشتبہ : مشکوک ۔ نامعلوم ۔ پیچیدہ ۔ پُرشبہ ۔ پُرشک

مشترک : ساجھا ۔ بالاشتراک ۔ شامل ۔ یک جا ۔ اکٹھا

مُشتری : ۱۔ خریدار ۔ گاہک
۲۔ برجیس ۔ برہسپت ۔ ہرمس ۔ ہرمزد ۔ سعدِ اکبر ۔ راوِ دانش ۔ اخترِ دانش

مُشتعل : ۱۔ شعلہ زن ۔ برانگیختہ ۔ برافروختہ
۲۔ خشمگیں ۔ پُرغیظ ۔ غضبناک

مشتق : مستخرج ۔ مستمد ۔ ماخوذ

مشتمل : شامل ۔ شریک ۔ متعلق ۔ مشمولہ ۔ منحصر ۔ مبنی ۔ محول

مشتہر : شہرت دادہ ۔ مشہور ۔ اشتہاری ۔ اعلان کردہ

مُشتہر: شہرت دہندہ۔ اعلان کنندہ۔ معلن۔ پرچارک۔ منادی۔ اشتہار دہندہ۔ ایڈورٹائزر۔

مُشخّص: تشخیص کردہ۔ تجویز کردہ۔ مقرر۔ معیّن

مُشدّد: بالتشدید۔ بستہ۔ مضبوط۔ پختہ۔ پکّا

مَشرب: ۱۔ پیاؤ۔ سبیل۔ گھاٹ۔
۲۔ تالاب۔ کنواں۔ چشمہ۔ جھیل
۳۔ مسلک۔ طریقہ۔ مذہب۔ شیوہ۔ شعار۔ کیش۔ عقیدہ۔ ایمان۔ دھرم۔ دین

ہم مشرب — رند مشرب — آزاد مشرب — فقیر مشرب — درویش مشرب — صوفی مشرب — سادھو مشرب — جوگی مشرب — رنگین مشرب

مُشرَح: تشریح کردہ۔ مفصّل۔ صاف۔ واضح۔ کھلا

مُشرّف: شرف یاب۔ معزز۔ محترم۔ باعزت۔ آبرودار۔ معظم۔ بزرگ۔ برگزیدہ

مُشرِق: شرق۔ پورب۔ مطلعِ آفتاب۔ خاور۔ چڑھدا

مشرقی: شرقی۔ پوربی

مُشرِک: غیر موحّد۔ بت پرست۔ صنم پرست۔ بے دین۔ کافر

مشروب: نوشیدنی۔ شربت۔ پانی۔ دودھ۔ شئے نوشیدنی۔ ڈرنک

مشروط: شرطی۔ موقوف۔ منحصر

مشروطیت: آئینی حکومت۔ دستوری حکومت۔ پارلیمانی حکومت

مشروع: مطابقِ شرع۔ شرعی۔ جائز۔ مباح

مشروعیت: شرعی مطابقت۔ شرعی جواز

مشعل: بتی۔ دیا۔ شمع۔ دیپ۔ مشال۔ ٹارچ

مشغلہ: شغل۔ تفریح۔ تفنن۔ کام۔ دھندا۔ ہنسی۔ مذاق۔ ہُنر۔ دل لگی

مشغول: معروف۔ متوجہ۔ منہمک

مشغولیت: معروفیت۔ انہماک۔ توجہ

مشفق: شفیق۔ مہربان۔ عنایت فرما۔ کرم فرما۔ محب۔ دوست

مشق: ۱۔ عادت۔ مزاولت۔ ممارست۔ عادت
۲۔ تمرین۔ ابھیاس۔ پریکٹس

مشقت: ۱۔ محنت۔ ریاضت۔ جفاکشی۔ جاں فشانی۔ عرق ریزی
۲۔ سختی۔ دشواری۔ مشکل۔ دکھ۔ تکلیف
۳۔ کام۔ کاج۔ دھندا۔ مزدوری

مَشک: پکھال۔ مشکیزہ۔ سرنائی

مُشک: ۱۔ مِرگ۔ کستوری
۲۔ (مجازاً) خوشبو۔ عنبر۔ عود۔ عطر

مشکِ اذفر — مشکِ ناب — مشکِ خشک — مشکِ ختن — مشکِ خطا — مشکِ گلاب —

مشک با بیر ـ مشک نافہ ـ مشک نافہ نافہ ـ مشکِ خرمن خرمن ـ مشکِ خوشدم ـ مشکِ خالص ـ مشکِ سارا ـ مشکِ نایاب ـ مشک خالص دریا دریا ـ مشک زمین ـ مشکِ خام ـ مشک دماغ پرور ـ مشکِ عنبر میں ـ مشک قاری قمار ـ مشک طیب جاں ـ مشک خوشں بوح ـ مشک کافور

مُشکل : ۱۔ دشوار ۔ سخت ۔ شاق ۔ دوبھر ۔ کٹھن ۔ ادق ۔ ناممکن ۔ عسیر ۔ دقیق ۔ پیچیدہ ۔ دقت آمیز ۔ محال ۔ مستعسر ۔ کٹھن

۲۔ دشواری ۔ سختی ۔ کٹھنائی ۔ دقت ۔ پیچیدگی ۔ دُکھ ۔ مصیبت ۔ جوکھم ۔ خطرہ ۔ خدشہ ۔ جوکھوں تکلیف

مشکل پسند : دشوار پسند ۔ دقت پسند

مشکل پسندی : دشوار پسندی ۔ دقت پسندی

مشکل کُشا : ۱۔ حلالِ مشکل ۔ مشکل ربا ۔ دافعِ مشکل

۲۔ (کنایتہً) حضرت علیؓ

مشکل کشائی : حلِ مشکل ۔ مشکل ربائی ۔ رفعِ مشکل

مشکور : ۱۔ موردِ شکر ۔ لائقِ شکرگزاری ۔ پسندیدہ

۲۔ (غلط العام) ممنون ۔ سپاس گزار ۔ متشکر ۔ شاکر ۔ شکرگزار

مشکوک : مشتبہ ۔ شک زدہ ۔ پُر شک ۔ پُر اشتباہ

مشمول : شامل کردہ ۔ شامل ۔ شریک ۔ آمیختہ ۔ مزدوج

مِشن : ۱۔ مقصد ۔ مدعا ۔ نصب العین

۲۔ سفارت ۔ وفد ۔ نیابت

مِشنری : تبلیغی ادارہ ۔ مبلغ ۔ پرچارک

مشورہ / مشورت : صلاح ۔ باہمی تجویز ۔ تبادلۂ خیال ۔ اظہار آرا ۔ مشاورت ۔ کنگاسش

مشوّش : پریشان ۔ مضطرب ۔ حیرت زدہ ۔ مبہوت ۔ حیران

مشہد : شہادت گاہ ۔ قتل گاہ ۔ مقتل

مشہود : دیدہ ۔ دیکھا بھالا ۔ حاضر ۔ ظاہر ۔ موجود ۔ ثابت

مشہور : شہرت دادہ ۔ شہرت یافتہ ۔ معروف ۔ نامور ۔ شہیر ۔ زبان زدِ خلق ۔ الم نشرح ۔ تشت ازبام ۔ نامی ۔ نامی گرامی ۔ ممتاز ۔ جغادری

مشیّت : ۱۔ خواہش ۔ ارادہ ۔ مرضی ۔ منشا

۲۔ قسمت ۔ تقدیر ۔ مقسوم

مشیخت : شیخی ۔ ڈینگ ۔ خودنمائی ۔ خودستائی ۔ استکبار ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ فخر

مشیر : ۱۔ صلاح کار ۔ وزیر ۔ منتری ۔ رائے دہندہ ۔ ایڈوائزر ۔ مدبر ۔

۲۔ کارپرداز ۔ دیوان ۔ مصاحب

مشیّن : شان دار ۔ عظیم الشان ۔ پُر شوکت ۔ پُر شکوہ ۔ پُر تمکنت ۔ رُعب دار ۔ وجیہ ۔ خوب صورت ۔ آراستہ ۔ پیراستہ ۔ زیبا ۔ بنا سنورا

مشین : کل ۔ آلہ ۔ پُرزہ ۔ یتّل

مصاحب : ساتھی ۔ رفیق ۔ ہم نشیں ۔ جلیس ۔ حاشیہ نشیں ۔ ہم بزم ۔ ہم مجلس ۔ ہم صحبت

مصاحبت : ساتھ۔ رفاقت۔ ہم نشینی۔ حاشیہ نشینی۔ ہم مجلسی۔ ہم جلیسی

مصادر : ماخذ۔ منابع

مصارف : اخراجات

مصاف : صف گاہ۔ میدانِ جنگ۔ رزم گاہ۔ جنگگاہ۔ رن بھوم۔ میدانِ کارزار

مصالحت : صلح۔ میل ملاپ۔ سمجھوتا۔ صلح صفائی۔ تصفیہ

مصائب : صعوبات۔ تکالیف۔ مشکلات

مصباح : چراغ۔ سراج۔ دیا۔ شمع۔ بتی۔ قندیل۔ بلب۔ قمقمہ۔ لیمپ۔ لالٹین۔

مُصحح : تصحیح کنندہ۔ صحت کنندہ۔ اصلاح کنندہ۔ مُصلح

مُصحف : کتاب۔ قرآن

مصداق : تصدیق۔ ثبوت۔ صداقت۔ گواہی۔ شہادت

مصدر : ماخذ۔ منبع۔ سرچشمہ۔ اصل۔ جڑ۔ بنیاد

مُصدَّق : تصدیق شدہ۔ موثق۔ مجرب۔ آزمودہ

مصدِّق : تصدیق کنندہ۔ موثق۔ مجرب۔ آزمانندہ۔ شاہد۔ گواہ

مُصِر : اصرار کنندہ۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ اڑیل۔ مستقل مزاج

مصرع : ۱۔ بٹ۔ کواڑ
۲۔ نصف شعر

مَصرف : ۱۔ مقامِ خرچ۔ موقع خرچ۔ استعمال
۲۔ مطلب۔ کام۔ غرض۔ مقصد

مصروف : مشغول۔ منہمک۔ عدیم الفرصت۔ محو

مصروفیت : مشغولیت۔ انہماک۔ عدمِ فرصت

مِصری : قند۔ نبات۔ چینی۔ شکر سفید

مصطلح : اصطلاح۔ مجاز

مُصفّا/مصفّٰی : صاف شدہ۔ صاف۔ پاک۔ نتھرا۔ شفاف۔ خالص۔ ناب۔ زلال

مُصفّی : صاف کنندہ۔ تصفیہ کنندہ۔ پاک کنندہ

مصلّا/مصلّٰی : ۱۔ مقامِ صلوٰۃ۔ نماز گاہ۔ عبادت گاہ۔ مسجد
۲۔ جا نماز۔ سجادہ۔ جائے نماز

مُصلح : اصلاح کنندہ۔ تصحیح کنندہ۔ مصحح۔ [illegible]

مصلحت : بہتری۔ نیکی۔ بھلائی۔ خوبی۔ [illegible] حکمت۔ [illegible] تجویز

مصلحت اندیش ـــ مصلحتِ وقت ـــ مصلحتِ [illegible] ـــ مصلحتِ قوم ـــ مصلحتِ ملک ـــ مصلحتِ سیاست

مصمم: مضبوط۔ پکّا۔ پختہ۔ محکم۔ استوار۔ پائیدار

مصمم ارادہ: پکا ارادہ۔ عزم بالجزم۔ عزمِ راسخ۔ عزمِ صمیم

مصنِّف: تصنیف کنندہ۔ نویسندہ۔ نگارندہ۔ لکھاری۔ لیکھک۔ صاحبِ کتاب۔ صاحبِ تصنیف

مصنوع: ساختہ۔ مجعول۔ مخلوق۔ تیار کردہ

مصنوعی: بناوٹی۔ جعلی۔ نقلی۔ غیر اصلی۔ دکھاوے کا۔ ساختہ۔ فرضی

مصوِّر: تصویر ساز۔ تصویر کش۔ صورت گر۔ نقاش۔ چترکار۔ گل کار۔ فن کار۔ چہرا پرداز۔ رنگ آمیز۔ نگارگر۔ رسّام۔ نقش طراز۔ آرٹسٹ۔ کلاکار

مصوَّر: باتصویر۔ منقوش

مصوّری: تصویر سازی۔ تصویر کشی۔ صورت گری۔ نقاشی

مصیبت: ۱۔ تکلیف۔ کلفت۔ دکھ۔ صعوبت۔ رنج۔ عذاب۔ درگت۔ دمہ۔ اذیت۔ دکھڑا۔ درماندگی۔ اندوہ۔ شامت۔ اِدبار۔ کشٹ۔ آفت۔ بلا۔ بپتا۔ نحوست۔ گاڑھ۔ بلیّہ
۲۔ حادثہ۔ صدمہ۔ خطرہ۔ گزند۔ جنجال۔ وبال۔ ایذا
۳۔ مشکل۔ دشواری۔ دِقت۔ کٹھنائی۔ اٹکاؤ۔ جوکھم۔ جوکھوں۔ مجبوری۔ معذوری۔ عاجزی۔ ناچاری

مصیبت زدہ ــ مصیبت کا مارا ــ مصیبتِ ناگہانی

مضاعف: دوگنا۔ دوچند۔ دوہرا

مضاف: ۱۔ پیوستہ۔ متصل۔ منسلک۔ شامل۔
۲۔ ملحق۔ متعلق۔ منسوب

مضاف الیہ: صاحبِ نسبت۔ مالک

مضافات: سوادِ شہر۔ گردونواح۔ قرب وجوار۔ اطراف۔ حوالی۔ اکناف۔ جوانب

مضامین: مطالب۔ مقاصد۔ موضوعات۔ مشمولات۔ معانی

مضائقہ: ۱۔ تنگی۔ دشواری۔ حرج۔ قباحت۔ برائی۔ عیب
۲۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ ترس۔ بھے۔ دریغ۔ پروا

مضبوط: ۱۔ پائیدار۔ دیرپا۔ مستحکم۔ محکم۔ پکّا۔ استوار۔ قائم۔ مصمم۔ اَن مٹ۔ جزم۔ ٹھوس۔ راسخ۔ اٹل۔ تھِر۔ راڑھ۔ امٹ۔ اچل۔ پختہ۔ رسیدہ۔ منیع۔ مستقل۔ موثق۔ سدید
۲۔ طاقت ور۔ قوی۔ توانا۔ شہ زور۔ بلوان۔ تولم۔ تنومند۔ ڈھٹو۔ ہیکل۔ فربہ اندام۔ زور آور۔ تکڑا۔ سخت۔ تناور۔ کڑا بل۔ درشت پشت۔ پاور فل۔

مضبوطی: ۱۔ پائیداری۔ دیرپائی۔ استحکام۔ محکمی

مُضحِک: خندہ آور۔ مسخرہ۔ ظریف۔ ہنسوڑ

مضحکہ: ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مذاق۔ مخول۔ تمسخر۔ مسخرگی۔ ہزل

مضحکہ خیز: خندہ آور۔ خندہ آفریں

مُضِر: مضرت رساں۔ ضرر رساں۔ نقصان دہ۔ نقصان رساں۔ تکلیف دہ

مضراب: زخمہ۔ ناخنہ۔ ناخونہ۔ انگشتانہ

مضطر: ۱۔ نقصان رسیدہ
۲۔ بے بس۔ بے چارہ۔ بے چین۔ بے تاب۔ پریشان

مضطرب: بے چین۔ بے قرار۔ بے تاب۔ بے کل

مضمحل: ۱۔ کمزور۔ ضعیف۔ ناتواں
۲۔ دُبلا۔ پتلا
۳۔ سُست۔ کاہل۔ سرگراں
۴۔ دلگیر۔ رنجیدہ۔ مغموم۔ محزون۔ اداس

مضمر: پوشیدہ۔ مخفی۔ مستور۔ مکتوم۔ نہاں۔ پنہاں۔ ضمنی۔ مفہوم

مضمون: ۱۔ شامل۔ متعلق۔ وابستہ
۲۔ تحریر۔ انشا۔ نوشت۔ مقالہ۔ آرٹیکل
۳۔ موضوع۔ مفہوم۔ معنی۔ مطلب

مضمون نویس/نگار: انشا پرداز۔ محرّر۔ مصنف
مضمون نویسی/نگاری: انشا پردازی۔ محرّری۔ تصنیف

مطابق: موافق۔ برابر۔ یکساں۔ مانند۔ مناسب۔ لائق۔ بموجب۔ ٹھیک۔ بنحواسے۔ بہ لحاظ

مطابقت: موافقت۔ برابری۔ یکسانی۔ تطابق۔ توافق۔ مناسبت۔ مشابہت

مطار: طیران گاہ۔ فضائی مستقر۔ ہوائی اڈا۔ ایئرپورٹ

مطاع: مخدوم۔ سردار۔ سیّد۔ قائد۔ حاکم۔ حکمراں۔ فرماں روا۔ بزرگ۔ مربی۔ مقتدا

مطاعن: طعنے۔ مینے

مطالب: مفاہیم۔ معانی۔ مقاصد۔ اغراض

مطالبہ: طلب۔ مانگ۔ حق۔ دعویٰ۔ درخواست۔ تقاضا

مطالعہ: غور۔ غور۔ توجہ۔ دھیان۔ خیال۔ مشاہدہ۔ کتب بینی
کتاب خوانی۔ کتب بینی

مطائبہ: خوش طبعی۔ ہنسی۔ مذاق۔ ظرافت۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ چُہل۔ تفریح

مطب: طبابت گاہ۔ علاج گاہ۔ دارالشفا۔ کلینک

مطبخ: باورچی خانہ۔ رسوئی۔ کچن

مطبخی: باورچی۔ طبّاخ۔ طعام پز۔ رسوئیا۔ پکا دل۔ رنگ

مطبع: دارالطباعت۔ طباعت گاہ۔ چھاپا خانہ۔ چھاپ خانہ۔ پریس

مطبوع: ۱۔ چھاپ شدہ۔ چھپا۔ طبع شدہ۔ پرنٹڈ
۲۔ دل پسند۔ پسندیدہ۔ مرغوب

مُطرب: گویا۔ گائیک۔ خنیاگر۔ سرودگر۔ مغنّی۔ قوّال۔ گوّیا

مطعون: طعن زدہ۔ معیوب۔ رسوا۔ بدنام۔ لعنتی

مطلّا: مذہّب۔ طلاکار۔ زرکار۔ زریں۔ سنہری۔ طلائی

مطلب: ۱۔ مفہوم۔ معنی۔ ارتھ۔ مراد
۲۔ غرض۔ مقصد۔ منشا۔ مدعا۔ مقصود۔ خواہش۔ تمنا۔
سروکار۔ مرام۔ کام

مطلب برآری : مقصد برآری حصولِ مُدعا۔ حاجت روائی

مطلبی : مطلب پرست۔ خود غرض۔ خودکام۔ ابن الوقت۔ بندۂ غرض

مَطلَع : ۱۔ مقامِ طلوع۔ جائے طلوع
۲۔ اوّلین شعرِ غزل و قصیدہ

مُطّلِع : خبردار۔ آگاہ۔ واقف۔ باخبر

مطلق : ۱۔ آزاد۔ بے نیاز۔ موکدہ۔ بے قید۔ ناپابند۔ خود مختار۔ خود رائے
۲۔ قطعی۔ بالکل۔ سراسر۔ یکسر

مطلق ہستی ___ مطلق العنان ___ مطلقاً

مُطلّقہ : طلاق شدہ۔ آزاد کردہ۔ خارج کردہ۔ متروکہ

مطلوب : طلبیدہ۔ خواستہ۔ مقصود۔ محبوب۔ معشوق

مطمحِ نظر : نصب العین۔ تصوری۔ آرزو۔ منتہائے مقصد۔ منزلِ مقصود۔ مرکزِ نگاہ۔ مقصدِ اصلی

مطمئن : آسودہ خاطر۔ تسلی یافتہ۔ تسکین یافتہ۔ بے فکر۔ قرار یافتہ۔ سکون یافتہ۔ بے کھٹکے۔ خاطر جمع۔ دل جمع۔ نچنت۔ آرمیدہ۔ بے پرواہ۔ بے خوف

مطیع : اطاعت گزار۔ اطاعت شعار۔ فرماں بردار۔ حکم بردار۔ منقاد۔ خادم۔ تابع۔ زیرِ فرمان

مظالم : ظلم و جور۔ سختیاں۔ مصائب

مظاہر : مقاماتِ ظہور۔ آثار۔ علامات

مظاہرہ : اظہار۔ نمود۔ نمائش۔ جلوس۔ ایجی ٹیشن۔ ڈیمانسٹریشن

مظفر : فتح یاب۔ ظفریاب۔ فاتح۔ فتح مند۔ کامیاب

مَظلمہ : ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ بیداد۔ ناانصافی

مُظلمہ : تاریک۔ تیرہ۔ تار۔ اندھیرا۔

مظلوم : ستم زدہ۔ ستم رسیدہ۔ نشانۂ جفا۔ دکھی۔ ستایا ہو۔ ستم کیش

مظلومی / مظلومیت : ستم زدگی۔ ستم رسیدگی

مَظہر : ۱۔ جائے اظہار۔ مقامِ اظہار
۲۔ تماشا گاہ۔ سٹیج۔ اکھاڑا
۳۔ اثر۔ علامت
۴۔ ظہور۔ اظہار۔ نمود

مُظہِر : اظہار کنندہ۔ بیان کنندہ۔ گواہ۔ شاہد۔ مخبر۔ جاسوس۔ گوئندہ۔ خبررساں

مَع : ساتھ۔ ہمراہ۔ سنگ۔ سیت۔ گیں۔ نال۔ سداں۔ مشمول

معاً : فوراً۔ فی الفور۔ تُرت۔ دفعتہً۔ اچانک۔ یکبارگی
مع الحدیث / القصہ : القصہ۔ الغرض۔ الحاصل۔ حاصلِ کلام
مع الخیر : بخیر۔ بخیریت۔ بعافیت۔ بسلامت
مع ہذا : علاوہ بریں۔ باوجودیکہ۔ باوصف

معابد : مساجد۔ مندر۔ عبادت گاہیں

معاد : ۱۔ جائے بازگشت ۔ مرجع ۔ رجعت گاہ
۲۔ (مجازاً) آخرت ۔ قیامت ۔ محشر

مُعارِض : معترض ۔ جھگڑالو ۔ مخالف ۔ مدعی ۔ حریف

معارضہ : جھگڑا ۔ ٹنٹا ۔ تنفیہ ۔ تنازع ۔ نزاع ۔ منازعت ۔ مناقشہ ۔ اعتراض ۔ اختلاف ۔ مخالفت

مَعارِف : علوم ۔ فنون

معاش : ۱۔ معیشت ۔ روزی ۔ رزق ۔ آزوقہ ۔ آب ودانہ ۔ اَن جل ۔ کفاف ۔ روزگار ۔ بسر اوقات ۔ گزر اوقات ۔ اوقات بسری ۔ خوراک ۔ کھانا دانہ ۔ قوت ۔ گزران ۔ گزارہ
۲۔ وظیفہ ۔ جاگیر

معاش دار : جاگیردار ۔ وظیفہ دار ۔ وثیقہ دار

معاشرت : رہن سہن ۔ بود وماند ۔ اجتماعی زندگی ۔ سماجی زندگی ۔ تمدن ۔ طرزِ زندگی ۔ طریقِ زندگی

معاشرتی : سماجی ۔ اجتماعی ۔ تمدنی ۔ سوشل

معاشرہ : ۱۔ سماج ۔ جماعت ۔ سوسائٹی ۔ احول ۔ ہیئتِ اجتماعی ۔ تہذیب ۔ تمدن ۔ اجتماعیہ
۲۔ انجمن ۔ محفل ۔ بزم ۔ مجلس ۔ مجمع

معاشی : اقتصادی ۔ اکنامک ۔ مالی ۔ مالیاتی

معاشیات : اقتصادیات ۔ علم پیداوار و تقسیمِ دولت ۔ اکنامکس

معاصر : ہم زمانہ ۔ ہم عہد ۔ ہم عصر ۔ ہمکالین

معاصرت : ہم عصری ۔ ہم عہدی ۔ ہم زمانی

معاصی : تقصیرات ۔ خطایا

معاف : بری ۔ آزاد ۔ درگزر کردہ ۔ عفو دادہ ۔ بحل کردہ ۔ بخشیدہ ۔ مغفور ۔ درگزر ۔ عفو ۔ بخشش

معافی : بخشش ۔ مغفرت ۔ غفران ۔ رہائی ۔ خلاصی ۔ نجات ۔ عفو ۔ چھٹکارا ۔ درگزر

معافی دار : جاگیردار ۔ انعام یافتہ
معافی نامہ : عفو نامہ ۔ دستاویزِ معافی ۔ نوشتِ معافی

مُعالِج : چارہ گر ۔ پزشک ۔ حکیم ۔ طبیب ۔ وَید ۔ ڈاکٹر ۔ فزیشن ۔ نباض ۔ چارہ ساز

معالجہ : علاج ۔ چارہ ۔ درماں ۔ دوا ۔ دارو ۔ مداوا ۔ حکمت ۔ طبابت ۔ وَیدی

معاملت : لین دین ۔ کاروبار ۔ بیوپار ۔ قول وقرار ۔ برتاؤ ۔ سلوک

معاملہ : ۱۔ کام ۔ کاج ۔ کاروبار ۔ دھندا
۲۔ لین دین ۔ خرید وفروخت ۔ بیع ۔ بیوپار ۔
۳۔ واقعہ ۔ سانحہ ۔ قضیہ ۔ جھگڑا
۴۔ تعلق ۔ واسطہ ۔ سابقہ ۔ برتاؤ ۔ سلوک
۵۔ مال گزاری ۔ لگان ۔ مالیہ ۔ محصول ۔ خراج

معاملہ فہم : نکتہ داں ۔ نکتہ فہم ۔ حقیقت شناس
معاملہ فہمی : نکتہ دانی ۔ نکتہ فہمی ۔ حقیقت شناسی

مُعانِد : عدو ۔ دشمن ۔ مخاصم ۔ خصم ۔ بَیری ۔ مخالف

معاندت: عداوت۔ دشمنی۔ مخاصمت۔ خصومت۔ بیر۔ مخالفت۔ عناد۔ جھگڑا۔ ٹنٹا

معانقہ: بغل گیری۔ ہم کناری۔ ہم آغوشی

معانی: مفاہیم۔ مطالب

معاوضہ: ۱۔ عوض۔ بدلہ۔ مبادلہ
۲۔ اجرت۔ تنخواہ۔ طلب۔ حقِ محنت۔ حقِ خدمت
۳۔ تاوان۔ ڈنڈ۔ ہرجانہ۔ جرمانہ

مُعاوِن: ممد۔ مددگار۔ سہایک۔ دست گیر۔ ساتھی۔ حامی۔ نائب۔ اسسٹنٹ۔ حمایتی۔ بازو۔ پشتی بان

معاونت: مدد۔ اعانت۔ سہائتا۔ دست گیری۔ حمایت۔ سہارا۔ تائید

مُعاہِد: حلیف۔ ساتھی۔ ہم عہد۔ ہم پیماں

معاہدہ: عہد۔ پیماں۔ وعدہ۔ اقرار۔ قول وقرار۔ میثاق۔ اقرارنامہ۔ عہدنامہ۔ وچن۔ بکّم

معائب: عیوب۔ نقائص۔ اسقام

معائنہ: ملاحظہ۔ مشاہدہ۔ مطالعہ۔ جانچ۔ پڑتال۔ آزمائش

معبد: عبادت گاہ۔ پرستش گاہ۔ عبادت خانہ۔ مسجد۔ مندر۔ گرجا۔ کلیسا۔ گوردوارا۔ ٹھاکردوارا

معبر: گھاٹ۔ پل۔ مقامِ عبور۔ راہ گزر۔ پتن

مُعبّر: تعبیرگو۔ ترجمان۔ شارح۔ مفسّر

معبود: پرستیدہ۔ مسجود۔ لائقِ عبادت۔ اللہ۔ خدا۔ دیوتا

معتاد: عادی۔ خوگر۔ خوکردہ

معتبر: ۱۔ معتمد۔ قابلِ اعتبار۔ قابلِ یقین۔ قابلِ وثوق
۲۔ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔ راست
۳۔ معزز۔ عزت دار۔ آبرودار۔ محترم

معتبری: ۱۔ معتمدی
۲۔ درستی۔ صحت۔ راستی
۳۔ عزت داری۔ آبروداری۔ حرمت داری

معتد: شمار کردہ۔ گنا چنا۔ محسوب

مُعتدبہ: ۱۔ معتبر۔ معتمد۔ قابلِ اعتبار
۲۔ معقول۔ بہت۔ زیادہ۔ وافر۔ بیش۔ تسلی بخش۔ قرار واقعی۔ خاطرخواہ

معتدل: درمیانہ۔ متوسط۔ مناسب۔ موزوں۔ درست۔ ٹھیک۔ موافق۔ سازگار۔ سیدھا۔ راست۔ مناسبِ حال۔ میانہ

معترض: اعتراض کنندہ۔ مخالف۔ معارض۔ مزاحم۔ مانع

معترف: اقراری۔ مُقِر۔ اقبالی

معتقد: عقیدت مند۔ ارادت مند

مُعتمَد: ۱۔ معتبر۔ قابلِ اعتماد۔ قابلِ اعتبار۔ محرم

۲۔ سیکرٹری

معتوب: زیرِ عتاب۔ مغضوب۔ مقہور

مُعجِز: عاجز کنندہ۔ خارقِ عادت۔ فوق البشر۔ فوق العادت

معجز بیان: اعجاز بیان۔ سحر بیان۔ خوش بیان۔ خوش کلام۔ خوش مقال۔ جادو بیان
معجز بیانی: اعجاز بیانی۔ سحر بیانی۔ خوش بیانی۔ خوش کلامی۔ خوش مقالی۔ جادو بیانی
معجز نگار: خوش رقم۔ خوش نویس۔ اعجاز نگار۔ جادو نگار
معجز نگاری: خوش رقمی۔ خوش نویسی۔ اعجاز نگاری۔ جادو نگاری
مُعجِز نما: اعجاز نما۔ حیرت انگیز۔ حیران کن۔ متحیر کن۔ حیرت خیز۔ تحیر خیز
معجز نمائی: اعجاز نمائی۔ حیرت انگیزی۔ حیرت خیزی۔ تحیر خیزی

معجزہ: اعجاز۔ خرقِ عادت۔ کرشمہ۔ اچنبہ۔ شعبدہ۔ ز جود۔ کمال۔ کرامت

معجزۂ مسیح — معجزات — معجزہ نگاری — معجزہ خواہی

مُعجّل: فوراً۔ جلد۔ شتاب۔ زود۔ بے مہلت۔ تُرت

مُعجَم: ۱۔ منقوط۔ نقطہ دار
۲۔ لغت۔ لغات۔ ڈکشنری۔ فرہنگ۔ شبدکوش۔ قاموس۔ محیط

معدلت: عدل۔ انصاف۔ داد۔ نیاؤ

معدن: کان۔ کھان۔ ماخذ۔ منبع۔ ۔۔ منبع

معدنی: کانی۔ معدنیاتی۔ فلزی

معدود: گِنا چُنا۔ شمار کردہ۔ چند۔ کم ۔۔۔

معدوم: نابود۔ نیست۔ ناپید۔ غیر موجود۔ گم۔ فانی۔ مفقود۔ فنا۔ کالعدم۔ موہوم

معدہ: اوجھ۔ اوجھڑی۔ پیٹ۔ پیٹیا۔ جھکولی

معذرت: عذر۔ معافی۔ عفو۔ حیلہ۔ بہانہ۔ عذر خواہی۔ اعتذار

معذور: ۱۔ عذر دار۔ ناچار۔ مجبور۔ بے بس
۲۔ اپاہج۔ محتاج۔ بے دست و پا۔ لنگڑا۔ لُولا۔ لُنجا

معذوری: ۱۔ عذر داری۔ ناچاری۔ مجبوری
۲۔ اپاہج پن۔ محتاجی۔ بے دست و پائی

معرّا / معرّیٰ: ۱۔ ننگا۔ برہنہ۔ عریاں۔ خالی۔ آزاد۔ بے لباس
۲۔ بے ترجمہ۔ بے تفسیر۔ بے حاشیہ
۳۔ سادہ نثر۔ بے قافیہ نظم۔ غیر مقفیٰ

معراج: ۱۔ سیڑھی۔ زینہ۔ نردبان۔ پرکالہ
۲۔ بلندی۔ اوج۔ عروج۔ رفعت۔ علو
۳۔ سیرِ عالمِ ملکوت و جبروت

معرفت: ۱۔ عرفان۔ آگاہی۔ پہچان۔ شناخت۔ واقفیت۔ علم۔ شعور۔ وقوف۔ رسائی۔ علمِ باطن
۲۔ خدا شناسی۔ علمِ الٰہی۔ حق شناسی
۳۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ سبب۔ وساطت۔ توسط۔ طفیل۔ معاونت

استعانت ۔ اعانت

معرکہ : ۱۔ میدانِ جنگ ۔ جنگاہ ۔ رزم گاہ ۔ مصاف ۔ رن بھوم
۲۔ جنگ ۔ جدال ۔ قتال ۔ لڑائی ۔ رزم ۔ دنگا ۔ کارزار ۔ یُدھ ۔
حرب ۔ محاربہ
۳۔ مقابلہ ۔ جھگڑا ۔ نزاع ۔ تنازعہ
۴۔ مڈبھیڑ ۔ بھیڑ ۔ جمگھٹ ۔ دھوم دھام ۔ ازدحام ۔ انبوہ

معرکہ آرا : ۱۔ صف آرا ۔ جنگ آزما ۔ جنگ جو ۔ جنگ آور
۲۔ زبردست ۔ پُرزور ۔ زور دار ۔ زور آور
معرکہ آرائی : ۱۔ صف آرائی ۔ جنگ آزمائی ۔ جنگ جوئی ۔ جنگ آوری
۲۔ زبردستی ۔ پُرزوری ۔ زور داری ۔ زور آوری
معرکۃ الآرا : ۱۔ محلِ اختلافِ رائے ۔ مقامِ اختلاف ۔ اختلافی
۲۔ پُرزور

معروض : ۱۔ پیش کردہ ۔ عرض کردہ
۲۔ عرضی ۔ درخواست ۔ گزارش

معروضہ : عریضہ ۔ درخواست ۔ عرضی ۔ استدعا ۔ التماس ۔ گزارش

معروضی : خارجی ۔ واقعی ۔ آبجیکٹو

معروف : ۱۔ معلوم ۔ مشہور ۔ جانا پہچانا ۔ شہیر ۔ ظاہر ۔ الم نشرح
۲۔ نیکی ۔ احسان ۔ بھلائی ۔ خوبی

معزز : عزت دار ۔ ذی عزت ۔ صاحبِ عزت ۔ آبرودار ۔ محترم ۔ موقر ۔
باوقار ۔ صاحبِ عظمت ۔ باوقعت ۔ بزرگ ۔ شریف ۔ معتبر ۔
صاحبِ آبرو ۔ واجب الاحترام ۔ لائقِ تعظیم

معزول : موقوف ۔ برطرف ۔ برخاست ۔ برکنار ۔ الگ ۔ علیحدہ

معزولی : عزل ۔ موقوفی ۔ برطرفی ۔ برکناری ۔ علیحدگی

معسکر : لشکرگاہ ۔ چھاؤنی ۔ پڑاؤ ۔ فوجی پڑاؤ

معشوق : محبوب ۔ مطلوب ۔ پریتم ۔ پیتم ۔ ساجن ۔ بالم ۔ دل بر ۔ دل ربا ۔
دل ستان ۔ دلفریب ۔ شاہد ۔ نگار ۔ دل دار ۔ دل آرام ۔
من موہن ۔ جانِ تمنا ۔ مست ناز ۔ صنم ۔ جانی ۔ جان آرزو ۔ پیارا ۔
جانِ جہاں ۔ جانِ جاناں ۔ پی ۔ میت ۔ سجن ۔ چِت چور ۔
من ہرن ۔ نازنین ۔ نازک اندام ۔ بُتِ کافر ۔ جانِ بہار

معشوقی : محبوبی ۔ محبوبیت ۔ دل فریبی ۔ دلبری ۔ دلربائی

معصوم : ۱۔ بے گناہ ۔ بے خطا ۔ بے قصور ۔ پاک ۔ پوتر ۔ بری ۔
بے تقصیر ۔ نردوش ۔ پاکدامن ۔ ناکردہ گناہ
۲۔ ننھا ۔ بچہ ۔ بھولا ۔ سیدھا ۔ سادہ

معصومی / معصومیت : ۱۔ بے گناہی ۔ بے خطائی ۔ بے قصوری ۔
پاکی ۔ پاکیزگی ۔ بے تقصیری ۔ پوترتا
۲۔ بھولپن ۔ سادگی ۔ سادہ لوحی

معصیت : ۱۔ عصیاں ۔ گناہ ۔ اثم ۔ خطا ۔ قصور ۔ تقصیر ۔ پاپ ۔ اپرادھ
۲۔ نافرمانی ۔ انحراف ۔ سرکشی ۔ تمرد ۔ بغاوت ۔ طغیان

معطّر : خوشبودار ۔ خوشبوآمیز ۔ مہکیلا ۔ عطرآگیں

معطّل : بیکار ۔ نکما ۔ معزول ۔ بے کام ۔ سست ۔ کاہل

معطّلی : بیکاری ۔ نکماپن ۔ معزولی ۔ سستی ۔ کاہلی

مُعطی : عطا کنندہ ۔ داتا ۔ دانی ۔ فیاض ۔ کریم ۔ بخشندہ

معظّم : صاحبِ عظمت ۔ معزز ۔ محترم ۔ ذی عزت ۔ ذی وقار ۔ ذی جاہ ۔ ذی مرتبت ۔ بزرگ ۔ برگزیدہ ۔ شریف

معقول : ۱۔ قرینِ عقل ۔ قرینِ قیاس ۔ مطابقِ عقل
۲۔ مناسب ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ واجب ۔ بجا
۳۔ اچھا ۔ بھلا ۔ خوب ۔ پسندیدہ
۴۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ فہمیدہ
۵۔ قابل ۔ لائق ۔ سمجھدار
۶۔ حسبِ اطمینان ۔ خاطر خواہ ۔ حسبِ ضرورت ۔ کافی
۷۔ موزوں ۔ زیبا ۔ شایاں ۔ پھبتا
۸۔ عاجز ۔ لاجواب ۔ بند
۹۔ فلسفہ ۔ حکمت ۔ منطق

معقولی : حکیم ۔ فلسفی ۔ فیلسوف ۔ منطقی ۔ عقلیت پسند

معقولیت : عقل پسندی ۔ مطابقت عقل ۔ مناسبت ۔ سمجھ بوجھ ۔ فہمیدگی ۔ تہذیب ۔ شائستگی ۔ انسانیت

معکوس : الٹا ۔ اوندھا ۔ ٹیڑھا ۔ ناموافق ۔ فاسد ۔ واژوں ۔ واژگوں

معلّق : آویختہ ۔ آویزاں ۔ لٹکتا

معلِّم : دانش آموز ۔ علم آموز ۔ مدرس ۔ آموزگار ۔ استاد ۔ گرو ۔ آخوند ۔ اتالیق

معلم الملکوت : ۱۔ استادِ فرشتگاں
۲۔ (کنایۃً) عزازیل ۔ شیطان ۔ ابلیس

معلّمی : دانش آموزی ۔ علم آموزی ۔ مدرسی ۔ آموزگاری ۔ اتالیقی ۔ استادی

مُعلِن : اعلان کنندہ ۔ اظہار کنندہ ۔ اناؤنسر

معلول : مسبَّب ۔ نتیجہ ۔ پھل ۔ ثمرہ ۔ حاصل

معلوم : ۱۔ معروف ۔ مشہور ۔ جانا بوجھا ۔ شناسا ۔ عیاں
۲۔ واضح ۔ ظاہر ۔ روشن ۔ آشکار ۔ پرگٹ ۔ نروار ۔ عیاں ۔ ہویدا ۔ بیّن

معلّٰی : بلند ۔ اونچا ۔ عالی ۔ بزرگ ۔ رفیع ۔ معظم ۔ عظیم

معمّا : ۱۔ پہیلی ۔ چیستان ۔ لغز ۔ بجھارت ۔ بوجھ بجھول ۔ الجھن ۔ پھیر ۔ گورکھ دھندا
۲۔ مخفی ۔ مبہم ۔ پوشیدہ ۔ پیچیدہ

معمار : عمارت گر ۔ راج مستری ۔ بنّا ۔ گل کار ۔ آرزوگر ۔ پاوزن ۔ پاخیرہ زن ۔ والادگر ۔ کاریگر

معماری : عمارت گری ۔ راج گیری ۔ گل کاری

مُعمَّر : مسن ۔ سن رسیدہ ۔ عمر رسیدہ ۔ دیرینہ سال ۔ سالخوردہ ۔ کہن سال ۔ پیر ۔ بوڑھا ۔ بڈھا ۔ بزرگ

مَعمل : تجربہ گاہ ۔ آزمائش گاہ ۔ دار التجربہ ۔ لیبارٹری

معمور : ۱۔ بھرا پرا ۔ لبریز ۔ پُر
۲۔ آباد

معمورہ : آبادی ۔ بستی ۔ نگر ۔ شہر ۔ قریہ ۔ دیار

معموری : ۱۔ پُری ۔ لبریزی
۲۔ آبادی ۔ آبادانی

معمول: ۱۔ عمل کردہ۔ زیرِ عمل
۲۔ رواج۔ دستور۔ قاعدہ۔ عادت

معمولی: ۱۔ رواجی۔ رسمی۔ مقررہ۔ مروجہ۔ حسبِ معمول۔ حسبِ عادت۔ عام
۲۔ غیراہم۔ خفیف۔ ہلکا۔ تھوڑا۔ کم۔ ادنیٰ۔ ذرا۔ سبک۔ حباب سا

معنون: منسوب۔ نامزد۔ انتساب کردہ

معنوی: اصلی۔ ذاتی۔ حقیقی۔ اندرونی۔ باطنی۔ روحانی

معنویت: معنی داری۔ مفہوم داری۔ حقیقت داری۔ معنی خیزی

معنی/معنیٰ: ۱۔ مطلب۔ منشا۔ مراد۔ مفہوم۔ مقصد
۲۔ اصلیت۔ حقیقت۔ ماہیت
۳۔ باطن۔ مضمون
۴۔ سبب۔ وجہ۔ باعث

معنی پرور: معنی آفریں۔ معنی خیز۔ ماہر انشا پرداز۔ اعلیٰ شاعر
معنی پروری: معنی آفرینی۔ معنی خیزی۔ انشا پردازی۔ شاعری
معنی خیز: معنی آفریں۔ پُرمعنی۔ پُرمطلب۔ بامقصد۔ پرمفہوم۔ معنی دار
معنی خیزی: معنی آفرینی۔ معنویت۔ معنی داری۔ مطلب داری
معنی/معناً: باعتبارِ معنی۔ حسبِ مفہوم

معیار: کسوٹی۔ محک۔ پیمانہ۔ اندازہ۔ مقیاس۔ قاعدہ۔ نصاب۔ درجہ۔ مقام

معیاری: حاملِ معیار۔ عمدہ۔ اعلیٰ۔ مطابقِ معیار

معیت: ساتھ۔ ہمراہی۔ سنگت۔ شمول۔ رفاقت

معیشت: ۱۔ زندگی۔ زندگانی۔ زیست۔ حیات
۲۔ گزران۔ گزارہ۔ آزوقہ۔ قُوت۔ روزی۔ خوراک۔ رزق

مُعِین: مددگار۔ ممد۔ معاون۔ دست گیر۔ حامی۔ سہائیک

مُعَیَّن: مقرر۔ متعین۔ قرار دادہ۔ مشخص۔ مخصوص

معیوب: عیب دار۔ ناقص۔ عیبی۔ خراب۔ بُرا۔ مذموم۔ نقص دار۔ سقیم۔ ناکارہ

مُغ: ۱۔ آتش پرست۔ گبر۔ مجوسی۔ پارسی
نشتر : نیشتر۔ چاقو۔ مشرط۔ مبضع۔ ڈنگ۔ ڈنک۔ نیش۔ آور۔ حلقہ۔ شست۔ کلک۔ گزار۔ گزر۔ نیشو

نشتر زن : فصاد۔ جرّاح
نشتر زنی : عمل جراحی۔ (کنایۃً) طعن و تشنیع۔ دل آزاری

نشٹ : ۱۔ تباہی۔ بربادی۔ فنا
۲۔ تباہ۔ برباد۔ ضائع

نشر : ۱۔ پھیلاؤ۔ اشاعت۔ وسعت۔ کشادگی
۲۔ پراگندگی۔ انتشار۔ براڈکاسٹنگ
۳۔ طوالت۔ امتداد۔ درازی
۴۔ اجراء۔ بہاؤ۔ روانی
۵۔ پراگندہ۔ پریشان۔ منتشر۔ شائع

نشست : ۱۔ بیٹھک۔ قعدہ
۲۔ کرسی۔ مسند
۳۔ صحبت۔ مجالست۔ ہم نشینی۔ مصاحبت
۴۔ حالت۔ انداز۔ ٹھاٹھ
۵۔ پیوستگی۔ جوڑ۔ چول

نشست گاہ : بیٹھک۔ دیوان خانہ

نشو : روئیدگی۔ بالیدگی۔ بڑھوتری۔ نمو

نشوونما : پرورش۔ شادابی۔ سرسبزی۔ رونق۔ ظہور۔ ترقی۔ بالیدگی۔ بڑھوتری

نشور : حشر۔ قیامت۔ محشر۔ دوبارہ زندگی۔ حشر۔ معاد

نشہ : ۱۔ خمار۔ کیف۔ کیفیت۔ سرور۔ ٹلکر۔ بیہوشی۔ مدہوشی۔ مستی۔ بےخودی۔ خودفراموشی۔ پینک۔ اترارا
۲۔ جوش۔ ولولہ۔ ترنگ۔ امنگ۔ لہر۔ موج
۳۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ کبر۔ ابھیمان

نشیب : پستی۔ نچان۔ نیچ۔ حضیض۔ ڈھلوان۔ رڑھان

نشیب و فراز : اونچ نیچ۔ اتار چڑھاؤ۔ عروج و زوال۔ ترقی و تنزل۔ فائدہ و نقصان۔ کمی بیشی۔ نیک و بد

نشیلا : مخمور۔ سرشار۔ مست۔ متوالا۔ پُرخمار

نشیمن : ۱۔ آشیانہ۔ گھونسلا۔ لانہ۔ آشیاں۔ الانا۔ آنا۔ بسیرا
۲۔ خلوت کدہ۔ خلوت گاہ۔ مسکن۔ ٹھکانہ۔ گھرونا

نشیں : بیٹھنے والا۔ رہنے والا

پالکی نشیں ــــ خاک نشیں ــــ کرسی نشیں ــــ نیل نشیں
ــــ شاہ نشیں ــــ بالا نشیں ــــ حاشیہ نشیں ــــ
پردہ نشیں ــــ جانشیں ــــ تہ نشیں ــــ دل نشیں
ــــ ذہن نشیں ــــ کفش نشیں ــــ قلعہ نشیں
ــــ خم نشیں ــــ عرش نشیں ــــ صحرا نشیں ــــ
فلک نشیں ــــ حرم نشیں ــــ سدرہ نشیں ــــ
خانہ نشیں ــــ گوشہ نشیں ــــ خلوت نشیں ــــ
عزت نشیں ــــ سجادہ نشیں ــــ راس نشیں ــــ
تخت نشیں ــــ مسند نشیں ــــ گدی نشیں

ـــ بوریانشیں ـــ ہم نشیں ـــ پہلونشیں ـــ
پس جانشیں ـــ چشم نشیں ـــ پیش نشیں ـــ
سرحد نشیں ـــ کوہ نشیں ـــ پلنگ نشیں ـــ رصد نشیں
ـــ درون نشیں ـــ سایہ نشیں ـــ دست نشیں
ـــ راہ نشیں ـــ صدر نشیں ـــ بزم نشیں ـــ
مربع نشیں ـــ صبح نشیں ـــ مراحل نشیں
(مسافر) ـــ خانقاہ نشیں ـــ صومعہ نشیں ـــ
نقش بہ نشیں

نصّ : ظاہر۔ صاف۔ صریح۔ آیہ محکم۔ حکم ناطق۔ حکم قطعی

نصاب : ۱۔ زر۔ سرمایہ۔ پونجی۔ متاع۔ بضاعت۔ مال۔ دولت۔ گنجینہ
۲۔ جانچ۔ تول۔ معیار۔ کسوٹی۔ محک
۳۔ دستہ۔ قبضہ۔ ہتھا۔ بنتی۔ مٹھ
۴۔ درجہ۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ مقام
۵۔ قسمت۔ نصیب۔ بخت
۶۔ درسیات۔ کتب درسیہ۔ تعلیمی کتب۔ کورس۔
سلیبس۔ کتب تعلیم

نصاریٰ : نصرانی۔ مسیحیان۔ عیسائی

نصائح : نصیحتیں۔ مواعظ۔ پند و نصائح

نصب : ۱۔ کھڑا۔ استادہ۔ قائم۔ برپا
۲۔ زبر۔

نصب العین: منظور نظر۔ مرکز نگاہ۔ مدعا۔ مقصد۔ منشا

نصرانی : مسیحی۔ عیسائی۔ کرسٹان۔ کرانی۔ کرسچین

نصرانیت : مسیحیت۔ عیسائیت

نصرت : ۱۔ مدد۔ حمایت۔ یاوری۔ یاری۔ کمک۔ سہائتا
۲۔ فتح۔ ظفر۔ جیت۔ ہے

نصف : نیم۔ آدھا۔ آدھ

نصف النہار: نیم روز۔ دوپہر

نصیب : ۱۔ قسمت۔ بخت۔ مقدر۔ بھاگ۔ کرم۔ لیکھ۔ تقدیر۔ مقسوم
۲۔ حاصل۔ میسر۔ دستیاب

نصیب آزمانا ـــ نصیب اعدا ـــ نصیب اُلٹنا
ـــ نصیب پانا ـــ نصیب پلٹنا ـــ نصیب بگڑنا
ـــ نصیب پھوٹنا ـــ نصیب جاگنا ـــ
نصیب جگانا ـــ نصیب چمکنا ـــ نصیب چونکنا
ـــ نصیب خفتہ ـــ نصیب دشمناں ـــ نصیب راہ
پر آنا ـــ نصیب ساتھ رہنا ـــ بدنصیب ـــ
کم نصیب ـــ خوش نصیب ـــ سیاہ نصیب ـــ
بدنصیب ـــ عالی نصیب ـــ حسرت نصیب ـــ
عیش نصیب ـــ ہجراں نصیب ـــ حرماں نصیب
ـــ حرماں نصیبی ـــ ہجراں نصیبی ـــ غم نصیب
ـــ فراق نصیب ـــ غم نصیبی ـــ ذلت نصیبی
ـــ ذلت نصیب ـــ نصیب سونا ـــ
نصیب سیدھا ہونا ـــ نصیب کا تارا ـــ
نصیب کو رونا ـــ نصیب کھلنا ـــ نصیب کی شامت
ـــ نصیب لڑنا ـــ نصیب ور

نصیحت : ۱۔ پند۔ اپدیش۔ تلقین۔ موعظت۔ وعظ۔ اندرز۔ سکشا۔ تعلیم۔
ہدایت۔ سیکھ۔ آگاہی۔ خبرداری
۲۔ تنبیہ۔ فہمائش۔ عبرت۔ تنبّہ

نصیحت آمیز ـــ نصیحت پذیر ـــ نصیحت گزار ـــ

نصیحت نامہ

نصیر : ۱۔ مددگار۔ معاون۔ یاور۔ حامی۔ سہایک
۲۔ دوست۔ یار۔ ساتھی۔ رفیق

نطفہ : منی۔ ویرج۔ آبِ پشت۔ تخم۔ بیج۔ بیرج۔ سپرم۔ سیمن

نطفۂ بے تحقیق — نطفۂ حرام

نطق : ۱۔ گویائی۔ بات۔ گفتگو۔ زبان
۲۔ سپاس نامہ۔ ایڈریس

نظارت : نگرانی۔ نگہبانی۔ نگہداری۔ نگہداشت۔ محافظت۔ دیکھ بھال

نظارگی : ۱۔ دیدہ بازی۔ سیر۔ تماشا
۲۔ نظر باز۔ تماشائی۔ تماشبین

نظارہ : ۱۔ نظر بازی۔ دید بازی
۲۔ دید۔ زیارت۔ تماشا
۳۔ سیر
۴۔ منظر۔ سماں
۵۔ نگاہ۔ نظر۔ چتون

نظارہ باز : نظر باز۔ دید باز۔ تماشائی۔ تماشبین
نظارہ بازی : نظربازی۔ دید بازی۔ تماشا۔ تماش بینی

نظافت : پاکیزگی۔ صفائی۔ نزہت

نظام : ۱۔ سلسلہ۔ ترتیب۔ انتظام۔ آراستگی۔ بندوبست۔ نظم و ضبط
۲۔ طریقہ۔ روش۔ آئین۔ دستور۔ اصول۔ انداز۔ طور

نظام الاوقات : برنامہ۔ اوقات نامہ۔ پروگرام۔ ٹائم ٹیبل

نظامِ حیات — نظامِ جہاں — نظامِ زندگی —
نظامِ شمسی — نظامِ فکری — نظامِ عالم —
نظامِ دفاتر — نظامِ کار

نظائر : امثال۔ نظیریں۔ مثالیں

نظر : ۱۔ بصارت۔ بصیرت۔ نگاہ۔ بینائی۔ بینش۔ روشنی۔ چشم۔ درشٹ۔ دیدہ
۲۔ تمیز۔ شناخت۔ جانچ۔ پرکھ۔ پہچان۔ معرفت
۳۔ غور۔ تامل۔ خوض۔ معائنہ۔ ملاحظہ
۴۔ اندازہ۔ تخمینہ
۵۔ توجہ۔ التفات۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش
۶۔ امید۔ توقع۔ آس۔ انتظار
۷۔ بھوت۔ پریت۔ آسیب
۸۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔ نگاہ داشت۔ نگہداری۔ نگہبانی

نظر انداز : نامنظور۔ خارج از توجہ
نظر اندازی : نامنظوری۔ چشم پوشی۔ قطع نظر۔ صرفِ نظر۔ بے توجہی۔ عدم توجہ۔ بے التفاتی۔ بے اعتنائی
نظر باز : ۱۔ دیدہ باز۔ نظارہ باز۔ پارکھ۔ نقاد
۲۔ حسن پرست۔ تماشبین
نظر بازی : ۱۔ دیدہ بازی۔ نگاہ بازی۔ پرکھ۔ پہچان
۲۔ حسن پرستی۔ تاک جھانک
نظر بند : مقید۔ محبوس۔ پابند۔ زیرِ نگرانی۔ زیرِ نظر۔ پابندِ مسکن
نظر بندی : قید۔ حبس۔ پابندی۔ نگرانی
نظر ثانی : دوبارہ معائنہ۔ ملاحظۂ ثانی۔ پڑتال۔ جانچ۔ ترمیم۔ تصحیح۔ اصلاح۔ تہذیب

نظریہ — نظرِ نیک — دائرۂ نظر — گرامی نظر

___ نظر یار ___ نظر جلوہ ___ تنگ نظر ___
نظر سرنگیں ___ بالغ نظر ___ نظر خام ___ نظر التفات
___ نظر غلط انداز ___ نظر فریب ___ نظر کش ___
نظر کیمیا اثر ___ نظر گاہ

نظری : ۱۔ نامنظور ۔ مسترد ۔ پامال ۔ بے وقت ۔ بے موقع ۔ ناقص
۲۔ خیالی ۔ قیاسی ۔ ظنی

نظریہ : خیال ۔ قیاس ۔ اصول ۔ نصب العین ۔ نقطۂ نظر

نظم : ۱۔ لڑی ۔ سلک
۲۔ کلام موزوں ۔ شعر ۔ کویتا
۳۔ انتظام ۔ انصرام ۔ ضبط ۔ بندوبست ۔ انضباط

نظم و نسق : انتظام و انصرام ۔ اہتمام ۔ تدبیر ۔ حکمرانی

نظم سنج ___ نظم گستر ___ نظم آزاد ___ نظم قدیم ___
نظم جدید

نظیر : ۱۔ مثل ۔ مانند ۔ مشابہ
۲۔ نمونہ ۔ مثال ۔ تمثیل ۔ حوالہ

نظیف : پاک ۔ پاکیزہ ۔ طیب ۔ صاف ۔ ستھرا ۔ طاہر ۔ حلال

نعت : ۱۔ تعریف ۔ توصیف ۔ تحسین ۔ ستائش ۔ مدح ۔ ثنا
۲۔ ثنائے رسول اکرم ﷺ

نعرہ : للکارہ ۔ پکار ۔ آوازہ ۔ جیکارا ۔ شور ۔ فریاد ۔ فغاں ۔ خروش ۔
کلمۂ جرأت ۔ سلوگن

نعرہ زن : شور انگیز ۔ فریادی ۔ نالاں ۔ خروشندہ

نعرہ زنی ___ نعرۂ توحید

نعش : لاش ۔ لاشہ ۔ لوتھ ۔ میت ۔ جنازہ ۔ ارتھی

نعل : ۱۔ جوتا ۔ جوتی ۔ پاپوش ۔ کفش ۔ زیر پائی ۔ پیزار ۔ نعلین
۲۔ پاپوشِ اسپ ۔ کھری

نعل در آتش : بے چین ۔ بے کل ۔ مضطرب ۔ بے آرام ۔ بے قرار ۔
بے تاب

نَعَم : ۱۔ ہاں ۔ بلے ۔ اچھا ۔ خوب ۔ جی
۲۔ چارپایہ ۔ مویشی ۔ مواشی ۔ پشو ۔ ڈھور ۔ ڈنگر ۔ چوپایہ

نِعَم : نعمتیں ۔ انعام ۔ برکات

نِعْم : اچھا ۔ خوب ۔ بہتر

نِعم البدل : اچھا بدلہ ۔ نیک جزا ۔ بہتر بدلہ ۔ بدل

نعمت : ۱۔ مال ۔ دولت ۔ ثروت ۔ امارت ۔ آسودگی ۔ سرمایہ داری ۔ دھنوتی
۲۔ بخشش ۔ عطا ۔ کرم ۔ جود ۔ احسان ۔ مہربانی
۳۔ ناز ۔ لاڈ ۔ پیار
۴۔ نفیس چیز ۔ عمدہ چیز ۔ لذیذ کھانا

نعمت الوان ___ نعمت خانہ ___ نعمت غیر مترقبہ
___ نعمت الٰہی ___ نعمت خداوندی ___
کفرانِ نعمت ___ شکر نعمت ___ تحدیث نعمت ___

نعیم : ۱۔ نیکی ۔ خوبی ۔ بھلائی
۲۔ مال ۔ دولت ۔ ثروت
۳۔ بخشش ۔ انعام ۔ اکرام

۴۔ لاڈ۔ پیار۔ ناز۔ عیش
۵۔ صاحب نعمت۔ پُرنعمت

نغز : ۱۔ خوب۔ عمدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ نفیس۔ افضل۔ فائق
۲۔ (کنایتہ) آم۔ انبہ

نغمگی : نغمہ پن۔ موسیقیت۔ غنایت

نغمہ : گانا۔ گیت۔ راگ۔ ترانہ۔ نشید۔ سرود۔ غنا۔ سرش۔ روستان۔
لام۔ شکن۔ غنیا۔ برگ

نغمہ پرداز/ ریز/ سنج/ طراز/ سرا : مغنی۔ گویا۔ راگی۔ مطرب۔ گلوکار۔
نواپرداز۔ نواپیرا۔ نواگر۔ نوازن۔ نوا سنج۔ ترنم ریز
نغمہ پردازی/ ریزی/ سنجی/ طرازی/ سرائی : غنا۔ گلوکاری۔ نواپردازی۔
نواپیرائی۔ نواگری۔ نوازنی۔ نواسنجی۔ ترنم ریزی

نغمہ زن ___ نغمہ تر

نفاذ : صدور۔ اجرا۔ ترویج۔ [illegible] اثر۔ نفوذ

نفاست : خوبی۔ عمدگی۔ نظافت۔ لطافت۔ صفائی۔ پاکیزگی

نفاق : پھوٹ۔ بگاڑ۔ نااتفاقی۔ اختلاف۔ منافقت۔ دوغلاپن۔
دودلی۔ بدباطنی۔ کینہ توزی۔ کینہ وری

نفر : ایک۔ فرد۔ آدمی
۲۔ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ خادم۔ داس
۳۔ مزدور۔ قلی

نفرت : ۱۔ گریز۔ بیزاری۔ ناپسندیدگی۔ ناگواری۔ چڑ۔ کھچ۔ چڑھ ہو۔
ناگوارئ خاطر۔ اجیرن۔ کھچاوٹ۔ کینہ۔ غضب۔ غصہ۔ ازیع۔
اکراہ۔ رمیدگی۔ ہیبٹ۔ ارچی۔ تنفر۔ ناخوشی۔ طعن۔ تشنہ۔
خفگی۔ حقارت۔ تنافر۔ چھیڑ
۲۔ گھن۔ کراہت

نفرت انگیز : بیزارکن۔ کراہت انگیز

نفری : ۱۔ روزانہ مزدوری۔ اجرت۔ دہاڑی۔ معاوضہ
۲۔ تعدادِ کارکنان

نفرین : لعنت۔ ملامت۔ پھٹکار۔ مذمت۔ سراپ۔ بددعا

نَفَس : ۱۔ سانس۔ دَم۔ ساہ
۲۔ گھڑی۔ پل۔ دقیقہ۔ لحظہ۔ لمحہ

نَفْس : ۱۔ جان۔ روح۔ رواں۔ آتما
۲۔ ذات۔ وجود۔ ہستی۔ بود
۳۔ اصلیت۔ حقیقت
۴۔ لُب لباب۔ خلاصہ۔ جوہر۔ نچوڑ
۵۔ خواہش۔ ہوس۔ حرص۔ طمع۔ آز۔ لالچ۔ لوبھ۔ شہوت

نفس الامر : اصل مدعا۔ حقیقی بات۔ مقصودِ اصلی
نفس پرست : شہوت پرست۔ خواہش پرست۔ اہل ہوا۔ عیاش۔
عیش پرست۔ بوالہوس۔ ہوس
نفس پرستی : شہوت پرستی۔ خواہش پرستی۔ عیاشی۔ عیش پرستی۔
ہوا و ہوس
نفس کش : پرہیزگار۔ متقی۔ پارسا۔ زاہد۔ مرتاض
نفس کشی : پرہیزگاری : اتقا۔ تقویٰ۔ پارسائی۔ زہد

نفسانفسی : خودغرضی۔ مطلب پرستی۔ خودپرستی۔ خودکامی

نفسانی : شہوانی۔ نفس پرستانہ

نفسانیت : شہوانیت ۔ خود غرضی ۔ مطلب پرستی ۔ غرور ۔ نخوت

نفسیات : علم النفس ۔ علم وارداتِ ذہنی ۔ سائیکالوجی

نفع : فائدہ ۔ سود ۔ منفعت ۔ حاصل ۔ لابھ ۔ یافت ۔ نتیجہ ۔ پھل ۔ ثمر ۔ منافع ۔ ربح ۔ پرافٹ

نفع رساں : فائدہ رساں ۔ فائدہ مند ۔ مفید ۔ لابھ دایک ۔ سود مند ۔ منفعت بخش
نفع رسانی : فائدہ رسانی ۔ فائدہ مندی ۔ افادہ ۔ سود مندی ۔ افادیت

نفع و نقصان ـــــ نفع بخش ـــــ نفع دہندہ

نفقہ : خرچ ۔ گزارہ ۔ کفالت ۔ روزی

نفل : غیر واجب عبادت ۔ اختیاری عبادت ۔ مستحب

نفوذ : اثر ۔ رسوخ ۔ رسائی ۔ پہنچ ۔ دخل ۔ بار

نفور : متنفر ۔ بیزار ۔ گریزاں ۔ گریزندہ ۔ نفیر

نفوس : افراد ۔ اشخاص ۔ نفری

نفی : ضدِ اثبات ۔ انکار ۔ منفی ۔ منہائی ۔ تفریق ۔ کھوٹی ۔ اخراج ۔ دوری

نفیر : ۱۔ نفور ۔ متنفر ۔ گریزاں ۔ گریزندہ ۔ بیزار
۲۔ فریاد ۔ فغاں ۔ نالہ ۔ شیون ۔ چیخ پکار ۔ بانگ ۔ صدا
۳۔ قرنا ۔ نے ۔ بانسری ۔ شہنائی ۔ نرم ۔ تری ۔ کرناے ۔ بگل ۔ ترہی ۔ نفیری

نفیرچی : نے نواز ۔ شہنائی نواز

نفیری : شہنائی ۔ بانسری ۔ نے ۔ الغوزہ ۔ ترم ۔ ترئی ۔ الغوزہ ۔ مُرلی ۔ تُرتی ۔ ترہی

نفیس : عمدہ ۔ اعلیٰ ۔ خوب ۔ نظیف ۔ لطیف ۔ پاک ۔ پاکیزہ ۔ صاف ۔ پسندیدہ ۔ نفاست پسند

نقاب : برقع ۔ پردہ ۔ گھونگٹ ۔ مقنعہ

نقاب پوش : برقع پوش ۔ پردہ پوش ۔ پردہ دار ۔ مقنع
نقاب پوشی : برقع پوشی ۔ پردہ پوشی ۔ پردہ داری
نقاب کشائی : پردہ کشائی ۔ رونمائی ۔ چہرہ کشائی

نقّاد : ناقد ۔ پارکھ ۔ صراف ۔ مبصر ۔ نکتہ چیں ۔ تبصرہ نگار

نقارہ : طبل ۔ نوبت ۔ دمامہ ۔ کوس

نقاش : نقش گر ۔ مصور ۔ نقش رنگ ۔ چترکار ۔ آرٹسٹ

نقاشی : نقش گری ۔ مصوری ۔ نقش سازی ۔ چترکاری ۔ آرٹ ورک ۔ پینٹنگ ۔ نقش و نگار

نقاط : نقطے

نقّال : ۱۔ ناقل ۔ نقل کنندہ ۔ جعل ساز
۲۔ نقلچی ۔ نقلیا ۔ بھانڈ ۔ بہروپیا ۔ مسخرہ

نقالی : ۱۔ نقل ۔ چربہ سازی ۔ جعل ۔ جعل سازی
۲۔ بھانڈپن ۔ بہروپ ۔ مسخرہ پن

نقاہت : کمزوری۔ ناطاقتی۔ ناتوانی۔ ضعف۔ نحافت

نقائص : معائب۔ عیوب۔ اسقام۔ خامیاں۔ کوتاہیاں۔ کمیاں۔ غلطیاں

نقب : سرنگ۔ سیندھ۔ سوراخ۔ شگاف۔ دراڑ

نقب زن: نقاب۔ نقب افگن۔ چور۔ دزد۔ سارق۔ سرنگ ساز
نقب زنی: نقب افگنی۔ سرنگ سازی۔ چوری۔ دزدی۔ سرقہ

نقد : ۱۔ پرکھ۔ جانچ۔ پڑتال۔ امتحان۔ آزمائش۔ جائزہ۔ تنقید۔ تبصرہ
۲۔ حاضر مال۔ سیم و زر۔ بلاعاریت۔ غیر مستعار
۳۔ پونجی۔ سرمایہ۔ متاع۔ دولت۔ ثروت
۴۔ روپیہ۔ پیسہ۔ سکۂ رائج الوقت۔ کیش۔ نقدی

نقدی : روپیہ پیسہ۔ سکۂ رائج الوقت۔ رقم۔ دولت۔ کیش

نُقرہ : ۱۔ چاندی۔ رُوپا۔ سیم۔ فضہ
۲۔ اسپ سفید

نُقرئی : روپہلا۔ روپہلی۔ سیمیں

نقش : ۱۔ صورت۔ شبیہ۔ مورت۔ مورتی۔ تصویر۔ تمثال۔ ناک نقشہ
۲۔ گل کاری۔ کڑھائی۔ کشیدہ۔ کندہ کاری
۳۔ چھاپ۔ ٹھپہ۔ ٹھپا
۴۔ تعویذ۔ جنتر۔ حرز
۵۔ نشان۔ کھوج۔ اثر۔ علامت
۶۔ اثر۔ تاثیر
۷۔ خیال۔ تصور۔ تخیل
۸۔ جادو۔ ٹونا۔ افسوں۔ سحر۔ منتر

نقش آب: بے ثبات۔ بے بقا۔ فانی۔ فناپذیر۔ باطل
نقش اوّل: مسودہ۔ پہلی تحریر۔ پہلی تصویر۔ ابتدائی کام۔ پہلا کارنامہ
نقش باطل: نمود بے وجود۔ وجود فانی
نقش بدیوار: خاموش۔ ساکت۔ چپ۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ۔ مبہوت۔ ہکابکا۔ بےحس و حرکت
نقش بند: نقاش۔ مصور۔ نقش ساز۔ چترکار
نقش و نگار: پھول پتی۔ بیل بوٹے

نقشہ : ۱۔ تصویر۔ شبیہ۔ مورت۔ مورتی
۲۔ صورت۔ چہرہ۔ حلیہ۔ بشرہ۔ خط و خال
۳۔ ساخت۔ بناوٹ
۴۔ طرز۔ انداز۔ وضع قطع۔ سج دھج
۵۔ نمونہ۔ مثال۔ خاکہ۔ چربہ
۶۔ سانچا۔ قالب
۷۔ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ حال
۸۔ فہرست۔ فرد

نقشیں : منقش۔ نقش دار

نقص : ۱۔ کمی۔ کوتاہی۔ خامی۔ غلطی۔ کسر۔ ادھوراپن۔ رخنہ
۲۔ عیب۔ سقم۔ برائی۔ کھوٹ۔ زبونی۔ قباحت۔ علت۔ خرابی۔ زشتی۔ بدی۔ دوش۔ دقت۔ دشواری

نقصان : ۱۔ خسران۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ مضرت۔ ضرر۔ حرج۔ خسارت۔ ضیاع۔ ہرج۔ رائیگاں۔ تضیع
۲۔ کمی۔ کوتاہی۔ قباحت۔ خامی۔ توڑا۔ کسر

نقصان دہ: مضر۔ غیر مفید۔ ضرر رساں۔ مضرت رساں۔ دکھدائی۔ فاسد کُن
نقصان رساں: ضرر رساں۔ مضرت رساں۔ مُضر۔ نقصان دہ۔ جانکاہ۔ تکلیف دہ
نقصان رسانی: ضرر رسانی۔ مضرت رسانی۔ نقصان دہی۔ تکلیف دہی۔

نقص : ٹوٹ پھوٹ۔شکست۔ریخت

نقضِ امن: امن شکنی۔فساد۔فتنہ۔ہنگامہ۔شورش۔بدامنی۔جھگڑا۔
تنازعہ۔تنازع۔نقضِ امن

نقضِ عہد: عہد شکنی۔وعدہ خلافی

نُقطہ : ۱۔مرکز۔دائرہ۔انتہائے خط۔جزو لایتجزیٰ
۲۔نشانہ۔ہدف۔آماج۔آماج گاہ
۳۔مبحث۔موقع۔مقام

نقطۂ نظر/نگاہ: مرکزِ نگاہ۔نصب العین۔انداز نظر۔انداز فکر۔انداز
خیال۔موقف۔زاویۂ نظر

نقل : ۱۔انتقال۔تبدیلی
۲۔مثنیٰ۔چربہ۔نمونہ۔نظیر
۳۔روایت۔حکایت۔کہانی
۴۔سوانگ۔بہروپ
۵۔جعل۔خلافِ اصل۔غیر حقیقی

نقلی : ۱۔غیر اصلی۔غیر حقیقی۔جعلی۔مصنوعی۔جھوٹا
۲۔روایتی۔تاریخی

نقلیا : نقال۔بھانڈ۔بہروپیا۔سوانگیا۔مسخرہ

نقوش : نقش و نگار۔بیل بوٹے۔ناک نقشہ

نقول : نقلیں۔کاپیاں

نقیب : سردار۔ماہر۔گواہ۔چوب دار۔نسّاب۔کڑکیت

نقیض : ۱۔شکنندہ۔کاسر۔مانع
۲۔ضد۔متضاد۔مخالف۔برعکس۔اُلٹ

نک : ناک۔بینی۔انف

نکتوڑہ : ناز۔نخرہ۔نخوت۔رعونت۔تمکنت۔فخر۔غرور۔تکبر

نک چڑھا: بددماغ۔مدمغ۔چیں بجبیں۔تنک مزاج۔بدمزاج
نک دم: حیران پریشان۔تنگ۔بیزار۔دق۔عاجز
نک کٹا: رسوا۔بدنام۔عیب دار۔ذلیل۔بے شرم۔بے غیرت۔
بے حیا۔نرلج
نک گھسنی: منت۔سماجت۔عاجزی۔الحاح۔زاری

نکاح : شادی۔بیاہ۔براہ۔دواہ۔عقد۔گٹھ بندھن

نکاحی : منکوحہ۔شادی شدہ۔زوجہ۔بیوی۔اہلیہ۔پتنی۔جورو

نکاس : ۱۔اصل۔جڑ۔بنیاد۔بنا۔اساس
۲۔گزرگاہ۔مخرج
۳۔منبع۔سوتا۔سرچشمہ
۴۔ماخذ۔مصدر۔مبدا۔
۵۔آغاز۔شروع۔ابتدا۔آد
۶۔اصل۔نسل۔نژاد۔کل۔بنس۔خاندان۔دودمان۔تبار
۷۔صدور۔ظہور
۸۔اخراج۔برآمد

نکاسی : ۱۔پیداوار۔حاصل۔ثمر۔پھل۔نتیجہ
۲۔فائدہ۔نفع۔منفعت۔سود
۳۔بکری۔فروخت
۴۔روانگی۔برآمد۔اخراج
۵۔سرحد۔سیما۔ڈانڈا

نکبت : ۱۔ذلت ۔خواری ۔شکست ۔رسوائی
۲۔افلاس ۔مفلسی ۔غربت ۔فلاکت ۔بے زری ۔ناداری ۔بےمایگی
بےبضاعتی ۔بدحالی ۔عسرت ۔تنگ دستی

نکتہ : ۱۔باریکی ۔دقت ۔لطیفہ
۲۔عیب ۔سقم ۔کمی ۔خامی ۔نقص ۔رخنہ

نکتہ بیں: نازک خیال ۔دقیق النظر ۔ذہین ۔عقل مند ۔عقیل ۔نکتہ داں
نکتہ بینی: نازک خیالی ۔دقت نظر ۔ذہانت ۔نکتہ دانی ۔عقل مندی
نکتہ پرور/پرداز/سنج/شناس/داں: خوش گفتار ۔سخن شناس ۔عقل مند
ذہین ۔زیرک ۔تیز فہم ۔ذکی
نکتہ پروری/پردازی/سنجی/شناسی/دانی: خوش گفتاری ۔سخن شناسی
عقل مندی ۔ذہانت ۔زیرکی ۔تیز فہمی ۔ذکاوت
نکتہ چیں: عیب چیں ۔عیب گیر ۔ناقد ۔نقاد ۔عیب جو
نکتہ چینی: عیب چینی ۔عیب گیری ۔نقد ۔تنقید ۔عیب جوئی
نکتہ رس: دقیقہ رس ۔جزرس ۔زیرک ۔تیز فہم ۔ذکی ۔فہیم
نکتہ رسی: دقیقہ رسی ۔جزرسی ۔زیرکی ۔تیز فہمی ۔ذکاوت
نکتہ نواز: قدردان فن ۔قدر شناس ۔نکتہ پرور ۔سخن شناس ۔ذہین ۔
عقل مند ۔زیرک
نکتہ نوازی: قدردانی فن ۔قدر شناسی ۔جوہر شناسی ۔زیرکی ۔عقل مندی

نکما : ۱۔خالی ۔بیکار ۔بےشغل ۔فارغ ۔غیر مصروف ۔نکھٹو ۔معطل ۔
بے روزگار ۔نٹھالی ۔خالی
۲۔ناکارہ ۔بےمصرف ۔اکھڑ
۳۔ناچیز ۔لاشئے ۔ہیچ ۔حقیر ۔بےوقعت ۔ہیچ کار
۴۔برا ۔خراب ۔زبون ۔نابکار

نکماپن : ۱۔بیکاری ۔بےشغلی ۔فراغت
۲۔بےمصرفی ۔ناکارہ پن
۳۔برائی ۔خرابی ۔زبونی

نکٹو : ۱۔بڑناکا ۔چینی ۔دراز ۔ناکڑ
۲۔بدنام ۔رسوا ۔ملعون

نکو : نیکو ۔نیک ۔اچھا ۔خوب ۔بھلا

نکوکار: خوش کردار ۔نیک نفس ۔نیک مزاج
نکوکاری: خوش کرداری ۔نیک نفسی ۔نیک مزاجی
نکونام: نیک نام ۔مشہور ۔نام دار ۔نامور
نکونامی: نیک نامی ۔شہرت ۔نام داری ۔ناموری

نکوہش : مذمت ۔لعنت ۔ملامت ۔پھٹکار

نکوہیدہ : مذموم ۔ملعون ۔لعنتی ۔ملیم

نکوئی : نیکی ۔اچھائی ۔بھلائی ۔خوبی

نکہت : خوشبو ۔مہک ۔سگندھ ۔سباس

نکھار : ۱۔صفائی ۔ستھرائی ۔اجلاپن
۲۔آرائش ۔آراستگی ۔زیب ۔زینت ۔بناؤ ۔سنگار
۳۔جوبن ۔خوب صورتی ۔حسن

نکھٹو : ۱۔ناکارہ ۔نکما ۔بیکار ۔معطل ۔بےشغل
۲۔سست ۔کاہل ۔سہل انگار ۔آرام پسند
۳۔احمق ۔بیوقوف ۔نادان ۔ابلہ ۔مورکھ
۴۔مفلس ۔غریب ۔کنگال ۔قلاش ۔نادار ۔بےمایہ ۔بےبضاعت ۔
تنگ دست

نکیل : مہار ۔زمام

نکیلا : ۱۔نوک دار ۔مخروطی ۔تیکھا

۲۔ بانکا۔ طرح دار۔ چھبیلا۔ چھیلا۔ سجیلا

نکیلا پن: ۱۔ نوک داری۔ تیکھا پن
۲۔ بانکپن۔ طرح داری۔ سج۔ دھج

نگ : ۱۔ نگینہ۔ موتی۔ جوہر۔ مانک۔ منی۔ ہیرا۔ نگیں۔ لعل۔ فص
۲۔ عدد۔ تعداد

نگار : ۱۔ تصویر۔ مورت۔ مورتی۔ صورت
۲۔ خوب صورت۔ حسین۔ جمیل۔ سندر۔ دل فریب۔ دل کش۔
۳۔ محبوب۔ معشوق۔ پریتم
۴۔ بیل بوٹا۔ نقش۔ آرائش۔ زیبائش۔ زینت۔ سنگار

نگارخانہ: نگارستان۔ ۱۔ تصویر خانہ۔ تصویر کدہ
۲۔ بت خانہ۔ صنم خانہ۔ بیت الصنم۔ مورتی استھان
۳۔ آرٹ گیلری۔ پکچر گیلری۔ فلم سٹوڈیو

نگار : (امر نگاشتن۔ لکھنا، نقش کرنا)

زرنگار — زمردنگار — مینا نگار —
مضمون نگار — جواہر نگار — یاقوت نگار —
سوانح نگار — گوہر نگار — نامہ نگار —
واقعہ نگار — داستان نگار — افسانہ نگار —
وقائع نگار — صورت نگار — عجائب نگار —
جادو نگار — طغرا نگار — طغرا نگاری —
شیریں نگار — بت نگار — دفتر نگار —
بستہ نگار — صبح نگار — کلک نگار (فرانس)
— یوسف نگار

نگارش : تحریر۔ نوشت۔ رشحۂ قلم۔ تراوش قلم۔ تصنیف۔ مضمون

نگاریں: ۱۔ حنا آلود۔ آراستہ۔ بنا۔ سنورا
۲۔ منقش
۳۔ محبوب۔ معشوق۔ پریتم۔ چہیتم

نگاہ/نگہ : ۱۔ نظر۔ بصارت۔ بینائی۔ بینش۔ بصیرت۔ تیور۔ چتون۔ روشنی چشم۔ بصر۔ دیدہ
۲۔ شناخت۔ معرفت۔ جانچ۔ پرکھ۔ پہچان
۳۔ توجہ۔ التفات۔ عنایت۔ مہربانی۔ نوازش
۴۔ نگرانی۔ نگہداشت۔ نگہداری۔ دیکھ بھال۔ چوکسی
۵۔ امید۔ توقع۔ بھروسا۔ آس

نگاہ بان: چوکیدار۔ پاسبان۔ محافظ۔ نگران۔ نگہدار۔ خبردار۔ پہریدار
نگاہ بینی: چوکیداری۔ پاسبانی۔ محافظت۔ نگرانی۔ خبرداری۔ پہریداری
نگاہ دار/نگہدار: نگاہ بان۔ محافظ۔ پاسبان۔ رکھوالا۔ چوکیدار
نگاہ داری/نگہداری: نگاہ بانی۔ محافظت۔ پاسبانی۔ رکھوالی۔ چوکیداری
نگاہ داشت/نگہداشت: نگاہ بانی۔ نگاہ داری۔ حفاظت۔ رکھوالی۔ محافظت۔ پاسبانی۔ دیکھ بھال
نگاہِ کج: ترچھی نظر۔ نگاہِ غضب۔ غصہ بھری نظر
نگاہِ کرم: نظرِ عنایت۔ نگاہِ مہر۔ نگاہِ شفقت
نگاہِ گرم: تیز نگاہ۔ نگاہِ غضب۔ غیظ آلود نظر

نگاہِ بے مہر — نگاہِ بے پروا — نگاہ آشنا —
نگاہ نیم رس — زنجیر نگاہ — نگاہ غلط انداز —
نگاہ ناز مست — نگاہ تیغ بدست — نگاہ بوقلموں
— نگاہ آشوب گستر — نگاہ دل گداز —
نگاہ نشتر بخوں — نگاہ صبر گداز — نگاہ صاعقہ سوز
— نیش نگاہ — نگاہ جاں گداز — نگاہ ناوک
— نگاہ خدنگ — نگاہ دشنہ — نگاہ برق انداز
— نگاہ شعلہ تاب — نگاہ عشوہ طراز —
نگاہ دلفریب — نگاہ ستارہ — نگاہ ہمالیہ
— نگاہ بادہ پرور — نگاہ جادوگر — نگاہ خونی

ـــــ نگاہ جادو فن ـــــ نگاہ میکدہ بردوش ـــــ
نگاہ خرابات فراز ـــــ نگاہ میکدہ پرداز ـــــ
نگاہ بہاریں ـــــ نگاہ کارگر ـــــ نگاہ جہاں گیر ـــــ
نگاہ ترک انداز ـــــ نگاہ دل خواہ ـــــ نگاہ خیرہ ـــــ
نگاہ گستاخ ـــــ نگاہ تلخ ـــــ نگاہ بیگانہ ـــــ
نگاہ فسوں گر ـــــ نگاہ نہاں ـــــ نگاہ تیغ آب ـــــ
نگاہ بازی ـــــ نگاہ دشنہ ـــــ نگاہ صید جُو ـــــ
نگاہ نیم باز ـــــ نگاہ سناں بدست ـــــ موج نگاہ
ـــــ نگاہ ساغر کف ـــــ نگاہ نسیاں آموز ـــــ
نگاہ مغرور ـــــ نگاہ پندار ـــــ نگاہ دزدیدہ ـــــ
نگاہ خانہ برانداز ـــــ نگاہ بربادکن ـــــ نگاہ جاں تک
ـــــ نگاہ فتنہ گر ـــــ نگاہ باز ـــــ دامِ نگاہ ـــــ
نگاہ ناتواں ـــــ نگاہ ساحر ـــــ نگاہ رہزن ـــــ
نگاہ آشنا بیگانہ ـــــ نگاہ خوں ریز ـــــ نگاہ دلنواز
ـــــ نگاہ در دل ـــــ نگاہ بہانہ جُو ـــــ نگاہ خشمگیں
ـــــ نگاہ غارت گر ـــــ نگاہ مستور ـــــ نگاہ فقر
ـــــ نگاہ سلطانی ـــــ نگاہ بزرگاں ـــــ نگاہ تجاہل
ـــــ نگاہ تغافل ـــــ نگاہ مطمئن ـــــ نگاہ بیتاب
ـــــ نگاہ خودکام ـــــ نگاہ ستمگر ـــــ نیم نگاہ ـــــ
نگاہ رشک ـــــ نگاہ حسد ـــــ نگاہ عجز ـــــ نگاہ بلند
ـــــ نگاہ حسرت آلود ـــــ نگاہ حیرت انگیز ـــــ
نگاہ پژمردہ ـــــ نگاہ سرسری ـــــ نگاہ شرمگیں ـــــ
نگاہ باریک بیں ـــــ نگاہ انتظارکش ـــــ نگاہ فقر
ـــــ نگاہ خوباں ـــــ نگاہ گلچیں ـــــ عجز نگاہ

نگر : شہر ۔ دیار ۔ مصر ۔ مدینہ ۔ قریہ ۔ بلدہ ۔ بستی ۔ نگری ۔ آبادی

نگران : ناظر ۔ نگاہ بان ۔ نگاہ دار ۔ چوکس ۔ محافظ ۔ خبردار

نگرانی : نظارت ۔ نگاہ بانی ۔ نگاہ داری ۔ نگہداشت ۔ خبرداری ۔ رکشا ۔ پاسبانی ۔ انتظام ۔ سربراہی ۔ تولیت ۔ رکھوالی ۔ محافظت

نگوڑا : ۱۔ نکما ۔ ناکارہ ۔ بے مصرف ۔ اپاہج ۔ محتاج ۔ بے چارہ
۲۔ منحوس ۔ نامراد ۔ خانہ برباد ۔ بے کس ۔ بے سہارا

نگوں : ۱۔ خمیدہ ۔ پُرخم ۔ ٹیڑھا ۔ کج
۲۔ اُلٹا ۔ اَوندھا ۔ واژوں ۔ واژگوں ۔ نیچا

نگوں بخت : واژوں بخت ۔ بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب ۔ بدطالع ۔ بداختر

نگوں سار : ۱۔ اوندھا ۔ اُلٹا ۔ واژوں ۔ واژگوں
۲۔ شرمندہ ۔ شرمسار ۔ محجوب

نگوں ہمت : زبوں ہمت ۔ کم ہمت ۔ کم حوصلہ ۔ بزدل ۔ ڈرپوک ۔ کم دلا ۔ تھڑدلا

نگھرا : بے گھر ۔ بے خانماں ۔ بے ٹھکانے ۔ خانہ برباد ۔ خانہ بدوش

نگیں / نگینہ : جوہر ۔ ہیرا ۔ نگ ۔ ٹانک

نَل : ۱۔ نال ۔ نالی ۔ نلی ۔ پائپ ۔ نمبا ۔ نلکا
۲۔ نرکٹ ۔ نرکل ۔ نرسل

نل کنواں : ٹیوب ویل ۔ بڑا پمپ

نلکا : نل ۔ ہینڈ پمپ ۔ پمپ

نلی : ۱۔ نلکی ۔ نال
۲۔ استخوانِ ساق

نم : ۱۔ گیلا ۔ تر ۔ بھیگا ۔ مرطوب ۔ رسیلا ۔ پُرنم
۲۔ گیلاپن ۔ تری ۔ رطوبت ۔ رسیل ۔ طراوت ۔ نمی

نم خوردہ / دیدہ / رسیدہ : نم ناک ۔ پُرنم ۔ گیلا ۔ تر ۔ مرطوب ۔ آب خوردہ

نم دار: گیلا۔ گیلاگیلا۔ سیلا سیلا۔ کچا۔ کچا نیم پختہ۔ گیلی
نم گیرہ: (مجازاً) سائبان۔ شامیانہ۔ شبنمی
نم ناک: پُرنم۔ تر۔ گیلا۔ سیلا۔ بھیگا۔ مرطوب

نما: (ہر نمودن = دکھانا) ظاہر کرنا۔ اجاگر کرنا۔ اُبھارنا

خوش نما — انگشت نما — مرغ باد نما — بدنما
— رہنما — خود نما — رونمائی — قبلہ نما —
گندم نما — قطب نما — جام جہاں نما — قوس نما
— کشتی نما ٹوپی — گنبد نما — نسب نما —
محراب نما — پتلون نما — حق نما — آب آتش نما
— پیراہن نما — آئینۂ بدن نما — آئینۂ جاہ نما
— آئینۂ تصویر نما — آئینۂ قیامت نما —
آئینۂ گیتی نما — چشم نمائی — خویش نمائی —
طاق نمائی — دور نما — ہزار نما — قائم نما —
خندہ دندان نما

نماز: ۱۔ عبادت۔ پرستش۔ پوجا۔ عاجزی و نیاز۔ انکسار۔ دعا۔ التجا
۲۔ صلوٰۃ۔ نمائش

نمازی: نمازگزار۔ نمازخواں۔ پابند نماز۔ مُتّقی

نمام: چغل خور۔ غمّاز۔ لترا۔ سخن چیں

نمامی: چغل خوری۔ چغلی۔ غمّازی۔ غیبت۔ لتراپن۔ سخن چینی

نمانا: غریب۔ مسکین۔ عاجز۔ سیدھا سادہ۔ بھولا

نمائش: ۱۔ دکھاوا۔ نمود۔ ریا۔ اظہار۔ ظاہرداری۔ نظارہ۔ معرض۔ کروفر۔ ظہور
۲۔ تجارتی میلہ۔ انگریزی جشن۔ درشنی۔ نمود گاہ

نمائش گاہ: نظارہ گاہ۔ تماشا گاہ

نمائشی: ظاہری۔ درشنی۔ ظاہردارانہ۔ ریاکارانہ

نمائندگی: نیابت۔ سفارت۔ ترجمانی۔ قائم مقامی

نمائندہ: نائب۔ قائم مقام۔ ترجمان۔ سفیر۔ مندوب

نمایاں: ۱۔ ظاہر۔ عیاں۔ ہویدا۔ آشکار۔ علانیہ۔ کھلا
۲۔ مشہور۔ معروف
۳۔ ممتاز۔ برتر۔ فائق

نمبر: ۱۔ ہندسہ۔ عدد۔ رقم
۲۔ تعداد۔ شمار۔ گنتی
۳۔ باری۔ نوبت۔ درجہ۔ مرتبہ

نمبردار: لمبردار۔ مکھیا۔ پٹیل۔ چودہری۔ کدخدا

نمبری: ۱۔ مشہور۔ بدنام۔ نامی
۲۔ باقاعدہ۔ پختہ۔ پکا

نمسکار: بندگی۔ آداب۔ تسلیم۔ سلام۔ ڈنڈوت۔ نمستے

نمک: ۱۔ لون۔ نون۔ کھار۔ ملح۔ سلونا پن۔ مانگ۔ سالٹ۔ سانبھر۔ کالا۔ سیندھا۔ ریہہ۔ رام راس۔ شندام۔ وماز
۲۔ سانولا پن۔ ملاحت
۳۔ روزی۔ رزق
۴۔ شوخیٔ کلام۔ لطف کلام

نمک افشاں / پاش: طنّاز۔ تکرب رازیت دہ سایذادہ۔ تکلیف دہ۔ طعنہ زن

نمک افشانی / پاشی: طنز۔ تعریض۔ ایذادہی۔ چھیڑ۔ تکلیف دہی۔ طعنہ زنی

نمک پروردہ: نمک خوار۔ خانہ زاد۔ خادم۔ ملازم۔ غلام۔ ممنون احسان

نمک حرام: احسان فراموش۔ محسن کش۔ بے وفا۔ غدّار

نمک حرامی: احسان فراموشی۔ محسن کشی۔ بے وفائی۔ غدّاری

نمک حلال: احسان شناس۔ شکرگزار۔ سپاس گزار۔ حق شناس۔ وفادار۔ باوفا

نمک حلالی: احسان شناسی۔ حق شناسی۔ شکرگزاری۔ سپاس گزاری۔ وفاداری

نمک خوار: خانہ زاد۔ غلام۔ خادم۔ ملازم۔ نوکر۔ چاکر۔ ممنون احسان۔ ممنون کرم

نمک خواری: غلامی۔ خدمت گاری۔ ملازمت۔ نوکری۔ احسان مندی۔ ممنونیت

نمکین: ۱۔ نمک دار۔ ملیح۔ سلونا۔ کھارا۔ کھاری
۲۔ سانولا۔ گندم گوں۔ گندمی۔ گیہوں

نمکینی: ۱۔ نمک داری۔ سلونا پن۔ کھارا پن۔ ملاحت
۲۔ سانولا پن

نمو: روئیدگی۔ بالیدگی۔ اٹھان۔ بڑھوتری۔ ترقی

نمود: ۱۔ نمائش۔ دکھاوا۔ ظاہرداری۔ ریا
۲۔ تجزک۔ دھوم دھام۔ کرّوفر۔ شان و شوکت
۳۔ علامت۔ نشان۔ اثر
۴۔ نظارہ۔ درشن۔ دیدار۔ جلوہ۔ تجلی
۵۔ شہرت۔ نام وری۔ نام داری۔ شہرہ
۶۔ وجود۔ بود۔ ہستی
۷۔ شکل۔ صورت۔ ہیئت

نمودِ بے بود: وجودِ فانی۔ ہستی ناپائیدار۔ عارضی وجود

نمودار: ۱۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکار۔ ہویدا۔ نمایاں۔ پرگٹ
۲۔ مشہور۔ نامی۔ نام ور۔ نام دار
۳۔ بھڑکیلا۔ نمائشی
۴۔ افسر۔ سردار۔ حاکم۔ راہبر۔ قائد
۵۔ ثبوت۔ دلیل۔ برہان

نموداری: ۱۔ ظہور۔ نمائش۔ دکھاوا
۲۔ شہرت
۳۔ سرداری۔ حکومت۔ راہبری۔ قیادت

نمودی: ۱۔ نمائش پسند۔ ظاہردار
۲۔ مشہور۔ نامی۔ نام ور۔ نام دار۔ شہیر

نمونہ: نظیر۔ مثال۔ تمثیل۔ شبیہ۔ نقشہ۔ نقل۔ چربہ۔ قالب۔ سانچا۔ ڈول۔ طریقہ۔ نموذج۔ سیمپل

نمونیا: ذات الریہ۔ ذات الجنب

نمی: تری۔ گیلاپن۔ سیلاپن۔ رطوبت۔ سیل

ننانوے: نود و نہ۔ تسع و تسعون

نند: خواہرِ شوہر۔ خواہر نسبتی

ننڈرا: ۱۔ الزام۔ قصور۔ دوش
۲۔ گالی۔ دشنام۔ سبّ۔ شتم
۳۔ مذمت۔ ملامت۔ بے عزتی۔ تذلیل۔ ہتک۔ توہین
۴۔ بہتان۔ اتہام۔ تہمت۔ افترا

ننگ: ۱۔ لحاظ۔ شرم۔ حیا۔ غیرت
۲۔ عار۔ ذلت۔ بدنامی۔ رسوائی

ننگ / ننگا : ۱۔ عریاں۔ برہنہ۔ بے لباس۔ بے پردہ۔ غیر مستور۔ کھلا۔ بے ستر
۲۔ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت۔ نرلج
۳۔ بے ہتھیار۔ غیر مسلح
۴۔ مفلس۔ قلاش۔ کنگال۔ نادار۔ تہی دست۔ بے مایہ۔
بے بضاعت۔ بے زر۔ غریب

ننھا : ۱۔ چھوٹا۔ خرد۔ کوچک۔ صغیر۔ بچہ۔ نونہال۔ نومولود
۲۔ بچہ۔ طفل۔ کودک۔ صبی۔ بالک
۳۔ ناسمجھ۔ نادان۔ ناواقف۔ اَن جان۔ اناڑی

نَو : ۹۔ تسعہ۔ نوخیین

نورتن ــــ نوکھنڈ ــــ نوگزہ ــــ نومنزلہ ــــ
نوماہ ــــ نوگرہ ــــ نولکھا

نونقد نہ تیرہ ادھار
نومن تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی

نُو : (فارسی) نیا۔ جدید۔ تازہ۔ حالیہ۔ نواں

نوآباد: تازہ آباد۔ حالیہ آباد
نوآبادی: تازہ آبادی۔ جدید بستی۔ کالونی۔ مستعمرہ
نوآموز: مبتدی۔ نوسکھیا۔ سیکھنے والا۔ اناڑی۔ ناتجربہ کار۔ غیر مشاق۔
غیر ماہر۔ نومشق
نوجوان: نوعمر۔ گبھرو۔ نوخاستہ۔ شاب۔ نوخیز۔ جوان عمر۔ برنا۔ پٹھا۔
دولھا۔ نوشہ۔ گدرایا۔ فربہ اندام۔ سڈول
نوجوانی: نوعمری۔ نوخاستگی۔ آغاز شباب۔ ابتدائے جوانی۔
نوخیزی۔ جوان عمری۔ الھڑ جوانی۔ نوشابی
نوخط: سبزہ آغاز۔ نوجوان۔ لونڈا
نوخیز: نوخاستہ۔ نوعمر۔ نوجوان
نورس: نورسیدہ۔ گدر۔ تازہ پھل۔ نوخیز۔ نوخاستہ

نوروز: نیا دن۔ اوّل روز سال
نوسکھیا: نوآموز۔ مبتدی۔ اناڑی۔ غیر مشاق۔ غیر ماہر۔ سیکھنے والا۔ نومشق
نوشاہ: ۱۔ نیا بادشاہ
۲۔ (کنایۃً) دولھا۔ بنّا۔ نوشہ
نوعمر: نوجوان۔ نوخیز۔ کم عمر۔ نوخاستہ۔ کم سن۔ نابالغ
نوعمری: نوخیزی۔ نوخاستگی۔ کم عمری۔ کم سنی۔ نابالغی
نوگرفتار: ۱۔ تازہ گرفتار۔ نوگرفتہ
۲۔ ناتربیت یافتہ
۳۔ نیا عاشق
نومسلم: تازہ مسلم۔ نیا مسلمان
نومشق: تازہ مشق۔ نوآموز۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔ غیر مشاق۔ غیر ماہر۔
مبتدی
نونہال: نیا پودہ۔ نوخیز۔ نوخاستہ۔ نوعمر۔ کم سن
نووارد: تازہ وارد۔ اجنبی۔ مسافر

نولازم ــــ نوبر ــــ نورسیدہ ــــ نوبہ ــــ
نوپرداز ــــ نوبہان ــــ نوبائی ــــ نوراہاں ــــ
نورفتار ــــ نوبنیان ــــ نوقدم ــــ نوکیسہ ــــ
نوکار ــــ نوقلم ــــ نوتوڑ ــــ نوترب ــــ نوباہ ــــ
نوبہار ــــ نوچیدہ ــــ نوچندی ــــ نوخاستہ
ــــ نودوستی ــــ نودولت ــــ نوروز ــــ
• نوروزی ــــ نوسفر ــــ نوسکھو ــــ نوشکار ــــ نوسوار
ــــ نوشگفت ــــ نوشہ

نوا : ۱۔ آواز۔ صدا۔ صوت۔ آہنگ۔ بانگ
۲۔ کوک۔ چہچہہ۔ زمزمہ
۳۔ سُر۔ راگ۔ گیت۔ نغمہ۔ ترانہ
۴۔ ساز و سامان۔ تونگری۔ خوش حالی
۵۔ روزی۔ رزق۔ خوراک۔ آزقہ

نواپرداز / زن / ساز / سنج / گر: نغمہ پرداز۔ نغمہ گر۔ نغمہ پیرا۔ مطرب۔ مُغنّی۔

گوّیا ۔ رائی ۔ گوّیک ۔ گوکار ۔ زمزمہ پرداز ۔ سرود گر

نواپردازی/ نلی/ سازی/ سنجی ۔ گری : نغزپردازی ۔ نغزگری ۔ نغزپیرائی ۔ غِناگری ۔ زمزمہ پردازی ۔ سرودگری

نوّاب : حاکم ۔ صوبہ دار ۔ عامل ۔ سردار ۔ امیر ۔ نائب السلطنت ۔ رئیس ۔ والیٔ ریاست

نوّابی : حکومت ۔ صوبہ داری ۔ سرداری ۔ نیابت ۔ ریاست ۔ امیری ۔ رئیس

نواح : اطراف و جوانب ۔ مضافات ۔ اردگرد ۔ آس پاس ۔ قرب و جوار

نوادِر : اشیائے نادرہ ۔ نادراتِ عجائب ۔ نوادرات

نواز : (از نواختن = عزت دینا) معزز کرنا ۔ اعزاز بخشنا

بین نواز ـــ بندہ نواز ـــ ستار نواز ـــ طبلہ نواز ـــ نقارہ نواز ـــ غریب نواز ـــ عاجز نواز ـــ معارف نواز ـــ مسکین نواز ـــ مسافر نواز ـــ مہمان نواز ـــ پیک نواز ـــ بے کس نواز ـــ شریف نواز ـــ سطلہ نواز ـــ عالم نواز ـــ شرفا نواز ـــ مظلوم نواز ـــ رعیت نواز ـــ مخلوق نواز ـــ ابریشم نواز ـــ خوش نواز ـــ چینی نواز ـــ تر نواز ـــ قانون نواز ـــ عاشق نواز ـــ فلک نواز

نوازش : عنایت ۔ کرم ۔ مہربانی ۔ پرورش ۔ لطف ۔ کرپا ۔ دیا

نواس : مسکن ۔ گھر ۔ مکان ۔ بیت ۔ دار ۔ رین بسیرا ۔ شبستان

نواسہ : پسرِ دختر ۔ آل ۔ دوہتا ۔ نبیرہ

نواسی : ہشتاد و نُہ ۔ تسع و ثمانون

نوالہ : لُقمہ ۔ گُرّاس ۔ طعمہ ۔ کور ۔ بُرکی ۔ پیڑا ۔ بوتم ۔ اکو

نواہی : منکرات ۔ امورِ ممنوعہ

نوبت : ۱۔ باری ۔ دفعہ
۲۔ مہلت ۔ فرصت ۔ وقت
۳۔ حالت ۔ کیفیت ۔ گت
۴۔ درجہ ۔ مرتبہ
۵۔ نقارہ ۔ دمامہ ۔ طبل ۔ ڈھول

نوبتی : ۱۔ باری کا
۲۔ نوبت نواز ۔ نقارچی ۔ طبل زن ۔ ڈھول نواز
۳۔ چوکیدار ۔ پاسبان ۔ پہرے دار ۔ محافظ ۔ رکھوالا
۴۔ بڑا خیمہ ۔ خرگاہ

نوٹ : ۱۔ سکۂ کاغذی
۲۔ تمسک ۔ دستاویز ۔ نوشت ۔ سند
۳۔ یادداشت ۔ رائے نویسی
۴۔ پرچہ ۔ رقعہ ۔ شقہ ۔ نمیقہ ۔ چٹھی
۵۔ حاشیہ ۔ شرح ۔ تفسیر ۔ تبصرہ

نوٹس : اطلاع ۔ خبر ۔ یادداشت ۔ اعلان ۔ اشتہار

نوٹنکی : ناٹک ۔ ڈراما ۔ ناچ ۔ رقص ۔ منظوم تمثیل ۔ ناچ گانا ۔ راگ رنگ

نوچ : خراش ۔ جھپٹ ۔ کھسوٹ

نوچ کھسوٹ : چھین جھپٹ ۔ لوٹ مار ۔ غارت گری ۔ غصب ۔ لوٹ کھسوٹ

نوحہ : نالہ۔ شیون۔ آہ۔ بکا۔ ماتم۔ گریہ وزاری

نور : ۱۔ روشنی۔ تجلی۔ اجالا۔ چمک۔ دمک۔ تابانی۔ درخشانی۔ تاب۔ جلوہ۔ تابندگی۔ درخشندگی۔ ضو۔ رخشندگی۔ ضیا۔ جوت
۲۔ رونق۔ روپ۔ بہار

نور العین / نور عین : ۱۔ نورِ بصر۔ بینائی چشم۔ روشنیٔ چشم۔ نورِ چشم
۲۔ (کنایتہً) بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ خلف۔ پوت

نور افشاں ــــ نورِ الٰہی ــــ نورانی ــــ نورِ ایمان
ــــ نور برسنا ــــ نورِ بصر ــــ نور ظہور ہونا
ــــ نوری ــــ نور علیٰ نور ــــ نورِ نظر ــــ
نورانی صورت

نورانی : پُرنور۔ منور۔ روشن۔ چمکیلا۔ مجلّٰی۔ درخشندہ۔ رخشندہ۔ تابندہ۔ درخشاں۔ رخشاں۔ تاباں

نورد : (امر نوردیدن = لپیٹنا) طے کرنا

دشت نورد ــــ رہ نورد ــــ عالم نوردی ــــ
جہاں نوردی ــــ گیتی نورد ــــ صحرا نورد ــــ
بادیہ نورد ــــ مراحل نورد ــــ رہ نوردی

نوسرباز : فریبی۔ فریب کار۔ دغاباز۔ عیار۔ مکار۔ چال باز۔ چالیا

نوش : ۱۔ نعمت۔ لذیذ شے
۲۔ آبِ حیات۔ آبِ بقا۔ آبِ خضر
۳۔ شہد۔ انگبیں۔ عسل

نوشت : تحریر۔ لکھائی۔ کتابت۔ دستاویز۔ وثیقہ

نوشت و خواند : لکھائی پڑھائی

نوشتہ : ۱۔ نگارشتہ۔ محررہ۔ مرقومہ۔ تحریر کردہ۔ مکتوبہ
۲۔ تحریر۔ دستاویز۔ نوشت۔ وثیقہ

نوشتۂ تقدیر : نصیب۔ بخت۔ بھاگ۔ قسمت۔ مقدر

نوشیں : میٹھا۔ شیریں۔ خوشگوار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ

نَوع : ۱۔ قسم۔ طرح۔ صنف
۲۔ طریقہ۔ روش۔ انداز۔ ڈھنگ۔ طور۔ وضع۔ طرز

نوعیت : قسم۔ خصوصیت۔ کیفیت۔ صورت حال

نوک : ۱۔ سرا
۲۔ چونچ۔ منقار
۳۔ انی۔ نیش۔ ڈنک۔ ڈنگ۔ آر
۴۔ آن۔ ادا۔ انداز۔ وضع
۵۔ بانکپن۔ سج دھج
۶۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف
۷۔ چھیڑ چھاڑ
۸۔ عزت۔ آبرو۔ وقار

نوک جھونک : لعن طعن۔ باہم تکرار۔ چھیڑ چھاڑ
نوک چوک : ۱۔ چھیڑ چھاڑ۔ شوخی۔ شرارت
۲۔ اشارہ کنایہ۔ ایما۔ رمز
نوک دار : نوکیلا۔ تیکھا
نوکِ زباں : ازبر۔ حفظ۔ یاد

نوکر : چاکر۔ ملازم۔ خادم۔ خدمت گار۔ اہل کار۔ پیش خدمت۔ شاکر۔ ٹہلوا۔ خدمت گزار۔ سیوک۔ سرونٹ۔ مصاحب۔

پچھالا۔ فرماں بردار۔ تابع۔ مطیع۔ ماتحت۔ مملوک۔ پابند۔ ادھین۔ محکوم

نوکرانی : کنیز۔ باندی۔ جاریہ۔ لونڈی۔ خادمہ۔ چیری۔ داسی۔ داہ۔ پرستندہ۔ مملوکہ۔ اَمہ

نوکری : چاکری۔ ملازمت۔ خدمت۔ خدمت گاری۔ ٹہل۔ سیوا۔ خدمت گزاری۔ بندگی۔ غلامی۔ منصب۔ اسامی۔ کام۔ علاقہ۔ عہدہ۔ جگہ۔ پیشہ۔ شغل۔ روزگار

نوید : مژدہ۔ خوش خبری۔ بشارت

نویس : تحریر کنندہ۔ رقم کنندہ (اسم فاعل)

خوش نویس — بدنویس — خبرنویس — اخبار نویس — افسانہ نویس — چٹھی نویس — عرضی نویس — عرائض نویس — عرائض نویسی — تار نویسی — حلیہ نویس — پرچہ نویس — توجیہ نویس — دفتر نویس — سیاہہ نویس — کاپی نویس — اپیل نویس — طغرا نویس — خاص نویس — خفیہ نویس — زود نویس — خلاصہ نویس — تبالہ نویس — نقل نویس — مختصر نویس — مسودہ نویس — لوح نویس — بیضہ نویس — لوح نویسی — مضمون نویس — نقشہ نویس — قطعہ نویس — اظہار نویس — واصل باقی نویس — وقائع نویس — واقعہ نویس — پریشان نویسی — چہرہ نویس — صورت نویسی — لغت نویس — صدر نویس — مجلس نویس

نویسندہ : نگارندہ۔ راقم۔ محرر۔ کاتب

نویلا : دنیا۔ جدید۔ تازہ۔ نو
۲۔ انوکھا۔ نرالا۔ البیلا۔ عجیب

نہ : نا۔ نہیں۔ مت۔ لا۔ ما۔ نفی۔ انکار

نہاد : سرشت۔ خلقت۔ طبیعت۔ فطرت۔ مزاج۔ طینت۔ خمیر

نہار : دن۔ روز۔ دہاڑا

نہاری : ۱۔ ناشتہ۔ طعام صبح

نہال : ۱۔ پودہ۔ بروا۔ درخت۔ نخل۔ شجر۔ برچھ۔ برکش
۲۔ خوش۔ خرم۔ شاد۔ خورسند۔ آنند۔ بے فکر۔ مطمئن۔ کامیاب

نہالی : نہالچہ۔ گدا۔ گدیلا۔ توشک۔ رضائی۔ لحاف

نہاں : پنہاں۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ مستور۔ مکتوم

نہایت : ۱۔ غایت۔ انتہا۔ اخیر۔ انجام۔ حد۔ آخر
۲۔ بے انتہا۔ بہت۔ بکثرت۔ بے حد

نہج : ۱۔ راستہ۔ شاہراہ۔ راہ کشادہ۔ راہ راست۔ صراط مستقیم
۲۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھنگ۔ طور۔ انداز۔ طرز

نہر : آب جو۔ دھارا۔ ندی۔ شاخ دریا۔ رود

نہفتگی : پوشیدگی۔ اخفا۔ پنہائی۔ کتمان

نہفتہ : پوشیدہ۔ مخفی۔ مستور۔ مکتوم۔ پنہاں۔ نہاں

نہنگ : مگرمچھ۔ گھڑیال۔ سنسار۔ ناکو

نہی : روک۔ ممانعت۔ امتناع

نہیں : نا۔ نہ۔ انکار۔ لا۔ ما

نَے : ۱۔ نرکل۔ نرسل۔ نرکٹ۔ سرکنڈا
۲۔ بانسری۔ بنسری۔ بلسی۔ شہنائی۔ مُرلی
۳۔ نلی۔ نگالی۔ مہنال

نے نواز : شہنائی نواز ۔ مُرلی دَھر

نیا : ۱۔ جدید۔ تازہ۔ نوَ۔ ابھی کا۔ طارف۔ نواں۔ نکور۔ حادث۔
طری۔ قشب۔ نوے۔ نواں۔ نیو۔ نوبنو۔ نوساخت
۲۔ انوکھا۔ نرالا۔ عجیب۔ طُرفہ
۳۔ اجنبی۔ اَن جان۔ ناواقف

نیابت : قائم مقامی۔ جانشینی۔ نمائندگی

نیارا : نرالا۔ انوکھا۔ عجیب۔ نادر۔ طُرفہ۔ تحفہ۔ منتخب۔ منفرد۔
ممتاز۔ الگ۔ جدا

نیاز : ۱۔ حاجت۔ احتیاج۔ ضرورت۔ طلب۔ خواہش۔ آرزو
۲۔ میل۔ ملاقات۔ روشناس۔ تعارف۔ زیارت۔ دیدار۔
۳۔ انکسار۔ عاجزی۔ فروتنی۔ مسکینی۔ عجز۔ مسکنت
۴۔ التجا۔ التماس۔ عرض۔ گزارش۔ استدعا۔ منت۔ سماجت
۵۔ تبرک۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ پرشاد
۶۔ نذر۔ نذرانہ۔ چڑھاوا۔ بھینٹ

نیاز کیش / مند : ۱۔ منکسر۔ عاجزی۔ مسکین۔ احقر۔ کم ترین
۲۔ محتاج۔ حاجت مند۔ ضرورت مند
۳۔ ملتمس۔ مستمند۔ ملتجی۔ مستدعی
نیاز کیشی / مندی : ۱۔ منکسر مزاجی۔ عاجزی۔ مسکینی
۲۔ محتاجی۔ حاجت مندی۔ ضرورت مندی
۳۔ مستمندی۔ التماس۔ التجا۔ استدعا
نیاز نامہ : عجز نامہ۔ عاجزانہ خط۔ عریضہ۔ عرضداشت

نیاز آگیں ـــــ نیاز مشرب

نیام : میان۔ غلافِ شمشیر۔ پوشش شمشیر۔ جفن۔ خلہ۔ غمد۔ قراب

نیاوَ : انصاف۔ عدل۔ تصفیہ۔ فیصلہ۔ معدلت۔ نیائے

نیّت : ارادہ۔ منشا۔ مرضی۔ خیال۔ قصد۔ خواہش۔ تمنا۔ منصوبہ۔ عہد۔
توجہ۔ دھیان

نیتا : قائد۔ راہ نما۔ راہ بر۔ زعیم۔ آقا۔ سردار۔ لیڈر

نیچ : ۱۔ کم تر۔ حقیر۔ رذیل۔ ذلیل۔ کمینہ۔ سفلہ۔ گھٹیا۔ اوچھا۔ ادنیٰ
۲۔ بے وقر۔ بے توقیر۔ بے عزت۔ بے آبرو۔ شودر۔ اچھوت
۳۔ نالائق۔ بے جوہر۔ ناقابل۔ ناخوب۔ ناسزا۔ نااہل
۴۔ نچان۔ نشیب۔ پستی

نیچ پن : ۱۔ کم تری۔ رذالت۔ ذلت۔ کمینگی۔ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ گھٹیا پن۔
اوچھا پن۔ دنائت
۲۔ بے وقری۔ بے توقیری۔ بے عزتی۔ بے آبروئی
۳۔ نالائقی۔ بے جوہری۔ ناقابلیت۔ ناخوبی۔ نااہلی

نیچا : ۱۔ پست۔ نشیبی
۲۔ دھیما۔ مدھم
۳۔ عمیق۔ گہرا

نیچر : ۱۔ فطرت۔ خلقت۔ آفرینش۔ طبیعت۔ طینت۔ سرشت۔
خمیر۔ خصلت

۲۔ قدرت۔ قانونِ قدرت

نیچرل : ۱۔ فطری۔ خلقی۔ طبعی
۲۔ قدرتی۔ مطابقِ قانونِ قدرت

نیر : ۱۔ پانی۔ جل۔ آب۔ ماء۔ آف
۲۔ دریا۔ سمندر۔ ساگر۔ بحر۔ قلزم۔ یم
۳۔ آنسو۔ اشک۔ دمع۔ آب دیدہ۔ آبِ چشم

نیّر : پُرنور۔ منوّر۔ نورانی۔ روشن۔ تابناک۔ تاباں۔ تابندہ۔ درخشاں۔ درخشندہ۔ رخشاں۔ رخشندہ۔ نہایت چمکیلا

نیّرِ اصغر: چاند۔ چندا۔ چندرماں۔ قمر۔ ماہ۔ ماہتاب
نیّرِ اعظم: سورج۔ مہر۔ خورشید۔ شمس۔ سُوریہ۔ آفتاب۔ شہنشاہِ خاور
نیّرین: شمس و قمر۔ خورشید و ماہ۔ آفتاب و ماہتاب۔ سورج چاند

نیرنگ : ۱۔ جادو۔ سحر۔ شعبدہ۔ سیمیا۔ افسوں۔ طلسم
۲۔ مکر۔ حیلہ۔ عیاری۔ چالاکی۔ دغا۔ فریب۔ چال
۳۔ انقلاب۔ تبدیلی۔ تغیر
۴۔ مادہ۔ اصل۔ خاکہ
۵۔ وہم۔ خیال۔ موج۔ لہر۔ ترنگ
۶۔ عجیب۔ غریب۔ نادر۔ انوکھا۔ نرالا۔ طُرفہ

نیرنگ ساز: ۱۔ جادوگر۔ ساحر۔ سحرساز۔ افسوں گر۔ شعبدہ باز۔ سیمیاگر
۲۔ مکار۔ حیلہ گر۔ عیار۔ چالاک۔ دغاباز۔ فریبی۔ چالیا

نیرنگ سازی: ۱۔ جادوگری۔ ساحری۔ سحرسازی۔ افسوں گری۔ شعبدہ بازی۔ سیمیاگری
۲۔ دغابازی۔ فریب کاری۔ چال بازی

نیرنگی : ۱۔ جادوگری۔ ساحری۔ افسوں گری۔ شعبدہ بازی
۲۔ دغابازی۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ فریب کاری
۳۔ انقلاب۔ تبدیلی۔ تغیر۔ گردش

نیزہ : بھالا۔ برچھی۔ بلّم۔ سنان

نیست : نہیں۔ نابود۔ غیر موجود۔ معدوم۔ مفقود۔ لاموجود۔ فانی

نیستی : ۱۔ نابودی۔ غیر موجودی۔ عدم۔ فقدان
۲۔ نحوست۔ ادبار۔ بدنصیبی۔ بداقبالی۔ بدقسمتی۔ بدبختی
۳۔ تنگ دستی۔ مفلسی۔ محتاجی۔ ناداری۔ بدحالی۔ تہی دستی۔ بے مائیگی۔ بے بضاعتی

نیش : ۱۔ نوک۔ انی
۲۔ ڈنک۔ خار۔ کانٹا
۳۔ زہر۔ سم۔ بِس

نیشن : قوم۔ گروہ۔ ابنائے وطن

نیشنل : قومی۔ وطنی

نیشنلسٹ : قوم پرست۔ وطن پرست

نیک : ۱۔ اچھا۔ خوب۔ بھلا۔ نیکو
۲۔ عمدہ۔ نفیس۔ صاف۔ پاکیزہ
۳۔ متقی۔ پارسا۔ ایمان دار۔ صالح۔ متدین۔ پاک دامن۔ حق پرست۔ خداپرست۔ عبادت گزار۔ عابد۔ شب زندہ دار۔ زکی۔ شریف

نیک اختر: نیک بخت۔ خوش بخت۔ خوش قسمت۔ خوش اقبال۔ بھاگوان

نیک انجام : خوش انجام ۔ خوش مآل ۔ خوش نتیجہ ۔ خوش فرجام
نیک انجامی : خوش انجامی ۔ خوش مآلی ۔ خوش نتیجگی ۔ خوش فرجامی
نیک اندیش : نیک نیت ۔ خیر اندیش ۔ خیر سگال ۔ خیر خواہ ۔ بہی خواہ
نیک اندیشی : نیک نیتی ۔ خیر اندیشی ۔ خیر سگالی ۔ خیر خواہی ۔ بہی خواہی
نیک بخت : ۱۔ خوش بخت ۔ نیک اختر ۔ خوش قسمت ۔ خوش اقبال ۔
بھاگوان
۲۔ بھلامانس ۔ شریف
نیک بختی : ۱۔ خوش بختی ۔ نیک اختری ۔ خوش قسمتی ۔ خوش اقبالی ۔ بختاوری
۲۔ بھلمنسی ۔ شرافت ۔ بھلمنسات
نیک چلن : نیک کردار ۔ خوش کردار ۔ خوش عمل ۔ صالح ۔ پاکدامن ۔
پارسا ۔ متقی
نیک چلنی : نیک کرداری ۔ خوش کرداری ۔ خوش عملی ۔ صالحیت ۔
پاک دامنی ۔ تقوے
نیک خصلت : نیک سیرت ۔ خوش سیرت ۔ نیک طینت ۔ نیک مزاج ۔
خوش اطوار
نیک خواہ : نیک اندیش ۔ خیر اندیش ۔ خیر خواہ ۔ بہی خواہ ۔ خیر سگال
نیک خواہی : نیک اندیشی ۔ خیر اندیشی ۔ خیر خواہی ۔ بہی خواہی ۔ خیر سگالی
نیک دل : نیک نیت ۔ نیک طبع ۔ نیک طبیعت ۔ نیک طینت ۔
نیک خیال
نیک دلی : نیک نیتی ۔ نیک طبعی ۔ نیک طینتی ۔ نیک خیال
نیک سرشت : نیک سیرت ۔ نیک خصلت ۔ خوش سیرت ۔ نیک
طینت ۔ نیک مزاج ۔ خوش مزاج
نیک قدم : مبارک قدم ۔ خجستہ پے ۔ فرخندہ پے
نیک مرد : بھلامانس ۔ شریف آدمی ۔ صالح ۔ پارسا ۔ پرہیزگار ۔ متقی
نیک مزاج : نیک طبع ۔ نیک خصلت ۔ نیک سیرت ۔ خوش خصال ۔
نیک طینت
نیک مزاجی : نیک طبعی ۔ نیک سیرتی ۔ نیک طینتی ۔ خوش خصالی
نیک منظر : خوش منظر ۔ خوش شکل ۔ خوبصورت ۔ خوش نما ۔ حسین ۔
جمیل ۔ سندر
نیک نام : نیک شہرت ۔ نامور ۔ مشہور ۔ نامدار
نیک نامی : اچھی شہرت ۔ پسندیدہ شہرت ۔ ناموری ۔ نامداری

نیک نفس / نہاد : نیک دل ۔ نیک طینت ۔ نیک سرشت ۔ نیک خصلت ۔
نیک مزاج ۔ نیک طبع ۔ خوش خصال
نیک نفسی / نہادی : نیک دلی ۔ نیک طینتی ۔ نیک سرشتی ۔ نیک مزاجی ۔
نیک طبعی ۔ خوش خصالی
نیک نیت : خوش ارادہ ۔ نیک اندیش ۔ نیک دل ۔ نیک مزاج ۔ خیر اندیش ۔
خیر سگال
نیک نیتی : نیک اندیشی ۔ نیک دلی ۔ نیک مزاجی ۔ خیر اندیشی ۔ خیر سگالی

نیک منش ــــ نیک گھڑی ــــ نیک خو ــــ
نیک عنصر ــــ نیک سیرت ــــ نیک فطرت ــــ
نیک اطوار ــــ نیک طبع ــــ نیک طینت ــــ
نیک فرجام ــــ نیک کردار

نیکو : نکو ۔ اچھا ۔ بھلا ۔ خوب ۔ عمدہ

نیکوئی : نکوئی ۔ اچھائی ۔ بھلائی ۔ خوبی ۔ عمدگی

نیکی : ۱۔ اچھائی ۔ خوبی ۔ بھلائی ۔ نکوئی ۔ عمدگی
۲۔ احسان ۔ کار خیر ۔ حسن عمل ۔ کار نیک ۔ کار ثواب ۔ مروّت

نیکی برباد گناہ لازم
نیکی کر دریا میں ڈال

نیگ : ۱۔ حصہ ۔ بخرہ ۔ حق ۔ انعام
۲۔ نذر ۔ نذرانہ ۔ بھینٹ ۔ چڑھاوا

نَیل : حصول ۔ دست یابی ۔ دسترس ۔ رسائی

نیل مرام : حصول مراد ۔ مقصد یابی ۔ مطلب براری

نِیل : نیلا رنگ ۔ وسمہ

نیلا : نیل گوں ۔ نیلی فام ۔ ازرقی ۔ کبود ۔ آبی ۔ آسمانی ۔ نیلا رنگ ۔ آبی نشان

نیلا تھوتھا : پرپکا تیت ۔ امرتا سنگ ۔ میور گریو ۔ سیکی کنٹھ ۔ تتی ۔ یونانی شمتولس ۔ دُردیا ۔ نیلا ۔ توتیائے سبز ۔ زاک سبز ۔ زاج الاخضر

نیلام : حراج ۔ فروخت ۔ بولی ۔ آکشن ۔ مزایدہ

نیلام گھر : فروخت گاہ ۔ آکشن مارٹ ۔ حراج خانہ

نیلاہٹ : نیلاپن ۔ کبودی

نیلم : یاقوت کبود ۔ الماس کبود ۔ نیلا پتھر ۔ نیل گوں جواہر

نیم : آدھا ۔ نصف ۔ آدھ ۔ ادھ ۔ نیمہ

نیم باز : نیم وا ۔ ادھ کھلا
نیم برشت : ادھ پکا ۔ ادھ بھنا
نیم پڑھا : نیم خواندہ ۔ کم پڑھا
نیم جاں : ادھ موا ۔ تڑپتا
نیم جانی : ادھ مواپن
نیم جوش : نیم جوشیدہ ۔ ادھ ابلا
نیم چہ / نیمچہ : چھوٹی تلوار ۔ کرپان ۔ پیش قبض ۔ چھرا ۔ خنجر
نیم حکیم : اناڑی حکیم ۔ اتائی
نیم خواب : نیم خفتہ ۔ نیم بیدار ۔ ادھ سویا
نیم خواب : نیم خفتگی ۔ نیم بیداری ۔ کچی نیند
نیم خوردہ : ادھ کھایا ۔ جھوٹا ۔ پس خوردہ ۔ اُنش
نیم راضی : نیم رضامند ۔ نیم آمادہ
نیم رضا : نیم رضامندی ۔ نیم آمادگی ۔ ادھ منا
نیم شب : آدھی رات ۔ ناف شب ۔ نصف اللیل
نیم کش : نیم کشیدہ ۔ ادھ کھچا
نیم کشتہ : ادھ موا ۔ نیم بسمل ۔ نیم جان
نیم گرم : شیر گرم ۔ کم گرم ۔ کنکنا
نیم ملا : ناقص العلم ۔ ادھورا مولوی
نیم وا : ادھ کھلا ۔ نیم باز ۔ نیم کشادہ

نیمہ : ۱۔ آدھا ۔ نصف
۲۔ اونچا پاجامہ
۳۔ جانب ۔ طرف ۔ پہلو
۴۔ برقع ۔ نقاب ۔ پردہ ۔ مقنعہ
۵۔ محرم ۔ انگیا

نین : آنکھ ۔ چشم ۔ دیدہ ۔ عین

نیند : نوم ۔ خواب ۔ خفتگی ۔ نندیا ۔ نندرا ۔ نیندر ۔ برد ۔ ہجود ۔ وسن ۔ ہجوع ۔ رُقاد

نیو : بنا ۔ بنیاد ۔ اساس ۔ بیس ۔ فاؤنڈیشن

نیوز : خبر ۔ اطلاع ۔ خبریں

نیوز پیپر : اخبار ۔ خبرنامہ ۔ جریدہ

نیولا : راسو ۔ لرل ۔ ابن عرس ۔ سرعوب ۔ نکل ۔ پنگل ۔ پیتھرو ۔ سرہلی ۔ سرب ککشک

نیولی : ہمیانی ۔ کیسہ ۔ خریطہ

نیوی : بحریہ ۔ بحری فوج ۔ سمندری فوج ۔ جنگی بیڑا

نیہہ / نیہا : پیار ۔ پریت ۔ پریم ۔ لگن ۔ چاہ ۔ عشق ۔ محبت ۔ لگاوٹ ۔ چاہت ۔ لگاؤ ۔ انسیت ۔ الفت

و

وا / وائے: افسوس۔ ہائے۔ دریغا۔ آہ

واحسرتا: ہائے۔ افسوس۔ حیف۔ اے کاش
وامصیبتا: ہائے مصیبت۔ دریغا۔ حیف
واویلا: حیف۔ افسوس۔ دُہائی۔ فریاد۔ نالہ۔ شیون۔ گریہ زاری۔
نوحہ۔ ماتم

وا: ۱۔ کھلا۔ کشادہ۔ فراخ۔ وسیع
۲۔ پھر۔ دوبارہ۔ مکرر۔ زیادہ۔ بہت

وابستگی: تعلق۔ واسطہ۔ لگاؤ۔ سروکار۔ ربط۔ الحاق۔ رشتہ داری۔
پیوستگی۔ انسلاک۔ ملازمت۔ نوکری
وابستہ: ۱۔ متعلق۔ رشتہ دار۔ پیوستہ۔ منسلک۔ منسوب۔
ملحق۔ تعلق دار۔ عزیز
۲۔ ملازم۔ نوکر
واپس: مردود۔ مسترد۔ راجع
واپسی: رد۔ استرداد۔ رجعت۔ مراجعت۔ بازگشت۔ معاودت۔
عود۔ ترجیع۔ لوٹاؤ
واپسیں: پچھلا۔ آخری
وادید: بازدید۔ دوبارہ ملاقات
وارستگی: آزادی۔ ناپابندی۔ بے قیدی۔ خودمختاری۔ حریت۔ فارغ البالی۔
فراغت
وارستہ: آزاد۔ ناپابند۔ بے قید۔ خودمختار۔ حُر۔ فارغ البال

وارفتگی: بے خودی۔ شیفتگی۔ عشق۔ محبت۔ بے ہوشی
وارفتہ: بے خود۔ بے ہوش۔ شیفتہ۔ عاشق۔ شیدا
واشد: شگفتگی۔ کشادگی۔ بے تکلفی۔ کشود
واشگاف: کھلا۔ ظاہر۔ عیاں۔ ہویدا۔ واضح۔ آشکارا
واگزار: آزاد۔ نجات یافتہ۔ ناپابند۔ بے قید
واگزاشت: آزادی۔ نجات۔ خلاصی۔ ناپابندی۔ بے قیدی
واماندگی: پس ماندگی۔ تھکاوٹ۔ تھکن۔ تکان۔ خستگی۔ عجز۔ بے بسی
واماندہ: پس ماندہ۔ تھکا ہارا۔ خستہ۔ عاجز۔ بے بس

واثق: پختہ۔ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم۔ محکم۔ مستقل

واجب: ۱۔ لازم۔ ضروری۔ فرض
۲۔ لائق۔ سزاوار۔ قابل۔ ٹھیک۔ مناسب۔ درست۔ موزوں
۳۔ غیر محتاج۔ قائم بالذات
۴۔ تنخواہ۔ مشاہرہ۔ ماہانہ

واجب الادا: قابلِ ادا۔ ذمہ
واجب الاذعان: قابلِ تعمیل۔ قابلِ تفہیم۔ قابلِ یقین
واجب الاظہار: ضروری الاظہار۔ قابلِ اظہار
واجب التسلیم: قابلِ تسلیم۔ قابلِ قبول
واجب التعزیر: قابلِ سزا۔ مستوجبِ سزا
واجب التعظیم: لائقِ تعظیم۔ قابلِ احترام۔ بزرگ۔ محترم
واجب الرحم: قابلِ رحم۔ لائقِ ہمدردی

واجب القتل: قابلِ قتل۔ کشتنی

واجب الوجود: موجود بالذات۔ قائم بالذات

واجب الوصول: قابلِ وصول۔ قابل حصول

واجب الرعایت ـــ واجب الطلب ـــ
واجب الارض

واجبات: فرائض۔ ضروریات۔ لوازمات۔ واجب الوصول رقم

واجبی: مناسب۔ تھوڑا۔ قلیل۔ کم

واحد: ۱۔ ایک۔ فرد۔ منفرد۔ یگانہ۔ یکتا۔ اکیلا
۲۔ صرف۔ محض۔ تنہا

واحد العین: یک چشم۔ کانا۔ کانڑا

وادی: ۱۔ گھاٹی۔ درۂ کوہ۔ شعب
۲۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ بادیہ

وادیٔ ایمن ـــ وادیٔ غربت ـــ وادیٔ مجنوں
ـــ وادیٔ مقصود ـــ وادیٔ نور

وار: ۱۔ حملہ
۲۔ چوٹ۔ ضرب۔ مار
۳۔ الزام۔ اتہام۔ تہمت۔ بہتان
۴۔ بوجھ۔ بار۔ وزن۔ ثقل
۵۔ زخم۔ گھاؤ۔ جراحت
۶۔ داؤں۔ گھات
۷۔ دن۔ روز۔ یوم
۸۔ ذخیرہ۔ مقدار
۹۔ نسل۔ نچھاور

وارث: ۱۔ میراث یاب۔ ترکہ دار۔ حق دار۔ وارث
۲۔ مالک۔ آقا۔ قابض
۳۔ محافظ۔ حفیظ

وارد: آیندہ۔ موجود۔ حاضر۔ نازل

وارد و صادر: آیندہ و رَوِندہ۔ مسافر۔ مہمان

واردات: ۱۔ سرگزشت۔ حالت۔ حال۔ احوال
۲۔ سانحہ۔ حادثہ۔ واقعہ
۳۔ جُرم۔ چوری۔ ڈاکا۔ قتل۔ لڑائی

وارڈ: ۱۔ حلقہ۔ علاقہ۔ محلہ
۲۔ نابالغ۔ زیرِ حفاظت۔ زیرِ نگرانی

وارڈن: چوکیدار۔ پاسبان۔ نگہبان۔ رکھوالا۔ نگران

وارنٹ: فرمان۔ حکم۔ حکم نامہ۔ تحریری حکم۔ پروانہ۔ طلبی نامہ۔ حکم گرفتاری

وارنٹ تلاشی ـــ وارنٹ رہائی ـــ وارنٹ گرفتاری
ـــ وارنٹ باضمانت

وارنش: روغن۔ لُک۔ ملمع۔ قلعی

وارننگ: تنبیہ۔ انتباہ۔ تہدید

واری: قربان۔ نثار۔ صدقے۔ تصدق

واژگوں/واژوں: ۱۔ الٹا۔ اوندھا۔ منقلب۔ برگشتہ
۲۔ منحوس۔ نامبارک۔ نامسعود۔ اشقیا

واژون بخت : بدبخت ۔ بدقسمت ۔ بدنصیب

واسطہ : ۱۔ علاقہ ۔ تعلق ۔ لگاؤ ۔ نسبت
۲۔ درمیانی ۔ ثالث ۔ بچولیا ۔ قاصد ۔ وکیل
۳۔ وسیلہ ۔ ذریعہ
۴۔ مطلب ۔ غرض ۔ سروکار
۵۔ سبب ۔ علت ۔ باعث ۔ وجہ
۶۔ طفیل ۔ صدقہ
۷۔ دوستی ۔ آشنائی ۔ رشتہ داری ۔ محبت ۔ مروت

واسکٹ : کرتی ۔ صدری ۔ فتوحی ۔ مرزاری ۔ مرزئی

واصل : ملاقی ۔ ملاقاتی ۔ متصل ۔ پیوست ۔ وابستہ ۔ ملحق

واضح : ظاہر ۔ عیاں ۔ نمایاں ۔ صاف ۔ آشکارا ۔ روشن ۔ صریح

واضع : مرتب ۔ بانی ۔ موجد ۔ مخترع ۔ صانع ۔ مصنف

واعظ : پندگو ۔ ناصح ۔ تلقین کنندہ

وافر : بہت ۔ بیش ۔ زیادہ ۔ کثیر ۔ بافراط

واقع : وقوع پذیر ۔ برپا ۔ ہونہار ۔ پیش آمدہ

واقعہ : ۱۔ سانحہ ۔ حادثہ ۔ واردات
۲۔ خبر ۔ اطلاع
۳۔ حال ۔ ماجرا ۔ سرگزشت
۴۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ پیکار ۔ جھگڑا ۔ مڈبھیڑ
۵۔ موت ۔ وفات ۔ انتقال ۔ رحلت

واقعی : فی الحقیقت ۔ درحقیقت ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ صحیح ۔ دراصل ۔ اصل میں

واقف : شناسا ۔ متعارف ۔ آگاہ ۔ باخبر ۔ مطلع

واقف کار : تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔ کاردان ۔ جان کار ۔ ماہر ۔ مشاق ۔ چابک دست
واقف کاری : تجربہ کاری ۔ آزمودہ کاری ۔ کاردانی ۔ جان کاری ۔ مہارت ۔ مشاقی ۔ چابک دستی

واقفیت : شناسائی ۔ تعارف ۔ جان پہچان ۔ آگاہی ۔ خبرداری ۔ معرفت ۔ صاحب سلامت ۔ علم ۔ خبر ۔ آشنائی

وال : (فاعلیت) والا ۔ صاحب ۔ اہل

رکھوال ـــ دوال (دینے والا) ـــ اونٹ وال ـــ بندروال ـــ پٹھوال ـــ کوتوال ـــ اگروال ـــ ہانڈی وال ـــ کوٹھی وال

والا : (وصفیت) وصف ۔ صفت ۔ فاعلیت

متوالا ـــ رکھوالا ـــ روپے والا ـــ گھر والا ـــ آنکھوں والا ـــ خونچے والا ـــ دال موٹھ والا ـــ کھیت والا ـــ باہر والا ـــ اوپر والا ـــ پیسے والا

والا : (فارسی) بلند ۔ اونچا ۔ عالی ۔ اعلیٰ ۔ رفیع ۔ گرامی

والاجاہ / شان / قدر : عالی جاہ ۔ عالی قدر ۔ گرامی قدر ۔ عظیم الشان ۔ عظیم المرتبت ۔ رفیع المنزلت ۔ رفیع القدر
والانامہ : کرم نامہ ۔ عنایت نامہ ۔ نوازش نامہ ۔ گرامی نامہ ۔ صحیفۂ گرامی ۔ نمیقۂ سامیہ

والاگہر/نژاد: عالی خاندان۔ عالی نسب۔ عالی دودمان
والانگاہ: بلند نگاہ۔ بلند نظر۔ عالی خیال۔ بلند خیال
والاہمت: بلند ہمت۔ عالی ہمت۔ بلند حوصلہ

والد : باپ۔ پدر۔ پتا۔ ابا۔ ابّو۔ اب۔ بابو۔ ڈیڈی۔ پاپا

والدین: ماں باپ۔ مادر پدر۔ ماتا پتا۔ امی ابو۔ ممی ڈیڈی
والدہ: ماں۔ اماں۔ امی۔ مائی۔ مادر۔ اُم۔ میّا۔ ماتا۔ ممی

والنیٹر : رضاکار

والہ : ۱۔ عاشق۔ محب۔ پریمی۔ شیدا۔ شیفتہ۔ فریفتہ۔ مفتون
۲۔ حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ

والی : ۱۔ مالک۔ آقا۔ سردار۔ بادشاہ۔ حکمراں۔ فرماں روا۔ امیر۔ حاکم
۲۔ حامی۔ حمایتی۔ مددگار۔ سرپرست۔ مربّی۔ محافظ۔ نگران
۳۔ دوست۔ رشتہ دار۔ عزیز۔ یگانہ

وام : ادھار۔ قرض۔ عاریت۔ دین

وان : (صفت مصادر سے)

جڑواں ___ ڈھلواں ___ پھسلواں ___ ستواں
___ بیٹھواں ___ رپٹواں ___ گتّرواں ___
کٹواں ___ گتھواں ___ پٹواں ___ پسیٹواں

وان : (وصلیت)

بھاگوان ___ پچکران ___ گاڑی وان ___ ہیچ وان
___ رتھوان ___ بہلوان ___ دھن وان ___
کوچوان ___ دیاوان ___ ہاتھی وان ۱

واہ : خوب۔ سبحان اللہ۔ زہے۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفریں

واہمہ : قوتِ واہمہ۔ قوتِ متخیلہ۔ تصور۔ تخیل۔ تخییل۔ قوتِ متصورہ

واہی : ۱۔ بیہودہ۔ لغو۔ بے معنی۔ لایعنی۔ بے مغز۔ فضول۔ پوچ
۲۔ آوارہ۔ ناکارہ۔ نکما۔ بیکار
۳۔ کم زور۔ ناتواں۔ ناطاقت۔ ضعیف۔ بودا
۴۔ سست۔ کاہل۔ سہل انگار۔ آرام پسند۔ آرام طلب

واہی تباہی: ۱۔ بیہودہ۔ لغو۔ بے معنی۔ لایعنی۔ بے مغز۔ پوچ۔ فضول۔ بکواس
۲۔ نکما۔ ناکارہ۔ بیکار
۳۔ آوارہ۔ بدر۔ اوباش۔ لُچا۔ لفنگا
۴۔ خستہ حال۔ پریشان حال۔ تباہ حال

وائر : تار۔ رشتہ۔ سلک

وائرلیس: بے تار۔ لاسلکی۔ ریڈیو۔ بے تار برقی نظام

وائس : قائم مقام۔ نائب

وائس پریزیڈنٹ: نائب صدر
وائسرائے: نائب السلطنت۔ گورنر جنرل

وبا : عام بیماری۔ مرض متعدی۔ مرگِ عام۔ مری

وبال : ۱۔ بوجھ۔ بار۔ سختی۔ مصیبت۔ دشواری۔ پتیا۔ عذاب
آفت۔ گرانی۔ قہر
۲۔ ناگوار۔ نامرغوب۔ ناپسندیدہ۔ دوبھر

وبالِ جان ___ وبالِ دوش

وتیرہ : عادت۔ پیشہ۔ طریقہ۔ روش۔ رسم۔ رواج۔ دستور۔ شیوہ۔ شعار

وٹامن : حیاتین۔ غذائی جزو

وثن : بت۔ معبود۔ مسجود۔ معبود باطل۔ صنم

وثیقہ : ۱۔ معاہدہ۔ عہدنامہ۔ اقرارنامہ
۲۔ تمسک۔ سند۔ دستاویز۔ نوشت۔ تحریر۔ قبالہ۔ نوشتہ۔ چک۔ ضمانت
۳۔ مضبوطی۔ استحکام۔ محکمی

وجاہت : شان۔ خوبصورتی۔ رعب۔ جمال۔ دبدبہ۔ عزت۔ احترام

وجد : محویت۔ استغراق۔ مدہوشی۔ کیف۔ سرور۔ سرخوشی۔ سرمستی۔ آنند۔ بےخودی۔ حال۔ رقت۔ کیفیت

وجدان : ذکاوت۔ ادراک۔ شعور

وجوب : لزوم۔ فرضیت۔ ضرورت

وجود : ۱۔ زندگی۔ ہستی۔ زیست۔ حیات
۲۔ جسم۔ تن۔ بدن

وُجوہ : اسباب۔ بواعث۔ دلائل۔ غایات

وجہ : ۱۔ چہرہ۔ منہ۔ شکل۔ صورت
۲۔ جانب۔ طرف۔ جہت
۳۔ سبب۔ باعث۔ علت۔ کارن۔ دلیل۔ برہان۔ بنا۔ موجب
۴۔ طریقہ۔ طور۔ طرز۔ ڈھنگ۔ انداز
۵۔ نقدی۔ رقم۔ مال و زر
۶۔ ذریعہ۔ وسیلہ

وجہِ تسمیہ : سببِ نام۔ باعثِ اسم
وجہِ ثبوت : دلیل ثبوت۔ شہادت۔ گواہی
وجہِ حسن : انداز مناسب۔ اچھا طریقہ
وجہِ حلال : ذریعہ حلال۔ حلال روزی
وجہِ معاش : ذریعہ معاش۔ ذریعہ آمدنی
وجہِ مرجّح : مضبوط دلیل۔ برہان قاطع۔ پختہ ثبوت

وجہِ تحریک ___ وجہِ تخلیق ___ وجہِ قوی ___
وجہِ کشود ___ وجہِ معیشت ___ وجہِ نالش

وجیہہ : شان دار۔ خوب صورت۔ رعب دار۔ صاحب جاہ۔ خوش وضع۔ خوش انداز۔ موزوں۔ زیبا۔ خوش اندام۔ اسمارٹ

وحدانیت : توحید۔ یکتائی۔ یگانگی۔ وحدت۔ احدیت

وحدت : اکیلاپن۔ یکتائی۔ یگانگی۔ فردیت۔ توحید۔ احدیت

وحدتُ الشہود : ہمہ از اوست
وحدتُ الوجود : ہمہ اوست

وحشت : ۱۔ گھبراہٹ۔ بھڑک۔ ڈر۔ خوف۔ ہیبت۔ دہشت۔ دھڑکا
۲۔ سودا۔ جنون۔ دیوانگی۔ خبط۔ خفقان۔ سبعیت
۳۔ حیوانیت۔ بہیمیت۔ درندگی

وحشت انگیز/خیز : ڈراؤنا۔ بھیانک۔ وحشت انگیز۔ ہولناک۔ مہیب
وحشت انگیزی/خیزی : ڈراؤناپن۔ وحشت انگیزی
وحشت زدہ : ۱۔ دہشت زدہ۔ ہیبت زدہ۔ خوف زدہ۔ رم خوردہ
۲۔ حواس باختہ۔ مخبوط الحواس۔ خبطی۔ سودائی۔ مجنون

وحشت ناک : خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک

وحشی : ۱۔ جنگلی۔ صحرائی۔ مجنون
۲۔ اُجڈ۔ غیر مہذب۔ غیر متمدن۔ بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ بن مُوجھا۔ بے تہذیب۔ گنوار

وحی : پیغام خدا۔ الہام

وحید : ایک۔ اکیلا۔ فرد۔ یکتا۔ یگانہ۔ بے عدیل۔ بے ہمتا۔ لاثانی۔ بے نظیر

وداع : رخصت۔ روانگی

ودوان : عالم۔ فاضل۔ دانش مند۔ دانش ور۔ صاحب علم

ودھوا : بیوہ۔ رانڈ۔ ایّم۔ نخصمی

ودّیا : علم۔ دانش۔ ہنر۔ سائنس

ودیعت : امانت۔ دھروت۔ سپردگی۔ تفویض

وڈیرا : زمیندار۔ جاگیردار۔ بڑو خدا

ور : (وصفیت) والا۔ سزاوار۔ قابل

تاجور — بہرہ ور — سخن ور — جانور — طاقتور — پیشہ ور — سرور — طالع ور — ہنرور — قسمت ور — کینہ ور — نصیبے ور — نامور — دانشور — شناور — دیدہ ور — آشناور — بارور — بیداور — پھان ور — راہ ور — ناور — جوشن ور — داور — داد ور — زبان ور — ریش ور — سازور — سعادت ور — بحور — سخاور

ور : ۱۔ غالب۔ برتر۔ زبردست
۲۔ شوہر۔ خاوند۔ پتی۔ میاں۔ مالک۔ آقا۔ خصم۔ بَر

ورا : ۱۔ پیچھے۔ پَرے۔ دُور۔ پس پشت
۲۔ سوا۔ ماسوا۔ دنیا۔ خلق۔ مخلوق

وراثت : ورثہ۔ میراث۔ ترکہ

وراثت نامہ : سندِ وراثت۔ سندِ میراث

ورّاق : ۱۔ ورق ساز۔ جلد ساز
۲۔ کاغذ فروش۔ سٹیشنر۔ سوداگرِ سامان کتابت
۳۔ محرر۔ کاتب۔ منشی

ورثہ : وراثت۔ میراث۔ ترکہ۔ پونجی۔ ارث

ورثہ دار : صاحبِ میراث۔ ترکہ دار۔ وارث

وِرد : ۱۔ وظیفہ۔ جاپ۔ تلاوت
۲۔ معمول

وِردِ زبان : نوکِ زبان۔ ازبر۔ حفظ

وردی : مخصوص لباس۔ دفتری لباس۔ مقررہ لباس۔ یونیفارم

ورزش : کسرت۔ ریاضت۔ ریاض۔ مشق۔ مزاولت۔ ممارست

ورزشی : کسرتی۔ ریاضتی

وَرطہ : ۱۔ بھنور۔ گرداب۔ گھمن گھیری
۲۔ چکر۔ بھول بھلیاں

ورع : پرہیزگاری۔ اتقا۔ تقویٰ۔ پارسائی۔ زُہد

ورق : کاغذ۔ پتا۔ پتی۔ پنّی۔ برگ۔ پتّر۔ صفحہ

ورم : سوج۔ سوجن۔ آماس۔ سوزش

ورما : برما۔ مثقب۔ بزال۔ برماہ۔ برماہہ۔ پرمہ۔ بھرامہ

ورنہ : وگرنہ۔ نہیں تو۔ پھر

ورود : آمد۔ نزول۔ اُتار۔ قدوم۔ تشریف آوری

ورید : شہ رگ۔ رگِ جان

وزارت : وزیری۔ منصبِ وزیر۔ دفترِ وزیر۔ منسٹری

وِزِٹر : ملاقاتی۔ ملاقی۔ ملاحظہ کنندہ

وِزِٹنگ کارڈ : پرچہ۔ ملاقات۔ ملاقات نامہ۔ شناخت نامہ

وزن : ۱۔ تول۔ جانچ۔ اندازہ
۲۔ مقدار۔ پیمانہ
۳۔ بوجھ۔ بار۔ ثقل۔ گرانی
۴۔ عزت۔ آبرو۔ وقار۔ وقعت
۵۔ سنجیدگی۔ متانت۔ رعب

وزن: ۱۔ بھاری۔ گراں۔ ثقیل۔ بوجھل۔ وزنی
۲۔ باوقعت۔ ذی عزت۔ ذی وقار

وزنہ : پیپرویٹ

وزنی : ۱۔ بھاری۔ بوجھل۔ ثقیل۔ گراں۔ وزن دار
۲۔ ٹھوس۔ پُرمغز
۳۔ سنجیدہ۔ متین۔ رعب دار۔ باوقار۔ ذی عزت

وزیر : منتری۔ دیوان۔ مشیر۔ دارالمہام۔ منسٹر

وزیری : وزارت۔ منصبِ وزیر۔ عہدۂ وزیر۔ منسٹری

وساطت : توسط۔ ذریعہ۔ وسیلہ۔ واسطہ

وسائل : وسیلے۔ ذرائع۔ ذریعے۔ واسطے۔ وسائط

وَسط : بیچ۔ درمیان۔ منجھ۔ دل۔ قلب۔ مرکز۔ ناف

وسطی : درمیانی۔ بیچ راس۔ مرکزی

وُسعت : فراخی۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔ گنجائش۔ سمائی۔ چوڑائی

وِسل : سیٹی۔ نفیر۔ زنفیل۔ زفیر۔ زفیری

وسمہ : نیل۔ کالی مہندی۔ خطاب۔ مہندی۔ بشکول۔ شال۔
ایرانی مہندی

وسواس/وسوسہ : ۱۔ وہم۔ خیال۔ شبہ۔ تردد۔ گمان۔ اندیشہ۔ شک
۲۔ ڈر۔ خوف۔ بھے۔ دہشت۔ ہول

وسواسی : وہمی۔ شکّی۔ مذبذب۔ متذبذب

وسیع : فراخ۔ کشادہ۔ چوڑا۔ عریض۔ گنجائش دار

وسیع القلب: فراخ دل۔ کشادہ دل۔ سیر چشم
وسیع القلبی: فراخ دلی۔ کشادہ دلی۔ سیر چشمی
وسیع النظر: بلند خیال۔ عالی خیال۔ بلند نگاہ۔ سیر چشم
وسیع النظری: بلند خیالی۔ عالی خیالی۔ بلند نگاہی۔ سیر چشمی

وسیلہ: ۱۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ سبب۔ توسط۔ طفیل
۲۔ سہارا۔ آسرا
۳۔ حمایت۔ مدد۔ اعانت۔ امداد۔ دستگیری۔ سہاتا

وشواش: بھروسا۔ اعتبار۔ اعتماد۔ یقین

وصال: ۱۔ میل۔ ملاپ۔ اتصال۔ قُرب۔ قربت
۲۔ صحبت۔ ہم بستری۔ جماع۔ مجامعت۔ مباشرت۔ جُفتی

وصف: ۱۔ صفت۔ گُن۔ ہُنر۔ خوبی۔ جوہر۔ سلیقہ۔ بھلائی۔ اچھائی۔ عمدگی۔ تعریف۔ کمال۔ زاب۔ گواس۔ گواش۔ گواشہ۔ گواشر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ کرتب۔ عروج۔ بلندی
۲۔ شناخت۔ پہچان۔ معرفت

وصل: وصال۔ میل۔ ملاپ۔ ملاقات۔ قُرب۔ قربت۔ اتصال۔ پیوستگی

وصول: حصول۔ یافت۔ رسائی۔ ہم دستی۔ دستیابی۔ حاصل۔ رسیدہ۔ بے باقی۔ جمع۔ داخل

وصی: صاحب وصیت۔ سربراہ کار۔ منتظم۔ مامور

وصیت: ہدایت۔ تلقین۔ حکم۔ فرمان۔ آخری نصیحت

وضاحت: تشریح۔ شرح۔ تفصیل۔ صراحت۔ تصریح

وضع: ۱۔ شکل۔ صورت۔ حلیہ۔ ٹائپ۔ قطع۔ نقشہ۔ ڈول
۲۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ہیئت۔ ترکیب۔ قطع۔ نقشہ
۳۔ طرز۔ طور۔ طریق۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ روش۔ چال۔ ڈھال۔ خصلت۔ دستور۔ انداز۔ چلن۔ ڈھچ۔ سج دھج۔ ڈھبا
۴۔ مجرا۔ منہا۔ تفریق

وضع دار: ۱۔ باوضع۔ پابند وضع۔ بااصول۔ اصول پسند۔ خوش اطوار۔ منضبط۔ مستقل مزاج۔ سلیقہ شعار۔ خوش اخلاق۔ پُرتکلف۔ بااوقات۔ خلیق۔ شائستہ
۲۔ بانکا۔ طرح دار۔ سجیلا
وضع داری: ۱۔ پابندیٔ وضع۔ اصول پسندی۔ مستقل مزاجی۔ سلیقہ شعاری
۲۔ بانکپن۔ طرح داری۔ سجاوٹ
وضع قطع: شکل صورت۔ ڈیل ڈول۔ حلیہ۔ بناوٹ۔ ہیئت کذائی

وضو: غسل اعضا۔ طہارت۔ پاکیزگی۔ صفائی

وضیع: کمینہ۔ ادنیٰ۔ ہیچ۔ حقیر۔ فرومایہ۔ سفلہ۔ کم تر۔ نیچ

وطن: ملک۔ دیس۔ سُدیش۔ جنم بومی۔ مرز بوم۔ دیش۔ زادبوم۔ مسقط الراس۔ مولد۔ دیار۔ شہر۔ راج۔ میہن۔ ملک۔ اقلیم۔ ولایت

وطن پرست ـــــ وطن دوست ـــــ وطن مالوف

وطنی: دیسی۔ سُدیشی۔ ملکی

وظائف: اوراد۔ اذکار۔ اشغال

وظیفہ: ۱۔ روزینہ۔ تنخواہ۔ پنشن۔ درماہہ۔ راتب۔ مدد معاش
۲۔ رٹ۔ وظیفہ۔ ذکر۔ جپنی۔ جاپ۔ تسبیح۔ سمرن۔ یاد خدا
۳۔ روزانہ کام۔ مقررہ کام۔ کار منصبی۔ شغل۔ عمل

۲۔ سکالرشپ

وظیفہ خوار: وظیفہ یاب۔ تنخواہ دار۔ پنشنر۔ عطیہ یاب
وظیفہ خواری: وظیفہ یابی۔ تنخواہ داری

وعدہ: عہد۔ پیمان۔ اقرار۔ قول۔ بچن۔ وچن۔ قول و قرار۔ شرط

وعدہ خلاف / شکن: عہد شکن۔ پیمان شکن۔ بد عہد۔ جھوٹا۔ کاذب۔ دروغ گو۔ بے وفا
وعدہ خلافی / شکنی: عہد شکنی۔ پیماں شکنی۔ بد عہدی۔ جھوٹ۔ کذب۔ دروغ گوئی۔ بے وفائی

وعدہ فراموش ــــ وعدہ فراموشی ــــ وعدہ وعید ــــ وعدہ وفا

وعظ: نصیحت۔ تلقین۔ ہدایت۔ تقریر۔ پند۔ موعظت

وعید: تہدید۔ دھمکی۔ سرزنش۔ ڈراوا

وغا: ۱۔ لڑائی۔ جنگ۔ پیکار۔ حرب۔ نبرد۔ رزم۔ یدھ۔ معرکہ۔
۲۔ شور۔ غل۔ ہنگامہ۔ دنگا فساد

وفا: ۱۔ نباہ۔ نبھاؤ۔ تعمیل۔ تکمیل۔ نرباہ
۲۔ خیر خواہی۔ خیر اندیشی۔ نمک حلالی۔ دیانت

وفا پرست / پیشہ / شعار / دار: پابند عہد۔ نمک حلال۔ مخلص۔ وفا کیش۔ باوفا۔ بندۂ وفا۔ نمک حلال۔ جاں نثار
وفا پرستی / پیشگی / شعاری / داری: پابندی عہد۔ نمک حلالی۔ اخلاص۔ خلوص۔ وفا کیشی۔ نمک حلالی۔ جاں نثاری

وفات: موت۔ مرگ۔ انتقال۔ ارتحال۔ رحلت۔ قضا۔ دیہانت۔ مرتیو۔ رخصت۔ کوچ۔ اجل۔ فوتیدگی

وفاق: اتحاد۔ اتفاق۔ موافقت۔ دوستی۔ فیڈریشن

وفد: نمائندہ جماعت۔ ترجمان۔ ایلچی۔ دُوت۔ سفیر۔ وکیل۔ مختار۔ ڈیپوٹیشن۔ ڈیلیگیشن۔ ڈیلی گیٹ۔ وسکار۔ وکار۔ وکالت۔ مشن۔ سفارت

وفور: افراط۔ بہتات۔ زیادتی۔ بیشی۔ افزونی

وقار: ۱۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بردباری۔ تحمل۔ وزن
۲۔ عزت۔ آبرو۔ منزلت۔ قدر۔ جاہ و جلال۔ عظمت

وقائع: واقعات۔ حالات۔ حوادث۔ سانحات۔ خبریں۔ رُوداد۔ احوال۔ سوانح

وقائع نگار / نویس: ۱۔ مورخ۔ تاریخ نویس
۲۔ نامہ نگار۔ صحیفہ نگار۔ صحافی
وقائع نگاری / نویسی: ۱۔ تاریخ نویسی۔ واقعات نویسی
۲۔ نامہ نگاری۔ صحیفہ نگاری۔ اخبار نویسی۔ صحافت

وقت: ۱۔ گھڑی۔ ساعت۔ دم۔ عرصہ۔ مدت۔ میعاد۔ وقفہ۔ ویلا۔ بیلا
۲۔ زمان۔ زمانہ۔ عہد۔ دَور۔ جُگ۔ عصر۔ ایام
۳۔ موقع۔ ہنگام
۴۔ موسم۔ فصل۔ رُت
۵۔ فرصت۔ مہلت
۶۔ باری۔ نوبت۔ دفعہ۔ مرتبہ
۷۔ حالت۔ گت
۸۔ عمر۔ زندگی۔ اوسنتھا۔ حیات۔ زیست
۹۔ مصیبت۔ آفت۔ بپتا
۱۰۔ دقت۔ دشواری۔ مشکل

وقتاً فوقتاً : گاہے ماہے ۔ کبھی کبھی ۔ کبھی کبھار ۔ حسب موقع

وقتی : ہنگامی ۔ عارضی ۔ ناپائیدار ۔ غیر مستقل

وقر : ۱۔ بڑائی ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ عزت ۔ آبرو ۔ شان ۔ قدر ۔ منزلت ۔
رتبہ ۔ مرتبہ ۔ درجہ ۔ پایہ ۔ تمکنت
۲۔ بردباری ۔ تحمل ۔ حلم ۔ متانت ۔ سنجیدگی

وقعت : عزت ۔ آبرو ۔ اعتبار ۔ ساکھ

وقف : ۱۔ ٹھہراؤ ۔ توقف ۔ سکون
۲۔ رفاہی ۔ فلاحی ۔ ٹرسٹ

وقفہ : توقف ۔ ٹھہراؤ ۔ مہلت ۔ التوا ۔ تعویق ۔ سکون ۔ تاخیر ۔ ڈھیل ۔
فرصت ۔ قیام ۔ تامل ۔ دیر ۔ صبر ۔ تحمل

وقوع : ظہور ۔ برپائی ۔ قیام

وقوعہ : واقعہ ۔ سانحہ ۔ حادثہ ۔ واردات ۔ ہنگامہ ۔ صدمہ ۔ دنگا ۔ فساد

وقوف : ۱۔ قیام ۔ ٹھہراؤ ۔ سکونت
۲۔ آگاہی ۔ واقفیت ۔ علم ۔ شعور ۔ خبرداری
۳۔ تمیز ۔ سلیقہ ۔ قرینہ
۴۔ تجربہ ۔ مہارت

وقیع : باوقعت ۔ باوقار ۔ ذی وقار ۔ معزز ۔ ذی عزت ۔ آبرو دار ۔
بلند مرتبہ ۔ بلند پایہ ۔ بااعتبار ۔ معتبر

وکالت : نیابت ۔ قائم مقامی ۔ مختاری ۔ کارپردازی ۔ سربراہی ۔ سفارت ۔
پیروی ۔ نمائندگی

وکالت نامہ : مختار نامہ

وکیل : ۱۔ نائب ۔ قائم مقام ۔ مختار ۔ کارپرداز ۔ سربراہ کار ۔ ایجنٹ ۔
گماشتہ ۔ سفیر ۔ ایلچی ۔ نمائندہ ۔ نگران ۔ کارندہ
۲۔ قانون داں ۔ مشیر قانونی ۔ قانونی پیرو کار ۔ پلیڈر ۔ معتمد علیہ ۔
زود دستار ۔ ایڈووکیٹ ۔ بیرسٹر ۔ بار ایٹ لار

ولا : محبت ۔ دوستی ۔ رفاقت ۔ آشنائی ۔ یاری ۔ مودت

ولادت : پیدائش ۔ جنم ۔ تولید

ولایت : ۱۔ ملک ۔ اقلیم ۔ سلطنت ۔ بادشاہت ۔ صوبہ
۲۔ ذمہ داری ۔ ضمانت ۔ کفالت
۳۔ سرپرستی
۴۔ بزرگی ۔ خدارسیدگی ۔ قرب خداوندی

ولایتی : ۱۔ پردیسی ۔ بدیسی ۔ اجنبی ۔ غیر ملکی ۔ ناواقف
۲۔ پٹھان ۔ کابلی ۔ مغل ۔ ایرانی ۔ انگریز ۔ امریکی ۔ یورپی
۳۔ وحشی ۔ جنگلی ۔ ناواقف ۔ انجان

وَلَد : بیٹا ۔ پوت ۔ پسر ۔ فرزند ۔ ابن ۔ خلف ۔ پُور

ولد الحرام : حرامی ۔ حرام زادہ ۔ مجہول النسب ۔ ولد الزنا ۔ ناجائز اولاد
ولد الحلال : حلال زادہ ۔ صحیح النسب

ولدیت : حسب نسب ۔ اصل نسل

ولولہ : ۱۔ جوش ۔ خروش ۔ امنگ ۔ ترنگ ۔ شوق
۲۔ شور ۔ غل ۔ فریاد ۔ نالہ ۔ فغاں

ولی : ۔ خدارسیدہ ۔ خدادوست ۔ بزرگ ۔ مقرب خدا ۔ زاہد ۔ پارسا

محبوبِ الٰہی ۔ اللہ والا
۲۔ آقا ۔ مالک ۔ صاحب
۳۔ مربی ۔ سرپرست ۔ محافظ ۔ نگران
۴۔ دوست ۔ عزیز ۔ یار ۔ حبیب

ولی عہد : وارثِ تاج و تخت ۔ جانشین ۔ شاہ آئندہ ۔ شاہزادہ بادشاہ
ولی عہدی : وراثتِ تاج و تخت ۔ جانشینی

ولیمہ : ضیافتِ نکاح ۔ ضیافتِ کدخدائی ۔ دعوتِ کدخدائی ۔ دعوتِ شادی

ونت : (وصفیت) والا ۔ صاحب ۔ قابل ۔ سزاوار

بلونت (طاقتور) ـــ لاج ونت ـــ
(شرمیلا) ـــ کلاونت ـــ جسونت ـــ
دیاونت (رحمدل) ـــ دھن ونت ـــ
گنونت ـــ سیل ونت (پاک دامن) ـــ
ساونت

ونتی : (یائے نسبتی)

روپ ونتی ـــ ذات ونتی ـــ لاجونتی ـــ
لجونتی ـــ ست ونتی

ووٹ : رائے ۔ رائے دہی ۔ ووٹنگ ۔ رائے شماری

ووٹر : رائے دہندہ ۔ انتخاب کنندہ

وہ : آں ۔ اُور ۔ تنک ۔ تو ۔ وے ۔ ایشاں

وہاں : اُدھر ۔ آنجا ۔ اس طرف ۔ اس مقام پر

وہم : وسواس ۔ گمان ۔ شک ۔ خیال ۔ احتمال ۔ چنتا ۔ بھرم ۔ توہم

| وہم کی دارو لقمان کے پاس بھی نہیں

وہمی : خیالی ۔ قیاسی ۔ موہوم ۔ فرضی ۔ وسواسی ۔ بھرکی

ویٹر : خادم ۔ خدمت گار ۔ بیرا ۔ بوائے

ویٹنگ روم : انتظار گاہ ۔ اطاقِ انتظار

ویٹو : حقِ استرداد ۔ نامنظوری ۔ نارضامندی

ویران : ۱۔ تباہ ۔ خراب ۔ برباد ۔ اجڑا ۔ پامال ۔ بنجر ۔ غیر آباد ۔ ستیاناس ۔ غارت ۔ ناس ۔ تہس نہس ۔ تباہ و برباد ۔ تہ و بالا
۲۔ بے رونق ۔ اداس ۔ غمگین ۔ محزون ۔ حزین ۔ حیران

ویرانہ : اُجاڑ ۔ غیر آباد مقام ۔ صحرا ۔ دشت ۔ بیابان

ویرانی : ۱۔ تباہی ۔ خرابی ۔ بربادی ۔ اُجاڑ ۔ پامالی ۔ غیر آبادی ۔ پراگندگی
۲۔ بے رونقی ۔ اداسی ۔ غمگینی ۔ حیرانی ۔ محزونی

ویروار : جمعرات ۔ پنجشنبہ ۔ یوم الخمیس

ویزا : پروانۂ راہداری ۔ اجازت نامۂ سفر

ویشیا : رنڈی ۔ بیسوا ۔ قحبہ ۔ کسبی ۔ طوائف ۔ پاتر ۔ رقاصہ ۔ ڈیرہ دارنی ۔ نرتکی

ویگن : مال گاڑی ۔ چھکڑا ۔ ڈبا ۔ بڑی موٹر گاڑی

ہ

ہا : افسوس۔ حیف۔ دریغ۔ ہائے۔ وائے

ہاتف : ۱۔ ملہم غیب۔ سروش
۲۔ آوازِ غیب۔ صدائے غیب۔ نوائے سروش

ہاتھ : ۱۔ دست۔ ید۔ کر۔ بازو۔ ہنڈ۔ لاس
۲۔ قبضہ۔ تصرف۔ تسلط۔ بس۔ قابو۔ اختیار۔ گرفت
۳۔ پنجہ۔ چنگل۔ مٹھی
۴۔ ہتھیلی۔ کف
۵۔ باعث۔ سبب۔ علت
۶۔ ذریعہ۔ وسیلہ
۷۔ حفاظت۔ محافظت۔ نگہداشت۔ نگہداری۔ نگہبانی
۸۔ حمایت۔ مدد۔ اعانت۔ تعاون۔ دست گیری۔ سہائتا
۹۔ وار۔ حملہ۔ ضرب۔ چوٹ
۱۰۔ قدرت۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ شکتی
۱۱۔ وجود۔ ہستی۔ بود
۱۲۔ معرفت۔ توسط۔ وساطت
۱۳۔ داؤں۔ پیچ

ہاتھ تلے : ۱۔ زیرِ دست۔ زیرِ تسلط۔ زیرِ قبضہ۔ زیرِ تصرف
۲۔ ماتحت۔ نائب۔ محکوم۔ تابع
۳۔ قریب۔ قرین۔ نزدیک۔ پاس

ہاتھ چالاک : ۱۔ تیز دست۔ تر دست۔ چابک دست۔ پھرتیلا۔ چتر
۲۔ چور۔ دزد۔ سارق۔ جیب کترا۔ کیسہ بر۔ گٹھ کترا

ہاتھ چالاکی : ۱۔ تیز دستی۔ تر دستی۔ چابک دستی۔ پھرتیلا پن۔ چترائی
۲۔ چوری۔ دزدی۔ سرقہ۔ کیسہ بری

ہاتھ ادھار ـــــ ہاتھ بھر ـــــ ہاتھ چھٹی ـــــ
ہاتھ دھلائی ـــــ ہتھ جوڑی ـــــ ہاتھ جھلائی

ہاتھ بیچے میں ذات نہیں بیچی
ہاتھ پاؤں کی کاہلی اور منہ میں مونچھیں جائیں
ہاتھ کا دیا آڑے آئے
ہاتھ کا دیا ساتھ کھانے لگے
ہاتھ کشیدہ آسمان بریدہ
ہاتھ کنگن کو آرسی کیا
ہاتھ کی ہاتی بھی گئی
ہاتھ میں سمرنی اور بغل میں کترنی
ہاتھ نہ گھے ناک میں پیانے کے ڈھلے
ہاتھ کا پوہا بل میں بیٹھا

ہاتھا پائی : مارکٹائی۔ گھونسم گھا سا۔ دھول دھپا۔ لپاڈگی۔ لڑائی۔ بھڑائی۔ دراز دستی۔ دھینگا مشتی

ہاتھا چھانٹی : بدمعاملگی۔ دغا بازی۔ بد دیانتی۔ غبن۔ تغلب۔ خورد برد

ہاتھوں ہاتھ : دست بدست ۔ بالا بالا ۔ فوراً ۔ شتاب ۔ جلد ۔ تُرت

ہاتھی : پیل ۔ فیل ۔ گج ۔ گنیش

ہاتھی پھرے گاؤں گاؤں جس کا ہاتھی اس کا ناؤں
ہاتھی کا بوجھ ہاتھی اٹھاتا ہے
ہاتھی کا پیر انحس
ہاتھی کی ٹکر ہاتھی ہی سنبھالے
ہاتھی کے دانت کھانے کے اور دکھانے کے اور
ہاتھی گھوڑے بہہ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی
ہاتھی نکل گیا دم اٹک رہ گئی
ہاتھی ہزار لٹے پھر بھی لاکھ من کا

ہاٹ : دکان ۔ بازار ۔ منڈی ۔ مارکیٹ ۔ سوق

ہادی : ہدایت کنندہ ۔ راہنما ۔ راہبر ۔ پیشوا ۔ مُرشد

ہار : ۱۔ شکست ۔ مات ۔ ہزیمت ۔ زک ۔ مغلوبیت
۲۔ تھکاوٹ ۔ تھکن ۔ تکان ۔ ماندگی ۔ خستگی
۳۔ مالا ۔ عقد ۔ حمائل ۔ گلوبند ۔ نیکلس ۔ رشتۂ مروارید ۔ سُمرن ۔
لڑی ۔ سلک

من کے ہارے ہار ہے اور من کے جیتے جیت
ہارے بھی ہر اوے جیتے بھی ہر اوے

ہار : (وصفیت) والا

ہونہار ــــ جان ہار ــــ چلن ہار ــــ مرن ہار

ہارا : تھکا ماندہ ۔ خستہ ۔ کم زور ۔ ضعیف ۔ ناتواں ۔ نربل

ہاڑ : ۱۔ ہڈی ۔ استخواں
۲۔ ڈھانچا ۔ ڈھچر ۔ چوکھٹ ۔ پنجر ۔ قالب ۔ کالبد

ہاضم : ہاضم دار ۔ پچاؤ ۔ گُھلاں ۔ ملیّن

ہاضمہ : قوتِ ہضم ۔ انہضام ۔ پاچن

ہال : بڑا کمرہ ۔ اُطاق کلاں ۔ ایوان ۔ دالان ۔ تالار

ہالٹ : پڑاؤ ۔ اڈا ۔ مستقر ۔ فرودگاہ ۔ منزل ۔ مقام

ہالہ : دائرہ ۔ حلقہ ۔ کنڈل

ہامون : جنگل ۔ بیابان ۔ دشت ۔ صحرا ۔ بادیہ ۔ میدان

ہامی : ہاں ۔ اقرار ۔ اثبات ۔ وعدہ

ہاں : ۱۔ بلے ۔ نعم
۲۔ اچھا ۔ خوب ۔ بھلا
۳۔ ٹھیک ۔ بیشک ۔ البتہ
۴۔ اقرار ۔ اثبات ۔ وعدہ

ہانڈی : ۱۔ ہنڈیا ۔ دیگچہ ۔ دیگچی ۔ بھگونا ۔ پتیلی ۔ کٹوری
۲۔ ہانڈا ۔ گلوب ۔ فانوس ۔ مشکوٰۃ

ہانڈی وال : ۱۔ شریک ۔ ساجھی ۔ حصہ دار
۲۔ رقیب

ساجھے کی ہانڈی چوراہے میں پھوٹتی ہے
ہانڈی میں ہوگا سو ڈوئی میں نکلے گا
ہانڈی نہ ڈوئی سب پیٹ کھوئی

ہانسی : ہنسی۔ مذاق۔ چہل۔ دل لگی۔ ٹھٹھا۔ مضحکہ۔ استہزا

ہانک : پکار۔ ندا۔ صدا۔ چلاہٹ۔ شور۔ غل

ہانک پکار : شور و شغب۔ غل غپاڑا۔ چیخم دھاڑ

ہاؤن : اوکھلی۔ کھرل۔ اُدکھل۔ اکلی

ہاؤ ہو : ہائے وائے۔ شور و غل۔ نالہ و شیون۔ آہ و بکا۔ فریاد و فغاں۔ واویلا

ہاہاکار : ۱۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ ہول۔ بیم۔ وحشت۔ گھبراہٹ
۲۔ ہانک پکار۔ شور و غل۔ نالہ و شیون۔ آہ و بکا۔ چیخ پکار۔ کہرام

ہاؤس : گھر۔ خانہ۔ مکان۔ بیت۔ دار۔ استھان۔ مقام۔ کدہ

ہائی : بلند۔ اونچا۔ ارفع۔ رفیع۔ اعلیٰ

ہائی سکول : ثانوی مدرسہ۔ دبیرستان۔ اعلیٰ مدرسہ
ہائی کمان : اعلیٰ قیادت۔ بالائی قیادت۔ حکام بالا
ہائی کمشن : سفارت۔ نمائندگی۔ نیابت۔ مختاری
ہائی کمشنر : اعلیٰ نمائندہ۔ سفیر۔ نائب۔ مختار۔ گماشتہ
ہائی کورٹ : عدالت عالیہ۔ عدالت مرافعہ

ہائے : وائے۔ افسوس۔ حیف۔ دریغا

ہبڑا : ۱۔ بڑ دنتا۔ دندان دراز
۲۔ بھدا۔ بے ڈول۔ بدقطع۔ بدصورت

ہبڑ دھبڑ : جلدی۔ عجلت۔ شتابی۔ مارا مار۔ بوکھلاہٹ

ہُبَنّق : بُونتا۔ احمق۔ بیوقوف۔ ابلہ۔ نادان۔ مورکھ۔ سڑی۔ باؤلا۔ جاہل۔ سودائی

ہبوط : نزول۔ اتار۔ زوال۔ پستی۔ نشیب۔ انحطاط

ہبہ : بخشش۔ عطا۔ دان۔ خیرات۔ وقف

ہپناٹزم : مسمریزم۔ عمل ترجہ۔ عمل تنویم

ہِپّی : آوارہ گرد۔ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ خانہ خراب۔ بے خاناں۔ خانہ بدوش۔ نشہ باز۔ چرسی۔ بے راہ رو۔ مست قلندر

ہَتک : توہین۔ اہانت۔ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ تذلیل۔ ذلت۔ خواری۔ رسوائی۔ بدنامی

ہتھ : ہاتھ۔ ید۔ دست۔ کر۔ بازو

ہتھ اُدھار : قرض۔ قرضہ۔ عاریت۔ دست گرداں
ہتھ پھیری : ۱۔ دست مالی۔ مساج۔ مالش۔ مساس۔ چھیڑ چھاڑ۔ اختلاط
۲۔ چالاکی۔ غبن۔ ہیرا پھیری۔ دست بُرد۔ صفائی
۳۔ شعبدہ بازی۔ چابک دستی۔ تیز دستی۔ ہتھ نالک
ہتھ چھٹ : سطر زن۔ سیلی زن۔ ردتیا۔ پھکیت
ہتھ رس / رسی : ۱۔ مساس۔ مساج۔ ہتھ پھیری
۲۔ جلق۔ مُشت زنی۔ استمنا بالید۔ جتھلس
۳۔ خارش۔ کھجلی۔ کھاج
ہتھ کڑی : بند دست۔ زنجیر دست
ہتھ نالک : شعبدہ بازی۔ ہتھ پھیری۔ ہیرا پھیری۔ چابک دستی۔ تیز دستی

ہتھا : ۱۔ دستہ۔ قبضہ۔ مُوٹھ۔ ہینڈل
۲۔ قابو۔ گرفت۔ داؤں

ہتھکنڈا : ۱۔ دست چالاکی۔ ہتھ نالک۔ شعبدہ بازی
۲۔ عیاری۔ مکاری۔ چال بازی۔ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ داؤ پیچ۔ گھات

ہتھنی : ۱۔ مادہ فیل
۲۔ زنِ فربہ اندام۔ موٹی عورت

ہتھوڑا : موگرا۔ موگری۔ گھن۔ فرزان۔ مطرقہ۔ میخ کوب۔ مارتول۔ ہتھوڑی

ہتھیار : ۱۔ اوزار۔ آلہ۔ آلات۔ ادات۔ گنڈاسا۔ پھرسا
۲۔ سلاحِ حرب۔ سامانِ جنگ۔ شستر۔ اسلحہ۔ تیغ و تفنگ

ہتھیار بند: مسلح۔ لیس۔ اوپچی۔ آراستہ
ہتھیار خانہ : اسلحہ خانہ۔ میگزین

ہتھیلی: کفِ دست

ہتیا : ۱۔ قتل۔ خون۔ خوں ریزی۔ غارت گری۔ ہلاکت
۲۔ بربادی۔ تباہی۔ ظلم۔ ستم۔ بیداد
۳۔ جرم۔ گناہ۔ پاپ۔ اپرادھ
۴۔ دکھ۔ عذاب۔ مصیبت۔ بپتا

ہتیارا : ۱۔ قاتل۔ خونی۔ سفاک۔ غارت گری۔ جلاد
۲۔ ظالم۔ ستم گر۔ ستم گار۔ بیدادگیر
۳۔ مجرم۔ پاپی۔ اپرادھی

ہٹ : علامتِ توصیفی

بُھربُھراہٹ ـــ بھنبھناہٹ ـــ گھبراہٹ ـــ
تتناہٹ ـــ پلپلاہٹ ـــ تھرتھراہٹ ـــ
جگمگاہٹ ـــ سرسراہٹ ـــ سنسناہٹ
ـــ کِلکِلاہٹ ـــ کسمساہٹ ـــ کلبلاہٹ
ـــ گڑگڑاہٹ ـــ مسکراہٹ ـــ
ـــ چمچماہٹ ـــ نرماہٹ ـــ آہٹ ـــ
ہنہناہٹ

ہَٹ : ۱۔ ضد۔ اڑ۔ اصرار
۲۔ سرکشی۔ تمرد۔ مخالفت۔ بغاوت

ہٹ دھرم : ۱۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش۔ متمرد۔ اڑیل
۲۔ بدمعاملہ۔ حق ناشناس۔ ناشکرا۔ احسان فراموش
ہٹ دھرمی : ۱۔ ضد۔ سرکشی۔ اڑ۔ تمرد
۲۔ بدمعاملگی۔ حق ناشناسی۔ احسان فراموشی۔ ناشکرگزاری

ہٹا کٹا : موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ لحیم شحیم۔ سنڈ مسنڈ۔ مسنڈا۔ جسیم۔ تنادر۔ قوی ہیکل۔ صاحبِ تن و توش۔ تنومند۔ مضبوط۔ جوان و تندرست

ہٹیلا : ہٹ دھرم۔ ضدی۔ اڑیل۔ سرکش۔ متمرد

ہجر/ہجراں : جدائی۔ مفارقت۔ فُرقت۔ فراق۔ علیحدگی۔ مہجوری۔ بچھیا۔ برہا۔ دُوری۔ فاصلہ۔ بچھوڑا

ہجراں دیدہ/زدہ/نصیب : مہجور۔ بچھڑا۔ فرقت زدہ۔ جدا۔ الگ۔ علیحدہ

ہجر گریباں گیر ـــ ہجر دل شگاف ـــ ہجر جاں شکار
ـــ ہجر ستم گار ـــ ہجر جاں گداز ـــ ہجر جگر سوز
ـــ ہجر دشوار ـــ ہجر خون آشام ـــ ہجر مرگ آثار
ـــ بیابانِ ہجر ـــ صدمۂ ہجر ـــ تکلیفِ ہجر ـــ
بیداریٔ ہجر ـــ شبِ ہجر ـــ تاریک شبِ ہجر ـــ
سنانِ ہجر ـــ ہلاکتِ ہجراں ـــ مصائبِ ہجر ـــ

لذت ہجر ــــ نشۂ ہجر ــــ غم ہجراں ــــ زہرِ ہجر
ــــ ہجر جاوید ــــ ہجر درپیش

ہجرت : ۱۔ جدائی، مفارقت۔ فرقت۔ فراق۔ علیحدگی
۲۔ ترکِ وطن۔ دیس تیاگ

ہجو : مذمت۔ برائی۔ بدگوئی، نکوہش۔ ملامت۔ نِندا، غیبت

ہجو گوئی ــــ ہجوِ صریح ــــ ہجوِ ملیح

ہجوم : بھیڑ۔ ازدحام۔ انبوہ۔ ٹھٹ، جمگھٹ۔ جمِ غفیر، غٹ۔ مجمع۔
جماؤ، جمگھٹا۔ اجتماع۔ بھیڑ بھڑکا۔ اکھاڑا، جھرمٹ۔ رش۔
ٹھٹھ، کھچا کھچ۔ پگّ پچّ

ہجومِ آرزو ــــ ہجومِ خلائق ــــ سیلِ ہجوم

ہچر مچر : ۱۔ ہچکچاہٹ، جھجک، تذبذب، دودلی، نیم دلی۔ پس و پیش۔
تامل
۲۔ ٹال مٹول، لیت و لعل۔ آرے بلے
۳۔ جھگڑا، پکڑ دھکڑ۔ دار و گیر

ہچکچاہٹ : تذبذب۔ تامل، نیم دلی۔ دودلی۔ پس و پیش، تردد

ہچکولا : دھکا۔ دھچکا، جھٹکا، جُنبش، صدمہ

ہچکی : اُبکائی، سسکی، ہچکا۔ ہڑکی، اُہاک۔ ہڈکی، گھگھی۔ ہک

ہدایا : تحائف۔ نذرانے

ہدایت : ۱۔ رُشد۔ فہمائش۔ راہ نمائی۔ راہبری
۲۔ نصیحت۔ تلقین، موعظت۔ پند
۳۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد

ہدف : نشانہ۔ آماج۔ زد۔ مار۔ رینج، ٹارگٹ۔ تھوا۔ نشانہ گاہ۔ تودہ

ہدفِ آفت ــــ ہدفِ ملامت

ہُدہُد : کٹھ پھوڑا۔ مُرغِ سلیمان۔ لوہک، کٹ بڑھئی۔ بربش۔
بوبہ۔ برابک۔ پوپویہ۔ پوپہ۔ شانہ۔ پوپش۔ پوپک۔ پوپو۔
پرپریک۔ شانہ۔ شانہ سر۔ شانہ سرک۔ کوکلہ، مرغ نامہ بر، شب

ہُدیٰ : راہبری۔ راہنمائی۔ ہدایت۔ راہِ راست، صراطِ مستقیم

ہدیہ : تحفہ۔ نذر، نذرانہ۔ سوغات، پیش کش

ہڈی : ۱۔ استخوان، عظم، عظام۔ استھی
۲۔ اصل، نسل، نسب

ہذا : یہ۔ ایں

ہذیان : بکواس، بکبک۔ یاوہ گوئی، پوچ گوئی، فضول گوئی۔ لایعنی کلام۔
بیہودہ گوئی، لغو گوئی، کلام بیہوشی

ہر : ایک۔ فرد۔ کس۔ کوئی

ہر آئینہ : بے شک، ضرور۔ البتہ۔ بہر حال۔ بہر کیف۔ بہر صورت۔
بہر نوع
ہرجائی : بے مروت۔ بے وفا
ہرجائی پن : بے مروتی۔ بے وفائی
ہر دل عزیز : عام پسند، مقبولِ عام
ہر دل عزیزی : قبولیتِ عامہ، عام پسندی
ہر فن مولا : ہمہ داں، ماہرِ کُل۔ عالمِ کُل (کنایۃً) بے حد چالاک، متفنی

ہرکارہ : ۱۔ ہمہ کار
۲۔ چٹھی رساں۔ قاصد۔ ڈاکیا۔ نامہ بر۔ پیام بر۔ پیک۔ پیامی
۳۔ پیادہ۔ چپراسی۔ اردلی
۴۔ جاسوس۔ مخبر۔ گزندہ۔ ٹوہیا۔ کھوجی

ہرآن — ہرایک — ہربالی — ہربار —
ہرپہلو — ہرجائی پن — ہرچہ باشد

ہر جیسے کو تیسا
ہرچہ از غیب می رسد نیکو ست
ہرچہ بادا باد
ہرچہ بادا باد ما کشتی در آب انداختیم
ہرچہ در دیگ است بہ چمچہ می آید
ہرچہ در کان نمک رفت نمک شد
ہر دفعہ گڑ میٹھا ہی میٹھا
ہر رنگ میں پانی
ہر روز عید نیست کہ حلوہ خورد کسے
ہر سخن نکتہ و ہر نکتہ مکانے دارد
ہر عیب کہ سلطان بہ پسندد ہنر است
ہر فرعونے را موسیٰ
ہر کارے و ہر مردے
ہر کسے را بہر کارے ساختند
ہر کمالے را زوالے
ہر کہ آمد عمارت نو ساخت
ہر کہ شمشیر زند سکہ بنامش خوانند
ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است
ہر یکے و ہر سہمے
ہر نوالے بسم اللہ
ہر یکے را بہر کارے ساختند
ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا

ہرا : ۱۔ سبز۔ اخضر۔ دھانی
۲۔ سرسبز و شاداب۔ تروتازہ
۳۔ کچا۔ خام۔ نارسیدہ۔ ناپختہ
۴۔ سبزی۔ سبزہ۔ چارا۔ علف

ہرا بھرا : ۱۔ سرسبز و شاداب۔ تروتازہ۔ بارآور۔ ثمردار۔ میوہ دار۔ پرمیوہ۔ پھلا پھولا
۲۔ کامیاب۔ بامراد۔ کامران۔ کامگار

ہراس : ۱۔ خوف۔ ڈر۔ ہول۔ دہشت۔ بھے
۲۔ ناامیدی۔ مایوسی۔ یاس۔ قنوطیت۔ نراس

ہراساں : ۱۔ خوف زدہ۔ خائف۔ دہشت زدہ۔ ترساں۔ ڈرا ہوا
۲۔ مایوس۔ قنوطی۔ ناامید۔ نراس

ہراول : قراول۔ مقدمۃ الجیش۔ پیش خیمہ۔ اگلا دستہ۔ اگو۔ پیش آہنگ لشکر

ہربونگ / ہڑبونگ : بدنظمی۔ ہلچل۔ کھلبلی۔ افراتفری۔ اودھم۔ ہنگامہ۔ شورش۔ اندھیر

ہرج : ۱۔ شورش۔ ہنگامہ۔ دنگا۔ فساد۔ گڑبڑ۔ فتنہ
۲۔ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔ خسران۔ خلل
۳۔ وقفہ۔ دیر۔ تاخیر۔ ڈھیل

ہرجانہ : معاوضہ۔ نقصان۔ تاوان۔ ڈنڈ۔ جرمانہ

ہردا / ہردے : من۔ دل۔ قلب۔ ضمیر۔ فواد

ہرزہ : بیہودہ۔ لغو۔ نامعقول۔ لایعنی۔ پوچ

ہرزہ سرا/گو: بیہودہ گو۔ لغو گو۔ پوچ گو۔ فضول گو۔ یادہ گو
ہرزہ سرائی/گوئی: بیہودہ گوئی۔ پوچ گوئی۔ فضول گوئی۔ یادہ گوئی

ہرگز : زینہار۔ کبھی نہیں۔ کبھی۔ کسی وقت

ہرن : ہرگ۔ آہو۔ ظبی۔ غزال۔ سارک۔ چکارا۔ سارنگ۔ تامرونی۔ کرنگ۔ چار۔ رولوچن۔ چینت۔ یرنی۔ دانا۔ یرلی۔ چنچل۔ مرگا۔ ابد کرشن۔ پرکرشن

ہریالی : ۱۔ ہریاول۔ سبزی۔ شادابی۔ طراوت۔ تازگی۔ تر و تازگی
۲۔ سبزہ۔ گیاہ۔ گھاس۔ دوب۔ چارا۔ علف۔ سبزہ زار

ہڑ : ۱۔ ہلیلہ۔ ہرڑ
۲۔ ہڈی۔ استخوان۔ عظم

ہڑپھوٹن : اعضا شکنی۔ دردِ استخواں

ہڑبڑی : ۱۔ جلدی۔ عجلت۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے قراری۔ بے کلی۔ بے تابی
۲۔ چہل۔ افراتفری۔ گڑبڑ۔ بدنظمی

ہڑتال : ترکِ کار۔ تعطلِ کار۔ سٹرائک

ہُڑدنگا : آوارہ۔ جھگڑالو۔ فسادی۔ ہنگامہ پرور۔ مفسد

ہُڑدنگاپن : شور۔ غل۔ ہنگامہ۔ اچھل کود

ہڑک : جنون۔ باؤلاپن۔ جوش۔ جنون۔ سگ گزیدگی

ہُڑکا : یاد۔ انتظار

ہزار : ۱۔ دس سو۔ دہ صد۔ الف
۲۔ بلبل۔ عندلیب
۳۔ ہر چند۔ بہتیرا۔ کتنا ہی
۴۔ بہت۔ کثیر۔ بیش۔ صدہا

ہزار پا/پایہ : کنکھجورا
ہزار چشم : کیکڑا۔ خرچنگ۔ سرطان

ہزار گائیدہ — ہزار گلا — ہزار میخ — ہزار چشمہ
— ہزار داستان — ہزار سخن —
ہزار آستیں — ہزار آواز — ہزار پیشہ —
ہزار آرا — ہزار افشاں — ہزار نابہ —
ہزار دانہ — ہزار پیچی

ہزار آفتیں ہیں ایک دل لگانے میں
ہزار جوتیاں ماروں اور ایک نہ گنوں
ہزار منہ ہزار باتیں
ہزار نعمت اور ایک تندرستی
ہزار ہاتھی لٹے تو بھی سوا لاکھ کا
ہزار لاٹھی ٹوٹے گی تو بھی گھربار کے باسن توڑنے کو بہت ہے

ہزّال : ہزل گو۔ پھکڑ۔ بیہودہ گو۔ مسخرہ۔ فحش گو

ہزل : بیہودہ کلام۔ مسخرگی۔ تمسخر۔ فحش کلام

ہزل گو: ہزّال۔ فحش گو۔ پھکڑ۔ بیہودہ گو۔ مسخرہ
ہزل گوئی: فحش گوئی۔ پھکڑ بازی۔ بیہودہ گوئی۔ مسخرگی

ہزیمت : شکست۔ ہار۔ زک۔ مغلوبیت

ہژدہ : اٹھارہ۔ ثمانیہ عشر

ہسپتال : شفاخانہ۔ دارالشفا۔ مستشفیٰ۔ بیمارستان۔ مریض خانہ۔ بیمارخانہ۔ مارستان۔ سہروانہ۔ علاج گاہ۔ کلینک۔ ڈسپنسری۔ دارالصحت۔ دارالعلاج۔ صحت گاہ۔ تیمارخانہ۔ اسپتال

ہست : موجود۔ قائم۔ ثابت۔ زندہ۔ حی

ہستی : ۱۔ وجود۔ قیام۔ موجودگی۔ اثبات
۲۔ موجودات۔ مخلوقات۔ کائنات۔ دُنیا
۳۔ حیات۔ زندگی۔ زیست
۴۔ حیثیت۔ بساط
۵۔ مجال۔ طاقت۔ تاب۔ توان
۶۔ دولت۔ ثروت۔ مال
۷۔ خودپسندی۔ خودبینی۔ خودنگری۔ خودپرستی

ہشاش : خنداں۔ ہنس مکھ۔ خوش۔ شاداں۔ فرحاں

ہشاش بشاش: خوش وخرم۔ شاداں وفرحاں۔ تندرست وصحت مند۔ چونچال

بشاشت : خوشی۔ شادابی۔ فرحت۔ مسرت۔ سرور

ہشت : آٹھ۔ ثمانیہ۔ اشٹ

ہشت پہلو: آٹھ کونیا۔ مثمن۔ ہشت گوشہ

ہشتاد: ثمانون۔ اسی

ہضم: پچاؤ۔ پچنی۔ انہضام

ہفت : سبع۔ سات۔ سپت

ہفت پہلو : ہفت گوشہ۔ ست کونیا۔ مسبع
ہفت خواں : (کنایتہً) مہم۔ کار دشوار۔ مشکل کام
ہفت روزہ : ہفتہ وار۔ ہفتگی۔ ہفت نامہ

ہفت اختر — ہفت اقلیم — ہفت امام —
ہفت الوان — ہفت اندام (ایک رگ) —
ہفت اورنگ — ہفت پردہ — ہفت پردۂ چشم
— ہفت پشت — ہفت پیکر — ہفت جوش
(سات دھاتوں کا مرکب) — ہفت چشمۂ بہشت
— ہفت خوانِ رستم — ہفت رنگ —
ہفت دوزخ — ہفت رنگ — ہفت زبان
— ہفت طبق — ہفت قلزم — ہفت قلم
— ہفت کشور — ہفت گردوں —
ہفت گنج — ہفت ہزاری — ہفت وادی —
ہفت کار — ہفت کردہ

ہفتاد : سبعون۔ ستر

ہفتہ : ۱۔ اسبوع
۲۔ سنیچر۔ شنبہ۔ یوم السبت

ہفوات : بیہودہ کلام۔ پوچ کلام۔ لغویات

ہکا بکا : حیران۔ متحیر۔ مبہوت۔ سراسیمہ۔ وحشت زدہ۔ حواس باختہ۔ بدحواس

ہکلا : توتلا۔ لکنت زدہ

ہکلاپن : تتلاہٹ۔ لکنت۔ عقدۂ لسان

ہل : قلبہ

ہَلّا/ہلہ : ۱۔ چڑھائی۔ حملہ۔ یورش۔ دھاوا۔ یلغار۔ تاخت
۲۔ شور۔ غل۔ ہنگامہ

ہلاک : ۱۔ قتل۔ فنا۔ اتلاف
۲۔ مقتول۔ مردہ۔ کشتہ

ہلاکت : قتل۔ خوں ریزی۔ غارت گری۔ فنا۔ موت۔ اجل

ہلال : ماہِ نو۔ نیا چاند

ہلاہل : قاتل۔ مہلک۔ جان لیوا

ہلچل : ۱۔ افراتفری۔ گڑبڑ۔ بھاگڑ۔ بھگدڑ۔ کھلبلی۔ بے قراری۔ گھبراہٹ۔
اضطراب
۲۔ بلوہ۔ دنگا۔ فساد

ہلدی : زردچوبہ۔ پترس۔ زردچڑیا گر۔ ہرُدڑ۔ چوب زرد۔ عروق الصفر۔
ارمنی گوری۔ درررنتی۔ بنڈی پیتیا۔ وان۔ نسالنی۔ کودکمان۔
نشاوان وتی۔ مامبران

ہلدی لگی نہ پھٹکڑی پتاخ بھو آن پڑی
ہلدی کی گرہ لے کے پنساری بن بیٹھا
ہلدی لگے نہ پھٹکڑی رنگ بھی چوکھا آئے

ہُلڑ : شور۔ غل۔ غپاڑا۔ ہنگامہ

ہلکا : ۱۔ سبک۔ خفیف۔ کم وزن۔ لطیف۔ سبکسار۔ پھولا۔
بے وزن۔ ابھار۔ دھیما۔ مدھم
۲۔ کم قیمت۔ کم قدر۔ گھٹیا
۳۔ بے عزت۔ بے آبرو۔ حقیر۔ ذلیل
۴۔ زود ہضم

ہلکا پھلکا : ۱۔ غیر ثقیل۔ لطیف۔ نازک۔ سبک
۲۔ پتلا دُبلا۔ لاغر۔ کمزور

ہلکان : تھکا ماندہ۔ خستہ۔ پریشان۔ مضمحل۔ نیم جان

ہلکم : ہلچل۔ کھلبلی۔ تہلکہ۔ افراتفری

ہلکورا : لہر۔ موج۔ ترنگ۔ جنبش۔ ہلورا

ہُلہلا : ۱۔ شگوفہ۔ کلی۔ غنچہ
۲۔ شوق۔ امنگ۔ ترنگ

ہم : (اردو) مانکن۔ اسی۔ اسیں

ہم : (فارسی) : بھی۔ نیز۔ بلکہ۔ علاوہ۔ شریک۔ ایک جیسا۔
فی مابین۔ آپس میں۔ ہم دگر۔ ساتھی۔ ساجھی۔ یکساں

ہم آغوش : ہم بغل۔ ہم کنار۔ بغل گیر
ہم آغوشی : ہم بغلی۔ ہم کناری۔ بغل گیری
ہم آواز/آہنگ : ہم نوا۔ ہم صفیر۔ متفق اللفظ۔ متفق الرائے۔
ساتھی۔ رفیق
ہم آوازی : ہم نوائی۔ ہم صفیری۔ ساتھ۔ سنگت۔ رفاقت
ہم بزم/ہم مجلس : جلیس۔ ہم صحبت۔ شریک بزم۔ شریک محفل۔ مصاحب۔
ہم نشین
ہم بزمی : ہم مجلسی۔ ہم صحبتی۔ شریک بزم۔ شرکت محفل۔ مصاحبت۔
ہم نشینی
ہم بستر : شریک بستر۔ رفیق بستر
ہم بستری : صحبت۔ مجامعت۔ جماع۔ مباشرت
ہم بغل : ہم آغوش۔ ہم کنار۔ بغلگیر
ہم پایہ : ہم رتبہ۔ ہم مرتبہ۔ ہم پلہ۔ ہمتا۔ ہم سر۔ برابر۔ مساوی۔ عدیل۔
سہیم

ہم پلہ: ہم پایہ۔ ہم مرتبہ۔ ہم رُتبہ۔ ہم سر۔ ہمتا۔ عدیل
ہم پہلو: ہم زانو۔ ساتھی۔ قریبی۔ برابر۔ رفیقِ راہ۔ ہم نشیں۔ ہم دوش
ہم پیالہ/ہم نوالہ: ہم مشرب۔ ہم کاسہ۔ گہرا دوست۔ محب۔ یار۔ بیتر۔ حبیب۔ خلیل
ہم پیشہ: حریف۔ ہم چشم۔ ہم مشرب۔ مقابل
ہم جماعت: ہم سبق۔ ہم درس۔ ہم مکتب۔ کلاس فیلو
ہم جنس: ا۔ ہم نوع۔ ہم ذات۔ ہم نمونہ۔ ہم اصل۔ ہم نفس
۲۔ مثل پسند۔ مثل پرست
ہم جنسی: ا۔ ہم نوعی۔ ہم ذاتی۔ ہم نمونگی۔ ہم اصلی۔ ہم نفسی
۲۔ مثل پسندی۔ مثل پرستی۔ استلذاذ بالمثل
ہم جوار: ہم سایہ۔ پڑوسی۔ ساتھی۔ گوانڈی
ہم جولی: ہم سن۔ ہم عمر۔ لنگوٹیا دوست۔ یار۔ حبیب۔ بے تکلف دوست
ہم چشم: ہم مرتبہ۔ ہم رُتبہ۔ ہم پایہ۔ ہم پلہ۔ ہم سر۔ ہم مشرب۔ حریف۔ مقابل
ہم چشمی: ہم پایگی۔ ہم مشربی۔ ہم سری۔ برابری
ہم خواب: ہم بستر۔ رفیقِ بستر۔ شوہر۔ بیوی۔ زوج
ہم خوابی: ہم بستری۔ رفاقتِ بستری۔ صحبت۔ مجامعت۔ جماع۔ مباشرت
ہم داستان: ہم کلام۔ ہم گفتگو۔ ہم راز۔ ہم صحبت
ہم داماں: ہم زُلف۔ ساڑھو۔ ہم ریش
ہم دبستان: ہم مکتب۔ ہم مدرسہ۔ سکول فیلو
ہم درد: غم خوار۔ دردمند۔ غم گسار۔ معاون۔ مددگار
ہم دردی: غم خواری۔ دردمندی۔ غم گساری۔ معاونت۔ مددگاری
ہم درس: ہم سبق۔ شریکِ درس۔ ساتھی۔ رفیق۔ دوست
ہم دست: ا۔ ہم راہ۔ شریک۔ رفیق۔ ساتھی۔ متفق
۲۔ دست یاب۔ حاصل۔ موصول
ہم دگر: باہم۔ آپس میں۔ مابین
ہم دم: رفیق۔ یار۔ دوست۔ ساتھی۔ محب۔ آشنا۔ بیتر۔ حبیب۔ خلیل۔ ہم نفس۔ ہم نوا
ہم دوش: ہم پہلو۔ ہم نشین۔ ہم مرتبہ۔ ہم پایہ۔ ہم سر۔ برابر۔ مقابل
ہم دوشی: ہم نشینی۔ ہم سری۔ برابری۔ مقابلہ
ہم دیوار: ہم جوار۔ ہم سایہ۔ پڑوسی

ہم ذات: ہم نسل۔ ہم نژاد۔ ہم قوم۔ ہم جنس
ہم راز: محرمِ راز۔ محرمِ اسرار۔ رازدار۔ رازداں۔ بھیدی
ہم راہ: رفیقِ سفر۔ رفیقِ راہ۔ شریکِ سفر۔ ساتھی۔ سنگ۔ ہم سفر
ہم راہی: رفاقتِ سفر۔ رفاقتِ راہ۔ شرکتِ سفر۔ ساتھ۔ سنگ
ہم رشتہ: ا۔ منسلک۔ نتھی۔ ہم سلک
۲۔ ہم سر۔ عدیل۔ ہمتا۔ مثل۔ نظیر
ہم رکاب: ہم سفر۔ رفیقِ سفر۔ شریکِ سفر۔ ہم راہ
ہم رنگ: ہم طرز۔ ہم طور۔ ہمتا۔ مثل۔ مانند۔ مماثل۔ یکساں۔ ہم وضع
ہم رنگی: ہم طرزی۔ ہم طوری۔ ہم ہمتائی۔ مماثلت۔ یکسانی۔ ہم وضعی
ہم ریش: ہم داماں۔ ہم زُلف۔ ساڑھو۔ ساڈھو۔ سانڈو
ہم زاد: ا۔ ہم پیدائش: جڑواں۔ توام۔ ہم سن۔ ہم جولی
۲۔ سایہ۔ روپ۔ ڈبل
۳۔ مؤکل۔ تابع جن۔ قوتِ پُراسرار
ہم زانو: ہم پہلو۔ ہم نشیں۔ ہم دوش۔ برابر۔ ساتھی۔ مقابل
ہم زبان: ہم کلام۔ متفق اللسان۔ متفق اللفظ۔ ہم صفیر۔ ہم نوا۔ دوست۔ ساتھی۔ شریکِ زبان
ہم زلف: ہم داماں۔ ہم ریش۔ ساڑھو۔ ساڈھو۔ سانڈو
ہم زماں: ہم عصر۔ ہم عہد۔ معاصر
ہم ساز: ہم دم۔ سازگار۔ موافق
ہم سائگی: ہم جواری۔ ہم دیواری۔ پڑوس
ہم سایہ: ہم جوار۔ ہم دیوار۔ پڑوسی
ہم سبق: ہم درس۔ شریکِ درس۔ ساتھی۔ دوست۔ رفیق
ہم سخن: ہم کلام۔ ہم زباں۔ ہم گفتگو
ہم سخنی: ہم کلامی۔ ہم زبانی۔ مکالمت
ہم سر: ا۔ ہم پایہ۔ ہم پلہ۔ ہم رُتبہ۔ ہم مرتبہ۔ ہمتا۔ برابر
۲۔ رفیقِ حیات۔ زوج۔ میاں۔ بیوی۔ شریکِ حیات
ہم سری: ہم پائگی۔ ہمتائی۔ برابری۔ مقابلہ۔ یکسانی
ہم سفر: ہم راہ۔ رفیقِ راہ۔ رفیقِ سفر۔ شریکِ سفر
ہم سفری: ہم راہی۔ رفاقتِ راہ۔ رفاقتِ سفر۔ شریکِ سفر
ہم سلک: ا۔ ہم رشتہ۔ سمدھی
۲۔ منسلک۔ نتھی

ہم سن: ہم عمر۔ ہم جولی۔ ہم زمانہ۔ ہم عصر۔ معاصر

ہم سنگ: ۱۔ ہم وزن

۲۔ ہم پایہ۔ ہم رتبہ۔ ہم پلّہ۔ ہم سر

ہم شکل: ہم صورت۔ ہم شبیہ۔ ہم مشابہت۔ مشابہ۔ مانند۔ مثل۔ مماثل۔ مثیل

ہم شکلی: ہم صورتی۔ شباہت۔ مشابہت۔ مماثلت

ہم شیر: ۱۔ رضاعی۔ دودھ شریک

۲۔ (کنایۃً) بہن۔ خواہر۔ اخت

ہم صحبت: ہم مجلس۔ ہم بزم۔ ہم نشیں۔ جلیس۔ مصاحب

ہم صفیر: ہم نوا۔ ہم آواز۔ ہم آہنگ۔ ہمدم۔ دوست۔ ساتھی۔ رفیق

ہم طرح: ۱۔ ہم زمین۔ ہم قافیہ۔ ہم ردیف۔ ہم بحر

۲۔ ہم رتبہ۔ ہم پایہ۔ ہم پلّہ۔ ہم سر۔ مقابل

ہم طریق: ۱۔ ہم سفر۔ ہم راہ

۲۔ ہم مسلک۔ ہم مشرب۔ ساتھی۔ دوست

ہم عصر: ہم زمانہ۔ ہم عہد۔ معاصر

ہم عمر: ہم سن۔ ہم جولی۔ ہم زمانہ۔ ہم عہد۔ معاصر

ہم عمری: ہم سنی۔ ہم عہدی۔ معاصرت۔ ہم زمانی

ہم عناں: ہم رکاب۔ ہم سفر۔ ہم راہ۔ رفیقِ راہ۔ رفیقِ سفر۔ ساتھی۔ سنگی۔ دوست

ہم عہد: ۱۔ ہم زمانہ۔ ہم عصر۔ معاصر

۲۔ معاہد۔ حلیف۔ ہم قسم

ہم عہدی: ۱۔ ہم عصری۔ ہم زمانی۔ معاصرت

۲۔ معاہدہ۔ حلیفی۔ ہم قسمی

ہم قدم: ہم رکاب۔ ہم عناں۔ ہم راہ۔ رفیقِ سفر۔ ساتھی۔ سنگی

ہم قلم: اہلِ قلم دوست۔ ہم عہدہ۔ ہم منصب۔ ہم چشم۔ ہم سر۔ ہم پایہ۔ ہم رتبہ

ہم قوم: ہم ذات۔ ہم قبیلہ۔ ہم خاندان۔ ہم نسل۔ ہم وطن

ہم کلام: ہم سخن۔ ہم گفتگو۔ ہم زبان

ہم کلامی: ہم سخنی۔ ہم زبانی۔ مکالمت

ہم کنار: ہم آغوش۔ ہم بغل۔ بغل گیر

ہم مذہب: ہم مسلک۔ ہم شیوہ۔ ہم ملت۔ ہم مشرب

ہم مشرب: ہم مسلک۔ ہم شیوہ۔ ہم خیال

ہم معنی: مترادف۔ مرادف۔ ہم مطلب

ہم مکتب: ہم مدرسہ۔ ہم دبستان

ہم نام: ہم اسم

ہم نشیں: ہم صحبت۔ ہم مجلس۔ ہم بزم۔ مصاحب۔ جلیس

ہم نشینی: ہم صحبتی۔ ہم مجلسی۔ ہم بزمی۔ مصاحبت

ہم نفس: ہم دم۔ ہم نوا۔ دوست۔ یار۔ آشنا۔ رفیق۔ ساتھی۔ ہمنز

ہم نفسی: ہم دلی۔ ہم نوائی۔ دوستی۔ یاری۔ آشنائی۔ رفاقت۔ ساتھ

ہم نوا: ہم آواز۔ ہم آہنگ۔ ہم صفیر۔ ہم نفس۔ ساتھی۔ دوست۔ رفیق

ہم نوائی: ہم آوازی۔ ہم آہنگی۔ ہم صفیری۔ ہم نفسی۔ دوستی۔ رفاقت۔ ساتھ

ہم وار: برابر۔ یکساں۔ مسطح۔ ہم سطح۔ صاف۔ چٹیل۔ سپاٹ۔ سطحی

ہم واری: برابری۔ یکسانی۔ ہم سطحی

ہم وطن: ہم ملک۔ ہم مملکت۔ ہم شہر۔ ہم قریہ

ہم آغوش — ہم پا — ہم پیشگی — ہم تا —
ہم جلیس — ہم ترازو — ہم جنب — ہم خانہ
— ہم خوابہ — ہم داستانی — ہم دل —
ہم دمی — ہم رازی — ہم سنی — ہم شیرہ —
ہم شہری — ہم قرمی — ہم صحبتی — ہم صدا
— ہم صفیری — ہم طالع — ہم عصری —
ہم عنانی — ہم کفو — ہم کاسہ — ہم کناری —
ہم مذہبی — ہم مرکز — ہم مرکزی — ہم نامی —
ہم نسل — ہم نسلی — ہم وطنی — ہم رائے —
ہم نبرد — ہم مرتبہ — ہم وزن — ہم قدر —
ہم قد — ہم سال — ہم قول — ہم صورتی —
ہم صورت — ہم خاندانی — ہم زمانہ — ہم آویز
— ہم آورد — ہم باز — ہم بندی —
ہم پشت — ہم تا زمانہ — ہم نمک — ہم تنگ
— ہم خواں — ہم دستاں — ہم زور —
ہم کار — ہم شکم — ہم کارہ — ہم کاری —
ہم کف — ہم گیر — ہم گوشہ — ہم لخت — ہم مغیل

ہمارا : اپنا۔ میرا۔ ہم سب کا

ہُماشُما : ہم تم۔ اعلیٰ و ادنیٰ۔ کردمہ۔ بزرگ و خرد۔ ایرا غیرا۔ خاص و عام۔ سب۔ چھوٹے بڑے۔ اپنے بیگانے۔ عوام۔ نتھو خیرے

ہمامی : ۱۔ انانیت۔ خودپسندی۔ خودپرستی۔ خودغرضی۔ مطلب پرستی
۲۔ سرزوری۔ زورآوری۔ زبردستی

ہمایوں : ۱۔ مبارک۔ مسعود۔ سعید۔ فرخندہ۔ خجستہ۔ شبھ
۲۔ خوش قسمت۔ خوش بخت۔ خوش نصیب۔ خوش طالع۔ بلند طالع۔ بلند اختر۔ خوش اقبال۔ اقبال مند۔ طالع مند۔ بختاور

ہمت : ۱۔ قوت۔ طاقت۔ قدرت۔ استطاعت۔ توفیق۔ برنائی
۲۔ دلیری۔ جرأت۔ بہادری۔ شجاعت۔ حوصلہ۔ ابر و فراخی
۳۔ ارادہ۔ قصد۔ عزم
۴۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد

ہمت مرداں مدد خدا
ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا
ہمت کی گڑیا عراقی کو لات مارے

ہمہ : سب۔ کُل۔ تمام

ہمہ تن : بالکل۔ تمام۔ سرتاسر۔ سربسر
ہمہ تن گوش : کمال متوجہ۔ چوکنا۔ چوکس
ہمہ داں : ہرفن مولا۔ ماہر کُل۔ واقف کُل۔ عالم کُل
ہمہ دانی : کُلی مہارت۔ واقفیت کل۔ علم کُل
ہمہ وقت : تمام وقت۔ کُل وقت
ہمہ وقتی : کُل وقتی۔ تمام وقتی

ہمیشگی : دوام۔ استمرار۔ ابدیت۔ سرمدیت۔ عدم فنا

ہمیشہ : دائم۔ مدام۔ مستمر۔ ابدی۔ سرمدی۔ غیرفانی۔ لازوال۔ جاوداں۔ نت۔ سدا۔ ہموارہ۔ آئے دن۔ نت نت۔ جاوید۔ ازازل تاابد۔ قائم۔ سناتن۔ جم جم۔ ابد۔ سرمد۔ جُگ جُگ۔ ہمیش۔ تا زیست

ہُن : ۱۔ قدیم سکہ
۲۔ (کنایتہً) مال۔ دولت۔ ثروت۔ روپیہ۔ پیسہ۔ زروسیم

ہنرط : ۱۔ چابک۔ کوڑا۔ جلدہ
۲۔ شکاری۔ صیاد

ہندسہ : ۱۔ شکل۔ ہیئت
۲۔ فلکیات۔ علم نجوم
۳۔ رقم۔ عدد
۴۔ اقلیدس۔ جیومیٹری
۵۔ علم مساحت۔ فن تعمیر۔ انجینئرنگ۔ انجینئری
۶۔ مکر۔ فریب۔ حیلہ۔ مکاری۔ عیاری۔ چال

ہندسہ داں : ۱۔ مہندس۔ ہیئت داں۔ ماہر فلکیات۔ ماہر نجوم
۲۔ ماہر اقلیدس
۳۔ ماہر تعمیرات۔ انجینئر

ہندسہ دانی : ۱۔ مہندسی۔ ہیئت دانی۔ مہارت فلکیات۔ نجوم دانی
۲۔ مہارت اقلیدس
۳۔ مہارت تعمیرات۔ انجینئرنگ۔ انجینئری

ہنڈولا : جھولا۔ پنگوڑا۔ پالنا۔ مہد

ہنڈوی/ہُنڈی : کاغذِ زر۔ نقد نامہ۔ چیک

ہُنر : ۱۔ فن۔ علم۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔ حرفت
۲۔ گُن۔ وصف۔ خوبی
۳۔ سلیقہ۔ قرینہ۔ حکمت۔ دانائی۔ تمیز

ہنرمند : ۱۔ صاحبِ فن۔ صاحبِ علم۔ جوہر دار۔ لائق۔ قابل۔ ذی استعداد۔
فن کار۔ فن داں
۲۔ گنی۔ موصوف۔ حاملِ خوبی
۳۔ با قرینہ۔ باسلیقہ۔ حکیم۔ دانا۔ تمیز دار۔ سلیقہ شعار

ہنرمندی : ۱۔ فن کاری۔ فن دانی۔ جوہر داری۔ لیاقت۔ قابلیت
۲۔ سلیقہ مندی۔ سلیقہ شعاری۔ حکمت۔ دانائی

ہنسی : خندہ۔ قہقہہ۔ مذاق۔ چہل۔ دل لگی۔ ٹھٹھا۔ تماشا۔ خوش طبعی
ظرافت۔ مزاح۔ مضحکہ۔ تمسخر۔ ٹھٹھول

ہنسی ٹھٹھا ــــ ہنسی کھیل ــــ ہنسی مذاق

ہنگام : وقت۔ زمانہ۔ موقع

ہنگامہ : ۱۔ شورش۔ فساد۔ دنگا۔ فتنہ۔ کھلبلی۔ افراتفری۔ اودھم۔ آشوب۔
مار دھاڑ۔ بلوا۔ ہلچل۔ کہرام۔ بلوہ۔ گڑبڑ
۲۔ معرکہ۔ جنگ۔ لڑائی۔ رزم۔ حرب۔ یدھ۔ پیکار
۳۔ شور۔ غوغا۔ ہاؤ ہو۔ غل۔ شور و شر۔ شور و شغب۔ غل غپاڑہ۔
چیخم دھاڑ۔ شور و غل۔ شور و غوغا
۴۔ رونق۔ چہل پہل۔ گہما گہمی۔ رولا۔ چرل

ہنگامہ آرا : معرکہ آرا۔ جنگ آرا۔ رزم آرا
۲۔ فساد انگیز۔ فسادی۔ مفسد۔ شور انگیز۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ پرور۔
فتنہ پرداز

ہنگامہ آرائی : ۱۔ معرکہ آرائی۔ جنگ آرائی۔ رزم آرائی
۲۔ فساد انگیزی۔ شور انگیزی۔ فتنہ انگیزی۔ فتنہ پروری۔
فتنہ پردازی

ہنگامی : وقتی۔ عارضی۔ چند روزہ۔ فانی۔ گزشتنی

ہنوز : ابھی۔ ابھی تک۔ اب تک۔ اس وقت تک۔ تا ایں دم

ہوا : ۱۔ باد۔ صبا۔ نسیم۔ بادِ۔ پون۔ ریح۔ پناد۔ مرگ۔ ایر
۲۔ (مجازاً) وبا۔ مرضِ عام۔ مرگِ عام۔ مری
۳۔ " ادنیٰ مناسبت۔ نسبتِ خفیفہ
۴۔ " ساکھ۔ اثر
۵۔ " رُخ۔ میلان۔ رجحان۔ رغبت۔ جھکاؤ
۶۔ " انداز۔ وضع۔ فیشن
۷۔ " شہرت۔ چرچا۔ دھوم۔ نام وری
۸۔ " فنا۔ نیست۔ معدوم۔ غیر موجود۔ نابود

ہوا باز : طیارہ راں۔ فضا پیما۔ پائلٹ
ہوا بازی : طیارہ رانی۔ فضا پیمائی
ہوا خواہ : خیر خواہ۔ بہی خواہ۔ خیر اندیش۔ خیر سگال
ہوا خواہی : خیر خواہی۔ بہی خواہی۔ خیر اندیشی۔ خیر سگال
ہوا خوری : سیر۔ تفریح۔ چہل قدمی۔ سرگشت۔ سیر سپاٹا
ہوا دار : ۱۔ کشادہ۔ فراخ۔ پُر فضا
۲۔ دوست دار۔ خیر خواہ۔ بہی خواہ
ہوا داری : ۱۔ کشادگی۔ فراخی
۲۔ دوست داری۔ خیر خواہی۔ بہی خواہی۔ خیر اندیشی۔ خیر سگالی
ہوا زدگی : زکام۔ نزلہ
ہوا زدہ : مزکوم۔ مبتلائے زکام

ہوائے ربیعی ــــ حرارتِ ہوا ــــ برودتِ ہوا ــــ
ہوائے ابر گلزار ــــ ہوائے غنچہ شگاف ــــ
ہوائے طمانچہ کار ــــ ہوائے جاں بخش ــــ
ہوائے خزاں ــــ ہوائے بہار ــــ ہوائے باراں
ــــ ہوائے قدم گیر ــــ ہوائے نغز راں ــــ
ہوا بستگی ــــ ہوائے برف انگیز ــــ ہوائے معتدل
ــــ ہوائے تموز ــــ ہوائے گرد خیز ــــ
ہوائے خاک گداز ــــ ہوائے گرد پاک ــــ
ہوائے انقلاب ــــ ہوائے پرنیاں پوش

ہوا : (عربی) خواہش۔ ہوس۔ حرص۔ لالچ۔ طمع۔ لوبھ۔ آز۔ آرزو۔ ارماں۔ تمنّا۔ اشتیاق

ہواپرست: خواہش پرست۔ ہوس کار۔ بوالہوس۔ عیاش۔ لالچی۔ لوبھی۔ حریص۔ طامع۔ طماع۔ آزمند

ہواپرستی: خواہش پرستی۔ ہوس کاری۔ بوالہوسی۔ عیاشی۔ لوبھ۔ لالچ۔ حرص۔ طمع۔ آزمندی

ہوائی : ۱۔ فضائی۔ جوّی۔ آسمانی
۲۔ تیز رفتار۔ تیز رو۔ سبک رو۔ سبک رفتار
۳۔ افواہ۔ سنی سنائی۔ بے پرکی۔ بیہودہ بات

ہوائی آنکھ/دیدہ: چشم گستاخ۔ چشم بے حیا۔ بے راہ رو۔ آوارہ
ہوائی خبر: گپ۔ بے پرکی۔ بے بنیاد خبر۔ افواہ۔ بے سروپا بات

ہُوبہو : عین بعین۔ جُوں کا تُوں۔ من وعن۔ بعینہٖ۔ بالکل۔ برابر

ہوت : مقدور۔ ثروت۔ دولت۔ سرمایہ۔ حیثیت۔ بساط

ہوتا سوتا: حمایتی۔ حامی۔ ساتھی۔ عزیز۔ رشتہ دار۔ قریبی

ہوٹل : سرائے۔ قیام گاہ۔ دارالاقامہ۔ مسافرخانہ

ہُوٹنگ : ۱۔ شور۔ غل۔ غوغا
۲۔ قدح۔ تمسخر۔ تضحیک۔ اظہار ناپسندیدگی۔ احتجاج

ہَودج : عماری۔ کجاوہ۔ محمل۔ ہودہ

ہَوَس : ۱۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ اشتیاق۔ شوق۔ خبط
۲۔ لالچ۔ لوبھ۔ حرص۔ طمع۔ آز
۳۔ نفسانی خواہش۔ شہوت
۴۔ حوصلہ۔ اُمنگ

ہوسناک : ۱۔ خواہش مند۔ تمنائی۔ آرزومند۔ مشتاق
۲۔ لالچی۔ لوبھی۔ حریص۔ طامع۔ آزمند
۳۔ شہوت پرست

ہوسناکی: ۱۔ خواہش مندی۔ تمنا۔ آرزومندی۔ اشتیاق
۲۔ لالچ۔ لوبھ۔ حرص۔ طمع۔ آزمندی
۳۔ شہوت پرستی

ہوش : ۱۔ عقل۔ دانائی۔ دانش۔ حکمت۔ فہم۔ سمجھ۔ شعور۔ فراست
۲۔ خبر۔ واقفیت۔ آگاہی۔ سُدھ بُدھ۔ وقوف۔ ادراک
۳۔ روح۔ دل۔ جان
۴۔ بحالی حواس۔ چوکسی۔ چوکنا پن۔ حافظہ۔ یاد

ہوش ربا: بدحواس کن۔ بیہوش کن
ہوشمند: چوکس۔ خبردار۔ واقف۔ آگاہ۔ عقلمند
ہوشمندی: چوکسی۔ خبرداری۔ واقفیت۔ آگاہی۔ عقلمندی

ہوش وحواس ___ ہوش ربائی ___ ہوش باختہ ___
ہوش گوش ___ گوش ہوش

ہوشیار: ۱۔ بیدار۔ چوکنا۔ چوکس۔ خبردار۔ محتاط
۲۔ چالاک۔ عیار۔ مکار
۳۔ عاقل۔ دانا۔ عقلمند۔ حکیم۔ سیانا۔ گیانی۔ زیرک۔ فرزانہ۔ گُرگا۔ ذی شعور۔ فہیم۔ تیز فہم

ہوشیاری: ۱۔ بیداری۔ چوکنا پن۔ چوکسی۔ خبرداری
۲۔ چالاکی۔ عیاری۔ مکاری۔ چترائی
۳۔ عقل۔ دانائی۔ عقلمندی۔ حکمت۔ زیرکی۔ فرزانگی۔ شعور

ہول : ۱۔ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ بھے

۲۔ اندیشہ۔ خطرہ
۳۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بے کلی

ہول دِلا: بزدل۔ ڈرپوک۔ نامرد
ہول دِلی: بزدلی۔ نامردی۔ گھبراہٹ
ہول ناک: دہشت ناک۔ خوف ناک۔ بھیانک۔ خطرناک
ہول ناکی: دہشت ناکی۔ خوف ناکی

ہونٹ : لب۔ شفت۔ کنارِ دہن۔ لُلو۔ شونڈہ۔ چپ۔ پستہ۔ دوآتش۔ شکرفشاں۔ چشمِ خروس۔ دو مرجان۔ خنداں۔ عناب تر۔ عناب تازہ۔ مرجاں پروردہ۔ ناردس۔ نیم ہلال

| ہونٹ ملوں تو ابھی دودھ نکل پڑے

ہُونس : ۱۔ نظرِ بد۔ نگاہِ بد۔ ٹوک
۲۔ رشک۔ حسد۔ جلن
۳۔ بغض۔ عداوت۔ دشمنی۔ بَیر۔ عناد۔ معاندت

ہَوَنّق : بھنتق۔ بیوقوف۔ احمق۔ ابلہ۔ مورکھ

ہونہار : ذی استعداد۔ ذی لیاقت۔ قابل۔ لائق

ہویدا : ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ نمایاں۔ واضح۔ صاف۔ صریح

ہیاؤ / ہواؤ : ۱۔ حوصلہ۔ ہمت۔ جرأت۔ دل۔ دلیری۔ مردانگی
۲۔ زور۔ طاقت۔ بل

ہیبت : دہشت۔ ڈر۔ خوف۔ بھے۔ ہول۔ رعب

ہیبت زدہ: دہشت زدہ۔ خوف زدہ۔ وحشت زدہ۔ مرعوب
ہیبت ناک: دہشت ناک۔ خوف ناک۔ بھیانک۔ وحشت ناک
ہیبت ناکی: دہشت ناکی۔ خوف ناکی۔ وحشت ناکی

ہیٹا : ۱۔ چھوٹا۔ کم تر۔ گھٹیا۔ ناقص۔ اَدنیٰ
۲۔ پست ہمت۔ کم دل۔ بزدل۔ ڈرپوک

ہیٹا پن: ۱۔ چھوٹا پن۔ گھٹیا پن۔ دنائت
۲۔ پست ہمتی۔ کم دلی۔ بزدلی

ہیٹی : سُبکی۔ ذلت۔ خواری۔ بدنامی۔ رسوائی

ہیجان : برانگیختگی۔ اشتعال۔ جوش۔ اُبال۔ شدتِ جذبات۔ شدت۔ زور۔ غلبہ

ہیجڑا : خواجہ سرا۔ مخنث۔ خنثیٰ۔ نامرد۔ زنخا۔ ہیز۔ زنانہ۔ زنکہ۔ خُسرہ۔ کھُسرا۔ گماس۔ گماسہ۔ نرمادہ۔ سخنیا۔ طفلِ رقاص۔ بے پُنہ

ہیچ : ۱۔ لاشے۔ معدوم
۲۔ کم۔ قلیل۔ خفیف
۳۔ نکما۔ ناکارہ۔ بیکار
۴۔ قابلِ نفرت۔ زبوں۔ خراب۔ پوچ

ہیچ مدان: لاعلم۔ ناواقف۔ بے خبر۔ نادان۔ جاہل
ہیچ مدانی: لاعلمی۔ ناواقفیت۔ بے خبری۔ نادانی۔ جہالت
ہیچ میرز: بے قیمت۔ بے وقعت۔ بے حیثیت۔ بے بساط

ہیڈ : ۱۔ سَر۔ راس
۲۔ سرگروہ۔ سرخیل۔ سرغنہ۔ صدر۔ قائد۔ سربراہ

ہیڈکوارٹر: صدر مقام۔ مرکز۔ فوجی مرکز
ہیڈ ماسٹر: صدر مدرس۔ مدرسِ اعلیٰ۔ نگرانِ مدرسہ۔ صدر معلم

ہیرا : ۱۔ الماس۔ یاقوت۔ قیمتی
۲۔ کھرا۔ اصیل۔ نجیب۔ عمدہ۔ نفیس

ہیرا پھیری : فریب۔ دغا۔ مکاری۔ چالاکی۔ عیاری۔ دھوکہ۔ جوڑ توڑ۔ فریب کاری۔ نوسر بازی

ہیرو : ۱۔ بطل۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ شجاع۔ غازی۔ سورما
۲۔ مرکزی کردار

ہیکڑ : ۱۔ خودسر۔ زبردست۔ شیخی خور۔ مغرور۔ خودپسند۔ اکڑباز
۲۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ لیم شیحم۔ تناور۔ تنومند

ہیکڑی : ۱۔ خودسری۔ زبردستی۔ شیخی بازی۔ غرور۔ خودپسندی۔ تمرد۔ اکڑ
۲۔ فربہی۔ جسامت۔ تناوری۔ تنومندی

ہیکل : ۱۔ مندر۔ معبد۔ عبادت گاہ۔ پرستش گاہ
۲۔ شان۔ شوکت۔ شکوہ
۳۔ تعویذ۔ جنتر۔ نقش
۴۔ صورت۔ شکل۔ نقشہ
۵۔ علامت۔ نشان

۶۔ عدد۔ ہندسہ
۷۔ تصویر۔ ہیئت۔ وضع قطع۔ ڈیل ڈول
۸۔ جسم۔ بدن۔ جثہ۔ قد و قامت

ہینڈ : ہاتھ۔ دست۔ ید۔ کر

ہینڈل : دستہ۔ ہتھا۔ ہتھی۔ قبضہ۔ مٹھ

ہیولا/ہیولیٰ : ۱۔ مادہ۔ ماہیت۔ اصل۔ جوہر
۲۔ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار
۳۔ لوتھڑا۔ مضغہ
۴۔ ڈول۔ ڈھانچ۔ ڈھانچا۔ پیکر۔ قالب

ہیہات : افسوس۔ حیف۔ دریغا۔ وائے۔ ہائے

ہیئت : ۱۔ فلکیات۔ علم نجوم
۲۔ بناوٹ۔ ساخت
۳۔ شکل۔ صورت۔ وضع
۴۔ حالت۔ کیفیت۔ گت

ہیئت دان : ماہر فلکیات۔ ماہر نجوم
ہیئت دانی : مہارت فلکیات۔ واقفیت نجوم

"دہلی اور لکھنؤ کی زبان میں جو فرق میرے ذہن میں آیا، یہ ہے کہ دہلی میں سقّہ جو نل پر مشک بھر رہا ہے دوسرے سقّے سے جس زبان میں باتیں کر رہا ہے اسی زبان میں لال قلعہ تک باتیں سنتے چلے جائیے۔ اس لیے دہلی کی زبان میں بے تکلفی ہے۔ لکھنؤ میں خاص کی زبان اور ہے، عوام کی زبان اور۔"

(میر ناصر علی خان دہلوی)

ی

یا : (فارسی) اُو۔ خواہ۔ چاہے۔ بھاڑیں۔ اور

یا : (عربی) اے۔ اے۔ اجی۔ او۔ ابے

یاب : (امر یافتن = پانا) معنا۔ حصول۔ حاصل

نکتہ یاب ـــ فتح یاب ـــ کامیاب ـــ دقیقہ یاب ـــ نایاب ـــ ظفر یاب ـــ کمیاب ـــ بہرہ یاب ـــ شرف یاب ـــ دست یاب ـــ فیض یاب ـــ سزایاب ـــ تنگ یاب

یابس : خشک۔ سوکھا

یابسہ : ۱۔ خشکی۔ زمین۔ بھوم۔ بر۔ تھری۔ ارض
۲۔ قاسہ۔ برِّاعظم

یابندہ : حاصل کنندہ۔ رسا۔ مستفید۔ مستفیض۔ متمتع

یابُو : ٹٹو۔ ناکھن۔ ٹٹوا۔ ٹرّا

یات : علامت جمع ہے۔ کئی۔ بہت۔ نہایت

فلکیات ـــ الٰہیات ـــ نظریات ـــ کلیات ـــ ریاضیات ـــ جزئیات ـــ سماعیات ـــ طبیعیات ـــ عملیات ـــ سماجیات ـــ عمرانیات

یاترا : جاترا۔ تیرتھ۔ زیارت۔ حج۔ مقدس سفر۔ سیاحت

یاد : ۱۔ حافظہ۔ حفظ۔ بیداری۔ یادداشت
۲۔ دل۔ قلب۔ خاطر
۳۔ خیال۔ تصور۔ نقش

یادآوری : یاد فرمائی۔ توجہ فرمائی۔ التفات۔ خیال
یاد اللہ : ۱۔ عبادت۔ بندگی۔ پرستش۔ زُہد
۲۔ سلام فقرا
۳۔ واقفیت۔ تعارف۔ جان پہچان۔ صاحب سلامت
یادداشت : ۱۔ حافظہ۔ حفظ
۲۔ روزنامچہ۔ نوٹ بک۔ ڈائری
۳۔ تاکیدی خط۔ یاددہانی
یادگار : ۱۔ نشان۔ علامت۔ اثر۔ عمارت
۲۔ نشانی۔ تحفہ۔ سوغات
۳۔ (کنایتہً) اولاد۔ ذُرّیت۔ بیٹا۔ فرزند۔ خلف۔ ابن۔ پوت
پسر

یاددہانی ـــ یادگاری ـــ یادش بخیر ـــ یادگارِ زمانہ

یار : ۱۔ دوست۔ آشنا۔ محب۔ حبیب۔ صدیق
۲۔ رفیق۔ ساتھی۔ سنگی۔ شریک
۳۔ مددگار۔ معاون۔ حمایتی۔ حامی۔ سہایک
۴۔ معشوق۔ محبوب۔ پریتم۔ بالم
۵۔ ہم صحبت۔ ہم مجلس۔ ہم بزم۔ ہم نشین۔ جلیس۔ مصاحب
۶۔ مالک۔ آقا۔ والی۔ صاحب

یارباز : فاحشہ۔ قحبہ۔ آوارہ۔ بدچلن۔ طوائف۔ رنڈی۔ پاتر۔ خانگی۔ کنجری
یارباش : زود آمیز۔ زندہ دل۔ خوش مزاج۔ ملنسار
یارباشی : زود آمیزی۔ زندہ دلی۔ خوش مزاجی۔ ملنساری
یارِغار : ۱۔ گہرا دوست۔ مخلص دوست۔ محب صادق۔ صدیق
۲۔ لقب حضرت ابوبکر صدیق رض
یارفروش : مدلح دوست۔ دوست نواز۔ دوست ستا
یارفروشی : مداح دوست۔ دوست ستائی۔ دوست نوازی
یارمار : دوست نما دشمن۔ دوست کش۔ مار آستین۔ بلی گھونسا۔ دغاباز۔ منافق۔ بد باطن۔ بغل کا دشمن۔ خفیہ دشمن۔ دغاباز دوست۔ آستین کا سانپ۔ چغلخور دوست
یارماری : دوست کشی۔ محسن کشی۔ منافقت۔ بد باطنی

یار زندہ صحبت باقی
یار کی یار رہے کام اس کے فعلوں سے کیا کام
یاریاں چوری و پیراں دغا

یار : (صفت) دوست۔ قریب۔ پیوستہ۔ والا۔ دار

بختیار — ہوشیار — شہریار — بیش یار — دستیار — اختیار

یارا : ۱۔ قوت۔ توانائی۔ قدرت۔ طاقت۔ حوصلہ
۲۔ فرصت۔ فراغت

یارانہ : دوستی۔ آشنائی۔ محبت۔ پریم۔ اتحاد۔ مترتا۔ میل ملاپ۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ تعلق

یاری : ۱۔ دوستی۔ آشنائی۔ محبت۔ پریم۔ ربط۔ اتحاد۔ میل ملاپ۔ راہ و رسم۔ تعلق
۲۔ تعاون۔ معاونت۔ مدد۔ اعانت۔ سہائتا۔ دست گیری۔ تائید۔ حمایت

یازدہ : احد عشرہ۔ گیارہ

یاس : ۱۔ مایوسی۔ ناامیدی۔ نراس۔ قنوطیت۔ حرمان۔ محرومی
۲۔ ڈر۔ خوف۔ اندیشہ۔ دھڑکا

یاسمن : سمن۔ یاسم۔ یاس۔ چنبیلی۔ سجلات۔ گل ہاشم

یافت : ۱۔ آمدنی۔ حاصل۔ نفع۔ منفعت۔ فائدہ۔ حصول
۲۔ رشوت۔ بالائی آمدنی

یافتہ : (یافتن = پانا سے) ملنا

- ترقی یافتہ — سزا یافتہ — شہرت یافتہ — سند یافتہ — تعلیم یافتہ — تربیت یافتہ — صحبت یافتہ

یاقوت : قیمتی پتھر۔ لعل

یاور : مددگار۔ ممد۔ معاون۔ سہایک۔ حمایتی۔ دست گیر۔ حامی۔ ناصر۔ دوست۔ ساتھی۔ رفیق

یاوری : مدد۔ امداد۔ اعانت۔ سہائتا۔ حمایت۔ دست گیری۔ نصرت۔ دوستی۔ ساتھ۔ رفاقت

یاوہ : بیہودہ۔ لغو۔ فضول۔ نامعقول۔ بے معنی۔ لایعنی۔ پوچ۔ لچر

یاوہ گو : بیہودہ گو۔ لغوگو۔ فضول گو۔ پوچ گو۔ بکواسی۔ بکی
یاوہ گوئی : بیہودہ گوئی۔ لغوگوئی۔ فضول گوئی۔ پوچ گوئی۔ بکواس۔ بک بک

یبوست : خشکی۔ سوکھا پن۔ رُکھائی۔ رُوکھا پن

یتیم : ۱۔ بن باپ کا۔ بے یار و مددگار۔ بے کس۔ بے پدر۔ مسکین
۲۔ بے نظیر۔ یگانہ۔ لاجواب۔ بے مثال۔ یکتا۔ منفرد۔ نایاب

یتیمی : بے پدری۔ بے کسی۔ بے یاری۔ مسکینی

یخ : ۱۔ برف۔ آب بستہ۔ آب منجمد
۲۔ نہایت سرد۔ بہت ٹھنڈا
۳۔ مردہ دل۔ افسردہ دل۔ افسردہ خاطر۔ اُداس۔ رنجیدہ

یخنی : آب گوشت۔ شوربا۔ ماءاللحم

ید : ۱۔ ہاتھ۔ دست۔ کر
۲۔ (کنایتہً) قبضہ۔ تصرف۔ تسلط۔ قابلیہ اختیار
۳۔ " قدرت۔ طاقت۔ شکتی۔ بل
۴۔ " مدد۔ حمایت۔ اعانت۔ دست گیری۔ سہارا
۵۔ " حفاظت۔ بچاؤ۔ پشت پناہی
۶۔ " نیکی۔ احسان۔ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش

یداللہ : (کنایتہً) حضرت علیؓ
ید طولیٰ : مہارت۔ کمال۔ دستگاہ۔ دسترس۔ ملکہ

یُدھ : جنگ۔ رزم۔ معرکہ۔ وغا۔ حرب۔ لڑائی۔ پیکار۔ جدھ

یرغمال : کفیل۔ ضامن۔ مکفول۔ ذمہ دار

یزداں : ۱۔ خدائے خیر۔ خدائے نُور
۲۔ خدا۔ اللہ۔ ایشور۔ پرماتما۔ رب

یسار : ۱۔ بایاں۔ اُلٹا۔ چپ۔ کھبا
۲۔ دولت مندی۔ ثروت مندی۔ تونگری۔ فراخ دستی۔ خوش حالی
۳۔ افراط۔ فراوانی۔ کثرت۔ زیادتی۔ بیشی

یُسر : ۱۔ آسانی۔ آرام۔ سہولت
۲۔ دولت۔ ثروت۔ تونگری۔ امیری۔ اقبال مندی۔ خوش حالی۔ فراخ دستی۔ فارغ البالی

یسیر : ۱۔ آسان۔ نرم۔ سہل
۲۔ تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔ چھوٹا
۳۔ بن ماں کا۔ بے مادر۔ بے کس۔ مسکین

یغما : غنیمت۔ لُوٹ۔ تاراج۔ غارت

یقین : اعتبار۔ اعتماد۔ بھروسا۔ ایقان۔ ایمان۔ وثوق۔ تیقن۔ اطمینان۔ اعتقاد۔ نِشچے

یقیناً : بے شک۔ بلاشبہ۔ لاجرم۔ ضرور۔ بالیقین

یقینی : غیر مشتبہ۔ مبرا از شک۔ غیر مشکوک

یک : ایک۔ واحد۔ احد۔ اکیلا۔ یگانہ۔ فرد۔ اکیل۔ ایوا۔ کلا۔ تنہا۔ احدی۔ لاثانی

یک بار : ایک بار۔ ایک دفعہ۔ ایک مرتبہ
یک بارگی : یکایک۔ ایک دم۔ اچانک۔ بغتتہً

یکتا: اکیلا۔ فرد۔ واحد۔ وحید۔ فرید۔ یگانہ۔ عدیم المثیل۔ الوپ۔ نادر۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ بے مثال۔ لاجواب۔ لامثال بے ہمتا۔ بے عدیل۔ بے مثل۔ فقید المثال۔ فقید النظیر۔ بے مانند۔ بے جوڑ۔ بے بدل

یکتائی: اکیلاپن۔ فردیت۔ انفرادیت۔ وحدت۔ یگانگی۔ بے مثالی۔ بے ہمتائی۔ بے عدیلی

یک جا: اکٹھا۔ شامل۔ جمع

یک جان: یک دل۔ آمیختہ۔ شیر و شکر

یک جہت: متفق۔ یک دل۔ متحد۔ ہم مقصد

یک جہتی: اتفاق۔ یک دلی۔ اتحاد۔ ہم مقصدی۔ موافقت

یک چشم: واحد العین۔ کانا۔ کانڑا

یک دل: متفق۔ موافق۔ متحد۔ ہم نفس۔ ہم دم

یک دلی: اتفاق۔ موافقت۔ اتحاد۔ ہم نفسی۔ ہم دمی

یک رنگ: یکساں۔ بے ریا۔ سچا۔ مخلص۔ صادق۔ صاف دل۔ صاف باطن

یک رنگی: یکسانی۔ بے ریائی۔ سچائی۔ اخلاص۔ صداقت۔ صاف دلی۔ صاف باطنی۔ خلوص

یک زباں: ۱۔ متفق اللفظ۔ متفق الرائے۔ ہم آہنگ
۲۔ وعدہ وفا۔ صادق القول۔ صادق الوعد

یک زبانی: ۱۔ اتفاق رائے۔ ہم آہنگی۔ ہم نوائی
۲۔ وعدہ وفائی۔ ایفائے عہد۔ صداقت شعاری

یکساں: مانند۔ مشابہ۔ ہم شکل۔ متوازی۔ ہموار۔ مسطح

یکسانی: مشابہت۔ ہم شکلی۔ ہمواری

یک سر: ۱۔ تمام۔ بالکل۔ سراسر۔ سارا۔ سراپا
۲۔ اکٹھا۔ کل۔ پورا

یک سُو: ۱۔ ایک طرف۔ ایک جانب۔ علیحدہ۔ الگ
۲۔ ساکن۔ ٹھہرا

یک سُوئی: ۱۔ یک طرفی۔ علیحدگی
۲۔ دلجمعی۔ جمعیت خاطر۔ سکون

یک شنبہ: یوم الاحد۔ اتوار۔ آدیت وار

یک قلم: ۱۔ یک لخت۔ بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ یک سر
۲۔ فوراً۔ فی الفور۔ ایک دم۔ معاً

یک گونہ: ۱۔ یک رنگ۔ یک قسم
۲۔ کسی قدر۔ قلیل۔ خفیف

یک لخت: ۱۔ یک قلم۔ بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ یک سر
۲۔ فوراً۔ فی الفور۔ یک دم۔ معاً

یک مُشت: اکٹھا۔ ایک مُٹھا۔ کلہم۔ تمام تر

یک جدی ـــ یک رو ـــ یک روئی ـــ یک طرفہ
ـــ یک فنی ـــ یک سالہ ـــ یک چشمی ـــ
یک چوبہ ـــ یک دانہ ـــ یک بیک ـــ
یک پشتہ ـــ یک دست ـــ یک دستی
ـــ یک دگر ـــ یک تہی ـــ یک تاز ـــ
یک منزلہ ـــ یک نفس ـــ یک جان دو قالب
ـــ یک ہفتہ ـــ یک جائی ـــ یک چند ـــ
یک زبانی ـــ یکسانی ـــ یک صدی ـــ
یک طرفی ـــ یک انداز

یک انگور صد زنبور
یک پیری و صد عیب
یک انار صد بیمار
یک نہ شد دو شد
یک در گیر و محکم گیر

یکم: اول۔ اولین۔ اوّلی۔ نخستیں

یکہ: اکیلا۔ مجرد۔ تنہا۔ یکتا۔ واحد۔ فرد۔ فرید۔ وحید۔ منفرد

یگانگت / یگانگی: ۱۔ اکیلاپن۔ تجرد۔ تنہائی۔ یکتائی۔ وحدت۔ فردیت۔ انفرادیت
۲۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ عزیز داری۔ بھائی بندی۔ برادری
۳۔ انوکھاپن۔ نرالاپن۔ ندرت

۳۔ اتفاق۔ اتحاد

یگانہ : ۱۔ اکیلا۔ مجرد۔ تنہا۔ یکتا۔ واحد۔ وحید۔ فرد۔ فرید
۲۔ قریبی۔ عزیز۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ برادر
۳۔ انوکھا۔ نرالا۔ نادر

یل : ۱۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ دلاور۔ شہ زور۔ پہلوان
۲۔ شہ زور۔ گبرو۔ فربہ اندام۔ جسیم۔ تنومند۔ تناور۔ عظیم الجثہ
جثہ ور۔ قوی ہیکل۔ موٹا تیار

یل شل : فربہ۔ موٹا۔ لحیم شحیم۔ تنومند۔ تناور۔ جسیم۔ ہٹا کٹا۔ سنڈا مسنڈا

یلدا : شب تاریک۔ اندھیری رات۔ شب دیجور

یم : دریا۔ سمندر۔ بحر۔ ساگر۔ قلزم

یمین : ۱۔ دایاں۔ سیدھا۔ داست
۲۔ قسم۔ حلف۔ سوگند
۳۔ طاقت۔ قوت۔ توانائی

یودھا : ۱۔ جنگ آزما۔ جنگ جو۔ مجاہد۔ مبارز۔ نبرد آزما۔
۲۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ دلاور۔ جری

یورش : یلغار۔ حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی

یوگ : ۱۔ ریاضت۔ عبادت۔ مجاہدہ۔ ورزش۔ مشق
۲۔ لائق۔ قابل۔ مناسب۔ سزاوار

یوگی : عبادت گذار۔ عابد۔ درویش۔ مرتاض

یوم : دن۔ روز۔ دہاڑا۔ زمانہ۔ دور

یوم الاثنین : پیر۔ سوموار۔ دو شنبہ
یوم الاحد : اتوار۔ سایت وار۔ آدیت وار۔ یک شنبہ
یوم الاربعا : بدھ۔ بدھ وار۔ چہار شنبہ
یوم الثلاثہ : منگل۔ منگل وار۔ سہ شنبہ
یوم الحساب : روز قیامت۔ روز محشر۔ یوم الدین
یوم الخمیس : جمعرات۔ وِیر وار۔ پنج شنبہ
یوم الدین : یوم الحساب۔ یوم القیامت۔ روز قیامت۔ روز حشر
یوم السبت : ہفتہ۔ سنیچر وار۔ شنبہ
یوم النشور : یوم الدین۔ یوم الحساب۔ روز قیامت۔ روز حشر

یومیہ : روزانہ۔ روزینہ۔ دہاڑی۔ روزانہ اجرت۔ روزانہ تنخواہ۔
روزانہ وظیفہ

یونٹ : ۱۔ اکائی۔ وحدت
۲۔ مجموعہ
۳۔ مرکز

یونیفارم : وردی۔ مقررہ لباس۔ مخصوص لباس

یونین : ۱۔ اتحاد۔ ایکا۔ اتصال۔ ملاپ۔ ملاقات
۲۔ انجمن۔ ادارہ۔ مجلس۔ سبھا۔ انجمن پیشہ وراں۔ اتحادیہ

یونیورسٹی : جامعہ۔ دانش گاہ۔ مدرسۃ العلوم۔ دار العلوم

یہ : این۔ ھٰذہ

یہاں : این جا

یہود : بنی اسرائیل

یہودی : اسرائیلی۔ موسوی